جملہ حقوق بحق ضیاء القرآن پبلی کیشنز محفوظ ہیں


مطبع ____ تخلیق مرکز پرنٹرز لاہور فون 7229416

کتابت ____ محمود اللہ صدیقی۔ محمد صدیق۔ اقبال اختر

متن ____ بشکریہ تاج کمپنی کراچی

تعداد ____ تین ہزار (۳۰۰۰)

تاریخ طباعت ____ محرم الحرام ۱۳۹۹ھ

ناشر ____ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور

# فہرست مضامین



| صفحہ | مضمون | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۵ | سورہ کہف | ۱ |
| ۶۳ | سورہ مریم | ۲ |
| ۱۰۱ | سورہ طٰہٰ | ۳ |
| ۱۴۹ | سورہ انبیاء | ۴ |
| ۱۹۵ | سورہ حج | ۵ |
| ۲۴۱ | سورہ مومنون | ۶ |
| ۲۷۹ | سورہ نُور | ۷ |
| ۳۴۷ | سورہ فرقان | ۸ |
| ۳۸۱ | سورہ شعراء | ۹ |
| ۴۲۵ | سورہ نمل | ۱۰ |
| ۴۷۳ | سورہ قصص | ۱۱ |
| ۵۱۵ | سورہ عنکبوت | ۱۲ |
| ۵۵۱ | سورہ روم | ۱۳ |
| ۵۹۵ | سورہ لقمان | ۱۴ |
| ۶۲۳ | سورہ سجدہ | ۱۵ |
| ۶۴۱ | تحقیقاتِ لغویہ | ۱۶ |
| ۶۴۶ | التحقیقات النحویہ | ۱۷ |
| ۶۴۷ | فہرست مطالب | ۱۸ |

# فہرست نقشہ جات



| نمبر شمار | نام نقشہ | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | نقشہ بسلسلہ قصہ ذُوالقرنین | ۴۶ |
| ۲ | نقشہ خانہ کعبہ | ۲۱۰ |
| ۳ | نقشہ غزوہ بنو مصطلق | ۲۷۹ |

# سرٹیفکیٹ

میں نے اِس قرآن مجید کو حرفاً حرفاً نہایت غور اور امعان نظر سے پڑھا ہے اور میں تصدیق کرتا ہوں کہ اِس کے متن میں کوئی کمی بیشی اور کتابت کی کوئی غلطی نہیں ہے۔

ابوالفیض محمد عبدالکریم
خطیب جامع مسجد خانقاہ ڈوگراں
ضلع شیخوپورہ

[illegible]

# التحقيقات اللغوية


| | سورت نمبر | حاشیہ نمبر |
|---|---|---|
| **ا** | | |
| استبرق | ۱۸ | ۵۳ |
| ارائك | " | " |
| موئلا | ۱۸ | ۸۳ |
| إمرا | ۱۸ | ۹۵ |
| اثاثا | ۱۹ | ۷۱ |
| أزّ | ۱۹ | ۷۸ |
| إدّا | ۱۹ | ۸۵ |
| آنست | ۲۰ | ۷ |
| أذرى | ۲۰ | ۱۸ |
| امتا | ۲۰ | ۷۸ |
| امة | ۲۱ | ۷۶ |
| ايكه | ۲۶ | ۹۱ |
| يؤفكون | ۲۹ | ۵۸ |
| " | ۳۰ | " |
| اساطير | ۲۳ | ۵۲ |
| افك | ۲۴ | ۱۵ |
| ايامى | ۲۴ | ۵۰ |
| **ب** | | |
| بخعٌ | ۱۸ | ۸ |
| بغياً | ۱۹ | ۴۰ |
| تبهتهم | ۲۱ | ۳۴ |
| لبلاغاً | ۲۱ | ۸۸ |
| البادُ | ۲۲ | ۲۶ |
| بوّأنا | ۲۲ | ۲۸ |
| بُدْن | ۲۲ | ۳۹ |
| بيعٌ | ۲۲ | ۵۶ |
| بُورا | ۲۵ | ۱۷ |
| يُبلس | ۳۰ | ۱۲ |
| بدع | ۳۰ | ۴ |
| **ت** | | |
| تترا | ۲۳ | ۲۷ |
| **ث** | | |
| ثمر | ۱۸ | ۵۵ |
| ثرىٰ | ۲۰ | ۴ |
| اثاروا | ۳۰ | ۱۰ |
| تثير | ۳۰ | ۵۳ |
| **ج** | | |
| اجاء | ۱۹ | ۲۵ |
| جنيا | ۱۹ | ۲۷ |
| جثيا | ۱۹ | ۶۷ |
| يجئرون | ۲۳ | ۳۸ |

| | سورت نمبر | حاشیہ نمبر |
|---|---|---|
| یجتبی | ۲۸ | ۶۷ |
| جُرز | ۳۲ | ۳۲ |
| ح | | |
| حُسبان | ۱۸ | ۶۳ |
| اُحیط | ۱۸ | ۶۳ |
| حنانا | ۱۹ | ۱۴ |
| حفیّا | ۱۹ | ۵۰ |
| حصیدا | ۲۱ | ۱۲ |
| یستحسرون | ۲۱ | ۱۶ |
| فحَاق | ۲۱ | ۳۵ |
| حدب | ۲۱ | ۸۱ |
| حصب | ۲۱ | ۸۲ |
| احادیث | ۲۳ | ۲۷ |
| حاصب | ۲۹ | ۳۹ |
| یحبرون | ۳۰ | ۱۶ |
| محضرون | ۳۰ | ۱۷ |
| حکیم | ۳۱ | ۲ |
| حجرا محجورا | ۲۵ | ۲۲ |
| خ | | |
| مخاض | ۱۹ | ۲۵ |
| اخفی | ۲۰ | ۵ |
| خامدین | ۲۱ | ۱۲ |
| مخبطین | ۲۲ | ۴۸ |
| لم یخرّوا | ۲۵ | ۷۱ |
| مختال | ۳۱ | ۳۲ |

| | سورت نمبر | حاشیہ نمبر |
|---|---|---|
| ختار | ۳۱ | ۵۰ |
| د | | |
| لِیُدحضوا | ۱۸ | ۸۲ |
| فیدمغه | ۲۱ | ۱۵ |
| یدافع | ۲۲ | ۵۲ |
| ادّارک | ۲۷ | ۸۰ |
| یدعون | ۳۱ | ۴۸ |
| ر | | |
| الرقیم | ۱۸ | ۱۲ |
| رشدا | ۱۸ | ۱۳ |
| مرفقا | ۱۸ | ۲۱ |
| ترهقنی | ۱۸ | ۹۶ |
| رُحما | ۱۸ | ۱۰۲ |
| رسول | ۱۹ | ۵۴ |
| رِئیا | ۱۹ | ۷۱ |
| رکزا | ۱۹ | ۸۵ |
| رکض | ۲۱ | ۱۲ |
| رتقا | ۲۱ | ۲۳ |
| رجالا | ۲۲ | ۳۰ |
| رکاما | ۲۴ | ۴۳ |
| ردأ | ۲۸ | ۳۷ |
| ز | | |
| زلقا | ۱۸ | ۶۳ |
| یُزجی | ۲۴ | ۴۳ |
| زفیرا | ۲۵ | ۱۳ |

| | سورت نمبر | حاشیہ نمبر |
|---|---|---|
| **س** | | |
| سرادق | ۱۸ | ۵۱ |
| اساور | ۱۸ | ۵۳ |
| سندس | ۱۸ | ۵۳ |
| سمیّا | ۱۹ | ۸ |
| سریّا | ۱۹ | ۲۶ |
| سِرّ | ۲۰ | ۵ |
| فیسحت | ۲۰ | ۴۴ |
| یطون | ۲۲ | ۸۶ |
| سامرا | ۲۳ | ۴۱ |
| سراب | ۲۴ | ۶۹ |
| سوای | ۳۰ | ۱۱ |
| سلالة | ۳۲ | ۱۱ |
| سوّی | ۳۱ | ۱۲ |
| سَخّر | ۳۱ | ۴۴ |
| **ش** | | |
| یشوی | ۱۸ | ۵۱ |
| شِعر | ۲۶ | ۱۶ |
| شہاب | ۲۶ | ۹ |
| **ص** | | |
| صعیدا | ۱۸ | ۶۳ |
| صدفین | ۱۸ | ۱۱۵ |
| صدیقا | ۱۹ | ۴۳ |
| صفصفا | ۲۰ | ۷۸ |
| صواف | ۲۲ | ۴۹ |
| صوامع | ۲۲ | ۵۶ |
| صلوات | ۲۲ | ۵۶ |
| صبغ | ۲۳ | ۱۵ |
| صافات | ۲۴ | ۷۲ |
| اصطفٰی | ۲۷ | ۹ |
| یصّدّعون | ۳۰ | ۴۸ |
| تصعّر | ۳۱ | ۳۲ |
| **ض** | | |
| ضنکاً | ۲۰ | ۹۱ |
| الضامر | ۲۲ | ۳۰ |
| ضللنا | ۳۲ | ۱۵ |
| **ط** | | |
| طرائق | ۲۳ | ۱۱ |
| **ظ** | | |
| ظلل | ۳۱ | ۵۰ |
| **ع** | | |
| عوج | ۱۸ | ۲ |
| عقبا | ۱۸ | ۶۷ |
| عتیّا | ۱۹ | ۹ |
| . | ۱۹ | ۶۸ |
| العاکف | ۲۳ | ۲۶ |
| عمیق | ۲۲ | ۳۰ |
| معتر | ۲۲ | ۴۹ |
| عقیم | ۲۲ | ۶۹ |
| عزم | ۳۱ | ۳۱ |

| | سورت نمبر | حاشیہ نمبر |
|---|---|---|
| عاکفین | ۲۶ | ۴۳ |
| **ع** | | |
| غفلة | ۲۱ | ۱ |
| غشاء | ۲۳ | ۲۶ |
| **ف** | | |
| فتية | ۱۸ | ۱۳ |
| فرط | ۱۸ | ۳۹ |
| فريًا | ۱۸ | ۳۱ |
| يفترون | ۲۱ | ۱۶ |
| فجاجا | ۲۱ | ۲۶ |
| ففتقنا | ۲۱ | ۲۳ |
| فارهين | ۲۶ | ۸۳ |
| الفتح | ۳۲ | ۳۳ |
| فخورٌ | ۳۱ | ۳۲ |
| **ق** | | |
| قيّما | ۱۸ | ۳ |
| قبلا | ۱۸ | ۸۰ |
| قطر | ۱۸ | ۱۱۵ |
| قصيًا | ۱۹ | ۲۵ |
| قبس | ۲۶ | ۹ |
| | ۲۰ | ۵ |
| قاعا | ۲۰ | ∠۸ |
| قصما | ۲۱ | ۱۲ |
| نقذف | ۲۱ | ۱۵ |
| نقدر | ۲۱ | ‹۳ |
| القانع | ۲۲ | ۳۹ |

| | سورت نمبر | حاشیہ نمبر |
|---|---|---|
| قيعة | ۲۴ | ۶۹ |
| قواعد | ۲۴ | ۸∠ |
| مقرنين | ۲۵ | ۱۳ |
| لم يقدروا | ۲۵ | ۶۵ |
| مقبوحين | ۲۸ | ۴۳ |
| اقم | ۳۰ | ۳۱ |
| قيّم | ۳۰ | ۳۴ |
| | ۳۰ | ۴∠ |
| مقتصد | ۳۱ | ۵۰ |
| **ک** | | |
| كهف | ۱۸ | ۱۲ |
| كان | ۱۹ | ۳۵ |
| اكاد | ۲۰ | ۱۴ |
| الكرب | ۲۱ | ۶۰ |
| كالحون | ۲۳ | ۶۹ |
| كبكبوا | ۲۶ | ۵۶ |
| كسفا | ۳۰ | ۵۳ |
| **ل** | | |
| ملتحدا | ۱۸ | ۳۵ |
| لسان صدق | ۱۹ | ۵۲ |
| لُدًّا | ۱۹ | ۸۵ |
| تلقف | ۲۰ | ۵۴ |
| لهوٌ | ۲۱ | ۳ |
| لُجّی | ۲۴ | ∠۰ |
| لعلّ | ۳۲ | ۴ |

| | سورت نمبر | حاشیہ نمبر |
|---|---|---|
| **م** | | |
| مُهل | ۱۸ | ۵۱ |
| مرید | ۲۲ | ۳ |
| المثل الاعلیٰ | ۳۰ | ۲۸ |
| یجحدون | ۳۰ | ۳۹ |
| مرحا | ۳۱ | ۳۲ |
| مهین | ۳۲ | ۱۱ |
| **ن** | | |
| منتصرا | ۱۸ | ۶۶ |
| نزلا | ۱۸ | ۱۲۲ |
| نبی | ۱۹ | ۵۴ |
| ندیا | ۱۹ | ۷۰ |
| نسف | ۲۰ | ۷۸ |
| نسی | ۲۰ | ۸۵ |
| ینسلون | ۲۱ | ۸۱ |
| منسکا | ۲۲ | ۳۵ |
| منکر | ۲۲ | ۸۶ |
| نادی | ۲۹ | ۳۳ |
| نبینکم | ۳۲ | ۲۲ |

| | سورت نمبر | حاشیہ نمبر |
|---|---|---|
| **و** | | |
| وصید | ۱۸ | ۲۴ |
| ولایة | ۱۸ | ۶۷ |
| موبقا | ۱۸ | ۷۸ |
| وفدا | ۱۸ | ۸۰ |
| وردا | ۱۹ | ۸۱ |
| اتوکا | ۲۰ | ۱۴ |
| وجبت | ۲۲ | ۳۹ |
| الودك | ۲۴ | ۷۴ |
| | ۳۰ | ۵۳ |
| **ه** | | |
| هدّا | ۱۹ | ۸۵ |
| هدی | ۲۰ | ۵ |
| اهش | ۲۰ | ۱۴ |
| همسا | ۲۰ | ۷۸ |
| هامدة | ۲۲ | ۷ |
| هباءً | ۲۵ | ۲۳ |
| هضین | ۲۶ | ۸۲ |

# التحقیقات النحویہ



| | سورت نمبر | حاشیہ نمبر |
|---|---|---|
| کبُرت کلمۃ کی ترکیب | ۱۸ | ۷ |
| ای الحزبین احصٰی کی ترکیب | ۱۸ | ۱۵ |
| بئس الشراب | ۱۸ | ۵۱ |
| ساءت مرتفقا | ۱۸ | ۵۱ |
| لکنا ھو اللہ ربّی | ۱۸ | ۵۹ |
| لا تکلم النّاس ثلاث لیال سویّا | ۱۹ | ۱۲ |
| اشد علی الرّحمٰن عتیّا | ۱۹ | ۶۸ |
| آیاتنا بیّنات | ۱۹ | ۷۰ |
| اِن ھذان لساحران | ۲۰ | ۴۷ |
| وَالذی فطرنا | ۲۰ | ۵۸ |
| لکان لزاما و اجل مسمّی | ۲۰ | ۹۶ |
| ما متعنا بہ ازواجاً منھم | ۲۰ | ۹۸ |
| اسرّ النجویٰ الذین ظلموا | ۲۱ | ۴ |
| الموازین القسط | ۲۱ | ۴۲ |
| سامرا تھجرون | ۲۳ | ۴۱ |
| ینزّل من السماء من جبال فیھا من برد | ۲۴ | ۷۵ |
| ثم کان عاقبۃ الذین اساء وا السوآی | ۳۰ | ۱۱ |
| ھل لکم مما ملکت ایمانکم | ۳۰ | ۲۹ |
| فطرۃ اللہ | ۳۰ | ۳۲ |
| وعد اللہ | ۳۰ | ۵ |
| والبحر یمدہٗ | ۳۱ | ۴۵ |
| تنزیل الکتاب | ۳۲ | ۲ |

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# فہرست مطالب

## اللہ جلّ مجدہٗ


| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| **۱۔ توحید** | | |
| وہی حمد کا مستحق ہے۔ | ۱۸ | ۱، ۲ |
| ہر چیز اسی کی حمد و تسبیح کرتی ہے۔ | ۲۴ | ۳۹ |
| اوّل و آخر حمد کا وہی مستحق ہے۔ | ۲۸ | ۷۰ |
| صبح و شام اس کی تسبیح کیا کرو۔ | ۳۰ | ۱۷ |
| آسمان و زمین میں اسی کی حمد ہو رہی ہے | ۳۰ | ۱۸ |
| رحمٰن عرش پر مستوی ہوا۔ | ۲۰ | ۵ |
| " " " " " | ۳۲ | ۴ |
| " " " " " " | ۲۵ | ۵۹ |
| وہ وحدہٗ لاشریک ہے اسکے خوبصورت نام ہیں | ۲۰ | ۸، ۱۴ |
| وہی ایک خدا ہے | ۲۱ | ۲۵-۱۰۸ |
| " " " " | ۲۲ | ۳۴ |
| " " " " | ۲۳ | ۱۱۶ |
| مشرکین کا اقرار کہ زمین و آسمان کو | ۳۱ | ۲۵ |
| اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا۔ | | |
| ہر چیز طوعاً کرہاً اسی کو سجدہ کرتی ہے۔ | ۲۱ | ۲۵ |
| ہم نے زمین و آسمان کو دل لگی کے لیے | ۲۱ | ۱۶، ۱۷ |
| پیدا نہیں کیا۔ | | |
| شمس و قمر، دشت و جبل سب اسی کو | ۲۲ | ۱۸ |
| سجدہ کناں ہیں۔ | | |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| وہ بہترین رزق دینے والا ہے۔ | ۲۲ | ۵۸ |
| اللّٰہ نور السمٰوٰت والارض | ۲۴ | ۳۵ حاشیہ |
| اس کے نور کی مثال | ۲۴ | ۳۵ |
| خلق و امر اور تدبیر کا وہی مالک ہے۔ | | |
| زمین و آسمان کی تخلیق چھ دنوں میں | ۲۵ | ۵۹ |
| اس کی صحیح تشریح | " | " |
| سمندر سیاہی بن جائیں تب بھی اس کی | ۳۱ | ۲۷ |
| تعریف کا حق ادا نہ ہو سکے گا۔ | | |
| مشرکین کے تلبیہ سے اہل سنت پر | ۳۰ | ۲۸ حاشیہ |
| اعتراض اور اس کا رد۔ | | |
| تخلیق، رزق، موت و حیات سب اسی کے | ۳۰ | ۴۰ |
| قبضہ اختیار میں ہیں۔ | | |
| تدبیر کائنات اسی کے دستِ قدرت میں ہے | ۳۲ | ۵ |
| بنجر زمین کو سرسبز کر دیتا ہے تم اور تمہارے | ۳۲ | ۲۷ |
| جانور اس سے خوراک حاصل کرتے ہو۔ | | |
| زمین و آسمان کی ہر چیز کو تمہارے لیے مسخر کر دیا | | |
| ظاہری اور باطنی نعمتوں کی حد کر دی۔ | ۳۱ | ۲۰ |
| اس کا کوئی بیٹا نہیں۔ | ۱۹ | ۹۲، ۹۳ |
| اسے زیبا نہیں کہ کسی کو بیٹا بنائے۔ | ۱۹ | ۳۵ |
| فرشتے اس کے معزز بندے ہیں اولاد نہیں | ۲۱ | ۲۶-۲۷ |

## ۲۔ دلائلِ توحید


| | سورۃ نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| زمین کی زینتیں اسی نے پیدا فرمائی ہیں۔ | ۱۸ | ۷ |
| اس نے زمین کو بچھونا بنایا اور اس میں راستے بنائے۔ | ۲۰ | ۵۳ تا ۵۵ |
| اگر کوئی دُوسرا خدا ہوتا تو نظام عالم درہم برہم ہو جاتا | ۲۱ | ۲۲ مع حاشیہ |
| زمین و آسمان جڑے ہوئے تھے (کا تنا رتقا)، پھر ہم نے ان کو الگ الگ کر دیا اور دیگر دلائل | ۲۱ | ۳۰ تا ۳۳ |
| فلک اور سماء دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ اس کی تحقیق | ۲۱ | ۳۳ مع حاشیہ |
| لیل و نہار، شمس و قمر کا وہی خالق ہے | ۲۱ | ۳۳ |
| آسمانوں کو بلند کرنا، شمس و قمر کی تسخیر، تدبیرِ امر، زمین کا بچھانا، انہار و اثمار، لیل و نہار | ۲۲ | ۶۱ تا ۶۵ |
| کفار کا اعتراف توحید۔ | ۲۳ | ۸۴ تا ۹۰ |
| وہ پانی کو اندازے سے اتارتا ہے۔ | ۲۳ | ۱۸ |
| کھجوروں اور انگوروں کے باغات | ۲۳ | ۱۹ |
| زیتون کا درخت | ۲۳ | ۲۰ |
| جانوروں میں قدرت کی نشانیاں | ۲۳ | ۲۱، ۲۲ |
| وہی زندہ کرنے والا وہی مارنے والا ہے | ۲۳ | ۸۰ |
| اختلافِ لیل و نہار۔ | ″ | ″ |
| دلائلِ تکوینی | ۲۴ | ۴۳ تا ۴۵ |
| سایہ کا پھیلنا وغیرہ، آیاتِ تکوینیہ | ۲۵ | ۴۵ تا ۵۰ |
| میٹھے کڑوے پانی کا یکجا ہونے کے باوجود آپس میں نہ ملنا۔ | ۲۵ | ۵۲ |
| دلائلِ توحید | ۲۸ | ۷۰ تا ۷۳ |

| | سورۃ نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| توحید کے قرآنی دلائل | ۲۰ | ۶۰ تا ۶۶ |
| وجعل الارض قرارا کی تشریح | ۲۷ | ۶۱ مع حاشیہ |
| آسمانوں اور زمین کی تخلیق زبانوں اور رنگوں میں اختلاف اہلِ علم کے لیے ان میں روشن نشانیاں ہیں۔ | ۳۰ | ۲۲ |
| رات کی نیند، دن کی تگ و دو میں غور سے سُننے والوں کے لیے آیات ہیں۔ | ۳۰ | ۲۳ |
| بجلی کا چمکنا، بارش کا برسنا، پھر زمین کا زندہ ہونا اہلِ عقل کے لیے اس میں بڑی نشانیاں ہیں | ۳۰ | ۲۴ |
| آسمان و زمین اسکے حکم سے اپنی اپنی جگہ قائم ہیں | ۳۰ | ۲۵ |
| ایسی قدرت والا تمہیں قیامت کے دن زندہ کرے گا | ۳۰ | ۲۵ |
| جب تم اپنے اموال میں اپنے غلاموں کو برابر کا حصہ دار بنانا گوارا نہیں کرتے تو پھر خدا کی خدائی میں کون اس کا حصہ دار بن سکتا ہے | ۳۰ | ۲۸ |
| مُشرکین کے تلبیس سے اہلِ سُنّت پر اعتراض اور اس کا رد۔ | ۳۰ | ۲۸ حاشیہ |
| ہواؤں کا چلنا، پانی میں کشتیوں کا تیرنا اُس کی قُدرت کی نشانیاں ہیں۔ | ۳۰ | ۴۶ |
| ہواؤں کا چلنا، بادلوں کا چھانا، بارش کا برسنا اس کی قدرت کی نشانیاں ہیں | ۳۰ | ۴۸ |
| آسمانوں اور زمین کی چھ دنوں میں تخلیق | ۳۲ | ۴ |
| آسمانوں کو بغیر ستونوں کے پیدا کیا اور زمین میں پہاڑ جمائے تا کہ وہ ڈولتی نہ رہے۔ | ۳۱ | ۱۰ |
| زمین و آسمان کی ہر چیز کو تمہارے لیے مسخر کر دیا ظاہری باطنی نعمتوں کی حد کر دی۔ | ۳۱ | ۲۰ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| رات کو دن میں، دن کو رات میں داخل کرتا ہے تسخیر شمس وقمر ہر چیز اپنے وقت مقررہ تک رواں دواں ہے۔ | ۳۱ | ۲۹ |
| کشتی کے سطح آب پر چلنے میں صبار شکور کے لیے بڑی نشانیاں ہیں۔ | ۳۱ | ۳۱ |
| انسان کی تخلیق کے مراحل۔ | ۲۲ | ۵ |
| مٹی سے انسان کی تخلیق | ۳۰ | ۲۰ |
| سلسلہ ازدواج اور باہمی مودت ورحمت | ۳۰ | ۲۱ |
| کمزوری سے قوت پھر قوت سے ضعف وبڑھاپا | ۳۰ | ۵۵ |
| جس چیز کو بنایا خوب بنایا۔ | ۳۲ | ۷ |
| انسان کی تخلیق طین سے | ۳۲ | ۷ |
| اس کی نسل ماء مہین سے | ۳۲ | ۸ |

## ۳- صفات الٰہی

(ا) علم الٰہی

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| وہ رازوں اور پوشیدہ باتوں کو جانتا ہے۔ | ۲۰ | ۷ |
| وہ گزشتہ آئندہ سب حالات کو جانتا ہے۔ | ۲۰ | ۱۱۰ |
| اسکی حقیقت کو کوئی نہیں سمجھ سکتا۔ | ۲۰ | ۱۱۰ |
| وہ ہر بات کو جانتا ہے۔ | ۲۱ | ۱۱۰ |
| وہ ہر چیز کو دیکھنے والا ہے۔ | ۲۲ | ۱۷ |
| وہ لطیف خبیر ہے۔ | ۲۲ | ۶۳ |
| | ۳۱ | ۱۹ |
| سمیع بصیر ہے۔ | ۲۲ | ۶۱ |
| وہ العلی الکبیر ہے۔ | ۲۲ | ۶۲ |
| وہ غنی حمید ہے۔ | ۲۲ | ۶۴ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| وہ زمین وآسمان کی ہر چیز کو جانتا ہے۔ | ۲۲ | ۷۰ |
| وہ دلوں کے راز جاننے والا ہے۔ | ۲۸ | ۶۹،۶۸ |
| 〃 〃 〃 〃 | ۲۷ | ۷۴ |
| 〃 〃 〃 〃 | ۳۱ | ۲۳ |
| وہ عالم الغیب ہے۔ | ۲۷ | ۶۵ |
| علم غیب کی تفصیلی بحث۔ حاشیہ آیت مذکورہ | | |
| زمین وآسمان کی ہر چیز کو جانتا ہے | ۲۹ | ۵۲ |
| وہ سمیع علیم ہے | ۲۹ | ۶۰،۵ |
| بکل شیٔ علیم | ۲۹ | ۶۲ |
| عالم الغیب والشہادۃ | ۳۲ | ۶ |
| رائی سے بھی چھوٹی چیز یا چٹان کے اندر جو چیز ہو اس کو جانتا ہے۔ | ۳۱ | ۱۶ |
| سارے درخت قلمیں اور سارے سمندر سیاہی بن جائیں تب بھی اسکے علم کا بیان مکمل نہیں ہوتا | ۳۱ | ۲۷ |
| وہ سمیع بصیر ہے۔ | ۳۱ | ۲۸ |
| بما تعملون خبیر۔ | ۳۱ | ۲۹ |

(ب) رحمت ومغفرت الٰہی

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| آپ کا رب غفور اور رحمت والا ہے۔ | ۱۸ | ۵۸ |
| وہ مجرم کو فوراً نہیں پکڑتا بلکہ مہلت دیتا ہے۔ | ۱۸ | ۵۸ |
| اپنے بندے زکریا علیہ السلام پر خصوصی رحمت | ۱۹ | ۲ |
| انبیاء پر اللہ تعالیٰ کی رحمت اور ان کیلئے ذکر خیر | ۱۹ | ۵۰ |
| اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والے کے لیے غفار ہے | ۲۰ | ۸۲ |
| وہ لوگوں کے لیے رؤف رحیم ہے | ۲۲ | ۶۵ |
| عفو غفور ہے | ۲۲ | ۶۰ |
| اس کی رحمت اور اس کا فضل نہ ہوتا تو تم میں سے کوئی بھی پاک نہ ہوتا۔ | ۲۴ | ۲۱ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| وہ برائیوں کو نیکیوں سے بدل دیتا ہے وہ غفور رحیم ہے۔ | ۲۵ | ۷۰ |
| آپ کا رب لوگوں پر فضل وکرم فرمانے والا ہے | ۲۷ | ۷۳ |
| وہ کسی پر ظلم نہیں کرتا لوگ ہی اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں۔ | ۲۹ | ۴۰ |
| جس کو چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور جس پر چاہتا ہے رحمت فرماتا ہے۔ | ۲۹ | ۲۱ |
| اس کے عذاب اور رحمت کی مختلف صورتیں | حاشیہ آیت بالا | |
| وہ عزیز رحیم ہے۔ | ۳۰<br>۳۱ | ۵<br>۶ |
| وہ کسی پر ظلم نہیں کرتا، لوگ خود اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں۔ | ۳۰ | ۹ |
| نجات اس کی رحمت سے ہی ہوگی | ۳۰ | ۴۵ |
| مومنوں کی نصرت اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر ہے کان حقا علینا نصر المومنین | ۳۰ | ۴۷ |
| اللہ تعالیٰ کی مختلف قسم کی نعمتیں ان میں عرفان الٰہی اور آتش عشق سرفہرست ہے۔ | ۳۱ | ۲۰ حاشیہ |
| (ج) اللہ تعالیٰ ہر چیز کا خالق و مالک ہے | | |
| زمین اور جو کچھ اس کے اوپر ہے اس کے ہم وارث ہیں۔ | ۱۹ | ۴۰ |
| آسمانوں اور زمین کا وہ خالق ہے | ۱۹ | ۶۵ |
| آسمانوں، زمین اور ما فیہا کا وہی مالک ہے | ۲۴<br>۲۰<br>۲۲<br>۲۱<br>۲۵<br>۳۱ | ۶۴<br>۶<br>۶۴<br>۲۰،۱۹<br>۲-۱<br>۲۶ |
| ہر چیز کو پیدا کیا اور اسے نور ہدایت بخشا۔ (اعطی کل شیء خلقہ ثم ھدیٰ) | ۲۰ | ۵۰ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| تمہاری ظاہری اور باطنی قوتیں اسی نے پیدا کیں۔ | ۲۳ | ۷۸ |
| اسی نے تمہیں زمین میں پھیلایا وہی تمہیں زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے۔ | ۲۳ | ۸۰،۷۹ |
| ہر جانور کو پانی سے پیدا کیا اور جیسے چاہا۔ | ۲۴ | ۴۵ |
| اس نے زمین و آسمان کو حق کیساتھ پیدا کیا۔ | ۲۹ | ۴۴ |
| وہ غنی عن العالمین ہے۔ | ۲۹ | ۶ |
| تخلیق کی ابتدا اور اس کا اعادہ اس کے لیے آسان ہے۔ | ۲۹ | ۲۰،۱۹ |
| زمین و آسمان کی ہر چیز اسی کی ہے اور اسی کی فرمانبردار ہے | ۳۰ | ۲۶ |
| تخلیق، رزق، موت و حیات، سب اسی کے قبضہ اختیار میں ہیں۔ | ۳۰ | ۴۰ |
| وہ غنی حمید ہے | ۳۱ | ۲۶ |
| (د) وہ ہر چیز پر قادر ہے | | |
| جسے وہ گمراہ کر دے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا | ۱۸ | ۷ |
| بڑھاپے میں بچہ دینا اس کے لیے آسان ہے۔ | ۱۹ | ۹ |
| بغیر باپ بیٹا دینا اس پر آسان ہے۔ | ۱۹ | ۲۱ |
| اس کے امر کن سے ہر چیز ہو جاتی ہے۔ | ۱۹ | ۳۵ |
| اس سے کوئی باز پرس نہیں کر سکتا۔ | ۲۱ | ۲۳ |
| جو چاہتا ہے کرتا ہے | ۲۲ | ۱۸-۱۴ |
| وہی زندہ کرتا ہے اور وہی مارتا ہے | ۲۲ | ۶۶ |
| جس کو وہ ذلیل کرے اسے کوئی عزت دینے والا نہیں۔ | ۲۲ | ۱۸ |
| جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ | ۲۴ | ۴۶،۴۲ |
| ہر چیز پر قادر ہے۔ | ۲۹ | ۱۹ تا ۲۲ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| تمہارا رازق اللہ تعالیٰ ہے بُت نہیں۔ | ۲۹ | ۱۷ |
| آفرینش کا آغاز اُس نے کیا اور اعادہ | ۳۰ | ۲۷-۱۱ |
| اس پر مشکل نہیں۔ | ۲۹ | ۲۰-۱۹ |
| وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ | ۲۹ | ۲۰ |
| جس کو چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور | | |
| جس پر چاہتا ہے رحمت فرماتا ہے۔ | | |
| اسکے عذاب اور رحمت کی مختلف صُورتیں | ۳۱ | ۲۱ |
| جس کی چاہتا ہے مدد فرماتا ہے۔ | ۳۰ | ۵ |
| زندہ کو مُردہ سے اور مُردہ کو زندہ سے وہی نکالتا ہے | ۳۰ | ۱۹ |
| جس کو چاہتا ہے وسیع رزق دیتا ہے اور | ۳۰ | ۳۷ |
| جس کو چاہتا ہے مفلس کر دیتا ہے۔ | | |
| اس کی اس تقسیم میں اسکی حکمت کی نشانیاں ہیں۔ | " | " |
| وہ مُردوں کو زندہ کر سکتا ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے | ۳۰ | ۵۰ |
| وہ جسے چاہتا ہے پیدا کرتا ہے وہ علیم قدیر ہے | ۳۰ | ۵۴ |
| تم سب کو پیدا کرنا، پھر مرنے کے بعد زندہ | ۳۱ | ۱۸ |
| کرنا اُس کے لیے آسان ہے۔ | | |
| وہ علی کبیر ہے۔ | ۳۱ | ۳۰ |
| (۵) اللہ تعالیٰ کسے ہدایت دیتا ہے۔ | | |
| جسے وہ ہدایت دے وہی ہدایت یافتہ ہے۔ | ۱۸ | ۱۷ |
| جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ | ۱۶ | ۲۲ |
| ایمان والوں کو صراطِ مستقیم کی ہدایت دیتا ہے | ۲۲ | ۵۴ |
| جس کو چاہتا ہے اور راستی کی ہدایت دیتا ہے | ۲۴ | ۴۶ |
| تمہارا اور بے حد حیوانات کا وہی رازق ہے | ۲۹ | ۶ |
| جسے چاہتا ہے فراخ روزی دیتا ہے، جسے | ۲۹ | ۶۲ |
| چاہتا ہے مُفلس کر دیتا ہے۔ | | |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| اللہ تعالیٰ محسنین کے ساتھ ہے | ۲۹ | ۶۹ |
| (و) کس کو ہدایت نہیں دیتا اور محبت نہیں کرتا | | |
| وہ گمراہ کرنے والوں کا حامی نہیں۔ | ۱۸ | ۵۱ |
| وہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔ | ۲۸ | ۵۰ |
| وہ مفسدین کو پسند نہیں کرتا۔ | ۲۸ | ۷۷ |
| اتباعِ اہواء کے باعث جسے خدا گمراہ کر دے | ۳۰ | ۲۹ |
| اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔ | | |
| وہ کافروں کو دوست نہیں رکھتا | ۳۰ | ۴۵ |
| **متفرق** | | |
| اگر سارے سمندر سیاہی بن جائیں۔ الخ | ۱۸ | ۱۰۹ |
| ہم باطل پر حق سے چوٹ لگاتے ہیں اور | ۲۱ | ۱۸ |
| اسے پاش پاش کر دیتے ہیں۔ | | |
| جسے خدا ذلیل کرے اسے کوئی عزت دینے والا نہیں | ۲۲ | ۱۸ |
| جو اللہ تعالیٰ کے دین کی مدد کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسکی مدد کرتا ہے | ۲۲ | ۴۰ |
| جن پر زیادتی کی گئی اللہ تعالیٰ انکی مدد فرمائے گا۔ | ۲۲ | ۶۰ |
| اللہ تعالیٰ ہی معبودِ برحق ہے باقی سب جھوٹے خدا ہیں | ۲۲ | ۶۲ |
| قیامت کے دن اللہ تعالیٰ تمہارے درمیان فیصلہ فرمائیگا | ۲۲ | ۶۹ |
| بیشک اللہ تعالیٰ قوی عزیز ہے۔ | ۲۲ | ۷۴ |
| سمیع بصیر ہے۔ | ۲۲ | ۷۵ |
| اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو ایک اندازے سے پیدا کیا ہے | ۲۵ | ۲-۱ |
| بیشک آپ کا رب عزیز رحیم ہے۔ | ۲۶ | ۹ |
| (یہ آیت اس سورت میں کئی بار آئی ہے) | | |
| اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو نہایت عمدہ طریقے سے بنایا ہے | ۲۷ | ۸۸ |
| مسلم مستشرقوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت | حاشیہ آیت بالا | |
| وہ غنی عن العالمین ہے۔ | ۲۹ | ۶ |
| وہ وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ | ۳۰ | ۶ |

# سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم


| | سورۃ نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| **۱۔ نبوت و رسالت** | | |
| انبیاء کی میراث کی تحقیق | ۱۹ | ۵-۶ حاشیہ |
| نبوت و رسالت کا مفہوم | ۱۹ | ۵۱ حاشیہ |
| انبیاء پر اللہ تعالیٰ کے انعامات | ۱۹ | ۵۸ |
| انسانوں کی طرف انسان ہی نبی بن کر آئے افادہ و استفادہ اسکے بغیر ناممکن ہے۔ | ۲۱ | ۷ |
| رسول ہمیشہ مرد ہی آئے ہیں | ۲۱ | ۷ |
| ہم نے انبیاء سے اپنا وعدہ پورا کیا وہ نجات پاگئے اور ان کے دشمن ہلاک ہو گئے۔ | ۲۱ | ۹ |
| میں تمہارے لیے نذیر مبین ہوں۔ | ۲۲ | ۴۹ |
| ہر امت کے لیے ایک شریعت ہے۔ | ۲۲ | ۶۷ |
| بیشک آپ ہدایت پر ہیں ۔ | ۲۲ | ۶۷ |
| اگر وہ آپ سے جھگڑیں تو آپ اللہ تعالیٰ کے سپرد کریں | ۲۲ | ۶۸ |
| حضورؐ سارے عالموں کے لیے نذیر ہیں۔ | ۲۵ | ۱ |
| حضورؐ کی رسالت پر کفار کے اعتراضات اور ان کے جوابات | ۲۵ | ۷ تا ۱۱ |
| آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرائیں۔ | ۲۶ | ۲۱۴ |
| رسول کے ذمہ بلاغ مبین ہے۔ | ۲۹ | ۱۸ |
| حضورؐ کی ذات شک و شبہ سے بالاتر ہے | ۲۹ | ۴۸ |

| | سورۃ نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| **۲۔ رحمت و خلقِ عظیم** | | |
| کیا آپ ان کے غم میں جان دے دیں گے | ۱۸ | ۶ حاشیہ |
| آپ انکی رفاقت پر صبر فرمائیں جو اہل ایمان ہیں | ۱۸ | ۲۸ |
| فقرائے امت پر آپ کی نگاہ شفقت ہمیشہ رہے | ۱۸ | ۲۸ |
| ستر ہزار بے حساب ان میں سے ہر ایک کے ساتھ ستر ستر ہزار بخش دیے جائیں گے۔ | ۱۹ | ۸۵ حاشیہ |
| حضورؐ کی رحمۃ للعالمینی کے صدقے کفار پر فوراً عذاب نہیں ہوتا | ۲۰ | ۱۲۸ حاشیہ |
| بریئا مما تعملون فرمایا بری منکم نہیں فرمایا۔ اس کی حکمت۔ | ۲۶ | ۲۱۶ |
| **۳۔ شانِ مصطفوی** | | |
| اللہ تعالیٰ نے اپنے برگزیدہ بندے پر کتاب نازل کی۔ | ۱۸ | ۱ |
| حضورؐ کی بشریت کی حقیقت۔ | ۱۸ | ۱۱۰ حاشیہ |
| شانِ بندگی میں آپکا کوئی ہمسر نہیں | ۱۸ | ۱ |
| نورِ محمدی کی تخلیق۔ | ۱۸ | ۱۰۹ حاشیہ |
| ربّکَ ' ربوبیت کی نسبت اپنی طرف (آپ کا رب) | ۱۹ | ۲ |
| شفاعت کا ضابطہ | ۱۹ | ۸۷ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| طٰہٰ (اے چودھویں کے چاند) | ۲۰ | ۱ |
| آپکا مبدأ تعین محبوبیت ہے اور آپ سب محبوبوں کے سردار ہیں | ۲۰ | ۳۹ |
| آپ صبر فرمائیے صبح شام رات دن تحمید و تسبیح کرتے رہیے۔ | ۲۰ | ۱۳۰ |
| ذکر الٰہی سے آپکو قلبی خوشی نصیب ہوگی۔ | ۲۰ | ۱۳۰ |
| پہلے انبیاء بھی بشر ہی تھے | ۲۱ | ۷ |
| بارگاہ رسالت میں بے ادبی بربادی کا باعث ہے | ۲۱ | ۲۳ حاشیہ |
| حضرت انس کی عرض پر حضور کا ارشاد کہ قیامت کے روز مجھے تین جگہ تلاش کریں۔ | ۲۱ | ۴۷ حاشیہ |
| حضور رحمت للعالمین ہیں۔ | ۲۱ | ۱۰۷ حاشیہ |
| جو خیال کرتا ہے اللہ اپنے رسول کی مدد نہیں فرمائے گا وہ گلے میں رسی ڈال کر خودکشی کرلے۔ | ۲۲ | ۱۵ |
| تلک الغرانیق العلیٰ کی روایت موضوع ہے | ۲۲ | ۵۲ حاشیہ |
| حضور تم پر گواہ اور تم لوگوں پر گواہ | ۲۲ | ۷۸ |
| آپ ہدایت مستقیم پر ہیں۔ | ۲۲ | ۶۷ |
| حضور کی رشتہ داری قیامت کو بھی نفع دیگی | ۲۳ | ۱۰۱ |
| حضرت سیدہ کی فضیلت | ۲۳ | ۱۰۱ حاشیہ |
| بارگاہ رسالت میں استغاثہ شرک نہیں | ۲۳ | ۵۸ حاشیہ |
| حضرت مریم اور یوسف کی برات کا اعلان کسی اور حضرت عائشہ کی برات کا اعلان خود فرمایا | ۲۴ | ۲۶ حاشیہ |
| مثل نورہ کا مرجع حضور کی ذات ہے | ۲۴ | ۳۵ حاشیہ |
| حضور جس کو چاہیں اجازت دیں اور ان کے لیے مغفرت طلب کریں۔ | ۲۴ | ۶۲ |
| حضور کو بلانے کے آداب | ۲۴ | ۶۳ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| آپکا رب آپکا ہادی اور مددگار ہے | ۲۵ | ۳۱ |
| آپ مبشر اور نذیر ہیں۔ | ۲۵ | ۵۶-۵۷ |
| حضور کی شان رفیع | ۲۵ | ۹ حاشیہ |
| زمین کے خزانوں کی کنجیاں | ۲۵ | ۱۰ |
| حبیب و کلیم میں فرق | ۲۶ | ۶۲ |
| اپنے غلاموں کیلیے اپنے پروں کو بچھا دیجیے | ۲۶ | ۲۱۵ |
| اس پر توکل فرمائیے جو ہر وقت آپکو دیکھتا ہے | | |
| حین تقوم و تقلبک فی الساجدین | ۲۶ | ۲۱۷ تا ۲۱۹ |
| حضور کے والدین کا ایمان | ۲۶ | ۲۱۹ حاشیہ |
| اللہ پر توکل فرمائیے آپ حق مبین پر ہیں۔ | ۲۷ | ۷۹ |
| حضرت عبیدہ بن حارث کا جان دیتے وقت چہرہ کو قدم مصطفےٰ پر رکھنا۔ | حاشیہ آیت بالا | |
| حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا شیخین کو ساتھ لے کر دعا کر اسلام کی مدد فرمانا۔ | ۳۰ | ۵۲ حاشیہ |
| سماع موتیٰ کی تفصیلی بحث | حاشیہ آیت بالا | |
| میری صداقت کے لیے اللہ کی گواہی کافی ہے | ۲۹ | ۵۲ |
| رومیوں کے غلبہ کی پیشگوئی | ۳۰ | ۲ تا ۶ |


## ۴- نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم


| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| ذوالقرنین کے بارے میں سوال اور اسکا جواب | ۱۸ | ۸۳ |
| رب زدنی علما کی دعا | ۲۰ | ۱۱۴ |
| حضور کے علم لدنی کی کیفیت | ۲۰ | ۱۱۴ حاشیہ |
| ما فی الارحام کا علم | ۲۲ | ۵ |
| واقعہ افک سے حضور کے علم کا شبہ اور اس کا ازالہ | ۲۴ | ۱۶ حاشیہ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| حضورؐ کا علم خداداد تفصیلی بحث | ۲۷ | ۶۵ حاشیہ |
| کسریٰ کی حکومت کی تباہی کی پیشگوئی بزرگمہر | تعارف سورہ روم | |

## ۵۔ حضورؐ کی اطاعت

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| جو حضورؐ کی اطاعت کرتے ہیں وہی کامیاب ہیں | ۲۴ | ۵۱ |
| 〃 | ۲۴ | ۵۲ |
| 〃 | ۲۴ | ۵۴ |
| حضورؐ کے نافرمان روزِ حشر ندامت سے ہاتھ کاٹیں گے۔ | ۲۵ | ۲۷ |
| 〃 | ۲۵ | ۲۸ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| حضورؐ کے نافرمان روزِ حشر ندامت سے ہاتھ کاٹیں گے۔ | ۲۵ | ۲۹ |

## ۶۔ اظہارِ عبودیت

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| قُل انما انا بشر مثلکم | | |
| حضورؐ کی بشریت کے بارے میں تفصیلی بحث | ۱۸ | ۱۱۰ |
| آپ مجرموں کی امداد نہ کیجیے۔ | ۲۸ | ۸۶ |
| آپ مشرکوں میں سے نہ بنیے۔ | ۲۸ | ۸۸ |
| آپ مُردہ دلوں کو نہیں سُنا سکتے۔ | ۳۰ | ۵۲ |
| سماعِ موتیٰ کی تفصیلی بحث۔ | ۳۰ | ۵۳ |

# اسلام

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| مبلغِ اسلام کو نرم خو اور خوش گفتار ہونا چاہیے | ۲۰ | ۴۴ |
| سب انبیاء دینِ توحید لے کر آئے تھے | ۲۱ | ۹۲ |
| اہلِ غرض نے اسے پارہ پارہ کر دیا | ۲۱ | ۹۳ |
| 〃 | ۲۳ | ۵۳ |
| ہر گروہ اپنے نظریات پر خوش ہے | ۲۳ | ۵۳ |
| اگر حق لوگوں کی نفسانی خواہشات کی پیروی کرے تو نظامِ عالم درہم برہم ہو جائے | ۲۳ | ۷۱ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| والدین سے حُسنِ سلوک کا حکم | ۲۹ | ۸ |
| اہلِ کتاب کو اسلام کی دعوت کیسے دی جائے۔ | ۲۹ | ۴۶ |
| اسلام دینِ فطرت ہے، اس کی تشریح۔ | ۳۰ | ۳۰ مع حاشیہ |
| یہ دین قیم ہے۔ دینِ قیم کی توضیح، | ۳۰ | ۳۰ حاشیہ |
| دینِ قیم کی پیروی کا حکم | ۳۰ | ۴۳ حاشیہ |

# انبیاء علیہم السلام

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| سب انبیاء ایک دین لے کر آئے | ۲۱ | ۹۲ |
| خود غرضوں نے دین کو پارہ پارہ کر دیا | ۲۱ | ۹۳ |
| " " " " " " " " | ۲۳ | ۵۳ |
| انبیاء کے اخلاق، وہ نیکی کرنے میں | ۲۱ | ۹۰ |
| ایک دوسرے سے سبقت لے جاتے ہیں | " | " |
| اُمید و بیم سے ہمیں پکارتے ہیں۔ | " | " |
| اور عاجزی اختیار کرتے ہیں۔ | " | " |
| **و۔ آدم علیہ السلام** | | |
| فرشتوں کو سجدہ آدم کا حکم | ۱۸ | ۵۰ |
| سجدہ آدم کا حکم | ۲۰ | ۱۱۶ |
| اولاد آدم کو نصیحت کہ شیطان تمہارا دشمن | ۱۸ | ۵۰ |
| ہے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اسکو دوست نہ بناؤ۔ | | |
| یہ تمہارا دشمن ہے تمہیں گمراہ نہ کر دے۔ | ۲۰ | ۱۱۷ |
| آپ کی بھول، لیکن عزم نہیں تھا۔ | ۲۰ | ۱۱۵ |
| شیطان کی فریب دہی۔ | ۲۰ | ۱۲۰ |
| عصیٰ آدم ربہٗ فغویٰ کی تحقیق۔ | ۲۰ | ۱۲۱ |
| آدم کو چن لیا۔ | ۲۰ | ۱۲۲ |
| آپ کا جنت سے زمین پر ہبوط اور | ۲۰ | ۱۲۳ |
| اللہ تعالیٰ کی نصیحت۔ | | |
| **(ب) ابراہیم علیہ السلام** | | |
| آپ صدیقاً نبیاً تھے۔ | ۱۹ | ۴۱ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| اپنے باپ کو دعوت توحید اور اس کا انداز | ۱۹ | ۴۲ تا ۴۸ |
| آپ کو اولاد صالح، رحمت خاص اور لسان | ۱۹ | ۴۹، ۵۰ |
| صدق علیہ سے سرفراز کیا گیا۔ | | |
| ابراہیم علیہ السلام اور بتوں کو توڑنے کا واقعہ | ۲۱ | ۵۱ تا ۷۰ |
| آگ کا گلزار بننا۔ | | مع حواشی |
| آپکا اپنی قوم کو دعوت توحید دینا۔ | ۲۱ | ۶۶، ۶۷ |
| بتوں کی بے بسی کا بیان۔ | | |
| کفار کا آگ میں جلانے کا منصوبہ اور | ۲۱ | ۶۸ تا ۷۰ |
| آپ کیلئے آگ کا گلزار ہونا۔ | ۲۹ | ۲۴ |
| تعمیر بیت اللہ کی جگہ کا تعین، شرک سے | ۲۲ | ۲۶ |
| بچنے کی تاکید اور کعبہ کو پاک صاف | | |
| رکھنے کی تاکید۔ | | |
| حج کے بارے میں اعلان عام کرنے کا حکم | ۲۲ | ۲۷ |
| حج کے لیے بعض ہدایات اور احکام | ۲۲ | ۲۸، ۲۹ |
| آپ کی دعوت توحید | ۲۶ | ۶۹ تا ۸۲ |
| اپنے لیے دُعا | ۲۶ | ۸۳ تا ۸۵ |
| اپنے باپ کے لیے دُعائے مغفرت | ۲۶ | ۸۶، ۸۸ |
| آزر چچا تھا | حاشیہ آیت بالا | |
| آپ کی دعوت توحید | ۲۹ | ۱۶، ۱۷ |
| آپ پر انعامات الٰہی اسحاق، یعقوب | ۲۹ | ۲۶، ۲۷ |
| نبوت، کتاب | | |
| آپ کی شان بندگی اور رب کریم کی | حاشیہ آیات بالا | |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| شانِ بندہ نوازی۔ | | |

## (ج) ادریس علیہ السلام

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| آپ صدیق نبی تھے۔ | ١٩ | ٥٦ |
| آپ صاحب مقام رفیع تھے | ١٩ | ٥٧ |

## (د) اسحق علیہ السلام

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| آپ صالح پیشوا اور ہدایت یافتہ تھے | ٢١ | ٧٣،٧٢ |

## اسمٰعیل علیہ السلام

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| آپ صادق الوعد اور رسول نبی تھے۔ | ١٩ | ٥٤ |
| آپ اپنے اہل کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتے۔ | ١٩ | ٥٥ |
| آپ اپنے رب کے پسندیدہ بندے تھے۔ | ١٩ | ٥٥ |

## ایوب علیہ السلام

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| آپ کی آزمائش اور کامیابی | ٢١ | ٨٤،٨٣ |
| بائبل میں قصۂ ایوب کا ذکر اور تقابلی مطالعہ۔ | ٢١ | ٨٤ حاشیہ |

## داؤد علیہ السلام

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| کھیتی کے جھگڑے کا فیصلہ | ٢١ | ٧٩،٧٨ |
| آپ کے لیے پہاڑوں اور پرندوں کو مسخر کر دیا۔ | ٢١ | ٨٠ |
| زرہ سازی کا فن عطا ہوا | ٢١ | ٨٠ |
| آپکو علم مرحمت ہوا اور دیگر عزت افزائیاں | ٢٧ | ١٥ |
| سلیمان علیہ السلام آپ کے وارث بنے | ٢٧ | ١٦ |
| انبیاء کی وراثت کی تحقیق | حاشیہ آیت بالا | |

## ذوالقرنین

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| اس کے متعلق تفصیلی بحث | ١٨ | ٨٣ تا ٩٨ |
| یہ کون تھے؟ کیا یہ پیغمبر تھے یا نہیں۔ انکے مذکورہ سفروں کی تفصیل | حواشی آیات بالا | |

## زکریا علیہ السلام

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| آپ کی دُعا، اندازِ دُعا۔ دُعا کی قبولیت، آپ کی نیازمندی بیٹے کا مژدہ | ١٩ | ٢ تا ١١ |
| حضرت زکریا اور یحیٰی کا کردار قرآن کے آئینے میں۔ | ١٩ | ١٢ |
| بائبل انکے متعلق کیا کہتی ہے تقابلی مطالعہ | حاشیہ آیت بالا | |
| اولاد کے لیے دُعا۔ | ٢١ | ٧٩ |

## سلیمان علیہ السلام

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| کھیتی کے جھگڑے کا تصفیہ | ٢١ | ٧٩،٧٨ |
| آپکے لیے ہوا اور جنات کو مسخر کر دیا | ٢١ | ٨٢،٨١ |
| وادیٔ نمل پر آپ کا گزر اور عنایات ربانی پر اظہار تشکر۔ | ٢٧ | ١٧ |
| حضرت داؤد علیہ السلام کے کئی بیٹے تھے | ٢٧ | ١٦ |
| ہُدہُد کا قصہ، ملکۂ سبا کا واقعہ اور دیگر ضمنی مباحث | ٢٧ | ٢٠ تا ٤٤ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| آپ کے اُمتی کی کرامت | ۲۷ | ۴۰ |
| کرامات اولیاء کا ثبوت | حاشیہ آیت بالا | |
| آپ کے مکتوب کا پُرجلال مضمون | ۲۷ | ۳۰ تا ۳۲ |
| بادشاہ جب کسی شہر میں داخل ہوتے ہیں تو اسے برباد کر دیتے ہیں۔ | ۲۷ | ۳۴ |
| **شعیب علیہ السلام** | | |
| اپنی قوم کو وعظ و نصیحت | ۲۶ | ۱۷۷، ۱۷۸ |
| تقویٰ اور اطاعت کی دعوت | ۲۶ | ۱۷۹ |
| میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا | ۲۶ | ۱۸۰ |
| ناپ تول صحیح رکھو ورنہ فساد برپا ہو جائے گا۔ | ۲۶ | ۱۸۱ تا ۱۸۳ |
| قوم کا ردِ عمل اور اس کا عبرتناک انجام | ۲۶ | ۱۸۶ تا ۱۹۱ |
| آپ کی دعوت، قوم کا ردِ عمل اور اس کا عبرتناک انجام۔ | ۲۹ | ۳۶، ۳۷ |
| **صالح علیہ السلام** | | |
| آپ کی دعوت | ۲۶ | ۱۴۱ تا ۱۴۴ |
| میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا۔ | ۲۶ | ۱۴۵ |
| تم باغوں، چشموں، کھیتوں میں عیش کرنے کے لیے چھوڑ نہیں دیے جاؤ گے۔ | ۲۶ | ۱۴۶ تا ۱۴۸ |
| سنگ تراشی کی مہارت | ۲۶ | ۱۴۹ |
| آپ کی دعوت | ۲۶ | ۱۵۰ تا ۱۵۲ |
| قوم کا ردِ عمل آپ ہماری طرح بشر ہیں، | ۲۶ | ۱۵۳، ۱۵۴ |
| آپ پر جادو کر دیا گیا ہے۔ | ۲۶ | ۱۵۳ |
| اونٹنی بطور معجزہ۔ | ۲۶ | ۱۵۵، ۱۵۶ |
| انہوں نے اسکی کونچیں کاٹ ڈالیں اور برباد کر دیے گئے۔ | ۲۶ | ۱۵۷، ۱۵۸ |
| **عیسیٰ علیہ السلام** | | |
| آپ کے اُمتیوں اصحاب الکہف والرقیم کے تفصیلی حالات۔ | ۱۸ | ۹ مع حواشی |
| آپ کی ولادت کا تفصیلی بیان۔ | ۱۹ | ۱۶ تا ۳۵ |
| حضرت مریم کے تفصیلی حالات | ۱۹ | ۱۶ تا ۳۵ |
| بن باپ ولادت پر طرح طرح کے شکوک اور ان کا ازالہ | حواشی آیات مذکورہ بالا | |
| آتانی الکتاب وجعلنی نبیا کہنے کا وقت | ۱۹ | ۳۰ |
| حضرت مسیح کے بارے میں عیسائیوں کا اختلاف اور صحیح رجحان کہ مسیح اللہ کے بندے ہیں۔ | ۱۹ | ۳۷ |
| آپ اور آپ کی والدہ آیت ربانی ہیں۔ | ۲۱، ۲۳ | ۹۱، ۵۰ |
| **لوط علیہ السلام** | | |
| آپ کی قوم کا اخلاقی انحطاط، آپ کا اضطراب، قوم کا انجام | ۲۱ | ۷۴، ۷۵ |
| آپ کی قوم کی بدکاری، آپ کی دعوت کا ردِ عمل اور انجام | ۲۶ | ۱۶۰ تا ۱۷۴ |
| آپ کی قوم کے جرائم کی فہرست | ۲۹ | ۲۸، ۲۹ |
| آپ کی سرزنش اور قوم کا ردِ عمل | ۲۹ | ۲۹ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| ان کے لیے آپ کی بددُعا | ۲۹ | ۳۰ |
| عذاب کے فرشتوں کی حضرت خلیل سے گفتگو | ۲۹ | ۳۲،۳۱ |
| فرشتوں کی آمد سے آپکی پریشانی اور انکی تسلی | ۲۹ | ۳۳ |
| ان کی بدکاریوں کے باعث ان پر عذاب کا نزول | ۲۹ | ۳۴ |

## موسیٰ و ہارون علیہما السلام

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| موسیٰ علیہ السلام اور خضر علیہ السلام کا واقعہ | ۱۸ | ۶۰ تا ۸۲ |
| حضرت خضر کی نبوت کی تحقیق۔ | ۱۸ | ۶۰ حاشیہ |
| آپ مخلص اور رسول نبی تھے۔ | ۱۹ | ۵۱ |
| آپ کو ہارون جیسا بھائی بخشا گیا | ۱۹ | ۵۳ |
| طویٰ کی مقدس وادی میں آپکے تذرانہ | ۲۰ | ۱۰ |
| جوتا اتارنے کا حکم | ۲۰ | ۱۲ |
| شرفِ ہمکلامی | ۲۰ | ۱۳ تا ۴۴ |
| میں نے تجھے چن لیا میری بات غور سے سنو | ۲۰ | ۱۳ |
| وحدانیت باری تعالیٰ | ۲۰ | ۱۴ |
| عبادت اور نماز کا حکم | ۲۰ | ۱۴ |
| منکرِ قیامت کا کہنا نہ مانو | ۲۰ | ۱۶،۱۵ |
| کلیم سے پیاری پیاری باتیں تیرے | ۲۰ | ۱۷ |
| ہاتھ میں کیا ہے ؟ | ۲۰ | ۱۷ |
| عصا کا معجزہ | ۲۰ | ۲۰ |
| ید بیضا کا معجزہ | ۲۰ | ۲۲ |
| سرکش فرعون کی طرف جانے کا حکم | ۲۰ | ۲۴ |
| آپ کی دُعا ربِّ اشرح لی صدری الآیہ اور دیگر دعائیں۔ | ۲۰ | ۲۵ تا ۳۵ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| آپکی والدۂ محترمہ کا بحکم الٰہی آپکو دریا میں پھینکنا | ۲۰ | ۳۸ |
| | ۲۸ | ۷ تا ۱۳ |
| آپ پر اپنی محبت کا پرتَو ڈالا | ۲۰ | ۳۹ |
| والدہ کی طرف واپسی | ۲۰ | ۴۰ |
| قتل نفس سے نجات | ۲۰ | ۴۰ |
| فرعون کو دعوتِ حق پہنچانے کے لیے | ۲۰ | ۴۲ |
| جانے کا حکم | ۲۸ | ۳۲ |
| آدابِ تبلیغ | ۲۰ | ۴۳ |
| فرعون نے پوچھا آپ کا رب کون ہے، | ۲۰ | ۴۹، |
| آپ کا جواب۔ | ″ | ۵۰ |
| دیگر سوالات وجوابات | ۲۰ | ۵۲،۵۱ |
| فرعون کا الزام کہ آپ حکومت چاہتے ہیں اور اپنے سحر سے تخت چھیننا چاہتے ہیں۔ | ۲۰ | ۵۷ |
| آپ کے مقابلہ کی تیاری اور اسکا انجام | ۲۰ | ۵۸ تا ۷۳ |
| ساحرانِ مصر کو فرعون کی ترغیب اور لالچ | ۲۰ | ۶۴ |
| ساحروں کا پاسِ ادب | ۲۰ | ۶۵ |
| مقابلہ | ۲۰ | ۶۶ |
| ساحرانِ فرعون کی شعبدہ بازیاں | ۲۰ | ۶۶ |
| اللہ تعالیٰ کا فرمان اے موسیٰ ڈرو نہیں تم ہی غالب ہو۔ | ۲۰ | ۶۸،۶۷ |
| آپ کو عصا ڈالنے کا حکم اور آپ کی کامیابی | ۲۰ | ۶۹ |
| ساحرانِ فرعون کا مشرف باسلام ہونا | ۲۰ | ۷۰ |
| فرعون کا ان پر الزام اور عذاب کی دھمکی | ۲۰ | ۷۱ |
| ان کا چیلنج فاقض ما انت قاض | ۲۰ | ۷۲ تا ۷۶ |
| مصر سے ہجرت کا حکم | ۲۰ | ۷۷ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| فرعون کا تعاقب اور اس کا انجام | ۲۰ | ۷۸ |
| موسیٰ کا طور پر آنا اور سامری کا فتنہ | ۲۰ | ۸۳ تا ۹۸ |
| بنی اسرائیل کے زیورات کے متعلق بائبل | | |
| کی روایت بائبل کا الزام کہ بچھڑا ہارون نے بنایا | ۲۰ | ۹۰ |
| حضرت موسیٰ کی ہارون پر ناراضگی | ۲۰ | ۹۲ تا ۹۴ |
| سامری کا جواب | ۲۰ | ۹۵ |
| سامری کون تھا | ۲۰ | ۹۵ حاشیہ |
| موسیٰ و ہارون | ۲۳ | ۴۵ تا ۴۸ |
| | ۲۵ | ۳۵، ۳۶ |
| جادوگر ہونے کا الزام | ۲۶ | ۳۰ تا ۳۵ |
| فرعون کے سامنے آپ کا خطبہ توحید | ۲۶ | ۲۳ تا ۳۰ |
| موسیٰ کو فرعون کے پاس جانے کا حکم | ۲۶ | ۱۱ |
| آپکے اندیشے اور ہارون کو ساتھ بھیجنے کی التجا | ۲۶ | ۱۲ تا ۱۷ |
| فرعون کا احسان جتلانا، آپکا جواب کہ تو نے | ۲۶ | ۲۳ تا |
| بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا ہے کیا اس بات کا | 〃 | ۲۹ |
| تم احسان جتلاتے ہو فرعون کیساتھ سوال و جواب | 〃 | 〃 |
| فرعون نے معجزے کا مطالبہ کیا۔ | ۲۶ | ۳۰، ۳۱ |
| آپ کا عصا اور ید بیضا دکھانا | ۲۶ | ۳۲، ۳۳ |
| آپ پر جادوگر ہونے کا الزام اور اپنی | ۲۶ | ۳۴/۳۵ |
| قوم سے مشورہ | | |
| جادوگروں کا مقابلہ کے لیے جمع کرنا اور ان سے وعدہ کہ اگر تم کامیاب ہو گئے تو تمہیں مقربین میں شمار کیا جائے گا۔ | ۲۶ | ۳۶ تا ۴۲ |
| مقابلہ اور ناکامی۔ | ۲۶ | ۴۴، ۴۵ |
| ان کا مشرف باسلام ہونا | ۲۶ | ۴۶، ۴۷ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| فرعون کا ان پر الزام اور عذاب الیم کی دھمکی | ۲۶ | ۴۹ |
| ان کا استقلال | ۲۶ | ۵۰، ۵۱ |
| آپ کو ہجرت کرنے کا حکم | ۲۶ | ۵۲ |
| فرعون کا تعاقب کے لیے نکلنا | ۲۶ | ۵۳ تا ۵۶ |
| ان کی بربادی | ۲۶ | ۵۷ تا ۶۰ |
| دونوں جماعتوں کا ایک دوسرے کو دیکھنا | ۲۶ | ۶۱ |
| اور اصحاب موسیٰ کا اضطراب | | |
| موسیٰ علیہ السلام کے ایمان کی پختگی | ۲۶ | ۶۲ |
| (ان معی ربی) | | |
| سمندر کو عصا مارنے کا حکم آپ کی نجات اور | ۲۶ | ۶۵ تا ۶۸ |
| فرعونیوں کی غرقابی | | |
| آپ کی مدین سے واپسی | ۲۷ | ۷ |
| نبوت و معجزات کا ملنا | ۲۷ | ۸ تا ۱۳ |
| قبطی کے قتل کا واقعہ | ۲۸ | ۱۴ تا ۲۱ |
| آپ کی مدین کو روانگی وہاں کے حالات | ۲۸ | ۲۲ تا ۲۸ |
| مدین سے واپسی طور سے انی انا اللہ کی صدا نبوت معجزات | ۲۸ | ۲۹، ۳۰ |
| معجزات کا عطا ہونا | ۲۸ | ۳۱، ۳۲ |
| فرعون کا دعویٰ ما علمت لکم من الٰہ غیری | ۲۸ | ۳۸ حاشیہ |
| کا مطلب۔ | | |
| فرعون کا انجام | ۲۸ | ۳۴ تا ۴۲ |
| آپ کی آمد فرعونیوں کی سرکشی اور تباہی۔ | ۲۹ | ۳۹، ۴۰ |


## حضرت نوح علیہ السلام


| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| کرب عظیم سے نجات اور قوم کا غرق ہونا | ۲۱ | ۷۶، ۷۷ |
| آپ کی دعوت | ۲۳ | ۲۳ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| قوم کا ردِ عمل کہ یہ ہماری طرح بشر ہیں | ۲۳ | ۲۴تا۲۵ |
| نوح علیہ السلام کو کشتی بنانے کا حکم | ۲۳ | ۲۷ |
| طوفان کی آمد | | |
| کشتی سے اُترتے وقت آپ کی دُعا | ۲۳ | ۲۹ |
| نوح علیہ السلام | ۲۵ | ۳۷ |
| آپ کی دعوت | ۲۶ | ۱۰۵تا۱۱۰ |
| آپ کی قوم کا ردِ عمل، تمہارے ماننے والے صرف کمینے لوگ ہیں۔ | ۲۶ | ۱۱۱ |
| آپ کا جواب | ۲۶ | ۱۱۲تا۱۱۵ |
| قوم کی دھمکی تم باز نہ آئے تو سنگسار کر دیئے جاؤ گے | ۲۶ | ۱۱۶ |
| آپ کی بد دُعا اور ان کی غرقابی | ۲۶ | ۱۱۷تا۱۲۰ |
| آپ کا ساڑھے نوسو سال تبلیغ کرنا قوم کا انجام | ۲۹ | ۱۴، ۱۵ |
| آپ کا زہد | ۲۹ | ۱۴احاشیہ |
| آپ کا نسب نامہ | ۲۹ | ۱۴احاشیہ |

## ہُود علیہ السلام

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| آپ کی دعوت | ۲۶ | ۱۲۵تا۱۲۷ |
| آپ کی پند و موعظت | ۲۶ | ۱۲۸تا۱۳۵ |
| ان کا ردِ عمل | ۲۶ | ۱۳۶تا۱۴۰ |

## یحیٰی علیہ السلام

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| آپ کی ولادت آپکے خصائل حمیدہ۔ | ۱۹ | ۱۲تا۱۵ |
| آپ کا یوم ولادت، یوم وفات اور یوم حشر سب برکت والے ہیں۔ | ۱۹ | ۱۵ |
| عُرس و میلاد کا ثبوت | حاشیہ آیت بالا | |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| آپ کی حق گوئی اور شہادت۔ | حاشیہ آیت بالا | |
| آپ کی سیرت بائبل کے آئینہ میں (تقابلی مطالعہ) | ۱۹ | ۱۲احاشیہ |
| خذ الکتاب بقوۃ کے حکم کی تعمیل | ۱۹ | ۱۲احاشیہ |

## یعقوب علیہ السلام

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| انہیں نبی بنایا گیا۔ | ۱۹ | ۴۹ |
| انہیں اپنی رحمت بخشی گئی اور لسان صدق علیًا سے سرفراز کیا گیا۔ | ۱۹ | ۵۰ |

## یونس علیہ السلام

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| آپ کا ہجرت کرنا۔ مچھلی کا نگلنا۔ | | |
| آپ کی دُعا اور اس کی مقبولیت۔ | ۲۱ | ۸۷، ۸۸ |

## بعض قومیں

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| یاجوج ماجوج | ۱۸ | ۹۴تا۹۸ |
| " " " | ۲۱ | ۹۶ |
| حضرت لقمان کون تھے آپ کے پند و مواعظ | ۳۱ | ۱۲تا ۱۹ |

# انسان

## اور اسکی عظمت کا قرآنی تصوّر

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| ہم اپنے انعامات سے انسان کو آزماتے ہیں۔ | ١٨ | ٧ |
| انسان کو سجدہ کرنے کا حکم، شیطان کا انکار اور اس کا راندہ جانا۔ | ١٨ | ٥٠ |
| انسان بڑا جھگڑالو ہے۔ | ١٨ | ٥٤ |
| اے اولادِ آدم تم اپنے دشمن کو اپنا دوست نہ بناؤ۔ | ١٨ | ٥٠ |
| انسان کی تخلیق مٹی سے ہوئی، پھر اسی میں اسے لوٹایا جائیگا، پھر اسی سے دوبارہ زندہ کیا جائے گا۔ | ٢٠ | ٥٥ |
| اللہ تعالیٰ انسان کا رازق ہے۔ | ٢٠ | ١٣٢ |
| فکرِ آخرت کرنے والا اور فکرِ دنیا کرنے والا دونوں کی حالت میں بڑا فرق ہے۔ | ٢٠ | ١٣٢ حاشیہ |
| انسان بڑا جلد باز ہے۔ | ٢١ | ٣٧ |
| انسان فطرۃً سعید ہے | ٢١ | ١٠ حاشیہ |
| تخلیق انسان کے مختلف مرحلے اور زندگی کے مختلف مدارج | ٢٣ | ١٢ تا ١٤ |
| رُوح پھونک کر انسان کو ایک نئی مخلوق بنا دیا | ٢٣ | ١٤ |
| ہم نے انسان کو بیکار پیدا نہیں کیا۔ | ٢٣ | ١١٥ |
| ایمان بچانے کے لیے ترکِ وطن ناگزیر ہوجائے تو وہاں سے ہجرت کرلو۔ | ٢٩ | ٥٦ |
| ہر شخص نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے اور پھر اللہ تعالیٰ کے پاس لوٹنا ہے۔ | ٢٩ | ٥٧ |
| دُنیوی زندگی لہو ولعب ہے۔ آخرت کی زندگی ہی دائمی ہے۔ | ٢٩ | ٦٤ |
| عبرت پذیری کے لیے زمین میں سیر وسیاحت کی دعوت۔ | ٣٠ | ٩، ٤٢ |
| انسان پر رحمت کی جاتی ہے تو وہ پھولے نہیں سماتا، تکلیف آتی ہے تو مایوس ہوجاتا ہے۔ | ٣٠ | ٣٦ |
| انسان کے کفر کا نقصان اور نیک اعمال کا فائدہ اسی کو ہوتا ہے۔ | ٣٠ | ٤٤، ٤٥ |
| تخلیق انسان کا آغاز کیچڑ سے پھر اس کی نسل ماء مہین سے۔ | ٣١ | ٧، ٨ |
| تخلیق انسانی کے بارے میں اسلامی نظریہ اور ڈارون کا نظریہ | ٣١ | ٧، ٨ حاشیہ |
| اس ماء مہین میں محیر العقول تبدیلیاں | ٣١ | ٩ حاشیہ |
| زمین و آسمان کی ہر چیز کو تمہارے لیے مسخر کردیا۔ | ٣١ | ٢٠ |
| ظاہری اور باطنی نعمتوں سے تمہیں نوازا | ٣١ | ٢٠ |

## اوامر

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| جب کوئی کام کرنے کا ارادہ کرو، تو انشاء اللہ کہو۔ | ١٨ | ٢٣، ٢٤ |
| اپنے اہل کو نماز کا حکم دو اور خود بھی پابند رہو۔ | ٢٠ | ١٣٢ |
| اے ایمان والو عبادت کرو اور نیک کام کرو۔ | ٢٢ | ٧٧ |
| حلال روزی کھاؤ اور نیک عمل کرو۔ | ٢٣ | ٥١ |
| بُرائی کا بدلہ نیکی سے دو۔ | ٢٣ | ٩٦ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| لوگوں کو معاف کیا کرو تاکہ اللہ تعالےٰ تمہیں معاف کردے۔ | ۲۴ | ۲۲ |
| مساجد کو مزین کرنے صاف ستھرا رکھنے چراغاں کرنے کی ہدایت | ۲۴ | ۳۶ حاشیہ |
| مسجد میں داخل ہونے کے آداب | ۲۴ | ۳۶ |
| غیر شادی شدہ مردوں اور عورتوں کی شادیاں کرانے کا حکم | ۲۴ | ۳۲ |
| والدین سے حسنِ سلوک کا حکم | ۲۹ | ۸ |
| اسی کی عبادت کرو اور اسی کا شکر ادا کرو | ۲۹ | ۱۷ |
| اپنے بندوں کو اپنی عبادت کا حکم | ۲۹ | ۵۶ |
| اس کا شکر کرو، شکر میں تمہارا ہی بھلا ہے | ۳۱ | ۱۲ |
| ماں باپ کی خدمت کا حکم | ۳۱ | ۱۴ حاشیہ |
| ماں کا حق سب سے زیادہ ہے | ۳۱ | ۰ ۰ |
| والدین کی فرمانبرداری کی حدود | ۳۱ | ۱۵ |
| اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ قیامت سے خوف کرو جب نہ باپ بیٹے کے کام آئے گا اور نہ بیٹا باپ کے۔ | ۳۱ | ۳۳ |
| تمہیں دُنیوی زندگی اور دھوکہ باز شیطان فریب میں مُبتلا نہ کردے۔ | ۳۱ | ۱۳ |

## بنی اسرائیل

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| اصحاب الکہف والرقیم کے تفصیلی حالات دقیانوس کا عہد جبر و تشدد | ۱۸ | ۹ |
| اصحاب کہف کا وطن، ایڈورڈ گبن کی تصریحات و دیگر مباحث | حواشی آیت بالا | |
| بنی اسرائیل کو انعامات کی یاد دہانی | ۲۰ | ۸۰ |
| سرکشی نہ کرو ورنہ غضب الٰہی آئیگا۔ | ۲۰ | ۸۱ |
| پادریوں کی سُود خوری کی انتہا۔ | تعارف سورۂ روم | |

## جبر و قدر

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| جنہوں نے آیات سے مُنہ موڑا ہم نے ان کے دل اور کان بیکار کردیئے۔ | ۱۸ | ۵۷ |
| گمراہوں کو زیادہ گمراہ کردیا جاتا ہے۔ | ۱۹ | ۷۵ |
| راہ ہدایت پر چلنے والوں کے نورِ ہدایت میں اضافہ کردیا جاتا ہے۔ | ۱۹ | ۷۵ |
| آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ دل اندھے ہوتے ہیں۔ | ۲۲ | ۴۶ |
| جو ہدایت اختیار کرتا ہے وہ اپنا بھلا کرتا ہے | ۲۷ | ۹۲ |
| اگر ہم چاہیں تو آسمان سے ایسی نشانیاں نازل کریں جو ان کو عاجز کردیں۔ | ۲۶ | ۴ |

## جہاد

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| میدانِ بدر میں شجاعت و جاں نثاری کا منظر۔ | ۲۲ | ۱۹ |
| مُسلمانوں کو اذنِ جہاد کیوں دیا گیا جہاد کی | ۲۲ | ۳۹ |
| حکمت اگر جہاد کی اجازت نہ ہوتی، تو کسی کا جان و مال اور دین محفوظ نہ رہتا۔ | ۲۲ | ۴۰ |
| اللہ تعالیٰ کی راہ میں اس طرح جہاد کرو جس طرح جہاد کرنے کا حق ہے۔ | ۲۲ | ۷۸ |
| جہاد کی لغوی تحقیق، اسلامی جہاد اور | حواشی آیت بالا | |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| دوسری جنگوں میں فرق۔ | | |
| جو شخص جہاد کرتا ہے وہ اپنا بھلا کرتا ہے | ۲۹ | ۶ حاشیہ |


## دُعائیں


| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| اصحاب کہف کی دُعا | ۱۸ | ۱۰ |
| شرک سے بچنے کی دُعا | ۱۸ | ۱۰ |
| نظر بد سے بچنے کی دُعا۔ | ۱۸ | ۳۹ حاشیہ |
| غم واندوہ سے بچنے کا طریقہ | ۱۸ | ۴۶ |
| دعائے حمد جس کے طفیل اللہ تعالےٰ بخشش فرماتا ہے۔ | ۱۹ | ۸۷ |
| حضرت زکریا کی نیاز بھری دُعا | ۱۹ | ۳ تا ۶ |
| شرح صدر کی دُعا | ۲۰ | ۲۵ تا ۳۶ |
| اولاد کے لیے حضرت زکریا کی دُعا | ۲۱ | ۸۹ |
| حضرت ایوب کی دُعا | ۲۱ | ۸۳ |
| حضرت یونس کی دُعا (لا الٰہ الا انت الخ) | ۲۱ | ۸۷ |
| دفع مشکلات کے لیے نوافل کی تلقین | ۲۱ | ۸۷ حاشیہ |
| قربانی دیتے وقت جو دُعا پڑھی جاتی ہے۔ | ۲۲ | ۳۶ حاشیہ |
| کسی نئی جگہ اُترنے کی دُعا | ۲۳ | ۲۹ |
| دُعا کی قبولیت کی شرط۔ | ۲۳ | ۱۵ حاشیہ |
| شر شیطان سے بچنے کی دُعا | ۲۳ | ۹۷، ۹۸ |
| بے خوابی کے دفعیہ کی دُعا | ۲۳ | ۹۸ حاشیہ |
| تعویذ باندھنے کا حکم | ۲۳ | ۹۸ حاشیہ |
| مغفرت و رحمت کی دُعا | ۲۳ | ۱۱۸ |
| عباد الرحمٰن کی دُعا کہ ہمیں ایسی بیویاں اور بچے عطا فرما جو آنکھوں کی ٹھنڈک ہوں اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا۔ | ۲۵ | ۷۴ |
| دُعاء ابراہیمی کہ مجھے نیکوں کی سنگت نصیب فرما۔ | ۲۶ | ۸۳ تا ۸۹ |
| دُعاء سلیمانی مجھے شکر کی توفیق عطا فرما۔ (رب اوزعنی) | ۲۷ | ۱۹ |
| حالت اضطرار کی دُعا۔ | ۲۷ | ۶۲ حاشیہ |
| دعاء موسوی | ۲۸ | ۲۱ |


## سیاسیات


| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| طاقت کا توازن | ۲۲ | ۴۰ |
| مسلمان حکومت کی خصوصیات و فرائض۔ اقامت صلوٰۃ۔ ایتاء الزکوٰۃ۔ امر بالمعروف۔ نہی عن المنکر۔ | ۲۲ | ۴۱ |
| اللہ تعالیٰ مظلوم کی مدد کرتا ہے۔ | ۲۲ | ۶۰ |
| مسلمان اور ذمی یا دونوں ذمیوں کے باہمی تنازعہ کا فیصلہ کون کرے۔ | ۲۴ | ۵۰ حاشیہ |
| فرعونی سیاست انبیاء پر تہمت کہ وہ اقتدار چاہتے ہیں۔ | ۲۶ | ۳۴، ۳۵ |
| ״ ״ ״ ״ ״ ״ ״ | ۲۶ | ۵۳، ۵۴ |
| فرعونی سیاست تفرق و انتشار | ۲۸ | ۴ حاشیہ |
| بنی اسرائیل کی ہجرت، فرعون کا تعاقب اور عبرتناک انجام۔ | ۲۶ | ۵۲ تا ۶۸ |
| فتنہ و فساد برپا کرنے والوں کا حکم مت مانو۔ | ۲۶ | ۱۵۱، ۱۵۲ |
| حاکم پر اپنی رعایا کی خبرگیری فرض ہے۔ | ۲۷ | ۲۰ حاشیہ |
| ملوکیت کا مزاج۔ | ۲۷ | ۳۴ |

| مضمون | سورت نمبر | آیت نمبر |
| --- | --- | --- |
| ظالموں کی خدمت اور اعانت حرام ہے۔ | ۲۸ | ۱۷ حاشیہ |
| اس اندیشہ سے شریعت کا انکار نہ کرو کہ بڑی حکومتیں تم سے قطع تعلق کر لیں گی۔ | ۲۸ | ۵۷ ″ |
| لوگوں کی بداعمالیوں کے باعث بر و بحر میں فساد کا برپا ہونا۔ | ۳۰ | ۴۱ |

## شرک کا ابطال

| مضمون | سورت نمبر | آیت نمبر |
| --- | --- | --- |
| مشرک اپنے معبودوں کو پکاریں گے لیکن وہ انہیں کوئی جواب نہ دیں گے۔ | ۱۸ | ۵۲ |
| اصنام دوزخ کا ایندھن ہیں۔ | ۲۱ | ۹۸ تا ۱۰۰ |
| شرک کی ممانعت | ۲۲ | ۳۰ |
| مشرک کی مثال | ۲۲ | ۳۱ |
| بت تو مکھی بھی پیدا نہیں کر سکتے۔ | ۲۲ | ۷۳ |
| یہ مکھی سے بھی کمزور ہیں۔ | ۲۲ | ۷۳ |
| اگر اس کا کوئی بیٹا یا شریک ہوتا تو نظام عالم درہم برہم ہو جاتا۔ | ۲۳ | ۹۱ |
| اس کا نہ کوئی بیٹا ہے نہ شریک۔ | ۲۵ | ۲ |
| ان کے معبود نہ نفع پہنچا سکتے ہیں نہ نقصان | ۲۵ | ۵۵ |
| نہ مار سکتے ہیں نہ زندہ کر سکتے ہیں۔ | ۲۵ | ۵۵ |
| والدین بھی شرک کا حکم دیں تو نہ مانو۔ | ۲۹ | ۸ |
| حضرت سعد اور ان کی ماں کا واقعہ | حاشیہ آیت بالا | |
| شرک کا ابطال: تم اپنے غلاموں کو اپنے اموال میں شریک نہیں مانتے۔ تو خدا کی خدائی میں کسی کو اس کا ہمسر ماننا بہت بڑا جرم ہے۔ | ۳۰ | ۲۸ حاشیہ |
| اللہ تعالیٰ تخلیق، رزق، موت و حیات پر قادر ہے۔ | ۳۰ | ۴۰ |
| لیکن معبودان باطل کچھ بھی نہیں کر سکتے۔ | ۳۰ | ۴۰ |
| یہ کائنات تو خدا تعالیٰ نے پیدا فرمائی تمہارے معبودوں نے کیا پیدا کیا۔ | ۳۱ | ۱۱ |
| شرک ظلم عظیم ہے۔ | ۳۱ | ۱۳ |
| جب طوفان میں گھر جاتے ہیں تو اسکو پکارتے ہیں جب ساحل پر اترتے ہیں تو شرک کرنے لگتے ہیں۔ | ۳۱ | ۳۲ |

# شریعت

## ۱۔ شریعت اسلامیہ کی خصوصیات

| مضمون | سورت نمبر | آیت نمبر |
| --- | --- | --- |
| دین میں کوئی حرج نہیں۔ | ۲۲ | ۷۸ |
| کسی ولی کے مزار کے قریب مسجد بنانے کا حکم | ۱۸ | ۲۱ |
| کوئی کام کرنے کا ارادہ کرو تو انشاء اللہ کہو۔ | ۱۸ | ۲۳ |
| عرس و میلاد کا ثبوت | ۱۹ | ۱۵ |
| کافر کو سلام دینے کا حکم | ۱۹ | ۴۷ حاشیہ |
| حرم مکہ میں سب مسلمان یکساں حقوق رکھتے ہیں۔ | ۲۲ | ۲۵ |

## ۲۔ نماز

| مضمون | سورت نمبر | آیت نمبر |
| --- | --- | --- |
| نماز فحشا اور منکر سے روکتی ہے | ۲۹ | ۴۵ |
| اس پر شبہ اور اس کا جواب | ۲۹ | ۴۵ حاشیہ |
| اوقات نماز | ۳۰ | ۱۷، ۱۸ |
| جو اذان دے وہی اقامت کہے | ۱۹ | ۲۸ |

---

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| **۳۔ حج** | | |
| تعمیر کعبہ | ۲۲ | ۲۶ حاشیہ |
| تطہیر کعبہ | ۲۲ | ۔ ۔ |
| اعلانِ حج | ۲۲ | ۲۷ |
| احکامِ حج | ۲۲ | ۲۷ تا ۲۹ |
| حج کی دینی اور دُنیوی حکمتیں | حواشی آیاتِ بالا | |
| حرم مکہ میں سب مسلمانوں کے حقوق یکساں ہیں | ۲۲ | ۲۵ |
| حرم میں الحاد و زندقہ باعث عذاب الیم ہیں۔ | ۲۲ | ۲۵ |
| شعائر اللہ کی تعظیم تقویٰ کی علامت ہے | ۲۲ | ۳۲ |
| قربانی کی جگہ بیت عتیق کے قریب ہے۔ | ۲۲ | ۳۳ |
| قربانی کے جانور ذبح کرنے کا طریقہ اور اس کی حکمت۔ | ۲۲ | ۳۶، ۳۷ |
| **۴۔ جرائم و عقوبات** | | |
| (ا) زنا | | |
| متعہ کی حرمت | ۲۳ | ۵ حاشیہ |
| حرمت زنا اور اس کی حکمت | ۲۴ | ۲ |
| اس کی سزا | ۲۴ | ۲ |
| اس پر تفصیلی بحث | حاشیہ آیت بالا | |
| سزا میں نرمی نہ کرو | ۲۴ | ۲ |
| سزا مجمع عام میں دی جائے۔ | ۲۴ | ۲ |
| زانی اور زانیہ کے نکاح کا حکم | ۲۴ | ۳ |
| کنیزوں سے بدکاری کرانے کی ممانعت | ۲۴ | ۳۳ حاشیہ |
| کفار کے طریق بد کا استیصال | ۲۴ | ۳۳ حاشیہ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| قحبہ گری کا انسداد | ۲۴ | ۳۳ |
| غیر شادی شدہ مردوں، عورتوں کی شادیاں کرانے کا حکم | ۲۴ | ۳۲ |
| (ب) حد قذف | | |
| قذف کیا ہے | ۲۴ | ۴، ۵ حواشی |
| حد قذف کا حکم | ۲۴ | ۴، ۵ |
| قذف لگانے والے پر حد | ۲۴ | ۴، ۵ |
| (ج) لعان | | |
| لعان کیا ہے؟ اس کا حکم، اس کا طریقہ۔ | ۲۴ | ۶ تا ۹ |
| جھوٹے گواہ کی سزا | ۲۵ | ۷۲ حاشیہ |
| (د) پردہ کے احکام | | |
| مومن مرد بھی اپنی نگاہیں نیچی رکھیں | ۲۴ | ۳۰ |
| مومن عورتیں اپنی نگاہیں نیچی رکھیں | ۲۴ | ۳۱ |
| اس کی حکمت | حواشی آیت بالا | |
| اسلامی پردہ کے تفصیلی احکام | ۲۴ | ۳۱ حاشیہ |
| گھر میں بچوں اور غلاموں کے داخلہ کا قانون | ۲۴ | ۵۸ |
| بوڑھی عورتوں کے پردہ کا حکم | ۲۴ | ۶۰ |
| کسی کے گھر میں بلا اجازت داخل نہ ہو۔ | ۲۴ | ۲۷ |
| اس کی حکمت | ۲۴ | ۲۷ حاشیہ |
| کسی کے گھر میں داخل ہو تو سلام کہو | ۲۴ | ۶۱ |
| اپنے قریبی رشتہ داروں کے ہاں سے کھانے کا حکم۔ | ۲۴ | ۶۱ |
| **شیطان** | | |
| شیطان جنات سے تھا | ۱۸ | ۵۰ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| کیا تم اپنے دشمن کو دوست بناتے ہو | ۱۸ | ۵۰ |
| شیطان کفار کو گمراہی پر برانگیختہ کرتا ہے۔ | ۱۹ | ۸۳ |
| شیطان اپنے ماننے والوں کو گمراہ کرتا ہے اور دوزخ کی طرف لے جاتا ہے۔ | ۲۲ | ۳،۴ |
| شیطان بے حیائی اور برائی کا حکم دیتا ہے۔ | ۲۴ | ۲۱ |
| شیطان ہر افاک اثیم پر نازل ہوتا ہے۔ | ۲۶ | ۲۲۱ تا ۲۲۳ |
| شیطان نے عاد و ثمود کے اعمال بد کو مزین و آراستہ کر دیا | ۲۹ | ۳۸ |

## صحابہ کرام اور امت مصطفیٰ
## علیہ التحیۃ والثنا

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| حضرت سیدنا علی ؓ نے فرمایا ان الذین سبقت لھم منا الحسنیٰ سے مراد ابوبکر، عمر، عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ | ۲۱ | ۱۰۱ تا ۱۰۳ مع حاشیہ |
| میدان بدر میں حمزہ، علی، عبیدہ رضی اللہ عنہم کی جاں نثاری | ۲۲ | ۱۹ حاشیہ |
| جنہوں نے ہجرت کی اور شہادت پائی انہیں رزق حسن دیا جائے گا۔ | ۲۲ | ۵۸ |
| انہیں پسندیدہ ٹھکانہ مرحمت ہو گا | ۲۲ | ۵۹ |
| حضور کی رشتہ داری قیامت کو بھی نفع دیگی | ۲۳ | ۱۰۱ |
| حضرت سیدۃ النساء کی فضیلت | ۲۳ | ۱۰۱ حاشیہ |
| حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ ؓ کی برات | ۲۴ | ۱۱ تا ۲۰ |
| واقعہ افک کا تفصیل بیان | حواشی آیات مذکورہ | |
| حضرت صدیق ؓ کی فضیلت | ۲۴ | ۲۲ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام سے خلافت کا وعدہ فرمایا اور اسے پورا کیا۔ | ۲۴ | ۵۵ |
| خلفاء راشدین کی خلافت | حواشی آیت بالا | |
| حضرت ابوطالب کے ایمان کا مسئلہ اختلافی ہے۔ | ۲۸ | ۵۶ حاشیہ |
| رومیوں کی کامیابی کے لیے حضرت صدیق کا شرط لگانا، سو اونٹ جیتنا، پھر حکم حبیب سب کو صدقہ کر دینا۔ | ۳۰ | ۴ حاشیہ |
| حضرت امام باقر کی تفسیر آیات، اور حضرت فاروق ؓ کی خلافت کی حقانیت | ۳۰ | ۶ حاشیہ |
| فاتبع سبیل من اناب الیّ سے مراد حضرت صدیق اکبر ؓ ہیں۔ | ۳۱ | ۱۵ حاشیہ |

## عملِ صالح

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| باقی رہنے والی نیکیاں اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ اجر کی مستحق ہیں۔ | ۱۸ | ۴۶ |
| " " " " | ۱۹ | ۷۶ |
| دنیا کی بے ثباتی کی مثال | ۱۸ | ۴۵ |
| مال و اولاد دنیوی زندگی کی زینت ہیں | ۱۸ | ۴۶ |
| اپنے اعمال کو ریا سے بچاؤ | ۱۸ | ۱۱۰ |
| راہِ ہدایت پر چلنے والوں کو مزید نور مرحمت کیا جاتا ہے۔ | ۱۹ | ۷۶ |
| اعمالِ صالحہ قبر پر آ کر عامل کا استقبال کریں گے | ۱۹ | ۸۵ حاشیہ |
| مومن کے اعمال اکارت نہیں جائیں گے۔ | ۲۱ | ۹۴ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| **عورت** | | |
| متعہ کی حرمت۔ | ۲۳ | ۵ حاشیہ |
| عورت کی عصمت وناموس کی حفاظت کے احکام۔ | ۲۴ | ۲ |
| کنیزوں سے بدکاری کرانے کی ممانعت۔ | ۲۴ | ۳۳ |
| زمانہ جاہلیت میں بدکار عورتوں کے گھروں پر جھنڈے لہرایا کرتے تھے۔ | ۲۴ | ۳۳ حاشیہ |
| قحبہ گری کا انسداد۔ | ۲۴ | " " |
| مومن عورتیں اپنی نگاہیں نیچی رکھیں۔ | ۲۴ | ۳۱ |
| اسلامی پردہ کے تفصیلی احکام | ۲۴ | ۳۱ حاشیہ |
| بوڑھی عورتوں کے پردہ کے احکام | ۲۴ | ۶۰ |
| خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لیے پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کے لیے۔ | ۲۴ | ۲۶ |
| **قبلہ** | | |
| کعبہ کے صدقے تمہیں امن وامان نصیب ہے، اس نعمت کی ناشکری نہ کرو۔ | ۲۹ | ۶۷ |
| **قرآن کریم** | | |
| قرآن کریم میں کوئی کجی نہیں | ۱۸ | ۲،۱ |
| ہر کجی کو درست کرنے والا ہے۔ | ۱۸ | ۲ |
| قرآن میں ہر طرح کے مضامین ہیں۔ | ۱۸ | ۵۴ |
| یہ اہل ایمان کو بشارت دیتا ہے۔ | ۱۸ | ۳،۲ |
| مشرکین کو بروقت متنبہ کرتا ہے۔ | ۱۸ | ۵،۴ |
| ہم نے قرآن کو آسان کر دیا ہے تاکہ آپ | ۱۹ | ۹۷ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| متقین کو بشارت دیں۔ | ۱۹ | ۹۷ |
| قرآن آپ کو مشقت میں ڈالنے کے لیے نہیں اتارا گیا۔ | ۲۰ | ۲ |
| یہ ڈرنے والوں کے لیے نصیحت ہے۔ | ۲۰ | ۳ |
| اسے خالق ارض وسماء نے اتارا۔ | ۲۰ | ۴ |
| قرآن وتورات کا تقابلی مطالعہ | ۲۰ | ۳ حاشیہ |
| . . . . . . | ۲۰ | ۹۰ |
| قرآن ذکر مبارک ہے | ۲۱ | ۵۰ |
| قرآن فلاح دارین کے لیے کافی ہے۔ | ۲۱ | ۱۰۶ |


نوٹ: قصص الانبیاء جہاں جہاں مذکور ہیں وہاں قرآن کریم اور موجودہ بائیبل کا تقابلی مطالعہ بھی کیا گیا ہے خصوصاً سورۂ یوسف کے تعارف میں یہ چیز بڑی وضاحت سے لکھی گئی ہے ان امور کا مطالعہ کرنے سے متعدد حقیقتیں بے نقاب ہو جاتی ہیں۔
۱۔ قرآن کے قصص بائیبل سے نقل نہیں کیے گئے جس طرح بعض مستشرقین کا خیال ہے۔
۲۔ قرآن کریم تمام انبیاء کے تقدس اور احترام کا داعی ہے اور ان کی عظمت وناموس کا محافظ ہے۔
۳۔ موجودہ بائیبل طرح طرح کی تحریفات سے آلودہ ہے۔


| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| قرآن پر تلک الغرانیق العلی کے | ۲۲ | ۵۲ حاشیہ |
| اعتراض کا دندان شکن جواب۔ | " | " |
| کفار کا یہ الزام کہ کوئی شخص آپ کو قرآن سکھاتا ہے | ۲۵ | ۴ |
| قرآن کو یکبارگی نازل نہ کرنے کی حکمت۔ | ۲۵ | ۳۲،۳۳ |
| یہ سب اہل جہان کے لیے ڈرانے والا ہے۔ (نذیر للعالمین) | ۲۵ | ۱ |
| کفار کے نظریہ کی تردید | ۲۵ | ۶ |
| یہ مومنوں کے لیے سراپا ہدایت ہے۔ | ۲۷ | ۷۷ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| اس میں ہر چیز کا بیان ہے | ۲۷ | ۱ |
| یہ مسلمانوں کے لیے ہدایت و رحمت کا مژدہ ہے | ۲۷ | ۲،۱ |
| قرآن کریم قلب مبارک پر نازل ہوا | ۲۶ | ۱۹۳ تا ۱۹۵ |
| نزول قرآن کی کیفیت | ۲۶ | ۱۹۴ حاشیہ |
| کیا صرف معانی کا نزول ہوا یا معانی اور الفاظ دونوں کا۔ | ۲۶ | ۱۹۴ |
| شیطان قرآن کو لے کر نہیں اتر سکتے | ۲۶ | ۲۱۰ تا ۲۱۲ |
| آپ کو یہ قرآن علم و حکمت سکھاتا ہے۔ | ۲۷ | ۶ |
| آسمان و زمین کی ہر چیز کتاب مبین میں ہے | ۲۷ | ۷۵ |
| تلاوت قرآن کا حکم اور اس کی برکات | ۲۹ | ۴۵ |
| قرآن کے کلام الٰہی ہونے کی دلیل۔ | ۲۹ | ۴۸ |
| اس کا صرف ظالم ہی انکار کر سکتے ہیں۔ | ۲۹ | ۴۹ |
| قرآن میں اہل ایمان کے لیے رحمت و نصیحت ہے | ۲۹ | ۵۱ |
| رومیوں کی فتح کی پیشگوئی۔ | ۳۰ | ۲ تا ۶ |
| لوگوں کی ہدایت کے لیے قرآن میں ہر طرح کی مثالیں ذکر کی گئی ہیں۔ | ۳۰ | ۵۸ |
| اسے رب العالمین نے نازل فرمایا اس لیے یہ تا قیامت رشد و ہدایت ہے۔ | ۳۲ | ۲ |
| اس کا مقصد خواب غفلت سے بیدار کرنا ہے۔ | ۳۲ | ۳ |
| یہ کتاب حکیم ہے | ۳۱ | ۲ |
| محسنین کے لیے ہدایت و رحمت ہے | ۳۱ | ۳ |
| **تورات و انجیل** | | |
| تورات متقین کے لیے روشنی ہے | ۲۱ | ۴۸ |
| تورات لوگوں کے لیے ہدایت و رحمت ہے | ۲۸ | ۴۳ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| **قیامت** | | |
| قیامت کے دن پہاڑوں اور دوسرے مظاہر فطرت کی حالت۔ | ۱۸ | ۴۸،۴۷ |
| سب لوگ صف بستہ پیش ہوں گے۔ | ۱۸ | ۴۸،۴۷ |
| اپنا نامۂ اعمال دیکھ کر کفار کہیں گے یہاں تو ہر چھوٹی بڑی چیز لکھ دی گئی ہے۔ | ۱۸ | ۴۹ |
| منکرین قیامت کا اعتراض اور ان کا دردناک حشر | ۱۹ | ۶۶ تا ۷۲ |
| " " " " " | ۲۰ | ۱۰۰ تا ۱۰۴ |
| اکاد اخفیہا | ۲۰ | ۱۵ |
| قیامت کا منظر | ۲۰ | ۱۰۵ تا ۱۰۹ |
| " " " | | ۱۱۱ |
| قیامت کے دن آسمانوں کو لپیٹ دیا جائے گا۔ | ۲۱ | ۱۰۴ |
| قیامت کا زلزلہ بہت سخت ہوگا۔ | ۲۲ | ۲،۱ |
| قیامت کی دلیل۔ | ۲۲ | ۵ |
| قیامت کی دوسری دلیل۔ | ۲۲ | ۵ |
| قیامت کے دن تمام اہل مذاہب کے درمیان فیصلہ ہوگا۔ | ۲۲ | ۱۷ |
| اس دن بادشاہی صرف اللہ تعالیٰ کی ہوگی | ۲۲ | ۵۷،۵۶ |
| کفار کا قیام قیامت پر اعتراض۔ | ۲۳ | ۸۳،۸۲ |
| منکرین قیامت کا اعتراض اور ان کا دردناک حشر۔ | ۲۵ | ۲۵ تا ۲۸ |
| اس دن بادشاہی صرف اللہ تعالیٰ کی ہوگی۔ | ۲۵ | ۲۵ تا ۲۸ |
| انکار قیامت کی وجہ | ۲۷ | ۶۸ |
| اس کا رد | ۲۷ | ۶۹ |
| کفار پوچھتے ہیں قیامت کب آئے گی۔ | ۲۷، ۳۲ | ۷۱، ۷۲، ۲۸ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| قیامت کی نشانی خروج دابہ | ۲۷ | ۸۲ |
| جو مُردہ زمین کو زندہ کرتا ہے وہ مُردوں کو روزِ قیامت زندہ کرے گا۔ | ۳۰ | ۵۰ |
| قیامت کا دن کتنا بڑا ہوگا | ۳۲ | ۵ مع حاشیہ |
| قیامت کے بارے میں کفار کے شبہات | ۳۲ | ۱۰ |
| قیامت کے روز نیک و بد میں فیصلہ کردیا جائے گا۔ | ۳۲ | ۲۵ |

# کفّار و مُشرکین
## ان کا عقیدہ، انکے اطوار، عبرت ناک انجام

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| کفار کے مادہ پرستانہ ذہن کی مثال (لاحدھما جنتین) | ۱۸ | ۳۲، ۳۳ |
| اپنے مال پر فخر کرنا | ۱۸ | ۳۴ |
| اس کا خیال کہ اس کے باغات ہمیشہ سرسبز رہیں گے۔ | ۱۸ | ۳۵ |
| اگر [illegible]ت قائم ہوئی تو پھر بھی وہ اچھی حالت میں ہوں گے۔ | ۱۸ | ۳۶ |
| مُسلمان ساتھی کا اس کے ساتھ مکالمہ | ۱۸ | ۳۷ تا ۴۱ |
| اسکے مال کا برباد ہونا اور اسکا کفِ افسوس ملنا | ۱۸ | ۴۲، ۴۳ |
| کفار باطل دلیلوں سے حق کو مٹانا چاہتے ہیں | ۱۸ | ۵۶ |
| انکی ساری کوششیں دُنیوی زندگی کے لیے وقف ہوگئی ہیں، وہ سب سے زیادہ خسارے میں ہیں۔ (ضلّ سعیھم) | ۱۸ | ۱۰۳ تا ۱۰۶ |
| کیا کفار عذاب کا انتظار کر رہے ہیں | ۱۸ | ۵۵ |
| وہ ہماری آیتوں کا مذاق اُڑاتے ہیں۔ | ۱۸ | ۵۶ |
| آیاتِ الٰہی سے اعراض بڑا ظلم ہے اور اس کا نتیجہ ہدایت سے محرومی ہے۔ | ۱۸ | ۵۷ |
| کفار اپنی خوشحالی کو اپنے برحق ہونے کی دلیل سمجھتے ہیں۔ | ۱۹ | ۷۳، ۷۴ |
| وہ کہتے قیامت کے دن بھی وہی سرفراز ہونگے | ۱۹ | ۷۷ تا ۸۰ |
| ان کے شرک کی وجہ | ۱۹ | ۸۱، ۸۲ |
| کسی کو خدا کا بیٹا بنانا بہت بری بات ہے | ۱۹ | ۸۸ تا ۹۳ |
| مجرموں کو روزِ قیامت جہنم کی طرف ہانکا جائیگا | ۱۹ | ۸۶ |
| انکارِ قیامت | ۱۹ | ۶۶، ۶۷ |
| شیطان کو کفار پر مسلط کردیا گیا ہے، وہ انہیں ہمیشہ اکساتا رہتا ہے۔ (تؤزھم ازّا) | ۱۹ | ۸۳ |
| مُجرم جہنم میں ہونگے نہ مریں گے نہ جئیں گے | ۲۰ | ۷۴ |
| ذکرِ الٰہی سے منہ موڑنے والوں کی سزائیں۔ (معیشۃ ضنکاً) | ۲۰ | ۱۲۴، ۱۲۵، ۱۲۶ |
| برباد شدہ قوموں سے یہ کفار عبرت کیوں نہیں پکڑتے۔ | ۲۰ | ۱۲۸ |
| کفار کی ثروت، اولاد کی کثرت انکے برحق ہونے کی دلیل نہیں بلکہ انکی آزمائش ہے۔ | ۲۰ | ۱۳۱ |
| آیاتِ قرآنی کے نزول پر کفار کا ردِّ عمل | ۲۱ | ۱ تا ۵ |
| ان کے معبود بالکل بے بس ہیں۔ | ۲۱ | ۴۳، ۴۴ |
| ان کے معبود دوزخ کا ایندھن ہیں | ۲۱ | ۹۸ |
| اللہ تعالیٰ کے بارے میں بغیر علم کے جھگڑا کرتے ہیں، ان کا انجام | ۲۲ | ۸، ۹ |
| یہ لوگ کنارہ پر کھڑے کھڑے اسلام لائے (یعبد اللہ علٰی حرف) | ۲۲ | ۱۱ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| آگ اور کھولتا پانی | ۱۸ | ۲۹ |
| جو اندھے بہرے بنے رہے ان کے سامنے دوزخ ظاہر کر دیا جائیگا۔ | ۱۸ | ۱۰۱،۱۰۰ |
| مصری سورج دیوتا کے پرستار تھے | ۲۱ | ۴۹ مع حاشیہ |
| طویل مہلت ملنے کی وجہ سے وہ غافل ہوئے۔ | ۲۱ | ۴۴،۴۳ |
| نزول عذاب کے وقت بھاگ دوڑ بے سود | ۲۱ | ۱۳،۱۲ |
| ان کا اعتراف گناہ اور بربادی | ۲۱ | ۱۵،۱۴ |
| ظالم برباد ہوئے اور انکی جگہ دوسری قوم نے لے لی | ۲۱ | ۱۱ |
| کفار جن کی پوجا کرتے ہیں وہ نہ نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ نقصان۔ | ۲۲ | ۱۳،۱۲ |
| کفار کو اذیت ناک عذاب | ۲۲ | ۲۰،۱۹ |
| آگ کا لباس اور گرز ہیں۔ | ۲۲ | ۲۱،۱۹ |
| بعض لوگ جہالت اور غرور کے باعث اللہ تعالٰی کے بارے میں جھگڑتے ہیں۔ | ۲۲ | ۱۰،۹،۸ |
| جو یہ خیال کرتے ہیں کہ اللہ تعالٰی اپنے محبوب کی مدد نہیں کرے گا انہیں خودکشی کر لینی چاہیے۔ | ۲۲ | ۱۵ |
| کفار آیاتِ قرآنی پڑھنے والوں کو نوچ ڈالنا چاہتے ہیں۔ | ۲۲ | ۷۲ |
| کفار نے اللہ کی شان نہیں پہچانی | ۲۲ | ۷۴ |
| قوم نوح، عاد، ثمود نے اپنے نبیوں کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں برباد کر دیا۔ ان کے کنویں، محلات اور شہر ویران پڑے ہیں۔ | ۲۲ | ۴۲ تا ۴۵ |
| مصائب و آلام میں بھی ضد نہیں چھوڑتے۔ | ۲۳ | ۷۵ تا ۷۷ |
| تعصب و ہٹ دھرمی | ۲۳ | ۸۱ تا ۸۳ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| اللہ تعالٰی سے مانگنے والوں سے کفار کا استہزاء | ۲۳ | ۱۱۰،۱۰۹ |
| کفار فلاح نہیں پا سکتے۔ | ۲۳ | ۱۱۷ |
| ان کے نزدیک فقط یہ دنیوی زندگی ہی ہے | ۲۳ | ۳۷ |
| کفار کے اطوار گستاخیاں خوش گپیاں صحن حرم میں قصہ گوئی کی محفلیں۔ | ۲۳ | ۶۷،۶۶ |
| دلائل توحید سننے کے بعد ان کا ردِّ عمل | ۲۳ | ۸۱ تا ۸۳ |
| کفار کا انجام | ۲۳ | ۹۲ تا ۹۵ |
| روز محشر کفار کی معذرت خواہی | ۲۳ | ۱۰۳ تا ۱۰۸ |
| کفار کا انکار قیامت | ۲۳ | ۸۳،۸۲ |
| مشرکین کی کمینگی اپنی لونڈیوں سے پیشہ کراتے۔ | ۲۴ | ۳۳ |
| کفار کے اعمال کی مثال | ۲۴ | ۴۰،۳۹ |
| کفار اور منافقین کو جب خداوندی فیصلہ کی طرف بلایا جاتا ہے تو انکار کرتے ہیں۔ | ۲۴ | ۴۷ تا ۵۰ |
| حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے استہزاء اور تعصب۔ | ۲۵ | ۴۲،۴۱ |
| وہ اپنی ہوائے نفس کے پرستار ہیں۔ | ۲۵ | ۴۳ |
| وہ حیوانوں سے بھی زیادہ گمراہ ہیں۔ | ۲۵ | ۴۴ |
| طوق و سلاسل میں جکڑ کر دوزخ میں پھینکے جائیں گے۔ | ۲۵ | ۱۱ تا ۱۴ |
| کفار کی سرکشی اور ان کا حال زار | ۲۵ | ۲۱ تا ۲۳ |
| - - - - - | ۔ | ۲۵ تا ۲۹ |
| گمراہ شعراء اور ان کی صفات ذمیمہ | ۲۶ | ۲۲۴ تا ۲۲۶ |
| کفار کے لیے ان کے برے اعمال مزین کر دیے گئے۔ | ۲۷ | ۵،۴ |
| روز حشر کفار و ابلیس کی نوک جھونک | ۲۶ | ۹۲ تا ۱۰۲ |
| کفار کا عذر کہ لوگ انہیں اچک لیں گے۔ | ۲۸ | ۵۲ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| ان کی خوشحالی تکبر کا باعث بنی۔ | ۲۸ | ۵۸ |
| قرآن کا انکار کافر ہی کرسکتے ہیں۔ | ۲۹ | ۴۷ |
| ۔ ۔ ۔ ظالم ہی کرسکتے ہیں۔ | ۲۹ | ۴۹ |
| وہ کہتے ہیں تم کفر اختیار کرو ہم تمہارے بوجھ اٹھالیں گے۔ | ۲۹ | ۱۲ ۱۳ |
| کفار نے بتوں کو باہمی محبت کا ذریعہ بنالیا ہے لیکن روز قیامت ایک دوسرے پر لعنت بھیجیں گے۔ | ۲۹ | ۲۵ |
| جو لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر کسی کو دوست بناتے ہیں اُن کی مثال عنکبوت کی سی ہے۔ | ۲۹ | ۴۱ |
| ان کے معبود عنکبوت کی طرح کمزور ہیں۔ | ۲۹ | ۴۱ |
| کیا بدکار خیال کرتے ہیں کہ وہ ہماری گرفت سے بچ جائیں گے۔ | ۲۹ | ۴ |
| تم خدا سے بچ کر کہیں نہیں جاسکتے، نہ زمین میں نہ آسمان میں۔ | ۲۹ | ۲۲ |
| خدا کے سوا تمہارا کوئی دوست نہیں۔ | ۲۹ | ۲۲ |
| کفار خدا کی رحمت سے مایوس ہوگئے ہیں۔ | ۲۹ | ۲۳ |
| اللہ تعالیٰ سے کفر کرنے والے گھاٹے میں ہیں۔ | ۲۹ | ۵۲ |
| کفار کے مطالبہ کے باوجود نزولِ عذاب میں تاخیر۔ | ۲۹ | ۵۳ تا ۵۵ |
| دنیوی زندگی لہو و لعب ہے۔ آخرت ہی ابدی ہے۔ | ۲۹ | ۶۴ |
| اللہ تعالیٰ پر بہتان باندھنے والے اور حق کو جھٹلانے والے سب سے زیادہ ظالم ہیں۔ | ۲۹ | ۶۸ |
| جو قومیں قوت اور عمران میں ترقی یافتہ | ۳۰ | ۹ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| تھیں جب وہ گمراہ ہوئیں تو انہیں برباد کردیا گیا۔ | ۳۰ | ۹ |
| جھٹلانے والوں اور مذاق کرنے والوں کا انجام بہت برا ہوگا۔ | ۳۰ | ۱۰ |
| کفار کے معبود ان کی شفاعت نہیں کریں گے اس روز یہ ان کا انکار کردیں گے۔ | ۳۰ | ۱۳ |
| رنج و الم کے وقت موحد بن جاتے ہیں۔ | ۳۰ | ۳۳،۳۴ |
| آرام و مسرت کے وقت پھر شرک کرنے لگتے ہیں۔ | ۳۱ | ۳۲ |
| رحمت کے وقت اترانے لگتا ہے اور تکلیف کے وقت مایوس ہوجاتا ہے | ۳۰ | ۳۶ |
| روزِ حشر کفار کہیں گے کہ وہ دنیا میں صرف ایک پل ٹھہرے۔ | ۳۰ | ۵۵ |
| ان کی تردید | ۳۰ | ۵۶ |
| اس دن ان کا کوئی عذر مقبول نہ ہوگا اور نہ توبہ کی اجازت ہوگی۔ | ۳۰ | ۵۷ |
| ان کا کوئی ولی و شفیع نہیں۔ | ۳۱ | ۴ |
| وقوعِ قیامت پر ان کا اعتراض | ۳۱ | ۱۰ |
| روزِ حشر کفار کی ندامت اور واپسی کی درخواست | ۳۱ | ۱۲ |
| تم نے ہمیں بھلا دیا ہم نے اپنی رحمت سے تمہیں فراموش کردیا۔ | ۳۱ | ۱۴ |
| ذکرِ الٰہی سے روگردانی کرنے والا بڑا ظالم ہے۔ | ۳۱ | ۲۲ |
| انہیں چاہیے کہ گزشتہ برباد شدہ قوموں سے عبرت حاصل کریں۔ | ۳۱ | ۲۶ حاشیہ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| **منافقین** | | |
| منافقین کا حال | ۲۹ | ۱۰، ۱۱ |
| سانحہ افک اور رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کی فتنہ انگیزی اور حضرت صدیقہؓ کی برات و دیگر تفصیلات | ۲۴ | ۱۱ تا ۲۰ |
| منافقین کا حال، تکلیف میں اسلام کو چھوڑ دیتے ہیں۔ | ۲۹ | ۱۰، ۱۱ |
| **مومنین و متقین** | | |
| اہلِ ایمان کے لیے بشارت | ۱۸ | ۲، ۳ |
| مزارات اولیاء کے نزدیک برائے تبرک مسجد بنانے کا حکم | ۱۸ | ۲۱ حاشیہ |
| مادہ پرست کے مقابلہ میں مومن کی سیرت اور ذہنیت۔ | ۱۸ | ۳۷ |
| نیک بندے کی اولاد کو بھی اللہ تعالے نوازتا ہے۔ | ۱۸ | ۸۲ |
| اہلِ ایمان کے لیے جنت الفردوس ہے | ۱۸ | ۱۰۷، ۱۰۸ |
| پرہیزگاروں کی نااہل اولاد، انکا انجام اور توبہ | ۱۹ | ۵۹ تا ۶۲ |
| بارگاہِ الٰہی میں پرہیزگاروں کی حاضری | ۱۹ | ۸۵ |
| اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کی محبت لوگوں کے دلوں میں ڈال دیتا ہے۔ | ۱۹ | ۹۶ |
| پرہیزگاروں کے لیے جنت | ۱۹ | ۶۱ تا ۶۳ |
| راہِ ہدایت پر چلنے والوں کو مزید نورِ ہدایت بخشتا ہے۔ | ۱۹ | ۷۶ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| من تقرب شبرا (الحدیث) جو ایک بالشت میرے نزدیک ہوتا ہے میں ایک گز اس کے نزدیک ہوتا ہوں۔ | ۱۹ | ۷۶ حاشیہ |
| عملِ صالح قبر پر سواری بن کر آئے گا۔ | ۱۹ | ۸۵ حاشیہ |
| اہلِ ایمان کا عہد ان کے رب کے نزدیک | ۱۹ | ۸۶ |
| اہلِ ایمان کے لیے بلند درجات | ۲۰ | ۶۹ |
| مرشدِ کامل کی توجہ سے سلوک کی طویل مسافتیں چشم زدن میں طے ہو جاتی ہیں۔ | ۲۰ | ۲ حاشیہ |
| مرنے کے بعد مومن کی روح اس کے جسم میں لوٹائی جاتی ہے۔ | ۲۰ | ۵۵ حاشیہ |
| ساحرانِ فرعون کا ایمان اور نعرۂ حق فاقض ما انت قاض | ۲۰ | ۷۰ تا ۷۶ |
| صرف وہ لوگ شفاعت کریں گے جنہیں اذن شفاعت ہوگا۔ | ۲۰ | ۱۰۹ |
| جو میری پیروی کرتا ہے وہ بدبخت نہیں ہوتا | ۲۰ | ۱۲۳ |
| انبیاء، اولیاء شفاعت کریں گے | ۲۱ | ۲۸ حاشیہ |
| متقین کی صفات | ۲۱ | ۴۹ |
| - - | ۲۳ | ۱۰-۱۱ |
| قیامت کے دن صالحین کیساتھ حسن سلوک | ۲۱ | ۱۰۱ |
| انہیں کوئی گھبراہٹ نہ ہوگی | ۲۱ | ۱۰۲، ۱۰۳ |
| زمین کے وارث صالحین ہیں۔ | ۲۱ | ۱۰۵ |
| اہلِ ایمان کی مساعی بارآور ہوں گی | ۲۱ | ۹۴ |
| اہلِ ایمان پر گوناگوں انعامات | ۲۲ | ۲۳، ۲۴ |
| متقین کی صفات | ۲۲ | ۳۵ |
| مومنین صالحین کو جنت میں داخل کیا جائیگا | ۲۲ | ۱۴ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| دیگر انعامات | ۲۲ | ۲۳،۲۴ |
| اللہ تعالیٰ اہلِ ایمان کی طرف سے خود دفاع کرتا ہے | ۲۲ | ۳۸ |
| نیکوں کے لیے مغفرت اور رزق کریم | ۲۲ | ۵۰ |
| مخبتین کی تعریف جن کو مژدہ دیا گیا۔ | ۲۲ | ۳۴،۳۵ |
| اعمالِ صالحہ کے باوجود ڈرتے رہتے ہیں۔ | ۲۳ | ۵۷ تا ۶۱ |
| مومن اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو پسند کرتا ہے۔ | ۲۳ | ۹۹ حاشیہ |
| پاک مرد پاک عورتوں کے لیے اور پاک عورتیں پاک مردوں کے لیے | ۲۴ | ۲۶ |
| مومن کو جب شرعی فیصلہ کی طرف بلایا جاتا ہے تو وہ سرِ تسلیم خم کر دیتا ہے | ۲۴ | ۵۱ |
| مومن کی روزِ حشر عزت افزائی | ۲۵ | ۲۴ |
| عباد الرحمٰن کی صفات اور انکی جزا | ۲۵ | ۶۳ تا ۷۰ |
| توبہ سے برائیوں کو نیکیوں سے بدل دیا جاتا ہے | ۲۵ | ۷۰ |
| اہلِ ایمان شعراء | ۲۶ | ۲۲۷ |
| کراماتِ اولیاء | ۲۷ | ۴۰ |
| اولیاء اللہ روزِ قیامت گھبراہٹ سے محفوظ ہوں گے۔ | ۲۷ | ۸۹ |
| اہلِ ایمان کی صفات | ۲۸ | ۵۴،۵۵ |
| توبہ، ایمان، عمل صالح موجب فلاح ہیں | ۲۸ | ۶۷ |
| دارِ آخرت کی نعمتیں انہیں ملیں گی جو دنیا میں جاہ و حشمت کے طالب نہ تھے۔ | ۲۸ | ۸۳ |
| اہلِ ایمان کو آزمانا سنت الٰہیہ ہے۔ | ۲۹ | ۲،۳ |
| ایمان اور عمل صالح سے سابقہ برائیاں مٹ جاتی ہیں۔ | ۲۹ | ۷،۹ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| اہلِ ایمان کے لیے ہی زمین و آسمان میں اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں۔ | ۲۹ | ۴۴ مع حاشیہ |
| اہلِ صبر اور توکل کو بہترین اجر | ۲۹ | ۵۸،۵۹ |
| اہلِ ایمان شاداں فرحاں ہوں گے۔ | ۳۰ | ۱۵ |
| اے اہلِ ایمان دینِ فطرت کی طرف ہمہ تن متوجہ ہو جاؤ۔ | ۳۰ | ۳۱ |
| ان مشرکوں میں سے نہ ہو جاؤ جنہوں نے دین کو پارہ پارہ کر دیا اور خود گروہوں میں بٹ گئے۔ کانوا شیعا۔ | ۳۰ | ۳۲ |
| اہلِ ایمان کی مدد کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمۂ کرم پر ہے۔ | ۳۰ | ۴۷ |
| اہلِ ایمان قبروں میں سنتے ہیں، جواب دیتے ہیں، مدد فرماتے ہیں۔ | ۳۰ | ۵۲ |
| سماعِ موتیٰ کی تفصیلی بحث | ۳۰ | ۵۳ حواشی |
| اہلِ ایمان کو آزمائش کے وقت صبر کی تاکید اور فتح کا مژدہ۔ | ۳۰ | ۶۰ |
| اہلِ ایمان کی صفات جب انہیں آیات سے نصیحت کی جاتی ہے تو سجدہ میں گر پڑتے ہیں اپنے بستروں کو چھوڑ دیتے ہیں۔ بیم و رجا سے دعائیں مانگتے ہیں۔ اس کے دیے سے خرچ کرتے ہیں۔ | ۳۲ | ۱۶ |
| جو انعامات ان پر کیے جائیں گے انہیں کوئی نہیں جانتا۔ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی۔ | ۳۲ | ۱۷ |
| مومن اور فاسق یکساں نہیں۔ | ۳۲ | ۱۸ تا ۲۰ |

| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| جو لوگ احکام الٰہی کی اطاعت کرتے تھے، ان میں سے بعض کو امام بنا دیا گیا | ۳۲ | ۲۴ |
| محسنین کی صفات | ۳۱ | ۵۔۴ |
| مومنین کے لیے جنات نعیم کا پکا وعدہ | ۳۱ | ۹ |
| لقمان مرد دانا، ان کے مواعظ | ۳۱ | ۱۲،۱۳،۱۹ |
| جو اللہ تعالیٰ کے سامنے سر جھکا دیتا ہے، درآنحالیکہ وہ محسن ہے تو اس نے مضبوط رسی کو پکڑ لیا۔ | ۳۱ | ۲۲ |


## معاشیات


| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| قرآن میں باغ لگانے کا طریقہ | ۱۸ | ۳۳ |
| قارون کا معاشی نظریہ | ۲۸ | ۷۶ |
| مالدار پر اپنے غریب رشتہ دار کا نفقہ واجب حقہ کا لفظ غور طلب | ۳۰ | ۳۸ حاشیہ |
| اقربا، فقراء اور مسافروں کا حصہ | ۳۰ | ۳۸ |
| وہ محض رضائے الٰہی کے لیے خرچ کرتے ہیں | ۳۰ | ۳۸ |
| سود سے مال میں برکت نہیں ہوتی | ۳۰ | ۳۹ |
| زکوٰۃ سے مال میں کئی گنا اضافہ ہوتا ہے | ۳۰ | ۳۹ |
| جہازرانی بحری تجارت سے کسب معاش کو اللہ تعالیٰ کا فضل کہا گیا ہے۔ | ۳۰ | ۴۵ |


## نواہی


| | سورت نمبر | آیت نمبر |
|---|---|---|
| معاشرہ میں بے حیائی پھیلانے کی ممانعت ایسا کرنے والوں کے لیے عذاب الیم۔ | ۲۴ | ۱۹ |
| فلمیں، ہیجان خیز لٹریچر وغیرہ کی ممانعت | ۲۴ | ۱۹ حاشیہ |
| شیطان کی پیروی نہ کرو، وہ برائی اور بے حیائی کا حکم دیتا ہے۔ | ۲۴ | ۲۱ حاشیہ |
| تہمت لگانے والوں پر لعنت | ۲۴ | ۲۳ |
| قحبہ گری کی ممانعت | ۲۴ | ۳۳ |
| الذین فرقوا دینھم وکانوا شیعاً میں سے نہ ہو جاؤ۔ | ۳۰ | ۳۲ |
| من یشتری لھو الحدیث، لہو الحدیث کا بیوپار کرنیوالوں کے لیے عذاب مہین ہے۔ | ۳۱ | ۶ |
| سماع کا حکم تفصیلی بحث | ۳۱ | ۶ حاشیہ |
| لقمان نے بیٹے سے کہا شرک مت کرو، شرک ظلم عظیم ہے | ۳۱ | ۱۳ |
| تمہیں دنیوی زندگی اور مکار شیطان دھوکہ میں مبتلا نہ کرے۔ | ۳۱ | ۳۳ |

# تعارف سُورۂ کہف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

**نام:** کیونکہ اس سُورت میں اصحابِ کہف کا ذکر ہے۔ اِس مناسبت سے اس کا نام الکہف رکھا گیا۔

**نزول:** یہ سُورت باتفاقِ علماء مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ اس کا نزول حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے آٹھویں اور دسویں سال کی درمیانی مدت میں ہوا۔ واللہ تعالیٰ اعلم اس کی آیتوں کی تعداد ایک سو دس ہے یہ ایک ہزار پانچ سو ستتر کلمات اور چھ ہزار تین سو ساٹھ حروف پر مشتمل ہے۔

**مضامین:** اِس سورت کا آغاز حمدِ باری تعالیٰ سے کیا گیا۔ ساتھ ہی اس کی وجہ بھی بیان فرما دی کہ اللہ تعالیٰ وہ کریم اور رحیم ہے جس نے دنیائے انسانیت کو رشد وہدایت کا ایسا صحیفہ عنایت فرمایا جو خود بھی ہر قسم کی کجی اور خامی سے پاک ہے اور اس کے ساتھ انسانی زندگی کے کسی شعبہ میں سیاسی، معاشی، قانونی اور اخلاقی جہاں کوئی کجی یا خامی افراط و تفریط پائی جاسکتی ہے وہ اس کی اصلاح اور درستی کی پوری صلاحیت رکھتا ہے۔ مزید کرم یہ فرمایا کہ ایسی کتاب لانے کے لیے کوئی عام انسان مقرر نہیں کیا جس کی صورت و سیرت میں کوئی کشش نہ ہو، جس کے قول و فعل میں کوئی جاذبیت نہ ہو۔ جو خاموشی سے آئے، کتاب پہنچائے اور چپکے سے چلا جائے۔ بلکہ ایک ایسے بندے کو دعوتِ حق کا پیغامبر بنا کر بھیجا جو اس کا محبوب ترین بندہ ہے جس کی آمد سے کفر و فسق کی تاریک اور طویل رات ختم ہوئی۔ اور حق و صداقت کی صبح طلوع ہوئی۔ لات و ہبل کی جھوٹی خدائی کا تختہ الٹ دیا گیا۔ خفتہ بخت انسان خوابِ غفلت سے جاگ اٹھا۔ سچ تو یہ ہے کہ اگر ایسے رحیم و کریم خدا کی حمد و ثنا نہ کی جائے تو اور کون ہے جو اس کا مستحق ہو۔

ایک خدا فراموش اور دنیا پرست انسان کا جو نفسیاتی تجزیہ اس سورت میں کیا گیا ہے اسے پڑھ کر یہ یقین ہو جاتا ہے کہ قرآن کسی انسان کا کلام نہیں بلکہ خالقِ انسان کا کلام ہے جو اس کے نظریات اور قلبی خطرات سے پوری طرح آگاہ ہے۔ آیات نمبر ۳۲ تا ۴۴ میں ایک دنیا پرست کی کم ظرفی، خود بینی اور خود فریبی کا تذکرہ کیا گیا۔ وہ ایک خدا پرست انسان سے جو دولت میں اس سے کم ہے، اثنائے گفتگو یہ کہنے میں کوئی شرم محسوس نہیں کرتا کہ اس کے پاس دولت بھی زیادہ ہے اور اس کے خادموں اور نوکروں کی تعداد بھی اس سے زیادہ ہے حالانکہ کسی غریب آدمی کے سامنے اپنی ثروت کی فراوانی بیان کرنا اور اسکو احساس غربت دلانا کم ظرفی اور خود بینی کی انتہا ہے۔ مزید براں وہ قیامت کا منکر ہے اور اس غلط فہمی میں مبتلا ہے کہ اگر قیامت آ بھی

گئی تو اس روز بھی اسی کو عزت و کرامت کی مسند پر بٹھایا جائے گا۔ اور اہل ایمان جو اس دنیا میں کسمپرسی کی حالت میں زندگی بسر کرتے رہے۔ اس روز بھی وہی ذلیل و خوار ہونگے۔ یہ اس کی خود فریبی کی انتہا ہے۔ آیات ۱۰۳، اور ۱۰۴ میں یہ بتایا کہ ایسے شخص کی ساری جدوجہد اور دوڑ دھوپ فقط دنیوی زندگی کو باعزت اور آرام دہ بنانے کے لیے وقف ہوجاتی ہے اسے کبھی اپنی عاقبت سنوارنے کا نہ خیال آتا ہے نہ فرصت ملتی ہے۔ آیت نمبر ۵۵ میں یہ بتایا گیا کہ اگر ایسے لوگوں کو اپنی گمراہیوں سے باز آنے اور بدکاریوں سے تائب ہونے کی دعوت دی جائے تو وہ اس سے بروقت فائدہ اٹھانے کی کوشش نہیں کرتے اور بدقسمتی سے انھوں نے اس دعوت کی صداقت کا ایک ہی معیار مقرر کر رکھا ہے کہ اگر ان پر عذاب آگیا تو دعوت سچی ورنہ جھوٹی۔ ان عقل کے اندھوں سے کوئی پوچھے کہ جب تمھاری گمراہیوں کی پاداش میں تم پر عذاب آگیا اور تمھیں دوزخ کا ایندھن بنا دیا گیا تو اب اگر تم نے اس دعوت کی صداقت کو تسلیم کر بھی لیا تو تمھیں اس سے کیا فائدہ پہنچے گا۔ ہر دنیا پرست کی ہر زمانہ میں پہلے بھی اور آج بھی یہی ذہنیت رہی ہے اور سوچ بچار کا یہی انداز رہا ہے۔ اس لیے ہر ایک کو ایک ہی انجام سے دوچار ہونا پڑا۔ خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو بروقت متنبہ ہو کر اپنی اصلاح کر لیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے دوسرے مقامات کی طرح یہاں بھی اس حقیقت کو بے نقاب کیا ہے کہ یہ مال و دولت یہ جاہ و حشمت یہ فرزند و زن اس دنیا کی زینت ہیں۔ جس طرح یہ دنیا فانی ہے اس کی زیب و زینت کے سارے سامان بھی فانی ہیں یہ اس قابل نہیں کہ کوئی مومن اس کی محبت میں اتنا دل بستہ اور اس کی چاہت میں ایسے ہوش باختہ ہو جائے کہ اپنے خدا کو اور اپنے انجام کو بھی فراموش کر دے۔ دل لگانے کے قابل تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ طلب تو صرف اس کی رضا کی ہونی چاہیے اور زندگی کی اس محدود فرصت میں ایسے نیک، مفید اور نتیجہ خیز کام کرنے چاہئیں۔ جو کبھی فنا آشنا نہ ہوں۔ والباقیات الصالحات خیر عند ربک ثوابا وخیر املا۔ (آیت نمبر ۴۶) کے دلنشیں الفاظ سے اسی حقیقت کی طرف توجہ دلائی گئی۔

حکمت و دانش کے ان انمول جگمگاتے ہوئے موتیوں کے علاوہ جن سے اس سورۃ کا دامن مرصع ہے تین واقعات کا بیان شرح و بسط سے کیا گیا ہے اصحاب کہف، حضرت موسیٰ کا سفر اور ذوالقرنین۔ ان کی تفصیل اپنے اپنے مقام پر آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔ یہاں مختصراً اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ اصحاب کہف کا ذکر کرکے ان مظلوم اور ستم رسیدہ مسلمانوں کی حوصلہ افزائی فرمائی کہ تم سے پہلے بھی حق قبول کرنے والوں کو طرح طرح کی اذیتوں کا نشانہ بنایا گیا۔ انھوں نے محض اپنا ایمان بچانے کے لیے اپنے وطن کو چھوڑا اور ایک غار میں پناہ لی۔ اور تم تو غلامان حبیب کبریا علیہ الصلوٰۃ والثنا ہو تمھیں کفار کی ان اذیت رسانیوں کے باعث حوصلہ نہیں ہارنا چاہیے بلکہ بڑی ثابت قدمی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ تم دیکھو گے کہ اللہ تعالیٰ کس طرح تمھیں اوج کمال تک پہنچاتا ہے اور کس طرح تمھیں ابدی عزتوں سے سرفراز کرتا ہے اسی ضمن میں کفار کو یہ بھی بتا دیا کہ جو ذات اصحاب کہف کو سینکڑوں سال کے بعد از سر نو زندگی عطا فرما سکتی ہے وہ تمھیں بھی روز حشر زندہ کر کے اٹھا سکتی ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سفر سے علم و حکمت کے حصول کی اہمیت کا درس دیا۔ اس کے ضمن میں چند واقعات بیان کر کے ایک پیچیدہ عقدہ کو بھی حل فرما دیا۔ اس دنیا میں اکثر ایسے واقعات رونما ہوتے رہتے ہیں جن کی ہم کوئی توجیہ نہیں کر سکتے

باہم انھیں عدل و حکمت کے تقاضوں کے سراسر منافی سمجھتے ہیں حقیقت میں یہ ہماری اپنی کم فہمی ہوتی ہے۔ اگر ان سے پردہ ہٹایا جائے تو ان کا عین عدل و حکمت ہونا اظہر من الشمس ہو جائے۔ جس طرح ان تین واقعات سے جب حضرت خضر علیہ السلام نے پردہ اٹھایا تو حضرت کلیم اللہ کی برہمی اور ناراضگی خود بخود دور ہو گئی اور انھیں اپنے اعتراضات واپس لینے کے بغیر کوئی چارہ کار نہ رہا۔

ذوالقرنین کا واقعہ بیان کر کے ایک مومن حکمران کی خوبیوں کو ظاہر فرمایا کہ وہ باوجود قوت و اقتدار کے اپنی رعایا کے لیے مہربان، عادل اور شفیق ہوتا ہے۔

آخری دو آیتوں میں اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی عظمت اور جلال کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ ارشاد ہے اگر سمندر سیاہی بن جائیں اور اس سے اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی آیات عظمت و جلال کو قلم بند کیا جائے تو سمندر خشک ہو جائیں۔ لیکن اس کی صفات کا بیان پھر بھی تشنۂ تکمیل رہے۔

حضور نبی اکرم کی زبان سے یہ اعلان کرایا کہ میں بشر ہوں۔ خدا نہیں۔ خدا وہی ہے جو وحدہٗ لاشریک ہے۔ جس کا میں بھی بندہ ہوں اور ساری کائنات بھی اس کی مخلوق اور اس کے سامنے سرافگندہ ہے۔ اس آیت سے اس صداقت کو ثابت کیا کہ جب یہ مرقع حسن و کمال باایں ہمہ زیبائی و دلربائی خدا نہیں تو اور کون ہے جو خدائی کا دعوے کرے گا۔ جب زبان مصطفےٰ یہ اعلان کر رہی ہو لا الٰہ الا اللہ تو کائنات کی ہر چیز کو طوعاً و کرہاً کہنا پڑے گا اشہد ان لا الٰہ الا اللہ بعض کم نظر لوگ اس آیت کریمہ سے شان حبیب کبریا کی تنقیص کرتے ہیں۔ لیکن حقیقت میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی سب سے بڑی دلیل ہے اور دل بینا کو وہ عظمتیں جو نام پاک محمد (تعریف کیا ہوا) صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم میں پنہاں ہیں پوری آب و تاب سے دکھائی دے رہی ہیں۔ ؎

دل بینا بھی کر خدا سے طلب　　آنکھ کا نور دل کا نور نہیں

---

# سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَعَشْرُ اٰيَاتٍ فِي اِثْنَا عَشَرَ رُكُوْعًا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ کہف مکی ہے اسکی آیتیں ۱۱۰ اور رکوع ۱۲ ہیں۔ (اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جس نے نازل فرمائی اپنے (محبوب) بندے پر یہ کتاب اور نہیں پیدا ہونے دی[۱] اس میں ذرا

۱؎ اس سے پہلی سورت کا اختتام بھی حمد سے ہوا اور اس سورت کا آغاز بھی حمد سے کیا جا رہا ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ ہر خوبی و کمال جس کا ظہور اختیار اور ارادہ سے ہو۔ اس کی ستائش و ثنا کو عربی میں حمد کہتے ہیں۔ سابقہ سورت کی آخری آیتوں میں ان خوبیوں اور کمالات کا ذکر ہوا جن سے ذاتِ الٰہی متصف ہے۔ اس آیت میں اس کی صفت جود و کرم کا بیان ہے۔ جس نے ناقصوں کو کامل، گم کردہ راہوں کو خضرِ کارواں اور ابجد ناشناسوں کو نہاں خانۂ تقدیر کا رازداں بنا دیا۔ اس لیے فرمایا سب ستائشیں اسی ذات کو زیبا ہیں جس نے اپنے محبوب بندے پر یہ کتاب نازل فرما کر انسانیت کی شبِ دیجور کو صبحِ نور سے آشنا کیا ہے۔ عبدہٗ سے مراد صاحبِ قرآن اور الکتاب سے مراد قرآن کریم ہے۔ عبدہٗ میں کوئی التباس نہیں۔ کیونکہ مقامِ عبدیت کاملہ پر صرف یہی ذات بابرکات فائز ہے۔ اور قاعدہ ہے کہ جب کوئی چیز کسی صفت میں اوجِ کمال پر پہنچتی ہے تو جب اس صفت کو مطلقاً ذکر کیا جائے گا تو اس سے مراد وہی موصوف ہوگا۔ ع جملہ عالم بندگان و خواجہ اوست

جس کسی کو عبدیت کا جتنا کچھ عرفان نصیب ہوا اسی کے طفیل ہوا۔ ؎

وَكُلُّهُمْ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ مُلْتَمِسٌ — غَرْفًا مِّنَ الْبَحْرِ اَوْ رَشْفًا مِّنَ الدِّيَمِ

فَهُوَ الَّذِيْ تَمَّ مَعْنَاهُ وَصُوْرَتُهٗ — ثُمَّ اصْطَفَاهُ حَبِيْبًا بَارِئُ النَّسَمِ

ترجمہ:۔ تمام انبیاء حضور کے بحرِ کرم سے چلو بھر رہے ہیں اور حضور کے ابرِ رحمت سے ہونٹ تر کر رہے ہیں۔ یہی وہ ذاتِ اقدس ہے جس کا ظاہر و باطن مکمل ہے۔ پھر کائنات کے خالق نے اس سراپا حسن و خوبی کو اپنا حبیب منتخب فرمایا ہے۔

اسی طرح جب الکتاب کہا جائے گا تو فوراً ذہن اس صحیفۂ کاملہ اور نسخۂ کیمیا کی طرف منتقل ہوگا جو قرآن کے نام سے ہمارے پاس موجود ہے۔ جس طرح صاحبِ کتاب اپنی شانِ عبدیت اور مقامِ بندگی میں بے نظیر ہے۔ اسی طرح یہ کتاب بھی بے عدیل ہے۔

۲؎ اسی کتاب کی ایک شان بیان فرمائی کہ اس کی عبارت اور اس کا معنی اس کا ظاہر اور اس کا باطن ہر قسم کی کجی سے مبرا ہے۔ عِوَجٌ یعنی اگر عین مکسور ہو تو اس سے مراد معنوی کجی ہوتا ہے اور اگر عَوَجٌ ہو یعنی عین مفتوح ہو تو اس سے مراد ظاہری ٹیڑھا پن ہوتا ہے عرب کہتے ہیں فی رایہ عِوَجٌ وفی عصاہ عَوَجٌ اور عِوَجًا کی تنوین تقلیل کی ہے یعنی اس میں ذرا سی بھی کجی نہیں ہے۔ علامہ راغب اصفہانی اس لفظ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ ٹیڑھا پن جو آنکھ سے دیکھا جائے اسے عَوَج کہتے ہیں اور وہ کجی جو فکر اور بصیرت سے معلوم ہو اسے عِوَج کہتے ہیں العوج یقال فی مایدرک بالبصر سھلا کالخشب المنتصب ونحوہ والعوج یقال فی مایدرک بالفکر والبصیرۃ کالدین والمعاش (مفردات)

عِوَجًا ۜ ﴿١﴾ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ

کجی اور معاش و معاد کو درست کرنے والی بنایا تاکہ ڈرائے سخت گرفت سے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوگی اور مژدہ سنائے ان اہلِ ایمان کو

الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ﴿٢﴾ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ

جو کرتے ہیں نیک اعمال کہ بیشک ان کے لیے بہت عمدہ جزا ہے وہ ٹھہریں گے اس (جنت) میں

اَبَدًا ﴿٣﴾ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ﴿٤﴾ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ

تا ابد اور تاکہ ڈرائے ان (نادانوں) کو جو یہ کہتے ہیں کہ بنا لیا ہے اللہ تعالیٰ نے فلاں کو اپنا بیٹا نہیں انھیں اللہ تعالیٰ کی ذات صفات کا

اس کتاب کی ایک صفت تو یہ ہے کہ اس میں کوئی کجی، کوئی خامی نہیں اور دوسری صفت یہ ہے کہ دوسروں کی کجیوں اور خامیوں کی اصلاح کرتی ہے اور انسانی انفرادی اور اجتماعی زندگی کو ایسی بنیادوں پر استوار کرتی ہے کہ ان میں پھر خلل راہ نہیں پا سکتا۔

"قیما" ای ثابتا مقوما لامور معاشھم و معادھم۔

اس جملہ میں ایسے عظیم المرتبت شعبے پر ایسی جلیل القدر کتاب کے نزول کا مقصدِ حقیقی بیان فرمایا جا رہا ہے کہ اس کا مقصد صرف یہی نہیں کہ اسے ریشمی غلافوں میں لپیٹ کر دفع بلیات و آفات کے لیے گھر کے کسی اونچے طاق پر رکھ دیا جائے یا طوطے کی طرح اس کی آیات کو گاہ گاہ بن سمجھے پڑھ لیا جائے۔ یہ تو کاروانِ انسانیت کا رخ موڑنے کے لیے اس کے بختِ خفتہ کو بیدار کرنے کے لیے اس کے شوریدہ افکار کو نکھارنے کے لیے اتاری گئی ہے۔ یہ نابکاروں کو گم کردہ راہ مسافروں کو متنبہ کرتی ہے کہ وہ بروقت اصلاحِ احوال کی کوشش میں لگ جائیں ورنہ اپنے آپ کو اس عذاب کے لیے تیار کر لیں جس سے بچ نکلنے کی کوئی صورت نہ ہوگی۔

اور جن لوگوں نے اس دعوت کو قبول کیا اور راہِ حق پر چل پڑے اور اپنے نظریات کی صداقت پر اعمالِ حسنہ کی گواہی پیش کر دی انھیں یہ کتاب مژدہ سنائے کہ تکلیفوں سے مت گھبراؤ۔ ثابت قدمی سے آگے بڑھتے چلے جاؤ۔ رحمتِ خداوندی نے چمن فردوس کی بہاروں کو حکم دیا ہے کہ جادۂ عشق و محبت کے آبلہ پا مسافروں پر نچھاور کرنے کیلئے پھول چن رکھیں جن کی مہک اور جن کی رنگت انکے بلند حوصلوں کی شایانِ شان ہو اور انھیں یہ بھی بتا دو کہ یہ بہار خزاں آشنا نہ ہوگی وہ ہمیشہ ہمیشہ اس سے لذت و سرور حاصل کرتے رہیں گے۔

عرب میں بت پرستی اور شرک کی رنگا رنگ شکلیں مروج تھیں۔ ان میں سے ایک شکل یہ تھی کہ بعض لوگ فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں (معوذ باللہ) یقین کرتے تھے اور ان کی پوجا کیا کرتے تھے۔ یہ کتاب کفر و شرک کی ساری صورتوں کو محو کرنے کے لیے آئی ہے۔ خصوصاً یہ بیہودہ شرک جس کو عقل اپنی تمام کمزوریوں کے باوجود قبول کرنے کے لیے تیار نہیں جو محض جہالت، حماقت اور اندھی تقلید کا نتیجہ ہے۔ اس غلط اور اعتقادِ عقیدہ کے خوفناک نتائج سے آگاہ کرنا بھی اس کتاب کے مقاصد سے ہے۔

عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ۭ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۭ اِنْ

کچھ علم ہے اور نہ انکے باپ دادا کو کتنی بڑی ہے وہ بات جو نکلتی ہے ان کے منہوں سے شه وہ نہیں

يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ۝٥ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ

کہتے ہیں مگر (سراسر) جھوٹ ۔ تو کیا آپ (فرطِ غم سے) تلف کر دیں گے اپنی جان کو انکے پیچھے اگر وہ

يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝٦ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً

ایمان نہ لائے اس قرآن کریم پر افسوس کرتے ہوئے شه بیشک ہم نے بنایا ان چیزوں کو جو زمین پر ہیں انکے لیے باعث زینت

لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝٧ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا

آرائش تاکہ ہم انھیں آزمائیں کہ ان میں سے کون عمل کے لحاظ سے بہتر ہے شه اور ہم ہی بنانے والے ہیں ان چیزوں کو جو زمین پر ہیں ۔

شه اس کا فاعل 'ھی' ضمیر ہے جو اس میں مستتر ہے۔ اور کلمۃً اس کی تمیز ہے اس لیے منصوب ہے اور یہ اسلوب کلام اظہار تعجب کے لیے اختیار کیا گیا ہے یعنی یہ نادان کتنی نازیبا، کتنی نامعقول بات اپنی زبان پر لا رہے ہیں اور کتنا سفید جھوٹ بول رہے ہیں۔

شه ادھر جور وجفا کا یہ حال ہے کہ کسی معقول بات پر بھی غور نہیں کرتے بلکہ الٹا مذاق اڑاتے ہیں اور ادھر رأفت ورحمت کی یہ کیفیت ہے کہ ہر قیمت پر انھیں ہلاکت کے گرداب میں گرنے سے بچانے کا خیال ہر وقت بے چین رکھتا ہے۔ مسجد حرام کے صحن میں، بازار مکہ کی ہنگامہ پرور فضاؤں میں، ان کی نشستگاہوں میں اور ان کے خلوت کدوں میں جا جا کر انھیں سمجھایا جا رہا ہے۔ وہ بار بار جھڑکتے ہیں۔ ناراض ہوتے ہیں۔ بپھرتے ہیں لیکن اخلاص ومحبت کا یہ چشمہ رواں ہی رہتا ہے جب رات کی خاموشی چھا جاتی ہے، ساری آنکھیں محوِ خواب ہوتی ہیں۔ تو یہ اٹھتا ہے اپنا سرِ نیاز بارگاہِ بے نیاز میں جھکاتا ہے، اور اللہ تعالیٰ سے رو رو کر ان کی ہدایت کے لیے درد وسوز میں ڈوبی ہوئی التجائیں کرتا ہے۔ ایسے معلوم ہوتا ہے کہ اگر ان میں سے کوئی ایک بھی ہدایت کی روشنی سے محروم رہا تو اس کی جان پر بن آئے گی۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کی اس بے چینی اور اضطراب کو دیکھتا ہے جس میں کوئی ذاتی منفعت نہیں۔ وہ ان آہوں کے سوز سے واقف ہے۔ وہ ان آنسوؤں کو جانتا ہے جو اس کے محبوب کی چشم مازاغ کی پلکوں پر جھلملاتے ہیں اور پھر اس کے حضور اس کی رحمت کی بھیک مانگنے کے لیے گر پڑتے ہیں۔ یہ بے خوابیاں، یہ بے تابیاں کن کے لیے ہیں؟ ان کے لیے جو جان کے دشمن اور خون کے پیاسے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کو تسلی دیتے ہیں کہ اتنا غم نہ کیجیے 'بخع' کا معنی ہے غم واندوہ سے جان تلف کر دینا۔ البخع قتل النفس غما ۔ (مفردات)

شه یہ باغ وبہار، یہ مرغزار وکوہسار، یہ گل وعندلیب، یہ بہتے ہوئے دریا، یہ پھیلے ہوئے صحرا، یہ صبح کا اجالا اور مغرب کی شفق،

صَعِيْدًا جُرُزًا ۝٨ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ

(ویران) کردیں گے چٹیل میدان بنجر (بے آباد)[لہ] کیا آپ خیال کرتے ہیں کہ غار والے[لہ] اور رقیم والے[لہ] تھے

كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝٩ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ

ہماری ان نشانیوں میں سے ہیں جو تعجب خیز ہیں۔ (یاد کرو) جب پناہ لی ان جوانوں نے غار میں پھر انھوں نے دعا مانگی اے ہمارے رب!

غرضیکہ حسن و جمال کی یہ نمائش جو ہر جگہ ہو رہی ہے اس لیے نہیں کہ لوگ اس میں کھو جائیں اور داد عیش دیتے دیتے زندگی گزار کر رخصت ہو جائیں بلکہ یہ سب آزمائشیں ہیں۔ ہم یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ کون حسن مجازی اور جمال فانی کے ناز و ادا پر فریفتہ ہو کر رہ جاتا ہے اور کون وہ بلند نظر اور عالی ظرف ہے جو ان تمام دلکشیوں سے دامن دل بچاتا ہوا حریم محبوب کی طرف رواں دواں رہتا ہے۔ انسان کو چاہیے کہ وہ ظاہری حسن و زیبائی کی پرستش میں وقت برباد نہ کرے بلکہ اپنے خالق حقیقی کی معرفت اور قرب حاصل کرنے کے لیے اپنی ساری توانائیاں وقف کر دے۔

لہ یعنی زمین پر جتنی چیزیں بڑی حسین و جمیل اور پرکشش نظر آتی ہیں یہ سب فانی ہیں۔ ایک دن ان کا نام و نشان مٹا دیا جائے گا۔ اور ساری زمین چٹیل اور بنجر ہو جائے گی۔ اس لیے فانی چیزوں کے لیے اللہ تعالیٰ کو ناراض کرنا قطعاً عقلمندی نہیں۔

لہ حضرت مسیح علیہ السلام کے مواعظ کے باعث یہودی علماء و امراء ان کے خون کے پیاسے ہو گئے اور انھیں ہر طرح کی اذیتیں دینے لگے۔ یہاں تک کہ آپ پر دین کی تحریف کا سنگین الزام لگا کر علاقہ کے رومی گورنر پیلاطس کے پاس دعویٰ دائر کیا اور اسے دھمکی دی کہ اگر اس نے انھیں تختہ دار پر نہ چڑھایا تو وہ بغاوت کر دیں گے۔ چند حواریوں کے علاوہ ملک کی پوری آبادی یہود کی ہمنوا تھی اور وہ اس لمحہ کا بڑی بے تابی سے انتظار کر رہی تھی جب آپ کو صلیب پر لٹکا دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے مقبول بندے کی خود حفاظت فرمائی اور آسمان کی طرف اٹھا کر ان نابکاروں کے ہتھکنڈوں سے آپ کو بچا لیا۔

ان حالات میں دین مسیحی کے پھیلنے کا کوئی امکان نہ تھا لیکن اپنے ان چند حواریوں کے دل میں حق کا جو چراغ حضرت مسیح روشن کر گئے تھے وہ مصائب کی ان تند آندھیوں میں بھی نہ بجھ سکا۔ ان کی پرجوش تبلیغ سے لوگ آہستہ آہستہ عیسائیت قبول کرنے لگے اور علاقہ بھر میں ان کے حلقے قائم ہو گئے جو اللہ تعالیٰ کی توحید حضرت عیسیٰ کی رسالت اور قیامت پر یقین رکھتے تھے اگرچہ ملک کی اکثریت اپنے رومی حکمرانوں کی طرح بت پرست تھی۔

لیکن ۲۴۸ء کے اواخر میں جب دقیانوس (جسے رومی زبان میں ڈیسیس (DECIUS) کہتے ہیں) روما کے تخت پر متمکن ہوا تو ہوا کا رخ پھر بدل گیا۔ اس نے ایک قانون کے ذریعہ مسیحی دین پر پھر پابندی لگا دی۔ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کے مقالہ نگار کے خیال کے مطابق یہ پہلا رومی فرمانروا تھا جس نے مسیحیت کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکنے کا جامع منصوبہ بنایا اور اپنی ساری قلمرو میں عیسائیوں کے قتل و غارت کا بازار گرم کر دیا (انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا جلد ۷ صفحہ ۱۲۰)۔

ایشیاء کوچک اس وقت رومن امپائر کے زیرِ نگین تھا وہاں کے مختلف شہروں میں بھی عیسائی آبادیاں تھیں دقیانوس کی اس دار و گیر کی زد اُن پر بھی پڑی۔ انھیں واضح طور پر بتا دیا گیا کہ اگر زندگی کی ضرورت ہے تو عیسائیت چھوڑ دو اور جن بتوں اور دیوی دیوتاؤں کی ہم پوجا کرتے ہیں۔ ان کی پوجا کرو۔ ڈیسیس جب ملکی دورہ پر روانہ ہوتا تو وہ اس مقصد کو تمام دوسرے امور مملکت پر ترجیح دیتا۔ ایک دفعہ اس کا گزر ایشیاء کوچک کی بستی افیس (EPHESUS) پر ہوا۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں آرٹمیس یا ڈائنا دیوی کا مندر تھا جس کی بڑی دھوم دھام سے پوجا ہوتی تھی اور اس مندر کی وجہ سے اس شہر کو ملک بھر میں خاص اہمیت حاصل تھی۔ یہاں جب دقیانوس نے عیسائیوں کی پکڑ دھکڑ شروع کی تو چند نوجوان اپنی دولتِ ایمان بچانے کے لیے یہاں سے چل نکلے۔ قریب ہی ایک پہاڑ تھا جس میں ایک وسیع غار تھا اس میں جا چھپے اور بارگاہِ الٰہی میں گڑگڑا کر التجائیں کرنے لگے کہ وہ انھیں اس ظالم اور سنگدل بادشاہ کے شر سے بچائے اور ان کو نعمتِ ایمان سے محروم نہ کرے۔ ایسا نہ ہو کہ کسی آزمائش میں ان کا قدم لڑکھڑا جائے اور دامنِ حق ان کے ہاتھ سے چھوٹ جائے۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کی فریاد سنی اور ان پر نیند مسلط کر دی گئی۔ اس غار کا منہ شمال کی جانب تھا۔ اس لیے اس میں دھوپ تو داخل نہ ہوتی لیکن ہوا اور روشنی کا گزر اچھی طرح سے تھا اس لیے یہاں ان کے جسم اس طویل نیند کے باوجود محفوظ تھے۔ قدرت مناسب وقفہ کے بعد ان کے پہلو بھی بدل دیتی جیسے نیند کی حالت میں ہم سوتے سوتے پہلو بدل لیا کرتے ہیں۔ اسی طرح کا احساس ان میں بھی یقیناً ہوگا۔ دُور سے دیکھنے والے انھیں بیدار خیال کرتے حالانکہ وہ محوِ خواب تھے۔ اُن کے ساتھ ایک کتا بھی ہو لیا تھا۔ انھوں نے اسے بھگانے کے لیے بڑے جتن کیے لیکن اس نے ساتھ نہ چھوڑا۔ جب وہ غار میں جا کر آسودۂ خواب ہو گئے تو وہ بھی پاسبانی کی خاطر غار کے دہانے پر پاؤں پھیلا کر بیٹھ رہا۔

اس طرح ایک سو ستاسی برس کا عرصہ گزر گیا۔ ڈیسیس کیفرِ کردار کو پہنچا۔ مختلف بادشاہ آئے اور اپنی چند روزہ شاہی کا ڈنکا بجا کر چل دیئے۔ پرانے شہر اُجڑے نئی بستیاں آباد ہوئیں۔ افیس کے شہر میں بھی اس دو سو سال کے زمانہ میں کیا شکست و ریخت نہ ہوئی ہوگی۔ جب حکمتِ الٰہی نے چاہا تو ان سونے والوں کو بیدار کر دیا۔ وہ آنکھیں ملتے ہوئے اٹھ بیٹھے۔ خیال انھیں بھی گزرا کہ وہ آج معمول سے کچھ زیادہ ہی سوئے ہیں۔ لیکن یہ بات ان کے سان و گمان میں بھی نہ تھی کہ ان کو یہاں بے سُدھ پڑے دو صدیاں بیت گئی ہیں۔ اس لیے وہ ایک دوسرے سے پوچھنے لگے کہ وہ کتنی دیر سوئے ہیں۔

ان کی آنکھیں کیا کھلیں کہ بشری تقاضے بھی بیدار ہو گئے۔ انھیں بھوک نے ستانا شروع کر دیا۔ انھوں نے اپنے ایک ساتھی کو جس کا نام یملیخا بتایا جاتا ہے بستی کی طرف بھیجا کہ ان کے لیے کھانا خرید لائے۔ جب وہ غار سے نکل کر شہر کی طرف روانہ ہوا تو وادی و کوہسار وہی تھے لیکن ماحول میں اجنبیت کے آثار قدم قدم پر حیران کر رہے تھے۔ شہر میں گئے تو در و دیوار، گلی کوچے زبانِ حال سے کچھ اور ہی داستان سنا رہے تھے۔ یملیخا سوچ رہے تھے کہ یارِ خدا! ایک آٹھ پہر میں یہ کیا انقلاب آگیا۔ کل جب چھوڑ کر گئے تو اس شہر کا کیا حال تھا اور آج کیا ہے۔ ایک نانبائی کی دکان پر گئے اور اسے کھانا دینے کے لیے کہا۔ اس نے کھانا دیا۔ انھوں نے وہی پرانا سکہ جو یہاں سے جاتے ہوئے وہ اپنے ساتھ لے گئے تھے اس کی طرف

بڑھا دیا۔ دکاندار اس سکہ کو دیکھ کر ہکا بکا ہو گیا۔ معاملہ نے طول پکڑا۔ اردگرد کے دکاندار بھی اکٹھے ہو گئے۔ یملیخاہ پر الزام لگایا گیا کہ اسے کوئی پرانا شاہی خزانہ ہاتھ آیا۔ معاملہ حاکمِ شہر تک پہنچا۔ یہاں آکر حقیقتِ حال سے پردہ اٹھا۔ انھیں پتہ چلا کہ یہ ان نوجوانوں میں سے ایک ہے جو ڈیسیس کے مظالم سے بھاگ کر ایک غار میں پناہ گزیں ہو گئے تھے۔ لوگوں کی خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی۔ سب ان کی جھلک دیکھنے کے لیے غار تک گئے۔ وہاں دوسرے ساتھی یملیخاہ کا انتظار کرتے کرتے اکتا گئے اور ان کے دل میں طرح طرح کے وسوسے پیدا ہونے لگے تھے۔ جب انھوں نے ایک جمِ غفیر غار کی طرف آتے دیکھا تو انھیں یقین ہو گیا کہ ان کا ساتھی پکڑا گیا ہے اور اس کے بتلانے پر یہ ہجوم انھیں گرفتار کرنے کے لیے دوڑا چلا آرہا ہے۔ جب لوگ حاکمِ شہر کی قیادت میں وہاں پہنچے تب اصحابِ کہف کو معلوم ہوا کہ انھیں یہاں ٹھہرے صدیاں گزر چکی ہیں اور اب حالات کا رُخ بدل گیا ہے اور عیسائیت کا ہر طرف چرچا ہے۔ صرف رعایا ہی نہیں بلکہ حکومت بھی اس دین کو قبول کر چکی ہے۔ مؤرخین کے بیان کے مطابق یہ واقعہ ۴۳۶ء میں پیش آیا جبکہ روما کے تخت پر تھیوڈوسیس (DHEOSIUS) متمکن تھا۔

مفسرینِ کرام اور مؤرخین نے اصحابِ کہف کی جگہ، زمانہ اور ان کے مخصوص حالات کے متعلق متعدد اقوال نقل کیے۔ بعض اسے حضرت عیسیٰ کے زمانہ سے پہلے کا زمانہ بتاتے ہیں۔ بعض نے کہا ہے کہ یہ کہف خلیج عقبہ کے نواحی پہاڑوں میں واقع ہے۔ بعض نے شام کے کسی مقام کا تعین کیا ہے اور علامہ ابن حیان اندلسی صاحب البحر المحیط نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ یہ سارا واقعہ اندلس کے علاقہ میں ہوا۔ وہ لکھتے ہیں غرناطہ کے قریب ایک قصبہ ہے جسے "لوشہ" کہتے ہیں۔ اس میں ایک غار ہے جہاں کئی مُردوں کے ڈھانچے ہیں اور باہر ایک کتے کا ڈھانچہ بھی ہے۔ ابن عطیہ کہتے ہیں کہ وہ ۵۰۴ھ سے انھیں اسی حالت میں دیکھ رہے ہیں۔ وہاں ایک مسجد بھی ہے اور ایک رومی طرز کی پرانی عمارت بھی ہے جسے "الرقیم" کہا جاتا ہے۔ ایسے معلوم ہوتا ہے جیسے یہ کسی قدیم قصر کے کھنڈرات ہیں اور غرناطہ سے قبلہ کی جانب ایک پرانے شہر کے آثار بھی پائے جاتے ہیں جس کا نام مدینہ دقیوس بتایا جاتا ہے۔ ابن عطیہ کا یہ قول نقل کرنے کے بعد علامہ ابن حیان لکھتے ہیں کہ جب ہم اندلس میں تھے تو لوگ اس غار کی زیارت کے لیے جایا کرتے تھے۔ (البحر المحیط)

کئی دیگر مقامات میں غاروں میں اس قسم کے ڈھانچے دکھائی دیتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ اہلِ حق پر جب بھی جبر و تشدد کا بازار گرم ہوا ہو تو ان میں سے چند لوگوں نے قریبی پہاڑوں کی غاروں میں پناہ لی ہو اور ان کے ڈھانچے اسی طرح محفوظ ہوں اور سپین کے جس غار کا ذکر علامہ ابن حیان نے کیا ہے وہ بھی اسی طرح کا ایک غار ہو۔

لیکن میں نے جو تفصیل لکھی ہے مجھے وہی حقیقت سے زیادہ قریب معلوم ہوتی ہے کیونکہ ہمارے مفسرین نے اسے یوں ہی بیان کیا ہے۔ اس کے علاوہ ایک مشہور انگریز مؤرخ ایڈورڈ گبن (EDWARD GIBBON) نے بھی اپنی معروف تاریخ کی کتاب (THE DECLINE AND FALL OF ROMAN EMPIRE) کی تیسری جلد صفحہ ۴۴۰ تا ۴۴۳ میں "سات سونے والوں" کے احوال لکھے ہیں جو بالکل اس واقعہ سے مطابقت رکھتے ہیں حتیٰ کہ عربی مصادر میں جو نام ہیں تقریباً وہی نام اس نے بھی درج کیے ہیں۔ مؤرخ مذکور نے اس کے حاشیہ میں اس

واقعہ کا ماخذ بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ میں نے یہ واقعہ شام کے مشہور بشپ جیمس سروج (JAMES OF SARUJ) کے مجموعہ مواعظ جو ۲۳۰ مواعظ پر مشتمل ہے اُن کے ایک وعظ سے لیا ہے۔ یہ بشپ ۴۵۲ء میں پیدا ہوا اور ۴۷۴ء میں اس نے یہ مواعظ لکھے۔ ۵۱۹ء میں بشپ مقرر کیا گیا اور ۵۲۱ء میں اس نے وفات پائی۔ اور چھٹی صدی کے اختتام سے پہلے شامی زبان سے اس کا ترجمہ لاطینی زبان میں ہو گیا تھا۔ تاریخی لحاظ سے یہ کتاب اس واقعہ کے وقوع پذیر ہونے کے اقرب ترین زمانہ کی تحریر ہے۔ اس لیے اس میں حقیقت کی زیادہ سے زیادہ جھلک دکھائی دے سکتی ہے۔ یہ مواعظ کیونکہ تقریباً پچاس برس بعد لکھے گئے اس لیے ان کی ساری تفصیلات کو جوں کا توں تسلیم کر لینا قطعاً قرینِ دانش نہیں البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس مجموعہ کے بیان کردہ حالات دوسری روایات سے کہیں زیادہ صحیح صورتِ حال کے ترجمان ہو سکتے ہیں۔

قرآن کریم نے اصحابِ کہف کے واقعہ کا وہ پہلو ذکر کیا جو ہمارے لیے ہدایت کا درس رکھتا ہے باقی اس کے زمان و مکان وغیرہ تفصیلات کو بالکل نظر انداز کر دیا گیا۔ ہر واقعہ کے بیان میں قرآن کریم کا اسلوب یہی ہے اور یہی ایک ایسی خصوصیت ہے جو قرآن حکیم کو تاریخ کی کتب سے ممتاز کرتی ہے۔ قرآن میں جو واقعات بیان ہوئے ہیں ان سے مقصود داستان سرائی نہیں۔ بلکہ عبرت آموزی اور بصیرت افروزی ہے۔ صحیح احادیث میں بھی اس واقعہ کی تفصیلات مذکور نہیں۔ غالباً ہمارے مورخین نے علماء اہل کتاب سے جو کچھ سنا وہ لکھ دیا کیونکہ گزشتہ واقعات کے متعلق انہیں علماء کے بیانات مستند تصور کیے جا سکتے تھے اور اہل کتاب کے ان علماء کے پاس اس واقعہ کے متعلق پہلی تحریری دستاویز بشپ جیمس کے یہی مواعظ ہیں اس لیے یہ خیال کرنے میں کوئی قباحت نہیں کہ واقعہ کی یہ تفصیلات حقیقت سے زیادہ قریب ہیں۔

یہاں ایک چیز ضرور قابلِ غور ہے۔ گبن نے بڑی گستاخی سے کام لیتے ہوئے لکھا ہے کہ حضور کریم نے یہ واقعہ اپنے شام کے تجارتی سفروں کے اثنا میں علماء اہل کتاب سے سنا اور اُسے وحی الٰہی کہہ کر قرآن میں درج کر دیا کیونکہ قرآن کریم کی بیان کردہ تفصیلات جیمس کے مواعظ میں لکھی ہوئی تفصیلات سے کلی مطابقت نہیں رکھتیں۔ اس لیے اس گستاخ اور منہ پھٹ مؤرخ نے سپہرِ علم و حکمت کے نیّرِ اعظم پر بے علمی اور جہالت کا الزام لگایا۔ اس طرح اس نے نہ صرف حقیقت کا منہ چڑایا ہے بلکہ مورخ کے بلند مقام کو بھی تعصب کی غلاظت سے آلودہ کر دیا ہے۔ جب وہ خود مانتا ہے کہ یہ مجموعہ ۴۷۴ء میں لکھا گیا۔ اور اسی کے قول کے مطابق یہ واقعہ ۴۳۷ء میں پیش آیا۔ ذرا انصاف فرمائیے ان پچاس سالوں میں اس میں کیا کچھ ردّ و بدل نہ ہو گیا ہوگا۔ کتنی ایسی چیزیں نظر انداز کر دی گئی ہوں گی جو انسان کے جذبۂ عجوبہ پرستی کی تسکین کا باعث نہیں بنتیں۔ اور کتنی باتیں بڑھا دی گئی ہوں گی۔ تاکہ اس واقعہ کو نمک مرچ لگا کر پیش کیا جا سکے۔ اس لیے جیمس کی تفصیلات کا سو فی صدی صحیح ہونا قطعاً یقینی نہیں۔ جب اس کی صحت قطعی نہیں تو قرآن کی صداقت کا انحصار ان مواعظ سے مطابقت پر نہیں ہو سکتا۔ اور نہ ہی قرآن کو کسی گبن کے قول کی سند کی ضرورت ہے۔

اس واقعہ کا ایک مجمل خاکہ آپ کے سامنے پیش کر دیا گیا ہے۔ اب آیاتِ قرآنی کی روشنی میں اس واقعہ کو پڑھیے۔

۱۲ کہف: الغار الواسع، وسیع غار۔ الرقیم۔ کے متعلق متعدد اقوال مذکور ہیں۔ کعب نے کہا کہ یہ اس شہر کا نام ہے جہاں سے یہ لوگ گئے تھے۔ ابن عباس نے فرمایا۔ یہ اس وادی کا نام ہے جس میں غار تھا۔ لیکن عام علماء تفسیر کا میلان

اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿١٠﴾ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى

ہمیں رحمت فرما اپنی جناب سے رحمت اور مہیا فرما ہمارے لیے اس کام میں ہدایت ١٣ پس ہم نے بند کر دیئے ان کے

اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ﴿١١﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ

کان (سننے سے) اس غار میں کئی سال تک جو گنے ہوئے تھے ١٤ پھر ہم نے انھیں بیدار کر دیا تاکہ ہم دیکھیں کہ ان دو

الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ﴿١٢﴾ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ ع ٢ ١٢

گروہوں میں سے کون صحیح شمار کر سکتا ہے اس مدت کا جو وہ (غار میں) ٹھہرے تھے ١٥ اے حبیب! ہم بیان کرتے ہیں آپ سے ان کی خبر

اس سلیٹ کو رقیم یعنی مرقوم (لکھا ہوا) ہے یعنی تانبے کی وہ تختی جس پر اصحاب کہف کے نام اور ان کے حوال لکھ کر بطور یادگار ایک صندوق میں محفوظ کر دیئے گئے تھے تاکہ بعد میں آنے والی نسلوں کو ان کے حالات کا صحیح علم ہو سکے اور جب بیلیخا نے حاکم شہر کو بتایا کہ ان میں سے ایک ہوں جو ظالم بادشاہ کے جبر و تشدد سے اپنے ایمان کو بچانے کے لیے غار میں پناہ گزین ہو گئے تھے تو اس تختی نے اس بیان کی تصدیق کر دی۔ ام حسبت میں استفہام انکاری ہے کہ تم اصحاب کہف کے واقعہ کو عجائبات قدرت میں سے عجیب ترین امر سمجھتے ہو؟ نہیں بلکہ اس کی قدرت کی اعجاز آفرینی دیکھنی ہو تو اس نیلگوں آسمان کو دیکھو اور اس کشادہ زمین کو دیکھو تمھیں ہر جگہ اس کی قدرت و حکمت کے روشن جلوے نظر آئیں گے۔

١٣ فتية جمع ہے اس کا واحد فتیٰ ہے۔ جب نوجوانوں کا یہ گروہ غار میں جا چھپا تو انھوں نے بارگاہ الٰہی میں دست دعا پھیلاتے ہوئے عرض کی: الٰہی! ہمیں اپنی رحمت کی چادر میں ڈھانپ لے۔ ہمارا ایمان بھی محفوظ رہے اور ہمارے گناہ بھی بخش دے۔ ہمیں رزق بھی بہم پہنچا اور ہمیں دشمن کے پنجۂ استبداد سے بھی محفوظ رکھ۔ رشد کا معنی صاحب قاموس نے یہ کیا ہے استقامة على طريق الحق مع تصلب فيه (قاموس) یعنی جس مقصد کے لیے ہم اپنے عزیز و اقربا اور اپنے وطن کو چھوڑ کر یہاں آئے ہیں اس میں ہمیں استقامت اور ثبات نصیب فرما۔ ایسا نہ ہو کہ شیطان کی وسوسہ اندازی سے انجام کار ہم اس نعمت سے محروم کر دیئے جائیں۔

١٤ اس کا مفہوم ہے ہم نے ان پر حالت خواب طاری کر دی۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ یہ قرآن کے ان فصیح جملوں سے ہے جن کی نظیر لانے سے فصحاء عرب قاصر رہے۔ یعنی ہم نے ان کے کانوں کو بند کر دیا تاکہ کوئی آواز انکی نیند میں خلل نہ پیدا کر سکے۔

١٥ اس جملہ کی ترکیب ذہن نشین نہ ہو تو اس کا مفہوم سمجھنے میں دقت ہوتی ہے۔ اس لیے ترکیب درج ذیل ہے:۔
اى الحزبين جملہ احصٰى فعل ماضى امدا اس کا مفعول لما لبثوا اسکا حال ہے معنی ہوگا ايهم ضبط امدا كائنا لزمان لبثهم (مظہری)

بِالْحَقِّ ؕ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَ زِدْنٰهُمْ هُدًى ﴿١٣﴾ ۖۗ وَّ رَبَطْنَا

ٹھیک ٹھیک[١٦] بیشک وہ چند نوجوان تھے جو اپنے رب پر ایمان لائے[١٧] اور ہم نے ان کے نورِ ہدایت میں اضافہ کر دیا[١٨] اور ہم نے

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ

مضبوط کر دیا ان کے دلوں کو جب وہ (راہِ حق میں) کھڑے ہو گئے[١٩] تو انھوں نے (برملا) کہہ دیا ہمارا پروردگار وہ ہے جو پروردگار ہے

لَنْ نَّدْعُوَاۡ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَاۤ اِذًا شَطَطًا ﴿١٤﴾ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمُنَا

آسمانوں اور زمین کا ہم ہرگز نہیں پکاریں گے اسکے سوا کسی معبود کو (اگر ہم ایسا کریں) تو گویا ہم نے ایسی بات کہی جو حق سے دور ہے[٢٠] یہ ہماری قوم ہے

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ لَوْ لَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۭ بَيِّنٍ ؕ

جنھوں نے بنا لیا ہے اسکے سوا معبودوں کو (اپنے خدا) کیوں نہیں پیش کرتے ان (کی خدائی) پر کوئی ایسی دلیل جو روشن ہو

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ﴿١٥﴾ ؕ وَ اِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ

ورنہ پھر اس سے بڑا ظالم کون ہے جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹا بہتان باندھتا ہے۔ اور جب تم الگ ہو گئے ہو ان (کفار) سے

١٦ اب ذرا وضاحت سے ان کا حال بیان ہوتا ہے۔

١٧ یعنی وہ ایمان لائے اور جب انھوں نے ایمان کے تقاضوں کو پورا کیا اور حکمِ خداوندی بجالانے میں کسی کوتاہی کا ثبوت نہ دیا تو ہم نے انکے دلوں کو نورِ ہدایت سے منور کر دیا اور ان کے سینہ کو ہدایت کا گنجینہ بنا دیا اسی مفہوم کو ایک دوسری آیت میں بھی بیان فرمایا گیا ہے۔ والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا۔

١٨ جب وہ آمادہ ہو گئے اور انھوں نے عزم بالجزم کر لیا تو ہم نے اُن کے دلوں کو جذبۂ استقامت سے معمور کر دیا اور وہ بے خطر آزمائش کے اس خارزار میں آگے بڑھتے چلے گئے۔

١٩ جب انھیں دقیانوس کے روبرو پیش کیا گیا اور اس نے ان سے انکے عقیدے کے متعلق دریافت کیا تو ایمان و عشق کسی مصلحت بینی کا روادار نہ ہوا بلکہ خون آشام تلواروں کی جھنکار میں بیدھڑک یہ اعلان کر دیا کہ ہمارا رب جس کی جناب میں ہم سجدہ ریز ہوتے ہیں جس کی شرابِ محبت سے ہماری روحیں سرشار ہیں جس کی حمد کی لذت سے ہماری زبانیں آشنا ہیں وہ ان کمالات کا مالک ہے۔ کیا وہ تمھارے آرٹمیس یا تمھاری ڈائنا دیوی میں پائے جاتے ہیں۔

٢٠ یعنی جو اس کے علاوہ کسی غیر کی بندگی کرتے ہیں وہ یاوہ گو ہیں مطلب یہ تھا کہ تم سب یاوہ گو ہو۔

وَمَا يَعْبُدُونَ إِلَّا اللَّهَ فَأْوُوا إِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِنْ

اور ان معبودوں سے جن کی یہ پوجا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے سوا۔ تو اب پناہ لو غار میں پھیلا دے گا تمہارے لیے تمہارا رب اپنی

رَحْمَتِهِ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِنْ أَمْرِكُمْ مِرْفَقًا ﴿١٦﴾ وَتَرَى الشَّمْسَ إِذَا

رحمت (کا دامن) اور مہیا کر دے گا تمہارے لیے تمہارے اس کام میں آسانیاں ٢١ اور تو دیکھے گا سورج کو جب وہ

طَلَعَتْ تَزَاوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِينِ وَإِذَا غَرَبَتْ تَقْرِضُهُمْ

ابھرتا ہے تو وہ ہٹ کر گزرتا ہے ان کی غار سے دائیں جانب ٢٢ اور جب وہ ڈوبتا ہے تو بائیں طرف

ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِي فَجْوَةٍ مِنْهُ ذَٰلِكَ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ مَنْ

کتراتا ہوا ڈوبتا ہے اور وہ (سوئے ہوئے) ہیں ایک کشادہ جگہ غار میں۔ (سورج کا) یوں (طلوع و غروب) اللہ تعالیٰ کی نشانیوں

يَهْدِ اللَّهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ وَمَنْ يُضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُ وَلِيًّا

میں سے ہے (حقیقت یہ ہے) کہ جسے اللہ تعالیٰ ہدایت دے وہی ہدایت یافتہ ہے اور جسے وہ گمراہ کر دے تو تو نہیں پائیگا اسکے لیے کوئی

مُرْشِدًا ﴿١٧﴾ وَتَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظًا وَهُمْ رُقُودٌ وَنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ ۲ ع ۱۴

مددگار (اور) رہنما۔ اور (اگر تو دیکھے تو) تو انھیں بیدار خیال کریگا حالانکہ وہ سوئے ہوئے ہیں ٢٣ اور ہم انکی کروٹ بدلتے رہتے ہیں (کبھی)

الْيَمِينِ وَذَاتَ الشِّمَالِ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ

دائیں جانب اور (کبھی) بائیں جانب اور ان کا کتا پھیلائے بیٹھا ہے اپنے دونوں بازو ان کی دہلیز پر ٢٤

٢١ اس کا معنی ہے ما یرتفق ای ینتفع بہ جس سے نفع اور فائدہ حاصل کیا جائے۔

٢٢ اس کی صورت یہ تھی کہ غار کا دہانہ شمال کی جانب تھا۔ سورج طلوع ہوتا تو بھی، غروب ہوتا تو بھی۔ اس کی دھوپ اس کے دہانہ میں داخل ہوتی۔

٢٣ ایقاظ کا واحد یقظ ہے۔ رقود کا واحد راقِدٌ۔

٢٤ وصید غار کا صحن یا دروازہ کی چوکھٹ وصید فناالبیت اوعتبۃ الباب۔

لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿۱۸﴾

اگر تو جھانک کر انھیں دیکھے تو ان سے منہ پھیر کر بھاگ کھڑا ہو ۲۵ے اور تو بھر جائے انکے منظر کو دیکھ کر ہیبت سے۔

وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ۭ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ

اور اسی طرح ہم نے انھیں بیدار کر دیا ۲۶ے تاکہ وہ ایک دوسرے سے آپس میں پوچھیں کہنے لگا ایک کہنے والا ان میں کہ تم یہاں کتنی

لَبِثْتُمْ ۭ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۭ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا

مدت ٹھیرے ہو ۲۷ے بعض نے کہا ہم ٹھیرے ہونگے ایک دن یا دن کا کچھ حصہ۔ دوسروں نے کہا تمھارا رب بہتر جانتا ہے

لَبِثْتُمْ ۭ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ

جتنی مدت تم ٹھیرے ۲۸ے سو بھیجو کسی کو اپنے ساتھیوں سے اپنے ایک سکے کے ساتھ شہر کی طرف ۲۹ے پس وہ دیکھے کہ

اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ

کس کے ہاں عمدہ پاکیزہ کھانا ملتا ہے پس وہ لے آئے تمھارے پاس کھانا وہاں سے اسے چاہیے کہ خوش خلقی سے کام لے ۳۰ے اور کسی کو

۲۵ے ان کے رعب اور ہیبت کی وجہ کیا تھی۔ اس کی کئی وجہیں بیان کی گئی ہیں لیکن صحیح وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس سارے ماحول کو اتنا ڈراؤنا اور بھیانک بنا دیا تھا کہ وہاں پہنچتے ہی رونگٹے کھڑے ہو جاتے اور دل ڈوبنے لگتا اور کسی شخص کو اندر جانے کا حوصلہ نہ ہوتا۔ قیل ان اللہ تعالیٰ منعھم بالرعب لئلا یدخل علیھم احد وھو الصحیح المختار۔ (قرطبی)

۲۶ے جیسے ہم نے اپنی قدرت سے اتنے طویل عرصہ تک محوِ خواب رکھا اسی طرح ہم نے اپنی قدرت سے انھیں بیدار کر دیا۔

۲۷ے انھیں محسوس ہوا کہ خلافِ معمول آج وہ زیادہ وقت ہی سوئے رہے ہیں اس لیے ایک دوسرے سے پوچھنے لگے۔

۲۸ے سونے کی مدت کے متعلق کسی نے کچھ کہا کسی نے کچھ۔ آخر طے یہ ہوا کہ اس فضول بحث میں وقت ضائع کرنے کی ضرورت نہیں اس کو خدا کے سپرد کر دو، وہی صحیح طور پر اس وقت کو جانتا ہے۔

۲۹ے جتنا عرصہ سوئے رہے بشری تقاضے معطل رہے اور جب جاگے تو خالی پیٹ نے کھانا طلب کرنا شروع کر دیا۔

۳۰ے بادشاہ سے بھاگ کر آئے تھے پکڑے جانے کا ہر وقت کھٹکا لگا ہوا تھا۔ جو شخص کھانا لانے کے لیے جانے لگا اسے خصوصیت سے اس امر کی تاکید کر دی گئی کہ کوئی زیادتی بھی کرے تو درگزر کرنا ایسا نہ ہو کہ درشت کلامی کرو اور پکڑے جاؤ اور لینے کے دینے پڑ جائیں اور یہ بھی اسے تنبیہ کی گئی کہ خیال رہے کہ کوئی تمھیں پہچاننے نہ پائے۔ چپکے سے ایسے راستے سے جاؤ جہاں زیادہ

بِكُمْ أَحَدًا ﴿١٩﴾ إِنَّهُمْ إِنْ يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوكُمْ أَوْ يُعِيدُوكُمْ

تمہاری خبر ہونے دے۔ وہ لوگ اگر آگاہ ہو گئے۔ تم پر تو وہ تمہیں پتھر مار مار کر ہلاک کر دیں گے ۳۱ یا تمہیں (جبراً)

فِي مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوا إِذًا أَبَدًا ﴿٢٠﴾ وَكَذَٰلِكَ أَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ

لوٹا دیں گے اپنے (جھوٹے) مذہب میں اور (اگر تم نے ایسا کیا) تو تم کبھی بھی فلاح نہیں پا سکو گے ۳۲ اور (بستی والوں کو) ہم نے اچانک

لِيَعْلَمُوا أَنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَأَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيهَا إِذْ

آگاہ کر دیا ان (اصحاب کہف) پر تاکہ وہ جان لیں کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے اور بلاشبہ قیامت کے آنے میں کوئی شبہ نہیں ۳۳ جب

يَتَنَازَعُونَ بَيْنَهُمْ أَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۖ رَبُّهُمْ

وہ (بستی والے) جھگڑ رہے تھے آپس میں ان کے معاملے میں تو بعض نے کہا کہ (بطور یادگار) تعمیر کر دو ان کے غار پر کوئی عمارت ۳۴ ان کا رب

کہ کسی نہ ہو۔ سامان خوراک لو اور واپس لوٹ آؤ۔ ایسا نہ ہو کہ بازار کے ہنگاموں میں کھو جاؤ اور پہچان لیے جاؤ۔

۳۱ اور اگر تم پکڑے گئے تو وہ ہم سب کو گرفتار کر لیں گے۔ نہ انہیں ہماری اٹھتی جوانیوں پر رحم آئیگا اور نہ وہ ہماری پاکدامنی پر ترس کھائیں گے کسی چوراہے میں کھڑا کر کے وہ ہمیں سنگسار کر دیں گے۔ ہمارے بچنے کی ایک ہی صورت ہو گی کہ ہم انکی بت پرستی کو قبول کر لیں۔

۳۲ اور اگر ایمان دے کر ہم نے جان بچالی تو یہ ایسا خسارے کا سودا ہو گا جس کی تلافی ممکن نہ ہو گی۔

۳۳ اگرچہ عیسائی مذہب کافی پھیل چکا تھا لیکن ابھی ایسے لوگ موجود تھے جو اپنے آبائی مشرکانہ عقاید پر ڈٹے ہوتے تھے اور قیامت پر ان کا عقیدہ نہ تھا نیز وقت گزرنے کے ساتھ عیسائیوں میں بھی عقاید کی خرابیاں رونما ہو چکی تھیں۔ ان میں بھی ایک طبقہ پیدا ہو گیا تھا جو یا تو سرے سے قیامت کا منکر تھا یا روحانی حشر کا قائل تھا جسمانی حشر کا مذاق اڑاتا تھا۔ بادشاہِ وقت کو اس امر سے بڑی تشویش تھی۔ وہ اپنے دین کے اس بنیادی عقیدہ کی یہ تضحیک گوارا نہ کر سکتا تھا لیکن اس کے پاس کوئی ایسی قوی دلیل بھی نہ تھی جس سے وہ منکرینِ قیامت کو دندان شکن جواب دے سکے۔ اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ میں سینکڑوں سال سونے والے اصحاب کہف کو صحیح و سلامت جسموں کے ساتھ بیدار کر کے اپنی قدرتِ کاملہ کا ایک ناقابلِ تردید ثبوت مہیا کر دیا۔ اور سب کو یقین کرنا پڑا کہ جو خدا دو سو سال تک غار میں سونے والوں کو یوں صحیح و سالم اٹھا سکتا ہے اس کے سامنے کیا بعید ہے کہ تمام مردوں کو قیامت کے دن زندہ کر کے کھڑا کر دے۔

۳۴ اصحاب کہف نے بیدار ہونے کے کچھ عرصہ بعد طبعی وفات پائی۔ اب باہمی اختلاف ہوا بعض کی رائے یہ تھی کہ

اَعۡلَمُ بِهِمۡ ؕ قَالَ الَّذِيۡنَ غَلَبُوۡا عَلٰۤى اَمۡرِهِمۡ لَنَـتَّخِذَنَّ عَلَيۡهِمۡ

(انکے حال سے خوب واقف ہے۔ کہنے لگے وہ لوگ جو غالب تھے اپنے کام پر کہ بخدا ہم تو ضرور ان پر ایک مسجد

مَّسۡجِدًا‏ ﴿۲۱﴾ سَيَـقُوۡلُوۡنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمۡ كَلۡبُهُمۡ‌ ۚ وَيَقُوۡلُوۡنَ خَمۡسَةٌ سَادِسُهُمۡ

بنائیں گے۔ کچھ کہیں گے کہ اصحاب کہف تین تھے چوتھا ان کا کتا تھا ۳۵ کچھ کہیں گے وہ پانچ تھے چھٹا ان کا

كَلۡبُهُمۡ رَجۡمًۢا بِالۡغَيۡبِ‌ ۚ وَيَقُوۡلُوۡنَ سَبۡعَةٌ وَّثَامِنُهُمۡ كَلۡبُهُمۡ‌ ؕ قُلْ رَّبِّىۡۤ

کتا تھا یہ سب تخمینے ہیں بن دیکھے۔ اور کچھ کہیں گے وہ سات تھے اور آٹھواں ان کا کتا تھا ۳۶ آپ فرمائیے

غار کے دروازے پر دیوار چن دی جائے تاکہ اندر کوئی نہ جاسکے۔ بعض کی رائے یہ تھی کہ انکے پڑوس میں ایک مسجد تعمیر کر دی جائے تاکہ آنے والے اس میں عبادت کرسکیں اور اس طرح اصحاب کہف کی یاد تازہ ہوتی رہے۔ ان بعضھم قال الاولی ان یسد باب الکھف لئلایہ خل علیھم وقال آخرون بل الاولی ان یبنی علی باب الکھف مسجد وھذا القول یدل علی ان اولئک الاقوام کانوا عارفین باللّٰہ معترفین بالعبادۃ والصلوٰۃ۔ (رازی)

علامہ ثناء اللہ پانی پتی یہاں لکھتے ہیں کہ اس آیت سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اولیاء کرام کے مزارات کے قریب ان سے تبرک حاصل کرنے کے لیے مسجد بنانا جائز ہے۔ ھذہ الایۃ تدل علی جواز بناء المسجد لیصلی فیہ عند مقابر اولیاء اللّٰہ قصداً للتبرک۔ (مظہری)

اس کے بعد علامہ موصوف لکھتے ہیں کہ جن احادیث میں مسجد بنانے کی ممانعت مذکور ہے وہاں مراد یہ ہے کہ قبروں کی طرف سجدہ نہ کیا جائے۔ ومعنی اتخذوا قبور انبیاءھم مساجد انھم یسجدون الی القبور کما ھو صریح فی حدیث ابی المرثد الغنوی قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لاتجلسوا علی القبور ولاتصلوا الیھا رواہ مسلم۔

یعنی ابومرثد غنوی سے مروی ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ نہ قبروں پر بیٹھو اور نہ ان کی طرف منہ کر کے نماز پڑھو (مظہری)

۳۵ اصحاب کہف کی تعداد میں بھی عیسائی مختلف الرائے تھے۔ یعقوبیہ فرقہ کہتا وہ تین ہیں اور چوتھا ان کا کتا ہے۔ نسطوریہ کہتے چار ہیں پانچواں ان کا کتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں یہ محض ان کی قیاس آرائیاں ہیں اور وہ ظن و تخمین کے گھوڑے دوڑاتے پھرتے ہیں رجما بالغیب منصوب علی المصدریۃ یعنی یرجمون رجماً ویرمون رمیاً بالخبر الغائب عنھم (مظہری)

۳۶ بعض کا خیال ہے وہ سات تھے اور آٹھواں ان کا کتا تھا۔ اکثر علماء کی رائے میں یہ تعداد صحیح ہے۔ کیونکہ جس طرح پہلے دو قولوں کے متعلق قرآن نے رجماً بالغیب کا لفظ ذکر کیا ہے اس کے لیے نہیں کیا۔

أَعْلَمُ بِعِدَّتِهِم مَّا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا قَلِيلٌ ۚ فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ إِلَّا مِرَآءً

(اس بحث کو رہنے دو) میرا رب بہتر جانتا ہے ان کی تعداد کو اور نہیں جانتے ان (کی صحیح تعداد) کو مگر چند آدمی ۳۷ تو بحث نہ کرو ان کے بارے

ظَاهِرًا ۖ وَلَا تَسْتَفْتِ فِيهِم مِّنْهُمْ أَحَدًا ﴿٢٢﴾ وَلَا تَقُولَنَّ لِشَايْءٍ إِنِّي

میں بجز اس کے کہ سرسری سی گفتگو ہو جائے ۳۸ اور نہ دریافت کرو ان کے متعلق (اہل کتاب) میں سے کسی سے اور کبھی ہرگز نہ کہنا کسی چیز کے

فَاعِلٌ ذَٰلِكَ غَدًا ﴿٢٣﴾ إِلَّا أَن يَشَآءَ اللَّهُ ۚ وَاذْكُر رَّبَّكَ إِذَا نَسِيتَ وَقُلْ

متعلق کہ میں اسے کرنے والا ہوں کل مگر (اس کے ساتھ یہ بھی کہو) اگر چاہا اللہ تعالیٰ نے ۳۹ اور یاد کر اپنے رب کو جب تم بھول جاتے ہو

۳۷ یہ فرما کر سارا جھگڑا ہی ختم کر دیا کہ یہ کونسی اہم بات ہے جس کے تصفیہ کے لیے تم آپس میں دست بگریباں ہو۔ اسے خدا کے سپرد کرو۔ وہ ان کی تعداد خوب جانتا ہے۔ اور وہ لوگ معدودے چند ہیں جن کو ان کی صحیح تعداد کا علم ہے۔ حضرت ابن عباس سے اصحاب کہف کے مندرجہ ذیل نام منقول ہیں:۔

یمکلیخا، یملیخا، مرطونس، ستونس، ساریونس، ذو نواس، کعسطیونس۔ (مظہری)

۳۸ یعنی نصاریٰ سے اس بارے میں الجھنے کی ضرورت نہیں نہ اس بحث میں اتنا توغل کرنا چاہیے۔ ہاں سرسری گفتگو کے طور پر بات چیت ہو جائے تو کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ ان آیات بینات کے بعد ان کے متعلق دریافت کرنے کی تمہیں کیا ضرورت ہے۔

۳۹ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم کی تعلیم و تربیت اور اصلاح و تادیب کا ذمہ خود اٹھایا تاکہ اس کے محبوب پر کسی کا احسان نہ ہو بلکہ جو ہو وہ اسی حبیب کے خوان احسان و انعام کا ریزہ چین ہو۔ وہ خود ہی اس کا معلم، خود ہی مربی اور خود ہی اس کا مؤدب ہے۔ اس امر کے متعلق سورۃ والضحیٰ میں فرمایا الم یجدک یتیما فاوٰی اللہ تعالیٰ نے آپ کو یتیم پایا تو اپنے آغوش کرم میں آپ کو پناہ دی۔ اب آپ خود غور فرمائیے جس کی تعلیم و تربیت علیم و حکیم خداوند کریم نے فرمائی ہو گی اس کے علم و دانش کا اور اس کے مکارم اخلاق کا کوئی کیا اندازہ کر سکتا ہے۔ انہی اسباق میں سے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے تلمیذ ارشد کو پڑھائے ایک یہ سبق ہے جو اس آیت میں مذکور ہے یعنی اے حبیب اگر آپ یہ ارادہ کریں کہ کل آپ فلاں کام کریں گے تو یوں مت کہو کہ کل میں ایسا کروں گا بلکہ اس طرح کہو کہ اگر میرے خداوند کریم کو منظور ہوا تو کل میں ایسا کروں گا اس طرح ایک تو اظہار حقیقت ہے کیونکہ کسی کے پاس وسائل کی کتنی فراوانی ہو اگر اللہ تعالیٰ نہ چاہے تو اس کی ساری مساعی بے اثر ہو کر رہ جاتی ہیں۔ ہر چیز کے وقوع پذیر ہونے کا انحصار مشیت الٰہی پر ہے۔ دوسرا مومن کی شان ہی یہ ہے کہ ہر کام کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے تاکہ اس کی نظر کرم سے راہ کی ساری صعوبتیں خود بخود دور ہوتی چلی جائیں۔ علامہ ابن جریر

عَسٰٓى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿٢٤﴾ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ

(یہی) کہو کہ مجھے امید ہے کہ دکھائے گا مجھے میرا رب اس سے بھی قریب تر ہدایت کی راہ ۳۳ اور (اہل کتاب کہتے ہیں کہ) وہ

ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿٢٥﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا لَهٗ

ٹھہرے رہے اپنے غار میں تین سو سال اور زیادہ کیے انھوں نے (اس پر) نو سال ۳۵ آپ فرمائیے اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے جتنی مدت وہ ٹھہرے

لکھتے ہیں وھذا تادیب من اللہ عز ذکرہ لنبیہ صلی اللہ علیہ وسلم عھد الیہ ان لا یجزم علی ما یحدث من الامور انہ کائن لا محالۃ الا ان یصلہ بمشیئۃ اللہ تعالی۔ یعنی اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم کو یہ ادب سکھایا کہ کسی کام کے واقع ہونے کے متعلق یقین نہ کریں جب تک اسے اللہ تعالیٰ کی مرضی سے وابستہ نہ کر لیں۔

۳۳ اگر یاد الٰہی سے کبھی غفلت ہو جائے تو غفلت کے سلسلہ کو دراز نہ ہونے دو بلکہ جلد از جلد اس کو ختم کرو جب بھی غفلت کا احساس ہو تو وقت ضائع کیے بغیر ذکر الٰہی میں مشغول ہو جاؤ۔ اسی سے علمائے کرام نے نماز کی قضا پر استدلال کیا ہے۔

عارف باللہ علامہ پانی پتی نے خوب لکھا ہے کہ صوفیائے کرام کے نزدیک اس آیت کا مفہوم یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کے سوا سب پیاری پیاری یادوں کو دل سے محو کر چکو تو یاد الٰہی میں مشغول ہو جاؤ کیونکہ اس یاد الٰہی میں کیا لطف جب اس کے ساتھ ساتھ دوسری یادیں بھی تمہارے نہاں خانۂ دل میں سر چھپائے بیٹھی ہوں وقالت الصوفیۃ العالیۃ ان معنی الآیۃ واذکر ربک اذا نسیت ما عداہ قالوا ذکر اللہ سبحانہ انما لا یتصور ما لم یحصل لقلبہ نسیان ما سواہ۔ اس کے بعد لکھتے ہیں وھذا التاویل انسب بمنطوق الکتاب وادق بالعربیۃ وابعد من التجوز (مظہری)

۳۴ یعنی استثنا (ان شاء اللہ) نہ کہنے کی وجہ سے جو احساس ندامت ہوا اور اس سے استغفار کی جائے تو وہ مآل و ثواب کے لحاظ سے زیادہ بہتر ہے۔ اس جملہ کا یہ مطلب بھی بیان کیا گیا ہے کہ جب کفار نے عناد و آزمائش کے لیے حضور سے اصحاب کہف کا حال دریافت کیا تو اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی آپ کو ان کے حالات پر آگاہی بخشی اور ساتھ ہی فرمایا کہ آپ ان لوگوں کو جو اصحاب کہف کے حالات بتانے کو آپ کی نبوت اور صداقت کی دلیل قرار دے رہے ہیں کہہ دیں کہ میری صداقت کی ایسی ایسی روشن دلیلیں اللہ تعالیٰ ظاہر فرمانے والا ہے کہ ان کے سامنے اس واقعہ کا علم کوئی حیثیت نہیں رکھتا یہ لکھنے کے بعد علامہ مذکور لکھتے ہیں وقد فعل حیث آتاہ علم غیب المرسلین وعلم ما کان وما یکون ما ھو اوضح فی الحجۃ واقرب الی الرشد من خبر اصحاب الکہف (مظہری)

یعنی اللہ تعالیٰ نے ایسا کر بھی دیا کہ اپنے محبوب کو مرسلین کے غیب کا علم اور علم ما کان وما یکون عطا فرمایا جو حضور کی نبوت و رسالت کی واضح اور پختہ دلیل ہے۔

۳۵ امام ابن جریر نے اس امر کی تصریح کی ہے کہ حضرت قتادہ کا مذہب یہ ہے کہ تین سو نو سال کی یہ مدت یہودیوں کا

غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ

اسی کے لیے ہے علم غیب آسمانوں اور زمین کا وہ بڑا دیکھنے والا ہے اور سب باتیں سننے والا ہے ۴۳ نہیں ان کا اس کے سوا

مِنْ وَّلِیٍّ ۫ وَّلَا یُشْرِكُ فِیْ حُكْمِهٖۤ اَحَدًا ﴿٢٦﴾ وَاتْلُ مَاۤ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ

کوئی دوست اور وہ نہیں شریک کرتا اپنے حکم میں کسی کو ۴۴ اور پڑھ کر سنائیے (انھیں) جو وحی کیا جاتا ہے آپ کی

كِتَابِ رَبِّكَ ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿٢٧﴾

طرف آپ کے رب کی کتاب سے۔ کوئی بدلنے والا نہیں اس کے ارشادات کا۔ اور نہیں پائیں گے آپ اس کے سوا کوئی پناہ گاہ ۴۵

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ

اور روکے رکھیے اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ جو پکارتے ہیں اپنے رب کو صبح و شام

قول ہے۔ یہ قرآن کی بیان کردہ مدت نہیں۔ ورنہ بعد میں یہ نہ فرمایا جاتا قل اللہ اعلم بما لبثوا کہ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے جتنی مدت وہ ٹھہرے اور قتادہ کے اس قول کی تائید حضرت ابن مسعود کی قرأت سے ہوتی ہے۔ وقالوا ولبثوا فی الکہف۔

اب جب حقیقت یہ ہے کہ تین سو نو سال کی مدت قرآن کی بیان کردہ مدت نہیں بلکہ اہل کتاب کی رائے ذکر کی گئی اور پھر اس کے بعد اس کی تردید کر دی گئی تو اب گبن ( GIBBON ) نے قرآن اور صاحب قرآن پر اس وجہ سے جو اعتراض کیا ہے کہ یہ مدت غلط ہے صحیح مدت ۱۸۷ سال ہے۔ خود ہی باطل ہو گیا اور اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ یہ قرآن کی بیان کردہ مدت ہے تو ہم گبن سے یہ پوچھنے کا حق رکھتے ہیں کہ تمہارے پاس کون سی ایسی قطعی دلیل ہے جس کی بنا پر تم ۱۸۷ سال کا تعین کر رہے ہو۔ تمہارے پاس بھی لے دے کر سنی سنائی باتیں ہیں۔ کیا ان میں اتنی جان ہے کہ انھیں قرآن کے حتمی بیانات کا مدمقابل تصور کیا جا سکے۔

۴۳ فعل تعجب کے صیغے ہیں مطلب یہ ہے کہ وہ خوب دیکھنے والا اور خوب سننے والا ہے۔

۴۴ ان کا وہی مددگار اور کارساز ہے۔ وہ اپنے فیصلوں میں کسی کی شراکت گوارا نہیں کرتا نہ اس کی کوئی مزاحمت کر سکتا ہے اور نہ اس کی حکمرانی میں کوئی حصہ دار بن سکتا ہے۔ وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ کسی غیر کو دخل اندازی کا کوئی حق نہیں ہے۔

۴۵ قرار کی جگہ، پناہ گاہ۔

يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

طلب گار ہیں اس کی رضا کے [43] اور نہ ہٹیں آپ کی نگاہیں ان سے کیا آپ چاہتے ہیں دنیوی زندگی کی زینت

[43] عیینہ بن حصن الفزاری جو قبیلہ مضر کا سردار تھا اسلام لانے سے پہلے ایک دفعہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا۔ وہاں سلمان فارسی، ابوذر اور دیگر فقراء صحابہ نعمت دیدار حبیب سے لطف اندوز ہو رہے تھے۔ گرمی کا موسم تھا۔ پسینے کی بو اونی جبوں سے اٹھ رہی تھی۔ عیینہ کہنے لگا کیا یہ بدبو آپ کو تنگ نہیں کرتی۔ ہم قبیلہ مضر کے سردار ہیں۔ اگر ہم آپ کا دین قبول کر لیں تو سب لوگ آپ پر ایمان لے آئیں گے۔ ہمارا آپ کے پاس آنے کو جی تو چاہتا ہے لیکن جب آتے ہیں تو غلیظ اور بدبودار کپڑوں والے آپ کے ارد گرد حلقہ بنائے ہوتے ہیں۔ انہیں یہاں سے اٹھا دیں ہم آپ پر ایمان لانے کے لیے تیار ہیں یا ان کے لیے کسی الگ مجلس کا انتظام کریں۔ تاکہ ان کا تعفن ہمارے دماغوں کو پریشان نہ کرے۔ فوراً جبرئیل امین فرمان الٰہی لے کر نازل ہو گئے۔ واصبر نفسك مع الذین "اللہ تعالیٰ کو ان مغرور اور متکبر لوگوں کی ہم نشینی پسند نہیں۔ آپ ان کے لیے ان لوگوں کی صحبت ترک نہ کریں جن کی زندگی کا مقصد وحید صرف اپنے رب کریم کی رضا جوئی ہے جو صبح و شام بلکہ ہر لمحہ اس کی یاد اور اس کی محبت میں محو رہتے ہیں وہ تیری نگاہ کرم کے پیاسے ہیں۔ وہ تیری نظر محبت کے بھوکے ہیں جب تو ان کو ایک مرتبہ شفقت و محبت بھرے انداز سے دیکھ لیتا ہے تو یہ سب رنج و غم بھول جاتے ہیں۔ اے محبوب ایسا نہ ہو کہ تیری نگاہ عنایت ان سے پھر جائے۔ ان سے یہ صدمہ برداشت نہ ہو گا۔ لا تعد عینٰك عنہم کے اس جملہ سے دلنوازی اور دلربائی کے جو انداز سکھائے جا رہے ہیں ان کی کشش کسی درد کے مارے سے پوچھو وہ تمہیں بتائے گا کہ اس کی ساری خوشیاں اس کی نگاہ کرم کے ایک گوشہ میں سمٹ کر آ گئی ہیں۔ اسی ایک سہارے پر وہ ہجر کے صدمے اور جدائی کی طویل گھڑیاں خوشی خوشی گزار دیتے ہیں۔ اے درد محبت کے بیمارو! مژدہ باد! نگاہ حبیب سے تم محروم نہیں ہو گے۔

علامہ آلوسی نے کیا خوب لکھا ہے فائدتها منه عليه الصلوة والسلام تعود عليهم وذلك لانهم عشاق الحضرة وهو صلى الله عليه وسلم مرآتها وعرش تجليها ومعدن اسرارها ومشرق انوارها فمتى رأوه صلى الله عليه وسلم عاشوا ومتى غاب عنهم كئبوا وطاشوا واما صحبة الفقراء بالنسبة الى غيره صلى الله عليه وسلم ففائدتها تعود الى من صحبهم فهم القوم لا يشقى جليسهم (روح المعانی)

ترجمہ:۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صحبت کا فائدہ تو ان فقراء کو حاصل ہوتا ہے۔ کیونکہ وہ بارگاہ الٰہی کے عشاق ہیں۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم انوار الٰہی کے لیے آئینہ اور اس کی تجلیات کے لیے عرش اور اس کے اسرار کا معدن اور اس کے انوار کا مشرق ہیں۔ صحابہ کرام جب حضور کے روئے زیبا کو دیکھتے تھے تو انہیں زندگی کا لطف حاصل ہوتا تھا اور جب حضور ان کی نگاہوں سے اوجھل ہوتے تھے تو وہ رنجیدہ خاطر اور پریشان ہو جاتے تھے لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سوا اور لوگ جو ان فقراء کی صحبت سے مشرف ہوتے ہیں۔ اس صحبت کا فائدہ انہیں نصیب ہوتا ہے کیونکہ

وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ

اور نہ پیروی کیجئے ۴۷ اس (بدنصیب) کی غافل کر دیا ہے ہم نے جس کے دل کو اپنی یاد سے اور وہ اتباع کرتا ہے اپنی خواہش کا اور اس کا معاملہ

فُرُطًا ﴿۲۸﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ

حد سے گزر گیا ہے ۴۹ اور فرمائیے حق تمہارے رب کی طرف سے ہے ۵۰ پس جس کا جی چاہے وہ ایمان لے آئے اور جس کا جی چاہے

اللہ تعالیٰ کی یاد کرنے والے وہ گروہ ہیں جن کا ہم نشین بدبخت نہیں رہتا۔

لاتعد عینٰك عنھم پر غور فرمائیے اس کا یہ معنی نہیں کہ آپ اپنی نگاہیں ان سے نہ پھیر لیں۔ کیوں کہ تعد مخاطب کا صیغہ نہیں بلکہ واحد مؤنث غائب کا صیغہ ہے اس کا فاعل حضور نہیں بلکہ عیناك ہے اور تعد یہاں متعدی مستعمل نہیں بلکہ تنصرف کے معنی میں لازمی ہے۔ مدعا یہ ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کے مخلص بندوں اور اپنے غلاموں سے دانستہ اور قصداً تو نگاہ نہیں پھیرتے لیکن کہیں بے دھیانی کے عالم میں نگاہیں نہ پھر جائیں۔

۴۷ علامہ قرطبی لکھتے ہیں ولم یرد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان یفعل ذلك ولکن اللہ تعالیٰ نھاہ عن ان یفعلہ ولیس ھذا باکثر من قولہ لئن اشرکت لیحبطن عملك یعنی حضور نے زینت دنیا کا ارادہ نہیں فرمایا بلکہ اللہ تعالیٰ نے ایسا ارادہ کرنے سے نہی فرما دی۔ یہ جملہ بعینہٖ اسی طرح ہے لئن اشرکت یعنی اگر آپ شرک کریں گے تو آپ کے عمل ضائع ہو جائیں گے حالانکہ شرک کا صدور حضور سے محال ہے۔

۴۸ یعنی جو بے خبر لوگ آپ کے سامنے یہ تجویز پیش کرتے ہیں کہ ان غریب و مسکین لوگوں کو اپنی مجلس میں شرفیاب ہونے سے روک دیجئے تاکہ رؤسا اور امراء آپ کے پاس بیٹھ سکیں۔ یہ لوگ ایسے نہیں کہ ان کی بات مانی جائے بلکہ ہم نے ان کے دلوں کو اپنی یاد سے محروم کر دیا ہے۔ یہ عقل سلیم کے تقاضوں سے سراسر غافل ہیں اور اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں۔ خوب و ناخوب، روا و ناروا، صحیح اور غلط کی تمیز ان میں نہیں۔

۴۹ فرط اگر تفریط سے ہو تو اس کا معنی ہوگا تقصیر اور کوتاہی یعنی وہ ایمان لانے سے قاصر ہیں۔ ان میں یہ ہمت ہی نہیں کہ وہ اس نعمت عظمیٰ کو قبول کر سکیں اور اگر افراط سے ہو تو اس کا معنی حد سے تجاوز کر جانا ہے۔ (قرطبی)

۵۰ یہ لوگ جو بڑے معتبر بنے پھرتے ہیں اور آپ کو مشورے دینے لگے ہیں کہ فلاں کو اپنے پاس بیٹھنے دو اور فلاں کو مت بیٹھنے دو۔ فلاں گندہ ہے اس کے کپڑوں سے بو آتی ہے اور فلاں اپنے قبیلہ کا رئیس ہے بڑا مالدار اور جاگیردار ہے۔ ان کو اپنے ہاں جگہ دیں گے تو سب لوگ آپ کے حلقہ ارادت میں داخل ہو جائیں گے۔ اے حبیب! ان حقیقت ناشناسوں کو بتا دو کہ تمہارا دل چاہے ایمان لے آؤ اور دل نہ چاہے تو ایمان نہ لاؤ۔ ہم تمہاری پاسداری کے لیے ان کشتگان خنجر تسلیم سے روگردانی نہیں کر سکتے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے ان پھٹے پرانے کپڑے پہننے والوں کو نعمت ایمان سے نوازا ہے اور تم رئیسوں کو نظر انداز کر دیا ہے تو یہ اس کی مرضی۔ اتما

فَلْيَكْفُرْ ۚ إِنَّآ أَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِينَ نَارًا ۙ أَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۚ وَإِنْ

کفر کرتا رہے۔ بیشک ہم نے تیار کر رکھی ہے ظالموں کے لیے آگ ۴۱ف گھیر لیا ہے انھیں اس آگ کی دیوار نے۔ اور اگر وہ

يَّسْتَغِيثُوا يُغَاثُوا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِى الْوُجُوهَ ۚ بِئْسَ الشَّرَابُ ۗ وَ

فریاد کریں گے تو ان کی فریاد رسی کی جائے گی ایسے پانی کے ساتھ جو پیپ کی طرح (غلیظ) ہے اور (اتنا گرم کہ) بھون ڈالتا ہے چہروں کو یہ

سَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿٢٩﴾ إِنَّ الَّذِينَ ءَامَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ إِنَّا لَا نُضِيعُ أَجْرَ

مشروب بڑا ناگوار ہے اور یہ قرارگاہ بڑی تکلیف دہ ہے۔ بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے تو ہمارا دستور ہے کہ ہم ضائع

مَنْ أَحْسَنَ عَمَلًا ﴿٣٠﴾ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِى مِن تَحْتِهِمُ

نہیں کرتے کسی کا اجر جو عمدہ اور (مفید) کام کرتا ہے ۴۲ف یہی وہ خوش نصیب ہیں جن کے لیے ہمیشگی کے جنت ہیں ۴۳ف رواں ہیں جن کے نیچے

ھو وعید و تھدید (قرطبی) یعنی ان الفاظ سے انہیں دھمکی دی جا رہی ہے اور انہیں عذاب شدید سے ڈرایا جا رہا ہے۔

۴۱ف لیکن یہ یاد رہے کہ اگر تم اسی غفلت اور خود پرستی میں مر گئے تو جس عذاب میں تمہیں ڈالا جائے گا اس کا تھوڑا سا حال بھی سن لو تاکہ اس وقت یہ نہ کہو کہ ہمیں اس ہولناک انجام کی خبر نہ تھی ورنہ ہم کیوں حق کا انکار کرتے۔

چند مشکل الفاظ کی تشریح:۔ سرادق جمع سرادقات کل ما احاط بشیء من حائط او مضرب او خباء ہر وہ چیز جو کسی کو اپنے گھیرے میں لے لے جیسے دیوار خیمہ وغیرہ۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے رسول کریم ﷺ سے روایت کیا ہے کہ اس سے مراد آگ کی چار دیواریں ہیں۔ ہر ایک اتنی موٹی ہوگی کہ اسے طے کرنے کے لیے چالیس سال درکار ہوں گے۔ (ترمذی۔ احمد)

مھل مجاہد سے اس کا یہ معنی مروی ہے قال مجاھد۔ ھو القیح والدم پیپ اور خون۔ عن ابن عباس اسود کعکر الزیت یعنی تیل کا سیاہ تلچھٹ جو نیچے جم جاتا ہے۔ یشوی بھونتا۔ بئس الشراب میں مخصوص بالذم المھل ہے اور ساءت کا مخصوص بالذم النار ہے۔ ترجمہ میں اسی معنی کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔

۴۲ف کفار کے عذاب الیم کے ذکر کے بعد اب ان انعامات و احسانات کا بیان ہو رہا ہے جن سے اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کو سرفراز فرمائیں گے۔

۴۳ف اس جنت کا نام عدن ہے جو وسط میں ہے۔ جنت (واحد) کہنے کی جگہ جنات عدن (جمع) استعمال کرنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ جنت اتنی کشادہ اور وسیع ہے گویا وہ ایک جنت نہیں بلکہ کئی جنتوں کا مجموعہ ہے۔ اساور جمع ہے اس کا واحد اسورہ۔ سندس اس کا واحد سندسہ ہے۔ وہ کپڑا جو باریک ریشم سے بنایا گیا ہو۔ استبرق وہ کپڑا جو موٹے ریشم سے بنایا گیا ہو۔

الْأَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُونَ ثِيَابًا

ندیاں انھیں پہنائے جائیں گے ان جنتوں میں کنگن سونے کے اور پہنیں گے سبز رنگ کا لباس

خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّإِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِئِينَ فِيهَا عَلَى الْأَرَائِكِ ۚ نِعْمَ

جو باریک ریشمی کپڑے اور موٹے ریشمی کپڑے کا بنا ہوا ہوگا۔ تکیہ لگائے بیٹھے ہونگے وہاں مرصع پلنگوں پر۔ کتنا اچھا

الثَّوَابُ ۖ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿٣١﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا ع ۴/۱۶

ہے یہ اجر اور کتنی عمدہ ہے یہ آرام گاہ۔ اور بیان فرمائیے ان کے لیے مثال کہ تھے دو آدمیوں کی ہم نے دیئے تھے

لِأَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ أَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا

ان دونوں میں سے ایک کو دو باغ انگوروں کے اور ہم نے باڑ بنا دی ان دونوں کے اردگرد کھجور (کے درختوں) کی اور

ارائک اس کا واحد اریکۃ وہ نشست گاہ جو دلہن کے بٹھانے کیلئے آراستہ و مزین کی جاتی ہے الاریکۃ: سریر عزیز فاخر (منجد)

۳۲؎ دنیا کی بے ثباتی اور اہلِ دنیا کی حرماں نصیبی کو ایک مثال سے واضح کیا جا رہا ہے اہلِ عرب جن کی زمین بنجر اور ناقابلِ کاشت ہے جہاں پانی قلیل بلکہ اکثر مقامات پر نایاب ہے جہاں اگر کھجور کے چند سرسبز درختوں کا جھنڈ نظر آ جائے تو خوشی کی حد نہیں رہتی۔ ان لوگوں کے سامنے ان دو آدمیوں میں سے ایک کی ثروت اور خوشحالی کا جو نقشہ پیش کیا گیا ہے کتنا دلنشین اور اثر آفریں ہے۔

ایک شخص کے پاس باغ ہیں جہاں خوش ذائقہ انگوروں کی البیلی بیلیں اپنی بہار دکھا رہی ہیں ان باغوں کے اردگرد بلند قامت کھجوروں کے درخت کھڑے ہیں جو اس باغ کو آندھیوں سے بھی بچاتے ہیں اور اپنے عمدہ اور شیریں پھل کے باعث بذاتِ خود بھی منفعت بخش ہیں مزید برآں انگوروں کی بیلوں کی قطاروں میں جو جگہ بچ گئی ہے وہ بھی بیکار نہیں بلکہ وہاں بھی کھیتی باڑی کی جاتی ہے اور کئی جنسیں کاشت ہوتی ہیں۔

علمِ زراعت و باغبانی کے جدید ماہرین جس چمن بندی کو آج مثالی قرار دے رہے ہیں۔ قرآن نے پہلے ہی اپنے ماننے والوں کو یہ نقشہ بتا دیا تھا انھوں نے شام، مصر، اندلس وغیرہ میں باغ لگوائے اور ان ویران علاقوں کو اپنی محنت اور ہنرمندی سے رشکِ ارم بنا دیا۔ قوم کے قوائے عمل کو راحت طلبی اور کم کوشی کا گھن لگا تو ان کے دوسرے علوم و فنون کی طرح ان کا فنِ باغبانی بھی اس ہمہ گیر زوال سے بچ نہ سکا۔ ورنہ مغلوں کے لگائے ہوئے باغات اور پیوند کاری کے ذریعہ سے ہر پھل اور جنس میں نئی اقسام کی اختراع کے معلوم نہیں صرف آموں کی مختلف قسمیں سینکڑوں سے متجاوز ہیں۔

بَیْنَهُمَا زَرْعًا ۳۲ كِلْتَا الْجَنَّتَیْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَ لَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَیْـًٔا وَّ

آگادی ان دونوں کے درمیان کھیتی۔ یہ دونوں باغ اپنے اپنے پھل لائے اور نہ کم ہوئی ان سے کوئی چیز۔ اور

فَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۳۳ وَّ كَانَ لَهٗ ثَمَرٌ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَ هُوَ یُحَاوِرُهٗۤ

ہم نے جاری کر دیں ان کے درمیان نہریں۔ اور (باغوں کے علاوہ) اور بھی اس کے مال تھے ۵۵ تو ایک دن اس نے اپنے ساتھی

اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّ اَعَزُّ نَفَرًا ۳۴ وَ دَخَلَ جَنَّتَهٗ وَ هُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ

سے بحث مباحثہ کے دوران کہا کہ میں دولت کے لحاظ سے بھی تم سے زیادہ ہوں ۵۶ اور نفری کے لحاظ سے بھی تم سے طاقتور ہوں اور (ایک دن) وہ

قَالَ مَاۤ اَظُنُّ اَنْ تَبِیْدَ هٰذِهٖۤ اَبَدًا ۳۵ وَّ مَاۤ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآىِٕمَةً وَّ

اپنے باغ میں گیا درآنحالیکہ وہ اپنی جان پر ظلم کر رہا تھا کہنے لگا میں نہیں خیال کرتا کہ یہ سرسبز و شاداب باغ کبھی برباد ہوگا ۵۷ اور میں یہ خیال

لَّىِٕنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّیْ لَاَجِدَنَّ خَیْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ۳۶ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ

بھی نہیں کرتا کہ کبھی قیامت بھی برپا ہوگی اور بفرض محال اگر مجھے لوٹایا گیا اپنے رب کی طرف تو یقیناً میں ۵۸ پاؤں گا اس (باغ) سے بہتر ٹھکانا۔ اسے

۵۵ ازہری جو لغت کے امام ہیں کہتے ہیں ثمرۃ کی جمع ثَمَرٌ اور ثَمَرٌ کی جمع ثمار ہے اور ثمار کی جمع ثُمُرٌ ہے قال الازھری الثمرۃ تجمع علی ثمر ویجمع الثمر علی ثمار ثم یجمع الثمار علی ثُمُر اور قاموس میں ہے الثمرۃ محرکۃ حمل الشجر و انواع المال الواحدۃ ثمرۃ وثمرۃ وجمعہ ثمار وجمع الجمع ثُمُرٌ وجمع جمع الجمع اثمار۔ یہاں اس سے مراد باغات کے علاوہ جو مال و دولت کے ذخائر اس کے پاس تھے۔

۵۶ دولت مند آدمی اکثر کم ظرف ہوتے ہیں اور اپنی دولت کا ذکر کرنے سے ذرا نہیں جھجکتے۔

۵۷ یعنی یہ باغ کبھی خزاں آشنا نہیں ہونگے میرا خزانہ دن بدن بڑھتا ہی رہیگا۔ حادثاتِ زمانہ اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔

۵۸ خدا فراموش اور مادہ پرست افراد اور اقوام کا اندازِ فکر آج بھی تقریباً یہی ہے۔ وہ کہتے ہیں پہلے تو وقوعِ قیامت کا امکان ہی نہیں۔ یہ محض خبطِ عقلی ہے جس میں مذہب پرست لوگ مبتلا ہیں۔ اور خواہ مخواہ اس کے فکر میں صبح و شام گھلتے رہتے ہیں۔ اور اگر بفرضِ محال قیامت آ ہی گئی تو پھر بھی ہمیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ ہمارے ماتھے کا ستارا چمکتا رہے وہاں بھی بخت کی ارجمندیاں ہمیں ہر طرح کی سعادتوں اور راحتوں سے بہرہ یاب کر دیں گی۔

وَهُوَ يُحَاوِرُهٗۤ اَكَفَرْتَ بِالَّذِیْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ

بہتر ٹھکانے کی جگہ؟ اسکے ساتھی نے اسے بحث مباحثہ کے درمیان کہا کیا تو انکار کرتا ہے اس ذات کا جس نے تجھے پیدا فرمایا مٹی سے پھر نطفہ سے

ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿۳۷﴾ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّیْ وَلَاۤ اُشْرِكُ بِرَبِّیْۤ اَحَدًا ﴿۳۸﴾ وَلَوْلَاۤ

پھر بنا سنوار کر تجھے مرد بنایا۔ لیکن میں (تو) وہ اللہ ہی میرا رب ہے۔ اور میں شریک نہیں ٹھہراتا اپنے رب کے ساتھ کسی کو۵۹ اور کیوں

اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا

ایسا نہ ہوا کہ جب تو باغ میں داخل ہوا تو تو کہتا ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ (وہی ہوتا ہے جو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مدد کے۶۰ بغیر کسی میں

اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾ فَعَسٰى رَبِّیْۤ اَنْ یُّؤْتِیَنِ خَیْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ

کوئی طاقت نہیں، اگر تو نے مجھے دیکھا کہ میں کم ہوں۶۱ تجھ سے مال اور اولاد میں پس عجب نہیں کہ میرا رب مجھے عطا فرمادے کوئی بہتر چیز۶۲

۵۹ اب مومن کی گفتگو سنیئے اور اسی سے ایک بندہ مومن کی سیرت و کردار کا اندازہ لگائیے۔ لکنا اصل میں لکن انا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ تو اپنے خالق کو جھٹلا سکتا ہے جس نے تجھے تخلیق کے مختلف مرحلوں سے کمال حکمت کے ساتھ گزار کر یہاں تک پہنچایا ہے کہ تو ایک تندرست، خوبرو، باوقار مرد بن گیا لیکن میں تو اپنے خالق کو جھٹلانے کی جرأت نہیں کر سکتا۔ اور صاف صاف اعتراف کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہی میرا پروردگار ہے۔ اور میں کسی بڑی سے بڑی چیز کو بھی اس کا شریک بنانے کی غلطی نہیں کروں گا۔ عبارت یوں ہوئی لکن انا ھو اللہ ربی۔ اس کی ترکیب یہ ہے انا مبتدأ اول، ھو مبتدا ثانی، اللہ مبتدا ثالث، ربی اس کی خبر، دونوں مل کر مبتدا ثانی کی خبر، یہ اپنی خبر سے مل کر انا مبتدا اول کی خبر (البرہان زرکشی، جلد ۳ صفحہ ۳۹۰)۔

۶۰ دیکھ تو نے کتنی حماقت کی کہ جب تو اس پھلے پھولے باغ میں آیا تو داخل ہوتے وقت تو نے اتنا بھی نہ کہا ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یعنی وہی ہوتا ہے جو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے اور کسی کے پاس کوئی قوت و اختیار نہیں جس سے وہ کوئی کام کر سکے۔ مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کا معاون ہو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا من رأی شیئا فاعجبہ فقال ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ لم یضرہ۔ اگر کوئی شخص کسی چیز کو دیکھے اور وہ اسے پسند آئے تو یہ کہے ماشاء اللہ الخ اسے نظر نہیں لگے گی۔

۶۱ تیری کم نگاہی پر صد افسوس، تو مجھے اس لیے حقیر سمجھ رہا ہے کہ میں تجھ سے مال و اولاد میں کم ہوں۔

۶۲ میں اپنے فقر و فاقہ کے باوجود اپنے رب کریم کی جود و سخا سے مایوس نہیں۔ مجھے یقین ہے کہ وہ دنیا و آخرت کی نعمتوں سے مجھے ایسی نعمتیں بخشے گا جن کا تم تصور بھی نہیں کر سکتے اور یہ شاداب باغات اور لہلہاتی ہوئی فصلیں جن کی وجہ سے تم تکبر کر رہے ہو فانی ہیں۔ غضب الٰہی کی ایک بجلی ان کا نام و نشان تک مٹا دے گی۔ ایسی فانی اور ناپائیدار چیز پر مغرور ہو کر اپنے رب قدیر سے روگردانی قرین عقلمندی نہیں۔

وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيدًا زَلَقًا ﴿٤٠﴾ أَوْ

پھر (اس) باغ سے اور اتارے اس باغ پر کوئی آسمانی عذاب ۶۳ تو ہو جائے یہ (سرسبز) باغ ایک چٹیل میدان۔ یا ہوں

يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَن تَسْتَطِيعَ لَهُ طَلَبًا ﴿٤١﴾ وَأُحِيطَ بِثَمَرِهِ فَأَصْبَحَ

جذب ہو جائے اس کا پانی زمین کی گہرائی میں کہ پھر تو اس کو تلاش کے باوجود نہ پا سکے ۶۴ اور اس (کے باغ) کا پھل برباد ہو گیا ۶۵ پس وہ

يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلَىٰ مَآ أَنفَقَ فِيهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا وَيَقُولُ

کف افسوس ملنے لگا اس مال کے نقصان پر جو اس نے باغ پر خرچ کیا تھا اور اب وہ گرا پڑا تھا اپنے چھپروں پر اور (حسرت سے) کہنے لگا

يَٰلَيْتَنِي لَمْ أُشْرِكْ بِرَبِّيٓ أَحَدًا ﴿٤٢﴾ وَلَمْ تَكُن لَّهُ فِئَةٌ يَنصُرُونَهُ مِن

کاش! میں نے کسی کو اپنے رب کا شریک نہ بنایا ہوتا۔ اور نہ ہی تھی اس کے پاس کوئی جماعت جو اس کی مدد کرتی

دُونِ اللَّهِ وَمَا كَانَ مُنتَصِرًا ﴿٤٣﴾ هُنَالِكَ الْوَلَٰيَةُ لِلَّهِ الْحَقِّ ۚ هُوَ خَيْرٌ

اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں اور نہ وہ بدلہ لینے کے قابل تھا ۶۶ یہاں سے ثابت ہو گیا کہ سارا اختیار اللہ سچے کیلئے ہے۔ وہی بہتر ثواب

۶۳ علامہ بیضاوی نے فرمایا ہے کہ حسبان، حسبانة کی جمع ہے اس کا معنی بجلی کی کڑک۔ قال العلامہ بیضاوی جمع حسبانة وهی الصواعق صعیدا چٹیل زمین۔ زلقا جس پر چکنی کی وجہ سے قدم نہ جم سکے اور پھسل جائے یعنی اس کے غضب سے پناہ مانگتے رہو۔ اس کی بے نیازی سے ڈرتے رہو، کہیں ایسا نہ ہو کہ بجلی کا صاعقہ آئے اور تیرے سارے گل و گلشن کو ملیامیٹ کر کے رکھ دے۔ سبزی کا نام و نشان تک باقی نہ رہے۔ یہ زرخیز زمین جس کا چپہ چپہ آج سونا اگل رہا ہے ایسی بنجر اور اجاڑ ہو جائے کہ چلتے ہوئے لوگوں کے قدم پھسل پھسل جائیں۔

۶۴ یا پانی ہی زمین میں دھنس جائے اور تو ہزار جتن کرے اس کو ان گہرائیوں سے نہ نکال سکے۔

۶۵ معلوم ہوتا ہے کہ اس کے رفیق کی مخلصانہ پند و موعظت کا اس پر کچھ اثر نہ ہوا۔ وہ حسب سابق شرک و نافرمانی کی روش پر چلتا رہا یہاں تک کہ مہلت کی وہ گھڑیاں ختم ہو گئیں۔ جو ہر عصیان شعار اور غلط کار کو سنبھلنے کے لیے مرحمت فرمائی جاتی ہیں۔ تو وہ عذاب آیا جس نے اس کی خوابوں کی دنیا کو درہم برہم کر کے رکھ دیا اور وہ اپنے اجڑے ہوئے اور اکھڑے ہوئے باغ کو دیکھ کر کف افسوس ملنے لگا۔ علامہ قرطبی نے احیط بثمرہ کا معنی کیا ہے ای اهلك ماله كله کہ اس کا سب اثاثہ برباد ہو گیا

۶۶ انتصر کا معنی غالب آنا کامیاب ہونا بھی ہے لیکن اس کا ایک معنی انتقام لینا بھی ہے انتصر ای انتقم یہاں مجھے یہی معنی موزوں

ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ ع ۵ ۱۷

بلحاظ ثواب اور اس کے ہاں بہتر انجام ہے ۵۸ اور بیان فرمائیے ان کے لیے دنیوی زندگی کی (ایک اور) مثال ۵۹ یہ پانی کی طرح ہے

اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا

جسے ہم نے اتارا ہے آسمان سے پس گھنی ہو کر اگتی ہیں اس پانی سے زمین کی انگوریاں پھر کچھ عرصہ کے بعد وہ خشک ریزہ ریزہ گھاس بن جاتی

تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ

ہے اڑائے پھرتی ہیں جسے ہوائیں۔ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ مال اور فرزند (تو صرف)

زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا

دنیوی زندگی کی زیب و زینت ہیں ۶۰ اور (درحقیقت) باقی رہنے والی نیکیاں ۶۱ بہتر ہیں تیرے رب کے ہاں ثواب کے اعتبار سے

معلوم ہوتا ہے۔ ۵۸ ولایۃ (واؤ پر زبر) کا معنی دوستی اور مدد کرنا ہے اور ولایہ (واؤ کے نیچے زیر) کا معنی غلبہ ہے۔ عقب اور عاقبۃ دونوں کا معنی انجام ہے بعض کے نزدیک یہ ہم معنی ہیں وھما بمعنی واحد (قرطبی)

۵۹ ان حقیقت ناشناسوں کو جو غریب و مفلس مسلمانوں کو نظر حقارت سے دیکھتے ہیں اور اپنے دنیوی جاہ و جلال پر پھولے نہیں سماتے سمجھانے کے لیے دنیا کی بے ثباتی کی ایک اور مؤثر مثال دی جا رہی ہے۔ اختلاط کا معنی ہے گڈمڈ ہو جانا جب گھنی فصل پیدا ہوتی ہے تو اس کی بالیں گنجان بالوں کی طرح آپس میں مل جاتی ہیں۔ یہاں بھی فاختلط بہ نبات الارض سے یہی مقصود ہے کہ برسات کے پانی سے جو فصل اگتی ہے وہ آپس میں مختلط اور ملی جلی ہوتی ہے۔

۶۰ مال و اولاد کی خواہش کس دل میں نہیں۔ ان کے ہونے سے کون خوش نہیں ہوتا۔ اگر ان میں سے کوئی چیز نہ ہو تو زندگی کتنی بے مزہ اور بے کیف ہو جاتی ہے۔ یہ ایسی چیزیں ہیں جنہیں سب جانتے ہیں۔ یہاں بتا دیا کہ مال و اولاد سے دنیوی زندگی مزین ہوتی ہے اور جب یہ زندگی خود ناپائیدار ہے تو اس کے متعلقات بھی ناپائیدار رہوں گے۔ اس لیے عقلمندی کا تقاضا یہ ہے کہ انسان اپنی ساری عمر یعنی ساری کد و کاوش ان دنیوی زینتوں کے لیے وقف نہ کر دے۔ ایسا نہ ہو کہ جب یہ فنا ہو جائیں تو تم خالی ہاتھ ملتے رہ جاؤ بلکہ زاد آخرت کی بھی فکر کرو۔

۶۱ وہ نیک اعمال جو اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے کیے جائیں وہ اس حی و قیوم سے وابستہ ہونے کی وجہ سے بقاء دوام کی صفت سے متصف ہو جاتے ہیں۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں المال والبنون حرث الدنیا والاعمال الصالحات حرث الاخرۃ وقد یجمعھما اللہ لاقوام یعنی مال اور اولاد دنیا کی کھیتی ہے اور نیک اعمال آخرت کی کھیتی ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے کبھی بعض لوگوں کو یہ دونوں چیزیں

وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿٤٦﴾ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّ

اور بہتر ہیں بحیثیت امید بستگی کے۔ اور (غور کرو) جس روز ہم ہٹا دیں گے پہاڑوں کو (اپنی جگہ سے) اور تم دیکھو گے زمین کو کہ کھلا میدان ہے اور

حَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿٤٧﴾ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ

ہم جمع کریں گے انھیں پس نہیں چھوڑیں گے (پیچھے) ان میں سے کسی کو ۱؎ اور وہ پیش کیے جائیں گے آپ کے رب کی بارگاہ میں صفیں باندھے ہوئے ۲؎

لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۢ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ

(پھر ہم) انھیں کہیں گے کہ آج تم آ گئے ہو ہمارے پاس جیسے ہم نے پیدا کیا تھا تمھیں پہلی بار، (لیکن) تم تو یہ خیال کیے ہوئے تھے کہ ہم نہیں مقرر

لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿٤٨﴾ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا

کریں گے تمھارے لیے وعدہ کا وقت۔ اور رکھ دیا جائے گا (ان کے سامنے) نامۂ عمل ۳؎ پس تم دیکھو گے مجرموں کو کہ وہ ڈر رہے ہوں گے اس سے جو

عطا فرما دیتا ہے۔ حضرت ابوسعید خدری روایت کرتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا استکثروا من الباقیات الصالحات قیل وما ھی یارسول اللہ قال التسبیح والتھلیل والتحمید والتکبیر ولاحول ولاقوۃ الا باللہ (رواہ احمد وغیرہ) حضور نے فرمایا: باقی رہنے والے اعمال کثرت سے کیا کرو۔ عرض کی گئی یارسول اللہ وہ کیا ہیں۔ فرمایا اللہ تعالیٰ کی تسبیح، تہلیل، تحمید، تکبیر اور لاحول ولاقوۃ الا باللہ۔ حضرت جابر سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا کہ لاحول ولاقوۃ کثرت سے پڑھا کرو اس سے تکلیف کے ننانوے دروازے بند ہوتے ہیں۔ ادناھا الھم سب سے کم درجہ کی تکلیف جو اس کے پڑھنے سے دور ہوتی ہے وہ ھم یعنی حزن وملال ہے۔ حضرت نعمان بن بشیر سے مرفوعاً مروی ہے کہ سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر ھن الباقیات الصالحات۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ جتنے نیک اعمال ہیں وہ باقیات صالحات ہیں۔ علامہ قرطبی نے کہا ہے کہ یہی قول صحیح ہے وھو الصحیح انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱؎ اب روز قیامت کے احوال کا ذکر شروع ہوتا ہے۔

۲؎ سب مخلوق صفیں باندھے سر جھکائے حاضر بارگاہ قدس ہوگی۔ دنیا میں عمر بھر جو لوگ قیامت کا انکار کرتے رہے اور فلسفہ بگھارتے رہے انھیں کہا جائے گا کہ تم تو کہتے تھے کہ قیامت وغیرہ کی کوئی حقیقت نہیں۔ بتاؤ ہمارے رسولوں کی بات سچی ثابت ہوئی یا نہ ہوئی۔

۳؎ ہر ایک کا نامۂ عمل اس کے سامنے پیش کیا جائے گا مجرموں کی حالت ناگفتہ بہ ہوگی۔ شدتِ خوف سے ان کے دل دھڑک رہے ہونگے۔ چہروں کا رنگ فق ہو گیا ہوگا اور حسرت وندامت کے باعث یوں گویا ہوں گے۔

فِيهِ وَيَقُولُونَ يَٰوَيْلَتَنَا مَالِ هَٰذَا ٱلْكِتَٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيرَةً وَلَا

اس میں ہے اور کہیں گے صد حیف! اس نوشتہ کو کیا ہو گیا ہے کہ نہیں چھوڑا اس نے کسی چھوٹے گناہ کو اور نہ

كَبِيرَةً إِلَّآ أَحْصَىٰهَا ۚ وَوَجَدُوا۟ مَا عَمِلُوا۟ حَاضِرًا ۗ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ

کسی بڑے گناہ کو مگر اس نے اسکا شمار کر لیا ہے اور (الامان) وہ پالیں گے جو عمل انھوں نے کیے تھے اپنے سامنے اور آپکا رب (اے حبیب!) کسی

أَحَدًا ﴿٤٩﴾ وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَٰٓئِكَةِ ٱسْجُدُوا۟ لِءَادَمَ فَسَجَدُوٓا۟ إِلَّآ إِبْلِيسَ ع ۷ ١٨

زیادتی نہیں کرتا۔ اور یاد کرو جب ہم نے حکم دیا فرشتوں کو کہ سجدہ کرو آدم کو[1] پس سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے۔

كَانَ مِنَ ٱلْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ أَمْرِ رَبِّهِۦٓ ۗ أَفَتَتَّخِذُونَهُۥ وَذُرِّيَّتَهُۥٓ أَوْلِيَآءَ

وہ قوم جن سے تھا[2] سو اس نے نافرمانی کی اپنے رب کے حکم کی[3] (اے اولاد آدم!) کیا تم بناتے ہو اسے اور اس کی ذریت کو اپنا دوست

مِن دُونِى وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّۢ ۚ بِئْسَ لِلظَّٰلِمِينَ بَدَلًا ﴿٥٠﴾ مَّآ أَشْهَدتُّهُمْ

مجھے چھوڑ کر حالانکہ وہ سب تمھارے دشمن ہیں[4] ظالموں کے لیے بہت برا بدلہ ہے۔ میں نے ان سے مدد نہیں لی تھی

خَلْقَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَلَا خَلْقَ أَنفُسِهِمْ وَمَا كُنتُ مُتَّخِذَ

جب آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا گیا اور نہ اس وقت ان سے مدد لی جب خود انھیں پیدا کیا اور میں نہیں بنایا کرتا گمراہ کرنے

[1] منکرین حق کو اب ایک نئے انداز سے عبرت و حق دی جا رہی ہے۔ انھیں شرم دلائی جا رہی ہے کہ کیا تم آدم کی اولاد ہو جس کی ہم نے اتنی عزت افزائی کی کہ نورانی فرشتوں کو بھی حکم دیا کہ اسے سجدہ کریں اور شیطان نے جب سجدہ کرنے سے انکار کیا تو اسے اس جرم کی پاداش میں کہ اس نے تمھارے باپ آدم کو سجدہ نہیں کیا اپنی بارگاہ عزت سے دھتکار دیا گیا وہ تمھارا قدیمی دشمن ہے۔ اب بجائے اس کے کہ تم اپنے رب کریم کی نافرمانی کرو، تمھیں تو شرم کے مارے ڈوب مرنا چاہیے۔

[2] ان الفاظ سے یہ بتا دیا کہ ابلیس فرشتہ نہیں تھا بلکہ جن تھا۔

[3] ففسق کی فاء اس امر کی طرف اشارہ کر رہی ہے کہ اس کے حکم عدولی کی وجہ ہی یہ تھی کہ اس کا عنصر ناری تھا۔ اس کی فطرت میں تمرد اور سرکشی تھی۔

[4] منکرین حق کو شرم دلائی جا رہی ہے کہ تم اپنے قدیمی دشمن ابلیس کا حکم ماننے کے لیے تو ہر وقت تیار رہتے ہو لیکن اپنے مولیٰ کریم کے احکام بجا لانے میں تمھیں بڑی تکلیف ہوتی ہے۔

[5] جن شیطانوں کے پیچھے تم لگے ہوئے ہو اور جن کو اپنا معبود اور کارساز یقین کرتے ہو بھلا سوچو ان کی مقدرت کیا ہے کہ کسی

الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ﴿٥١﴾ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ

والوں کو اپنا دست و بازو۔ اور جس روز اللہ تعالیٰ (کفار کو) فرمائیگا ۵۱ بلاؤ میرے شریکوں کو جنھیں تم (میرا شریک) خیال کیا

فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿٥٢﴾ وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ

کرتے تھے تو وہ انھیں پکاریں گے پس وہ انھیں کوئی جواب نہیں دینگے اور ہم حائل کردینگے انکے درمیان ایک آڑ۔ اور دیکھیں گے مجرم جہنم کی آگ کو

النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿٥٣﴾ وَلَقَدْ ع ٧ ١٩

اور وہ خیال کرینگے کہ وہ اس میں گرنے والے ہیں اور نہ پائیں گے اس سے نجات پانے کی کوئی جگہ۔ اور بیشک ہم نے طرح طرح

صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ

سے بار بار بیان کی ہیں اس قرآن میں لوگوں کے لیے ہر قسم کی مثالیں اور انسان ہر چیز سے بڑھ کر

شَيْءٍ جَدَلًا ﴿٥٤﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَاۗءَهُمُ الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا

جھگڑالو ہے ۵۴ اور کس چیز نے روکا ہے لوگوں کو اس بات سے کہ وہ ایمان لے آئیں جب آگئی ان کے پاس ہدایت (کی روشنی) اور

کو نفع یا نقصان پہنچا سکیں نہ زمین و آسمان کی تخلیق میں انکا کوئی حصہ ہے اور نہ انکے پیدا کرنے میں انکی مرضی کا کچھ دخل ہے پھر یہ خود بھی اللہ تعالیٰ کے نافرمان اور سرکش ہیں اور اللہ تعالیٰ کو کیا ضرورت ہے کہ اپنی خدائی کے کسی کام میں اس سے مدد طلب کرے جو اسکا نافرمان ہے۔

۵۱ روز قیامت کا ذکر ہے اس روز بتوں کے پجاریوں سے خطاب ہوگا یقول ذلک لعبدۃ الاوثان (قرطبی) موبقا: حاجزا بین الاوثان وعبدتھم۔ قال ابن الاعرابی: کل شیء حاجز بین شیئین فھو موبق (قرطبی) دو چیزوں کے درمیان جو چیز آڑ اور رکاوٹ ہو اسے حاجز کہتے ہیں یعنی بتوں اور ان کے پرستاروں کے درمیان آڑ قائم کردی جائے گی۔ حضرت انس سے مروی ہے کہ جہنم کی ایک وادی کا نام موبق ہے جو پیپ اور خون سے بھری ہوگی۔

۵۴ یہاں انسان سے مراد نافرمان اور سرکش انسان ہے۔

۵۵ یعنی جب آفتاب ہدایت طلوع ہوچکا اور اس کی روشنی نے مشرق و مغرب کو منور کردیا تو اب اندھے بنے ہوئے یہ کیوں ٹھوکریں کھا رہے ہیں کیا یہ چاہتے ہیں کہ جس طرح تباہ کن عذاب پہلی اقوام پر اترا تھا ان پر بھی اترے اور ان کو خاک سیاہ بنا کر رکھ دے۔ قُبُلًا حال ہے اس کا واحد قبیل ہے جیسے سبیل کی جمع سُبُلٌ ہے اس کا معنی ہے طرح طرح کا عذاب قُبُلًا اصناف العذاب کلہ۔ نحو کے امام فراء نے اس کی تشریح کرتے ہوئے کہا ہے کہ قُبُلٌ قبیل کی جمع ہے اس کا معنی ہے متفرقا یتلو بعضہ بعضا یعنی

رَبَّهُمْ إِلَّا أَنْ تَأْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿٥٥﴾

مغفرت طلب کریں اپنے رب سے مگر یہ (کہ وہ منتظر ہیں) کہ آجائے انکے پاس اگلوں کا دستور یا آئے ان کے پاس طرح طرح کا عذاب ۔

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِينَ

اور ہم نہیں بھیجتے رسولوں کو مگر مژدہ سنانے والے اور ڈرانے والے اور جھگڑتے ہیں کافر لوگ

كَفَرُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ ۖ وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَمَا أُنْذِرُوا

بے سروپا دلیلوں کی آڑ لے کر تاکہ وہ مٹادیں اس سے حق کو ۴۲ اور بنا لیا ہے انھوں نے میری آیتوں کو اور جن سے وہ ڈرائے گئے

هُزُوًا ﴿٥٦﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ فَأَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ

ایک مذاق ۔ اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہے جسے نصیحت کی گئی اسکے رب کی آیتوں سے پس اس نے روگردانی کر لی ان سے اور فراموش کر دیا

مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ ۚ إِنَّا جَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَنْ يَفْقَهُوهُ وَفِي

اسے ان (اعمالِ بد) کو جو آگے بھیجے تھے اسکے دونوں ہاتھوں نے ہم نے ڈال دیئے انکے دلوں پر پردے تاکہ وہ قرآن کو نہ سمجھ سکیں اور انکے

آذَانِهِمْ وَقْرًا ۖ وَإِنْ تَدْعُهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ فَلَنْ يَهْتَدُوا إِذًا أَبَدًا ﴿٥٧﴾

کانوں میں گرانی پیدا کر دی اور اگر تم بلاؤ انھیں ہدایت کی طرف تو جب بھی وہ ہدایت قبول نہیں کریں گے ۔

ایک عذاب کے بعد دوسرا عذاب ! ور قِبَلاً (قاف پر زیر) کا معنی ہے عیاناً ۔ (قرطبی)

۴۱ بالباطل کا تعلق یجادل کے ساتھ ہے یعنی ان کافروں کا جھگڑا کسی معقولیت پر مبنی نہیں ۔ ان کے پاس اپنے موقف کی سچائی ثابت کرنے کے لیے کوئی ایسی دلیل بھی نہیں جو سنجیدگی سے غور کرنے کے قابل ہو ۔ یوں ہی اناپ شناپ بکتے رہتے ہیں ۔

۴۲ دحض کا لغوی معنی ہے پاؤں کا پھسلنا ! اصل الدحض الزلق یقال دحضت رجلہ ای زلقت (قرطبی) کسی دلیل کے مسترد کر دینے کو بھی دحض کہتے ہیں دحضت حجتہ دحضا بطلت ۔ مدعا یہ ہے کہ ان کی ساری کوششیں اس پر مرکوز رہتی ہیں کہ وہ حق کو باطل کر کے دکھائیں اور اہلِ حق کو اس سے پھسلا دیں ۔

وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ۭ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ

اور آپ کا پروردگار تو بہت بخشنے والا بڑا ہی رحمت والا ہے ٨٣ اگر وہ پکڑ لیتا انھیں انکے کیے پر تو جلد ان پر

الْعَذَابَ ۭ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْىِٕلًا ۝٥٨ وَتِلْكَ

عذاب بھیج دیتا اور وہ ایسا نہیں کرتا بلکہ ان کے لیے وعدہ کا ایک وقت مقرر ہے نہیں پائیں گے اس وقت اسکے بغیر کوئی پناہ کی جگہ۔ اور یہ بستیاں

ع ٨ ٢٠ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ۝٥٩ وَاِذْ قَالَ

ہیں ہم نے تباہ کر دیا ان کے باشندوں کو جب وہ ستم شعار بن گئے اور ہم نے مقرر کر دی تھی انکی ہلاکت کیلیے ایک میعاد۔ اور یاد کرو جب کہا

مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ۝٦٠

موسیٰ نے اپنے نوجوان (ساتھی) کو کہ میں چلتا رہونگا یہاں تک کہ پہنچوں جہاں دو دریا ملتے ہیں یا چلتے چلتے گزار دونگا مدتِ دراز ٨٤

٨٣ چاہیے تو یہ تھا کہ ان ظالموں کو فوراً عذاب کی چکی میں پیس کر رکھ دیا جاتا اور انھیں ذرا ڈھیل نہ دی جاتی لیکن اللہ تعالیٰ کی مغفرت بے پایاں اور رحمت وسیع ہے وہ ایسے لوگوں پر بھی اپنی نعمتوں کی بارش کرتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ مہلت کی گھڑیاں ختم ہو جاتی ہیں اور مقررہ وقت آجاتا ہے۔ موئل: لوٹ کر آنے کی جگہ آل مُے سے اسم ظرف ہے۔

٨٤ ان دو رکوعوں میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اور اللہ تعالیٰ کے ایک مقبول بندے کا ذکر ہے۔ آیات کی تشریح سے پہلے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ چند امور کی وضاحت کر دی جائے تاکہ آیات کے مطالب بیان کرنے اور سمجھنے میں آسانی ہو اس واقعہ میں مندرجہ ذیل امور غور طلب ہیں:۔

(١) یہ موسیٰ کون ہیں۔ (٢) اس واقعہ کا محرک کیا ہے۔ (٣) آپ کے نوجوان خادم کا نام کیا ہے۔ (٤) وہ بندۂ خاص کون ہے۔ (الف) اس کا نام کیا ہے۔ (ب) کیا وہ ولی تھا یا نبی۔ (ج) وہ اب زندہ ہے یا نہیں۔ (٥) وہ جگہ جہاں یہ دونوں حضرات ملے تھے وہ کہاں ہے۔ باقی چیزیں آیات کی تشریح کے ضمن میں بیان ہو جائیں گی۔

پہلی چیز کے متعلق جو روایت صحیحین میں ہے اس کا ذکر کرنا ہی کافی ہے۔

حضرت سعید بن جبیر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس سے اس موسیٰ کے متعلق دریافت کیا اور انھیں بتایا کہ نوفل بکالی کا خیال ہے کہ اس واقعہ میں جس موسیٰ کا ذکر ہے وہ موسیٰ بنی اسرائیل نہیں بلکہ یہ موسیٰ بن افرائیم بن یوسف ہے۔ حضرت ابن عباس نے یہ سُن کر فرمایا اللہ کے دشمن نے جھوٹ بکا ہے۔ ہمیں اُبی بن کعب نے بتایا کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ ایک دن موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے تو آپ سے پوچھا گیا

سب سے بڑا عالم کون ہے۔ آپ نے جواب میں کہا میں سب سے بڑا عالم ہوں۔ اللہ تعالیٰ کو یہ بات پسند نہ آئی کہ انھوں نے علم کو اپنی طرف کیوں منسوب کیا ہے۔ اس کی ذات کی طرف کیوں نہیں تفویض کیا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے آپ پر وحی بھیجی کہ مجمع البحرین میں میرا ایک بندہ ہے جو تجھ سے زیادہ عالم ہے۔ موسیٰ نے عرض کی یا الٰہی میں اس کی خدمت میں کیونکر پہنچ سکتا ہوں۔ حکم ہوا کہ اپنے ساتھ ایک مچھلی ٹوکری میں رکھ لو جہاں وہ مچھلی گم ہو جائے وہیں کہیں اس بندے کی قیام گاہ ہوگی۔ (۲) اس فتیٰ سے مراد یوشع بن نون ہیں، وہ نوجوان تھے۔ سفر و حضر میں حضرت کلیم کی خدمت میں رہا کرتے تھے (۳)

جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ یہ بندہ خضر علیہ السلام ہے۔ ان کا نام بلیا بن ملکان ہے کیونکہ جہاں یہ تشریف فرما ہوتے وہ جگہ سرسبز ہو جاتی تھی۔ اس لیے خضر آپ کا لقب ہو گیا اور وہ اسی لقب سے مشہور ہیں۔ بعض علماء کی یہ رائے ہے کہ وہ ولی تھے۔ لیکن علامہ پانی پتی اور دیگر علماء محققین کی رائے یہ ہے کہ وہ نبی تھے کیونکہ ولی کے الہام سے علم ظنی حاصل ہوتا ہے۔ اور اس میں خطا کا احتمال ہوتا ہے۔ الہام کی وجہ سے قتل جیسے سنگین فعل کا ارتکاب جائز نہیں ہو سکتا۔ اس لیے آپ کو نبی ماننا پڑے گا اور نبی کا علم یقینی ہوتا ہے۔ رہی یہ بات کہ خضر اب زندہ ہیں یا وفات پا چکے ہیں۔ اس میں علماء کے دو گروہ ہیں اور دونوں گروہوں نے اپنے اپنے موقف کو سچا ثابت کرنے کے لیے دلائل کے انبار لگا دیے ہیں۔ علامہ آلوسیؒ نے اپنی تفسیر میں ان دلائل کو بڑی شرح و بسط کے ساتھ بیان کیا ہے لیکن متعدد صفحات پر پھیلی ہوئی اس بحث کا مطالعہ کرنے کے باوجود تسکین نہیں ہوتی اور انسان کسی ایسے نتیجہ پر نہیں پہنچتا جس سے دل مطمئن ہو۔

اللہ تعالیٰ عارف باللہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار کو اپنے انوار کا مہبط بنائے انھوں نے اس سلسلہ میں ایک ایسی بات رقم کی ہے جس سے دلائل کا تضاد بھی رفع ہو جاتا ہے اور انسان کے دل میں ایک اطمینان بھی پیدا ہو جاتا ہے۔ میرے خیال میں یہاں فریقین کے دلائل کا نقل کرنا تطویل کا باعث ہوگا صرف تفسیر مظہری کی وہ عبارت لکھ دینا کافی ہے مجھے امید ہے کہ ان کی تحقیق سے جس طرح میری تشویش دور ہوئی اس کے مطالعہ سے آپ کی پریشانی بھی ختم ہو جائے گی۔

فریقین کے دلائل نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ اس اشکال کا حل حضرت مجدد الف ثانی کے کلام کے بغیر ناممکن ہے۔ حضرت مجدد سے حضرت خضر کے متعلق پوچھا گیا کہ وہ زندہ ہیں یا وفات پا گئے ہیں تو وہ بارگاہِ الٰہی میں حقیقتِ حال کے انکشاف کے لیے متوجہ ہوئے۔ فرای الخضرَ حاضراً عندہ فسالہ عن حالہ فقال انا والیاس لسنا من الاحیاء لکن اللہ سبحانہ اعطیٰ لارواحنا قوۃ تجسد بہا ونفعل بہا افعال الاحیاء من ارشاد الضال واغاثۃ الملھوف اذا شاء اللہ وتعلیم العلم اللدنی واعطاء النسبۃ لمن شاء اللہ تعالیٰ وجعلنا معینا للقطب المدار من اولیاء اللہ تعالیٰ الذی جعلہ اللہ تعالیٰ مدارًا للعالم وجعل بقاء العالم ببرکۃ وجودہ وافاضتہ وقال الخضر ان القطب فی ھذا الزمان فی دیار یمن متبع للشافعی فی الفقہ قال نحن نصلی مع القطب صلوۃ علی مذھب الشافعی فھذا الکشف الصحیح اجمع الاقوال وذھب الاشکال والحمد للہ الکبیر المتعال۔ (مظہری)

فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَیْنِهِمَا نَسِیَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِیْلَهٗ فِی الْبَحْرِ

پھر جب وہ دونوں پہنچے جہاں آپس میں دو دریا ملتے ہیں[۵] دونوں بھول گئے اپنی مچھلی کو تو بنا لیا اس نے اپنا رستہ دریا میں

ترجمہ: تو حضرت مجدد الف ثانی نے دیکھا کہ حضرت خضر ان کے پاس کھڑے ہیں۔ آپ نے ان سے ان کی حقیقت حال دریافت کی تو آپ نے فرمایا کہ میں اور الیاس زندوں میں سے نہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے ہماری روحوں کو ایسی قوت بخشی ہے جس سے ہم مجسّم ہو جاتے ہیں اور زندوں کے سے کام کرتے ہیں مثلاً جب اللہ تعالیٰ چاہے تو ہم گمراہ کی رہنمائی کرتے ہیں اور مصیبت زدہ کی مدد کرتے ہیں علم لدنی کی تعلیم دیتے ہیں اور جس کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہو اسے روحانی نسبت مرحمت کرتے ہیں۔ ہمیں اولیاء اللہ میں سے جو قطب مدار ہوتا ہے اس کا معاون و مددگار بنایا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسے مدارِ عالم بنایا ہے اور اس کی برکت و فیض سے دنیا کی بقاء ہے۔ آجکل یمن کے ایک بزرگ قطب مدار ہیں جو شافعی المذہب ہیں۔ ہم ان کے ساتھ شافعی مذہب کے مطابق نماز ادا کرتے ہیں۔ اس کشفِ صحیح سے مختلف اقوال کا تضاد ختم ہو گیا اور اشکال دور ہو گیا۔ سبحانہ تعالیٰ فیض اللہ تعالیٰ کے لیے جو کبیر متعال ہے۔

۵۔ وہ مقام جہاں ان دونوں بزرگوں کی ملاقات ہوئی تھی وہ کہاں ہے۔ قرآن کریم نے اسے مجمع البحرین (دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ، سنگم) سے تعبیر کیا ہے اس کے بارے میں بھی علماء مختلف رائے رکھتے ہیں۔ چند اقوال کشاف سے منقول ہیں۔ مجمع البحرین سے مراد (۱) فارس اور روم کے دریاؤں کا سنگم (۲) طنجہ (۳) افریقہ اور اندلس۔ مفسرین نے تو اندلسی دریا مراد لیے ہیں وقیل ھو بحر بالاندلس (محیط لابن حیان) ھو بحر الاندلس من البحر المحیط (قرطبی)۔ بعض فضلاء نے وہ جگہ مراد لی ہے جہاں دریائے نیل کی دو شاخیں بحرِ ابیض اور بحرِ الازرق آ کر ملتی ہیں۔ لیکن یہ قول اس وقت قابلِ قبول ہو سکتا ہے جب اس واقعہ کا وقوع مصر سے ہجرت کرنے سے پہلے کا ہو۔ لیکن دیگر روایات اس کی تائید نہیں کرتیں اور اس امر کا بھی کوئی ثبوت نہیں ملتا کہ سینا اور تیہ میں اقامت فرمانے کے بعد حضرت موسیٰ پھر مصر تشریف لے گئے ہوں۔ بہرحال مجمع البحرین کوئی سے دو دریاؤں کے سنگم کا نام ہو۔ قرآن کریم نے جس مقصد کے لیے اس واقعہ کو بیان کیا ہے اس کا سمجھنا اس پر موقوف نہیں۔

ان امور کو ذہن نشین کر لینے کے لیے اب آیاتِ طیبہ کی طرف توجہ فرمائیے۔

ے فتیٰ سے مراد یوشع بن نون ہیں۔ فتیٰ نوجوان کو کہتے ہیں۔ خادم کو ادب و احترام کے لیے خادم کے بجائے فتیٰ (نوجوان) کے لفظ سے یاد فرمایا گیا اس سے ہمیں یہ سکھایا گیا کہ فرقِ مراتب کے باوجود ہمیں کوئی ایسا لفظ استعمال نہ کرنا چاہیے جس سے کسی اپنے سے کم درجہ کی تذلیل اور دل آزاری کا پہلو نکلتا ہو۔ حُقُبًا زمانہ طویل کو کہتے ہیں۔ بعض نے اسّی سال اور بعض نے ستر سال کی تعیین کی ہے جو قطعاً بے ضرورت ہے۔

۵ے جب دو دریاؤں کے سنگم پر پہنچے تو سفر کی تھکان دور کرنے کے لیے ایک چٹان کے سایہ میں استراحت فرما ہوئے تو زنبیل میں بھنی ہوئی مچھلی بھی تھی اسے جب اس خطہ کی ہوا لگی جس میں اس مرغزار کے سانس کی مہک بسی ہوئی تھی تو وہ زندہ ہو گئی اور اس نے دریا میں چھلانگ لگا دی۔ سَرَب: راستہ یعنی جہاں سے وہ گزرتی گئی ایک طویل راہ کے نشانات چھوڑتی گئی۔

سَرَبًا ﴿٦١﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا

سرنگ کی طرح۔ پس جب وہاں سے آگے بڑھ گئے ۹۶ آپ نے اپنے جوان ساتھی سے کہا لاؤ ہمارا صبح کا کھانا بیشک ہمیں برداشت کرنی پڑی ہے

هٰذَا نَصَبًا ﴿٦٢﴾ قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّیْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ

اپنے اس سفر میں بڑی مشقت۔ اس ساتھی نے کہا (اے کلیم اللہ) آپ نے ملاحظہ فرمایا ۹۷ جب ہم سستانے کیلئے اس چٹان کے پاس ٹھہرے تھے تو

وَمَآ اَنْسٰىنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِى الْبَحْرِ ۖ

میں بھول گیا مچھلی کو اور نہیں فراموش کرائی مجھے وہ مچھلی مگر شیطان نے کہ میں اس کا ذکر کروں اور اس نے بنالیا تھا اپنا راستہ دریا میں بڑے تعجب

عَجَبًا ﴿٦٣﴾ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿٦٤﴾

کی بات ہے۔ آپ نے فرمایا یہی تو وہ ہے جس کی ہم جستجو کر رہے تھے ۹۸ پس وہ دونوں لوٹے اپنے قدموں کے نشان دیکھتے ہوئے۔ تو پایا انھوں

فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا

نے ایک بندے کو ۹۹ ہمارے بندوں میں سے جسے ہم نے عطا فرمائی تھی رحمت اپنی جناب سے ۱۰۰ اور ہم نے سکھایا تھا اسے اپنے پاس سے

۹۶ آرام کرنے کے بعد پھر سفر شروع ہو گیا۔ کچھ دور پہنچے تو تھکاوٹ اور بھوک نے پاؤں پکڑ لیے اور آپ نے اپنے خادم کو حکم دیا کہ کھانا لاؤ۔

نصب: تھکاوٹ۔

۹۷ اب یوشع کو یاد آیا کہ جب وہ اس چٹان کے نیچے سستانے کے لیے آئے تھے تو مچھلی توشہ دان سے نکل کر دریا میں کود گئی تھی لیکن اس وقت عرض کرنا بھول گئے۔ اب جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کھانا طلب کیا تو سارا ماجرا عرض کر دیا۔ اور آخر میں اپنی بھول کی معافی مانگی۔

۹۸ آپ نے سن کر فرمایا۔ وہی تو ہماری منزل مراد تھی ہم تو اپنی منزل سے آگے نکل آئے۔

۹۹ جب وہاں واپس پہنچے تو جس مرد خدا کی تلاش میں نکلے تھے ان سے وہاں ملاقات ہو گئی۔ حضرت خضر وہاں سفید چادر لپیٹے ہوئے آرام فرما رہے تھے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے سلام دیا۔ انھوں نے سلام کا جواب دیا اور کہا آپ موسیٰ بنی اسرائیل ہیں۔ آپ نے پوچھا آپ کو کیسے خبر ہو گئی تو حضرت خضر نے فرمایا جس نے تجھے میری طرف بھیجا ہے اسی نے مجھے بھی بتایا ہے۔ عبادنا میں اضافت شرف و عزت افزائی کے لیے ہے یعنی وہ ہمارے ان بندوں سے تھا جن کو ہمارے حضور میں قرب کا مقام حاصل تھا۔

عِلْمًا ﴿۶۵﴾ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ

خاص علم ۹۱ کہا اس بندہ کو موسیٰ نے کیا میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں اس شرط پر کہ آپ سکھائیں مجھے رشد وہدایت کا خصوصی علم جو آپ کو سکھایا

رُشْدًا ﴿۶۶﴾ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿۶۷﴾ وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا

گیا ہے ۹۲ اس بندہ نے کہا (اے موسیٰ) آپ میرے ساتھ صبر کرنے کی طاقت نہیں رکھتے ۹۳ اور آپ صبر کر بھی کیسے سکتے ہیں اس بات پر

لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿۶۸﴾ قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ

جس کی آپ کو پوری طرح خبر نہیں۔ آپ نے کہا آپ مجھے پائیں گے اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا صبر کرنے والا اور میں نافرمانی نہیں کروں گا

لَكَ اَمْرًا ﴿۶۹﴾ قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ

آپ کے کسی حکم کی اس بندہ نے کہا اگر آپ میرے ساتھ رہنا چاہتے ہیں تو مجھ سے کسی چیز کے بارے میں نہ پوچھیے یہاں تک کہ میں آپ سے اس کا

۹۰ اس بندے کی مزید توصیف فرمائی جا رہی ہے۔

۹۱ نیز اس رحمتِ خصوصی کے علاوہ اسے ایسا علم عطا فرمایا تھا جو عام انسانی ادراک سے بالکل جدا ہے۔ نہ وہاں مقدمات کو مرتب کیا جاتا ہے نہ ان میں غور و فکر کی زحمت اٹھانی پڑتی ہے۔ خود بخود عقدے کھلتے جاتے ہیں، پردے اُٹھتے جاتے ہیں اور حقائق و مطالب کا انکشاف ہوتا جاتا ہے اور ذاتِ باری اور صفاتِ باری کی حقیقت پر آگاہی ہوتی جاتی ہے۔

۹۲ حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی جلالتِ شان کے باوجود کتنے ادب و احترام سے اپنی خواہش کا اظہار فرما رہے ہیں۔ ہر طالب کو حضرت کلیم کے اس اسوۂ حسنہ سے سبق حاصل کرنا چاہیے۔ جب تک دل میں ادب و احترام کا جذبہ پیدا نہیں ہوتا افادہ و استفادہ کا سلسلہ بند رہتا ہے۔ یہاں سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر اپنے سے کم درجہ والے میں کوئی کمال ہو تو اس کے حصول سے باز نہیں آنا چاہیے۔ وهذه الآية تدل على ان المفضول قد يكون له فضل جزئي على من هو افضل منه وعلى ان الفاضل ينبغي ان يطلب هذه الحصة من الفضل من المفضول۔ (مظہری)

۹۳ حضرت خضر کو معلوم تھا کہ علوم تکوینیہ کے جو راز مجھ پر منکشف کیے گئے ہیں ایک صاحبِ شریعت رسول اس پر سکوت اختیار نہیں کر سکتا۔ اس لیے پہلے ہی اس امر کی طرف اشارہ کر دیا کہ ایسے امور واقع ہوں گے تو آپ ضرور اعتراض کریں گے اور جہاں اعتراض کی نوبت آ جائے وہاں افادہ و استفادہ کا دروازہ بند ہو جاتا ہے۔ اسی لیے صوفیائے کرام نے فرمایا انه يجب على المريد ترك الاعتراض على الشيخ (مظہری)

مرید پر لازم ہے کہ اپنے شیخ پر اعتراض نہ کرے۔

ع ٩ / ١١ / ٢١

لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿٧٠﴾ فَانْطَلَقَا ۖ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِى السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ۖ قَالَ

خود ذکر کروں ۹۴ پس وہ دونوں چل پڑے یہاں تک کہ جب وہ سوار ہوئے کشتی میں تو اس بندے نے اس میں شگاف کر دیا ۹۵

اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا اِمْرًا ﴿٧١﴾ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ

موسیٰ بول اٹھے کیا تم نے اس لیے شگاف کیا ہے کہ اس کی سواریوں کو ڈبو دو یقیناً تم نے بہت برا کام کیا ہے۔ اس بندے نے کہا

اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ﴿٧٢﴾ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِىْ بِمَا نَسِيْتُ وَ

کیا میں نے کہا نہیں تھا کہ آپ میں طاقت نہیں کہ میری سنگت پر صبر کر سکیں۔ آپ نے (عذر خواہی کرتے ہوئے) کہا کہ نہ گرفت کرو مجھ پر میری

لَا تُرْهِقْنِىْ مِنْ اَمْرِىْ عُسْرًا ﴿٧٣﴾ فَانْطَلَقَا ۖ حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ

بھول کی وجہ سے اور نہ سختی کرو مجھ پر میرے اس معاملہ میں بہت زیادہ ۹۶ پھر وہ دونوں چل پڑے حتیٰ کہ جب وہ ملے ایک لڑکے کو تو اس نے

قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ۗ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُّكْرًا ﴿٧٤﴾

اسے قتل کر ڈالا ۹۷ موسیٰ (غضبناک ہو کر) کہنے لگے کیا مار ڈالا آپ نے ایک معصوم جان کو کسی نفس کے بدلے کے بغیر بے شک آپ نے ایسا کام کیا ہے جو بہت ہی نازیبا ہے

۹۴ جب موسیٰ علیہ السلام نے یقین دلایا کہ وہ ان کی کسی طرح نافرمانی نہیں کریں گے تو آپ نے فرمایا جو واقعات رونما ہوں انھیں خاموشی سے دیکھتے چلے جایئے لیکن ان کے متعلق استفسار نہ کیجیے۔ یہاں تک کہ میں خود ہی پردہ اٹھاؤں اور حقیقت حال سے آپ کو آگاہ کروں۔ باہمی طور پر یہ طے کرنے کے بعد اب سفر پر روانہ ہوتے ہیں۔

۹۵ پہلے کشتی کا واقعہ پیش آیا جس کا ایک تختہ حضرت خضر نے توڑ کر رکھ دیا۔ اس پر حضرت موسیٰ کو یارائے سکوت نہ رہا اور فوراً اعتراض جڑ دیا کہ آپ نے کشتی میں سوراخ کر کے بڑی نازیبا حرکت کی ہے۔ شیئا امرا ای عظیما من أمر الامر اذا عظم و قال البغوی الامر فی کلام العرب الداھیۃ۔ امر کا معنی عظیم ہے۔ جب کوئی کام برا ہو جائے تو عرب کہتے ہیں أمِرَ الامر' علامہ بغوی نے کہا ہے کہ عربی لغت میں اِمْرٌ کا معنی 'داھیۃ' (خوفناک) ہے۔

۹۶ حضرت موسیٰ نے معذرت چاہی اور آئندہ کے لیے محتاط ہونے کا یقین دلایا۔ لا ترھقنی: کسی پر ایسا بوجھ لاد دینا جس کا اٹھانا اس کے لیے از بس مشکل ہو وقیل معناہ لا تکلفنی مشقۃ۔

۹۷ پھر قتل غلام کا واقعہ پیش آیا۔ ایک نابالغ بے گناہ بچے کو یوں قتل ہوتے دیکھ کر حضرت کلیم کو یارائے ضبط نہ رہا۔ اور لقد جئت شیئا نکرا کے زوردار الفاظ سے احتجاج کر دیا۔

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿۷۵﴾ قَالَ اِنْ

اس نے کہا کیا پہلے ہی (میں نے) کہہ دیا تھا آپ کو کہ آپ میری معیت میں صبر نہیں کر سکیں گے ۹۸ آپ نے کہا اگر میں پوچھوں

سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ

آپ سے کسی چیز کے بارے میں اس کے بعد تو آپ مجھے اپنے ساتھ نہ رکھیں۔ آپ میری طرف سے

لَّدُنِّيْ عُذْرًا ﴿۷۶﴾ فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَيَآ اَهْلَ قَرْيَةِ ِۨاسْتَطْعَمَآ

معذور رہوں گے ۹۹ پھر وہ چل پڑے ۱۰۰ یہاں تک کہ جب ان کا گزر ہوا گاؤں والوں کے پاس تو انھوں نے

اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ

ان سے کھانا طلب کیا تو انھوں نے (صاف) انکار کر دیا ان کی میزبانی کرنے سے پھر ان دونوں نے اس گاؤں میں ایک دیوار دیکھی جو

يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ۭ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ﴿۷۷﴾ قَالَ

گرنے کے قریب تھی تو اس بندے نے اسے درست کر دیا۔ موسیٰ کہنے لگے اگر آپ چاہتے تو اس محنت پر مزدوری ہی لے لیتے۔ اس نے کہا

۹۸ حضرت خضر نے کہا میں نے تو پہلے ہی آپ کو بتا دیا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر سے وقت بسر نہیں کر سکتے۔ اس لیے آپ کا میرے ہمراہ جانا بے سود ہوگا۔

۹۹ حضرت موسیٰ نے فرمایا اب ایک بار پھر جانے دو۔ اگر پھر بھی مجھ سے ایسی بے صبری صادر ہوئی تو آپ مجھے اپنی رفاقت سے محروم کر دیجیے۔ میں پھر اس جدائی پر آپ کو معذور پاؤں گا۔

۱۰۰ کچھ عرصہ پھر اکٹھے چلتے رہے۔ یہاں تک کہ ایک گاؤں میں آئے جہاں کے باشندوں نے ان کی طلب کے باوجود ان کی مہمان نوازی کرنے سے صاف انکار کر دیا۔ وہاں ایک دیوار جھکی ہوئی دکھائی دی۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ ابھی گری ابھی گری۔ حضرت خضر نے دیکھا تو اس کی مرمت کر کے درست کر دیا اور کسی مزدوری کا مطالبہ بھی نہ کیا۔ حضرت موسیٰ نے فرمایا آپ بھی عجیب ہیں۔ گاؤں والوں نے تو اتنی بے مروتی کا ثبوت دیا کہ ہمیں سوکھی روٹی تک نہ دی اور آپ ہیں کہ ان کی گرتی ہوئی دیوار کو بلا معاوضہ درست کرتے جا رہے ہیں۔

هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِىْ وَ بَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ

(بس) یہ جدائی ہے میرے اور آپ کے درمیان (جدائی کا وقت آگیا)۱۰۱ میں آگاہ کرتا ہوں آپ کو ان باتوں کی حقیقت پر جن کے

عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٧٨﴾ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِى الْبَحْرِ

متعلق آپ صبر نہ کر سکے۔ وہ جو کشتی تھی وہ چند غریبوں کی تھی جو (ملاحی کا) کام کرتے تھے دریا میں۔

فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَ كَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ

سو میں نے ارادہ کیا کہ اسے عیب دار بنا دوں (اور اس کی وجہ یہ تھی کہ) ان کے آگے (رجابر) بادشاہ تھا جو پکڑ لیا کرتا تھا ہر کشتی کو زبردستی

غَصْبًا ﴿٧٩﴾ وَ اَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا

سے۔ اور وہ جو لڑکا تھا تو اس کی حقیقت یہ ہے کہ اس کے والدین مومن تھے پس ہمیں اندیشہ ہوا کہ وہ (اگر زندہ رہا تو) مجبور

طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا ﴿٨٠﴾ فَاَرَدْنَآ اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّ

کر دیگا انہیں سرکشی اور کفر پر۔ پس ہم نے چاہا کہ بدلہ دے انہیں ان کا رب ایسا بیٹا جو بہتر ہو اس سے پاکیزگی میں اور (ان پر)

اَقْرَبَ رُحْمًا ﴿٨١﴾ وَ اَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِى الْمَدِيْنَةِ

زیادہ مہربان ہو۱۰۲ باقی رہی دیوار (تو اس کی حقیقت یہ ہے کہ) وہ شہر کے دو یتیم بچوں کی تھی

وَ كَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَ كَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ

اور اس کے نیچے ان کا خزانہ (دفن) تھا اور ان کا باپ بڑا نیک شخص تھا۱۰۳ پس آپ کے رب نے ارادہ فرمایا کہ وہ

۱۰۱۔ اب جب تیسری مرتبہ بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اعتراض کر دیا تو حضرت خضر نے فرمایا کہ اب میں اور آپ ایک ساتھ نہیں رہ سکتے۔ آپ سے رخصت کرنے سے پہلے آپ کو ان اسرار تکوینیہ پر آگاہ کر دوں جن پر آپ سکوت اختیار نہ کر سکے۔ پھر آپ نے یکے بعد دیگرے تمام واقعات کی حقیقت آپ کے سامنے پیش کر دی۔

۱۰۲۔ رُحْمٌ مصدر ہے رحِم یرحَم رحمۃ و مرحمۃ و رُحْمًا و رُحُمًا: رق لہ و شفق علیہ: مہربان ہونا، شفقت کرنا (منجد)

۱۰۳۔ محمد بن منکدر سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے ایک بندے کی صلاح و تقویٰ کی وجہ سے اس کی اولاد اور اولاد

يَبْلُغَآ أَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنزَهُمَا رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ ۚ وَمَا

دونوں بچے اپنی جوانی کو پہنچیں اور نکال لیں اپنا دفینہ ۱۲۲؎ یہ (ان پر) ان کے رب کی خاص رحمت تھی اور جو کچھ

١٠ ع ١٢

فَعَلْتُهُۥ عَنْ أَمْرِى ۚ ذَٰلِكَ تَأْوِيلُ مَا لَمْ تَسْطِع عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٨٢﴾

میں نے کیا، میں نے اپنی مرضی سے نہیں کیا یہ حقیقت ہے ان امور کی جن پر آپ سے صبر نہ ہو سکا۔

کی اولاد اور اسکے خاندان کی نگہبانی فرماتا ہے۔ اور جب تک وہ نیک بندہ کسی مقام پر سکونت پذیر رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکے پڑوسیوں کی بھی حفاظت فرماتا ہے قال محمد بن منکدر ان اللہ یحفظ بصلاح العبد ولدہ وولد ولدہ وعترتہ وعشیرتہ واھل دویرات حولہ فی حفظ اللہ مادام فیھم۔ (مظہری)

ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نیک بندے کی سات پشتوں کی حفاظت کرتا ہے۔ ان اللہ نزل الکتاب وھو یتولی الصالحین۔

۱۲۲؎ اس بحث کو ختم کرنے سے پہلے ایک امر کی طرف اشارہ کرنا ضروری ہے۔ تینوں واقعات کے متعلق حضرت خضر نے جو توجیہات پیش کی ہیں ان میں سے پہلی توجیہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا فاردت ان اعیبھا میں نے یہ ارادہ کیا کہ کشتی کو عیب دار بنا دوں۔ دوسری توجیہ میں فرمایا فاردنا ہم نے یہ ارادہ کیا۔ اور تیسری میں فرمایا فاراد ربک آپ کے رب نے یہ ارادہ فرمایا۔ اسلوبِ بیان کے اس تفاوت کی وجہ کیا ہے؟

اس کے متعلق مختصراً گزارش یہ ہے کہ اگرچہ خیر و شر، نفع و ضرر ہر چیز کا خالقِ حقیقی اللہ تعالیٰ ہے لیکن اہلِ ادب و عرفان کا طریقہ یہ ہے کہ خیر و نفع کا ذکر کرتے ہیں تو اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کرتے ہیں اور جب شر اور ضرر کے ذکر کا موقع آتا ہے تو اس کی نسبت اپنی طرف کرتے ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ارشاد ہے فاذا مرضت فھو یشفین جب میں بیمار ہوتا ہوں تو اللہ تعالیٰ مجھے شفا بخشتا ہے۔ بیماری کی اضافت اپنی طرف کی اور صحت کی اس کی طرف۔ حالانکہ بیمار کرنے والا بھی وہی ہے۔ اسی طرح یہاں کشتی توڑنے کی وجہ بتائی تو فاردت کہہ کر اس کی نسبت اپنی طرف کی۔ کیونکہ کشتی توڑنا مذموم ہے اور جب دیوار درست کرنے کی وجہ بتائی تو اس کی نسبت صرف اللہ تعالیٰ کی طرف کی فاراد ربک کیونکہ وہ خیرِ محض ہے۔ اور قتلِ غلام کے دو پہلو تھے۔ خیر اس لیے کہ اس کے والدین کو نافرمان بیٹے کے عوض میں نیک اولاد دی جا رہی ہے۔ اور شر اس لیے کہ بظاہر ایک معصوم بچے کو قتل کیا جا رہا ہے۔ اس لیے فاردنا جمع کا صیغہ استعمال کیا تاکہ خیر کے پہلو کی نسبت ذاتِ خداوندی کی طرف ہو جائے اور شر کا پہلو اپنی طرف منسوب کر دیا۔ علامہ بدرالدین الزرکشی نے اسی توجیہ کو زیادہ پسند فرمایا ہے۔ فرماتے ہیں:۔ لما اراد ذکر العیب للسفینۃ نسبہ لنفسہ ادبا مع الربوبیۃ فقال اردت ولما کان قتل الغلام مشترک الحکم بین المحمود والمذموم استتبع نفسہ

# وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ۭ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ۸۳ۭ

اور وہ دریافت کرتے ہیں آپ سے ذی القرنین کے متعلق ۸۳؎ فرمائیے میں ابھی بیان کرتا ہوں تمہارے سامنے اس کا حال۔

مع الحق فقال فی الاخبار بنوں الاستتباع لیکون المحمود من الفعل وھو راحۃ ابویہ المومنین من کفرہ۔ عائدًا علی الحق سبحانہ والمذموم ظاھرا وھو قتل الغلام بغیر حق۔ عائدًا الیہ وفی اقامۃ الجدار کان خیرا محضا فنسبہ للحق۔ فقال فاراد ربک ثم بیّن ان الجمیع من حیث العلم التوحیدی من الحق بقولہ وما فعلتہ عن امری۔ (البرہان فی علوم القرآن الزرکشی جلد ۴ صفحہ ۹۰)

۸۳؎ یہود کی انگیخت پر مشرکین عرب نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے جو تین سوالات کیے تھے ان میں آخری سوال ذی القرنین کے متعلق تھا۔ یہ رکوع تقریبًا اسی سوال کے جواب پر مشتمل ہے۔ اس رکوع کو اچھی طرح سمجھنے کے لیے چند امور کا تصفیہ ضروری ہے:۔ (۱) ذی القرنین کون تھا؟ (۲) اس کے تین جنگی سفر کن کن سمتوں میں تھے۔ اور ان سفروں کے نتائج کیا تھے؟ (۳) وہ سد کہاں ہے (دیوار یا بند) جو ذی القرنین نے تعمیر کی تھی۔ (۴) یاجوج ماجوج سے مراد کون سی قوم ہے۔

کیونکہ سکندر مقدونی اپنی فتوحات کی وجہ سے عالمگیر شہرت حاصل کر چکا تھا اس لیے کئی مفسرین کا یہ خیال ہے کہ ذی القرنین سے مراد سکندر ہے لیکن آیاتِ قرآنی اس نظریہ کی تصدیق نہیں کرتیں۔ کیونکہ سکندر یونان کا باشندہ تھا اور اہلِ یونان سب بُت پرست تھے اور یہی مذہب سکندر کا تھا۔ حالانکہ قرآن کریم میں ذی القرنین کے متعلق صراحتًا مذکور ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ پر اور روزِ قیامت پر ایمان رکھتا تھا۔ اس کا اپنی رعایا اور اپنی مفتوحہ اقوام کے ساتھ جو سلوک تھا اس میں ایک سچے مومن کا جذبۂ شفقت و اخلاص صاف دکھائی دے رہا ہے۔ اس لیے قرآن میں مذکور ذی القرنین سے سکندر مقدونی مراد نہیں ہو سکتا۔ یہ کہہ دینا کہ سکندر مسلمان تھا اس وقت تک قابلِ اعتنا نہیں جب تک نہ ثابت کر دیا جائے کہ اس نے اپنے آبائی اور قومی مشرکانہ عقاید کو ترک کر کے توحید کا عقیدہ قبول کر لیا تھا۔ اس قسم کے اقوال کی وجہ سے دشمنانِ اسلام کو قرآن پر زبانِ طعن دراز کرنے کا موقع ملتا ہے اور وہ اس سے پورا پورا فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ علماء اسلام کا یہ فرض ہے کہ اپنی تحقیقات اور تجسس سے قرآن کریم کے بیان کردہ واقعات کی ایسی وضاحت کریں کہ مخالف اپنا منہ لے کر رہ جائے۔

ذی القرنین کے متعلق تحقیق کرتے ہوئے مولانا ابو الکلام آزاد رقمطراز ہیں کہ پہلے ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ کیا قدیم کتابوں میں ذی القرنین کا لفظ کہیں استعمال ہوا ہے اور اگر ہوا ہے تو ان کے نزدیک اس سے مراد کون ہے۔ پھر یہ دیکھنا ہے کہ اس ذی القرنین میں وہ صفات پائی جاتی ہیں جو قرآن کریم نے ذکر کی ہیں۔ اور کیا وہ کارنامے اس سے صادر ہوئے جنہیں قرآن نے اس کی طرف منسوب کیا ہے۔ جیسے کہ آپ پڑھ چکے ہیں۔ یہ سوال یہود کی طرف سے اہل مکہ کو سکھایا گیا تھا کہ وہ حضورؐ سے پوچھیں کہ ذی القرنین کون ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ شخص یہود کے نزدیک اس لقب




نقشہ ۱ بسلسلہ قصہ ذوالقرنین

سے معروف تھا۔ اس کے متعلق ہمیں دانیال کی کتاب کے آٹھویں باب میں یہ آیتیں ملتی ہیں حضرت دانیال اپنا خواب بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں:۔

"تب میں نے آنکھ اٹھا کر نظر کی تو کیا دیکھتا ہوں کہ دریا کے پاس ایک مینڈھا کھڑا ہے جس کے دو سینگ ہیں۔ اسی باب کی بیسویں آیت میں اس کی تعبیر ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:۔

جو مینڈھا میں نے دیکھا اس کے دونوں سینگ مادی (میڈیا) اور فارس کے بادشاہ ہیں اور وہ جسیم بکرا یونان کا بادشاہ ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ مادی (میڈیا) اور فارس کی مملکتوں کو دو سینگوں سے تشبیہ دی گئی ہے اور ان دونوں کے فرمانروا کو مینڈھے سے تشبیہ دی گئی ہے۔

یہ اس زمانہ کا ذکر ہے جب بخت نصر نے ہیکل کو برباد کیا تھا۔ بیت المقدس کی اینٹ سے اینٹ بجا دی تھی اور بنی اسرائیل کو قیدی بنا کر بابل لے آیا تھا اور ان کی جمعیت ختم کرنے کے لیے بھیڑ بکریوں کی طرح انہیں لوگوں میں تقسیم کر دیا تھا۔ حضرت دانیال نبی بھی اسیروں میں تھے۔ آپ کو خواب میں بنی اسرائیل کی رہائی کی خوشخبری دی گئی تھی کہ دو سینگوں والا مینڈھا کھڑا ہے۔ چنانچہ کچھ عرصہ بعد سائرس (SERUS) فارس کا حکمران بنا اور اس نے کچھ عرصہ بعد میڈیا کو فتح کر کے اپنی سلطنت میں شامل کر لیا اور اسی کے حکم سے بنی اسرائیل کو آزادی نصیب ہوئی اور اسی کی کوشش اور حکم سے ہیکل کی دوبارہ تعمیر ہوئی جس طرح سورۃ بنی اسرائیل میں گزر چکا ہے۔ مولانا لکھتے ہیں کہ پہلے تو یہ صرف گمان تھا کہ اس خواب کی وجہ سے یہود سائرس کو ذی القرنین (سینگوں والا) کے لقب سے ذکر کرتے ہیں لیکن ۱۸۳۸ء کے ایک انکشاف نے اس قیاس کو ایک تاریخی حقیقت ثابت کر دیا اور معلوم ہو گیا کہ فی الحقیقت شہنشاہ سائرس کا لقب ذی القرنین تھا اور یہ محض یہودیوں کا کوئی مذہبی تخیل نہ تھا بلکہ خود سائرس کا اور باشندگان فارس کا مجوزہ اور پسندیدہ نام تھا۔ یہ سائرس کی ایک سنگی تمثال ہے جو اصطخر کے کھنڈروں میں دستیاب ہوئی۔ اس میں سائرس کے دونوں طرف عقاب کے پر بھی ہیں اور سر پر مینڈھے کی طرح دو سینگ ہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ میڈیا اور فارس کا شہنشاہ ہونے کے باعث سائرس ذوالقرنین کے لقب سے پکارا جاتا تھا۔

اور ہو سکتا ہے کہ دانیال کے خواب سے ہی سائرس کو یہ لقب اختیار کرنے کا خیال پیدا ہوا ہو۔ کیونکہ فارس کے بادشاہوں کو بنی اسرائیل کے انبیاء سے بڑی عقیدت تھی۔ سائرس نے بابل کو فتح کیا تو بنی اسرائیل کی اسیری اور جلاوطنی کے دن ختم ہوئے اور اس نے ان کو فلسطین واپس جانے اور ہیکل کو از سر نو تعمیر کرنے کی اجازت دی اور ہیکل کے سونے چاندی کے جو برتن بخت نصر لوٹ کر لایا تھا اور انھیں اپنے خزانے کی زینت بنایا تھا سائرس نے حکم دیا کہ وہ بھی بنی اسرائیل کو واپس دیے جائیں اور پہلے کی طرح ہیکل میں داخل کیے جائیں۔ سائرس کا بچپن بڑی گمنامی کی حالت میں گزرا۔ جنگلوں اور پہاڑوں میں سارا وقت بسر ہوا۔ قدرت نے گوشۂ گمنامی سے اٹھایا اور فارس کا تاجدار بنا دیا۔ تھوڑے عرصہ میں ہی اس نے سب سے بڑی اور مضبوط حکومت میڈیا کو مغلوب

کر لیا۔ بابل کو اپنی قلمرو میں داخل کر لیا جس سے اس کی شہرت بام عروج پر پہنچی اور اس کی عظمت سے دل تھرانے لگے۔ یہی وہ چیز ہے جسے قرآن نے انا مکنا لہ فی الارض کے جامع الفاظ سے بیان فرمایا۔

اب ہمیں دیکھنا ہے کہ ذوالقرنین کی جن تین مہموں کا قرآن نے ذکر کیا ہے کیا ان کی راہنمائی سائرس نے کی۔ اس کی ایک مہم مغرب الشمس کی طرف دوسری مطلع الشمس کی طرف۔ تیسری ایک ایسے مقام کی طرف جہاں کوئی وحشی قوم آباد تھی اور یاجوج و ماجوج آکر لوٹ مار مچایا کرتے تھے۔

سائرس کے مورخین بتاتے ہیں کہ جب اس نے میڈیا کو فتح کر کے اپنی سابقہ مملکت فارس کے ساتھ ملا لیا تو اس کے فوراً بعد ایشیائے کوچک کی ایک ریاست جو لیڈیا کے نام سے مشہور تھی۔ اس کے بادشاہ کروسیس نے اس پر حملہ کر دیا۔ اور صلح کے تمام ان معاہدات کو بالائے طاق رکھ دیا جو کروسیس اور سائرس کے باپ کے درمیان ہوئے تھے۔ سائرس مقابلہ پر مجبور ہو گیا اور اپنے حریف کو جنگ میں شرمناک شکست دی اور لیڈیا کی ساری حکومت پر قابض ہو گیا۔ اب تمام ایشیائے کوچک بحرِ شام سے لے کر بحرِ اسود تک اس کے زیرِ نگین تھا۔ وہ برابر بڑھتا گیا یہاں تک کہ مغربی ساحل پر پہنچ گیا۔ اس نے فارس سے لے کر لیڈیا تک چودہ سو میل کا فاصلہ طے کر لیا۔ لیکن سمندر نے اس کی پیشقدمی روک دی۔ اس نے بصد حسرت نگاہ اٹھا کر دیکھا تو حدِ نظر تک پانی ہی پانی تھا اور سورج اسکی لہروں میں ڈوب رہا تھا۔ ایشیائے کوچک کا مغربی ساحل چھوٹی چھوٹی خلیجوں کا مجموعہ ہے۔ اور سمندر کم گہرا ہونے کی وجہ سے پانی گدلا ہے۔ اسی کو قرآن نے ان الفاظ سے بیان فرمایا وجدھا تغرب فی عین حمئۃ۔ اگرچہ سورج تو اپنی آسمانی مدار میں متحرک رہتا ہے اور کہیں ڈوبتا نہیں لیکن سمندر کے کنارے کھڑے ہو کر غروب آفتاب کا نظارہ کرنے والے کو کیا یہ دکھائی نہیں دیتا کہ سورج آہستہ آہستہ پانی کی گہرائیوں میں غوطہ لگانے کے لیے نیچے اتر رہا ہے۔ جس قوم سے سائرس کو وہاں واسطہ پڑا تھا وہ قوم تھی جنھوں نے کروسیس کی سرکردگی میں اس پر حملہ کیا تھا اور اس کا تاج و تخت چھیننے کی کوشش کی تھی۔ وہ لوگ اس کے قبضہ میں تھے جس طرح چاہتا ان کے ساتھ برتاؤ کر سکتا تھا۔ لیکن سائرس کے مورخین یک زبان ہو کر کہتے ہیں کہ اس نے قطعاً کسی پر زیادتی نہیں کی بلکہ اس نے اپنی حملہ آور فوج کو تاکیدی حکم دیا تھا کہ دشمن کے سپاہی کے سوا کسی پر ہاتھ نہ اٹھانا۔ اور اگر وہ بھی نیزہ جھکا دے تو اس سے بھی تعرض نہ کرنا۔ قرآن کے بیان سے بھی مورخین کے اس بیان کی تصدیق ہوتی ہے واما من آمن الخ سے بھی پتہ چلتا ہے کہ وہ خود مومن تھا اور نیک اعمال کا قدردان تھا۔

اس کی دوسری مہم مشرق کی جانب تھی جبکہ مملکت کے مشرقی اطراف میں بعض خانہ بدوش قبائل نے فتنہ و فساد کی آگ بھڑکا دی تو اس کو فرو کرنے کے لیے اسے مشرق کا رخ کرنا پڑا۔ اور وہ بلخ اور باختر کے قبائل کی سرکوبی کے لیے بڑھا سب کو مطیع بنایا۔ آگے پہاڑوں کا طویل اور اونچا سلسلہ تھا۔ اس کے باعث آگے بڑھنے کے لیے کوئی راستہ نہ تھا۔ لم نجعل لھم من دونھا سترا سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ باغی قبیلہ صحرا نورد تھا۔ قلعوں اور

محلات کا تو ذکر ہی کیا وہاں کوئی باقاعدہ بستی ہی نہ تھی جہاں مکانات تعمیر کیے جاتے اور ان میں رہائش کی جاتی۔ کبھی درختوں کے کسی جھنڈ کی آڑ میں وقت بسر کر لیا۔ کبھی کوئی معمولی سا خیمہ تان لیا۔ دھوپ وغیرہ سے بچنے کے لیے ان کے پاس کوئی معقول انتظام نہ تھا۔

تیسری مہم اس مہم کے متعلق قرآن نے بتایا کہ ذوالقرنین دو پہاڑوں کے درمیانی درّہ تک پہنچا تو وہاں اسے ایک قوم ملی جو ان کی بولی سمجھنے سے قاصر تھی۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ سدین سے مقصود کاکیشیا کا پہاڑی درّہ ہے۔ اس کے داہنی طرف بحرِ خزر ہے جس نے شمال اور مشرق کی راہ روکی ہوئی ہے۔ بائیں جانب بحرِ اسود ہے جو شمال مغرب کے لیے قدرتی رکاوٹ ہے۔ درمیانی علاقہ میں اس کا سر بفلک سلسلہ کوہ ایک قدرتی دیوار کا کام دے رہا ہے۔ اس درمیانی درّے کے علاوہ شمالی قبائل کے لیے اِدھر آنے کا کوئی راستہ نہیں تھا اور یقیناً یہیں سے یاجوج و ماجوج آکر ان پر حملہ کرتے اور ان کے علاقہ کو تاخت و تاراج کیا کرتے۔ یہی وہ جگہ ہے جہاں دو پہاڑوں کے درمیان ایک سد (بند) تعمیر کر کے ان کا راستہ بند کر دیا گیا۔ جو لوگ اس علاقہ میں آباد تھے اور آئے دن یاجوج ماجوج کے حملوں سے ان کا امن برباد ہوتا رہتا تھا۔ انھوں نے ہی سائرس سے التجا کی ہوگی کہ وہ انھیں اس بلائے بے درماں سے نجات دلائے۔

قرآن کریم کی تصریحات سے پتہ چلتا ہے کہ وہ صرف مومن ہی نہ تھا بلکہ بڑا فیاض اور رعایا کا ہمدرد اور خیرخواہ بادشاہ بھی تھا۔ ہمیں اس کے ایمان کے متعلق مطمئن ہونے کے لیے کسی بڑی کدوکاوش کی ضرورت نہیں بلکہ انبیاء بنی اسرائیل کی پیشین گوئیاں ہی اس امر کو ثابت کرنے کے لیے کافی ہیں کہ وہ مومن تھا۔ حضرت دانیال کی پیشین گوئی تو آپ پڑھ آئے ہیں اب یسعیاہ نبی کی پیشین گوئی سنیے :۔

”جو خورس (سائرس) کے حق میں کہتا ہوں کہ وہ میرا چرواہا ہے اور میری مرضی بالکل پوری کرے گا اور یروشلم کی بابت کہتا ہوں کہ وہ تعمیر کیا جائے گا اور ہیکل کی بابت کہ اس کی بنیاد ڈالی جائے گی۔ (یسعیاہ باب ۴۴: آیت ۲۸) اسی کتاب کے باب ۴۵ کی پہلی آیت بھی ملاحظہ فرمائیے :۔

خداوند اپنے ممسوح خورس کے حق میں یوں فرماتا ہے کہ میں نے اس کا داہنا ہاتھ پکڑا کہ امتوں کو اس کے سامنے زیر کروں اور بادشاہوں کی کمریں کھلوا ڈالوں اور دروازوں کو اس کے لیے کھول دوں اور پھاٹک بند نہ کیے جائیں گے۔ یاجوج اور ماجوج کا ذکر قرآن کریم میں دو بار آیا ہے۔ ایک یہاں اور دوسرا سورۃ الانبیاء میں۔ یورپ کی زبانوں میں انھیں (GOG AND MAGOG) کہا جاتا ہے یہ کونسی قوم تھی۔ تمام تاریخی قرائن متفقہ طور پر شہادت دیتے ہیں کہ اس سے مقصود صرف ایک ہی قوم ہو سکتی ہے یعنی شمال مشرقی میدانوں کے وہ وحشی اور طاقتور قبائل جن کے مشرقی حملوں کی روک تھام کے لیے چین کے شہنشاہ شین ہوانگ تی کو وہ عظیم الشان دیوار بنانی پڑی۔ جو پندرہ سو میل تک چلی گئی ہے اور جو دیوارِ چین کے نام سے مشہور ہے۔ اس کی تعمیر ۲۱۴ ق۔م میں شروع ہوئی۔ اور دس برس میں ختم ہوئی۔ اس نے شمال اور مغرب کی طرف منگولین قبائل کے حملوں کی تمام راہیں

إِنَّا مَكَّنَّا لَهُ فِي الْأَرْضِ وَآتَيْنَاهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ﴿٨٤﴾ فَأَتْبَعَ

ہم نے اقتدار بخشا تھا اسے زمین میں ۵۱ اور ہم نے دیا تھا اسے ہر چیز (تک رسائی حاصل کرنے) کا ساز و سامان ۵۲ پس وہ

سَبَبًا ﴿٨٥﴾ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي

روانہ ہوا ایک راستہ پر ۵۳ یہاں تک کہ جب وہ غروب آفتاب کی جگہ پہنچا تو اس نے اسے یوں پایا گویا وہ ڈوب رہا ہے ایک سیاہ

عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ۗ قُلْنَا يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِمَّا

کیچڑ کے چشمہ میں اور اس نے وہاں ایک قوم پائی۔ ہم نے کہا اے ذوالقرنین! تمھیں اختیار ہے، خواہ تم

مسدود کر دیں۔ اس لیے ان کے حملوں کا رخ پھر وسط ایشیا کی طرف مڑ گیا۔ انھیں کے حملوں کو روکنے کے لیے سائرس نے سد تعمیر کی۔ شمال مشرق کے اس علاقہ کا بڑا حصہ اب منگولیا کہلاتا ہے۔ لیکن چینی ذرائع سے پتہ چلتا ہے کہ اس کا اصلی قدیم نام "موگ" ہے جو چھ سو برس ق م یونانیوں میں میگ اور میگاگ پکارا جاتا تھا۔ اور یہی لفظ عبرانی میں ماجوج ہو گیا۔

آخر میں ہمیں یہ تحقیق کرنا ہے کہ سائرس نے جو سد تعمیر کی تھی اس کا محل وقوع کہاں ہے۔ بحر خزر کے مغربی ساحل پر ایک قدیم شہر دربند آباد ہے۔ یہ ٹھیک اس مقام پر واقع ہے جہاں کاکیشیا کا سلسلۂ کوہ ختم ہوتا ہے اور بحر خزر سے مل جاتا ہے یہاں ایک دیوار ہے جس کا طول پچاس میل اور اونچائی انتیس فٹ اور موٹائی دس فٹ۔ (انسائیکلوپیڈیا)

اس مقام سے مغرب کی طرف درۂ دانیال جو دو بلند پہاڑیوں سے گھرا ہوا ہے۔ یہاں بھی قدیم زمانے سے ایک دیوار ہے اور اسے آہنی دروازہ کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ مولانا ابوالکلام آزاد کے خیال کے مطابق آخری دیوار وہ ہے جو قرآن میں مذکور ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم (یہ تفصیلات بیشتر مولانا ابوالکلام آزاد کی تفسیر ترجمان القرآن سے ماخوذ ہیں)

۵۱ یعنی اسے ملک میں تسلط بخشا اور با اختیار کیا اسے علم، قدرت، آلات وغیرہ مرحمت فرمائے جن سے کام لے کر وہ ہر چیز تک رسائی حاصل کر سکتا تھا اس آیت میں سَبَبًا کا معنی مایوصل الیہ من العلم والقدرۃ والآلات۔ (مظہری)

۵۳ یہ اس کی پہلی مہم کی طرف اشارہ ہے جو مغرب الشمس کی طرف تھی۔ جس میں وہ مغربی علاقہ کو فتح کرتا ہوا ایشیائے کوچک کے سمندر کے کنارہ تک جا پہنچا اور سمندر حائل ہونے کی وجہ سے آگے نہ بڑھ سکا۔ حمئۃ سیاہ کیچڑ جہاں پانی کم ہو وہاں کا کیچڑ سیاہ اور پانی گدلا ہوتا ہے۔ اس سے بحر اسود کے خلیج نما ساحل کی طرف اشارہ ہے۔ اس آیت میں سببا کا معنی راستہ ہے۔ سَبَبًا یعنی الطریق۔ (مظہری)

اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ۝۸۶ قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ

انھیں سزا دو خواہ ان کے ساتھ اچھا سلوک کرو ۱۰۸ ذوالقرنین نے کہا جس نے ظلم (کفر و فسق) کیا

فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ۝۸۷ وَاَمَّا

تو ہم ضرور اسے سزا دیں گے پھر اسے لوٹا دیا جائیگا اسکے رب کی طرف تو وہ اسے عذاب دیگا بڑا ہی سخت عذاب ۔ اور جو شخص

مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ۨ الْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ لَهٗ

ایمان لایا اور اچھے عمل کیے تو اس کے لیے اچھا معاوضہ ہے ۱۰۹ اور ہم اسے حکم دیں گے ایسے احکام

مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ۝۸۸ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ۝۸۹ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ

بجا لانے کا جو آسان ہونگے ۔ پھر وہ روانہ ہوا دوسرے راستہ پر ۱۱۰ یہاں تک کہ جب وہ پہنچا طلوع آفتاب کے مقام پر تو اس نے

وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ۝۹۰

پایا سورج کو کہ وہ طلوع ہو رہا ہے ایسی قوم پر کہ نہیں بنائی ہم نے انکے لیے سورج (کی گرمی) سے بچنے کی آڑ ۱۱۱

۱۰۸ اگر وہ نبی تھا جیسے بعض کا خیال ہے تو یہ ارشاد بذریعہ وحی ہوگا ورنہ کسی دوسرے نبی کے واسطے سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے اجازت مرحمت کی جا رہی ہے کہ اس مفتوحہ قوم سے جو مناسب برتاؤ چاہے کرے ۔

۱۰۹ اس نے اپنی نیک نفسی کی وجہ سے ان کے پہلے تمام قصوروں کو معاف کر دیا اور آئندہ کے لیے انھیں متنبہ کر دیا ۔ اس کے اس کردار سے بھی پتہ چلتا ہے کہ وہ سکندر رومی نہ تھا کیونکہ سکندر کے متعلق انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا کے مقالہ نگار نے لکھا ہے کہ اس نے اپنے باپ فلپ کے مرنے کے بعد اپنے معصوم ننھے سوتیلے بھائی کو جو قلوپطرا کے بطن سے تھا قتل کرا دیا اور اسی طرح اپنے چچا زاد بھائی منٹاس کو بھی اس نے مروا ڈالا تھا ۔ نیز اس کے متعلق یہ بھی گمان کیا جاتا ہے کہ اس کے باپ کے قتل میں بھی اس کا ہاتھ تھا ۔ جلد ۱ ص ۵۲

ایسے شخص سے ایسے بلند کردار کی توقع نہیں کی جا سکتی ۔

۱۱۰ یہاں سے اس کی دوسری مہم جو مطلع الشمس کی طرف تھی کا بیان ہے ۔

۱۱۱ خانہ بدوش قوم جس نے اپنے لیے مکانات وغیرہ بنانے کی زحمت تک گوارا نہیں کی تھی یعنی تہذیب تمدن سے بالکل بیگانے اور اپنی وحشی زندگی پر مطمئن بلکہ مسرور ۔

كَذٰلِكَ ؕ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿٩١﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٩٢﴾ حَتّٰٓى

بات یونہی ہے ۔ اور ہم نے احاطہ کر رکھا ہے ہر اس چیز کا جو اسکے پاس تھی اپنے علم سے ۔ پھر روانہ ہوا ایک اور راہ پر ١١٢ یہاں تک

اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ

جب وہ پہنچا دو پہاڑوں کے درمیان تو پایا اس نے ان پہاڑوں کے پیچھے ایک قوم کو جو نہیں سمجھ سکتے تھے (اپنی)

يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿٩٣﴾ قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ

کوئی بات ۔ انھوں نے کہا اے ذوالقرنین ! یاجوج اور ماجوج نے

مُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ

بڑا فساد برپا کر رکھا ہے اس علاقہ میں ١١٣ تو کیا ہم مقرر کر دیں آپ کے لیے کچھ خراج تاکہ آپ بنا دیں ہمارے

تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿٩٤﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّىْ فِيْهِ رَبِّىْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِىْ

درمیان اور ان کے درمیان ایک بلند دیوار ۔ وہ بولا وہ دولت جس میں میرے رب نے مجھے اختیار دیا ہے وہ بہتر ہے ١١٤

بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿٩٥﴾ اٰتُوْنِىْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ؕ حَتّٰٓى

پس تم میری مدد کرو جسمانی مشقت سے میں بنا دوں گا تمھارے اور انکے درمیان ایک مضبوط آڑ ۔ تم لے آؤ میرے پاس لوہے کی چادریں (چنانچہ کام

١١٢ تیسری مہم کا ذکر ہے ۔ سَدّ ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو دو چیزوں کے درمیان آڑ کا کام دے ۔ اسی مناسبت سے پہاڑ کو بھی سَدّ کہتے ہیں ۔ السد: الحاجز بین الشیئین الجبل (منجد)

١١٣ وہاں کے لوگوں نے ذوالقرنین کو اپنی داستانِ غم سنائی اور اسے بتایا کہ یہ وحشی اور درندہ صفت قبائل آئے دن ان کی مٹی پلید کرتے رہتے ہیں ۔ انھوں نے بادشاہ کے سامنے ایک مضبوط دیوار بنانے کی درخواست کی اور ہر طرح مالی امداد دینے کا وعدہ کیا ۔

١١٤ اس کی عالی ظرفی کا ایک اور ثبوت ملاحظہ فرمایئے ۔ اس نے ان لوگوں کو کہا مجھے تمھاری مالی امداد کی ضرورت نہیں ۔ مجھے میرے رب نے بہت کچھ عطا فرمایا ہے ۔ ہاں جو جسمانی کام تم کر سکتے ہو وہ ضرور کرو خرج اور خراج ہم معنی ہیں ۔ ردماً ۔ مضبوط دیوار کو کہتے ہیں ۔

إِذَا سَاوَىٰ بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انفُخُوا ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَعَلَهُ نَارًا

شروع ہو گیا یہاں تک کہ جب ہموار کر دیا گیا وہ خلا ۱۵؎ جو دو پہاڑوں کے درمیان تھا تو اس نے حکم دیا دھونکو یہاں تک کہ جب لوہا آگ بنا دیا

قَالَ آتُونِي أُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿٩٦﴾ فَمَا اسْطَاعُوا أَن يَظْهَرُوهُ وَ

تو اس نے کہا لاؤ میرے پاس پگھلا ہوا تانبا کہ میں اسے اس پر انڈیل دوں۔ سو یاجوج ماجوج بڑی کوشش کے باوجود نہ

مَا اسْتَطَاعُوا لَهُ نَقْبًا ﴿٩٧﴾ قَالَ هَٰذَا رَحْمَةٌ مِّن رَّبِّي ۖ فَإِذَا جَاءَ

سر کر سکے اور نہ ہی اس میں سوراخ کر سکے ۱۶؎ ذوالقرنین نے کہا یہ میرے رب کی رحمت ہے (کہ اس نے مجھے یہ توفیق بخشی) اور جب آئیگا

وَعْدُ رَبِّي جَعَلَهُ دَكَّاءَ ۖ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّي حَقًّا ﴿٩٨﴾ وَتَرَكْنَا

میرے رب کا وعدہ تو وہ اسے ریزہ ریزہ کر دے گا۔ اور میرے رب کا وعدہ (ہمیشہ) سچا ہوا کرتا ہے اور ہم آزاد کر دیں گے

بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوجُ فِي بَعْضٍ ۖ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَجَمَعْنَاهُمْ

بعض کو اس دن کہ وہ (تند موجوں کی طرح) دوسروں میں گھس جائیں گے اور صور پھونکا جائیگا تو ہم سب کو اکٹھا کر

جَمْعًا ﴿٩٩﴾ وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكَافِرِينَ عَرْضًا ﴿١٠٠﴾ الَّذِينَ

دیں گے۔ اور ہم ظاہر کر دینگے جہنم کو اس دن کفار کے لیے بالکل عیاں۔ وہ کافر

۱۵؎ ان دو پہاڑوں کے درمیان جو درہ تھا اس میں لوہے کی چادریں بھر دی گئیں۔ پھر اس پر آگ جلائی گئی یہاں تک کہ لوہا پگھل گیا پھر اس پر تانبا پگھلا کر ڈال دیا گیا چنانچہ لوہے اور تانبے کی ایک ایسی دیوار بن گئی جس کو گرا دینا یا اسکو پھاند نا یا اسمیں نقب لگانا انکے لیے ناممکن ہو گیا۔ صَدَف کا معنی ہے بلند اور مضبوط عمارت قال ابو عبید: الصدف کل بناء عظیم مرتفع (قرطبی) یہاں صدفین سے دو پہاڑ مراد ہیں جنکے درمیان خلا ہو۔ قطر کا معنی ہے پگھلا ہوا تانبا والقطر عند اکثر المفسرین النحاس المذاب وقیل الحدید المذاب وقیل الرصاص المذاب (قرطبی)۔ ۱۶؎ ذوالقرنین نے ان کی خواہش کے مطابق ایسی مضبوط اور بلند دیوار تعمیر کر دی جسکو عبور کرنا یاجوج ماجوج کیلئے مشکل ہو گیا انھوں نے اسکو پھاند نے یا اسکو گرانے کے جتنے جتن کیے اسمیں کامیاب نہ ہو سکے۔ آخر میں اس حقیقت کی طرف انھیں توجہ دلائی کہ یہ دیوار اسی وقت تک تمھیں ان وحشیوں کی دست برد سے بچا سکتی ہے جب تک اللہ تعالیٰ کی مرضی ہوگی اور جب اس کے نزدیک اس کی میعاد ختم ہو گئی اور انکے خروج کا وقت آگیا تو یہ مضبوط دیوار ریزہ ریزہ ہو جائے گی۔

كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

جن کی آنکھوں پر پردے پڑے تھے میری یاد سے اور جو (کلمۂ حق) سن بھی نہیں سکتے

سَمْعًا ﴿١٠١﴾ اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ

تھے کیا گمان کرتے ہیں کفار کہ وہ بنا لیں گے میرے بندوں کو میرے بغیر

دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ۭ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ﴿١٠٢﴾ قُلْ هَلْ

اپنا حمایتی ۱۱۷ (یہ ناممکن ہے) بیشک ہم نے تیار کر رکھا ہے جہنم کو کفار کی رہائش کے لیے۔ فرمائیے (اے لوگو) کیا

نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ﴿١٠٣﴾ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي

ہم مطلع کریں تمھیں ان لوگوں پر جو اعمال کے لحاظ سے گھاٹے میں ہیں ۱۱۸ یہ وہ لوگ ہیں جن کی ساری جد و جہد دنیوی زندگی کی

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿١٠٤﴾ اُولٰٓئِكَ

آرائش میں کھو کر رہ گئی۔ اور وہ یہ خیال کر رہے ہیں کہ وہ کوئی بڑا عمدہ کام کر رہے ہیں ۱۱۹ یہی وہ (بدنصیب)

۱۱۷ جو معبود برحق کو چھوڑ کر کسی اور کو رب بناتے ہیں ان سے بڑھ کر نا سمجھ اور بدبخت اور کون ہو سکتا ہے۔

۱۱۸ کیا تم یہ دریافت کرنا چاہتے ہو کہ اعمال کے لحاظ سے سب سے زیادہ خسارہ اور نقصان میں کون لوگ ہیں۔ آؤ میں تمھیں بتاتا ہوں۔ وہ لوگ جو دن رات دنیا کے حصول کے لیے مارے مارے پھرتے ہیں ان کی زندگی کا بس ایک ہی مقصد ہے کہ زیادہ سے زیادہ دولت جمع کی جائے۔ مکانات و محلات تعمیر کیے جائیں۔ دنیا میں مناصب عالیہ پر فائز ہوں انھیں کبھی اپنے رب کی خوشنودی حاصل کرنے کا خیال ہی نہیں آیا۔ انھیں اپنی موت کو یاد کرنے کی کبھی فرصت ہی نہیں ملی۔ ضل سعیہم کے الفاظ کتنے معنی خیز ہیں کہ ان کی توانائی کا ایک ایک قطرہ متاعِ دنیا کے حصول میں ضائع ہو کر رہ گیا ہے۔ اور اس کشاکش میں وہ تھک کر چور ہو گئے ہیں۔ اُخروی سعادت کے حصول کے لیے ان میں اب ذرا ہمت نہیں۔ خود غور فرمائیے طالبانِ دنیا کا یہ کتنا صحیح نقشہ ہے۔

۱۱۹ اس کے باوجود انھیں اپنے کیے پر کوئی ندامت نہیں بلکہ اپنی قابلیت پر نازاں ہیں اور اپنی جد و جہد کے ان نتائج پر بالکل مطمئن ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی یاد سے روگردانی کر کے جو نقصانِ عظیم انھوں نے اٹھایا اس کا انھیں احساس تک بھی نہیں رہا۔

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ

جنھوں نے انکار کیا اپنے رب کی آیتوں کا اور اس کی ملاقات کا[٢٠] تو ضائع ہو گئے ان کے اعمال [٢١] تو ہم ان (کے اعمال) کو تولنے کے لیے روزِ قیامت کوئی ترازو نصب نہیں کرینگے

لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ﴿١٠٥﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا

یہ ہے ان کی جزاء جہنم۔ اس وجہ سے کہ انھوں نے کفر کیا

وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ﴿١٠٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور میری آیتوں اور رسولوں کو مذاق بنا لیا۔ یقیناً وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل (بھی) کرتے رہے

كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ

تو فردوس کے باغات ان کی رہائش گاہ ہوں گے [٢٢] وہ ہمیشہ رہیں گے ان میں (اور) نہیں چاہیں گے کہ

[٢٠] آخرت کی فکر تو یہ تب کرتے اگر اخروی زندگی پر ان کا ایمان ہوتا۔ انھوں نے تو اس حقیقت کو تسلیم کرنے سے ہی انکار کر دیا ہے کہ ایک روز ان کی ملاقات اپنے رب سے ہونے والی ہے! اور ان سے ان کے اعمال کا محاسبہ کیا جائے گا۔

[٢١] ان کے اعمال ضائع ہو گئے۔ قیامت کے دن جب وہ پابجولاں پیش کیے جائیں گے تو ان کے دفترِ عمل میں کوئی ایسی نیکی نہیں ہو گی جس کا وزن کیا جا سکے اس کا یہ معنی بھی کیا گیا ہے کہ بڑے فربہ اور جسیم دنیا دار مٹکتے آئیں گے اور وہ اس غلط فہمی کا شکار ہوں گے کہ آج کے دن بھی وہ سرخرو ہوں گے اور معزز و محترم قرار پائیں گے لیکن جب ان کو تولنے کے لیے ایک پلڑے میں رکھا جائیگا تو ان کی بے مائیگی ظاہر ہو جائے گی حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے کہ طاقت ور سخت مزاج اور پیٹو کو جب میزان میں رکھا جائیگا تو اس کا وزن بال کے برابر بھی نہیں ہو گا عن ابی ھریرۃ انہ قال القوی الشدید الاکول یوضع فی المیزان فلا یزن شعرۃ۔ وزن کا معنی یہاں میزان بھی لیا گیا ہے یعنی ہم ان کے اعمال تولنے کے لیے کوئی ترازو نصب نہیں کریں گے او المعنی لا نضع لھم میزانا یوزن بہ اعمالھم لاحباطھا۔ (مظہری)

[٢٢] انکے برعکس اہلِ ایمان جن کا صحیفۂ عمل حسنات و طاعات سے جگمگا رہا ہو گا انکی میزبانی کے لیے جنت الفردوس کو آراستہ کیا جائے گا۔ وہاں انھیں رہنے کے لیے ایسے محلات دیے جائیں گے جہاں سے وہ نکالے نہیں جائیں گے بلکہ وہ ہمیشہ وہاں کی لذت و سرور سے لطف اندوز ہوتے رہیں گے۔ نُزُلٌ کا معنی مہمان کی تواضع کے لیے جو کھانا تیار کیا جاتا ہے اسے بھی نُزُلٌ کہا جاتا ہے لیکن اس کا ایک دوسرا معنی منزل بھی ہے اور یہاں یہی زیادہ مناسب ہے۔

عَنْهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ

وہ اس جگہ کو بدل لیں۔ (اے حبیب!) آپ فرمائیے کہ اگر ہو جائے سمندر روشنائی میرے رب کے کلمات لکھنے کیلئے تو ختم ہو جائیگا

قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿١٠٩﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا

سمندر اس سے پیشتر کہ ختم ہوں میرے رب کے کلمات ۱۲۳ اور اگرچہ ہم لے آئیں اتنی اور روشنائی اسکی مدد کو (تب بھی ختم نہ ہونگے) (آپ بطریق عاجزی

بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ

زبانی) آپ فرمائیے کہ میں بشر ہی ہوں ۱۲۴ تمہاری طرح ۱۲۵ وحی کی جاتی ہے میری طرف کہ تمہارا خدا صرف اللہ وحدہ ہے پس جو شخص امید

النزل بضمتین المنزل عن الزجاج والنزل ایضاً ما ھیئی للضیف۔

۱۲۳؎ اللہ تعالیٰ کی قدرت وحکمت کی آیات بینات کا شمار نہیں کیا جا سکتا۔ ان کی بے پایانی کا مفہوم ذہن نشین کرانے کے لیے کتنا مؤثر اسلوب اختیار کیا گیا ہے کہ سارے سمندر اگر سیاہی بن جائیں اور اس سیاہی سے اس کی قدرت وحکمت کی آیات کو لکھنا شروع کیا جائے تو سارے سمندر خشک ہو جائیں گے لیکن ان آیات کا احاطہ نہیں ہو سکے گا بلکہ اگر مزید سات سمندر سیاہی بنا دیے جائیں تب بھی یہ مضمون تشنہ ہی رہے گا۔ دانائے شیراز رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنی حد تک خوب فرمایا ہے :- ؎

دفتر تمام گشت و بپایاں رسید عمر ٭ ما ہمچناں در اول وصف تو ماندہ ایم

۱۲۴؎ اللہ تعالیٰ کی ذاتِ بے ہمتا کا ادراک انسان کے بس کا روگ نہیں نہ اس کے ظاہری حواس میں یہ تاب ہے اور نہ اس کے باطنی حواس میں یہ قوت ہے کہ اس کی حقیقت کو پہچان سکیں۔ عقلِ انسانی اپنی ترکتازیوں اور بلند پروازیوں کے باوجود اس کی عظمتوں کے سامنے سرنگوں ہے۔ اللہ تعالیٰ کی معرفت کا بجز اس کے اور کوئی طریقہ نہیں کہ ان آیاتِ بینات میں غور و فکر کیا جائے جہاں اس کی قدرت، عظمت، حکمت وکبریائی کے جلوے چمک رہے ہیں۔ ان آیات میں جہاں پانی کا قطرہ، ریت کا ذرہ، درخت کا پتہ، زمین کی رنگین وسعتیں، آسمانوں کی ہوشربا رفعتیں، مہر و ماہ کی خیرہ کن ضیا پاشیاں ہیں وہاں نبی کی ذات بھی ایک ایسا آئینہ ہوتی ہے جہاں دیدۂ بینا کو قدرتِ الٰہی کے ایسے جلوے نظر آتے ہیں جو اور کہیں دکھائی نہیں دیتے۔ خصوصاً وہ ذاتِ اقدس و اطہر جو تجلیاتِ احسانیہ اور انوارِ رحمانیہ کی ایسی تجلی گاہ ہے کہ عرشِ عظیم کو بھی اس سے کوئی نسبت نہیں۔ جس کسی کے نیاز آگیں دل اور محبت بھری آنکھوں نے حسنِ مصطفوی کو جتنا جانا، جس قدر پہچانا اور جس قدر چاہا اتنا ہی اسے عرفانِ خداوندی نصیب ہوا۔

لیکن ہر انسان کا مزاج یکساں نہیں ہوتا۔ بعض لوگ اتنے اکھڑ اور بد دماغ ہوتے ہیں کہ وہ حسن وجمال کے ان

پیکروں کے لیے اپنے دل میں قطعاً کوئی کشش محسوس نہیں کرتے بلکہ ان سے نفرت کرتے ہیں اور انھیں حقارت کی نظروں سے دیکھتے ہیں۔ ان کے برعکس بعض طبیعتیں اتنی غلط اندیش اوران کی عقلیں اتنی اوندھی ہوتی ہیں کہ جہاں کہیں کمال کی ذراسی جھلک بھی ۔ اسے اپنا معبود اور خدا بنالیا اوراس کے سامنے سربسجود ہو گئے ۔یہودیوں نے حضرت عزیر کو فقط اس لیے خدا کا بیٹا کہنا شروع کر دیا کہ انھیں تورات نوک بر زبان تھی ۔حضرت عیسیٰؑ نے چند معجزات دکھائے تو لوگوں نے انھیں کہاں سے کہاں تک پہنچا دیا۔ اس غلط فہمی کا سدِ باب کرنے کے لیے ہر نبی نے جہاں اللہ تعالیٰ کی توحید کی دعوت دی اوراس کی صداقت ثابت کرنے کے لیے اپنے خداداد کمال کا اظہار فرمایا وہاں کھلے اور واضح انداز میں یہ تصریح بھی کردی کہ وہ باایں ہمہ کمال و خوبی خدا نہیں بلکہ خدا کے بندے ہیں۔ خالق نہیں بلکہ مخلوق ہیں معبود نہیں بلکہ عابد ہیں۔ جب جزوی کمالات سے ایسی غلط فہمیاں پیدا ہوں جن کی گرفت میں آج بھی بے شمار لوگ پھنسے ہوئے ہیں تو وہ ذاتِ اقدس جو جمال و کمال کا مظہرِ اتم بنائی گئی اس کے متعلق طرح طرح کی غلط فہمیوں کا پیدا ہونا بعید از قیاس نہ تھا۔ اس لیے ضروری ہوا کہ اس غلط فہمی کے سارے امکانات ختم کر دیئے جائیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو تمام کمالات علی وجہ الاتم متصف کرنے کے باوجود اس آیت میں یہ اعلان کرنے کا حکم دیا قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الی انما الٰھکم الٰہ واحدٌ۔

علمائے سلف نے اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اظہارِ تواضع کے لیے یہ اعلان کرنے کا حکم دیا گیا ہے تاکہ اس فتنے کو روزِ اول سے ہی ختم کر دیا جائے۔ علامہ ثناء اللہ پانی پتی حضرت ابن عباسؓ سے اس آیت کی تفسیر ان الفاظ میں نقل کرتے ہیں۔ قال ابن عباس علم اللہ تعالیٰ عز وجل رسولہ صلی اللہ علیہ وسلم التواضع لئلا یزھی علی خلقہ۔ ۔ ۔ قلت فیہ سد لباب الفتنۃ افتتن بھا النصاریٰ حین رأوا عیسیٰ یبرئ الاکمہ والابرص ویحیی الموتیٰ وقد اعطی اللہ تعالیٰ لنبینا صلی اللہ علیہ وسلم من المعجزات اضعاف ما اعطی عیسیٰ علیہ السلام فامرہٗ باقرار العبودیۃ وتوحید الباری لاشریک لہٗ۔

صاحبِ کمال کا اظہارِ تواضع بھی اس کا کمال ہوتا ہے لیکن بعض کج فہم اور حقیقت ناشناس لوگ اس آیت کو کمالاتِ نبوت کے انکار کی دلیل بناتے ہیں اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں نبی محترم رسولِ معظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی شانِ رفیع کے متعلق کچھ بتایا جائے۔

ایک روز صحابۂ کرام نے عرض کی یا رسول اللہ متی وجبت لک النبوۃ حضور آپ کو خلعتِ نبوت سے کب سرفراز فرمایا گیا؟ حضور نے جواب میں ارشاد فرمایا وآدم بین الروح والجسد مجھے اس وقت شرفِ نبوت سے مشرف کیا گیا جب کہ آدم علیہ السلام کی نہ ابھی روح بنی تھی اور نہ جسم (رواہ الترمذی وصححہ وقال انہ حسن غریب) نبوت صفت ہے اور موصوف کا صفت سے پہلے پایا جانا ضروری ہے۔ اب خود ہی فیصلہ فرمایئے جو موصوف اپنی صفتِ نبوت سے متصف ہو کر آدم علیہ السلام سے پہلے موجود تھا اس کی حقیقت کیا تھی۔ ابن تیمیہ

وغیرہ نے یہ کہا ہے کہ کنت نبیا وآدم بین الماء والطین اور کنت نبیا ولا آدم ولا ماء ولا طین لا اصل لھما کہ ان دو حدیثوں کا کوئی اصل نہیں ہے۔ علامہ خفاجی ابن تیمیہ کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ان حدیثوں کو موضوع یا بے اصل کہنا درست نہیں کیونکہ امام ترمذی کی روایت کردہ حدیث بلا شبہ صحیح ہے۔ اور یہ دونوں روایتیں اس کی ہم معنی ہیں۔ اس لیے ان کو موضوع کہنا کیونکر درست ہو سکتا ہے جبکہ روایت بالمعنی محدثین کے نزدیک جائز ہے۔ اس حدیث کا یہ مطلب بھی نہیں کہ میں تخلیقِ آدم سے پہلے علم الٰہی میں نبی تھا کیونکہ اس میں پھر حضورؐ کی کوئی خصوصیت نہ ہوگی بلکہ مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمام ارواح سے پہلے اپنے حبیب کی روح کو پیدا فرمایا۔ اور اسی وقت خلعتِ نبوۃ سے سرفراز کیا اور ملأ اعلیٰ کو اس حقیقت پر آگاہ کر دیا بل ان اللّٰہ خلق روحہ قبل سائر الارواح وخلع علیہا خلعۃ التشریف بالنبوۃ اعلاما للملأ الاعلی بہ چنانچہ ایک دوسری روایت میں ہے یسبح ذالک النور وتسبح الملائکۃ بتسبیحہ کہ نورِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی تسبیح کہتا اور سارے فرشتے حضورؐ کی تسبیح سن کر اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے :-

گر نہ خورشید جمال یار گشتے راہ نموں ٭ از شب تاریک غفلت کس نبردے راہ بروں

ابن قطان نے اپنی کتاب 'الاحکام' میں حضرت امام علی زین العابدین سے انھوں نے اپنے پدر بزرگوار حضرت سیدنا امام حسین سے انھوں نے ان کے جدِ امجد حضرت سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے حضور سرورِ عالم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشادِ گرامی نقل کیا ہے قال کنت نورا بین یدی ربی قبل خلق آدم باربعۃ عشر الف عام یعنی میں نور تھا اور آدم علیہ السلام کی آفرینش سے چودہ ہزار سال پہلے اپنے ربِ کریم کے حریم ناز میں باریاب تھا۔

اس حدیث کے آخری تین راوی ائمۂ اہل بیت سے ہیں۔ ان کا علم و فہم اور تقویٰ کسی کی توثیق کا محتاج نہیں البتہ ابنِ قطان کے متعلق علماء جرح و تعدیل کی رائے بیان کرنا ضروری ہے تاکہ حدیث کی صحت کے متعلق کسی کو شک و شبہ کی گنجائش نہ رہے۔ علامہ زرقانی ان کے متعلق لکھتے ہیں الحافظ الناقد ابو الحسن علی بن محمد ابن عبد الملک الحمیری -کان من ابصر الناس بصناعۃ الحدیث واحفظھم لاسماء رجالہ واشدھم عنایۃ فی الروایۃ معروفا بالحفظ والاتقان (زرقانی علی المواہب اللدنیۃ جلد اول ص۴۶)

یہ حافظ اور نقادِ حدیث تھے۔ ان کا نام ابو الحسن علی بن محمد ہے۔ فنِ حدیث میں ان کی بصیرت اپنے ہمعصر لوگوں سے زیادہ تھی۔ وہ اسماء الرجال کے حافظ تھے۔ روایت میں وہ انتہا درجہ کی احتیاط برتا کرتے۔ وہ اپنے حفظ اور اتقان کے باعث مشہور و معروف تھے۔

حضرت جابر نے حضور فخرِ موجودات علیہ افضل الصلوٰۃ واطیب التحیات سے پوچھا یا رسول اللہ بابی انت وامی اخبرنی عن اول شیئ خلقہ اللہ تعالیٰ قبل الاشیاء قال یا جابر ان اللہ تعالیٰ قد خلق قبل الاشیاء نور نبیک۔

(رواہ عبدالرزاق بسندہ) یعنی حضرت جابر نے عرض کی یارسول اللہ میرے ماں باپ حضور پر قربان ہوں۔ مجھے یہ بتائیے کہ اللہ تعالیٰ نے سب چیزوں سے پہلے کونسی چیز پیدا کی۔ حضور نے فرمایا اے جابر اللہ تعالیٰ نے سب چیزوں سے پہلے تیرے نبی کا نور پیدا کیا۔ ان صحیح احادیث (جن کی تصحیح اور توثیق مولانا تھانوی نے نشرالطیب میں کی ہے) سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور کی ذات والاصفات عالم امکان میں سب سے مقدم ہے۔ آدم و ابراہیم بلکہ عرش و کرسی سے بھی بہت پہلے۔ حضور کی دیگر صفات کی طرح نبوت و بشریت حضور کی صفتیں ہیں۔ اہلِ معرفت کی اصطلاح میں اسی نور کو حقیقتِ محمدیہ کہا جاتا ہے اور حقیقتِ محمدیہ حقیقة الحقائق ہے۔ وبهذا الاعتبار سمّی المصطفیٰ بنور الانوار وباب الارواح (زرقانی) یعنی اسی وجہ سے حضور کو نور الانوار اور تمام ارواح کا باپ کہا جاتا ہے۔

یہ مسئلہ بڑا نازک ہے۔ مجھ جیسے کم علم کو یہ زیبا نہیں کہ میں اس میں اپنی خیال آرائی کو دخل دوں۔ بہتر یہی ہے کہ ان نفوسِ قدسیہ کی تحقیقات ہدیۂ ناظرین کرنے پر اکتفا کروں جن کا علم و تقویٰ اہلِ شریعت و اہلِ طریقت دونوں کے نزدیک مسلّم ہے اور جن کا قول ساری امت کے نزدیک حجت ہے۔ اس لیے میں حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات کا ایک اقتباس نقل کر رہا ہوں۔ شاید جلوۂ حسن محمدی کی جھلک دیکھ کر کوئی چشم اشکبار مسکرا دے۔ کسی کے دلِ بے قرار کو قرار آجائے۔ آپ لکھتے ہیں:۔

"جاننا چاہیے کہ پیدائش محمدی تمام افراد انسان کی پیدائش کی طرح نہیں بلکہ افراد عالم میں سے کسی فرد کی پیدائش کے ساتھ نسبت نہیں رکھتی۔ کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باوجود عنصری پیدائش کے حق تعالیٰ کے نور سے پیدا ہوئے ہیں۔ جیسے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خُلِقْتُ مِن نور اللہ کشف صریح سے معلوم ہوا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش اس امکان سے پیدا ہوئی ہے جو صفاتِ اضافیہ کے ساتھ تعلق رکھتا ہے اور نہ کہ اس امکان سے جو تمام ممکناتِ عالم میں ثابت ہے۔ ممکناتِ عالم کے صحیفہ کو خواہ کتنا ہی باریک نظر سے مطالعہ کیا جائے لیکن آنحضرت کا وجود مشہود نہیں ہوتا۔ بلکہ ان کی خلقت و امکان کا منشا عالم ممکنات میں ہے ہی نہیں۔ کیونکہ اس عالم سے برتر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا سایہ نہ تھا نیز عالم شہادت میں ہر ایک شخص کا سایہ اس کے وجود کی نسبت زیادہ لطیف ہوتا ہے اور جب جہان میں ان سے لطیف کوئی نہیں تو پھر ان کا سایہ کیسے متصور ہو سکتا ہے"۔ (دفتر سوم ترجمہ مکتوب ۱۰۰ صفحہ ۲۲۶)

اس میں کوئی شک نہیں کہ حضور صفتِ بشریت سے متصف ہیں اور حضور کی بشریت کا مطلقاً انکار غلط سراپا غلط ہے لیکن دیکھنا یہ ہے کہ حضور کو بشر کہنا درست ہے یا نہیں۔ جملہ اہلِ اسلام کا عقیدہ ہے کہ حضور پرنور کی تعظیم و تکریم فرضِ عین ہے اور ادنیٰ سی بے ادبی سے ایمان سلب ہو جاتا ہے اور اعمال ضائع ہو جاتے ہیں۔ ارشاد الٰہی ہے وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ اب دیکھنا یہ ہے کہ بشر کہنے میں تعظیم ہے یا تنقیص، ادب و احترام ہے یا سوءِ ادبی۔

رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿١١٠﴾ ع

رکھتا ہے اپنے رب سے ملنے کی تو اسے چاہیے کہ وہ نیک عمل کرے اور نہ شریک کرے اپنے رب کی عبادت میں کسی کو ١٢٦

پہلی صورت میں بشر کہنا جائز ہوگا اور دوسری میں ناجائز۔ مہر سپہر علم و عرفان حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ نے اس عقدہ کا جو حل پیش کیا ہے اس کے مطالعہ کے بعد کوئی اشتباہ نہیں رہتا۔ آپ کے ارشاد کا خلاصہ یہ ہے کہ لفظ بشر مفہوماً اور مصداقاً متضمن بکمال ہے کیونکہ آدم علیہ السلام کو بشر کہنے کی وجہ یہ ہے کہ انھیں اللہ تعالےٰ نے اپنے دستِ قدرت سے پیدا فرمایا۔ ارشادِ باری ہے: مامنعك ان تسجد لما خلقت بیدی۔

(اے ابلیس جس کو میں نے اپنے دونوں ہاتھوں سے پیدا کیا اس کو سجدہ کرنے سے تجھے کس نے روکا) کیونکہ اس پیکرِ خاکی کو اللہ تعالےٰ کے ہاتھ لگنے کی عزت نصیب ہوئی۔ اس لیے اسے بشر کہا گیا ہے۔ اس خاک کے پتلے کی اس سے بڑھ کر عزت افزائی کیا ہو سکتی ہے نیز یہی بشر ہے جو آپ کے الفاظ میں کمال استجلاء کے لیے مظہر بنایا گیا ہے اور ملائکہ بوجہ نقص مظہریت کمال سے محروم ٹھہرے۔ یہ دونوں چیزیں اگر ذہن نشین ہوں تو بشر کہنا عین تعظیم و تکریم ہے مگر چونکہ اس کمال تک ہر کس و ناکس سوائے اہلِ تحقیق و اہلِ عرفان رسائی نہیں رکھتا لہٰذا اطلاق لفظ بشر میں خواص بلکہ خص الخواص کا حکم عوام سے علیحدہ ہے۔ خواص کے لیے جائز اور عوام کے لیے بغیر زیادت لفظ دال بر تعظیم ناجائز ہے۔"

(فتاویٰ مہریہ صنا مطبوعہ ١٩٦٢ء)

١٢٥ غور طلب بات یہ ہے کہ یہ مماثلت کس چیز میں ہے مراتب و درجات وہبی ہوں یا کسبی، کمالات علمی ہوں یا عملی، عادات و خصائل روحِ پرنور بلکہ جسم عنصری تک میں کسی کو مماثلت تو کجا ادنیٰ مناسبت بھی نہیں۔ پھر یہ مماثلت جس کا ذکر اس آیت میں ہے کونسی ہے اور کہاں پائی جاتی ہے۔ یقیناً صرف ایک بات میں مماثلت ہے وہ یہ ہے کہ انہ لا الٰہ الا ھو وہ بھی ایک خدائے وحدہٗ لاشریک کا بندہ ہے جس کے تم بندے ہو اس کا بھی وہی خالق و مالک ہے جو تمہارا خالق و مالک ہے۔

١٢٦ عمل کی قبولیت کے لیے ضروری ہے کہ وہ محض اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی حاصل کرنے کے لیے کیا جائے۔ جہاں ریا آگئی وہ عمل ضائع ہوگیا۔ حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من صلی یرائی فقد اشرك ومن صام یرائی فقد اشرك ومن تصدق یرائی فقد اشرك

یعنی جس نے ریاکاری سے نماز پڑھی اس نے شرک کیا جس نے ریاکاری سے روزہ رکھا اس نے شرک کیا جس نے ریاکاری سے صدقہ دیا اس نے شرک کیا۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مسند میں انھیں شداد رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث نقل کی ہے کہ ایک دفعہ حضرت شداد رونے لگے۔ رونے کی وجہ پوچھی گئی تو آپ نے جواب دیا کہ میں نے حضور سرورِ عالم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے ایک بات سنی تھی جس نے مجھے رلا دیا۔ میں نے حضور

کو یہ فرماتے سنا اتخوف علی امتی الشرك والشهوة الخفية ۔ کہ مجھے اندیشہ ہے کہ میری امت شرک اور شہوت خفیہ میں مبتلا نہ ہو جائے۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ اتشرك امتك من بعدك۔ کیا حضورؐ کی اُمّت حضورؐ کے بعد شرک کرنے لگے گی ؟ قال نعم اما انهم لا يعبدون شمسا ولا قمرا ولا حجرا ولا وثنا ولكن يراءون باعمالهم حضورؐ نے فرمایا ہاں۔ لیکن وہ سورج چاند کی پوجا نہیں کریں گے۔ اور نہ کسی پتھر اور بُت کی عبادت کریں گے، بلکہ وہ لوگوں کو دکھانے کے لیے عمل کریں گے۔ ان احادیث سے واضح ہوا کہ کوئی کام خواہ کتنا نیک اور عمدہ ہو اگر اس میں ریا اور نمود آجائے گی تو بارگاہِ رب العالمین میں وہ قطعاً منظور نہیں ہوگا۔ وہاں تو وہی عمل مقبول ہوتا ہے جس سے فقط اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی مطلوب ہو۔ ریا سے بچنا بڑی مشکل بات ہے۔ نفس کی انگیخت اور شیطان کی وسوسہ اندازی سے محفوظ رہنا بڑی ہمت اور حوصلہ کا کام ہے۔ ہر کس و ناکس میں یہ ہمت و عزم کہاں۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کے رسول کریم نے ہماری کمزوریوں پر رحم فرماتے ہوئے ہمیں ایسا طریقہ بھی تعلیم کر دیا جس کے ذریعے ہم شیطان کی شر انگیزی سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ سے مروی ہے کہ حضور کریم صلے اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم نے شرک کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا :۔

هو فيكم اخفى من دبيب النمل وساد لك على شيئ اذا فعلته اذهب عنك صغار الشرك وكباره تقول اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ وَاَنَا اَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ تقولها ثلاث مرات - (قرطبی)

یعنی شرک چیونٹی کے رینگنے سے بھی زیادہ تم میں مخفی ہوتا ہے۔ میں تمھیں ایک دعا سکھاتا ہوں۔ اگر تم یہ مانگو گے تو اس کی برکت سے چھوٹا اور بڑا ہر قسم کا شرک تم سے دور ہو جائے گا۔ الفاظ یہ ہیں انھیں تین بار کہے :۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ وَاَنَا اَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ۔

اے اللہ! میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ میں تیرے ساتھ دانستہ شرک کروں اور میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اس شرک سے جو نادانستہ مجھ سے سرزد ہو۔

# تعارف سُورۃ مریم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام :۔ حضرت مریم کا تذکرہ اس سورۃ میں تفصیلاً کیا گیا ہے۔ اس مناسبت سے اس سورۃ کو آپکے نام نامی سے موسوم کیا گیا۔ یہ چھ رکوعوں اور اٹھانوے آیات پر مشتمل ہے۔ اس کے کلمات کی تعداد سات سو اسی ہے۔

نزول :۔ جب مکہ کے دو مشہور سیاست دان عمرو بن العاص اور عبداللہ بن ابی ربیعہ اپنی سیاسی ریشہ دوانیوں کے باوجود نجاشی کو اس بات پر آمادہ کرنے میں ناکام رہے کہ وہ مسلمان مہاجرین کو حبشہ سے نکل جانے کا حکم صادر کرے تو مسلمانوں کے خلاف نجاشی کے دل میں آتش غیظ و غضب بھڑکانے کیلئے انھوں نے ایک اور چال چلی انھوں نے نجاشی سے کہا کہ وہ مسلمانوں سے پوچھے کہ وہ حضرت مسیح کے متعلق کیا عقیدہ رکھتے ہیں۔ انھیں یقین تھا کہ مسلمان اگر اپنا صحیح عقیدہ بیان کریں گے تو بادشاہ برافروختہ ہو کر انھیں ملک بدر کر دے گا اور غلط بیانی سے کام لیں گے تو مکہ میں جا کر وہ ان کے خلاف پروپیگنڈے کا ایک طوفان برپا کر دیں گے۔ نجاشی نے مسلمانوں کو حضرت مسیح کے بارے میں اپنا عقیدہ بیان کرنے کا حکم دیا تو عقل مصلحت اندیش کے سارے تقاضوں کو نظر انداز کرتے ہوئے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے بلا تامل سورۃ مریم کا دوسرا رکوع پڑھنا شروع کر دیا۔ اس وقت ایک عجیب منظر تھا قرآن پڑھا جا رہا تھا اور پڑھ وہ رہا تھا جس نے قرآن کی تعلیم اس ذات اقدس و اطہر سے حاصل کی تھی جس کے قلب منور پر اس کا نزول ہوا تھا۔ دربار میں سناٹا چھا گیا۔ نجاشی کی آنکھیں اشکبار ہو گئیں حتیٰ کہ اس کی ڈاڑھی بھیگ گئی جب حضرت جعفر نے تلاوت ختم کی تو نجاشی نے ایک تنکا اٹھا کر کہا کہ حقیقت مسیح کے متعلق جو تم نے بیان کیا ہے۔ حضرت مسیح اس تنکے کے برابر بھی اس سے کم یا زیادہ نہ تھے۔ یہ واقعہ بعثت نبوی کے پانچویں سال وقوع پذیر ہوا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حبشہ کی طرف مسلمانوں کی ہجرت سے پہلے یہ سورۃ نازل ہو چکی تھی۔

مضامین :۔ پہلے رکوع میں حضرت زکریا علیہ السلام کی نیاز مندانہ التجا کو شرف قبولیت بخشتے ہوئے انھیں اس وقت ایک بیٹے کی ولادت کا مژدہ سنایا گیا جب بڑھاپے کی وجہ سے انکے سارے بال سفید ہو چکے تھے اور ان کی اہلیہ محترمہ بانجھ ہو چکی تھیں۔ دوسرے رکوع میں حضرت مسیح علیہ السلام کی بن باپ پیدائش کا تذکرہ کر کے اس حقیقت کو عیاں فرمایا کہ اسباب و علل کی احتیاج ہمیں ہے اسے نہیں جو اسباب و علل کا خالق ہے حضرت مسیح علیہ السلام کی

شخصیت انتہائی متنازعہ فیہ تھی۔ آپ کے مداحوں میں ایسے حقیقت ناشناس بھی تھے جو آپ کو خدا یا خدا کا بیٹا یقین کرتے اور آپ کے دشمنوں میں ایسے بدباطن بھی تھے جو آپ کو نبی تو کجا ایک شریف زادہ بھی ماننے کے لیے کسی قیمت پر تیار نہ تھے۔ افراط و تفریط کے اس شور و شغب میں حقیقت کا روئے زیبا نظروں سے بالکل اوجھل ہو چکا تھا۔ یہ قرآن کا ہی فرض تھا کہ حضرت مسیح کی حقیقت کو آشکارا کرے۔ چنانچہ آپ کی اور آپ کی والدہ طاہرہ کی عظمت و شان کو پوری آب و تاب سے بیان کرنے کے ساتھ ساتھ یہ بھی بتا دیا کہ حضرت مسیح نہ خدا تھے اور نہ فرزند خدا بلکہ خدا کے پیارے بندے اور معزز رسول تھے۔ عصر حاضر کے جدید مفسرین نے حضرت مسیح کی ولادت کے متعلق جس مرعوب ذہنیت کا مظاہرہ کیا ہے اس کا تفصیلی تذکرہ اور اس پر تبصرہ آیات کی تفسیر کے ضمن میں ملاحظہ فرمایئے۔

تیسرے رکوع میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اندازِ دعوت کو بڑی حسن و خوبی سے بیان کر دیا گیا ہے۔ آپ کو دعوت کی نزاکتوں کا احساس بھی ہے اور اپنے باپ کا ادب بھی ہر لحظہ ملحوظ ہے۔ ادھر سے درشتی ہے۔ سخت کلامی ہے۔ دھمکیاں اور سرزنشیں ہیں۔ اور ادھر خیر خواہی ہے۔ اخلاص ہے، ادب اور احترام ہے۔ جب تک اسلام کا مبلغ اس اسوۂ ابراہیمی کو نہیں اپنائے گا وہ اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکتا۔

چوتھے رکوع میں متعدد اولوا العزم رسولوں کا انکے خصوصی کمالات کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔ اور ان کے ذکر کے بعد ان کی اولاد کا ذکر فرمایا ہے۔ جنھوں نے اس زعم باطل میں مبتلا ہو کر کہ وہ نیکوں کی اولاد ہیں راہِ حق سے منہ موڑ لیا اور نافرمانی اور سرتابی کرنے میں دوسروں سے بھی سبقت لے جانے لگے اور صالحین کی اولاد ہونے کا جو شرف انھیں وہبی طور پر بخشا گیا تھا اس کو خاک میں ملا کر دم لیا۔ "فسوف یلقون غیّاً" کی دل ہلا دینے والی سرزنش سے انھیں خوابِ غفلت سے جھنجھوڑا۔ اس کے ساتھ ہی انھیں تسلی بھی دی کہ اگر وہ اپنی اس غلط روش سے صدقِ دل سے باز آ جائیں گے تو رحمت کے دروازے ان کے لیے کھول دیئے جائیں گے۔

پانچویں رکوع میں منکرینِ قیامت کی غلط فہمیوں کا ازالہ کر دیا گیا۔ نیز دنیا کے ساز و سامان کی ناپائیداری کی طرف توجہ دلا کر انھیں باقیاتِ صالحات کی طرف شوق انگیز انداز میں دعوت دی گئی۔

آخری رکوع میں ان گمراہ فرقوں کی حماقت کا پردہ چاک کیا گیا جو خداوند تعالیٰ کے لیے بیٹے یا بیٹیاں گھڑا کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ دیگر اسرار و رموز کا بیان اپنے اپنے موقع پر آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔

سُوْرَةُ مَرْيَمَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ مریم مکی ہے اس کی ۹۸ آیتیں اور ۶ رکوع ہیں — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿۱﴾ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ﴿۲﴾ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ

کاف۔ ہا۔ یا۔ عین۔ صاد [1] یہ ذکر ہے آپ کے رب کی رحمت کا [2] جو اس نے اپنے بندے زکریا پر فرمائی [3] جب اس نے پکارا اپنے رب کو

[1] یہ حروف مقطعات ہیں۔ ان پر تفصیلی بحث سورۂ بقرہ کے آغاز اور بعض دوسرے مقامات پر گزر چکی ہے۔ حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ یہ حروف اللہ تعالیٰ کے مختلف اسماء پر دلالت کرتے ہیں۔ ک کافی پر، ھا ہادی پر، یا حکیم پر، ع علیم پر اور صاد صادق پر۔

قشیری نے حضرت ابن عباس سے اس کا یہ مفہوم بھی نقل کیا ہے:۔

معناہ کاف لخلقہ ھاد لعبادہ یدہٗ فوق ایدیھم عالمٌ بھم صادق فی وعدہٖ۔

یعنی وہ اپنی مخلوق کے لیے کافی ہے۔ اپنے بندوں کو ہدایت دینے والا ہے۔ سب پر غالب ہے۔ سب کو جانتا ہے۔ اور اپنے وعدے کا سچا ہے۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ دعا مانگتے ہوئے کہا کرتے تھے:۔ یا کھیعص اغفرلی یا کاف ھا یا عین ص مجھے بخش دے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک ہے۔ بعض علماء نے اسی کو اسم اعظم کہا ہے۔ (قرطبی، روح المعانی)

[2] یہ فقرہ خبر ہے۔ اور اس کی مبتدا "ھذا" محذوف ہے یعنی ھذا ذکر رحمۃ ربک عبدہ زکریا اے سرورِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ واقعہ جس کا بیان اب ہو رہا ہے اس میں تیرے رب کریم کی اس رحمت کا ذکر ہے جو اس نے اپنے ایک جلیل القدر بندے حضرت زکریا علیہ السلام پر فرمائی۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے۔ کائنات کا ہر ذرہ اپنے وجود اور اپنی بقا میں اس کی شانِ ربوبیت کا رہینِ منت ہے۔ ہاں جو صفت ربوبیت کا جو خصوصی تعلق ذات پاک مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ والثناء سے ہے۔ وہ اور کسی چیز کو میسر نہیں۔ عبد کی اضافت اپنی ذات کی طرف فرما کر حضرت زکریا کی عزت و شرف کا اظہار فرما دیا۔

[3] آپ حضرت ہارون علیہ السلام کی اولاد سے تھے۔ جن کے ذمہ بیت المقدس میں مذہبی رسومات کو ادا کرنا تھا۔ آپ حضرت مریم کی خالہ ایشبع (ELIZABETH) کے شوہر تھے۔ اسی قرابت کے باعث آپ کو حضرت مریم کا نگران مقرر کیا گیا تھا جس کا تفصیلی تذکرہ سورۂ آلِ عمران میں گزر چکا ہے۔

نِدَآءً خَفِيًّا ۝۳ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ

چپکے چپکے ۴ عرض کی اے میرے رب! میری حالت یہ ہے کہ کمزور (بوسیدہ) ہو گئی ہیں میری ہڈیاں اور بالکل سفید ہو گیا ہے

شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝۴ وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ

میرا سر بڑھاپے کی وجہ سے اور اے میرے رب! ایسا کبھی نہیں ہوا کہ میں نے تجھے پکارا ہو (اور) میں نامراد رہا ہوں اور میں ڈرتا ہوں

مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۝۵

اپنے بعد اپنے رشتہ داروں سے ۵ (کہ وہ میرے بعد دین ضائع نہ کر دیں) اور میری بیوی بانجھ ہے پس بخش دے مجھے اپنے پاس سے ایک وارث ۶

۴ آپ کی عمر بعض روایات کے مطابق ستر سال اور بعض کے مطابق ایک سو بیس سال اور آپ کی اہلیہ محترمہ کی عمر اٹھانوے سال ہو گئی تھی اور ابھی تک انکے ہاں کوئی فرزند تولد نہ ہوا تھا۔ آپکے اپنے رشتہ داروں میں کوئی مرد صالح اور ارجمند نظر نہ آتا تھا جو اس قابل ہو کہ انکے بعد انکے رفیع منصب کی نازک ذمہ داریوں کو انجام دے سکے۔ اس لیے آپ بڑے فکرمند رہا کرتے تھے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ انکے رحلت فرما جانے کے بعد کوئی نااہل شخص انکا جانشین بن جائے اور ان دینی رسوم اور عبادات کو ادا کرنے میں کوتاہی کرنے لگے۔ اہل نظر سے مخفی نہیں کہ جب دین کا نشیمن زاغ و زغن کے تصرف میں آجاتا ہے تو پھر دینی رسوم کتنی پژمردہ و بے جان ہو جاتی ہیں اور اخلاق قدسی کس بیدردی سے تحقیر کی جاتی ہے۔ یہی احساس حضرت زکریا کو ہر لحظہ بے چین رکھا کرتا تھا۔ ایک روز دل کا سوز التجا بن کر زبان پر آہی گیا۔ عجز و نیاز میں ڈوبے ہوئے انداز سے بارگاہ رب العزت میں غم پنہاں کا اظہار کر دیا۔ بڑی خاموشی سے چپکے چپکے اپنے چارہ ساز کے حضور میں اپنی حکایت درد کہہ دی۔

لیکن اللہ تعالیٰ کے پاک نبی کی طلب اور انداز طلب نوع خود طلب ہیں۔ دست دعا پھیلانے والوں کو آداب بارگاہ صمدیت کی کیسی تعلیم دی جا رہی ہے۔ سب سے پہلے اپنے عجز کا اعتراف ہے! اور اپنی بے بسی اور بیکسی کا اظہار۔ الٰہی اب تو میری ہڈیاں بھی بوسیدہ ہو گئی ہیں میرے سر کے سارے بال پیرانہ سالی کے باعث برف کی طرح سفید ہو گئے ہیں۔ اسکے بعد عرض کی میں تیرا وہ بندہ ہوں جسے تو نے عرصہ دراز سے اپنے لطف و کرم کا خوگر بنا دیا ہے۔ جب کبھی میں نے کوئی سوال کیا تو نے رد نہ کیا جو بھی میں نے مانگا تو نے عطا فرمایا۔ تیرے کرم نے ہمیشہ میری آرزوؤں کی لاج رکھی۔ تیری عنایات نے آج تک مجھے کبھی ناشاد و نامراد نہ کیا۔ مجھے یقین ہے کہ حسب سابق اس خوگر لطف و عنایت کی یہ التجا بھی شرف قبول سے سرفراز ہو گی۔

۵ ساتھ ہی اس دعا کی اہمیت کا ذکر بھی کر دیا کہ میرے قریبی رشتہ دار جو میری مسند کے وارث بننے والے ہیں۔ ان میں ایک بھی تو ایسا دکھائی نہیں دیتا جو اس منصب کی سنگین ذمہ داریوں کو انجام دینے کی اہلیت رکھتا ہو۔ پہلے اپنے پیر فرتوت ہونے کا ذکر کیا۔ اب اپنی بیوی کے بانجھ ہونے کا تذکرہ کر دیا۔

۶ ان آداب شاہانہ کو بجا لانے کے بعد اصل مدعا عرض کیا۔

يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ ۖ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝ يٰزَكَرِيَّآ

جو وارث بنے میرا اور وارث بنے یعقوب (علیہ السلام) کے خاندان کا اور بنا دے اسے اے رب! پسندیدہ (سیرت والا) اے زکریا!

ث شیعہ کا عقیدہ ہے کہ عام لوگوں کی طرح انبیا کے اموال اور جائدادیں بھی بطور میراث وارثوں میں تقسیم ہو سکتی ہیں۔ اپنے اس نظریہ کو ثابت کرنے کے لیے انھوں نے اس آیت سے بوجوہ استدلال کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ وراثت کے لفظ کا اطلاق اگرچہ علم، منصب اور مال کی وراثت پر ہوتا ہے لیکن اس کا معنی حقیقی مالی وراثت ہے۔ اور دیگر امور کے لیے اس کا استعمال بطور مجاز ہے۔ اِس آیت میں وراثت کا حقیقی مفہوم ہی مراد ہوگا۔ حقیقی معنی کو چھوڑ کر مجازی معنی مراد لینا درست نہیں۔ نیز علامہ سیوطی نے اپنی تفسیر در منثور میں حضرات ابن عباس مجاہد، عکرمہ اور ابو صالح سے اس آیت کا یہی معنی نقل کیا ہے۔ انہم قالوا فی الآیۃ یرثنی مالی یعنی مجھے ایسا بیٹا دے جو میرے مال کا وارث ہو نیز ارشاد نبوی سے بھی اسی معنی کی تائید ملتی ہے عن الحسن انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم قال فی الآیۃ یرحم اللہ تعالیٰ اخی زکریا ما کان علیہ ممن یرث مالہٗ یعنی اس آیت کے متعلق حضورؐ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ میرے بھائی زکریا پر رحم فرماتے ان سے کوئی مواخذہ نہ ہوتا۔ اگر ان کے مال کا کوئی بھی وارث بنتا۔ نیز علم کسب واکتساب سے حاصل ہوتا ہے۔ اس کے لیے جد وجہد کرنا پڑتی ہے اور وراثت میں انسان کے کسب اور جد وجہد کو دخل نہیں۔

اہل سنت کا مسلک یہ ہے کہ انبیاء نہ کسی کے وارث ہوتے ہیں، اور نہ ان کا کوئی وارث ہوتا ہے کیونکہ احادیث صحیحہ سے یہی ثابت ہوتا ہے اور یہ احادیث صرف اہل سنت کی کتب میں ہی موجود نہیں بلکہ شیعہ کی کتب میں بھی صحیح سند سے مروی ہیں۔ چنانچہ ان کے محدث اعظم کلینی نے اپنی کتاب الکافی میں حضرت امام جعفر صادق سے روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا ان العلماء ورثۃ الانبیاء وذلک ان الانبیاء لم یورثوا درھما ولا دینارا انما ورثوا احادیث من احادیثھم فمن اخذ بشیئ منھا فقد اخذ بحظ وافر۔

ترجمہ:۔ انبیاء کے وارث علماء ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ انبیاء درہم اور دینار کا وارث کسی کو نہیں بناتے بلکہ وہ اپنے حکیمانہ ارشادات بطور ورثہ دیتے ہیں۔ جس نے ان ارشادات سے کوئی چیز حاصل کی تو اس نے نبوت کی میراث کا بڑا حصہ لیا۔ اس حدیث میں "انما" کا لفظ قطعی طور پر حصر کا فائدہ دیتا ہے جس کے شیعہ بھی معترف ہیں۔ ان احادیث کی روشنی میں جو فریقین کے نزدیک صحیح ہیں ہم آیت میں یرثنی کا معنی وراثتِ علم ہی کریں گے۔

ان کا یہ کہنا بھی درست نہیں کہ وراثت کا اطلاق وراثت مال پر حقیقی ہے اور دوسرے معانی پر مجازی بلکہ علم و منصب اور مال کی وراثت سب پر اس کا اطلاق حقیقتاً ہوتا ہے اور اگر مان بھی لیا جائے کہ دیگر معانی پر اس کا اطلاق مجازی ہے تو بھی یہ ایسا مجاز نہیں کہ جس کا مفہوم متعین کرنے میں قاری کو دشواری کا سامنا کرنا پڑے بلکہ یہ مجاز متعارف ہے اور بکثرت ان معانی پر اس کا اطلاق ہوتا رہتا ہے خصوصاً قرآن کریم میں اس کا استعمال اتنا کثیر

إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ۣاسْمُهٗ يَحْيٰى ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ⑦

ہم مژدہ دیتے ہیں تجھے ایک بچے (کی ولادت) کا۔ اس کا نام یحییٰ ہوگا۔ ہم نے نہیں بنایا اس کا کوئی ہم نام اس سے پہلے ۵

قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ

زکریا نے عرض کی میرے رب! کیسے ہوسکتا ہے میرے ہاں لڑکا ۹ حالانکہ میری بیوی بانجھ ہے اور میں تو پہنچ گیا ہوں

مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ⑧ قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَّقَدْ

بڑھاپے کی انتہا کو۔ فرمایا یونہی ہوگا۔ تیرے رب نے فرمایا ہے کہ اس کبرسنی میں بچہ دینا میرے لیے آسان بات ہے اور

ہے کہ حقیقت کا ہم پر نظر آتا ہے۔ مثلاً ارشاد الٰہی ہے "ثم اورثنا الکتاب الذین اصطفینا من عبادنا" یعنی اپنے بندوں سے جن کو ہم نے چنا تھا انہیں کتاب کا وارث بنایا۔ دوسری جگہ ہے "فخلف من بعدھم خلف ورثوا الکتاب" "ان کے بعد ان کے جانشین کتاب کے وارث ہوئے" ایک اور مقام پر ارشاد ہے ان الذین اورثوا الکتاب من بعدھم یعنی وہ لوگ جو ان کے بعد کتاب کے وارث ہوئے۔ یہاں تمام آیات میں وراثت سے مراد مال وراثت نہیں بلکہ علم و حکمت ہے۔

نیز وہ آثار جو وراثتِ مال پر دلالت کرتے ہیں۔ وہ علماء جرح و تعدیل کے نزدیک پایۂ اعتبار سے ساقط ہیں۔ والآثار الدالة علی انهم یورثون المال لا یعول علیها عند النقاد (روح المعانی) اور وہ احادیث مرسل ہیں اور احادیث صحیحہ کے مقابلہ میں انہیں پیش نہیں کیا جا سکتا۔ ھذہ مرسلات لا تعارض الصحاح۔

اس کے علاوہ پیغمبر کی ذات اس سے بالاتر ہے کہ مال و متاع کی محبت میں اسیر ہو۔ وہ ہر وقت حسنِ ازل کے جلووں کے مشاہدہ میں مستغرق رہتے ہیں۔ دنیا کی نفیس سے نفیس چیز بھی ان کے دامنِ دل کو اپنی طرف نہیں کھینچ سکتی دوسرا حضرت زکریا علیہ السلام کے متعلق یہ مشہور ہے کہ وہ بڑھئی کا کام کرکے اپنی گزر اوقات کیا کرتے تھے۔ ان کے پاس اتنی دولت ہی کہاں تھی جس کے لیے وہ ہر وقت فکرمند رہتے۔ ان تمام امور کے پیشِ نظر ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ آیت میں وراثت سے مراد وراثتِ مال نہیں بلکہ علم و حکمت کی وراثت ہے۔

۵ دعا کی مقبولیت کا مژدہ سنایا جا رہا ہے سمی: ہم نام۔

۹ یہ مژدہ سن کر خوشی کی انتہا نہ رہی۔ از راہِ مسرت و حیرت عرض کرنے لگے۔ عتیا: وہ بوڑھا جس کی ہڈیاں بھی خشک ہوگئی ہوں۔ علامہ راغب نے اس کا مفہوم بیان کرتے ہوئے لکھا ہے ای حالة لا سبیل الی اصلاحها ومداواتها یعنی بڑھاپے کی شکست حالت جب نقاہت انتہا کو پہنچ جائے اور اس کے دور ہونے کی اب کوئی صورت نہ ہو۔

خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْـًٔا ﴿۹﴾ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ؕ

دیکھو! میں نے تمھیں بھی تو پیدا کیا تھا اس سے پیشتر حالانکہ تم کچھ بھی نہ تھے ۱۰ زکریا نے عرض کی اے میرے رب! مقرر فرما میرے لیے کوئی علامت ۱۱

قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ﴿۱۰﴾ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ

جواب ملا تیری علامت یہ ہے کہ تو بات نہیں کر سکے گا۔ لوگوں سے تین رات تک حالانکہ تو بالکل تندرست ہوگا ۱۲ پھر آپ نکل کر آئے اپنی

مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿۱۱﴾ يٰيَحْيٰى

قوم کے پاس اپنے عبادت خانہ سے تو اشارہ سے انھیں سمجھایا کہ تم پاکی بیان کرو (اپنے رب کی) صبح و شام۔ اے یحییٰ! پکڑ لو اس

خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ؕ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ﴿۱۲﴾ لا وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا

کتاب کو مضبوطی سے ۱۳ اور ہم نے عطا فرما دی انھیں دانائی جبکہ وہ بچے تھے نیز عطا فرمائی دل کی نرمی اپنی جناب سے ۱۴

۱۰ یعنی وہ قادرِ مطلق جس نے تجھے نیست سے ہست کیا۔ اس کے لیے کیا مشکل ہے کہ وہ اس پیرانہ سالی کی حالت میں تمھیں فرزندِ ارجمند عطا فرمائے۔

۱۱ عرض کی کہ میرے لیے کوئی نشانی مقرر کی جائے جس سے میں یہ جان لوں کہ مجھ سے جو وعدہ کیا گیا اس کے پورا ہونے کا وقت اب آ گیا ہے۔ اس شوق و بے قراری کا وہی شخص اندازہ کر سکتا ہے جو کبھی ایسے حالات سے دوچار ہوا ہو۔

۱۲ نشانی یہ بتائی گئی کہ تم اس وقت بات چیت نہیں کر سکو گے لیکن یہ خاموشی کسی بیماری کی وجہ سے نہیں ہوگی بلکہ بطورِ علامت ایسا ہوگا۔ سویّا حال ہے اور تکلّم کا فاعل اس کا ذوالحال ہے۔ "حال من فاعل تکلم مفید لکون انقطاع التکلیم بطریق الاعجاز وخرق العادۃ لا لاعتقال اللسان بمرض وھذا ما علیہ الجمھور (روح المعانی)

حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ سویّا کا تعلق ثلٰث لیالٍ سے ہے یعنی تین کامل راتیں۔ آیت کا ترجمہ جمہور کی رائے کے مطابق کیا گیا ہے۔

۱۳ جب حضرت یحییٰ علیہ السلام کو منصبِ نبوت پر فائز کیا گیا تو انھیں کتاب پر پوری تندہی سے عمل کرنے کی تلقین کی گئی۔ آپ کی زندگی بتاتی ہے کہ آپ نے اس حکمِ خداوندی کی تعمیل کا حق ادا کر دیا۔ عالم کے گوشہ گوشہ میں جا کر دور افتادہ صحراؤں اور دشوار گزار پہاڑوں میں جا جا کر لوگوں کو پیغامِ حق سنایا۔ اور انھیں گناہوں سے تائب ہونے کی ترغیب دی۔ بےشمار لوگ آپ کی تبلیغ کی برکت سے راہِ حق پر آ گئے۔ فسق و فجور کی زندگی کو ترک کر کے انھوں نے زہد و تقویٰ کو اپنا شعار بنایا قوم

کے ہر طبقہ کو آپ نے ان کی کوتاہیوں اور خامیوں پر متنبہ کیا۔ علماء بنی اسرائیل جو دنیا کی محبت میں اس قدر وارفتہ ہو گئے تھے کہ احکامِ الٰہی کی تحریف میں کوئی جھجک محسوس نہ کرتے تھے انھیں بڑی سختی سے جھنجھوڑا اور بڑے درشت لہجہ میں انھیں فرمایا "اے سانپ کے بچو! تم کو کس نے جتا دیا کہ آنے والے غضب سے بھاگو۔ پس توبہ کے موافق پھل لاؤ اور اپنے دلوں میں یہ کہنے کا خیال نہ کرو کہ ابراہام ہمارا باپ ہے کیونکہ میں تم سے کہتا ہوں کہ خدا ان پتھروں سے ابراہام کے لیے اولاد پیدا کر سکتا ہے۔ اور اب درختوں کی جڑ پر کلہاڑا رکھا ہوا ہے۔ پس جو درخت اچھا پھل نہیں لاتا وہ کاٹا اور آگ میں ڈالا جاتا ہے۔" (متی، باب ۳، آیت ۷ تا ۱۰)

آپ کی دعوت کا حلقہ صرف عوام تک محدود نہ تھا بلکہ شاہی دربار بھی آپ کے نعرۂ حق سے لرزہ براندام تھا۔ بادشاہِ وقت ہیرودیس نے اپنے بھائی فلپ کی منکوحہ بیوی ہیرودیاس کو اپنے گھر میں ڈال رکھا تھا۔ آپ نے اس کو برملا جا کر کہا کہ اپنے بھائی کی بیوی کو رکھنا تجھ کو روا نہیں۔ انجیل مرقس کی چند آیات ملاحظہ فرمائیں:۔

"پس ہیرودیاس اس سے دشمنی رکھتی تھی اور چاہتی تھی کہ اسے قتل کرائے مگر نہ ہو سکا۔ کیونکہ ہیرودیس یوحنا کو راستباز اور مقدس آدمی جان کر اس سے ڈرتا اور اسے بچائے رکھتا تھا! اور اس کی باتیں سن کر بہت حیران ہو جاتا تھا مگر سنتا خوشی سے تھا! اور موقعہ کے دن جب ہیرودیس نے اپنی سالگرہ میں اپنے امیروں اور فوجی سرداروں اور گلیل کے رئیسوں کی ضیافت کی۔

اور اسی ہیرودیاس کی بیٹی اندر آئی اور ناچ کر ہیرودیس اور اس کے مہمانوں کو خوش کیا تو بادشاہ نے اس لڑکی سے کہا جو چاہے مجھ سے مانگ میں تجھے دوں گا! اور اس سے قسم کھائی کہ جو تو مجھ سے مانگے گی اپنی آدھی سلطنت تک تجھے دوں گا اور اس نے باہر جا کر اپنی ماں سے کہا کہ میں کیا مانگوں۔ اس نے کہا یوحنا بپتسمہ دینے والے کا سر۔ وہ فی الفور بادشاہ کے پاس جلدی سے اندر آئی اور اس سے عرض کی۔ میں چاہتی ہوں کہ تو یوحنا بپتسمہ دینے والے کا سر ایک تھال میں ابھی مجھے منگوا دے۔ بادشاہ بہت غمگین ہوا اور اپنی قسموں اور مہمانوں کے سبب سے اس سے انکار کرنا نہ چاہا۔ پس بادشاہ نے فی الفور ایک سپاہی کو حکم دے کر بھیجا کہ اس کا سر لائے۔ اس نے جا کر قید خانہ میں اس کا سر کاٹا اور ایک تھال میں لا کر لڑکی کو دیا اور لڑکی نے اپنی ماں کو دیا۔" (مرقس باب ۶۔ آیت ۱۹ تا ۲۸)

اس طرح حضرت یحییٰ نے اپنا سر کٹا کر اپنے رب کے اس فرمان یایحیٰ خذ الکتاب بقوۃ کی تعمیل کا حق ادا کیا۔

۲۲؎ حناناً کا عطف الحکم پر ہے۔ شفقت، رحمت اور محبت کے مجموعہ کو حنان کہتے ہیں قال جمھور المفسرین الحنان الشفقۃ والمحبۃ والرحمۃ (قرطبی)

یہاں ان صفاتِ حمیدہ اور اخلاقِ حسنہ کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ جن سے متصف ہو کر یہ مولودِ مسعود تشریف لایا تھا۔

وَّزَكٰوةً ؕ وَكَانَ تَقِيًّا ۙ﴿۱۳﴾ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ﴿۱۴﴾ وَ

اور نفس کی پاکیزگی اور وہ بڑے پرہیزگار تھے اور خدمت گزار تھے اپنے والدین کے اور وہ جابر (اور) سرکش نہ تھے اور

سَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ﴿۱۵﴾ع وَاذْكُرْ

سلامتی ہو ان پر جس روز وہ پیدا ہوئے اور جس روز وہ انتقال کریں گے اور جس روز انھیں اٹھایا جائیگا زندہ کر کے ۱۵؎ اور (اے حبیب!)

فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ إِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ۙ﴿۱۶﴾ فَاتَّخَذَتْ

بیان کیجیے کتاب میں مریم (کا حال) ۱۶؎ جب الگ ہو گئی اپنے گھر والوں سے ایک مکان میں جو مشرق کی جانب تھا ۱۷؎ پس بنا لیا

قرآنِ کریم میں حضرت زکریا علیہ السلام کی نیاز مندانہ دعا، اس کی قبولیت، حضرت یحییٰ کی سیرت اور اخلاق کی جو تفصیلات بیان ہوئیں ان کو آپ نے اچھی طرح پڑھ لیا۔ یہ واقعہ تقریباً انہی تفصیلات کے ساتھ انجیل لوقا باب اول آیات ۵ تا ۲۵ میں مذکور ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ انجیل میں وہ نیاز و ادب میں ڈوبی ہوئی التجاء مذکور نہیں جو اس واقعہ کی جان ہے۔ نیز آپ کے سکوت کو قرآن نے جہاں محض اس خوشخبری کے وقوع پذیر ہونے کی علامت قرار دیا ہے۔ وہاں انجیل میں لکھا ہے کہ بطورِ سزا ان سے قوتِ گویائی سلب کر لی گئی تھی۔ چنانچہ اسی باب کی آیت نمبر ۲۰ ملاحظہ فرمایئے :۔

" اور دیکھ جس دن تک یہ باتیں واقعہ نہ ہولیں تو چپکا رہے گا اور بول نہ سکے گا۔ اس لیے کہ تو نے میری باتوں کا جو اپنے وقت پر پوری ہوں گی یقین نہ کیا۔ "

۱۵؎ پیدائش، وفات اور حشر کے دن انسان کے لیے جس خصوصی اہمیت کے حامل ہیں وہ محتاجِ بیان نہیں۔ ان میں سے ہر ایک دن زندگی کے ایک نئے اور نامعلوم دَور کا یومِ آغاز ہے۔ اور ان ایام میں انسان کی بے بسی اور بے کسی انتہا کو پہنچی ہوئی ہوتی ہے۔ ویسے تو انسان کو ہر آن اور ہر لمحہ رحمتِ خداوندی کی ضرورت ہے لیکن ان تین نازک مرحلوں میں جس شدت سے انسان اپنے خداوندِ کریم و رحیم کی رحمت و عنایات کا محتاج ہوتا ہے وہ اظہر من الشمس ہے حضرت صدر الافاضل رحمۃ اللہ علیہ یہاں لکھتے ہیں :۔

کہ یہ تینوں دن بہت اندیشناک ہیں۔ کیونکہ ان میں آدمی وہ دیکھتا ہے جو اس سے پہلے اس نے نہیں دیکھا اس لیے ان تینوں موقعوں پر نہایت وحشت ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت یحییٰ علیہ السلام کا اکرام فرمایا، کہ انھیں ان تینوں موقعوں پر امن و سلامتی عطا کی۔ (خزائن العرفان)

۱۶؎ حضرت زکریا اور ان کی اہلیہ کی عمر سو سال کے قریب یا اس سے بھی زیادہ ہو چکی تھی اولاد پیدا ہونے کا طبعی وقت

وقف لازم

ع ۴

مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۫ فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا

اس سے لوگوں کی طرف سے ایک پردہ۔ پھر ہم نے بھیجا اس کی طرف اپنے جبریل کو شلہ پس وہ ظاہر ہوا اس کے سامنے ایک تندرست

گزر چکا تھا۔ انھیں اس حالت میں بچہ عطا فرما کر اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ اور مشیتِ مطلقہ کا ناقابلِ تردید ثبوت بہم پہنچایا اور علت و معلول اور سبب و مسبب کی زنجیریں بنانے والوں کو متنبہ کر دیا کہ علیت و سببیت کا تسلسل اگرچہ اسکی حکمت کی جلوہ گری ہے یہ اصول و ضوابط جن کے مطابق حوادثات رونما پذیر ہو رہے ہیں اسی نے مقرر فرمائے ہیں لیکن اسکے باوجود وہ ان اصولوں اور ضوابط کے سامنے مجبور نہیں کہ انکے بغیر اگر وہ چاہے بھی تو کچھ نہ کر سکے۔ بلکہ وہ جو چاہتا ہے جب چاہتا ہے اور جیسا چاہتا ہے ایسا ہی ہوتا ہے۔ کوئی چیز اس کی مشیت و ارادہ کے سامنے رکاوٹ بن کر کھڑی نہیں ہو سکتی جیسا کہ اس واقعہ سے ظاہر ہے۔

اس کے فوراً بعد اپنی قدرتِ کاملہ کا ایک اور بین ثبوت بیان فرمایا جا رہا ہے جو پہلے سے بھی زیادہ حیران کن اور اہم ہے وہ حضرت مسیح کی بن باپ ولادت ہے۔

جو لوگ فطرت کے عام اصولوں کو ناقابلِ تغیر تسلیم کرتے ہیں اور یقین رکھتے ہیں کہ علت و معلول اور سبب و مسبب کا تسلسل ناقابلِ شکست ہے اس میں کسی طرح کا رد و بدل ممکن نہیں وہ ایسے واقعات کا بہرے سے انکار کر دیتے ہیں اور انکے ابطال کے لیے اسکے علاوہ مزید کسی دلیل کی ضرورت محسوس نہیں کرتے کہ یہ واقعہ قانونِ فطرت کے خلاف ہے۔ اسی لیے یورپ کے کئی فلسفیوں نے حضرت مسیح کی بن باپ پیدائش کا صریح انکار کر دیا اور کہا کہ آپ حضرت مریم اور یوسف نجار کے بیٹے ہیں اور آپ کی ولادت حسبِ معمول ہوئی ہے۔ غلام ہندوستان میں جب اسکی صدائے بازگشت سنائی دی تو کئی مرعوب اذہان نے اس کو اپنا جزوِ ایمان بنا لیا وہ قرآن کا انکار تو نہ کر سکے لیکن اپنے ذہنی فرنگی آقاؤں کی ہاں میں ہاں ملانے کے جنون میں انھوں نے آیاتِ قرآنی کی ایسی تاویلات کرنے کی جسارت کی جنھیں تحریفِ قرآن کے بغیر اور کوئی عنوان نہیں دیا جا سکتا۔ انکے شکوک و شبہات کا ناقدانہ جائزہ لینا میرا فرض ہے تاکہ کسی کی بڑی شخصیت فہمِ قرآن میں حائل نہ ہو لیکن اس بحث میں الجھنے سے پہلے میں آیاتِ قرآنی کی مختصر تشریح کرنا مناسب سمجھتا ہوں کیونکہ اگر قاری نے آیاتِ قرآنی کو صحیح طور پر سمجھ لیا تو پھر ان شبہات کا ازالہ کرنا اسکے لیے آسان ہو جائے گا۔

شلہ سورۃ آلِ عمران میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ حضرت مریم کی والدہ نے نذر مانی تھی کہ انکے شکم میں جو بچہ ہے وہ اسے بیت المقدس کی خدمت کے لیے وقف کر دینگی۔ مریم نے جب کچھ ہوش سنبھالا تو انکی والدہ ان کو لیکر آئیں اور انھیں بیت المقدس کے متولیوں کی خدمت میں پیش کر دیا۔ انکی سرپرستی اور نگرانی کے لیے حضرت زکریا کو مقرر کیا گیا۔ ان کی رہائش کے لیے ایک حجرہ مخصوص کر دیا گیا جو جانبِ مشرق تھا اور آپ اس میں مصروفِ عبادت رہا کرتیں۔ النبذ، الطرح و الرمی۔ کسی چیز کے پھینک دینے کو نبذ کہتے ہیں۔ الانتباذ الاعتزال والانفراد۔ انتباذ کا معنی لوگوں سے علیحدگی اختیار کر لینا

شلہ آپ ایک روز گوشۂ تنہائی میں مصروفِ عبادت تھیں۔ اچانک کیا دیکھا کہ ایک تندرست و خوبرو نوجوان انکے بالکل قریب کھڑا ہے۔ آپ یہ خیال کر کے گھبرا گئیں کہ اس کی نیت اچھی نہیں۔ فوراً اسے خدائے رحمن کا واسطہ دے کر

سَوِيًّا ﴿١٧﴾ قَالَتْ إِنِّىٓ أَعُوذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنكَ إِن كُنتَ تَقِيًّا ﴿١٨﴾ قَالَ إِنَّمَآ

انسان کی صورت میں۔ مریم بولیں میں پناہ مانگتی ہوں رحمٰن کی تجھ سے اگر تو پرہیزگار ہے۔ جبرائیل نے کہا میں تو

أَنَا رَسُولُ رَبِّكِ لِأَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ﴿١٩﴾ قَالَتْ أَنّٰى يَكُونُ لِى غُلٰمٌ

تیرے رب کا بھیجا ہوا ہوں ۱۹ تاکہ میں عطا کروں تجھے ایک پاکیزہ فرزند۔ مریم (حیرت سے) بولیں (اے بندۂ خدا) کیونکر ہو سکتا ہے میرا بچہ

وَلَمْ يَمْسَسْنِى بَشَرٌ وَلَمْ أَكُ بَغِيًّا ﴿٢٠﴾ قَالَ كَذٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ هُوَ

حالانکہ نہیں چھوا مجھے کسی بشر نے اور نہ میں بدچلن ہوں ۲۰ جبرائیل نے کہا یہ درست ہے ۲۱ لیکن تیرے رب نے فرمایا یوں بچہ

عَلَىَّ هَيِّنٌ وَلِنَجْعَلَهُۥٓ ءَايَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا وَكَانَ أَمْرًا

دینا میرے لیے معمولی بات ہے ۲۲ اور (مقصد یہ ہے) کہ ہم بنائیں اسے اپنی (قدرت کی) نشانی لوگوں کے لیے اور سراپا رحمت اپنی طرف سے ۲۳ اور یہ ایسی بات

دست درازی کرنے سے روکا۔ یہ آنے والا جبرائیل علیہ السلام تھا جو بشری صورت میں ان کی خلوت گاہ میں کھڑا تھا۔ اس کی حکمت واضح ہے کیونکہ حضرت مریم جبرائیل کو ان کی ملکوتی شکل میں دیکھنے کی ہمت نہ رکھتی تھیں۔

۱۹ جبرائیل نے ان کی اس گھبراہٹ کو یہ کہہ کر دور کر دیا کہ میں انسان نہیں بلکہ فرشتہ ہوں اور تیرے رب کا بھیجا ہوا آیا ہوں تاکہ تجھے ایک پاکیزہ فرزند عطا کروں۔ حقیقت میں فرزند عطا فرمانے والا اللہ تعالیٰ ہے لیکن جبرائیل کیونکہ اس عطا کا سبب اور ذریعہ ہے اس لیے بطور مجاز فرزند دینے کی نسبت اپنی طرف کر دی۔ اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے اگر کسی نعمت کے ملنے کو اس کے ذریعہ اور واسطہ کی طرف منسوب کیا جائے بشرطیکہ یہ یقین ہو کہ منعم حقیقی اللہ تعالیٰ ہے تو ایسی نسبت درست ہے۔ اس سے انسان مشرک نہیں ہو جاتا جس طرح آج کل بعض متشدد خیال کرتے ہیں۔

۲۰ ایک پریشانی سے جان چھوٹی تو دوسری پریشانی نے آگھیرا جو پہلے سے بھی زیادہ ہوشربا اور روح فرسا تھی۔ کہنے لگیں میں کنواری لڑکی ہوں نہ میری شادی ہوئی ہے اور نہ میں بدکارہ ہوں میرے ہاں بچہ کیسے پیدا ہو سکتا ہے۔ بغی فعیل کے وزن پر مبالغہ کا صیغہ ہے اور مذکر و مؤنث دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

۲۱ جبرائیل علیہ السلام نے جواب میں کہا ایسا ہی ہو گا۔ قانونِ فطرت تو یہ ہے کہ مرد و زن کے اختلاط سے بچہ پیدا ہوا کرتا ہے اور بن باپ کے بچہ پیدا ہونا عادت کے خلاف ہے لیکن اے مریم تیرے رب کا یہ فرمان ہے کہ ایسا بچہ پیدا کرنا اس کے لیے بالکل آسان ہے۔ وہ ان اصولوں کے سامنے مجبور نہیں جن کے تم خوگر ہو بلکہ وہ اصول اور قوانین نتیجہ خیز ہونے میں اس کے اذن کے محتاج ہیں۔

۲۲ اس بچے کو بن باپ کے پیدا کرنے کی حکمت یہ ہے کہ علت و سبب کے چکر میں پھنسے ہوئے لوگوں کے سامنے اللہ تعالیٰ کے

مَّقْضِيًّا ﴿٢١﴾ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ﴿٢٢﴾ فَاَجَآءَهَا

یہ جسکا فیصلہ ہو چکا ہے ۲۳؎ بس وہ حاملہ ہوگئیں اس (بچے) سے پھر وہ چلی گئیں اسے (شکم میں) لیے کسی دور جگہ ۲۴؎ پس لے آیا انھیں

الْمَخَاضُ اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ قَالَتْ يٰلَيْتَنِيْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا

دردِ زہ ایک کھجور کے تنے کے پاس ۲۵؎ (بصد حسرت و یاس) کہنے لگیں کاش میں مرگئی ہوتی اس سے پہلے اور بالکل

قادرِ مطلق ہونے کا ایک ناقابلِ تردید ثبوت پیش کیا جائے۔ نیز یہ بتایا کہ یہ مولود مسعود عام قسم کا بچہ نہیں ہوگا بلکہ ہماری طرف سے نوید رحمت سنانے کے لیے مقرر کیا جائے گا۔

۲۳؎ اے مریم اس میں تردد کرنے کی ضرورت نہیں اللہ تعالیٰ نے ایسا بچہ پیدا کرنے کا فیصلہ کر دیا ہے اب یہ ہو کر رہے گا۔

آپ ان آیات کے لفظی ترجموں کو ہی اگر پیشِ نظر رکھیں گے تو ان لوگوں کے نظریہ کا بے بنیاد ہونا آپ پر واضح ہو جائے گا۔ جو یہ کہتے ہیں کہ حضرت مریم اس لیے حیران و ششدر ہو گئی تھیں کہ انھوں نے غلطی سے یہ سمجھ لیا تھا کہ ابھی اس کنوارپنے کی حالت میں انکے ہاں بچہ ہو گا حالانکہ بات یہ نہ تھی ابھی تو صرف بشارت دی جا رہی تھی۔ بچہ تو شادی کے بعد پیدا ہونا تھا۔ آپ غور فرمائیں اگر مقصودِ خداوندی یہی ہوتا جو علم و دانش کے ان بزرجمہروں نے آیات سے اخذ کیا ہے تو پھر اسلوبِ کلام یہ نہ ہوتا۔ صرف اتنا کہہ دیا جاتا کہ مریم جب تو شادی کرے گی تو بچہ پیدا ہوگا۔ کلام الٰہی کا انداز ان لوگوں کے نظریات کی واضح تردید کرتا ہے۔

۲۴؎ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے پھونک ماری اور حمل قرار پا گیا۔ منشائے خداوندی پر مطلع ہو کر مریم خود تو مطمئن ہو گئیں لیکن اپنے دامنِ عفت کو لوگوں کی بہتان تراشیوں سے کیسے محفوظ رکھا جائے۔ ہر ایک کو رازِ الٰہی کہا بھی نہیں جا سکتا اور اگر کہہ بھی دیا جائے تو ماننے گا کون۔ اس لیے آپ نے عافیت اسی میں سمجھی کہ لوگوں کی آنکھوں سے اوجھل ہو جائیں۔ چنانچہ اپنے حجرہ کو خیرباد کہی اور ایک دور گوشہ میں چلی گئیں۔ خود سوچیے اگر یہ حمل شادی کے بعد ہوتا تو انھیں اپنا گھر چھوڑ کر جانے کی کیا ضرورت تھی۔

۲۵؎ جب وقت پورا ہو گیا اور وضع کا درد شروع ہوا تو کھجور کے ایک تنے کی اوٹ میں آ گئیں۔ وضع حمل کی تکلیف شروع ہے۔ کوئی دایا پاس نہیں اور سر چھپانے کے لیے جھونپڑا تک نہیں اور یہ احساس تیز تر ہو گیا ہے کہ اب تک لوگوں کی نظروں سے چھپی رہی اور اب بچہ پیدا ہوگا تو اسے کہاں چھپاؤں گی اور لوگوں کو کیا منہ دکھاؤں گی۔ شدتِ بیچارگی و درماندگی میں یہ الفاظ زبان پر آہی گئے۔ یالیتنی الایۃ غور فرمائیے اگر یہ حمل شادی کا ہوتا تو وہ اپنے گھر میں آرام سے پلنگ پر لیٹی ہوتیں۔ زیادہ نہ سہی تو ایک آدھ دایا خبرگیری کے لیے ہی پاس ہوتی۔ کبھی ایسا بھی ہوا کہ شادی شدہ عورت بچہ جننے کے لیے تنہا وادیوں میں گھوم رہی ہو اور اسے ایک سوکھا ہوا کھجور کا تنا نظر آئے تو اس کی پناہ لینے میں ہی

وَكُنْتُ نَسْيًا مَّنْسِيًّا ﴿٢٣﴾ فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَآ اَلَّا تَحْزَنِيْ قَدْ جَعَلَ

فراموش کر دی گئی ہوتی۔ پس پکارا اسے ایک فرشتہ نے اس کے نیچے سے (اے مریم!) غمزدہ نہ ہو جاری کر دی ہے

رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ﴿٢٤﴾ وَهُزِّيْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ

تیرے رب نے تیرے نیچے ایک ندی ۲۴ اور ہلاؤ اپنی طرف کھجور کے تنے کو گرنے لگیں گی تم پر

رُطَبًا جَنِيًّا ﴿٢٥﴾ فَكُلِيْ وَاشْرَبِيْ وَقَرِّيْ عَيْنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ

پکی ہوئی کھجوریں ۲۵ (میٹھے میٹھے خرمے) کھاؤ اور (ٹھنڈا) پانی پیو اور (اپنے فرزند دلبند کو دیکھ کر) آنکھیں ٹھنڈی کرو ۲۶ پھر اگر تم

غنیمت سمجھے۔

چند الفاظ: قصی۔ دُور۔ اجاء۔ جاء پر ہمزہ کا اضافہ کر کے متعدی بنا دیا گیا لیکن اس میں "آنے" کے معنی کے ساتھ الجاء (مجبوراً آنا) کا مفہوم بھی پایا جاتا ہے لکنہ خص بالالجاء فی الاستعمال (مظہری) مخاض (مصدر) وجع الولادۃ دردِ زہ جب بچہ باہر نکلنے کے لیے شکم میں حرکت کرنے لگے تو عرب کہتے ہیں مخضت المرأۃ (مظہری)

۲۴ جب آپ کی پریشانی حد سے گزر گئی تو نیچے سے تسلی آمیز آواز آئی۔ مریم غم نہ کرو یہ دیکھو تیرے لیے تیرے رب نے ایک خشک ندی میں پانی جاری کر دیا ہے جب اس کی نظرِ عنایت ہر دم اور ہر لحظہ تیری طرف مائل ہے تو پھر تو کیوں دلگیر ہو۔ سریا: السری النھر الصغیر۔ جمہور علماء کے نزدیک آیت میں یہ لفظ اسی معنی میں استعمال ہوا ہے۔ بعض علماء نے کہا ہے کہ سری کا معنی وہ مردِ عظیم ہے جو خصالِ حمیدہ سے متصف ہو السری من الرجال العظیم الخصال السید (قرطبی)

اس صورت میں آیت کا معنی ہو گا اے مریم تو کیوں غمزدہ ہوتی ہے نیچے پڑے ہوئے اس معصوم بچے کو دیکھ جس کی پیشانی پر سیادت و عظمت کے انوار دمک رہے ہیں۔

۲۵ قدم قدم پر اپنی عنایات سے سرفراز فرمایا جا رہا ہے اس تنے کو ذرا جھنجھوڑو تمہارے کھانے کیلئے عمدہ پکی ہوئی کھجوریں تیرے قدموں میں آ گریں گی۔ یہی پروردگار جو حجرہ عبادت میں تجھے بے موسم کے پھل کھلایا کرتا تھا وہی آج تیرے ایامِ زچگی کے لیے تازہ اور میٹھے خرموں کا اہتمام فرما رہا ہے۔ جنی وہ پکا ہوا پھل جو توڑنے کے قابل ہو جائے الجنی الذی بلغ الغایۃ وجاء اوان اجتنانہ۔ اطباء کے نزدیک ایامِ زچگی میں عورت کے لیے بہترین خوراک تازہ اور شیریں کھجور ہے۔

۲۶ اس آیت میں جو لطف ہے وہ اہلِ ذوق پر مخفی نہیں۔

الْبَشَرِ اَحَدًا ۙ فَقُوْلِیْۤ اِنِّیْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ اُكَلِّمَ

دیکھو کسی آدمی کو تو (اشارہ سے اسے) کہو کہ میں نے نذر مانی ہوئی ہے رحمٰن کے لیے (خاموشی کے) روزہ کی پس میں آج کسی انسان

الْیَوْمَ اِنْسِیًّا ۚ۝۲۶ فَاَتَتْ بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ؕ۝ قَالُوْا یٰمَرْیَمُ لَقَدْ جِئْتِ

سے گفتگو نہیں کروں گی ۲۹۔ اس کے بعد وہ لے آئیں بچے کو اپنی قوم کے پاس (گود میں) اٹھائے ہوئے ۳۰۔ انھوں نے کہا اے مریم! تم نے بہت ہی

شَیْـًٔا فَرِیًّا ۝۲۷ یٰۤاُخْتَ هٰرُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ وَّ مَا كَانَتْ

برا کام کیا ہے ۳۱۔ اے ہارون کی بہن! ۳۲ نہ تیرا باپ برا آدمی تھا اور نہ ہی

۲۹؎ اگر کوئی شخص تیری گود میں بچہ دیکھ کر تم پر زبان طعن دراز کرنے لگے تو تمھیں اپنے دفاع کے لیے بولنے کی ضرورت نہیں تم خاموش رہنا اور معترضین کو بتا دینا کہ میں روزہ دار ہوں اس لیے گفتگو نہیں کروں گی۔

۳۰؎ جب چلنے پھرنے کے قابل ہو گئیں تو اپنے فرزند دلبند کو گود میں اٹھا کر اپنے گھر آئیں جب کنبہ والوں نے دیکھا کہ مریم کنواری مریم بچہ اٹھائے آرہی ہے تو ان پر سکتے کا عالم طاری ہو گیا ہوگا اور فرط خجالت سے وہ صرف اتنا ہی کہہ سکے ہوں گے۔ یٰمریم لقد۔ وہب بن منبہ روایت کرتے ہیں کہ جب آپ بچے کو اپنی قوم کے پاس لے آئیں تو بنی اسرائیل میں یہ بات مشہور ہو گئی ملامت کرنے کے لیے مرد و زن دوڑے آئے۔ ایک عورت نے پتھر مارنے کے لیے ہاتھ اٹھایا تو وہ سوکھ گیا۔ ایک نے کہا یہ تو زنا کا ہے تو وہ گونگا ہو گیا۔ یہ دیکھ کر کسی کو مارنے یا برا بھلا کہنے کی ہمت نہ ہوئی اور بڑے نرم انداز میں اتنا ہی کہہ سکے قد جئت شیئا فریا خود سوچیے اگر کسی شادی شدہ عورت کے ہاں بچہ پیدا ہو تو کیا اس کی آؤ بھگت اس طرح کی جاتی ہے۔

۳۱؎ لفظ فَرِیًّا کی تحقیق کرتے ہوئے صاحب تاج العروس لکھتے ہیں الفَرِیُّ کغَنِیٍّ الامر المختلق المصنوع او العظیم نقلھما الجوھری والعجیب نقلہ الراغب یعنی فری جو غنی کا ہم وزن ہے جوہری نے اسکے دو معنی ذکر کیے ہیں المختلق المصنوع گھڑا ہوا بناوٹی اور العظیم بہت بڑا۔ امام راغب نے اس کا معنی عجیب حیران کن کیا ہے۔ لیکن علامہ ابن حیان اندلسی نے اس کا معنی العظیم الشنیع بتایا ہے۔ یعنی بہت قبیح فعل ہے۔ (بحر)

علامہ آلوسی نے اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے انہ یستعمل فی العظیم من الامر شرا او خیرا قولا او فعلا (روح المعانی) ہر بڑے کام کے لیے خواہ وہ برا ہو یا اچھا قول ہو یا فعل۔ یہ لفظ (فری) استعمال ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ وضاحت مذکورہ بالا سب معانی پر حاوی ہے اور موقع کے بھی مناسب ہے۔ اس لیے ترجمہ اسی کے مطابق کیا گیا ہے۔

۳۲؎ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ آپ کے کسی بھائی کا نام ہارون تھا۔ صحیح حدیث سے بھی اسی کی تائید ہوتی ہے صحیح مسلم میں ہے کہ مغیرہ بن شعبہ جب نجران گئے تو وہاں کے عیسائیوں نے ان سے پوچھا کہ قرآن میں مریم کو اخت ہارون، ہارون کی بہن

أُمُّكِ بَغِيًّا ۝ فَأَشَارَتْ إِلَيْهِ ۖ قَالُوا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَن كَانَ فِي الْمَهْدِ

تیری ماں بدچلن تھی ۳۳ اس پر مریم نے بچے کی طرف اشارہ کیا ۳۴ لوگ کہنے لگے ہم کیسے بات کریں اس سے ۳۵ جو گہوارہ میں

کہا گیا ہے حالانکہ ہارون مریم سے صدہا سال پہلے گزرے ہیں تو کوئی جواب نہ دے سکے۔ جب واپس آئے تو بارگاہ رسالت میں اس واقعہ کو بیان کیا۔ حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا انھم کانوا یسمّون بانبیائھم والصالحین قبلھم کہ بنی اسرائیل کا دستور تھا کہ وہ اپنے بچوں کے نام انبیائے اور پہلے بزرگوں کے ناموں پر رکھا کرتے تھے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت مریم کے ایک بھائی تھے جن کا نام حسب دستور حصولِ برکت کے لیے حضرت ہارون کے نام پر رکھا گیا تھا۔ دیگر علماء نے لکھا ہے کہ ہارون سے مراد حضرت ہارون ہی ہیں۔ کیونکہ مریم ان کے خاندان سے تھیں۔ اس لیے اخت ہارون کہا گیا۔ عرب میں جب قبیلہ کے کسی فرد کو قبیلہ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے تو لفظ اخ استعمال کرتے ہیں جیسے یا اخا مضر یا اخا تمیم حدیث پاک میں ہے ان اخا صداع قد اذن فمن اذن فھو یقیم (قرطبی) یعنی صداع کے بھائی نے اذان دی ہے اور جو اذان دے وہی تکبیر کہے۔

۳۳ جن الفاظ سے لوگ مریم کو عار دلا رہے ہیں۔ وہ یہ نہیں کہ تمھارا باپ تو بڑا صحیح العقیدہ تھا۔ تمھاری ماں تو اپنے نظریات میں بڑی پختہ تھی۔ تم نے یہ بے دینی اور بد اعتقادی کہاں سے لی۔ بلکہ یہ کہہ رہے ہیں کہ تیرا باپ امرأ سوءٍ (مرد بدکار) نہ تھا۔ اور تیری ماں "بغیا" (بدکارہ) نہ تھی۔ کیا کسی شادی شدہ عورت کو یوں عار دلائی جاتی ہے۔

۳۴ حسب ارشادِ خداوندی مریم خود چپ رہیں اور بچے کی طرف اشارہ کر دیا جس کا مطلب یہ تھا کہ جو پوچھنا ہے اس سے پوچھو

۳۵ انھوں نے کہا مریم تو ہمارے ساتھ مذاق کرتی ہے۔ خود تم گم ہو کر بیٹھی ہے اور ہمیں اس شیر خوار بچے سے گفتگو کرنے کو کہتی ہے جو ابھی جھولے میں جھول رہا ہے۔ ہم اس سے کیسے بات کر سکتے ہیں۔ آیت میں "کان" کا لفظ تحقیق طلب ہے کیونکہ وہ حضرات جو حضرت عیسٰی کے بن باپ پیدا ہونے کے قائل نہیں انھیں اس سے بڑی غلط فہمی ہوئی ہے۔ اس لیے یہاں اس کا مفہوم اچھی طرح ذہن نشین فرمایئے تاکہ آگے جب ان کی غلط فہمی کا تذکرہ آئے تو آپ کو کسی قسم کی تشویش لاحق نہ ہو۔

کان فعل ناقص ہے اور ماضی کا صیغہ ہے جو گزشتہ زمانہ پر دلالت کرتا ہے۔ اس طرح آیت کا معنی یوں ہوگا کہ ہم اس سے کیسے بات کریں جو گزشتہ زمانے میں پنگھوڑے میں بچہ تھا۔ یہ معنی کسی طرح پسندیدہ نہیں ہو سکتا۔ اس لیے علماء اسلام طاب اللہ ثراھم نے اس آیت کے ضمن میں کان پر بڑی مفید بحث کی ہے۔

ابو عبیدہ (امام نحو و ادب) نے کہا ہے کہ یہاں کان زائدہ ہے اور محض تاکید کا فائدہ دیتا ہے اور کسی زمانہ پر دلالت نہیں کرتا۔ کان زائدۃ لمجرد التاکید من غیر دلالۃ علی الزمان (روح المعانی)

بعض نے کہا ہے کہ یہ تامہ ہے۔ ان دونوں صورتوں پر یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ اگر کان زائدہ ہوتا تو "صَبِیًّا" خبر کیسے نصب پاتا اور اگر کان تامہ تھا تو اسے خبر کی ضرورت ہی نہ تھی۔ حالانکہ یہاں صبیا خبر مذکور ہے۔ اس کا یہ جواب دیا گیا ہے کہ صبیا

صَبِيًّا ﴿٢٩﴾ قَالَ اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ ۟ؕ اٰتٰىنِیَ الْكِتٰبَ وَ جَعَلَنِیْ نَبِیًّا ﴿٣٠﴾

(کمسن) بچہ ہے۔ (اچانک) وہ بچہ بول پڑا کہ میں اللہ کا بندہ ہوں [۳۶] اس نے مجھے کتاب عطا کی ہے اور اس نے مجھے نبی بنایا ہے [۳۷]

خبر نہیں بلکہ حال ہے اور اسی وجہ سے منصوب ہے۔

علامہ ابن حیان اندلسی یہ لکھنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں کہ صحیح یہ ہے کہ کان ناقصہ ہے اور صبیًّا اس کی خبر ہے اور کان زمانۂ ماضی پر دلالت کرنے کے ساتھ زمانۂ حال میں اس فعل کے پائے جانے کی نفی نہیں کرتا بلکہ یہ بتاتا ہے کہ زمانۂ ماضی میں پائے جانے کے ساتھ ساتھ وہ فعل زمانۂ حال میں بھی بدستور پایا جا رہا ہے جیسے کَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا کہ پہلے بھی اللہ تعالیٰ غفور رحیم تھا اور اب بھی ہے یا جیسے وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً زنا کے قریب تک بھی نہ جاؤ۔ یہ پہلے بھی بے حیائی کا کام تھا اور اب بھی ہے۔ یہ نہیں کہ گزشتہ زمانہ میں تو زنا فحش و قبیح تھا اور اب نہیں ہے۔ (الظاهر انها ناقصة فتكون بمعنى صار او تبقى على مدلولها من اقتران مضمون الجملة بالزمان الماضي ولا يدل ذلك على الانقطاع كما لم يدل فى قوله وكان الله غفورًا رحيمًا وفى قوله ولا تقربوا الزنى انه كان فاحشة۔ والمعنى كان وهو الان على ما كان ولذلك عبر بعض اصحابنا ان كان هذه بانها تراد ف لم يزل (البحر المحيط)

[۳۶] آپ دودھ پی رہے تھے۔ یہ باتیں سن کر آپ نے دودھ پینا چھوڑ دیا اور ان لوگوں کی طرف رخ کر کے یہ کلام معجز نظام ارشاد فرمایا۔ سب سے پہلے یہ اعلان کیا کہ میں اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں۔ نہ میں خدا ہوں اور نہ خدا کا بیٹا جس طرح ان کے پرستار ان کے متعلق اعتقاد رکھنے والے تھے۔ آنے والی غلطیوں کا پہلے دم ہی ازالہ فرما دیا۔ نیز مقامِ عبدیت تمام مقاماتِ قرب سے اعلیٰ ترین مقام ہے۔

[۳۷] یہاں ایک چیز غور طلب ہے۔ آپ نے یہ نہیں کہا کہ اللہ تعالیٰ مجھے کتاب دے گا اور مجھے وقت مقررہ پر نبی بنا کر مبعوث فرمائے گا اور مجھے بابرکت کرے گا بلکہ تمام صیغے ماضی کے استعمال ہوتے ہیں جن کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے کتاب مرحمت فرما دی ہے۔ مجھے نبی بنا دیا ہے اور مجھے بابرکت کر دیا ہے۔ اس کی کئی وجوہ بیان کی گئی ہیں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے بچپن میں ہی ان نعمتوں سے سرفراز فرما دیا تھا لیکن علامہ قرطبی نے اس وجہ کو ضعیف قرار دیا ہے۔

۲۔ جو چیز علمِ الٰہی میں مقدر ہو چکی ہو وہ اگرچہ وقوع پذیر نہ ہو پھر بھی اس کو زمانۂ ماضی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ کیونکہ اس کے واقعہ ہونے میں کسی قسم کا شائبہ نہیں۔

وقيل ان ذلك سبق فى قضائه وسابق حكمه ويحتمل ان يجعل الآتى لتحققه كانه قد وجد (البحر)

وَّجَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَاَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا

اور اسی نے مجھے بابرکت کیا ہے جہاں کہیں بھی میں ہوں - اور اسی نے مجھے حکم دیا ہے نماز ادا کرنے کا اور زکوٰۃ دینے کا جب

دُمْتُ حَيًّا ۝۳۱ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَتِيْ ۡ وَلَمْ يَجْعَلْنِيْ جَبَّارًا شَقِيًّا ۝۳۲ وَالسَّلٰمُ

میں زندہ رہوں ۳۸ اور مجھے خدمت گزار بنایا ہے اپنی والدہ کا اور اس نے نہیں بنایا مجھے جابر (اور) بدبخت - اور سلامتی ہو

عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ۝۳۳ ذٰلِكَ عِيْسَى

مجھ پر جس روز میں پیدا ہوا اور جس دن میں مروں گا اور جس دن مجھے اٹھایا جائیگا زندہ کر کے یہ ہے عیسیٰ

ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِيْ فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ۝۳۴ مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ

ابن مریم ۳۹ (اور یہ ہے وہ) سچی بات جس میں لوگ جھگڑ رہے ہیں یہ زیبا ہی نہیں اللہ تعالیٰ کو کہ وہ

يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ۭ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ

کسی کو اپنا بیٹا بنائے - وہ پاک ہے - جب وہ فیصلہ فرما دیتا ہے کسی کام کا تو بس (صرف) اتنا حکم دیتا ہے اسکے لیے کہ ہو جا

مبارک کے کئی معانی بیان کیے گئے ہیں۔ قال مجاھد نفاعًا بہت نفع رساں وقال سفیان معلم خیر (بھلائی کی تعلیم دینے والا) وقیل آمرًا بمعروف و ناھیا عن منکر نیکی کا حکم دینے والا برائی سے روکنے والا وعن الضحاک قضاءً للحوائج بہت حاجت روا۔ (روح۔بحر)

۳۸ اس سے مراد یا تو شرعی نماز اور زکوٰۃ ہے یا نماز سے مراد دعا اور زکوٰۃ سے مراد نفس کو رذائل سے پاک کرنا۔ آپ کی والدہ محترمہ پر جو الزام عائد کیا جا رہا تھا اس کو دور کرنے کے لیے آپ نے یہ ارشاد فرمایا اور حضرت مریم کی برأت کو ثابت کرنے کے لیے اس سے زیادہ مؤثر، دلنشین اور بلیغ اسلوب نہیں ہو سکتا یعنی کیا ایک زانیہ کے شکم سے ایسا بچہ تولد ہو سکتا ہے جو ان کمالات کا حامل ہو۔ میرا صاحب کتاب نبی ہونا میرے وجود کا سراپا برکت ہونا کیا اس بات کی بیّن دلیل نہیں کہ میری والدہ تقیہ، عفیفہ، زاہدہ اور قانتہ ہیں۔

اگر کسی کو حضرت عیسیٰ ہے اس ارشاد سے حضرت مریم کی عفت اور پاکدامنی کا یقین نہ آئے تو وہ اپنے ذوق کا ماتم کرے۔

۳۹ قرآن کریم کی جن آیات میں ولادت مسیح کا مفصل تذکرہ ہوا ان کا آپ نے مطالعہ فرما لیا۔ آئیے اب ان لوگوں

کے مترقی کا علمی محاسبہ کریں، جو ان تصریحات کے باوجود اس کے قائل ہیں کہ حضرت مسیح کی پیدائش بغیر باپ کے نہیں ہوئی بلکہ وہ مریم اور یوسف نجار کے لڑکے ہیں۔ اس طائفہ کے سرخیل سر سید احمد خاں ہیں۔ جس شرح و بسط سے انھوں نے اس پر بحث کی ہے اور اپنی طرف سے دلائل کے جو انبار لگائے ہیں وہ انہی کا حصہ ہیں۔ باقی سب ان کے پیروکار اور ریزہ چین ہیں۔ اس لیے بہتر ہے کہ انہی کی نگارشات کو موضوع بحث بنایا جائے اور انہی کی تحقیقات کو قرآن کی کسوٹی پر پرکھا جائے۔

"وہ لکھتے ہیں کہ مسیح کو بن باپ پیدا کرنے میں کوئی حکمت ہونی چاہیے۔ کیونکہ ایسا کرنے کی کوئی معقول حکمت نہیں۔ اس لیے ہم یہ ماننے کے لیے تیار نہیں کہ آپ کی پیدائش کے لیے بلاوجہ قانونِ فطرت کو توڑا گیا۔ اگر کوئی شخص یہ کہے کہ اس میں حکمت یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کا اظہار ہو تو یہ درست نہیں کیونکہ اظہارِ قدرت کے لیے ایسی دلیل ہونی چاہیے جو بیّن اور ظاہر ہو تاکہ کسی کو مجالِ انکار نہ رہے اور بغیر باپ کے پیدا ہونا امرِ مخفی ہے۔

ہم گزارش کرتے ہیں کہ اس کی حکمت تلاش کرنے کے لیے زیادہ مغزماری کی ضرورت نہیں۔ قرآن کریم نے خود ہی اسے بیان کر دیا لنجعله آیـة للناس کہ ہم اس کو اپنی قدرتِ کاملہ کی نشانی کے طور پر لوگوں کے سامنے پیش کریں۔ اب یہ بتانا ہے کہ یہ واقعہ کس اعتبار سے لوگوں کے لیے آیت ہے؟ جس زمانہ میں حضرت مسیح علیہ السلام کی ولادت ہوئی اس وقت شام و فلسطین کے علاقوں پر یونانیوں کا قبضہ تھا۔ اور اس سیاسی اقتدار کے ساتھ ساتھ وہاں یونانی فلسفہ کا طوطی بول رہا تھا۔ تخلیقِ عالم کے متعلق یونانی فلسفیوں کا نظریہ یہ تھا کہ خالق سے تخلیقِ عالم کا فعل یوں صادر ہوا ہے جس طرح علت سے معلول کا صدور ہوتا ہے یعنی جس طرح علت سے اختیار اور ارادہ کے بغیر معلول صادر ہوتا ہے۔ اسی طرح خالق سے عالم کی تخلیق ظہور پذیر ہوئی۔ عیسیٰ علیہ السلام کو بغیر باپ کے پیدا کر کے بتا دیا کہ وہ ذاتِ پاک جو خالقِ کائنات اور مبدعِ ارض و سماوات ہے اس کا اپنا ارادہ ہے اور اس کی اپنی مشیت ہے۔ وہ مادی اسباب کی پابند نہیں۔ اور نہ ان کے سامنے مجبور و مقہور ہے بلکہ وہ قادر و توانا ہے۔ جو چاہتا ہے جیسے چاہتا ہے وقوع پذیر ہوتا رہتا ہے۔

نیز وہ لوگ عالمِ ارواح کے قائل نہ تھے۔ وہ انسان کو جسم اور روح کا مجموعہ تسلیم نہیں کرتے تھے۔ بلکہ ان کے نزدیک انسان صرف اس گوشت پوست کے ڈھانچے کا نام تھا۔ یہاں انسانی نطفہ کے بغیر نفخِ روح سے آپ کو پیدا کر کے منکرینِ عالمِ ارواح پر اس بات کو آشکارا کر دیا کہ روح بھی ایک حقیقت ہے اور انسان جسم اور روح کے مجموعہ کا نام ہے۔

اس کے بعد وہ لکھتے ہیں کہ کیونکہ آپ کی پیدائش کی بشارت دی گئی تھی۔ اس لیے لوگوں نے سمجھا کہ آپ بن باپ پیدا ہوئے اور یہ درست نہیں۔ کیونکہ بشارت حضرت ابراہیم اور زکریا کو بھی دی گئی تھی لیکن ان کے فرزندوں کو کوئی بن باپ نہیں کہتا۔ اس لیے حضرت مسیح کی ولادت بن باپ ثابت نہ ہوئی۔ سبحان اللہ کیا استدلال ہے صرف بشارت سے کون ان کا بن باپ ہونا تسلیم کرتا ہے بلکہ قرآن کی دوسری آیات اس پر دلالت کرتی ہیں۔

پھر ارشاد ہے کہ مریم کے "لم یمسسنی" نہ کہنے سے بھی یہ بات ثابت نہیں ہوتی۔ کیونکہ مریم نے اظہارِ تعجب اس

لیے کیا تھا کہ اُن کو غلط فہمی ہوئی تھی کہ بچہ اب ہی پیدا ہونے والا ہے۔ حالانکہ فقط بچے کی پیدائش کی بشارت تھی۔ اور اس کی پیدائش تو ان کی شادی کے بعد ہوئی تھی۔ آپ خود انصاف فرمائیں اگر مقصود یہی تھا جو ان لوگوں نے سمجھا ہے تو مریم کو تسلی دینے کے لیے صرف اتنا کہہ دینا ہی کافی تھا۔ مریم گھبراؤ نہیں بچہ تب پیدا ہوگا جب تم شادی کرو گی۔ اس سیدھے جواب کو چھوڑ کر یہ جواب دینا قطعاً مناسب نہیں بلکہ قواعدِ فصاحت و بلاغت کے خلاف ہے۔

پھر فرماتے ہیں آپ کا آیۃ للناس ہونا اس اعتبار سے تھا کہ آپ بڑے رحم دل اور رقیق القلب تھے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ بن باپ پیدا ہوئے۔ کیونکہ نشانی ایسی ہونی چاہیے جو واضح ہو اور جس کا انکار نہ کیا جا سکے۔ یہ تو ایک امرِ مخفی ہے۔ اس پر بیسیوں شبہات وارد کیے جا سکتے ہیں۔

ان کا یہ خیال بھی درست نہیں بلکہ مسیح کا بن باپ پیدا ہونا قدرت خداوندی کی روشن دلیل ہے کیونکہ کنواری لڑکی کے ہاں بچہ پیدا ہونے کی اس کے علاوہ ایک ہی صورت ہے کہ وہ بدکارہ ہو۔ حضرت مسیح کے کلام سے جب آپ کی عفت و پاک دامنی ثابت ہو گئی اور ہر صحیح الفطرت شخص کو یقین ہو گیا کہ ایسا نورانی اور سراپا یمن و برکت بچہ زانیہ کے شکم سے پیدا نہیں ہو سکتا۔ بلاشبہ یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا شاہکار ہے۔ باقی رہے بدفطرت لوگ تو ان کے نزدیک کائنات کی کوئی چیز بھی اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور کبریائی کی دلیل نہیں۔ زمین و آسمان، دریا و صحرا، چاند ستارے کسی چیز میں بھی ان کور باطنوں کو قدرتِ الٰہی کے جلوے نظر نہیں آتے تو کیا آپ ان آیات بینات کو بھی امرِ مخفی کہہ کر ان پر قلمِ تنسیخ پھیر دیں گے۔

اپنے موقف کو ثابت کرنے کے لیے انھوں نے "کیف نکلم من کان فی المھد صبیاً" سے بھی استدلال کیا ہے اور اس آیت کی عجیب و غریب تشریح کر کے عقلِ سلیم کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ یہ کلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے شیر خوارگی میں نہیں کیا تھا بلکہ جب آپ کی عمر بارہ تیرہ سال کی ہو گئی اور آپ یہودی علماء کی مجلسوں میں شریک ہو کر ان سے بحث و مباحثہ کرنے لگے اور ان کو ان کی کجرویوں پر متنبہ کرنے لگے تو علماء یہود احتجاج کرنے کے لیے ان کی ماں کے پاس آئے اور ان کی بدعقیدگی کی شکایت کی۔ مریم اپنے لاڈلے بچے کی طرف سے خود صفائی دینے کی بجائے اس کو گود میں اٹھا لائیں اور اس کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ خود اس سے بات کر لو تو انھوں نے جواب دیا "کیف نکلم من کان فی المھد صبیاً" ہم اس شخص کے ساتھ کیسے بات کر سکتے ہیں جو عالم شیر خوارگی میں پنگھوڑے میں جھولتا رہا تھا۔ آپ نے ان کا ترجمہ ملاحظہ فرمایا۔ کیا کہنے اس فہمِ قرآن کے۔ اگر آیت کا یہی مفہوم ہے تو پھر انھیں کسی ایسے عالم سے گفتگو نہیں کرنی چاہیے جسے بچپن میں گہوارے میں لٹایا گیا ہو۔ ان مدعیانِ علم و دانش کو قرآن کا ایسا مفہوم بیان کرتے ہوئے غضبِ الٰہی کا اندیشہ نہ سہی کیا انھیں جگ ہنسائی کی بھی فکر نہیں۔ نیز وہ نوخیز جس نے محفلِ عام میں ان بڑے بڑے علماء کا ناطقہ بند کر دیا اور انھیں برسرِ عام لاجواب کر دیا اس کے متعلق یہ تو وہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ بڑا تیز زبان اور شوخ مزاج ہے اس سے گفتگو کرنے کا کوئی فائدہ نہیں لیکن وہ یہ کہنے کی جرأت نہیں کر سکتے تھے کہ یہ کل کا بچہ ہے اور

فَيَكُونُ ۝ وَإِنَّ اللَّهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ هَٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ ۝

تو وہ کام ہو جاتا ہے۔ اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ میرا بھی پروردگار ہے اور تمہارا بھی سو اسی کی عبادت کیا کرو۔ یہی سیدھا راستہ ہے۔

فَاخْتَلَفَ الْأَحْزَابُ مِن بَيْنِهِمْ ۖ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ كَفَرُوا مِن مَّشْهَدِ

پھر مختلف گروہ آپس میں اختلاف کرنے لگے۔ ۳۰؎ پس ہلاکت ہے کفار کے لیے اُس دن کی حاضری سے

عرصہ تک جھولے میں جھولتا رہا ہے۔ اس سے بات کرنا ہماری شان کے خلاف ہے۔ رہا یہ کہ کان ماضی کا صیغہ ہے اس لیے زمانہ ماضی پر دلالت کرتا ہے تو اس کے متعلق ہم اس آیت کی تشریح کے ضمن میں تحقیق کر آئے ہیں۔ آخر میں وہ یہ کہتے ہیں:۔

"کہ نہ مریم پر زنا کی تہمت لگائی گئی اور نہ حضرت مسیح نے اس تہمت کی تردید کی۔ اگر مریم پر یہ تہمت لگائی جاتی اور مسیح کو اس کی تردید مقصود ہوتی تو یہ نہ کہتے اِنِّی عَبْدُ اللّٰہِ بلکہ یہ کہتے کہ میری ماں بدکارہ نہیں ہے۔ تم محض افترا باندھ رہے ہو۔"

اس کے متعلق میں کچھ کہنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتا۔ آپ خود ہی آیت نمبر ۲۷، ۲۸ کا ترجمہ دیکھ لیں اور اپنے دل سے پوچھیں کہ کیا یہ بہتان زنا نہیں اور حضرت مسیح کا یہ فرمانا اِنِّی عَبْدُ اللّٰہِ اس سے بڑھ کر بھی اس الزام کی تردید کی کوئی مؤثر اور ابلغ صورت ہو سکتی ہے۔ الٰہی اپنے محبوب مکرم صاحبِ قرآن صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے طفیل ہمیں اپنی کتاب مبین کی صحیح سمجھ عطا فرما آمین ثم آمین۔

۳۰؎ حضرت مسیح علیہ السلام کے متعلق صرف یہود و نصاریٰ میں ہی باہمی اختلاف آرا نہ تھا بلکہ خود عیسائی بھی آپ کے متعلق ایک رائے پر متفق نہ تھے۔ مفسرین نے ان کے باہمی اختلاف کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ جب آپ کو آسمان کی طرف اٹھا لیا گیا تو بنی اسرائیل ایک جگہ اکٹھے ہوئے تاکہ حقیقت مسیح کے متعلق کچھ فیصلہ کریں۔ تبادلہ خیال کے لیے انھوں نے چار علما منتخب کیے۔ پہلے گروہ کے نمائندہ عالم نے مسیح کی حقیقت بیان کرتے ہوئے کہا کہ خود خدا مسیح کی شکل میں زمین پر اُترا۔ اُس نے جسے چاہا زندہ کیا اور جسے چاہا مار دیا۔ پھر وہ آسمان کی طرف لوٹ گیا۔ (اس نظریہ کے ماننے والوں کو یعقوبیہ کہا جاتا ہے) یہ سن کر باقی تین عالموں نے کہا کہ تم نے جھوٹ بولا۔ دوسرے عالم نے کہا مسیح خدا نہیں بلکہ خدا کا بیٹا ہے (اس رائے کے ماننے والے نسطوریہ کہلاتے) لیکن اس کو بھی جھٹلا دیا گیا۔ تیسرے عالم نے اپنی رائے کا اظہار ان الفاظ میں کیا کہ وہ ثالث ثلثہ ہے یعنی تین خدا ہیں۔ ان میں سے مسیح تیسرا ہے۔ چوتھے عالم نے کہا کہ یہ تینوں باتیں سراسر کذب و افترا ہیں۔ سچ یہ ہے کہ مسیح علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

انیسویں صدی سے یورپ کے جید علما کا رجحان اس آخری نظریے کی طرف ہے۔ ڈی ایف سٹراس (DAVID FRIEDRICH STRAUSS) کی کتاب حیات مسیح (LIFE OF JESUS) مطبوعہ ۱۸۳۵ اور ای رینان (ERNEST RENAN

يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝۳۷ أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ يَوْمَ يَأْتُونَنَا لَٰكِنِ الظَّٰلِمُونَ

جو بہت بڑا ہے۔ (اس دن) یہ خوب سننے لگیں گے اور خوب دیکھنے لگیں گے اس دن جس دن آئیں گے ہمارے پاس لیکن یہ ظالم

الْيَوْمَ فِي ضَلَٰلٍ مُّبِينٍ ۝۳۸ وَأَنذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ

آج تو کھلی گمراہی میں ہیں اور اے نبی کریم! آپ ڈرایئے انھیں حسرت و ندامت کے دن سے جب ہر بات

الْأَمْرُ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝۳۹ إِنَّا نَحْنُ نَرِثُ

کا فیصلہ کر دیا جائیگا اور آج یہ لوگ غفلت میں ہیں اور یہ ایمان نہیں لاتے۔ یقیناً ہم ہی وارث ہوں گے

الْأَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ ۝۴۰ وَاذْكُرْ فِي الْكِتَٰبِ

زمین کے اور جو کچھ اس کے اوپر ہے اور ہماری طرف ہی سب لوٹائے جائینگے۔ اور ذکر کیجیے آپ کتاب میں

إِبْرَٰهِيمَ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَّبِيًّا ۝۴۱ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ يَٰٓأَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ

ابراہیم (علیہ السلام) کا ۴۲ وہ بڑا راستباز نبی تھا۔ ۴۳ جب انھوں نے کہا اپنے باپ کو اے میرے باپ تو کیوں عبادت

وقف لازم

کی کتاب حیات مسیح مطبوعہ ۱۸۶۳ کے بعد عیسائی حلقوں میں اس نظریہ کو بے پناہ شہرت حاصل ہوئی۔ مختصر الفاظ میں نظریہ یہ تھا کہ مسیح دوسرے انسانوں کی طرح ایک انسان تھے لیکن انھیں اللہ تعالیٰ کی قوت وشہود کی معرفت اوروں سے زیادہ حاصل تھی۔

THIS IMPLIED THAT JESUS WAS A MAN LIKE ATHER MEN, BUT WITH A HEIGHTENED AWARNESS OF THE PRESENEE AND POWER OF GOD. (ENCY OF BRI. VOL.15-PAMAS)

عیسائیوں کا باہمی اختلاف صرف یہاں تک محدود نہیں بلکہ بے شمار فرقے ہیں اور ہر ایک کا نظریہ حقیقت مسیح کے متعلق دوسروں سے مختلف ہے۔ مزید وضاحت کے لیے ضیاء القرآن جلد اول سورۃ النساء آیت نمبر ۱۷۱ کا حاشیہ ملاحظہ فرمایئے۔

۴۱ یہ دونوں فعل تعجب کے صیغے ہیں یعنی یہ لوگ آج تو پیغام حق سننے سے بہرے اور نور حق دیکھنے سے اندھے بنے ہوئے ہیں انھیں لاکھ سمجھاؤ یہ سمجھنے کی کوشش ہی نہیں کرتے لیکن کل جب روز قیامت بارگاہ الٰہی میں پیش ہونگے تو ان کی حالت دیدنی ہوگی۔

۴۲ یہاں سے روئے سخن کفار مکہ کی طرف ہے جنھیں اس بات پر ناز تھا کہ وہ حضرت ابراہیم کی نسل سے ہیں اور ان کا یہ

مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِىْ عَنْكَ شَيْـًٔا ﴿۴۲﴾ يٰٓاَبَتِ اِنِّىْ قَدْ

کرتا ہے ایسی جو نہ کچھ سنتا ہے اور نہ کچھ دیکھتا ہے اور نہ تجھے کوئی فائدہ پہنچا سکتا ہے<sup></sup>۴۳ اے میرے باپ بیشک آیا ہے

جَآءَنِىْ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِىْٓ اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿۴۳﴾

میرے پاس وہ علم جو تیرے پاس نہیں آیا<sup></sup>۴۴ اس لیے تو میری پیروی کر میں دکھاؤں گا تجھے سیدھا راستہ۔

دعویٰ بھی تھا کہ وہ ملتِ ابراہیمی کے پیروکار ہیں انھیں بتایا جا رہا ہے کہ ابراہیم تو ان بتوں کے پرستار نہ تھے جن کی پوجا کو تم نے اپنا دین بنا رکھا ہے! اور تمہیں اگر اس حماقت سے باز آنے کے لیے کہا جاتا ہے تو تم اُٹھا آمادہ شر و فساد ہو جاتے ہو اور جب ابراہیم کا دین اور، تمھارا دین اور۔ پھر تمھیں یہ کہتے ہوئے شرم نہیں آتی کہ تم ملتِ ابراہیمی کے پیروکار ہو نیز تمہیں جب بتوں کی پرستش سے روکا جاتا ہے تو تم یہ کہتے ہو:۔

"انا وجدنا آباءنا علی ملة وانا علی آثارھم مقتدون" "(کہ ہمارے آباؤ اجداد ایک ملت پر تھے اور ہم انھیں کے پیچھے چلنے والے ہیں)

اگر تمھیں اپنے آباؤ اجداد کی تقلید ہی کرنی ہے تو پھر اپنے عظیم و جلیل باپ ابراہیم کی تقلید کرو جس کی اولاد میں ہونا تمہارے لیے وجہ صد افتخار ہے۔ ایسے عظیم و جلیل باپ کی تقلید کو چھوڑ کر دوسرے آباؤ اجداد کی پیروی تمھارے لیے کیونکر درست ہے مدعا یہ ہے کہ اگر تم عقلِ سلیم پر اپنے عقیدہ کی بنیاد رکھتے ہو تب بھی دینِ ابراہیم کو اختیار کرو اور اگر محض تقلید آباء پر تمھارے عقیدہ کا انحصار ہے تو پھر بھی دینِ ابراہیم کو اپناؤ کیونکہ شہرت، ناموری اور رفعتِ شان میں تمھارا کوئی دوسرا باپ ان کا ہمسر نہیں۔

۴۳ یہ مبالغہ کا صیغہ ہے اس کا معنی ہے ہمیشہ سچ بولنے والا ای ملازم الصدق لم یکذب قطُّ۔ (روح المعانی) اس کی مزید تحقیق کے لیے ضیاء القرآن جلد اول سورۃ النساء آیت نمبر ۶۹ کا حاشیہ۔

۴۴ اپنے باپ آذر کو توحید کی دعوت دے رہے ہیں اور ادب و احترام کا دامن بھی مضبوطی سے تھام رکھا ہے۔ کس عمدگی سے بتوں کی عبادت کی قباحت واضح فرما رہے ہیں کہ غیرِ خدا کی عبادت خواہ وہ غیر زندہ بھی ہو اور سننے دیکھنے والا بھی ہو تب بھی جائز نہیں لیکن ایسی بے جان مورتیوں کی عبادت جو جامد محض ہیں، دیکھنے سننے کی صفت سے بھی محروم ہیں کسی قسم کے نفع و نقصان کی قدرت بھی نہیں رکھتیں ان کے سامنے انسان جو اشرف المخلوقات ہے جو سمیع و بصیر ہے وہ سجدہ ریز ہو کر پیشانی رگڑ رہا ہو یہ کتنی نامعقول اور قبیح حرکت ہے۔

۴۵۔ ہو سکتا ہے کہ آذر کے ذہن میں یہ خیال گزرا ہو کہ کل کا لڑکا مجھ جیسے تجربہ کار، دانشور کو نصیحت کرنے کا کوئی حق نہیں رکھتا۔ آپ نے یہ فرما کر اس کا بھی ازالہ کر دیا کہ اگرچہ آپ عمر میں بڑے، میرے بزرگ اور میرے لیے محترم ہیں لیکن توحید،

يٰۤاَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ﴿٤٤﴾

اے باپ! شیطان کی پوجا نہ کیا کر[٤٦] بیشک شیطان تو رحمٰن کا نافرمان ہے۔

يٰۤاَبَتِ اِنِّيْۤ اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ

اے باپ! میں ڈرتا ہوں کہ کہیں تجھے پہنچے عذاب (خدا) رحمٰن کی طرف[٤٧] سے تو تو بن جائے

لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ﴿٤٥﴾ قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِيْ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ ۚ لَئِنْ

شیطان کا ساتھی[٤٨] باپ نے کہا کیا روگردانی کرنے والا ہے تو میرے خداؤں سے اے ابراہیم[٤٩] اگر تم باز نہ

رسالت، حشر و معاد کے پیچیدہ مسائل پر جس طرح اللہ تعالیٰ نے مجھے آگاہی بخشی ہے اس سے آپ بہرہ ور نہیں۔ اسی لیے تو آپ غلطاں و پیچاں ہیں۔ مجھے حق پہنچتا ہے کہ خداداد علم کی روشنی سے آپ کے قلب و دماغ کے تاریک گوشوں کو منور کروں تاکہ آپ گمراہی کے اندھیروں میں بھٹکتے نہ رہیں۔

٤٦ اگرچہ وہ شیطان کی نہیں بلکہ اپنے بتوں کی پرستش کرتے تھے لیکن ان بتوں کی پرستش انھوں نے شیطان کے اکسانے اور وسوسہ ڈالنے سے شروع کی تھی۔ اسی لیے گویا ان کا اصلی معبود شیطان تھا۔

٤٧ یہاں بتادیا کہ اگر آپ نے میری بات نہ مانی اور کفر پر اڑے رہے تو اس کا انجام بڑا ہولناک ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کا عذاب آپ کو اپنی گرفت میں لے لیگا تو پھر کوئی چھڑانے والا نہ ملے گا۔

٤٨ شرک کے باعث آپ خدا کی دوستی اور اس کی اعانت سے محروم ہوجائیں گے۔ ایک شیطان سے آپ کی دوستی اور تعلق باقی رہ جائے گا۔ اس سے بے وفا دوست تو آج تک کسی نے نہیں دیکھا۔ اس کی دوستی سب سے زیادہ ناقابل اعتبار ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ سے دوستی توڑ کر شیطان سے یارانہ گانٹھنا کسی عقلمند کو زیب نہیں دیتا۔

٤٩ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعوت کا ہر لفظ محبت و احترام کی خوشبو سے مہک رہا ہے۔ لیکن آذر کا جواب درشتی اور بے مہری کا آئینہ دار ہے۔ یٰبنی (اے میرے بیٹے) نہیں کہا بلکہ نام لیا۔ وہ بھی ابتدائے کلام میں نہیں بلکہ آخر میں۔ راغبٌ خبر کو مقدم کیا اور مبتدا کو مؤخر۔ علاوہ ازیں حضرت ابراہیم کی مدلل دعوت کے جواب میں کوئی معقول بات پیش نہیں کی جارہی بلکہ دھمکیاں دی جارہی ہیں اور آنکھوں سے دُور ہوجانے کا حکم دیا جارہا ہے۔

لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا ﴿۴۶﴾ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ سَاَسْتَغْفِرُ

آئے تو میں تمہیں سنگسار کردوں گا اور دُور ہو جا میرے سامنے سے کچھ عرصہ ابراہیم نے جواب میں، کہا سلام ہو تم پر ۵۵ میں مغفرت

لَكَ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا ﴿۴۷﴾ وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ

طلب کروں گا تیرے لیے اپنے رب سے۔ بیشک وہ مجھ پر بیحد مہربان ہے اور میں الگ ہو جاؤں گا تم سے اور ان سے بھی جن کی تم عبادت کرتے ہو

دُوْنِ اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّيْ ڮ عَسٰٓى اَلَّآ اَكُوْنَ بِدُعَاۗءِ رَبِّيْ شَقِيًّا ﴿۴۸﴾

اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اور میں اپنے رب کی عبادت کروں گا۔ مجھے امید ہے کہ میں اپنے رب کی عبادت کی برکت سے نامراد نہیں رہوں گا۔

فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ

پس جب وہ جدا ہو گیا ان سے ۵۶ اور جن کی وہ عبادت کیا کرتے تھے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر تو عطا فرمایا ہم نے ابراہیم کو اسحٰق

۵۵ آذر کی اس سخت کلامی کے باوجود حضرت ابراہیم کا انداز حسب سابق نرم اور مؤدبانہ تھا۔ کہتے ہیں تم سلامت رہو میری نصیحت تم نے قبول نہیں کی لیکن میں اللہ تعالیٰ کے حضور میں تمہاری ہدایت اور مغفرت کے لیے عرض کرتا رہوں گا حفیؒ مبالغہ کا صیغہ ہے۔ اس کا معنی ہے بہت مہربان، بے حد لطف فرمانے والا۔ ابن قتیبہ نے حَفِيًّا کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے ای بارًّا عوّدنی منہ الاجابۃ اذا دعوتہ (غریب القرآن) ایسا مہربان جس نے مجھے اس بات کا خوگر بنا دیا ہے کہ جب کبھی میں کوئی عرض کرتا ہوں تو وہ اسے ضرور قبول فرماتا ہے۔ اس آیت کے ضمن میں علامہ قرطبی نے یہ بحث کی ہے کہ کیا کافر کو سلام دینا جائز ہے یا نہیں؟ اس کے متعلق مختلف اقوال لکھے ہیں۔ حضرت اوزاعی سے پوچھا گیا کہ اس مسلمان کا کیا حکم ہے جو کافر کے پاس سے گزرتا ہے تو اسے سلام دیتا ہے۔ فقال ان سلّمت فقد سلّم الصالحون قبلک وان ترکت فقد ترک الصالحون قبلک یعنی اگر تو سلام دے تو بھی کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ تم سے پہلے کئی صلحاء سلام دیا کرتے تھے۔ اور اگر تو سلام نہ دے تو بھی درست ہے۔ کیونکہ تم سے پہلے کئی صلحاء کا یہی معمول تھا۔ حضرت حسن بصری سے منقول ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اگر تیرا گزر کسی ایسی مجلس پر ہو جس میں مسلمان اور کافر موجود ہیں تو پھر انہیں سلام دو۔

۵۶ جب آپ نے دیکھا کہ ان کی پند و موعظت کا اثر ان کے کنبہ پر نہیں ہو رہا۔ وہ کسی قیمت پر بت پرستی چھوڑنے پر آمادہ نہیں تو آپ نے اپنے آبائی وطن "کلدانیہ" سے ہجرت کی۔ اپنے گھر بار اور اعزہ و اقربا کو چھوڑا اور مختلف ملکوں کی سیاحت کرنے کے بعد شام کے ملک میں اقامت اختیار فرمائی اللہ تعالیٰ نے ان کو ظاہری اور باطنی نعمتوں سے مالامال فرما دیا۔ آپ کے ملک اور آپ کے خاندان کے سیاسی، تمدنی اور مذہبی حالات کیلیے ضیاء القرآن جلد اوّل سورۃ انعام آیات ۷۴ تا ۸۲ کا حاشیہ ملاحظہ ہو۔

وَيَعْقُوبَ ۖ وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ﴿٤٩﴾ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَ

اور یعقوب اور سب کو ہم نے نبی بنایا۔ اور ہم نے عطا فرمائیں انھیں اپنی رحمت سے (طرح طرح کی نعمتیں) اور

جَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ﴿٥٠﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى ۡ

ہم نے ان کے لیے سچی اور دائمی تعریف کی آواز بلند کر دی ۵۲؎ اور ذکر فرمائیے کتاب میں موسیٰ کا

اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿٥١﴾ وَنَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ

بیشک وہ (اللہ کے چنے ہوئے) تھے ۵۳؎ اور رسول و نبی تھے۔ ۵۴؎ اور ہم نے انھیں پکارا طور کی

۵۲؎ حضرت ابن عباس نے "لسان صدق" کا یہ مفہوم بیان کیا ہے الثناء الحسن الباقی علیهم آخر العهد وعبر باللسان کما عبر بالید عما یطلق بالید وھی العطیة (البحر المحیط) وہ بہترین تعریف جو قیامت تک باقی رہے گی۔ اور ثنا حسن کو لسان صدق اس لیے کہا گیا ہے کیونکہ یہ زبان سے صادر ہوتی ہے۔ جس طرح عطیہ کو جو ہاتھ سے دیا جاتا ہے عربی میں ید کہتے ہیں۔ علیؓ اعلیٰ اور بلند تر ہم دیکھ رہے ہیں کہ ہر زمانہ میں اور ہر ملک میں حضرت ابراہیم اور ان کی ذریۃ طاہرہ کی حمد و ثنا میں زبانیں مصروف رہتی ہیں۔ یہودی، عیسائی اور مسلمان باہمی اختلافات کے باوجود حضرت ابراہیم کی عظمت اور تقدس کے دل سے قائل ہیں! اور ہماری تو نماز بھی مکمل نہیں ہوتی جب تک اپنے نبی مکرم اور حضور کی آل امجاد صلے اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ پر درود پڑھنے کے ساتھ حضرت خلیل اور انکے آل پاک پر درود نہ پڑھیں۔

۵۳؎ مُخْلَص کا معنی ہے چنا ہوا یعنی اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کو اپنی مخلوقات سے اپنی نوازشاتِ خصوصی اور نبوت کا بارگراں اٹھانے کے لیے منتخب فرما لیا تھا۔

۵۴؎ رسول کا لغوی معنی پیغامبر ہے اور نبی کے مادہ اشتقاق میں دو قول ہیں۔ پہلا یہ کہ یہ نبوۃٌ سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی رفعت اور بلندی ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا نبی شان و جلالت میں دوسرے لوگوں سے بلند اور اعلیٰ ہوتا ہے اس لیے اسے نبی کہا گیا ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ یہ نَبَأٌ سے مشتق ہے۔ اس کا معنی خبر دینا ہے اور کیونکہ نبی اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسکے بندوں کو ایسے حقائق و اسرار بتاتا ہے جو ان کی عقل و نظر کی رسائی سے بالاتر ہوتے ہیں ویجوز ان یکون من النبأ اصل منبیئ ای المنبئ عن اللہ تعالیٰ بالتوحید والشرائع نبوت کا مفہوم بیان کرتے ہوئے علامہ راغب لکھتے ہیں النبوۃ سفارۃ بین اللہ وبین ذوی العقول من عبادہ لازاحۃ علتھم فی امر معادھم ومعاشھم یعنی نبوت اللہ تعالیٰ اور اسکے عاقل بندوں کے درمیان سفارت کا نام ہے۔ تاکہ اس کے ذریعے ان کی اخروی اور دنیوی علتوں اور بیماریوں کو دور کیا جائے۔ ہر رسول کا نبی ہونا ضروری ہے لیکن ہر نبی کا رسول ہونا ضروری نہیں ہے۔ رسول وہ ہوتا ہے جو صاحب

الطُّوْرِ الْاَیْمَنِ وَ قَرَّبْنٰهُ نَجِیًّا ۝ وَ وَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَاۤ اَخَاهُ

دائیں جانب سے ۵۵ اور ہم نے انھیں قریب کیا راز کی باتیں کرنے کیلئے ۵۶ اور ہم نے بخشا انھیں اپنی خاص رحمت سے ان کا

هٰرُوْنَ نَبِیًّا ۝ وَ اذْكُرْ فِی الْكِتٰبِ اِسْمٰعِیْلَ٘ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ

بھائی ہارون جو نبی تھا۔ اور ذکر کیجیے کتاب میں اسمٰعیل کو ۵۷ بیشک وہ وعدہ کے سچے تھے

وَ كَانَ رَسُوْلًا نَّبِیًّا ۝ وَ كَانَ یَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَ الزَّكٰوةِ وَ كَانَ

اور رسول (اور) نبی تھے۔ اور وہ حکم دیا کرتے تھے اپنے گھر والوں کو نماز پڑھنے اور زکوٰۃ ادا کرنے کا ۵۸ اور

شریعت ہو خواہ وہ شریعت نئی ہو یا کسی سابقہ رسول کی شریعت دے کر کسی نئی قوم کی ہدایت کے لیے بھیجا جائے جیسے طرح حضرت اسماعیل۔

۵۵ طور ایک پہاڑ ہے جو مصر اور مدین کے درمیان ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام دس سال حضرت شعیب کے پاس مدین میں گزارنے کے بعد جب واپس مصر روانہ ہوئے تو ان کا گزر طور پہاڑ سے ہوا تو پہاڑ کا جو حصہ آپ کی دائیں جانب تھا اُس سے یہ ندا آئی۔

۵۶ اس قرب کی حقیقت کو وہی سمجھ سکتا ہے جس کو اس نعمت سے بہرہ ور کیا گیا ہو قربناہ نیں متکیف من لم یذقه لم یدر (مظہری) صاحب قاموس نے "نجیا" کا یہ مفہوم بیان کیا ہے النجی کغنی و قربنا نجیا..... و شاهد الجمع فلما استیئسوا منه خلصوا نجیا ای اعتزلوا یتناجون (تاج العروس)

۵۷ بنی اسرائیل یہ سمجھتے تھے کہ نبوت خانوادہ اسحٰق میں بند ہے اور حضرت اسماعیل پیغمبر نہیں۔ حضرت اسماعیل کا ذکر فرما کر ان کے زعم باطل کی بھی تردید کر دی۔ حضرت اسحٰق کو صرف نبی کہا گیا اور انھیں رسول اور نبی دونوں صفتوں سے موصوف کیا گیا جس سے آپکے علو رتبت کا پتہ چلتا ہے۔ آپ کی صفاتِ کمال میں سے صادق الوعد ہونے کی صفت خصوصی اہمیت کی حامل ہے۔ کیونکہ خدا اور اس کے بندوں کے ساتھ جو وعدہ بھی کیا انھوں نے پورا کیا۔ سب سے اہم وعدہ وہ تھا جو آپ نے اپنے والد ماجد سے کیا تھا یابت افعل ما تؤمر ستجدنی ان شاء اللہ من الصابرین۔ یعنی مجھے ذبح کرنے کا جو حکم خداوندی آپ کو ملا ہے اس کی تعمیل کیجیے میں اپنے ذبح ہونے پر قطعاً کسی بے صبری کا مظاہرہ نہیں کرونگا اور دنیا جانتی ہے کہ اس مرد پاکباز نے اپنے اس وعدہ کو کس صدق و استقامت سے پورا کیا۔

۵۸ یہ آپ کی دوسری خصوصی شان ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ انسان کو تبلیغ کا آغاز گھر والوں سے کرنا چاہیے۔ حضور کریم کو بھی یہی حکم ملا وانذر عشیرتک الاقربین اے محبوب! پہلے اپنے رشتہ داروں کو عذاب الٰہی سے ڈرائیے

عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِیًّا ﴿٥٥﴾ وَاذْكُرْ فِی الْكِتٰبِ اِدْرِیْسَ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّیْقًا

اپنے رب کے نزدیک بڑے پسندیدہ تھے۔ اور ذکر فرمائیے کتاب میں ادریس (علیہ السلام) کا ۹۵ بیشک وہ بڑے راستباز تھے

نَّبِیًّا ﴿٥٦﴾ وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِیًّا ﴿٥٧﴾ اُولٰٓىِٕكَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ

(اور) نبی تھے۔ اور ہم نے بلند کیا تھا انھیں بڑے اونچے مقام تک ۹۶ یہ وہ (مقدس ہستیاں) ہیں جن پر انعام فرمایا اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام کے

مِّنَ النَّبِیّٖنَ مِنْ ذُرِّیَّةِ اٰدَمَ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ وَّمِنْ

(زمرہ) سے یہ آدم کی اولاد سے تھے۔ اور بعض ان کی اولاد جن کو ہم نے سوار کیا تھا (کشتی میں) نوح کے

ذُرِّیَّةِ اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْرَآءِیْلَ وَمِمَّنْ هَدَیْنَا وَاجْتَبَیْنَا اِذَا تُتْلٰى

ساتھ اور بعض ابراہیم اور یعقوب کی اولاد سے تھے اور انہیں سے جنھیں ہم نے ہدایت دی اور چن لیا جب پڑھی جاتی ہیں

عَلَیْهِمْ اٰیٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِیًّا ﴿٥٨﴾ فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ

ان کے سامنے رحمٰن کی آیتیں تو وہ گر پڑتے ہیں سجدہ کرتے ہوئے اور (زار و قطار) روتے ہوئے ۹۷ پس جانشین بنے ان کے بعد

دوسری جگہ ہے قوا انفسکم واھلیکم نارا۔ اے مسلمانو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل خانہ کو آتش جہنم سے بچاؤ۔

۹۵ علامہ عبدالوہاب نجار مصری نے ان کا نسب نامہ اس طرح لکھا ہے۔ ادریس بن یارد بن مہلائیل بن قینان بن انوش بن شیث بن آدم علیہ السلام۔ عبرانی تورات میں ان کا نام حنوخ درج ہے۔ اور اس کے عربی ترجمہ میں اخنوخ (قصص الانبیاء) ان کے متعلق کتب تفسیر میں یہ مذکور ہے کہ آپ علم نجوم اور علم حساب کے موجد ہیں۔ فن کتابت اور خیاطت کی ابتدا بھی آپ نے کی۔ سلے ہوئے کپڑے پہننے کا رواج بھی آپ سے شروع ہوا۔ پہلے لوگ جانوروں کی کھالیں بطور لباس استعمال کیا کرتے تھے۔ ناپ تول کے پیمانے اور آلات بھی آپ کی اختراع ہیں۔ اسلحہ سازی کا ہنر بھی آپ نے سکھایا وغیرہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

۹۶ اس سے مراد ان کے مرتبے کی بلندی اور رفعت شان ہے۔ اگرچہ بعض روایات میں لکھا ہے کہ آپ زندہ آسمان پر اٹھا لیے گئے لیکن ان سب روایات کا ماخذ اسرائیلیات ہیں جن پر کسی عقیدہ کی بنیاد نہیں رکھی جا سکتی۔

۹۷ یہ مقبول اور جلیل القدر بندے جن کے مناقب و محامد بیان کیے گئے ہیں یہ اپنی بلندی مدارج کے باوجود اللہ تعالیٰ کی بندگی کو ہی اپنے لیے سرمایۂ افتخار سمجھتے تھے۔ جب آیات خداوندی کی تلاوت ہوتی تو ان کے دل پسیج جاتے۔ ان کی آنکھوں سے آنسوؤں کا سیلاب امڈ آتا اور اظہار عبودیت کے لیے وہ بارگاہ رب العزت میں سجدہ ریز ہو جاتے۔ جب ان اولوالعزم

خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ﴿٥٩﴾

وہ ناخلف جنھوں نے ضائع کیا نمازوں کو اور پیروی کی خواہشات (نفسانی) کی ٤٢ سو وہ دوچار ہونگے اپنی نافرمانی کی سزا سے

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ

مگر جو تائب ہوگئے اور ایمان لائے اور نیک عمل کیے ٤٣ تو یہ لوگ جنت میں داخل ہونگے

بستیوں کا یہ حال ہے تو دنیا میں اور کون ہے جو اللہ تعالٰی کی ہمسری کا دعوٰی کر سکے۔ یا خدائی میں اس کا شریک بن سکے۔

مسئلہ:۔ اس آیت کو پڑھنے کے بعد سجدہ کرنا واجب ہے۔ انبیاء کرام کی اتباع میں انسان رونے کی کوشش کرے اور اگر رونا نہ آئے تو رونے والی صورت ہی بنالے۔ کیا بعید ہے کہ رحمتِ الٰہی کو یہی ادا پسند آجائے اور کام بن جائے۔

٤٢ یہ حال ان انبیاء کرام کا تھا جو ہر لحظہ جلالِ خداوندی سے ترساں اور لرزاں رہتے اور آنکھیں اشک افشاں رہتیں لیکن انکے بعد بعض جانشین ایسے بھی ہوئے جنھوں نے اپنے اسلافِ کرام کے طریقہ کو بالکل فراموش کر دیا۔ مستحبات و مندوبات کی پابندی تو کجا نماز روزہ زکوٰۃ جیسے فرائض کو بھی انھوں نے پس پشت ڈال دیا۔ یا تو سرے سے ان کی فرضیت کے ہی قائل نہ رہے یا فرضیت کا انکار تو نہ کیا لیکن انھیں ادا کرنے کی زحمت گوارا نہ کی یا انھیں ادا تو کیا لیکن ان کے آداب و شرائط کو نظر انداز کر دیا اور ارشاداتِ الٰہی کی بجاآوری کی جگہ اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی میں لگ گئے۔ وہ یاد رکھیں انھیں اپنے کیے کی سزا بھگتنی پڑے گی۔

ان لوگوں کو جانے دیجیے جو گزر گئے۔ اور جن کے اعمال کے متعلق ہم سے محاسبہ نہیں ہوگا۔ ذرا اپنے ارد گرد نگاہ ڈالیے بڑے بڑے اولیاء کاملین کی اولاد دین کے مسلّمہ قواعد و رسوم اور احکامِ شریعت کی پابندی سے کس طرح آزاد ہے۔ یہ روح فرسا منظر دیکھ کر حساس دل تڑپ اٹھتا ہے اور آنکھیں خون کے آنسو بہاتی ہیں جنکے آباؤ اجداد کی ساری عمر اطاعتِ خدا اور اطاعتِ رسول میں گزریں جنکے دن جلالِ خداوندی سے کانپتے ہوئے اور جنکی راتیں جمالِ الٰہی کی دید کے شوق میں ماہیٔ بے آب کی طرح تڑپتے ہوئے گزرتی تھیں جنکا ایک قدم بھی جادۂ شریعت سے ہٹا ہوا نہ تھا جنکا علم جنکا عرفان جنکا اخلاص اور جنکی روحانیت مشعل ہدایت بن کر دینِ حنیف کیلئے تقویت تھی جنکی کتابِ زندگی کا ہر ورق [illegible] تھا انکی اولاد ہونے کا دعوٰی کرنیوالے فسق و فجور کی تاریکیوں میں کھو کر رہ گئے ہیں اطاعت و انقیاد کی راہ چھوڑ کر انھوں نے سرکشی و نافرمانی کا راستہ کیوں اختیار کر لیا ہے۔ وہ اس آیت طیبہ میں کیوں غور نہیں کرتے۔ انکی غفلت کا نتیجہ ہے باعث انکے اسلافِ کرام کے حق میں گستاخ زبانیں کھلنے لگی ہیں۔ صرف یہی نہیں بلکہ انکی بداعمالیوں سے ان عقائدِ حقہ کو زک پہنچ رہی ہے جو انکے آباؤ اجداد کے عقائد تھے انکی عملی بدکاریوں کے شور و شغب میں کوئی ان علمی دلائل پر غور کرنے کے لیے بھی آمادہ نہیں۔ اس پیہم بے راہ روی سے وہ صرف اپنی لٹیا ہی ڈبو نہیں رہے بلکہ ساری قوم کا بیڑا غرق کر رہے ہیں خدارا اپنی اس غلط روش سے باز آجاؤ۔

٤٣ ہاں اگر کوئی گناہ کرنے کے بعد اور اپنی خواہشات کی پیروی میں عمر کا قیمتی حصہ برباد کرنے کے بعد سچے دل سے تائب ہوا،

وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۝٦٠ جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨ الَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ

اور ان پر ذرا ظلم نہیں کیا جائے گا۔ سدا بہار چمن جن کا وعدہ (خداوند) رحمٰن نے اپنے بندوں سے

بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ۝٦١ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ۭ

غیب میں کیا ہے۔ یقیناً اس کا وعدہ پورا ہو کر رہنے والا ہے۔ نہیں سنیں گے جنت میں کوئی لغو بات بجز "سلامت رہو" کی

وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۝٦٢ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ مِنْ

دعائیہ صدا۔ اور انھیں ان کا رزق ملیگا وہاں ہر صبح و شام۔ یہ وہ جنت ہے جس کا ہم وارث بنائینگے اپنے

عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ۝٦٣ وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَيْنَ

بندوں سے (صرف) اس کو جو متقی ہوگا۔ اور (جبرائیل!) میرے نبی سے کہو ہم نہیں اترتے مگر آپکے رب کے حکم سے ٦٤ اسی کا ہے جو

اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ۝٦٤ رَبُّ

ہمارے سامنے ہے اور جو ہمارے پیچھے ہے اور جو کچھ اسکے درمیان ہے اور نہیں ہے آپ کا رب بھولنے والا۔ وہ پروردگار ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ ۭ هَلْ

آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سو اسکی عبادت کرو اور ثابت قدم رہو اسکی عبادت پر۔ کیا تم

تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ۝٦٥ وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ ع ٤ ٥ ٧

جانتے ہو اسکا کوئی ہم مثل ہے۔ اور انسان (ازراہ انکار) کہتا ہے ٦٥ کہ کیا جب میں مرجاؤں گا تو مجھے پھر زندہ کرکے نکالا جائیگا؟

تو اس کے گناہ بخش دیئے جائینگے۔ اس کے لیے جنت کے دروازے کھول دیئے جائینگے۔ جنت میں جو ابدی لطف و سرور جنتیوں کو عطا ہوگا اُس کا ذکر ان آیات میں کر دیا۔

٦٤ بخاری شریف میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سید عالم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے جبرائیل سے فرمایا اے جبرائیل تم جتنا میرے پاس آیا کرتے ہو اس سے زیادہ کیوں نہیں آتے۔ (خزائن العرفان)

٦٥ مرنے کے بعد زندہ کیے جانے کا اسلامی عقیدہ ایسا تھا جسے کفار تسلیم کرنے کے لیے کسی قیمت پر تیار نہ تھے۔ یہ بات

حَيًّا ﴿٦٦﴾ اَوَلَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْـًٔا ﴿٦٧﴾

کیا یاد نہ رہا انسان کو کہ ہم نے ہی پیدا کیا اسے اس سے پہلے حالانکہ وہ کچھ بھی نہ تھا۔ ۶۷

فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿٦٨﴾

سو اے محبوب! تیرے رب کی قسم ۶۸ ہم جمع کریں گے انھیں بھی اور شیطانوں کو بھی پھر حاضر کریں گے ان سب کو جہنم کے ارد گرد گھٹنوں کے

ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا ﴿٦٩﴾

بل گرے ہوئے۔ پھر ہم (جہنمیوں کو) الگ کر لیں گے ہر گروہ سے ان لوگوں کو جو خداوند رحمٰن کے سخت نافرمان تھے۔ ۶۹

ان کی سمجھ میں ہی نہ آتی تھی۔ اسے وہ بداہت عقل کے منافی سمجھتے تھے اور اس وجہ سے اسلام کا مذاق اڑاتے تھے۔ چنانچہ ایک روز اُبی بن خلف جمحی کو کسی مردہ کی ایک بوسیدہ ہڈی مل گئی۔ اسے لیکر وہ دوسرے مشرکین کے پاس آیا اور کہنے لگا میرے ہاتھ میں یہ ایک بوسیدہ ہڈی ہے۔ حضورؐ کا اسم گرامی لے کر کہنے لگا وہ کہتا ہے کہ اسے از سرِ نو زندہ کیا جائیگا تم خود سوچو کیا یہ بات تسلیم کرنے کے قابل ہے۔ کم و بیش تمام مشرکین کا یہی اندازِ فکر تھا۔

۶۷ اللہ تعالیٰ نے عام فہم انداز سے ان کی اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیا۔ یہ بوسیدہ اور شکستہ ہڈیاں کیونکر زندہ ہو جائیں گی یہ بات تمھیں سمجھ نہیں آرہی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انھیں زندہ کرنے والے کی قدرت و حکمت سے تم ناواقف ہو انھیں زندہ کرنے والی وہ ہستی ہے جس نے تمھیں نیست سے ہست کیا۔ اگر وہ عدمِ محض سے تمھیں موجود کر سکتا ہے تو ان ہڈیوں کو دوبارہ زندہ کرنا اس کے لیے مشکل نہیں۔ دوسری جگہ ارشاد فرمایا وھو الذی یبدؤا الخلق ثم یعیدہ و ھو اھون علیہ (الروم)

اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے کائنات کی تخلیق کا آغاز فرمایا پھر وہ انھیں فنا کرنے کے بعد دوبارہ زندہ کرے گا اور یہ دوبارہ زندہ کرنا اس پر آسان ہے۔

۶۸ قسم اٹھا کر فرمایا جا رہا ہے کہ انھیں قیامت کے روز میدانِ حشر میں ضرور جمع کیا جائیگا اور ان کے ساتھ وہ شیاطین بھی جکڑے ہوئے لائے جائیں گے جن کی انگیخت پر انھوں نے راہِ ضلالت اختیار کی۔ والشیاطین کی واو عاطفہ بھی ہو سکتی ہے اور واو معیۃ بھی اور معیت کا معنی زیادہ مناسب ہے۔ "جِثِیًّا" جمع ہے اس کا واحد جاث ہے اس کا معنی گھٹنوں کے بل کھڑا ہونا۔ وہ لوگ جب عذابِ الٰہی کا مشاہدہ کریں گے تو مارے دہشت کے کھڑا ہونا مشکل ہو جائے گا اور گھٹنے ٹیک دیں گے۔

۶۹ جب کفار اپنے شیاطین کی معیت میں گروہ در گروہ جہنم کے ارد گرد کھڑے کر دیئے جائیں گے۔ پہلے ان میں سے ان لوگوں کو چھانٹ لیا جائے گا جو کفر اور سرکشی میں دوسروں سے بڑھے ہوئے تھے تاکہ سب سے پہلے انھیں دوزخ کا ایندھن بنایا جائے۔

ثُمَّ لَنَحْنُ أَعْلَمُ بِالَّذِينَ هُمْ أَوْلَىٰ بِهَا صِلِيًّا ﴿٧٠﴾ وَإِن مِّنكُمْ إِلَّا

پھر ہم ہی خوب جانتے ہیں ان لوگوں کو جو زیادہ مستحق ہیں اس آگ میں تپائے جانے کے۔ اور تم سے کوئی ایسا نہیں مگر اس کا

وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلَىٰ رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿٧١﴾ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوا وَّ

گزر دوزخ پر ہوگا۔ ۹۹ یہ آپ کے رب پر لازم ہے (اور اس کا) فیصلہ ہو چکا ہے۔ پھر ہم نجات دیں گے پرہیزگاروں کو اور

"عتیا" اشد کی تمیز ہے اس لیے منصوب ہے۔ اس کا معنی ہے سرکش۔ "صلیا" کی وضاحت کرتے ہوئے جوہری لکھتے ہیں
جب کسی چیز کو تو آگ میں جھونک دے تو عرب کہتے ہیں صلیت الرجل نارا اذا ادخلته النار وجعلته یصلاها (قرطبی)
۹۹ یہاں دو چیزیں غور طلب ہیں:- (۱) منکم کا مرجع کون ہے (۲) ورود کا مطلب کیا ہے۔ جمہور علماء کی پسندیدہ
رائے یہ ہے کہ منکم کا مرجع نیک و بد، مومن و مشرک سب انسان ہیں اور ورود کا معنی داخل ہونا ہے۔ چنانچہ امام احمد
نے اپنی مسند میں ابی سمیہ سے روایت کیا ہے کہ انھوں نے جب حضرت جابر بن عبداللہ سے ورود کے معنی میں لوگوں کے
اختلاف کا ذکر کیا تو حضرت جابر نے اپنے کانوں کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ بہرے ہو جائیں یہ کان کہ اگر میں نے حضور
علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یہ فرماتے نہ سنا ہو:- "لا یبقی بر ولا فاجر الا دخلها فتکون علی المومن بردا وسلاما کما کانت علی
ابراهیم حتی ان للنار ضجیجا من بردهم ثم ینجی الله الذین اتقوا ویذر الظالمین فیها جثیا"۔
ترجمہ:- سب نیک و بد آگ میں داخل ہونگے اور آگ مومن کے لیے ٹھنڈی اور بے ضرر ہوگی جس طرح حضرت ابراہیم
پر ہوئی تھی۔ یہاں تک کہ آگ شور مچائے گی کہ الٰہی ان لوگوں کی ٹھنڈک سے میری حرارت ختم ہو رہی ہے۔ پھر اللہ تعالٰی متقیوں
کو وہاں سے نکال لیگا اور کافر وہاں اوندھے پڑے رہیں گے۔ حضرت ابن مسعود سے مروی ہے کہ ورود سے مراد اس
پل پر سے گزرنا ہے جو دوزخ کے اوپر بچھایا جائے گا۔
عن عبدالله قوله وان منکم الا واردها قال الصراط علی جهنم مثل حد السیف۔ فتمر الطبقة الاولی کالبرق
والثانیة کالریح والثالثة کاجود الخیل... ثم یمرون والملائکة یقولون اللهم سلم سلم۔ اگر یہ روایات صحیح ہوں تو پھر اس آیت کا وہی
معنی ہوگا جو بیان ہوا۔ لیکن ان کی اسناد میں کیونکہ رد و قدح کی گنجائش ہے اس لیے بعض علماء کا یہ خیال ہے کہ منکم
کا مرجع تمام انسان نہیں بلکہ صرف کفار ہیں جن کا پہلے ذکر ہو رہا ہے۔ باقی رہی یہ بات کہ کلام سابق میں سب غائب
کی ضمیریں ہیں یہاں اچانک ضمیر خطاب کیوں ذکر کی گئی تو اس کا جواب ظاہر ہے کہ التفات فی الضمائر اسلوب قرآن ہے
یکایک غائب سے مخاطب اور مخاطب سے متکلم بدلتی رہتی ہیں جیسے ارشاد باری ہے:-
وسقاهم ربهم شرابا طهورا ان هذا کان لکم جزاء وکان سعیکم مشکورا۔
پہلے ضمیر غائب اور اس کے بعد ضمیر مخاطب ہے۔

نَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ﴿٧٢﴾ وَإِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ

رہنے دیں گے ظالموں کو وہ دوزخ میں کہ وہ گھٹنوں کے بل گرے ہونگے۔ اور جب تلاوت کی جاتی ہیں ان کے سامنے ہماری آیتیں واضحات

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ

(تو) کافر کہتے ہیں ایمان والوں سے کہ ذرا یہ تو بتاؤ ہم دونوں گروہوں میں سے کس کی رہائش گاہ آرام دہ ہے اور کس کی نشست گاہ

نَدِيًّا ﴿٧٣﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّرِءْيًا ﴿٧٤﴾

خوبصورت ہے۔ اور ان احمقوں نے یہ نہ سوچا کہ کتنی قومیں ان سے پہلے تھیں جنکو ہم نے برباد کر دیا وہ زیادہ تھیں سازوسامان اور ظاہری سج دھج میں

قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰىٓ اِذَا رَاَوْا

(ان سے) بہتر تھیں۔ آپ فرمائیے جو گمراہی میں (غرق) ہو تو ڈھیل دیئے رکھتا ہے اسے رحمٰن لمبی ڈھیل یہاں تک کہ جب دیکھیں گے وہ چیز

کفار کو جب آیات قرآنی سنا کر دعوتِ حق دی جاتی تو وہ کہتے مسلمانو اپنی معاشی حالت کا ہماری معاشی حالت سے مقابلہ کرو اگر ہماری رہائش گاہیں تمہارے جھونپڑوں سے زیادہ خوبصورت اور آرام دہ ہیں اور ہماری محفلیں تمہاری مجلسوں سے زیادہ بارونق ہیں تو پھر ہمارے پیچھے چلو تاکہ تمہیں بھی زندگی کی عشرتیں نصیب ہوں یہ تم ہمیں اپنی پیروی کی دعوت دے کر ہماری زندگیوں کو بھی تلخ اور ویران بنانا چاہتے ہو۔

الفاظ :۔ مقامًا بالفتح منزل اور مسکن۔ ندی، کی تشریح کرتے ہوئے علامہ جوہری لکھتے ہیں والندی علی فعیل مجلس القوم ومتحدثهم وكذلك الندوة والنادی والمنتدى والمنتدی (قرطبی)

آیتنا ذوالحال ہے اور بینات حال ہے اور تاکید کا فائدہ دیتا ہے الوجه ان تکون حالا موکدة (قرطبی)

ان کے دولت و ثروت راہ راست پر ہونے کی کوئی دلیل نہیں تم سے پہلے کئی ایسی قومیں گزری ہیں جو سامان آرائش و زینت میں تم سے کہیں بڑھی ہوئی تھیں ان کے مکانات و محلات بڑے خوش منظر تھے۔ لیکن انھیں ان کے گناہوں کی پاداش میں ملیا میٹ کر دیا گیا دیکھو کہیں تمھارا انجام بھی ایسا نہ ہو۔ اثاث: متاع البیت گھر کا سامان۔ رئیا حسن المنظر خوش منظر۔ تاج العروس میں اس کی تشریح ان الفاظ سے کی گئی ہے وهو ما رأته العین من حال حسنة وکسوة ظاهرة وہ دلکش حالت اور ظاہری لباس جو آنکھوں سے دکھائی دے۔

انھیں جو مہلت دی جا رہی ہے اس کی وجہ سے بھی کسی غلط فہمی کا شکار نہ ہونا۔ اللہ تعالیٰ کا دستور ہے کہ وہ سرکشوں اور گمراہوں پر فوراً عذاب نازل نہیں کرتا بلکہ انھیں سمجھنے کی مہلت دیتا ہے اور جب مہلت کی گھڑیاں ختم ہو جاتی ہیں اور انھیں عذاب

مَا يُوعَدُونَ إِمَّا الْعَذَابَ وَإِمَّا السَّاعَةَ ۖ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ

جس کا وعدہ کیا گیا ہے یعنی عذاب یا قیامت تو اس وقت انھیں پتہ چلے گا کہ کون

شَرٌّ مَّكَانًا وَأَضْعَفُ جُندًا ﴿٧٥﴾ وَيَزِيدُ اللَّهُ الَّذِينَ اهْتَدَوْا هُدًى ۗ

مکان کے لحاظ سے بُرا اور لشکر کے اعتبار سے کمزور ہے۔ اور زیادہ کرتا رہتا ہے اللہ تعالیٰ ہدایت یافتہ لوگوں کے نورِ ہدایت کو

وَالْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ خَيْرٌ عِندَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَخَيْرٌ مَّرَدًّا ﴿٧٦﴾ أَفَرَأَيْتَ

اور باقی رہنے والی نیکیاں ۳۴ بہتر ہیں آپ کے رب کے نزدیک ثواب کے اعتبار سے اور انجام کے اعتبار سے اچھا ہے۔ کیا آپ نے دیکھا اس

الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا ﴿٧٧﴾ أَطَّلَعَ الْغَيْبَ

کو جس نے انکار کیا ہماری آیتوں کا اور کہنے لگا کہ مجھے ضرور ضرور دیا جائیگا مال اور اولاد ۳۵ (اسی فانی کی وجہ سے) کیا وہ آگاہ

کے شکنجے میں کس دیا جاتا ہے تب انھیں اپنی بے بسی اور بے یار و مددگار ہونے کا پتہ چلتا ہے۔

۳۳ گمراہوں کی حرماں نصیبیوں کے ذکر کے بعد اب سالکانِ راہِ رشد و ہدایت کا ذکر فرمایا جا رہا ہے یعنی جو لوگ اپنی طاقت اور سمجھ کے مطابق جذبۂ اخلاص سے سرشار ہو کر راہِ ہدایت پر گامزن ہو جاتے ہیں تو ہم ان کے نورِ ہدایت میں اضافہ کرتے چلے جاتے ہیں اور اپنے لطف و کرم سے انھیں ان منازلِ عالیہ اور مقاماتِ قرب پر پہنچا دیتے ہیں جہاں تک پہنچنا ان کی طاقت سے باہر تھا۔ حدیثِ قدسی سے اس آیت کا مفہوم سمجھنے میں بڑی مدد ملتی ہے ارشادِ الٰہی ہے من تقرب الیّ شبراً تقربت الیہ ذراعاً ومن تقرب الیّ ذراعاً تقربت الیہ باعاً ومن اتانی ماشیاً اتیتہ الیہ ھرولاً (رواہ کما اخبر نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عن ربہ) یعنی جو شخص ایک بالشت میرے نزدیک ہوتا ہے میں ایک گز اس کے قریب ہوتا ہوں۔ اور جو شخص ایک گز میرے قریب ہوتا ہے میں ایک کرم اس کے قریب ہوتا ہوں اور جو چل کر میری طرف آتا ہے میں اس کی طرف دوڑ کر جاتا ہوں۔ معلوم ہوا اگر طلبِ صادق ہو تو دوریاں سمٹتی چلی جاتی ہیں۔ قدم اٹھانا تیرا کام ہے اور منزل تک پہنچانا اس کا کام ہے والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا میں بھی اسی حقیقت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

۳۴ اس کی وضاحت سورۂ کہف میں گزر چکی ہے۔ "مردّ" کا معنی مرجع، انجام اور لوٹنے کی جگہ۔

۳۵ حضرت خباب بن الارت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں لوہاروں کا کام کیا کرتا تھا۔ عاص بن وائل کے ذمہ میری کچھ رقم تھی میں اس سے مانگنے کے لیے گیا تو اس گستاخ نے کہا بخدا میں یہ رقم تمھیں اس وقت تک ادا نہ کروں گا جب تک تو

اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿٧٨﴾ كَلَّا ۚ سَنَكْتُبُ مَا يَقُوْلُ وَ نَمُدُّ

ہو گیا ہے غیب پر یا اس نے لیا ہے رحمٰن سے کوئی وعدہ ٧٦ ہرگز ایسا نہیں ۔ ہم لکھ لیں گے جو یہ کہہ رہا ہے اور لمبا کر دیں گے

لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿٧٩﴾ وَّ نَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ وَ يَاْتِيْنَا فَرْدًا ﴿٨٠﴾ وَ اتَّخَذُوْا

اس کے لیے عذاب کو خوب لمبا کرنا ۔ اور ہم ہی وارث ہوں گے جو وہ کہتا ہے (یعنی اسکے مال و اولاد کے) اور وہ آئیگا ہمارے پاس تنہا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿٨١﴾ كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُوْنَ

اور انھوں نے بنا لیے ہیں اللہ تعالیٰ کے سوا اور خدا کہ وہ انکے لیے مددگار بنیں ٧٧ ہرگز نہیں ۔ وہ جھوٹے خدا انکار کریں گے

بِعِبَادَتِهِمْ وَ يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿٨٢﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّاۤ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ ع ٥ ١٧ ٨

ان کی عبادت کا اور وہ (الٹے) ان کے دشمن ہو جائیں گے ۔ کیا آپ نے ملاحظہ نہیں کیا کہ ہم نے مسلط کر دیا ہے شیطانوں کو

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ﴿٨٣﴾ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ

کفار پر ٧٨ وہ انھیں (اسلام کے خلاف) ہر وقت اکساتے رہتے ہیں پس عجلت نہ کیجیے ان پر (نزول عذاب کے لیے) ہم گن

محمد (فداہ ابی و امی) صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کا انکار نہ کرے گا۔ میں نے اسے جواب دیا بخدا میں تو ہرگز انکار نہ کرونگا یہاں تک کہ تو مرجائے پھر تجھے قیامت کے دن اٹھایا جائے اس نے (ازراہ مذاق) کہا کہ جب مرنے کے بعد میں قبر سے اٹھوں گا اس وقت میرے پاس دولت کی فراوانی ہوگی اس وقت میرے پاس آنا میں تمہارا قرض ادا کر دونگا۔ (بخاری، مسلم) غضب الٰہی جوش میں آیا اور اسے ان الفاظ سے سرزنش کی گئی۔

٧٦ یعنی اس گستاخ اور احمق کو ایسا کہنے کی جرأت کیوں ہوئی ہے۔

٧٧ انھوں نے اس لیے بتوں کو اپنا خدا بنا رکھا ہے کہ وہ آڑے وقت ان کی پشت پناہی کرینگے اور مشکل میں انکے کام آئینگے۔ ان کا یہ خیال غلط، سراسر غلط ہے۔ بلکہ یہ تو الٹا ان کی ذلت اور رسوائی کا باعث بنیں گے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ علیھم ضدا، کا مفہوم بیان کرتے ہوئے علامہ ابن قتیبہ لکھتے ہیں ای اعداء یوم القیامۃ۔ (تفسیر غریب القرآن)

٧٨ اگرچہ کفار کے پاس ان دلائل و براہین کا کوئی معقول جواب نہ تھا جو قرآن نے اللہ تعالیٰ کی توحید، شرک کے بطلان اور قیامت کے قائم ہونے پر پیش کیے۔ لیکن اس کے باوجود کفار کی ہرزہ سرائی اور یاوہ گوئی میں کوئی کمی نہ ہوئی وہ برابر پھبتیاں کستے اور نامعقول اعتراضات کرنے سے باز نہ آتے۔ اس کی وجہ بتائی جا رہی ہے کہ شیطان انھیں اکساتے ہیں اور اسلام کی

عَدًّا ﴿۸۴﴾ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِينَ إِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿۸۵﴾ وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ

سے ہیں ان کے ایام زندگی کو اچھی طرح ۹۷ جس دن جب ہم اکٹھا کریں گے پرہیزگاروں کو (خدائے) رحمٰن کے حضور میں ۹۸ معزز و مکرم مہمان بنا کر اور اس روز

مخالفت پر ابھارتے ہیں اس لیے یہ اپنی یاوہ گوئی سے باز نہیں آتے۔ ارسلنا ای سلطناھم علیھم بالاغواء (قرطبی)
ہم نے ان کو کفار پر مسلط کر دیا۔ الاز: التھییج والاغراء ای تغریھم علی المعاصی۔ اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔

۹۷ یعنی ہم ان کی زندگی کے دنوں کو گن رہے ہیں جب وہ پورے ہو جائیں گے اور عذاب کا مقررہ وقت آ جائے گا تو یہ کیفر کردار کو پہنچ جائیں گے۔

۹۸ قیامت کے دن اہل ایمان کو جس عزت و تکریم سے بارگاہ الٰہی میں حاضری نصیب ہوگی اس کا ذکر ہو رہا ہے۔ وفد جمع ہے اس کا واحد وافد ہے جیسے صَحْبٌ کا صاحب اور بعض اہل لغت کی رائے میں یہ وافدین کا اسم ہے (قرطبی) اس کی تفسیر یہ کی گئی ہے وفدًا ای رکبانا علی نجائب طاعتھم یعنی وہ اپنی طاعتوں کی سواریوں پر سوار ہو کر حاضر ہوں گے عمرو بن القیس نے کہا کہ جب مومن قبر سے اٹھے گا تو اس کا عمل ایک خوبرو انسان کی شکل میں اس کا استقبال کرے گا۔ اور اس کا جسم خوشبو سے مہک رہا ہوگا۔ وہ اس مومن سے پوچھے گا کیا تم نے مجھے پہچانا۔ وہ کہے گا نہیں۔ مجھے صرف اتنا معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تیری شکل دلآویز بنائی ہے اور تیری مہک عطر بیز ہے۔ وہ کہے گا میں تیرا عمل صالح ہوں۔ دنیا میں میں تجھ پر سوار رہا۔ آج میں تجھ کو کندھوں پر اٹھانے کے لیے آیا ہوں۔ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ان ربی اعطانی سبعین الفا من امتی یدخلون الجنة بغیر حساب فقال عمر رضی اللہ عنہ ھلا استزدتہ قال فاعطانی ھکذا وفتح بین یدیہ وبسط باعیہ وحثی۔

ترجمہ: میرے پروردگار نے مجھے میری امت سے ستر ہزار ایسے عطا فرمائے جو جنت میں بغیر حساب داخل ہوں گے۔ حضرت عمرؓ نے عرض کی یا رسول اللہ کیا اچھا ہوتا اگر آپ اس سے زیادہ کے متعلق سوال کرتے۔ رؤف و رحیم آقا نے فرمایا اے عمر میں نے زیادہ کے لیے درخواست کی اور مجھے میرے رب نے اس قدر عطا فرمایا۔ اس قدر کی وضاحت کرتے ہوئے اپنے ہاتھوں کو کھول دیا اور اپنے دونوں بازوؤں کو کشادہ کر دیا اور کلاوہ بھرا۔ ہشام کہتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کا عطیہ ہے جو اس نے اپنے محبوب کو دیا اور اس کی تعداد معلوم نہیں ہو سکتی۔ (روح المعانی) عمرو بن حزم انصاری سے مروی ہے کہ تین دن تک رسول کریم کا یہ معمول رہا کہ صرف نماز پنجگانہ کے لیے تشریف لاتے اور پھر خلوت نشین ہو جاتے چوتھے دن حضور حسب معمول تشریف لائے ہم نے عرض کی یا رسول اللہ حضور تین دن تک ہم سے الگ تھلگ رہے یہاں تک کہ ہمیں یہ اندیشہ ہونے لگا کہ کوئی حادثہ وقوع پذیر ہو گیا ہے۔ آقا و مولیٰ نے ارشاد فرمایا لم یحدث الا خیرا ان ربی وعدنی ان یدخل من امتی الجنة سبعین الفا بلا حساب۔ وانی سألت ربی فی ھذہ الثلاث الایام المزید فوجدت ربی ماجدا کریما فاعطانی مع کل واحد سبعین الفا یعنی اے میرے صحابہ فکر و اندیشہ کی

إِلَىٰ جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿٨٦﴾ لَا يَمْلِكُونَ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِندَ

ہانک کر لے جائینگے مجرموں کو جہنم کی طرف پیاسے جانوروں کی طرح انہیں کچھ بھی اختیار نہیں ہوگا شفاعت کا ۸۲ بجز ان کے جنہوں نے

کوئی بات نہیں۔ بڑا دل خوش کن واقعہ ہوا ہے۔ میرے رب نے میرے ساتھ یہ وعدہ فرمایا کہ میری امت سے ستر ہزار آدمی کو بلا حساب جنت میں داخل فرمائے گا۔ میں اپنے رب سے تین دن تک اس تعداد میں اضافے کی التجا کرتا رہا۔ پس میں نے اپنے پروردگار کو بڑا عظیم اور کریم پایا اور اللہ تعالیٰ نے ستر ہزار کے علاوہ ان میں سے ہر شخص کے ساتھ ستر ستر ہزار عطا فرمایا۔ (روح المعانی) ؎

یا رب تو کریمی و رسولِ تو کریم　　　صد شکر کہ ہستیم میان دو کریم

۸۱ سوق پیچھے سے ہانکنے کو کہتے ہیں جو ذلت پر دلالت کرتا ہے۔ وِردًا عطاشًا یعنی پیاسے۔ کیونکہ وہی جانور گھاٹ پر آتا ہے جو پیاسا ہو۔ قال الازهری ای مشاة عطاشا کالابل ترد الماء۔

۸۲ لا یملکون سے کفار کی شفاعت کی نفی اور الا سے اہلِ ایمان کی شفاعت کا اثبات ہے۔ ھولاء الکفار لا یملکون الشفاعة لاحد والمسلمون یملکون الشفاعة۔ العہد کی تفسیر کرتے ہوئے علامہ قرطبی نے حضرت ابن مسعودؓ سے ایک حدیث روایت کی ہے وہ بھی ناظرینِ کرام کے فائدہ کے لیے بطور ہدیہ پیش ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسولِ کریم کو اپنے صحابہ سے یہ کہتے سنا کہ کیا تم اس بات سے عاجز ہو کہ ہر صبح و شام اپنے رب کے پاس ایک عہد رکھو۔ صحابہ نے عرض کی۔ اے اللہ کے رسول وہ کس طرح؟ حضور نے فرمایا کہ صبح و شام یہ کہے: "اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اِنِّيْ اَعْهَدُ اِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ بِاَنِّيْ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ فَاِنَّكَ اِنْ تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ تُبَاعِدْنِيْ مِنَ الْخَيْرِ وَتُقَرِّبْنِيْ اِلَى الشَّرِّ وَاِنِّيْ لَا اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ عَهْدًا تُوَفِّيْنِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ" جو شخص یہ کہے گا اللہ تعالیٰ اس پر مُہر لگا کر عرش کے نیچے رکھ دیگا اور جب قیامت کا دن ہوگا تو منادی کرنے والا منادی کرے گا کہاں ہیں وہ لوگ جن کا اللہ تعالیٰ کے پاس عہد ہے پس وہ آدمی کھڑا ہوگا اور اسے جنت میں داخل کیا جائے گا۔

عہد کا ترجمہ :- اے اللہ تعالیٰ! اے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے! اے غیب (پوشیدہ) اور شہادت (ظاہر) کو جاننے والے میں تیرے پاس اس زندگی میں ایک اپنا عہد رکھتا ہوں۔ وہ یہ کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود بغیر تیرے تو ایک ہے۔ تیرا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں۔ (میرے آقا و مولیٰ محمد مصطفیٰ) تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔ مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کر۔ کیونکہ اگر تو مجھے میرے نفس کے حوالے کر دیگا تو وہ مجھے خیر سے دُور اور شر کے قریب کر دے گا۔ اور میں تیری رحمت کے بغیر کسی چیز پر بھروسہ نہیں کرتا۔ میرے اس اقرار کو بطور عہد نامہ محفوظ فرما اور قیامت کے دن مجھے وہ عطا کر۔ بیشک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿٨٧﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿٨٨﴾ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا

خدائے رحمٰن سے کوئی وعدہ لے لیا ہے۔ اور کفار کہتے ہیں بنا لیا ہے رحمٰن نے (فلاں کو) اپنا بیٹا (اے کافرو!) یقیناً تم نے ایسی بات کی ہے

إِدًّا ﴿٨٩﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ

جو سخت بیہودہ ہے۔ قریب ہے آسمان شق ہو جائیں اس (خرافات) سے اور زمین پھٹ جائے اور پہاڑ گر پڑیں لرزتے

هَدًّا ﴿٩٠﴾ أَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿٩١﴾ وَمَا يَنْبَغِي لِلرَّحْمٰنِ أَنْ يَتَّخِذَ

ہوئے ۱۱۳ کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ رحمٰن کا ایک بیٹا ہے۔ اور نہیں جائز رحمٰن کے لیے کہ وہ بنائے کسی کو

وَلَدًا ﴿٩٢﴾ إِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ إِلَّا آتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ﴿٩٣﴾

اپنا فرزند ۱۱۵ کوئی ایسی چیز نہیں جو آسمانوں اور زمین میں ہے مگر وہ حاضر ہوگی رحمٰن کی بارگاہ میں بندہ بن کر۔

لَقَدْ أَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿٩٤﴾ وَكُلُّهُمْ آتِيهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اللہ تعالیٰ نے ان سب کا شمار کر رکھا ہے اور انہیں گن لیا ہے اچھی طرح۔ اور وہ سب پیش ہونگے اس کے سامنے قیامت کے دن

۱۱۳؂ یہود حضرت عزیر کو، عیسائی حضرت مسیح کو اور بعض عرب قبائل فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کی اولاد کہا کرتے تھے۔ اس سے بڑا جھوٹ اور کیا ہو سکتا ہے۔ وہ ذات پاک جو قدیم و ازلی ہے حی و قیوم ہے اور ہر چیز کی خالق و مالک ہے اس کا تعلق کسی کے ساتھ پدری و فرزندی کا ہو جو حدوث و احتیاج کا لازمہ ہے یہ ناممکن اور محال ہے۔

۱۱۴؂ اتنا بڑا بہتان ہے کہ اس کی نحوست سے سارا نظام عالم درہم برہم ہو سکتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کا حلم اور اس کی حکمت ابھی اس کی مقتضی نہیں

۱۱۵؂ وہ رحمٰن ہے۔ اسے گنہگار انسانوں کو بخشنے کے لیے اس امر کی حاجت نہیں کہ اس کا ایک بیٹا ہو اور اس معصوم و بےگناہ کو دنیا بھر کے بدکاروں اور سیاہ کاروں کی پاداش میں سولی پر چڑھا دیا جائے بلکہ وہ رحمٰن ہے۔ اس کی رحمت کا دامن بڑا وسیع ہے اس طرح عیسائیوں کے عقیدۂ کفارہ کی جڑ اکھیڑ کر رکھ دی۔

چند الفاظ: اِدًّا: ای منکرًا عظیمًا سخت عیب اور قبیح چیز۔ قال الجوهری الاد والادة۔ الداهیة والامر الفظیع (قرطبی)

هدًّا: ای ماتسقط بصوت شدید ایسا گرنا جس سے بڑا دھماکہ پیدا ہو۔ لُدًّا: اللد جمع الالد وهو الشدید الخصومة :-
لُدًّا اَلَدّ کی جمع ہے اس کا معنی ہے سخت مخالفت کرنے والا اسی سے اَلَدُّ الخصام ابو عبیدہ امام لغت و نحو کہتے ہیں اَلْاَلَدُّ الذی لا یقبل الحق ویدعی الباطل یعنی جو حق کو قبول نہ کرے اور باطل کا مدعی ہو۔ رِکْزًا: ایسی آواز جو سمجھ نہ آئے وقیل الصوت الخفی۔ آہٹ الصوت الذی لا یفهم (تفسیر غریب القرآن لابن قتیبہ)



وقف لازم

فَرْدًا ﴿٩٥﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ

تنہا۔ بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے پیدا فرمادیگا خدائے رحمان انکے لیے

الرَّحْمَٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾ فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِينَ

(دلوں میں) محبت۔ ؀ صرف اس لیے ہم نے آسان کردیا ہے قرآن کو آپکی زبان میں تاکہ آپ مژدہ سنائیں اس کے ذریعہ پرہیزگاروں کو

وَتُنذِرَ بِهِ قَوْمًا لُّدًّا ﴿٩٧﴾ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هَلْ

اور ڈرائیں اسکے ذریعہ اس قوم کو جو بڑی جھگڑالو ہے۔ اور کتنی قومیں تھیں جن کو ہم نے ہلاک کردیا ان سے پہلے۔ کیا

تُحِسُّ مِنْهُم مِّنْ أَحَدٍ أَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿٩٨﴾ ع ٦ ٩

محسوس کرتے ہو ان میں سے کسی کو یا سنتے ہو ان کی کوئی آہٹ۔

؀ حضور نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔ اذا احب اللہ العبد قال لجبریل لقد احببت فلانا فاحبہ فیحبہ جبریل ثم ینادی فی اہل السماء ان اللہ قد احب فلانا فاحبوہ فیحبہ اہل السماء ثم وضع لہ القبول فی الارض (بخاری ومسلم)

جب اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے سے محبت کرنے لگتا ہے تو جبرائیل کو فرماتا ہے کہ میں فلاں شخص سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر تو جبرائیل بھی اس سے محبت کرنے لگتا ہے پھر آسمانوں میں یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے محبت کرتا ہے تم بھی اس سے محبت کرو پس تمام آسمان والے اس سے محبت کرنے لگتے ہیں اسکے بعد زمین میں اسے مقبولیت عامہ بخشی جاتی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اہل حق کو ابتدا میں اگرچہ بڑی مزاحمتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انکے خلاف مخالفت کے طوفان امڈ آتے ہیں۔ طرح طرح کی تہمتیں لگا کر انھیں بدنام کرنے کی کوشش کی جاتی ہے لیکن آخر کار ان کی بے داغ سیرت اور دل آویز شخصیت لوگوں کو موہ لیتی ہے۔ مخالفت کرنے والے انکے جان نثار ساتھی بن جاتے ہیں۔ بہتان لگانے والی زبانیں اس کی ثنا گستری میں زمزمہ سنج ہو جاتی ہیں۔ بادشاہ ملک فتح کر سکتے ہیں انکے سامنے گردنیں خم ہو سکتی ہیں لیکن دل کی نگری میں وہ قدم نہیں رکھ سکتے۔ یہ انعام اللہ تعالیٰ صرف اپنے مقبول بندوں پر فرماتا ہے کہ لوگوں کے دلوں میں ان کی محبت جاگزیں فرما دیتا ہے۔

اللھم اجعل ھذا العبد المسکین ووالدیہ من ھؤلاء السعداء الذین یحبونک وتحبھم واحشرنا معھم تحت لواء حبیبک المکرم وعبدک المعظم علیہ وعلی آلہ الامجاد واصحابہ الکرام افضل التحیات واجمل الصلوات واکمل البرکات وازکی التسلیمات۔

# تعارف سُورہ طٰہٰ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام :- اِس سورہ مبارکہ کا نام طٰہٰ ہے۔ یہی وہ کلمہ ہے جس سے سُورہ کا آغاز ہوا ہے۔
یہ سورہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اِس میں آٹھ رکوع ہیں۔ اِس کی آیتوں کی تعداد ۱۳۵ ہے[1] اور یہ ۱۳۴۱ کلمات اور ۵۲۴۲ حروف پر مشتمل ہے۔

زمانۂ نزول :- اِس سورہ کو تاریخ اسلام میں ایک امتیازی شان حاصل ہے۔ مسلمان ہونے سے پہلے ایک دن حضرت عمرؓ بڑے جوش و خروش سے گھر سے نکلے۔ ننگی تلوار گلے میں حمائل تھی۔ کسی نے پوچھا عمر کہاں کا قصد ہے جواب دیا مسلمانوں کے نبی کا سر قلم کرنے کے لیے جا رہا ہوں۔ اس نے کہا پہلے اپنے گھر کی خبر لو۔ تمھاری بہن فاطمہ اور بہنوئی سعید بن زید تو مسلمان ہو چکے ہیں اور اپنے نبی پر سو جان سے فدا ہو رہے ہیں۔ غصہ سے واپس لوٹے اور بڑی بے دردی سے بہنوئی کو مارنا شروع کیا۔ بہن مزاحم ہوئیں تو ان پر پل پڑے۔ ان کا سر پھوڑ دیا۔ جس سے خون کا فوارہ بہ نکلا۔ یہ منظر دیکھ کر سراسیمگی پیدا ہوئی اور کلام الٰہی سننے کا اظہار اپنی بہن سے کیا۔ انھوں نے غسل کرنے کا حکم دیا۔ جب آپ غسل کر چکے تو حضرت فاطمہ نے اسی سورہ کی چند پہلی آیتیں تلاوت کیں جس نے عمر کی دنیا بدل ڈالی۔ پتھر دل پسیج گیا اور آنکھوں سے آنسوؤں کا سیلاب امڈ آیا۔ اسی وقت بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر مشرف باسلام ہوئے۔ علامہ اقبالؒ نے اسی واقعہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ہے :-

؎ نمی دانی کہ سوزِ قراءتِ تو — دگرگوں کرد تقدیرِ عمرؓ را

اِس واقعہ سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت عمر کے مشرف باسلام ہونے سے پہلے یہ سورۃ نازل ہو چکی تھی۔
ویسے تو اِس سورۃ کی ہر آیت روشنی کا ایک بلند مینار ہے لیکن چند امور خصوصی توجہ کے مستحق ہیں :-

۱- مندرجہ بالا تاریخی پس منظر سے آپ نے بآسانی اندازہ لگا لیا ہو گا کہ اس سورہ کے نزول کا زمانہ وہ تھا جب کفار کی اسلام دشمنی اپنے عروج پر پہنچ چکی تھی۔ دل آزاری اور بہتان تراشی کی انھوں نے انتہا کر دی تھی۔ حضور سرورِ کائنات کی شبانہ روز محنت کے باوجود صرف چند روحیں ایسی تھیں جنھوں نے اس دعوتِ حق کو قبول کیا تھا۔ قوم کی یہ ہٹ دھرمی دیکھ کر حضور کے قلبِ نازک پر کیا گزرتی ہو گی اور اسلام قبول کرنے والوں کے دلوں میں اپنی اس دعوت کے مستقبل کے متعلق کیسے کیسے خدشات پیدا ہوتے ہوں گے۔ اس

لیے ابتدائی آیات میں حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تسلی دی جا رہی ہے کہ یہ قرآن اس قادرِ مطلق نے نازل فرمایا ہے جس کی کبریائی کے سامنے کائنات کی ہر چیز سرافگندہ ہے۔ اس نے یہ قرآن آپ پر اس لیے نازل نہیں کیا کہ آپ رنج و مشقت میں مبتلا ہو جائیں۔ یقیناً آپ کا دین پھیلے گا اور کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ اس کے بعد بڑی تفصیل کے ساتھ حضرت موسیٰ کا ذکر کیا گیا کہ انھیں کس طرح موسم سرما کی ایک تاریک اور خنک رات میں وادیِ طور کے ایک گوشے میں بلا کر خلعتِ نبوت سے سرفراز فرمایا گیا اور اس کے بعد انھیں ایک ایسے ظالم بادشاہ کو دعوتِ حق دینے کا حکم دیا گیا جس کا دامن ہزارہا معصوم بچوں کے بے گناہ خون سے لت پت تھا۔ حکم ملا جاؤ اور خدائی کے جھوٹے دعویدار کے سامنے اس کے بھرے دربار میں میری توحید کا اعلان کرو اور اسے حکم دو کہ وہ بنی اسرائیل کو اپنی غلامی کی زنجیروں سے آزاد کر دے ورنہ اس کا انجام بڑا دردناک ہو گا۔ ساتھ ہی فرما دیا کہ اس کی دست درازی سے خائف نہ ہونا۔ میں تمھارے ساتھ ہوں گا۔

تعمیلِ ارشادِ الٰہی میں فرعون کے پاس تشریف لے گئے اور وہ جامع خطبہ ارشاد فرمایا جسے سن کر فرعون کے اوسان خطا ہو گئے اور اسے اپنی خدائی کا محل مسمار ہوتا ہوا نظر آنے لگا۔ اس نے فوراً آپ پر یہ الزام لگا دیا کہ آپ جادو کے زور سے ہماری حکومت کا تختہ الٹنے آئے ہیں اور صرف اپنی سیاسی اغراض پر پردہ ڈالنے کے لیے خدا، قیامت اور دین کا نام لے رہے ہیں چنانچہ اس نے اپنے ملک بھر کے ماہر جادوگر آپ کے مقابلہ کے لیے بلائے اور انھیں گرانقدر انعامات کا لالچ دیا لیکن حق کے سامنے باطل کی کیا مجال ہے کہ وہ دم مار سکے۔ وہ موسیٰ کی صداقت کو دیکھ کر مجبور ہو گئے کہ تمام عواقب و نتائج سے بے نیاز ہو کر آپ پر ایمان لانے کا اعلان کر دیں۔ اس واقعہ کی تفصیلات پڑھنے سے پتہ چلتا ہے کہ ایمان کی قوت سب سے بالا ہے۔

۲۔ اس کے بعد سامری کا ذکر کر کے بنی اسرائیل کی کم فہمی اور کوتاہ اندیشی کا پردہ بھی چاک کر دیا۔

۳۔ آخر میں آدم علیہ السلام کا واقعہ بیان فرمایا جس سے یہ حقیقت بھی عیاں ہو جاتی ہے کہ غلطی کرنا اور پھر اس پر اکڑنا اور اکڑے رہنا انسان کو ہلاک کر دیتا ہے جس طرح کہ فرعون اور ابلیس کے واقعہ سے ظاہر ہے لیکن غلطی کر کے نادم ہونا اور پھر توبہ کرنا انسان کو مقبولیت کے مقام پر فائز کر دیتا ہے جیسا آدم علیہ السلام کے واقعہ سے معلوم ہوا۔

اس لیے اے غلامانِ مصطفےٰ! خدا کی نافرمانی سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کرو لیکن اگر کسی بشری کمزوری یا وقتی جوش سے کوئی لغزش ہو جائے تو اپنے باپ آدم علیہ السلام کی طرح فوراً اشکِ ندامت بہا کر طلبِ مغفرت کرو۔ بخش دیے جاؤ گے۔

سورہ کو ختم کرنے سے پہلے چند حقائق کو بڑے موثر اور دلنشین پیرائے میں بیان کر دیا تاکہ انسان کسی قسم کی غلط فہمی کا شکار ہو کر وہم و گمان کی وادیوں میں بھٹکتا نہ رہے۔

سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّخَمْسٌ وَّثَلٰثُوْنَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اٰيَةً وَّثَمَانُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ طٰہٰ مکی ہے اس کی (اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے) آیتیں ۱۳۵ ، رکوع ۸ ہیں

طٰهٰ ① مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ② اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ

طاحا [1] نہیں اتارا ہم نے آپ پر یہ قرآن کہ آپ مشقت میں پڑ جائیں [2] بلکہ یہ نصیحت ہے اس کے واسطے جو

يَّخْشٰى ③ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ④ اَلرَّحْمٰنُ

(اپنے رب سے) ڈرتا ہے یہ اتارا گیا ہے اس ذات کی طرف سے جس نے پیدا فرمایا زمین کو اور بلند آسمانوں کو۔ وہ بے حد مہربان

[1] قبیلہ عکل اور قبیلہ عک میں طٰہٰ کا معنی یارجل یعنی اے شخص ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ قبیلہ عک میں طٰہٰ بمعنی یاحبیبی (اے میرے حبیب) استعمال ہوتا ہے۔ بعض علماء کے نزدیک یہ اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ حضور رحمت عالمیان کا اسم مبارک ہے۔ بعض کی رائے ہے کہ 'ط' طہارت اور 'ہ' ہدایت کے لیے بطور رمز ذکر ہوا ہے اس کا معنی ہے "یا طاہرا من الذنوب یا ھادی الخلق الی علام الغیوب" اے گناہوں سے پاک اور اے خلق خدا کے راہنما۔ (قرطبی)

علامہ نظام الدین نیشاپوری نے اپنی تفسیر میں ایک اور لطیف توجیہ نقل کی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ حساب جمل سے ط کا عدد نو اور ہ کا عدد پانچ ہے جن کا مجموعہ چودہ ہے۔ جس کا معنی ہے 'اے چودھویں کے چاند' قیل الطاء تسعة فی الحساب والھاء خمسة ومعناہ یا ایھا البدر۔

علامہ آلوسی نے اس توجیہ کا ذکر کر کے لکھا ہے فکانہ قیل یا بدر سماء عالم الامکان اے عالم امکان کے آسمان کے ماہ تمام۔ اے فلک وجود کے چودھویں کے چاند! (روح المعانی)

[2] حضور سرور عالم صلے اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کی دلی آرزو تھی کہ اللہ تعالے کے جو بندے اپنے رب سے منہ موڑ چکے ہیں، اور رشتہ عبودیت توڑ چکے ہیں وہ پھر اپنے رحیم و کریم مالک کو پہچانیں اور اس سے اپنی بندگی کا رشتہ استوار کریں۔ انسان لقد کرمنا کا تاج سر پر رکھے لکڑی اور پتھر کی مورتیوں کے سامنے پیشانی رگڑ رہا ہو۔ انسانیت کی اس تذلیل سے حضور کو بڑا دکھ ہوتا تھا۔ حضور ہر طرح اس کے لیے کوشاں رہتے کہ انسان اپنا بھولا ہوا مقام پہچانے اور عزت و تکریم کی جو مسند اس کے لیے بچھائی گئی ہے اس پر پھر تشریف فرما ہو۔ لیکن حضور کی دلآویز شخصیت، پاک سیرت، درد و سوز میں ڈوبے ہوئے خطبے، اخلاص و ہمدردی سے بھرپور مواعظ اور پہاڑوں کا دل ہلا دینے والی قرآن کی آیات بینات کوئی چیز بھی تو ان عقل کے اندھوں کو نور حق سے روشناس نہ کر رہی تھی۔ الٹا ان کے تعصب میں اضافہ ہو رہا تھا۔ ان کے اس

عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۝٥ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَ

(کائنات کی فرمانروائی کے) تخت پر متمکن ہوا[5] اسی کے ملک میں ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے[6] اور

مَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ۝٦ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ

جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اور جو کچھ گیلی مٹی کے نیچے ہے اور اگر تو بلند آواز سے بات کرے (تو تیری مرضی) وہ تو بلاشبہ جانتا ہے

ردِ عمل سے ہر وقت حزن و ملال کی گھٹائیں دلِ انور پر چھائی رہتیں۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے محبوب کریم کی یہ بے چینی گوارا نہ ہوئی۔ تسلی اور اطمینان دینے کے لیے ارشاد فرمایا اے جانِ دو عالم! یہ قرآن اس لیے تو نازل نہیں کیا گیا کہ آپ روز و شب بیقرار رہیں۔ یہ تو ایک نصیحت اور یاد دہانی ہے جس میں صلاحیت ہوگی اسے قبول کرلیگا اور جو حق پذیری کی استعداد سے محروم ہے اور ان آیاتِ بیّنات کو سن کر بھی دعوتِ حق قبول نہیں کرتا تو اس کی قسمت۔ آپ آزردہ خاطر کیوں ہوں اور آپ کو رنج و قلق کیوں ہو۔

بعض حضرات نے یہ بھی لکھا ہے کہ عہدِ نبوت کے ابتدائی ایام میں حضور انور صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ساری ساری رات نماز و تلاوت میں کھڑے کھڑے گزار دیتے۔ یہاں تک کہ قدم مبارک سُوج جاتے حکم ہوا اپنے آپ پر اتنی سختی کی ضرورت نہیں، آسانی سے آپ جتنا پڑھ سکیں اتنا کافی ہے الشقاء فی اللغۃ العناء والتعب لغت میں شقا کا معنی مشقت اور تھکاوٹ ہے۔ (قرطبی)

ہو سکتا ہے کہ تشقیٰ شقاوت سے (بدبختی) ہو جو سعادت کے مقابل ہے۔ ایک دن ابوجہل اور نضر بن حارث دونوں آئے، اور جنابِ رسالتمآب سے کہنے لگے انك شقی لانك ترکت دین آبائك (رخاک بدہن اشقیاء) آپ شقی ہیں۔ آپ نے اپنے آباء کا دین چھوڑ دیا ہے۔ ان کا اشارہ اس طرف تھا کہ پہلے سارا شہر آپ کی عزت کرتا تھا۔ آپ کے راستے میں پلکیں بچھاتا تھا اب آپ جہاں سے گزرتے ہیں نیچے کانٹے بچھائے جاتے ہیں اُوپر سے پتھر برسائے جاتے ہیں اور آپ بالکل بے یار و مددگار ہو کر رہ گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے احمقو! قرآن بدبخت بنانے کے لیے تو نازل نہیں ہوا۔ یہ تو بدبختوں اور ذلیلوں کو اوجِ سعادت تک پہنچانے کے لیے آیا ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں فاُرید ردّ ذلك بان دین الاسلام وهذا القرآن هو السُّلَّم الی نیل کل فوز والسبب فی درك کل سعادة یعنی ان آیات سے ابوجہل و نضر کی تردید کر دی گئی کہ دینِ اسلام اور یہ قرآن تو ہر کامیابی کے لیے زینہ ہے اور ہر سعادت حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔

[5] یعنی وہ صرف خالقِ کائنات ہی نہیں بلکہ وہ فرمانروا اور حاکمِ اعلیٰ بھی ہے کائنات کی بلندیوں اور پستیوں میں اسی کا حکم نافذ ہے۔ چھوٹے بڑے اہم غیر اہم تمام حوادث کا ظہور اسی کے اذن سے ہوتا ہے استوی العراد منه کمال قدرته فی تدبیر الملك والملکوت نیز ملاحظہ ہو ضیاء القرآن جلد اول سورۃ اعراف آیت نمبر ۵۴ کا حاشیہ۔

[6] اس کی مملکت کی وسعت کا کوئی کیا اندازہ کر سکتا ہے اتنا سمجھ لو کہ بلندیاں، وہ بلندیاں جن کے سامنے تمہارا طائرِ تخیل

وقف لازم

السِّرَّ وَاَخْفٰى ﴿٧﴾ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ﴿٨﴾ وَهَلْ

راز کو بھی اور دل کے بھید کو بھی شے اللہ (وہ ہے کہ) کوئی عبادت کے لائق نہیں بغیر اسکے ف اسکے لیے بڑے خوبصورت نام ہیں اور

اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿٩﴾ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا اِنِّيْۤ

(اے حبیب!) کیا پہنچی ہے آپکو اطلاع موسیٰ کے قصے کی ؟ ف جب (مدین سے واپسی پر تاریک رات میں) آپ نے آگ دیکھی تو اپنے گھروالوں کو کہا تم

اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْۤ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ﴿١٠﴾

(ذرا یہاں) ٹھیرو میں نے آگ دیکھی ہے شاید میں لے آؤں تمہارے لیے اس سے کوئی چنگاری یا مجھے مل جائے آگ کے پاس کوئی راہ دکھانے والا۔

بھی نکستہ تر ہے بستیاں، وہ بستیاں جن کا تم تصور تک کرنے کی بھی ہمت نہیں رکھتے اور جو کچھ ان میں ہے بلا استثناء سب اسی وحدہٗ لاشریک کا ہے۔ الثری التراب الندی گیلی مٹی۔

ف یعلم السر وہ راز کی بات جو تو نے صرف کسی اپنے خاص دوست سے پردہ میں کہی ہو اور اخفیٰ وہ بات جو ابھی نہاں خانۂ دل میں ہی کروٹیں لے رہی ہو اور زبان تک نہ آئی ہو قال الحسن السر ما اسر الرجل الی غیرہ واخفی من ذلک ما استر فی نفسہ اس کا ایک اور مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے۔ سر وہ بات جو ابھی تک تیرے دل میں ہی ہو اور اخفیٰ وہ کام جو تو آئندہ چل کر کرنے والا ہے لیکن آج تجھے اس کا احساس تک نہیں مقصد یہ ہے کہ جس کی خالقیت کا یہ عالم ہو کر سب بالا و پست فوق و تحت اسکے امر کن کا مظہر ہو جس کی حکمرانی کا یہ حال ہو کہ کائنات کی ہر چیز اس کے حکم کے سامنے سرافگندہ ہو اور جس کی جہاں بانی اور جہاں بینی کی کیفیت یہ ہو کہ حال اور مستقبل سب عیاں ہو کیا ایسی ہستی کو الٰہ تسلیم کرنے میں کسی کو شک ہو سکتا ہے اور کوئی دوسرا اس کا ہمسر خیال کیا جا سکتا ہے ؟ کلا ثم کلا۔

ف بے شک وہی الٰہ و معبود ہے اس کے علاوہ کوئی دوسرا خدا نہیں۔ وہ پاکیزہ اور پیارے نام جو اس کی صفاتِ کمال پر دلالت کرتے ہیں اسی کو زیب دیتے ہیں۔

ف یہ استفہام تقریری ہے موسیٰ علیہ السلام عرصہ دراز تک مدین میں حضرت شعیب علیہ السلام کی بکریاں چراتے رہے۔ آپ نے حسب وعدہ اپنی ایک صاحبزادی سے ان کا نکاح کر دیا۔ اب آپ اپنے وطن مصر آ رہے ہیں جنگل بیابان ہے۔ جاڑوں کا موسم ہے اندھیری رات ہے اور یہ مختصر سا قافلہ راہ بھول گیا ہے بڑی محسوس ہونے لگی دور سے دیکھا کہ آگ چمک رہی ہے اپنے ساتھیوں کو کہا کہ تم یہیں ٹھہرو سامنے آگ نظر آ رہی ہے میں جاتا ہوں وہاں سے آگ لے آؤں گا۔ الاؤ جلائیں گے اور آگ تاپیں گے اور ممکن ہے وہاں کوئی ایسا آدمی مل جائے جو ہمیں مصر جانے والا صحیح راستہ بتا دے اور ہم اس تاریک رات میں ادھر ادھر بھٹکتے نہ پھریں۔ آنست : ایسی چیز دیکھنا جس کے دیکھنے سے دل میں انس و طمانیت پیدا ہو۔ الایناس ابصار ما یؤنس بہ۔ قبس : شعلہ، چنگاری۔ ھدی ای ھادیا یدلنی علی الطریق (مظہری)

فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى ﴿١١﴾ اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٢﴾ وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ﴿١٣﴾

پس جب آپ وہاں پہنچے ۸ تو ندا کی گئی اے موسیٰ! ۹ بلاشبہ میں تیرا پروردگار ہوں۔ پس تو اتار دے اپنے جوتے بے شک تو طویٰ کی مقدس وادی میں ہے۔ اور میں نے پسند کرلیا ہے تجھے (رسالت کے لیے) ۱۰ سو کان لگا کر سن جو وحی کیا جاتا ہے۔

۸ وہاں پہنچے تو عجیب منظر دیکھا ایک سرسبز و شاداب درخت ہے اسے ایک عجیب قسم کی آگ نے گھیرے میں لیا ہوا ہے۔ آگ ہے کہ انوار ہیں بڑے دلکش! بڑے دلآویز!

۹ اچانک ندا آئی یہ جسے تم آگ سمجھ رہے ہو یہ آگ نہیں بلکہ میں ہوں تیرا پروردگار تم اب بارگاہ رب ذوالجلال میں حاضر ہو یہ طویٰ کی مقدس وادی ہے ادب احترام کا تقاضا ہے کہ جوتے اتار دو نیز اس وادی کی خاک پاک تیرے پاؤں کے تلووں کو لگ جائے اور وہ بابرکت ہو جائیں۔

بندے اور اس کے مولیٰ کے درمیان جو غیر متناہی بعد اور دوری ہے وہ بندے کی کاوش سے کب طے ہو سکتی ہے۔ انسان کی برق رفتاری سب تھک ہار کر رہ جاتی ہے ہاں جب وہ کرم فرماتا ہے اور اس کی توفیق آگے بڑھ کر دستگیری کرتی ہے تو سب مسافتیں سمٹ کر رہ جاتی ہیں اور چشم زدن میں انسان شاہد حقیقی کے جلووں سے لطف اندوز ہونے لگتا ہے حضرت علامہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ صوفیا کرام کا ارشاد ہے کہ قلب کا اصلی مقام عرش پر ہے اگر انسان اپنی عبادت و ریاضت سے وہاں پہنچنا چاہے تو اسے پچاس ہزار سال سے زیادہ عرصہ درکار ہے (اور کون ایسا ہے جس کو اتنی عمر ملی ہو) لیکن مرشد کامل کے جذب اور اس کی توجہ سے نگاہ قدرت سالک کو چن لیتی ہے اور وہ قلیل عرصہ میں وہاں تک رسائی حاصل کر لیتا ہے۔ لکن ذالک العروج انما یحصل بجذب الشیخ علی سبیل الاجتباء قال العارف الرومی قدس سرہ۔ ؎

سیر زاہد ہر شبے یک روزہ رہ　　سیر عارف ہر دمے تا تخت شاہ

یعنی حریم ذات کی بلندیوں تک رسائی اور عروج اپنے شیخ کی توجہ اور جذب سے نصیب ہوتا ہے اور وہ اس طرح کہ نگاہ رحمت اسے چن لیتی ہے اور اسے واصل بحق کر دیتی ہے۔ عارف رومی فرماتے ہیں:۔

کہ زاہد تو ایک رات میں ایک دن کی مسافت ہی طے کرتا ہے لیکن عارف کی سیر ہر آن بادشاہ حقیقی کے تخت تک ہوتی ہے۔

۱۰ شان بندہ نوازی ملاحظہ ہو۔

إِنَّنِيٓ أَنَا ٱللَّهُ لَآ إِلَٰهَ إِلَّآ أَنَا۠ فَٱعْبُدْنِى وَأَقِمِ ٱلصَّلَوٰةَ لِذِكْرِىٓ ﴿١٤﴾

یقیناً میں ہی اللہ ہوں نہیں ہے کوئی معبود بجز میرے سو پس تو میری عبادت کیا کر اور ادا کیا کر نماز [۱] مجھے یاد کرنے کے لیے۔

إِنَّ ٱلسَّاعَةَ ءَاتِيَةٌ أَكَادُ أُخْفِيهَا لِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا تَسْعَىٰ ﴿١٥﴾

بیشک وہ گھڑی (قیامت) آنے والی ہے میں اسے پوشیدہ رکھنا چاہتا ہوں [۲] تاکہ بدلہ دیا جائے ہر شخص کو اس کام کا جس کے لیے وہ کوشاں ہے

فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَن لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَٱتَّبَعَ هَوَىٰهُ فَتَرْدَىٰ ﴿١٦﴾

پس ہرگز نہ روکے تجھے اس (کو ماننے) سے وہ شخص جو نہیں ایمان رکھتا اس پر اور پیروی کرتا ہے اپنی خواہش کی ورنہ تم بھی ہلاک ہو

[۱] اس کا ایک مفہوم تو یہ ہے کہ نماز ادا کرو تاکہ میری یاد کی لذت سے تم لطف اندوز ہو سکو اور دوسرا معنی یہ بھی بتایا گیا ہے کہ تم نماز میں میری حمد و تمجید کرو اور مجھے یاد کرو اور میں تمہیں یاد کروں گا۔ اس توجیہ کے مطابق معنی یہ ہوگا کہ تم نماز ادا کرو تاکہ میں تمہیں یاد کروں جس طرح دوسری آیت میں ہے فاذکرونی اذکرکم ۔ پس تم مجھے یاد کرو اور میں تمہیں یاد کرونگا (۲: ۱۵۲)

مسئلہ :۔ اگر انسان بھول جائے اور نماز ادا نہ کرے یا سو گیا اور جب آنکھ کھلی تو نماز کا وقت گزر چکا تھا تو جب اسے یاد آئے اور جس وقت وہ بیدار ہو اسی وقت وہ نماز ادا کرے عن انس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من نسی صلوٰۃ او نام عنہا فکفارتہا ان یصلیہا اذا ذکرہا۔

ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص نماز ادا کرنا بھول جائے یا نماز کے وقت سو گیا تو اس کا کفارہ یہ ہے کہ جس وقت اسے یاد آئے اسی وقت نماز ادا کرے۔

[۲] اگرچہ اکاد اخفیہا کا مفہوم بیان کرنے میں علماء کرام نے بڑی تفصیلی بحث کی ہے لیکن آسان اور قابلِ فہم بات یہ ہے کہ یہاں اکاد بمعنی ارید ہے یعنی میں نے یہ ارادہ فرمایا ہے کہ وقوع قیامت کے وقت کو لوگوں سے پوشیدہ رکھوں۔ الانباری نے بطور استشہاد ایک شعر نقل کیا ہے جہاں کاد ۔ اراد کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔

قیل معنی اکاد اخفیہا ارید اخفیہا ۔ قال الانباری وشاھد ھذا قول الفصیح من الشعر۔

کادت وکدت وتلک خیر ارادۃ      لو عاد من لھو الصبابۃ ما مضیٰ

معناہ ارادت واردت یعنی اس نے بھی ارادہ کیا اور میں نے بھی ارادہ کیا اور یہ ارادہ بہت عمدہ تھا کاش! محبت کی گرمجوشی جو ختم ہو چکی ہے وہ بھی لوٹ آتی۔ (قرطبی)

علامہ جوہری جو لغت کے امام ہیں انھوں نے الصحاح میں خفی کے مادہ کی تحقیق کرتے ہوئے اس آیت کی وضاحت کی ہے لکھتے ہیں۔ وقولہ تعالیٰ ان الساعۃ اٰتیۃ اکاد اخفیہا ویقرأ : اَخفیہا ای ازیل عنہا خفاءھا ای غطاءھا وھو لقولھم

وَمَا تِلۡكَ بِيَمِينِكَ يٰمُوسٰى ﴿١٧﴾ قَالَ هِيَ عَصَايَ اَتَوَكَّؤُا عَلَيۡهَا وَ

جا رہی ہے اور (ندا آئی) یہ کیا ہے آپ کے دائیں ہاتھ میں اے موسیٰ! ١٣ عرض کی یہ میرا عصا ہے ١٤ میں ٹیک لگاتا ہوں اس پر اور اس سے پتے جھاڑتا ہوں

اَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِي وَلِيَ فِيهَا مَاٰرِبُ اُخۡرٰى ﴿١٨﴾ قَالَ اَلۡقِهَا

اس سے اپنی بکریوں کے لیے اور میرے لیے اس میں کئی اور فائدے بھی ہیں۔ حکم ہوا ڈال دے اسے

يٰمُوسٰى ﴿١٩﴾ فَاَلۡقٰهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسۡعٰى ﴿٢٠﴾ قَالَ خُذۡهَا وَلَا تَخَفۡ

زمین پر اے موسیٰ! ١٥ تو آپ نے اسے زمین پر ڈال دیا پس اچانک وہ سانپ بن کر (ادھر ادھر) دوڑنے لگا۔ حکم ہوا اسے پکڑ لو اور مت ڈرو

اشكيته اى ازلته عما يشكوه یعنی اس آیت کا مفہوم یہ ہے کہ میں اس سے پردہ ہٹا دوں گا۔ یہاں افعال کا ہمزہ سلب کے لیے ہے جیسے اشکیتہ کا معنی ہے میں نے اس کی شکایت دور کر دی۔

١٣ مقصد کسی نامعلوم چیز کو معلوم کرنا نہیں بلکہ موسیٰ علیہ السلام کو اپنے سے مانوس کرنا ہے اور اس ڈنڈے کی طرف متوجہ کرنا ہے تاکہ جب وہ سانپ بن کر لہرانے لگے تو انہیں یقین آجائے کہ یہ معجزہ ہے۔

١٤ چاہیے تو یہ تھا کہ اسی پر اکتفا کرتے لیکن اپنے محبوبِ حقیقی سے ہم کلام ہونے کی لذت نے مجبور کیا کہ زیادہ سے زیادہ دیر تک اس لطفِ گفتگو سے محظوظ ہوتے رہیں۔

اتوکأ: ٹیک لگانا، سہارا لینا۔ اهش: درختوں کے پتے جھاڑنا۔ مآرب جمع ہے اس کا واحد مَأۡرُبَة، مَأۡرِبَة، مَأۡرَبَة اس کا معنی ہے حوائج۔ (قرطبی)

١٥ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ایک جابر اور مطلق العنان بادشاہ کو دعوتِ حق دینے کے لیے روانہ فرمانے کا وقت آگیا چاہیے تو یہ تھا کہ فرعون کو دعوت دینے کے لیے کسی ایسے فرمانروا کو مقرر کیا جاتا جو قوت و سطوت میں اس سے بڑھا ہوا ہوتا اس کے ملک کی حدود فرعون کی سلطنت سے وسیع ہوتیں لیکن قدرت اس کام کے لیے ایک ایسے مسافر کو منتخب کر رہی ہے جو عرصہ دراز جلاوطنی میں بسر کرنے کے بعد اپنے وطن واپس لوٹ رہا ہے جس کے پاس نہ لشکر ہے اور نہ ساز و سامان لیکن بارگاہِ الٰہی سے اس کو دو ایسے ہتھیار (عصا اور ید بیضا) دیئے جا رہے ہیں جن کا فرعون کے اسلحہ خانہ میں توڑ نہ تھا۔ تاکہ اس مردِ با خدا کی فقر و درویشی کے سامنے فرعونی سطوتیں شرم و خجالت سے پانی پانی ہو جائیں۔ سیرت کا معنی ہے حالت، صورت۔ السيرة فعلة من السير تقال للهيئة والحالة الواقعة ثم جردت لمطلق الهيئة والحالة التي يكون عليها الشيء (روح المعانی)

تورات میں بھی تقریباً اسی طرح آپ کے دونوں معجزوں کا ذکر کیا گیا ہے (خروج ٤: ٢-٧)

سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ﴿٢١﴾ وَاضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ

ہم لوٹا دیں گے اسے اپنی پہلی حالت پر۔ اور (حکم ملا) دبالو اپنا ہاتھ اپنے بازو کے نیچے یہ نکلے گا

بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ﴿٢٢﴾ لِنُرِيَكَ مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ﴿٢٣﴾

خوب سپید ہو کر بغیر کسی بیماری کے[٢١] یہ دوسرا معجزہ ہم نے تمھیں دیا ہے تاکہ ہم دکھائیں تمھیں اپنی بڑی بڑی نشانیاں۔

اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿٢٥﴾ وَ

ع ٢ / ١٠

(اب) جائیے فرعون کے پاس وہ سرکش بن گیا ہے[٢٢] آپ نے دعا مانگی اے میرے پروردگار! کشادہ فرمادے میرے لیے میرا سینہ۔ اور آسان

علامہ قرطبی لکھتے ہیں الجناح العضد، قال مجاهد وقال "الی" بمعنی تحت۔ میں نے ترجمہ اسی کے مطابق کیا ہے۔

[٢١] حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ جب آپ نے اپنا ہاتھ اپنے پہلو میں دبا کر باہر نکالا تو وہ اس طرح چمکنے لگا جس طرح دن میں سورج چمکتا ہے لیکن آپ کو ہاتھ کے چمکنے میں کوئی تکلیف نہ ہوتی۔ اس کے برعکس تورات کی آیت ملاحظہ ہو: "اس نے اپنا ہاتھ سینہ پر رکھ کر اسے ڈھانک لیا اور جب اس نے اسے نکال کر دیکھا تو اس کا ہاتھ کوڑھ سے برف کی مانند سفید تھا۔" (خروج ۴: ۶)

[٢٢] جب ان دو معجزوں سے آپ کو سرفراز کر دیا گیا تو آپ کو حکم ملا کہ جاؤ اور فرعون کی سرکشی کا علاج کرو۔ آپ کو اس کٹھن منزل کی دشواریوں کا پورا احساس تھا اس لیے دامن طلب پھیلا کر چند التجائیں کیں جو قبول کر لی گئیں۔ شرح کا معنی ہے کھولنا، کشادہ کرنا اور شرح صدر کا مفہوم یہ ہے کہ سینہ نور الٰہی سے کشادہ ہو جائے۔ دل تسکین و طمانیت سے معمور ہو جائے۔ تبلیغ حق میں کسی قسم کا انقباض محسوس نہ ہو اور اگر مشکلات و مصائب کے پہاڑ راستہ روک کر کھڑے ہو جائیں تو انسان خوفزدہ ہو کر ہمت نہ ہار دے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ پر توکل کرتے ہوئے ان سے ٹکرا جائے اور عزم و استقلال کے قدموں سے انھیں روندتا ہوا آگے بڑھتا چلا جائے یہ بات کہہ لینا آسان ہے لیکن جب آلام و مصائب کے کالے بادل گھر کر آ جاتے ہیں اور بجلیاں کڑکنے لگتی ہیں اور اس راہ کے مسافر کو اکثر ان حالات سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ اس وقت بڑے بڑے لوگوں کے دل کانپ اٹھتے ہیں اور اوسان خطا ہو جاتے ہیں۔ صرف وہی لوگ ثبات و استقامت کا مظاہرہ کر سکتے ہیں جن کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نے منشرح فرما دیا ہو۔ اس منزل کے آبلہ پا مسافروں کی تواضع کے لیے ببول کے کانٹے بھی ہوتے ہیں لیکن وہ محبت کے متوالے انھیں حریر و پرنیاں سے زیادہ نرم و نازک سمجھتے ہوئے گزر جاتے ہیں۔ آپ کی زبان میں لکنت کا اثر تھا اسکے دور ہونے کی بھی دعا مانگی۔

يَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾

فرما دے میرے لیے میرا یہ (کٹھن) کام اور کھول دے گرہ میری زبان کی تاکہ اچھی طرح سمجھ سکیں وہ لوگ میری بات

وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ﴿۲۹﴾ هٰرُوْنَ اَخِي ﴿۳۰﴾ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْ ﴿۳۱﴾

اور مقرر فرما میرا وزیر میرے خاندان سے یعنی ہارون کو جو میرا بھائی ہے۔ مضبوط فرما دے اس سے میری کمر ۱۸

وَاَشْرِكْهُ فِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۳۲﴾ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ﴿۳۳﴾ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ﴿۳۴﴾ اِنَّكَ

اور شریک کر دے اسے میری (اس) مہم میں۔ تاکہ ہم دونوں کثرت سے تیری پاکی بیان کریں اور ہم کثرت سے تیرا ذکر کریں۔ بیشک تو ہمارے

كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ﴿۳۵﴾ قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ﴿۳۶﴾ وَلَقَدْ

احوال کو خوب دیکھنے والا ہے ۱۹ جواب ملا منظور کر لی گئی ہے آپ کی درخواست اے موسیٰ ۲۰ اور ہم نے احسان

مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰٓى ﴿۳۷﴾ اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى ﴿۳۸﴾ اَنِ

فرمایا تھا تم پر ایک بار پہلے بھی ۲۱ جب ہم نے وحی کی الہام کی تمہاری ماں کو جو الہام ہی کیے جانے کے قابل تھی ۲۲ کہ رکھ دو

۱۸ علامہ جوہری لکھتے ہیں الازر القوۃ وقولہ تعالیٰ واشدد بہ ازری ای ظہری وموضع الازار من الحقوین۔ یعنی ازر کا معنی قوت ہے نیز پشت کے اس حصہ کو کہتے ہیں جہاں ازار تہبند باندھا جاتا ہے یعنی کمر۔ (الصحاح)

۱۹ آخر میں عرض کر دیا تو ہماری کمزوریوں کو بھی جانتا ہے۔ ہماری ضرورتوں سے بھی واقف ہے اور فریضہ تبلیغ کی جانکاہیوں کا بھی تجھے علم ہے ہمیں وہ سب کچھ عطا فرما جس سے ہم اس فرمان کی تعمیل سے عہدہ برآ ہو سکیں اور ہمیں تیرے حضور سرخروئی حاصل ہو۔

۲۰ آپ کو یہ مژدہ جانفزا سنایا گیا کہ اے موسیٰ ہم نے تیری ساری التجاؤں کو قبول فرمایا۔

۲۱ یہ تو موسیٰ علیہ السلام نے مانگا اور رب کریم نے عطا فرمایا۔ اب ان احسانات کا ذکر کیا جا رہا ہے جن سے بن مانگے آپ کو نوازا گیا تھا۔

۲۲ فرعون نے بنی اسرائیل کے ہر نوزائیدہ بچے کو قتل کرنے کا حکم جاری کر دیا اس کی وجہ یا تو یہ تھی کہ اس کے نجومیوں نے اسے بتایا تھا کہ بنی اسرائیل کے ہاں ایک ایسا بچہ پیدا ہونے والا ہے جو اس کی سلطنت کی بربادی کا باعث ہوگا اس لیے اس نے حفظ ماتقدم کے طور پر ہر نئے پیدا ہونے والے بچے کو قتل کرنے کا حکم صادر کر دیا تاکہ وہ بچہ پیدا ہوتے ہی مار ڈالا جائے جس کے متعلق اس کے نجومیوں نے پیش گوئی کی تھی۔ اس کی ایک اور وجہ بھی بیان کی گئی ہے کہ بنی اسرائیل کی نسل بڑی تیزی سے

# اَنِ اقۡذِفِیۡهِ فِی التَّابُوۡتِ فَاقۡذِفِیۡهِ فِی الۡیَمِّ فَلۡیُلۡقِهِ الۡیَمُّ بِالسَّاحِلِ

رکھ دو اس معصوم بچے کو صندوق میں پھر ڈال دو اس صندوق کو دریا میں پھینک دیگا اسے دریا ساحل پر پھر پکڑ یگا

# یَاۡخُذۡهُ عَدُوٌّ لِّیۡ وَ عَدُوٌّ لَّهٗ ؕ وَ اَلۡقَیۡتُ عَلَیۡکَ مَحَبَّةً مِّنِّیۡ ۬ۚ وَ لِتُصۡنَعَ

اسے وہ شخص جو میرا بھی دشمن ہے اور اس بچے کا بھی دشمن ہے اور (اے موسیٰ) میں نے تو ڈالا تجھ پر پرتو محبت کا اپنی جانب سے تاکہ تو پرورش پائے

بڑھ رہی تھی فرعون نے سوچا کہ اگر ان کے اضافہ کی یہی رفتار رہی تو یہ تعداد میں قبطیوں سے بڑھ جائیں گے مبادا کثرت تعداد کے بل بوتے پر وہ کسی وقت کوئی انقلاب برپا کر دیں لیکن تقدیر الٰہی کو کون ٹال سکتا ہے۔ قدرت کی نیرنگیوں نے یہ بتا دیا کہ اے فرعون! جس بچے کو پیدا ہوتے ہی مار ڈالنے کا پروگرام تم نے بنایا تھا دیکھ! اسے ہم تیرے محل میں لے آئے ہیں۔ تیری بیوی اس پر سو جان سے فدا ہے۔ شب و روز اس کی خدمت میں سرشار رہتی ہے اور تو بھی اسے اپنی گود میں اٹھاتا ہے اس کو چمکارتا ہے اسے پیار کرتا ہے اور اسے دیکھ دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔ اے خدائی کے جھوٹے دعوے دار! خدائے برحق کی قوت و تدبیر کا تو نے مشاہدہ کیا؟

یہاں اوحینا بمعنی الھمنا ہے یعنی ہم نے موسیٰ کی ماں کے دل میں یہ تدبیر ڈال دی اور اس کے برحق ہونے کے متعلق اس کے دل میں ایسا یقین پیدا کر دیا کہ وہ اس پر عمل کرنے کے لیے بخوشی آمادہ ہو گئیں۔ ورنہ کوئی ماں اپنے معصوم بچے کو اپنے ہاتھوں سے دریا کی بے رحم موجوں کے سپرد کرنے کے لیے کب تیار ہوتی ہے آپ کی والدہ نے انھیں تابوت میں ڈال کر دریا میں بہا دیا۔ ہو سکتا تھا کہ کوئی تند موج اٹھتی اور اسے ڈبو دیتی۔ سطح آب پر کوئی گرداب نمودار ہوتا اور اس تابوت کو نگل جاتا۔ یا یہ محل سے دُور گزر جاتا اور کوئی اسے دیکھ بھی نہ پاتا۔ غرضیکہ کئی احتمالات تھے لیکن تابوت کا صحیح و سلامت تیرتے چلے جانا اور ایسے وقت میں محل کے پاس سے گزرنا جب فرعون کی بیوی اپنی سہیلیوں سمیت ساحل پر کھڑی تھیں اور اس کے بعد کے جملہ انتظامات بتا رہے ہیں کہ یہ کسی انسان کی سوچی ہوئی تدبیر نہیں بلکہ علیم و حکیم پروردگار کی تدبیر ہے۔

۳۳؎ اللہ تعالیٰ نے اپنی محبت کا ایسا پرتو آپ پر ڈال دیا کہ جو دیکھتا محبت میں دیوانہ ہو جاتا۔ واقعی جس چیز کو اللہ تعالیٰ اپنے جمال لازوال کی جلوہ گاہ بنا دے اسے انسان تو انسان وحشی درندے بھی دیکھیں تو فریفتہ ہو جائیں یعنی لحببت ومتیٰ احبّہ اللہ تعالیٰ احبّتہُ القلوب قال ابن عباس احبّہٗ وحبّبہٗ الی الخلق۔ (مظہری)

حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ میں نے اس سے محبت کی اور اپنی مخلوق کی نگاہوں میں اسے محبوب بنا دیا۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے بڑی لطیف بات فرمائی ہے کہ حضرت کلیم صلوات اللہ علیہ کے تعین کا مبداء محبّیۃ محضہ تھا اور حبیب مکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے تعین کا مبدأ محبوبیۃ کاملہ تھا۔ اسی لیے کلیم علیہ السلام عاشقوں اور محبوں کے سردار ہیں اور حبیب کبریا صلے اللہ علیہ وسلم جملہ محبوبوں کے سردار قال المجدد للالف الثانی کان مبدأ

عَلٰى عَيْنِىْ ﴿۳۹﴾ اِذْ تَمْشِىْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ

فرائض ہو جائے) اور (اس تدبیر کا منشا یہ تھا) کہ آپکی پرورش کی جائے میری چشم (کرم) کے سامنے ۲۳ یاد کرو جب چلتے چلتے آئی آپکی بہن اور

يَكْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَىْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ؕ۬ وَقَتَلْتَ

کہنے لگی (فرعون کے اہل خانہ سے) کیا میں بتاؤں تمہیں وہ آدمی جو اس کی پرورش کر سکے پس (یوں) ہم نے آپکو لوٹا دیا آپکی ماں کی طرف تاکہ (آپکو دیکھ کر)

نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۫ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِىْٓ

۲۵ اپنی آنکھ ٹھنڈی کرے اور غمناک نہ ہو اور (تمہیں یاد ہے) جب تو نے مار ڈالا تھا ایک شخص کو پس ہم نے نجات دی تھی تمہیں غم واندوہ سے

اَهْلِ مَدْيَنَ ۙ۬ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ﴿۴۰﴾ وَاصْطَنَعْتُكَ

اور ہم نے تمہیں اچھی طرح جانچ لیا تھا ۲۶ پھر تم ٹھہرے رہے کئی سال اہل مدین میں ۲۷ پھر تم آگئے ایک مقدر وقت پر اے موسیٰ ۲۸ اور میں نے مخصوص کر لیا ہے

تعین الكليم صلوات الله عليه المحبية الصرفة ومبدأ تعين الحبيب المحبوبية الصرفة ولاجل ذلك كان الكليم عليه السلام رأس المحبين والحبيب رأس المحبوبين (مظہری)

۲۴ یعنی ہم نے آپ کو کبھی اپنی نگاہِ لطف و عنایت سے اوجھل نہیں ہونے دیا۔ آپ کی رہائش آرام و آسائش اور تربیت کے جملہ انتظامات ہم نے اپنی آنکھوں کے سامنے کرائے۔

۲۵ دوسرے احسان کا بیان ہے۔

۲۶ فُتُون یا تو قعود کے وزن پر مصدر ہے یا فتنہ کی جمع ہے یعنی ہم نے تمہیں اچھی طرح کئی بار آزمایا ہم نے تمہیں طرح طرح کی آزمائشوں میں مبتلا کرکے پرکھا جس نے آگے چل کر ایک بڑی امت کا راہنما بننا ہو جب تک وہ آزمائش کے جانگسل مرحلوں سے نہیں گزرے گا صحیح قیادت کا جوہر اس میں نہیں چمکے گا۔ حضرت یوسف کو جن جن امتحانات سے گزرنا پڑا انکے متعلق آپ پڑھ آئے ہیں۔ یہی حالات حضرت کلیم کو پیش آئے۔

۲۷ یہاں تک کہ آپ کو حضرت شعیب کے ریوڑ کا گڈریا بننا پڑا۔ کہتے ہیں کہ ایک روز ایک لیلا ریوڑ سے الگ ہو گیا اس کی تلاش میں آپ دن بھر ادھر ادھر دوڑتے رہے شام کے قریب اُسے پکڑ سکے۔ پکڑ کر غصہ میں اسے زدوکوب نہیں کی، بلکہ اٹھا کر سینے سے لگا لیا اور کہنے لگے یہ تو نے کیا کیا مجھے بھی تھکا دیا اور خود بھی تھک گیا۔ یہ حلم و بردباری اور اپنے ماتحتوں کے ساتھ اس قدر شفقت پیدا ہو تب ہی نبوت کے فرائض انجام دیے جا سکتے ہیں۔

۲۸ عمر و تربیت کے لحاظ سے جب مقررہ وقت آپہنچا تو آپ عین اُس وقت ہی آ گئے۔

لِنَفْسِيْ ﴿٤١﴾ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ﴿٤٢﴾

تمھیں اپنی ذات کیلیے۔ اب جائیے آپ اور آپ کا بھائی میری نشانیاں لیکر اور نہ سستی کرنا میری یاد میں ۲۹

اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿٤٣﴾ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ

آپ دونوں جائیں ۳۰ فرعون کے پاس وہ سرکش بنا بیٹھا ہے۔ اور گفتگو کریں اسکے ساتھ نرم انداز سے ۳۱ شاید وہ نصیحت

اَوْ يَخْشٰى ﴿٤٤﴾ قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿٤٥﴾ قَالَ

قبول کرے یا ڈرے غضب الٰہی سے ۳۲ دونوں نے عرض کی اے ہمارے رب! ہمیں یہ خوف ہے کہ وہ دست درازی کریگا ہم پر ۳۳ یا سرکشی سے پیش

۲۹؎ "ونی" کہتے ہیں کمزوری اور کوتاہی کو۔ الونی الضعف والفتور "رخصت کرنے سے پہلے پھر ایک بار تاکید کردی کہ ذکر میں کوتاہی نہ کریں کیونکہ ذکرِ الٰہی ہی سب مشکلوں کی کلید ہے یہی وہ سرچشمہ ہے جس سے عزم وہمت کے فوارے پھوٹتے ہیں۔

۳۰؎ پہلے عام لوگوں کو پیغامِ ہدایت سنانے کی خدمت تفویض ہوئی اب خصوصی طور پر فرعون سرکش کے پاس جاکر اسے دعوتِ حق دینے کا حکم ملا۔

۳۱؎ ہر مبلغ کے لیے اس میں راہنمائی ہے مبلغ کو ایسا شیریں کلام اور نرم خو ہونا چاہیے کہ جب بولے تو یوں معلوم ہو کہ اس کے منہ سے پھول جھڑ رہے ہیں یا شہد اور دودھ کی نہریں بہہ رہی ہیں اگر وہ تند مزاج اور سخت کلام ہوگا تو لوگ اس سے نفرت کرنے لگیں گے اور اس سے دور بھاگ جائیں گے۔ قلت القول اللّیّن هو القول الذی لاخشونة فیه فاذا کان موسٰی اُمِرَ بان یقول لفرعون قولاً لیّنا فمن دونه احریٰ (قرطبی)

۳۲؎ لعلّ کے معنی میں جو امید و رجا ہے اس کا تعلق ذاتِ باری سے نہیں بلکہ حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام سے ہے یعنی تم اس امید پر پوری کوشش کرنا کہ شاید وہ ہدایت کو قبول کرے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرنے لگے۔

۳۳؎ فرعون کی سرکشی اور ظلم کوئی ڈھکی چھپی بات نہ تھی اس لیے عرض کی کہ الٰہی ایسا نہ ہو کہ ہم اس کے پاس جائیں اور وہ ہمیں اپنے ظلم وستم کے شکنجہ میں کس دے۔ لاتخافا نے انھیں اپنی معیت کا یقین دلا کر تسلی دے دی۔

وہ انبیاء کرام جن کا ذکر قرآن حکیم میں ہے ان میں سے اکثر کا تذکرہ بائیبل وغیرہ میں بھی ہے لیکن بائیبل میں جب ہم ان انبیاء کرام کے تذکرے پڑھتے ہیں تو ہمارے دل میں ان کے لیے تقدس واحترام کا کوئی جذبہ پیدا نہیں ہوتا اور ان کے کردار میں بھی کوئی ایسی کشش محسوس نہیں ہوتی لیکن اس کے برعکس جب قرآن ان کے حالات کو بیان کرتا ہے تو ایسے معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہ جلیل القدر ہستیاں ہیں جن کا دامن پکڑ لینے میں ہی انسانیت کی فلاح ہے۔ ان کی ہر بات حکیمانہ اور ان کا ہر عمل پیغمبرانہ جلال سے دمک رہا ہوتا ہے۔ آپ اس واقعہ کو قرآن میں بھی پڑھ چکے ہیں اب اس کو

لَا تَخَافَآ اِنَّنِیْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰی ﴿۴۶﴾ فَاْتِیٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ

ارشاد ہوا ڈرو نہیں میں یقیناً تمہارے ساتھ ہوں (ہر بات) سن رہا ہوں اور (ہر چیز) دیکھ رہا ہوں پس (بے خوف و خطر) اسکے پاس جاؤ

فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ۙ۬ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰیَةٍ

اور اسے جا کر کہو ہم دونوں تیرے رب کے فرستادہ ہیں پس بھیج دے ہمارے ساتھ ۳۴ بنی اسرائیل کو اور انھیں (اب) نہ دے عذاب ہم لے آئے ہیں

مِّنْ رَّبِّكَ ؕ وَالسَّلٰمُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی ﴿۴۷﴾ اِنَّا قَدْ اُوْحِیَ اِلَیْنَآ

تیرے پاس ایک نشانی تیرے رب کے پاس سے۔ اور سلامتی ہو اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے۔ بیشک وحی کی گئی ہے ہماری طرف کہ

اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰی مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰی ﴿۴۸﴾ قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا یٰمُوْسٰی ﴿۴۹﴾

عذاب (خداوندی) اس پر آئیگا جو جھٹلاتا ہے (کلام الٰہی کو) اور روگردانی کرتا ہے۔ فرعون نے پوچھا موسیٰ! تم دونوں کا رب کون ہے ۳۵

ذرا بائیبل میں پڑھیے :-

"سو اب آ میں تجھے فرعون کے پاس بھیجتا ہوں کہ تو میری قوم بنی اسرائیل کو مصر سے نکال لائے ○ موسیٰ نے خدا سے کہا میں کون ہوں جو فرعون کے پاس جاؤں اور بنی اسرائیل کو مصر سے نکال لاؤں۔"

(کتاب خروج ۳ : ۱۰، ۱۱)

اسی کتاب کے باب چہارم میں ہے کہ جب موسیٰ کو جملہ معجزات سے مشرف کر دیا گیا اور پھر انھیں فرعون کے پاس جانے کا حکم دیا تو بھی آپ نے اس ذمہ داری کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔

"سو اب تو جا میں تیری زبان کا ذمہ لیتا ہوں اور تجھے سکھاتا رہوں گا کہ تو کیا کہے ○ تب اس نے کہا اے خداوند میں تیری منت کرتا ہوں کسی اور کے ہاتھ سے جسے تو چاہے یہ پیغام بھیج ○ تب خداوند کا قہر موسیٰ پر بھڑکا۔

(خروج ۴ : ۱۲، ۱۳، ۱۴)

۳۴ بنی اسرائیل پر مصر میں بڑے بڑے مظالم ہو رہے تھے انھیں بیگار میں پکڑا جاتا بے زبان چوپائیوں کی طرح ان سے پُر مشقت کے کام لیے جاتے اور ان سے ہر طرح کا ذلت آمیز سلوک کیا جاتا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی فریاد رسی اور انکو غلامی کی زنجیروں سے آزاد کرانے کے لیے اپنے دو بندوں کو روانہ فرمایا۔

۳۵ جیسے سورۃ الاعراف کے حواشی میں گزر چکا ہے کہ مصری لوگ سورج دیوتا کو الٰہ اکبر (بڑا خدا) یقین کرتے تھے اور مصر کے فراعنہ اپنے آپ کو اسی سورج دیوتا کا اوتار کہتے تھے۔ اس طرح مصریوں کے مذہبی عقیدہ کا سہارا لے کر انھوں نے

قَالَ رَبُّنَا الَّذِیْٓ اَعْطٰی كُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی ﴿۵۰﴾ قَالَ فَمَا بَالُ

فرمایا ہمارا رب وہ ہے جس نے عطا کی ہر چیز کو (موزوں) صورت پھر (مقصد تخلیق کی طرف اس چیز کی) رہنمائی کی ۳۶ اس نے کہا اچھا یہ بتاؤ

الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰی ﴿۵۱﴾ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّیْ فِیْ كِتٰبٍ ۚ لَا یَضِلُّ رَبِّیْ

کیا حال ہوا پہلی قوموں کا ۳۷ فرمایا ان کا علم میرے رب کے پاس ہے جو کتاب میں (مرقوم) ہے نہ بھٹکتا ہے میرا رب

اپنی حکومت کی بنیادیں مستحکم کر رکھی تھیں۔ فرعون موسیٰ بھی اپنے آپ کو رع (سورج دیوتا) کا مظہر سمجھتا اور انا ربکم الاعلیٰ ہونے کی ڈینگیں مارتا۔ جب حضرت کلیم نے فرمایا انا رسولا ربک اے فرعون ہم دونوں تیرے رب کی طرف سے رسول بن کر آئے ہیں تو وہ چونکا اور بڑبڑایا۔ میں! میرا بھی کوئی رب ہے؟ میں سب مصریوں کا رب ہوں۔ میرا کوئی رب نہیں ہو سکتا۔ موسیٰ غلط کہہ رہا ہے۔ اس سے پوچھا ذرا اس رب کی حقیقت تو بتاؤ جس نے تمہیں رسول بنا کر بھیجا ہے۔

۳۶ے آپ نے جواب میں ایک فقرہ کہا اور کوزے میں دریا بند کر کے رکھ دیا۔ فرمایا میرا پروردگار وہ ہے جس نے کائنات کی ہر چیز کو اس طرح پیدا کیا کہ وہ اپنا وظیفہ حیات اور مقصد تخلیق بحسن و خوبی ادا کر سکے۔ پھر اسے اتنی سوجھ بوجھ بھی عطا فرما دی کہ وہ صحیح طور پر ان قوتوں سے کام لے سکے۔ پرندوں کو پر بخشے اور پھر انہیں اڑنے کا سلیقہ بھی خود ہی سکھا دیا۔ مچھلی کو ایسا جسم دیا کہ وہ گہرے دریاؤں اور طوفانی سمندروں میں تیر سکے اور ساتھ ہی اسے تیرنے کا ڈھنگ بھی بتا دیا۔ گوشت خور درندوں کے پنجے اور دانت ایسے بنائے کہ وہ اپنا شکار پکڑ سکیں۔ اونٹ کی قامت کو بلند کیا تو اس کی گردن بھی لمبی بنا دی تاکہ اونچے درختوں کے پتے بھی کھا سکے اور نیچے زمین سے گردن جھکا کر پانی پی سکے۔ چارہ اٹھا سکے۔ صحراؤں میں جہاں پانی کی سطح بہت نیچے ہوتی ہے وہاں جو درخت اگائے ان کی جڑیں اتنی لمبی بنا دیں کہ وہ زمین کی تہ سے اپنی خوراک حاصل کر سکیں۔ ہر خطۂ زمین میں پیدا ہونے والے حیوانات کو وہاں کے مخصوص موسمی تقاضوں کے مطابق لباس بھی دیا۔ اور رزق بھی۔ پھر اس گلشن ہستی کے گل سرسبد اور بزم حیات کے صدر نشین حضرت انسان کی ظاہری ساخت اور باطنی صلاحیتوں پر نگاہ ڈالیے آپ کو حضرت موسیٰ کے ارشاد کی عظمت کا یقین ہو جائے گا۔ علامہ زمخشری اعطی کل شیئ خلقه کا مفہوم بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں اعطی کل شیئ صورته وشکله الذی یطابق المنفعة المنوطة به؛ یعنی ہر چیز کو ایسی شکل و صورت بخشی جو ان فوائد اور منافع کے لیے موزوں و مناسب ہے۔ جن کے لیے اس کی تخلیق ہوئی۔ اور ثم ھدیٰ کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں ای عرف کیف یرتفق بما اعطی وکیف یتوصل الیه یہ بھی سکھا دیا کہ وہ ان اعضاء اور قوتوں سے کس طرح کام لے اور ان منفعتوں تک کیسے رسائی حاصل کرے۔ (کشاف)

۳۷ے موسیٰ علیہ السلام کا جامع اور مسکت جواب سن کر فرعون نے پینترا بدلا اور آپ کو دوسری باتوں میں الجھانے لگا کہ یہ بتائیے کہ پہلی قومیں جو گزر چکی ہیں کیا ان کے حالات سے آپ ہم کو آگاہ کر سکتے ہیں۔ آپ نے اس کا مختصر جواب دیا

وَلَا يَنْسَى ۝٥٢ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ مَهْدًا وَسَلَكَ لَكُمْ فِيهَا

اور نہ وہ کسی چیز کو بھولتا ہے وہ ذات جس نے تمہارے لیے زمین کو بچھونا بنایا اور بنا دیئے تمہارے فائدہ کے لیے

سُبُلًا وَأَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِنْ نَبَاتٍ

اس میں راستے اور اتارا آسمان سے پانی پھر ہم نے نکالے پانی کے ذریعے (رنگارنگ) جوڑے گوناگوں نباتات

شَتَّى ۝٥٣ كُلُوا وَارْعَوْا أَنْعَامَكُمْ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِأُولِي النُّهَى ۝٥٤ ع ۲

کے۔ خود بھی کھاؤ اور اپنے مویشیوں کو بھی چراؤ۔ بیشک اس میں (ہماری قدرت و حکمت کی) نشانیاں ہیں دانشوروں کیلئے۔

مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَى ۝٥٥

اسی زمین سے ہم نے تمہیں پیدا کیا ہے اور اسی میں ہم تمہیں لوٹا دینگے اور (روز حشر) اسی سے ہم تمہیں نکالیں گے ایکبار پھر ۵۸

کہ ان کے سارے حالات میرے رب کو معلوم ہیں اور لوح محفوظ میں لکھ دیئے گئے ہیں۔ مجھے اتنا ہی علم ہے جتنا میرے رب نے مجھے سکھایا ہے۔ یہ کہہ کر آپ نے پھر اصلی جواب کی طرف رجوع کیا اور اللہ تعالیٰ کی قدرت و حکمت کی چند بڑی بڑی نشانیاں گن دیں۔ وانزل من السماء ماءً پر آپ کا خطبہ ختم ہوتا ہے اور فاخرجنا سے اللہ تعالیٰ خود اپنی قدرت کا ذکر فرماتے ہیں وھذا آخر کلام موسیٰ علیہ السلام ثم قال اللہ تعالیٰ فاخرجنا الخ

شَتّٰی جمع ہے اس کا واحد شتیت : متفرق، مختلف یعنی ذائقہ رنگ و بو تاثیر و خاصیت میں ہر ایک دوسرے سے الگ تھلگ ہے۔

۵۸ حضرت آدم علیہ السلام جو ابوالبشر ہیں جب ان کو مٹی سے پیدا کیا گیا تو گویا ہر انسان کا اصل مٹی ہوا یا اس کی وجہ یہ ہے کہ نطفہ غذا سے تیار ہوتا ہے اور غذائیں زمین سے اگتی ہیں گویا ہر شخص اپنے اصل و نطفہ کے لحاظ سے مٹی سے پیدا کیا گیا۔ پھر مرنے کے بعد قبر میں دفن ہوتا ہے اور قیامت کے روز اسی سے نکالا جائے گا۔ علامہ ابوعبداللہ القرطبی نے حضرت براء کی روایت نقل کی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ بندۂ مومن کی روح جب نکلتی ہے تو فرشتے اسے لے کر اوپر جاتے ہیں اور جب فرشتوں کے کسی گروہ کے پاس سے ان کا گزر ہوتا ہے تو بڑے معزز القاب سے وہ اس کا تعارف کراتے ہیں۔ جب ساتویں آسمان پر پہنچتے ہیں تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اکتبوا العبدی کتابا فی علیین واعیدوہ الی الارض فانی منہا خلقتھم وفیھا اعیدھم ومنھا اخرجھم تارۃً اخریٰ فتعاد روحہ فی جسدہ یعنی میرے اس بندے کی کتاب کو علیین میں لکھ دو اور اسے زمین کی طرف لوٹا دو کیونکہ میں نے انہیں اسی سے

وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿٥٦﴾ قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا

اور ہم نے دکھلا دیں فرعون کو اپنی ساری نشانیاں ۳۹ پھر بھی اس نے جھٹلایا اور مانے سے انکار کر دیا۔ کہنے لگا موسیٰ! کیا تم اسلیے ہمارے پاس

مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰى ﴿٥٧﴾ فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ

آئے ہو کہ نکال دو ہمیں اپنے ملک سے اپنے جادو کی طاقت سے ۴۰ سو ہم بھی لائیں گے تیرے مقابلہ میں جادو ویسا ہی اسلئے پس (اب) مقرر کرو ہمارے

بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَآ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ﴿٥٨﴾

اور اپنے درمیان مقابلے کا دن نہ ہم پھریں اس سے اور نہ ہی تو ۴۱ ایسی جمع ہونے کی جگہ ہموار اور کھلی ہو۔

قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿٥٩﴾ فَتَوَلّٰى

آپ نے فرمایا (تمہارا چیلنج منظور ہے) جشن کا دن تمہارے لیے مقرر کرتا ہوں۔ اور یہ خیال رہے کہ سارے لوگ جمع ہو جائیں ۴۲ چاشت کے وقت پھر

پیدا کیا اور اسی میں لوٹاؤں گا اور وہیں سے دوبارہ نکالوں گا پھر اس کی روح اس کے جسم میں لوٹا دی جاتی ہے۔

۳۹ موسیٰ علیہ السلام نے عقلی دلائل سے بھی اللہ تعالیٰ کی توحید و یکتائی کو ثابت کر دیا اور اپنے معجزے دکھا کر بھی ذہنوں پر موت کا سکتہ طاری کر دیا لیکن سیاسی مصلحتیں، شاہی اقتدار، پھر عیش و طرب کی کھلی آزادی فرعون اور اسکے مصاحب جس کے خوگر ہو چکے تھے ان سے دست بردار ہونے کی ان میں جرأت نہ تھی پس وہ حق کو عیاں دیکھ لینے کے بعد اور معجزات کا مشاہدہ کرنے کے باوجود انکار و تکذیب پر اڑے رہے۔

۴۰ دلائل کے سامنے لاجواب ہو کر فرعون نے سیاسی شعبدہ بازی کا مظاہرہ شروع کیا اور موسیٰ پر الزام لگایا کہ آپ ظاہر تو کچھ کر رہے ہیں لیکن آپکے دل میں کچھ اور ہے حقیقت میں آپ ہم سے ہماری سلطنت چھیننا چاہتے ہیں آپ سیاسی اقتدار کے بھوکے ہیں۔ آپ نے لوگوں کو دھوکہ دینے کے لیے مذہب کا لبادہ اوڑھ رکھا ہے لیکن موسیٰ! یاد رکھو تم اپنے ساحرانہ ہتھکنڈوں سے ہمیں ہمارے وطن سے نکالنے میں ہرگز کامیاب نہیں ہو سکتے۔

۴۱ اپنے درباریوں کے جذبات کو مشتعل کرنے کے بعد موسیٰ علیہ السلام کو مقابلہ کا چیلنج دینے میں پہل کی۔ تاکہ اپنے درباریوں کے دلوں میں اپنا بھرم برقرار رکھ سکے مکانًا سوی۔ کھلا ہموار میدان جہاں ہر چیز صاف نظر آسکے۔

ای مکانًا مستویًا یتبین للناس ما بیننا فیه (قرطبی)

۴۲ موسیٰ علیہ السلام نے ادنیٰ جھجک کے بغیر باطل کا یہ چیلنج قبول کر لیا اور فرمایا زیادہ تاخیر کی ضرورت نہیں قومی میلہ عنقریب لگنے والا ہے مصر کے گوشہ گوشہ سے لوگ اکٹھے ہونگے۔ بس یہی تاریخ مناسب ہوگی تاکہ جو فیصلہ ہو دن

فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ۝٦٠ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا

فرعون واپس مڑا ۴۳ اور اکٹھا کیا اپنی فریب کاریوں کو پھر خود آیا۔ فرمایا ان فرعونیوں کو موسیٰ (علیہ السلام) نے ۴۴ کم بختو! نہ بہتان باندھو

عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ ۚ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى ۝٦١

اللہ تعالیٰ پر کوئی جھوٹ ورنہ وہ تمہارا نام و نشان مٹا دیگا کسی عذاب سے۔ اور (اس کا یہ اٹل قانون ہے) کہ ہمیشہ نامراد رہتا ہے جو

فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ۝٦٢ قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ

افترا بازی کرتا ہے پس جھگڑنے لگے اس کام کے متعلق آپس میں اور چھپ چھپ کر مشورے کرنے لگے ۴۵ وہ ایک دوسرے کو کہنے

کی روشنی میں ہو، سب اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں۔

۴۳ مصر میں مقررہ دن کے لیے زور شور سے تیاری شروع ہو گئی۔ کیونکہ وہ دن فرعون کے لیے فیصلہ کن ثابت ہونے والا تھا۔ اس نے ملک بھر سے بڑے بڑے نامور اور ماہر جادوگر بلائے۔ انھیں انعام و اکرام کے بڑے بڑے لالچ دیئے۔ اور پوری طرح تیار ہو کر بڑے کر و فر کے ساتھ مقررہ تاریخ کو مقابلہ کے لیے میدان میں آیا۔

۴۴ مقابلہ شروع ہونے سے پہلے موسیٰ علیہ السلام نے ان کو ایک بار پھر اس غلط روش سے باز آنے کی تلقین کی۔ اور انھیں عذاب الٰہی سے ڈرایا۔ سَحَتَهٗ و اَسْحَتَهٗ (يُسْحِتُه) اى استأصله (الصحاح للجوهرى) یعنی کسی چیز کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دینا۔ نام و نشان مٹا دینا۔

۴۵ کھلا اور وسیع میدان ہے اور شاہی دربار لگا ہوا ہے۔ فرعون اپنے حواریوں اور ماہر ساحروں سمیت زرنگار کرسیوں پر بیٹھا ہے۔ عام پبلک موسیٰ و ہارون کی مخالفت میں دیوانہ ہو رہی ہے کیونکہ ان کے سرداروں نے ان کے دلوں میں یہ بات بٹھا دی ہے کہ یہ دونوں تمہاری حکومت چھیننا چاہتے ہیں اور تمہیں اپنی غلامی کی زنجیروں میں جکڑنا چاہتے ہیں۔ ایسے یکسر مخالف ماحول میں اللہ تعالیٰ کے دو بندے عین مقررہ وقت پر آپہنچتے ہیں۔ ان کی شان و تمکنت قابل دید ہے۔ چہرے یقین کے نور سے جگمگا رہے ہیں۔ آنکھیں فرط جوش سے چمک رہی ہیں حق اپنی سادگی اور پرکاری کا اعجاز دکھا رہا ہے۔ بھرے دربار میں حضرت موسیٰ کی آواز گونجتی ہے۔ قد خاب من افترٰی (افترا بازی کرنے والا ہمیشہ نامراد رہتا ہے) اس بے باکی او جرأت سے دربار پر رعب طاری ہو جاتا ہے۔ اور فرعون کے درباری آپس میں کھسر پھسر کرنے لگتے ہیں اور آپس میں اس موضوع پر الجھتے ہیں کہ کہیں یہ مقابلہ ہمیں مہنگا تو نہیں پڑے گا۔

# لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ

^(۶۳) بلاشبہ یہ دونوں جادوگر ہیں یہ چاہتے ہیں کہ نکال دیں تمہیں تمہارے ملک سے اپنے جادو کے زور سے اور مٹادیں تمہاری تہذیب و ثقافت

(۶۳) آخر کار فرعون اور اس کے چند جوشیلے امرائے مقابلہ کا فیصلہ کرہی دیا اور مذبذب گروہ کو یہ کہکر خاموش کر دیا کہ یہ نبی نہیں یہ دونوں جادوگر ہیں۔ ان کا مقصد صرف یہ ہے کہ اپنے جادو کے زور سے تمہیں حکومت سے محروم کر دیں۔ اس کے علاوہ ہمارا شاہی تمدن، بے نظیر تہذیب جس کی صفحۂ ہستی پر کوئی مثال نہیں۔ یہ اس کو تہس نہس کرنا چاہتے ہیں۔ فرعون سے کسی کو رنجش ہو تو ہو لیکن اپنے تمدن، اپنی ثقافت اور اپنی تہذیب جب خطرے سے دوچار ہو تو کون خاموش تماشائی بن سکتا ہے موافق و مخالف سب موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ کے لیے مستعد ہو گئے۔

(۶۴) یہاں ایک نحوی الجھن ہے جس کی طرف اشارہ کرنا ضروری ہے۔ اِن اِنَّ کا مخفف ہے جو اسم کو نصب دیتا ہے اس لیے آیت یوں ہونی چاہیے تھی۔ اِن ھٰذین لساحران لیکن یہاں ھٰذان مرفوع ہے جو نحوی قاعدہ کے خلاف ہے اس کی کیا وجہ ہے۔ علمائے کرام نے اس کے متعدد جواب دیئے ہیں۔ ان میں سے چند پیش خدمت ہیں:۔ کوفیوں کے نزدیک یہ اِنْ اِنَّ کا مخفف نہیں بلکہ نافیہ ہے اور ساحران پر جو لام ہے وہ اِلاَّ کے معنی میں ہے۔ اب عبارت یوں ہوگی ما ھٰذان الاّ ساحران۔

مبرد اور اخفش جو نحو کے مسلم امام ہیں وہ فرماتے ہیں کہ یہاں اِنَّ حروف ناصبہ میں سے نہیں بلکہ نعم (ہاں) کا ہم معنی ہے۔ علامہ قرطبی نے کئی اشعار بطور استشہاد نقل کیے ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے:۔

ع ویقلن شیبٌ قد علا وقد کبرتَ فقلتُ اِنَّهٗ

انھوں نے مجھے ملامت کرتے ہوئے کہا کہ اب تیرے بال سفید ہو گئے ہیں اور تو بوڑھا ہو گیا ہے تو میں نے کہا اِنَّہٗ یعنی ہاں ایسے ہی ہے۔ اس سے بھی زیادہ قوی شہادت حضور کریم کا ارشاد گرامی ہے جسے حضرت امام جعفر صادق نے حضرت امام باقر سے انھوں نے حضرت امام زین العابدین سے انھوں نے سیدنا امام حسین سے اور انھوں نے سید السادات حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا لا احصی کم سمعتُ رسول اللّٰہ یقول علی منبرہ اِنَّ الحمد للّٰہ نحمدہٗ ونستعینہ یہاں بھی اِنَّ نعم کے معنی میں ہے۔ عرب خطباء کا یہ طریقہ تھا کہ وہ اپنے خطبوں کا آغاز نعم سے کیا کرتے۔ (قرطبی) تیسرا جواب جس کو تمام علماء نحو و لغت اور تفسیر نے پسند کیا ہے وہ یہ ہے کہ عرب کے بعض قبائل تثنیہ کو رفعی، نصبی، جری حالت میں الف کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ جیسے ع

اِنَّ اباھا وابا اباھا قد بلغا فی المجد غایتاھا

بنی الحرث بن کعب، زبید، خثعم، کنانہ سب تثنیہ کو الف کے ساتھ پڑھتے۔ (قرطبی)

علامہ قرطبی نے اسے ھٰذا القول احسن ما حُملت علیہ الآیۃ کہا ہے۔ علامہ ابن حیان نے والذی نختارہٗ

الْمُثْلٰى ﴿٦٣﴾ فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ

کے مثالی طریقوں کو ٤٨ پس یکجا کر لو اپنی حیلہ سازیوں کو پھر آؤ پرے باندھ کے ٤٩ ۔ اور کامیاب ہوگا آج وہ گروہ جو اس مقابلہ

اسْتَعْلٰى ﴿٦٤﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ

میں غالب رہا ٥٠ جادوگر بولے اے موسیٰ! کیا پہلے آپ پھینکیں گے یا ہم ہی ہو جائیں پہلے پھینکنے والے ٥١ آپ نے

مَنْ اَلْقٰى ﴿٦٥﴾ قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ

فرمایا نہیں تم ہی (پہلے) پھینکو ٥٢ پھر کیا تھا یکایک انکی رسیاں اور انکی لاٹھیاں آپ کو یوں دکھائی دینے لگیں ان کے

(وہ جواب جو مجھے پسند ہے) سے اس آیت کا آغاز کیا ہے علامہ آلوسی نے اسے اجود الوجوہ واوجہہا۔ یعنی سب سے عمدہ توجیہ کہا ہے۔

اس آیت کے ضمن میں چند روایات ایسی ذکر کی گئی ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ یہاں کاتب کی غلطی سے ھذین کی جگہ ھذان لکھا گیا ہے ان روایات کی نسبت حضرت عائشہ، عثمان اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم کیطرف کی گئی ہے علامہ آلوسی نے ان میں سے ہر ایک روایت پر بحث کی ہے اور آخر میں لکھا ہے کہ میری رائے یہ ہے کہ تمام وہ روایات جو قرأت متواترہ کیخلاف ہیں سب ضعیف ہیں۔ والطعن فی الرواۃ اھون بکثیر من الطعن بالائمۃ الذین تلقوا القراٰن العظیم الذی وصل الینا بالتواتر من النبي صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ولم یألوا جھدًا فی اتقانہ وحفظہ۔ (روح المعانی)

٤٨ المُثلیٰ امثل کی تانیث ہے جیسے افضل سے فُضلیٰ اس کا معنی ہے مثالی، معیاری۔

٤٩ ان کے اس قول سے آپ بآسانی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ یہ مقابلہ ان کے لیے کتنا اہم تھا اور انھوں نے اس میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے کیا کیا جتن کیے ہونگے۔

٥٠ جسے اپنی کامیابی کا یقین ہوتا ہے اسے اس بات کی پرواہ نہیں ہوتی کہ پہلے وار کون کرتا ہے اس لیے انھوں نے حضرت موسیٰ کو یہ لنکا اختیار دیا وقد مواعلی انفسھم اظھارًا للثقۃ بانفسھم (روح المعانی) یہ وجہ بھی بیان کی گئی ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ادب و احترام کی خاطر انھوں نے ایسا کیا وقیل مراعاۃ للادب معہٗ۔ (روح المعانی) تادبوا مع موسیٰ فکان ذلک سبب ایمانھم۔ (قرطبی)

انھوں نے نبی کا ادب ملحوظ رکھا اللہ تعالیٰ کو ان کی ادا پسند آگئی اور ان کو نعمتِ ایمان سے مشرف فرما دیا بلاشبہ محبوبانِ خدا کا ادب کلیدِ سعادت ہے اور ان کی جناب میں گستاخی موجب حرمان و خسران ہے۔

٥١ آپ نے انھیں پہل کرنے کی اجازت دے دی تاکہ وہ اپنے سارے ساحرانہ کمالات کا جی بھر کر مظاہرہ کر لیں اس

إِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ أَنَّهَا تَسْعَىٰ ﴿٦٦﴾ فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً مُّوسَىٰ ﴿٦٧﴾

جادو کے اثر سے جیسے وہ دوڑ رہی ہوں ٤٢ موسیٰ علیہ السلام نے اپنے دل میں کچھ خوف محسوس کیا ٤٣

قُلْنَا لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنتَ الْأَعْلَىٰ ﴿٦٨﴾ وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ تَلْقَفْ مَا

ہم نے فرمایا اے کلیم! مت ڈرو، یقیناً تم ہی غالب رہو گے ٤٤ اور زمین پر پھینک دو جو (عصا) تمہارے داہنے ہاتھ میں ہے یہ نگل

صَنَعُوا ۖ إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ ۖ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَىٰ ﴿٦٩﴾

جائیگا جو انھوں نے کاریگری کی ہے انھوں نے جو کاریگری کی ہے وہ تو فقط جادوگر کا فریب ہے اور نہیں فلاح پاتا جادوگر جہاں بھی وہ جائے ٤٥

کے بعد حق کی شمشیر بے نیام ہو اور صاعقہ موت بن کر ان پر گرے اور ان کی ساری جاہ وحشمت کو خاک سیاہ بنا دے۔

٤٢ انھوں نے پوری شدت سے اپنی ساحرانہ مہارت کا مظاہرہ کیا۔ رسیوں پر جب جادو منتر پڑھ کر میدان میں پھینکا تو حاضرین کو یوں محسوس ہونے لگا کہ زہریلے سانپ ہیں جو ہوا میں لہرا رہے ہیں اور غصہ سے پھنکار رہے ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بھی ایک لمحہ کے لیے ایسا ہی محسوس ہونے لگا۔ اس سے معلوم ہوا کہ جادو سے کسی چیز کی حقیقت نہیں بدلتی بلکہ نظر بندی ہوتی ہے۔ چیز اصل میں ہوتی کچھ ہے اور دکھائی کچھ دیتی ہے۔

٤٣ اس منظر کو دیکھ کر آپ کو کچھ وحشت سی ہوئی۔

٤٤ فوراً تائید ربانی نے آکر سہارا دیا اور حوصلہ افزائی فرماتے ہوئے کہا تم ہی سربلند اور سرخرو ہو گے۔ دنیا کی کوئی طاقت تمھیں نیچا نہیں دکھا سکتی۔ ذرا اپنے اس سونٹا کو میدان میں پھینکو پھر دیکھو قدرت الٰہی کے کیسے کرشمے نظر آتے ہیں۔ تلقف کا معنی نگل جانا۔

٤٥ بھلا حق کے سامنے جادو کی کیا مجال کہ ٹھہر سکے پیغمبر کے مقابلہ میں جادوگر کی کیا طاقت کہ دم مار سکے۔ اس کے تو مقدر میں ہی نامرادی، ناکامی اور محرومی لکھی جا چکی ہے۔ سونٹا پھینکنے کی دیر تھی کہ وہ ایک خوفناک اژدہا بن کر ان سانپ دکھائی دینے والی رسیوں کی طرف لپکا اور انھیں بڑی سرعت سے نگلنا شروع کر دیا۔ اس کی گرانڈیل جسامت غیظ وغضب سے اس کا پھنکارنا اور جبڑے کھول کر اس کا حملہ آور ہونا اسے دیکھ کر فرعون اور دوسرے حاضرین پر ایک دہشت طاری ہو گئی اور سارے دربار پر ایک سناٹا چھا گیا۔ حق کے ایک ہی وار نے باطل کے غرور کو خاک میں ملا دیا اور ایک ہی چپت ایسی رسید کی کہ سارا خمار اتر گیا۔ دوست و دشمن نے انک انت الاعلیٰ کا مشاہدہ اپنی آنکھوں سے کر لیا۔

فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ هٰرُونَ وَمُوسٰى ﴿٧٠﴾ قَالَ

پس گرا دیئے گئے جادوگر سجدہ کرتے ہوئے ۵۵ انھوں نے برملا کہہ دیا اے لوگو! سن لو ہم ایمان لے آئے ہیں ہارون اور موسیٰ کے

آمَنْتُمْ لَهُ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ ۖ إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۖ

رب پر۔ فرعون (کو یارائے ضبط نہ رہا) بولا تم تو ایمان لے آئے تھے اس پر اس سے پہلے ۵۶ کہ میں نے تمھیں (مقابلہ کی) اجازت دی یہ تو تمھارا بڑا

فَلَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ مِنْ خِلَافٍ وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ فِي

(گرو) ہے جس نے تمھیں سکھایا ہے جادو (کا فن) تو میں قسم کھاتا ہوں کہ میں کاٹ ڈالوں گا تمھارے ہاتھ پاؤں یعنی ایک طرف کا ہاتھ ایک طرف کا پاؤں

جُذُوعِ النَّخْلِ وَلَتَعْلَمُنَّ أَيُّنَا أَشَدُّ عَذَابًا وَأَبْقٰى ﴿٧١﴾ قَالُوا لَنْ

اور سولی پر چڑھا دوں گا تمھیں کھجور کے تنوں پر اور تم خوب جان لوگے کہ ہم میں سے کس کا عذاب شدید اور دیرپا ہے۔ انھوں نے کہا (اے فرعون!) ہمیں

نُؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَاءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِي فَطَرَنَا فَاقْضِ مَا أَنْتَ

اس کی قسم جس نے ہمیں پیدا کیا ہم ہرگز ترجیح نہیں دیں گے تجھے ان روشن دلیلوں پر جو ہمارے پاس آئی ہیں پس (ہمارے بارے میں) جو فیصلہ تو کرنا چاہتا

۵۵ جادوگر جادو کی حقیقت سے خوب آگاہ تھے۔ جب انھوں نے عصائے موسوی کو اژدہا بن کران رسیوں کو ہڑپ کرتے دیکھا تو انھیں یقین ہو گیا کہ جو کچھ موسیٰ نے کر دکھایا ہے وہ جادو کی نظر بندی نہیں ہے بلکہ قدرت خداوندی کی جلوہ نمائی ہے سچائی اور صداقت کے حسن نے انھیں ایسا متوالا اور وارفتہ کر دیا کہ تمام خوفناک نتائج سے بے پرواہ ہو کر بھرے دربار میں فرعون کے سامنے انھوں نے موسیٰ و ہارون کے رب کریم پر ایمان لانے کا اعلان کر دیا۔

۵۶ یہ صدمہ پہلی شکست کے صدمہ سے کہیں زیادہ جانکاہ اور رسوا کن تھا لیکن تھا بڑا شاطر اپنا بھرم رکھنے کے لیے اس نے فوراً جادوگروں پر سازش کا جھوٹا اور بے بنیاد الزام لگا دیا اور انھیں دھمکی دی کہ ان کا ایک ہاتھ اور ایک پاؤں کاٹ کر انھیں سولی پر لٹکا دیا جائے گا۔

۵۷ دنیا بھی بڑی میٹھی ہے دولت و ثروت میں بھی بلا کی کشش ہے اس کا جاہ و جلال بھی دل موہ لینے والا ہے لیکن یہ سب کچھ اسی وقت تک جب تک حسن ازل آنکھوں سے مستور ہو۔ جب جمال حق کرم فرما ہوتا ہے جب انوار الٰہی کے مشاہدہ سے چشم دل منور ہوتی ہے جب ساقی کریم عشق و محبت کا ایک جام پلا دیتا ہے تو پھر دنیا اپنی تمام حشمتوں اور دلربائیوں کے باوصف حقیر اور بے وقعت ہو کر رہ جاتی ہے۔ قلمرو عشق و محبت کے تاجدار

فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا تَقْضِیْ هٰذِهِ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا ؕ ﴿٧٢﴾ اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِیَغْفِرَ لَنَا

جو کرنے لگے ہیں (ذرا پرواہ نہیں) تو صرف اس (فانی) دنیوی زندگی کے بارے میں ہی فیصلہ کرسکتا ہے یقیناً ہم ایمان لائے ہیں اپنے رب پر

خَطٰیٰنَا وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَیْهِ مِنَ السِّحْرِ ؕ وَاللّٰهُ خَیْرٌ وَّاَبْقٰی ﴿٧٣﴾ اِنَّهٗ

تاکہ وہ بخش دے ہمارے لیے ف٥٨ ہماری خطاؤں کو اور اس قصور کو بھی جس پر تم نے ہمیں مجبور کیا یعنی فنِ سحر اور اللہ تعالیٰ ہی سب سے بہتر ہے اور ہمیشہ رہنے والا ہے

مَنْ یَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ؕ لَا یَمُوْتُ فِیْهَا وَلَا یَحْیٰی ﴿٧٤﴾

بیشک جو شخص بارگاہِ الٰہی میں مجرم بن کر آئے تو اس کے لیے جہنم (کا شعلہ زار) ہے نہ وہ مر ہی سکیگا اس میں اور نہ زندہ ہوگا ف٦٠

نے مدینہ میں یہی بادۂ لالہ فام اپنے صحابہؓ کو پلایا تھا۔ حق کی انہی دلآویزیوں کو ان کے سامنے بے نقاب کیا تھا۔ ان کے قلب و نظر کو اسی کی رعنائیوں سے آشنا کیا تھا۔ پھر انھوں نے ایثار و فدائیت کے میدانوں میں جو جو کارنامے انجام دیئے کاروانِ انسانیت کے لیے وہ آج بھی روشنی کے بلند مینار ہیں۔ آیئے بغیر کسی تفسیر و حاشیہ کے ان آیات کا سادہ ترجمہ بار بار پڑھیں۔ شاید ہمارے دل بھی اسی لذت و سرور سے سرشار ہو جائیں اور کیا بعید ہے کہ باطل کے سامنے فاقض ما انت قاض کہنے کی جرأت ہمیں بھی مرحمت فرما دی جائے۔ انہ ارحم الراحمین واکرم المسئولین

آیت میں والذی فطرنا کے جملہ کے متعلق دو قول ہیں۔ بعض نے واؤ کو عاطفہ مانا ہے اور البینات کو معطوف علیہ قرار دیا ہے اور بعض علماء نے واؤ کو قسمیہ کہا ہے۔ تقدیرِ کلام یوں ہوگی قالوا والذی فطرنا لن نؤثرک الآیہ میں نے اسی کے مطابق آیت کا ترجمہ کیا ہے۔

ف٥٩ اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان عاشقانِ باصفا کو اپنی دردناک موت کا کوئی غم نہیں۔ اگر انھیں افسوس ہے تو اس بات کا کہ آج تک کدھر مارے مارے پھرتے رہے۔ عمرِ عزیز کہاں برباد کرتے رہے۔ کیوں اب تک باطل کے خیمہ بردار بنے رہے۔ ؎

نالہ از بہرِ رہائی نکند مرغِ اسیر     خورد افسوس زمانے کہ گرفتار نبود

عرض کرتے ہیں کہ گزشتہ ایام کو ضائع کرنے کا جو قصور ہم سے ہوا ہم اس پر نادم ہیں اور اپنے رب سے معافی کے خواستگار ہیں۔ سورۃ الاعراف میں بھی یہ واقعہ مذکور ہوا۔ ضیاء القرآن جلد دوم آیات ۱۰۹، ۱۲۶ کا مطالعہ فرمائیے وہ خالی از فائدہ نہ ہوگا۔

ف٦٠ بعض علماء کے نزدیک ساحروں کا کلام اس سے پہلے ختم ہو گیا اور اب یہاں سے ارشادِ خداوندی شروع ہوتا ہے اور بعض علماء نے تزکّٰی تک سب آیات کو انہی کا کلام تسلیم کیا ہے۔ اگر ایسا ہے تو ماننا پڑے گا کہ حق قبول کرتے ہی

وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ

اور جو شخص حاضر ہوگا بارگاہِ الٰہی میں مومن بن کر اس حال میں کہ اس نے عمل بھی نیک کیے ہوں تو یہی وہ (سعادت مند) ہیں جن کے لیے بلند

الْعُلٰى ﴿٧٥﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

درجات ہیں۔ یعنی سدا بہار باغات رواں ہیں جن کے نیچے نہریں وہ (خوش نصیب) ان میں ہمیشہ رہیں گے

وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنْ تَزَكّٰى ﴿٧٦﴾ وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ ٣ ع ٢٢ ١٢

اور یہ ہے جزا اُن کی جنھوں نے اپنا (دامن ہر آلائش سے) پاک رکھا اور ہم نے وحی بھیجی موسیٰ (علیہ السلام) کی طرف کہ راتوں رات

ان کو کتنی فیاضی سے شرح صدر کی نعمت سے مالا مال کر دیا گیا کہ ان کی زبان سے حکمت و موعظت کے شگفتہ پھول جھڑنے لگ گئے۔

عشق کی اک جست نے طے کر دیا قصہ تمام ؎ اس زمین و آسماں کو بیکراں سمجھا تھا میں

عجب بات یہ ہے کہ جب ہم اس واقعہ کو بائیبل میں پڑھتے ہیں تو اس میں کوئی کشش اور جاذبیت نظر نہیں آتی نہ ہیں وہاں موسیٰ کا وہ حکیمانہ وعظ دکھائی دیتا ہے جس میں آپ نے فرعون (جھوٹے خدا) کے سامنے اپنے رب قدس کی عظمت و کبریائی بیان کرتے ہوئے فرمایا ربنا الذی اعطی کل شیئ خلقه ثم هدی بائیبل میں ہمیں اتنا ملتا ہے کہ جب فرعون نے کہا کہ خداوند کون ہے ۔۔۔۔ میں خداوند کو نہیں جانتا اور میں بنی اسرائیل کو جانے بھی نہیں دوں گا۔

اس کے جواب میں موسیٰ نے صرف اتنا کہا۔ تب انھوں نے کہا کہ عبرانیوں کا خدا ہم سے ملا ہے سو ہم کو اجازت دے کہ ہم تین دن کی منزل بیابان میں جا کر خداوند اپنے خدا کے لیے قربانی کریں تا نہ ہو کہ وہ ہم میں وبا بھیج دے یا ہم کو تلوار سے مروا دے۔"

(خروج ٥ : ٣،٢)

اور نہ ہمیں وہاں جادوگروں کے سربسجود ہونے اور ہدایت سے مشرف ہونے کا ذکر ملتا ہے۔ حالانکہ یہ دونوں باتیں اس واقعہ کی روح رواں ہیں اگر انھیں اس واقعہ سے خارج کر دیا جائے تو اس میں باقی رہ کیا جاتا ہے نہ ہمیں معرفتِ الٰہی کا کوئی درس ملتا ہے اور نہ ہمیں ایثار و سرفروشی کی کوئی روح پرور مثال نظر آتی ہے۔

البتہ اس تقابلی مطالعہ سے ایک فائدہ حاصل ہوتا ہے اور وہ بھی اپنی افادیت کے اعتبار سے نظرانداز کرنے کے قابل نہیں۔ وہ یہ کہ جو حق ناشناس یہ کہتے ہوئے نہیں شرماتے کہ قرآن میں یہ واقعات بائیبل وغیرہ سے لیے گئے ہیں ان کے جھوٹ کا پول خوب کھل جاتا ہے اگر قرآنی قصص کا ماخذ بائیبل ہوتی تو یہاں بھی وہی روکھا پن ہوتا۔ یہاں بھی ہدایت کی کوئی شمع ان واقعات کی محرابوں میں روشن نہ ہوتی۔ لیکن یہاں تو معاملہ ہی برعکس ہے۔ ہر انصاف پسند شخص اس فرق کو آسانی سے محسوس کر سکتا ہے اس تقابلی مطالعہ کے بعد یہ یقین اور پختہ ہو جاتا ہے کہ قرآن

بِعِبَادِیْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِیْقًا فِی الْبَحْرِ یَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا

لے چلیے میرے بندوں کو (مصر سے) اور (اگر راہ میں سمندر حائل ہو) تو عصا کی ضرب سے ان کے لیے سمندر میں خشک راستہ بنا لیجیے نہ تمہیں پیچھے سے پکڑے

وَّ لَا تَخْشٰى ﴿۷۷﴾ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِیَهُمْ مِّنَ الْیَمِّ

جانے کا ڈر ہو گا اور نہ کوئی اور اندیشہ۔ پس فرعون نے ان کا تعاقب کیا اپنے لشکروں سمیت پس چھا گئیں فرعونیوں پر سمندر کی تند موجیں

مَا غَشِیَهُمْ ؕ﴿۷۸﴾ وَ اَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَ مَا هَدٰى ﴿۷۹﴾ یٰبَنِیْۤ

جیسا کہ چھا گئیں ان پر ۔ اور گمراہ کر دیا فرعون نے اپنی قوم کو اور نہ دکھائی انھیں سیدھی راہ ۶۱ اے بنی اسرائیل!

اِسْرَآءِیْلَ قَدْ اَنْجَیْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَ وٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ

(دیکھو!) ہم نے بچا لیا تمھیں تمھارے دشمن سے ۶۲ اور ہم نے تم سے وعدہ کیا (کوہ) طور کی

الْاَیْمَنَ وَ نَزَّلْنَا عَلَیْكُمُ الْمَنَّ وَ السَّلْوٰى ﴿۸۰﴾ كُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ

دائیں جانب کا اور ہم نے اتارا تم پر من و سلویٰ ۶۳ کھاؤ ان پاک چیزوں سے جو ہم

مَا رَزَقْنٰكُمْ وَ لَا تَطْغَوْا فِیْهِ فَیَحِلَّ عَلَیْكُمْ غَضَبِیْ ۚ وَ مَنْ

نے تم کو عطا کی ہیں اور اس میں حد سے تجاوز نہ کرنا ورنہ اترے گا تم پر میرا غضب اور وہ (بدنصیب)

کا ماخذ وہ صحیفے نہیں جو اپنے ماننے والوں کی نظروں میں بھی تحریف آلودہ ہیں بلکہ اس کا سرچشمہ ذاتِ خداوندی ہے جو علیم بھی ہے اور حکیم بھی ہے۔

۶۱ ان آیات میں مصر سے بنی اسرائیل کی ہجرت کا واقعہ مذکور ہے۔ قدرتِ الٰہی نے کس طرح ان کے سامنے سمندر کو پایاب کر دیا اور کس طرح اس کے حکم سے سمندر کی ٹھیری ہوئی موجیں فرعون اور اس کے لشکر کو خس و خاشاک کی طرح بہا کر لے گئیں۔ اور انھیں تباہ و برباد کر دیا۔ اہلِ ہوش کے لیے اس میں عبرت کا بڑا سامان ہے۔

۶۲ بنی اسرائیل پر جو انعامات کیے گئے تھے ان کا ذکر کر کے انھیں شکرِ الٰہی بجا لانے اور نافرمانی سے باز آنے کی ہدایت کی جا رہی ہے۔

۶۳ بنی اسرائیل چالیس سال تک تیہ کے میدان میں اقامت گزیں رہے جہاں کھانے پینے کی کوئی چیز دستیاب نہ ہوتی تھی اس لیے عالمِ غیب سے ان کی خوراک کا اہتمام کیا گیا۔ قرآن نے اس کو من و سلویٰ سے تعبیر کیا۔ جس کی وضاحت پہلے پارہ میں گزر چکی ہے۔

يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِىْ فَقَدْ هَوٰى ﴿۸۱﴾ وَ اِنِّىْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَ

اترتا ہے جس پر میرا غضب تو یقیناً وہ گر کر رہتا ہے ۸۴ اور میں بلاشبہ بہت بخشنے والا ہوں اسے جو توبہ کرتا ہے اور

اٰمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ﴿۸۲﴾ وَ مَاۤ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ

ایمان لاتا ہے اور نیک عمل کرتا ہے بعد ازاں ہدایت پر مستحکم رہتا ہے اور کس چیز نے تم کو جلدی آنے پر مجبور کیا اپنی قوم سے

يٰمُوْسٰى ﴿۸۳﴾ قَالَ هُمْ اُولَآءِ عَلٰۤى اَثَرِىْ وَ عَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ﴿۸۴﴾

اے موسیٰ! ۸۵ عرض کی وہ یہ ہیں میرے پیچھے اور میں جلدی جلدی تیری بارگاہ میں اسلیے حاضر ہو گیا ہوں میرے رب!

قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ وَ اَضَلَّهُمُ السَّامِرِىُّ ﴿۸۵﴾

کہ تو راضی ہو جائے ارشاد ہوا کہ ہم نے تو آزمائش میں مبتلا کر دیا ہے تمہاری قوم کو تمہارے چلے آنے کے بعد اور گمراہ کر دیا ہے انھیں سامری نے

۸۴ اگر تم نافرمانی سے باز نہ آئے تو غضبِ الٰہی کے مستحق قرار پاؤ گے اور جس پر غضبِ الٰہی ہوا وہ تباہ و برباد ہو گیا۔

۸۵ یہ واقعہ پوری شرح و بسط کے ساتھ سورۃ الاعراف میں گزر چکا ہے۔ یہاں مختصراً اس کا تذکرہ کر دیا جاتا ہے جب بحرِ احمر کو عبور کر کے سینا کے بیابان میں پہنچے تو اللہ تعالیٰ نے طور پر حاضر ہونے کا حکم دیا تاکہ انھیں ایک کتاب دی جائے جس کے مطابق ان کی قوم اطاعت و انقیاد کی زندگی بسر کر سکے۔ آپ نے روانہ ہونے سے پہلے ساری قوم کو تاکید فرمائی کہ وہ ان کی غیر موجودگی میں کوئی ناشائستہ حرکت نہ کرے اور ان کی دیکھ بھال کے لیے حضرت ہارون کو اپنا نائب مقرر کیا۔ اپنے ہمراہ ستر سرآوردہ آدمی لے کر چلے جب طور کے نزدیک پہنچے تو شوقِ ملاقات نے بیتاب کر دیا۔ ساتھیوں کو پیچھے چھوڑا اور خود جلدی سے مقامِ مقررہ تک پہنچ گئے۔ جاتے ہی ارشاد ہوا اپنے ہمراہیوں کو پیچھے چھوڑ کر اتنے جلدی کیسے چلے آئے ہو۔ عرض کی وہ بھی بالکل نزدیک میرے پیچھے پیچھے آ رہے ہیں اور میں خود تو اس لیے جلدی آ گیا ہوں کہ تو راضی ہو جائے کہ میرا بندہ میرے حکم کی تعمیل میں اور شوقِ ملاقات سے بے بس دوڑا چلا آیا ہے۔ ارشاد ہوا تم تو ادھر آ گئے ہو، اور ہم نے تیری قوم کو ایک آزمائش میں ڈال دیا ہے۔ ان کو تو سامری نے ایک بچھڑے کا پرستار بنا دیا ہے۔ آپ کے غصہ اور افسوس کا حال نہ پوچھیے۔ بنا بنایا کھیل چوپٹ ہو گیا تھا۔ واپس آئے قوم کو خوب جھاڑا۔ نالائقو! تم تھوڑا سا انتظار بھی نہ کر سکے اور میرے خدا کو چھوڑ کر جس نے تم پر اپنی رحمتوں کی بارش فرمائی تم ایک دھات کے بنے ہوئے بچھڑے کی پوجا کرنے لگ گئے۔ تمھیں ایسا کرتے ہوئے حیا نہ آئی؟

فَرَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ

دریں اثنا لوٹ گئے موسیٰ (علیہ السلام) اپنی قوم کی طرف غضبناک اور افسردہ خاطر ہو کر۔ فرمایا اے میری قوم! کیا وعدہ نہیں کیا تھا تم سے

رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۬ اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ

تمہارے رب نے بہت عمدہ وعدہ۔ تو کیا طویل مدت گزر گئی ہے اس عہد پر اور تم اسکے ایفا سے مایوس ہو گئے یا تم یہ چاہتے ہو کہ اترے

غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ ﴿۸۶﴾ قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ

تم پر غضب تمہارے رب کی طرف سے اسلیے تم نے توڑ ڈالا جو میرے ساتھ کیا ہوا وعدہ۔ کہنے لگے ۲۶ نہیں توڑا ہم نے آپ سے کیا ہوا وعدہ

۲۶ کہنے لگے حضور یہ جو کچھ ہم سے سرزد ہوا ہم نے دانستہ نہیں کیا ہمیں تو اس سامری نے چکر میں ڈال دیا۔ جب آپ نے دیر لگائی اور ہم پریشان ہو گئے تو اس نے آکر کہا جب تک تم یہ سونے چاندی کے زیورات اتار کر پھینک نہیں دو گے موسیٰ کا منہ نہیں دیکھو گے ہم نے آپ کے شوق میں سارے زیورات اتار کر پھینک دیئے! اس نے انھیں اٹھایا آگ میں گلایا اور ان سے ایک بچھڑا تیار کیا اور ہمیں آکر کہا کہ تمہارا اور موسیٰ کا خدا تو یہ ہے موسیٰ بھول گئے انھیں اپنے خدا کی خبر ہی نہیں۔ خواہ مخواہ اس کی تلاش میں طور کی چوٹیاں سر کرتے پھرتے ہیں۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ زیورات انھیں کہاں سے دستیاب ہوئے۔ کیا یہ انکے اپنے ذاتی زیورات تھے جس طرح مولانا مودودی نے تفہیم القرآن میں لکھا ہے یا قوم فرعون کے زیورات تھے جو انھیں مل گئے تھے۔ قرآن کریم کے الفاظ "من زینۃ القوم" اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ یہ زیورات ان کے اپنے ذاتی نہ تھے بلکہ قوم فرعون سے انھیں دستیاب ہوئے تھے۔ کیونکہ اگر ان کے ذاتی ہوتے تو پھر من ــــ زینۃ القوم کی بجائے من زینتنا کے الفاظ ہوتے۔ زینۃ القوم کے الفاظ سے پتہ چلتا ہے کہ یہ زیورات دراصل قوم فرعون کے تھے جو اب بنی اسرائیل کے قبضہ میں آگئے تھے۔ ان کو یہ زیورات کیونکر دستیاب ہوئے؟ اس کا ایک جواب تو وہ ہے جو توراۃ میں مذکور ہے چنانچہ بائیبل کتاب الخروج میں ارشاد ہوتا ہے۔

"پھر خدا نے موسیٰ سے یہ بھی کہا کہ تو بنی اسرائیل سے یوں کہنا کہ خداوند تمہارے باپ دادا کے خدا، ابراہام کے خدا، اور اضحاق کے خدا اور یعقوب کے خدا نے مجھے تمہارے پاس بھیجا ہے۔ کہ جا کر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اسرائیلی بزرگوں کو ایک جگہ جمع کر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اور یوں ہوگا جب تم نکلو گے تو خالی ہاتھ نہ نکلو گے بلکہ تمہاری ایک ایک عورت اپنی اپنی پڑوسن سے اور اپنے اپنے گھر کی مہمان سے سونے چاندی کے زیور اور لباس مانگ لے گی۔ ان کو تم اپنے بیٹوں اور بیٹیوں کو پہناؤ گے

بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ

اپنے اختیار سے بلکہ واقعہ یہ ہے کہ ہم پر لاد دیئے گئے تھے بوجھ قوم (فرعون) کے زیورات سے سو ہم نے (سامری کے کہنے پر) انھیں پھینک دیا اسی طرح

اَلْقَى السَّامِرِيُّ ۝۸۷ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا

سامری نے بھی (اپنے حصّہ کے زیور) پھینک دیئے پھر سامری نے بنا نکالا ان کے لیے بچھڑے کا ڈھانچہ جو گائے کی طرح ڈکارتا تھا پھر سامری اور اسکے چیلوں نے کہا

هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى ۙ فَنَسِيَ ۝۸۸ اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ

(اے فرزندان یعقوب) یہ ہے تمھارا خدا اور موسیٰ کا خدا پس موسیٰ بھول گئے کیا ان احمقوں نے یہ بھی نہ دیکھا کہ یہ بچھڑا ان کی کسی بات کا جواب

اور مصریوں کو لوٹ لوگے۔" (باب ۳، آیت: ۱۵ تا ۲۲)

دوسرے مقام پر یوں مذکور ہے:-

"سو اب تو لوگوں کے کان میں یہ بات ڈال دے کہ ان میں سے ہر شخص اپنے پڑوسی اور ہر عورت اپنی پڑوسن سے سونے چاندی کے زیور لے۔ (باب ۱۱، آیت: ۲، ۳)

اِن آیات کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ بنی اسرائیل نے دھوکے سے قبطیوں کے زیور لیے۔ انھوں نے کہا تو یہ کہ یہ زیور وہ عاریتاً لے رہے ہیں لیکن ان کی نیت یہ تھی کہ وہ ان کے زیورات لے کر یہاں سے رفوچکر ہو جائیں گے اور زیور واپس کرنے کا سوال ہی پیدا نہ ہوگا۔ یہ صریح دھوکہ بازی ہے اور بائیبل میں اس دھوکہ بازی کو اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ العیاذ باللہ۔ ایک مومن تو ایسی بات کی نسبت ربِ کریم کی طرف نہیں کر سکتا۔ اِس لیے یہ توجیہ ہمارے لیے ہرگز قابلِ قبول نہیں۔

دوسری توجیہ وہ ہے۔ جو ہمارے مفسرین نے ذکر کی ہے کہ جب فرعون اور اس کا لشکر سمندر میں غرق ہو گیا تو سمندر کی موجوں نے ان کی لاشوں کو اٹھا کر ساحل پر پھینک دیا۔ اس وقت مرد بھی زیور پہنا کرتے تھے۔ اس فوج میں جرنیل بڑے بڑے رؤسا اور اعیانِ مملکت شامل تھے۔ انھوں نے یقیناً اپنے آپ کو زیورات سے آراستہ کیا ہوا ہوگا جب بنی اسرائیل کا گزر ان مردہ لاشوں کے پاس سے ہوا تو انھوں نے وہ زیور اتار کر اپنے قبضہ میں کر لیے۔ اور اس طرح قبطی قوم کا بے اندازہ سونا بنی اسرائیل کے ہاتھ آ گیا۔ چنانچہ علامہ قرطبی لکھتے ہیں:-

وقیل هو ما اخذوه من آل فرعون لما قذفهم البحر الی الساحل۔ (قرطبی)

انھیں اوزار (بوجھ) اس لیے کہا گیا ہے کہ وہ مالِ غنیمت تھا اور مالِ غنیمت ان کے لیے حلال نہ تھا اس لیے وہ اسے بوجھ تصور کرتے تھے۔ ورنہ سونے کے زیورات ہوں اور اپنے ہوں یا حلال طریقہ سے حاصل

قَوْلًا ۙ وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ﴿۸۹﴾ وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ

بھی نہیں دے سکتا اور نہ اختیار رکھتا ہے انکے لیے کسی ضرر کا اور نہ نفع کا ۸۸ اور بیشک کہا تھا انھیں ہارون نے (موسیٰ کی واپسی سے) پہلے

مِنْ قَبْلُ يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ فَاتَّبِعُوْنِيْ

اے میری قوم! تم تو فتنہ میں مبتلا ہو گئے اس سے۔ اور بلاشبہ تمہارا رب تو وہ ہے جو بیحد مہربان ہے پس تم میری پیروی کرو

وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا

اور میرا حکم مانو ۸۹ قوم نے کہا ہم تو اسی کی عبادت پر جمے رہیں گے یہاں تک کہ لوٹ آئیں ہماری طرف

ہوئے ہوں وہ چاہے کتنے وزنی ہوں انھیں کوئی شخص بھی بوجھ خیال نہیں کرتا۔ مجھے یہی توجیہ زیادہ صحیح معلوم ہوتی ہے۔

۸۸ یہاں سے ان کی حماقت کی طرف اشارہ کیا گیا کہ یہ بچھڑا جسے تم نے خدا بنا لیا ہے اس کی بے بسی کا تو یہ عالم ہے کہ تمھاری بات کا جواب تک نہیں دے سکتا۔ نفع اور نقصان پہنچانے کی اس میں طاقت نہیں۔ بھلا یہ خدا کیوں کر ہو سکتا ہے۔

۸۹ قرآن کریم نے صراحۃً بتا دیا کہ بچھڑا بنانے والا اور یہ فتنہ کھڑا کرنے والا سامری تھا۔ حضرت ہارون کا اس سے کوئی سروکار نہ تھا بلکہ آپ نے تو اپنی قوم کو اس فتنہ میں مبتلا ہونے سے منع کیا اور ایک نبی کی یہی شان ہونی چاہیے۔ لیکن ذرا بائیبل کا بیان سنیے۔ وہ بچھڑا بنانے، اس کو خدا مان کر پوجا کرنے کا سارا الزام ہارون پر لگاتی ہے۔

"اور جب لوگوں نے دیکھا کہ موسیٰ نے پہاڑ سے اُترنے میں دیر لگائی تو وہ ہارون کے پاس جمع ہو کر اس سے کہنے لگے کہ اٹھ ہمارے لیے دیوتا بنا دے جو ہمارے آگے آگے چلے۔ کیونکہ ہم نہیں جانتے کہ اس مرد موسیٰ کو جو ہم کو ملک مصر سے نکال کر لایا کیا ہو گیا۔

ہارون نے اُن سے کہا تمھاری بیویوں اور لڑکوں اور لڑکیوں کے کانوں میں جو سونے کی بالیاں ہیں ان کو اتار کر میرے پاس لے آؤ۔ چنانچہ سب لوگ ان کے کانوں سے سونے کی بالیاں اتار اتار کر ان کو ہارون کے پاس لے آئے۔

اور اس نے ان کو ان کے ہاتھوں سے لے کر ایک ڈھالا ہوا بچھڑا بنایا جس کی صورت چھینی سے ٹھیک کی۔ تب وہ کہنے لگے اے اسرائیل! یہی تیرا وہ دیوتا ہے جو تجھ کو ملک مصر سے نکال کر لایا۔ (خروج باب ۳۲، آیت: ۱ تا ۴)

اللہ تعالیٰ کے نبی پر بت سازی اور شرک کا یہ گھناؤنا الزام لگانے کی جرأت بائیبل کے مرتب کرنیوالے

مُوْسٰی ﴿۹۱﴾ قَالَ یٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَیْتَهُمْ ضَلُّوْٓا ﴿۹۲﴾ اَلَّا تَتَّبِعَنِ ؕ

موسیٰ (علیہ السلام) (واپس آکر غصہ سے) کہا اے ہارون! کس چیز نے تجھے روکا جب تو نے انہیں گمراہ ہوتے دیکھا تو (انہیں چھوڑ کر) میرے پیچھے چلا آیا

اَفَعَصَیْتَ اَمْرِیْ ﴿۹۳﴾ قَالَ یَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْیَتِیْ وَلَا بِرَاْسِیْ ۚ

کیا تو نے بھی میری حکم عدولی کی۔ ہارون نے کہا اے میرے ماں جائے بھائی! نہ پکڑو میری داڑھی کو اور نہ میرے سر (کے بالوں) کو میں نے اس خوف سے

اِنِّیْ خَشِیْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَیْنَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ

(ان پر سختی نہ کی) کہ کہیں آپ نہ کہیں کہ تو نے پھوٹ ڈال دی بنی اسرائیل کے درمیان اور میرے حکم کا انتظار نہ کیا۔

قَوْلِیْ ﴿۹۴﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ یٰسَامِرِیُّ ﴿۹۵﴾ قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ یَبْصُرُوْا

آپ نے پوچھا اے سامری! (اس فتنہ انگیزی) سے تیری غرض کیا تھی؟ اس نے کہا میں نے دیکھی ایسی چیز جو لوگوں نے

ہی کر سکتے ہیں۔ قرآن کریم نے جہاں دوسرے انبیاء کرام کے دامن عصمت پر لگائے ہوئے داغوں کو دور کیا اسی طرح حضرت ہارون سے اس تہمت کی پرزور انداز میں تردید کر دی۔

۹۵ حضرت موسیٰ نے سمجھا کہ شاید ہارون نے ان کو سمجھانے میں کوتاہی کی اور انہیں اس کھلی گمراہی سے باز رکھنے کا فریضہ انجام نہیں دیا اس لیے بڑے خشمناک لہجہ میں ان سے مخاطب ہوئے۔

۹۶ اب سامری کی باری آئی۔ اس سے پوچھا ظالم تو نے یہ کیا گل کھلایا میری ساری کی ساری قوم کو اپنے خداوند سے بیگانہ کر کے ایک بچھڑے کا پجاری بنا دیا۔

۹۷ یہ شخص کون تھا، کہاں کا رہنے والا تھا۔ اس کی تحقیق ضروری ہے۔ تاکہ عیسائی مبلغین اور مستشرقین نے قرآن حکیم پر جو نازیبا اعتراض کیا ہے اس کا جواب دیا جا سکے۔ وہ کہتے ہیں کہ السامری میں جو نسبت ہے یا تو سامریہ کی طرف ہوگی جو دولت اسرائیل کا پایہ تخت تھا۔ یا اس قبیلہ کی طرف ہوگی جو اسرائیلی قبائل اور غیر اسرائیلی لوگوں کے اختلاط سے معرض وجود میں آیا اور جس نے سامری کے نام سے شہرت پائی۔ اس کے علاوہ اور کوئی تیسرا احتمال نہیں۔ لیکن یہ دونوں احتمال سرے سے غلط ہیں۔ کیونکہ یہ واقعہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کا ہے اور سامریہ کا شہر کئی سو سال بعد ۹۲۵ قبل مسیح میں آباد ہوا۔ دوسرا احتمال اس سے بھی بعید تر ہے کیونکہ اسرائیلیوں اور غیر اسرائیلیوں کے باہمی ازدواج اور اختلاط سے جو سامری قبیلہ معرض وجود میں آیا تھا وہ سامریہ کی تعمیر سے بھی کئی صدیاں بعد معرض وجود میں آیا تھا اس لیے کسی ایسے شخص کو سامریہ یا سامری کی طرف منسوب کر کے السامری کہنا جو حضرت موسیٰ کا ہم عصر ہو یہ (نعوذ باللہ) قرآن کے مصنف کی جہالت کا یقین

ثبوت ہے اس اعتراض کا جواب دیتے ہوئے مولانا مودودی لکھتے ہیں :۔
"شاید ان مدعیانِ علم وتحقیق کا گمان یہ ہے کہ قدیم زمانے میں ایک نام کا ایک ہی شخص یا قبیلہ یا مکان ہوا کرتا تھا اور ایک نام کے دو یا زائد اشخاص یا قبیلے یا مکان ہونے کا قطعاً کوئی امکان نہ تھا۔ حالانکہ سمیری قدیم تاریخ کی ایک نہایت مشہور قوم تھی جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دور میں عراق اور اس کے آس پاس کے علاقوں پر چھائی ہوئی تھی اور اس بات کا بہت امکان ہے کہ حضرت موسیٰ کے عہد میں اس قوم یا اس کی کسی شاخ کے لوگ سامری کہلاتے ہوں پھر خود اس سامریہ ہی کی اصل کو بھی دیکھ لیجئے جس کی نسبت سے شمالی فلسطین کے لوگ بعد میں سامری کہلانے لگے۔"
بائیبل کا بیان ہے کہ دولتِ اسرائیل کے فرمانروا عمری نے ایک شخص سمر نامی سے وہ پہاڑ خرید ا تھا جس پر اس نے بعد میں اپنا دار السلطنت تعمیر کیا! اور چونکہ پہاڑ کے سابق مالک کا نام سمر تھا اس لیے اس شہر کا نام سامریہ رکھا گیا۔ (سلاطین ۱، باب ۱۶: آیت ۲۴)
اس سے صاف ظاہر ہے کہ سامریہ کے وجود میں آنے سے پہلے سمر نام کے اشخاص پائے جاتے تھے اور ان سے نسبت پاکر ان کی نسل یا قبیلے کا نام سامری اور مقامات کا نام سامریہ ہونا کم از کم ممکن ضرور تھا۔
(تفہیم القرآن جلد سوم صفحہ ۱۱۳، ۱۱۴)
سامری کے متعلق تحقیق کرتے ہوئے مولانا ابوالکلام آزاد ترجمان القرآن میں لکھتے ہیں :۔
"قیاس کہتا ہے کہ یہاں سامری سے مقصود سمیری قوم کا فرد ہے کیونکہ جس قوم کو ہم نے سمیری کے نام سے پکارنا شروع کر دیا ہے عربی میں اس کا نام قدیم سے سامری آرہا ہے اور اب بھی عراق میں ان کا بقایا اسی نام سے پکارا جاتا ہے۔ یہاں قرآن کا السامری کہہ کے اسے پکارنا صاف کہہ رہا ہے کہ یہ نام نہیں ہے اس کی قومیت کی طرف اشارہ ہے یعنی وہ شخص اسرائیلی نہ تھا سامری تھا۔"
اس سے چند سطور آگے چل کر مولانا آزاد لکھتے ہیں :۔
"بہرحال سُمیری قبائل کا اصلی وطن عراق تھا مگر یہ دُور دُور تک پھیل گئے تھے مصر سے ان کے تعلقات کا سُراغ ایک ہزار سال قبل مسیح تک روشنی میں آچکا ہے۔ پس معلوم ہوتا ہے اسی قوم کا ایک فرد حضرت موسیٰ کا بھی معتقد ہو گیا اور جب بنی اسرائیل نکلے تو یہ بھی ان کے ساتھ نکل آیا۔ اسی کو قرآن نے السامری کے لفظ سے یاد کیا ہے۔"
ترجمان القرآن جلد دوم صفحہ ۴۶۴، ۴۶۵)
مگر مولانا دریا آبادی نے ایک نئی چیز بیان کی ہے۔ لکھتے ہیں :۔
بعض جدید محققین کا خیال ہے کہ قدیم مصری زبان میں سمر کہتے ہیں پردیسی، غیر ملکی، بیرونی کو۔ سامری سے مراد ہے کوئی شخص جو غیر اسرائیلی تھا اور مصر سے اسرائیلیوں کے ساتھ ہو گیا تھا۔ (تفسیر ماجدی سورہ طٰہٰ) یہ لکھنے کے

بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا وَكَذٰلِكَ سَوَّلَتْ

نہ دیکھی [۱] پس میں نے مٹھی بھر لی۔ رسول کی سواری کے نشانِ قدم کی خاک سے پھر اسے ڈال دیا اس ڈھانچہ میں اور اس

لِيْ نَفْسِيْ ﴿۹۶﴾ قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ فِي الْحَيٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ

طرح آراستہ کر دی میرے لیے میرے نفس نے یہ بات۔ آپ نے (غضب سے) فرمایا جا چلا جا پس تیرے لیے اس زندگی میں تو یہ سزا ہے کہ تو کہتا پھرے گا کہ مجھے کوئی ہاتھ نہ لگائے

بعد میں نے لسان العرب کی طرف رجوع کیا۔ وہاں جو رقم ہے اس کے مطالعہ سے وہ بنیاد ہی منہدم ہو جاتی ہے جس پر مستشرقین اور معترضین کے اعتراض کا انحصار ہے السامرة قبيلة من قبائل بنى اسرائيل قوم من اليهود يخالفونهم فى بعض دينهم اليه نسب السامرى الذى عبد العجل الذى سمع له خوار۔

(لسان العرب ج ۴ ص ۳۸۰ طبع بیروت)

یعنی بنی اسرائیل کے متعدد قبائل میں سے ایک قبیلہ کا نام السامرة ہے اور جس شخص نے بچھڑے کی پوجا شروع کی وہ اس قبیلہ کا فرد تھا۔ اسی نسبت سے اسے سامری کہا گیا ہے۔ صاحب تاج العروس نے بھی اسی قسم کی تشریح لکھی ہے۔

[۲] حضرت موسیٰ علیہ السلام کے استفسار پر سامری نے جو جواب دیا وہ اس آیت میں مذکور ہے لیکن آیت کے مفہوم میں اختلاف ہے۔ تمام قدیم مفسرین اس آیت کی اس توضیح پر متفق ہیں کہ سامری نے عرض کی کہ میں نے ایک دفعہ جبریل کو دیکھا کہ وہ گھوڑی پر سوار ہیں۔ وہ گھوڑی جہاں قدم رکھتی ہے خشک گھاس سرسبز ہو جاتی ہے۔ میں نے خیال کیا کہ اس گھوڑی کی خاک قدم میں حیات بخش اثر ہے۔ میں نے وہاں سے ایک مٹھی بھری اور حفاظت سے اپنے پاس رکھ لی۔ اب جب آپ طور پر گئے اور آپ کی واپسی میں تاخیر ہوئی تو مجھے یہ سوجھی کہ زیورات کو گلا کر ایک بچھڑے کا ڈھانچہ بنایا اور اس میں یہ مٹی ڈال دی جس سے اس میں زندگی کے آثار نمایاں ہو گئے اور اس سے آواز نکلنے لگی۔ لیکن ابو مسلم اصفہانی نے قدماء علماء تفسیر کے برعکس اس کا ایک اور مفہوم بیان کیا ہے جسے امام رازی نے اپنی تفسیر میں ذکر کیا اور اس کو صحیح ثابت کرنے کے لیے کئی وجوہات بیان کیں۔ علامہ ابی حیان اندلسی نے بھی اس قول کو بحر محیط میں ذکر کیا اور اس کی تردید نہیں کی۔ علامہ نیشاپوری نے بھی اسے اپنی تفسیر میں ذکر کیا اور اس کی تغلیط نہیں کی۔ ابو مسلم نے اس آیت کا یہ مفہوم بیان کیا ہے کہ بصرت بما لم يبصروا به کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے بتائے ہوئے عقائد جن کی صداقت کو بنی اسرائیل نے تسلیم کر لیا تھا مجھے وہ صحیح معلوم نہ ہوئے۔ اور میں ان کی تصدیق نہ کر سکا کیونکہ یہ اس قوم کا فرد تھا جو گائے کی پرستش کیا کرتی تھی۔ اپنے آبائی عقائد اس کے ذہن میں سرایت کیے ہوئے تھے اس لیے عقیدۂ توحید کو اس کا درست نہ سمجھنا بعید از قیاس نہ تھا۔ قال بصرت بما لم يبصروا به اى عرفت ان الذى انتم

وَاِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ ۚ وَانْظُرْ اِلٰٓى اِلٰهِكَ الَّذِيْ ظَلْتَ

اور بیشک تیرے لیے ۵۳ ایک اور وعدہ (عذاب) بھی ہے جس کی خلاف ورزی نہیں ہوگی اور (ذرا) دیکھ اپنے اس خدا کی طرف جس پر تو جم کر

علیه لیس بحق فقبضت قبضة من اثر الرسول کا مطلب اس نے یہ بیان کیا ہے کہ آپ کی صحبت میں کچھ عرصہ رہنے سے میں نے آپ کے نظریات میں سے بعض کو تسلیم کر لیا تھا۔ فنبذتها۔ لیکن جب میں نے ان میں مزید غور و فکر کیا تو ان کو بھی رد کر دیا فکذالك سولت لی نفسی یہ سب کچھ میں نے از خود کیا ہے کسی کے ورغلانے کا اس میں کوئی حصہ نہیں۔ اور جب آپ کے دین کی صداقت پر میرا ایمان نہ رہا تو آپ کی غیر حاضری سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں نے آپ کی قوم کو آپ کے دین سے منحرف کرنے کی یہ تدبیر کی اور میں کامیاب رہا۔ اکثر متاخرین نے ابو مسلم کی اس توجیہ کو پسند کیا ہے۔

لیکن مولانا مودودی نے اس توجیہ پر اپنی ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ اگر اس طرح قرآنی جملوں کو مختلف معانی کا لباس پہنایا جانے لگا تو یہ کتاب معموں اور پہیلیوں کی کتاب بن جائے گی۔ اس کی عربی مبین ہونے کی صفت کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اسی طرح انھیں قدماء مفسرین کی توجیہ سے بھی اتفاق نہیں۔ ان کا خیال ہے کہ سامری کے اس جواب کا صداقت سے کوئی واسطہ نہ تھا بلکہ جب موسیٰ علیہ السلام نے اسے سرزنش کی، اور اس کی اس حرکت کی وجہ پوچھی تو اس نے جھوٹ موٹ ایک جواب گھڑ کر آپ کے سامنے پیش کر دیا۔

ابو مسلم اصفہانی نے جب قدماء کے مسلک سے اختلاف کیا تو اس نے اس کی یہی وجہ بتائی کہ قرآن سے اس مسلک کی توثیق نہیں ہوتی۔ اگر یہی بات کوئی اصفہانی سے پوچھے کہ آپ کی تاویل کی تصدیق قرآن کی کس آیت سے ہوتی ہے تو شاید انھیں خاموشی اختیار کرنا پڑے اور مولانا کا یہ ارشاد کہ قرآن یہ نہیں کہہ رہا ہے کہ فی الواقع ایسا ہوا تھا بجا لیکن قرآن یہ بھی تو نہیں کہہ رہا کہ ایسا نہیں ہوا تھا۔ سامری نے جھوٹ بولا تھا اور اگر سامری نے جھوٹ بولا ہوتا تو موسیٰ علیہ السلام صاف فرماتے کہ تم جھوٹ بک رہے ہو۔ تمھارے اس جواب کا حقیقت سے کوئی واسطہ نہیں۔ اگر پہلی دو توجیہوں میں سے کسی کو قرآن کریم کی تائید حاصل ہوتی تو تسلیم کرنے میں کوئی حرج نہ تھا لیکن اگر انھیں یہ تائید میسر نہیں تو پہلی توجیہ کو صرف اس لیے رد کر دینا کہ اس کی توثیق کسی آیت سے نہیں ہوتی عجیب معلوم ہوتا ہے۔ قدماء کا مسلک ہی انسب اور اسلم معلوم ہوتا ہے۔ واللہ تعالیٰ و رسوله اعلم۔

۵۳ آپ نے اس کو اپنے گروہ سے خارج کر دیا اور سب کو تاکید کر دی کہ اس کے ساتھ نشست و برخاست بول چال لین دین سب بند کر دیں۔ اور اس کے دل میں بھی لوگوں سے وحشت اور نفرت پیدا ہو گئی۔ جنگل میں اسی طرح تنہا راندہ ہوا گھومتا رہا۔ یہاں تک کہ مر گیا۔ فکان فی البرية طريدا وحيدا كالوحشی النافر حتی مات۔

(مظہری)

عَلَيْهِ عَاكِفًا لَّنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنسِفَنَّهٗ فِى الْيَمِّ نَسْفًا ﴿٩٧﴾ إِنَّمَآ

جس پر تم جما بیٹھا رہا اس کا کیا حشر ہوتا ہے ہم اسے جلا ڈالیں گے پھر ہم بکھیر کر بہا دیں گے اس سمندر میں اس (کی راکھ) کو ۔ تمہارا معبود تو

إِلَٰهُكُمُ اللَّهُ الَّذِى لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ وَسِعَ كُلَّ شَىْءٍ عِلْمًا ﴿٩٨﴾ كَذَٰلِكَ

صرف اللہ تعالیٰ ہے جس کے سوا کوئی خدا نہیں ٦٣ گھیر رکھا ہے اس نے ہر چیز کو (اپنے) علم سے ۔ یونہی ہم

نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ ءَاتَيْنَٰكَ مِن لَّدُنَّا

بیان کرتے ہیں ٦٤ آپ سے خبریں ان لوگوں کی جو پہلے گزر چکے ۔ اور ہم نے مرحمت فرمایا ہے آپ کو اپنی جناب سے ایک

ذِكْرًا ﴿٩٩﴾ مَّنْ أَعْرَضَ عَنْهُ فَإِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيَٰمَةِ وِزْرًا ﴿١٠٠﴾

پند نامہ ۔ جو شخص روگردانی کریگا اس سے تو وہ اٹھائے گا قیامت کے دن ایک بوجھ ۔

خَٰلِدِينَ فِيهِ ۖ وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَٰمَةِ حِمْلًا ﴿١٠١﴾ يَوْمَ يُنفَخُ فِى

یہ لوگ ہمیشہ اس بوجھ تلے دبے رہیں گے اور بہت تکلیف دہ ہوگا انکے لیے روز قیامت یہ بوجھ ۔ جس روز پھونکا جائے گا

الصُّورِ ۚ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِينَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ﴿١٠٢﴾ يَتَخَٰفَتُونَ بَيْنَهُمْ

صور میں اور ہم جمع کریں گے ٦٥ مجرموں کو اس دن اس حال میں کہ انکی آنکھیں نیلی ہونگی چپکے چپکے آپس

٦٣ آخر میں آپ نے فرمایا کہ یہ رب نہیں جسے سامری نے ڈھالا ہے اس جیسے تو سینکڑوں اور ڈھالے جاسکتے ہیں بلکہ تمہارا رب وہ ہے جو وحدہٗ لاشریک ہے جس کا کوئی ہمسر نہیں جس کا علم اتنا وسیع ہے کہ کائنات کا ذرہ ذرہ اس کے سامنے عیاں ہے ۔

٦٤ یہی واقعہ بائیبل میں بھی مذکور ہے اور قرآن میں بھی ۔ دونوں کا تقابلی مطالعہ کرنے سے آپ کو یقین ہو جائے گا کہ قرآن میں بیان شدہ واقعہ کی ہر ہر آیت میں لقد آتیناك منا ذکرا کا نور چمک رہا ہے ۔

٦٥ وقوع قیامت اور مجرمین کے قبروں سے اٹھنے کا بیان ہو رہا ہے کہ جب وہ اٹھیں گے تو خوف و ہراس کی وجہ سے ان کی آنکھیں نیلی ہو چکی ہوں گی ۔ آنکھوں کی سیاہی غائب ہو چکی ہوگی ۔ عرب نیلی آنکھ کو ناپسند کرتے ہیں اور اسے بد صورتی کی علامت سمجھتے ہیں ۔ والعرب تتشاءم بزرق العیون وتذمه ۔ (قرطبی)

إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا عَشْرًا ﴿١٠٣﴾ نَّحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ إِذْ يَقُولُ أَمْثَلُهُمْ

میں کہیں گے ۵۰ کہ نہیں رہے تم دنیا میں مگر (صرف) دس دن۔ ہم خوب جانتے ہیں جو وہ کہیں گے جبکہ ان میں سب سے زیادہ زیرک

طَرِيقَةً إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا يَوْمًا ﴿١٠٤﴾ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ ع ۵ ۱۴

کہے گا کہ نہیں ٹھیرے ہو تم مگر صرف ایک دن۔ اور وہ آپ سے پہاڑوں کے انجام کے بارے میں پوچھتے ہیں ۵۱

يَنسِفُهَا رَبِّي نَسْفًا ﴿١٠٥﴾ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿١٠٦﴾ لَّا تَرَىٰ فِيهَا

آپ فرمائیے میرا رب انہیں جڑوں سے اکھیڑ کر پھینک دے گا۔ پس بنا چھوڑیگا اس پہاڑی علاقہ کو کھلا ہموار میدان نہ نظر آئیگا تجھے اس میں

عِوَجًا وَلَا أَمْتًا ﴿١٠٧﴾ يَوْمَئِذٍ يَتَّبِعُونَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهُ ۖ وَخَشَعَتِ

کوئی موڑ اور نہ کوئی ٹیلہ اس روز سب لوگ پیروی کرینگے پکارنے والے کی کوئی روگردانی نہیں کر سکیگا اس سے۔ اور خاموش ہو جائیں گی

الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمَٰنِ فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا هَمْسًا ﴿١٠٨﴾ يَوْمَئِذٍ لَّا تَنفَعُ

سب آوازیں رحمٰن کے خوف سے پس تو نہ سنے گا (اس روز) مگر مدھم سی آہٹ۔ اس دن نہیں نفع دیگی کوئی سفارش

۵۰ تخافت کا معنی ہے رازداری سے چپکے چپکے باتیں کرنا۔ جب ہول قیامت دیکھیں گے تو دنیا کی طویل زندگیاں بھول جائیں گے۔ عیش و سرور کی لمبی راتیں، خوشی اور نشاط کے لمبے دن یکسر فراموش کر دیں گے اور کہیں گے کہ ہمارا قیام تو دنیا میں بڑا مختصر تھا۔ ہم صرف دس دن وہاں ٹھیرے اور پھر نکال دیئے گئے اور جو ان میں سے بڑا ہوشمند اور سیانا ہو گا وہ انہیں کہے گا ہم وہاں دس روز کب ٹھیرے تھے ہمارا قیام تو وہاں ایک روز و شب سے زیادہ نہ تھا۔

۵۱ کفار کو جب بتایا جاتا کہ قیامت کے روز ہر چیز زیر و زبر اور سارا نظام درہم برہم کر دیا جائے گا تو وہ فوراً اعتراض جڑ دیتے کہ یہ اونچے اونچے پہاڑ جو بلندی میں آسمان سے باتیں کر رہے ہیں یہ کہاں جائیں گے اس کا جواب دیا جا رہا ہے۔ ان آیات کے مشکل الفاظ کی تشریح "نسف"، نسفاً۔ اس کی وضاحت کرتے ہوئے ابن الاعرابی کہتے ہیں۔ یقلعها قلعا من اصولها ثم يسيرها رملا يسيل سيلاً ثم يسيرها كالصوف المنفوش تطيرها الرياح هكذا وهكذا۔ یعنی انہیں جڑوں سے اکھیڑ کر ریت کی طرح بکھیر رکھ دے گا پھر دھنی ہوئی اون کے گالوں کی طرح ہوائیں انہیں اڑا کر لے جائیں گی اور ان کا نام و نشان تک باقی نہ رہے گا۔ القاع۔ المستوی من الارض۔ ہموار میدان۔ صفصفا: الذی لا نبات فیہ۔ چٹیل میدان جس میں کوئی چیز اگی ہوئی نہ ہو۔ عوجاً۔ کجی، موڑ جس طرح پہاڑوں کا بل

الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا ﴿١٠٩﴾ يَعْلَمُ

سوائے اس شخص کی شفاعت کے جسے رحمٰن نے اجازت دی اور پسند فرمایا ہو اس کے قول کو ٤٩ وہ جانتا ہے

مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ﴿١١٠﴾ وَعَنَتِ

جو کچھ آگے ہے ان لوگوں کے حالات کو اور ان کے گزرے ہوئے واقعات کو اور لوگ نہیں احاطہ کر سکتے اس کا اپنے علم سے ٥٠ اور (قیامت کے روز) جھک جائیں گے

الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ؕ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿١١١﴾ وَمَنْ

سب (لوگوں کے) چہرے اس حی و قیوم کے سامنے اور نامراد ہوا جس نے لادا اپنے (سر پر) ظلم (کا بار گراں) اور جو شخص

کھاتا ہوا سلسلہ ہوتا ہے۔ الامت: ابناث، وھی التلال الصغار واحدھا بَنْكٌ ای ھی ارض مستویة لا انخفاض فیھا ولا ارتفاع یعنی الامة کا معنی ہے چھوٹے چھوٹے ٹیلے۔ مطلب یہ ہے کہ جہاں آج اونچے پہاڑ اور گہری وادیاں ہیں وہ جگہ بالکل ہموار کر دی جائے گی اس میں کوئی نشیب و فراز نہیں ہوگا۔ ھَمْسًا۔ مدھم آواز، پاؤں کی آہٹ کو بھی ھَمْس کہتے ہیں۔

٤٩ یہ مضمون کئی بار گزر چکا ہے یعنی قیامت کے روز یہ نہیں ہوگا کہ جس کا جی چاہے گا اٹھ کر شفاعت کرنے لگے گا بلکہ اس روز وہی شخص شفاعت کرنے کی جرأت کرے گا جسے پہلے بارگاہِ رب العزت سے اس کا اذن مل چکا ہوگا جیسے انبیاء، اولیاء، علماء وغیرہم اور انہی کے حق میں شفاعت کی جائے گی جن کا کلمہ شہادت عند اللہ مقبول ہو اور جو بے ایمان ہو کر مرے گا اس کے لیے کوئی شفاعت نہیں ہوگی۔

٥٠ حضرت صدر الافاضل مولانا محمد نعیم الدین مراد آبادی قدس سرہٗ لکھتے ہیں یعنی تمام کائنات کا علم ذاتِ الٰہی کا احاطہ نہیں کر سکتا اس کی ذات کا ادراک علومِ کائنات کی رسائی سے برتر ہے وہ اپنے اسماء و صفات اور آثارِ قدرت و شیونِ حکمت سے پہچانا جاتا ہے۔ ؎

کجا دریابد او را عقلِ چالاک — کہ او بالاتر است از حدِ ادراک

نظر کن اندر اسماء و صفاتش — کہ واقف نیست کس از کنہِ ذاتش (خزائن العرفان)

ترجمہ: عقلِ چالاک اللہ تعالیٰ کو کس طرح پا سکتی ہے کیونکہ وہ فہم و ادراک کی حد سے بہت بلند ہے تو اگر اس کی معرفت حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس کے اسمائے حسنیٰ اور صفاتِ کمال میں غور و فکر کر۔ کیونکہ کوئی شخص اس کی ذات کی حقیقت سے واقف نہیں ہے۔

٥١ بڑے بڑے مطلق العنان بادشاہ، فاتحانِ عالم، سرکش رؤسا و امراء قیامت کے روز جب خداوند ذوالجلال کے حضور میں حاضر ہوں گے تو ان کی گردنیں جھکی ہوئی ہوں گی۔ ان کے چہروں پر عاجزی اور درماندگی کے آثار نمودار ہو رہے ہوں گے۔ کوئی دم نہیں مار سکے گا۔

يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ﴿١١٢﴾

کرتا ہے نیک اعمال اور وہ ایمان دار بھی ہو تو اسے اندیشہ نہ ہوگا کسی ظلم کا یا حق تلفی کا

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ

اور اسی طرح ہم نے اُتارا اس کتاب کو قرآن عربی زبان میں اور طرح طرح سے بیان کیں اس میں گناہوں کی سزائیں

لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ﴿١١٣﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ

تاکہ وہ پرہیزگار بن جائیں یا پیدا کردے یہ قرآن انکے دلوں میں یہ سمجھ۔ پس اعلیٰ وارفع ہے اللہ جو سچا بادشاہ ہے۔

وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ وَقُلْ

اور نہ عجلت کیجیے قرآن کے پڑھنے میں اس سے پہلے کہ پوری ہو جائے آپ کی طرف اسکی وحی ١٠٢ اور دعا مانگا

١٠٢ اس آیت کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ ابن کثیر نے حضرت ابن عباس کی حدیث نقل کی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سرکارِ دو عالم کو نبوت کے ابتدائی ایام میں نزولِ وحی کے وقت بڑی شدت کا سامنا کرنا پڑتا۔ جو جبرائیل کی زبان سے نکلتا اس کی طرف بھی پوری توجہ ازبس ضروری تھی اور جو وہ سناتے اس کا یاد رکھنا بھی ازحد اہم تھا نہ توجہ کو ادھر سے ہٹایا جا سکتا تھا نہ وحی کو فراموش کرنے کا خطرہ برداشت کیا جا سکتا تھا۔ چنانچہ جبرائیل جو کلامِ الٰہی سناتے حضور اسے پورے انہماک اور توجہ سے سنتے بھی اور ساتھ ہی ساتھ اسے زبان سے دہراتے بھی۔ دونوں بوجھوں کا بیک وقت متحمل ہونا گراں اور شاق ضرور تھا لیکن نبوت کی نازک ذمہ داریوں کے پیشِ نظر اس کے بغیر چارۂ کار بھی نہ تھا۔ اللہ تعالٰے نے اس مشکل کو یہ فرما کر آسان کر دیا کہ اے محبوب! جبرائیل جب میرا کلام پڑھ کر تمہیں سنائے تو آپ سنتے رہیے اور یہ فکر نہ کیجیے کہ بھول جائے گا اسے یاد کرا دینا اور اس کے معانی و مطالب سے آگاہ کر دینا ہم نے اپنے ذمہ لے لیا ہے۔ آپ کو اس کے لیے متردد اور پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ حصولِ علم کا عام طریقہ تو یہی ہے کہ استاد جو کہے شاگرد اسے غور سے سنتا بھی جائے اور ساتھ ساتھ اسے ذہن میں محفوظ بھی کرتا جائے لیکن ربِّ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے عطیات نرالے ہیں۔ وہ بغیر مشقت کوئی نعمت عطا فرما دے تو یہ اس کا کرم ہے۔

میں نے جب عصرِ حاضر کے ایک مشہور مصنف کی تفسیر میں یہ پڑھا تو انتہائی دکھ ہوا۔ وہ لکھتے ہیں :۔

"نبی صلے اللہ علیہ وسلم وحی کا پیغام وصول کرنے کے دوران میں اسے یاد کرنے اور زبان سے دہرانے کی کوشش فرما رہے ہوں گے۔ اس کوشش کی وجہ سے آپ کی توجہ بار بار ہٹ جاتی ہوگی بسلسلۂ اخذ

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓی اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِیَ وَ

بیجیے میرے رب! اور زیادہ کر میرے علم کو ۱۴۳؎ اور ہم نے حکم دیا تھا آدم کو ۱۴۴؎ اس سے پہلے پر وہ (اس درخت کے قریب جانے) سے بھول گیا اور

وحی میں خلل واقع ہو رہا ہوگا۔ پیغام کی سماعت پر توجہ پوری طرح مرکوز نہ ہو رہی ہوگی۔ اس کیفیت کو دیکھ کر یہ ضرورت محسوس کی گئی کہ آپ کو پیغام وحی وصول کرنے کا صحیح طریقہ سمجھایا جائے"۔

ایک سطر آگے چل کر لکھتے ہیں :-

"ابتدائی زمانہ میں جبکہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اخذ وحی کی عادت اچھی طرح نہ پڑی تھی، آپ سے کئی مرتبہ یہ فعل سرزد ہوا ہے۔ (تفہیم القرآن صفحہ ۱۲۹ جلد سوم)

میرے جیسا مبتدی بہرحال اس عبارت کا مدعا نہیں سمجھ سکا۔ وصول وحی کے لیے حضور کی یہ حرص اور شفقت حضور کا کمال اور احساس ذمہ داری کا ثبوت تھا یا وجہ نقص تھی۔ اللہ تعالٰے کا یہ ارشاد اس کا محض احسان اور لطف تھا یا کسی غلطی کی اصلاح اور کوتاہی کی تلافی تھی؟ کیا نبوت اور اس کے لوازمات وہبی ہیں یا کسبی اور عادت سے حاصل ہوتے ہیں؟ یہ چیزیں غور طلب ہیں۔

ادب گاہیست زیر آسمان از عرش نازک تر | نفس گم کردہ می آید جنید و بایزید ایں جا

۱۴۳؎ علامہ ابن کثیر فرماتے ہیں قال ابن عیینة رحمة الله علیه لم یزل رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم فی زیادة حتی توفاه الله عز وجل یعنی اس دعا کی برکت سے تا دم واپسیں حضور کے علم میں اضافہ اور زیادتی ہوتی رہی۔ وقیل هذا اشارة الی العلم اللدنی (روح المعانی)

ترجمہ: علامہ آلوسی کہتے ہیں کہ اس میں علم لدنی کی طرف اشارہ ہے اور علم لدنی اسے کہا جاتا ہے جو کسبی نہ ہو بلکہ محض اللہ تعالٰے کی دین ہو۔

علامہ اسمٰعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں بڑی پیاری بات لکھی ہے :-

"در لطائف قشیری رحمۃ اللہ تعالٰے مذکور است کہ حضرت موسٰی علیہ السلام زیادہ علم طلبید او را حوالہ بخضر کردند و بے طلب پیغمبر ما صلے اللہ علیہ وسلم دعائے زیادتی علم بیاموخت و حوالہ بغیر خود نہ کرد تا معلوم شود کہ آنکہ در مکتب ادب "اَدَّبَنِیْ رَبِّیْ" سبق وقل رب زدنی علما خواندہ باشد ہر آئینہ در درسگاہ وعلمک ما لم تکن تعلم نکتہ فعلمت علم الاولین والآخرین بگوش ہوش مستفیدان حقائق اشیا تواند رسانید"۔

علمہائے انبیاء و اولیاء | در دلش رخشندہ چوں شمس الضحٰی
عالمے کآموزگارش حق بود | علم او بس کامل مطلق بود

ترجمہ :۔ لطائف قشیری رحمۃ اللہ میں مذکور ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے علم کی زیادتی کا سوال کیا، تو انھیں خضر کے حوالے کر دیا گیا اور ہمارے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو بن مانگے زیادتی علم کی دعا سکھادی اور اپنے سوا کسی کی طرف کسب علم کے لیے جانے کی اجازت نہ دی تاکہ دنیا کو معلوم ہو جائے کہ وہ ہستی جس نے ادبنی ربی کے مکتب میں وقل رب زدنی علما کا سبق پڑھا ہے وہ علمک مالم تکن تعلم کی درسگاہ میں حقائق اشیاء کی جستجو کرنے والوں کے گوش ہوش میں فعلمت علم الاولین والآخرین کا نقطہ پہنچا سکتا ہے۔

ترجمہ اشعار رومی :۔ تمام انبیاء اور اولیاء کے علوم آپ کے قلب مبارک میں چاشت کے سورج کی طرح چمک رہے ہیں۔ وہ عالم جس کا استاد حق تعالےٰ ہو اس کے علم کے کمال کا کوئی کیسے اندازہ لگا سکتا ہے۔

آخری سطروں کی وضاحت ضروری ہے تاکہ عام تعلیم یافتہ حضرات بھی اس سے لطف اندوز ہو سکیں حضور علیہ الصلاۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ اَدَّبَنِیْ رَبِّیْ فَاَحْسَنَ تَاْدِیْبِیْ۔ میرے رب نے مجھے ادب سکھایا ہے اور خوب سکھایا ہے۔ گویا یہ وہ مدرسہ ہے جس میں حضورؐ نے تعلیم حاصل کی ہے اور اس مدرسہ کا پہلا سبق یہ ہے وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا۔ یعنی ہر وقت یہ دعا مانگو کہ اے میرے رب میرے علم میں مزید اضافہ فرما۔ یہ مدرسہ جس کا یہ پہلا سبق ہے۔ اسی کے فیض سے حضورؐ کو عَلَّمَکَ مَالَمْ تَکُنْ تَعْلَمُ، کا مرتبہ نصیب ہوا۔ یعنی اے حبیبؐ جو آپ پہلے نہیں جانتے تھے ہم نے آپ کو سکھا دیا۔

اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ حقائق اشیاء کی تلاش کرنے والوں کے کانوں تک حضورؐ کا یہ اعلان پہنچا فَعَلِمْتُ عِلْمَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ۔ یعنی تعلیم الٰہی سے مجھے پہلے لوگوں کا علم بھی حاصل ہو گیا اور بعد میں آنے والے لوگوں کا علم بھی حاصل ہو گیا۔

۱۲۲ ـ موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ ذکر کرنے کے بعد حضرت آدم علیہ السلام کا قصہ بیان فرمایا جا رہا ہے۔ موسیٰ کو جن لوگوں سے واسطہ پڑا تھا وہ بدکار اور گمراہ لوگ تھے لیکن ان کی گمراہی اور بدکاری میں عناد، سرکشی اور نافرمانی کا رنگ بھرا ہوا تھا۔ وہ اپنی سرکشیوں پر فخر کرتے تھے۔ غرور و نخوت سے ان کی گردنیں اکڑی رہتی تھیں ظلم و ستم کی روش کو ترک کرنے کے لیے انھیں بارہا نصیحتیں کی گئیں مگر ہر بار عصیان و فسوق کا جذبہ ان میں تیز ہوتا گیا۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ غضب الٰہی جوش میں آیا اور سمندر کی موجیں انھیں اور ان کے جاہ و جلال کو تنکوں کی طرح بہا لے گئیں۔ قصۂ آدم میں بھی لغزش کا وقوع ہے۔ حکم الٰہی کی بجا آوری میں کچھ کوتاہی تھی۔ لیکن اس لغزش اور کوتاہی میں رعونت اور تکبر کا کوئی نشان نہ تھا۔ بھولے سے ایسی راہ پر قدم اٹھ گئے تھے جہاں جانے سے اللہ تعالےٰ نے صاف طور پر منع کیا تھا۔ حکم عدولی یقیناً ہو گئی تھی لیکن نافرمانی کا قصد ہرگز نہ تھا۔ قصور بلاشبہ سرزد ہو گیا تھا لیکن قصوروار بنکر سامنے آنے کا ارادہ موجود نہ تھا۔ جب متنبہ کیا گیا تو بار ندامت سے کمر دوہری ہو گئی۔ شدت غم سے دل پھٹنے لگا۔ احساس گناہ سے آنسوؤں کے دریا بہنے لگے۔ فرط حیا سے آسمان کی طرف نگاہ تک نہ اٹھ سکتی تھی اس لیے قدرت کا

لَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ﴿۱۱۵﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا

اور نہ پایا ہم نے (اس لغزش میں) اس کا کوئی قصد ۸۵ اور جب ہم نے حکم دیا فرشتوں کو کہ سجدہ کرو آدم کو تو سب نے سجدہ کیا

اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ اَبٰى ﴿۱۱۶﴾ فَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا

سوائے ابلیس کے، اس نے حکم بجالانے سے انکار کر دیا اور ہم نے فرما دیا اے آدم! بیشک یہ تیرا بھی دشمن ہے اور تیری زوجہ کا بھی سو (ایسا نہ ہو)

سلوک آدم علیہ السلام سے وہ نہ تھا جو فرعون سے کیا گیا۔ زبان قدرت نے خود عذر بیان کر دیا فرمایا فنسی ولم نجد لہ عزماً آدم نے یہ غلطی دانستہ نہیں کی بلکہ بھولے سے بلا ارادہ یہ خطا ہو گئی۔ پھر عفو و درگزر سے کام لیکر صرف خطا بخشی تک بات ختم نہیں ہوئی بلکہ رحمت کردگار اور آگے بڑھی اور شکستہ خاطر، وقف حزن وملال اور مصروف آہ و بکا آدم کو اٹھایا اور اپنے دست کرم سے سر پر ثم اجتبٰہ ربہ کا چمکتا دمکتا نورانی تاج رکھ دیا۔ اسی سورۃ کی آیت ۱۲۲ ملاحظہ ہو۔

اس واقعہ کو ذکر کرکے اپنے بندوں کو بتایا کہ اگر بشری کمزوری کی وجہ سے یا جذبات کی شدت سے مجبور ہو کر کوئی گناہ کر بیٹھو تو سرکشی کی راہ اختیار نہ کرو۔ ورنہ تمہارا حشر وہی ہوگا جو فرعون کا ہوا۔ بلکہ توبہ اور انابت کو اپنا شعار بناؤ۔ تمہارے ساتھ وہی کریمانہ برتاؤ کیا جائے گا جو توبہ اور انابت کے راستہ پر چلنے والے ہر راہرو کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ قصہ آدم اس سے پہلے بھی کئی بار گزر چکا اور اس کے بعد بھی مختلف سورتوں میں اس کا بیان آئے گا۔ اس قصہ کے کئی پہلو ہیں۔ سیاق وسباق کی موافقت میں ہر جگہ اس واقعہ کے اسی پہلو کو نمایاں کیا گیا ہے جس کا نمایاں کرنا وہاں ضروری ہے اس لیے تکرار کے باوجود اس کی افادیت میں کوئی کمی محسوس نہیں ہوتی۔ ضیاء القرآن جلد اول میں سورہ البقرہ کی آیات ۳۰ تا ۳۹ کے حواشی نیز سورہ الاعراف کی آیات ۱۱ تا ۲۵ کے حواشی ملاحظہ ہوں۔ یہاں فقط کلمات کی تشریح اور توضیح پر اکتفا کیا جائے گا۔

۸۵ اس کا مفہوم بیان کرتے ہوئے علامہ راغب لکھتے ہیں۔ النسیان ترك الانسان ضبط ما استودع امّا لضعف قلبه وامّا عن غفلة وامّا عن قصد . . . . وكل نسيان من الانسان ذمه الله تعالىٰ به فهو ما كان اصله عن تعمّد۔ (مفردات)

یعنی نسیان کا معنی ہے انسان کا اس چیز کو محفوظ نہ رکھنا جو اسے ودیعت کی گئی اس کی وجہ کبھی دل کی کمزوری کبھی غفلت ہوتی ہے اور کبھی قصداً بھی انسان کسی چیز کو اپنے دل سے محو کر دیتا ہے اور یہی نسیان اللہ تعالیٰ کے نزدیک مذموم ہے۔

۸۶ عزم کے معنی عقد القلب على امضاء الامر کسی کام کے کرنے کا تہیہ کر لینا۔ آیت کا ایک مفہوم تو یہ ہے کہ آدم علیہ السلام سے جو حکم عدولی ہوئی اس میں ان کے عزم کا دخل نہیں کہ آپ نے اپنے ارادہ اور مرضی سے اس درخت کا پھل کھایا ہو،

يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ﴿١١٧﴾ اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَ

کر وہ نکال دے تمھیں جنت سے ، تب تم مصیبت میں پڑ جاؤ ۔ بیشک تمہارے لیے یہ ہے کہ تمھیں نہ بھوک لگے گی یہاں اور

لَا تَعْرٰى ﴿١١٨﴾ وَ اَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَ لَا تَضْحٰى ﴿١١٩﴾ فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ

نہ تم ننگے ہوگے ۔ اور تمھیں نہ پیاس لگے گی یہاں اور نہ دھوپ ستائے گی ۔ پس شیطان نے انکے دل میں

الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰۤاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَ مُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ﴿١٢٠﴾

وسوسہ ڈالا ۳۱ اس نے کہا اے آدم ! کیا میں آگاہ کروں تمھیں ہمیشگی کے درخت پر اور ایسی بادشاہی پر جو کبھی زائل نہ ہو

فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَ طَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ

سو انکے بہکانے سے دونوں نے کھا لیا اس درخت سے تو فوراً برہنہ ہوگئیں ان پر ان کی شرمگاہیں اور وہ چپکانے لگ گئے اپنے (جسم) پر

دوسرا مطلب یہ بیان کیا گیا ہے کہ حکم الٰہی پر ثابت قدم رہنے کی آپ میں ہمت نہ تھی شیطان نے جب دل میں وسوسہ ڈالا تو آپ فوراً اس کے فریب میں آگئے اگرچہ بعض حضرات نے آیت کے اس مفہوم کو ترجیح دی ہے لیکن اس احقر کے نزدیک پہلا معنی زیادہ مناسب ہے کیونکہ فنسی کا لفظ اسی طرف اشارہ کر رہا ہے وقیل معنی الاٰیۃ لم نجد لہ عزما ای قصدا علی اکل الشجرۃ بل اکل ناسیا ۔ (مظہری) یعنی آیت کا مفہوم یہ ہے کہ آپ نے قصداً اس درخت کا پھل نہیں کھایا بلکہ بھول کر کھا بیٹھے ۔

۳۰ آدم علیہ السلام کو بتایا جا رہا ہے کہ ابلیس تمہارا اور تمہاری زوجہ کا خطرناک دشمن ہے ۔ تمہاری عزت اور سرفرازی دیکھ کر یہ آتش حسد میں جل رہا ہے ۔ ایسا نہ ہو کہ وہ تمھیں کوئی چکمہ دے اور تم پھنس جاؤ ۔ یہ تمھیں جنت کی راحتوں سے محروم کردے گا ۔ فتشقیٰ اور تم مشقت میں مبتلا ہو جاؤ گے ۔ کیونکہ یہاں تو ہر چیز تیار ملتی ہے ۔ اگر یہاں سے نکال دیئے گئے تو پھر ایک لقمہ منہ میں ڈالنے کے لیے محنت کرنی پڑے گی ۔ پھر بھی یہ بہار نصیب نہ ہوگی ۔ المراد بالشقاء التعب فی طلب المعاش ۔ (مظہری)

شقاء سے مراد وہ کلفت اور تھکن ہے جو کسب معاش کے باعث انسان محسوس کرتا ہے ۔ یہاں "تشقی" کا لفظ شقاوت اور بدبختی کے معنی میں مستعمل نہیں ہوا ۔

۳۱ شیطان اپنی فریب کاری سے باز نہ آیا اور ناصح مشفق بن کر بہلانا شروع کر دیا اور کہا کیا میں آپکو ایک ایسا درخت دکھاؤں جس کا پھل کھانے سے موت کا خدشہ ہمیشہ کے لیے مٹ جائیگا ! اور تمھیں لازوال بادشاہی مل جائے گی ۔

وَرَقِ الْجَنَّةِ ۚ وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿١٢١﴾ ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ

جنت (کے درختوں) کے پتے۔ اور حکم عدولی ہوگئی آدم سے اپنے رب کی سو وہ بامراد نہ ہوا ۹۵ پھر (اپنے قرب کے لیے) چن لیا انھیں اپنے رب نے

فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى ﴿١٢٢﴾ قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا ۢ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ

اور (عفو و رحمت سے) توجہ فرمائی ان پر اور ہدایت بخشی۔ حکم ملا دونوں اتر جاؤ یہاں سے اکٹھے تم ایک دوسرے کے دشمن

عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ۙ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ

ہوگے۔ پس اگر آئے تمھارے پاس میری طرف سے ہدایت تو جس نے پیروی کی میری ہدایت کی ۹۶ تو نہ وہ بھٹکے گا

۹۵ غوی کا معنی ہے ضلّ عن المقصود یعنی جس مقصد کے لیے انھوں نے اس درخت کا پھل کھایا کہ ہمیشہ زندہ رہیں گے وہ مطلوب حاصل نہ ہوا! ور ابن الاعرابی نے کہا کہ غوی کا معنی ہے فسد علیہ عیشہ انھوں نے اپنی زندگی کا عیش و آرام خود خاک میں ملا دیا۔ راحت و آرام کی جگہ مشقت و محنت مقدر میں لکھ دی گئی! امام لغت اسمٰعیل بن حماد الجوہری کی الصحاح دیکھنے کا موقعہ ملا تو سارے وسوسے دور ہو گئے۔ لفظ غوی کی تحقیق کرتے ہوئے وہ لکھتے ہیں کہ غوی کا معنی صرف گمراہ ہونا نہیں جس طرح ہم عام طور پر خیال کرتے ہیں بلکہ اہل زبان اسے دو معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔ (۱) گمراہ ہونا۔ (۲) حصولِ مقصد میں ناکام ہونا۔ الغی، الضلال والخیبۃ ایضاً (الصحاح)

اس تحقیق کی روشنی میں ہم یہاں دوسرا معنی لیں گے۔ کیونکہ یہی یہاں مناسب ہے۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر آدم علیہ السلام نے بھول کر یہ کام کیا تھا تو پھر عصیٰ آدم (کہ آدم نے نافرمانی کی) کے الفاظ ان کے متعلق کیوں کہے گئے تو اس کا صحیح جواب یہ ہے کہ حسنات الابرار سیئات المقربین

ترجمہ:۔ نیک لوگوں کی نیکیاں بسا اوقات مقربین بارگاہِ الٰہی کی سیئات شمار کی جاتی ہیں۔

خطا اور نسیان پہ اگرچہ انسان سے مواخذہ نہیں ہوگا اور انسان عذاب کا مستحق قرار نہیں پائے گا۔ لیکن خواص کا معاملہ اور ہے۔ ان سے ترکِ اولیٰ پر بھی مواخذہ ہوتا ہے۔ ؎

بود آدم دیدۂ نورِ قدیم موئے در دیدہ بود کوہِ عظیم

رومی فرماتے ہیں کہ آدم علیہ السلام نورِ قدیم کی آنکھ تھے اور آنکھ میں اگر ایک بال بھی پڑ جائے تو وہ کوہِ عظیم کی طرح ناقابلِ برداشت ہوتا ہے۔

۹۶ حضرت ابن عباس نے اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا کہ جو شخص قرآن کریم کی تلاوت کرتا ہے اور اس کے احکام پر عمل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے دنیا میں گمراہ ہونے سے بچائے گا اور قیامت کے دن عذاب الیم سے محفوظ رکھے گا۔

وَلَا يَشْقٰى ﴿۱۲۳﴾ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّ

اور نہ بدنصیب ہوگا۔ اور جس نے منہ پھیرا میری یاد سے ۹۱ تو اس کے لیے زندگی (کا جامہ) تنگ کر دیا جائیگا اور

نَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ﴿۱۲۴﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِىْٓ اَعْمٰى وَقَدْ

ہم اسے اٹھائینگے قیامت کے دن اندھا کر کے ۹۲ وہ کہیگا اے میرے رب! کیوں اٹھایا ہے تو نے مجھے نابینا کر کے میں تو پہلے

كُنْتُ بَصِيْرًا ﴿۱۲۵﴾ قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ

بالکل بینا تھا۔ ۹۳ اللہ تعالیٰ فرمائیگا اسی طرح آئی تھیں تیرے پاس ہماری آیتیں سو تو نے انہیں بھلا دیا اسی طرح آج تجھے فراموش

۹۱ ضنكًا مصدر ہے اس کا معنی تنگ ہونا۔ یہاں یہ معیشۃ کی صفت واقع ہوا ہے اور جب مصدر صفت واقع ہو (جیسے زیدٌ عدلٌ) تو مبالغہ پر دلالت کرتا ہے اس لیے مذکر اور مؤنث دونوں کی صفت واقع ہو سکتا ہے۔

علامہ ابن کثیر اس آیت کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ جو شخص ذکرِ الٰہی سے منہ موڑتا ہے اور احکامِ خداوندی سے رُوگردانی کرتا ہے۔ وہ دولت اور ثروت کے انبار جمع کر لینے کے باوجود جاہ و جلال کے بلند ترین مناصب پر فائز ہونے کے باوجود اطمینانِ قلب کی نعمت سے محروم رہتا ہے۔ اس کے دسترخوان پر لذیذ ترین کھانے چنے جاتے ہیں۔ وہ بیش قیمت لباس زیبِ تن کیے ہوتا ہے لیکن اس کا دل اُداس، رُوح بے چین اور طبیعت افسردہ رہتی ہے۔ سچی خوشی سے وہ کبھی بہرہ مند نہیں ہوتا۔ دن رات دولت یا اقتدار کے حصول میں سرگرداں رہتا ہے پھر اس کی حفاظت کی فکر ہر وقت دامنگیر رہتی ہے وہ حرام اور ناجائز ذرائع استعمال کرنے سے باز نہیں آتا۔ اِس طرح اس کا ضمیر اسے ملامت کرتا ہے اور یہ ملامت بڑی شدید اور دل گداز قسم کی ہوتی ہے۔ وہ خود اپنی آنکھوں میں مجرم ہوتا ہے۔ اس کے دامن کے بدنما داغ اسے ہر وقت گھورتے رہتے ہیں۔ ای ضنكًا فی الدنیا فلا طمانینة له ولا انشراح لصدره بل صدره ضیقٌ حرجٌ لضلاله وان تنعم ظاهره ولبس ماشاء واكل ماشاء . . . . . فهو فی قلق و حیرة وشك . . . . . فهذا من ضنك المعیشة۔ بعض علماء نے اس سے مراد عذابِ قبر لیا ہے۔

۹۲ یہ سزا تو دنیا میں ملی اور جب روزِ محشر اٹھے گا تو اندھا ہو کر اٹھے گا۔ ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا پھیلا ہوا محسوس ہوگا۔ دوسری آیت میں ہے۔ ونحشرهم یوم القیامة علی وجوههم عمیا وبكما وصما۔ (بنی اسرائیل: ۹۷) یعنی ہم انہیں قیامت کے دن انکے منہ کے بل اٹھائیں گے اندھے، گونگے اور بہرے۔

۹۳ اپنے آپ کو اندھا پا کر کہے گا الٰہی میں تو دنیا میں بینا تھا میری آنکھیں بڑی خوب صورت تھیں۔ میری بینائی بڑی تیز تھی۔ آج کیا ہو گیا مجھے کچھ نظر نہیں آرہا۔ آخر مجھے اتنی سخت سزا کیوں دی جا رہی ہے۔

تُنْسٰى ﴿١٢٦﴾ وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْۢ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ

کر دیا جائیگا ۹۴ اور یونہی ہم بدلہ دیتے ہیں ہر اس شخص کو جس نے حد سے تجاوز کیا اور ایمان نہ لایا اپنے رب کی آیتوں پر۔

وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ﴿١٢٧﴾ اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ

اور یقیناً آخرت کا عذاب بڑا سخت اور بہت دیر پا ہے۔ کیا (یہ بات) انھیں راہ راست نہ دکھا سکی ۹۵ کہ کتنی قومیں تھیں جو ہم نے

مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي

(وہ عالیشان قومیں) ان سے پہلے برباد کر دیں، چلتے پھرتے ہیں یہ لوگ جن کے (اجڑے ہوئے) مکانوں میں۔ یقیناً اس میں ہماری قدرت کی نشانیاں ہیں اہل دانش کے

النُّهٰى ﴿١٢٨﴾ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿١٢٩﴾ ع ٧ ١٤ ١٦

لیے۔ اور اگر ان کے انجام کے متعلق آپ کے رب کا فیصلہ پہلے نہ ہو چکا ہوتا اور ۹۶ (نہ) ان کے لیے ایک وقت مقرر کر دیا گیا ہوتا تو ابھی ان پر

۹۴ جواب ملیگا تم درست کہتے ہو لیکن تمھیں یاد ہے میری آیتیں تجھے پڑھ کر سنائی گئیں، ہدایت کی دعوت دی گئی، پیغمبروں نے تجھے سمجھانے کی بڑی کوشش کی لیکن تو نے میری آیات کو فراموش کر دیا اور انھیں پس پشت ڈال دیا۔ سو یہ اسی کی سزا ہے۔ یہاں آج تمھیں فراموش کر دیا گیا ہے۔ نسی کا معنی بھلانا بھی ہے اور نظر انداز کر دینا بھی۔ یہاں دوسرا معنی زیادہ مناسب ہے۔ نسیتھا۔ فاعرضت عنھا وترکتھا۔ تنسیٰ۔ تترک۔

۹۵ ذکر آدم کے بعد اب روئے سخن کفار مکہ کی طرف ہے۔ وہ تجارت پیشہ لوگ تھے اور آئے دن انھیں سفر درپیش رہا کرتے کبھی شام کی طرف جا رہے ہیں اور کبھی یمن کے سفر کی تیاری ہو رہی ہے۔ اثنائے سفر ان کا گزر کئی اجڑی ہوئی بستیوں اور ویران کھنڈروں کے پاس سے ہوا کرتا تھا۔ ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ ان اجاڑ بستیوں اور ویران کھنڈروں کے پاس سے گزرتے ہوئے تم نے یہ کبھی نہیں سوچا کہ یہاں بھی کبھی لوگ بستے تھے۔ یہ بستیاں بھی زندگی کی رنگینیوں سے آباد تھیں۔ آج یہاں کیوں خاک اڑ رہی ہے۔ یہاں بسنے والے لوگوں پر یہ کیا افتاد پڑی کہ اپنے خوب صورت مکانوں کو چھوڑ کر چلے گئے اور کہاں چلے گئے۔ اگر تم نے کبھی زحمت فکر برداشت کی ہوتی تو تمھیں پتہ چل جاتا کہ انھوں نے خداوند تعالیٰ کی نافرمانی کی اور انھیں برباد کر دیا گیا۔ سوچو! اگر تم بھی باز نہ آئے تو کہیں تمھارا انجام بھی انہی کی طرح ہولناک نہ ہو۔

۹۶ اس آیت میں تقدیم و تاخیر ہے۔ ولولا کلمۃ سبقت من ربک واجل مسمی لکان لزاما۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اگر ہم نے ایک فیصلہ (کلمہ) نہ کر دیا ہوتا اور ان کے عذاب کے لیے وقت مقرر نہ ہوتا تو ابھی انھیں برباد کر دیا جاتا لیکن رحمت اور حکمت کا تقاضا یہی ہے کہ انھیں فوراً ہلاک نہ کیا جائے۔ وہ فیصلہ (کلمہ) کیا تھا اس کے متعلق علامہ پانی پتی فرماتے

فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ

عذاب ٹل رہا ہے پس (اے حبیب!) صبر فرمائیے ان کی دل دکھانے والی باتوں پر ۹۷ اور پاکی بیان کیجئے اپنے رب کی حمد کے ساتھ سورج کے طلوع ہونے

وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ

سے پہلے اور اس کے غروب ہونے سے پہلے۔ اور رات کے لمحوں میں اس کی پاکی بیان کرو اور دن کے اطراف میں بھی، تاکہ آپ

تَرْضٰى ۝۱۳۰ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ

خوش رہیں۔ اور آپ مشتاق نگاہوں سے نہ دیکھیے ۹۸ ان چیزوں کی طرف جن سے ہم نے لطف اندوز کیا ہے کافروں کے چند گروہوں کو

ہیں۔ وھی العدۃ بتاخیر عذاب کفار ھذہ الامۃ الی یوم القیامۃ وعدم استیصالھم فی الدنیا لکون النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم رحمۃ للعالمین۔ (مظہری)

یعنی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا تھا اس لیے یہ مناسب نہ ہوا کہ کافروں کو تہس نہس کر ڈالا جائے بلکہ قیامت تک انھیں مہلت دے دی۔

۹۷ اے حبیب! ان کی دل آزاریوں، بہتان طرازیوں اور بدخوئیوں پر صبر فرمائیے اور ہر وقت اللہ تعالیٰ کی حمد و تسبیح میں مشغول رہیے۔ ہم آپ کو خوش و خرم فرما دیں گے۔ اسلام کو وہ عروج حاصل ہوگا کہ آپ کا دل باغ باغ ہو جائیگا۔ یہ بدکے ہوئے جانوروں کی طرح دور بھاگنے والے آپ کی روشن کی ہوئی شمع ہدایت پر پروانہ وار نثار ہونگے۔ ان کی ساری خوشیاں اور آرزوئیں اس بات میں سمٹ کر رہ جائیں گی کہ تیرے اشارۂ ابرو پر جان دے دیں اور تیرے قدموں پر اپنے سر قربان کر دیں۔ اس آیت میں نمازوں کے اوقات کی طرف بھی اشارہ ہے۔ قبل طلوع سے مراد نماز صبح اور قبل غروب سے مراد نماز عصر آناء اللیل سے مراد نماز عشاء اور تہجد اور اطراف النہار سے مراد ظہر اور مغرب۔

۹۸ داعی حق کے لیے یہ چیز کبھی کبھی بڑی تشویش کا باعث ہوتی ہے کہ جو لوگ حق کو قبول نہیں کرتے اور فسق و فجور میں مگن رہتے ہیں اور اگر انھیں نصیحت کی جاتی ہے تو وہ اس ناصح مشفق کی پگڑی اچھالتے ہیں اور اس کی توہین پر بغلیں بجاتے ہیں، پھر بھی ایسے لوگوں کی دولت و ثروت میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ ان کی ہیبت اور رعب کا دائرہ پھیلتا جاتا ہے۔ وہ انکار حق کے باوجود دندناتے پھرتے ہیں۔ کمزور انسان سوچنے لگتا ہے کہ اگر یہ گمراہ ہوتے تو قدرت ان سے اتنا تغافل نہ برتتی۔ ان کو اتنی لمبی مہلت نہ ملتی کہیں یہی راہ راست پر نہ ہوں۔ اس آیت میں اپنے محبوب کو خطاب فرما کر سب اعیان حق کو بتا دیا کہ دنیا کا یہ ساز و سامان جو کفار کو دیا گیا ہے اس کی طرف للچائی ہوئی نظروں سے مت دیکھو۔ یہ دولت انکے راہ راست پر ہونے کا انعام نہیں بلکہ ان کی آزمائش کو سنگین اور انکے امتحان کو دشوار بنانے کے لیے ہے۔

زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى ﴿١٣١﴾

یہ محض زیب و زینت ہیں دنیوی زندگی کی اور انھیں اس لیے دی ہیں تاکہ ہم آزمائیں انھیں ان سے۔ اور آپ کے رب کی عطا بہتر اور ہمیشہ رہنے

وَ اْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَ اصْطَبِرْ عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْــَٔلُكَ رِزْقًا ؕ نَحْنُ

والی ہے ۹۹ اور حکم دیجیے اپنے گھر والوں کو نماز کا ۱۰۰ اور خود بھی پابند رہیے اس پر نہیں سوال کرتے ہم آپ سے روزی کا (بلکہ) ہم ہی

ذرا آیت کی ترکیب پر غور فرمائیے اگر "ازواجا" کو "متعنا" کا مفعول بنایا جائے تو "منهم" اس کی صفت ہوگی، معنی ہوگا "ازواجا ای اصنافا من الكفرة" یعنی کافروں کے مختلف گروہ۔ دوسری صورت یہ ہے کہ "ازواجا" حال ہو اور "به" کی ضمیر ذوالحال اس وقت "منهم" "متعنا" کا مفعول "به" ہوگا اور من بعضیہ ہوگا تقدیر کلام یوں ہوگی "ما متعنا به بعضهم حال كون المتتع به اصناف من المال" اور "زهرة الحيٰوة" فعل محذوف اعطیناهم کا مفعول ہوگا اور اگر اسے "متعنا" کا مفعول بنایا جائے تو اس وقت یہ ماننا پڑے گا کہ "متعنا" "اعطينا" کے معنی کو متضمن ہے۔

زهرة الحيٰوة الدنيا: زينتها و بهجتها یعنی دنیا کی آرائش و رونق۔

۹۹ آپ اس دنیائے فانی کے ساز و سامان کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھیں ہی کیوں۔ آپ کے پروردگار نے اے حبیب! جو پاکیزہ اور حلال روزی جو نورِ ہدایت، جو سعادت نبوت اور جو مراتب عالیہ آپ کو عطا فرمائے ہیں، ان کے سامنے اس مال و متاع کی قدر و قیمت ہی کیا ہے۔ یہ بہار آج نہیں تو کل خزاں کی نذر ہو جائے گی۔ یہ سیم و زر کے انبار ایک ہی معاشی بحران میں ختم ہو کر رہ جائیں گے۔ یہ بزم طرب موت کے ایک ہی جھٹکے سے درہم برہم ہو کر رہ جائے گی۔ لیکن تیرے باغِ حسن کی بہار سے غنچۂ دل ہمیشہ ہمیشہ کھلتے رہیں گے۔ تیرے کمالات کا چمن ہمیشہ ہمیشہ آراستہ رہے گا۔ تیرے فیض کا چشمہ تا ابد جاری رہے گا۔ جس محفل میں میرا ذکر ہوگا وہاں تیری منقبت کے قصیدے بھی ضرور پڑھے جائیں گے۔ تیری عظمت کا پرچم سرِ عرش لہراتا رہیگا۔ ورزق ربك خير وابقى بار بار پڑھیے اور اس میں بار بار غور کیجیے۔

۱۰۰ نماز خزائنِ رحمت کی کلید ہے۔ اس کے گلشنِ رضوان کا دروازہ ہے۔ ہجوم مصائب کے وقت انسان کی سپر ہے۔ پہلی آیت میں اقامتِ صلوٰۃ کا حکم صرف اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو دیا گیا تھا۔ اب ارشاد ہے اے محبوب جتنے تیرے ہیں سب کو ہماری بارگاہ میں شرفِ باریابی حاصل کرنے کا اذنِ عام ہے۔ تیرے دامنِ رحمت میں جتنے پناہ لینے والے ہیں سب کو بتا دو کہ آپ کے رب کے فیض و عطا کے چشمے جاری ہیں کوئی پیاسا نہ رہے۔ کوئی سراب دنیا کے پیچھے مارا مارا نہ پھرے۔ اے تشنہ لبو! جہاں کہیں بھی ہو اور جس حال میں ہو دوڑ کر آؤ میرے رب کے بحرِ رحمت کی موجیں تمہاری منتظر ہیں۔ یہاں اہل سے مراد حضور کے سارے غلام حضور کی ساری امت ہے۔ خاندانِ رسالت بطریق اولیٰ اس حکم میں شامل ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام حضرت خاتونِ جنت اور شیرِ خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو نمازِ صبح کے

نَرْزُقُكَ ۗ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ۝١٣٢ وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ

روزی دیتے ہیں تجھ کو۔ اور اچھا انجام پرہیزگاری کا ہی ہوتا ہے۔ اور کفار کہتے ہیں کہ یہ (نبی) کیوں نہیں لے آتا ہمارے پاس کوئی نشانی

لیے خود بیدار کرتے تھے۔

افسوس! کہ آج سادات کرام کی ایک کثیر تعداد کو اس حکم کی اہمیت کا احساس تک نہیں بلکہ وہ سمجھتے ہیں کہ وہ اس حکم سے مستثنیٰ ہیں گویا نماز ایک بیگار اور سزا تھی۔ جو انھیں معاف کر دی گئی۔ کاش ان فریب خوردہ شاہین بچوں کو جنھیں کرگسوں کی صحبت نے اپنے مقام سے بیگانہ کر دیا ہے۔ نماز کی حقیقت کا علم ہوتا تو وہ اس میدان میں سب سے آگے ہوتے۔ جس طرح ان کے اسلاف کرام اس میدان میں سب سے آگے اور سب کے راہنما تھے۔

یہی حال عام مسلمانوں کا ہے۔ وہ صبح سے لیکر شام تک بازاروں میں کاروبار کرینگے کھیتوں میں مشقت کرینگے چودہ چودہ گھنٹے سر پہ ٹوکری اٹھائینگے اور کوئی تھکن محسوس نہ کرینگے لیکن اگر اسی اثنا میں نماز کا وقت آجائے اور اللہ تعالیٰ کا منادی حی علی الصلوٰۃ کہکر پکارے تو فوراً اعضا شکنی شروع ہو جائے گی۔ تھکاوٹ سے چور چور ہو جائیں گے۔ ہم نے اپنے خاکروبوں کو عین جاڑے کے موسم میں سحری کے وقت گلی کوچوں میں پابندی سے جھاڑو دیتے دیکھا ہے۔ نہ اس وقت انھیں نیند ستاتی ہے اور نہ سردی راستہ روک کر کھڑی ہوتی ہے لیکن یہ توفیق کہ قبولیت کی ان سہانی گھڑیوں میں وضو کر کے اپنے رب کی جناب میں سجدہ کرلیں تو بہ توبہ یہ ان سے نہیں ہو سکے گا۔ یہ زحمت وہ گوارا نہیں کر سکیں گے۔ اِلَّا مَا شَاءَ اللّٰہ! اس کی بھی یہی اور صرف یہی وجہ ہے کہ ہم نماز کو ایک بوجھ ایک بیگار سمجھتے ہیں! ور خیال کرتے ہیں کہ یہ ایک سزا ہے جو ہمیں مسلمان ہونے کے جرم میں دی گئی ہے۔ اگر ہم اس حقیقت کو ذہن نشین کرلیں کہ نماز سے رحمتوں کے دروازے کھلتے ہیں ابر کرم آکر برستا ہے۔ مصیبتوں کے سیلاب کے سامنے بند بندھ جاتا ہے تو یقیناً ہم ایسا نہ کریں جو ہم کرتے ہیں۔ ؎

وہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے    ہزار سجدے سے دیتا ہے آدمی کو نجات

۱۵۱ جب ہم نے اپنے آپ کو اپنا رازق سمجھ لیا ہے اور رزق رسانی کی ذمہ داری اپنے ذمے لی ہے اُس وقت سے ہم اس بکھیڑ میں سرگرداں ہیں۔ دن رات ہمیں فرصت کا کوئی ایسا لمحہ نہیں ملتا جس میں اپنے خالق و مالک کو یاد کرلیں اس غلط فہمی کا قرآن میں بار بار ازالہ کیا گیا ہے اور یہاں بھی بتایا جا رہا ہے کہ تم رازق نہیں ہو۔ نہ اپنے نہ اپنے بال بچے کے اور نہ کسی اور کے۔ رزق رسانی کا بوجھ اپنے اوپر لاد کر تم خواہ مخواہ ہلکان ہو رہے ہو۔ رازق تو میں ہوں جو تمہارا خالق ہوں۔ میرے قبضۂ قدرت میں ہی رزق کے سارے خزانے ہیں۔ میں تمھیں بھی روزی دیتا ہوں اور تمہارے اہل و عیال کو بھی پالتا ہوں۔ تم ان دھندوں میں پھنس کر اپنی عمر عزیز برباد نہ کرو بلکہ اپنے انجام کی فکر کرو۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من کانت الدنیا همه فرق الله علیه امره وجعل فقره بین عینیه ولم یأته من الدنیا الا ما کتب له ومن کانت الآخرة نیته جمع له امره وجعل غناه فی قلبه

اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿١٣٣﴾ وَلَوْ اَنَّآ اَهْلَكْنٰهُمْ

اپنے رب کے پاس سے ١٣٢ ؎ (اب یہ پوچھو) کیا نہیں آیا ان کے پاس واضح بیان جو پہلی نازل شدہ کتابوں میں ہے ١٣٣ ؎ اور اگر ہم انھیں ہلاک کر دیتے

بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِهٖ لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ

کسی عذاب سے اس سے پہلے تو کہتے اے ہمارے رب! کیوں نہ بھیجا تو نے ہماری طرف کوئی رسول تاکہ ہم پیروی کرتے

اٰيٰتِكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ﴿١٣٤﴾ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوْا

تیری آیتوں کی اس سے پہلے کہ ہم ذلیل اور رسوا ہوتے۔ اے حبیب! آپ انھیں فرمائیے ہر شخص (انجام کا) منتظر ہے

فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى ﴿١٣٥﴾ ع ٨ ١٧

سو تم بھی انتظار کرو۔ تم عنقریب جان لوگے کون ہیں سیدھی راہ پر چلنے والے اور کون ہدایت یافتہ ہیں ١٣٤ ؎

واتتہ الدنیا وھی راغمۃ (ابن کثیر) یعنی میں نے حضور کو یہ فرماتے سنا کہ جس کے پیش نظر صرف دنیا ہوتی ہے اللہ تعالیٰ اس کے حالات کو مضطرب کر دیتا ہے اور احساس فقر ہمیشہ اس کی آنکھوں کے سامنے رہتا ہے اور اتنی کدو کاوش کے باوجود اسے دنیا میں سے اتنا کچھ ہی ملتا ہے جو اس کے مقدر میں پہلے لکھا جا چکا تھا۔ اور جو شخص آخرت کا طلب گار ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے حالات کو یکجا کر دیتا ہے اور اس کے دل کو غنی بنا دیتا ہے اور دنیا (ذلیل ہوکر) اس کے سامنے آتی ہے۔

اس سے کوئی صاحب یہ نہ سمجھ لیں کہ کسب معاش سے روکا جا رہا ہے نہیں ایسا نہیں، کسب معاش کا تو اللہ اور اس کے رسول نے بار بار حکم دیا ہے اور رزق حلال کو فضل خداوندی کہا گیا ہے۔ وابتغوا من فضل اللہ جو چیز ممنوع ہے وہ یہ ہے کہ انسان دنیا کمانے میں ایسا کھو جائے کہ حلال و حرام کی تمیز نہ رہے اور نماز و زکوٰۃ کی توفیق سے بھی محروم ہو جائے۔

١٣٢ ؎ صبح و شام انھیں آیات خداوندی سنائی اور سمجھائی جا رہی ہیں قدم قدم پر معجزے دکھائے جا رہے ہیں۔ ہدایت کی روشنی ہر سو پھیل رہی ہے اس کے باوجود وہ کہتے ہیں کہ ہمیں تو آج تک کوئی ایسی نشانی نہ دکھائی گئی جس سے آپ کا سچا نبی ہونا ثابت ہوتا ورنہ ہم فوراً ایمان لاتے۔

١٣٣ ؎ انھیں بتایا جا رہا ہے کہ تمہاری ضد اور ہٹ دھرمی کا کوئی علاج نہیں ساری پہلی کتابیں ایسے دلائل سے بھری پڑی ہیں جن سے اللہ تعالیٰ کی توحید اسلام کی صداقت اور حضور کریم کی نبوت ثابت ہوتی ہے پھر اس قرآن کے نزول کے بعد کیا کسی ایسی نشانی کی ضرورت باقی ہے جس کے تم منتظر ہو۔ ١٣٤ ؎ ان کی ساری حجت بازیوں کا مختصر مگر دندان شکن جواب اس آیت میں دے دیا گیا ہے۔ الحمد للہ ربنا و رب الملائکۃ والروح والصلوٰۃ والسلام علی حبیبہ نور قلوبنا و قرۃ عیوننا و علی آلہ و اصحابہ اجمعین۔

# تعارف سورۃ الانبیاء

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

**نام** : کیونکہ اس سورۃ میں بہت سے انبیاء کرام کا تذکرہ ہے اس مناسبت سے اس سورہ کا نام سورۃ الانبیاء رکھا گیا ہے۔

**نزول** : یہ سورہ تمام مکی ہے اس میں ۷ رکوع ۱۱۲ آیتیں ۱۱۸۶ کلمے اور ۴۸۹۰ حروف ہیں۔

**مضامین** : جہاں بھی کفر و شرک کی ظلمت چھا جاتی ہے وہاں زندگی کے متعلق انسان کا تصور ہی مسخ ہو کر رہ جاتا ہے۔ اس کے غور و فکر کی قوتیں اپاہج ہو جاتی ہیں۔ وہ اپنی ان اپاہج قوتوں کے سہارے فقط وہاں تک ہی قدم بڑھا سکتا ہے جہاں تک اس کے حواس ظاہرہ کی رسائی اور مشاہدہ کی سرحد ہے وہ کسی آنے والی زندگی کا تصور تک نہیں کر سکتا۔ اسے لاکھ سمجھایا جائے۔ اس کے سامنے دلائل کے انبار لگا دیے جائیں وہ اس حقیقت کو باور کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتا کیونکہ اخروی زندگی پر اس کا ایمان نہیں ہوتا۔ اس لیے اس کی ساری کوششیں اس زندگی سے زیادہ سے زیادہ لطف اندوز ہونے، دولت سمیٹنے اور عزت و اقتدار حاصل کرنے میں صرف ہو جاتی ہیں۔ صواب و ناصواب، جائز و ناجائز اور حلال و حرام کی تمیز بھی اٹھ جاتی ہے۔ خواہشات نفسانی کی تسکین کے لیے وہ دوسروں کی عزت و ناموس کو پامال کرنے میں کوئی قباحت محسوس نہیں کرتا۔ اپنے خزانوں کو بھرنے کی خاطر وہ بڑے اطمینان قلب سے لوٹ کھسوٹ میں سرگرم ہو جاتا ہے۔ اگر مسند اقتدار پر قبضہ کرنے کے لیے انسانی جانوں کی، اخلاقی قدروں کی، ارشادات خداوندی کی قربانی دینا پڑے تو وہ اس سے بھی باز نہیں آتا۔

یہی حالت عہد ہجرت کے کفار و مشرکین کی تھی اور آج بھی جہاں اللہ تعالیٰ کی ذات پر ایمان نہیں رہا۔ وہاں یہی حال ہے خواہ وہاں کے لوگ اپنی سائنسی اور صنعتی ترقی سے قدم قدم پر نئے کرشمے دکھا رہے ہوں۔

اس لیے اس سورۂ پاک کے آغاز میں پوری قوت سے ان کے اس فکری افلاس اور ذہنی بے راہ روی کا ازالہ کرنے کی کوشش فرمائی جا رہی ہے۔ انھیں بتایا جا رہا ہے کہ تم سے پہلے جن قوموں نے یہ روش اختیار کی تھی ان کے دردناک انجام کی داستان تم ان کھنڈرات کے شکستہ درو دیوار سے پوچھ سکتے ہو جو تمہاری تجارتی شاہراہوں کے ارد گرد کھڑے ہیں۔ وہ تمہیں بتائیں گے کہ یہاں بسنے والے بھی تمہاری طرح قیامت پر ایمان نہیں رکھتے تھے۔ اس لیے وہ دنیا کی لذتوں میں مگن ہو گئے۔ انھیں سمجھانے والوں نے بہتیرا سمجھایا لیکن وہ نہ سمجھے۔ آخر کار غضب الٰہی کی آگ بھڑکی اور اس نے انھیں چاروں طرف سے اپنی لپیٹ

میں لے لیا تو وہ بہت کودے، بہت بھاگے، بہت چیخے، بہت چلائے لیکن وہ اپنے انجام بد سے بچ نہ سکے۔ اے کفار تم ان کے حالات سے عبرت پکڑو۔ ایسا نہ ہو کہ مہلت کی گھڑیاں گزر جانے کے بعد تم بھی اسی ہولناک انجام سے دوچار کر دیے جاؤ۔

۲ - اس کے بعد توحید باری کے ثبوت کے لیے تکوینی دلائل کے ساتھ ساتھ عقلی دلیلیں بھی پیش کر دیں تاکہ انھیں راہ راست پر لانے کی کوشش ادھوری اور نا تمام نہ رہے۔

۳ - فرشتوں کے متعلق ان کے غلط عقیدہ کا بطلان کر دیا کہ وہ خدا کی اولاد نہیں بلکہ اس کے معزز بندے ہیں جو ہر وقت اس کی یاد، اس کی بندگی اور اس کی تسبیح و تقدیس میں مشغول رہتے ہیں۔ نہ تھکتے ہیں نہ اکتاتے ہیں۔

۴ - اسی ضمن میں توحید، نبوت اور آخرت کے بارے میں مشرکین کے شکوک و شبہات کو بیان کیا اور بڑے حکیمانہ انداز میں ان کی تردید بھی کر دی۔

۵ - اس کے بعد چند جلیل القدر انبیا اور اولوالعزم رسولوں کی سیرتیں بیان فرمائیں تاکہ راہ نورد منزل تسلیم و رضا اگر کسی مشکل سے دوچار ہو تو حوصلہ ہار نہ دے شکستہ پا ہو کر بیٹھ نہ جائے بلکہ ان پاکیزہ ہستیوں کی سیرت کے مطالعہ سے تقویت حاصل کرتا ہوا آگے بڑھتا جائے۔

۶ - سورۃ کے آخری رکوع میں ایک بار پھر اس حقیقت کو بیان فرما دیا کہ جو شخص نیکی اور راستی کی راہ پر صدق و اخلاص سے گامزن ہو گا۔ وہ بامراد اور کامیاب ہو گا۔ اس کی کوئی کوشش رائیگاں نہیں جائے گی۔ یہ لوگ روز محشر کی ہولناکیوں سے بھی خوفزدہ نہیں ہوں گے۔ اس روز فرشتے مرحبا! خوش آمدید! کہتے ہوئے ان کا استقبال کریں گے اور جو بدبخت اپنی غلط کاریوں پر بضد رہے اور سمجھانے کے باوجود نہ سمجھے تو انھیں ان کے معبودوں سمیت دوزخ کا ایندھن بنا دیا جائے گا۔

اختتام سورت سے پہلے قرآن کی شان اور صاحب قرآن کی عظمت کا ذکر فرمایا۔ ارشاد ہے ان فی ھذا لبلاغا لقوم عابدین یعنی یہ وہ کتاب ہے جس میں دین و دنیا میں فلاح و کامرانی حاصل کرنے کے قاعدے مذکور ہیں جس کے ماننے والے کو کسی اور نظام حیات کی دریوزہ گری کی ذلت نہیں اٹھانی پڑتی۔ یہ کتاب ہی تمام ضروریات کے لیے کافی ہے اور صاحب قرآن کے متعلق فرما دیا۔ وما ارسلنک الا رحمۃ للعلمین کہ ہم نے آپ کو سب جہانوں کے لیے سراپا رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ خوش نصیب ہے وہ قوم جس کی یہ شان ہے اور جس کے نبی کا یہ مقام ہے۔

# سُوْرَۃُ الْاَنْبِیَاۗءِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ مِائَۃٌ وَّاثْنَتَا عَشْرَۃَ اٰیَۃً وَّسَبْعُ رُکُوْعَاتٍ

سورۃ الانبیاء مکی | ۱۱۲ آیتیں | ۷ رکوع

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ①

قریب آگیا ہے [1] لوگوں کے لیے ان کے (اعمال کے) حساب کا وقت اور وہ غفلت میں منہ پھیرے ہوئے ہیں۔

[1] انسان کی فطرت سعید ہے اس لیے طبعاً وہ نیکی کو پسند کرتا ہے اور حق کو قبول کرکے اس کو اطمینان اور خوشی ہوتی ہے۔ لیکن اگر غلط تربیت، بگڑے ہوئے ماحول یا حالات کے تقاضوں کے پیشِ نظر وہ راہِ راست سے بھٹک جاتا ہے تو اس کی سعید فطرت بغاوت پر آمادہ ہوتی ہے۔ اس کا ضمیر اسے سرزنش کرتا ہے اور یہ سرزنش بڑی تلخ اور تیز ہوتی ہے۔ پھر یا تو انسان اپنی اصلاح کرلیتا ہے اور اگر ایسا نہیں کر سکتا تو پھر دل سے اٹھنے والی پیہم صدائے احتجاج کو خاموش کرنے کے درپے ہوجاتا ہے اور اس کی طرف سے غفلت برتنے لگتا ہے۔ حتیٰ کہ وہ آواز خاموش ہوجاتی ہے یا اس آواز کو سننے والے کان بہرے ہوجاتے ہیں۔ اس طرح وہ گناہ میں لذت محسوس کرنے لگتا ہے۔ وہ دوسروں کو اپنے ظلم کی تلوار سے تڑپتے دیکھ کر لطف اندوز ہوتا ہے اور غفلت و نسیان کا پردہ اتنا دبیز ہوتا ہے کہ اس کی آنکھیں انجام کی ہولناکیوں کو بھی نہیں دیکھ سکتیں۔ اس کی غفلت اس کے لیے بڑا سہارا ثابت ہوتی ہے اور وہ بڑے اطمینان سے ہر گناہ کا ارتکاب کرتا ہے۔ لیکن غور طلب بات یہ ہے کہ کیا وہ غفلت اور خود فراموشی اسے ہولناک انجام سے بچا سکتی ہے جب مہلت کی گھڑیاں ختم ہوجائیں گی تو کیا اسے کوئی ایسا گوشہ مل سکے گا، جہاں وہ چھپ جائے اور اس کی کسی کو خبر نہ ہو۔ اس لیے خیر خواہی کا تقاضا یہ نہیں کہ آپ غفلت کی چادر تان کر سو رہے ہوں خطرات کا گھیرا تنگ ہو رہا ہو اور اس خیال سے آپ کو جھنجھوڑا نہ جائے کہ آپ کی آنکھ کھلے گی اور اپنے ماحول کی سنگینی کا مشاہدہ کرکے آپ پریشان ہوں گے، بلکہ خیر خواہی کا تقاضا یہ ہے کہ آپ کو جگایا جائے، آپ کو جھنجھوڑا جائے اور اگر پھر بھی آپ آنکھ نہ کھولیں تو غفلت کی چادر نوچ کر پھینک دی جائے تاکہ بروقت ہوشیار ہو کر آپ اپنا بچاؤ کرسکیں۔

اس آیت میں کفار کی بعینہٖ یہی حالت بیان کی گئی ہے کہ وہ غفلت کی آغوش میں سر رکھ کر سو گئے ہیں تاکہ انھیں ضمیر کی سرزنش بے چین نہ کردے تاکہ وہ اپنے اعمال کے بھیانک انجام سے باخبر ہو کر مضطرب نہ ہوں لیکن اس سے کیا حاصل۔ حساب کی گھڑی تو رفتہ رفتہ نزدیک تر آرہی ہے۔ مکافاتِ عمل کا قانون حرکت میں آنے والا ہے

مَا يَأْتِيهِمْ مِنْ ذِكْرٍ مِنْ رَبِّهِمْ مُحْدَثٍ إِلَّا اسْتَمَعُوهُ وَ

نہیں آتی انکے پاس کوئی تازہ نصیحت ان کے رب کی طرف سے ۲؎ مگر یہ کہ وہ سنتے ہیں اسے اس حال میں کہ وہ

هُمْ يَلْعَبُونَ ۝۲ لَاهِيَةً قُلُوبُهُمْ ۗ وَأَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِينَ

لعب میں (مگن) رہتے ہیں۔ غافل ہوتے ہیں ان کے دل ۳؎ اور (آپکے خلاف) سرگوشیاں کرتے ہیں ظالم ۴؎

ظَلَمُوا هَلْ هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ ۖ أَفَتَأْتُونَ السِّحْرَ وَأَنْتُمْ

(وہ کہتے ہیں) کیا ہے یہ مگر ایک بشر تمہاری مانند۔ تو کیا تم پیروی کرنے لگے ہو جادو کی حالانکہ تم دیکھ رہے ہو

اے محبوب! ان کو جگاؤ۔ ان خود فراموشوں کو ہوش میں لاؤ۔ ان کی آنکھوں سے غفلت کی پٹی اتار دو کہ یہ اپنی نجات کا بروقت اہتمام کر سکیں۔ الغفلة سهو يعتري الانسان من قلة التحفظ والتيقظ۔ (المفردات)

کیونکہ جو وقت گزر چکا ہے اس کی نسبت سے بقیہ وقت کم ہے۔ اس لیے فرمایا کہ اقترب للناس۔ نیز جس چیز کا ہونا یقینی ہو خواہ وہ دُور ہو عقلمند اسے نزدیک ہی سمجھتے ہیں۔ عرب کہتے ہیں "کل ما هو آتٍ قريبٌ" ہر وہ چیز جس کا آنا یقینی ہو وہ قریب ہے۔

۲؎ "محدث" ذکر کی صفت ہے یعنی جب بھی کوئی نئی سورۃ یا آیت ان کی ہدایت کے لیے اترتی ہے تو اسے توجہ سے سننے کے لیے بھی آمادہ نہیں ہوتے۔ اس پر سنجیدگی سے غور ہی نہیں کرتے۔ لہو و لعب میں مگن رہتے ہیں۔ اور اگر انہیں خصوصیت سے سنانے کا اہتمام بھی کیا جائے تو وہ سننے کے ساتھ کھیل تماشے کا شغل بھی جاری رکھتے ہیں۔ هم يلعبون کا معنی يستهزءون (یعنی وہ مذاق کرتے ہیں) کیا گیا ہے اور یہ بڑا مناسب ہے۔ (مظہری)

۳؎ ان کلمات کی صحیح اہمیت کا پتہ تب چلتا ہے جب لہو کا لغوی مفہوم پیش نظر ہو۔ کسی اہم اور ضروری چیز سے توجہ ہٹا کر کسی غیر اہم اور غیر ضروری چیز میں مشغول ہو جانا اللهو ما يشغل الانسان عما يعنيه ويهمه وقوله لاهية قلوبهم اى ساهية مشتغلة بما لا يعنيها۔ یعنی یوم جزا تو انہیں یاد ہی نہیں اس کے متعلق فکر کرنے کا تو انکے پاس وقت ہی نہیں۔ اسے بھلا کر ان کے دل دنیا کی زیب و زینت میں کھو کر رہ گئے۔

۴؎ ہدایت کا آفتاب طلوع ہو چکا ہے اس کی روشنی آہستہ آہستہ پھیلتی جا رہی ہے۔ وہ بڑی کوشش کرتے ہیں کہ اپنے آپ کو اس فریب میں مبتلا رکھیں کہ ابھی سویرا نہیں ہوا۔ ابھی اندھیری رات ہے لیکن کہاں تک۔ آئے دن کوئی نہ کوئی سعادت مند روح دعوتِ حق کو سن کر لبیک کہہ دیتی ہے۔ اسلام کے خلاف ان کے متحدہ محاذ میں جگہ جگہ خطرناک قسم کے رخنے اور شگاف نمودار ہو رہے ہیں۔ اس خطرہ کا تدارک کرنے کے لیے وہ ایک دوسرے سے خفیہ

تُبۡصِرُوۡنَ ۝۳ قٰلَ رَبِّیۡ یَعۡلَمُ الۡقَوۡلَ فِی السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ ۫

دیکھ رہے ہو کہ یہ تمہاری طرح بشر ہے) (نبی کریم نے) فرمایا میرا رب جانتا ہے جو بات کہی جاتی ہے آسمان اور زمین میں ؎

وَ ہُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ۝۴ بَلۡ قَالُوۡۤا اَضۡغَاثُ اَحۡلَامٍۭ بَلِ

اور وہی ہر بات سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے وہ کہتے ہیں ؎ بلکہ یہ پریشان خواب ہیں (نہیں) بلکہ

شورے کرنے لگتے ہیں۔ لوگوں کو اسلام سے بدظن کرنے کے لیے حیلے تراشے جاتے ہیں اور اعتراض گھڑے جاتے ہیں۔ ان کے نزدیک سنگین قسم کا اعتراض یہ ہے کہ یہ دین سچا دین نہیں کیونکہ اس کا داعی بالکل ہماری طرح بشر ہے۔ کھاتا ہے، پیتا ہے، سوتا ہے، جاگتا ہے۔ معاً ذہن میں یہ خدشہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر کسی نے پوچھ لیا کہ یہ نبی نہیں تو اس سے معجزات کیوں صادر ہوتے ہیں اور اس کا کلام جسے وہ خدا کا کلام کہتا ہے اسے سن کر روح پر جذب وکیف کا عالم کیوں طاری ہو جاتا ہے اور اس کے جلال سے دل کیوں کانپ اٹھتے ہیں۔ اس خلش کا ازالہ وہ یہ کہہ کر کرتے ہیں کہ یہ جادو ہے۔ کھلا جادو۔ یہ سب معجزے جادو کا کرشمہ ہیں اور اس کلام کی تاثیر بھی سحر کی مرہون منت ہے اس لیے ہمیں جان بوجھ کر اس جادو کا اتباع نہیں کرنا چاہیے۔ افتأتون السحر ای تتبعونه۔

یہاں ذرا ایک نحوی پیچیدگی ہے اس پر بھی غور فرمالیجیے۔ واسروا النجوی الذین ظلموا کے فقرہ میں اسروا فعل ہے نجوی مفعول اور الذین فاعل اور نحو کا قاعدہ یہ ہے کہ فاعل اگر اسم ظاہر ہو تو فعل واحد ہوتا ہے۔ اس قاعدے کے مطابق اسرّ النجوی ہونا چاہیے تھا۔ فاعل ظاہر ہونے کے باوجود اسروا جمع کا صیغہ کیوں استعمال کیا گیا اس کا ایک جواب تو یہ ہے کہ اسروا میں واؤ ضمیر جمع نہیں بلکہ علامت جمع ہے تاکہ اسروا کا لفظ سنتے ہی سننے والے کو پتہ چل جائے کہ اس کا ایک فاعل نہیں بلکہ متعدد ہیں۔ دوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ واؤ ضمیر جمع فاعل ہے اور الذین فاعل نہیں بلکہ واؤ کا بدل ہے۔ اور واؤ مبدل منہ ہے جیسے ثم عموا وصموا کثیر منھم میں گزر چکا ہے۔

؎ تم یہ کس سے چھپ چھپ کر سرگوشیاں کر رہے ہو میرے رب سے؟ میرے رب سے تو تمہاری کوئی بات راز نہیں وہ تمہاری زبان پر آنے والی باتوں کو بھی سنتا ہے اور تمہارے دلوں کے وسوسوں کو بھی جانتا ہے۔

؎ قرآن کے دلائل قاہرہ نے کفر و شرک کے ایوان کے یقین کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ قرآن کی تاثیر اور آفتاب اسلام کی تابانی ناقابل انکار حقیقت بن کر سامنے آگئی ہے۔ اس کا انکار کریں تو کیسے اس کی تاویل کریں تو کیا! اس لیے ایک متذبذب آدمی کی طرح ہر لحظہ اپنا موقف تبدیل کرنے پر مجبور ہیں۔ کبھی کہتے ہیں یہ جادو ہے۔ کبھی کہتے ہیں یہ پریشان خوابیں ہیں۔ کبھی کہتے ہیں یہ خدا کا کلام ہرگز نہیں خود گھڑا ہے اور خدا کی طرف منسوب کر دیا ہے تاکہ لوگ مرعوب ہو کر ماننے لگیں۔ کیونکہ ان تاویلوں کی لغویت ان پر عیاں ہے اس لیے کہیں بھی قدم نہیں ٹکتے۔ آخری تان یہاں آکر ٹوٹتی ہے کہ شاعر

افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿۵﴾

اس نے خود گھڑ لیا ہے اسے (نہیں) بلکہ وہ شاعر ہے (اگر وہ سچا نبی ہے) تو لے آئے ہمارے پاس کوئی نشانی جس طرح بھیجے گئے تھے پہلے انبیاء ۴

مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ

نہیں ایمان لائی ان سے پہلے کوئی بستی ۵ جسے ہم نے تباہ کیا تھا تو کیا اب یہ لوگ

يُؤْمِنُوْنَ ﴿۶﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ

ایمان لے آئیں گے۔ اور نہیں رسول بنا کر بھیجا ہم نے (اے حبیب!) آپ سے پہلے مگر مردوں کو ۶ ہم نے وحی بھیجی ان کی

فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۷﴾ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ

طرف پس (اے منکرو!) پوچھو اہل علم سے اگر تم (خود حقیقت حال کو) نہیں جانتے اور نہیں بنائے ہم نے ان انبیاء کے

جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ﴿۸﴾ ثُمَّ

(ایسے) جسم کہ وہ کھانا نہ کھاتے ہوں اور نہ ہی وہ (اس دنیا میں) ہمیشہ رہنے والے تھے۔ پھر ہم نے

ہے شاعر۔ ای ھم متحیرون لا یستقرون علی شیئ قالوا مرۃ سحر و مرۃ اضغاث احلام و مرۃ افتراء و مرۃ شاعر۔ (قرطبی)

۴ اگر یہ نبی ہوتا تو پہلے انبیاء کی طرح کوئی اپنا معجزہ دکھاتا۔ نہ ہاتھ میں عصا ہے اور نہ آستین میں ید بیضا اور آ گئے ہیں ہمیں اپنی نبوت کا قائل کرنے۔ بے چارے اپنے مضطرب دلوں کو کس کس طرح طفل تسلیاں دے رہے ہیں۔

۵ اس میں ان کے آخری اعتراض کا جواب ہے۔ یعنی پہلے انبیاء پر بھی ان کے معجزات کا مشاہدہ کرنے کے باوجود ان کی قومیں ایمان نہ لائیں۔ اسی طرح یہ بھی دلائل و بینات کے اجالے میں قبول حق سے انکار کر رہے ہیں۔

۶ کفار کے اس شبہ کا ازالہ کیا جا رہا ہے کہ آپ بشر ہیں اس لیے نبی کیسے ہو سکتے ہیں۔ فرمایا ہماری سنت یہی ہے۔ آج تک بنی نوع انسان کی طرف جتنے انبیاء بھیجے گئے وہ انہی کے ہم جنس تھے کیونکہ افہام و تفہیم کا مقصد اسی طرح پورا ہو سکتا ہے۔ اگر نبی فرشتہ ہوتا تو اس کے آنے کی دو صورتیں تھیں۔ اگر وہ اپنی ملکوتی شکل میں آتا تو تم اس کی ہیبت سے دم توڑ دیتے اور اگر انسانی صورت میں آتا تو پھر تم وہی اعتراض کرتے کہ یہ ہماری طرح بشر ہے۔ تمہیں کون سمجھاتا کہ یہ بشر نہیں فرشتہ ہے۔ اس لیے سنت الٰہی یہی ہے کہ انسانوں کی ہدایت کے لیے کسی انسان کو

صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَیْنٰهُمْ وَ مَنْ نَّشَآءُ وَ اَهْلَكْنَا

سچا کر دکھایا انھیں (جو) وعدہ (ہم نے ان سے کیا تھا)[۸] پس ہم نے نجات دی انھیں اور ان لوگوں کو جن کو ہم نے

الْمُسْرِفِیْنَ ﴿۹﴾ لَقَدْ اَنْزَلْنَاۤ اِلَیْكُمْ كِتٰبًا فِیْهِ ذِكْرُكُمْ ؕ

(بچانا) چاہا اور ہم نے ہلاک کر دیا حد سے بڑھنے والوں کو بیشک ہم نے اتاری تمھاری طرف ایک کتاب جس میں تمھارے لیے نصیحت ہے[۱۱]

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰﴾ وَ كَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْیَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً

کیا تم (اتنا بھی) نہیں سمجھتے اور کتنی بستیاں ہم نے برباد کر دیں (کیونکہ) وہ ظالم تھیں[۱۲]

ہی نبی بنا کر مبعوث فرمایا جاتا ہے۔ اگر تمھیں اس میں شک ہے تو اہل ذکر سے پوچھ لو۔ اہل ذکر سے مراد یا تو کتب سابقہ کے علما ہیں اور یا اس سے مراد اہل اللہ اور عارفین ہیں۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا نحن اھل الذکر۔ (قرطبی) یعنی ہم اہل ذکر ہیں ہم سے پوچھو۔ ہم تمھیں حقائق سے باخبر کریں گے۔

۱۰ پہلے انبیا کے ساتھ ان کی قوموں نے وہی معاملہ کیا جو تم نبی الانبیا سے کر رہے ہو۔ انھوں نے بھی اپنے انبیا کو دکھ پہنچانے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی اور ہم نے اپنے نبیوں کے ساتھ نصرت و اعانت کا جو وعدہ فرمایا تھا وہ پورا کیا۔ ان کے دشمن ہلاک ہو گئے اور آخری کامیابی انھی کے حصہ میں آئی۔

۱۱ ذکر کا معنی یہاں عزو شرف بھی کیا گیا ہے۔ والمراد بالذکر ھھنا الشرف اور واقعی اس سے بڑھ کر امت محمدیہ کی عزت افزائی کیا ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالےٰ نے اسے صاحب قرآن بنایا۔ الحمد للہ۔

۱۲ بدکار اور سرکش قوموں پر جب عذاب آتا ہے تو ان کی کیا حالت ہوتی ہے۔ حسرت و ندامت سے وہ کس طرح ہونٹ کاٹتے ہیں اور اپنی غفلتوں پر کس طرح پچھتاتے ہیں۔ مزید براں بعد از وقت ندامت کا جو انجام ہوتا ہے ان آیات میں ان کا بڑے موثر پیرایے میں ذکر فرما دیا۔

مشکل الفاظ: القصم۔ الکسر۔ توڑ پھوڑ دینا۔ ریزہ ریزہ کر دینا۔ یرکضون۔ الرکض۔ العدو بشدۃ الوطأ۔ تیزی سے دوڑنا۔ یہاں مقصد ہے بھاگ کھڑے ہونا۔ حصیدًا۔ حصد کہتے ہیں درانتی سے فصل کاٹنا۔ خامدین خمود سے ہے۔ آگ کا بجھ جانا مراد ہے مر جانا۔

وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿١١﴾ فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ

اور ہم نے پیدا فرما دی ان کی بربادی کے بعد ایک دوسری قوم پس جب انھوں نے محسوس کیا ہمارا عذاب تو فوراً انھوں

مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ﴿١٢﴾ لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ

نے وہاں سے بھاگنا شروع کر دیا۔ اب مت بھاگو! اور واپس لوٹو ان آسائشوں کی طرف جو تمھیں دی گئی تھیں

وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿١٣﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿١٤﴾

اور لوٹو اپنے مکانوں کی طرف تاکہ تم سے بازپرس کی جائے۔ کہنے لگے وائے شومیٔ قسمت! ہم ہی ظالم تھے۔

فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ﴿١٥﴾

پس وہ یونہی شور و پکار کرتے رہے۔ یہاں تک کہ ہم نے انھیں کٹے ہوئے کھیت (اور) بجھے ہوئے (انگاروں) کی

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿١٦﴾ لَوْ اَرَدْنَآ

طرح کر دیا۔ اور نہیں پیدا فرمایا ہم نے آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے دل لگی کرتے ہوئے۔ ١٣ اگر ہمیں یہی منظور

١٣ دوسری جاہل قوموں کی طرح اہلِ عرب کے ذہن میں یہ بات راسخ ہو چکی تھی کہ زندگی یہی کچھ ہے جو وہ گزار رہے ہیں ان ھی الا حیاتنا الدنیا۔ اس میں جس نے زیادہ داد عیش دے لی اور زیادہ سے زیادہ ناموری حاصل کر لی وہی کامیاب ہے اس زندگی کے بعد کوئی دوسری زندگی نہیں کہ جہاں اپنی نیکیوں کی جزا اور اپنی برائیوں کی سزا ملنے والی ہو۔ یہ نظریہ کیونکہ بداہتِ عقل کے خلاف ہے اور شرفِ انسانیت کے منافی ہے اور حکمت اور عدل الٰہی کے شایانِ شان نہیں اس لیے قرآن حکیم نے متعدد بار اور یہاں بھی اس کی پُرزور تردید فرما دی اور بتایا کہ اگر تمھارا یہ نظریہ درست ہو تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ یہ سارا نظامِ عالم ایک کھیل تماشہ ہے (جیسے ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ یہ کائنات محض ایشور کی لیلا ہے) اور اس کے خالق نے معاذ اللہ نادان بچوں کی طرح تفریحِ طبع اور دل بہلانے کے لیے اسے پیدا کیا ہے۔ تم اپنے گرد و پیش اس کی حکمت و دانائی کے جو ان گنت شاہکار دیکھ رہے ہو کیا وہ اس نظریہ کو جھٹلانے کے لیے کافی نہیں۔ اس کائنات کی تخلیق کا مقصدِ عظیم یہ ہے کہ اس سے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور قدرت کاملہ پر استدلال کیا جائے اور تاکہ نیکوکار اور بدکار کو اس کے اعمال کا معاوضہ ملے۔

انما خلقناهما لنجازی المحسن والمسیٔ ولیستدل بهما علی الوحدانیة والقدرة۔ (بحر)

أَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ إِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿١٧﴾ بَلْ

ہوتا کہ ہم (اس کائنات کو) کھیل تماشہ بنائیں تو ہم بنا لیتے اسے خود بخود (ہمیں کون روک سکتا تھا) ۱۴؎ مگر ہم ایسا کرنے والے نہیں ہیں بلکہ ہم تو

نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۚ وَ

چوٹ لگاتے ہیں حق سے باطل پر ۱۵؎ پس وہ اسے کچل دیتا ہے اور وہ یکایک ناپید ہو جاتا ہے اور

لَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿١٨﴾ وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ

(اے باطل پرستو!) تمہارے لیے ہلاکت ہے ان (نازیبا) باتوں کے باعث جو تم بیان کرتے ہو اور اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے

وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿١٩﴾

اور جو (فرشتے) ۱۶؎ اسکے نزدیک ہیں وہ ذرا سرکشی نہیں کرتے اسکی عبادت سے اور نہ ہی وہ تھکتے ہیں۔

يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿٢٠﴾ أَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً

وہ (اس کی) پاکی بیان کرتے رہتے ہیں رات دن اور وہ اکتاتے نہیں کیا بنا لیے ہیں انھوں نے خدا (اہل)

۱۴؎ اگر ہماری یہی مرضی ہوتی کہ دنیا اور اس میں بسنے والے انسانوں کو تفریح طبع کا ذریعہ بنائیں تو ہمیں کون روک سکتا تھا لیکن یہ بات ہمارے مقام الوہیت اور شان حکمت کے خلاف تھی۔ بعض علماء تفسیر نے لہو کا معنی فرزند و زن بھی کیا ہے اس صورت میں یہود و نصاریٰ کی تردید ہوگی لیکن پہلی آیت سے مناسبت وہی معنی رکھتا ہے جو ہم نے پہلے بیان کیا ہے (روح المعانی)

۱۵؎ قذف کا معنی دور سے پھینکنا۔ الرمی البعید، یدمغ۔ ایسی ضرب جس سے دماغ پھٹ جائے۔ یعنی ہمارے پیش نظر تخلیق کائنات سے صرف ایک چیز ہے وہ یہ کہ حق کا بول بالا ہو اور باطل نامراد و ناکام ہو اس لیے ہم باطل کی طاغوتی قوتوں پر حق کا گرز مارتے ہیں جو اس کا سر کچل کر رکھ دیتا ہے۔ یہ ایک ایسی حقیقت ہے جس سے تم بھی اچھی طرح باخبر ہو ورنہ تم اب اپنی آنکھوں سے اس کا مشاہدہ کر لو۔

۱۶؎ کوئی اس کا بیٹا نہیں کوئی اس کا شریک و ہمسر نہیں سب اس کی مخلوق ہیں اور اس کے بندے ہیں جتنا کوئی اسکے قریب ہے اتنا ہی وہ اس کی عظمت و کبریائی سے لرزہ براندام ہے اور اظہار عجز میں سرگرداں ہے اور ہر وقت اس کی عبادت اور ذکر میں لگا رہتا ہے۔ "من عندہ" سے اکثر مفسرین نے فرشتے مراد لیے ہیں۔ لیکن حضرت ثناء اللہ پانی پتی لکھتے ہیں۔ هم الملائكة والانبياء ومن فی معناهم یعنی فرشتے، انبیاء اور جو ان کے پیروکار ہیں اور عبادت سے مراد یہ ہے کہ ان کو قرب میں سے دوام حضور اور ذکر حق کا انقطاع نہیں جس طرح انسان دوسرے کاموں میں مشغول ہونے کے باوجود سانس لیتا رہتا ہے والمراد بالعبادة دوام

مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ

زمین سے جو مردوں کو زندہ کر سکتے ہیں۔ اگر ہوتے زمین و آسمان میں کوئی اور خدا سوائے اللہ تعالیٰ

اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۲۲﴾

کے تو یہ دونوں برباد ہو جاتے شلہ پس پاک ہے اللہ تعالیٰ جو عرش کا رب ہے شلہ ان تمام نازیبا باتوں سے جو وہ کرتے ہیں

وتنقطع من المقربین دوام الحضور والذکر الخفی الذی لا یمکن انقطاعہ من المقربین بشر آنًا اوقلۃ کما لا یمکن انقطاع التنفس" (مظہری)

چند الفاظ: یستحسرون: ای لا یعیون یعنی عبادت کرنے سے تھک نہیں جاتے۔ یفترون: الانکسار والضعف یعنی کمزور اور ماند پڑنا۔ ینشرون: زندہ کرنا

شلہ اللہ تعالیٰ کی توحید کی یہ ناقابلِ تردید دلیل ہے۔ انسان اس میں جتنا غور و تامل کرے اتنا ہی اللہ تعالیٰ کی توحید پر اس کا یقین محکم اور ایمان پختہ ہوتا جاتا ہے۔ اور اس کے باوجود اتنی سہل اور عام فہم ہے کہ ایک سادہ لوح دیہاتی بھی اس کو سمجھ سکتا ہے اور اپنے دل کو نورِ یقین سے منور کر سکتا ہے۔ سیدھی سی بات ہے کہ اگر ایک ملک کے دو فرمانروا ہوں جن کے اختیارات مساوی ہوں تو اس ملک میں فتنہ و فساد کے شعلے بھڑکیں گے اور اس کی ساری رونقیں خاک سیاہ بن کر رہ جائیں گی۔ اگر ایک ہی لشکر کے دو جرنیل ہوں تو وہ فوج کسی میدان میں جم کر نہیں لڑ سکے گی۔ یہ ایسی بات ہے جسے ہر لکھا پڑھا بھی جانتا ہے اور ایک اَن پڑھ چرواہا بھی جس کی عمر سیاسی ہنگاموں سے دور جنگلوں میں بکریاں چراتے گزری ہو اور آج تک کبھی ایسا نہیں ہوا کہ کسی ملک میں کسی قوم نے اپنے دو ایسے حکمران مقرر کیے ہوں جو قوت و طاقت اور اختیار میں مساوی حیثیت کے مالک ہوں لیکن اگر آپ اس آیت میں مزید غور کریں تو آپ کو اس دلیل کی گہرائی اور گیرائی کا مزید اندازہ ہوگا۔ پہلے آپ یہ سمجھیے کہ الٰہ (خدا) کون ہو سکتا ہے۔ الٰہ وہ ہو سکتا ہے جو واجب الوجود ہو۔ اپنے موجود ہونے میں کسی خالق کا محتاج نہ ہو۔ نیز جو تمام صفاتِ کمال سے متصف ہو اور جملہ نقائص و عیوب سے پاک ہو۔ جو خدا اپنے موجود ہونے میں کسی غیر کا دست نگر ہو اس کو الٰہ کہنا مذاق نہیں تو اور کیا ہے۔ وہ خدا جس میں کئی خوبیاں اور کمالات مفقود ہوں اور جس میں طرح طرح کے عیب پائے جاتے ہوں ایسی ہستی کو بھی خدا کہنا عقل و دانش کی سب سے بڑی توہین ہے۔ اب جب ہم نے عقلِ سلیم کی روشنی میں یہ فیصلہ کر لیا کہ خدا وہ ہے جو واجب الوجود ہو اور تمام کمالات سے متصف اور تمام عیوب سے پاک۔ تو اب ذرا سوچیے کہ اگر ایک سے زائد خدا مان لیے جائیں تو ان کی باہمی حیثیت کیا ہے۔ اگر سارے ناقص ہیں اور کائنات کے پیدا کرنے میں ایک دوسرے کی اعانت کے محتاج ہیں تو ان میں سے ایک بھی اس قابل نہ ہوا کہ اسے خدا کہا جائے کیونکہ جو خود محتاج ہو وہ کسی کی حاجت روائی کیا کرے گا۔ اور اگر ان میں سے ایک کامل قدرت کا مالک ہے اور دوسرے اس کی امداد کے محتاج ہیں تو جو کامل ہے اسے کیا پڑی ہے کہ اس بدیع اور حیران کن نظامِ عالم کی تخلیق میں دوسروں کو شریک کرتا پھرے جو وہ بلا شرکتِ غیرے انجام دے سکتا ہے اور اگر سب یکساں قوت، اختیار اور

# لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ﴿٢٣﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ

نہیں پرسش کی جا سکتی اس کام کے متعلق جو وہ کرتا ہے [۱۹] اور ان (تمام) سے باز پرس ہوگی۔ کیا انھوں نے بنا لیے ہیں

ارادہ کے مالک ہیں تو ان میں باہمی اختلاف کا پیدا ہونا لازمی ہے اور جب ایک خدا دوسرے خدا سے ٹکرائے گا تو کائنات کی دھجیاں اڑ جائیں گی اور اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ سب نے آپس میں مصالحت کر لی ہے اور باہمی اتفاق سے سارا نظام چل رہا ہے تو کیا حوادث عالم کے رونما پذیر ہونے میں سب کی قوت صرف ہو رہی ہے یا ایک کی۔ اگر ایک کی صرف ہو رہی ہے تو دوسرے بیکار ہو گئے۔ اور یہ بھی اچھے خدا ہوئے کہ طاقت تو ہے لیکن بخیل کی دولت کی طرح بیکار و بے مصرف اور اگر سب کی قوت و ارادہ سے ہر کام انجام پا رہا ہے تو پھر دریافت طلب امر یہ ہوگا کہ سب علیحدہ علیحدہ اس کام کو کر سکتے ہیں یا نہیں۔ اگر نہیں کر سکتے تو عاجز و ناتوان ہوئے جو شانِ خداوندی کے خلاف ہے اور اگر ہر ایک کر سکتا ہے اور پھر سب مل کر کرتے ہیں تو یہ بھی قوت و ارادہ کی بے جا نمائش اور ضیاع ہے جو حماقت کی دلیل ہے۔ غرضیکہ اگر الٰہ کا مفہوم ذہن نشین ہو اور پھر اس آیت طیبہ میں غور کیا جائے تو عقل و فہم کی دنیا میں شرک کی کوئی گنجائش نہیں رہتی۔ علامہ اسمٰعیل حقی نے کیا خوب لکھا ہے کہ اگر ایک بدن میں دو روح اور ایک نظام شمسی میں دوسرا آفتاب نہیں سما سکتا۔ تو اس جہانِ بالا و پست میں بھی اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک کے علاوہ اور کوئی دوسرا خدا نہیں سما سکتا۔ (روح البیان)

[۱۸] عرش جو تدبیر کائنات اور تقدیر عالم کا سرچشمہ ہے اور اس عالم ہست و بود کے لیے شاہی تخت کی مانند ہے جو اس کا مالک ہے جو اس پر متمکن ہے اس کا کسی کو شریک ٹھیرانا بہت بڑی حماقت اور نادانی ہے۔

[۱۹] اعتراض اس پر کیا جاتا ہے جو غلط اور ناروا فیصلہ کرے۔ غلط فیصلہ وہ کرتا ہے جسے حالات کا صحیح علم نہ ہو اور اعتراض کرنا اسے زیب دیتا ہے جس کے علم کا دائرہ وسیع ہو اور واقعات کے وہ گوشے جو پہلے آدمی سے پنہاں تھے اسکے سامنے عیاں ہوں نیز اگر کوئی شخص اپنے اختیارات سے تجاوز کر کے کوئی فعل کرتا ہے تو اس پر گرفت بھی کی جا سکتی ہے کہ تم جب ایسا کرنے کے مجاز نہ تھے تو تم نے ایسا کام کیوں کیا۔ اللہ تعالیٰ کا علم بھی ظاہر و باطن ماضی و مستقبل کو محیط ہے اور اس کے اختیارات بھی بڑے وسیع ہیں۔ کیونکہ ہر چیز کو اسی نے پیدا فرمایا ہے۔ وہی اس کا مالک ہے اور جب مالک کو اپنی ملکیت میں اپنی مرضی کرنے کا اختیار ہے۔ وہ سیاہ کرے سپید کرے کوئی اس کا ہاتھ نہیں روک سکتا تو پھر اللہ تعالیٰ کو اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں پر مکمل اختیار کیوں نہ ہو۔ ایسی ہستی جو ہمہ دان اور ہمہ بین ہے جس کے قبضۂ قدرت میں نشیب و فراز سے عرش تک جو کچھ بھی ہے سب کچھ ہے اس کے کسی فعل پر اعتراض کرنا جہالت کا مظاہرہ کرنا ہے اور اپنی حد سے تجاوز کرنے کے مترادف ہے آپ اطمینانِ خاطر کیلئے کشفِ حقیقت کیلئے معرفتِ حکمت کے لیے تو بارگاہِ الٰہی میں بات چیت کھول سکتے ہیں لیکن اعتراض کا انجام وہی ہوتا ہے جو ابلیس لعین کا ہوا تھا۔ اس نے بھی اعتراض کرتے ہوئے پوچھا تھا أَأَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِينًا اگر وہ اس کی حکمت کے متعلق سوال کرتا تو اس کے ساتھ یہ سلوک نہ ہوتا۔ ہمیں بھی اپنا مقام پہچاننا چاہیے اور کوئی ایسی بات زبان پر نہ لانا چاہیے جو غیرتِ خداوندی کو گوارا نہ ہو۔

دُونِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ۚ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ

اللہ تعالیٰ کے سوا اور معبود۔ (اے حبیب!) آپ (انہیں) فرمائیے ۲۰؎ پیش کرو اپنی دلیل۔ یہ قرآن جو نصیحت ہے میرے ساتھ والوں

اللہ تعالیٰ کے محبوب حبیب صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اعتراض کرنا یا گستاخی کرنا غضبِ الٰہی کو بھڑکا دیتا ہے۔ علم و تقدس کے تمام محلات مسمار کر کے رکھ دیئے جاتے ہیں۔ علامہ اسمٰعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ ایک فاضل اجل سے مروی ہے کہ وہ ایک مجلس میں تھے تو ایک محجوب اور محروم ازلی نے کہا کہ سوائے نفس کے کسی کو چھٹکارا نہیں خواہ وہ کوئی بھی ہو اور وہ سے اشارہ حضور علیہ السلام کی طرف کیا، کیونکہ انھوں نے بھی کہا ہے "حُبِّبَ اِلَیَّ مِنْ دُنْیَاکُمْ ثَلَاثٌ اَلطِّیْبُ وَالنِّسَاءُ وَقُرَّةُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ" یعنی تمھاری دنیا سے تین چیزیں میرے لیے مرغوب کی گئی ہیں۔ خوشبو، نساء اور میری آنکھ کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔ میں نے اس گستاخ کو کہا تمھیں خدا سے شرم نہیں آتی۔ حدیث میں (اَحْبَبْتُ یعنی میں پسند کرتا ہوں) کا لفظ نہیں) بلکہ (حُبِّبَ میرے لیے مرغوب بنا دی گئی ہیں) کا لفظ ہے۔ جوائے نفس تو تب ہوتی کہ احببت کا لفظ ہوتا فرماتے ہیں اس گستاخ کا منہ تو میں نے بند کر دیا لیکن میں اس کی بدزبانی پر بڑا غمگین تھا کہ اپنے آپ کو امتی کہلانے والا شخص بھی ایسی بات اپنی زبان پر لا سکتا ہے۔ رات کو خواب میں حبیب مکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے زیارت کا شرف بخشا اور فرمایا۔

"لَا تَغْتَمَّ فَقَدْ کَفَیْنَاکَ اَمْرَہٗ" غمزدہ نہ ہو ہم نے اس کا کام تمام کر دیا۔ صبح ہوئی تو معلوم ہوا کہ وہ قتل کر دیا گیا ہے۔ (روح البیان)

علامہ مرحوم اگر آج ہوتے اور ان امتیوں کا حال دیکھتے جو اپنے آپ کو بشریت میں حضور کا ہم پلہ ثابت کرنے کے لیے کس سوقیانہ انداز میں حضور کی ازدواجی زندگی کا ذکر کرتے ہیں تو ان کا کلیجہ پھٹ جاتا۔ ؎

شب پرہ می طلبد بدر تراست نقصان — اونداند کہ ابد نورِ تو ظاہر باشد

ہر کہ از رمزِ جدل بر تو سخن میراند — بمثل شد اگرش بوعلی، کافر باشد

چمگادڑ یہ چاہتی ہے کہ آپ کے بدرِ کامل کے نور کو کم کر دے۔ وہ بیوقوف یہ نہیں جانتی کہ آپ کا نور ابد تک درخشاں رہے گا۔ جو بدبخت آپ کی ذات پر زبانِ طعن دراز کرے، وہ عقل و فہم میں بوعلی سینا کی مانند بھی ہو تو وہ دولتِ ایمان سے محروم ہے۔" حقیقت تو یہ ہے کہ سرورِ کائنات علیہ التسلیمات والتحیات کی ذات پاک تو بڑی اعلیٰ وارفع ہے۔ اگر کوئی شخص اولیاء و مشائخ پر بھی بے جا اعتراض کرتا ہے تو وہ نعمت و برکت سے محروم کر دیا جاتا ہے اور علم و عرفان کا دروازہ اس کے لیے بند ہو جاتا ہے۔

۲۰؎ دلائلِ توحید بیان فرمانے کے بعد دنیا بھر کے مشرکوں کو چیلنج دیا جا رہا ہے کہ اپنے شرک و اصنام پرستی پر عقلی یا نقلی کوئی ایک تو ایسی دلیل پیش کریں جو قابلِ غور ہو۔

وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ ۗ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ الْحَقَّ

کے لیے اور دوسری کتب جو نصیحت ہیں مجھ سے پہلے گزرے ہوؤں کیلئے (سب گواہ ہیں انکار کی جو الٰہ ہو) بلکہ حقیقت یہ ہے کہ ان میں سے اکثر حق کو نہیں جانتے

فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ

اس لیے وہ (اس سے) منہ پھیرے ہوئے ہیں۔ اور نہیں بھیجا [۲۱] ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول مگر یہ کہ ہم

اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ﴿٢٥﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ

نے وحی بھیجی اس کی طرف کہ بلاشبہ نہیں ہے کوئی خدا بجز میرے پس میری عبادت کیا کرو وہ کہتے ہیں بنا لیا ہے

الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ

رحمٰن نے (اپنے لیے) بیٹا [۲۲] سبحان اللہ! (یہ کیونکر ہو سکتا ہے) بلکہ وہ تو (اسکے) معزز بندے ہیں نہیں سبقت کرتے اس سے بات

بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٧﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

کرنے میں اور وہ اسی کے حکم پر کاربند ہیں۔ اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو کچھ ان کے آگے ہے

وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ مِّنْ

اور جو کچھ انکے پیچھے گزر چکا ہے اور وہ شفاعت نہیں کریں گے۔ مگر اسکے لیے جسے وہ پسند فرمائے اور وہ (اس کی بے نیازی

خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿٢٨﴾ وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ

کے باعث) اسکے خوف سے ڈر رہے ہیں۔ اور جو ان میں سے یہ کہے کہ میں خدا ہوں اللہ تعالیٰ کے سوا

[۲۱] توحید کی یہ دعوت جو میرا رسول مکرم تمہیں دے رہا ہے یہ کوئی انوکھی دعوت نہیں بلکہ نبوت و رسالت کا سلسلہ جب سے شروع ہوا ہے اور جو حضرات اس منصب پر فائز ہوئے ہیں سب نے اپنے اپنے زمانہ میں اپنے اپنے قبیلوں اور قوموں کو یہی دعوت دی ہے۔ شرائع و احکام میں حالات کے پیش نظر تبدیلیاں ہوتی رہیں لیکن عقیدۂ توحید میں سرِ مو کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔

[۲۲] عرب کے کئی قبائل مثلاً بنی خزاعہ فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں کہا کرتے اور یہود و نصاریٰ عزیر و مسیح کو ابن اللہ کہا کرتے۔ اس بہتانِ صریح کی نفی کی جا رہی ہے کہ یہ محض بکواس ہے اللہ تعالیٰ کو ان چیزوں کی ضرورت نہیں، بلکہ

دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ ع

تو اسے ہم سزا دیں گے جہنم کی۔ یونہی ہم سزا دیا کرتے ہیں ظالموں کو۔

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا

کیا کبھی غور نہیں کیا ۴۳ کفر وانکار کرنے والوں نے کہ آسمان اور زمین آپس میں

جنہیں وہ اللہ کے بیٹے اور بیٹیاں کہتے ہیں وہ تو اس کے معزز و مکرم بندے ہیں۔ غلط عقیدہ کی تردید کے ساتھ ساتھ "عِبادٌ مکرمون" فرما کر ان کی عزت و شان کو چار چاند لگا دیئے۔

۴۳ اپنی توحید کے دلائل عقلیہ و نقلیہ بیان کرنے کے بعد اپنی قدرت کاملہ کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ "الرتق، الضمّ والالتحام" (مفردات) کسی چیز کا باہم دگر پیوست ہونا اور ایک دوسرے سے ملا ہوا ہونا۔ "الفتق، الفصل بین المتصلین" (مفردات) دو جڑی ہوئی چیزوں کو الگ الگ کر دینا۔ ارشاد ربانی ہے کہ زمین و آسمان موجودہ صورت اختیار کرنے سے پہلے ایک دوسرے میں پیوست تھے۔ پھر ہم نے اپنی قدرت سے زمین کو الگ کر دیا اور آسمان کو الگ کر دیا۔ حضرت ابن عباس اور دیگر علمائے تفسیر سے اس آیت کا یہی مفہوم منقول ہے۔ قال ابن عباس والضحاک وعطاء وقتادہ کانتا شیئا واحدا ملتزقین ففتقہا اللہ بینہما بالہواء (قرطبی) یعنی زمین و آسمان شے واحد کی طرح تھے اور ان کے اجزا ایک دوسرے سے جڑے ہوئے چپکے ہوئے تھے۔ پھر ہوا کے ذریعہ انہیں علیحدہ علیحدہ کر دیا گیا۔ سینکڑوں صدیوں کی تحقیقات، تجربات اور غور و فکر کے بعد علمائے طبیعین جس نتیجہ پر پہنچے ہیں قرآن حکیم نے پہلے ہی اس حقیقت کو چند الفاظ میں ذکر کر دیا تھا۔

ان کی تحقیقات کا خلاصہ یہ ہے کہ ابتدا میں آفتاب ایک بھڑکتا ہوا شعلہ تھا۔ اس کی حرکت بہت ہی تیز تھی مرور دہور میں اس کی حرکت کم ہو گئی اور وہ سکڑتا اور چھوٹا ہوتا گیا اور اس سبب سے اس کے مادے میں گاڑھا پن آ گیا اور حرکت کی تیزی کے سبب اس میں سے چند ٹکڑے ٹوٹ کر دُور دُور تک چلے گئے اور اسی کے گرد چکر کھانے لگے۔ اس وقت تک ظاہر ہوا ہے کہ آفتاب سے گیارہ ٹکڑے ٹوٹے ہوئے ہیں۔ جن سے ہمارا نظام شمسی بنا ہے اور زمین بھی انہی سے ایک ہے۔

تخلیق عالم کا ذکر کرتے ہوئے مولانا آزاد نے خوب لکھا ہے۔

"موجودہ زمانہ میں اجرام سماویہ کی ابتدائی تخلیق اور کرہ ارضی کی ابتدائی نشوونما کے جو نظریے تسلیم کر لیے گئے ہیں۔ یہ اشارات بظاہر ان کی تائید کرتے ہیں اور اگر ہم چاہیں تو ان بنیادوں پر شرح و تفصیل کی بڑی بڑی عمارتیں اٹھا سکتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ ایسا کرنا صحیح نہ ہو گا۔ یہ نظریے کتنے ہی مستند تسلیم کر لیے گئے ہوں لیکن پھر بھی نظریے ہیں اور نظریات جزم و یقین کے ساتھ حقیقت کا فیصلہ نہیں کر سکتے پھر اس سے کیا فائدہ کہ ان کی روشنی میں

رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ وَ جَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ ؕ

ملے ہوئے تھے پھر ہم نے الگ الگ کر دیا انہیں۔ اور ہم نے پیدا فرمائی پانی سے ہر زندہ چیز ۲۴

اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَ جَعَلْنَا فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ اَنْ تَمِیْدَ

کیا وہ اب بھی ایمان نہیں لاتے۔ اور ہم نے بنا دیئے زمین میں بڑے بڑے پہاڑ ۲۵ تاکہ زمین لرزتی نہ

بِهِمْ ۪ وَ جَعَلْنَا فِیْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ یَهْتَدُوْنَ ﴿۳۱﴾

رہے انکے ساتھ۔ اور بنا دیں ہم نے ان پہاڑوں میں کشادہ راہیں تاکہ وہ (اپنی منزل مقصود کا) راستہ پا سکیں۔ ۲۶

قرآن کے مجمل اور محتمل اشارات کی تفسیر کی جائے لیکن کل کو کیا کریں گے۔ اگر ان نظریوں کی جگہ دوسرے نظریے پیدا ہو گئے۔ صاف بات یہی ہے کہ یہ معاملہ عالم غیب سے تعلق رکھتا ہے جس کی حقیقت ہم اپنے علم و ادراک کے ذریعہ معلوم نہیں کر سکتے۔ اور قرآن کا مقصود ان اشارات سے تخلیق عالم کی شرح و تحقیق نہیں ہے۔ خدا کی قدرت و حکمت کی طرف انسان کو توجہ دلانا ہے۔" ترجمان القرآن، جلد ۲ صفحہ ۱۷۵، ۱۷۶)

رتق اور فتق کا ایک اور مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے۔ "رتق" سے مراد یہ ہے کہ آسمان کا منہ پہلے بند تھا۔ کوئی بارش نہیں ہوتی تھی اور زمین کا منہ بھی بند تھا۔ کوئی چیز اس میں پیدا نہیں ہوتی تھی۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے آسمان کا منہ بھی کھلا (فتق) اور بارش برسنے لگی۔ زمین کی مہر بھی ٹوٹی۔ اس میں سے ضروریات کی ہر چیز اگنے لگی واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

۲۴ ہر جاندار چیز کی تخلیق پانی سے کی گئی ہے۔ یہی اس کا مادۂ اصلی ہے۔ یا ہر جاندار کی بقا اور نشوونما کا انحصار پانی پر ہے یا یہ کہ مادۂ منویہ جو ہر جاندار کا اصل ہے۔ وہ پانی ہے بہرحال جس لحاظ سے دیکھو زندگی اور پانی کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ مولانا عثمانی لکھتے ہیں "عموماً جاندار چیزیں جو ہم کو نظر آتی ہیں بالواسطہ و بلاواسطہ پانی سے بنائی گئیں۔ پانی ہی ان کا مادہ ہے۔ الا کوئی ایسی مخلوق جس کی نسبت ثابت ہو جائے کہ اس کی پیدائش میں پانی کو دخل نہیں وہ مستثنیٰ ہوگی۔ للاکثر حکم الکل کے اعتبار سے یہ کلیہ صادق رہے گا۔

۲۵ پہاڑوں کو سطح زمین پر جما کر زمین کی جس حرکت کا علاج کیا گیا ہے وہ اس کا ڈانواں ڈول ہونا اور ہچکولے کھانا ہے اس سے حرکت زمین کی نفی پر استدلال نہیں ہو سکتا۔

۲۶ ہم نے اتنے اونچے اونچے پہاڑ پیدا کیے جن کی بلند چوٹیاں آج بھی ہم جوانسانوں کو للکار رہی ہیں لیکن ان پہاڑوں کی تخلیق میں بھی قدم قدم پر تمہیں ہماری حکمت کے جلوے نظر آئیں گے۔ ان کو سنگین دیواروں کی طرح کھڑا نہیں

وَجَعَلْنَا السَّمَاءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ۚ وَّهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا

اور ہم نے بنایا آسمان کو ایک چھت ٢٧ جو (شکست و ریخت سے) محفوظ ہے۔ اور وہ لوگ (اب بھی) اس کی نشانیوں سے روگردانی

مُعْرِضُوْنَ ۝۳۲ وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ

کیے ہوئے ہیں اور وہی ہے جس نے پیدا فرمایا لیل و نہار کو ٢٨ اور مہر و

وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ فِیْ فَلَكٍ یَّسْبَحُوْنَ ۝۳۳ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ

ماہ کو۔ سب (اپنے اپنے) مدار میں تیر رہے ہیں ٢٩ اور نہیں مقدر کیا ہم نے کسی انسان کے لیے جو آپ سے

کر دیا گیا کہ ایک طرف سے دوسری طرف آمد و رفت ہی بند ہو جائے بلکہ ان میں ایسی گھاٹیاں اور رستے بنا دیئے ہیں جن کے ذریعہ تم ایک طرف سے دوسری طرف جا سکتے ہو بلکہ بڑی بڑی شاہراہیں بنا سکتے ہو۔ الفج الطریق الواسع بین الجبلین۔ یعنی دو پہاڑوں کے درمیان جو کشادہ راستہ ہوتا ہے اسے فج کہتے ہیں۔ فجاج اس کی جمع ہے۔

٢٧ کیونکہ آسمان زمین کو اسی طرح ڈھانپے ہوئے ہیں جیسے چھت مکان کو۔ اس لیے فرمایا ہم نے زمین کے لیے آسمان کو بمنزلہ چھت بنایا ہے لیکن یہ ایسی چھت نہیں جو گر پڑے یا اس میں شگاف ہو جائیں بلکہ یہ ہر طرح سے محفوظ اور مستحکم ہے۔

٢٨ پھر مزید کرم یہ فرمایا کہ رات دن کا تسلسل قائم کر دیا۔ اگر ہمیشہ رات کا اندھیرا چھایا رہتا یا ہمیشہ دن ہی ہوتا تو دنیا کی یہ رونقیں نہ ہوتیں یا تمازتِ آفتاب سے زمین جل بھن جاتی یا ساری دنیا قطب شمالی کے علاقوں کی طرح برف کے نیچے دبی رہتی۔

٢٩ فلک کیا ہے؟ کیا سماء (آسمان) اور فلک دونوں ایک چیز ہیں۔ کیا شمس و قمر اور دوسرے سیارے ان میں اس طرح جڑے ہوئے ہیں جس طرح لکڑی میں کیل؟

فلاسفہ یعنی قدیم علماء طبیعین کی رائے یہ ہے کہ فلک اور آسمان ایک چیز کے دو نام ہیں اور فلک کی انھوں نے یہ تعریف کی ہے۔ بانه حي عالم متحرك بالارادة حركة مستديرة ولا يقبل الخرق والالتئام یعنی فلک زندہ ہے عالم ہے۔ اپنے ارادہ سے گول حرکت کرتا ہے۔ پھٹنے اور جڑنے کو قبول نہیں کرتا۔ کیونکہ فلاسفہ کے نزدیک فلک میں خرق و التئام ممنوع ہے اس لیے انھوں نے یہ کہا کہ ستارے ان میں گڑے ہوئے ہیں۔ وہ متحرک نہیں بلکہ وہ فلک متحرک ہیں جن میں وہ گڑے ہوئے ہیں۔ کیونکہ حرکتیں مختلف ہیں اس لیے انھوں نے افلاک کو متعدد مانا ہے ان کے نزدیک مشہور یہ ہے کہ افلاک کی تعداد نو ہے۔

فلک کی جو تعریف ان فلاسفہ نے کی ہے علمائے اسلام نے علم کلام کی کتابوں میں اس کا بطلان ثابت کیا ہے بلکہ اکثر مفسرین کے نزدیک فلک اور سماء (آسمان) دو علیحدہ علیحدہ چیزیں ہیں اور سماء افلاک سے اوپر ہے چنانچہ

علامہ آلوسی لکھتے ہیں :-

قال اکثر المفسرین ھو (الفلک) موج مکفوف تحت السماء یجری فیہ الشمس والقمر۔ کہ فلک ایک موج کا نام ہے جسے اس کے طبقہ میں روک دیا گیا ہے اور وہ آسمان کے نیچے ہے اور شمس و قمر اسی میں محوِ حرکت ہیں اور ضحاک جو مشہور اور مسلّم مفسر ہیں۔ ان کا قول ہے کہ فلک کسی ایسی چیز کا نام نہیں جس کا کوئی جسم ہو بلکہ جہاں یہ سیارے گردش کرتے ہیں ان کی مدار کا نام ہے حضرت ابن عباس کا اس باب میں یہی قول مشہور ہے قال الضحاک وھو لیس بجسم وانما ھو مدار ھذہ النجوم والمشھور ماروی عن ابن عباس۔ فلاسفہ کا یہ قول کہ افلاک کی تعداد نو ہے یہ بھی قطعی اور یقینی نہیں۔ ہو سکتا ہے وہ اس سے بھی زیادہ ہوں۔ والحق انہ لا قاطع علی نفی ما عدا ذالک۔ (روح المعانی)

امام فخر الدین رازی علیہ الرحمۃ اور علامہ ابی حیان اندلسی نے اپنی اپنی تفاسیر میں اسی قول کو ترجیح دی ہے اور پسند فرمایا ہے۔

علامہ ابی عبد اللہ الانصاری القرطبی کی عبارت ملاحظہ ہو :- والاصح ان السیارۃ تجری فی الفلک۔ وھی سبعۃ افلاک دون السمٰوٰت المطبقۃ التی ھی مجال الملائکۃ واسباب الملکوت فالقمر فی الفلک الادنی ثم عطارد ثم الزھرۃ ثم الشمس ثم المریخ ثم المشتری ثم زحل والثامن فلک البروج والتاسع الفلک الاعظم قال ابن زید الافلاک مجاری النجوم والشمس والقمر۔ وقیل الفلک موج مکفوف ومجری الشمس والقمر فیہ واللہ اعلم (قرطبی)

یعنی کواکب سیارہ فلک میں چلتے ہیں اور یہ آسمانوں سے نیچے ہیں۔ چاند سب سے نچلے فلک میں ہے۔ اس سے اوپر عطارد' پھر زہرہ' پھر سورج' پھر مریخ' پھر مشتری' پھر زحل' آٹھویں کو فلک البروج' نویں کو فلکِ اعظم کہتے ہیں۔ ان سب کے اوپر سبع سمٰوٰت (سات آسمان) ہیں۔ جو ملائکہ کی جولانگاہ اور اسباب ملکوت کا مخزن ہیں۔ واللہ اعلم۔

یہ حقائق جو صدہا سال پہلے علمائے اسلام اپنی نگاہ حقیقت بین اور عقلِ رسا سے بے نقاب کر چکے ہیں۔ ان کی روشنی میں اگر جدید علمائے فلکیات کی تحقیقات کا آپ مطالعہ کریں گے تو آپ کو قرآن کریم کے کتاب الٰہی ہونے کا یقین آ جائے گا اور علمائے اسلام کی دقت نظر اور ان کے علوم کی وسعت کا اعتراف کرنا پڑے گا۔ ہو سکتا ہے جس طرح آج کے سائنس دان اپنے پیشروؤں پر تنقید کر رہے ہیں۔ ان کے شاگرد کل اپنے ان استادوں کی غلطیاں نکالنے لگیں۔ اس لیے کسی مومن کو یہ زیبا نہیں کہ قرآن کی صداقت کو وہ تب تسلیم کرے جب جدید تحقیقات کی سند اسے مل جائے بلکہ اس کا یہ پختہ یقین ہونا چاہیے کہ حق وہ ہے جو قرآن نے بیان کیا ہے۔ قدیم تحقیقات اور جدید انکشافات کا وہی حصہ درست ہے جس کی تائید قرآن سے ملتی ہے۔ اور جو قرآن حکیم کی تصریحات کے خلاف ہے وہ غلط ہے۔ آج نہیں تو کل اسکے علمبردار خود اپنی غلطی کا اعتراف کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ اس سے بڑھ کر احساس کہتری کا مظاہرہ اور کوئی نہیں ہو سکتا کہ مسلمان قرآن مجید کی تصدیق کے لیے قدیم و جدید نظریات کا سہارا ڈھونڈتا پھرے۔ البتہ یہ بھی ضروری ہے کہ قرآنی

قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۭ اَفَا۟ىِٕنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ۝۳۴ كُلُّ نَفْسٍ

پہلے کسی بشر کو (اس دنیا میں) ہمیشہ رہنا تو اگر آپ انتقال فرما جائیں تو کیا یہ لوگ (یہاں) ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ہر نفس موت (کا مزہ)

ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۭ وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ۭ وَاِلَيْنَا

چکھنے والا ہے۔ اور ہم خوب آزماتے ہیں تمھیں بُرے اور اچھے حالات سے دوچار کرکے اور (آخرکار) تم سب نے ہماری

تُرْجَعُوْنَ ۝۳۵ وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا

طرف ہی لوٹ آنا ہے۔ اور جب دیکھتے ہیں آپ کو اے وہ جنھوں نے کفر اختیار کیا ہے تو آپ سے بس تمسخر کرنے لگتے ہیں۔

هُزُوًا ۭ اَھٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ

(کہتے ہیں) کیا یہی وہ صاحب ہیں جو (برائی سے) ذکر کیا کرتے ہیں تمھارے خداؤں کا۔ حالانکہ وہ (کفار) رحمٰن کے ذکر سے خود

حقائق کو سمجھنے کے لیے انتہائی کوشش کی جائے ایسا نہ ہو کہ ہم سنے سنائے نظریات کو قرآن کے نظریات تصور کرنے لگیں اور اس بے خبری کے باعث علم و دانش کی دنیا میں اپنی تضحیک کے ساتھ فرقان حمید کی توہین کا بھی سبب بنیں۔ (العیاذ باللہ)

۳۵ے کفار نے اشاعتِ اسلام میں ہر قسم کے روڑے اٹکائے لیکن اس کی اشاعت میں روز افزوں اضافہ ہی ہوتا گیا۔ انھوں نے اپنے غم نصیب دلوں کو یہ کہہ کر تسلی دینی شروع کی کہ آخر کہاں تک ایسا ہوتا رہے گا۔ ایک روز تو انکی زندگی ختم ہو ہی جائے گی۔ اس کے بعد تو ہمیں آرام کا سانس لینا نصیب ہوگا۔ وہ کہا کرتے نتربص بحقید ریب المنون اس وقت یہ آیت نازل ہوئی اور انھیں ان کی حماقت کی طرف توجہ دلائی کہ اگر میرے محبوب نے اس دنیا میں ہمیشہ نہیں رہنا تو کیا تم ابد الآباد تک زندہ رہو گے۔ جب تمھیں بھی ہر زندہ چیز کی طرح موت کا پیالہ پینا ہے تو پھر اس پر بغلیں بجانے کا کیا فائدہ۔

۳۶ے کفار کا یہ دستور تھا کہ جب محبوب رب العالمین کے پاس سے گزرتے یا حضورؐ کو دیکھتے تو آوازے کستے مذاق کرتے انھیں خود اپنی حماقت اور بلادتِ طبع کا احساس نہ ہوتا کہ وہ کتنے احمق ہیں جو خداوند رحمٰن کا انکار کر رہے ہیں جس کے دسترخوانِ رحمت پر وہ پل رہے ہیں جس کی بنائی ہوئی زمین پر وہ چل رہے ہیں جو ایسا کودن ہو کہ اتنی واضح حقیقت کو بھی نہ سمجھ سکے اس کا مذاق اڑانا چاہیے نہ کہ اس ذات والا صفات کا جو نہاں خانۂ تقدیر کے اسرار پر آگاہ ہے اس لیے کفار کا ایسا کرنا حماقت بالائے حماقت ہے۔

هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿٣٦﴾ خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ؕ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ

(یکسر) انکاری ہیں۔ انسان کی سرشت میں ہی جلد بازی ہے ٣٢ میں عنقریب تمہیں (خود ہی) اپنی نشانیاں

فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿٣٧﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

دکھاؤں گا۔ سو تم مجھ سے جلدی کا مطالبہ نہ کرو ٣٣ اور وہ کہتے ہیں کب پورا ہوگا یہ (قیامت کا) وعدہ؟ (بتاؤنا) اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿٣٨﴾ لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ

سچے ہو۔ کاش! جانتے کفار (اس وقت کو) جب وہ نہ روک سکیں گے اپنے

وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٣٩﴾

چہروں سے آگ (کے شعلوں) کو اور نہ اپنی پشتوں سے اور نہ ان کی مدد کی جائے گی ٣٣

بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَ

بلکہ وہ آئے گی ان کے پاس ناگہاں ٣٤ سو انہیں بدحواس کر دے گی پھر وہ نہ اسے رد کر سکیں گے اور

٣٢ کسی چیز کو اس کے مقررہ وقت سے پہلے طلب کرنے کو عجلت کہتے ہیں۔ العجلۃ طلب الشیء وتحریہ قبل اوانہ (روح البیان)
انسان کی عجلت پسندی اظہر من الشمس ہے اور اس کے پے در پے ٹھوکریں کھاتے چلے جانے کا یہ بھی ایک بڑا سبب ہے
قال اعرابی ایاکم والعجلۃ فان العرب تکنیہا ام الندامات۔ ایک اعرابی کا قول ہے خبردار جلد بازی سے بچنا۔
عرب اس کو ام الندامات (ساری ندامتوں کی اصل) کہا کرتے ہیں۔ اہل عرب کا یہ محاورہ ہے کہ جو وصف کسی میں بہت
پائی جائے اس کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ تو اس سے پیدا ہوا ہے جو بڑا غصیل ہو اسے کہتے ہیں خُلِقَ مِنْ غضب اور جو
زیادہ کریم ہو اسے کہتے ہیں خُلِقَ مِنْ کرم۔ کیونکہ جلد بازی بھی عام لوگوں کا شیوہ ہے اس لیے خُلِقَ مِنْ عجل کہا گیا۔
٣٣ تم نے خواہ مخواہ جلدی کیوں مچا رکھی ہے۔ جب عذاب الٰہی آئے گا تو تمہیں ہر سمت سے گھیرے گا۔ اس وقت تم
چیخو گے چلاؤ گے لیکن بے سود۔
٣٤ بغتۃً۔ فجاءۃً اچانک۔ فتبھتھم۔ تحیرھم۔ حیران و ششدر کر دینے والا۔

لَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿٤٠﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ

نہ ہی انھیں مزید مہلت دی جائے گی۔ اور بیشک مذاق اڑایا گیا ان رسولوں کا بھی جو آپ سے پہلے تشریف لائے تھے

فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٤١﴾ ع ٣

پس نازل ہوا ان لوگوں پر جو تمسخر کیا کرتے تھے ان میں سے وہ عذاب جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے ۳۵

قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ط بَلْ هُمْ

آپ پوچھیے (اے منکرو!) کون ہے جو نگہبانی کرسکتا ہے تمھاری رات بھر اور دن بھر ۳۶ خدائے رحمٰن سے (اگر وہ تمھیں عذاب دینا چاہے) مگر

عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٤٢﴾ اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ

(ان سے کیا پوچھنا) یہ تو اپنے رب کے ذکر سے ہی روگرداں ہیں۔ کیا ان کے اور خدا ہیں جو بچا سکتے ہیں انھیں (عذاب سے) ہمارے

دُوْنِنَا ط لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا

سوا ۳۷ وہ جھوٹے معبود تو خود اپنی مدد بھی نہیں کرسکتے اور نہ انھیں ہماری تائید

يُصْحَبُوْنَ ﴿٤٣﴾ بَلْ مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ

میسر ہوگی۔ ۳۸ بلکہ ہم نے (عیش و آرام کا) سامان دیا انھیں اور ان کے آباؤ اجداد کو حتیٰ کہ (اسی عیش و آرام میں)

۳۵ حاق۔ احاط و دار۔ گھیرے میں لے لینا۔ جوہری لکھتے ہیں (حاق بھم العذاب ای احاط بھم و نزل الصحاح) عذاب نے ان کو گھیر لیا۔

۳۶ نادانو! تم جو اپنے رب کریم کی یاد اور اس کے ذکر سے روگردانی کیے ہوئے ہو اس نے اگر کسی وقت اپنا عذاب نازل کردیا تو کہاں سر چھپاؤ گے تمھیں کون پناہ دے گا۔

۳۷ تمھیں اگر یہ غلط فہمی ہے کہ تمھارے لات و ہبل اس وقت تمھیں ہمارے عذاب سے بچالیں گے تو اس کو اپنے ذہن سے نکال دو وہ بیچارے اپنے آپ کو نہیں بچاسکتے چہ جائیکہ تمھیں بچانے پر قادر ہوں۔

۳۸ ان کے بے بس اور کمزور ہونے کے باوجود ان کی امداد کی ایک اور صورت ہوسکتی تھی کہ ہم ان کی پشت پناہی کرتے۔ ہماری تائید اور نصرت ان کے شامل حال ہوتی تو وہ اپنی قوت کے بل بوتے پر نہ سہی ہماری تائید و نصرت سے اپنے عقیدتمندوں

الْعُمُرُ ۗ أَفَلَا يَرَوْنَ أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَا ۚ

ان پر لمبا عرصہ گزر گیا اور وہ سرکش ہو گئے ۳۹ کیا وہ ملاحظہ نہیں کرتے کہ ہم زمین (کی وسعتوں) کو گھٹاتے چلے جا رہے ہیں اس کی

أَفَهُمُ الْغَالِبُونَ ﴿۴۴﴾ قُلْ إِنَّمَا أُنذِرُكُم بِالْوَحْيِ ۚ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ

(چاروں) سمتوں سے ۴۰ کیا وہ (ہماری تقدیر پر) غالب آسکتے ہیں؟ آپ فرمائیے میں تمھیں ڈراتا ہوں صرف وحی سے ۴۱ اور نہیں سنا کرتے بہرے

الدُّعَاءَ إِذَا مَا يُنذَرُونَ ﴿۴۵﴾ وَلَئِن مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ

پکارنے کو جب انھیں (عذاب الٰہی سے) ڈرایا جاتا ہے ۴۲ اور اگر (ذرا) چھو جائے انھیں ایک جھونکا تیرے رب کے عذاب کا تو

عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُولُنَّ يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ ﴿۴۶﴾ وَنَضَعُ

(سارا نشہ ہرن ہو جائے) یوں کہنے لگیں صد حیف! بیشک ہم ہی ظالم تھے۔ اور ہم رکھ دیں گے

کی امداد کر سکتے۔ سو اس کی بھی نفی کر دی اور بتا دیا کہ انھیں ہماری تائید و نصرت بھی قطعاً حاصل نہ ہو گی اب وہ بیچارے کسی کی خاک دستگیری کر سکیں گے۔ علامہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ اس جملہ کی وضاحت کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں یعنی ولا یصحبھم منا نصر کما یصحب لمن یشفع عصاۃ المومنین من النبیین والملائکۃ والصالحین۔ (مظہری) یعنی انبیاء ملائکہ اور اولیاء کرام جو گنہگار مومنوں کی شفاعت کریں گے انھیں تو تائید الٰہی اور نصرت ربانی حاصل ہو گی لیکن کفار کے جھوٹے خدا اس سے بھی محروم ہوں گے۔

۳۹؎ ان کی پیہم سرکشی اور انکار کی وجہ بیان کی جا رہی ہے کہ ہم نے عرصہ دراز سے انھیں اور ان کے آباؤ اجداد کو ہر طرح کی عزت و آسائش سے بہرہ ور رکھا ان کی غلط کاریوں کے باوجود لوگ ان کا احترام کرتے رہے۔ ان کی نافرمانیوں کے باوجود ان کے کاروبار میں ترقی ہوتی رہی۔ اس وجہ سے یہ بات ان کے ذہنوں میں راسخ ہو گئی ہے کہ وہ حق پر ہیں اس لیے وہ کسی داعی حق کی کوئی بات سمجھنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔

۴۰؎ انھیں بتایا جا رہا ہے کہ مہلت کا عرصہ ختم ہونے والا ہے۔ ہم ان کے گرد رفتہ رفتہ حلقہ تنگ کرتے جا رہے ہیں۔ ارد گرد کے علاقوں پر مسلمانوں کا قبضہ ہوتا جا رہا ہے۔ بہتر ہے کہ وہ اب بھی آنکھیں کھولیں اور حق کو قبول کریں۔

۴۱؎ آپ فرمائیے میں تو تمھیں وہی بات کہتا ہوں جو میرے رب کی طرف سے مجھ پر وحی کی جاتی ہے۔ اپنی طرف سے کوئی بات بنا کر کرنا میرا دستور نہیں بہتر ہے تم بھی میری مخلصانہ نصیحتوں کو گوش ہوش سے سن لو۔ عذاب الٰہی سے بچ جاؤ گے۔ ساتھ ہی فرما دیا یہ تو بہرے ہیں انھیں کچھ سنائی نہیں دیتا۔

الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ۭ وَ

صحیح تولنے والے ترازو ۴۲ قیامت کے دن پس ظلم نہ کیا جائے گا کسی پر ذرہ بھر اور

اِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ۭ وَكَفٰى بِنَا

اگر کسی کا کوئی عمل رائی کے دانے کے برابر بھی ہوگا تو ہم اسے بھی لا حاضر کریں گے۔ اور ہم کافی ہیں

حٰسِبِيْنَ ﴿٤٧﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً

حساب کرنے والے۔ اور یقیناً ہم نے عطا فرمایا ۴۳ موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) کو فرقان اور روشنی

۴۲ اس پر مفصل بحث ضیاء القرآن جلد دوم سورۃ الاعراف آیت ۸ کے حاشیہ میں گزر چکی ہے ملاحظہ فرمائیں۔
الموازین موصوف ہے اور القسط اس کی صفت ہے۔ موصوف اور صفت میں واحد جمع میں مطابقت ہونی چاہیے اور یہاں ایسا نہیں اس کی کیا وجہ ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ القسط مصدر ہے اور جب مصدر صفت واقع ہو تو واحد جمع سب کی صفت واقع ہو سکتا ہے والقسط صفة الموازين ووحد لانه مصدر يقال ميزانٌ قسطٌ وميزانان قسط وموازين قسطٌ۔ (قرطبی)

حضرت انس فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی جناب میں گزارش کی کہ قیامت کے دن آپ میری شفاعت فرمائیں۔ حضور نے فرمایا انا فاعلٌ۔ میں شفاعت کروں گا۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ میں حضور کو کہاں تلاش کروں۔ فرمایا پہلے پل صراط پر (جہاں سے میری امت گزر رہی ہوگی) مجھے ڈھونڈنا اور اگر وہاں ملاقات نہ ہوئی تو میزان کے پاس مجھے تلاش کرنا (جہاں امت کے اعمال کا وزن ہو رہا ہوگا) میں نے عرض کی اگر وہاں بھی شرف ملاقات نصیب نہ ہو۔ فرمایا پھر حوض کے پاس فانی لا اخطی هذه المواطن الثلاثة میں ان تین مقامات میں سے کسی ایک ضرور ہوں گا۔ (ترمذی، بیہقی)

۴۳ یہاں سے انبیاء کرام کا تذکرہ شروع ہے۔ جن جن کمالات سے انھیں مشرف فرمایا گیا ان کا بیان ہے۔ جن مقاصد کی تکمیل کے لیے وہ تشریف لائے ان کے لیے جن جن مصائب سے انھیں دوچار ہونا پڑا اور جس صبر و استقامت سے انھوں نے کام لیا ان کا تذکرہ ہے تاکہ حق کا ہر علمبردار ان کے اسوۂ حسنہ سے صبر و استقامت، ایثار و اخلاص اور للہیت کا سبق حاصل کرے۔

وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِينَ ﴿٤٨﴾ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ وَهُم

اور ذکر پرہیزگاروں کے لیے ۴۴؎ جو ڈرتے رہتے ہیں اپنے رب سے بن دیکھے۔ نیز وہ

مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُونَ ﴿٤٩﴾ وَهَٰذَا ذِكْرٌ مُّبَارَكٌ أَنزَلْنَاهُ

قیامت سے بھی ترساں رہتے ہیں۔ اور یہ قرآن نصیحت ہے بڑی بابرکت ہم نے (ہی) اسے اتارا

أَفَأَنتُمْ لَهُ مُنكِرُونَ ﴿٥٠﴾ وَلَقَدْ آتَيْنَا إِبْرَاهِيمَ رُشْدَهُ

ہے تو کیا تم اس کو ماننے سے انکار کرتے ہو اور یقیناً ہم نے مرحمت فرمائی تھی ابراہیم کو ان کی دانائی ۴۵؎

مِن قَبْلُ وَكُنَّا بِهِ عَالِمِينَ ﴿٥١﴾ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ مَا

اس سے پہلے اور ہم ان کو خوب جانتے تھے۔ ۴۶؎ یاد کرو جب آپ نے کہا اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہ کیا

۴۴؎ جو کتاب حضرت موسیٰ کو (اصالۃً) اور حضرت ہارون کو (نیابۃً) دی گئی تھی اس کے اوصاف بیان فرمائے جا رہے ہیں کہ وہ فرقان ہے یعنی حق و باطل کو الگ الگ کر دینے والی ہے۔ وہ ضیا ہے یعنی روشنی ہے جس سے شاہراہ حیات منور ہو رہی ہے اور پرہیزگاروں کے لیے نصیحت ہے۔ اگلی آیت نے بتا دیا کہ متقی کون ہوتا ہے۔

۴۵؎ حضرت موسیٰ و ہارون کے ذکر کے بعد ابو الانبیاء جد المصطفیٰ سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا ذکر خیر فرمایا جا رہا ہے۔ آپ نے اپنی جان پر کھیل کر اور خطرات کو دعوت دے کر جس جرأت سے توحید کا اعلان کیا جس حسن تدبیر سے جھوٹے خداؤں کی خدائی کا پول کھولا اور ان کے پجاریوں پر ان کی بے بسی کو آشکارا کیا۔ پھر جس استقامت کا مظاہرہ آتش کدہ میں چھلانگ لگاتے وقت کیا ان تمام چیزوں کو اگر پیش نظر رکھا جائے تب لقد اٰتینا ابراھیم رشدہ کا مفہوم صحیح طور پر سمجھ آتا ہے گویا رُشد وہ بصیرت اور دانش مندی ہے جس سے گمراہ ماحول میں نعرۂ توحید بلند کرنے کی جرأت اور اس کا سلیقہ اور اس راہ میں حائل ہونے والی ساری مصیبتوں کو جھیلنے کا حوصلہ اور اللہ تعالیٰ کی ذات پر توکل کا صحیح جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

۴۶؎ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ہمیں ان عظیم اور نادر صلاحیتوں کا خوب علم تھا جو ان میں ودیعت فرمائی گئی تھیں اسی لیے ان کو اتنی شان بخشی۔ قدرت اپنے عطیات کی تقسیم میں حکمت کو ہمیشہ ملحوظ رکھتی ہے۔

هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا

مورتیاں ہیں ۲۷ جن کی پوجا پاٹ پہ تم جمے بیٹھے ہو ۔ وہ بولے پایا ہے ہم نے اپنے

وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ

باپ (دادوں) کو کہ وہ ان کے پجاری تھے ۔ آپ نے فرمایا بلاشبہ مبتلا رہے ہو تم بھی

وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۴﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ

اور تمہارے باپ دادا بھی کھلی ہوئی گمراہی میں ۔ انھوں نے پوچھا کیا تم ہمارے پاس کوئی سچی بات لیکر آئے ہو یا تم

مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

دل لگی کر رہے ہو ۲۸ آپ نے فرمایا (دل لگی نہیں کر رہا) بلکہ تمہارا رب وہی ہے جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے جس

الَّذِيْ فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا عَلٰي ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَتَاللّٰهِ

نے ان سب کو پیدا فرمایا ہے ۲۹ اور میں اس (صداقت) پر گواہی دینے والوں سے ہوں ۔ اور بخدا ! میں

۲۷ بتوں کی تحقیر کے لیے یہ لفظ استعمال کیا ۔ وہ صورت جو ہاتھوں سے بنائی جائے اسے تمثال کہتے ہیں بعض کے نزدیک وہ تماثیل مختلف ستاروں کی تھیں جن کی شکلیں انھوں نے اپنے خیال کے مطابق بنائی تھیں بعض کے نزدیک یہ پہلے لوگوں کے مجسمے تھے جن کے متعلق ان کا یہ اعتقاد تھا کہ وہ شانِ الوہیت کے مالک ہیں ۔

۲۸ آپ کی ساری قوم عرصہ دراز سے انہی بتوں کو اپنا معبود، اپنا کارساز اور اپنا حاجت روا سمجھتی آئی تھی ۔ اس عقیدہ کی صداقت کے متعلق ان کے دلوں میں ادنیٰ سا شک اور معمولی سا تردد بھی کبھی پیدا نہ ہوا تھا جب انھوں نے آپ کی زبان سے یہ بات سنی کہ تم کھلی گمراہی میں ہو تو وہ حیرت سے آپ کا منہ تکنے لگے اور کہنے لگے ابراہیم یہ تم نے کیا بات کہی ہے کیا تم اس کو حق سمجھ کر کہہ رہے ہو یا یوں ہی ہنسی مذاق سے تمہارے منہ سے یہ فقرہ نکل گیا ہے ۔

۲۹ آپ نے فرمایا کہ میں نے پورے وثوق سے یہ کہا ہے کہ یہ خدا نہیں ۔ خدا تو وہ ہے جس کی یہ شان ہے اور جس کی یہ قدرت ہے ۔ میں تو اس کے بغیر کسی کی خدائی ماننے کے لیے تیار نہیں ۔

لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾ فَجَعَلَهُمْ

بندوبست کروں گا تمھارے بتوں کا جب تم چلے جاؤ گے پیٹھ پھیرتے ہوئے ۵۵؎ پس آپ نے انھیں

جُذٰذًا اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قَالُوْا مَنْ

ریزہ ریزہ کر ڈالا مگر ان کے بڑے بت کو کچھ نہ کہا تاکہ وہ لوگ (اس افتاد کے بارے میں) اسی کی طرف رجوع کریں ۵۶؎ وہ بولے کس

فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا سَمِعْنَا

نے یہ حال کیا ہے ہمارے بتوں کا بیشک وہ ظالموں میں سے ہے (چند آدمیوں نے) کہا ہم نے ایک نوجوان کو سنا

فَتًى يَّذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِيْمُ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى

ہے کہ وہ ان کا ذکر (برائی سے) کیا کرتا ہے۔ اسے ابراہیم کہا جاتا ہے۔ کہنے لگے تو پھر (پکڑ کر) لاؤ اسے سب

۵۵؎ دبی زبان سے آپ نے فرمایا ابھی میں تمھارے ان خداؤں کی مرمت کرتا ہوں تاکہ ان کی حقیقت تم پر آشکارا ہو جائے۔ جوہری لکھتے ہیں:۔ کل شیئ تعالجه انت تکیده۔ نیز کسی چیز کے متعلق بُرا ارادہ کرنے کو بھی کید کہتے ہیں کاد ای اراده بسوء (المنجد) یہاں یہ لفظ یہی مفہوم ادا کرنے کے لیے استعمال ہوا ہے۔

۵۶؎ ان کا ایک تہوار قریب تھا۔ اس روز سارا شہر پجاریوں سمیت کھلے میدان میں نکل جاتا۔ دن بھر کھیل تفریح میں مشغول رہتے اور شام کے قریب واپس لوٹتے۔ آپ نے خیال فرمایا بڑا زریں موقع ہے۔ سارا بتکدہ خالی ہو گا۔ بغیر کسی مزاحمت کے میں اپنی تدبیر پر عمل کر سکوں گا۔ چنانچہ جب سب لوگ تہوار منانے کے لیے باہر چلے گئے اور بتکدہ خالی ہو گیا تو آپ بھاری کلہاڑا اٹھائے ہوئے آ دھمکے۔ وسیع ہال کے درمیان بڑا بت تھا۔ اس کے دونوں طرف ترتیب وار چھوٹے بت رکھے ہوئے تھے۔ سب کے سامنے مٹھائی کے تھال بھرے پڑے تھے۔ آپ نے کسی کا کان کاٹا، کسی کی ناک، کسی کی آنکھ پھوڑی اور کسی کی ٹانگ اور بازو توڑا۔ اور سب مٹھائیاں اٹھا کر بڑے بت کے سامنے ڈھیر کر دیں اور کلہاڑا اس کے کندھے پر رکھ دیا اور خود وہاں سے کھسک گئے۔ شام کو جب پجاری واپس پہنچے اور اپنے بتوں کا یہ حال دیکھا تو کہرام مچ گیا۔ ڈھونڈو! پکڑو کا شور بلند ہوا۔ نمرود کو اطلاع ملی۔ اس نے تلاش شروع کی حضرت ابراہیم کے عقاید سے جو لوگ واقف تھے انھوں نے اندازہ لگایا کہ وہی نوجوان ایسا کرنے کی جرأت کر سکتا ہے۔ ان کی نشاندہی پر نمرود کی پولیس آپ کو گرفتار کر کے لے آئی۔

أَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُونَ ﴿٦١﴾ قَالُوٓا ءَأَنتَ فَعَلْتَ هَٰذَا

لوگوں کے روبرو ۵۲؎ شاید وہ اس کے متعلق کوئی شہادت دیں۔ (ابراہیم پکڑ کر لائے گئے) تو لوگوں نے پوچھا اے ابراہیم!

بِـَٔالِهَتِنَا يَٰٓإِبْرَٰهِيمُ ﴿٦٢﴾ قَالَ بَلْ فَعَلَهُۥ كَبِيرُهُمْ هَٰذَا فَسْـَٔلُوهُمْ

کیا تو نے ہمارے خداؤں کے ساتھ یہ حرکت کی ہے؟ فرمایا بلکہ ان کے اس بڑے نے یہ حرکت کی ہو گی سو ان سے پوچھو ۵۳؎

إِن كَانُوا۟ يَنطِقُونَ ﴿٦٣﴾ فَرَجَعُوٓا۟ إِلَىٰٓ أَنفُسِهِمْ فَقَالُوٓا۟ إِنَّكُمْ أَنتُمُ

اگر یہ گفتگو کی سکت رکھتے ہوں (لاجواب ہو کر) اپنے دلوں میں غور کرنے لگے ۵۴؎ پھر بولے بلاشبہ تم ہی زیاں کار

ٱلظَّٰلِمُونَ ﴿٦٤﴾ ثُمَّ نُكِسُوا۟ عَلَىٰ رُءُوسِهِمْ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هَٰٓؤُلَآءِ

ستمگار ہو۔ پھر وہ اوندھے ہو کر (اپنی سابقہ گمراہی کی طرف) پلٹ گئے ۵۵؎ اور کہنے لگے تم خوب جانتے ہو کہ یہ

۵۲؎ اور مجمع عام میں آپ سے پوچھ گچھ شروع ہوئی۔

۵۳؎ آپ نے فرمایا نادانو! مجھ سے کیا پوچھتے ہو اپنے خداؤں سے پوچھو کس نے ان کا یہ حشر کیا اور یہ صنم اکبر جس کے سامنے شکستہ بتوں کے انبار لگے ہوئے ہیں اور جس کے کندھے پر کلہاڑا لٹکا ہوا ہے یہ تو صاف بتا رہا ہے کہ اسی نے چھوٹے خداؤں سے ناراض ہو کر ان کا ستیاناس کر ڈالا مجھ سے کیوں پوچھتے ہو ان سے پوچھو اگر ان میں بولنے کی سکت ہے۔ بتوں کی اس توہین سے ہی وہ بڑے پریشان تھے۔ آپ کے اس الزام نے ان کے ہوش اڑا دیئے۔ بھنا کر رہ گئے بے حس و حرکت گویا جسم میں جان نہیں کاٹو تو لہو نہیں۔

۵۴؎ آپ کے اس ارشاد نے تمام حجابوں کو تار تار کر دیا جنہوں نے حقیقت کو چھپا رکھا تھا۔ آپ کے اس چرکے نے ایک لمحہ کے لیے انہیں خواب غفلت سے چونکا دیا ان کے ٹھاکروں کی بے بسی اور ناتوانی ایک ناقابل انکار حقیقت بن کر ان کے سامنے آکھڑی ہوئی اور اپنی گمراہی اور ضلالت کا بے ساختہ اعتراف کر لیا آپس میں کہا "انکم انتم الظالمون"۔

۵۵؎ علامہ قرطبی لکھتے ہیں اس کا معنی یہ نہیں کہ شرم و خجالت کے مارے ان کے سر جھک گئے جیسے بعض لوگوں نے سمجھا ہے کیونکہ اگر مدعا یہ ہوتا تو عبارت یوں ہوتی۔ نکسوا رؤسھم اور یہاں نکسوا علی رؤسھم ہے اور اس کا معنی ہے اپنی مشرکانہ جہالت اور بتوں کی عبادت کی طرف پھر لوٹنا حضرت ابن عباس سے اس کا یہی معنی مروی ہے اور کھم الشقاء فعادوا الی کفرھم۔ یعنی انہیں ان کی بدبختی نے آلیا اور پھر وہ اپنے کفر کی طرف لوٹ گئے۔

يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ

بولتے نہیں۔ آپ نے فرمایا (نادانو!) کیا تم عبادت کرتے ہو اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ان (بے بس بتوں) کی جو نہ تمہیں کچھ

شَيْـًٔا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿۶۶﴾ اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

فائدہ پہنچا سکتے ہیں اور نہ تمہیں ضرر پہنچا سکتے ہیں۔ تف ہے تم پر نیز ان بتوں پر جن کو تم پوجتے ہو اللہ تعالیٰ کے سوا کیا

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

تم اتنا بھی نہیں سمجھتے؟ (سب یک زبان ہو کر) بولے جلا ڈالو اس کو اور مدد کرو اپنے خداؤں کی [۵۶] اگر تم کچھ کرنا

فٰعِلِيْنَ ﴿۶۸﴾ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۶۹﴾ وَ

چاہتے ہو (جب آپ کو آتشکدہ میں پھینکا گیا تو) ہم نے حکم دیا اے آگ! ٹھنڈی ہو جا اور سلامتی کا باعث بن جا ابراہیم پر

۵۵؎ آپ نے پھر ایک ضرب کاری لگا دی۔

۵۶؎ جب دلائل ابراہیمی کے سامنے زچ ہو گئے تو تشدد پر اتر آئے جو اہل باطل کا ہمیشہ سے دستور رہا ہے تجویز ہوئی کہ آگ جلاؤ جب وہ خوب بھڑک اٹھے تو ابراہیم کو اس میں پھینک دو۔ آگ بھون کر خاکستر کر دے گی ایسے گستاخ کی اس سے کم اور کوئی سزا نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ کئی روز تک ایندھن اکٹھا ہوتا رہا لوگوں نے ایندھن فراہم کرنے میں اپنے مذہبی جوش کا پورا مظاہرہ کیا وہ منتیں مانتے تھے کہ اگر میرا یہ کام ہو گیا تو میں اتنے گٹھے لکڑیوں کے لے آؤں گا۔ آخر آگ جلائی گئی جب اس کے شعلے خوب بھڑک اٹھے اور دہکتے ہوئے انگاروں کی تمازت سے پرندے بھی دور بھاگنے لگے تو اب یہ مشکل پیدا ہوئی کہ ابراہیم کو آگ میں کس طرح پھینکا جائے چنانچہ منجنیق بنائی گئی اور حضرت ابراہیم کو قید خانہ سے باہر لایا گیا ان کے دست و بازو باندھے گئے جب انہیں منجنیق میں رکھا جانے لگا تو عالم بالا میں قیامت برپا ہو گئی۔ الٰہی اس بھری دنیا میں صرف ایک ابراہیم ہے جو تیرا نام لیتا ہے اسے یوں دست و بازو باندھ کر آتشکدہ میں پھینکا جا رہا ہے الٰہی اگر یہ شمع بھی بجھ گئی تو دنیا تاریک ہو جائے گی پھر لا الہ الا اللہ کی صدائے دلنواز کون بلند کرے گا بارگاہ الٰہی سے فرشتوں کو اذن ملا جاؤ ابراہیم کی جو امداد تم کر سکتے ہو کرو جب ہوا اور بارش کے ملائکہ نے حاضر ہو کر اپنی خدمات پیش کیں تو آپ نے بڑے استغناء سے فرما دیا مجھے ان خدمات کی ضرورت نہیں مجھے میرا خدا کافی ہے۔ جب منجنیق کو گھما کر آپ کو پھینکا جانے لگا تو جبرئیل آئے عرض کی خلیل! میں حاضر ہوں کوئی حکم کوئی ارشاد۔ جواب ملا اما الیک فلا اے جبرئیل مجھے تیری اعانت کی ضرورت نہیں جبرئیل نے کہا خلیل! اپنے رب جلیل سے اپنے بچاؤ کی دعا تو مانگو اس پیکر تسلیم و رضا نے جواب دیا حسبی من سؤالی علمه بحالی جب وہ میرے حال کو جانتا ہے تو مجھے عرض کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ اس کی قضا کے سامنے ابراہیم نے اپنا سر جھکا دیا ہے۔

ارادوا بہ کیدا فجعلنھم الاخسرین ﴿٧٠﴾ ونجینہ ولوطا

کے ساتھ انھوں نے تو ابراہیم کو گزند پہنچانے کا ارادہ کیا لیکن ہم نے انھی کو ناکام بنا دیا۔ اور ہم نے نجات دی آپ کو اور لوط کو اس

الی الارض التی برکنا فیھا للعلمین ﴿٧١﴾ ووھبنا لہ اسحق

سرزمین کی طرف (ہجرت کا حکم دیا) جسے ہم نے بابرکت بنایا تھا تمام جہان والوں کے لیے اور ہم نے عطا فرمایا انھیں اسحٰق

ویعقوب نافلۃ ط وکلا جعلنا صلحین ﴿٧٢﴾ وجعلنھم ائمۃ

(جیسا فرزند) اور یعقوب (جیسا) پوتا۔ اور سب کو ہم نے صالح بنا دیا۔ اور ہم نے بنا دیا انھیں پیشوا (لوگوں

یھدون بامرنا واوحینا الیھم فعل الخیرت واقام الصلوۃ

کے لیے) وہ راہ دکھاتے تھے ہمارے حکم سے اور ہم نے وحی بھیجی ان کی طرف کہ وہ نیک کام کریں اور نماز ادا کریں

وایتاء الزکوۃ ج وکانوا لنا عبدین ﴿٧٣﴾ ولوطا اتینہ حکما

اور زکوٰۃ دیا کریں۔ اور وہ سب ہمارے عبادت گزار تھے۔ اور لوط کو ہم نے حکومت

وعلما ونجینہ من القریۃ التی کانت تعمل الخبئث ط

اور علم عطا فرمایا اور نجات دی اسے اس گاؤں سے جس کے باشندے بہت رذیل کام کیا کرتے تھے۔

انھم کانوا قوم سوء فسقین ﴿٧٤﴾ وادخلنہ فی رحمتنا ط انہ

بے شک وہ لوگ بڑے نابکار (اور) نافرمان تھے۔ اور ہم نے اسے داخل کر لیا اپنے (حریم) رحمت میں۔

۵۸ ادھر منجنیق کو حکم کہ آپ کو اس آتش کدہ میں پھینکا گیا۔ اُدھر دہکتے ہوئے انگاروں اور بھڑکتے ہوئے شعلوں کو حکم ملا خبردار! اگر میرے خلیل کا ایک بال بھی بیکا ہوا۔ اے آگ ابراہیم کے لیے ٹھنڈی ہو جا اور سلامتی کا باعث بن جا۔ ابراہیم آکر آگ میں گرے وہاں گرمی کا نام و نشان نہ تھا بلکہ وہاں ٹھنڈک تھی اور ٹھنڈک بھی ایسی جو باعث راحت و آرام ہو۔

۵۹ حضرت لوط علیہ السلام اور ان کی قوم کی مسخ شدہ ذہنیت اور ان کے جرائم کے متعلق آپ کئی جگہ پڑھ چکے ہیں لوطاً فعل محذوف کا مفعول ہے اس لیے منصوب ہے۔

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۷۵﴾ وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ

بیشک وہ نیکو کاروں میں سے تھا۔ اور یاد کرو نوح کو جب انھوں نے ہمیں پکارا پیش ازیں، تو ہم نے قبول فرمایا اُن کی

فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ وَنَصَرْنٰهُ مِنَ

دعا کو اور بچایا انھیں اور اُن کے گھر والوں کو سخت مصیبت سے ٦٠ اور ہم نے اُن کی حمایت کی اس قوم

الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ

کے مقابلہ میں جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا بیشک وہ بڑے ناہنجار لوگ تھے پس ہم نے غرق کر دیا ان

اَجْمَعِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ

سب کو۔ اور یاد کرو داؤد و سلیمان (علیہما السلام) کو ٦١ جب وہ فیصلہ کر رہے تھے ایک کھیتی کے جھگڑے کا

نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ﴿۷۸﴾

جب رات کے وقت چھوٹ گئیں اس میں ایک قوم کی بکریاں ٦٢ اور ہم اُن کے فیصلہ کا مشاہدہ کر رہے تھے۔

٦٠ الکرب: الغم الشدید۔ سخت غم۔ حضرت نوح علیہ السلام نے ساڑھے نو سو سال تک اپنی قوم کو کفر و شرک سے باز آنے اور گناہوں سے کنارہ کش ہونے کی دعوت دی اور اتنا طویل عرصہ ان کے مظالم اور اذیت رسانیوں کو صبر و تحمل سے برداشت کرتے رہے۔ آخر کار اللہ تعالیٰ نے اپنی سنت کے مطابق آپ کی مغرور اور ستم شعار قوم کو غرق کر دیا اور آپ کو اور آپ پر ایمان لانے والوں کو بچا لیا۔ تفصیلات سے آپ پہلے آگاہ ہو چکے ہیں۔

٦١ آپ دونوں باپ بیٹا جلیل القدر نبی ہونے کے باوجود اپنے علاقہ کے حکمران بھی تھے اور حکمت و دانش میں بھی بے مثل تھے۔ آج بھی ان کے نام حکیمانہ فہم و فراست کے لیے بطور ضرب المثل ذکر کیے جاتے ہیں۔ ان کے دوسرے محامد و کمالات بیان کرنے سے پہلے ایک واقعہ ذکر کیا گیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ فرزند ارجمند کو فہم و فراست کی نعمت زیادہ بخشی گئی تھی اور یہ بھی حقیقت میں حضرت داؤد کی عزت افزائی تھی کیونکہ اولاد کی برتری سے جو خوشی ماں باپ کو ہوتی ہے وہ اپنے کمالات کی خوشی سے کئی گنا زیادہ ہوتی ہے۔

٦٢ واقعہ کی تفصیل جو کتب تفسیر میں مذکور ہے اس کا خلاصہ درج ذیل ہے:۔

"ایک شخص کی بکریاں رات کے وقت کسی کھیت میں گھس گئیں اور اسے اجاڑ کر رکھ دیا کھیت والا داؤد کے

فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۫ وَّسَخَّرْنَا مَعَ

سو ہم نے سمجھا دیا وہ معاملہ سلیمان کو۔ اور ان سب کو ہم نے بخشا تھا حکم اور علم اور ہم نے فرمانبردار بنا دیا داؤد کا

دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۭ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝۷۹ وَعَلَّمْنٰهُ

پہاڑوں اور پرندوں کو وہ سب انکے ساتھ مل کر تسبیح کہا کرتے ۹۳ اور یہ شان ہم دینے والے تھے ۹۴ اور ہم نے سکھا

لیے حضرت داؤد کی خدمت میں حاضر ہوا بحریوں کے مالک کو بھی بلایا گیا۔ دونوں کے بیان سن کر آپ نے فیصلہ کیا کہ بکریاں کھیت والے کو دے دی جائیں تاکہ اس کے نقصان کی تلافی ہو سکے کیونکہ کھیت کا جو نقصان ہوا تھا بکریوں کی قیمت اندازاً اس کے لگ بھگ تھی۔ حضرت سلیمان نے جو ابھی کمسن تھے جب یہ فیصلہ سنا تو کہا کہ اس سے بھی فیصلہ کی ایک بہتر صورت ہو سکتی ہے کہ بکریاں عارضی طور پر کھیت والے کو دے دی جائیں۔ وہ ان کا دودھ پئے اور دوسرے فوائد حاصل کرے اور بکریوں والے کو حکم دیا جائے کہ وہ اس اجڑے ہوئے کھیت کی نگرانی اور حفاظت کرے جب کھیت اپنی اصلی حالت پر آجائے تو کھیت والے کو اس کا کھیت دے دیا جائے اور بکریوں کا مالک اپنی بکریاں لے لے۔ یہ فیصلہ سن کر حضرت داؤد کی خوشی کی انتہا نہ رہی چنانچہ اسی کے مطابق عمل کیا گیا۔"

۹۳ اب ان اعزازات اور کرامات کا بیان شروع ہو رہا ہے جن سے ہر ایک کو الگ الگ مشرف فرمایا گیا تھا۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے متعلق فرمایا کہ ہم نے پہاڑوں اور پرندوں کو آپ کا مطیع بنا دیا جب آپ حمد و تسبیح میں مشغول ہوتے تھے، تو پہاڑ اور پرندے بھی آپ کے ساتھ اپنے رب کی حمد و تسبیح کرنے لگتے۔ علامہ پانی پتی لکھتے ہیں کہ مَعَ کا متعلق "سخرنا" بھی ہو سکتا ہے اور یُسَبِّحْنَ بھی۔ لفظاً پہلا احتمال قوی ہے اور معناً دوسرا راجح ہے مع متعلق بسخرنا او بیسبحن والاول اقوی لفظا والثانی معنا۔ (مظہری)

چنانچہ میں نے ترجمہ میں معنوی پہلو کو ترجیح دی ہے۔ علامہ قرطبی نے بھی یہی مفہوم بیان کیا ہے سخرنا ای جعلناها بحیث تطیعه اذا امرها بالتسبیح۔

پہاڑوں اور پرندوں کی یہ تسبیح کس قسم کی تھی۔ بعض لوگوں نے کہا کہ جب آپ تسبیح کہا کرتے تو پہاڑ گونج اٹھتے اور یہی گونج ان کی تسبیح تھی لیکن علامہ آلوسی اور دیگر علمائے محققین نے تشریح کی ہے کہ پہاڑ زبان قال سے تسبیح کیا کرتے ہیں۔ جس طرح فخر دو عالم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم سے کنکریوں نے لا الٰہ الا اللہ پڑھا تھا اور سب لوگوں نے سنا تھا۔ اس تسبیح سے گونج مراد لینا۔ فلیس بشیء اصلاً یہ کوئی چیز نہیں ہے۔ یہ بالکل لغو بات ہے کیونکہ پھر اس میں حضرت داؤد کی کیا خصوصیت ہوئی۔ کوئی شخص بھی اگر پہاڑ میں بلند آواز سے بولیگا تو اس سے گونج پیدا ہوگی خواہ وہ آواز دینے والا کافر ہی کیوں نہ ہو۔

۹۴ اس ارشاد سے معترضین کا منہ بند کر دیا کہ تم اس کو تسلیم کرنے سے ہچکچاہٹ محسوس کرتے ہو یہ کام تو ہم نے کیا، ہنے

صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ

دیا انھیں زرہ بنانے کا ہنر [٤] تمہارے فائدہ کے لیے تاکہ وہ زرہ بچائے تمھیں تمہاری زد سے تو کیا تم (اس احسان کا)

شٰكِرُوْنَ ﴿٨٠﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖۤ اِلَى

شکریہ ادا کرنے والے ہو۔ اور ہم نے سلیمان کے لیے تند و تیز ہوا کو فرمانبردار بنا دیا [٦٦] چلتی تھی وہ ہوا اُن کے حکم سے اس

الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿٨١﴾ وَ

سرزمین کی طرف جسے ہم نے بابرکت بنا دیا تھا۔ اور ہم ہر چیز کو جاننے والے تھے۔ اور

مِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ

ہم نے مسخر کر دیئے شیطانوں میں سے جو (سمندروں میں) غوطہ زنی کرتے ان کے لیے اور کیا کرتے طرح طرح کے اور کام [٦٨]

نبی کو یہ شان ہم نے بخشی کیا تمہیں ہماری قدرت پر یقین نہیں۔

[٤] دوسرا کمال جو حضرت داؤد کو مرحمت ہوا وہ زرہ سازی کا فن تھا۔ چھوٹے چھوٹے لوہے کے حلقوں سے بن کر زرہ تیار کرنا آپ کی اختراع ہے۔ اس طرح کی بنی ہوئی زرہ مضبوط اور وزن میں ہلکی ہوتی ہے۔

[٦٦] اب ان انعامات کا ذکر ہو رہا ہے جو آپ کے فرزند سلیمان علیہ السلام پر کیے گئے۔ پہلا انعام یہ ہے کہ ہوا کو آپ کا تابع فرمان کر دیا گیا۔ آپ کے تخت کو ہوا اپنے کندھوں پر اٹھاتی اور جدھر آپ کی مرضی ہوتی اُدھر کو لے اڑتی۔ اس کی سرعت رفتار کو دوسری جگہ بیان کیا گیا ہے کہ صبح سے لیکر چاشت کے وقت تک ایک ماہ کی مسافت طے کر لیتی۔ آپ کے وزراء اور امراء بھی آپ کے ہمراہ ہوتے۔ اپنے شاہی فرائض انجام دینے کے بعد اگر آپ چاہتے تو ہوا آپ کو لے کر عصر کے قریب آپ کے پایۂ تخت میں پہنچا دیتی۔ قرآن کریم کی آیات کو اگر خارجی وساوس کے بغیر پڑھا جائے تو ان کا یہی مفہوم سمجھ آتا ہے۔

ایک صاحب نے جیوش انسائیکلوپیڈیا کے حوالہ سے یہ بات نقل کی ہے کہ آپ کا ایک زبردست بحری بیڑا تھا۔ جس کے ذریعہ شرق و غرب میں آپ کی تجارت کا جال بچھا ہوا تھا اور اس سے بڑا نفع حاصل ہوتا تھا۔ آپ اپنے محلات اور اپنے پایۂ تخت کی آرائش پر دل کھول کر روپیہ صرف کرتے تھے۔ وہ صاحب لکھتے ہیں کہ قرآن کریم میں بھی اسی بحری بیڑا کا ذکر ہو رہا ہے۔ قرآن کریم کی آیات کے صرف سادہ ترجمہ پر نظر ڈالیے اور پھر فیصلہ کیجیے کہ کیا ان آیات میں اشارۃً یا کنایۃً بھی بحری بیڑے کا تذکرہ آیا ہے۔ جب نہیں تو پھر ایسی تحریفات کو تفسیر کہنے سے شرم آنی چاہیے۔ عصر حاضر میں جب ہماری فضا میں ہر وقت ان گنت طیارے اور ہوائی بیڑے مصروف پرواز ہیں اور انھیں دیکھ کر ایک عام آدمی کو

# ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۲﴾ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ

اور ہم ہی ان کے نگہبان تھے ۔ اور یاد کرو ایوب کو جب پکارا انھوں نے اپنے رب کو (کہ) مجھے پہنچی ہے ۔

بھی کسی قسم کی حیرت نہیں ہوتی ۔ آج حضرت سلیمان کے اس ہوائی بیڑے کا انکار کرنا انتہائی نامعقولیت ہے ۔

۸۱ دوسری مہربانی یہ فرمائی کہ سرکش جنوں کو آپ کا فرمانبردار بنا دیا جو سمندر میں غوطے لگا کر اس کی تہ سے قیمتی موتی نکال کر لاتے اور اس کے علاوہ دیگر جسمانی مشقت کے کام آپ ان سے لیتے ۔ مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو سورۂ سبا آیت ۱۲-۱۳ کے حواشی

۸۲ اللہ تعالیٰ کی آزمائش کے کئی انداز ہیں کبھی وہ انعامات و احسانات کا مینہ برسا کر آزماتا ہے اور کبھی آلام و مصائب میں مبتلا کر کے امتحان لیتا ہے پہلے حضرت داؤد و سلیمان کا ذکر فرمایا جنہیں عزت و شاہی جاہ و جلال سے نوازا ۔ پہاڑ اور پرندے ہوا اور شیاطین کو ان کا حلقہ بگوش بنایا اس کے باوجود وہ شکر و ذکر سے کبھی غافل نہ رہے اب اپنے ایک اور بندے کا ذکر ہو رہا ہے جس پر تکالیف و شدائد کی انتہا ہو گئی لیکن اس کے ہاتھ سے صبر کا دامن نہ چھوٹا ہر حال میں اپنے رب کی حمد و ثنا میں سرگرم رہے تاکہ ہر انسان اپنے حالات کے مطابق انبیا کے اسوۂ حسنہ سے روشنی حاصل کر سکے حضرت ایوب کی نسب، قوم اور زمانہ کے متعلق بہت کچھ اختلاف پایا جاتا ہے اگرچہ وثوق سے کوئی بات نہیں کہی جا سکتی لیکن بعض قرائن سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کا زمانہ نویں صدی قبل مسیح یا اس سے پہلے کا ہے آپ حضرت اسحٰق کے دوسرے بیٹے عیسو کی نسل سے تھے آپ بڑے دولتمند تھے زرعی زمین کا اندازہ اس سے لگائیے کہ آپ کے پاس کھیتی باڑی کے لیے بیلوں کی پانچسو جوڑیاں تھیں ہزاروں کی تعداد میں بھیڑ بکریاں تھیں سات بچے اور سات بچیاں تھیں ۔ زوجہ محترمہ کا نام رحمت بتایا گیا ہے جو حضرت یوسف کے فرزند افرائم کی لخت جگر تھیں بڑی حسین و جمیل اور صحت مند تھیں ان گونا گوں انعامات کے باوجود آپ اپنے خالق کی عبادت اور اس کی مخلوق کی خدمت میں ہر طرح سرگرم رہا کرتے تھے مشیت الٰہی نے جب آزمانا چاہا کھیتیاں جل کر راکھ ہو گئیں مال مویشی میں ایسی وبا پھوٹی کہ ایک بھی زندہ نہ رہا آپ کے سارے بیٹے اور بیٹیاں اپنے بڑے بھائی کے ہاں مدعو تھے مکان گرا اور سب لقمۂ اجل بن گئے ۔ آپ کے جسم میں آبلے نمودار ہوتے گئے خارش کی وجہ سے انہیں کھجلایا تو انھوں نے ناسور کی شکل اختیار کر لی ۔ ان میں چھوٹے چھوٹے کیڑے رینگنے لگے جسم سے پیپ بہنے لگی سب نیاز مند اپنا سلسلۂ نیاز و عقیدت توڑ کر الگ ہو گئے رشتہ داروں نے نفرت سے آنکھیں پھیر لیں شہر والوں نے بستی سے نکال دیا کہ اس سے لوگوں میں بیماری پھیلنے کا خطرہ ہے آزمائش کی ان ہوشربا گھڑیوں میں نہ زبان پر حرف شکایت آیا اور نہ دل میں کبھی اپنے مالک کا شکوہ کیا ۔ کافی عرصہ اسی حالت میں گزر گیا بعض نے سات سال اور بعض نے اس سے بھی زیادہ لکھا ہے زبان پھر بھی اپنے خالق و مالک کی حمد و ثنا میں مصروف رہی آخر یہ التجا زبان پر آ ہی گئی انی مسنی الضر الٰہی مجھے مصیبتوں اور بیماریوں نے چاروں طرف سے گھیر لیا ہے اس کے بعد یہ عرض نہیں کی کہ میری تکلیفوں اور بیماریوں کو دور فرما دے اور مجھے ان مصیبتوں سے رہائی بخش صرف اتنا ہی عرض کیا انت ارحم الراحمین تو بڑا رحم کرنے والا ہے ۔ گویا یہ کہہ کر سب کچھ ہی کہہ دیا ۔

مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۸۳﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا

سخت تکلیف اور تو ارحم الراحمین ہے (میرے حال زار پر بھی رحم فرما) تو ہم نے قبول فرمائی اس کی فریاد اور ہم نے دور فرما دی

مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَیْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً

جو تکلیف انہیں پہنچ رہی تھی [79] اور ہم نے عطا کئے اُسے اس کے گھر والے نیز اتنے اور ان کے ساتھ

مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰی لِلْعٰبِدِیْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِدْرِیْسَ

اپنی رحمت خاص سے اور یہ نصیحت ہے عبادت گزاروں کے لیے [80] اور یاد کرو اسمٰعیل ، ادریس

[79] رحمت الٰہی جوش میں آئی۔ چشم زدن میں ساری مصیبتیں دور ہو گئیں۔ حسن و شباب پھر لوٹ آیا۔ اجڑا ہوا گھر آباد ہو گیا مال و دولت کی وہی فراوانی ہو گئی۔ بلکہ پہلے سے کئی گنا زیادہ ہر چیز میں برکت و رونق آ گئی۔ بعض روایات میں آیا ہے کہ پہلے بچے بچیوں کو بھی زندہ کر دیا گیا۔

[80] یعنی حضرت ایوب علیہ السلام کے اس قصہ میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والوں اور اس کی رضا کے طلبگاروں کے لیے بڑی روشن اور واضح نصیحت ہے وہ یاد رکھیں کہ اگر آزمائش کی کسی ایسی وادی میں سے ان کا بھی گزر ہو، جہاں قدم قدم پر مصیبتوں کے اژدھا منہ کھولے بیٹھے ہوں۔ جہاں بربادیوں اور ویرانیوں کے رنج فرسا سائے ہوں تو وہ اپنے رب کریم کا شکوہ نہ شروع کر دیں، اس کی رحمت سے مایوس نہ ہو جائیں بلکہ سیرت ایوب کو سامنے رکھیں اور صبر و استقامت کا دامن تھامے ہوئے قدم آگے بڑھاتے جائیں۔ فاستجبنا لہ فکشفنا کی نوید انہیں بھی سنائی جائے گی۔

اسی واقعہ کو اگر آپ بائیبل میں پڑھیں گے تو ذکری للعابدین کی کوئی ادنیٰ سی جھلک بھی آپ کو نظر نہیں آئے گی وہاں آپ کو ایوب نامی ایک ایسے آدمی سے واسطہ پڑے گا جو اپنی پیدائش کے دن پر لعنت بھیج رہا ہے چنانچہ صحیفہ ایوب باب ۳ میں ہے۔

"اس کے بعد ایوب نے اپنا منہ کھول کر اپنے جنم دن پر لعنت کی اور ایوب کہنے لگا نابود ہو وہ دن جس میں میں پیدا ہوا اور وہ رات بھی جس میں کہا گیا کہ دیکھو بیٹا ہوا۔"

"وہ دن اندھیرا ہو جائے، وہ رات بانجھ ہو جائے اس میں خوشی کی کوئی صدا نہ آئے۔ اس کی شام کے تارے تاریک ہو جائیں۔ (آیات ۱ تا ۳، ۷، ۹)

پھر وہ اپنی پیدائش پر نفرین بھیجتا ہے چنانچہ اسی باب میں ہے۔

وَذَا الْكِفْلِ ۖ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ۖ

اور ذوالکفل (علیہم السلام) کو یہ سب صابروں کے گروہ سے تھے۔ اور ہم نے داخل فرمایا انھیں اپنی خاص رحمت میں۔

اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ

یقیناً وہ نیک بندوں میں سے تھے۔ اور یاد کرو ذوالنون کو جب وہ چل دیا غضبناک ہو کر ۸۷ اور یہ خیال کیا

"میں رحم میں ہی کیوں نہ مر گیا۔ میں نے پیٹ سے نکلتے ہی جان کیوں نہ دے دی یا پوشیدہ اسقاطِ حمل کی مانند میں وجود میں نہ آتا یا اُن بچوں کی مانند جنھوں نے روشنی ہی نہ دیکھی۔" (باب ۳ آیت ۱۱، ۱۶)

اسی پر بس نہیں بلکہ وہ اپنے خدا سے صرف شکوہ کرتا ہوا نہیں، الجھتا ہوا اور جھگڑتا ہوا سنائی دیتا ہے:۔

"اے بنی آدم کے ناظر اگر میں نے گناہ کیا ہے تو تیرا کیا بگاڑتا ہوں تو نے کیوں مجھے اپنا نشانہ بنا لیا ہے یہاں تک کہ میں اپنے آپ پر بوجھ ہو جاؤں تو میرا گناہ کیوں نہیں معاف کرتا اور میری بدکاری کیوں نہیں دُور کر دیتا۔" (باب ۷ آیت ۲۰، ۲۱)

آگے باب ۱۰ میں وہی ایوب ہمیں اپنے رب سے یہ کہتے ہوئے سنائی دیتا ہے۔

"میری روح میری زندگی سے بیزار ہے۔ میں اپنا شکوہ خوب دل کھول کر کروں گا۔ میں اپنے دل کی تلخی میں بولوں گا میں خدا سے کہوں گا مجھے ملزم نہ ٹھہرا، مجھے بتا کہ تو مجھ سے کیوں جھگڑتا ہے کیا تجھے اچھا لگتا ہے کہ اندھیر کرے تو میرے خلاف۔ نئے نئے گواہ لاتا ہے اور اپنا قہر مجھ پر بڑھاتا ہے۔ پس تو نے مجھے رحم سے نکالا ہی کیوں؟ میں جان دے دیتا اور کوئی آنکھ مجھے نہ دیکھ پاتی۔ میں ایسا ہوتا کہ گویا تھا ہی نہیں۔"

(باب ۱۰ آیات ۱، ۲، ۳، ۱۷، ۱۸، ۱۹)

اب آپ خود انصاف فرمائیے کیا ایسی شخصیت کو جو سراپا احتجاج ہے جو اپنے رب پر ظالم ہونے کا الزام لگاتا ہے جو مصائب سے اکتا کر اپنی پیدائش پر لعنتوں کی بوچھاڑ کرتا ہے۔ کیا اس کی زندگی یا اس کی سیرت میں کوئی ایسی چیز ہے جو ہمارے لیے ہدایت کا باعث ہو۔

۸۶ اس واقعہ کو سورۂ یونس میں بھی ملاحظہ فرمائیں۔ آپ اہل نینوا کی طرف نبی بنا کر بھیجے گئے تھے۔ آپ نے انھیں بہت سمجھایا لیکن ان کی ہٹ دھرمی بڑھتی ہی گئی۔ عرصہ دراز تک جب تبلیغ و ارشاد کا ان پر کوئی اثر نہ ہوا۔ تو آپ ان سے مایوس ہو گئے۔ اس لیے کہ یہ خداوند عالم کو نہیں مانتے اور اس کے احکام پر عمل پیرا نہیں ہوتے۔ آپ کا دل غصہ سے بھر لیا۔ آپ اذنِ الٰہی کے بغیر وہاں سے ہجرت کر گئے۔ راستہ میں دریا تھا کشتی میں سوار ہوئے جب کشتی دریا کے بیچ میں پہنچی تو ہچکولے کھانے لگی۔ ملاحوں کے اپنے خیال کے مطابق کہا کشتی میں ضرور کوئی ایسا آدمی ہے جو اپنے مالک سے بھاگ آیا ہے

اور اسی کی نحوست کی وجہ سے کشتی ڈوبنے لگی ہے۔ جب آپ نے یہ سُنا تو اٹھ کھڑے ہوئے اور اعتراف کیا کہ وہ میں ہوں۔ چنانچہ آپ کو دریا میں پھینک دیا گیا۔ ایک روایت یہ بھی ہے کہ کشتی میں سواریاں زیادہ تھیں جب کشتی ڈوبنے لگی تو باقی سواریوں کے بچانے کے لیے ایک آدمی کو دریا میں پھینکنا ناگزیر معلوم ہوا۔ تین بار قرعہ اندازی کی گئی۔ ہر بار آپ کا ہی نام نکلا۔ آپ نے دریا میں چھلانگ لگادی۔ حکمِ الٰہی سے وہاں ایک بڑی مچھلی منہ کھولے کھڑی تھی۔ اس نے فوراً آپ کو نگل لیا۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا اے مچھلی یہ تمہاری خوراک نہیں بلکہ ہم نے تیرے شکم کو اس کے لیے قید خانہ بنایا ہے۔ خبردار اسے کوئی گزند نہ پہنچے۔ جب آپ کو مچھلی نے نگل لیا تو اس وقت آپ نے اپنے مولیٰ کریم کو ان پیارے الفاظ سے پکارا۔ اپنی غلطی کا اعتراف کیا اور اس کی وحدانیت اور سبوحیت کا اقرار کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے کی التجا کو قبول فرمایا۔ مچھلی نے کنارے پر آکر آپ کو اگل دیا۔ یہ دعائیہ کلمات بارگاہِ الٰہی میں اتنے مقبول ہوئے کہ فرمایا کہ ہم اہلِ ایمان کو غم واندوہ کے اندھیروں سے یونہی نجات دیتے ہیں۔ امام احمد ترمذی اور دیگر محدثین سے منقول ہے کہ حضور اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا :-

" دعوة ذی النون اذ دعا ربه وهو فی بطن الحوت لا اله الا انت سبحانك انی کنت من الظالمین لم یدع بها رجل مسلم فی شیئ الا استجاب له "

یعنی حضرت ذی النون کی وہ دعا جو مچھلی کے شکم میں انھوں نے کی تھی جو مسلمان جس مشکل میں ان الفاظ سے دعا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرمائے گا۔ حاکم نے ایک اور ارشادِ نبوی اس طرح نقل کیا ہے :-

الا اخبرکم بشیئ اذا نزل باحد منکم کرب او بلاء فدعا به الا فرج اللہ عنه قیل بلیٰ یارسول اللہ۔

حضورؐ نے اپنے صحابہ سے پوچھا کیا میں تمہیں ایک ایسی چیز نہ بتادوں کہ جب تمھیں کوئی غم اور مصیبت لاحق ہو اور تم اس سے بارگاہِ الٰہی میں التجا کرو تو اللہ تعالیٰ تمہاری مشکل آسان فرمادے۔ صحابہ نے عرض کی اے اللہ کے رسول ضرور ارشاد فرمایئے تو حضورؐ نے یہی دعا ارشاد فرمائی۔ حضرت شاہ عبد العزیز نے اپنے والد بزرگوار حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہما سے قضائے حاجات کے لیے نفل پڑھنا بیان فرمایا ہے۔ ناظرین کے فائدہ کے لیے ان کی ترتیب بھی لکھی جاتی ہے :-

" مجھ کو میرے والد مرشد نے اجازت فرمائی ہے کہ انسان حاجاتِ مشکلہ کے بر آنے کے واسطے چار رکعتیں پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ کو سو بار پڑھے۔ دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ سو بار پڑھے۔ تیسری رکعت میں فاتحہ کے بعد وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ سو بار۔ چوتھی رکعت میں بعد فاتحہ کے قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پھر سلام پھیر کر

أَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ

کہ ہم اس پر کوئی گرفت نہیں کریں گے ۳؎ پھر اس نے پکارا (تہ در تہ) اندھیروں میں کہ کوئی معبود نہیں سوا تیرے

سُبْحٰنَكَ ۖ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِينَ ۝۸۷ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ

پاک ہے تو بیشک میں ہی قصور واروں سے ہوں۔ پس ہم نے انکی پکار کو قبول فرمالیا اور نجات بخشدی

مِنَ الْغَمِّ ۗ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِينَ ۝۸۸ وَزَكَرِيَّآ إِذْ نَادٰى رَبَّهٗ

انھیں غم (واندوہ) سے اور یونہی ہم نجات دیا کرتے ہیں مومنوں کو۔ اور یاد کرو زکریا کو جب انھوں نے پکارا اپنے رب کو

رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَّأَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِينَ ۝۸۹ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۡ

کہ اے میرے پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب وارثوں سے بہتر ہے ۴؎ تو ہم نے انکی دعا کو قبول فرمایا

وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى وَأَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ۗ إِنَّهُمْ كَانُوا يُسٰرِعُونَ

اور اسے یحییٰ (جیسا فرزند) عطا فرمایا اور ہم نے تندرست کر دیا انکی خاطر انکی اہلیہ کو۔ بیشک وہ بہت سبک رو تھے

سو بار یہ کہے رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔

شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ یہ چاروں آیتیں اسم اعظم ہیں کہ انکے وسیلے سے جو سوال کیا جائے اور جو دعا کی جائے قبول ہوتی ہے۔

۲؎ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اللہ تعالیٰ سے ناراض ہو کر چل دیے بلکہ اللہ تعالیٰ کے لیے وہ اپنی قوم سے ناراض ہوئے کہ وہ کیوں ایمان نہیں لاتے اور اتباع حق سے کیوں دور بھاگتے ہیں۔

۳؎ اس کا یہ معنی نہیں کہ آپ نے یہ خیال کیا کہ اللہ تعالیٰ مجھے پکڑ نہیں سکتا جیسے بعض مترجمین نے لکھا ہے بلکہ اس کا معنی ہے لن نضیق علیہ ہم اس معاملہ میں اس پر سختی نہیں کریں گے۔ یہ قدر سے ماخوذ ہے جس کا معنی حکم کرنا ہے نہ قدرت سے۔

قیل ہو من القدر الذی ہو القضاء والحکم ای فظن ان لن نقضی علیہ بالعقوبۃ قالہ قتادہ و مجاہد والفراء۔ ماخوذ من القدر دون القدرۃ۔ (قرطبی)

۴؎ حضرت زکریا اور ان کی دعا کا تذکرہ سورہ مریم میں ابھی ابھی گزرا ہے تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن سورہ مریم آیات ۲ تا ۱۲۔

فِی الْخَیْرٰتِ وَ یَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّ رَهَبًا ؕ وَ كَانُوْا لَنَا خٰشِعِیْنَ ﴿۹۰﴾

نیکیاں کرنے میں اور پکارا کرتے تھے ہمیں بڑی امید اور خوف سے اور وہ ہمارے سامنے بڑا عجز و نیاز کیا کرتے تھے۔

وَ الَّتِیْۤ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِیْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَ جَعَلْنٰهَا

اور یاد کرو اس خاتون کو جس نے محفوظ رکھا اپنی عصمت کو پس ہم نے پھونک دیا اس میں اپنی روح سے اور ہم نے بنا دیا اسے

وَ ابْنَهَاۤ اٰیَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿۹۱﴾ اِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖۗ وَّ اَنَا

اور اس کے بیٹے کو اپنی قدرت کی نشانی سارے جہان والوں کے لیے۔ اے ان انبیاء کو ماننے والو! یہی (توحید) تمہارا دین ہے

ع

رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۹۲﴾ وَ تَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَیْنَهُمْ ؕ كُلٌّ اِلَیْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿۹۳﴾

جو ایک دین ہے اور میں تمہارا (پروردگار) ہوں پس میری بندگی کیا کرو۔ مگر لوگوں نے پارہ پارہ کر ڈالا اپنے دین کو آپس میں (آخر کار) سب ہماری طرف

اس سے بھی صاف پتہ چلتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش بن باپ ہوئی تھی۔

اس سے پہلے متعدد انبیاء کا ذکر ہوا جو مختلف اوقات میں مختلف قوموں کی طرف بھیجے گئے تھے۔ اس سے یہ وہم ہو سکتا تھا کہ سب نے الگ الگ عقاید کی تبلیغ کی اور جداجدا نظریات پر اپنی امت کو اکٹھا کیا۔ اس آیت سے اس وہم کا ازالہ کر دیا اور بتایا کہ تمام انبیاء کرام نے ایک ہی عقیدہ کی تبلیغ کی اور ایک دین کے پرچم کے نیچے ہی سب کو جمع کرنے کی کوشش فرمائی اور وہ عقیدہ توحید ہے۔ آدم علیہ السلام سے لے کر سرور انبیاء علیہ اطیب التحیۃ واثناء سب نے اللہ تعالیٰ کی توحید کی دعوت دی۔ بنیادی عقاید میں کسی قسم کا بھی ان میں اختلاف نہ تھا۔ یہاں امۃ کا معنی دین ہے۔ فالامۃ هنا بمعنی الدین۔ (قرطبی)

لیکن ہر قوم نے اپنے رسولوں کی ہدایت سے سرتابی کی اور اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی کو اپنا دین بنا لیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اولاد آدم بے شمار گروہوں میں بٹ گئی اور انسانی وحدت پارہ پارہ ہو کر رہ گئی۔ عقاید اور نظریات کے ان ان گنت اختلافات نے اتنی شدت اختیار کی کہ بارہا خونِ انسانی کے دریا بہائے گئے۔ آباد بستیوں کو کھنڈر بنا کر رکھ دیا گیا۔

آج تو تم جوش میں آ آ کے گزرتے ہو اور کسی مخلص اور خیر اندیش راہ نما کی بات سننے کے لیے تیار نہیں ہو لیکن قیامت کا دن آنے والا ہے جب تم ہمارے روبرو حاضر کیے جاؤ گے اور ہر چیز کی حقیقت عیاں ہو جائے گی۔

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ

ہی لوٹنے والے ہیں۔ پس جو شخص کرتا رہا کوئی نیک کام بشرطیکہ وہ مومن ہو تو رائیگاں نہیں جانے دیا جائیگا اسکی کوشش کو ف٩٥ اور ہم اس

وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿٩٤﴾ وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٩٥﴾

کے لیے (اسکے عملوں کو) لکھنے والے ہیں اور ناممکن ہے اس بستی کے لیے جس کو ہم نے برباد کردیا کہ اسکے باشندے پھر لوٹ کر آئیں ف٩٦

حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ

یہاں تک کہ جب کھول دیئے جائیں گے یاجوج اور ماجوج ف٩٧ اور وہ ہر بلندی سے بڑی تیزی کے ساتھ نیچے اترنے لگیں

يَّنْسِلُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ

گے۔ (تب معلوم ہوگا کہ) قریب آگیا ہے سچا وعدہ تو اس وقت تاڑنے لگ جائیں گی۔ نظریں ان لوگوں کی

ف٩٥ کتنی پیاری آیت ہے۔ کتنا حوصلہ افزا ارشاد ہے جو شخص بھی عمل صالح کرے گا۔ اس سے قطع نظر کہ اس کی رگوں میں کس کا خون ہے وہ کس قبیلہ کا فرد ہے۔ اس کی رنگت گوری ہے یا کالی۔ وہ دولت مند ہے یا مفلس۔ وہ کس ملک کا باشندہ ہے وہ مرد ہے یا عورت۔ جو شخص بھی کوئی نیک کام کرے گا اس کی مساعی کو ڈھانپ نہیں دیا جائے گا۔ اس کی جدوجہد رائیگاں نہیں جائے گی بلکہ اس کے اعمال حسنہ کو شرف قبولیت بخشا جائے گا۔ نیکی کرنے والے کو ضرور اس کا اجر ملے گا صرف ایک شرط ہے کہ وہ مومن ہو اللہ تعالیٰ کی توحید اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت پر محکم یقین رکھتا ہو۔ اگر یہ نہیں تو اس کا کوئی عمل بھی مقبول نہیں ہوگا خواہ وہ کتنا نفع بخش اور عمدہ ہو۔ کیونکہ وہ باغی ہے اللہ تعالیٰ کے ملک میں رہ کر اس کی الوہیت اور اس کی سلطانی کا منکر ہے اور دنیا کے کسی ملک کے قانون اور آئین میں باغی کے لیے کوئی گنجائش نہیں خواہ وہ اپنے علم وفضل، زہد وتقویٰ اور اکتشافات و ایجادات میں یگانۂ روزگار ہی کیوں نہ ہو۔

ف٩٦ یہاں حرام بمعنی ممنوع ہے قال الراغب الحرام الممنوع۔

ف٩٧ یاجوج اور ماجوج کے متعلق سورۃ کہف میں تفصیلی بحث گزر چکی ہے۔ ملاحظہ ہو سورہ کہف آیت نمبر ٩٤، حدب کہتے ہیں اونچی جگہ کو الحدب ما ارتفع من الارض والجمع حداب۔ ینسلون۔ نسلان الذئب سے ماخوذ ہے بھیڑیئے کی سرعت رفتار کو نسلان الذئب کہتے ہیں مقصد یہ ہے کہ جب وہ بند ٹوٹ جائے گا جو یاجوج ماجوج کو روکے ہوئے ہے تو وہ بلندیوں سے بڑی تیزی کے ساتھ اترتے چلے آئیں گے اور میدانی علاقوں میں پہنچ کر کشت وخون کا بازار گرم کردیں گے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا

جنھوں نے کفر کیا تھا (کہیں گے) صد حیف! ہم تو غافل رہے اس امر سے بلکہ ہم تو ظالم تھے۔

ظٰلِمِيْنَ ۞٩٧ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ۭ

(اے مشرکو!) تم اور جن بتوں کی تم عبادت کیا کرتے ہو اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر سب جہنم کا ایندھن ہونگے[٨٢]

اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ۞٩٨ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَاۗءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ۭ وَ

تم اس میں داخل ہونے والے ہو، (سوچو!) اگر یہ خدا ہوتے تو نہ داخل ہوتے جہنم میں، اور (جھوٹے

كُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۞٩٩ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ۞١٠٠

خدا اور ان کے پجاری) سب انھیں ہمیشہ رہیں گے۔ وہ جہنم میں (شدتِ عذاب سے) چیخیں گے[٨٣] اور وہ اس میں اور کچھ نہ سن سکیں گے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰۗىِٕكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ۞١٠١

بلاشبہ وہ لوگ جن کے لیے مقدر ہو چکی ہے ہماری طرف سے بھلائی[٨٤] تو وہی اس جہنم سے دور رکھے جائیں گے۔

قال الزجاج والنسلان مشية الذئب اذا اسرع۔

[٨٢] یہاں خطاب مشرکین مکہ سے ہے کہ تمھیں اور تمھارے پتھر کے گھڑے ہوئے ان خداؤں کو جہنم کا ایندھن بنا دیا جائے گا۔ ما غیر ذوی العقول کے لیے ہے اس لیے اس میں فرشتے عزیر اور عیسیٰ داخل نہیں۔ جب یہ آیت نازل ہوئی تو عبداللہ بن الزبعری نے اعتراض کیا کہ پھر تو صرف ہمارے بت ہی نہیں بلکہ عیسیٰ اور عزیر بھی اس آیت کا مصداق بنیں گے کیونکہ عیسائی اور یہودی ان کی بھی عبادت کیا کرتے ہیں۔ یہ سنکر حضورؐ نے ارشاد فرمایا نعم کل من احب ان یعبد من دون اللہ فھو مع من عبدہ۔ ہاں ہر وہ آدمی جس نے یہ پسند کیا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اس کی بھی پوجا کی جائے اُسے بھی اپنے پجاریوں کے ساتھ دوزخ میں پھینک دیا جائے گا۔ حصب کی وضاحت کرتے ہوئے ابو عبیدہ لغوی کہتے ہیں ہر وہ چیز جو آگ بھڑکانے کے کام آئے اسے حصب کہتے ہیں۔ حصب۔ حطب (ایندھن) کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

[٨٣] جن کی یہ درگت بننے والی ہو کیا وہ اس قابل ہیں کہ انھیں خدا اور معبود تسلیم کیا جائے۔

[٨٤] حسنیٰ سے مراد سعادتِ ازلی اور توفیقِ اطاعت ہے الحسنى هي السعادة وقيل التوفيق للطاعة۔ (روح المعانی) حضرت

لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ

وہ اس کی آہٹ بھی نہ سنیں گے اور وہ ان (نعمتوں) میں جن کی خواہش انھوں نے کی تھی ہمیشہ رہیں

خٰلِدُوْنَ ﴿١٠٢﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ

گے۔ نہ غمناک کرے گی انھیں وہ بڑی گھبراہٹ ؎ اور فرشتے ان کا استقبال کریں گے (انھیں بتائیں گے)

هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿١٠٣﴾ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ

یہی وہ تمہارا دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔ (یاد کرو) جس دن ہم لپیٹ دیں گے آسمان کو جیسے لپیٹ دیے جاتے

كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ؕ كَمَا بَدَاْنَاۤ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ؕ وَعْدًا

ہیں طومار میں کاغذات۔ جیسے ہم نے آغاز کیا تھا ابتدائے آفرینش کا اسی طرح ہم اسے لوٹائیں گے۔ یہ وعدہ پورا

عَلَيْنَا ؕ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿١٠٤﴾ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ

کرنا ہم پر لازم ہے یقیناً ہم (ایسا) کرنے والے ہیں اور بے شک ہم نے لکھ دیا ہے زبور میں ؎ پند و موعظت کے (بیان

نعمان ابن بشیر سے مروی ہے کہ سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے منبر پر یہ آیت تلاوت کی اور فرمایا کہ میں ابوبکر، عمر، عثمان، طلحہ، زبیر، سعد، سعید، عبدالرحمٰن اور ابو عبیدہ بن جراح ان خوش نصیبوں میں سے ہیں جن کو یہ مژدہ سنایا جا رہا ہے۔

؎ جب حضرت اسرافیل صور پھونکیں گے سب مخلوق ہڑبڑا کر قبروں سے اٹھے گی۔ سب لوگ حیران و پریشان ہونگے مگر ان پاک ہستیوں کو اس روز بھی کسی گھبراہٹ اور بے چینی کا سامنا نہیں ہوگا فرشتے انکے استقبال کے لیے وہاں پہلے سے ہی موجود ہونگے اور انھیں یہ مژدہ جانفزا سنائینگے کہ وہ روز سعید جس کے لیے تم عمر بھر عبادت و طاعت میں مصروف رہے وہ آگیا ہے۔ آج تمہاری مشتاق نگاہوں اور بیتاب دلوں کی تسکین کا سامان کیا جائیگا۔ سبحان اللہ کتنا کریم ہے خداوند عالم اور کتنے بلند اقبال ہیں اسکے وہ بندے جنکے ساتھ روز محشر ایسا سلوک کیا جائیگا۔ اللّٰھم اجعلنا منھم بجاہ نبیک الکریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

؎ زبور اس آسمانی صحیفہ کا نام ہے جو حضرت داؤد پر نازل ہوا۔ الذکر سے مراد توراۃ ہے یعنی ہم نے اس حقیقت کو جس کا بیان ابھی آتا ہے زبور میں بھی لکھا اور اس سے پہلے تورات میں بھی۔ بعض حضرات نے زبور سے سارے آسمانی صحیفے مراد لیے ہیں اور الذکر کا معنی لوح محفوظ کیا ہے یعنی قدرت کا یہ فیصلہ سب آسمانی کتابوں میں بھی مذکور ہے اور اس سے پہلے لوح محفوظ میں بھی یہ لکھا جا چکا ہے۔ بعض نے الذکر سے مراد قرآن پاک لیا ہے۔

الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ۝١٠٥ اِنَّ فِيْ

کے بعد کہ بلاشبہ زمین کے وارث تو میرے نیک بندے ہوں گے ١٠٥ یقیناً اس قرآن میں کفایت

هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ۝١٠٦ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً

ہے اس قوم کی (فلاح دارین) کے لیے جو عبادت گزار ہے ١٠٦ اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر سراپا رحمت بنا کر سارے

١٠٥ جس زمین کی وراثت کا وعدہ صالحین کے ساتھ کیا گیا ہے اس سے مراد جنت کی سرزمین ہے جس طرح دوسری آیات میں اس کو واضح الفاظ میں بیان کیا گیا ہے۔ "وقالوا الحمد لله الذی صدقنا وعده واورثنا الارض نتبوأ من الجنة حیث نشاء فنعم اجر العاملین"۔ کہ جب متقی لوگ گروہ در گروہ جنت میں داخل ہو جائیں گے تو کہیں گے کہ سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے ہمارے ساتھ جو وعدہ کیا تھا اسے سچ کر دکھایا اور ہمیں زمین کا وارث بنایا اب ہم جنت میں جہاں چاہیں اپنی جگہ بنا سکتے ہیں۔ پس نیک کام کرنے والوں کے لیے بہترین اجر ہے۔

باقی رہی دنیوی بادشاہی و حکومت تو وہ کبھی صالحین اور کبھی فاسقین کو دے دی جاتی ہے جس کا ذکر دوسری آیت میں ہے۔ ان الارض لله یورثها من یشاء من عباده۔ زیر بحث آیت کو سامنے رکھ کر بعض لوگوں کا یہ کہنا کہ فلاح و تقویٰ کا قرآنی معیار حکومت کا ہونا اور نہ ہونا ہے ان کا یہ قول قرآن کریم کی صدہا تصریحات کے خلاف ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ بڑے بڑے ظالم، خونخوار اور نااہل لوگ تخت شاہی پر متمکن رہے جن کے مظالم اور نااہلی سے ان کی اپنی قوم نالاں رہی۔ حصول حکومت کو صلاحیت کا معیار قرار دینے والے کیا ایسے فرمانرواؤں کو بھی صالح ہونے کی سند دیں گے۔ کیا ہٹلر کا نام اسکے اپنے ہم وطنوں میں آج ایک گالی بن کر نہیں رہ گیا۔ زندگی میں سٹالن کی پوجا کرنے والوں نے اس کے مرنے کے بعد اپنے ہاتھوں سے اس کی ہڈیاں کریملن کے مقبرہ سے نکال کر باہر نہیں پھینک دیں۔ اگر دنیوی حکمرانی اور مادی ترقی کو ہی آپ صالحیت کا معیار قرار دیں گے تو قرآن کریم کی بے شمار آیات کی تحریف کے مرتکب ہونے کے ساتھ آپ تاریخ کی عدالت میں بھی ایک مجرم قرار دیئے جائیں گے۔ آپ نے ہر اس شخص کو قرآنی اصطلاح میں صالح کہہ دیا جس نے کسی طرح زمام اقتدار اپنے ہاتھ میں لے لی۔ خواہ اس نے تمدن و حضارہ کے سب روشن چراغ بجھا دیئے ہوں۔ خواہ اس کی فتوحات سے کاروان انسانیت کی ترقی رک گئی ہو۔ خواہ اس کی خونخواریوں اور سفاکیوں کی وجہ سے عالم انسانیت پر بربریت، وحشت اور جہالت کی شب دیجور چھا گئی ہو۔

١٠٦ صحاح میں ہے البلاغ: الکفایة یعنی اس فرقان حمید میں جو احکام اور ارشادات ہیں وہ انسان کو منزل مقصود تک پہنچانے کے لیے کافی ہیں۔ ان پر عمل کرنے والا دارین کی سعادتوں سے بہرہ ور ہو جاتا ہے۔ اس پر ایمان لانے کے بعد مومن کو کسی دوسرے نظام حیات سے دریوزہ گری کی شرمندگی اٹھانی نہیں پڑتی یعنی من اتعظ بها بلغ مایرجو من الثواب۔ (مظہری)

لِلْعٰلَمِيْنَ ۝١٠٧ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰۤى اِلَيَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ

جہانوں کے لیے۔ ۱۰۸ فرما دیجئے کہ میرے پاس تو صرف یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا خدا (وہی ہے جو) ایک خدا ہے۔ ۱۰۹

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔ البلاغ۔ الکفایۃ وما تبلغ بہ البغیۃ۔ (کبیر)

۱۰۸ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جن کمالاتِ صوری و معنوی، خلقی اور وہبی و کسبی سے مشرف فرمایا وہ بلاشک وشبہ بے مثال اور بے نظیر ہیں اور ان کمالات کو قرآن کریم کی آیاتِ طیبہ میں جس انداز سے بیان فرمایا اس کا بھی جواب نہیں۔ ان آیات کو پڑھو کر اگر ایک طرف عبد محبوب کے مرتبہ کمال کا پتہ چلتا ہے تو دوسری طرف ان کمالات کے بخشنے والے کی شانِ کریمی اور ادائے بندہ نوازی دیکھ کر بے ساختہ دل و زبان سے سبحان اللہ! سبحان اللہ!! کی صدا بلند ہوتی ہے لیکن اس آیتِ کریمہ میں جو جامعیت ہے اس نے اس کو دیگر آیات سے ممتاز کر دیا ہے جو کمالات اور صفاتِ عالیہ متفرق اور منتشر تھیں ان سب کو یہاں یکجا کر دیا ہے۔ اس آئینہ میں حسن محمدی اور جمال احمدی کی ساری رعنائیاں، اور دلربائیاں بکمال لطافت جلوہ نما ہیں۔

ارشاد ہے اے محبوب جو کتاب مجید، دینِ حنیف، شریعتِ بیضا، خلق عظیم، دلائل قاہرہ، حجج باہرہ، آیاتِ بینات اور معجزات ساطعات غرضیکہ جن ظاہری اور باطنی، جسمانی اور روحانی نعمتوں سے مالا مال کر کے ہم نے آپ کو مبعوث فرمایا ہے اس کی غرض و غایت یہ ہے کہ آپ سارے جہانوں کے لیے، سارے جہان والوں کے لیے، اپنوں اور بیگانوں کے لیے، دوستوں اور دشمنوں کے لیے سراپا رحمت بن کر ظہور فرمادیں۔

لغت میں رحمت دو چیزوں کے مجموعہ کا نام ہے۔ الرحمۃ۔ الرقۃ والتعطف۔ (الصحاح)

یعنی رحمت رقت اور احسان و مہربانی کے مجموعے کا نام ہے۔ علامہ راغب اصفہانی کی تشریح ملاحظہ ہو:۔ الرحمۃ: رقۃ تقتضی الاحسان الی المرحوم۔ یعنی رحمت اس رقت کو کہتے ہیں جو اس شخص پر احسان کرنے کا تقاضا کرے جس پر رحمت کی جا رہی ہے۔ پھر فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کی صفت رحمت میں رقت نہیں کیونکہ وہ اس سے پاک ہے۔ بلکہ صرف تعطف اور احسان ہے اور کہیں صرف رقت ہوتی ہے اور یارائے احسان نہیں ہوتا۔ (المفردات)

لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو رحمت جامعہ یعنی رحمت کے دونوں مفہوموں سے نوازا ہے۔ عزیز علیہ ما عنتم (جس سے تمہیں تکلیف ہوتی ہے وہ چیز میرے محبوب کو بڑی شاق گزرتی ہے) میں رقت کا اظہار ہے اور بالمومنین رؤف رحیم میں شان تعطف و احسان کا یعنی ہر دردمند کے درد کا احساس بھی ہے اور ہر درد کا درماں بھی ہے کسی غم زدہ اور دکھ درد کے مارے کو دیکھ کر غایت رأفت سے آنکھیں اشک بار ہو جاتی ہیں اور نوک مژگان پاک پر دُرِّ یتیم سے ارجمند تر اور تابندہ تر آنسوؤں کے موتی سراپا التجا بن کر بارگاہ رب العالمین میں گرتے ہیں تو مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں غم و اندوہ کی کالی گھٹائیں کافور ہو جاتی ہیں۔

آپ خود غور فرمائیے کہ جن افراد نے یا جن قوموں نے حضورؐ کے دامنِ رحمت کو تھاما حضورؐ کے لائے ہوئے دین کو صدقِ دل سے قبول کیا اور حضورؐ کے پیش کردہ نظامِ حیات کو اپنی عملی زندگی میں اپنایا وہ لوگ کہاں سے کہاں پہنچ گئے۔ گمراہ تھے لیکن اس نورِ مبین سے اکتسابِ نور کرنے کے بعد ظلمت کدہ عالم میں ہدایت کے چراغ روشن کر گئے۔ جاہل تھے لیکن اس چشمۂ علم و عرفان سے سیراب ہونے کے بعد دنیا کے جس جس گوشہ میں گئے علم و حکمت کے چمن کھلاتے گئے۔ گنوار اور اجڈ تھے لیکن پاکیزہ تہذیب و تمدن کے بانی بن گئے۔ جہانگیری و جہانبانی کا ایک اچھوتا تصور دنیا کے سامنے پیش کیا جس میں کسی ایسے بادشاہ کی گنجائش نہیں جو مطلق العنان ہو۔ جو قانون کی گرفت سے بالاتر ہو جو سب کا محاسبہ کر سکے لیکن اس سے باز پرس کرنے کی کسی کو اجازت نہ ہو بلکہ جو قوم و ملک کا سربراہ ہوگا اسے خلیفہ کہا جائے گا جس کا معنی نائب ہے اور نائب وہ ہوتا ہے جسے کسی نے مقرر کیا ہو اور جس پر لازم ہو کہ وہ جو کچھ کرے گا اپنے مقرر کرنے والے کی منشا اور ہدایت کے مطابق کرے گا۔ ان رحمتوں سے وہ افراد اور قومیں سرشار ہوئیں جنھوں نے حضورؐ کی رسالت کو تسلیم کیا اور حضورؐ کے لائے ہوئے دین پر ایمان لانے کا شرف حاصل کیا صلے اللہ تعالٰے علیہ وآلہ وسلم۔

لیکن جو لوگ اپنی کج فہمی کے باعث یا بیجا تعصبات میں مبتلا ہو کر اس چشمۂ حیواں سے براہِ راست اور بلا واسطہ سیر کام نہ ہوئے وہ بھی اس فیضان سے دانستہ یا نادانستہ فیضیاب ہوتے رہے۔ آفتاب کی شعاعیں ہر وادی و کوہسار کو روشن کرتی رہیں حتیٰ کہ وہ مذاہب جن کی بنیاد ہی اصنام پرستی اور شرک پر تھی وہ بھی اپنے مشرکانہ عقاید میں ترمیم کرنے پر مجبور ہو گئے۔ چنانچہ ہندوستان میں آریہ سماج اور عیسائی دنیا میں پروٹسٹنٹ نظریات کا فروغ اس دعویٰ کی صداقت پر شاہد عادل ہیں۔ ملوکیت اور ڈکٹیٹرشپ کے نظام ہائے حکومت کی جگہ جمہوری اور شورائی طرزِ حکومت کی مقبولیت اسلام کے پیش کردہ نظریۂ سیاست کی فتح نہیں تو اور کیا ہے اور پھر یہ رحمت کیا کم ہے کہ اپنے فسق و فجور اور کفر و شرک کے باوجود پہلی قوموں کی طرح ان پر فوری عذاب نازل کر کے انھیں نیست و نابود نہیں کر دیا گیا۔

یہ تو عالمِ ناسوت میں حضورؐ کی گوناگوں رحمتوں کا ظہور ہے۔ لیکن صرف یہاں ہی نہیں بلکہ عالمِ ملکوت میں بھی حضورؐ کی رحمت کا پرچم لہرا رہا ہے اور حضورؐ کا دستِ شفقت گل افشانی کر رہا ہے۔ وہاں رحمتِ محمدی کے ظہور میں جو بانکپن ہے اور بحرِ کرم میں جو تلاطم اور روانی ہے اس کا حال تو فقط وہ نفوسِ قدسیہ ہی جانتے ہیں جنھیں اس عالم کی سیاحت ارزانی ہوئی ہو۔

غرضیکہ یہ وہ آفتاب ہے جس کی تابانیوں سے صرف عالمِ رنگ و بو ہی روشن نہیں بلکہ وہ جہانِ لطیف بھی درخشاں ہے جو رنگ و بو۔ کم و کیف، بالا و پست کے تعینات سے ماورا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ وہاں اس آفتاب کی نور افشانی کا رنگ ہی نرالا ہے جو نہ زبان پر لایا جا سکے اور نہ قلم سے لکھا جا سکے۔ اس رحمتِ عامہ کی برکتوں سے عقل بھی بہرہ ور ہے اور دل کی دنیا بھی شاد کام ہے۔

ترجمانِ حقیقت شاعرِ مشرق نے کیا خوب کہا ہے :۔ ؎

تیری نگاہِ ناز سے دونوں مراد پا گئے　　عقل غیاب و جستجو، عشق حضور و اضطراب
شوکتِ سنجر و سلیم تیرے جلال کی نمود　　فقرِ جنید و بایزید تیرا جمال بے نقاب

حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنی شانِ رحمت سے نقاب سرکاتے ہوئے فرمایا انما انا رحمة مهداة یعنی میں وہ رحمت ہوں جو اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کو بطور تحفہ عطا فرمائی۔

ایک مرتبہ کفار کے لیے جب بددعا کرنے کی التجا کی گئی تو حضور نے فرمایا انما بعثت رحمة ولم أبعث عذابا یعنی اللہ تعالیٰ نے مجھے عذاب بنا کر نہیں بھیجا بلکہ سراپا رحمت بنا کر مبعوث فرمایا ہے۔

علامہ سید محمود آلوسی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کریمہ کی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں :

وکونه صلی اللہ علیه وسلم رحمة للجمیع باعتبار انه علیه الصلوٰة والسلام واسطة الفیض الالٰہی علی الممکنات علی حسب القوابل ولذا کان نوره صلی اللہ تعالیٰ علیه وآله وسلم اول المخلوقات و فی الخبر اول ما خلق اللہ تعالیٰ نور نبیک یا جابر" وجاء "اللہ تعالیٰ المعطی وانا القاسم" وللصوفیة قدست اسرارهم فی هذا الفصل کلام فوق ذالک۔　　(روح المعانی)

یعنی حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تمام کائنات کے لیے رحمت ہونا اس اعتبار سے ہے کہ عالمِ امکان کی ہر چیز کو حسبِ استعداد جو فیضِ الٰہی ملتا ہے وہ حضور کے واسطے سے ہی ملتا ہے اسی لیے حضور کا نور تمام مخلوقات سے پہلے پیدا فرمایا گیا۔ حدیث شریف میں ہے کہ اے جابر! سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے تیرے نبی کے نور کو پیدا فرمایا۔ اور دوسری حدیث میں ہے اللہ تعالیٰ دینے والا ہے اور میں (اس کی رحمت کے خزانوں کو) بانٹنے والا ہوں اور صوفیائے کرام قدست اسرارہم نے اس ضمن میں جو اسرار و معارف بیان کیے ہیں۔ وہ اس سے بلند ہیں جو ہم نے بیان کیے ہیں۔

حضرت علامہ اقبال نے عالم لاہوت اور صاحب مقام محمود کی مدح سرائی میں جب یوں گل فشانی کی ہوگی تو کیا عجیب سماں ہوگا۔

وہ دانائے سبل ختم الرسل مولائے کل جس نے　　غبارِ راہ کو بخشا فروغِ وادیٔ سینا
نگاہِ عشق و مستی میں وہی اول وہی آخر　　وہی قرآں وہی فرقاں وہی یٰسیں وہی طٰہٰ

ونسئل اللہ تعالیٰ ان یجعل حظنا من رحمته الحظ الوافر وان ییسرلنا امور الدنیا والآخرة بلطفه المتواتر۔　　(روح المعانی)

الٰہی ہمیں اپنے محبوب کی رحمت سے حظِ وافر عطا فرما اور حضور کے لطفِ پیہم سے ہمارے دنیوی اور اخروی کاموں کو آسان فرما۔ آمین ثم آمین وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ رحمۃ للعالمین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔

۹۰ رحمۃ للعالمینی کا اہم اور مبارک ترین پہلو یہ ہے کفر و شرک میں ڈوبی ہوئی دنیا کو پھر نورِ توحید سے جگمگا دیا۔ بندے کا تعلق اپنے رب سے جوڑ دیا۔ اس کا دل جو دنیا بھر کی خواہشات کا کباڑ خانہ بنا ہوا تھا اسے تمام آلائشوں سے پاک کیا اور اللہ تعالیٰ کی محبت کا روشن چراغ اس میں رکھا۔ انسانیت کا کارواں اپنی منزل کی تلاش میں صدیوں سے بھٹک رہا تھا اسے

فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿١٠٨﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى

پس کیا تم اسلام لانے کے لیے تیار ہو۔ اگر وہ پھر بھی روگردانی کریں تو آپ فرما دیجئے کہ میں نے آگاہ کر دیا ہے تمھیں

سَوَآءٍ ؕ وَاِنْ اَدْرِیْۤ اَقَرِیْبٌ اَمْ بَعِیْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴿١٠٩﴾ اِنَّهٗ

پوری طرح [۹۱] اور میں نہیں سمجھتا کہ قریب ہے یا بعید جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے [۹۲] بیشک اللہ تعالیٰ

یَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَیَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿١١٠﴾ وَاِنْ

جانتا ہے جو بات تم بلند آواز سے کہتے ہو اور جانتا ہے جو تم (اپنے دل میں) چھپاتے ہو۔ اور میں کیا جانوں (اس

اَدْرِیْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِیْنٍ ﴿١١١﴾ قٰلَ

ڈھیل سے) شاید تمھارا امتحان لینا اور ایک وقت تک تمھیں لطف اندوز کرنا مطلوب ہو۔ آپ نے عرض کی

اپنی منزل کا پتہ بھی دیا اور وہ راہ بھی بتائی جو اسے منزل تک لے جا سکتی تھی۔ صرف اسی پر بس نہیں بلکہ مسافر کے دل میں منزل کا اتنا شوق پیدا کر دیا کہ وہ ہر طرف سے پہلو بچا کر اپنی منزل کی طرف بیتابانہ وار گامزن ہو گیا۔

[۹۱] اگر اس کے باوجود بھی وہ سرکشی اور نافرمانی سے باز نہ آئیں تو آپ فرما دیجئے کہ میں نے تم سب کو علی الاعلان بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ کا عذاب آنے والا ہے۔ اب بھی اگر تم نے اس عذاب سے بچنے کے لیے کوئی انتظام نہ کیا تو تمھاری اپنی بدقسمتی ہوگی۔

[۹۲] حضرت صدر الافاضل رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں بے خدا کے بتائے یعنی یہ بات عقل و قیاس سے جاننے کی نہیں ہے۔ یہاں درایت کی نفی فرمائی گئی۔ درایت کہتے ہیں اندازے اور قیاس سے جاننے کو جیسا مفردات راغب اور رد المحتار ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کے واسطے لفظ درایت استعمال نہیں کیا جاتا اور قرآن کریم کے اطلاقات اس پر دلالت کرتے ہیں۔ جیسا کہ فرمایا ما کنت تدری ما الکتاب ولا الایمان۔ لہٰذا یہاں بے تعلیم الٰہی محض اپنے عقل و قیاس سے جاننے کی نفی ہے نہ کہ مطلق علم کی۔ (خزائن العرفان)

علامہ راغب نے درایت کا معنی بتاتے ہوئے لکھا ہے الدرایۃ۔ المعرفۃ المدرکۃ بضرب من الختل۔ یعنی غور و فکر سے جو معرفت اور علم حاصل ہوتا ہے اس کو درایت کہتے ہیں۔

رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ۗ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿١١٢﴾

میرے رب فیصلہ فرما دے (ہمارے درمیان) حق کے ساتھ (اور اے کفار!) ہمارا رب ہے جو رحمٰن ہے اسی سے مدد طلب کی جاتی ہے ان باتوں پر جو تم کرتے ہو۔ ۹۴

۹۳ آخر میں حضور کریم دعا عرض کرتے ہیں کہ الٰہی اب ایسا قطعی فیصلہ فرما کہ حق کے متعلق ان کے ذہن میں جتنے وسوسے اور جس قسم کے شبہات ہیں وہ دور ہو جائیں اور میری دعوت کے سچے ہونے میں انھیں کوئی تردد نہ رہے۔
۹۴ قوت و طاقت میں کفار زیادہ ہیں۔ وسائل کی ان کے پاس کمی نہیں۔ زبانیں ان کی قینچی کی طرح تیز چلتی ہیں جھوٹ بولنے اور افترا باندھنے سے انھیں شرم نہیں آتی ضمیر کی ملامت کا انھیں اندیشہ نہیں۔ ایسے بیباک خدا ناترس اور طاقت کے نشے میں مخمور دشمن پر غلبہ پانے کی ایک ہی صورت ہے کہ خداوند رحمٰن کی تائید اور نصرت پشت پناہی فرمائے۔ اس لیے آخر میں اپنے کاموں کو اسی کے سپرد کر دیا۔

# تعارف سورۃ الحج

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام: کیونکہ اس سورت میں حج کے اعلانِ عام اور اس سے متعلقہ چند احکام کا ذکر ہے اس مناسبت سے اس سورت کو سورۃ الحج کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔

اس سورت میں ۱۰ رکوع ۷۸ آیتیں ۱۲۹۱ کلمات اور ۵۰۷۵ حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: بعض علمائے تفسیر نے اسے مکی سورتوں میں شمار کیا ہے اور بعض نے اسے مدنی کہا ہے۔ اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ اس سورت میں وہ خصوصیات بھی پائی جاتی ہیں جو مکی سورتوں کا طرۂ امتیاز ہیں اور وہ خصوصیات بھی جو مدنی سورتوں کا خاصہ ہیں لیکن جمہور علماء کے نزدیک اس سورت میں وہ آیات بھی ہیں جو مکی زندگی کے آخری دور میں نازل ہوئیں اور وہ آیات بھی جو مدنی زندگی کے آغاز میں نازل ہوئیں۔ چنانچہ علامہ قرطبی مختلف اقوال نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔

وقال الجمهور السورة مختلطة منها مکی ومنها مدنی وهذا هو الاصح۔ یعنی جمہور کی رائے یہ ہے کہ یہ سورت مکی آیات اور مدنی آیات کا مجموعہ ہے اور جمہور کا قول ہی صحیح ہے۔ علامہ آلوسی نے بھی اسی قول کی تصویب کی ہے۔

روح المعانی

مضامین (۱) کفار کو خوابِ غفلت سے بیدار کرنے کے لیے قیامت کی ہولناکیاں بیان کی گئیں اور انہیں سمجھایا گیا کہ اس سے پیشتر کہ وہ فیصلہ کن گھڑی آجائے تم چشمِ ہوش وا کرو اور اس دعوتِ توحید کو صدقِ دل سے قبول کرو۔

کیونکہ کفار وقوعِ قیامت کو خلافِ عقل قرار دیا کرتے اور اس کو تسلیم کرنے سے صاف انکار کیا کرتے اس لیے ایسے شواہد پیش کیے گئے جن سے وقوعِ قیامت کے متعلق دل میں یقین پیدا ہو جاتا ہے۔

۲۔ مسلمان تیرہ چودہ سال تک کفار کے بے پناہ مظالم خاموشی سے برداشت کرتے رہے اب مسلمانوں کو اپنی حفاظت کیلئے قوت استعمال کرنے کی اجازت دی جا رہی ہے اور انہیں یقین دلایا جا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت ان کے شاملِ حال ہو گی اس لیے وہ ظاہری وسائل کی کمی سے پریشان نہ ہوں اور اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت پر پورا بھروسہ کریں۔

اس ضمن میں دنیا کی مختلف قوموں میں طاقت کا توازن برقرار رکھنے کا ازلی قانون اور اس کی حکمت بھی بیان کر دی کہ اگر ساری قوت اور وسائل کسی ایک قوم کے قبضہ میں آجائیں تو دنیا کا امن و سکون درہم برہم ہو جائے کمزور قوموں کی

جان، مال اور آبرو محفوظ نہ رہے حتیٰ کہ مذہبی عبادت گاہوں کا احترام بھی ختم ہو جائے اور ان کی اینٹ سے اینٹ بجا دی جائے اس لیے قدرت کا یہ اٹل اصول ہے کہ وہ اقوامِ عالم میں طاقت کا توازن برقرار رکھتی ہے۔

(۳) جابجا توحید کے روشن دلائل بھی پیش کر دیئے اور اصنام و اوثان کی بے بسی کو بھی آشکارا کر دیا تاکہ جو لوگ انھیں خدا سمجھے بیٹھے ہیں انھیں ان کی بے بسی کا علم ہو جائے کہ انھیں اتنی طاقت بھی نہیں کہ وہ سب مل کر مکھی جیسی حقیر چیز بنا سکیں اور وہ اتنے کمزور ہیں کہ اگر مکھی ان سے کوئی چیز چھین لے تو وہ اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے اور نہ اس سے چھینی ہوئی چیز واپس لے سکتے ہیں۔

(۴) آخر میں بڑے پیارے انداز سے امت مسلمہ کو اس حقیقت سے آگاہ کیا گیا کہ حق کا علم سربلند رکھنے کے لیے اور توحید کی شمع فروزاں رکھنے کے لیے دنیا کی ساری قوموں سے تمھیں منتخب کیا گیا ہے (ھو اجتبٰکم) اس لیے اب تمھارا فرض ہے کہ تم ہر قیمت پر اس پرچم کو سربلند رکھو اور اس شمع کو فروزاں رکھو اس عزت و افتخار کو جو تمھیں بارگاہِ الٰہی سے مرحمت ہوا ہے برقرار رکھنے کے لیے ہر امکانی کوشش کو صرف کرو نیز اپنے اعمال اور کردار کو آتنا بے داغ رکھو اور ظاہر و باطن کو اتنا پاکیزہ رکھو کہ اگر کوئی شخص تم سے تمھاری پیش کردہ دعوت کی صداقت کی کوئی دلیل طلب کرے یا کوئی گواہ مانگے تو تمھاری سیرت اور تمھارا کردار بطور دلیل اور بطور گواہ پیش کیا جا سکے۔

آخر میں پھر انھیں اپنی کارسازی اور نصرت کا یقین دلانے کے لیے ارشاد فرمایا۔ ھو مولٰکم فنعم المولٰی و نعم النصیر۔ وہ قوم جس کے سامنے کوئی عظیم مقصد ہوا کرتا ہے اس کے وقت میں اتنی گنجائش نہیں ہوتی کہ اسے بیکار مشغلوں میں صرف کیا جائے اس لیے مسلمانوں کو اس بات کی طرف بھی متنبہ کیا کہ باطل پرست لوگ اور وہ افراد جن کے پیشِ نظر زندگی کا کوئی بلند مقصد نہیں وہ تمھیں بے ہودہ مباحثوں اور مناظروں میں الجھانے کی پوری کوشش کریں گے تاکہ تم ان بے مقصد مباحث میں الجھ کر اپنے مقصد سے غافل ہو جاؤ لیکن اے فرزندانِ اسلام تم ان کے دامِ فریب میں نہ پھنسنا اور اگر وہ زیادہ مصر ہوں تو یہ کہہ کر آگے بڑھ جانا کہ اللہ تعالیٰ تمھارے حالات کو خوب جانتا ہے۔ و ان جادلوک فقل اللہ اعلم بما تعملون۔ ان مباحث کے علاوہ علم و حکمت کے کئی نوادرات اس سورہ کا مطالعہ کرتے ہوئے آپ کو دستیاب ہوں گے بارگاہِ الٰہی میں ہماری یہ عاجزانہ التجا ہے کہ وہ ہمیں اس چشمہ حیواں سے سیراب ہونے کی توفیق بخشے اور ہمیں یہ ہمت دے کہ قرآن کریم کے نورِ مبین سے نہ صرف اپنی زندگیوں کو ہی منور کریں بلکہ ظن و تخمین اور وہم و گمان کے ریگستانوں میں بھٹکنے والی قوموں کو بھی ان کی منزل کا پتہ بتا سکیں ٭

# سُوْرَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّعَشْرُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ الحج مدنی — ۷۸ آیتیں — ۱۰ رکوع

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ①

اے لوگو! ڈرو اپنے پروردگار (کی ناراضگی) سے[1] بے شک قیامت کا زلزلہ بڑی سخت چیز ہے۔[2]

[1] قرآن کریم نے اعمال و اخلاق کی اصلاح اور درستی کے لیے جو دستور پیش کیا ہے اس کی بنیاد اس عقیدہ پر رکھی ہے کہ ہر شخص سے اس کے اعمال کے بارے میں قیامت کے دن بازپرس کی جائیگی آج اگر وہ اپنے منصب یا دولت کی وجہ سے قانون کی زد سے بچا رہتا ہے تو اسے یہ بات ایک لمحہ کے لیے بھی فراموش نہ کرنی چاہیے کہ ایک دن وہ آنے والا ہے جب اس کی دولت اور اسکا منصب اس سے چھین لیا جائے گا وہ ہوگا اور اسکے اعمال اور احکم الحاکمین کی عدالت ہوگی دلوں میں اس عقیدہ کو راسخ کرنے کیلئے قرآن کریم میں بار بار سعی بلیغ کی گئی ہے اور سچ تو یہ ہے کہ جس معاشرہ میں یہ عقیدہ راسخ ہو جاتا ہے وہاں ظلم اور فسق و فجور کا قدم نہیں جم سکتا اسی احساس کو تقویت دینے کیلئے اس سورۃ کا آغاز ان آیات سے کیا جا رہا ہے۔

[2] وقوع قیامت کے ہولناک مناظر کو مختلف انداز میں مختلف مقامات پر بیان کیا گیا ہے یہاں بھی اس خوف و دہشت کا ذکر ہو رہا ہے جس سے انسان اسوقت دوچار ہوگا جب اس نظام عالم کو درہم برہم کر دیا جائیگا حضرت ابوہریرہ کی طویل حدیث کے چند اقتباسات ملاحظہ فرمایئے آیت کا مفہوم بالکل واضح ہو جائیگا۔ حضور کریم نے ارشاد فرمایا... کہ اسرافیل تین مرتبہ صور پھونکیں گے الاولیٰ نفخۃ الفزع والثانیۃ نفخۃ الصاعقۃ والثالثۃ نفخۃ القیام لرب العالمین۔ (یعنی جب پہلی دفعہ صور پھونکا جائے گا تو ساری کائنات کے درہم برہم ہونے کی وجہ سے گھبراہٹ اور پریشانی طاری ہو جائے گی۔ دوسری مرتبہ ساری کائنات موت کی نیند سو جائے گی اور جب تیسری مرتبہ صور پھونکیں گے تو سب اپنی قبروں سے اٹھ کر بارگاہ رب العالمین میں حاضر ہو جائیں گے) جب پہلی مرتبہ صور پھونکا جائیگا تو زمین جھٹکے کھانے لگے گی اور جس طرح کشتی سمندر میں ہچکولے کھاتی ہے اور چاروں طرف سے موجیں اسے تھپیڑے مارتی ہیں یا جس طرح کوئی لٹکی ہوئی قندیل آندھی میں حرکت کرتی ہے فتکون الارض کالسفینۃ الموبقۃ فی البحر تضربہا الامواج تکفأھا باھلہا وکالقندیل المعلق بالعرش ترجحہ الارياح۔ اس وقت جو مائیں بچوں کو دودھ پلا رہی ہوں گی انہیں اپنے بچے بھول جائیں گے۔ جو عورتیں حاملہ ہوں گی خوف کے مارے ان کے حمل ساقط ہو جائیں گے اور بچے بوڑھے ہو جائیں گے۔ (ابن کثیر)

يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ

جس روز تم اس کی ہولناکیوں) کو دیکھو گے تو غافل ہو جائیگی ہر دودھ پلانے والی (ماں) اس (لخت جگر) سے جس کو اس نے دودھ

كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُم

پلایا¹ اور گرا دے گی ہر حاملہ اپنے حمل کو اور تجھے نظر آئیں گے لوگ جیسے وہ نشہ میں مست ہوں حالانکہ وہ نشہ

بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيدٌ ۝٢ وَمِنَ النَّاسِ مَن يُجَادِلُ

میں مست نہیں ہوں گے بلکہ عذاب الٰہی بڑا سخت ہوگا (وہ اسکی ہیبت سے حواس باختہ ہو نگے) اور بعض ایسے لوگ ہیں جو جھگڑتے ہیں

فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيدٍ ۝٣ كُتِبَ عَلَيْهِ

اللہ تعالیٰ کے بارے میں علم کے بغیر² اور پیروی کرتے ہیں ہر سرکش شیطان کی۔ جس کے مقدر میں لکھا جا چکا ہے کہ

أَنَّهُ مَن تَوَلَّاهُ فَأَنَّهُ يُضِلُّهُ وَيَهْدِيهِ إِلٰى عَذَابِ السَّعِيرِ ۝٤

جو اس کو دوست بنائے گا تو وہ اسے گمراہ کر کے رہے گا اور راہ دکھائے گا اسے بھڑکتی ہوئی آگ کے عذاب کی طرف³

اس حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ ان آیات میں جس زلزلہ کی ہولناکیوں کا تذکرہ ہے وہ اسوقت ہوگا جب پہلی مرتبہ صور پھونکا جائیگا
هي الزلزلة المعروفة التي هي احدى شرائط الساعة التي تكون في الدنيا قبل يوم القيامة هذا قول الجمهور (قرطبی)
کہتے ہیں کہ یہ زلزلہ پندرہ رمضان کو آئیگا اور اس کے بعد سورج مغرب سے طلوع ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

۲؎ نضر بن حارث حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اعتراض کرنے میں پیش پیش رہا کرتا تھا۔ عقیدۂ قیامت کے متعلق تو اس کی ہرزہ سرائی حد سے بڑھ گئی تھی۔ مُردوں کی بوسیدہ ہڈیاں ہاتھ میں لے کر وہ لوگوں کے سامنے کھڑا ہو جاتا اور کہتا کہ قرآن کہتا ہے کہ یہ ہڈیاں پھر زندہ کی جائیں گی تم خود سوچو کبھی ایسا ہونا ممکن ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اس کی یہ حجت بازیاں اور اعتراضات علمی دلائل پر موقوف نہیں بلکہ شیطان مردود کی وسوسہ اندازیاں ہیں جن کو اس نے پلّے باندھ رکھا ہے المريد والمارد: العاتی یعنی سرکش۔

۳؎ شیطان کی نافرمانی اور پیہم سرکشی کے باعث یہ شقاوت اس کی لوح تقدیر پر ثبت کر دی گئی ہے کہ جو شخص اس کو اپنا دوست بنائیگا یہ اس کو راہ راست سے بہکا دے گا اور اسے لے جا کر دوزخ کی بھڑکتی ہوئی آگ میں پھینک دے گا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ

اے لوگو! اگر تمہیں کچھ شک ہو (روز حشر) جی اٹھنے میں تو ذرا اس امر میں غور کرو کہ

مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ

ہم نے ہی پیدا کیا تھا تمہیں مٹی سے پھر نطفہ سے ۂ پھر خون کے لوتھڑے سے پھر گوشت کے ٹکڑے سے بعض

مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۭ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا

کی تخلیق مکمل ہوتی ہے اور بعض کی نامکمل تاکہ ہم ظاہر فرما دیں تمہارے لیے (اپنی قدرت کا کمال) اور ہم قرار بخشتے ہیں رحموں میں جسے ہم

ۂ سب انسانوں کی مٹی سے پیدا کیے جانے کی وجہ یا تو یہ ہے کہ آدم جو ابو البشر ہیں ان کی تخلیق مٹی سے ہوئی یا یہ کہ مادۂ منویہ جن غذاؤں سے بنتا ہے وہ سب زمین سے اگتی ہیں جب رحم میں نطفہ قرار پکڑتا ہے تو کچھ عرصہ کے بعد اس میں تدریجی تبدیلیاں ہونے لگتی ہیں۔ پہلے وہ خون کی طرح گاڑھا اور سرخ ہو جاتا ہے اسے علقہ کہا گیا۔ پھر وہ گوشت کی شکل اختیار کرتا ہے اسے مضغہ فرمایا۔ اس کے بعد مدت حمل پوری کرنے کے بعد صحیح و سلامت پیدا ہوتا ہے یا وہ اس سے پہلے ہی گر جاتا ہے۔ غیر مخلقہ کا مفہوم اکثر علماء نے یہی بیان کیا ہے لیکن بعض کے نزدیک اس سے مراد وہ بچہ ہے جو ناقص الاعضاء پیدا ہوتا ہے۔ امام بخاری نے حضرت عبد اللہ بن مسعود سے روایت کیا ہے۔ کہ آپ نے فرمایا :-

حدثنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو الصادق المصدوق ان احدکم یجمع خلقہ فی بطن امہ اربعین یوما ثم یکون فی ذالک علقۃ مثل ذلک ثم مضغۃ مثل ذلک ثم یرسل الملک فینفخ فیہ الروح ویؤمر باربع کلمات یکتب رزقہ واجلہ وعملہ وشقی اوسعید۔

یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بیان فرمایا اور آپ سچے ہیں کہ تم میں سے ہر شخص پیدائش کے وقت اپنی ماں کے شکم میں چالیس دن تک رہتا ہے پھر وہ علقہ بن جاتا ہے۔ پھر چالیس دن گزرنے کے بعد وہ مضغہ ہوتا ہے۔ پھر چالیس دن گزرنے کے بعد اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ بھیجتے ہیں جو اس میں روح پھونکتا ہے اور اس کو چار چیزیں لکھنے کا امر ہوتا ہے وہ یہ ہیں :- اس کا رزق۔ اس کی موت کا وقت۔ اس کے اعمال اور یہ کہ وہ بدبخت ہے یا نیک بخت ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے آگاہ کرنے سے فرشتہ کو ما فی الارحام (جو کچھ رحم میں ہے) کا بھی علم حاصل ہوتا ہے اور اس کی موت کے وقت کا بھی پتہ چلتا ہے۔ آیت میں جس چیز کی نفی ہے کہ ما فی الارحام کو کوئی نہیں جانتا۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے مطلع کرنے کے بغیر کوئی نہیں جان سکتا۔

نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ

چاہتے ہیں ایک مقررہ میعاد تک پھر ہم نکالتے ہیں تمہیں بچہ بنا کر پھر (پرورش کرتے ہیں) تاکہ تم پہنچ جاؤ اپنے شباب کو

وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا

اور تم میں سے کچھ (پہلے) فوت ہو جاتے ہیں اور تم میں سے بعض کو پہنچا دیا جاتا ہے نکمی عمر تک تاکہ وہ کچھ نہ جانے

يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ

ہر چیز کو جاننے کے بعد ۵ اور تو دیکھتا ہے کہ زمین خشک پڑی ہے ۶ پھر جب ہم اتارتے ہیں۔

۵ اس کے بعد پیدائش سے موت تک انسانی زندگی جن مرحلوں سے گزرتی ہے ان کو بیان فرما دیا استقرار حمل سے لیکر آخری دم تک انسان جن مرحلوں سے تدریجاً گزرتا ہے ہر ہر مرحلہ میں نازک سے نازک جو تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں پھر ان کے نئے نئے جتنے تقاضے ہوتے ہیں اور جس فیاضی اور حکمت سے ان کو پورا کیا جاتا ہے اگر انسان فقط اسی میں غور کرے تو بے اختیار ہو کر پکار اٹھے کہ علیم وحکیم ہے وہ خالق جس نے انسان کو پیدا کیا اور وحدہ لاشریک ہے وہ ذات والاصفات جس کی حکمت اور جس کے علم کے جلوے انسانی زندگی کے ہر موڑ پر چشم بینا کو نظر آتے ہیں جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اس کا معدہ بڑا لطیف ہوتا ہے وہ کسی ثقیل چیز کو ہضم کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا تو اس وقت ماں کا دودھ بھی پتلا اور زود ہضم ہوتا ہے جس نسبت سے معدہ میں ہضم کی قوت بڑھتی ہے بعینہ اسی نسبت سے ماں کا دودھ بھی گاڑھا ہونے لگتا ہے اور اس کی دہنیت (چکناہٹ) میں اضافہ ہوتا جاتا ہے جب بچے کے دانت نکل آتے ہیں اور اسکا معدہ طاقتور ہو جاتا ہے تو طبیعت خود بخود روٹی وغیرہ کی طرف مائل ہونے لگتی ہے غرضیکہ زندگی کے کسی دور کا آپ مطالعہ فرمائیں اللہ تعالیٰ کے علم اور اس کی حکمت کے چراغ ہر جگہ آپ کو جگمگاتے نظر آئیں گے۔

تو جو ذات ایک قطرہ آب سے انسان کو پیدا کر سکتی ہے اور اس کے سفینہ حیات کو زندگی کے متلاطم سمندر سے گزار کر موت کے ساحل پر لنگر انداز کر دیتی ہے اس کے لیے کیا مشکل ہے کہ پھر وہ تمہیں زندہ کر دے۔

ارذل العمر، سے مراد زندگی کا وہ دور ہے جب بڑھاپے کی وجہ سے عقل وفہم کی قوتیں بیکار ہو کر رہ جاتی ہیں۔ غور وفکر کی صلاحیتیں سلب ہو جاتی ہیں۔ یادداشت کا خزانہ خالی ہو جاتا ہے۔ یوں معلوم ہونے لگتا ہے گویا اس نے کبھی مکتب میں قدم تک نہیں رکھا۔ وہ شخص جو کبھی وقار ومتانت کا پیکر ہوا کرتا تھا اب ایسی حرکتیں کرنے لگتا ہے کہ بے اختیار ہنسی آجاتی ہے۔

ارذل العمر: اسواہ اخسہ و ادونہ وھو الھرم والخرف حتی لا یعقل۔ (قرطبی)

۶ یہاں سے قیامت کے وقوع پذیر ہونے کی دوسری دلیل بیان کی جارہی ہے۔

ھامدۃ: یابسۃ لاتنبت شیئاً: خشک زمین جبکہ اس میں کوئی چیز نہ اگ سکے۔

أَنزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَأَنبَتَتْ مِن كُلِّ زَوْجٍ

اس پر بارش کا پانی تو وہ تر و تازہ ہو جاتی ہے اور پھولتی ہے اور اگاتی ہے ہر خوشنما جوڑے کو۔

بَهِيجٍ ۝٥ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّهُ يُحْيِ الْمَوْتَىٰ وَأَنَّهُ

یہ (زندگیاں اس کی دلیل ہیں) کہ اللہ تعالیٰ ہی برحق ہے ۸ اور وہی زندہ کرتا ہے مُردوں کو اور بلاشبہ

عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝٦ وَأَنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا

وہی ہر چیز پر قادر ہے۔ اور یقیناً قیامت آنے والی ہے اس میں ذرا شک نہیں ۹

وَأَنَّ اللَّهَ يَبْعَثُ مَن فِي الْقُبُورِ ۝٧ وَمِنَ النَّاسِ مَن يُجَادِلُ

اور اللہ تعالیٰ زندہ کر کے اٹھائیگا ان (مُردوں) کو جو قبروں میں ہیں۔ اور انسانوں میں ایسے لوگ بھی ہیں جو جھگڑا کرتے ہیں۔

فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ مُّنِيرٍ ۝٨ ثَانِيَ عِطْفِهِ

اللہ تعالیٰ کے بارے میں بغیر علم کے اور بغیر کسی دلیل کے اور بغیر کسی روشن کتاب کے۔ ۱۰ (تکبر سے) گردن مروڑتے ہوئے

۸ جب انسان قدرت کی ان اعجاز آفرینیوں کو دیکھتا ہے تو اسے یقین آجاتا ہے کہ یہ کائنات خود بخود بغیر خالق کے معرض وجود میں نہیں آگئی اور اس کا خالق علم محیط اور حکمت بالغہ کی صفات عالیہ سے متصف ہے نیز اس میں بھی شک و شبہ کی کوئی گنجائش نہیں رہتی کہ جس کی قدرت کا یہ عالم ہے اس کے لیے ہر چیز کو فنا کر کے دوبارہ پیدا کرنا قطعاً مشکل نہیں۔

۹ اس ارشاد سے پھر بتا دیا کہ قیامت ضرور آئے گی تم شیطان کی وسوسہ انگیزیوں سے دھوکہ کھا کر اس یوم حساب کا انکار نہ کرنا ورنہ کف افسوس ملو گے اور ندامت سے ہونٹ کاٹو گے۔

۱۰ ایسا احمق کہ جس میں فہم و فراست کا نشان تک نہیں جس نے کسی جاننے والے سے پوچھ کر بھی اپنی جہالت کو دور نہیں کیا اور جس بدنصیب نے کسی صحیفۂ آسمانی کا مطالعہ کرنے کی بھی زحمت گوارا نہیں کی وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں اس کے رسول سے جھگڑتا ہے اور غرور و نخوت سے اکڑ اکڑ کر چلتا ہے اس نے اپنا ستیاناس تو کر لیا اب دوسروں کا بیڑہ غرق کرنے کے لیے صبح و شام کوشاں ہے ایسے جاہل، کج فہم اور مغرور کا انجام بڑا عبرت ناک ہوگا۔ ثانی عطفه، لوّی عنقه مرحًا وتضترًا (قرطبی). غرور و نخوت سے اپنی گردن کو مروڑنا۔ ای بلا عقل صحیح ولا نقل صریح بل بمجرد الرأئے والهوىٰ (ابن کثیر)

لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ

تاکہ بہکائے (دوسروں کو بھی) اللہ تعالیٰ کی راہ سے اس کے لیے دنیا میں بھی رسوائی ہے اور ہم چکھائیں گے اسے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝٩ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَ

قیامت کے دن جلانے والی آگ کا عذاب۔ (اس روز اسے بتایا جائیگا) یہ سزا ہے اس کی جو تیرے دونوں ہاتھوں

اَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝١٠ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ ع

نے آگے بھیجا اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں اور لوگوں میں سے وہ بھی ہے جو عبادت کرتا ہے

اللّٰهَ عَلٰي حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ

اللہ تعالیٰ کی کنارہ پر (کھڑے کھڑے) [1] پھر اگر پہنچے اسے بھلائی (اس عبادت سے) تو مطمئن ہو جاتا ہے اس سے اور اگر پہنچے اسے کوئی

[1] ہر چیز کے کنارے اور دہانے کو حرف کہتے ہیں۔ حرف کل شیئ طرفه وشفیره وحده۔ (قرطبی) اس آیت میں اللہ تعالیٰ ان لوگوں کا بیان فرما رہے ہیں جو حق کو اس لیے قبول نہیں کرتے کہ یہ حق ہے اور اللہ تعالیٰ کی اس لیے عبادت نہیں کرتے کہ وہ ہمارا معبود اور خالق ہے بلکہ اس لیے کہ انھیں دنیوی منفعت حاصل ہوگی۔ ان کا کاروبار چمکے گا۔ ان کی عزت اور ناموری میں اضافہ ہوگا اگر اسلام کو قبول کرنے کے بعد ان کی یہ امید پوری ہوتی ہے تو بڑے خوش ہوتے ہیں۔ اور اسلام کی صداقت اور سچائی کا اظہار بڑے جوش و خروش سے کرتے ہیں لیکن اگر ان کی یہ امیدیں بر نہیں آتیں بلکہ الٹا تکلیف اور نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو یادِ الٰہی کا سلسلہ ہی منقطع کر دیتے ہیں اور اس دین کا دامن ہی چھوڑ دیتے ہیں۔ اور پھر باطل کی طرف یہ شور مچاتے ہوئے بھاگے چلے جاتے ہیں کہ بس دیکھ لیا۔ یہ دین اس کی نحوست سے کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گیا۔ جو عزت و وقار پہلے تھا اس کا بھی جنازہ نکل گیا۔ ہم تو ایسے دین سے باز آئے۔

کتب تفسیر میں جہاں اس آیت کی شانِ نزول بیان کی گئی ہے وہاں یہ واقعہ مرقوم ہے کہ ایک یہودی مسلمان ہوا۔ اتفاق سے کچھ عرصہ بعد اس کی بینائی جاتی رہی پھر اس کا زبردست مالی نقصان ہو گیا۔ ساتھ ہی اس کا ایک لڑکا تھا وہ بھی مر گیا۔ اس نے سوچا کہ یہ سب اسلام کی نحوست کے باعث ہوا ہے چنانچہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگا۔ اقلنی: جو بیعت اسلام میں نے آپکے ہاتھ پر کی ہے مجھے اس سے آزاد کر دیجیے۔ حضور نے فرمایا: ان الاسلام لا یُقال اسلام کی بیعت واپس نہیں کی جا سکتی۔ کہنے لگا مجھے تو آپ کے اس دین سے کوئی فائدہ نہیں پہنچا اور نہ اس میں کوئی خوبی نظر آئی۔ میں اندھا ہو گیا۔ مال برباد ہوا۔ بیٹا تھا وہ مر گیا حضور نے فرمایا اے یہودی اسلام مردوں کو گلاتا ہے

فِتْنَةٌ ۨانْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ

آزمائش تو فوراً دین سے منہ موڑ لیتا ہے۔ اس شخص نے برباد کر دی اپنی دنیا اور آخرت ١٢ یہی تو

الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿١١﴾ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا

کھلا ہوا خسارہ ہے۔ وہ عبادت کرتا ہے ١٣ اللہ تعالیٰ کے سوا اس کی جو نہ ضرر پہنچا سکتا ہے اسے اور نہ

لَا يَنْفَعُهٗ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿١٢﴾ يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗٓ

نفع پہنچا سکتا ہے اسے یہی تو انتہائی گمراہی ہے۔ وہ پوجتا ہے اسے جس کی ضرر رسانی زیادہ

اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ؕ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ﴿١٣﴾ اِنَّ اللّٰهَ

قریب ہے اس کی نفع رسانی سے ١٤ یہ بہت برا دوست ہے اور بہت برا ساتھی ہے ١٥ بیشک اللہ تعالیٰ

اور صاف کرتا ہے جس طرح آگ لوہے سونے اور چاندی کی میل کچیل کو صاف کرتی ہے یا یہودی ان الاسلام یسبک الرجال کما یسبک النار خبث الحدید والذھب والفضة۔ (ابن مردویہ)

١٢ انسان کو چاہیے کہ اسلام کو حق سمجھ کر قبول کرے پھر اس راہ کے کانٹوں کو دیکھ کر گھبرا نہ جائے بلکہ ان کو پھولوں سے بھی زیادہ عزیز جانے کیونکہ یہ منزل محبوب کے کانٹے ہیں اگر اللہ تعالیٰ اسے دین حق کو سربلند کرنے کے لیے اپنی دولت خرچ کرنے کی توفیق دے تو اسے اپنی سعادت اور ارجمندی یقین کرے۔ اگر پرچم اسلام کو اونچا بہت اونچا لہرانے کے لیے جان دینے کا موقع ملے تو مسکراتا ہوا خوشی سے اٹھلاتا ہوا حضرت خبیب کی طرح تختۂ دار کی طرف بڑھے۔ کیونکہ موت اس کے لیے ہلاکت وفنا کا پیغام لے کر نہیں آئی بلکہ حیاتِ جاوید کی نوید نہیں بلکہ وصالِ حبیب کا مژدہ لیکر آئی ہے۔ الموت جسر یوصل الحبیب الی الحبیب موت ایک پل ہے جو یار کو یار سے ملاتی ہے۔ اگر یہ نظریہ ہو تو پھر حق کو قبول کرے ورنہ حق کا دامن پکڑ کر نہ اپنے آپ کو رسوا کرے اور نہ حق کو بدنام۔

١٣ مشرکینِ مکہ کا ذکر ہے کہ وہ ان بتوں کی پوجا کرتے ہیں جو نہ انہیں نفع پہنچا سکتے ہیں نہ نقصان یعبد الصنم الذی لا ینفع ولا یضر۔ (قرطبی)

١٤ علامہ عثمانی لکھتے ہیں: "یعنی بتوں سے نفع کی تو امید موہوم ہے بت پرستوں کے زعم کے مطابق لیکن ان کو پوجنے کا جو ضرر ہے وہ قطعی اور یقینی ہے اس لیے فائدہ کا سوال تو بعد کو دیکھا جائے گا نقصان ابھی ہاتھوں ہاتھ پہنچ گیا۔"

١٥ قیامت کے دن جب شرک وبت پرستی کی سزا انہیں سنائی جائیگی تو کہہ اٹھیں گے یہ بت جن کی امداد پر ہم تکیہ کیے بیٹھے

يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ

داخل کریگا ۱۵ انھیں جو ایمان لائے اور جنھوں نے نیک عمل کیے باغات میں رواں ہیں جن کے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۱۴﴾ مَنْ كَانَ يَظُنُّ

نیچے نہریں۔ بیشک اللہ تعالیٰ کرتا ہے جو چاہتا ہے اور جو شخص یہ خیال کیے بیٹھا ہے کہ

اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى

اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کی مدد نہیں کرے گا نہ دنیا میں اور نہ آخرت میں ۱۶ تو اسے چاہیے کہ لٹک جائے ایک رسی کے

کٹتے نکلے۔ مولی: دوست اور مددگار۔ عشیر: ساتھی یعنی الوثن (مظہری) مجاہد یعنی الوثن (قرطبی) یعنی وہ اپنے بتوں کے متعلق یوں اظہارِ افسوس کرینگے۔

۱۵ گمراہوں کے احوال اور ان کا مآل بیان کرنے کے بعد اب اپنے بندوں کا ذکر فرمایا جارہا ہے اور جو نوازشات ان پر کی جانے والی ہیں ان سے انھیں آگاہ کیا جارہا ہے۔

۱۶ لن ینصرہ کی ضمیر کا مرجع حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اہل عرب مسلمانوں کی تنگدستی اور کمزوری کو دیکھتے تو خیال کرتے کہ ایسے ناداروں اور کمزوروں کے ساتھ مل کر ہمیں کیا حاصل ہوگا خواہ مخواہ اہل مکہ کے ساتھ اپنے دیرینہ خاندانی مراسم کو مجروح کیوں کریں۔ اس نبی کی مدد نہ آج تک اس کے خدا نے کی ہے اور نہ ایسے قرائن موجود ہیں جن سے یہ پتہ چلے کہ آئندہ ان کی وہ مدد کرے گا اور ان کی مفلوک الحالی اور بے بسی دُور ہو جائے گی۔

انھیں بتایا جارہا ہے کہ یہ محض تمھاری غلط فہمی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کی مدد کرے گا اور ضرور کرے گا۔ تم دیکھو گے کہ ہر طرف اسی کے نام کا ڈنکا بج رہا ہوگا اور اس کے قدموں میں سونے اور چاندی کے ڈھیر لگے ہونگے اور جسے یہ بات گوارا نہ ہو اس کے لیے ایک ہی راستہ ہے کہ وہ اپنے گلے میں رسّے کا پھندا ڈالے اور چھت سے لٹک جائے اور پھر اس رسّہ کو کاٹ دے تاکہ تڑپ تڑپ کر مر جائے۔ میرے محبوب کے لیے حسد کی جو آگ تمھارے دلوں میں بھڑک رہی ہے اس کو فرو کرنے کا یہی ایک طریقہ ہے۔

جمہور مفسرین نے آیت کے اسی مفہوم کو پسند کیا ہے لیکن بعض کی رائے ہے کہ ینصر کا معنی یرزق رزق دینا ہے اور ہٗ ضمیر کا مرجع عام آدمی ہیں۔ اس صورت میں آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ جو شخص فقر و فاقہ کی سختیاں جھیل رہا ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مایوس ہو چکا ہے اور یہ سمجھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے کبھی فراخ روزی نہیں دیگا۔ ایسے آدمی کے لیے بہتر ہے کہ وہ سسک سسک کر جان نہ دے بلکہ ابھی گلے میں رسّہ ڈال کر اپنے آپ کو چھت سے لٹکا کر خودکشی کر لے۔ لیکن

السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ﴿۱۵﴾

ذریعہ چھت سے پھر (گلے میں پھندا ڈال کر) اسے کاٹ دے پھر دیکھے آیا دور کر دیا ہے اس کی (خودکشی کی) تدبیر نے اس کے غم و غصہ کو۔

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ﴿۱۶﴾

اور اسی طرح ہم نے اتارا ہے اس کتاب کو روشن دلیلوں ۱۸ کی شکل میں اور بیشک اللہ تعالیٰ ہدایت دیتا ہے جس کو چاہتا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـِٕيْنَ وَالنَّصٰرٰى

بیشک اہل ایمان، یہودی، ستارہ پرست، عیسائی،

وَالْمَجُوْسَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ

آتش پرست اور مشرک، ضرور فیصلہ فرمائے گا اللہ تعالیٰ ان سب (گروہوں)

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۱۷﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ

کے درمیان قیامت کے دن ۱۹ بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کا مشاہدہ فرما رہا ہے۔ کیا تم ملاحظہ نہیں کر رہے

اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ

کہ اللہ تعالیٰ کو ہی سجدہ کر رہی ہے ہر چیز جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے ۲۰ نیز آفتاب

آیت کے سیاق و سباق کو اگر پیش نظر رکھا جائے تو پہلا مفہوم ہی صحیح معلوم ہوتا ہے۔

سبب: حبل رسی۔ السماء ای سماء بیتہ ای سقف بیتہ گھر کی چھت (مظہری)

۱۸ یعنی ایسے دلائل نازل فرمائے جن سے عقیدۂ توحید، عقیدۂ قیامت اور رسالت محمد مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت روز روشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے۔

۱۹ یعنی وہ سب کے اعمال، احوال، نظریات اور عقاید پر آگاہ ہے وہ اپنے کامل علم کے مطابق سب کے درمیان فیصلہ فرما دے گا۔

۲۰ اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی کو بڑے پرجلال اسلوب میں بیان فرمایا جا رہا ہے کہ ہر چیز زمین و آسمان، شمس و قمر، دشت و جبل، چوپائے اور انسان سب اس کے سامنے سربسجود ہیں۔ تکوینی لحاظ سے کائنات کی ہر چیز خواہ شعور و ادراک سے متصف ہو یا محروم، احکام تکوینیہ کے سامنے سرافگندہ ہے اس لحاظ سے کافر اور مومن، فاسق و متقی سب داخل ہیں۔ کیونکہ انہیں بھی اللہ تعالیٰ

**وَالْقَمَرُ وَالنُّجُومُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيرٌ**

مہتاب، ستارے، پہاڑ، درخت اور چوپائے اور بہت سے

**مِّنَ النَّاسِ ؕ وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ؕ وَمَن يُهِنِ اللَّهُ**

انسان بھی (اسی کو سجدہ کرتے ہیں) اور بہت لوگ ایسے بھی ہیں جن پر عذاب مقرر ہو چکا ہے اور دیکھو جس کو ذلیل کرے اللہ تعالیٰ

**فَمَا لَهُ مِن مُّكْرِمٍ ؕ إِنَّ اللَّهَ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ ۩ ﴿١٨﴾ هَٰذَانِ خَصْمَانِ**

تو کوئی اسے عزت دینے والا نہیں ہے۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ یہ دو فریق ہیں [21]

کے احکام تکوینیہ کے سامنے دم مارنے کی مجال نہیں۔ ان کی پیدائش' ان کی موت' ان کا مرض' ان کی صحت غرضیکہ ہر چیز امرِ الٰہی سے معرضِ وجود میں آ رہی ہے۔ لیکن اس عالم کی وہ مخلوق جو عقل وفہم کی نعمت سے مشرف کی گئی ہے۔ اسے اس تکوینی خضوع کے علاوہ اختیاری سجدہ کرنے کا بھی مکلف کیا گیا ہے اور اس اختیاری سجدہ نہ کرنے کی وجہ سے کفار وفساق کو سزا ملے گی لیکن علماء متقدمین اور محدثین کی رائے یہ ہے کہ کائنات کی ہر چیز اختیاری سجدہ کر رہی ہے۔ کیونکہ جمادات ہمارے لحاظ سے مردہ و بے جان ہیں لیکن انھیں ایسی زندگی دی گئی ہے جس سے وہ اللہ تعالیٰ کی اختیاری طور پر اطاعت کر رہی ہیں اور اس کی حمد وثنا میں زمزمہ سنج ہیں۔ ارشادِ الٰہی ہے وان من شیئ الا یسبح بحمدہ ولکن لا تفقہون تسبیحہم کہ ہر چیز اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کر رہی ہے لیکن تم ان کی تسبیح کو سمجھ نہیں سکتے۔ اور حدیث شریف میں ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الجبل ینادی الجبل یا فلان ھل مربک احد یذکر اللہ (رواہ الطبرانی من حدیث ابن مسعود) یعنی حضور نے فرمایا کہ ایک پہاڑ دوسرے پہاڑ سے پوچھتا ہے کہ اے فلاں پہاڑ! کیا آج تیرے ہاں کسی ایسے بندے کا گزر ہوا جو یادِ الٰہی میں مشغول تھا نیز مسلم شریف میں ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ میں ان پتھروں کو جانتا ہوں کہ جب میں ان کے پاس سے گزرتا ہوں تو وہ میری جناب میں درود وسلام پیش کرتے ہیں۔ وقال البغوی ھذا مذھب حسن موافق لقول اھل السنۃ۔ (مظہری)

علامہ بغوی کہتے ہیں کہ یہ رائے ہی اہلِ سنت کے اقوال کے موافق ہے اور یہی پسندیدہ مذہب ہے۔

[21] ان دو گروہوں سے کون لوگ مراد ہیں؟ اس کے متعلق امام مسلم نے حضرت ابوذر سے یہ حدیث روایت کی ہے اور اسی حدیث سے انھوں نے اپنی جلیل المرتبت کتاب کو ختم کیا۔ قیس بن عباد کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوذر کو قسم اٹھا کر یہ کہتے سنا کہ یہ آیت ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جنھوں نے میدانِ بدر میں ایک دوسرے کو دعوتِ مبارزت دی۔ اسلام کی طرف سے حضرت حمزہ' علی اور عبیدہ بن حارث رضی اللہ عنہم تھے۔ اور کفر کی طرف سے ربیعہ کے دونوں بیٹے عتبہ

اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ

جو جھگڑ رہے ہیں اپنے رب کے بارے میں تو وہ لوگ جنھوں نے کفر اختیار کیا تیار کر دیئے گئے ہیں ان کے لیے کپڑے

نَّارٍ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ﴿١٩﴾ يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ

آتش (جہنم) سے۔ انڈیلا جائیگا انکے سروں پر کھولتا ہوا پانی۔ گل جائیگا اس کھولتے پانی سے

اور شیبہ اور عتبہ کا لڑکا ولید وبهذا الحديث ختم مسلم رحمه الله كتابه۔ (قرطبی)

اس واقعہ کی تفصیل یہ ہے کہ بدر کے دن عتبہ اپنے بھائی شیبہ اور اپنے بیٹے ولید کو لے کر میدان جنگ میں نکلا اور مسلمانوں کو للکارا۔ انصار کے تین نوجوان ان کے مقابلہ کے لیے نکلے۔ عتبہ نے پوچھا تم کون ہو انھوں نے اپنا نام و نسب بتایا تو عتبہ نے نبی مکرم صلے اللہ تعالٰے علیہ وآلہ وسلم کا نام لے کر کہا اخرج الينا الكفاء نا من قومنا۔ ہمارے مقابلے میں ان کو بھیجو جو نسب اور قوت میں ہمارے ہم پلہ ہوں۔ حضور نے ارشاد فرمایا قم يا عبيدة بن الحارث يا حمزة بن المطلب يا علی بن ابی طالب۔ تعمیل حکم میں تینوں بجلی کی سرعت کے ساتھ میدان میں جا کھڑے ہوئے۔ حضرت عبیدہ نے عتبہ کو حضرت حمزہ نے شیبہ اور سیدنا علی نے ولید کو للکارا۔ حضرت حمزہ اور حضرت علی نے اپنے اپنے حریفوں کو چشم زدن میں ڈھیر کر دیا لیکن حضرت عبیدہ اور عتبہ کے درمیان جنگ جاری رہی۔ دونوں ایک دوسرے کے وار سے سخت زخمی ہو گئے۔ حضرت حمزہ اور سیدنا علی اپنی خارہ شگاف تلواروں کو لہراتے ہوئے عتبہ پر ٹوٹ پڑے اور اسے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ حضرت عبیدہ کی ٹانگ کٹ کر الگ ہو گئی تھی اور اس کا گودا باہر بہ رہا تھا اسی حالت میں انھیں اٹھا کر بارگاہ محبوب رب العالمین میں لے آئے۔ آپ نے اپنے آقا و مولا کو دیکھ کر عرض کیا۔ الست شهيداً۔ کیا میں نعمت شہادت سے سرفراز نہیں ہوں۔ حضور نے فرمایا بلی۔ بے شک تجھے شہادت کی سعادت ارزانی ہوئی۔ زندگی کے آخری لمحوں میں جوش عشق کا یہ عالم ہے کہ کسی بات کو یاد نہ کیا۔ صرف یہ کہا کہ اگر آج ابو طالب زندہ ہوتے تو انھیں معلوم ہو جاتا کہ ان کے ان شعروں کا مصداق میں ہوں۔

كذبتم وبيت الله يُبذى محمدٌ ولما نطاعن دونه ونناضل

ونسلمه حتى نصرع حوله ونذهل عن ابناءنا والحلائل

اللہ تعالٰی کے گھر کی قسم اے مشرکین تم جھوٹ کہتے ہو کہ حضور کو یونہی مغلوب کر لیا جائے گا اور ہم حضور کی طرف سے تمہارے ساتھ جنگ نہیں کریں گے۔ ہم اسی وقت حضور کو تمہارے حوالے کر سکتے ہیں جبکہ ہماری لاشیں حضور کے ارد گرد گری پڑی ہوں۔ اور ہم اپنے فرزندوں اور زن سے غافل ہو گئے ہوں۔ اللہ تعالٰی نے ان محبان پاکباز کے صدقے ہمیں بھی یہی عشق یہی شجاعت، اور یہی جذبہ ایثار مرحمت فرمائے اور شہادت کی اسی نعمت سے مالا مال فرمائے آمین ثم آمین یا رب العالمین۔ انك اكرم الاكرمين وخير المسئولين۔ لا يرد سائل من حضرتك السنية خائبًا وسعنا من جيبك وهو يخبرنا

بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ﴿٢٠﴾ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿٢١﴾ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا

جو کچھ ان کے شکموں میں ہے اور ان کی چمڑیاں بھی گل جائیں گی اور ان (کو مارنے) کے لیے گرز ہوں گے لوہے کے ٢٢ جب بھی ارادہ کریں گے

اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۗ وَذُوْقُوْا عَذَابَ

اس سے نکلنے کا غم و رنج والم کے باعث تو انھیں لوٹا دیا جائیگا اس میں اور (کہا جائیگا) کہ چکھو جلتی ہوئی آگ کا

الْحَرِيْقِ ﴿٢٢﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ع ٢

عذاب۔ یقیناً اللہ تعالیٰ داخل کریگا ان لوگوں کو جو ایمان بھی لے آئے اور عمل بھی نیک کرتے رہے ٢٣

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ

جنتوں میں بہتی ہیں جن کے نیچے ندیاں انھیں پہنائے جائیں گے جنت میں سونے کے

ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۗ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿٢٣﴾ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ

کنگن اور موتیوں کے ہار۔ اور ان کی پوشاک وہاں ریشمی ہوگی۔ اور ان کی رہنمائی کی گئی تھی پاکیزہ

مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿٢٤﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

قول کی طرف ٢٤ اور دکھایا گیا تھا انھیں راستہ اللہ تعالیٰ کا جو تعریف کیا گیا ہے۔ بیشک وہ لوگ جنھوں نے کفر اختیار کیا

---

عنك وانك حيي كريم تستحي ان ترد يد عبدك صفرا۔

خصمان سے اہل باطل بھی مراد لیے جا سکتے ہیں۔

٢٢ الٰہی اپنے ہر قسم کے عذابوں سے بچا۔ تیری نگاہِ لطف و کرم میں ہی اگر کمی ہو جائے تو ہم سوختہ دلوں کے لیے قیامت سے کم نہیں چہ جائیکہ تو ناراض ہو۔

٢٣ اب اپنے مقبولوں پر اپنے احسانات خسروانہ کا بیان ہو رہا ہے۔

٢٤ ان عنایات بے غایات کی وجہ بیان فرمائی جا رہی ہے کہ دنیا میں اللہ تعالیٰ نے پاکیزہ قول کی طرف اپنے بندوں کی راہنمائی فرمائی اور انھیں اس راستہ پر گامزن ہونے کی توفیق بخشی جو سیدھا اس خداوند عالم کی طرف لے جاتا ہے جو ہر قسم کی تعریف اور ستائش کا حقدار ہے۔ اللّٰهم ادخلنا فيهم بجاههم عندك۔

وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِىْ جَعَلْنٰهُ

اور (دوسروں کو) روکتے ہیں ۲۵؎ اللہ تعالیٰ کی راہ سے اور مسجد حرام سے ۲۶؎ جسے ہم نے (بلا امتیاز)

لِلنَّاسِ سَوَآءَ ۨالْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ۭ وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍۢ

سب لوگوں کے لیے (مرکز ہدایت) بنایا ہے یکساں ہیں اس میں وہاں کے رہنے والے اور پردیسی۔ اور جو ارادہ کرے اس میں زیادتی

بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۲۵ۧ وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ ع ۱۰

کا ناحق ۲۷؎ تو ہم اسے چکھائیں گے دردناک عذاب۔ اور یاد کرو جب ہم نے مقرر کر دی ابراہیم (علیہ السلام) کے لیے ۲۸؎ اس گھر

۲۵؎ اب پھر مشرکین و کفار کی کارستانیوں کی طرف اشارہ کیا جا رہا ہے کہ وہ بدبخت خود تو گمراہ تھے لیکن وہ یہ بھی برداشت نہیں کر سکتے کہ کوئی اور اس دین حق کو قبول کرے۔ اسلام کی شاہراہ پر ایک رکاوٹ بن کر کھڑے ہو گئے ہیں جو خوشی سے اس راہ پر چلنا چاہے اسے بھی سختی سے روک دیتے ہیں۔

۲۶؎ مسجد حرام اللہ تعالیٰ کا گھر ہے۔ اس پر کسی کی اجارہ داری نہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ہر بندہ بے روک ٹوک وہاں اپنے خداوند کریم کی یاد، اس کا ذکر، اس کی عبادت کر سکتا ہے کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ حج اور عمرہ کرنے کی غرض سے آنے والوں کو روکے طواف کرنے اور دیگر مناسک ادا کرنے میں مزاحمت کرے۔ یہ اس خدا کا گھر ہے جو رب المشرقین و المغربین ہے۔ اس کے دروازے جس طرح مکہ کے رہنے والوں کے لیے کھلے ہیں اسی طرح دنیا کے ہر گوشہ سے آنے والوں کے لیے بھی کشادہ ہیں۔ یہاں مکی اور غریب الدیار مسافر میں کوئی امتیاز نہیں۔ سب کے حقوق یہاں یکساں ہیں۔

گویا عالم اسلامی کے ہر خطہ میں رہنے والے کو یہاں شہری حقوق حاصل ہیں۔

عاکف کا معنی ہے مقیم اور باد کا معنی ہے پردیسی جنگل اور صحرا سے آنے والا۔

اس آیت سے اکثر علماء اسلام نے یہ مسئلہ اخذ کیا ہے کہ حرم مکہ اس کی زمین اور اس پر بنے ہوئے مکانات سب وقف کے حکم میں ہیں۔ نہ انھیں کوئی بیچ سکتا ہے اور نہ ان کا کرایہ وصول کر سکتا ہے۔ اس مسئلہ پر یہاں تفصیل سے بحث نہیں کی جا سکتی۔ جو لوگ اس کی تفصیل جاننا چاہتے ہیں وہ کتب فقہ اور تفسیر کی طرف رجوع کریں۔

۲۷؎ گناہ ہر جگہ معیوب ہے اور ظلم و شرک ہر جگہ قبیح ہے لیکن حرم کعبہ میں معیوب ترین اور قبیح ترین ہے۔ وہاں اگر کوئی اس کا ارتکاب کرے گا تو وہ زیادہ سزا کا مستحق ہے۔

۲۸؎ حضرت خلیل علیہ السلام کو جب تعمیر کعبہ کا حکم ملا تو اب انھیں یہ فکر دامنگیر ہوئی کہ کونسی وہ مخصوص جگہ ہے جہاں اللہ تعالیٰ کا یہ گھر تعمیر کیا جائے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس مخصوص جگہ پر مطلع فرما دیا اور آپ اپنے فرزند ارجمند اسماعیل علیہ السلام کے

الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِیْ شَیْئًا وَّ طَهِّرْ بَیْتِیَ لِلطَّآىِٕفِیْنَ وَ

کے (تعمیر کرنے) کی جگہ اور حکم دیا کہ شریک نہ ٹھیرانا میرے ساتھ کسی چیز کو ۲۹ اور صاف ستھرا رکھنا میرے گھر کو طواف کرنے والوں

الْقَآىِٕمِیْنَ وَ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ۝۲۶ وَ اَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ یَاْتُوْكَ

قیام کرنے والوں اور رکوع و سجود کرنے والوں کے لیے۔ اور اعلان عام کردو لوگوں میں حج کا ۳۰ وہ آئیں گے

رِجَالًا وَّ عَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ یَّاْتِیْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ ۝۲۷

آپ کے پاس پاپیادہ اور ہر دُبلی اونٹنی پر سوار ہو کر جو آتی ہیں ہر دُور دراز راستہ سے۔

ساتھ تعمیر کعبہ میں مشغول ہو گئے۔

بوأنا ای عینا۔ (مظہری)

۲۹ تعمیر کعبہ کے ساتھ ایک حکم یہ دیا گیا کہ یہاں شرک کرنے کی قطعاً ممانعت کردی جائے۔ یہ گھر صرف اللہ وحدہٗ لاشریک کی عبادت کے لیے بنایا جارہا ہے۔ یہاں کسی جھوٹے خدا کی عبادت کو ہرگز ہرگز روا نہیں رکھا جاسکتا۔ نیز یہ بھی ارشاد فرمایا کہ یہ میرا گھر کیونکہ میرے انوار کی تجلی گاہ ہے اس لیے اس کی ظاہری صفائی کا بھی پورا اہتمام کیا جائے فرش آئینہ کی طرح چمک رہا ہو۔ دیواریں صاف اور اجلی ہوں تاکہ میری یاد کرنے والے جب یہاں آئیں تو روحانی پاکیزگی کے ساتھ ظاہری نظافت سے ان کی طبیعتوں میں نشاط ہو اور ان کے ذوق و شوق میں اضافہ ہو۔ اسی سے مساجد کی صفائی اور ان کو ہر قسم کی آلودگیوں سے پاک رکھنے کا حکم ثابت ہوتا ہے۔

۳۰ حضرت ابراہیم جب کعبہ کی تعمیر سے فارغ ہوئے تو حکم ملا۔ اے ابراہیم اب اعلان کردو کہ خدا کا گھر تیار ہو گیا ہے خدا کے بندو آؤ اور حج کرو۔ آؤ اور فریضہ حج ادا کرو۔ انہوں نے عرض کی الٰہی میری آواز کہاں تک پہنچے گی۔ فرمایا و اَذِّن وعلی الابلاغ۔ تم اعلان کرو۔ اس آواز کو پہنچانا میرا کام ہے۔ چنانچہ آپ جبل ابی قبیس پر تشریف لے گئے اور حج کا اعلان فرمادیا۔ جو لوگ ابھی پیدا نہیں ہوئے تھے انہوں نے بھی اس اعلان کو سن کر لبیک اللھم لبیک کہا جس نے دعوت ابراہیمی پر لبیک کہی اسے ہی حج کی سعادت نصیب ہوگی۔ اور جتنی بار جس نے لبیک کہی اتنی بار وہ حج کرے گا۔ رجالاً راجل کی جمع ہے۔ پیدل الضامر : البعیر المھزول الذی اتعبہ السفر۔ وہ دُبلا پتلا اونٹ جس کو سفر نے درماندہ کردیا ہو۔ عمیق کا معنی یہاں گہرا نہیں بلکہ بعید ہے۔

العمیق معناہ البعید۔

# لِّيَشۡهَدُوۡا مَنَافِعَ لَهُمۡ وَيَذۡكُرُوا اسۡمَ اللّٰهِ فِىۡۤ اَيَّامٍ مَّعۡلُوۡمٰتٍ

تاکہ وہ حاضر ہوں اپنے (دینی و دنیوی) فائدوں کیلئے ۳۱ اور ذکر کریں اللہ تعالیٰ کے نام کا مقررہ دنوں میں ۳۲

# عَلٰى مَا رَزَقَهُمۡ مِّنۡۢ بَهِيۡمَةِ الۡاَنۡعَامِ‌ۚ فَكُلُوۡا مِنۡهَا وَاَطۡعِمُوا

ان بے زبان چوپایوں پر (ذبح کے وقت) جو اللہ تعالیٰ نے انھیں عطا فرمائے ہیں۔ پس خود بھی کھاؤ ان سے ۳۳ اور کھلاؤ

۳۱ حج کرنے کی حکمت بیان فرمادی کہ یہاں آئیں گے تو دینی اور روحانی برکتوں کے ساتھ ساتھ دنیاوی نعمتوں سے بھی مالامال کر کے واپس بھیجے جائیں گے۔ دینی برکت تو یہ ہے جس کا حضورؐ نے ان الفاظ میں اظہار فرمایا ہے:۔ قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم من حج للّٰہ فلم یرفث ولم یفسق رجع کیوم ولدتہ امہ۔

یعنی جس نے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے حج کیا اور اس اثنا میں فحش کلامی اور برائی سے بچا رہا وہ جب لوٹیگا تو گناہوں سے اس طرح پاک ہوگا جس طرح اُس دن پاک تھا جب اس کی ماں نے اُسے جنا تھا اور دنیوی منفعت یہ ہے کہ لوگ کاروبار کرتے ہیں، خوب نفع حاصل کرتے ہیں اور دُور دراز ملکوں سے آنے والے لوگ اپنی ضروریات کی چیزیں خرید کرلے جاتے ہیں۔ حضرت سعید بن جبیر فرماتے ہیں:۔ المراد بہا التجارۃ۔ مجاہد کا قول ہے:۔ التجارۃ وما یرضی اللّٰہ بہ من امر الدنیا والآخرۃ۔ تجارت اور دُنیا اور آخرت کا ہر وہ کام جو اللہ تعالیٰ کی رضا کا باعث ہو۔

اگر بنظرِ غائر دیکھا جائے تو حج دنیائے اسلام کی ایک عالمی کانفرنس بھی ہے۔ ذکر و عبادت، حج و قربانی کے علاوہ دنیائے اسلام کے تمام مسائل پر غور و فکر کرنے کا ایک زریں موقع ہے۔ خلفائے راشدین کے زمانہ میں ایام حج میں مملکتِ اسلامیہ کے تمام صوبوں کے گورنر اور دیگر اعلیٰ حکام مکہ میں جمع ہوتے بلکہ حضرت فاروق اعظمؓ خاص اہتمام سے اکٹھا کرتے ہر ملک کے حالات سنتے اور مقامی مشکلات کو دور کرنے کے لیے مشورے کرتے اگر کسی علاقہ کے لوگوں کو اپنے افسرانِ اعلیٰ سے کوئی شکایت ہوتی تو وہ برملا ان کا اظہار کرتے اور حضرت فاروقؓ اور دیگر خلفا ان کا موثر تدارک کرتے لیکن افسوس کہ بعد میں مسلمانوں نے حج کی اس عالمی اہمیت کو فراموش کردیا۔

۳۲ "جانے ہوئے دنوں" سے ذی الحجہ کا عشرہ مراد ہے جیسا کہ حضرت علیؓ، ابن عباس، حسن و قتادہ رضی اللہ عنہم کا قول ہے اور یہی مذہب ہے ہمارے امام اعظم حضرت ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کا اور صاحبین کے نزدیک "جانے ہوئے دنوں" سے ایام نحر مراد ہیں۔ یہ قول ہے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا اور ہر تقدیر پر یہاں ان دنوں سے خاص روز عید مراد ہے۔ (خزائن العرفان)

۳۳ کفار حج کے موقع پر جو جانور ذبح کرتے تھے ان کا گوشت خود نہیں کھاتے تھے۔ مسلمانوں کو اجازت دی جارہی ہے کہ تم خود بھی کھاؤ اور جو غریب و مسکین ہیں ان کو بھی کھلاؤ۔ البتہ جو جانور بطور کفارہ ذبح کیے جائیں گے ان کا کھانا کفارہ دینے والے کے لیے جائز نہیں۔

الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ﴿۲۸﴾ ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ

مصیبت زدہ محتاج کو۔ پھر چاہیے کہ دور کریں ۳۴؎ اپنی میل کچیل اور پوری کریں اپنی نذریں

وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ

اور طواف کریں ۳۵؎ ایسے گھر کا جو بہت قدیم ہے۔ ان احکام کو یاد رکھو ۳۶؎ اور جو شخص تعظیم کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی حرمتوں کی

فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى

۳۷؎ تو یہ بہتر ہے اسکے لیے اسکے رب کے ہاں۔ اور حلال کیے گئے تمہارے لیے جانور بجز انکے جن کی حرمت پڑھی

عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ

گئی تم پر ۳۸؎ پس پرہیز کرو بتوں کی نجاست سے ۳۹؎ اور بچو جھوٹی بات

۳۴؎ حالتِ احرام میں حجامت کرنے، خوشبو اور تیل لگانے اور بلا ضرورت غسل کرنے کی ممانعت ہے جس کی وجہ سے حجامت بڑھ جاتی ہے۔ بال پراگندہ ہو جاتے ہیں۔ جسم پر میل کی تہیں جم جاتی ہیں۔ ارشاد ہے کہ جب تم جانور ذبح کر چکو تو اب تم حجامت بناؤ۔ غسل کرو۔ کپڑے بدلو اور میل کچیل کو دور کرو۔

۳۵؎ اس سے مراد طوافِ زیارت ہے۔

۳۶؎ اس کی ترکیب کی کئی صورتیں ہیں۔ سب سے آسان اور واضح صورت ہے کہ یہ مفعول ہے فعل محذوف کا۔ تقدیرِ کلام یوں ہوگی۔ احفظ ذالک و ذالک اشارۃ الی ما سبق من الاحکام (مظہری) ترجمہ اسی کے مطابق کیا گیا ہے۔

۳۷؎ اللہ تعالیٰ کی محترم چیزوں کی جو تعظیم کرتا ہے اور انھیں مقررہ آداب و شرائط کے ساتھ بجا لاتا ہے تو اسے اللہ تعالیٰ اس کا اجر عطا فرمائے گا اور اس کی یہ مشقت اس کے لیے باعثِ خیر و برکت ہوگی۔

۳۸؎ کفار نے بہت سے جانوروں کو اپنے من گھڑت قانون سے حرام قرار دے دیا تھا۔ جیسے بحیرہ، سائبہ وغیرہ۔ مسلمانوں کو بتایا جا رہا ہے کہ یہ سب کفار کے من گھڑت مسئلے ہیں۔ حرام وہی جانور ہیں جن کا پہلے ذکر گزر چکا ہے۔ ان کے علاوہ سب حلال ہیں۔ تم انھیں مزے سے کھا سکتے ہو۔

۳۹؎ مسلمانوں کو حکم دیا جا رہا ہے کہ یہ بت جن کو مشرکین نے اپنا معبود بنایا ہوا ہے یہ تو سراسر نجاست اور غلاظت ہیں۔ ان سے دور بھاگو اور ہر قسم کی جھوٹی باتوں سے اجتناب کرو۔ کذب بیانی، جھوٹی شہادت، کسی کو اللہ تعالیٰ کا شریک کہنا، فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں کہنا یہ سب قول زور میں شامل ہیں۔

الزُّوْرِ ﴿٣٠﴾ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ

یکسو مائل ہوتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی طرف نہ شریک ٹھیراتے ہوئے اس کیساتھ ٤٠ اور جو شریک ٹھیراتا ہے اللہ تعالیٰ

فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ

کیساتھ ٤١ تو اس کی حالت ایسی ہے گویا وہ گرا ہو آسمان سے پس اُچک لیا ہو اُسے کسی پرندے نے یا پھینک دیا ہو اُسے ہوا نے

مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿٣١﴾ ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ

کسی دور جگہ میں۔ حقیقت یہ ہے اور جو ادب و احترام کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی نشانیوں کا تو یہ (احترام) اس وجہ سے

تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿٣٢﴾ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ

ہے کہ دلوں میں تقویٰ ہے ٤٢ تمہارے لیے مویشیوں میں طرح طرح کے فائدے ہیں ٤٣ ایک معین مدت تک پھر

٤٠ شرک سے منہ موڑ کر کمال یکسوئی سے اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو جاؤ۔ کسی کو اس کا شریک نہ بناؤ نہ ذات میں اور نہ صفات میں۔ اس کی ذات واجب الوجود ہے۔ اس کی صفات قدیم اور ذاتی ہیں۔ باقی جہاں کہیں بھی کوئی خوبی یا کمال ہے کسی کا اپنا نہیں سب اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ کا عطا فرمایا ہوا ہے۔ وجود، علم، اختیار، سمع و بصر، غرضیکہ جو کچھ اور جتنا کچھ کسی کے پاس ہے وہ بخشش خداوندی ہے جب اس کے سوا ہر چیز اپنی تمام صفات کمال حتیٰ کہ اپنے وجود میں بھی اللہ تعالیٰ کی محتاج ہے تو وہ اس کی شریک کیسے ہو سکتی ہے۔ ان سراپا احتیاج اشیاء کو خدا سمجھنا سب سے بڑی حماقت اور نادانی ہے۔

٤١ جو بدبخت کسی کو کسی حیثیت سے خدا کا شریک ٹھیراتا ہے وہ تباہ و برباد ہو کر رہیگا۔ اس کی مثال یوں سمجھو گویا اسکو آسمان کی بے اندازہ بلندی سے نیچے پھینک دیا گیا ہو کیا ایسے شخص کے بچنے کا کوئی امکان ہے ہرگز نہیں۔ یا تو کوئی شکاری پرندہ اسے ہوا ہی میں دبوچ کر اس کو اپنا نوالہ بنا لے گا ورنہ اتنی بلندی سے جب زمین پر گرے گا تو اس کی ہڈیاں چورچور ہو جائینگی۔ اور اس کا گوشت ریزہ ریزہ ہو جائے گا۔ دونوں صورتوں میں اس کی ہلاکت یقینی ہے۔ (العیاذ باللہ)

٤٢ امام ابن جریر لفظ شعائر کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یہ شعیرۃ بروزن فعیلۃ کی جمع ہے۔ اس کا معنی ہے وہ علامت جس سے کسی چیز کی پہچان ہو سکے۔ وشعائرہ التی جعلہا امارات بین الحق والباطل یعنی جن چیزوں سے حق اور باطل کی شناخت ہو سکے ان کو شعائر اللہ کہتے ہیں۔

قرآن کریم میں صفا و مروہ کی پہاڑیوں، قربانی کے جانور، ان کو اللہ تعالیٰ کے نشان کہا گیا ہے اور ان کی تعظیم و تکریم کا حکم دیا گیا ہے۔ جب یہ چیزیں شعائر اللہ ہیں تو مدینہ طیبہ اور اس کے گلی کوچے، اولیائے کرام اور ان کے آثار اور

مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿٣٣﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا

ان کے ذبح کرنے کا مقام ٣٤ بیت عتیق کے قریب ہے ۔ اور ہر امت کے لیے ہم نے مقرر فرمائی ہے ایک قربانی ٣٥ تاکہ

انکے مزارات پرانوار کیوں شعائر اللہ میں شامل نہیں۔ شرک کی مذمت کے بعد شعائر اللہ کی تعظیم و تکریم کا حکم دیا جا رہا ہے اور اس کو دل کے تقویٰ کی علامت قرار دیا جا رہا ہے اس سے معلوم ہوا کہ محبوبان الٰہی اور ان کے آثار کی تعظیم و احترام شرک نہیں تاکہ قبیح اور مذموم ہو جس طرح آجکل بعض لوگ خیال کرتے ہیں بلکہ جذبۂ خدا ترسی کی نشانی ہے اور اللہ تعالیٰ سے دل لگاؤ کی دلیل ہے کیونکہ جس سے محبت ہوتی ہے اس کا جس چیز سے تعلق ہوتا ہے وہ بھی پیاری لگتی ہے ۔ عبادت اور تعظیم میں فرق نہ کرنا اور تعظیم کو عبادت شمار کرنا اور اسے شرک کہنا قرآن فہمی کا کوئی اچھا مظاہرہ نہیں ہے ۔

٣٣ یہ مویشی جو ہم نے پیدا کیے ہیں ان سے تم کئی طرح کے فائدے حاصل کرتے ہو ان پر سوار ہوتے ہو ان کا گوشت کھاتے ہو، ان کا دودھ پیتے ہو۔ ان کی اون اور کھال سے نفع اٹھاتے ہو اور اس کی تمہیں اجازت ہے لیکن ان سے ان فوائد کا حصول ایک مقررہ حد تک درست ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ جب تم ان کو حرم شریف میں قربانی دینے کے لیے متعین کر دو اسکے بعد تم ان سے یہ منافع حاصل نہیں کر سکتے البتہ شدتِ ضرورت کے پیش نظر جبکہ اس کے بغیر کوئی چارہ نہ ہو تو پھر ان سے استفادہ کی اجازت ہے۔ قال ابو حنيفة لا يجوز ركوبها ولا الحمل عليها ولا شرب لبنها الا لضرورة ۔ امام صاحب نے فرمایا کہ قربانی کے جانوروں پر سوار ہونا۔ بوجھ لادنا اور ان کا دودھ پینا بجز شدِ ضرورت کے جائز نہیں ۔ (مظہری)

٣٤ محلها ۔ منحرها ۔ ان کے ذبح کرنے کی جگہ الی البیت العتیق کائن کے ساتھ متعلق ہو کر محلھا کا حال ہے یعنی جو جانور تم حج کے موقع پر بطور ہدی اپنے ہمراہ لے آؤ ان کو ذبح کرنے کی جگہ حرم شریف ہے ۔

ف٣٥ اے امتِ محمدیہ جانوروں کی قربانی کا حکم صرف تمہیں ہی نہیں دیا گیا بلکہ تم سے پہلے جتنی ہدایت یافتہ امتیں گزری ہیں۔ ان سب کو یہ حکم دیا گیا تھا۔ منسک کا معنی مجاہد نے یہ کیا ہے الذبح واراقة الدم ۔ ذبح کرنا اور خون بہانا ۔ جب کوئی شخص ذبح کرتا ہے تو کہا جاتا ہے۔ نَسَكَ يَنْسُكُ نَسْكًا ۔ اور جو جانور ذبح کیا جائے اس کو نسیکہ کہتے ہیں۔ اس کی جمع نُسُكٌ ہے۔ اس ارشاد ربانی سے ان لوگوں کی غلطی بھی آشکارا ہو گئی جو حج کے موقعہ پر منیٰ میں قربانی دینے کے تو قائل ہیں لیکن عیدالاضحیٰ کے موقع پر تمام مسلمان جو قربانیاں دیتے ہیں اس کو اسراف اور اضاعت مال کہتے ہیں۔ حالانکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے مدینہ طیبہ کے دس سالہ قیام میں ہر سال مدینہ طیبہ میں قربانی دی، اور صحابہ کرام کو قربانی دینے کا حکم دیا اور اس کے احکام سے آگاہ کیا اور آج تک امتِ مسلمہ کا ہر جگہ اور ہر زمانہ میں اس پر عمل رہا ہے ۔

اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ؕ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ

وہ ذکر کریں اللہ تعالیٰ کا اسم (پاک) ان بے زبان جانوروں پر ذبح کے وقت جو اللہ تعالیٰ نے انہیں عطا فرمائے ہیں ٤٦ پس تمہارا خدا خدائے

وَّاحِدٌ فَلَهٗۤ اَسْلِمُوْا ؕ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ۙ﴿٣٤﴾ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ

واحد ہے تو اسی کے آگے سر جھکا دو ٤٧ اور (اے محبوب) مژدہ سنا دیجئے تواضع کرنے والوں کو ٤٨ وہ لوگ جب اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا

وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَاۤ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي

جاتا ہے تو ان کے دل ڈرنے لگتے ہیں اور جو صبر کرنے والے ہیں ان (مصائب و آلام) پر جو پہنچتے ہیں انہیں اور جو صحیح ادا کرنے والے

الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿٣٥﴾ وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ

ہیں نماز کو اور ان چیزوں سے جو ہم نے انہیں عطا فرمائی ہیں وہ خرچ کرتے ہیں اور قربانی کے فربہ جانوروں ٤٩ کو ہم نے بنایا ہے

٤٦ اور قربانی دینے کا مقصد یہ ہے کہ جب تم مویشیوں کو ذبح کرو تو ذبح کرتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لو۔ بھیمۃ کہتے ہیں بے زبان کو اور بھیمۃ الانعام کی قید اس لیے لگادی کہ وہ جانور نکل جائیں جو بھیمہ (بے زبان) تو ہیں لیکن انعام نہیں جیسے گھوڑے، خچر، گدھے وغیرہ۔

٤٧ قوانین شریعت میں باہمی اختلاف کے باوجود ہر امت اس عقیدہ میں یکدل اور یک زبان ہے کہ لا الٰہ الا اللہ۔ اس لیے اس کے پیدا کیے ہوئے جانور جب ذبح کرنے لگو تو صرف اسی کا نام پاک لے کر ذبح کرو اور اللہ تعالیٰ کے احکام کے سامنے اپنی گردنیں جھکا دو۔

٤٨ پست اور نشیبی زمین کو عربی میں الخبت کہتے ہیں۔ الخبت ما انخفض من الارض۔ مخبت سے مراد وہ مومن ہے جو متواضع اور منکسر المزاج ہو، غرور و تکبر کی اُسے ہوا تک نہ لگی ہو۔ قرآنی اصطلاح میں مخبت کا جو مفہوم ہے اس کی وضاحت اگلی آیت میں کردی گئی ہے اور جو لوگ ان صفات حسنہ سے متصف ہیں ان کو خوشخبری سنانے کا حکم دیا جا رہا ہے۔

٤٩ اس آیت میں چند الفاظ تشریح طلب ہیں۔ بُدْن و بُدُنٌ جمع ہے اور اس کا واحد بَدَنَةٌ ہے جس طرح ثُمْرٌ و ثُمُرٌ جمع ہے اور اس کا واحد ثَمَرَةٌ ہے۔ یہ بدانۃ سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے موٹا تازہ ہونا۔ البدانۃ السمن۔ اس کا اطلاق صرف اونٹ پر ہوتا ہے یا گائے پر بھی۔ اس میں علماء کا اختلاف ہے۔ امام شافعیؒ کے نزدیک اس کا مصداق صرف اونٹ ہیں اور حضرت امام صاحبؒ کے نزدیک اونٹ اور گائے دونوں پر اس کا اطلاق ہوتا رہتا ہے۔ یہاں ذبح کا جو طریقہ بیان ہو رہا ہے وہ اونٹ کے ساتھ مخصوص ہے اس لیے یہاں بُدْن سے مراد صرف اونٹ ہیں۔ صوآف۔ صاحب قاموس اس کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ وہ اونٹ جس کا بایاں ہاتھ باندھ دیا جائے اور وہ اپنے دونوں پاؤں اور دائیں

مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ

تمھارے لیے اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے تمھارے لیے ان میں بھلائی ہے پس لو اللہ تعالیٰ کا نام ان پر اس حال میں کہ ان کا ایک پاؤں

فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۚ

بندھا ہوا اور تین پر کھڑے ہوں۔ پس جب وہ گر پڑیں کسی پہلو پر تو خود بھی کھاؤ اس سے نیز کھلاؤ قناعت کرنے والے فقیر کو اور بھیک مانگنے

كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٣٦﴾ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا

والے کو۔ اس طرح ہم نے فرمانبردار بنا دیا ان جانوروں کو تمھارے لیے تاکہ تم (اس احسان کا) شکریہ ادا کرو ﴿٣٦﴾ نہیں پہنچتے اللہ تعالیٰ کو ان کے گوشت

ہاتھ کے سہارے کھڑا ہو اس کو صواف کہتے ہیں۔ حضور نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اونٹ ذبح (نحر) کرنے کا یہی طریقہ منقول ہے کہ اونٹ کو اس طرح کھڑا کر کے اس کے حلقوم میں زور سے تیز نیزہ مارا جاتا ہے جس سے خون کا فوارہ بہہ نکلتا ہے۔ وجبت۔ اس کا معنی گرنا۔ جب سورج غروب ہو جائے تو عرب کہتے ہیں وجبت الشمس۔ جب دیوار گر پڑے تو کہتے ہیں وجب الحائط۔ (قرطبی)

القانع: الجالس فی بیتہ المتعفف یقنع بما یعطی و لا یسأل۔ وہ فقیر جو گھر میں بیٹھا رہے اور کسی کے آگے دستِ سوال دراز نہ کرے۔ المعتر الذی یسأل۔ وہ فقیر جو بھیک مانگے الفاظ کی تشریح کے بعد اب آیت کے مفہوم کی طرف توجہ فرمائیے۔

قربانی کے یہ گرانڈیل جانور اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے بعض نشانیاں ہیں۔ ان میں تمھارے لیے دینی اور دنیوی فائدے ہیں۔ اونٹوں کو جب ذبح (نحر) کرنے لگو تو ان کو اس طرح کھڑا کرو اور پھر ان پر اللہ تعالیٰ کا نام لو۔ نحر کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام یہ کلمات پڑھا کرتے تھے۔ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ عَلٰی مِلَّةِ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔ اور بعض احادیث میں صرف اتنے الفاظ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ۔ اور جب تم انھیں ذبح کر چکو اور روح نکل جائے اور وہ ٹھنڈے ہو جائیں تو پھر تمھیں اجازت ہے کہ ان کا گوشت پکا کر تم خود بھی کھاؤ اور ان مسکینوں کو بھی کھلاؤ جو قناعت کی چادر اوڑھے اپنے گھروں میں بیٹھے ہیں۔ نہ کسی سے اپنا حال کہتے ہیں اور نہ کسی کے سامنے ہاتھ پھیلاتے ہیں نیز ان سائلوں کو بھی دو جو تمھارے پاس آکر مانگتے ہیں۔

ذرا غور کرو جب تم ذبح کرنے لگتے ہو تو یہ جانور خاموش کھڑے رہتے ہیں۔ اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں کہ تم ان کی گردن

وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ

اور نہ ان کے خون ۸۱؎ البتہ پہنچتا ہے اس کے حضور تک تقویٰ تمہاری طرف سے یوں اس نے فرمانبردار بنا دیا ہے

لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ؕ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ

انھیں تمہارے لیے تاکہ تم بڑائی بیان کرو اللہ تعالیٰ کی اس نعمت پر کہ اس نے تم کو ہدایت دی۔ اور (اے حبیب!) خوشخبری دیجئے احسان کرنے والوں کو بیشک

يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۸﴾ ع ۵ ۱۲

اللہ تعالیٰ حفاظت فرماتا ہے اہل ایمان کی (کفار کے مکروفریب سے) ۸۲؎ بیشک اللہ تعالیٰ دوست نہیں رکھتا کسی دغا باز احسان فراموش کو۔

چھری چلانے والے ہو یا نیزے سے انکے حلقوم کو پھاڑنے والے ہو لیکن وہ بھاگ نہیں جاتے تم پر حملہ نہیں کر دیتے کس کی قدرت نے انھیں تمہارا مطیع کر دیا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہے ورنہ اونٹ جیسا قوی اور سرکش جانور تم کو اپنی چھاتی کے نیچے دبا کر مسل دے یا گائے اپنا سینگ تمہارے پیٹ میں گھونپ دے تو تم کیا کر سکتے ہو۔ ان انعامات الٰہیہ سے تمھیں سرفراز کرنے کا مدعا یہ ہے کہ تم اس کے شکر گزار بندے بن جاؤ۔

۸۱؎ کفار جب قربانی کے جانور ذبح کرتے تو ان کا خون کعبے کی دیواروں پر مل دیتے اور گوشت اپنے بتوں کے پاس لا کر رکھ دیتے اور خیال کرتے کہ جب تک ایسا نہ کیا جائے ہماری قربانی مقبول نہیں ہوتی۔ اس آیت میں مسلمانوں کو یہ بتا دیا گیا کہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے قربانی کے جانوروں کے گوشت اور خون کی ضرورت نہیں کہ تم اسے اٹھاؤ اور کعبہ کی دیواروں پر مل کر انھیں آلودہ کرو اس کی جناب میں تو تمہارا اخلاص اور تقویٰ شرف قبولیت حاصل کریگا۔ تمہارے دل میں جتنا خلوص زیادہ ہوگا تمہارے عمل پر تقویٰ کا رنگ جتنا زیادہ ہوگا اتنی ہی اس کی مقبولیت زیادہ ہوگی۔

۸۲؎ امام راغب اصفہانی یدافع کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اگر دفع کا صلہ الیٰ ہوگا تو اس کا معنی کسی کو کوئی چیز دینا ہوگا جس طرح ارشاد باری ہے "فادفعوا الیہم اموالہم" یعنی ان کو ان کے مال دے دو اور اگر اس کا صلہ "عن" ہوگا تو اس میں حمایت اور نصرت کا مفہوم پایا جائے گا واذا عُدّی بعن اقتضی معنی الحمایۃ۔ نحو۔ ان اللہ یدافع عن الذین امنوا المنجد میں ہے دافع عنہ حام عنہ وانتصرلہ۔

یہاں کیونکہ صلہ "عن" ہے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ کفار کے مقابلہ میں جب اہل ایمان سینہ سپر ہوں گے تو اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت ان کے شامل حال ہوگی اور ان کا دفاع کرے گی۔

اس میں جہاں اہل ایمان کے لیے یہ بشارت ہے کہ تم دشمن کی قوت اور وسائل سے ہراساں مت ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ تمہارا ناصر اور نگہبان ہے۔ وہاں اس امر کی طرف بھی متوجہ کیا جا رہا ہے کہ تمھیں خود معرکہ حق و باطل میں شریک ہونا پڑیگا تب

# اُذِنَ لِلَّذِیْنَ یُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ

اذن دے دیا گیا ہے (جہاد کا) ۵۳ ان (مظلوموں) کو جن سے جنگ کی جاتی ہے اس بنا پر کہ ان پر ظلم کیا گیا اور بے شک اللہ تعالیٰ ان کی امداد پر ۵۴ پوری

تم نصرت و مدد ہی کے مستحق ہو گے ایسا نہیں کہ تم گھروں میں آرام سے بیٹھے رہو اور خود بخود ہی معرکے سر ہوتے رہیں اور حق کا بول بالا ہوتا رہے۔

۵۳ حضور کریم نے صفا کی پہاڑی پر کھڑے ہو کر جب مشرکین مکہ کو توحید کی دعوت دی تو ان کی آتش غضب بھڑک اٹھی۔ مخالفت کا طوفان برپا ہو گیا۔ وہی زبانیں جو صادق و امین کہتے کہتے نہ تھکتی تھیں اب شاعر، مجنوں اور مفتری جیسے نازیبا الزام لگانے میں بیباک ہو گئیں۔ جو شخص اسلام قبول کرتا اس پر بھی مظالم کی انتہا کر دی جاتی۔ صرف بلال کو ہی دہکتے ہوئے انگاروں پر لٹایا نہیں جاتا تھا۔ عمار یاسر اور ان کی اہلیہ سمیہ کو بھی بے رحمی سے مار مار کر گھائل نہیں کیا جاتا تھا۔ ان کے جور و جفا کے تیر فقط نادار اور بے یار و مددگار لوگوں کے سینوں کو ہی چھلنی نہیں کیا کرتے تھے بلکہ معزز اور متمول خاندانوں کے چشم و چراغ بھی اگر اسلام قبول کرتے تو وہ بھی ان کے ظلم و تعدی سے محفوظ نہ رہتے۔ حضرت عثمان کو آپ کا چچا چمڑے میں کس کر باندھ دیتا اور چلچلاتی دھوپ میں پھینک دیتا۔ دھوپ، پسینہ اور تعفن کے مارے جان نکلنے لگتی۔ حضرت ابوبکر کو ایک دفعہ اتنی زد و کوب کی گئی کہ آپ لہولہان ہو گئے اور پہروں بے ہوش پڑے رہے۔ جسمانی اذیت رسانیوں کے علاوہ بات بات پر مذاق، ہر آیت پر اعتراض، ہر حکم شریعت پر آوازے کسے جاتے۔ غرضیکہ کفر کے ترکش جور و جفا میں جتنے تیر تھے سب چلائے گئے۔ باطل کے اسلحہ خانہ میں جس جس قسم کا اسلحہ تھا سب ہی آزمایا گیا۔ ان دل آزاریوں، ستم شعاریوں اور مجروح دلوں پر نمک پاشیوں کا سلسلہ سال دو سال نہیں پورے تیرہ سال شدت سے جاری رہا۔ اس کے باوجود مظلوموں کو ہاتھ اٹھانے کی اجازت نہ تھی انہیں ان کے رب کا یہ حکم تھا کہ صبر اور ضبط سے کام لیں اور کسی طرح کی جوابی یا انتقامی کارروائی نہ کریں۔ نبوت کے تیرھویں سال ہجرت کی اجازت ملی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کرام مکہ سے شمال میں تین سو میل دور یثرب نامی ایک بستی میں جمع ہو گئے لیکن کفار مکہ کی آتش غضب اب بھی سرد نہ ہوئی۔ یہاں بھی مسلمانوں کو چین کا سانس نہ لینے دیا۔ دس دس بیس بیس کافروں کے جتھے آتے۔ مدینہ طیبہ کی چراگاہوں میں اگر کسی مسلمان کے مویشی چر رہے ہوتے تو انہیں لے اڑتے۔ کوئی اکا دکا مسلمان مل جاتا تو اسے بھی قتل کرنے سے باز نہ آتے۔

چودہ پندرہ سال تک صبر و ضبط سے مظالم برداشت کرنے والوں کو آج اجازت دی جا رہی ہے کہ تم اپنی مدافعت کے لیے تلوار اٹھا سکتے ہو۔ کفر کے ظلم کی انتہا ہو گئی ہے۔ باطل کی جفاکیشیاں حد سے بڑھ گئی ہیں۔ اب اٹھو ان سرکشوں اور نشہ پندار سے مدہوش کافروں کو بتا دو کہ اسلام کا چراغ اس لیے روشن نہیں ہوا کہ تم پھونکیں مار کر اسے بجھا دو۔ حق کا پرچم اس لیے بلند نہیں ہوا کہ تم جھکا دو یا گرا دو۔ یہ چراغ اس وقت تک فروزاں رہے گا جب تک چرخ نیلوفری پر مہر و ماہ چمک رہے ہیں۔ یہ پرچم اس وقت تک لہراتا رہے گا جب تک نظام کائنات موجود ہے۔ ان حالات میں اور ان مقاصد کے لیے جہاد کی اجازت ملی۔ اب بھی اگر کوئی کوتاہ نظر اسلام کے جہاد کو دوسری قوموں کی خونریزیوں اور قتل و غارت کا مترادف قرار دے تو یہ اس کی اپنی نادانی کی دلیل ہے۔

۵۴ بتا دیا گیا کہ اگرچہ تعداد میں اب بھی تم کفار کے مقابلے میں تھوڑے ہو۔ اسباب و وسائل کے لحاظ سے بھی تمہیں ان سے کوئی نسبت نہیں لیکن فکر و اندیشہ کی کوئی ضرورت نہیں۔ اللہ تعالیٰ کی نصرت تمہارے شامل حال ہے۔ دنیا کی کوئی قوت تمہیں

لَقَدِيرٌ ۝۳۹ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّا أَنْ يَقُولُوا

طرح قادر ہے۔ وہ (مظلوم) جن کو نکال دیا گیا تھا ان کے گھروں سے ناحق ۷۵ صرف اتنی بات پر کہ انھوں نے

رَبُّنَا اللَّهُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ

کہا کہ ہمارا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے۔ اور اگر اللہ تعالیٰ بچاؤ نہ کرتا لوگوں کا ۷۶ انھیں ایک دوسرے سے ٹکرا کر تو (طاقتور کی غارتگری سے)

صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَاتٌ وَمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا اسْمُ اللَّهِ كَثِيرًا

منہدم ہو جاتیں خانقاہیں اور گرجے اور کلیسے اور مسجدیں جن میں اللہ تعالیٰ کے نام کا ذکر کثرت سے کیا جاتا ہے۔

شا نہیں سکتی۔ یہ ارشاد کتنا حوصلہ افزا ہے۔ یہ سن کر مسلمانوں کے دلوں میں اپنی کمزوری اور بے سروسامانی کا احساس ختم ہو کر رہ گیا ہوگا۔ ان کے جذبہ جاں نثاری کو نئی زندگی اور نیا ولولہ نصیب ہوا ہوگا اور سچ تو یہ ہے کہ آج بھی مومن کے پاس سب سے بڑا سہارا یہی وعدہ ہے۔ ؎

کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسہ ۔۔۔۔ مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی

۷۵ مظالم کی طویل فہرست سے ایک ظلم کا ذکر فرما دیا کہ انھیں بلاوجہ اُن کے گھروں سے نکال دیا گیا۔ یہ چور نہ تھے کسی کے قتل ناحق کا ان پر الزام نہ تھا۔ ان کا دامنِ عفت کسی گناہ سے داغدار نہ تھا۔ ہاں ان کا ایک جرم تھا ان کا ایک قصور تھا جس کی انھیں یہ سزا دی گئی کہ وہ یہ کہا کرتے ربنا اللہ کہ اللہ تعالیٰ ہمارا پروردگار ہے۔ اس کے بغیر ہم کسی لات و منات کو اپنا معبود ماننے کے لیے تیار نہیں۔

۷۶ ربانی سیاست کا ایک عالمی اصول بیان فرمایا جا رہا ہے کہ طاقت کا توازن برقرار رکھنے میں ہی تمام بنی نوع انسان کا بھلا ہے اگر قوت و طاقت ایک قوم کے ہاتھ میں دے دی جائے تو دنیا کے امن و سلامتی کا جنازہ نکل جائے۔ طاقتور ہاتھ کمزور لوگ بے بس قوموں پر بے دریغ ظلم ڈھاتا رہے گا۔ اور اسے کوئی روکنے والا بھی نہیں ہوگا۔ ان کے شہر اور بستیاں کھنڈر بنا دیے جائیں گے۔ ان کے باغ اور کھیت اجاڑ دیے جائیں گے۔ ان کی عصمتیں اور آبروئیں پامال کی جاتی رہیں گی اور کوئی اُف تک نہ کر سکے گا۔ صرف یہی نہیں بلکہ لوگوں کے مذہبی عبادت خانے جو ان کی عقیدت اور محبت کا مرکز ہیں ان کی اینٹ سے اینٹ بجا کر رکھ دی جائے گی اور کوئی دم نہیں مار سکے گا اس لیے حکمت خداوندی کو یہ گوارا نہیں کہ صرف ایک قوم کو دنیا بھر کی زمام اقتدار سونپ دی جائے بلکہ قدرت ہمیشہ طاقت کا توازن برقرار رکھنے کا اہتمام فرماتی رہی ہے اور فرما رہی ہے اگر مسلمانوں پر اب بھی خاموشی سے مظالم برداشت کرنے کی پابندی عائد رہے اور انھیں کفر کی للکار کا جواب دینے کی اجازت نہ ہو تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ طاقت کا توازن بگڑ جائے گا۔ کفر کی طاغوتی قوتیں حق کا نام و نشان بھی نہ چھوڑیں گی اس لیے مظلوم مسلمانوں کو اپنے دفاع کی اجازت

وقف منزل

وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِیٌّ عَزِیْزٌ ﴿٤٠﴾ اَلَّذِیْنَ

اور اللہ تعالیٰ ضرور مدد فرمائیگا اسکی جو اس (کے دین) کی مدد کریگا۔ ؏ یقیناً اللہ تعالیٰ قوت والا (اور) سب پر غالب ہے۔ وہ لوگ کہ اگر ہم

اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَ اَمَرُوْا

انھیں اقتدار بخشیں ؏ زمین میں تو وہ صحیح صحیح ادا کرتے ہیں نماز کو اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور حکم کرتے ہیں

دنیا بانی سیاست کے عالمی اصول کے عین مطابق ہے تاکہ وہ اپنے تحفظ کے ساتھ اسلام کے پرچم کو بھی بلند رکھیں تاکہ اس کے سایۂ عاطفت میں جتنی قومیں بھی پناہ لیں۔ سب کی جان' مال اور آبرو اور ان کے مذہبی عبادت خانوں کا تحفظ کیا جا سکے۔ اس سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ اسلامی جہاد کے پیش نظر صرف مسلمانوں کا تحفظ ہی مقصود نہیں اور صرف مساجد کی آبادی ہی مطلوب نہیں بلکہ جو قوم اس کے دامن میں پناہ لے گی اسلامی حکومت سب کے تحفظ کی ذمہ دار ہوگی۔

صوامع۔ صومعۃ کا واحد ہے۔ تارک الدنیا راہبوں کی عبادت کے حجرے۔

بِیَعٌ۔ بِیْعَۃٌ کی جمع ہے۔ عیسائیوں کے گرجے۔

صلوات۔ یہودیوں کے عبادتخانے عبرانی زبان میں انھیں صَلُوْتَہٗ کہا جاتا ہے اور ممکن ہے اسی سے صلوات ماخوذ ہو

؏ اللہ تعالیٰ کی مدد کس کے شامل حال ہوتی ہے اس کا قاعدہ بیان فرما دیا جو اس کے نام کو بلند کرتا ہے جو اس کے دین کی اشاعت کرتا ہے جو شمع توحید کو ہاتھ میں لے کر طوفانوں آندھیوں سے الجھتا ہوا آگے بڑھتا جاتا ہے تاکہ دلوں کے ظلمت کدوں کو منور کرے۔ کفر و شرک کے اندھیروں نے جہاں صدیوں سے خیمے گاڑ رکھے ہیں وہاں حق کا اجالا ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت کے مستحق یہی عالی ظرف لوگ ہیں اللہ تعالیٰ کا یہ اٹل قانون ہے۔ پہلے بھی ایسا ہی ہوتا رہا اب بھی ایسا ہی ہو رہا ہے اور آئندہ بھی ایسا ہوتا رہے گا جس کے دل میں اس کے متعلق کوئی کھٹک ہو وہ آگے بڑھے اور خود تجربہ کر کے دیکھ لے ؎

عاشق کہ شد کہ یار بحالش نظر نہ کرد
اے خواجہ درد نیست وگرنہ طبیب ہست

؏ وہ کون لوگ ہیں جن کے تحفظ کا قدرت خود ذمہ لے رہی ہے اور جن کو اپنی نصرت کے مژدہ سے خورسند کیا جا رہا ہے؟ یہاں انہی کا تعارف کرایا جا رہا ہے کہ ان کی حکومت اور ان کا اقتدار منفرد نوعیت کا ہے۔ جب یہ مسند حکومت پر بیٹھتے ہیں تو اپنے رب کی یاد سے غافل نہیں ہوتے۔ جب ملک کے خزانوں کی کنجیاں انکے ہاتھ میں ہوتی ہیں تو وہ ان خزانوں کو اپنے ذاتی آرام و آسائش اور عیش و عشرت میں صرف نہیں کرتے۔ ان کے اقتدار کے جھنڈے کے نیچے بدکاری اور فسق و فجور پروان نہیں چڑھتا بلکہ زمام حکومت ہاتھ میں لینے کے باوجود ان کا سر نیاز اپنے پروردگار کے حضور میں انتہائی عجز و تذلل سے جھکا رہتا ہے۔ ان کی دولت غریبوں اور مسکینوں کی ضروریات کی کفیل ہوتی ہے۔ جہاں ان کے مبارک قدم پہنچتے ہیں وہاں نیکی اور تقویٰ کے چمنستان لہلہانے لگتے ہیں۔ غور فرمائیے اسلامی حکومت کی برکات کا کتنا واضح اور حسین بیان ہے۔ اسلامی زمانوں

بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿٤١﴾ وَاِنْ

(لوگوں کو) نیکی کا اور روکتے ہیں (انہیں) برائی سے۔ اور اللہ تعالیٰ کے لیے ہے سارے کاموں کا انجام۔ اور اگر یہ کفار

يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ﴿٤٢﴾ وَ

آپ کو جھٹلاتے ہیں (تو کیا تعجب ہے) پس جھٹلایا تھا ان سے پہلے ۵۹ قوم نوح نے اور عاد و ثمود نے۔ اور

قَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿٤٣﴾ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى

قوم ابراہیم نے اور قوم لوط نے اور مدین کے رہنے والوں نے (اپنے اپنے نبیوں کو) اور جھٹلائے گئے موسیٰ

فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿٤٤﴾ فَكَاَيِّنْ

بھی۔ تو (کچھ عرصہ) میں نے مہلت دی ان کفار کو (جب وہ باز نہ آئے) تو میں نے انھیں پکڑا۔ (خود ہی بتاؤ) کتنا خوفناک تھا میرا عذاب۔ ایس

مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا

کتنی بستیاں ہیں ۶۰ جنھیں ہم نے تہ و بالا کر ڈالا کیونکہ وہ ظالم تھیں تو اب وہ گری پڑی ہیں اپنی چھتوں پر

وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿٤٥﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

اور کتنے کنوئیں ہیں جو بیکار ہو چکے ہیں ۶۱ اور کتنے چونے سے بنے ہوئے مضبوط محل ہیں (جو ویران پڑے ہیں)۔ کیا انھوں نے سیر وسیاحت

کے فرائض کی کیسی جامع فہرست ہے اور ان کے لیے کتنا جامع دستور العمل ہے۔ ایسے جامع، واضح اور یقین و برکت سے بریز دستور العمل کی موجودگی میں اگر ہمارے سربراہوں کو کسی نئے دستور کی تلاش ہو تو یہ ان کی اپنی سمجھ کا قصور ہے۔ قرآن نازل کرنے والے نے بتانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔

۵۹ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو تسلی دے رہے ہیں۔

۶۰ یہ مبتدا ہے اور مرفوع ہے یا فعل محذوف کا مفعول ہونے کی وجہ سے منصوب ہے اور اھلکنا اس فعل کا مفسر ہے۔

۶۱ معطّل۔ بے کار، بے مصرف۔ وہ کنواں جہاں سے لوگوں نے پانی بھرنا بند کر دیا ہو۔ مشید۔ وہ عمارت جو چونے سے چنی گئی ہو اور چونے سے پلستر کی گئی ہو۔ اس سے مراد ہے مضبوط اور شاندار ای مجصص من الشید وھو الجص۔ (مظہری)

فَتَكُونَ لَهُمْ قُلُوبٌ يَعْقِلُونَ بِهَا أَوْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا ۖ

نہیں کی زمین میں تاکہ (وہاں کھنڈرات کو دیکھ کر) انکے دل ایسے ہو جاتے جن سے وہ (حق کو) سمجھ سکتے اور کان ایسے ہو جاتے جن سے یہ نصیحت

فَإِنَّهَا لَا تَعْمَى الْأَبْصَارُ وَلَٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوبُ الَّتِي فِي

سن سکتے حقیقت تو یہ ہے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ وہ دل اندھے ہو جاتے ہیں جو سینوں میں

الصُّدُورِ ﴿۴۶﴾ وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُخْلِفَ اللَّهُ وَعْدَهُ ۚ

ہوتے ہیں ۶۲ یہ لوگ جلدی مانگ رہے ہیں آپ سے عذاب۔ (یہ تسلی رکھیں) اللہ تعالیٰ خلاف ورزی نہیں کریگا

وَإِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِمَّا تَعُدُّونَ ﴿۴۷﴾ وَكَأَيِّنْ

اپنے وعدہ کی۔ اور بیشک ایک دن تیرے رب کے ہاں ۶۳ ایک ہزار سال کی طرح ہوتا ہے جس حساب سے تم گنتی کرتے ہو۔ اور کتنی

مِنْ قَرْيَةٍ أَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ أَخَذْتُهَا وَإِلَيَّ

بستیاں تھیں ۶۴ جنھیں میں نے کافی عرصہ ڈھیل دی حالانکہ وہ ظالم تھیں پھر (بھی جب وہ باز نہ آئے) تو میں نے انھیں

الْمَصِيرُ ﴿۴۸﴾ قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا أَنَا لَكُمْ نَذِيرٌ مُبِينٌ ﴿۴۹﴾

پکڑ لیا اور میری طرف ہی (سب کو) لوٹنا ہے (اے حبیب!) آپ فرما دیجیے اے لوگو! بس میں تو تمھیں (عذاب الٰہی سے) کھلا ڈرانے والا ہوں۔

منزل ۴

۶۲ کتنی بڑی حقیقت کا اظہار ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے۔ شرّ العمیٰ عمی القلب۔ دل کا اندھا ہونا سب سے بُرا اندھاپن ہے۔

۶۳ جو قوم بدکاریوں سے باز نہیں آتی۔ اسے ان کے انجام سے ضرور دو چار ہونا پڑتا ہے لیکن اعمال کی کھیتی ایسی نہیں کہ صبح بوئی اور شام کو کاٹ لی۔ اس کے لیے مناسب عرصہ درکار ہوتا ہے۔ قومیں اپنے عروج و زوال کی منزلیں دنوں اور مہینوں میں طے نہیں کیا کرتیں بلکہ اس کے لیے صدہا سال درکار ہوتے ہیں۔ ہزار سال کی مدت اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک دن کے برابر ہے اس لیے تمھارے خیال سے اگر نزول عذاب میں تاخیر ہو گئی ہے تو یہ رسول کی تکذیب نہ کرو کہ تمھیں مزید مہلت مل گئی ہے۔

۶۴ پہلے بھی بدکار قوموں پر فوراً عذاب نہیں اترا بلکہ انھیں طویل مہلت دی گئی تھی۔

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ

سو جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے تو ان کے لیے مغفرت بھی ہے اور باعزت رزق بھی۔

كَرِيْمٌ ﴿٥٠﴾ وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

اور جو لوگ کوشش کرتے رہے ہماری آیتوں (کی تردید) میں اس خیال سے کہ وہ ہمیں ہرا دیں گے یہی لوگ

الْجَحِيْمِ ﴿٥١﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ

دوزخی ہیں۔ اور نہیں بھیجا ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول ۵۲ اور نہ کوئی نبی مگر

۵۲ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو بتا رہے ہیں کہ آپ سے پہلے ہم نے جتنے رسول اور نبی مبعوث فرماتے ان کے ساتھ یہ معاملہ ہوا کہ جب انھوں نے ہماری آیتیں لوگوں کو پڑھ کر سنائیں تو شیطان نے ان لوگوں کے دلوں میں ان آیات کے بارے میں طرح طرح کے شکوک وشبہات پیدا کر دیے۔ بجائے اس کے کہ وہ ان آیات کو قبول کرتے انھوں نے ان کے خلاف محاذ قائم کر لیا اور اعتراضات کی بوچھاڑ شروع کر دی۔ یہ مفہوم متعدد دوسری آیتوں میں بھی بیان فرمایا گیا ہے "وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓـئِهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ" کہ شیطان اپنے چیلوں کے دلوں میں طرح طرح کے وسوسے ڈالتے ہیں تاکہ وہ تمہارے ساتھ بحث مباحثہ شروع کر دیں۔ دوسری آیت میں ہے وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا۔ یعنی اسی طرح ہم نے ہر نبی کے لیے سرکش انسانوں اور جنوں کو دشمن بنا دیا اور وہ لوگوں کو دھوکا دینے کے لیے ایسی باتیں سکھاتے ہیں جو بظاہر بڑی دلکش ہوتی ہیں۔

پہلے شیاطین جن وانس نے جو سلوک اپنے ہادیوں کے ساتھ کیا تھا بعینہٖ وہی رویہ مکہ کے مشرکین نے اختیار کیا۔ جب یہ آیت نازل ہوئی حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ (تم پر مردار حرام کیے گئے) تو مشرکین اسے لے اڑے اور اس پر یہ اعتراض جڑ دیا کہ دیکھو جی جسے خود مارتے ہیں اس کو تو حلال اور پاک کہہ رہے ہیں اور جسے خدا نے مارا وہ ان کے نزدیک حرام اور پلید ہے۔ جب سود کی حرمت کا حکم نازل ہوا تو ان کی زبانیں قینچی کی طرح چلنے لگیں کہ ذرا انصاف سے تو دیکھو کہ بیع تو ان کے لیے حلال ہے اور سود حرام۔ حالانکہ دونوں میں نفع ہے یہ کہاں کی عقلمندی ہے کہ دو ایک جیسی چیزوں میں سے ایک کو حرام اور دوسری کو حلال کر دیا جائے۔ اسی قسم کے متعدد واقعات ہیں جن کے متعلق شیطان ان کو بھڑکاتا اور وہ اسلام کے خلاف بڑے جوش وخروش سے پراپیگنڈا کی ایک نئی مہم کھڑی کر دیتے لیکن اللہ تعالیٰ اپنی حکمتِ کاملہ سے اور دلائل قاہرہ سے باطل کا پول کھول دیتا اور حق کی روشنی ہر طرف پھیل جاتی۔ آیت کا یہ مفہوم اتنا واضح اور دوسری آیات کے عین مطابق ہے کہ کسی قسم کا تذبذب باقی نہیں رہتا لیکن بعض کتابوں میں ایک روایت کے درج ہو جانے سے اس آیت

کا مطلب کچھ سے کچھ کر دیا گیا جس سے صرف اپنوں کے دلوں میں اضطراب کی لہر پیدا نہیں ہوئی بلکہ دشمنانِ اسلام کو قرآن، صاحبِ قرآن اور دینِ اسلام کی صداقت پر حملہ کرنے کے لیے ایک مہلک ہتھیار مل گیا۔ چاہیے تو یہ تھا کہ آیت کی اس واضح اور صاف تشریح پر ہی یہ فقیر اکتفا کرتا اور اس روایت کی طرف التفات کیے بغیر آگے بڑھ جاتا لیکن کیونکہ یہ روایت ہماری کتابوں میں راہ پا گئی ہے اور دشمنانِ اسلام نے اس سے فائدہ اٹھا کر اسلام کے خلاف طوفان برپا کر رکھا ہے اب اس سے تعرض نہ کرنا بھی ادائے فرض میں کوتاہی کے مترادف ہے۔ اس لیے بادلِ نخواستہ وہ روایت نقل کر رہا ہوں۔ اس کے بعد علماء محققین نے جس طرح اس کے پرخچے اڑائے ہیں ان کا بالاجمال ذکر کروں گا تاکہ کسی طالبِ حق کے لیے تردد و تذبذب کا کوئی امکان باقی نہ رہے واللّٰہ المستعان وعلیہ التکلان۔

کہا یہ گیا ہے کہ اس آیت کی شانِ نزول یہ ہے کہ ایک روز حرم شریف میں کفار و مشرکین کے ایک اجتماع میں حضور نے سورۂ نجم کی تلاوت فرمائی جب یہاں پہنچے۔ افرایتم اللات والعزی ومنوۃ الثالثۃ الاخری تو شیطان نے العیاذ باللّٰہ زبان پر یہ الفاظ جاری کر دیے تلك الغرانیق العلی وان شفاعتهن لترتجی یعنی یہ بت مرغانِ بلند پرواز ہیں اور ان کی شفاعت کی امید کی جا سکتی ہے۔ یہ سن کر مشرکین کی خوشی کی حد نہ رہی اور حضور پر نور کا اسم گرامی لے کر کہنے لگے کہ وہ اپنے پرانے دین کی طرف لوٹ آیا ہے آج اس کی اور ہماری عداوت ختم ہو گئی اور جب حضور نے سورۂ نجم کی سجدہ والی آیات پڑھیں تو حضور نے بھی سجدہ کیا اور مشرکین نے بھی سجدہ کیا۔ اس کے بعد جبرئیل آئے اور آپ کو کہا کہ میں نے آپ کو یہ سورت اس طرح وحی نہیں کی تھی جس طرح آپ نے پڑھی۔ یہ سن کر حضور کو از حد رنج و غم ہوا۔ اس رنج و غم کو دور کرنے کے لیے یہ آیت نازل ہوئی کہ آپ غم نہ کریں۔ پہلے بھی جتنے رسول اور نبی گزرے ہیں سب کے ساتھ ایسا ہوا ہے۔

ایک معمولی سمجھ بوجھ کا انسان جسے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مقام کا کچھ بھی علم ہے وہ تو اس روایت کو سنتے ہی کہہ دے گا کہ یہ جھوٹ کا پلندا ہے اور دشمنانِ اسلام کی سازش ہے لیکن آئیے علماء محققین کے ارشادات کی روشنی میں اس کا جائزہ لیں۔ سب سے پہلے میں علامہ ابن حیان غرناطی کے جواب کا خلاصہ پیش کرتا ہوں کیونکہ وہ جامع ہونے کے ساتھ مختصر بھی ہے۔ ابتدا میں انھوں نے اس آیت کا وہی مطلب بیان کیا ہے جو میں اوپر لکھ آیا ہوں۔ اس کے بعد فرماتے ہیں کہ اس آیت میں کوئی ایسی چیز مذکور نہیں جو رحمتِ عالمیان صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف منسوب کی جا سکے بلکہ اس میں صرف پہلے رسولوں اور نبیوں کا ذکر ہے اس لیے اس آیت سے یہ مقصد کرنا کہ حضور سے کوئی فعل سرزد ہوا اور اس کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی سرے سے ہی غلط ہے۔ ابن عطیہ، زمخشری اور چند دوسرے لوگوں نے اپنی تفسیروں میں جو روایت یہاں نقل کی ہے یہ بات تو ایک معمولی مسلمان سے بھی سرزد نہیں ہو سکتی، چہ جائیکہ اس کو اس ذاتِ پاک کی طرف منسوب کیا جائے جو ہر قسم کی غلطی اور خطا سے معصوم ہے۔ نیز اس روایت کے متعلق سیرت کے معتبر ترین سوانح نگار امام محمد بن اسحاق سے جب پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا هذا من وضع الزنادقة کہ یہ روایت بے دینوں کی گھڑی ہوئی ہے اور اس کے رد میں انھوں نے پوری ایک کتاب تصنیف فرمائی۔ امام بیہقی کہتے ہیں هذه القصة غير ثابتة من جهة النقل۔ یہ قصہ صحیح نقل سے ثابت ہی نہیں ہے اور جن راویوں نے اسے نقل کیا ہے سب مطعون ہیں۔ صحاح ستہ اور دیگر حدیث کی مشہور

کتابوں میں اس کا نام و نشان تک نہیں فوجب اطراحہ' اس لیے اس کو ردی چیز کی طرح پھینک دینا ضروری ہے ابن حیان فرماتے ہیں کہ اسی لیے میں نے اپنی تفسیر کو اس کے بیان سے آلودہ نہیں کیا مجھے ان لوگوں پر حیرت ہے کہ انھوں نے اپنی تالیفات میں اس واقعہ کو لکھنے کی کیسے جسارت کی حالانکہ قرآن کریم کی ان آیات کو وہ تلاوت کرتے ہیں اسی سورۃ والنجم کے آغاز میں ہے والنجم اذا ھوی ما ضل صاحبکم وما غوی وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی یعنی میرا محبوب نہ گمراہ ہوا نہ بھٹکا وہ تو اپنی خواہش سے بات بھی نہیں کرتا۔ وہ وہی بات کہتا ہے جو اس کی طرف وحی کی جاتی ہے۔ ان روشن آیات کی موجودگی میں یہ کیسے تصور کیا جا سکتا ہے کہ اسی سورۃ میں ایسے قبیح کلمات زبان پاک سے نکلے ہوں۔ دوسری جگہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو یہ اعلان کرنے کا حکم دیا قل ما یکون لی ان ابدلہ من تلقاء نفسی ان اتبع الا ما یوحی الی۔ یعنی آپ کہہ دیجیے کہ میری یہ مجال نہیں کہ میں اللہ تعالیٰ کے کلام میں اپنی مرضی سے رد و بدل کر دوں۔ میں تو صرف وحی کا اتباع کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے واضح الفاظ میں یہ اعلان کر دیا۔ ولو تقول علینا بعض الاقاویل لاخذنا منہ بالیمین ثم لقطعنا منہ الوتین۔ اور اگر وہ ہم پر ایک بات بھی اپنی طرف سے بنا کر کہتے تو ضرور ہم ان سے بقوت بدلہ لیتے۔ پھر ان کی رگ دل کاٹ دیتے۔ کیا اس ارشاد کے بعد اس چیز کا گمان بھی کیا جا سکتا ہے (ان کے علاوہ کئی اور آیات بھی انھوں نے پیش کی ہیں) پھر لکھتے ہیں یہ وہ قرآنی نصوص قطعیہ ہیں جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عصمت پر دلالت کرتی ہیں۔ پھر فرماتے ہیں عقلی طور پر بھی یہ روایت من گھڑت ہے کیونکہ اگر ایسا ہونا ممکن ہوتا تو تمام احکام، آیات اور سارا دین مشکوک ہو جاتا۔ (ملخصاً البحر المحیط)

امام فخر الدین رازی نے بھی زور و شور سے اس روایت کا رد کیا ہے لکھتے ہیں۔ اگرچہ سطحی قسم کے لوگوں نے اس روایت کو لکھا ہے لیکن علماء محققین کا اس کے متعلق یہ فیصلہ ہے ھذہ الروایۃ باطلۃ موضوعۃ یہ روایت جھوٹی ہے گھڑی ہوئی ہے اور واحتجوا علیہ بالقرآن والسنۃ والمعقول اور اس کے بطلان اور موضوع ہونے پر ان علماء نے قرآن سنت اور عقلی دلائل پیش کیے ہیں اور اس کے بعد امام موصوف نے مرقومہ بالا آیات ذکر کی ہیں اور امام محمد بن اسحاق کا قول نقل کیا ہے کہ یہ قصہ زندیقوں کا گھڑا ہوا ہے۔ عقلی دلائل پیش کرتے ہوئے رقمطراز ہیں جو شخص کہتا ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے بتوں کے بارے میں تعریفی کلمے کہے وہ کافر ہے۔ کیونکہ اس طرح تو حضور کی بعثت کا مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے نیز شریعت، قرآن اور دین اسلام کی کسی بات پر یقین نہیں رہتا۔ پھر فرماتے ہیں ان دلائل سے روز روشن کی طرح واضح ہو گیا ان ھذہ القصۃ موضوعۃ یہ قصہ موضوع ہے۔ اس کے حق میں زیادہ سے زیادہ یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ بعض مفسروں نے اسے لکھا ہے تو اس کا جواب یہ ہے خبر الواحد لا یعارض الدلائل النقلیۃ والعقلیۃ المتواترۃ کہ یہ خبر واحد ہے اور دلائل عقلیہ اور نقلیہ جو حد تواتر کو پہنچی ہوئی ہوں ان کے سامنے اس کی کوئی وقعت نہیں ہے۔

اس روایت کے ناقلین نے اس کی جو مختلف تاویلیں کی ہیں امام موصوف نے ان کی دھجیاں بکھیر کر رکھ دی ہیں اور فرمایا ہے کہ اس روایت کی کوئی تاویل درست نہیں۔ اس کا کوئی صحیح محمل اور مصداق تلاش نہیں کیا جا سکتا یہ روایت

اپنی تمام تاویلات احتمالات اور اختلاف الفاظ کے ساتھ مسترد کر دینے کے قابل ہے۔ فجزاہ اللہ عن الاسلام وعن المسلمین احسن الجزاء (تفسیر کبیر ملخص)

علامہ ابو عبد اللہ القرطبی نے بھی احکام القرآن میں اس روایت کی خوب تردید کی ہے اور مرہر سلسلہ روایت پر بحث کرنے کے بعد لکھتے ہیں فی ذلک روایات کثیرۃ کلھا باطل لا اصل لہ کہ سب کی سب باطل ہیں۔ ان کا کوئی ثبوت نہیں اور کیونکہ یہ روایت ضعیف ہے اس لیے اس کی تاویل کرنے کی بھی قطعاً کوئی ضرورت نہیں وضعف الحدیث مغنی عن کل تاویل۔ آخر میں فرماتے ہیں کہ اگر اس روایت کی کوئی سند صحیح بھی ثابت ہو جائے تو بھی وہ ضعیف اور ناقابل اعتبار ہوگی کیونکہ آیات قرآنی کے صراحۃً مخالف ہے اور اب تو یہ آیات قرآنی کے بھی خلاف ہے اور اس کی کوئی صحیح سند بھی نہیں ہے۔ ان حالات میں اہل نظر کے لیے یہ کب قابل التفات ہو سکتی ہے وھذا اضد مفھوم الآیۃ وھی تضعف الحدیث لو صح فکیف ولا صحۃ لہ۔ علامہ قرطبی نے قاضی عیاض کا یہ قول نقل کیا ہے:۔

ان الامۃ اجمعت فی ما طریقہ البلاغ انہ معصوم فیہ من الاضمار عن شیئ بخلاف ما ھو علیہ لا قصداً ولا عمداً ولا سھواً ولا غلطاً یعنی امت کا اس بات پر اجماع ہے کہ تبلیغ کلام الٰہی میں حضورؐ سے ہرگز غلطی نہیں ہو سکتی نہ قصداً نہ عمداً نہ سہواً اور نہ غلطاً۔ اس میں نبی ہر طرح معصوم ہیں۔

علامہ آلوسی نے دیگر اقوال کے ساتھ امام ابو منصور ماتریدی کا یہ قول بھی نقل کیا ہے:۔

وذکر الشیخ ابو المنصور الماتریدی فی کتاب "قصص الانبیاء" الصواب ان قولہ تلک الغرانیق العلی من جملۃ ایحاء الشیطان الی اولیاءہ من الزنادقۃ۔۔۔ وحضرۃ الرسالۃ بریئۃ من مثل ھذہ الروایۃ۔ (روح المعانی)

یعنی تلک الغرانیق العلیٰ والی بات۔ یہ ان باتوں میں سے ایک بات ہے جو شیطان اپنے زندیق پیرکاروں کے دلوں میں ڈالتا ہے تاکہ لوگوں کو اسلام سے برگشتہ کریں۔ جناب رسالتمآب اس قسم کی روایتوں سے مبرا اور منزہ ہیں۔ قاضی ابوبکر ابن العربی الاندلسی جب اس آیت کی تفسیر کرنے لگتے ہیں تو اس روایت کا ذکر کرکے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ غصہ سے ان کی آنکھوں میں خون اتر آیا ہے اور دل بے چین اور بے قرار ہو گیا ہے۔ اپنی سابقہ روش کے بالکل برعکس اس روایت کو باطل کرنے کے لیے ایک مستقل فصل لکھی ہے جس کا عنوان ہے۔ تنبیہ الغبی علی مقدار النبی اور لکھتے ہیں ونرجو بہ عند اللہ الجزاء الاوفی فی مقام الزلفی۔ کہ اس فصل کے لکھنے سے مجھے امید ہے کہ اللہ تعالےٰ اپنے مقام قرب میں مجھے عظیم جزا دے گا۔ تنگیٔ داماں کی شکایت نہ ہوتی تو آپ کی اس فصل کا پورا ترجمہ یہاں درج کرتا۔ اہل علم سے درخواست ہے کہ وہ ضرور اس فصل کا مطالعہ کریں۔

نیز یہ امر بھی غور طلب ہے کہ یہ آیت مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی اور سورۂ نجم کا نزول اور یہ قصہ جو گھڑا گیا ہے اس کا وقوع ہجرت سے پہلے کئی سال مکہ مکرمہ میں ہوا تو عجیب بات یہ ہے کہ حضورؐ کو نعوذ باللہ ایسا کرنے سے جو حزن وملال ہوا اس کو دور کرنے کے لیے اتنے عرصہ دراز تک کوئی آیت نازل نہ ہوئی اور کئی سالوں کے بعد اللہ تعالیٰ کو خیال آیا کہ اپنے رسول کو مطمئن کرے اور یہ آیت نازل کی۔ کیا ایسی بے تکی بات کوئی صاحب عقل سلیم تسلیم کر سکتا

اِذَا تَمَنّٰۤى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِیْۤ اُمْنِیَّتِهٖ ۚ فَیَنْسَخُ اللّٰهُ مَا یُلْقِی

اسکے ساتھ یہ ہوا کہ جب اس نے کچھ پڑھا تو ڈال دیئے شیطان نے اسکے پڑھنے میں شکوک، پس مٹا دیتا ہے اللہ تعالیٰ جو خلل اندازی

الشَّیْطٰنُ ثُمَّ یُحْكِمُ اللّٰهُ اٰیٰتِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ﴿۵۲﴾ لِّیَجْعَلَ

شیطان کرتا ہے ۶۶ پھر پختہ کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ اپنی آیتوں کو۔ اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا ابست دانا ہے۔ یہ سب

مَا یُلْقِی الشَّیْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّ الْقَاسِیَةِ

اس لیے تاکہ اللہ تعالیٰ بنا دے جو وسوسہ ڈالتا ہے شیطان ۶۷ ایک آزمائش ان لوگوں کیلیے جنکے دلوں میں بیماری ہے اور جن کے دل

قُلُوْبُهُمْ ؕ وَ اِنَّ الظّٰلِمِیْنَ لَفِیْ شِقَاقٍۭ بَعِیْدٍ ﴿۵۳﴾ وَّ لِیَعْلَمَ الَّذِیْنَ

بہت سخت ہیں۔ اور بیشک ظالم لوگ مخالفت میں بہت دور نکل جاتے ہیں۔ نیز اس میں یہ حکمت بھی ہے کہ جان لیں

ہے مزید براں یہ حدیث متواتر ہے کہ شیطان خواب میں بھی حضورؐ کی شکل میں کسی کو دکھائی نہیں دے سکتا تاکہ مسلمانوں کو حضورؐ کی شکل میں دھوکہ دے سکے تو اس کی کیا مجال کہ سر چشمہ ہدایت کو وہ گدلا سکے۔

«قد صح بل تواتر قوله صلى الله عليه وسلم من رآنی فی المنام فقد رآنی حقاً فان الشیطان لا یتمثل بی»۔

اصل واقعہ جو صحیحین اور دیگر کتب حدیث میں ہے۔ وہ صرف اتنا ہے کہ حضورؐ نے مجمع عام میں یہ سورۃ پڑھی اور اس میں آیت سجدہ آنے کی وجہ سے آخر میں سجدہ کیا تو تمام حاضرین جن میں کفار بھی تھے سب سجدہ میں گر پڑے اور ایسا ہونا عین ممکن ہے۔ کیونکہ کلام الٰہی ہو اور زبان حبیب کبریا اس کی تلاوت کر رہی ہو تو کیوں نہ کفار بے ساختہ سجدے میں گر پڑیں بس اتنی بات تھی جس کو زنادقہ کی وضع و تحریف نے کہاں سے کہاں پہنچا دیا الحمد للہ الذی جعلنا من امة رسوله المکرم و نبیه المعظم الذی عصمه من وساوس الشیطان و همزاته و جعله داعیاً الی الله و سراجاً منیراً۔

۶۶ آیات قرآنی یا احکام شرعی کے متعلق شیطان لوگوں کے دلوں میں جو وسوسہ اندازی کرتا ہے اللہ تعالیٰ اپنی حکمت سے اس کا ازالہ فرما دیتا ہے اور لوگوں کے دلوں کا یقین پھر تازہ ہو جاتا ہے۔

۶۷ یعنی آیات قرآنی کے متعلق شیطان کی وسوسہ اندازیوں سے وہی لوگ آزمائش میں مبتلا ہوتے ہیں جن کے دلوں میں کفر و نفاق کی بیماری ہوتی ہے اور جن کے قلب کی سنگلاخ زمین میں ہدایت کا پاکیزہ درخت اگ نہیں سکتا۔ ایسے ہی لوگ ان شبہات کے باعث خود بھی گمراہ ہوتے ہیں اور دوسروں کی گمراہی کا باعث بنتے ہیں۔ (العیاذ باللہ)

أُوتُوا الْعِلْمَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ

وہ لوگ جنھیں علم بخشا گیا ۵۸ کہ کتاب حق ہے آپکے رب کی طرف سے۔ تاکہ ایمان لائیں اسکے ساتھ اور جھک جائیں

قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٥٤﴾

اس کی سچائی کے آگے انکے دل اور بیشک اللہ تعالیٰ ہدایت دینے والا ہے ایمان والوں کو راہِ راست کی طرف۔

وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ

اور ہمیشہ شک میں مبتلا رہیں گے کفار ۵۹ اس کے بارے میں یہاں تک کہ آجائے ان پر قیامت

بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿٥٥﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ

اچانک یا آجائے ان پر عذاب منحوس دن کا۔ حکمرانی اس روز اللہ تعالیٰ کی ہی ہوگی۔

يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ۗ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ

۶۰ وہی فیصلہ فرمائے گا لوگوں کے درمیان۔ پس جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے تو وہ نعمت (واحسان)

۵۸ اہل علم و فہم ان وسوسوں کا شکار نہیں ہوتے آیاتِ ربانی میں ہدایت کا جو نور درخشاں ہوتا ہے اس سے ان کے دل روشن ہوجاتے ہیں۔ وہ سچے دل سے اس پر ایمان لاتے ہیں اور ان کا خضوع و خشوع اور زیادہ بڑھ جاتا ہے۔

۵۹ کفار ساری عمر شک و شبہ کے دلدل میں دھنسے رہیں گے اور آنکھیں اس وقت کھلیں گی جب عذابِ الٰہی آکر دبوچ لے گا یا قیامت آجائیگی عقیم اس کو کہتے ہیں جس کی اولاد نہ ہو۔ وہ دن جس کے بعد رات نہ آئے اور نہ اس کے بعد کوئی نیا دن طلوع ہو اس کو بھی اس لحاظ سے عقیم کہہ دیتے ہیں۔ جب کسی قوم پر تباہی نازل ہوتی ہے تو اس کی زندگی کا وہ ایسا دن ہوتا ہے جس کے بعد اس کے لیے گردشِ لیل و نہار کا سلسلہ منقطع ہوجاتا ہے۔ اس لیے اس کو بھی عقیم کہا گیا "وکان عقیما من کل خیر"۔ (قرطبی)

یوم عقیم سے مراد روزِ قیامت بھی لیا گیا ہے۔ قال ضحاک۔ عذاب یوم لا لیلۃ لہ وھو یوم القیامۃ۔

۶۰ بادشاہی اور حکمرانی تو آج بھی اللہ تعالیٰ کی ہے اس کے حکم کے بغیر کوئی پتا حرکت نہیں کرتا۔ کوئی ذرہ اپنی جگہ سے سرک نہیں سکتا لیکن آج کئی ایسے غلط اندیش اور مے پندار سے مست لوگ ہیں جو اپنی شاہی سلطانی کا دعویٰ کرتے ہیں لیکن قیامت کے روز سب جھوٹے شہنشاہوں کی زبانیں گنگ ہوجائیں گی ہونٹ سل جائینگے دل خوف کی شدت سے ڈوب رہے ہونگے سب آشکارا ہوجائیگا کہ سارے

النَّعِيمِ ﴿٥٦﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا فَأُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

کے باغوں میں (قیام پذیر) ہونگے ۱؎ اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو یہ وہ بدنصیب ہیں جن کیلئے رسوا کن عذاب

مُّهِينٌ ﴿٥٧﴾ وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ قُتِلُوا أَوْ مَاتُوا

ہوگا اور جن لوگوں نے ہجرت کی راہ خدا میں ۲؎ پھر (راہ جہاد میں) قتل کر دیئے گئے یا طبعی طور پر

لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللَّهُ رِزْقًا حَسَنًا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ﴿٥٨﴾

فوت ہو گئے تو ضرور عطا فرمائیگا انہیں اللہ تعالیٰ بہترین رزق اور بیشک اللہ تعالیٰ ہی ہے جو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے

لَيُدْخِلَنَّهُم مُّدْخَلًا يَرْضَوْنَهُ ۗ وَإِنَّ اللَّهَ لَعَلِيمٌ حَلِيمٌ ﴿٥٩﴾

وہ ضرور داخل کریگا انہیں ایسی جگہ جسے وہ پسند کریں گے ۳؎ اور یقیناً اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا، بڑا بردبار ہے۔

ع ۷ ۱۴

جہاں کا حاکم اور فرمانروا صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ نیکوں کو ان کی نیکیوں کا اجر اور نافرمانوں کو ان کی نافرمانیوں کی سزا دے گا۔

۱؎ ان دو آیتوں میں سے پہلی آیت میں مومنین کے اجر کا ذکر ہے اور دوسری میں کفار کی سزا کا۔ یہاں ایک چیز غور طلب ہے۔ فالذین آمنوا وعملوا الصالحات مبتدا ہے۔ فی جنت النعیم خبر ہے۔ اسی طرح والذین کفروا وکذبوا بآیاتنا مبتدا ہے فاولئک خبر ہے۔ پہلی خبر پر "ف" داخل نہیں ہے لیکن دوسری خبر پر "ف" داخل ہے۔ اس میں اس بات کی طرف توجہ دلائی گئی ہے کہ اہل ایمان کا جنت میں جانا محض فضل الٰہی ہے لیکن کافروں کے دوزخ میں جانے کی وجہ ان کے اعمال ہیں۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا لن ینجی احدا عملہ قالوا ولا انت یارسول اللہ قال ولا انا الا ان یتغمدنی اللہ برحمۃ منہ وفضل یعنی کسی کو اس کا عمل نجات نہیں دیگا صحابہ نے عرض کی یارسول اللہ آپ کو بھی؟ حضور نے فرمایا مجھے بھی مگر یہ کہ مجھے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت اور فضل سے ڈھانپ لے۔

۲؎ پہلے عام مومنین پر جو مہربانی فرمائی جانے والی ہے اس کا ذکر ہوا اب خصوصیت کے ساتھ ان مبارک ہستیوں اور نفوس قدسیہ کی عزت افزائی کا بیان ہو رہا ہے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے اپنے خویش واقارب اور مال و وطن کو چھوڑ دیا اور اسی حالت میں انکی وفات ہوئی خواہ وہ میدان جنگ میں کفار کے ہاتھوں شہید ہوئے یا ویسے طبعی موت سے دوچار ہوئے ان کے متعلق فرمایا کہ انہیں ہر حال میں عمدہ رزق دیا جائیگا اس سے مراد وہ رزق ہے جو عالم برزخ میں انہیں ملیگا۔ والمراد بہ عند البعض ما یکون للشہداء فی البرزخ من الرزق۔ (روح المعانی)

۳؎ اس سے مراد جنت ہے۔ وہاں یہ جو چاہیں گے انہیں ملیگا ای جنۃ فیہا ما تشتہیہ الانفس وتلذ الاعین ما لا عین رأت ولا اذن سمعت ولا خطر ببال البشر۔ (مظہری)

یعنی اس سے مراد جنت ہے کیونکہ اس میں انہیں وہ نعمتیں ملیں گی جنہیں نہ آج تک کسی آنکھ نے دیکھا نہ کانوں نے سنا اور نہ کسی انسان نے ان کا تصور کیا۔

ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ

ان باتوں کو یاد رکھو! اور جس نے بدلا لیا اتنا قدر جتنی تکلیف اسے دی گئی تھی پھر (مزید) زیادتی کی گئی اس پر تو

لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۶۰﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ

اللہ تعالیٰ ضرور اس کی مدد فرمائیگا بیشک اللہ تعالیٰ بہت معاف فرمانیوالا بہت بخشنے والا ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی داخل

الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ

کرتا ہے رات (کے کچھ حصہ) کو دن میں اور داخل کرتا ہے دن (کے کچھ حصہ) کو رات میں اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا سب کچھ

بَصِيْرٌ ﴿۶۱﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ

دیکھنے والا ہے۔ نیز اسکی یہ وجہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی ہے جو خدائے برحق ہے اور جسے وہ پوجتے ہیں اس کے

دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۶۲﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ

علاوہ وہ سراسر باطل ہے اور اللہ تعالیٰ ہی ہے جو سب سے بلند (اور) سب سے بڑا ہے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ

اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً ۡ فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ۭ

اللہ تعالیٰ نے اتارا آسمان سے پانی تو ہو جاتی ہے (خشک) زمین سرسبز و شاداب۔

اللہ تعالیٰ کی یہ سنت ہے کہ مظلوم اور کمزور کی مدد فرماتا ہے اور مسلمان چونکہ مظلوم اور کمزور ہیں اسلیے اللہ تعالیٰ انکی امداد فرمائیگا اور آخر کار وہی کامیاب اور کامران ہونگے۔ یہاں پہلی بات کی وجہ بیان فرمادی کہ اللہ تعالیٰ اتنی قدرت کا مالک ہے کہ اپنی قدرت سے حکمت کے مطابق دن کا حصہ رات میں اور رات کا حصہ دن میں داخل کرتا ہے اور جو ایسا کام کرنے کی طاقت رکھتا ہو جسے کوئی بشر اور کوئی فرشتہ نہیں کر سکتا۔ وہ جس کی نصرت فرمائے گا اس کے کامیاب ہونے میں کسے شک ہو سکتا ہے۔ مومنوں کی نصرت کی دوسری وجہ بیان فرمائی کہ اللہ تعالیٰ حق ہے اسکا دین حق ہے اور اسکی عبادت کرنا حق ہے اور مومن جو خدائے برحق پر ایمان لائے ہیں اسی کے دین حق کی پیروی کرتے ہیں اور اسی کی عبادت کرتے ہیں یہی اس بات کے مستحق ہیں کہ خدائے برحق انکی اعانت فرمائے باقی رہے کافر و مشرک وہ بتوں کے پجاری ہیں انکے بت بھی جھوٹے اور انکا مذہب بھی باطل اسلیے باطل اور باطل پرستوں کی اعانت خداوند کریم نہیں کریگا اور وہ یقیناً خاسر و نامراد ہونگے۔

اپنی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ کی ایک روشن دلیل کی طرف مخاطب کو متوجہ کیا جا رہا ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ ﴿٦٣﴾ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ

بیشک اللہ تعالیٰ ہمیشہ لطف فرمانیوالا ہر چیز سے باخبر ہے اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے ۵۸

وَإِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿٦٤﴾ ع أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا ع ٨ ٧ ١٥

اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہی ہے جو سب سے بے پرواہ اور ہر تعریف کا مستحق ہے۔ اے دیکھا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمانبردار بنا دیا ہے تمہارے

فِي الْأَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِأَمْرِهِ ۗ وَيُمْسِكُ السَّمَاءَ

لیے ہر چیز کو جو زمین میں ہے ۵۹ اور کشتی کو بھی کہ چلتی ہے سمندر میں اسکے حکم سے۔ اور اس نے روکا ہوا ہے آسمان کو

أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۗ إِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ

کہ گر نہ پڑے زمین پر بجز اسکے فرمان کے۔ بیشک اللہ تعالیٰ لوگوں کے ساتھ بڑی مہربانی فرمانیوالا

رَّحِيمٌ ﴿٦٥﴾ وَهُوَ الَّذِي أَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۗ

ہمیشہ رحم کرنیوالا ہے۔ اور وہی ہے جس نے تمہیں زندگی دی ۶۰ پھر مارے گا تمہیں پھر زندہ کرے گا تمہیں۔

۵۸ ہر چیز جہاں کہیں بھی ہے پیدا بھی اس کو اسی نے کیا ہے اور اس کے بقا کا بھی وہی اہتمام کرتا ہے۔

۵۹ اپنی قدرت و حکومت بیان کرنے کے بعد اب اپنے انعامات و احسانات کا ذکر فرمایا کہ دیکھو ہم نے تم پر کتنے کتنے احسانات فرمائے ہیں۔ ہماری شفقت اور بے پایاں رحمت کا تم بآسانی اندازہ لگا سکتے ہو۔

۶۰ اگر یہ سب کچھ ہوتا۔ گلشن عالم کی یہ ساری رونقیں ہوتیں لیکن تمہیں پیدا نہ کیا جاتا تو تم ان سے کیسے لطف اندوز ہو سکتے۔ تم پر اس نے مزید کرم فرمایا کہ تمہیں زندگی کی نعمت مرحمت فرمائی تاکہ تم ان گوناگوں احسانات سے مستفیض ہو سکو۔ لیکن یہ زندگی جس کی دلآویزیوں نے تمہیں مخمور کر دیا ہے فانی ہے۔ کچھ عرصہ بعد تمہیں موت کا ذائقہ چکھنا ہوگا۔ اس کے بعد پھر تمہیں زندہ کیا جائے گا اور وہ زندگی ابدی ہوگی۔ عقلمند وہ شخص ہوا کرتا ہے جو دور اندیش ہو۔ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کے لیے کوشاں ہو۔ جو امروز کے ہنگاموں میں ایسا کھو جائے کہ فردا کا اسے ہوش ہی نہ رہے اسے کوئی دانا نہیں کہتا۔

إِنَّ الْإِنسَانَ لَكَفُورٌ ﴿٦٦﴾ لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا هُمْ نَاسِكُوهُ

بیشک انسان بڑا ناشکرا ہے ۸۱؎ ہر امت کے لیے ہم نے مقرر کر دیا ہے عبادت کا طریقہ ۸۲؎ جس کے مطابق وہ

فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى

عبادت کرتے ہیں۔ تو انھیں چاہیے کہ وہ نہ جھگڑا کریں آپ سے اس معاملہ میں۔ آپ بلاتے رہیے انھیں اپنے رب کی طرف (اے محبوب!) آپ بیشک

مُّسْتَقِيمٍ ﴿٦٧﴾ وَإِن جَادَلُوكَ فَقُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿٦٨﴾

سیدھی راہ پر گامزن ہیں! اور اگر وہ (پھر بھی) آپ سے جھگڑا کریں ۸۳؎ تو آپ صرف اتنا فرما دیجیے کہ اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جو تم کر رہے ہو۔

اللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٦٩﴾

اللہ تعالیٰ فیصلہ فرمائے گا تمہارے درمیان قیامت کے دن ان امور کے بارے میں جن میں تم اختلاف کرتے رہتے ہو۔

۸۱؎ یہ احسانات جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے ان کے پیش نظر فطرت سلیمہ کا تقاضا تو یہ تھا کہ اپنے منعم اور محسن کی چوکھٹ پر ہمیشہ سرنیاز جھکا رہے اور زبان و دل ہمیشہ اس کا شکر اور اس کی شکر گزاری کرتے رہے لیکن حضرت انسان کی ناشکر گزاریاں اور احسان فراموشیاں قابل دید ہیں۔

۸۲؎ آج تک جو رسول بھی بھیجا گیا اسے اس کی قوم کے مخصوص حالات کے پیش نظر ایک نظام شریعت (منسک) عطا کیا گیا۔ اپنی اسی حکیمانہ قدیم سنت کے مطابق آپ کو بھی شریعت کا ایک ایسا دستور عطا فرمایا جو عصر حاضر کی ضروریات کو پورا کر سکتا ہے اور اسلام کے عالمی اور ابدی دین ہونے کے تقاضوں سے باحسن الوجوہ عہدہ برآ ہو سکتا ہے اس لیے کسی سمجھدار آدمی کو مناسب نہیں کہ احکام شریعت کے اختلاف کو وجہ نزاع بنا کر مخالفت کا طوفان برپا کرے۔ اے حبیب مکرم! آپ اپنا فرض ادا کرتے رہیے اور کسی کی فساد انگیزی کی پرواہ نہ کیجیے۔ کوئی مفسد اپنی غوغا آرائی سے آپ کو گزند نہیں پہنچا سکتا۔

۸۳؎ اگر اس کے باوجود بھی خواہ مخواہ کوئی الجھتا ہے تو آپ اپنا قیمتی وقت اس کو خاموش کرنے میں صرف نہ فرمائیں بلکہ اسے کہہ دیجیے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے کرتوتوں سے خوب واقف ہے۔ قیامت کا دن آنے دو وہ خود فیصلہ فرمائے گا اور دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں فی هذه الآية ادب حسن علمه الله عباده في الرد على من جادل تعنتا ومراء ان لا يجاب ولا يناظر ويدفع بهذا القول الذي علمه الله نبيه صلى الله عليه وسلم۔ یعنی اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو بڑا عمدہ ادب سکھایا ہے کہ جو شخص محض تعصب اور جھگڑا کرنے کے شوق میں تم سے مناظرہ کرنا چاہے اسے کوئی جواب نہ دو اور نہ اس کے ساتھ مناظرہ کرو۔ اس کی تمام غوغا آرائیوں کے جواب میں صرف یہ بات کہہ دو جو

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۗ إِنَّ

کیا آپ نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے ۱۴۴ بے شک یہ سب کچھ

ذَٰلِكَ فِي كِتَابٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿٧٠﴾ وَيَعْبُدُونَ

ایک کتاب میں (لکھا ہوا) ہے۔ بیشک (بلندی و پستی کی ہر چیز کو جان لینا) اللہ تعالیٰ پر آسان ہے۔ اور وہ پوجتے ہیں

مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَمَا لَيْسَ لَهُم

۱۴۵ اللہ تعالیٰ کے سوا ان کو نہیں اتاری جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے کوئی سند۔ اور انھیں خود بھی انکے بارے میں کوئی

بِهِ عِلْمٌ ۗ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِن نَّصِيرٍ ﴿٧١﴾ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ

علم نہیں۔ اور نہیں ہوگا ظلم و ستم کرنے والوں کا کوئی مددگار۔ اور جب تلاوت کی جاتی ہیں انکے سامنے

آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِ الَّذِينَ كَفَرُوا الْمُنكَرَ ۖ يَكَادُونَ

ہماری آیتیں صاف صاف تو آپ پہچان لیتے ہیں کفار کے چہروں پر ناپسندیدگی کے آثار۔ ۱۴۶ یوں پتہ چلتا ہے کہ وہ

اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم کو سکھائی ہے۔

۱۴۴ جب وہ سب کچھ جانتا ہے تو ان معاندین کے احوال اور بدنیتی اس سے کیسے مخفی رہ سکتی ہے۔

۱۴۵ کفار و مشرکین جن بتوں کو اپنا خدا مانتے ہیں اور ان کی پوجا کیا کرتے ہیں اس کے لیے ان کے پاس نہ کوئی نقلی دلیل ہے نہ عقلی۔ پھر ایسے ظالموں اور جفاکاروں کی کون مدد کر سکتا ہے۔

۱۴۶ آیاتِ قرآنی کی جب تلاوت کی جاتی ہے تو اہلِ ایمان خوش ہوتے ہیں اور کلام الٰہی کی مٹھاس اور شیرینی ان کے رگ و پے میں سما جاتی ہے لیکن یہ لوگ جنھوں نے کفر و شرک کے باعث اپنے ذوقِ سلیم کا گلا گھونٹ کر رکھ دیا ہے جب ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کی آیاتِ بینات پڑھی جاتی ہیں تو ان کے چہروں پر ناگواری اور ناپسندیدگی کے آثار نمایاں ہوتے ہیں اور اگر ان کا بس چلے تو پڑھنے والے پر حملہ کر کے اس کی تکا بوٹی کر دیں۔

المنکر: الغضب والعبوس۔ ناراضگی اور ناگواری۔ یسطون: شدة البطش۔

يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ؕ قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ

عنقریب جھپٹ پڑیں گے ان لوگوں پر جو پڑھتے ہیں ان کے سامنے ہماری آیتیں۔ آپ فرمائیے (اے جبیں پر چیں ہونے والو!) کیا میں آگاہ

مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ اَلنَّارُ ؕ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَبِئْسَ

کر دوں تمھیں اس سے بھی تکلیف دہ چیز پر شہ دوزخ کی آگ ہے۔ وعدہ کیا ہے اس آگ کا اللہ تعالےٰ نے کفار سے۔ اور دوزخ بہت

الْمَصِيْرُ ﴿۷۲﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ؕ اِنَّ ع ۹ ۱۶

برا ٹھکانا ہے۔ اے لوگو! شہ ایک مثال بیان کی جارہی ہے پس غور سے سنو اسے! بیشک جن

الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا

معبودوں کو تم پکارتے ہو اللہ تعالےٰ کو چھوڑ کر یہ تو مکھی بھی پیدا نہیں کرسکتے اگرچہ وہ سب جمع ہو جائیں

شہ یعنی قرآن کریم کی آیات سن کر تمھارا دل ڈوبنے لگتا ہے تمھاری طبیعت میں قلق اور اضطراب کی لہر دوڑ جاتی ہے تمھاری پیشانی پر بل پڑنے لگتے ہیں کچھ دیر بعد تمھیں ایک ایسی چیز سے پالا پڑنے والا ہے جو تمھارے لیے ان سے بھی کہیں زیادہ خطرناک اور ہوشربا ہوگی۔ وہ دوزخ کی آگ ہے جس کی آنچ کو ہر لحظہ تیز کیا جارہا ہے جس کے شعلے تمھیں بھسم کرنے کے لیے ماہیٔ بےآب کی طرح بیتاب ہیں۔ اگر تم نے عقل وفہم کی خداداد قوتوں سے کام لے کر حق کو قبول نہ کیا تو یاد رکھو تمھارا ٹھکانا دوزخ ہوگا۔

شہ پہلی آیت میں یہ بتایا گیا کہ مشرکین جن معبودوں کی عبادت کرتے ہیں اس کے لیے ان کے پاس نہ کوئی نقلی دلیل ہے نہ عقلی۔ یہ محض ان کی جہالت اور حماقت کا نتیجہ ہے۔ اب ان کے اس فعل کی قباحت کو ایک مثال دے کر واضح کیا جارہا ہے تاکہ ان پر ان کی اپنی حماقت اور جہالت آشکارا ہو جائے اور وہ اس سے باز آجائیں انھیں بتایا جا رہا ہے کہ جن بے جان بتوں کو تم نے اپنا کارساز اور حاجت روا سمجھ رکھا ہے ان کی حقیقت پر بھی کبھی تم نے غور کیا کائنات کی خوبصورت، مفید اور بڑی بڑی چیزوں کو تم رہنے دو۔ انھیں کہو کہ وہ سب مل کر ایک مکھی ہی بنا دیں جو بالکل حقیر اور کمزور سی چیز ہے۔ پھر فرمایا مکھی بنانا تو کجا ان بیچاروں میں تو اتنی طاقت بھی نہیں کہ اگر مکھی ان سے کوئی چیز چھین لے تو وہ اس سے واپس لے سکیں۔ جن معبودوں کی بےبسی کا یہ عالم ہے انسان جو اشرف المخلوقات ہے اور جسے ایجاد و اختراع کی اعلیٰ ترین صلاحیتیں بخشی گئی ہیں وہ اگر انھیں اپنا معبود بنالے تو دنیا میں اس سے بڑی حماقت اور ظلم نہیں ہوسکتا۔

الذین تدعون سے مراد وہ بت ہیں جن کی وہ پرستش کیا کرتے تھے المراد الاوثان الذین عبدوھم من دون اللہ (قرطبی)

علامہ پانی پتی لکھتے ہیں ان الذین تدعونھا ایھا الکفار الھۃ کائنۃ من دون اللہ وھی الاصنام۔

لَهٗ ۭ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـــًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ۭ ضَعُفَ

اس (معمولی) سے کام کے لیے اور اگر چھین لے ان سے مکھی کبھی کوئی چیز تو وہ نہیں چھڑا سکتے اسے اس مکھی سے (دیکھو!) کتنا بے بس ہے

الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ۝۷۳ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

ایسا طالب اور کتنا بے بس ہے ایسا مطلوب ۸۹ نہ قدر پہچانی انھوں نے اللہ کی جیسے اس کی قدر پہچاننے کا حق تھا ۹۰ بیشک

لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝۷۴ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰۗىِٕكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ

اللہ تعالیٰ بڑا طاقتور (اور) سب پر غالب ہے۔ اللہ تعالیٰ چن لیتا ہے فرشتوں سے بعض پیغام پہنچانے والے اور انسانوں سے بھی

النَّاسِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝۷۵ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ

بعض کو رسول ۹۱ بیشک اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے۔ وہ جانتا ہے جو کچھ ان کے آگے ہے اور

مَا خَلْفَهُمْ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۷۶ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

جو کچھ ان کے پیچھے ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف ہی لوٹائے جائیں گے سارے معاملات۔ اے ایمان والو!

ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ

رکوع کرو اور سجدہ کرو اور عبادت کرو ۹۲ اپنے پروردگار کی اور (ہمیشہ) مفید کام کیا کرو تاکہ تم (دین و دنیا میں)

۸۹ طالب سے مراد بتوں کے پجاری اور مطلوب سے مراد بت۔ الطالب عابد الصنم والمطلوب الصنم (مظہری۔ قرطبی وغیرہا)

۹۰ ان نالائقوں نے اللہ تعالیٰ کی عظمت اور اس کی شانِ کبریائی کا صحیح اندازہ نہیں لگایا ورنہ وہ ایسی کھلی حماقت کا ارتکاب نہ کرتے۔

۹۱ بیانِ توحید کے بعد اب رسالت کا اثبات کیا جا رہا ہے۔ ولید وغیرہ کہا کرتے تھے کہ اگر انسانوں میں سے کسی کو رسول بنانا تھا تو ہم جو رؤسا قریش ہیں ہمیں بنایا ہوتا۔ ارشاد ہے کہ یہ انتخاب اللہ تعالیٰ خود کرتا ہے تمہاری پسند و ناپسند کو دخل نہیں۔ تم نہیں جان سکتے کہ کون اس بارِ امانت کو اٹھانے کی اہلیت رکھتا ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کے انتخاب پر جو سمیع بھی ہے اور بصیر بھی تمہارا معترض ہونا تمہاری کج فہمی کی انتہا ہے۔

۹۲ پہلے کفار کی حماقتوں کا ذکر ہوا اب اس اللہ تعالیٰ کی بندگی کا حکم دیا جا رہا ہے جو خداوندِ برحق ہے جو قادرِ مطلق ہے جس کی عظمت و کبریائی کی شہادت آسمان کی بلندیاں، زمین کی پستیاں، پہاڑوں کا سکون اور دریاؤں کی روانیاں، عندلیبوں کے

تُفْلِحُوْنَ ﴿٧٧﴾ وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ۭ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ

کامیاب ہو جاؤ۔ اور سر توڑ کوشش کرو اللہ تعالیٰ کی راہ میں جس طرح کوشش کرنے کا حق ہے ۹۳ اس نے چن لیا ہے تمہیں ۹۴

نالے دریچوں کی سکراہٹیں کانٹوں کی چبھن اور کلیوں کی چھبن غرضیکہ ہر چیز اپنی اپنی ہمت صلاحیت کے مطابق تسبیح دے رہی ہے اس کی ایسی بندگی کا حکم دیا جا رہا ہے جو صرف زبان تک محدود نہ ہو جو رکوع وسجود میں مقید نہ ہو۔ جو مساجد وعبادت گاہوں کے دروازوں پر آکر ختم نہ ہو جائے بلکہ ایسی بندگی جس کا زندگی کے ساتھ ہمہ وقتی تعلق ہے۔ زندگی کا قافلہ جس راہ پر گامزن رہے غم واندوہ کے جتنے عمیق کھڈوں سے گزرے خوشی ومسرت کے جتنے چمن راہ میں آئیں ہر ہر جگہ ہر ہر قدم پر بندگی کا نشان زندگی کی جبین پر تابندہ رہے۔

رکوع وسجود سے ادائے نماز کا حکم ملا واعبدوا سے اس کے تمام احکام بجالانے کی تاکید ہوئی۔ وافعلوا الخير سے ایسے کام کرنے کا فرمان صادر ہوا جو اس کے لیے اس کی قوم وملت کے لیے سارے نوع انسانی کے لیے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق کے لیے اپنے دامن میں خیر ونفع کی نعمت سمیٹے ہوں۔ وافعلوا الخير الظاهر انه يعم الافعال كلها يعني اختاروا ما هو خير واصلح في ما تأتون به وتذرونه (مظہری)

۹۳ اس آیت سے اس سورۃ کا اختتام ہو رہا ہے۔ اس کی جامعیت اور معنویت کا تقاضا تو یہ ہے کہ ہر مومن کو یہ ازبر ہو اور وہ اسے اپنے لیے مشعل راہ بنائے۔ بڑے غور وتامل سے اس کا ایک ایک فقرہ پڑھیے اور کلمات کی اوٹ میں جو معانی اور معارف مستور ہیں ان سے پردہ سرکانے کی کوشش کیجیے دیکھیے پھر کیا نظر آتا ہے۔ آغاز اس حکم سے فرمایا وجاهدوا في الله حق جهاده اللہ تعالیٰ کے راستہ میں اس طرح جہاد کرو جس طرح جہاد کرنے کا حق ہے۔ لفظ جہاد کی تشریح کرتے ہوئے علامہ راغب لکھتے ہیں۔ الجهاد والمجاهدة استفراغ الوسع في مدافعة العدو۔ دشمن کا مقابلہ کرنے میں اپنی ہر امکانی قوت صرف کر دینے کو جہاد اور مجاہدہ کہتے ہیں۔ پھر لکھتے ہیں جہاد کی تین قسمیں ہیں:۔

١۔ مجاهدة العدو الظاهر۔ ظاہری دشمن سے جہاد۔

٢۔ ومجاهدة الشيطان۔ اور شیطان سے جہاد۔

٣۔ ومجاهدة النفس۔ اور اپنے نفس کے خلاف جہاد اور اس آیت میں تینوں قسم کے جہاد داخل ہیں۔

ارشاد نبوی ہے۔ جاهدوا اهوائكم كما تجاهدون اعدائكم۔ اپنے ظاہری دشمنوں سے تم جس طرح جہاد کرتے ہو اسی طرح اپنی نفسانی خواہشات کے خلاف بھی جہاد کرو۔ آخر میں لکھتے ہیں کہ جہاد ہاتھ سے بھی ہوتا ہے اور زبان سے بھی جس طرح حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے: جاهدوا الكفار بايديكم والسنتكم۔ کفار کا مقابلہ زور بازو کے ساتھ بھی کرو اور زبان سے بھی۔ (مفردات)

گویا دشمن کے مقابلہ میں سردھڑ کی بازی لگا دینا لفظ جہاد کے مفہوم میں داخل ہے۔ امکانی وسائل مہیا کرنے میں

جنگی تدابیر میں صبر و استقامت کا مظاہرہ کرنے میں اگر کسی قسم کی غفلت برتی جائے گی تو گویا ایسی ادھوری کوشش کو قرآنی اصطلاح میں جہاد کا نام دینا زیادتی ہوگی۔ جاھدوا کا یہ معنی ذہن نشین کرنے کے بعد آگے بڑھیے۔ ارشاد ہے: فی اللہ۔ یعنی تمہاری یہ ساری تگ و دو، یہ عدیم النظیر جانثاری اور فدائیت، یہ بے مثال صبر و استقامت کسی ذاتی یا دنیوی مقصد کی تکمیل کے لیے نہ ہو بلکہ محض اللہ تعالیٰ کے نام کو بلند کرنے کے لیے ہونا چاہیے۔ یہی وہ خصوصیت ہے جس کے باعث امت مسلمہ کی جنگ دوسری قوموں کی جنگوں سے غایت و مقصد کے اعتبار سے بالکل ممتاز ہو جاتی ہے۔ خود مسلمان بھی اگر اس مقصد کے علاوہ کسی اور مقصد کے لیے آمادہ پیکار ہوں گے تو اسے قرآنی اصطلاح میں جہاد نہیں کہا جائے گا۔

پھر فرمایا "حق جہادہ" کہ جہاد کرو تو پھر اس کا حق ادا کرو۔ اللہ تعالیٰ کا نام بلند کرنے کے لیے خون کے دریا بہتے ہیں تو انھیں خوب بہنے دو۔ اگر کشتوں کے پشتے لگ رہے ہیں تو دل پرواہ نہ کرو۔ رنگ رنگیلی جوانیاں قربان ہو رہی ہیں تو انھیں بلا تامل قربان ہونے دو جب تک تمہاری جان میں جان ہے اسلام کا پرچم سرنگوں نہ ہونے پائے۔ حضرت جعفر کی طرح ایک ہاتھ کٹ گیا ہے تو جھٹ دوسرے ہاتھ میں جھنڈا تھام لو اور اگر دوسرا بازو بھی کٹ گیا ہے تو اپنے دانتوں سے پکڑ لو۔ تمہارا جسم اگر تیر و سناں کے چرکوں سے چھلنی ہو گیا ہے تو کیا مجھو! اسلام کی عظمت و ناموس کو اگر تم نے اپنی جان دے کر بچا لیا تو تم سے زیادہ سرخرو اور کون ہوگا۔

جس قوتِ ارادی، عزم اور قربانی کی ضرورت ایمان کے ظاہری دشمنوں کے مقابلہ کے لیے ہے۔ اسی طرح شیطان اور نفس کا مقابلہ کرنے کے لیے بھی ان صفات کا مظاہرہ ضروری ہے بلکہ یہاں پہلے سے بھی چوکس اور ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے۔ وہ دشمن تھا اور دشمن کا لباس پہن کر آیا تھا۔ یہ ایسے دشمن ہیں جو اپنے آپ کو مخلص ترین دوست ظاہر کرتے ہیں۔ ان کی چالیں بڑی باریک ہوتی ہیں۔ ان کا دام فریب تب نظر آتا ہے جب انسان اس میں پھنس کر پھڑ پھڑانے لگتا ہے۔

٩٤ تمھیں کیوں اس دین حق کے لیے سر بکف اور کفن بدوش ہو کر باطل سے ٹکرانے کا حکم دیا جا رہا ہے؟ بڑے محبت بھرے اور کریمانہ انداز میں اس کی وجہ بیان فرما دی کہ اقوام عالم کی بھری انجمن سے لے غلامانِ مصطفےٰ! قدرت کی نگاہ نے تمھیں چنا ہے۔ حق کی پاسبانی کا فخر تمھیں بخشا ہے۔ مکارم اخلاق کی تکمیل کی خدمت تمھیں سونپی ہے۔ اس صحیفۂ رشد و ہدایت کا امین تمھیں بنایا گیا ہے۔ غور کرو تم پر کتنا کرم فرمایا ہے اس کریم نے تمھیں کتنا بڑا اعزاز بخشا ہے اس عزیز و قدیر نے۔ اب اگر تم نے اس دین کی نشر و اشاعت کا فریضہ ادا کرنے میں کوتاہی کی اور ان رکاوٹوں کو نہ ہٹایا جو اس کا راستہ روکے کھڑی ہیں۔ اگر تم نے ان حجابات کو تار تار نہ کیا جو اس کی روشنی کو پھیلنے نہیں دیتے تو پھر تم سے بڑھ کر احسان فراموش کوئی نہیں ہوگا۔ خود ہی فیصلہ کرو اگر تم نے اس نور ہدایت کو عام نہ کیا تو انسانیت کی یہ شب دیجور کیسے سحر آشنا ہوگی اگر تم نے آگے بڑھ کر ظالم کے ہاتھ سے ظلم کی تلوار نہ چھین لی تو ستم رسیدہ انسانوں کی پھر کون دادرسی کرے گا۔ اگر تم نے اس دستور العمل کے فیوض و برکات سے لوگوں کو آگاہ نہ کیا تو انھیں رشد و ہدایت کی دولت کہاں سے ملے گی۔ واجتبٰکم اس نے تمھیں اقوام عالم سے اس عظیم مقصد کی تکمیل کے لیے چنا ہے تمھیں اس کا ضرور پاس ہونا چاہیے۔ تمھیں اپنی لاج ضرور رکھنی چاہیے۔

وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّينِ مِنْ حَرَجٍ ۭ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ

(حق کی پاسبانی اور اشاعت کے لیے) اور نہیں روا رکھی اس نے تم پر دین کے معاملہ میں کوئی تنگی ۹۵ پیروی کرو اپنے باپ ابراہیم

اِبْرٰهِيْمَ ۭ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ڏ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا

کے دین کی ۹۶ اسی نے تمہارا نام مسلم (سراطاعت خم کرنے والا) رکھا ہے اس سے پہلے اور اس قرآن میں بھی تمہارا

لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَاۗءَ عَلَى

یہی نام ہے تاکہ ہو جائے رسول (کریم) گواہ ۹۷ تم پر اور تم گواہ ہو جاؤ

۹۵ یہ ایسا دین نہیں جس پر عمل کر کے تم مصیبت کا شکار ہو جاؤ۔ جس کو قبول کرنے کے بعد تمہاری مادی، علمی اور روحانی ترقی کی راہیں مسدود ہو جائیں۔ تم کسی میدان میں دنیا کی کسی قوم سے مات کھا جاؤ۔ یہ دین ہر قسم کی ایسی رکاوٹوں سے پاک ہے۔ اسے سمجھنا آسان ہے۔ اس پر عمل کرنا آسان ہے اور جو ملت اس پر عمل کرتی ہے وہ سارے جہان کے لیے فیوض و برکات کا منبع بن جاتی ہے۔ اس لیے اس تشویش کو اپنے دل سے نکال دو کہ اس دین کو اپنا کر تم مشکلات میں گھر جاؤ گے۔ ترقی کی دوڑ میں دوسری قومیں تم سے بازی لے جائیں گی۔

۹۶ یہ دین کوئی نیا دین نہیں۔ یہ تمہارے اسی باپ ابراہیم کا دین ہے جس کی عظمت کے گیت تم گاتے ہو جس کی زندگی کو ایک مثالی زندگی یقین کرتے ہو جس کی ذات والا صفات کی طرف اپنے آپ کو منسوب کر کے تم صد عزو افتخار محسوس کرتے ہو۔ اسی نے تمہیں مسلم کا معزز و محترم لقب عطا فرمایا ہے۔

۹۷ ملۃ ابراہیمی کے برحق، سراپا یمن و برکت اور سب اقوام عالم کے لیے آیۂ رحمت ہونے پر اگر تمہیں کسی دلیل کی ضرورت ہو۔ اگر کسی کو کوئی گواہ درکار ہو تو یہ دیکھو میرا رسول محترم، میرا حبیب معظم کھڑا ہے۔ اس کی کتاب زیست کا ہر ورق اس دین و ملت کی حقانیت و صداقت کی گواہی دے رہا ہے۔ اس کی راتوں کا سوز و گداز اس کے دنوں کی مصروفیتیں، اس کا ہر قول، اس کا ہر فعل، اپنے دوستوں کے ساتھ اس کا برتاؤ، اپنے دشمنوں کے ساتھ اس کا سلوک، اس کی جنگیں اور اس کی صلحیں، اس کی مکی زندگی، غرضیکہ تم اسے جس پہلو سے دیکھنا چاہو دیکھو۔ جس کسوٹی پر پرکھنا چاہو خوب پرکھو۔ اگر تمہاری چشم دل نورِ حق کو پہچاننے کی صلاحیت رکھتی ہے تو تم بے اختیار کہہ اٹھو گے کہ اس سے سچا گواہ آج تک چشم فلک پیر نے نہیں دیکھا۔ تمہارا دل مان جائے گا کہ جس کی گواہی یہ دے رہا ہے اس کے برحق ہونے میں ذرا تامل نہیں کیا جا سکتا۔

النَّاسِ ۚ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَاعْتَصِمُوا بِاللَّهِ هُوَ

لوگوں پر شاہد۔ پس (اے) دین حق کے علمبردارو! صحیح صحیح ادا کیا کرو نماز اور دیا کرو زکوٰۃ ۹۹ اور مضبوط پکڑ لو اللہ تعالیٰ (کے دامن رحمت) کو

۹۸ اور ایسے سچے گواہ کی گواہی قبول کر کے ایمان لانے والو! مسلم کے محترم و معزز لقب سے سرفراز ہونے والو! بزم عالم میں تمہارا مقام بھی یہ ہے کہ تم اپنی گفتار، اپنے کردار، اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی اس طرح بسر کرو کہ تم اس دین کے برحق ہونے کی ایسی گواہی دے سکو جسے تسلیم کرنے کے بغیر کسی کو چارۂ کار نہ ہو۔ لوگ تمہیں دیکھ کر، تم سے مل کر اور تم سے معاملہ کر کے یقین کر لیں کہ جس دین کے تم پیروکار ہو وہی سچا دین ہے۔ جس نظام حیات کے تم نقیب ہو سارے جہان کی فلاح و سلامتی کا صرف یہی ضامن ہو سکتا ہے۔

اس بات پر تاریخ شاہد ہے کہ جب تک مسلمان اس شہادت کی ذمہ داریوں کو انجام دیتا رہا لوگ پروانوں کی طرح شمع اسلام پر نثار ہوتے رہے۔ ایک مرد حق آگاہ بھی اگر کسی ظلمت کدہ میں پہنچ گیا تو اس کے رخ انور کی تابانیوں سے وہاں ہر طرف اجالا ہو گیا۔ ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں لوگ اپنے آبائی عقاید و نظریات کے زنار توڑ توڑ کر مشرف باسلام ہوتے رہے۔ اشاعت اسلام کی تاریخ کا مطالعہ کرو تمہیں پتہ چلے گا کہ امت محمدیہ علی صاحبہا افضل الصلوات و اطہر التحیات کے ان افراد نے ہر جگہ ہدایت کے یہ چراغ روشن کیے جن کا ظاہر و باطن نور توحید سے جگمگا رہا تھا۔ جو کام سلطان محمود غزنوی کے حملوں اور شہاب الدین کی فتوحات سے نہ ہو سکا وہ کام ان خرقہ پوش صوفیوں نے کیا۔ اس خوبی اور اس شان سے کیا کہ صدیاں گزر جانے کے باوجود ان کی روحانی تسخیرات کی ضیا پاشیوں میں کمی نہیں ہوئی۔ لاہور، اجمیر، دہلی، اورنگ آباد، گجرات، سلہٹ، چٹاگانگ، گنگوہ، ملتان، پاک پٹن میں کس نے بر سر اقتدار باطل کو شکست فاش دی اور اسلام کا پرچم لہرایا اور اس طرح لہرایا کہ آج بھی لہرا رہا ہے اور قیامت تک لہراتا رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

یہ ہستیاں اپنے ساتھ دولت کے خزانے نہیں لائی تھیں، لشکر جرار ان کے ہمرکاب نہ تھے۔ فن مناظرہ میں بھی مہارت کا انہیں دعویٰ نہ تھا۔ ان کے پاس اپنی زندگی کی کھلی کتاب تھی جس کی ہر سطر سے نور عرفان کے چشمے ابل رہے تھے۔ ان کے پاس اپنی دل باسیرت اور بے داغ کردار تھا جو پکار پکار کر اسلام کی حقانیت کی گواہی دے رہا تھا۔ ان کی صداقت کی دلیل ان کے نورانی چہرے تھے جو مہر درخشاں کو شرمسار کر رہے تھے۔ کسی مخالف میں یہ ہمت نہ تھی کہ وہ ان کی گواہی کو مشکوک ثابت کر سکے۔ اسی کا نتیجہ تھا کہ جو دل حق قبول کرنے کی استعداد رکھتے تھے وہ دوڑ کر آتے اور دامن اسلام سے وابستہ ہو گئے۔

آج بھی دین اسلام کو اپنی برتری اور افادیت ثابت کرنے کے لیے ایسے ہی گواہوں کی ضرورت ہے جو اپنے عمل سے، اپنے اخلاق سے، اپنی روحانی بلندی اور وسعت علم سے اس کے برحق ہونے کی ایسی شہادت دینے کی اہلیت رکھتے ہوں کہ کوئی انہیں جھٹلا نہ سکے ورنہ جو تبلیغ آج ہم کر رہے ہیں وہ بیگانوں کو تو کیا اپنوں کو بھی اسلام سے

مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿۷۸﴾ ع ۱۰ / ۱۷

وہی تمہارا کارساز ہے۔ پس وہ بہترین کارساز ہے اور بہترین مدد فرمانے والا ہے۔ ۱۰۰

تفقر کر رہی ہے۔ چاک گریبانوں کو رفو کرنا تو کجا ہمارے مبلغین ان چاکوں کو اور زیادہ وسیع کر رہے ہیں۔ محبت و پیار کا درس دے کر ملت کے پراگندہ شیرازہ کو یکجا کرنا تو بڑی بات ہے جہاں ان کے سبز قدم پہنچے وہاں فتنہ و فساد کے شعلے بھڑک اٹھتے ہیں۔ آج ہاتھوں میں سوئی نہیں قینچی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے حال زار پر رحم فرمائے۔

یہ تو ہوئی اس دنیا میں شہادت اور ایک شہادت حضور کریم صلے اللہ علیہ وسلم اور حضور کی امت قیامت کے دن دے گی۔ اسی شہادت سے انبیاء سابقین اس الزام سے بری کیے جائیں گے جو ان کی امتیں ان پر لگائیں گی کہ الٰہی ان تیرے نبیوں نے ہمیں تیرا کوئی پیغام نہیں پہنچایا اور نہ انھوں نے ہمیں دعوت توحید دی ورنہ ہم کبھی کفر و شرک میں مبتلا نہ رہتے۔ اس وقت غلامان مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم آگے بڑھیں گے اور گواہی دیں گے یا اللہ تیرے رسولوں اور نبیوں نے اپنا فرض پوری طرح ادا کیا۔ قصور انہی لوگوں کا ہے جو آج بڑے سلیم الطبع بنے بیٹھے ہیں۔ اس کی مزید وضاحت کے لیے ضیاء القرآن جلد اول سورۃ بقرۃ آیت نمبر ۱۴۳ اور سورۃ النساء آیت نمبر ۴۱ کے حاشیے ملاحظہ فرمائیے۔

۹۹ آخر میں پھر نماز و زکوٰۃ کی پابندی کا حکم دیا تاکہ اس میں سستی واقع نہ ہو۔ کیونکہ اسلامی برکات کا سرچشمہ یہی عبادات ہیں۔ اسی سے انسان میں نیکی کی خفتہ صلاحیتیں بیدار ہوتی ہیں اور مذموم صفات سے نفس کا تزکیہ ہوتا ہے۔

۱۰۰ ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کے دامن رحمت کو مضبوطی سے پکڑے رہو۔ دشمن کتنا قوی ہو، مشکلات کتنی ہوشربا ہوں، ماحول کتنا ناساز ہو، پرواہ نہ کرو۔ عزم، حوصلہ اور اخلاص سے قدم آگے بڑھاتے چلے جاؤ کیونکہ

ھو مولٰکم فنعم المولٰی ونعم النصیر

# تعارفِ سُورۃ المؤمنون

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

**نام :** اس سورۃ کا نام المومنون ہے جو پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔

**نزول :** یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس میں چھ رکوع ایک سو اٹھارہ آیتیں اور ایک ہزار آٹھ سو چالیس کلمات اور چار ہزار آٹھ سو دو حروف ہیں۔

**مضامین :** (۱) اس سورۃ کا افتتاح اُمتِ مسلمہ کے ان افراد کی صفاتِ حمیدہ سے کیا گیا جو نورِ اسلام سے اپنے دلوں کو منور کرتے ہیں اور اپنے اعمال اور جذبات کو قرآن کے پیش کیے ہوئے قالب میں ڈھال دیتے ہیں۔ فرمایا اسی قسم کے لوگوں کے سر پر فلاحِ دارین کا تاج رکھا جائے گا۔ اور یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے فردوس بریں کی ابدی نعمتیں چشم براہ ہیں۔

(۲) حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دعوت پر کفار کو سب سے بڑا اعتراض یہ تھا کہ آپ توحید اور قیامت پر ایمان لانے کا حکم دیتے ہیں یہ دونوں باتیں ان کے خیال کے مطابق عقل، تجربہ اور مشاہدہ کے سراسر خلاف تھیں۔ اس لیے وہ کسی قیمت پر انہیں ماننے کے لیے تیار نہ تھے۔

چنانچہ اس سورت میں اسلام کے ان دو بنیادی عقیدوں کے متعلق ان کی غلط فہمیوں کو دور کیا گیا ہے۔ ان کے سامنے انفسی اور آفاقی ہر قسم کے دلائل پیش کیے گئے ہیں۔ انہیں کہا گیا ہے کہ ذرا اپنی پیدائش پر غور کرو کہاں پانی کی ایک بوند میں ایک گمنام جرثومہ اور کہاں یہ حضرتِ انسان یہ کس کی قدرت کا کرشمہ ہے، یہ اعجاز آفرینی کس کی حکمت کی جلوہ گری ہے ذرا آنکھیں کھول کر آسمان کی بلندیوں کی طرف دیکھو وہاں کس کی قدرت کے جلوے نظر آرہے ہیں پانی جو ہر قسم کی زندگی کا سرچشمہ ہے اس کی بہم رسانی کا انتظام کس عمدگی سے کر دیا گیا ہے یہاں تک کہ پہاڑوں کی وہ بلند چوٹیاں جہاں تم کسی طرح پانی نہیں لے جا سکتے تھے وہاں اس نے میٹھے اور ٹھنڈے پانی کے چشمے جاری کر دیتے ہیں غرضیکہ اس کی بنائی ہوئی جس چیز میں تم تدبر کرو گے۔ تمہیں اس کے خالق کی قدرت، حکمت اور علمِ محیط کا اندازہ ہو جائے گا۔

جب ان صفاتِ کمال سے وہی متصف ہے تو پھر کتنی نادانی ہے کہ اس کا شریک ایسی چیزوں کو بنایا جائے جو

ان صفات سے قطعاً عاری ہیں اور نہ وہ کسی کو ضرر پہنچا سکتی ہیں اور نہ نفع۔

نیز غور کرو ایسی قدرت والے یزدان اہرمین کے لیے کیا مشکل ہے کہ وہ تمھیں مرنے کے بعد پھر زندہ کر دے۔

(۳) اس کے بعد چند انبیاء کرام کے احوال بیان فرمائے اور ان کی قوموں نے ان کے ساتھ جو ناروا سلوک کیا اور ان کا جو انجام ہوا ان کو بیان فرمایا تاکہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے دل کو اطمینان ہو اور وہ کفار تباہ ہونے والی قوموں سے عبرت حاصل کریں۔

(۴) مشرکین آکر یہ کہتے کہ اگر آپ ہماری فلاں فلاں بات مان لیں اور ہماری رائے کے مطابق فلاں فلاں آیت میں ردّ و بدل کر دیں یا یہ مفلوک الحال اور گھٹیا قسم کے لوگ جو ہر وقت آپ کے اِردگرد حلقہ باندھے بیٹھے رہتے ہیں ان کو اپنی مجلس سے نکال دیں۔ یا کم از کم جس وقت ہم حاضر ہونا چاہیں ان کو یہاں سے چلے جانے کا حکم دے دیں تو ہم آپ کا ساتھ دینے کے لیے تیار ہیں۔ شاید انھوں نے یہ خیال کیا ہو کہ اسلام کو ہماری اور ہمارے تعاون کی اشد ضرورت ہے اس کے لیے ہم جیسی بھی نامعقول شرط پیش کریں گے وہ مان لی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی اِس خوش فہمی کا یہ کہہ کر ہمیشہ کے لیے خاتمہ کر دیا کہ حق باطل کے مشورے قبول نہیں کر سکتا۔ اگر ایسا ہو جائے اور تمھاری رائے کے مطابق اس میں تبدیلیاں گوارا کر لی جائیں تو دُنیا کا سارا نظام درہم برہم ہو جائے گا اور قیامت برپا ہو جائے گی اس لیے اس خیال کو ہمیشہ کے لیے اپنے دِل سے نکال دو آخر میں شرک کی قباحت پر آگاہ کرنے کے لیے ان سے چند ایسے دندان شکن سوالات پوچھے جن کا جواب انھیں بھی لِلّٰہ کے بغیر کوئی نہ بن آیا۔ انھیں بھی طوعاً وکرہاً یہ اعتراف کرنا پڑا کہ ہر چیز کا خالق، مالک اور حکمران اللہ تعالیٰ ہے۔

# سُورَةُ الْمُؤْمِنُونَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَثَمَانَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَسِتُّ رُكُوعَاتٍ

سورہ المؤمنون مکی ہے اور اس کی ۱۱۸ آیتیں اور ۶ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ۝۲

بیشک دونوں جہان میں بامراد ہو گئے ایمان والے [۱] وہ ایمان والے جو اپنی نماز میں عجز و نیاز کرتے ہیں [۲]

[۱] قرآن مجید کے آغوش تربیت میں پرورش پانے والا انسان جن خوبیوں اور اوصاف کا حامل ہوتا ہے ان کے بیان سے اس سورہ کا افتتاح ہو رہا ہے۔ آپ خود انصاف فرمائیے کہ جو شخص بارگاہِ الٰہی میں حاضر ہو تو ادب و نیاز کا پیکر بن جائے اس کا ہر لمحہ سنجیدہ اور مفید مصروفیات میں ایسا گھرا ہوا ہو کہ اسے بیکار اور بیہودہ مشاغل میں شرکت کی فرصت ہی نہ ملے جو اپنے مال اور اخلاق کے تزکیہ میں ہر وقت مشغول ہو جو اپنی نفسانی اور شہوانی خواہشات کی تکمیل میں بے راہ روی کا شکار نہ ہو جس امانت کی حفاظت اور جو دینی و ملی ذمہ داری اسے سونپی جائے اس میں وہ خیانت کا مرتکب نہ ہو اور جو عہد و پیمان وہ خود کرے اس کو وہ ہر قیمت پر نبھائے۔ جو شخص ایسی خوبیوں کا مالک ہو اس کے سر پر اگر فلاح دارین کا تاج نہیں رکھا جائے گا تو کس کے سر پر رکھا جائے گا۔ فردوس بریں کی بہاریں اگر اس کے لیے چشم براہ نہ ہوں گی تو اور کس کے لیے ہوں گی۔ اسلام اپنے ماننے والوں کو سیرت کے اسی سانچے میں ڈھالنا چاہتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا محبوب رسول صلی اللہ علیہ وسلم بگڑے ہوئے اور علمی، اخلاقی اور نظریاتی پستیوں میں گرے ہوئے افراد کو ان بلندیوں تک پہنچانے کے لیے تشریف لایا تاکہ ایسے سنبھلے ہوئے افراد سے ایک ایسی ملت معرضِ وجود میں آجائے جو تمام عالم انسانی کو فوز و فلاح کا راستہ دکھا سکے۔

سورۂ بقرہ کی ابتدا میں لفظ فلاح کی تحقیق کرتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ فلاح کسی جزوی اور ادھوری کامیابی کا نام نہیں بلکہ یہ لفظ دنیا و آخرت میں مکمل کامیابی پر دلالت کرتا ہے۔ لیس فی کلام العرب کلہ اجمع من لفظۃ الفلاح لخیری الدنیا والآخرۃ (تاج العروس) یعنی ساری لغت عرب میں لفظ فلاح سے جامع کوئی ایسا لفظ نہیں جو دنیا اور آخرت کی بھلائیوں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہو۔

آیت میں قَدْ اَفْلَحَ کا ترجمہ اسی لغوی تحقیق کے مطابق کیا گیا ہے۔

[۲] علمائے حق نے خشوع کا یہ مفہوم بیان کیا ہے: الخشوع فی الصلوٰۃ ھو جمع الھمۃ لھا والاعراض عما سواہ والتدبر فیما یجری علی لسانہ من القراءۃ والذکر (مظہری) یعنی نماز میں خشوع کا یہ مطلب ہے کہ انسان اپنی

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۙ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ

اور وہ جو ہر بیہودہ امر سے منہ پھیرے ہوتے ہیں ۳ے اور وہ جو زکوٰۃ ادا

فٰعِلُوْنَ ۙ﴿۴﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ﴿۵﴾ اِلَّا عَلٰٓى

کرتے ہیں ۴ے اور وہ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں ۵ے بجز اپنی

ساری توجہ نماز میں مرکوز کر دے۔ اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز سے منہ پھیر لے۔ اور وہ اپنی زبان سے جو تلاوت اور ذکر کرتا ہے ان کے معانی میں غور و تدبر کرے۔ اس کے علاوہ اس کے ظاہری آداب بھی ہیں کہ نگاہ سجدہ گاہ پر مرکوز رہے۔ دائیں بائیں مُڑ کر نہ دیکھے۔ آگے پیچھے جسم کو حرکت نہ دے۔ اپنی انگلیاں نہ چٹخائے۔ اپنے کپڑوں کو نہ سمیٹتا رہے۔ سجدہ میں جاتے تو اپنے سجدہ کی جگہ کو ہاتھوں سے صاف نہ کرتا رہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو نماز میں داڑھی سے کھیلتے ہوئے دیکھا تو فرمایا لو خشع قلب هذا لخشعت جوارحه یعنی اگر اس شخص کے دل میں عجز و نیاز ہوتا تو اس کے ظاہری اعضاء بھی اظہار عجز کرتے۔

۳ے لغو سے مُراد ہر وہ قول اور فعل ہے جو فضول اور بے فائدہ ہو۔ اللغو، ما لا یعتد به من کلام وغیرہ (المنجد) مومن کا تو ہر لمحہ بڑا قیمتی ہے۔ اس کے کندھوں پر تو ذمہ داریوں کا بارِ گراں ہے اس کو فرصت ہی کہاں کہ وہ بیکار اور فضول کاموں میں شرکت کرے۔ علماء نے تصریح کی ہے کہ ایسی سیر و تفریح جو جسمانی صحت یا روح و قلب کی تازگی کا باعث ہو وہ اس میں داخل نہیں۔ مُعرضُون کے لفظ سے اس امر کی طرف اشارہ کر دیا کہ لغویات کا ارتکاب تو کجا، مومن تو ادھر کا رُخ ہی نہیں کرتے۔

۴ے زکوٰۃ سے مُراد اپنے مال سے مقررہ شرح کے مطابق حصہ نکال کر قرآن کریم میں بیان شدہ مصرفوں پر خرچ کرنا۔ اب آیت کا معنی یہ ہوگا کہ وہ مومن جو جنتی ہیں وہ خدا کے دیئے ہوئے رزق سے اس کے حکم کے مطابق زکوٰۃ ادا کرتے ہیں لیکن بعض علماء نے یہاں لفظ زکوٰۃ سے اس کا لغوی معنی (پاکیزگی) مُراد لیا ہے۔ ان کی توجیہ کے مطابق آیت کا معنی یہ ہوگا کہ مومن ایسے اعمال صالحہ کرتے ہیں جو رُوح و قلب کے تزکیہ کا باعث بنتے ہیں اور وہ ایسی آلائشوں سے اپنے آپ کو پاک رکھتے ہیں جن سے دل کا آئینہ غبار آلود ہو جاتا ہے اور رُوح کی پاکیزگی مکدر ہو جاتی ہے۔ وقیل الزکوٰۃ ههنا هو العمل الصالح ای والذین هم للعمل الصالح فاعلون (مظہری)

۵ے یعنی ایسا بھی نہیں کہ نفسانی خواہشات کی تکمیل کلیۃً ممنوع ہو اور مسلمان جوگیوں، راہبوں اور سنیاسیوں کی طرح شادیوں ہی سے کنارہ کش ہو جائیں۔ اور ایسا بھی نہیں کہ مست ہاتھی کی طرح لوگوں کی آبروئیں برباد کرتے رہیں اور انسانی معاشرہ کو لاعلاج بیماریوں کے تحفے دیتے رہیں اور نئی نئی الجھنیں پیدا کر کے سوسائٹی کے امن اور اس کی سلامتی

أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ ﴿۶﴾ فَمَنِ

بیویوں کے اور ان کنیزوں کے جو ان کے ہاتھوں کی ملکیت ہیں تو بیشک انھیں ملامت نہ کی جائے گی اور جس نے

کو زیر وزبر کرتے رہیں۔

اسلام میں نفسانی خواہش کی تکمیل کے دو طریقے ہی روا ہیں: اپنی منکوحہ بیوی اور مملوکہ کنیز۔ اس کے علاوہ اور سارے طریقے شریعت نے حرام کر دیئے ہیں۔

اہل تشیع متعہ کو مباح سمجھتے ہیں۔ نہ صرف مباح بلکہ اس کے فضائل بیان کرنے میں بڑی مبالغہ آرائی سے کام لیتے ہیں۔ اِس آیت کی موجودگی میں مزید کسی بحث وتمحیص کی ضرورت نہیں۔ میں فقط ان صاحبان کی غیرت ایمانی، اور حمیت انسانی سے اتنا پوچھنے کی اجازت طلب کرتا ہوں کہ کیا وہ اپنی بچیوں، اپنی بہنوں کے لیے یہ امر پسند کرتے ہیں کہ انھیں کوئی متعہ کا پیغام دے یا وہ متعہ کرتی پھریں۔ اگر وہ اس کے تصور سے بھی لرز جاتے ہیں تو پھر وہ اُمتِ محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والتحیۃ کی بچیوں کے لیے یہ کیسے برداشت کر سکتے ہیں کہ ان کے ساتھ ایسا معاملہ کیا جائے۔ کیا شریعت اسلامیہ میں امیر وغریب شاہ وگدا کے لیے الگ الگ قوانین ہیں؟ کیا سوسائٹی کے مختلف طبقات کے لیے عزت وکرامت کے الگ الگ معیار مقرر ہیں؟ ایک فعل جو ایک خاندان کے لیے باعثِ ننگ وعار ہے کیا کسی دوسرے خاندان کے لیے باعث عزو وقار ہو سکتا ہے؟ خدارا کچھ تو انصاف کرو۔

علامہ ابن قدامہ نے المغنی میں اس مسئلہ پر عالمانہ بحث کی ہے جس کا خلاصہ انھیں کے الفاظ میں ناظرین کرام کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

”ومن روی تحریمها عمر وعلی وابن عمر وابن مسعود وابن زبیر۔ قال ابن عبد البرّ وعلی تحریم المتعة مالك واهل المدینة وابوحنیفة فی اهل الکوفة۔ والاوزاعی فی اهل الشام واللیث فی اهل المصر۔ والشافعی وسائر اصحاب الآثار“

ترجمہ: صحابہ کرام میں سے مندرجہ ذیل جلیل القدر ہستیاں متعہ کی حرمت کی قائل تھیں: حضرات عمر، علی، ابن عمر، ابن مسعود، ابن زبیر رضی اللہ عنہم۔ ابن عبد البر کہتے ہیں کہ ائمہ مجتہدین میں سے مندرجہ ذیل لوگ متعہ کو حرام کہتے ہیں۔ امام مالک اور اہل مدینہ۔ امام ابو حنیفہؒ اہل کوفہ میں سے۔ اہل شام میں اوزاعی۔ اہل مصر میں سے لیث نیز امام شافعی اور دیگر اصحاب آثار بھی متعہ کو حرام قرار دیا کرتے تھے۔

(المغنی لابن قدامہ، کتاب النکاح)

متعہ کے جواز کے قائل حضرت ابن عباس کے قول کو خوب اُچھالتے ہیں حقیقت میں یہ آپ پر بہت بڑا بہتان ہے۔ آپ نے کبھی اس کی مطلق اباحت کا قول نہیں کیا، بلکہ آپ شدید قسم کی اضطراری حالت میں اس کے جواز کے قائل تھے۔

ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۷ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ

خواہش کی ان دو کے ماسوا تو یہی لوگ حد سے بہت زیادہ تجاوز کرنے والے ہیں نیز وہ (مومن بامراد ہیں) جو اپنی امانتوں

وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۸ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۹ اُولٰٓئِكَ

اور اپنے وعدوں کی پاسداری کرنیوالے ہیں؎ اور وہ جو اپنی نمازوں کی پوری حفاظت کرتے ہیں۔ یہی لوگ

هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۱۰ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۱۱

وارث ہیں؎ جو وارث بنیں گے فردوس (بریں) کے۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے

چنانچہ جب آپ سے اس کے متعلق دریافت کیا گیا تو آپ غصے سے اٹھ کھڑے ہوئے اور فرمایا ان المتعة کالمیتة والدم ولحم الخنزیر یعنی متعہ مردار جانور، ناپاک خون اور خنزیر کے گوشت کی مانند ہے۔ اس قول سے حضرت ابن عباس کی سابقہ رائے کی حقیقت آپ پر واضح ہو گئی ہو گی۔ صحیح بات یہ ہے کہ آپ نے اس قول سے بھی رجوع کر لیا تھا۔ اور اگر بفرض محال یہ مان بھی لیا جائے کہ حضرت ابن عباس کا یہ مذہب تھا اور آپ نے اس سے رجوع کبھی نہیں کیا تو پھر بھی ہم پر اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کی تعمیل واجب ہے نہ کسی اور کی۔

اس مسئلہ کی تحقیق کرتے ہوئے جب میری نظر شیعہ کی مشہور کتاب تہذیب الاحکام جلد ۷ صفحہ ۲۷۱ مطبوعہ نجف اشرف باب تفصیل احکام النکاح جس کے مصنف شیخ الطائفہ ابی جعفر الطوسی ہیں کی اس عبارت پر پڑی ولا بأس بالتمتع بالهاشمیة (کہ خاندانِ نبوت کی خواتین کے ساتھ بھی متعہ کرنے میں حرج نہیں) تو نہ پوچھیے مجھ پر کیا گزری۔ میرا سر چکرانے لگا۔ اور آنکھوں میں خون اتر آیا اور میں اپنے آپ سے پوچھنے لگا کیا یہ مذہب ان لوگوں کا ہے جو اہل بیت پاک کی محبت اور تعظیم و تکریم کو اپنا دین وایمان بتاتے ہیں کیا اس دعویٰ محبت کی یہ حقیقت ہے کیا تعظیم و تکریم کے مدعی اتنی گستاخی کے جواز کا فتویٰ دے سکتے ہیں؟ العیاذ باللہ العیاذ باللہ تعالیٰ۔

؎ امانت اور عہد کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں والامانة والعهد یجمع کلما یحمله الانسان من امر دینه ودنیاه قولاً وفعلاً وهذا یعم معاشرة الناس والمواعید وغیر ذلک یعنی ہر قسم کی ذمہ داری جو انسان اپنے ذمہ لیتا ہے خواہ اس کا تعلق دین سے ہو یا دنیا سے، گفتار سے ہو یا کردار سے، اس کا پورا کرنا مسلمان کی امتیازی شان ہے۔ ملت اسلامیہ کا ہر فرد فقیر ہو یا امیر، وزیر اور صدر ہو یا کلرک اور چپڑاسی، اسلامی معاشرہ کا ایک ذمہ دار فرد ہونے کی حیثیت سے جو فرائض اس پر عائد ہوتے ہیں اور جو عہد و پیمان وہ کسی سے کرتا ہے ان سب کو بخوبی انجام دینا مومن کی خصوصی صفات میں سے ایک اہم صفت ہے چنانچہ ایک صحیح حدیث میں حضور نے عہد شکنی اور امانت میں خیانت کو منافق کی علامت قرار دیا ہے۔

؎ تمام اخلاق حسنہ اور صفات عالیہ سے موصوف ہونے والے افراد کا ذکر کرنے کے بعد یہ فرمایا کہ یہی وہ خوش نصیب

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ

اور بیشک ہم نے پیدا کیا انسان کو مٹی کے جوہر سے ﺷ پھر ہم نے رکھا اسے

نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ

پانی کی بوند بنا کر ایک محفوظ مقام میں پھر ہم نے بنا دیا نطفہ کو خون کا لوتھڑا پھر ہم نے بنا دیا اس

مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ

لوتھڑے کو گوشت کی بوٹی پھر ہم نے پیدا کر دیں اس بوٹی سے ہڈیاں پھر ہم نے پہنا دیا ان ہڈیوں کو گوشت۔ پھر

اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ

(روح پھونک کر) ہم نے اسے دوسری مخلوق بنا دیا ﻭ پس بڑا بابرکت ہے اللہ جو سب سے بہتر بنانے والا ہے۔ پھر یقیناً تم

ہیں جو جنت الفردوس کے وارث ہیں۔ اس آیت کی ترکیب میں مبتدا اور خبر دونوں معرفہ ہیں اور درمیان میں ہم ضمیر مذکور ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ جنت الفردوس کی وراثت انہی لوگوں کا حصہ ہے۔ ملت اسلامیہ کے وہ افراد جو مسلمان ہونے کے بلند بانگ دعوے کرنے کے باوجود ان ذمہ داریوں کے قریب تک نہیں پھٹکتے ان کے لیے یہ لمحۂ فکریہ ہے۔

ﺷ مٹی کے خمیرے جو جوہر نکلا اس سے آدم کا جسم پاک تیار ہوا پھر آپ سے جو انسانی نسل چلی اس کے لیے نطفہ اصل قرار پایا جو ان غذاؤں سے پیدا ہوتا ہے جو زمین سے اگتی ہیں اس لیے جنس انسانی کی تخلیق کے متعلق یہ فرمایا کہ اسے مٹی سے پیدا کیا گیا ہے۔ یہ مختلف تبدیلیاں جو شکم مادر میں تدریجاً رونما ہوتی ہیں ان سے کسی حد تک عرب کے بادیہ نشین بھی باخبر تھے لیکن علم و انکشاف کا سلسلہ جوں جوں بڑھ رہا ہے ان تطورات کے پردوں میں قلم قدرت کی اعجاز آفرینیاں اور نقش آرائیاں جو آج تک نگاہوں سے پوشیدہ تھیں عیاں ہو کر اللہ تعالیٰ کے علم و حکمت کی ناقابل تردید گواہی دے رہی ہیں۔

ﻭ وہ پانی کی بوند رحم مادر میں قرار پکڑنے کے بعد مختلف تطورات اور تبدیلیوں کے مرحلوں سے گزرتی ہے جن کا ذکر تفصیلاً ہوا ہے لیکن اب تک انسان اور دیگر حیوانات کے جنین یکساں قسم کے تھے۔ جو تبدیلیاں یکے بعد دیگرے یہاں وقوع پذیر ہوتی ہیں بعینہٖ یہ تبدیلیاں ان کے نطفوں میں بھی ظاہر ہوتی ہیں لیکن ایک منزل پر پہنچ کر یکایک مصور فطرت نے اپنے موقلم سے کوئی ایسی رنگ آمیزی کر دی کہ اسے دیگر حیوانی جنینوں سے بالکل ممتاز کر کے رکھ دیا۔ پہلے وہ بے جان تھا، اب زندگی کی لہر دوڑ گئی ہے لیکن یہاں صرف روح حیوانی کی آفرینش سے حیات حیوانی کا آغاز نہیں ہوا بلکہ نفس ناطقہ نے اسے بالکل ایک جدید قسم کی مخلوق کا روپ بخش دیا ہے۔ عقل و فہم کی قوتیں، غور و فکر کی صلاحیتیں، تسخیر کائنات کے حوصلے اور حکمرانی کی امنگیں

بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ﴿۱۵﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ

ان مرحلوں سے گزرنے کے بعد مرنے والے ہو ۱۵ پھر بلاشبہ تمہیں روز قیامت (قبروں سے) اٹھایا جائے گا ۔ اور بے شک

خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷﴾

ہم نے تمہارے اوپر سات راستے بنا دیے ۱۸ اور ہم اپنی مخلوق (کی مصلحتوں) سے بے خبر نہ تھے ۱۹

سب کچھ اس عمدگی سے یہاں یکجا جمع کر دی گئی ہیں جسے دیکھ کر انسان دنگ رہ جاتا ہے اور یہ راز سمجھ نہیں سکتا کہ ابتدائی مرحلوں میں بالکل یکساں ہونے کے باوجود کس طرح ایک کا رُخ ایک طرف اور دوسرے کا رُخ ایک بالکل ہی نئی منزل کی طرف موڑ دیا گیا، اور پھر اس منزل کو پالینے کے لیے جن قابلیتوں، صلاحیتوں، اعضاء اور وسائل کی ضرورت تھی وہ سب مہیا کر دیئے گئے ہیں تو زبان پر بے ساختہ آکر رہتا ہے فتبارك الله احسن الخالقين۔ امام رازیؒ لکھتے ہیں ای خلقنا مباينا للخلق الاول مباينة ما ابعدها . . . . وأودع باطنه وظاهره بل كل عضو من اعضائه . . . . عجائب فطرة وغرائب حكمة لا يحيط بها وصف الواصفين۔ (کبیر)

احسن الخالقین: بظاہر الفاظ سے یہ پتہ چلتا ہے کہ پیدا کرنے والے تو بہت سے ہیں البتہ سب سے بہتر پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ حالانکہ صرف وہی خالق ہے اور کسی کو تخلیق کائنات میں حصہ دار بنانا قطعاً توحید کے منافی ہے۔ علمائے کرام نے اس شبہ کا ازالہ اس طرح فرمایا ہے کہ خلق کا لفظ دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ کسی چیز کو کسی موجود مادے اور سابقہ مثال کے بغیر پیدا کرنا۔ ابداع الشئ من غير اصل ولا احتذاء (مفردات)۔ اس معنی کے لحاظ سے یہ صرف اللہ تعالیٰ کی صفت ہے جو کسی میں نہیں پائی جا سکتی۔ اس کا دوسرا معنی سابقہ مادے سے کسی چیز کو کسی موجودہ مثال کے مطابق بنالینا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے سوا اوروں میں بھی پایا جا سکتا ہے۔ اس آیت میں یہ لفظ اپنے دوسرے معنی میں استعمال ہوا ہے۔

۱۵ زندگی کا آغاز جہاں سے ہوا اور جیسے ہوا وہ تم نے سن لیا پھر جہاں اس زندگی کا خاتمہ ہوگا اس کا بھی ہر روز تم مشاہدہ کرتے رہتے ہو لیکن حقیقت میں یہ زندگی کا خاتمہ نہیں بلکہ زندگی کے پہلے مختلف قسم کے مرحلوں کی طرح یہ بھی ایک نیا مرحلہ ہے تمہیں ضرور قیامت کے روز اپنے اعمال کی جوابدہی کے لیے قبروں سے زندہ کر کے اٹھایا جائیگا اور تمہیں ان اعمال کے مطابق جزا یا سزا دی جائیگی جو تم نے اس دنیوی زندگی میں کیے۔

۱۸ انسان کے آغاز اور اس کے انجام کار کا ذکر کرنے کے بعد اب اپنے ان انعامات کا ذکر ہو رہا ہے جو مولائے کریم نے انسان کی بقا، نشوونما اور اس کے آرام و آسائش پہنچانے کے لیے کیے ہیں۔ عرب جب کسی چیز کو دوسری چیز کے اوپر رکھتے ہیں تو کہتے ہیں طارقت الشئ ای جعلت بعضه علی بعض اور اگر ایک کپڑے کو دوسرے کپڑے کے اوپر پہنیں تو کہتے ہیں طارق بین ثوبین ای لبس احدهما علی الآخر خلیل اور فراء نے اس کا یہی معنی کیا ہے کیونکہ آسمان بھی ایک دوسرے کے اوپر ہیں اس لیے انہیں طرائق فرمایا۔ اور اگر یہ طریق کی جمع ہو تو اس کا مطلب ہوگا کہ ہم نے سیارات سبعہ کے لیے سات مدار مقرر کر دیے ہیں جن کے اوپر وہ مصروف حرکت رہتے ہیں۔ ۱۹ یعنی ہم نے آسمانوں

وَ اَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِی الْاَرْضِ ﳓ وَ اِنَّا

اور ہم نے اتارا آسمان سے پانی اندازہ کے مطابق ۳۳ پھر ہم نے ٹھیرا دیا اسے زمین میں اور یقیناً ہم

عَلٰى ذَهَابٍۭ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِیْلٍ

اسے بالکل ناپید کرنے پر پوری طرح قادر ہیں ۳۴ پھر ہم نے اگائے تمہارے لیے اس پانی سے باغات کھجوروں

کی تخلیق، علم و حکمت کے بغیر نہیں کی کہ یوں ہی اوٹ پٹانگ بنا کر انہیں کھڑا کر دیا گیا ہو بلکہ ان میں ہماری حکمت، قدرت اور علم محیط کے آثار و شواہد ہر جگہ چشم بینا کو نظر آ رہے ہیں۔ اس کا یہ مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے کہ کائنات کو پیدا کر کے ہم ان کی ضروریات سے غافل نہیں ہو گئے بلکہ چھوٹی بڑی ہر چیز کے لیے تمام ایسے وسائل اور اسباب ہم نے مہیا کر دیئے ہیں جو اس کی بقا اور نشوونما کے لیے ضروری ہیں اور جو اسے اس کے مقررہ وقت تک زندہ و سلامت رکھنے کے ضامن ہیں۔ ای فی القیام بمصالحہ وحفظہ وھو معنی الحی القیوم۔

۳۳ یہاں سے اپنے دوسرے انعام کا ذکر ہے کہ ہم تمہاری ضروریات کے مطابق بارش برساتے ہیں اس سے تمہاری کھیتیاں سیراب ہو جاتی ہیں تمہارے پینے کے لیے نالابوں میں پانی جمع ہو جاتا ہے لیکن جو تمہاری وقتی ضروریات سے بچ جاتا ہے وہ ضائع نہیں ہوتا بلکہ ہم اس کو اپنے مخفی ذخیروں میں جمع کر لیتے ہیں اور تم ہر وقت ان سے مستفید ہوتے رہتے ہو۔ یہ کنوئیں، یہ ٹیوب ویل، یہ دریا، یہ چشمے جن سے تم اپنی ضروریات پوری کرتے ہو ان میں ہمارے انہی مخفی آبی ذخیروں سے ہی تو پانی آ رہا ہے۔ میدانوں اور صحراؤں کو تو رہنے دو ذرا پہاڑوں کی بلند چوٹیوں پر جا کر دیکھو ہم نے کس طرح پانی کی بہم رسانی کا وہاں مکمل انتظام کر رکھا ہے۔ وہاں تم کنواں کھود کر یا ٹیوب ویل لگا کر زمین کے شکم سے پانی نہیں نکال سکتے۔ کوئی نہر جاری نہیں کر سکتے۔ اگر اس کائنات کا خالق علیم و قدیر نہ ہوتا تو وہاں پانی مفقود ہوتا اور پانی کی عدم موجودگی کی وجہ سے وہاں انسانی حیوانی اور نباتاتی زندگی کا نام و نشان تک نہ ہوتا۔ یہ ہماری حکمت اور علم کا کتنا بڑا کرشمہ ہے کہ پانی جو ہمیشہ نشیب و پستی کی طرف بہتا ہے ہزاروں فٹ کی بلندی پر ہماری واٹر سپلائی سکیم کے ماتحت نصب کیے ہوئے فواروں سے کس زور شور اور کثرت سے ابل رہا ہے کہ وہاں کی ضروریات پوری ہونے کے بعد وہ دریاؤں کی شکل اختیار کر کے میدانی علاقوں میں بہتا ہوا آ نکلتا ہے اور جہاں جہاں سے یہ دریا گزرتے ہیں لاکھوں ایکڑ رقبہ سیراب ہوتا جاتا ہے۔

۳۴ یہ نہ سمجھو کہ نظام عالم کو پیدا کرنے کے بعد اب ہمارا اس سے کوئی تعلق نہیں رہا جو بن گیا سو بن گیا اب اس میں ہم اپنے اختیار سے کوئی رد و بدل نہیں کر سکتے۔ اگر تمہاری نگاہ حقیقت آشنا ہے تو تمہیں صاف نظر آ جائے گا کہ ہماری قدرت اور ہماری حکیمانہ تدبیر آج بھی کائنات کی زلف برہم اور گیسوئے پریشاں کو درست کر رہی ہے۔ اگر ہم چاہیں تو پانی کو اس طرح ناپید کر دیں کہ تم اس کی ایک ایک بوند کے لیے ترس جاؤ اور تمہاری آب رسانی کی ساری

وَّ اَعۡنَابٍ ۘ لَكُمۡ فِيۡهَا فَوَاكِهُ كَثِيۡرَةٌ وَّمِنۡهَا تَاۡكُلُوۡنَ ۙ﴿۱۹﴾ وَشَجَرَةً

اور انگوروں کے تمھارے لیے ان میں بہت سے پھل ہیں اور ان میں سے تم کھاتے بھی ہو نیز پیدا کیا ایک

تَخۡرُجُ مِنۡ طُوۡرِ سَيۡنَآءَ تَنۡۢبُتُ بِالدُّهۡنِ وَصِبۡغٍ لِّلۡاٰكِلِيۡنَ ﴿۲۰﴾

درخت جو اُگتا ہے طور سینا میں ۳۱ وہ اُگتا ہے تیل لیے ہوئے اور سالن لیے ہوئے کھانیوالوں کے لیے

وَاِنَّ لَكُمۡ فِى الۡاَنۡعَامِ لَعِبۡرَةً ؕ نُسۡقِيۡكُمۡ مِّمَّا فِىۡ بُطُوۡنِهَا وَلَكُمۡ

اور بیشک تمھارے لیے جانوروں میں بھی غور و فکر کا مقام ہے ۳۲ ہم پلاتے ہیں تمھیں اس (دودھ) سے جو انکے شکموں میں ہے

فِيۡهَا مَنَافِعُ كَثِيۡرَةٌ وَّمِنۡهَا تَاۡكُلُوۡنَ ۙ﴿۲۱﴾ وَعَلَيۡهَا وَعَلَى الۡـفُلۡكِ

اور تمھارے لیے ان میں طرح طرح کے بہت فائدے ہیں اور انھیں کے گوشت سے تم کھاتے ہو۔ اور ان پر اور کشتیوں پر تمھیں سوار

سکیں دھری کی دھری رہ جائیں۔

۳۱ اس سے مراد زیتون کا درخت ہے کیونکہ طور کے علاقہ میں وہ بکثرت پیدا ہوتا ہے اور اس خطہ کی اہم پیداوار شمار کیا جاتا ہے اس لیے اس کی نسبت وادیٔ طور کی طرف کرتے ہیں اور ہو سکتا ہے کہ یہ علاقہ اس درخت کا وطن اصلی ہو اور یہاں سے لے جا کر اس کی کاشت دوسرے علاقوں میں کی گئی ہو۔ صبغ کہتے ہیں اُس چیز کو جو سالن کے طور پر استعمال کی جائے کیونکہ اس کا اصلی معنی رنگنا ہے۔ اور جب لقمہ سالن میں ڈالا جاتا ہے تو وہ اس سے رنگین ہو جاتا ہے کل ادام یؤتدم به فهو صبغ۔

۳۲ اس آیت میں اپنی ایک اور نعمت کا ذکر فرمایا کہ مویشیوں کے شکم میں تو خون، گوبر، پیشاب کی گندی چیزیں ہوتی ہیں۔ یہ کس کی حکمت کی جلوہ نمائی ہے کہ اس میں سے تمھارے پینے کے لیے وہ ایک ایسی چیز نکالتا ہے جو اپنے رنگ، ذائقہ، بو، تاثیر میں کسی طرح کی مشابہت ان چیزوں سے نہیں رکھتی پھر اس دودھ کے پینے سے صرف تمھاری پیاس ہی نہیں بجھتی بلکہ اس میں اتنی غذائیت رکھ دی ہے جو کسی اور غذا میں اس افراط اور عمدگی سے موجود نہیں۔ اور مویشیوں سے تمھیں صرف یہی فائدہ حاصل نہیں بلکہ تم ان سے کثیر التعداد اور گوناگوں منفعتیں حاصل کرتے ہو۔ پھر بھی اگر تم اپنے منعم حقیقی کا شکریہ ادا نہ کرو تو یہ بے انصافی کی حد ہوگی۔ آیت میں "عبرۃ" کا لفظ تشریح طلب ہے۔ علامہ راغب اصفہانی نے اس کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے: العبرة مختصة بالحالة التي يتوصل بها من معرفة الشاهد الى ما ليس بشاهد (مفردات) یعنی مشاہد کی معرفت سے غیر مشاہد تک پہنچنا۔ اسی لیے اس کا ترجمہ غور و فکر سے کیا گیا ہے۔

ع ۲ تُحۡمَلُوۡنَ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا نُوۡحًا اِلٰی قَوۡمِهٖ فَقَالَ یٰقَوۡمِ اعۡبُدُوا

کیا جاتا ہے۔ اور ہم نے بھیجا نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف ۳۱ تو آپ نے فرمایا اے میری قوم!

اللّٰهَ مَا لَكُمۡ مِّنۡ اِلٰهٍ غَيۡرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ الۡمَلَؤُا الَّذِيۡنَ

اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو نہیں ہے تمہارا کوئی خدا اس کے بغیر کیا تم (بت پرستی کے انجام سے) نہیں ڈرتے۔ تو کہنے لگے ۳۲ وہ سردار

كَفَرُوۡا مِنۡ قَوۡمِهٖ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ ۙ يُرِيۡدُ اَنۡ يَّتَفَضَّلَ

جنھوں نے کفر اختیار کیا تھا ان کی قوم سے کہ نہیں ہے یہ مگر بشر تمہارے جیسا یہ چاہتا ہے کہ اپنی بزرگی جتلائے

۳۱ یہاں سے پھر بعض جلیل القدر پیغمبروں کا تذکرہ شروع ہے جو پیغام انھوں نے اپنی اپنی قوم کو پہنچایا، ان قوموں کی مسخ شدہ ذہنیت پر اس دعوت کا جو ناموافق اثر ہوا، جو جو اعتراضات انھوں نے اپنے مخلص اور بے لوث رہنماؤں پر کیے اور جن الزامات سے انھیں متہم کیا، اور پھر انھیں جو پیہم سرکشی کی جو عبرتناک سزا ملی، ان تمام امور کو بیان فرمایا گیا۔ مقصد کفارِ مکہ کو خوابِ غفلت سے جھنجوڑنا ہے، اور انھیں بتانا ہے کہ اپنی اس باغیانہ روش سے باز آجاؤ ورنہ تمہارا انجام بھی ایسا ہی ہولناک ہوگا۔

۳۲ ہمیشہ اہلِ ثروت اور اصحابِ اقتدار صالحین کی مخالفت میں پیش پیش ہوتے ہیں کیونکہ انھیں کا وجود ساری خرابیوں اور فسادات کا منبع ہوتا ہے اور اصلاح کی براہِ راست زد بھی ان کے اقتدار اور ان کے مفاد پر پڑتی ہے اس لیے وہ عوام کے دلوں میں طرح طرح کے شبہات ڈال کر انہیں اہلِ حق سے برگشتہ کرنے کی سرتوڑ کوشش کرتے ہیں۔ انبیاء کے خلاف سب سے پہلے وہ یہ ہتھیار استعمال کرتے ہیں کہ یہ بشر ہیں، یہ ہماری طرح کا انسان ہے، بھلا یہ بھی کبھی نبوت کے منصب عالی پر فائز ہو سکتا ہے؟ یہ ہتھیار اکثر کارگر ثابت ہوا کیونکہ جس انسان سے وہ متعارف تھے جس انسان کے کردار سے وہ واقف تھے اور جس انسانیت کی نمائندگی ان کے یہ رؤسا اور سرداران قوم کر رہے تھے وہ تو ساری بدمعاشیوں سفاکیوں دھوکہ بازیوں کا پلندہ تھی سنگدل، بے رحم، لالچی، عیاش اور بدکار یہی تو وہ انسان تھا جسے وہ صبح و شام اپنے گرد و پیش دیکھنے کے عادی تھے۔ ایسا انسان نبی بن جائے ناممکن ہے، ایسا انسان خدا کی طرف سے اس کا پیغام پہنچانے کے لیے منتخب ہو، قطعاً غلط۔ وہ بیچارے مجبور تھے، صالح انسان، نیک انسان، پاکباز انسان ان کے معاشرہ میں تھا کہاں، کہ وہ اُسے دیکھتے اور یہ سمجھتے کہ انسان ایسے بھی ہوتے ہیں۔ انسان کی اس عظمت سے وہ یکسر ناآشنا تھے جو عَلَّمَ اٰدَمَ الۡاَسۡمَآءَ کی وجہ سے اسے مرحمت ہوئی ہے۔ وہ انسان کی ان بے پناہ خوبیوں اور بے انداز کمالات سے قطعاً بے خبر تھے جو نَفَخۡتُ فِیۡهِ مِنۡ رُّوۡحِیۡ کی برکت سے انسان کو بخشی گئی ہیں۔ اس لیے جب کوئی نبی کسی قوم کو دعوتِ حق دیتا تو اس قوم

عَلَيْكُمْ ۗ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِیْٓ اٰبَآئِنَا

تم پر ف۹ اور اگر اللہ تعالیٰ (رسول بھیجنا) چاہتا تو وہ اتارتا فرشتوں کو ہم نے نہیں سنی یہ بات (جو تو کہتا ہے) اپنے

الْاَوَّلِیْنَ ۲۴ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰی

پہلے آباؤ اجداد میں نہیں ہے یہ مگر ایسا شخص جسے جنون کا مرض ہو گیا ہے ف۱۰ سو انتظار کرو اس کے انجام کا کچھ

حِیْنٍ ۲۵ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِیْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ۲۶ فَاَوْحَیْنَآ اِلَیْهِ اَنِ

عرصہ آپ نے عرض کی اے رب! (اب) تو ہی میری مدد فرما کیونکہ انھوں نے مجھے جھٹلا دیا ہے۔ تو ہم نے وحی بھیجی ان کی طرف

اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْیُنِنَا وَوَحْیِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ

کہ بناؤ ایک کشتی ہماری نگاہوں کے سامنے اور ہمارے حکم کے مطابق پھر جب آجائے ہمارا عذاب اور پانی ابل پڑے تنور سے

کے رئیس اپنے عوام کی توجہ اس بات کی طرف مبذول کراتے کہ یہ تو انسان ہے، یہ تو تمہاری طرح بشر ہے۔ لوگ خود بخود اس نبی کی دعوت کو حقارت سے ٹھکرا دیتے۔ اس زمانہ کے لوگ اس گمراہی میں مبتلا تھے کہ بشر نبی نہیں ہو سکتا۔ اور آج کل کے بعض لوگ اس غلط فہمی کا شکار ہیں کہ نبی ہماری طرح کا ہی بشر ہوتا ہے اور بس۔ یہ فکری لغزش اپنے نتائج کے لحاظ سے کچھ کم خطرناک نہیں۔ نعوذ باللہ من العثرات کلہا، جلیلہا وخفیہا۔

ف۹ دوسرا ہتھیار جو اہل غرض اور دنیا پرست سردار ان بے غرض اور خدا پرست ہستیوں کے خلاف استعمال کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ یہ خود بڑا بننا چاہتے ہیں، انھیں اقتدار کی ہوس ہے۔ اصلاح و ہدایت کی یہ تحریکیں محض ہتھکنڈے ہیں۔ ممکن ہے وہ انبیاء اور دیگر مصلحین کی نیکی اور تقویٰ کے دل سے قائل ہوں، لیکن اپنی دنیاوی جاہ و حشمت کے تحفظ کے لیے وہ ایسا بے بنیاد الزام لگاتے ہوں۔ اور یہ بھی عین ممکن ہے کہ وہ انھیں اپنے آپ پر قیاس کر کے اپنے جیسا خود غرض اور اقتدار و حکومت کا بھوکا یقین کرتے ہوں۔ وجہ کوئی بھی ہو، اہل غرض کا یہ دیرینہ حربہ ہے جو وہ اہل حق کے خلاف استعمال کرتے رہے ہیں اور اب بھی کرتے ہیں اور شاید اس وقت تک کرتے رہیں گے جب تک عوام کی وہ آنکھ پوری طرح نہ کھل جائے جو نیک و بد، مصلح و مفسد، مخلص اور خود غرض میں امتیاز کر سکتی ہے۔

ف۱۰ وہ کہتے ہیں یہ عجیب و غریب باتیں جو آج تک نہ ہم نے سنیں اور نہ ہمارے آباؤ اجداد نے سنیں یقیناً کسی جناتی اثر کا نتیجہ ہیں۔ ورنہ جس کے ہوش و حواس درست ہوں وہ بھی کبھی ایسی بے بنیاد باتیں کرتا ہے؟ ساتھ ہی وہ اپنے عوام کو کہتے کہ تم ان کی چکنی چپڑی باتوں میں نہ آجانا، کچھ دیر انتظار کرو، حقیقتِ حال خود بخود واضح ہو جائے گی۔

فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ

تو داخل کر لو اس میں ہر جوڑے میں سے دو دو اور اپنے گھر والوں کو بجز ان کے جن

عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ

کے بارے میں پہلے فیصلہ ہو چکا ہے ان میں سے، اور گفتگو نہ کرنا میرے ساتھ ان کے متعلق جنہوں نے ظلم کیا، وہ تو ضرور

مُّغْرَقُوْنَ ۝۲۷ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ

غرق کیے جائیں گے۔ پھر جب اچھی طرح بیٹھ جائیں آپ اور آپ کے ساتھی کشتی کے عرشہ پر ۲۱ تو کہنا

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝۲۸ وَقُلْ رَّبِّ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے ہمیں نجات دی ظالم قوم (کے جور و ستم) سے۔ اور یہ بھی عرض کرنا کہ اے

اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۝۲۹ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

میرے رب! اتار مجھے بابرکت ۲۲ منزل پر اور تو ہی سب سے بہتر اتارنے والا ہے بیشک اس قصہ میں ہماری قدرت

۲۱ حضرت نوح علیہ السلام نے جب اپنی قوم کی دلآزاریوں سے تنگ آکر بارگاہِ الٰہی میں فریاد کی تو آپ کو حکم ملا کہ ہماری نگاہوں کے سامنے اور ہماری ہدایت کے مطابق کشتی بناؤ۔ اور جب تنور سے پانی اُبلنے لگے تو سمجھ لینا کہ عذاب الٰہی آن پہنچا ہے۔ اُس وقت خود بھی اُس میں سوار ہو جانا اور اپنے گھر والوں کو بھی سوار کر لینا، اور ہر جانور کا جوڑا جوڑا بھی اس کشتی میں داخل کر لینا۔ لیکن خاندان کے اُن لوگوں کے متعلق میری جناب میں عرض نہ کرنا جن کے متعلق قطعی فیصلہ ہو چکا ہے۔ پھر فرمایا جب تم اور تمہارے ساتھی آرام سے کشتی میں بیٹھ جاؤ اور طوفان کا پانی ہر طرف پھیلنے لگے اور اس کی سطح ہر لحظہ بلند ہوتی جائے جس میں ان کی آبادی ڈوبنے لگے تو اس وقت تم اپنے ربِّ کریم کی حمد و ثنا شروع کر دینا جس نے اس ظالم قوم سے تمہیں نجات دی جو صبح و شام تمہیں اذیتیں پہنچاتی اور مذاق کیا کرتی تھی۔

۲۲ کتنی پیاری دُعا ہے۔ پہلا حکم کشتی میں بیٹھنے کا تھا اور یہ حکم کشتی سے اُترنے کے وقت کے لیے ہے کہ جب صحیح وسلامت اُترنے لگو تو یہ دُعا مانگو۔ مُبَارَكًا۔ یعنی دونوں جہانوں میں خیر و برکت کا باعث ہو۔ گھر میں داخل ہوتے وقت بھی اور ہر نئی جگہ اُترتے وقت بھی یہ دُعا پڑھنی چاہیے۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ جب مسجد میں

وَإِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ۝٣٠ ثُمَّ أَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۝٣١

کی نشانیاں ہیں اور ہم ضرور (اپنے بندوں کی) آزمائش لیتے ہیں۔ پھر ہم نے پیدا فرما دی ان کے (غرق ہونے کے) بعد ۳۳ ایک دوسری جماعت

فَأَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ أَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ إِلٰهٍ

پھر ہم نے ۳۴ بھیجا ان میں ایک رسول اُن میں سے (اس نے انہیں کہا) کہ عبادت کرو اللہ کی، نہیں ہے تمہارا کوئی خدا

غَيْرُهٗ ۭ أَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝٣٢ وَقَالَ الْمَلَأُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ

اس کے سوا، کیا تم (شرک کے انجام سے) نہیں ڈرتے ہو۔ تو بولے ان کی قوم کے سردار جنہوں نے کفر کیا تھا اور جنہوں نے

كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَأَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَآ إِلَّا

جھٹلایا تھا قیامت کی حاضری کو اور ہم نے خوشحال بنا دیا تھا انہیں دنیوی زندگی میں۔ (وہ لوگوں سے کہنے لگے) نہیں ہے یہ مگر

بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَأْكُلُ مِمَّا تَأْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ۝٣٣

ایک بشر تمہاری مانند، یہ کھاتا ہے وہی خوراک جو تم کھاتے ہو اور پیتا ہے اس سے جو تم پیتے ہو۔

وَلَئِنْ أَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ ۙ إِنَّكُمْ إِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝٣٤ أَيَعِدُكُمْ أَنَّكُمْ

اور اگر تم پیروی کرنے لگے اپنے جیسے بشر کی تو تم تب نقصان اٹھانے والے ہو جاؤ گے۔ کیا وہ تم سے یہ وعدہ کرتا ہے

إِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا أَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ۝٣٥ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ

کہ تم جب مر جاؤ گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جاؤ گے تو تمہیں (پھر قبروں سے) نکالا جائے گا۔ یہ بات عقل سے بعید، بالکل بعید

تشریف لے جاتے تو یہ دعا پڑھا کرتے۔

۳۳ اس سے مراد قوم عاد یا قوم ثمود ہے۔

۳۴ بالکل وہی دعوت ہے۔ قوم کے رئیسوں کا وہی ردِ عمل ہے اور وہی اعتراضات و شبہات ہیں جن کا ذکر ابھی گزرا۔

لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿٣٦﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا

جس کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے۔ نہیں ہے کوئی اور زندگی سوائے ٣٥ ہماری اس دنیوی زندگی کے یہیں ہمارا مرنا ہے اور یہیں

نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿٣٧﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلُ ۨ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّ

ہمارا جینا۔ اور ہمیں دوبارہ نہیں اٹھایا جائیگا۔ وہ نہیں مگر ایسا شخص جس نے بہتان لگایا ہے اللہ تعالیٰ پر جھوٹا اور

٣٥ انسانی زندگی کے متعلق یہ عقیدہ ان کے ذہنوں میں راسخ ہو چکا تھا کہ بس یہی دنیاوی زندگی ہے جو ہم نے اس جہان میں بسر کرنی ہے۔ اس کے علاوہ اور کوئی زندگی نہیں۔ اس غلط فہمی میں مبتلا ہونے کے باعث وہ اپنی ساری جدوجہد اس زندگی کو آرام وہ اور باوقار بنانے کے لیے اور زیادہ سے زیادہ مال و جاہ حاصل کرنے کے لیے صرف کر دیتے تھے لیکن انسانی زندگی کے متعلق ان کا یہ تصور سراسر غلط تھا۔ یہ دنیا دار العمل ہے، دار الجزا نہیں۔ یہاں ہم دیکھتے ہیں کہ ایک آدمی بدکار ہوتے ہوئے عزت و آرام کی زندگی بسر کرتا ہے اور دوسرا آدمی نیک، مخلص اور اپنی قوم کا بلکہ نوع انسانی کا سچا بہی خواہ ہونے کے باوجود عمر بھر طرح طرح کی مصیبتوں اور آزمائشوں میں مبتلا رہتا ہے۔ اگر موت ہی انسانی زندگی کے قافلہ کی آخری منزل ہوتی تو اس سے بڑی بے انصافی اور کیا ہو سکتی ہے کہ وہ انسان جو نیک اور مخلص ہے، وہ عمر بھر کانٹوں پر لوٹتا رہے اور جو بدمعاش اور سفاک ہے، وہ داد عیش دیتا رہے۔ اس صورت میں ان اخلاقی قدروں کو جن سے انسانی عظمت وابستہ ہے کون اپنائے گا؟ بلکہ کون انہیں اچھا جانے گا؟ وہ جانباز جو اپنی جوانی اور شباب کی رنگینیوں کو اپنی قوم اور وطن کی آزادی پر قربان کر دیتا ہے اس سے تو وہ غدار اچھا جس نے اگرچہ اپنی قوم کی عزت کا سودا دشمن سے کیا لیکن اپنی زندگی آن بان سے گزاری، اور اپنی اولاد کے لیے ڈھیروں سونا چھوڑ گیا محض یہ کہہ دینا کہ نیک کام کرنے والے کا نیک نام باقی رہ جاتا ہے اور اس کے ذکر سے تاریخ کے صفحات مزین ہوتے ہیں، اور یہی اس کی جانبازی کا صلہ ہے، یہ کہنا بھی بہت بڑی زیادتی ہے۔ اللہ تعالیٰ جو عادل اور حکیم ہے، کہ اس کی فرمانروائی میں ایسی دھاندلی قطعاً قابل برداشت نہیں۔ اس لیے اس کی حکمت کا یہ تقاضا ہے کہ اس فانی زندگی کے بعد ایک باقی زندگی بھی ہو۔ جہاں عدل و انصاف کے سارے تقاضے پورے کیے جائیں۔ نیک اور مخلص لوگوں کو ان کی مخلصانہ جدوجہد کا پورا پورا صلہ دیا جائے۔ اور بدکاروں کو ان کے کرتوتوں کی پوری سزا ملے۔

اگر یہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ عادل ہے تو اس دنیا میں ہی عدل کا ظہور کیوں نہیں ہوتا؟ تو اس کے متعلق مختصراً عرض یہ ہے کہ ہماری اس دنیوی زندگی کا دائرہ اتنا محدود ہے کہ اس میں عدل کے سارے تقاضے پوری صورت میں نمودار نہیں ہو سکتے اور بعض گراں بہا اعمال ایسے بھی ہیں جن کا معاوضہ اس دنیا میں نہیں دیا جا سکتا۔ آپ اس نوجوان کو کیا معاوضہ دے سکتے ہیں جس نے اپنی جان حق کو سربلند کرنے کے لیے قربان کر دی ہو؟ انسان اس مسئلہ میں جتنا غور کرتا چلا جائے۔ اس کا عقیدہ

مَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۳۹﴾ قَالَ عَمَّا

ہم تو قطعاً اس پر ایمان نہیں لائیں گے ۔ اس پیغمبر نے کہا میرے رب! اب تو میری مدد فرما کیونکہ انھوں نے مجھے جھٹلا

قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ

دیا ہے ۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا عنقریب ہی یہ لوگ اپنے کیے پر نادم ہو جائیں گے ۔ تو آپکڑا انھیں حقیقی چنگھاڑ نے تو ہم نے انھیں خس و خاشاک

غُثَآءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا

بنا دیا تو برباد ہو جائے وہ قوم جو ستم شعار ہے ۔ پھر ہم نے پیدا فرمائیں ان (کی بربادی) کے بعد کئی قومیں ۔

اٰخَرِيْنَ ﴿۴۲﴾ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۴۳﴾ ثُمَّ

آگے نہیں بڑھ سکتی کوئی قوم اپنی مقررہ میعاد سے اور نہ وہ لوگ پیچھے رہ سکتے ہیں ۔ پھر

اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا

ہم بھیجتے رہے اپنے رسول یکے بعد دیگرے جب کبھی کسی امت کے پاس اس کا رسول آیا تو انھوں نے اسے جھٹلایا ہیں

آخرت کی زندگی پر زیادہ مستحکم اور استوار ہوتا چلا جائے گا۔

۶۷؎ جب اس قوم کی بدکاریاں حد سے تجاوز کر گئیں اور اللہ تعالیٰ کے پیغمبر کو ان کی ہدایت کی کوئی امید نہ رہی تو دعا کے لیے ہاتھ اٹھا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ ہمیشہ کے لیے برباد کر دیے گئے۔ غثاء اس خس و خاشاک کو کہتے ہیں جو پانی کی سطح پر تیرتی جاتی ہے غثاء السیل وھو حمیلہ (مظہری)۔ علامہ قرطبی اس کی تشریح میں لکھتے ہیں: ھو ما یحملہ من بالی الشجر من الحشیش والقصب مما یبس وتفتت یعنی بوسیدہ ٹہنیاں، خشک گھاس اور سرکنڈے وغیرہ۔

۶۸؎ اس قوم کے تباہ و برباد ہونے کے بعد بزم ہستی کو آباد کرنے کے لیے دوسری قوموں کو موقع دیا گیا۔ انھیں زندگی کی سہولتیں اور وسائل بہم پہنچائے گئے۔ انھیں گمراہی سے بچانے اور راہ راست پر ثابت قدم رکھنے کے لیے انبیائے کرام کی تشریف آوری کا سلسلہ جاری رہا لیکن بعد میں آنے والی قوموں نے بھی اپنے رسولوں کے ساتھ وہی سلوک کیا جو ان کے پیش روؤں نے کیا تھا۔ انھوں نے نہ اپنے مخلص انبیاء کی نصیحت کو گوش ہوش سے سنا اور نہ سابقہ امتوں کے ہولناک انجام سے عبرت حاصل کی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ بھی مکافاتِ عمل کے قانون کی زد میں آ گئے اور صفحۂ ہستی سے نیست و نابود کر دیے گئے۔

چند الفاظ کی تشریح: تترا: یتبع بعضہم بعضاً (یکے بعد دیگرے)۔ احادیث: جمع ہے۔ اس کا واحد اُحدوثہ ہے۔

بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝۴۴

ہم بھی ایک کے بعد دوسرے کو ہلاک کرتے گئے اور ہم نے (ان جابر قوموں کو) افسانے بنا دیا پس پھٹکار ہو ایسی قوم پر جو

ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝۴۵

ایمان نہیں لاتی پھر ہم نے بھیجا موسیٰ اور اُن کے بھائی ہارون کو اپنی نشانیاں اور واضح دلیل دے کر

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ۝۴۶ فَقَالُوْٓا

فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف تو انہوں نے بھی غرور و تکبر کیا اور وہ لوگ بڑے سرکش تھے۔ تو انہوں نے کہا

اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ۝۴۷ فَكَذَّبُوْهُمَا

کیا ہم ایمان لے آئیں ان دو آدمیوں پر جو ہماری مانند ہیں، حالانکہ ان کی قوم ہماری غلام ہے پس انھوں نے ان دونوں کو

فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ۝۴۸ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ

جھٹلایا نتیجہ یہ نکلا کہ وہ بھی برباد ہونے والوں میں شامل ہو گئے۔ اور بیشک ہم نے عطا فرمائی موسیٰ کو کتاب تاکہ وہ (ان کی قوم)

يَهْتَدُوْنَ ۝۴۹ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى

ہدایت یافتہ ہو جائے۔ اور ہم نے بنا دیا ۵۰؎ مریم کے فرزند اور اُس کی ماں (مریم) کو اپنی قدرت کی نشانی اور انھیں

اور اس کا معنی ہے قصّے کہانیاں ۔ ما یتحدث بہ ۔

۴۸؎ جب موسیٰ اور ہارون علیہما السلام فرعون اور اُس کے درباریوں کو دعوتِ ایمان دینے کے لیے تشریف لے گئے تو انھوں نے اُن کے خلاف وہ ہتھیار استعمال کیے جو پہلے متکبروں نے استعمال کیے تھے۔ جن کے بارے میں ابھی آپ پڑھ آئے ہیں۔

یعنی یہ دونوں ہماری طرح بشر ہیں۔ ان کی قوم ہماری غلام ہے۔ ان کو اگر ہم نبی مانیں تو انھیں اپنا سردار اور حاکم تسلیم کرنا پڑے گا۔

۵۰؎ امام رازیؒ لکھتے ہیں کہ چاہیے یہ تھا کہ عبارت یُوں ہوتی "وجعلنا ابن مریم و امّہ ایتین" لیکن تثنیہ کے بجائے واحد استعمال کر کے آپ کی بن باپ ولادت کی طرف اشارہ کر دیا۔

رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ۝ يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ

بسایا ایک بلند مقام پر جو رہائش کے قابل تھا اور جہاں چشمے جاری تھے۔ اے (میرے) پیغمبرو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ ۷۰

وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝ وَاِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ

اور اچھے کام کرو۔ بیشک میں جو اعمال تم کر رہے ہو ان سے خوب واقف ہوں۔ اور یہی تمہارا دین ہے اور وہ

اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ۝ فَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ

ایک ہی ہے ۷۱ اور میں تم سب کا پروردگار ہوں سو تم ڈرا کرو مجھ سے لیکن کاٹ کر رکھ دیا انہوں نے اپنی دینی وحدت کو باہمی ۷۲

زُبُرًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى

اختلاف سے پارہ پارہ۔ ہر گروہ اپنے نظریات پر مسرور ہے۔ پس (اے محبوب!) رہنے دو انہیں اپنی مدہوشی

۷۰ ایک روز نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے لوگو! اللہ پاک ہے اور پاکیزہ چیز کو ہی پسند فرماتا ہے نیز اللہ تعالیٰ نے مومنین کو اسی بات کا حکم دیا ہے جس کا حکم اس نے اپنے رسولوں کو دیا تھا۔ اس کے بعد یہ آیت تلاوت فرمائی۔ یاایھا الذین امنوا کلوا من طیبٰت ما رزقنٰکم۔ اے ایمان والو! پاکیزہ و طیب چیزیں کھاؤ جو ہم نے تمہیں عطا فرمائی ہیں۔ پھر ارشاد فرمایا ایک آدمی دور دراز کا سفر کرتا ہے۔ اس کے بال پراگندہ اور غبار آلود ہیں۔ وہ آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر دعا مانگتا ہے یارب! یارب کہتا ہے۔ حالانکہ اس نے جو کھایا ہے وہ بھی حرام ہے جو اس نے پیا ہے وہ بھی حرام جو اس نے پہنا ہوا ہے وہ بھی حرام اور اس کی خوراک بھی حرام مال سے ہے۔ فانّی یستجاب لذالک؟ (تو ایسے حرام خور آدمی کی دعا کیسے قبول ہوگی؟) (رواہ البخاری عن ابی ھریرۃ)۔ اس ارشاد گرامی سے معلوم ہوا کہ قبولیتِ دعا کے لیے رزق حلال ایک بنیادی شرط ہے۔ کاملین امت نے فرمایا ہے کہ اکل حلال (حلال روزی) اور صدق مقال (سچی بات) کا نام ہی ولایت ہے۔

۷۱ امت کا لفظ آیت میں دین اور ملت کے معنی میں مستعمل ہوا ہے۔ الامّۃ ھنا الدین (قرطبی)۔ بتایا یہ جا رہا ہے کہ ہر نبی نے اپنے اپنے وقت میں ایک ہی دین کی طرف لوگوں کو دعوت دی۔ اور اسی دین کا داعی اکمل بن کر میرا یہ برگزیدہ بندہ محمد مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء تشریف لایا ہے۔ اس لیے تمہارا فرض ہے کہ تم اس کی دعوت کو صدق دل سے قبول کرلو۔ اور سارے اختلافات کو ختم کر کے اس دین توحید کے پرچم تلے متحد ہو جاؤ۔ اپنے رب کی معرفت حاصل کرو اور اس کی ناراضگی سے ڈرتے رہو۔

۷۲ انسانی اتحاد کی اس مخلصانہ دعوت کی طرف ان لوگوں نے توجہ نہ دی اور اپنی ذاتی، قبائلی، قومی اور ملکی محدود

حِیْنٍ ﴿۵۴﴾ اَیَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّ بَنِیْنَ ﴿۵۵﴾ نُسَارِعُ

میں ۳۲؎ کچھ وقت تک۔ کیا یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ ہم جو ان کی مدد کر رہے ہیں ۳۳؎ مال و اولاد کی کثرت سے تو ہم جلدی کر

لَهُمْ فِی الْخَیْرٰتِ ؕ بَلْ لَّا یَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ هُمْ مِّنْ

رہے ہیں انھیں بھلائیاں پہنچانے میں (ایسا) نہیں بلکہ وہ (حقیقت حال سے) بے خبر ہیں۔ بے شک وہ لوگ جو اپنے رب کے

مصلحتوں اور مفادات پر انسانی اتحاد کو قربان کر دیا۔ اس طرح ایک آدم کی اولاد، ایک دین کے پیروکار مختلف متحارب گروہوں میں بٹ کر رہ گئے۔ اور ہر گروہ نے اپنے نظریات کو ہی حق یقین کر لیا۔

۳۲؎ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حکم دے رہے ہیں کہ ان کوتاہ اندیش اور خود غرض لوگوں کو کچھ عرصہ اسی غفلت میں رہنے دو۔ آپ نے انہیں سمجھانے کا حق ادا کر دیا لیکن ان کے عناد اور تعصب میں ذرا فرق نہیں ہوا۔ جب عذاب انھیں چاروں طرف سے گھیرے گا تب ان کی آنکھیں کھلیں گی۔ لفظ غمرۃ کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں والغمرۃ فی اللغۃ ما یغمرک ویعلوک ومنہ الغمر الحقد لانہ یغطی القلب والغمر الماء الکثیر لانہ یغطی الارض المراد ھنا الحیرۃ والغفلۃ والضلالۃ یعنی لغت میں غمرۃ اس چیز کو کہتے ہیں جو تجھے ڈھانپ لے اور تیرے سر سے بھی بلند ہو جائے۔ اسی لیے حسد کو غمر کہا جاتا ہے کیونکہ وہ دل کو ڈھانپ لیتا ہے اور کثیر پانی کو بھی غمر کہتے ہیں کیونکہ وہ سطح زمین پر پھیل کر اس کو چھپا دیتا ہے۔ یہاں اس لفظ سے مراد حیرت، غفلت اور ضلالت ہے جس میں وہ لوگ مبتلا تھے۔

۳۳؎ کئی دفعہ بعض حکمتوں کے پیش نظر گمراہ اور بدکردار لوگوں کی باگ ڈھیلی چھوڑ دی جاتی ہے۔ گمراہی اور بدکاری کے باوجود ان کا کاروبار خوب چمکتا ہے۔ جاہ و مال میں اضافہ ہوتا ہے، رہنے کے لیے خوشنما بنگلے، سواری کے لیے بہترین کاریں میسر آجاتی ہیں تو وہ اس غلط فہمی میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ شاید وہ بڑے اچھے کام کر رہے ہیں اسی لیے تو اللہ تعالیٰ ان پر اتنا مہربان ہے ان کی اس غلط فہمی کو دور کرنے کے لیے فرمایا جا رہا ہے کہ یہ لوگ حقیقت حال سے بے خبر ہیں یہ دولت کی کثرت، اور جاہ و جلال میں ترقی محض اس لیے ہے کہ ان کو ایک طویل اور کٹھن آزمائش میں مبتلا کر دیا جائے۔ اگر انہیں کچھ عقل ہوتی تو وہ اپنے دامن پر گناہوں کے بدنما داغ دیکھ کر شرما جاتے۔ ان کے وہ ہاتھ جو بے گناہوں کے خون سے رنگین ہیں کیا انھیں بتا نہیں رہے کہ تم مجرم ہو، تم ظالم اور سفاک ہو۔ تم اس قابل نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی چشم لطف و احسان تمہاری طرف مائل ہو۔ دولت کی قلت جس طرح خدا تعالیٰ کی ناراضگی کی دلیل نہیں اسی طرح دولت کی کثرت اس کی رضامندی کی دلیل نہیں۔ اصل چیز عقیدہ اور عمل کی صحت ہے۔ علماء کرام نے یہ تصریح کی ہے کہ اگر کسی نیک آدمی پر اللہ تعالیٰ انعامات کے دروازے کھول دے اور اس سے خرق عادت چیزیں ظہور پذیر ہوں تو اسے کرامت کہا جاتا ہے اور اگر کسی بدعقیدہ اور

خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾

خوف سے ڈر رہے ہیں ف۲ اور وہ جو اپنے رب کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّ

اور وہ جو اپنے رب کے ساتھ (کسی کو) شریک نہیں بناتے اور وہ جو دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اس

قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾ اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ

حال میں کہ ان کے دل ڈر رہے ہیں (اس خیال سے) کہ وہ ایک دن اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں یہی لوگ جلدی کرتے ہیں

شریعت کے نافرمان سے کوئی عجیب وغریب بات ظاہر ہو تو اسے استدراج کہا جاتا ہے جس سے وہ خود بھی آہستہ آہستہ گمراہی کی پستیوں میں گرتا جاتا ہے اور اپنے ثناخوانوں کو بھی فتنہ وابتلا میں مبتلا کر دیتا ہے۔

ف۳ پہلے کفار کے نظریات، ان کے حالات اور ان کی خوش فہمیوں کا تذکرہ ہوا کہ وہ کس طرح اپنی گمراہی پر نازاں ہیں کس طرح دنیا کی نعمتوں کو خدا کا انعام سمجھ کر اپنی راست روی کا یقین کر بیٹھے ہیں کس طرح اہل ایمان کی عسرتوں، تکلیفوں اور بے بسیوں کو اس بات کی دلیل ٹھہرا رہے ہیں کہ یہ لوگ راہ راست سے بھٹک گئے ہیں اسی لیے ٹھوکریں کھا رہے۔ کفار کے تذکرہ کے بعد اب اہل حق کی خصوصیات کو نمایاں فرمایا جا رہا ہے کہ یہ لوگ سراپا عجز ونیاز اور اطاعت وانقیاد ہیں اس کے باوجود انہیں اپنی کوتاہیوں کا احساس چین نہیں لینے دیتا۔ اللہ تعالیٰ کی عظمت وکبریائی کا جب خیال آتا ہے تو لرز جاتے ہیں اللہ تعالیٰ کا جو حکم اس کا نبی انہیں بتاتا ہے بلا چون وچرا اسی کو قبول کر لیتے ہیں۔ اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتے اور مال ودولت جو اللہ تعالیٰ نے انہیں عطا فرمائی ہے اس سے اس کی راہ میں کھلے دل سے خرچ کرتے ہیں لیکن باایں ہمہ یہ گھمنڈ کبھی دل میں پیدا نہیں ہوا کہ ہم نے راہ خدا میں اتنا خرچ کر دیا، اور نہ کسی پر احسان جتلاتے ہیں، بلکہ ان کو ہمیشہ یہ احساس بے چین کیے رکھتا ہے کہ جو ہم نے دیا ہے وہ اس مالک نے قبول بھی کیا ہے یا نہیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بارگاہ رسالت میں وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا کے متعلق گزارش کی اھم الذین یشربون الخمر ویسرقون۔ کیا یہ وہ لوگ ہیں جو شراب پیتے ہیں اور چوری کرتے ہیں، اس وجہ سے ان کے دل خوف سے کانپتے رہتے ہیں۔ حضور نے ارشاد فرمایا: لَا یا بنت الصدیق ولکنھم الذین یصومون ویصلون ویتصدقون وھم یخافون ان لا یقبل منھم اُولٰٓئِكَ الذین یسارعون فی الخیرات۔ (قرطبی)

”اے صدیق کی لخت جگر! ایسا نہیں ہے بلکہ یہ وہ لوگ ہیں جو روزے رکھتے ہیں، نماز پڑھتے ہیں، صدقہ دیتے ہیں اور اس کے باوجود ڈرتے رہتے ہیں کہ شاید ان کے یہ اعمال بارگاہ الٰہی میں منظور نہ ہوں۔ یہی وہ لوگ ہیں جو نیکیوں میں تیز رفتار ہیں۔

فِي الْخَيْرَاتِ وَهُمْ لَهَا سَابِقُونَ ﴿٦١﴾ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا

بھلائیاں کرنے میں ۳۶ اور وہ بھلائیوں کی طرف سبقت لے جانے والے ہیں اور ہم تکلیف نہیں دیتے کسی شخص کو مگر جتنی اس کی طاقت

وَلَدَيْنَا كِتَابٌ يَنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٦٢﴾ بَلْ قُلُوبُهُمْ

ہے اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے جو سچ بولتی ہے اور ان پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا۔ بلکہ ان کے دل مدہوش

فِي غَمْرَةٍ مِنْ هَٰذَا وَلَهُمْ أَعْمَالٌ مِنْ دُونِ ذَٰلِكَ هُمْ لَهَا

ہیں ۳۷ اس (خوفناک حقیقت) سے اور ان کے اعمال مومنوں کے اعمال سے مختلف ہیں۔ یہ (نابکار) ان بُرے کاموں کو

عَامِلُونَ ﴿٦٣﴾ حَتَّىٰ إِذَا أَخَذْنَا مُتْرَفِيهِمْ بِالْعَذَابِ إِذَا هُمْ يَجْأَرُونَ ﴿٦٤﴾

ہی کرنے والے ہیں۔ یہاں تک کہ جب ہم پکڑیں گے ان کے خوشحال لوگوں کو عذاب سے، اس وقت وہ چلائیں گے ۳۸

لَا تَجْأَرُوا الْيَوْمَ إِنَّكُمْ مِنَّا لَا تُنْصَرُونَ ﴿٦٥﴾ قَدْ كَانَتْ آيَاتِي تُتْلَىٰ

(ظالمو!) آج نہ چلاؤ ۳۹ تمہاری ہماری طرف سے اب کوئی مدد نہ کی جائیگی۔ (وہ وقت یاد کرو) جب ہماری آیتیں تمہارے

عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُونَ ﴿٦٦﴾ مُسْتَكْبِرِينَ بِهِ سَامِرًا

سامنے پڑھی جاتی تھیں اور تم اپنی ایڑیوں کے بل لوٹ جایا کرتے تھے ۴۰ غرور و تکبر کرتے ہوئے (رات کو حرم میں)

۳۶ دوسرے لوگوں کو تو یہ جلدی ہے کہ مال و دولت سمیٹنے میں وہ کسی سے پیچھے نہ رہ جائیں لیکن یہ اللہ تعالیٰ کے بندے صبح و شام اس فکر میں لگے رہتے ہیں کہ کہیں اعمال صالحہ میں کوئی ان سے آگے نہ بڑھ جائے۔ ع ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بکجا۔

۳۷ یہاں سے پھر بدکاروں اور نابکاروں کا ذکر شروع ہے۔

۳۸ انتہائی عجز و درماندگی کی حالت میں چیخنے چلانے کو جوار کہتے ہیں۔ اصل الجؤار رفع الصوت بالتضرع۔ (قرطبی)

۳۹ انہیں کہا جائے گا آج کیوں چیخ چیخ کر آسمان سر پر اٹھاتے ہو؟ یہ واویلا بے سود ہے۔ اب تم پر قطعاً رحم نہیں کیا جائے گا اور نہ عذاب کی اس دہکتی ہوئی بھٹی سے تمہیں چھٹکارا دلایا جائے گا۔

ع ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

۴۰ جب توبہ کرنے کا وقت تھا جب شرک و کفر سے بیزاری کا اعلان کرنے کی تمہیں بار بار دعوت دی جاتی تھی

تَهْجُرُونَ ﴿٦٧﴾ أَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ أَمْ جَاءَهُم مَّا لَمْ يَأْتِ آبَاءَهُمُ

تم داستان سرائی کیا کرتے تھے اور قرآن کی شان میں بکواس کیا کرتے تھے کیا انھوں نے کبھی تدبر نہ کیا قرآن میں؟ یا آئی تھی ان کے

الْأَوَّلِينَ ﴿٦٨﴾ أَمْ لَمْ يَعْرِفُوا رَسُولَهُمْ فَهُمْ لَهُ مُنكِرُونَ ﴿٦٩﴾ أَمْ

پاس ایسی چیز جو نہ آئی تھی انکے پہلے آباؤ اجداد کے پاس یا انھوں نے اپنے رسول (مکرم) کو نہ پہچانا تھا اس لیے وہ اس کے منکر ہیں

یاد ہے اس وقت تمہارا کیا رویہ ہوا کرتا تھا تم ایسی محفلوں میں شرکت کرنا ہی اپنے لیے کسر شان سمجھتے تھے اور دور سے ہی الٹے پاؤں لوٹ آیا کرتے تھے۔

۱۲۱ تمہارے غرور و نخوت کا کوئی ٹھکانا ہی نہ تھا ذرا یاد کرو ان چاندنی راتوں کو جب صحن حرم میں تمہاری محفلیں جمتی تھیں اور تم وہاں مزے لے لے کر دنیا بھر کے قصے اور افسانے بیان کیا کرتے تھے اور قرآن کریم اور میرے رسول مکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان اقدس میں طرح طرح کی گستاخیاں کیا کرتے تھے۔

سامراً حال ہے، چاہیے تو یہ تھا کہ سامرین ہوتا تاکہ ذوالحال سے مطابقت ہوتی۔ لیکن یہ اسم مفرد ہے اور جمع کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ وھو اسم مفرد بمعنی الجمع۔ جس طرح ثم نخرجکم طفلاً میں طفل مفرد ہے۔ لیکن اس کا معنی اطفال ہے۔ یقال قوم سمرٌ و سُمّرٌ و سامرٌ۔ و معناہ سھر اللیل ماخوذ من السمر وھو مایقع علی الاشجار من ضوء القمر۔ چاندکی چاندنی جو درختوں کی شاخوں اور پتوں پر پڑتی ہے اسے سَمَر کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ قصہ گوئی کی محفلیں عموماً چاندنی راتوں میں ہوا کرتی تھیں اس لیے ان کو سامر کہا گیا۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عشاء کی نماز کے بعد قصہ گوئی کی محفلوں کو ناپسند فرمایا ہے کیونکہ دیر تک جاگتے رہنے سے نماز صبح کے قضا ہونے کا اندیشہ ہے۔

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ لوگوں کو عشاء کے بعد کہانیاں کہنے سے سختی سے روکتے تھے فرماتے اسَمَراً اوّل اللیل و نوماً اٰخرہ ارىحوا کتابکم یعنی یہ بھی کوئی عقلمندی ہے کہ رات کے پہلے حصہ میں دیر تک جاگتے رہو اور اس کے آخری حصہ میں جو نزول رحمت کا وقت ہوتا ہے، سوتے رہو۔ اب تو اپنے کراماً کاتبین کو دم لینے دو۔ (قرطبی)، لیکن علمی مذاکرے، تبلیغی جلسے، ذکر اذکار کی محفلیں اور دیگر نیک کاموں میں اگر انسان مشغول ہو تو یہ ممنوع نہیں۔

۱۲۲ یعنی جو رسول اتنی دل سوزی اور اخلاص سے بار بار دعوت حق دے رہا ہے۔ یہ کوئی اجنبی شخص نہیں ہے جس سے یہ متعارف نہ ہوں جس کا ماضی ان کی نگاہوں سے مخفی ہو یہ سب لوگ اس ذات اقدس کو اچھی طرح پہچانتے ہیں اس کی عالی نسبی، اس کی خاندانی شرافت، اس کے ذاتی اوصاف و اخلاق سے خوب آگاہ ہیں۔ کل تک انھیں کی زبانیں اسے صادق اور امین کے معزز القاب سے خطاب کرتی رہی ہیں۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے نجاشی کے دربار میں اپنے دین کا

يَقُوۡلُوۡنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلۡ جَآءَهُمۡ بِالۡحَـقِّ وَاَكۡثَرُهُمۡ لِلۡحَـقِّ

رہے۔ یا کہتے ہیں کہ اسے سودا کا مرض ہے ۱۳۳ (نہیں نہیں) بلکہ وہ تشریف لایا ان کے پاس حق کے ساتھ۔ اور بیشتر لوگ

كٰرِهُوۡنَ ۝۷۰ وَلَوِ اتَّبَعَ الۡحَـقُّ اَهۡوَآءَهُمۡ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالۡاَرۡضُ

ان میں سے حق کو ناپسند کرتے ہیں۔ اور اگر پیروی کرتا حق ان کی خواہشات (نفسانی) کی ۱۳۵ تو درہم برہم ہو جاتے آسمان اور زمین

تعارف ان الفاظ میں کرایا تھا۔ "ايها الملك ان الله تعالى بعث فينا رسولاً نعرف نسبه وصدقه وامانته" اے بادشاہ! اللہ تعالیٰ نے ہم میں ایک رسول مبعوث فرمایا جس کے نسب کو جس کی راست گفتاری کو اور جس کی دیانتداری کو ہم خوب جانتے ہیں۔

۱۳۳ جس کی صداقت و امانت کا تم کل تک اعتراف کرتے رہے ہو آج یک لخت اس کے متعلق تمہاری رائے کیوں بدل گئی ہے۔ یہ انقلاب اچانک کیسے رُونما ہو گیا کہ اب تم اس کے متعلق یہ خیال کرنے لگے ہو کہ انھیں سودا ہو گیا ہے انھیں جنون کا دورہ پڑنے لگا ہے۔ نہیں یہ کچھ بھی نہیں البتہ وہ ایک ایسا دین ہدایت لے کر تشریف فرما ہوا ہے جو تمہاری خواہشات اور آبائی عقیدوں کے خلاف ہے اور تم اسے پسند نہیں کرتے اس لیے تم نے آوازے کسنے شروع کر دیے ہیں لیکن یہ تمہاری ناپسندیدگی کسی علمی دلیل پر موقوف نہیں بلکہ اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ تم یہ خیال کرنے لگے ہو کہ اگر ہم نے اس کا دین قبول کر لیا تو ہماری چودھراہٹ ختم ہو جائے گی ہم داد عیش دینے سے روک دیئے جائیں گے۔ اى عنادا و ظلما لحب الرياسة و اتباع الشهوات و تقليد الجهال۔ (مظہری)

۱۳۴ پہلے بتایا کہ یہ لوگ ہمارے نبی مکرم کو خوب جانتے ہیں۔ ان کی عفت و پاکدامنی، ان کی حق گوئی و دیانتداری اور مزید برآں ان کی معاملہ فہمی اور حسن تدبیر کا بھی کئی بار انھوں نے مشاہدہ کیا ہے اور اس کا انھیں آج تک اعتراف بھی رہا ہے۔ آج جو اچانک ان کے تیور بدل گئے ہیں اور ان کی رائے میں انقلاب آگیا ہے اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ وہ ایسی باتیں کہتے ہیں جو ان لوگوں کے عقائد، رسم و رواج اور ان کے ذاتی مفاد سے ٹکراتی ہیں وہ اس لیے میرے حبیب سے خفا ہیں کہ وہ بے شمار خداؤں کی جگہ ایک اور صرف ایک خدا پر ایمان لانے کی دعوت دیتا ہے۔ وہ انھیں غریب اور ضعیف کے ساتھ عدل و انصاف کا حکم دیتا ہے۔ وہ انھیں اخلاقی آوارگی سے باز رہنے کی تلقین کرتا ہے۔ وہ انھیں سُود خوری، شراب نوشی، قمار بازی، رہزنی، اور قزاقی سے سختی سے روکتا ہے۔ وہ خصوصی مراعات اور امتیازات جو ان کے سرداروں اور رئیسوں کو حاصل ہیں وہ انھیں ان مراعات سے دستبردار ہونے کی ہدایت کرتا ہے۔ وہ غریب و امیر، قریشی و غیر قریشی، عربی و عجمی کے سارے امتیازات یک قلم ختم کر دینا چاہتا ہے۔ اگر وہ ایسا نہ کرے تو یہ لوگ آج بھی اس کو اپنی آنکھوں پر بٹھانے کے لیے تیار ہیں۔ وہ اسے آج بھی اپنا فرمانروا اور بادشاہ ماننے کے لیے مستعد ہیں۔ اس آیت میں بڑی وضاحت سے ان کی اس غلط فہمی کو دور کیا جا رہا ہے

وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ۷۱

اور جو کچھ ان میں ہے۔ بلکہ ہم ان کے پاس لے آئے ان کی نصیحت ۸۴ تو وہ اپنی نصیحت سے ہی روگردانی کر رہے ہیں۔

اَمْ تَسْـَٔـلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ڰ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۷۲ وَ

کیا آپ طلب کرتے ہیں ان سے کچھ معاوضہ؟ (آپ کے لیے) تو آپ کے رب کی عطا بہتر ہے اور وہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔

اِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۷۳ وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

اور بے شک آپ تو انھیں بلاتے ہیں سیدھی راہ کی طرف ۸۵ بلاشبہ وہ لوگ جو ایمان نہیں لاتے

بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ۷۴ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ

آخرت پر وہ راہ راست سے منحرف ہونے والے ہیں۔ اور اگر ہم ان پر مہربانی بھی فرمائیں اور دور ۸۶

انھیں بتایا کہ میرا محبوب جو کچھ تمھیں کہتا ہے وہ حق اور سراپا حق ہے۔ اگر وہ تمھاری خواہشات کا احترام کرنے لگے اور تمھارے بتوں کی خدائی کا بھی نعوذ باللہ اعتراف کرلے، قرآن کے لائے ہوئے نظام حیات میں تمھاری رائے کے مطابق ترمیمیں کرنے لگے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ حق رہنمائی اور قیادت کے منصب سے دستبردار ہو کر باطل کی اطاعت اختیار کرلے۔ اگر ایسا ہو جائے تو حق حق نہ رہے بلکہ باطل ہو جائے، اور اگر ایسا ہو جائے تو پھر دنیا کے بقا کی کوئی وجہ نہیں رہے گی۔ اسی وقت قیامت برپا ہو جائے گی اور ہر چیز تہس نہس کرکے رکھ دی جائے گی۔

۸۴ ذکر کا معنی نصیحت اور یاد دہانی ہے۔ لیکن مفسرین نے اس کا ایک اور معنی بھی لکھا ہے جو نہایت مناسب ہے۔ یعنی ذکر سے مراد وہ چیز ہے جو اُن کے لیے عزوشرف کا باعث ہو۔ یعنی ہم نے ان کو ایسی کتاب بخشی جو ان کے لیے موجب صد عزوافتخار ہے اگر وہ اس پر ایمان لائیں اور اس پر عمل کریں تو یہ کتاب ان کی شہرت و ناموری کو چار چاند لگا دے۔ ان کی کوتاہ فہمی اور شوریدہ بختی ملاحظہ ہو کہ وہ اپنے بخت کو دھکے دے رہے ہیں۔ اُن کا آفتاب اقبال طلوع ہو رہا ہے اور یہ برہم ہو رہے ہیں کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے۔

۸۵ اے میرے نبی مکرم آپ تو انھیں ہدایت کی طرف بلاتے ہیں اور اُن کے سامنے ایک ایسا عدیم النظیر لائحہ عمل پیش کرتے ہیں جس سے ان کی ساری خرابیاں دور ہو جائیں۔ لیکن یہ انکار پر مُصر ہیں جب ان کا روز آخرت پر ایمان ہی نہیں تو یہ ان پابندیوں کو کیوں قبول کریں جو آپ پر ایمان لانے کے بعد ان پر عائد ہو جاتی ہیں۔

۸۶ ارشاد ہے یہ لوگ باطل پرستی میں اتنے پختہ ہو گئے ہیں کہ اب ان کو ظلمتوں سے نکالنے کی کوئی کوشش

مِّن ضُرٍّ لَّلَجُّوا فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ﴿٧٥﴾ وَلَقَدْ أَخَذْنَاهُم

بھی کر دیں اس مصیبت کو جس میں مبتلا ہیں پھر بھی وہ بڑھتے جائیں گے اپنی سرکشی میں اندھے بنے ہوئے۔ اور ہم نے پکڑ لیا انھیں

بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُونَ ﴿٧٦﴾ حَتَّىٰ إِذَا

عذاب سے، پھر بھی وہ نہ جھکے اپنے رب کی بارگاہ میں اور نہ وہ اب گڑگڑا کر دعا کرتے ہیں یہاں تک کہ جب

ع ۴ ۲۷ فَتَحْنَا عَلَيْهِم بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيدٍ إِذَا هُمْ فِيهِ مُبْلِسُونَ ﴿٧٧﴾

ہم کھول دیں گے ان پر دروازہ سخت عذاب والا۔ ۷۸ وہ اس وقت بالکل مایوس ہو جائیں گے۔

وَهُوَ الَّذِي أَنشَأَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ ۚ قَلِيلًا

اور وہ وہی ہے جس نے بنائے تمھارے لیے کان اور آنکھیں اور دل لیکن (ان عظیم نعمتوں پر بھی) تم بہت کم

مَّا تَشْكُرُونَ ﴿٧٨﴾ وَهُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿٧٩﴾

شکر ادا کرتے ہو ۷۹ اور وہ وہی ہے جس نے پھیلا دیا تمھیں زمین (کے اطراف) میں اور (انجام کار) اسی کی جناب میں اکٹھے

کامیاب نہیں ہو سکتی ان کا ذہن مسخ ہو گیا ہے۔ نورِ حق کو دیکھنے اور دیکھ کر پہچاننے والی آنکھ اندھی ہو گئی ہے۔ ان پر رحم و کرم کیا جائے یا انھیں آلام و مصائب میں مبتلا کر دیا جائے یہ اب کسی صورت میں ہدایت قبول نہیں کریں گے۔ لجّوا: اللجاج التمادی فی العناد وتعاطی الفعل المزجور عنہ یعنی عناد و مخالفت میں بڑھتے چلے جانا اور جس فعل سے روکا جائے اس کا ارتکاب کرنا۔

یعمہون: العمہ، التردّد فی الامر من حیرۃ۔ حیرت سے کسی کام میں متردد ہونا۔

۷۸ وہ غلط روی سے اس وقت تک باز نہیں آئیں گے جب تک ان پر آخری عذاب کا دروازہ نہ کھل جائے اور انھیں اپنے ہولناک انجام سے دوچار نہ کر دیا جائے اس وقت وہ حیرت اور مایوسی کا شکار ہو جائیں گے اور انھیں کچھ سمجھ نہ آئے گا کہ اب وہ کیا کریں۔ مُبْلِسُوْن حیرت اور مایوسی کے مجموعہ کو کہتے ہیں۔ جب انسان حواس باختہ ہو جائے اور اسے اپنی نجات کے سارے راستے مسدود نظر آنے لگیں۔ مُبْلِسُوْن ای یائسون متحیّرون لا یدرون ما یصنعون۔ (قرطبی)

۷۹ شکر کی بہترین صورت یہ ہے کہ جو نعمت جس مقصد کے لیے دی گئی ہے اسے اسی مقصد کے حصول کے لیے صرف کرنا اور جس نے وہ نعمت عطا فرمائی ہے اس کی عطا کو اسی کی طرف منسوب کرنا۔ شکر کا یہ مفہوم ذہن نشین کرنے کے بعد

وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ

کیے جاؤ گے۔ اور وہی ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور اسی کے اختیار میں ہے گردش لیل و نہار۔

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٨٠﴾ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿٨١﴾ قَالُوْٓا ءَاِذَا

کیا (اتنا بھی) تم نہیں سمجھتے؟ ٨٠ بلکہ انھوں نے بھی وہی بات کہی جو پہلے (کفار) کہا کرتے تھے ٨١ انھوں نے کہا، کیا

مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿٨٢﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ

جب ہم مر جائیں گے اور بن جائیں گے خاک اور ہڈیاں تو کیا ہمیں پھر اٹھایا جائیگا؟ بلاشبہ یہ وعدہ کیا گیا ہم سے اور

اب اس میں غور فرمائیے۔ آپ کو کفار کی ناشکری کا صحیح اندازہ ہو گا۔ کان سننے کے لیے، آنکھیں دیکھنے کے لیے، اور دل غور و فکر کرنے کے لیے مرحمت ہوا۔ اگر کوئی شخص کانوں سے صرف وہی بات سنے اور آنکھوں سے صرف وہی چیز دیکھے جس سے اس کی جسمانی اور نفسانی خواہشات کی تکمیل ہو اور دل سے صرف ان وسائل اور ذرائع پر غور و فکر کرتا رہے جن سے اس کی یہ فانی زندگی عزت و آرام سے بسر ہو لیکن اس کے کان صدائے حق سننے سے بہرے، اور اس کی آنکھیں نورِ حق دیکھنے سے اندھی ہوں، اور اس نے اپنی فکری قوتوں کو اپنی ابدی زندگی کو عزت اور آرام دہ بنانے کے لیے کبھی استعمال نہ کیا ہو تو اس سے بڑھ کر اور ناشکرا کون ہو گا۔

٨٠ اپنی قدرت و حکمت کے بیان کے ساتھ ساتھ اپنے احسانات و انعامات کی طرف بھی ہماری توجہ مبذول کرائی جا رہی ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی قدرت کے حیران کن مناظر جو تمہیں نظر آ رہے ہیں کبھی صبح ہو رہی ہے، کبھی شام ہو رہی ہے کبھی سورج طلوع ہو رہا ہے کبھی غروب ہو رہا ہے وغیرہ وغیرہ۔ ان میں حکمت یہ ہے کہ تمہاری بقا، نشو و نما اور آرام و آسائش کے تمام وسائل بڑی فیاضی سے مہیا کر دیے جائیں۔

٨١ کائنات کے اس دقیق اور حکیمانہ نظم و نسق کو دیکھ کر چاہیے تو یہ تھا کہ وہ سمجھتے کہ یہ ایسے خالق کی قدرت کا شاہکار ہے جو تمام صفاتِ کمال سے متصف ہے۔ اور تمام عاجزیوں اور کمزوریوں سے پاک اور مبرا ہے۔ اس کی قدرتِ کاملہ کے سامنے مُردوں کو زندہ کرنا کوئی مشکل نہیں۔ لیکن عقل و فہم کے ان دشمنوں نے وہی رٹ لگا رکھی ہے جو ان کے آباؤ اجداد نے لگا رکھی تھی کہ یہ ناممکن ہے کہ مرنے کے بعد جب ہم مٹی میں مل کر مٹی ہو جائیں گے اور ہماری ہڈی پسلی بکھر جائے گی تو پھر ہمیں زندہ کیا جائے گا۔ وہ کہتے ہیں کہ جس چیز کی دھمکی آج ہمیں دی جا رہی ہے کہ قیامت آئے گی، گناہوں سے کنارہ کش ہو جاؤ اور متقی و پرہیز گار بن جاؤ، بعینہٖ یہی دھمکی ہمارے آباؤ اجداد کو بھی دی گئی تھی لیکن صدیاں گزر گئیں وہ قیامت جس سے ہمیں ڈرایا جاتا تھا وہ قائم نہیں ہوئی اور ہمیں یقین ہے کہ وہ آئندہ بھی قائم نہیں ہو گی۔ یہ محض قصے کہانیاں ہیں جو ان لوگوں نے

وَ اٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ

ہمارے باپ دادا کے ساتھ بھی آج سے پہلے (لیکن آج تک پورا نہ ہوا) نہیں ہیں یہ باتیں مگر من گھڑت افسانے پہلے لوگوں کے [۵۲]

لِّمَنِ الْاَرْضُ وَ مَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۴﴾ سَيَقُوْلُوْنَ

(اے حبیب!) آپ پوچھیے کس کی ملکیت ہے یہ زمین اور جو کچھ اس میں ہے (بتاؤ) اگر تم جانتے ہو [۵۳] وہ کہیں گے (یہ سب)

گھڑلی ہیں جن کا حقیقت سے کوئی واسطہ نہیں۔

[۵۲] نحو وادب کے امام مبرد نے اساطیر کے لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اساطیر، اسطورہ کی جمع ہے جس طرح احادیث احدوثۃ کی اور اعاجیب اعجوبۃ کی، اور اس کا اطلاق ایسی تحریر پر ہوتا ہے جو محض دل بہلانے کے لیے لکھی گئی ہو، جس کا حقیقت سے کوئی واسطہ نہ ہو۔ ای استعمالہ فیما یکتب کذبًا یتلہی بہ ولہذا فسروہ بالاکاذیب (مظہری)۔ اسی لیے جھوٹی اور بے سروپا باتوں کو اساطیر کہتے ہیں۔

[۵۳] کفار مکہ بلکہ کفار عرب کو حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت پر دو بنیادی اور شدید نوعیت کے اعتراض تھے ایک تو یہ کہ آپ کہتے ہیں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، کہ صرف اللہ تعالیٰ معبود برحق ہے۔ اس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں۔ دوسرا یہ کہ آپ کہتے ہیں کہ قیامت آئے گی اور تمہیں مرنے کے بعد زندہ کیا جائے گا۔ وہ ان دو باتوں کو ماننے کے لیے ہرگز تیار نہ تھے۔ ان کی عقلیں ان چیزوں کو سمجھنے اور ان پر ایمان لانے سے بالکل عاجز تھیں جس کا ذکر قرآن کریم میں متعدد بار ہوا ہے۔ انہم کانوا اذا قیل لہم لا الٰہ الا اللہ یستکبرون ویقولون أئنا لتارکوا آلہتنا لشاعر مجنون۔ جب انھیں یہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی خدا نہیں ہے تو وہ تکبر کا اظہار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کیا ہم اس شاعر اور مجنون کے کہنے پر اپنے خداؤں کو چھوڑ دیں گے ہرگز نہیں۔ دوسرے مقام پر ان کے رد عمل کو یوں بیان کیا گیا ہے اجعل الآلہۃ الٰہًا واحدًا اِنَّ ھٰذا لشیءٌ عُجاب بہت سے خداؤں کی جگہ اس نے صرف ایک خدا بنا دیا ہے کتنی حیرت اور اچنبھے کی بات ہے۔ آخر کار ان کا یہ ابتدائی تعجب و انکار ضد اور عناد کی انتہا کو پہنچ گیا اور انھوں نے صاف صاف کہہ دیا وما نحن بتارکی آلہتنا وما نحن لک بمؤمنین۔ آپ ہمیں لاکھ سمجھائیں اور دلیلیں پیش کریں ہم ہرگز اپنے خداؤں کو نہ چھوڑیں گے اور نہ ہی آپ پر ایمان لائیں گے۔

اب آپ کو ان آیات کے مطالعہ سے واضح طور پر معلوم ہو گیا کہ ان کا اپنے بتوں کے متعلق کیا عقیدہ تھا۔ وہ انھیں الٰہ اور معبود یقین کرتے تھے اور اس میں وہ بڑے سخت اور متعصب تھے۔

اسی طرح قیامت کے ذکر سے بھی وہ برافروختہ ہو جایا کرتے تھے۔ اور کہتے تھے ایسا ہونا ناممکن ہے بالکل ناممکن ھیھات ھیھات لما توعدون۔ اور اس آیت سے ذرا پہلے آپ قیامت کے متعلق ان کا نظریہ پڑھ آئے ہیں،

لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ

اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہے۔ آپ فرمائیے پھر کیا تم غور نہیں کرتے ف۸۳ پوچھیے کون ہے مالک سات آسمانوں کا۔ اور کون

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۸۶﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۸۷﴾

ہے مالک عرش عظیم کا؟ ف۸۴ وہ کہیں گے (یہ سب) اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہے۔ آپ فرمائیے تم اس سے کیوں نہیں

قُلْ مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ

ڈرتے ف۸۵ آپ پوچھیے وہ کون ہے جس کے دستِ قدرت میں ہر چیز کی کامل ملکیت ہے اور وہ پناہ دیتا ہے (جسے چاہے)

أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا... الخ چنانچہ آگے آنے والی آیتوں میں ان کی انہی دو گمراہیوں کا پردہ چاک کیا گیا ہے اور ان کے انہی دو اعتراضوں کا جواب دیا جا رہا ہے۔ اور اسلوب بیان اور انداز استدلال اتنا دندان شکن اور مسکت کہ بجز تسلیم و اقرار کے انھیں کوئی چارہ نہیں رہا۔ فرمایا اے میرے رسول مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم! یہ لوگ جو میری توحید کے منکر ہیں اور قیامت کو خلاف عقل کہتے ہیں انہی سے پوچھو کہ زمین اس میں بلند کوہسار، وسیع و عریض صحرا، یہ آبادیاں یہ بستیاں، یہ ندیاں اور دریا، یہ کھیت اور باغات، اور اس زمین پر بسنے والی ان گنت اقسام و انواع کی بے شمار مخلوقات کا مالک کون ہے بتاؤ اگر تمھیں کچھ واقفیت اور علم ہے۔ خود ہی فرمایا کہ وہ مجبور ہو کر یہی کہیں گے لِلّٰہِ یعنی یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کا ہے۔

ف۸۳ جب تمھیں بھی اس واضح حقیقت کو تسلیم کرنے کے بغیر کوئی چارہ نہیں تو پھر تم اس کے سوا دوسروں کو خدا اور الٰہ کیوں کہتے ہو نیز جو اتنی قدرت کا مالک ہے اس کے لیے کیا مشکل ہے کہ وہ مارنے کے بعد پھر تمھیں زندہ کر دے منتشر ذروں کو جمع کرنا واقعی مشکل ہے لیکن کس کے لیے؟ ہمارے اور تمھارے لیے، نہ اس ذات اعلیٰ و ارفع کے لیے جس کی قدرت کی اعجاز آفرینیوں کا قدم قدم پر تم مشاہدہ کر رہے ہو۔

ف۸۴ پھر فرمایا اے حبیب! ان منکرین توحید اور منکرین قیامت سے ایک اور سوال پوچھو کہ زمین اور مافیہا کے متعلق تو تم نے تسلیم کر لیا اب یہ بتاؤ کہ سات آسمان جن کی وسعت اور بلندی کا اندازہ لگانے سے بھی تم قاصر ہو اور عرش عظیم جو ان سات آسمانوں سے بھی وسیع تر ہے اور انھیں گھیرے ہوئے ہے ان کا رب کون ہے۔ اس کا جواب بھی خود ہی فرمایا کہ وہ ناچار ہو کر کہیں گے کہ یہ سب کچھ بھی اللہ تعالیٰ کا ہے۔

ف۸۵ اب آپ انھیں فرمائیے کہ جب تم نے یہ تسلیم کر لیا کہ آسمانوں اور عرش کا مالک اللہ تعالیٰ ہے تو پھر اس کے بغیر اور کون ہے جو خدائی میں اس کا شریک ہو سکے اور ایسے قادر و توانا کے لیے تمھیں قیامت کے روز زندہ کر کے قبروں سے

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۸﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ﴿۸۹﴾

اور پناہ نہیں دی جاسکتی اس کی مرضی کے خلاف (بتاؤ) اگر تم کچھ علم رکھتے ہو ۸۸ وہ کہیں گے (یہ) اللہ تعالیٰ کی ہی شان ہے فرمائیے پھر کیسے تم دھوکہ میں مبتلا ہو

اٹھانا کیا مشکل ہے۔ ان کھلی صداقتوں کے انکار پر جو خطرناک نتائج مترتب ہوتے ہیں کیا تمھیں ان کا خوف نہیں؟

۸۸ زمین و آسمان اور عرش کے متعلق تو انھوں نے تسلیم کر لیا۔ اے نبی مکرم! اب ان سے یہ تو پوچھو کہ زمین و آسمان میں کوئی بڑی سے بڑی چیز جس کا تم تصور کر سکتے ہو ایسی ہے جو اللہ تعالیٰ کے ملک میں نہ ہو اور جس پر اس کا حکم نہ چل سکے۔ وہ قادر مطلق تو جس کو چاہے پناہ دے۔ کسی کی مجال نہیں کہ اف کر سکے۔ کسی میں یہ طاقت نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف کسی کو پناہ دے سکے۔ اب تم کسی ایسی ہستی کی نشاندہی کرو جو اس صفت سے متصف ہو۔ اس سوال کے جواب میں بھی وہ حسب سابق یہ کہنے پر مجبور ہوں گے کہ بادشاہی ہر چیز اسی کی ملک ہے۔ اسی کے زیر نگیں ہے۔ کسی ہستی میں یہ قوت نہیں کہ زبردستی اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف کسی کو پناہ دے سکے۔ تو اب بتاؤ یہ جاننے کے باوجود کیا تمھیں یہ حق پہنچتا ہے کہ اس کے بغیر کسی کو الٰہ کہو اور اس کو خدا مانو۔ اس کی پوجا پاٹ کرو۔ یا قیامت کا انکار کرو۔

۸۹ تم پر کیسے جادو کر دیا گیا ہے کہ تم ہر چیز کو اس کی اصلیت کے خلاف دیکھتے ہو۔ تُسْحَرُوْنَ سحر سے ہے اور جس طرح پہلے بیان ہوا کہ سحر سے کسی چیز کی حقیقت نہیں بدلتی بلکہ دیکھنے والے کو دھوکا ہوتا ہے چیز ہوتی کچھ ہے اور اسے دکھائی کچھ دیتی ہے۔ یہاں ان مشرکین سے پوچھا جا رہا ہے کہ تم پر کس نے جادو کر دیا ہے کہ بے جان اور بے اختیار بتوں کو تم نے خدائی کی مسند پر بٹھا دیا ہے۔ انھیں الٰہ اور معبود بناتے ہو میرا نبی مکرم تمھیں اس کھلی حماقت سے باز آنے کے لیے کہتا ہے تو تم اس کی سچی بات ماننے سے انکار کر دیتے ہو۔ اور وما نحن بتارکی الھتنا وما نحن لک بمومنین کی رٹ لگانا شروع کر دیتے ہو۔ امام فخر الدین رازی تحریر فرماتے ہیں:-

"اعلم انہ یمکن ان یکون المقصود من ھذہ الآیات الرد علی منکری الاعادۃ وان یکون المقصود علی عبدۃ الاوثان وذالک لان القوم کانوا مقرین باللہ تعالیٰ فقالوا نعبد الاصنام لیقربونا الی اللہ زلفی۔"

یعنی جان لو کہ ان آیات سے مقصود ان لوگوں کا رد کرنا ہے جو حیات بعد الممات کے منکر تھے نیز بتوں کے پجاریوں کا رد ہے جو اللہ کا اقرار تو کرتے تھے لیکن ساتھ ہی بتوں کی عبادت بھی کیا کرتے تھے۔ اور کہتے کہ ان کی عبادت سے ہمیں قرب الٰہی نصیب ہوتا ہے۔

اس تشریح سے آپ پر ان لوگوں کی غلطی بھی آشکارا ہو گئی ہو گی جو اہل السنت والجماعت پر شرک کی تہمت لگاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جس طرح مشرکین مکہ اپنے بتوں کے ساتھ معاملہ کرتے تھے اسی طرح یہ لوگ رسول کے ساتھ اور ولیوں کے ساتھ کرتے ہیں ان میں اور مشرکین مکہ میں کوئی فرق نہیں۔ آپ خود انصاف فرمائیے کہ یہ لوگ یہ تہمت لگانے میں کہاں تک سچے ہیں۔ کفار اپنے بتوں کو الٰہ اور خدا سمجھتے تھے اور ان کی عبادت کیا کرتے تھے جس طرح متعدد آیات سے واضح ہے

اور ہم اہل السنت اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو خدا اور الٰہ نہیں مانتے۔ اور تو اور ذاتِ پاک مصطفیٰ کے متعلق ہمارا عقیدہ بھی یہ ہے جس کا ہم ہر روز سینکڑوں بار اعلان بھی کرتے ہیں کہ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میرے آقا و مولیٰ جن کا نامِ نامی اسمِ گرامی محمد ہے اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم۔ اور حقیقت تو یہ ہے کہ حضور کی ذاتِ پاک کے ساتھ ہماری یہ ساری عقیدت و محبت اور وابستگی ہے ہی اس وجہ سے کہ اس محسنِ انسانیت نے ہمیں کفر و شرک کے اندھیروں سے نکال کر توحید کی روشنی تک پہنچایا۔ ہمیں اس بات پر یقینِ محکم ہے کہ توحید کے بغیر نجات ناممکن ہے۔ اگر عقیدۂ توحید میں ذرا خامی ہوگی تو عمر بھر کی ریاضتیں اور پرہیزگاریاں ضائع ہو جائیں گی لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خداداد کمالات کا اعتراف شرک نہیں ہے بلکہ عین توحید ہے۔ اللہ تعالیٰ کی صفاتِ عالیہ: الوہاب (بے اندازہ بخشنے والا)، المغنی (غنی کر دینے والا) کا صحیح مفہوم سمجھ بھی اس وقت آتا ہے جب اللہ تعالیٰ کی ان عنایات، انعامات اور احسانات پر غور کیا جائے جن سے اس نے اپنے محبوب بندے اور برگزیدہ رسول کو سرفراز فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ افراط و تفریط سے محفوظ رکھے اور اس غلط فہمی سے بچائے کہ توحید میں پختگی اس وقت تک پیدا نہیں ہوتی جب تک ان سارے کمالات کا انکار نہ کر دیا جائے جو اس وحدہٗ لاشریک نے اپنے مقبول بندوں کو عطا فرمائے ہیں۔

اگر کوئی صاحب یہ کہے کہ تمہارا شرک یہ ہے کہ تم بارگاہِ رسالت میں استغاثہ اور فریاد کرتے ہو تو ہم اپنے بہی خواہوں کی بہی خواہی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے یہ عرض کریں گے کہ ہم حضور کو متصرف بالذات نہیں سمجھتے یعنی ہمارا یہ عقیدہ نہیں ہے کہ حضور اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف جو چاہیں کر سکتے ہیں نعوذ باللہ۔ ہاں ہمارا یہ ایمان ضرور ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کا محبوب اپنے ربِ کریم کی درگاہ میں ہمارے گناہوں کی مغفرت اور ہماری مشکلات کے حل کے لیے ہاتھ اٹھائے گا تو مولیٰ کریم ہمارے گناہ بخش دے گا اور ہماری مشکلیں حل فرما دے گا۔ اس نے اپنے کلامِ پاک میں مغفرتِ گناہ کا یہی طریقہ بیان فرمایا ہے۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا یعنی اگر عمر بھر اپنی جانوں پر ظلم توڑنے والے تیری خدمت میں حاضر ہو جائیں اور اپنے گناہوں کے لیے مغفرت طلب کریں، تو بھی ان کے گناہوں کی معافی کے لیے عرض کرے تو اللہ کو وہ ضرور تواب اور رحیم پائیں گے۔ تمام علمائے ربانیین اور اولیائے کاملین کا یہی طریقہ رہا ہے۔ اگر دوسرے لوگوں میں انہیں شرک کی بو آتی ہے تو کم از کم حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے متعلق تو انہیں بھی یقین ہوگا کہ وہ موحد تھے مشرک نہ تھے۔ انہی کے قصیدہ اطیب النغم کے چند اشعار پڑھیے، شاید آپ کے مزاج کی برہمی اور برافروختگی کی کچھ اصلاح ہو جائے۔ حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں:

إِذَا مَا اَتَتْنِيْ اَزْمَةٌ مُدْلَهِمَّةٌ — تُحِيْطُ بِنَفْسِيْ مِنْ جَمِيْعِ الْجَوَانِبِ

جب مجھ پر مصیبت کی کالی گھٹائیں چھا جاتی ہیں اور مجھے ہر طرف سے گھیر لیتی ہیں۔

تَطَلَّبْتُ هَلْ مِنْ نَاصِرٍ اَوْ مُسَاعِدٍ — اَلُوْذُ بِهٖ مِنْ خَوْفِ سُوْءِ الْعَوَاقِبِ

اس وقت میں ڈھونڈتا ہوں کہ کوئی میرا مدد کرنے والا اور میری دستگیری کرنے والا ہے تاکہ ان مصائب

بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۹۰﴾ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ

ہوجاتے ہو حقیقت یہ ہے کہ ہم نے پہنچا دیا انھیں حق اور وہ یقیناً جھوٹے ہیں ۹۵ نہیں بنایا اللہ نے کسی کو اپنا بیٹا ۹۶

کے ہولناک انجام سے میں اس کی پناہ لے سکوں:

فَلَسْتُ اَرٰى اِلَّا الْحَبِيْبَ مُحَمَّدًا ۔۔۔ رَسُوْلَ اِلٰهِ الْخَلْقِ جَمَّ الْمَنَاقِبِ

"تو مجھے مصیبت کی ہولناک گھڑیوں میں اپنے حبیب محمد مصطفیٰ کے بغیر اور کوئی نظر نہیں آتا۔ وہ میرا حبیب جو اللہ تعالیٰ کا رسول ہے اور عظیم الشان کمالات کا مالک ہے۔" اور قصیدہ کو ختم کرنے سے پہلے عرض کرتے ہیں:

وَاَنْتَ مُجِيْرِيْ فِيْ هُجُوْمِ مُلِمَّةٍ ۔۔۔ اِذَا اَنْشَبَتْ فِي الْقَلْبِ شَرَّ الْمَخَالِبِ

"یا رسول اللہ آپ ہی مجھے پناہ دینے والے ہیں جب مصیبتیں مجھ پر ٹوٹ پڑیں اور اپنے ظالم پنجے دل میں گاڑ دیں"

مولانا تھانوی کی یہ مناجات تو شاید آپ کی نظر سے بھی گزری ہو۔ آپ عرض کرتے ہیں:

يَا شَفِيْعَ الْعِبَادِ خُذْ بِيَدِيْ ۔۔۔ اَنْتَ فِي الْاِضْطِرَارِ مُعْتَمَدِيْ

دستگیری کیجیے میری نبی ۔۔۔ کشمکش میں تم ہی ہو میرے ولی

لَيْسَ لِيْ مَلْجَاٌ سِوَاكَ اَغِثْ ۔۔۔ مَسَّنِيَ الضُّرُّ سَيِّدِيْ سَنَدِيْ

بجز تمہارے ہے کہاں میری پناہ ۔۔۔ فوج کلفت مجھ پہ آ غالب ہوئی

عربی کے اشعار کا اردو شعروں میں ترجمہ بھی مولانا موصوف نے خود کیا ہے۔

آپ امت کے کس کس فرد کو کفر و شرک کے تیروں سے گھائل کرتے رہیں گے۔ شانِ رسالت کے انکار کا نام توحید نہیں ہے بلکہ مقام توحید پر رسائی صرف اس وقت حاصل ہوتی ہے جب شانِ حبیب کبریا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حسب مقدور آگاہی حاصل ہو۔

اشهد ان لا اله الا انت وحدك لا شريك لك، لك الملك ولك الحمد وانت على كل شئ قدير. واشهد ان سيدى ومولاى وحبيبى محمدا عبدك ورسولك. اللهم آت سيدنا ومولانا محمد الوسيلة والفضيلة والدرجة العالية الرفيعة وابعثه مقاما محمودا يغبطه فيه الاولون والاخرون انك لا تخلف الميعاد۔

۹۵ یہ کافر جھوٹے ہیں۔ کہتے کچھ ہیں اور ان کے دل میں کچھ ہوتا ہے۔

۹۶ جب وہ مالک الملکوت ہے تو اسے بیٹے بیٹی کی حاجت ہی کیا ہے۔

وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ وَ

اور نہ ہی اس کے ساتھ کوئی اور خدا ہے [۱۶۱] ورنہ لے جاتا ہر خدا ہر اس چیز کو جو اس نے پیدا کی ہوتی اور

لَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۹۱﴾

غلبہ حاصل کرنے کی کوشش کرتے وہ خدا ایک دوسرے پر۔ پاک ہے اللہ تعالیٰ ان تمام (نازیبا) باتوں سے جو وہ بیان کرتے ہیں

عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۹۲﴾ قُلْ رَّبِّ اِمَّا ع ۵

وہ جاننے والا ہے ہر پوشیدہ اور ظاہر کو پس وہ بلند ہے اس شرک سے جو وہ کرتے ہیں۔ آپ یہ دعا مانگئے اے میرے

تُرِيَنِّيْ مَا يُوْعَدُوْنَ ﴿۹۳﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِى الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۴﴾

پروردگار! اگر تو ضرور مجھے دکھانا چاہتا ہے وہ (عذاب) جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے تو میرے رب! (ازراہ عنایت) مجھے ان

وَاِنَّا عَلٰٓى اَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۹۵﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ

ظالموں کے ساتھ نہ کرنا [۱۶۲] اور ہم اس بات پر کہ دکھا دیں تجھے وہ عذاب جس کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے قادر ہیں۔ دور کرو اس چیز سے جو بہت

اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ

بہتر ہے برائی کو [۱۶۳] ہم خوب جانتے ہیں جو باتیں وہ بیان کرتے ہیں۔ اور کہیے میرے رب! میں پناہ طلب کرتا ہوں تیری

[۱۶۱] اگر اللہ تعالیٰ کے سوا اور بھی خدا ہوتے تو یہ نظام درہم برہم ہو جاتا۔ اس کی تفصیل لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا کے ضمن میں گزر چکی ہے۔

[۱۶۲] علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ حضور جانتے تھے کہ اگر عذاب اترا تو حضور ان میں نہیں ہوں گے اس کے باوجود آپ کو یہ دعا مانگنے کی تلقین اس لیے کی گئی تاکہ حضور کا اجر بڑھے اور حضور ہر آن اپنے رب کریم کے ذکر سے شاد کام ہوتے رہیں كان عليه السلام يعلم ان الله تعالى لا يجعله فى القوم الظلمين اذا انزل بهم العذاب ومع هذا امره الرب بهذا الدعاء والسؤال ليعظم اجره وليكون فى كل الاوقات ذاكرا لربه تعالى۔

[۱۶۳] حضور کا ارشاد گرامی ہے ادبنی ربی فاحسن تادیبی، میرے رب نے خود مجھے ادب سکھایا ہے اور ادب سکھانے میں کمال کر دیا ہے۔ یہ آیت ادبستان خداوندی کا ایک درس ہے اور حضور کی ساری حیات طیبہ اس کی عملی تصویر ہے غلامان مصطفےٰ

مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٩٧﴾ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿٩٨﴾

شیطانوں کے وسوسوں سے ۹۴ اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں میرے رب اس سے کہ وہ میرے پاس

حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿٩٩﴾ لَعَلِّيْۤ

آئیں ۹۵ یہاں تک کہ جب آئے گی ان میں سے کسی کو موت تو وہ (بصد حسرت) کہے گا میرے مالک! مجھے (دنیا میں) واپس ۹۶

کو بھی اس ارشادِ عالی پر عمل پیرا ہو کر اپنے سچے غلام ہونے کی شہادت دینی چاہیے۔

۹۴ اپنے حبیب مکرم کے ذریعے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ہر قسم کے شیطانوں کے شر سے پناہ مانگنے کا طریقہ تعلیم فرما رہا ہے۔ ھَمَزَات ہمزہ کی جمع ہے۔ اس کا معنی ہے الدفع والتحریك الشدید۔ زبردست جھٹکا۔ شیاطین کی وسوسہ اندازی اتنی شدید اور سخت ہوتی ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کی دستگیری شاملِ حال نہ ہو تو تقدس مآبی کے علمبردار سربازار گرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ دامنِ پارسائی کے تارتار ہونے میں ذرا دیر نہیں لگتی۔ کبھی تو شیطان مومن کے دل میں تشویش اور وسوسہ پیدا کر دیتا ہے۔ اور اس کی متاعِ ایمان کو لوٹ لینے کی کوشش کرتا ہے۔ اور اگر مومن اس کے اس دامِ تزویر میں نہیں پھنستا تو پھر وہ اپنے چیلے چانٹوں کو اس کے پیچھے لگا دیتا ہے۔ وہ آستینیں چڑھا کر اس کی مخالفت میں نکل آتے ہیں اور اسے طرح طرح سے دِق کرنے لگتے ہیں۔ دونوں طرح کے ہمزات سے پناہ مانگنے کی تلقین کی جارہی ہے۔

۹۵ الٰہی! وہ میرے قریب ہی نہ آنے پائیں۔ دُور ہی رہیں تاکہ میں ان کے شر اور فتنہ انگیزی سے دُور رہ کر تیری یاد اور تیرے دین کی خدمت میں منہمک رہوں۔ سچ تو یہ ہے کہ انسان اپنی تمام دانشمندی اور زہد و تقویٰ کے باوجود اس دشمنِ جان و ایمان سے محفوظ نہیں رہ سکتا۔ اس کی فقط ایک ہی صورت ہے کہ مولا کریم اپنے دامنِ رحمت میں چھپا لے اور اس کے شر سے محفوظ کرلے۔

ایک آدمی نے بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر شکایت کی کہ مجھے رات کو نیند نہیں آتی حضورؐ نے فرمایا جب سونے کا ارادہ کرو تو یہ دُعا پڑھ لیا کرو اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔ (تفسیر کبیر)۔ علامہ ابن کثیرؒ امام احمدؒ کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن عمروؓ اپنے سارے بالغ لڑکوں کو یہ کلمات سکھایا کرتے اور سوتے وقت پڑھنے کا حکم دیتے اور جو نابالغ بچے ہوتے ان کے گلے میں لکھ کر ڈال دیتے۔ (مسند امام احمد)

۹۶ کفار کی آنکھیں اس وقت کھلتی ہیں جب موت کا فرشتہ پیغامِ اجل لے کر آجاتا ہے۔ اُس وقت وہ کفِ افسوس ملتے ہیں لیکن بے حاصل۔ حضرت عبادہ بن الصامت سے مروی ہے کہ حضور نبی کریمؐ نے ارشاد فرمایا: مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ یعنی جو اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو پسند کرتا ہے اللہ

أَعْمَلُ صَالِحًا فِيمَا تَرَكْتُ ۚ كَلَّا ۚ إِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَائِلُهَا ۖ وَمِنْ

بھیج دے، شاید میں اچھے کام کروں اس دنیا میں دوبارہ جاکر جسے میں ایک ٹھکرا آیا ہوں ایسا نہیں ہو سکتا یہ ایک لغو بات ہے جو وہ

وَرَائِهِمْ بَرْزَخٌ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ﴿١٠٠﴾ فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ فَلَا

کہہ رہا ہے۔ اور ان کے آگے ایک آڑ ہے اس دن تک جب وہ دوبارہ زندہ کیے جائیں گے ۹۶ تو جب صور پھونکا جائے گا تو کوئی

أَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَلَا يَتَسَاءَلُونَ ﴿١٠١﴾ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ

رشتہ داریاں نہ رہیں گی ان کے درمیان اس روز ۹۷ اور نہ وہ ایک دوسرے کے متعلق پوچھ سکیں گے البتہ جن کے پلڑے بھاری ہوں گے

بھی اس سے ملاقات کرنے کو پسند فرماتے ہیں اور جو اللہ کی ملاقات کو ناپسند کرے اللہ بھی اس سے ملاقات کرنا پسند نہیں فرماتے۔ حضرت عائشہؓ نے عرض کی یا رسول اللہ ہم تو موت کو پسند نہیں کرتے۔ حضورؐ نے فرمایا یہ مقصد نہیں بلکہ جب مومن کو موت آتی ہے تو اسے بشارت دی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ تجھ پر راضی ہے اور تیری عزت افزائی ہوگی۔ وہ آگے جانے کو بہت پسند کرتا ہے اور خداوند کریم بھی اس کی ملاقات کو پسند فرماتا ہے۔ اور کافر کو اس وقت عذاب کی نوید سنائی جاتی ہے، وہ آگے جانا ہرگز پسند نہیں کرتا تو اللہ تعالیٰ بھی اس کی ملاقات کو پسند نہیں کرتا (صحیحین)۔ علامہ ثناء اللہ پانی پتی یہ حدیث نقل کرتے ہیں إِذَا عَايَنَ الْمُؤْمِنُ الْمَلَائِكَةَ قَالُوا أَنُرْجِعُكَ إِلَى الدُّنْيَا فَيَقُولُ إِلَى دَارِ الْهُمُومِ وَالْأَحْزَانِ بَلْ قُدُومًا إِلَى اللّٰهِ تَعَالَىٰ وَأَمَّا الْكَافِرُ فَيَقُولُ رَبِّ ارْجِعُونِ یعنی حضورؐ نے فرمایا کہ جب مومن ملائکہ کو دیکھتا ہے تو ملائکہ اسے کہتے ہیں ہم تمہیں دنیا کی طرف لوٹا دیں؟ مومن کہتا ہے اس دنیا کی طرف جو آلام و مصائب کی دنیا ہے۔ میں ادھر نہیں جانا چاہتا۔ بلکہ مجھے اللہ کی طرف لے چلو۔ لیکن کافر ایسے وقت میں چلاتا ہے اور کہتا ہے کہ اے رب مجھے دنیا میں لوٹا دے (مظہری)۔

۹۶ دو چیزوں کے درمیان جو آڑ اور رکاوٹ ہو اُسے برزخ کہتے ہیں۔ یہاں برزخ سے مراد موت اور قیامت کا درمیانی عرصہ ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ اس سے مراد قبر ہے۔

۹۷ قیامت کے دن سارے رشتے ٹوٹ جائیں گے، سارے تعلقات منقطع ہو جائیں گے۔ ماں بیٹیوں سے اور بیٹے ماں سے بھاگ جائیں گے۔ یوم یفر المرء من اخیہ و امہ و ابیہ و صاحبتہ و بنیہ۔ قیامت کے دن انسان اپنے بھائی، اپنے ماں باپ، اپنی بیوی اور اپنے بچوں سے بھاگ جائے گا۔ لیکن ایک نسبت اور ایک رشتہ داری اس روز بھی باقی رہے گی۔ حضرت ابو سعید خدریؓ سے مروی ہے کہ میں نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر یہ فرماتے سنا۔ مَا بَالُ رِجَالٍ يَقُولُونَ إِنَّ رَحِمَ رَسُولِ اللّٰهِ لَا تَنْفَعُ قَوْمَهُ بَلَىٰ وَاللّٰهِ إِنَّ رَحِمِي مَوْصُولَةٌ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَإِنِّي أَيُّهَا النَّاسُ فَرَطٌ لَكُمْ إِذَا جِئْتُمْ۔ ان لوگوں کا کیا حال ہو گا جو یہ کہتے ہیں کہ حضورؐ کی رشتہ داری حضورؐ کے

فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿١٠٢﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ الَّذِينَ

تو وہی لوگ کامیاب و کامران ہوں گے ۔ اور جن کے پلڑے ہلکے ہوں گے تو وہی لوگ ہیں جنہوں نے

خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ خَالِدُونَ ﴿١٠٣﴾ تَلْفَحُ وُجُوهَهُمُ

نقصان پہنچایا اپنے آپ کو۔ وہ جہنم میں ہمیشہ (جلتے) رہیں گے ۔ بُری طرح جھلس دے گی انکے چہروں کو آگ قلہ

النَّارُ وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ ﴿١٠٤﴾ أَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فَكُنتُمْ

اور وہ اس میں دانت نکالے ہونگے (اب منہ کیوں بسورتے ہو؟) کیا ہماری آیتیں نہیں پڑھی جاتی تھیں تمہارے سامنے اور تم

بِهَا تُكَذِّبُونَ ﴿١٠٥﴾ قَالُوا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَالِّينَ ﴿١٠٦﴾

انہیں جھٹلایا کرتے تھے۔ (معذرت کرتے ہوئے) کہیں گے اے ہمارے رب! غالب آگئی تھی ہم پر ہماری بدبختی اور ہم گمراہ لوگ تھے سلہ

خاندان کو نفع نہیں دے گی۔ ایسا نہیں ہوگا۔ میرا رشتہ دنیا اور آخرت میں پیوستہ ہے اور اے لوگو! جب تم وہاں پہنچو گے تو میں تمہارا پیشرو ہونگا۔ دوسری حدیث میں ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاطمة بضعة منی یغیظنی ما یغیظہا ویبسطنی ما یبسطہا وان الانساب تنقطع یوم القیامة الا نسبی وسببی وصهری۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ فاطمہ میری لخت جگر ہے جو چیز اسے ناراض کرتی ہے وہ مجھے ناراض کرتی ہے جو چیز اسے خوش کرتی ہے وہ مجھے خوش کرتی ہے۔ ساری رشتہ داریاں قیامت کے دن منقطع ہو جائیں گی سوا میرے نسبی تعلق کے اور سسرال کے تعلق کی رشتہ داری کے۔

اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے علامہ پانی پتی لکھتے ہیں کہ آیت میں بَیْنَهُمْ کی ضمیر کا مرجع کفار ہیں کیونکہ انہی کا ذکر ہو رہا ہے۔ اہل ایمان کا یہ حال نہ ہوگا۔ مومنوں کے لیے ارشاد باری ہے الحقنا بهم ذریتهم ہم ان کی اولاد کو ان کے ساتھ ملا دیں گے پھر فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص یہ کہے کہ حدیث شریف میں ہے کہ میرے نسب کے بغیر ساری نسبیں منقطع ہو جائیں گی۔ اس حدیث سے تو مومنوں کی نسبتیں بھی منقطع ہونا ثابت ہوتا ہے۔ قلت نسب المؤمنین داخل فی نسب النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فانه اب المؤمنین وازواجه امهاتهم (مظہری) تو اس کے جواب میں میں یہ کہوں گا کہ مومنوں کا نسب حضور کے نسب میں داخل ہے کیونکہ حضور سب مومنوں کے باپ ہیں اور ان کی ازواج مومنوں کی مائیں ہیں۔

قلہ اس آیت میں کفار کا حال بیان ہو رہا ہے۔ لفح: احرق حلا۔ الکالح الذی تشمرت شفتاہ وبدت اسنانہ کالح اس کو کہتے ہیں جس کے ہونٹ سکڑ جائیں اور اس کے دانت باہر نکل آئیں۔

سلہ کفار اس وقت اپنے جرم کا اقرار

رَبَّنَآ أَخْرِجْنَا مِنْهَا فَإِنْ عُدْنَا فَإِنَّا ظَٰلِمُونَ ﴿١٠٧﴾ قَالَ ٱخْسَـُٔوا۟ فِيهَا

اے ہمارے مالک (ایک بار) ہمیں نکال اس سے پھر اگر ہم نافرمانی کی طرف رجوع کریں تو یقیناً پھر ہم ظالم ہوں گے جواب ملے گا پھٹکارے ہوئے

وَلَا تُكَلِّمُونِ ﴿١٠٨﴾ إِنَّهُۥ كَانَ فَرِيقٌ مِّنْ عِبَادِى يَقُولُونَ رَبَّنَآ

پڑے رہو اس میں اور مت بولو میرے ساتھ (تمھیں یاد ہے) ایک گروہ میرے بندوں میں سے ایسا تھا جو عرض کیا کرتا تھا اے ہمارے

ءَامَنَّا فَٱغْفِرْ لَنَا وَٱرْحَمْنَا وَأَنتَ خَيْرُ ٱلرَّٰحِمِينَ ﴿١٠٩﴾ فَٱتَّخَذْتُمُوهُمْ

رب! ہم ایمان لے آئے ہیں سو تو بخش دے ہمیں اور رحم فرما ہم پر اور تو سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے۔ تم نے ان کا مذاق اڑانا شروع کر دیا،

سِخْرِيًّا حَتَّىٰٓ أَنسَوْكُمْ ذِكْرِى وَكُنتُم مِّنْهُمْ تَضْحَكُونَ ﴿١١٠﴾ إِنِّى

حتی کہ اس مشغلہ نے غافل کر دیا تمھیں میری یاد سے اور تم ان پر قہقہے لگایا کرتے تھے۔ میں نے بدلہ دے

جَزَيْتُهُمُ ٱلْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوٓا۟ أَنَّهُمْ هُمُ ٱلْفَآئِزُونَ ﴿١١١﴾ قَٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ

دیا انھیں آج ان کے صبر کا (ذرا دیکھو) وہی ہیں مراد کو پانے والے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا (ذرا بتاؤ) کتنے

فِى ٱلْأَرْضِ عَدَدَ سِنِينَ ﴿١١٢﴾ قَالُوا۟ لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ

سال تم زمین میں ٹھہرے رہے؟ کہیں گے ہم ٹھہرے تھے بس ایک دن یا دن کا کچھ حصہ۔ آپ پوچھ

ٱلْعَآدِّينَ ﴿١١٣﴾ قَٰلَ إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا ۖ لَّوْ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿١١٤﴾

لیں سال گننے والوں سے ارشاد ہوگا تم نہیں ٹھہرے مگر تھوڑا عرصہ کاش! تم اس حقیقت (کو پہلے ہی) جان لیتے۔

کریں گے اور اپنی شقاوت و بدبختی کا رونا روئیں گے۔

۱۰۸ انھیں یہ ہوش ربا جواب ملے گا جس سے ان کی رہی سہی امیدیں بھی ختم ہو جائیں گی سارا جواب غور طلب ہے۔

۱۱۱ کل تم جن کا مذاق اڑایا کرتے تھے آج دیکھو میں ان پر کس طرح اپنی نوازشات کی بارش کر رہا ہوں۔ انسان کو ہمیشہ اور ہر لحظہ روز کی کامیابی کے لیے کوشاں رہنا چاہیے یہ ادھوری اور فناپذیر کامیابیاں ایسی نہیں کہ انسان ان کے پیچھے پڑ کر قیامت کو فراموش کر دے۔

۱۱۲ کفار سے یہ سوال قیامت کے دن پوچھا جائے گا یا انھیں دوزخ میں داخل کرنے کے وقت۔

أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَٰكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ ﴿١١٥﴾

کیا تم نے یہ گمان کر رکھا تھا عبث کہ ہم نے تمہیں بے مقصد پیدا کیا ہے اور تم ہماری طرف نہیں لوٹائے جاؤ گے۔

فَتَعَٰلَى ٱللَّهُ ٱلْمَلِكُ ٱلْحَقُّ ۖ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ ٱلْعَرْشِ ٱلْكَرِيمِ ﴿١١٦﴾

پس بہت بلند ہے اللہ جو بادشاہ حقیقی ہے (بے مقصد تخلیق سے) بےشک نہیں کوئی معبود بجز اس کے، وہ مالک ہے عزت والے عرش کا۔

وَمَن يَدْعُ مَعَ ٱللَّهِ إِلَٰهًا ءَاخَرَ لَا بُرْهَٰنَ لَهُۥ بِهِۦ فَإِنَّمَا حِسَابُهُۥ

اور جو پوجتا ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو، جس کی اس کے پاس کوئی دلیل نہیں تو اس کا حساب اس کے

عِندَ رَبِّهِۦٓ ۚ إِنَّهُۥ لَا يُفْلِحُ ٱلْكَٰفِرُونَ ﴿١١٧﴾ وَقُل رَّبِّ ٱغْفِرْ وَٱرْحَمْ

رب کے پاس ہے۔ بلاشبہ نہیں کامیاب ہوں گے حق کا انکار کرنے والے۔ اور اے محبوب! آپ (دعا) عرض کرو میرے رب!

وَأَنتَ خَيْرُ ٱلرَّٰحِمِينَ ﴿١١٨﴾

بخش دے (میری گنہگار امت کو) اور رحم فرما (ہم سب پر) اور تو سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے۔

ف تم کتنے نادان تھے کہ اپنی قدر و منزلت کو نہ پہچان سکے اور بار بار کی یاد دہانی کا تمہیں کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ تم یہ سمجھتے رہے کہ حیوانوں اور جانوروں کی طرح تمہیں یوں ہی پیدا کیا گیا اور تم سے تمہارے اعمال نیک و بد کا کوئی محاسبہ نہ ہوگا۔ تم نے اتنا بھی نہ سوچا کہ تم مختلف اعتبارات سے ان حیوانات سے ممتاز ہو۔ عقل و فہم، اختیار و ارادہ، کائنات کی تسخیر کی قوت اور ان سے ہر طرح سے فائدہ حاصل کرنے کی صلاحیت۔ تمہارے سوا یہ نعمتیں کسی اور جاندار کو نہیں دی گئیں۔ اتنے عطیات و انعامات کے باوجود تم نادان بچوں کی طرح یہی سمجھتے رہے کہ تمہاری تخلیق محض کھانے پینے اور عیش اڑانے کے لیے کی گئی ہے۔ آج اپنی اس نادانی کی سزا بھگتو۔

ف تم اپنے محدود فہم کے باوجود کوئی عبث اور فضول کام نہیں کرتے۔ تم نے آخر یہ کیسے خیال کر لیا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں بے مقصد اور عبث پیدا کر دیا ہے۔ وہ عبث کام کرنے سے بھی پاک ہے اور وہ اس سے بھی پاک ہے کہ کوئی اس کا شریک ہو یا اس کا کوئی بیٹا بیٹی ہو جیسا تم نے سمجھ رکھا ہے۔

ف یعنی جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی غیر کی عبادت کرتا ہے یعنی یعبد غیر اللہ (مظہری)، تو وہ ایک ایسا جرم کر رہا ہے جس کی اس کے پاس کوئی دلیل نہیں۔

[illegible] یا تو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو استغفار کا حکم دیا تاکہ اُمّت اپنے نبی کی اقتدا میں استغفار کیا کرے یا حکم ہی یہ ملا کہ اے میرے پیارے رسُول اپنی اُمّت کے لیے مغفرت طلب کرو۔ وقیل امرہ بالاستغفار لامتہ۔ اِغفِر اور اِرحَم کا مفعول ذکر نہیں کیا گیا تاکہ کسی خاص چیز کی تخصیص نہ سمجھی جائے، بلکہ یہ دُعا اپنی جامعیت کی وجہ سے ہر چیز کو شامل ہو۔ اِغفِر سے مُراد یہ ہو کہ اے مولا کریم! میرا ہر قول اور ہر فعل جو میرے لیے اس دُنیا میں یا آخرت میں مُضر ہے، میرے کریم اسے معاف فرما دے۔ اور اِرحَم کا معنی یہ ہوگا کہ ہر وہ عمل جو میرے لیے یہاں بھی اور وہاں بھی مفید اور نفع مند ہو اس سے مجھے سرفراز فرما، کیونکہ تُو خیر الرّٰحمین ہے۔ گناہوں کا بخش دینا بھی تیرے لیے آسان ہے اور نعمتوں کا عطا فرمانا تو تیرا شیوۂ کرم ہے۔

## نقشہ: غزوہ بنی مصطلق



# تعارف سورۃ النور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**نام** : اس سورۃ پاک کا نام "النور" ہے جو اس سورت کی آیت ۳۵ اللہ نور السمٰوٰت والارض سے ماخوذ ہے۔ اس کی آیات کی تعداد ۶۴ ہے۔

**زمانۂ نزول** : اس بات پر تو سب کا اتفاق ہے کہ سانحہ افک غزوۂ بنی مصطلق کے بعد پیش آیا، اور اس سورۃ کا نزول اس واقعہ کے بعد ہوا لیکن اس میں اختلاف ہے کہ غزوۂ بنی مصطلق کس سن میں ہوا نیز اس امر میں بھی اختلاف ہے کہ غزوۂ بنی مصطلق غزوۂ خندق سے پہلے ہوا یا بعد میں۔ مورخین کے مختلف اقوال ہیں لیکن اکثریت کی رائے یہ ہے کہ غزوۂ خندق شوال ۵ھ میں ہوا۔ اور غزوۂ بنی مصطلق شعبان ۶ھ میں ہوا۔ اگرچہ غزوۂ خندق کے متعلق ایک روایت یہ بھی ہے کہ وہ ۴ھ میں ہوا۔ اور ابن خلدون نے اسی کو راجح کہا ہے لیکن ابن اثیر اور ابن کثیرؒ اور ابن قیمؒ نے شوال ۵ھ میں ہی غزوۂ خندق کے واقع ہونے کو ترجیح دی ہے۔ ابن خلدون، ابن اثیر، ابن کثیرؒ کے نزدیک غزوۂ بنی مصطلق شعبان ۶ھ میں ہوا۔ ابن قیم نے اس کی تاریخ شعبان ۵ھ ذکر کی ہے۔ ابن کثیرؒ نے بھی ایک قول نقل کیا ہے لیکن اکثر مورخین کی وہی تحقیق ہے جو پہلے بیان کی جاچکی ہے۔ ابن خلدون نے اس اعتراض کا جواب بھی دیا ہے کہ اگر غزوۂ بنی مصطلق غزوۂ خندق کے بعد ہو تو پھر حدیث افک میں سعد بن عبادہ اور سعد بن معاذ کے درمیان جو گفتگو روایات میں مذکور ہے وہ درست نہیں ہوگی کیونکہ سعد بن معاذ کا انتقال غزوۂ خندق کے فوراً بعد ہوگیا تھا۔ اس شبہ کا ازالہ ابن خلدون نے یہ کہہ کر کردیا کہ سعدؓ بن عبادہ کی سعدؓ بن معاذ سے گفتگو نہیں ہوئی تھی بلکہ اسید بن حضیر سے گفتگو ہوئی تھی اور جن روایات میں سعد بن معاذ کا نام ہے یہ راوی کا وہم ہے۔ وھو وھم ینبغی التنبیہ علیہ انما المقاول لسعد بن عبادۃ انما ھو اسید بن حضیر۔

**مضامین** : اگر معاشرہ کی خشت اول ہے گھر کے ماحول کو پاکیزہ اور مسرت بخش بنائے بغیر ایک پاکیزہ اور صحت مند معاشرہ کی تشکیل کا خواب کبھی شرمندۂ تعبیر نہیں ہوسکتا۔

اسلام جس کا مقصد ہی انسان کے سر پر تاج کرامت رکھنا اور اس کے دامن کو سچی مسرتوں کے گلہائے

رنگ رنگ سے بھر دیتا ہے، وہ معاشرہ کی اس بنیادی وحدت کو کیونکر نظر انداز کر سکتا ہے۔

ذاتی راحت و آرام، انفرادی منفعتوں اور وقتی مصلحتوں کی سنہری زنجیریں انسانی عقل و فہم کو جس آسانی سے اپنا صید زبوں بنا لیا کرتی ہیں، یہ تاریخ انسانی کا ایک خونچکاں المیہ ہے۔ ان کی قربان گاہوں پر بڑی معصوم جانیں، بہار آفریں قابلیتیں اور زندگی سے بھرپور جوانیاں بڑی سرد مہری اور انتہائی بے دردی سے ذبح کی جاتی رہیں۔ اس لیے گھر کو مستحکم بنیادوں پر قائم کرنے کی ذمہ داری صرف عقل کے سپرد نہیں کی جا سکتی۔ اس لیے ضروری تھا کہ قرآن کی فروزاں کی ہوئی قندیل سے ہی زندگی کے اس اہم گوشہ کو منور کیا جاتا۔ ایک اچھی چیز کی خواہش بڑی قابل تعریف بات ہے۔ لیکن جب تک اس کے حصول کے لیے ٹھوس عملی تدابیر اختیار نہ کی جائیں وہ اچھی چیز معرض وجود میں نہیں آسکتی۔ اسلام اپنے ماننے والوں کے گھروں کو پر بہار اور مسرت بخش دیکھنا چاہتا ہے۔ اس لیے اس نے ارشادات و ہدایات کے ساتھ ساتھ اوامر و نواہی کا ایک ایسا مربوط نظام پیش فرمایا جس کی بدولت یہ مقصد اپنی جملہ زیبائیوں اور برکتوں کے ساتھ ظہور پذیر ہو سکتا ہے۔ یہ سورۃ جو انسان کی خانگی زندگی کے متعلق واضح ہدایات اور احکامات پر مشتمل ہے اس کا نام اللہ تعالیٰ نے النور پسند فرمایا جو اس بات کی طرف رہنمائی کر رہا ہے کہ جس معاشرہ میں یہ نظام پوری طرح نافذ کیا جائے گا وہاں کا ہر گھر حقیقی مسرتوں کے انوار سے جگمگا رہا ہو گا۔

اس یمن و برکت والی سورۃ کا اکثر حصہ خانگی زندگی کے متعلق واضح ہدایات اور احکامات پر مشتمل ہے اس میں ہر مومن مرد اور مومن عورت کو اس بات کا ذمہ دار قرار دیا گیا ہے کہ وہ خود اپنے دامن عصمت کو ہر آلودگی سے پاک و صاف رکھیں۔ اور اس کا طریقہ یہ بتایا کہ ہر مومن مرد اور مومن عورت اپنی نگاہیں نیچی رکھے اور یہ ایک حقیقت ہے کہ آنکھوں میں جب تک شرم و حیا ہوتی ہے انسان کے دل کی دنیا فاسد خیالات اور ناپاک نظریات کی یورش سے محفوظ رہتی ہے، جذبات میں سکون و اعتدال پایا جاتا ہے کسی کی آبرو کی طرف ہاتھ بڑھانا تو کجا آنکھ اٹھانے کی سکت بھی پیدا نہیں ہوتی لیکن جب آنکھیں نور حیا سے محروم ہو جاتی ہیں، جب شرم کا پردہ چاک ہو جاتا ہے تو پھر پرسکون جذبات میں ایک آگ سی لگ جاتی ہے، خبیث خیالات کا ایک سیلاب امنڈ کر آجاتا ہے جو بڑے بڑے انسانوں کو تنکوں کی طرح بہا کرلے جاتا ہے حتیٰ کہ انھیں اپنے ظاہری تقدس کی پروا بھی نہیں رہتی۔ بے حیا شخص صرف دوسروں کو ہی اپنے تیر ہوس کا نشانہ نہیں بناتا بلکہ وہ اپنے گھر کی فصیل میں خود شگاف ڈال کر لوگوں کو دعوت دیتا ہے کہ وہ بھی آکر اس کی آبرو کو خاک میں ملائیں۔

**۲۔ پردہ**: پردہ کے ابتدائی احکام سورۃ الاحزاب میں مذکور ہیں۔ یہاں اسلامی پردہ کے قواعد و ضوابط کو پوری شرح و بسط سے ذکر فرما دیا گیا تاکہ گوہر عصمت کی آب و تاب کو ماند کرنے کی کوئی کوشش اسلامی معاشرہ میں پروان نہ چڑھ سکے۔ اس کی تفصیل متعلقہ آیات کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

**۳۔ حدقذف**: یہ مسئلہ اتنا اہم اور نازک ہے کہ صرف ہدایات و ارشادات پر اکتفا نہیں کیا جا سکتا بلکہ جو بے حیا

حدِ اعتدال سے تجاوز کرے گا اُس کے لیے عبرتناک سزا کا قانون نافذ کیا کہ اس نابکار کو برسرِ عام کوڑے لگائے جائیں اور شادی شدہ زانی کے لیے سنّتِ نبوی میں سنگسار کرنے کی سزا تجویز ہوئی۔ قتل کی سزا قصاص ہے لیکن اگر مقتول کے وارث چاہیں تو وہ دیت لے کر قاتل کو موت سے بچا سکتے ہیں۔ قرآن کی نظر میں زنا کا جرم اتنا سنگین ہے کہ اس میں نہ تو فریقین صلح کر سکتے ہیں اور نہ معاف کر سکتے ہیں بلکہ مجرموں کو سزا دی جائے گی اور برسرِ عام دی جائے گی تاکہ ساری دُنیا کو معلوم ہو جائے کہ قرآن عصمت و ناموس کو انسانی زندگی سے بھی زیادہ اہمیت دیتا ہے۔ جو شخص کسی کی عصمت پر حملہ آور ہو گا وہ خداوندِ عالم کا مجرم ہے اور خلافتِ الٰہیہ کے سربراہ پر لازم ہے کہ وہ اس مجرم کو سزا دے اور اس میں کسی شفقت اور نرمی کو روا نہ رکھے۔

اسی مقصد کے لیے یہ حکم بھی دیا کہ اسلامی معاشرہ میں جو غیر شادی شدہ مرد اور غیر شادی عورتیں ہیں، ان کی شادی کا اہتمام کیا جائے، کیونکہ اگر ایسے لوگ کسی سوسائٹی میں کافی تعداد میں پائے جائیں گے تو ان کا وجود ہر وقت اخلاقی نظام کے لیے ایک خطرہ ہو گا۔ کسی وقت بھی ضبط و احتیاط کا بند ٹوٹ سکتا ہے۔ ٹرکے ہوئے جذبات جب بے قابو ہوں گے تو کوئی پند و نصیحت کام نہیں آئے گی۔ اس لیے اسلامی معاشرہ میں ایسے عنصر کی حوصلہ افزائی نہیں کی گئی جو کسی وقت بھی بلائے بے درماں ثابت ہو سکے۔

۴۔ اس کے علاوہ اسلام نے گھر کی چار دیواری کا بڑا احترام ملحوظ رکھا ہے۔ گھر میں بسنے والوں کے راحت و آرام کو بڑی اہمیت دی ہے۔ بغیر اطلاع دیئے اور اجازت حاصل کیے کسی کے گھر کے اندر قدم رکھنا بلکہ اندر جھانکنا بھی ممنوع قرار دے دیا گیا ہے اور کسی کے ہاں جانے کے پورے پورے آداب سکھلائے گئے ہیں تاکہ ہر شخص اپنے گھر میں آرام کر سکے اور اپنے پروگرام کے مطابق کام کر سکے۔

مسلمانوں کو یہ بھی ہدایت فرمائی کہ صاحبِ خانہ تمہیں اجازت نہ دے تو غصہ سے لال پیلے نہ ہو جاؤ اور اُس شخص پر برسنا شروع نہ کر دو بلکہ بڑی کشادہ دلی سے اس کی معذوری کو تسلیم کرو اور خوشی خوشی واپس چلے آؤ۔

۵۔ اس سورۃ میں عہدِ رسالت کے ایک انتہائی المناک اور روح فرسا المیہ کا ذکر بھی کیا گیا ہے جو تاریخ میں واقعۂ افک کے نام سے مشہور ہے۔ اسلام کے دشمن اسلام کی روز افزوں ترقی اور شاندار فتوحات اور کامیابیاں دیکھ دیکھ کر آتشِ زیرِ پا ہو رہے تھے۔ کھل کر مقابلہ کرنے کی ہمت سلب ہو چکی تھی ان کی باطنی خباثت ہر روز نئے فتنے جگا کر مسلمانوں کو پریشان کرتی رہتی تھی۔ ان کے سرغنہ عبداللہ بن اُبی نے اب ایسی چال چلی جس نے قیامت برپا کر دی۔ اسلامی معاشرہ کا عضو عضو درد سے چیخ اُٹھا۔ ساری فضا میں شکوک و شبہات کا ایک اندھیرا چھا گیا۔ ان ظالموں نے اُس پاک ہستی کو اپنی بہتان تراشی کا ہدف بنایا جس کا براہِ راست تعلق پیغمبرِ اسلام سرورِ عالم رحمتِ عالمیاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات سے تھا۔ جس کی گردِ راہ بھی رہروانِ جادۂ ہدایت کے لیے نور افشاں تھی۔ اللہ تعالیٰ نے خانوادۂ رسالت کی عصمت و طہارت کی شہادت اپنی

زبانِ قدرت سے دی اور اس سورۃ پاک میں وہ آیتیں نازل فرمائیں جن سے یہ فتنہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو گیا اور منافقین کو یقین ہو گیا کہ ان کا کوئی منصوبہ اور ان کی کوئی سازش اسلام کے شجرۂ طیبہ کو اب الکھیڑ نہیں سکتی اس واقعہ کی تفصیل بھی متعلقہ آیات کے ضمن میں بیان کی گئی ہے۔

۶۔ آیت اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الآیۃ جس سے اس سورۃ کا نام ماخوذ ہے وہ اپنی معنویت اور جلالتِ شان کے باعث بڑی اہمیت کی حامل ہے اور آپ کی خصوصی توجہ اور مطالعہ کی مستحق ہے۔

۷۔ آخر میں اس وعدہ کا ذکر فرمایا گیا جو عرش و فرش کے پروردگار نے ہر اس قوم سے کیا ہے جو اس ضابطۂ حیات کو اپنائے اور ایک ایسا معاشرہ تشکیل کرے جس کا تفصیلی خاکہ یہاں پیش کیا گیا ہے۔ اور تاریخ عالم گواہ ہے کہ جب غلامانِ مصطفےٰ نے اس نظام کو اپنایا تو اللہ تعالیٰ نے یہ وعدہ پورا فرمایا وعدۂ خداوندی آج بھی جوں کا توں موجود ہے۔ اگر ہم آج بھی صدقِ دل اور حسنِ نیت سے اس کو پورا کریں گے جس طرح ہمارے اسلاف نے اسے پورا کیا تھا تو خداوندِ قدوس بھی اپنا وعدہ یقیناً پورا فرمائے گا۔ اس کا تو صاف صاف اعلان ہے۔ اَوْفُوْا بِعَهْدِيْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ۔ تم نے جو میرے ساتھ وعدہ کیا ہے تم اس کو پورا کرو جو میں نے تمہارے ساتھ وعدہ کیا ہے وہ میں پورا کروں گا۔

اس مختصر تعارف میں اتنی گنجائش نہیں کہ سورۃ کے تمام مضامین کو اشارۃً بھی ذکر کیا جاسکے۔ چند اہم مطالب پیش خدمت ہیں۔ اگر قاری کے دل میں ذوق و شوق ہے تو آگے بڑھے اور نورِ الٰہی کے اس بحرِ بیکراں سے اپنے دل کے جام بھر لے۔

---

# سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ اَرْبَعٌ وَّسِتُّوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ النور مدنی ہے اور اس کی ۶۴ آیات اور ۹ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ

یہ ایک عظیم الشان سورۃ ہے جو ہم نے نازل فرمائی ہے ؎ اور ہم نے فرض کیا ہے اس (کے احکام) کو اور ہم نے اتاری ہیں اس میں روشن

تَذَكَّرُوْنَ ۝۱ اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ

آیتیں تاکہ تم نصیحت قبول کرو ؎ جو عورت بدکار ہو اور جو مرد بدکار ہو تو لگاؤ ہر ایک کو ان دونوں میں سے سو (۱۰۰) کوڑے ؎

؎ اس سورت کا آغاز جس جلال اور تمکنت سے کیا جا رہا ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ سورت اپنے مضامین اور مطالب کے لحاظ سے بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ آیت کے ہر لفظ سے اللہ تعالیٰ کی جلالت شان اور کبریائی نمایاں ہو رہی ہے۔ اس کے پڑھنے اور سننے سے دل و دماغ پر ایک ہیبت طاری ہو جاتی ہے۔ آپ اس کے ترجمہ پر ہی غور کریں۔ ارشاد ہے یہ ایسی سورت ہے جسے ہم نے اتارا ہے۔ متکلم اور پھر جمع متکلم کے صیغہ میں جو دبدبہ اور عظمت ہے اس کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ پھر ارشاد ہے فرضنٰہا یعنی ہم نے اس میں مذکورہ احکام کی بجا آوری فرض کر دی ہے۔ یہ نہیں کہ جس کا جی چاہے مان لے اور جس کا جی چاہے نہ مانے۔ یہ مشورہ نہیں بلکہ حکم ہے اور حکم بھی احکم الحاکمین کا رب العالمین کا نیز یہ حکم سب کے لیے ہے۔ پھر فرمایا کہ ہم نے ان احکام کو کھول کر بیان کر دیا ہے۔ ان میں کسی قسم کا ابہام اور التباس نہیں کہ عمل کرنے میں دقت ہو۔

؎ آیت کے آخر میں ان احکام کے نازل کرنے کی حکمت بیان فرما دی کہ اس میں سراسر تمہارا بھلا ہے۔ تم راہ راست پر گامزن ہو کر اپنی منزل کو پا لو گے۔

؎ شریعت اسلامیہ کے تعزیری قوانین میں سے ایک اہم قانون کا ذکر ہو رہا ہے۔ انسان کی جان، مال، ناموس کی حفاظت اسلامی قوانین کا مقصد اولین ہے۔ اگر کوئی شخص کسی کی جان کو تلف کرتا ہے تو قاتل سے قصاص لیا جائے گا۔ اگر کسی کے مال پر دست اندازی کرتا ہے تو اس کا ہاتھ کاٹ دیا جائے گا۔ اور اگر کوئی شخص کسی کی عزت و ناموس کو داغدار کرتا ہے تو اس کو ذلت اور جرم کی سزا دی جائے گی۔ اسلام نے جو سزائیں مقرر کی ہیں ان میں دو باتوں کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ ایک تو یہ ہے کہ مجرم کو اس کے کیے کی سزا دی جائے۔ دوسری یہ کہ وہ لوگ جن میں جرائم کے ارتکاب کا میلان پایا جاتا ہے وہ اس خوفناک سزا سے ڈر کر

جرائم کا ارتکاب نہ کریں اور چاہیے بھی ایسا۔ اگر کسی سزا میں یہ دو عنصر مفقود ہیں تو اسے سزا کہنا ہی غلط ہے۔ گناہ کے ارتکاب سے جو لذت اور فائدہ حاصل ہوتا ہے اس کے مقابلے میں اگر سزا ہلکی ہو گی تو لوگ اس سزا کو خاطر میں نہیں لائیں گے اور حصول لذت کے لیے وہ جرم کا ارتکاب کرتے رہیں گے۔ اور اگر سزا میں دوسروں کے لیے عبرت کا پہلو نہیں تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ آپ چاہتے ہی نہیں کہ اس جرم کا سدباب ہو اور کوئی اس کے نزدیک بھی نہ پھٹکے۔ آپ صرف ضابطے کی کارروائی پوری کرنا چاہتے ہیں آپ کو اس سے سروکار نہیں کہ اس کا نتیجہ کیا نکلا۔ یہ تو ایک بچوں کا کھیل ہوا۔ اس کے پیش نظر معاشرہ کو گناہوں سے پاک کرنا اور ان کے خطرناک نتائج سے محفوظ رکھنا نہ ہوا۔

اسلام یہ چاہتا ہے کہ جس ملک میں اس کا پرچم لہرا رہا ہے وہاں امن ہو، سکون ہو، محبت ہو، پیار ہو۔ تاکہ وہاں کے بسنے والے اپنی صلاحیتوں کو نیکی اور اصلاحی سرگرمیوں میں خرچ کر سکیں۔ تعمیری کاموں کے لیے ان کے پاس وقت کی قلت نہ ہو۔ عداوت، حسد، منافرت کے شعلے ان کے خرمن عافیت کو جلا کر خاکستر نہ کرتے رہیں اس لیے اس نے انسداد جرائم کی ادھوری اور غیر مؤثر کوشش نہیں کی بلکہ ایک جامع منصوبہ بنایا ہے جس پر عمل کرنے سے سوسائٹی ان جرائم سے محفوظ رہ سکتی ہے۔ سب سے پہلے اس نے اپنے ماننے والوں کے دلوں میں خداوند ذوالجلال پر ایمان اور روز حشر کے محاسبہ کا خوف پیدا کیا اور یہ حقیقت ان کے سامنے واضح کر دی کہ جس خدا کو تم اپنا معبود سمجھتے ہو، جو تمہارا اور سارے عالم کا خالق و مالک ہے اس نے ان اعمال کو جرم قرار دیا ہے۔ اگر تم ان کا ارتکاب کرو گے تو اس کے مجرم ہو گے اور وہ ہمہ دان اور ہمہ بین بھی ہے۔ تم اس سے اپنا کوئی عمل چھپا نہیں سکتے۔ تصنع اور بناوٹ کے رنگین غلافوں میں لپیٹنے کی کوئی کوشش وہاں کامیاب نہیں ہو سکتی۔ تم اپنے حسن نیت یا مجبوری کو کتنے مؤثر پیرایہ میں بیان کرو تم اسے فریب نہیں دے سکتے۔ وہ تمہارے اعمال، ان اعمال کے محرکات اور عوامل سے خوب آگاہ ہے اور قیامت کے دن تم اپنے ان اعمال کی جواب دہی کے لیے اس کی بارگاہ میں ضرور پیش کیے جاؤ گے۔

اسلام دین فطرت ہے۔ اس کا نظام شریعت ایسا نہیں جو انسان کے فطری تقاضوں سے ہر وقت برسر پیکار ہو۔ اللہ تعالیٰ ان فطری تقاضوں کا خالق ہے اور ان تقاضوں کی تخلیق میں بڑی بڑی حکمتیں ہیں اس لیے اس نے ان کی تکمیل کے تمام جائز، مناسب اور خوبصورت طریقوں کو جائز قرار دیا ہے۔ فطری تقاضوں کی تکمیل کے جائز طریقوں کے ہوتے ہوئے جو شخص غلط راستہ اختیار کرتا ہے اسے وہ سزا دیتا ہے اور سزا بھی ایسی جس سے اسے معلوم ہو جاتا ہے کہ اس جرم کا ارتکاب کر کے اس نے اپنے ساتھ کس قدر زیادتی کی ہے بلکہ دیکھنے اور سننے والوں کو بھی ایسی عبرت ہوتی ہے کہ وہ اس کے ارتکاب کی جسارت شاذ و نادر ہی کیا کرتے ہیں۔

وہ متعدد اعمال جن کے ارتکاب کو اسلام نے جرم قرار دیا ہے ان میں زنا بھی ہے۔ قرآن کریم نے ایک دوسری آیت میں اس کی ممانعت کی حکمت بڑے بلیغ انداز میں صرف دو لفظوں میں بیان کر دی "لَا تَقْرَبُوا الزِّنٰى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّسَآءَ سَبِيْلًا" یعنی زنا کے قریب بھی نہ جاؤ، یہ بڑی بے حیائی ہے اور یہ راستہ بہت برا ہے یعنی تمہیں اس فعل بد سے ہم اس لیے نہیں روک رہے کہ تم لطف نہ اٹھاؤ، تمہاری زندگی کا دامن مسرتوں سے خالی رہے بلکہ اس میں سراسر تمہارا ہی فائدہ ہے یہ فعل مجسم بے حیائی ہے۔ اگر تم اس کا ارتکاب کرو گے تو شرم و حیا کی قوت جو تمہیں ہر برے کام سے، ہر رذیل حرکت سے باز

خلافِ مروّت اقدام سے روکتی ہے بلکہ گناہوں اور بدکاریوں کے سیلاب کے سامنے سدِّ سکندری بن کر کھڑی ہو جاتی ہے وہ کمزور پڑ جائے گی، وہ بیمار ہو جائے گی حتیٰ کہ وہ دم توڑ دے گی۔ اور جب یہ قوت فنا ہو جائے گی تو غیرت و حمیت کا جنازہ نکل جائے گا پھر اگر کوئی یہ فعل شنیع جس کے تصور سے ہی تم کانپ اٹھتے ہو تمہاری بیوی، بہن بلکہ بیٹی کے ساتھ بھی کرے گا تو تم اسے کوئی اہمیت نہ دو گے۔ یورپ، امریکہ اور ان سے متاثر ہونے والے ملکوں میں کیا ہو رہا ہے۔ رقص گاہوں میں لوگ اپنی آنکھوں سے اپنی بہو بیٹیوں کو دوسروں کے آغوش میں دیکھتے ہیں اور ٹس سے مس نہیں ہوتے بلکہ وہ دیوث فخر سے اترا رہے ہوتے ہیں اور داد دے رہے ہوتے ہیں۔

ممکن ہے کسی مسخ شدہ ذہن والے آدمی کے نزدیک اخلاقِ عالیہ کی یہ گراں بہا قدریں کوئی اہمیت نہ رکھتی ہوں وہ محض انھیں قدامت پرستی اور رجعت پسندی کی علامت قرار دیتا ہو لیکن ساء سبیلا (یعنی بہت برا راستہ) فرما کر ایسے کند ذہن کو بھی حقائق کی تلخیوں، حالات کی بے رحمیوں اور واقعات کی سنگینیوں کے روبرو کھڑا کر دیا یعنی یہ راستہ ہی بہت برا راستہ ہے۔ چند لمحوں کی فانی اور جھوٹی مسرت کے لیے انسان اپنی صحت کو کن خطرات سے دوچار کر دیتا ہے۔ آتشک، سوزاک وغیرہ موذی امراض کس کا کرشمہ ہیں۔ یہ تحائف کون دیتا ہے اور کسے دیتا ہے۔ وہ عورت جو مرد کی شہوت رانی کا شکار ہوتی ہے اُسے اگر حمل ٹھہر گیا تو وہ کہاں سر چھپائے گی۔ حمل گرانے کی صورت میں وہ اپنی جان بھی کھو سکتی ہے۔ ہم نے مانا کہ یورپ کے ترقی یافتہ ممالک میں ایسے ہسپتال اور کلینک موجود ہیں جو اسقاطِ حمل کی خدمت انجام دیتے ہیں اور ایسی پناہ گاہیں بھی موجود ہیں جہاں غیر شادی شدہ ماؤں کو پناہ مل جاتی ہے لیکن کیا سوسائٹی میں انھیں کوئی قابلِ احترام مقام نصیب ہو سکتا ہے۔ ہم نے مانا کہ ان دونوں نے اپنے کیے کی سزا پائی لیکن وہ بچے جو اس طرح پیدا ہوتے ہیں ان کا کیا قصور؟ اس ہوس کار باپ نے بھی اُن سے آنکھیں پھیر لیں۔ ماں بھی اسے کسی محتاج خانے میں چھوڑ کر چلی گئی۔ نہ ان کو ماں کا آغوشِ محبت نصیب ہوا نہ باپ کا ظلِ عاطفت۔ یہ محرومیاں ان کو ورثہ میں کیوں ملیں۔ یہ سزا انھیں کس گناہ کی مل رہی ہے۔ کیا ان بچوں کے ازہان متاثر نہیں ہوتے۔

چند ماہ ہوئے امریکہ کی ایک خاتون کوریا گئی وہاں اس نے بے شمار ایسے معصوم بچے دیکھے جن کی مائیں تو کوریا کی تھیں لیکن ان کے باپ امریکہ کے وہ سپاہی تھے جو کوریا کی جنگ میں اہلِ کوریا کی مدد کے لیے تشریف لائے تھے۔ وہ کوریا والوں کو کمیونسٹوں کی غلامی سے چھڑانے آئے تھے وہ انھیں جمہوریت کی بالادستی کا سبق ازبر کرانے آئے تھے۔ وہ سبق تو انھیں ازبر ہوا یا نہیں البتہ یہ ضرور ہوا کہ ہزاروں بلکہ لاکھوں کوریں دوشیزائیں ان کے ڈالروں کی جھنکار سے مسحور ہو کر یا جنگ کی لائی ہوئی محرومیاں اور فاقوں سے مجبور ہو کر اپنی عصمت کی دولت لٹا بیٹھیں اور ان کے مہربان امریکی حلیف انھیں حرامی بچوں کا ایک لشکر جرار دے گئے۔ خود تو وہ اپنے وطن واپس چلے گئے اور وہ معصوم بچے اپنے ظالم، جفا کار اور طوطا چشم باپوں اور غربت زدہ ماؤں کی مفارقت کے صدمے برداشت کرنے کے لیے کوریا میں رہ گئے اور وہ اب تک وہاں کے گلی کوچوں میں دھکے کھا رہے ہیں۔ ان کا کوئی پرسانِ حال نہیں۔ امریکہ کی اس خاتون نے جب یہ حال دیکھا تو رحم کی ایک رو نے اُسے اپنی لپیٹ میں لے لیا اور اس نے امریکہ کے اخبارات میں ایک اپیل شائع کی کہ ان بچوں کی سرپرستی کے لیے امریکہ کے دولتمند چندہ دیں۔ لاکھوں ڈالر چندہ ہوا اخبارات

میں امریکہ کی غریب پروری اور انسانیت نوازی کی تشہیر ہوئی اور خوب تشہیر ہوئی لیکن ذرا سوچیے ان لاکھوں بچوں میں سے اگر ہزار دو ہزار بچے کفالت میں لے بھی لیے گئے تو کیا یہ مسئلہ حل ہو گیا؟ باقی رہ جانے والے بچوں کے دکھ کا مداوا اور درد کا درماں ہو گیا؟ ان کفالت میں لیے جانے والے بچوں کو ماں کا پیار اور باپ کی محبت بھی مل گئی؟ وہ محترمہ اس ہنگامہ آرائی کے بجائے اگر اپنے ہم وطنوں کو شرم و حیا کا درس دیتی اور اس فعل شنیع سے باز آنے کی تلقین کرتی تو کیا یہ اچھا نہ ہوتا۔ آگ لگا کر اسے بجھانے کی ناکام کوشش سے کیا یہ بہتر نہیں کہ آگ لگانے کی حماقت ہی نہ کی جائے۔ وَسَآءَ سَبِيلًا کے الفاظ کتنے جامع ہیں۔ آپ ان افراد، ان خاندانوں اور قوموں کا جتنی گہری نظر سے تجزیہ کریں گے آپ کے سامنے ہولناک حقائق بے نقاب ہوتے چلے جائیں گے آپ بڑے فراخ دل، مغربیت زدہ اور جدت پسند ہونے کے باوجود کانپ جائیں گے لرز جائیں گے۔

دوسری جنگ عظیم میں امریکہ کے سپاہی اپنے دوست ملک برطانیہ کی مدد کے لیے تشریف لائے تھے وہ چند سال برطانیہ میں ٹھہرے اور جب گئے تو سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ستر ہزار ۷۰،۰۰۰ حرامی بچے چھوڑ کر گئے۔ اس کے علاوہ جو جنسی لاعلاج بیماریاں انھوں نے ایک دوسرے کو بطور تحفہ دی ہوں گی ان کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔

یہ درست ہے کہ آپ اپنے قانون ساز اداروں کے ذریعہ ایک فعل کو جرائم کی فہرست سے نکال سکتے ہیں اگر آج تک وہ حرام اور ممنوع رہا ہے تو آپ ایک بل پاس کر کے اسے جائز قرار دے سکتے ہیں لیکن کیا کسی قانون ساز ادارہ میں یہ طاقت ہے کہ ان جرائم کو جنھیں اب قانون کی سند مل گئی ہے ان کے بُرے نتائج اور عواقب سے الگ کر سکے مغرب کے بیشتر ممالک میں اگر کوئی غیر شادی شدہ مرد یا عورت اپنی مرضی سے اس فعل شنیع کا ارتکاب کرے تو وہاں کے ملکی قانون کی رو سے یہ جرم نہیں۔ آپ انہیں کوئی سزا نہیں دیں گے لیکن کیا قدرت کی گرفت سے بھی کوئی انھیں بچا سکتا ہے؟ قدرت کی گرفت کے مختلف انداز ہیں جن میں سے بعض کا ذکر اُوپر ہوا۔ کیا قدرت کا بے لاگ قانون انھیں مختلف قسم کے شکنجوں میں کس نہیں رہا؟ یورپ کے بعض ملکوں میں حرامی بچوں کی شرح پیدائش ساٹھ فی صد سے بھی تجاوز ہو گئی ہے اور کنواری ماؤں میں ہوشربا اضافہ ہو رہا ہے۔ طلاقوں کی کثرت ہے۔ گھروں میں سکون کی دولت نہیں ملتی۔ میاں بیوی میں اعتماد مفقود ہے۔ میاں بیوی میں وہ سچی محبت جس کے ہم یہاں خوگر ہیں جس کی وجہ سے میاں بیوی ایک دوسرے کے لیے قربانی اور ایثار کی حیران کن مثالیں قائم کرتے ہیں اس کا وہاں نام و نشان تک نہیں۔ برداشت اور ایثار کا جذبہ ختم ہو چکا ہے۔ کوئی بات کسی کی مرضی کے خلاف ہو گئی جھٹ طلاق حاصل کر لی۔ غور و فکر فرمائیے گھر معاشرہ کی خشت اول ہے۔ یہ وہ محکم اساس ہے جس پر معاشرہ کا محل تعمیر کیا جا سکتا ہے۔ اگر یہ بنیاد ہی کمزور ہو گی تو صحت مند معاشرہ کیسے تعمیر ہو گا۔

اس لیے جب آپ شریعت اسلامی کا مطالعہ فرمائیں تو ازراہ خدا بجڑکے ہوئے جذبات کی رو میں بہتے ہوئے مرعوبیت کے احساس کے زیر اثر ہو کر نہ کیا کریں بلکہ ان تمام چیزوں سے بلند ہو کر کیا کریں۔ بیشک آپ جذبۂ عقیدت کو بالائے طاق رکھ دیں لیکن حقیقت کا دامن تو کسی کے کہنے یا بہلانے سے نہ چھوڑ دیا کریں۔ اسلام دین فطرت ہے۔ اس کی حقیقت پسندی جب آپ کے سامنے عیاں ہو گی تو اس کا حسن خود ہی آپ کو مسحور کرے گا۔

اسلام نے جن چیزوں کے بجالانے کا حکم دیا ہے ان میں ہمارا، ہماری قوم کا بلکہ ساری انسانیت کا بھلا ہے اور جن چیزوں سے روکا ہے اس کی وجہ صرف یہی ہے کہ اس میں ہمارا، ہماری قوم کا اور ساری انسانیت کا نقصان ہے کیونکہ یہ دین ابد تک کے لیے ہے اس لیے کوئی ایسا وقت نہیں آسکتا کہ اس کی حرام کی ہوئی چیزیں حلال ہو جائیں یا ان پر مرتب ہونے والے نقصانات ختم ہو جائیں۔

یورپ کے کئی ممالک میں شراب پینا اور جوا کھیلنا قانونًا جائز ہے۔ اس کی یہ وجہ نہیں کہ وہاں شراب پینے اور جوا کھیلنے سے وہ مضرتیں ظہور پذیر نہیں ہوتیں جن کے باعث شراب و قمار کو ممنوع قرار دیا گیا تھا بلکہ اس کی وجہ محض یہ ہے کہ ان کے ذریعے حکومت کو بہت بڑی آمدنی ہوتی ہے۔ اور اگر ان چیزوں کو ممنوع قرار دیا جائے تو حکومت اس آمدنی سے محروم ہو جائے گی۔

جب جرائم اور قبائح کے متعلق اسلام کا نقطہ نظر ہی الگ ہے تو ان کے انسداد کے لیے اسلام کا طریقہ کار اگر دیگر اقوام سے الگ ہو تو اس میں قطعًا کوئی حیرت نہیں۔ مجرم کے ساتھ ایسی مہربانی اور شفقت جو دوسرے بے شمار لوگوں کو جرم کے ارتکاب پر جری کر دے اس سے وہ سختی بہتر ہے جو مجرم سے وہ جرأت چھین لے کہ وہ دوبارہ اس کا ارتکاب کر سکے۔ اور دوسرے لوگوں کے دلوں میں ایسی دہشت اور خوف پیدا کر دے کہ کسی کے دل میں اس جرم کے ارتکاب کا خیال ہی پیدا نہ ہو۔

زنا کا فعل قبیح چونکہ گوناگوں ایسی ہی لازمی اور متعدی خرابیوں کا سرچشمہ تھا۔ اس لیے اسلام نے بڑی سختی سے منع فرمایا۔ اگرچہ قانون اسلام کو معطل ہوئے عرصہ دراز گزر چکا ہے۔ شرم و حیا کی اس چادر کو تار تار کرنے کی بڑی منظم کوششیں بھی شروع ہیں لیکن اپنے ماننے والوں کے دلوں میں اسلام نے جو نفرت اس سے پیدا کر دی ہے اس کے باعث اس فعل شنیع کا ارتکاب نسبتًا بہت ہی کم ہے۔ چند مسخ شدہ گھروں کے علاوہ سارے ملک میں عصمت و عفت کا مقام بہت ہی بلند ہے۔

یہ عرض کرنے کے بعد اب بدکار عورت اور بدکار مرد کے لیے اسلام نے جو سزا تجویز کی ہے اس کو مختصرًا پیش کرتا ہوں۔ انھیں آپ ابتدائی معلومات ہی خیال فرمائیں تفصیلات کے لیے کتب فقہ کی طرف رجوع کریں۔ یہاں اتنی گنجائش نہیں کہ اس مسئلہ کے جملہ پہلوؤں کو بالتفصیل پیش کیا جاسکے۔

زانی مرد اور زانیہ عورت کو شریعت نے دو قسموں میں تقسیم کیا ہے اور اسی تقسیم کے پیش نظر ان کی سزاؤں میں تفاوت ہے۔

۱۔ غیر شادی شدہ مرد اور غیر شادی شدہ عورت۔

۲۔ شادی شدہ مرد اور شادی شدہ عورت۔

زمانۂ جاہلیت میں دیگر قباحتوں کے ساتھ ساتھ زنا کا رواج بھی عام تھا اور اس کا ارتکاب بے دھڑک کیا جاتا تھا۔ پیشہ ور عورتیں بڑے ٹھاٹھ سے اپنی دکانیں سجاتی تھیں۔ اونچے اونچے جھنڈے ان کے مکانوں پر لہرایا کرتے تھے۔ انھیں اور ان کے پاس آنے والوں کو قطعًا حجاب معلوم نہ ہوتا تھا۔ وکان فی ذالک الزمان زنی الفتاۃ فاش وکان لامراء العرب و بغایا الوقت رایات وکن مجاھرات بذالک (قرطبی)

اسلام جو انسان کو رذالت و گندگی کی ان پستیوں سے نکالنے کے لیے آیا تھا وہ اس کو کیسے گوارا کرتا۔ چنانچہ

سورۃ الفرقان جو کہ مکہ میں نازل ہوئی اس میں اہل ایمان کی دیگر صفات کے ساتھ یہ بھی ذکر کیا گیا کہ وہ زنا کا ارتکاب نہیں کرتے "ولا یزنون" اور سورۃ الممتحنہ میں جہاں عورتوں کے مشرف باسلام ہونے اور بیعت کرنے کا ذکر ہے وہاں ان سے یہ وعدہ بھی لیا جاتا ہے کہ "ولا یزنین" کہ وہ آئندہ زنا نہیں کریں گی۔ یاد رہے کہ سورۃ الممتحنہ بھی مکہ میں نازل ہوئی تھی۔ یہ تو روحانی اور اخلاقی تربیت تھی جس کی تلقین ہر اسلام قبول کرنے والے کو پہلے دن ہی کی جاتی اور اس سے یہ وعدہ لیا جاتا جس کی پابندی اس پر ضروری ہوتی۔

اس جرم شنیع کا ارتکاب کرنے والوں کے متعلق جو حکم نازل ہوا وہ سورۃ نساء کی آیت ۱۵ میں مذکور ہے کہ شادی شدہ عورت اگر اس جرم کا ارتکاب کرے تو اسے گھر میں محبوس کر دو یہاں تک کہ وہ مر جائے یا اللہ تعالیٰ کوئی دوسرا حکم نازل کرے "فامسکوھن فی البیوت حتی یتوفھن الموت او یجعل اللہ لھن سبیلاً" اور غیر شادی شدہ مرد اور عورت کے لیے ابتدا میں یہ سزا تجویز کی گئی کہ انہیں لعنت ملامت کی جائے اور خوب اذیت دی جائے "واللذان یاتیانھا منکم فاذوھما" کچھ عرصہ اسی حکم کے مطابق عمل ہوتا رہا پھر پانچ یا چھ ہجری میں جب سورۃ النور نازل ہوئی تو یہ حکم نافذ ہوا کہ زانی مرد اور زانیہ عورت کو سو کوڑے لگائے جائیں ساری امت محمدیہ علی صاحبہا الف الف صلوٰۃ وسلام کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ سزا غیر شادی شدہ مرد اور عورت کے لیے ہے۔ شادی شدہ مرد اور عورت کی سزا یہ ہے کہ اسے رجم کیا جائے یعنی اس پر اتنے پتھر برسائے جائیں کہ وہ مر جائے۔ صرف خوارج کا یہ قول ہے کہ سو کوڑوں کی سزا ہر زانی اور زانیہ کے لیے ہے۔ شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کی کوئی تخصیص نہیں۔ انھوں نے اس آیت سے یہ استدلال کیا ہے کہ یہاں مطلق زانی اور زانیہ کی یہ سزا مقرر کی گئی ہے۔ وہ کہتے ہیں جن روایات سے رجم کی سزا کا ثبوت ہوتا ہے وہ قرآن کریم کی مخصص یا ناسخ نہیں ہو سکتیں۔ قدیم خوارج کے علاوہ اس زمانہ کے جدید خوارج کا بھی یہی قول ہے۔ ان کی خدمت میں مختصراً اتنی گزارش ہے کہ رجم اخبار احاد سے نہیں بلکہ احادیث متواترہ سے ثابت ہے۔ حضور سرور عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم نے اس آیت کے نزول کے بعد بھی متعدد بار رجم کی سزا دی جن کی تفصیل کتب احادیث میں مذکور ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق، حضرت فاروق اعظم، حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم سب نے اپنے اپنے عہد خلافت میں شادی شدہ زانی اور زانیہ کو رجم کیا۔ ایک معمولی سمجھ کا انسان بھی اس بات کو اچھی طرح سمجھ سکتا ہے کہ اس آیت کا مفہوم قدیم و جدید خوارج سے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بہر حال بہتر سمجھتے تھے اور حضور کے خلفاء راشدین جن کی زندگی کا ہر لمحہ اقامت دین میں بسر ہوا وہ قطعاً کوئی ایسا کام کرنے کے لیے تیار نہ تھے جس سے فرمان الٰہی کی خلاف ورزی ہو۔ اس واضح تعامل کے باوجود شادی شدہ کے لیے رجم کا انکار کرنا کھلی ہوئی زیادتی ہے اور اس کا ارتکاب صرف خارجی ہی کر سکتے ہیں۔

۲۔ **ثبوتِ زنا**:۔ اس کے دو طریقے ہیں۔

۱۔ اقرار، ۲۔ شہادت

کیونکہ یہ بہت گھناؤنا جرم ہے، اس سے انسان کی عزت و آبرو جو اس کی متاع گراں بہا ہے، متاثر ہوتی ہے نیز

اس کی سزا بھی ازحد سنگین ہے اس لیے اس جرم کو ثابت کرنے کے لیے بڑی احتیاط ملحوظ رکھی گئی ہے جس اقرار سے یہ جرم ثابت ہوتا ہے اس کی صورت یہ ہے کہ اس فعل کا ارتکاب کرنے والا امام یا نائب امام کے سامنے چار مرتبہ صاف الفاظ میں اقرار کرے کہ اس نے یہ فعل شنیع کیا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے جب ماعز بن مالک اسلمی نے آکر یہ عرض کی کہ یا رسول اللہ مجھے پاک فرمائیے، میں نے زنا کیا ہے تو حضور نے اس کی طرف سے منہ پھیر لیا اور فرمایا ویحك ارجع فاستغفر اللہ وتب الیہ۔ اے جوان واپس چلا جا اور توبہ و استغفار کر۔ اس نے پھر سامنے ہو کر یہی کہا حضور نے پھر منہ پھیر لیا۔ تیسری مرتبہ بھی اس نے اقرار کیا۔ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے اسے متنبہ کیا کہ اب اگر چوتھی بار تو نے ایسا ہی کیا تو تجھے رجم کر دیا جائیگا لیکن وہ باز نہ آیا اور چوتھی مرتبہ بھی وہی الفاظ کہہ دیئے۔ اب حضور اس کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا لعلك قبلت او غمزت او نظرت۔ شاید تو نے فقط بوسہ لیا ہو یا نظر بازی کی ہو لیکن وہ اپنی بات پر اڑا رہا۔ حضور نے فرمایا ابك جنون قال لا۔ کیا تو مجنون تو نہیں؟ اس نے کہا نہیں۔ پھر فرمایا کیا تو شادی شدہ ہے؟ اس نے کہا ہاں یا رسول اللہ۔ آخر میں حضور نے فرمایا اذھبوا بہ فارجموہ۔ اسے لے جاؤ اور رجم کر دو۔

شہادت:۔ شہادت میں بھی حد درجہ کی احتیاط کی گئی ہے۔ چار ایسے مرد گواہ ہونے چاہییں جو مسلمان، عاقل، بالغ، آزاد اور عادل ہوں جن کی صداقت اور دیانت ہر شک وشبہ سے بالاتر ہو اور گواہی بھی اس طرح دیں کہ انھوں نے ملزم اور ملزمہ کو عین حالت مباشرت میں دیکھا ہے کالمیل فی المکحلۃ والرشاء فی البئر (یعنی جس طرح سُرمہ دانی میں سلائی اور کنوئیں میں رسی)۔ اگر گواہوں کی گواہی میں جگہ، وقت، مزنیہ وغیرہ امور کے متعلق اختلاف پایا جائے تو گواہی مردود ہوگی اور حد نہ لگائی جائے گی۔

اثبات زنا کے لیے اتنی سختی اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے سے واضح ہوتا ہے کہ شریعت کو لوگوں کو سزا دینے کا شوق نہیں تاکہ جہاں کہیں کسی نے انگشت نمائی کر دی وہاں کوڑے برسنے لگے اور لہو بہنے لگا یا ذرا موقع پاتے ہی پتھر مار مار کر ہلاک کر دیا۔ یہ سزا ایک انتہائی اقدام ہے جو صرف ایسے شخص کے خلاف ہی کیا جائے گا جس کے دل میں نہ خدا کا خوف ہے نہ قیامت کا ڈر ہے، نہ آیات قرآنی اور احادیث نبوی کا پاس ہے، اور نہ اسے سوسائٹی میں رسوا اور ذلیل ہونے کا کوئی اندیشہ ہے۔ اس نے یہ کام اس طرح کیا کہ چار آدمیوں نے اسے عین حالت مباشرت میں دیکھ لیا نیز شریعت نے یہ بھی ضروری قرار نہیں دیا کہ جو شخص تنہائی میں چھپ کر یہ کام کر بیٹھے وہ ضرور عدالت میں حاضر ہو کر اس کا اعتراف کرے۔ گواہوں پر بھی یہ ضروری نہیں کہ وہ اس کے خلاف ضرور جا کر گواہی دیں بلکہ اسے چاہیے کہ خود بھی اپنا پردہ فاش نہ کرے اور گواہوں کے لیے بھی یہ بہتر ہے کہ وہ اس کی پردہ دری نہ کریں۔ حدیث پاک میں ہے "من اتی شیئا من ھذہ القاذورات فلیستتر بستر اللہ فان ابدی لنا صفحتہ اقمنا علیہ کتاب اللہ (احکام القرآن) یعنی جس کسی سے اس قسم کا گندہ فعل صادر ہوا سے چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے پردے کو فاش نہ کرے اور جو شخص ہمارے سامنے اپنے آپ کو ظاہر کرے گا ہم اس پر حکم الٰہی ضرور جاری کریں گے۔ ہزال بن معین جس نے ماعز کو بارگاہ رسالت میں اس جرم کا اقرار

جَلْدَةٍ ۪ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

اور نہ آئے تمھیں ان دونوں پر (ذرا) رحم [۳] اللہ تعالیٰ کے دین کے معاملے میں اگر تم ایمان

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ

رکھتے ہو اللہ تعالیٰ پر اور روزِ آخرت پر اور چاہیے کہ مشاہدہ کرے دونوں کی سزا کو اہلِ ایمان کا ایک

کرنے کے لیے بھیجا تھا۔ حضورؐ نے فرمایا لو سترتہ بثوبك كان خيرا لك اگر تو اسے اپنے کپڑے میں ڈھانپ لیتا تو تیرے لیے بہتر ہوتا۔ لیکن اگر یہ چیز حاکمِ وقت کے سامنے پیش کر دی جائے اور اقرار یا شہادت سے پایۂ ثبوت کو پہنچ جائے تو پھر حاکم کو یہ اختیار نہیں کہ وہ حد قائم نہ کرے۔ تعافوا الحدود فیما بینکم فما بلغنی من حد فقد وجب (ابوداؤد۔ نسائی) آپس میں حدوں سے درگزر کرتے رہو لیکن جب وہ حد مجھ تک پہنچ جائے گی تو پھر اس کا نفاذ ضروری ہو جائے گا۔

نیز یہ جرم قابلِ مصالحت نہیں کہ کچھ معاوضہ دے کر قصہ ختم کر دیا جائے۔ ایک لڑکا کسی آدمی کے ہاں کام کرتا تھا، اس نے اس کی بیوی کے ساتھ بدکاری کی۔ لڑکے کے باپ نے سو بکریاں اور ایک لونڈی اس کے خاوند کو دے کر راضی کر لیا لیکن جب مقدمہ بارگاہِ نبوت میں پیش ہوا تو حضورؐ نے فرمایا اما غنمك وجاريتك فرد عليك۔ وہ تیری بکریاں اور تیری لونڈی تجھے واپس کر دی جائے گی اور تیرے لڑکے پر حد لگے گی۔

جس کوڑے کے ساتھ مارا جائے وہ نہ زیادہ سخت ہو نہ زیادہ نرم اور حد جسم کے ایک حصہ پر ہی نہ لگائی جائے بلکہ منہ، سر اور شرمگاہ کے علاوہ جسم کے مختلف حصوں پر لگائی جائے۔

[۳] حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن ایسے حاکم کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کیا جائے گا جس نے حد میں کمی کی ہوگی۔ اس سے پوچھا جائے گا لم فعلت ذالك۔ تو نے ایسا کیوں کیا؟ وہ کہے گا رحمة لعبادك تیرے بندوں پر رحمت اور شفقت کے لیے۔ اسے کہا جائے گا انت ارحم بهم منی۔ کیا تو مجھ سے زیادہ ان پر رحم کرنے والا ہے؟ فیؤمر به الی النار۔ اسے دوزخ میں پھینک دینے کا حکم دیا جائے گا۔ پھر ایسے حاکم کو بارگاہِ الٰہی میں پیش کیا جائے گا جس نے مقررہ حد سے ایک کوڑا زیادہ مارا ہوگا۔ اس سے اس کی وجہ پوچھی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے انت احکم به منی فیؤمر به الی النار۔ کیا تو مجھ سے زیادہ حکم کرنے والا ہے۔ پھر اسے بھی آگ میں پھینکے جانے کا حکم صادر ہوگا۔

حقیقت یہ ہے کہ احکامِ خداوندی کی صحیح طور پر تعمیل میں ہی ہماری فلاح ہے۔ اپنی خود ساختہ مصلحتوں کے پیشِ نظر ان میں کمی یا زیادتی کرنا خطرناک نتائج کا باعث ہوتا ہے۔ جہاں بھی حدود کے قیام میں تساہل کیا گیا جرائم میں ہوشربا اضافہ ہوا۔ قتل کی وارداتوں میں آئے دن جو زیادتی ہو رہی ہے اس کی ایک بڑی وجہ یہی فعل مذموم ہے۔ جب اس کی دادرسی

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۡ وَّالزَّانِيَةُ

گروہ ۵ زانی شادی نہیں کرتا مگر زانیہ کے ساتھ یا مشرک کے ساتھ اور زانیہ

لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

نہیں نکاح کرتا اس کے ساتھ مگر زانی یا مشرک ۶ اور حرام کر دیا گیا ہے یہ اہل ایمان پر ۷

نہیں ہوتی جس کی عصمت لوٹ لی گئی ہو تو وہ جوشِ غضب سے مضطرب ہو کر خود انتقام لینے کے لیے آگے بڑھتا ہے اور فتنہ و فساد کی آگ بھڑکا دیتا ہے اس لیے رأفت اور مہربانی یہ نہیں کہ ایک جان بچانے کے لیے بیسیوں جانیں تلف کرنے کا دروازہ کھول دیا جائے۔

۵ کیونکہ اس سزا کا ایک اہم مقصد دوسروں کو عبرت دلانا ہے اس لیے حکم دیا کہ یہ حد مجمع عام میں قائم کی جائے تاکہ عام لوگ اس کو اپنی آنکھوں سے دیکھیں اور محتنب رہیں جب کوئی شخص حد قائم کرنے کے باعث مر جائے تو اس کی نعش کی تذلیل اور توہین نہیں کی جائے گی بلکہ عام مسلمانوں کی طرح اسے غسل دیا جائے گا، کفن پہنایا جائے گا، نماز جنازہ ادا کی جائے گی اور مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا جائے گا۔ اذا مات فی الحد یغسل ویکفن ویصلی ویدفن فی مقابر المسلمین (تفسیر کبیر)

۶ اس آیت کا مفہوم سمجھنے میں لوگوں کو بڑی پریشانی ہوتی ہے۔ حالانکہ اگر اس کے شانِ نزول کو پیش نظر رکھا جائے تو مطلب بالکل واضح ہو جاتا ہے۔ حضرت مرثد کا یہ دستور تھا کہ مشرکین مکہ کے پاس جو مسلمان قیدی ہوتے یہ رات کی تاریکی میں وہاں جاتے اور کسی نہ کسی طرح سے انہیں کفار کی اسیری سے نکال لاتے اسی سلسلہ میں وہ ایک دفعہ مکہ گئے، چاندنی رات تھی ایک مکان کے سایہ میں چھپے بیٹھے تھے کہ کوئی دیکھ نہ لے۔ اتفاقاً عناق نامی ایک عورت جس سے زمانہ جاہلیت میں ان کے گہرے تعلقات تھے وہ ادھر آنکلی اس نے جب ایک متحرک سایہ دیکھا تو اور نزدیک آگئی اور انہیں پہچان لیا۔ پوچھا مرثد ہو؟ انھوں نے کہا ہاں اس کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ اھلاً و مرحباً خوش آمدید کہتی ہوئی آگے بڑھی کہنے لگی ھلم فبت عندنا اللیل۔ آؤ آج رات ہمارے پاس گزارو۔ میں نے کہا یا عناق حرم اللہ تعالیٰ الزنا: اے عناق اللہ نے زنا کو حرام کر دیا ہے۔ میں اب تمہارے پاس شب باشی کی جرأت نہیں کر سکتا: اس نے اسی وقت شور مچانا شروع کر دیا۔ لوگو جاگو یہ ہے وہ شخص جو تمہارے قیدیوں کو چوری چھپے اٹھا کر لے جاتا ہے، اسے پکڑو۔ میں بھاگ کھڑا ہوا۔ آٹھ آدمیوں نے میرا تعاقب شروع کیا۔ میں ایک غار میں جا کر چھپ گیا۔ وہ اس غار کے دہانہ تک آئے لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کی آنکھوں کو اندھا کر دیا اور وہ واپس لوٹ گئے جب وہ چلے گئے تو میں پھر اپنے کام کے لیے مکہ واپس آیا اور جس آدمی کو رہا کرانے کے لیے میں آیا تھا اسے کسی نہ کسی طرح میں نکالنے میں کامیاب ہو گیا اور اسے اپنے ہمراہ لے کر مدینہ طیبہ پہنچ گیا۔ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر میں نے سارا ماجرا بیان کیا پھر عرض کی یا رسول اللہ انکح عناق اجازت ہو تو عناق سے نکاح کر لوں، حضور خاموش رہے۔ کچھ دیر بعد یہ آیت نازل ہوئی حضور

# وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ

اور وہ لوگ جو تہمت لگاتے ہیں پاکدامن عورتوں پر، پھر وہ نہ پیش کر سکیں چار گواہ شہ

نے مجھے بلایا اور حکم الٰہی پڑھ کر سنایا۔

اس شان نزول سے معلوم ہوا کہ زانیہ سے مراد پیشہ ور عورت ہے۔ کوئی غیرت مند انسان ایسی عورت کو اپنے نکاح میں لینے کے لیے تیار نہیں ہوتا اور زانی سے مراد بھی وہی مرد ہے جو اس فعل کے ارتکاب میں شہرت رکھتا ہو اور شرم وحیا کی چادر اس نے اتار کر پھینک دی ہو۔ ایسے شخص کو بھی کوئی مومن عورت اپنا خاوند بنانے کے لیے آمادہ نہیں ہوتی۔ یہاں صیغہ نفی کا ہے لیکن معنی نہی کا۔ فلا ینکح کا معنی یہ ہوگا لایلیق بہ ان ینکح۔ یعنی پیشہ ور زانیہ کے ساتھ نکاح کرنا مومن کی شان کے لائق نہیں۔ جس طرح کہا جاتا ہے السلطان لایکذب ای لایلیق بہ ان یکذب۔ یعنی بادشاہ کے لیے مناسب نہیں کہ وہ جھوٹ بولے۔ ایک شاعر کہتا ہے ؎

وتجتنب الاسود ورود ماء    اذا کان الکلاب یلغن فیہ

یعنی شیروں کے لیے ایسی جگہ سے پانی پینا مناسب نہیں جہاں کتے آکر منہ ڈالتے ہوں۔

اس آیت کا ایک مفہوم حضرت علامہ پانی پتی نے ذکر کیا فرماتے ہیں:۔

المعنی ان الزانی لاجل فسقہ لا یرغب غالباً فی نکاح الصالحات والزانیۃ لا یرغب فیہا الصلحاء فان المشاکلۃ علۃ الالفۃ (مظہری)۔ آیت کا معنی یہ ہے کہ زانی اپنے فسق وفجور کے باعث صالحہ عورت سے نکاح کرنے کی طرف راغب نہیں ہوتا۔ اسی طرح نیک مرد بھی زانیہ سے نکاح کرنا پسند نہیں کرتا کیونکہ طبیعتوں کی مناسبت باہمی الفت ومحبت کی علت ہے جہاں طبیعتوں میں تضاد ہوگا وہاں باہمی الفت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اس صورت میں نفی اپنے حقیقی معنی پر ہی محمول ہوگی۔

ٹ یعنی بدکار پیشہ ور عورت سے نکاح اس کے توبہ کرنے سے پہلے جائز نہیں۔ اسی طرح جو مرد اس قماش کا ہو اس کی اصلاح احوال سے پہلے کسی عفیفہ کو اس کے رشتۂ نکاح میں باندھ دینا سراسر ظلم اور بے انصافی ہے۔

ث زنا کا جرم اسلامی معاشرہ میں ناقابل برداشت ہے۔ جو شخص اس کا مرتکب ہوگا اس کے لیے ایسی عبرتناک سزا مقرر کی گئی ہے جو کسی دوسرے گناہ پر نہیں دی جاتی۔ اسی طرح زنا کا غلط بہتان لگانا بھی انتہائی سنگین جرم ہے۔ جو شخص کسی پاکدامن اور عفیف عورت پر یا کسی پاکباز اور عصمت شعار مرد پر یہ الزام لگائے گا اُسے معمولی بات خیال کر کے نظر انداز نہیں کر دیا جائیگا بلکہ اسے حکم دیا جائے گا کہ وہ اس الزام کو ثابت کرنے کے لیے چار گواہ پیش کرے اور اگر وہ چار گواہ پیش نہیں کر سکے گا تو اسے اسی درے لگائے جائیں گے تاکہ ہر شخص کو پتہ چل جائے کہ کسی کی عزت وناموس پر غلط الزام لگانا مذاق نہیں ہے۔

آیت کے کلمات میں ایک مرتبہ پھر غور فرمائیے۔ یَرْمُوْنَ کا معنی تہمت لگانا ہے لیکن یہاں اس سے مراد خاص زنا

فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ

تو لگاؤ ان (تہمت لگانے والوں) کو اسی دُرّے اور نہ قبول کرو ان کی کوئی گواہی ہمیشہ کے لیے ۹

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝٤ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ

اور وہی لوگ فاسق ہیں مگر (ان میں سے) وہ لوگ جو توبہ کرلیں ایسا بہتان لگانے کے بعد اور

اَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٥ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ

اپنی اصلاح کرلیں تو بیشک اللہ تعالیٰ غفور و رحیم ہے ۱۰ اور وہ (خاوند) جو تہمت لگاتے ہیں اپنی بیویوں

کی تہمت ہے وہ بھی صریح الفاظ میں جیسے کہے زنیتَ یا یا زانی۔ المُحصنات سے مراد پاکدامن عورتیں ہیں لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ اگر کسی مرد پر یہ بہتان لگایا جائے گا تو یہ حد نہ ہوگی بلکہ مرد اور عورت کا حکم یکساں ہے۔ یہاں فقط محصنات کا لفظ ذکر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ جس واقعہ کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی اس میں الزام ایک عورت پر ہی لگایا گیا تھا۔ پاکدامن مرد پر بہتان لگانے کا حکم اجماعِ امت سے ثابت ہے۔ لفظ محصَن کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ پانی پتی لکھتے ہیں: المراد بالاحصان باجماع العلماء ان یکون حرًّا عاقلا بالغًا مسلمًا عفیفًا غیر متھم بالزنا۔ یعنی اس جگہ احصان کا معنی یہ ہے کہ جس پر الزام لگایا جا رہا ہے وہ آزاد، عاقل، بالغ، مسلم عفیف ہو اور اس پر زنا کی تہمت کبھی نہ لگائی گئی ہو۔

۹ ایسے لوگوں کو تین سزائیں دی جائیں گی:

۱۔ انھیں اسی کوڑے لگائے جائیں گے۔

۲۔ آئندہ مالی حقوق میں ان کی گواہی قابل قبول نہ ہوگی۔

۳۔ انہیں فاسق قرار دیا جائے گا۔

۱۰ اگر کوئی شخص بہتان لگانے کے بعد توبہ کرے گا تو حدِ قذف اس سے ساقط نہیں ہوگی۔ البتہ اس کے فسق سے جو عذاب اسے روزِ قیامت دیا جانے والا تھا وہ معاف کر دیا جائے گا۔ توبہ کے بعد کیا اس کی گواہی منظور ہوگی یا نہیں اس میں علماء کا اختلاف ہے۔ احناف کا مسلک یہ ہے کہ توبہ کے بعد بھی وہ مردود الشہادۃ رہے گا۔ حضرت امام اعظمؒ کے علاوہ اسلاف میں سے مندرجہ ذیل حضرات کی یہی رائے ہے:

قاضی شریح، ابراہیم نخعی، سعید بن جبیر، مکحول اور عبدالرحمٰن بن زید بن جابر۔ لیکن امام مالکؒ، امام احمد اور امام شافعی کا قول ہے کہ توبہ کے بعد اس کی شہادت مقبول ہوگی۔ سعید بن المسیب اور کئی دیگر اکابر کا یہی مسلک ہے۔ شعبی سے یہ قول منقول ہے کہ توبہ سے حد بھی ساقط ہو جائے گی۔ وقال الشعبی ان الاستثناء یرجع الی الکل ومحله النصب فیسقط

وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ

پر[۱۱] اور نہ ہوں ان کے پاس کوئی گواہ بجز اپنے تو ان کی شہادت کا یہ طریقہ ہے کہ وہ خاوند چار مرتبہ گواہی

شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۶ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ

دے کہ بخدا وہ (یہ تہمت لگانے میں) سچا ہے۔ اور پانچویں بار یہ کہے اس پر اللہ تعالیٰ کی پھٹکار

عندہ حد القذف بالتوبۃ (مظہری)

[۱۱] جب سابقہ آیت نازل ہوئی تو سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ اھکذا انزلت۔ کیا یہ آیت یوں ہی نازل ہوئی ہے۔ حضورؐ نے فرمایا اے انصار! سنتے ہو تمہارا سردار کیا کہہ رہا ہے۔ سعد بولے یا رسول اللہ! خدا کی قسم میں جانتا ہوں کہ یہ حق ہے اور اللہ تعالیٰ نے اسے نازل فرمایا ہے لیکن میں یہ خیال کرکے حیران ہو رہا ہوں کہ اگر میں کسی بدبخت کو اپنی بیوی پر سوار دیکھوں تو جب تک میں چار گواہ تلاش کرکے نہ لاؤں اس کے خلاف زبان نہیں ہلا سکتا اور اگر گواہوں کو بلانے جاؤں گا تو وہ اپنا کام تمام کرکے رفوچکر ہو چکا ہوگا۔ اس گفتگو کو قلیل عرصہ ہی گزرا تھا کہ ایک رات ہلال بن اُمیّہ اپنے کھیتوں سے جب گھر آئے تو اپنی اہلیہ کے ساتھ ایک آدمی دیکھا۔ انھوں نے سارا معاملہ اپنی آنکھوں سے دیکھا اور کانوں سے سنا۔ صبح بارگاہِ نبوت میں حاضر ہوئے اور سارا ماجرا کہہ سنایا۔ حضورؐ کو یہ سُن کر بڑی کوفت ہوئی۔ صحابہ آپس میں کہنے لگے کہ ابھی ہلال پر حدِ قذف لگائی جائے گی۔ ہلال نے کہا میرے دوستو گھبراتے کیوں ہو۔ اللہ تعالیٰ ضرور کوئی صورت پیدا فرمائے گا۔ اسی اثناء میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر نزولِ وحی کے آثار نمودار ہوئے اور سب خاموش ہو گئے۔ جب یہ کیفیت ختم ہوئی تو حضورؐ نے فرمایا اے ہلال مبارک ہو۔ اللہ تعالیٰ نے تیری نجات کی صورت پیدا فرما دی ہے۔ پھر آیت پڑھ کر سنائی۔ اور اس کی بیوی کو بلا بھیجا۔ وہ آئی تو یہ آیت اسے بھی پڑھ کر سنائی۔ پھر دونوں کو تنبیہ کی کہ دنیا کے عذاب سے قیامت کا عذاب بہت سخت ہے۔ ہلال نے عرض کی یا رسول اللہ! میں نے جو عرض کی ہے بخدا وہ سچ ہے۔ عورت نے کہا یہ جھوٹ بولتا ہے۔ چنانچہ پہلے ہلال نے چار مرتبہ قسم اٹھا کر کہا کہ میں سچا ہوں۔ پانچویں مرتبہ کہا کہ اگر میں جھوٹا ہوں تو مجھ پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو۔ پھر عورت کو کہا گیا کہ اسی طرح تو چار مرتبہ حلف کے ساتھ گواہی دے کہ وہ جھوٹا ہے۔ جب وہ کہہ چکی تو حضورؐ نے اسے فرمایا اللہ تعالیٰ سے ڈر۔ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب سے بہت ہلکا ہے۔ اگر تُو نے پانچویں بار بھی کہہ دیا تو عذابِ آخرت تجھ پر لازم ہو جائے گا۔ چنانچہ کچھ دیر وہ خاموش رہی۔ اس نے اپنے قصور کے اعتراف کا ارادہ کیا۔ پھر کہنے لگی میں اپنی قوم کو رسوا کرنا نہیں چاہتی۔ چنانچہ پانچویں دفعہ بھی اس نے کہہ دیا ان غضب اللّٰہ علیہا ان کان من الصادقین کہ اگر ہلال سچا ہو تو مجھ پر خدا کا غضب نازل ہو۔ چنانچہ اس طرح قسم اٹھانے سے ہلال حدِ قذف سے بچ گئے اور وہ عورت حدِ زنا سے بچ گئی لیکن ان کے درمیان ہمیشہ کے لیے جدائی کر دی گئی۔ حضورؐ نے فرمایا کہ اب جو بچہ پیدا ہو اس کی نسبت ہلال کی طرف نہ کی جائے بلکہ اس کی ماں کی طرف کی جائے

اللّٰہِ عَلَیْہِ اِنْ کَانَ مِنَ الْکٰذِبِیْنَ ﴿۷﴾ وَیَدْرَؤُا عَنْہَا الْعَذَابَ

ہو اگر وہ کذب بیانی کرنے والوں میں سے ہو اور ٹل سکتی ہے اس عورت سے حد ١٢ے

اَنْ تَشْہَدَ اَرْبَعَ شَہٰدٰتٍۭ بِاللّٰہِ ۙ اِنَّہٗ لَمِنَ الْکٰذِبِیْنَ ۙ﴿۸﴾

کہ وہ گواہی دے چار مرتبہ اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر کہ وہ (خاوند) جھوٹا ہے۔

وَالْخَامِسَۃَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰہِ عَلَیْہَآ اِنْ کَانَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۹﴾

اور پانچویں مرتبہ یہ کہے کہ خدا کا غضب ہو اس پر اگر وہ (خاوند) سچا ہو۔

ع ۲ / ۱۰ / ۸ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَتُہٗ وَاَنَّ اللّٰہَ تَوَّابٌ حَکِیْمٌ ﴿۱۰﴾ ع

اور اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی (تو تم بڑی الجھنوں میں پڑ جاتے) اور بیشک اللہ بہت تو(بہ)

اِنَّ الَّذِیْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْکِ عُصْبَۃٌ مِّنْکُمْ ؕ لَا تَحْسَبُوْہُ شَرًّا لَّکُمْ ؕ

قبول کرنے والا بڑا دانا ہے ١٣ے بیشک جنھوں نے جھوٹی تہمت ١٤ے لگائی ہے ١٥ے وہ ایک گروہ ہے تم میں سے تم اسے اپنے لیے برا خیال

اور ساتھ ہی ایک اور حکم بھی دیا کہ اگر اس کے بعد کسی نے اس عورت کو زنا سے متہم کیا یا اس کے بچے کو حرامی کہا تو اس پر حد قذف لگائی جائے گی اس ارشاد سے واضح ہوگیا کہ جس کو شریعت کسی الزام سے بری کر دے پھر اس پر کسی کو زبان درازی کرنے کا حق نہیں پہنچتا۔ اس طریقہ کار کو لعان کہتے ہیں۔ لعان کرنے سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے اور پھر وہ عورت زندگی بھر اس کے نکاح میں نہیں آسکتی۔

١٢ے اگر مرد اس طرح قسم کھائے اور عورت خاموش ہو جائے تو اس پر زنا کی حد لگے گی لیکن اگر عورت بھی اس طرح قسم کھالے تو وہ بھی زنا کی حد سے بچ جائے گی۔

١٣ے یعنی اگر حد قذف کے حکم کے بعد لعان کا قانون جاری نہ کیا جاتا اور مرد اپنی بیوی کو ناشائستہ حالت میں دیکھتا اور خاموش رہتا تو ساری عمر خون کے گھونٹ پیتا رہتا اور اگر اظہار کرتا تو اسی کوڑے کھاتا۔ یہ تو محض اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ اس نے ان پیچیدگیوں سے نجات کا راستہ تمھارے لیے بنا دیا ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے کتب فقہ کا مطالعہ کیا جائے۔

١٤ے یہاں سے اس سازش کا ذکر فرمایا جا رہا ہے جو دشمنان اسلام نے اسلام کی بڑھتی ہوئی طاقت اور بادیٔ اسلام کی روز افزوں عزت و شوکت کو دیکھ کر کی اور جس میں حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتی عزت پر حملہ کرکے

کمینگی اور دنائت کی حد کر دی۔ اِن آیات میں جس واقعہ کو بیان کیا گیا ہے پہلے صحیحین کی روایت کے مطابق اسے تفصیلاً پیش کرتا ہوں اس کے بعد حسبِ ضرورت تشریحات کی جائیں گی۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ خود روایت کرتی ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا یہ معمول تھا کہ جب سفر پر تشریف لے جاتے تو اپنی ازواج کے درمیان قرعہ اندازی فرماتے جس کے نام کا قرعہ نکلتا اس کو ہمرکابی کا شرف بخشتے۔ جب حضور غزوہ بنی مصطلق پر روانہ ہوئے تو حسبِ معمول قرعہ ڈالا گیا تو میرا نام نکلا چنانچہ میں حضورؐ کے ہمراہ گئی۔ اُس وقت پردہ کے احکام نازل ہو چکے تھے۔ میں ہودج میں بیٹھی تھی۔ اور جب لشکر روانہ ہوتا تو میرا ہودج اٹھا کر اُونٹ پر رکھ دیا جاتا اور جہاں قیام کیا جاتا وہاں ہودج اُتار دیا جاتا۔ جب جہاد سے فراغت ہوئی تو حضورؐ نے واپسی کا قصد فرمایا۔ ہم مدینہ طیبہ کے قریب پہنچے اور رات بسر کی۔ رات کے پچھلے حصہ میں کوچ کی تیاری شروع ہو گئی۔ میں قضائے حاجت کے لیے باہر گئی جب واپس آئی تو میرے گلے کا ہار ٹوٹ کر کہیں گر پڑا۔ میں اس کی تلاش میں پھر لوٹ گئی۔ ہار تو مجھے مل گیا لیکن جب واپس آئی تو لشکر وہاں سے کوچ کر چکا تھا۔ جو لوگ میرے ہودج کو رکھنے اور پھر اُتارنے پر مامور تھے انھوں نے حسبِ عادت میرا ہودج اُٹھایا اور اُونٹ پر کس دیا۔ انھیں یہ معلوم نہ ہو سکا کہ میں ہودج میں نہیں ہوں۔ کیونکہ اس زمانہ میں عورتیں ہلکی پھلکی ہُوا کرتی تھیں کیونکہ غذا مرغن نہیں ہوتی تھی اور میں تو کم عمر تھی اس لیے ہودج میں میرے نہ ہونے کا انھیں احساس تک نہ ہُوا۔ جب میں واپس آئی تو وہاں کوئی بھی نہ تھا۔ یہ خیال کر کے کہ جب وہ مجھے نہیں پائیں گے تو میری تلاش میں یہاں آئیں گے میں وہاں ٹھہر گئی۔ صفوان بن معطل کی یہ ڈیوٹی تھی کہ وہ لشکر کے پیچھے پیچھے رہتے۔ جب لشکر کوچ کرتا تو وہاں پہنچتے۔ اگر کسی کی کوئی چیز پڑی ہوئی ملتی تو اسے اُٹھا کر اس کے مالک تک پہنچا دیتے۔ میں چادر لپیٹ کر لیٹ گئی۔ اتنے میں صفوان آپہنچے۔ ابھی صبح کا اندھیرا تھا۔ انھوں نے کسی کو دُور سے سویا ہُوا دیکھا تو قریب آئے۔ پردہ کے احکام نازل ہونے سے پہلے انھوں نے مجھے دیکھا ہُوا تھا اس لیے مجھے پہچان گئے اور بلند آواز سے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا۔ ان کی آواز سے میری آنکھ کھل گئی اور میں نے اپنا چہرہ ڈھانپ لیا۔ انھوں نے اپنا اونٹ میرے قریب لا کر بٹھایا اور مجھے سوار کر کے چل دیئے۔ ہم دوپہر کے وقت لشکر سے آملے۔ عبداللہ بن اُبی رئیس المنافقین نے جب یہ دیکھا تو اس نے ایک طوفان برپا کر دیا۔ جب میں مدینہ پہنچی تو بیمار ہو گئی اور ایک ماہ تک بیمار پڑی رہی۔ لوگوں میں اس بات کا خوب چرچا ہوتا رہا لیکن مجھے قطعاً اس کا کوئی علم نہ تھا۔ البتہ ایک بات مجھے کھٹک رہی تھی کہ میری علالت کے وقت جو لطف و عنایت حضورؐ پہلے مجھ پر فرمایا کرتے تھے وہ مفقود تھی۔ حضورؐ جب مزاج پُرسی کے لیے تشریف لاتے تو صرف اتنا دریافت کرتے کیف تیکم کہ تمہارا کیا حال ہے۔ اس سے مجھے شک گزرتا تاہم مجھے اس شر انگیز پروپیگنڈے کی خبر تک نہ تھی۔ بیماری کے بعد میں بہت نقاہت اور کمزوری محسوس کرنے لگی۔ ایک رات میں اُمِّ مسطح کے ساتھ قضائے حاجت کے لیے مدینہ سے باہر گئی کیونکہ اس وقت تک گھروں میں بیت الخلاء بنانے کا رواج نہ تھا اور ہم عرب کے دستور کے مطابق جنگل میں ہی جایا کرتی تھیں۔ اُمِّ مسطح حضرت ابوبکرؓ کی خالہ زاد بہن تھیں۔ ہم دونوں جب فارغ ہو کر واپس آ رہی تھیں تو اُمِّ مسطح کا پاؤں چادر میں اُلجھا اور وہ گر پڑیں۔ ان کی زبان سے بے ساختہ نکلا

تعس مسطح" کہ مسطح ہلاک ہو۔ یہ اس کا بیٹا تھا۔ میں نے کہا تم ایک بدری کے لیے ایسے الفاظ استعمال کر رہی ہو یہ بہت بُری بات ہے۔ اس نے کہا کیا تم نے نہیں سُنا جو طوفان اُس نے برپا کر رکھا ہے۔ میرے استفسار پر اس نے سارا واقعہ مجھے سُنا دیا۔ یہ سُن کر میرا مرض پھر عود کر آیا۔ حضور تشریف لائے تو پوچھا کیف تیکم۔ میں نے عرض کی مجھے اپنے والدین کے پاس جانے کی اجازت مرحمت فرمائی جائے۔ مقصد یہ تھا کہ میں والدین سے اس خبر کے متعلق تفصیلی حالات دریافت کروں۔ حضور نے اجازت دے دی۔ میں میکے چلی آئی۔ میں نے اپنی والدہ سے کہا یا امتاہ ماذا یتحدث الناس بہ؟ امی جان! لوگ یہ کیا باتیں بنا رہے ہیں؟ انہوں نے کہا بیٹی زیادہ غمگین ہونے کی ضرورت نہیں۔ جب کوئی بیوی پاکیزہ صورت ہو اور اس کا شوہر اسے محبوب رکھے اور اس کی سوکنیں بھی ہوں تو اس قسم کی باتیں ہوتی رہتی ہیں۔ میں نے کہا سُبحان اللہ! لوگ میرے متعلق ایسی باتیں کر رہے ہیں۔ میں رات بھر جاگتی رہی اور روتی رہی۔ صبح ہوئی تب بھی آنسو جاری تھے اور نیند کا نام و نشان تک نہ تھا۔ جب نزول وحی میں تاخیر ہوئی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؓ اور اسامہؓ بن زید کو بلایا۔ اسامہؓ نے تو میری براءت کی۔ ان کے دل میں حضور کے اہل کی جو محبت تھی اس کو ظاہر کیا۔ حضرت علیؓ نے عرض کی یا رسول اللہ (صلی اللہ علیک وآلک وسلم) حضور اتنے رنجیدہ خاطر کیوں ہیں۔ اس کے علاوہ عورتوں کی کیا کمی ہے۔ اگر حضور تصدیق فرمانا چاہتے ہیں تو بریرہؓ لونڈی کو بلا کر دریافت فرمائیے وہ حقیقت حال سے آگاہ کرے گی۔ چنانچہ بریرہؓ سے حضور نے پوچھا اے بریرہ ھل رأیت من شیء یریبك من عائشة کیا تُو نے کوئی ایسی چیز دیکھی ہے جس سے تمہیں عائشہؓ کے بارے میں کوئی شک ہو۔ اس نے عرض کی مجھے اُس خدا کی قسم جس نے حضور کو سچا رسول بنا کر بھیجا ہے اس کے سوا میں نے عائشہ میں کوئی عیب نہیں دیکھا کہ آٹا گوندھا ہوا رکھا ہوتا ہے۔ یہ اپنی کمسنی کی وجہ سے سو جاتی ہیں اور بکری آ کر آٹا کھا جاتی ہے۔ کسی نے بریرہؓ کو جھڑکا کہ تو سچ کیوں نہیں بتاتی تو اس نے کہا سُبحان اللہ واللہ ماعلمت علیہا الا مایعلم الصائغ علی تبر الذھب الاحمر۔ خدا کی قسم میں ان کے متعلق اس کے بغیر اور کچھ نہیں جانتی جس طرح ایک زرگر خالص سُرخ سونے کے متعلق جانتا ہے۔ پھر سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں تشریف لے گئے اور منبر پر کھڑے ہو کر ارشاد فرمایا:

یامعشر المسلمین من یعذرنی من رجل قد بلغنی اذاہ فی اھلی فواللہ ماعلمت علی اھلی الا خیرا وماعلمت علی اھلی من سوء۔

اے گروہ مسلمانان! اس شخص کے بارے میں مجھے کون معذور رکھتا ہے جس کی اذیت رسانی میرے اہل خانہ کے بارے میں مجھ تک پہنچی ہے۔ بخدا میں اپنے اہل کے لیے خیر کے بغیر کچھ نہیں جانتا اور مجھے ان کی کسی غلطی کا کوئی علم نہیں ہے۔ سعد بن معاذ انصاری کھڑے ہو گئے۔ عرض کی میں حاضر ہوں۔ اگر وہ شخص قبیلہ اوس سے ہے تو ہم اس کی گردن اُڑا دیں گے اور اگر وہ بنی خزرج سے ہے اور حضور ہمیں حکم دیں تو تعمیل ارشاد کی جائے گی۔ حضرت صدیقہ فرماتی ہیں کہ سعد بن عبادہ اُٹھے جو خزرج کے سردار تھے اور بڑے صالح آدمی تھے لیکن ان کی قبائلی عصبیت بیدار ہو گئی۔ انہوں نے کہا ایسا ہرگز نہیں ہو گا کیونکہ تمہیں علم ہے وہ شخص خزرجی ہے اس لیے تم ایسی باتیں کر رہے ہو۔ اگر وہ اوس قبیلے کا فرد ہوتا

تو تم ایسا نہ کہتے۔ غرضیکہ تلخ کلامی یہاں تک بڑھی کہ قریب تھا دونوں قبیلوں میں لڑائی چھڑ جائے۔ حضورؐ نے دونوں کے جوش کو ٹھنڈا کیا اور معاملہ رفع دفع ہوگیا۔ میرے شب و روز گریہ وزاری میں گزرتے لمحہ بھر کے لیے بھی نیند نہ آتی۔ میرے والدین کو یہ اندیشہ لاحق ہوگیا کہ اس طرح رونے سے اس کا کلیجہ پھٹ جائے گا۔ ایک دن میں رو رہی تھی۔ میرے والدین بھی میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک انصاری عورت ملنے کے لیے آئی وہ بھی بیٹھ کر رونے لگی۔ یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے۔ سلام فرمایا اور بیٹھ گئے۔ اس سے پہلے کبھی بیٹھے نہ تھے۔ ایک مہینہ گزر چکا تھا۔ میرے بارے میں کوئی وحی نہیں اُتری تھی۔ حضورؐ نے تشہد کے بعد فرمایا اے عائشہ تیرے بارے میں مجھے ایسی ایسی اطلاع ملی ہے۔ اگر تو پاکدامن ہے تو اللہ تعالیٰ تیری براءت کر دے گا۔ اگر تجھ سے قصور سرزد ہوگیا ہے تو توبہ کرے۔ کیونکہ بندہ اگر اپنے قصور کا اعتراف کرلے اور توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے۔ میرے آنسو یکدم خشک ہوگئے۔ میں نے اپنے والد محترم سے کہا کہ حضورؐ کو اس بات کا جواب دیں۔ انھوں نے فرمایا میں کچھ جواب نہیں دے سکتا۔ پھر میں نے والدہ سے کہا، انھوں نے بھی معذوری ظاہر کی۔ میں اگرچہ نوعمر تھی، زیادہ قرآن بھی پڑھا ہوا نہ تھا لیکن میں نے عرض کی بخدا آپ لوگوں نے ایک بات سُنی اور وہ تمھارے دلوں میں جم گئی۔ اگر میں یہ کہوں کہ میں بے گناہ ہوں اور خدا جانتا ہے کہ میں بے گناہ ہوں تو آپ لوگ میری بات نہیں مانیں گے اور اگر میں ایک ایسی بات کا اعتراف کروں جس سے خدا جانتا ہے کہ میں بری ہوں تو آپ فوراً مان لیں گے۔ اب میرے لیے اس کے بغیر کوئی چارۂ کار نہیں کہ میں وہ بات کہوں جو یوسف کے باپ نے کہی تھی فصبر جمیل واللّٰہ المستعان علی ما تصفون۔ پھر میں منہ پھیر کر بستر پر لیٹ گئی۔ مجھے یقین تھا کہ اللہ ضرور میری براءت فرمائے گا لیکن مجھے یہ خیال نہ تھا کہ میرے بارے میں آیاتِ قرآنی نازل ہوں گی۔ میں اپنے آپ کو اس کا اہل نہ سمجھتی تھی۔ حضورؐ ابھی وہیں تشریف فرما تھے کہ نزولِ وحی کے آثار ظاہر ہونے لگے۔ سردی کے موسم میں بھی نزولِ وحی کے وقت پسینے کے قطرے موتیوں کی طرح ڈھلکنے لگتے تھے۔ جب وہ کیفیت ختم ہوئی تو حضورؐ ہنس رہے تھے اور پہلی بات جو حضورؐ نے فرمائی وہ یہ تھی: ابشری یا عائشة اما اللّٰہ عزوجل فقد برءك۔ اے عائشہ خوشخبری ہو اللہ تعالیٰ نے تیری براءت فرما دی ہے۔ میری والدہ نے مجھے کہا اے عائشہ اُٹھو اور حضورؐ کا شکریہ ادا کرو۔ میں نے کہا بخدا میں نہیں اُٹھوں گی اور نہ کسی کا شکریہ ادا کروں گی۔ صرف اللہ تعالیٰ کا شکر کروں گی جس نے میری براءت فرمائی۔

اس وقت یہ دس آیات اِنَّ الَّذِیْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْکِ ... الآیۃ نازل ہوئیں۔

اس طرح منافقین کا اٹھایا ہوا یہ طوفان تھا۔ اگرچہ اس کا سرغنہ رئیس المنافقین عبداللہ بن اُبی تھا لیکن اس نے اس شدومد سے بات کا بتنگڑ بنایا کہ کئی سادہ لوح مسلمان اس کی لپیٹ میں آگئے۔ چنانچہ حضرت حسّان، مسطح اور حمنہ بنت جحش کا نام اسی زمرہ میں لیا جاتا ہے۔ انہیں حدِ قذف لگائی گئی اور عبداللہ مذکور کو بعض اقوال کے مطابق حد لگائی گئی لیکن اکثر کا یہ خیال ہے کہ اس سے تعرض نہیں کیا گیا۔ اسے خدا کی آتشِ انتقام میں ہمیشہ جلتے رہنے کے لیے چھوڑ دیا گیا۔

باقی اُمور کا ذکر آیات کی تشریح کے ضمن میں کیا جائے گا۔

بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ

ذکر و ۱۶ بلکہ یہ بہتر ہے تمہارے لیے۔ ہر شخص کے لیے اس گروہ میں سے اتنا گناہ ہے جتنا اس نے کمایا۔

وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۱۱ لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ

اور جس نے سب سے زیادہ حصہ لیا ان میں سے (تو) اس کے لیے عذاب عظیم ہوگا ۱۷ ایسا کیوں نہ ہوا کہ جب تم نے یہ

ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ

(افواہ) سنی تو گمان کیا ہوتا مومن مردوں اور مومن عورتوں نے اپنوں کے بارے میں نیک گمان ۱۸ اور کہہ دیا ہوتا کہ یہ تو

۱۵ کذب بیانی اور بہتان تراشی کی انتہا کو افک کہتے ہیں۔ "الافک ابلغ ما یکون من الکذب والافتراء"۔ اس ایک لفظ سے ہی منافقین کی سازش کو بے نقاب کر دیا کہ اس کا صداقت سے دُور کا بھی واسطہ نہیں۔ یہ سراسر جھوٹ، افتراء اور بہتان ہے۔ جس واقعہ کو زبانِ قدرت جھوٹ کا پلندا کہہ دے اس کی مزید تردید کی ضرورت نہیں رہتی۔ لیکن واقعہ کی سنگینی کے پیشِ نظر اور مسلمانوں کی تربیت کے لیے اس کو مزید وضاحت سے بیان فرمایا۔

۱۶ خطاب تمام مسلمانوں کو ہے۔ خصوصاً حضرت صدیق اور ان کے خانوادہ کو۔ یعنی اس بہتان تراشی سے جو قلبی اور روحانی تکلیف تمہیں پہنچی ہے اسے شر خیال نہ کرو، اس میں تمہارے لیے خیر ہی خیر ہے۔ اس جھوٹے الزام سے تمہیں دکھ ہوا۔ رضاءِ الٰہی کے لیے تم نے صبر کیا اس پر تمہیں اجرِ عظیم ملے گا۔ اے صدیق! تمہیں چند دن تکلیف ضرور ہوئی لیکن اب قیامت تک تیری نورِ نظر کی پاک دامنی کی شہادت قرآن دیتا رہے گا۔ تیری لختِ جگر کی عفت اور پاک دامنی کو ماننا ایمان اور اسلام ہوگا۔ جو اس کا انکار کرے گا بلکہ جو اس میں ذرا شک کرے گا وہ بھی دائرۂ اسلام سے خارج اور نعمتِ ایمان سے محروم کر دیا جائے گا۔

۱۷ جس نے اس جھوٹ گھڑنے اور اس کی تشہیر میں سب سے زیادہ حصہ لیا اس سے مراد عبداللہ بن اُبَی ہے۔

۱۸ علامہ قرطبی لکھتے ہیں:۔

"ھذا عتاب من اللہ سبحانہ وتعالٰی للمؤمنین"۔

یعنی اللہ تعالٰی مومنوں کو عتاب اور سرزنش فرما رہے ہیں کہ تم نے سنتے ہی اس بہتان کی تردید کیوں نہ کر دی۔ اس میں تردد کی غلطی کیوں کی۔ تمہیں تو فوراً کہہ دینا چاہیے تھا ھذا افک مبین۔ یہ کھلا ہوا جھوٹ ہے۔

إِفْكٌ مُّبِينٌ ﴿١٢﴾ لَوْلَا جَآءُو عَلَيْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَإِذْ لَمْ يَأْتُوا

کھلا ہوا بہتان ہے (اگر وہ سچے تھے تو) کیوں نہ پیش کر سکے اس پر چار گواہ ۱۹؎ پس جب وہ پیش نہیں

بِالشُّهَدَآءِ فَأُولَٰٓئِكَ عِندَ اللَّهِ هُمُ الْكَٰذِبُونَ ﴿١٣﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ

کر سکے گواہ تو (معلوم ہو گیا کہ) وہی ہیں جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک جھوٹے ہیں اور اگر نہ ہوتا اللہ تعالیٰ

اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُۥ فِى الدُّنْيَا وَالْءَاخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِى مَآ

کا فضل تم پر اور اس کی رحمت ۲۰؎ دنیا اور آخرت میں تو پہنچتا تمہیں اس سخن سازی کی وجہ

أَفَضْتُمْ فِيهِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١٤﴾ إِذْ تَلَقَّوْنَهُۥ بِأَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُولُونَ

سے سخت عذاب (جب تم ایک دوسرے سے) نقل کرتے تھے اس (بہتان) کو اپنی زبانوں سے

بِأَفْوَاهِكُم مَّا لَيْسَ لَكُم بِهِۦ عِلْمٌ وَتَحْسَبُونَهُۥ هَيِّنًا وَهُوَ عِندَ

اور کہا کرتے تھے اپنے مونہوں سے ایسی بات جس کا تمہیں کوئی علم ہی نہ تھا نیز تم خیال کرتے کہ یہ معمولی بات ہے حالانکہ یہ

اللَّهِ عَظِيمٌ ﴿١٥﴾ وَلَوْلَآ إِذْ سَمِعْتُمُوهُ قُلْتُم مَّا يَكُونُ لَنَآ أَن

بات اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت بڑی تھی اور ایسا کیوں نہ ہوا کہ جب تم نے یہ افواہ سنی تو تم نے کہہ دیا ہوتا ہمیں یہ حق نہیں پہنچتا

۱۹؎ اگر ان کے اس دعویٰ میں رائی کے برابر بھی صداقت ہوتی تو وہ گواہ پیش کرتے لیکن ان کا گواہ پیش کرنے سے قاصر رہنا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ یہ الزام بالکل من گھڑت ہے اور محض حسد کا نتیجہ ہے۔

۲۰؎ یہ اللہ تعالیٰ کا محض فضل و احسان اور اس کی رحمت ہے کہ اس نے تمہیں فوراً عذاب میں مبتلا نہیں کر دیا ورنہ بے پرکی اڑانے والوں نے تو قہرِ الٰہی کو دعوت دینے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ انھوں نے تو یہ خیال کیا کہ یہ ایک معمولی سی بات ہے۔ انھیں کیا خبر کہ جس بات سے اللہ تعالیٰ کے محبوب کا دل رنجیدہ ہو۔ اس سے اللہ تعالیٰ کی آتش غضب بھڑک اٹھتی ہے جس ذات پاک کو پاک دامنی و پاک بازی کا درس دینے کے لیے منتخب فرمایا گیا ہو اس کے دامن تقدس کو داغ دار کرنے کی کوشش اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑی ہی مذموم اور ناپاک ہے۔

# تَتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ۝١٦ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ

کہ ہم گفتگو کریں اس کے متعلق۔ اے اللہ! تو پاک ہے ۵۳ یہ بہت بڑا بہتان ہے۔ نصیحت کرتا ہے تمہیں اللہ تعالیٰ

۵۳۔ یہاں "سُبْحٰنَکَ" ذکر کرکے اس امر کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے پاک اور منزہ ہے کہ اس کے رسول کی زوجہ محترمہ کا دامن ایسے الزام سے آلودہ ہو جائے۔ گویا نبی مکرم کی رفیقہ حیات پر الزام لگانا نبی مکرم پر الزام لگانا اور نبی مکرم پر ایسا الزام آپ پر نہیں بلکہ رب کریم پر ہے جس نے ایسا نبی بنایا۔ یاد رہے کہ حضرت صدیقہؓ کی پاکدامنی کو ثابت کرنے کے لیے زبانِ قدرت نے وہی اسلوب اختیار کیا جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانے والوں کی تردید کے وقت اختیار کیا جاتا ہے۔

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ تصریح فرماتے ہیں کہ وحی کے نزول سے پہلے بھی حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت عائشہؓ کی پاکدامنی کا علم تھا، کیونکہ نبی کا ایسے عیوب سے پاک ہونا جو لوگوں کو اس سے متنفر کردیں ضروریات عقلیہ میں سے ہے جیسے اس کا جھوٹا ہونا کمینہ خاندان کا فرد ہونا، اس کے والدین کا تہمت زنا سے متہم ہونا، اس طرح اس کی اہلیہ کی عصمت کا مشکوک ہونا اگر نبی میں ان عیوب میں سے کوئی ایک عیب بھی پایا جائے گا تو لوگ اس سے متنفر ہو جائیں گے اور اس کی بعثت کا مقصد ہی فوت ہو جائے گا۔ ان کونہا زوجۃ للرسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم المعصوم یمنع من ذالک لان الانبیاء مبعوثون الی الکفار لیدعوھم ویستعطفوھم فوجب ان لایکون معھم ما ینفرھم عنھم و کون الانسان بحیث تکون زوجتہ مسافحۃ من اعظم المنفرات۔ (تفسیر کبیر)

امام موصوف نے اپنے اس کلام پر دو شبہے پیش کیے ہیں اور خود ہی ان کا جواب دیا ہے۔

۱۔ نبی کی بیوی کا کافر ہونا قرآن سے ثابت ہے اور کفر زنا سے زیادہ سنگین جرم ہے۔ اگر نبی کی اہلیہ سے کفر جیسے سنگین جرم کا ارتکاب ہو سکتا ہے تو اس سے کم درجے کے گناہ کا صدور بھی ممکن ہے۔ اس کا جواب فرمایا کہ بیوی کا کفر لوگوں کو متنفر نہیں کرتا، البتہ اس کے دامن عصمت کا داغدار ہونا لوگوں کو بلاشبہ متنفر کر دیتا ہے۔

۲۔ دوسرا شبہ یہ ذکر کیا ہے کہ اگر حضور کو علم ہوتا تو حضور اتنا عرصہ پریشان کیوں رہتے۔ اس کے رد میں فرماتے ہیں کہ حضور کا پریشان ہونا عدم علم کی دلیل نہیں۔ کفار کی ایسی باتیں جن کا بطلان اظہر من الشمس تھا وہ سن کر بھی حضور پریشان ہوتے۔ ولقد نعلم انک یضیق صدرک بما یقولون۔ نیز حضرت عائشہؓ کی پاکدامنی ایک مسلمہ حقیقت تھی جس کے متعلق کسی کو کوئی شبہ بھی نہ تھا۔ الزام لگانے والے سارے منافق تھے اور ان کے پاس اس الزام کو ثابت کرنے کے لیے کوئی ثبوت نہ تھا۔ ان قرائن کے ہوتے ہوئے ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ نزولِ وحی سے پہلے بھی اس الزام کا جھوٹا ہونا حضور کو بخوبی معلوم تھا فلمجموع ھذہ القرائن کان ذالک القول معلوم الفساد قبل نزول الوحی (کبیر)

اس کے علاوہ جو خطبہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے منبر پر کھڑے ہو کر ارشاد فرمایا تھا اس کا یہ جملہ سنیے۔

أَنْ تَعُودُوا لِمِثْلِهِ أَبَدًا إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿۱۷﴾ وَيُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ

کہ دوبارہ اس قسم کی بات ہرگز نہ کرنا اگر تم ایمان دار ہو۔ اور کھول کر بیان کرتا ہے اللہ تعالیٰ

الْآيَاتِ ۚ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿۱۸﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُحِبُّونَ أَنْ تَشِيعَ

تمہارے لیے (اپنی) آیتیں۔ اور اللہ سب کچھ جاننے والا بڑا دانا ہے۔ بیشک جو لوگ یہ پسند کرتے ہیں کہ پھیلے

الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِينَ آمَنُوا لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

بے حیائی ۲۲؎ ان لوگوں میں جو ایمان لاتے ہیں (تو) ان کے لیے دردناک عذاب ہے دنیا اور آخرت میں

شک و شبہ کو دور کر دینے کے لیے کافی ہے۔ یٰمعشر المسلمین من یعذرنی من رجل قد بلغنی اذاہ فی اھل بیتی فواللہ ما علمت علی اھلی الا خیرا۔ اے گروہ مسلمانان! مجھے اس شخص کے معاملہ میں کون معذور تصور کرے گا جس نے میرے اہل خانہ کے بارے میں مجھے اذیت پہنچائی میں اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں میں اپنے اہل کے متعلق خیر کے بغیر اور کچھ نہیں جانتا۔

بالاتفاق حضور کا یہ خطبہ نزول آیات سے پہلے کا ہے۔ اپنے اہل بیت کی براءت حلف اٹھا کر بیان فرمائی اور مفتری سے انتقام لینے کا حکم دیا۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا حلف اٹھانا اور مفتری سے انتقام لینے کا حکم دینا اسی وقت تصور کیا جا سکتا ہے جب حضور کو حضرت عائشہ کی پاکیزگی اور الزام لگانے والوں کے جھوٹے ہونے کا یقینی علم ہو۔ اگر حضور کو ذرا بھی تردد ہوتا تو حضور قطعاً حلف اٹھاتے اور نہ مفتری کو سزا دینے کی ترغیب دیتے۔

آجکل بھی بعض لوگ بڑے سوقیانہ انداز میں اس واقعہ کو عام جلسوں میں بیان کرتے ہیں اور اپنے نبی پاک کی بے علمی ثابت کرنے کے لیے عجیب و غریب موشگافیاں کرتے ہیں کہ اگر حضور کو علم ہوتا تو رنجیدہ خاطر کیوں ہوتے۔ اگر علم ہوتا تو صاف الفاظ میں حضرت عائشہ کی براءت کا اعلان کیوں نہ کر دیتے۔ وغیرہ۔ جنھیں سن کر دل درد سے بھر جاتا ہے اور کلیجہ شق ہونے لگتا ہے اور یہ سمجھ نہیں آتی کہ یہ صاحب جو اپنا سارا زور بیان اور قوت استدلال اپنے نبی کی بے علمی ثابت کرنے کے لیے صرف کر رہے ہیں ان کا اس نبی سے علمی تعلق نہ سہی رسمی تعلق بھی ہوتا تو وہ ایسا کہنے کی جرأت نہ کرتے۔ وہ خود سوچیں اگر ان کی بہو بیٹی پر ایسا بہتان لگایا جائے یا خود ان کی اپنی ذات کو ہدف بنایا جائے۔ اگرچہ انھیں اپنی پاکدامنی کا حق الیقین بھی ہو تو کیا ان کا جگر چھلنی نہیں ہو جائے گا۔ نزول وحی میں تاخیر کی جو حکمتیں ہیں ان کا آپ کیا اندازہ لگا سکتے ہیں ابتلا میں شدت اس کی مدت میں طوالت اور پھر صبر و استقامت کا مظاہرہ ان تمام امور میں بھی لطف ہے اس کی قدر و منزلت اہل محبت ہی جانتے ہیں۔

۲۲؎ کسی پر لگائے ہوئے الزام کی بلاتحقیق تشہیر کرنا بڑا تیوں اور فواحش کے خلاف نفرت کی جو دیوار اسلام نے

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ

اور اللہ تعالیٰ (حقیقت کو) جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ہو۔ اور اگر نہ ہوتا تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی

رَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

رحمت اور یہ کہ اللہ تعالیٰ بہت مہربان (اور) رحیم ہے (تو تم بھی نہ بچ سکتے)، اے ایمان والو!

لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ

نہ چلو شیطان کے نقش قدم پر ۳۳؎ اور جو چلتا ہے شیطان کے نقش قدم پر تو

فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ

وہ حکم دیتا ہے (اپنے پیروؤں کو) بے حیائی کا اور ہر برے کام کا۔ اور اگر نہ ہوتا تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور

قائم کر دی ہے اس میں رخنہ اندازی کی قولاً فعلاً کوشش کرنا ایسی کتابیں لکھنا جن سے شہوانی جذبات میں تحریک ہو ایسے گانے ایسی تصاویر، ایسے ڈرامے، ایسی فلمیں جن سے نوجوانوں میں شرم و حیا کا جذبہ کمزور ہوتا جائے سب اس میں شامل ہیں۔ وہ لوگ جو محض دولت کمانے کے لیے ایسی فلمیں بناتے ہیں بڑھ چڑھ کر حیا سوز مناظر پیش کرتے ہیں، ایسے اشتہارات جن میں جنسی عریانیت سے جاذبیت اور کشش پیدا کی جاتی ہے۔ ایسا لٹریچر جس کی مقبولیت کا انحصار ہی شہوانی محرکات پر ہے۔ مانا کہ وقتی طور پر اس کی آمدنی میں بے پایاں اضافہ ہو جاتا ہے لیکن اس سے جو نقصان ہوگا اس سے کوئی بھی محفوظ نہیں رہیگا جب قوم کا اخلاق بگڑ جائے گا، جب شرم و حیا کی چادر تار تار ہو جائے گی، بے حیا اور ہوسناک نگاہیں اس کی دولت عصمت لوٹنے میں بھی کوئی تامل محسوس نہیں کریں گی۔ قوم کے اصلاح یافتہ ہونے کی برکات سے جس طرح ہر فرد مستفید ہوتا ہے اسی طرح اس کے اخلاق باختہ ہونے سے ہر فرد کو حصہ رسدی مل کر رہتا ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اس دروازہ کو بند کر دیا جس سے فسق و فجور کا سیلاب امڈ سکتا ہے۔

۳۳؎ دو قدموں کے درمیان جو جگہ ہوتی ہے اس کو عربی میں خُطْوَۃٌ کہتے ہیں جس کی جمع خُطُوَاتٌ ہے۔ یہ مصدر نہیں اسم ہے۔ خطا یخطو ا کا مصدر خَطْوَۃٌ ہے۔ مقصد یہ ہے کہ شیطان کی پیروی مت کرو، اس کے نقش قدم پر مت چلو کیونکہ وہ اپنے ماننے والوں کو نیکی اور ہدایت کی دعوت نہیں دیتا بلکہ اس کا یہ شیوہ ہے کہ وہ ہمیشہ اپنے ماننے والوں کو بے حیائی اور بدکاری کی تلقین کرتا ہے اور برے کاموں کو اس حسین انداز میں پیش کرتا ہے کہ ان کے برے نتائج نگاہوں سے اوجھل ہو جاتے ہیں۔ انسان یہی سمجھنے لگتا ہے کہ ساری مسرتیں، ساری عزتیں انہی برے کاموں میں

رَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

اس کی رحمت تو نہ بچ سکتا تم میں سے کوئی بھی ہرگز ٤٤ ہاں اللہ تعالیٰ پاک کرتا ہے جسے چاہتا ہے

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢١﴾ وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ

اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے ٤٥ اور نہ قسم کھائیں جو برگزیدہ ہیں تم میں سے ٤٦ اور خوش حال

سمٹ کر رہ گئی ہیں شیطان کے اکسانے سے وہ ایسی ایسی کمینی اور حیا سوز حرکتیں کرتا ہے کہ دیکھنے والے انگشت بدنداں ہو جاتے ہیں۔ لیکن جب اپنی بدکاریوں کے نتائج سے وہ دوچار ہوتا ہے۔ جب بے حیائی کی جلائی ہوئی آگ خود اس کے اپنے گھر کو لپیٹ میں لے لیتی ہے۔ اس کی اپنی ناموس اور عصمت لٹنے لگتی ہے اس وقت وہ شیطان کو اپنی مدد کے لیے پکارتا ہے لیکن وہ بے مروت ہنس کر ٹال دیتا ہے اور الٹا اس کا مذاق اڑاتا ہے۔

٤٤ آخر میں اس حقیقت کو بیان فرما دیا کہ یہ محض اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہے کہ وہ تمہیں شیطان کی وسوسہ اندازیوں سے اور اس کے دامِ فریب سے بچالے ورنہ تم میں یہ طاقت نہیں کہ تم اس گرگِ باراں دیدہ کی فریب کاریوں سے اپنے آپ کو بچاسکو۔ اللہ تعالیٰ جب کسی بندہ پر اپنی نظرِ لطف و کرم فرماتا ہے تو گرتے ہوئے سنبھل جاتے ہیں اور ڈوبتے ہوؤں کو سہارا مل جاتا ہے۔ اپنے علم اور فہم پر نازاں نہ ہوا کرو۔ ہر وقت اس کے فضل و کرم کے امیدوار رہا کرو اور اسی کی بارگاہ اقدس میں بصد عجز و نیاز عرض کیا کرو کہ اے الٰہ العٰلمین ہم کمزور ہیں شیطان کی چالیں بڑی خطرناک ہیں، ہم تنہا اس کا مقابلہ نہیں کر سکتے تو ہماری مدد فرما اور ہمیں اس کے شر سے بچالے۔

٤٥ وہ تمہاری سب باتوں کو سنتا ہے۔ اور تمہارے ارادوں سے بھی واقف ہے۔ اگر تم سچے دل سے توبہ کرو گے اور اس کی رضا کے طلبگار ہو گے تو وہ ضرور تمہاری مدد فرمائے گا۔

٤٦ جس طرح پہلے بیان ہوا کہ حضرت صدیقہ پر بہتان لگانے والوں میں سے مسطح بن اثاثہ بھی تھے جو آپ کی خالہ زاد بہن کے بیٹے تھے۔ ان کی مالی حالت بڑی ناگفتہ بہ تھی حضرت صدیق اکبرؓ ہمیشہ ان کی اعانت فرمایا کرتے تھے اور ان کی ضرورت پوری کرنے میں خصوصی توجہ کرتے۔ جب مسطح اس غلط الزام کو پھیلانے میں پیش پیش ہوئے تو آپ کو سخت صدمہ پہنچا۔ جب اللہ تعالیٰ نے برأت فرمادی تو آپ نے قسم اٹھائی کہ وہ آئندہ مسطح کی اعانت نہیں کریں گے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت صدیقؓ کو اس آیت میں قسم توڑنے کا حکم دیا اور بڑے دلکش اور مؤثر انداز میں مسطح کا قصور معاف کر دینے کی تلقین کی۔ فرمایا: "فَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ۭ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ" یہ سنتے ہی حضرت صدیق اکبرؓ نے فرمایا: بلی واللہ یا ربنا انا لنحب ان تغفر لنا (روح المعانی) "اے پروردگار مجھے تیری قسم، ہم تو اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ تو ہمیں معاف فرما دے" اور آپ نے پہلے سے بھی زیادہ مسطح کی امداد اور دلداری شروع کر دی۔

اَنۡ یُّؤۡتُوۡۤا اُولِی الۡقُرۡبٰی وَ الۡمَسٰکِیۡنَ وَ الۡمُہٰجِرِیۡنَ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ ۪ۖ

ہیں شک اس بات پر کہ وہ نہ دیں گے رشتہ داروں کو اور مسکینوں کو اور راہِ خدا میں ہجرت کرنے والوں کو۔

وَ لۡیَعۡفُوۡا وَ لۡیَصۡفَحُوۡا ؕ اَلَا تُحِبُّوۡنَ اَنۡ یَّغۡفِرَ اللّٰہُ لَکُمۡ ؕ وَ اللّٰہُ غَفُوۡرٌ

اور چاہیے کہ (یہ لوگ) معاف کردیں اور درگزر کریں۔ کیا تم پسند نہیں کرتے کہ بخش دے اللہ تعالیٰ تمہیں اور اللہ غفور

ذرا غور فرمائیے قرآن کریم اپنے ماننے والوں کو اخلاق کی کن بلندیوں پر پہنچانا چاہتا ہے۔ مسطح نے اپنے خاندان کے بزرگ اور اپنے ذاتی محسن کی ناموس پر حملہ کیا تھا اور ایسا چرکا لگایا تھا کہ یہ زخم کبھی مندمل نہیں ہو سکتے تھے۔ آپ نے اس کے خلاف کوئی انتقامی کارروائی بھی نہیں کی تھی، صرف مالی اعانت سے ہاتھ کھینچ لیے تھے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کو یہ بھی پسند نہ آیا اس سے بھی باز آنے کا حکم دیا کہ تم جس نبی مکرم کے فیض یافتہ ہو اس نے تو ہمیشہ پتھر مارنے والوں اور راستے میں کانٹے بچھانے والوں کے لیے بھی ہدایت کی دعائیں مانگی ہیں۔ تمہیں یہ زیب دیتا ہے کہ جس شخص نے تمہاری آبرو کو داغدار کرنے کی ناپاک کوشش کی ہے اس کے اس کرتوت کو خاطر میں نہ لاؤ اور حسبِ دستور اس کی مالی اعانت کرتے رہو۔ وفی الأیة من الحث علیٰ مکارم الاخلاق ما فیہا (روح المعانی)

یہاں ایک مسئلہ کا ذکر کر دینا بھی فائدہ سے خالی نہ ہوگا اگر کوئی شخص کسی بات پر قسم اٹھالے اور اس سے کوئی دوسری چیز بہتر ہو تو وہ اپنی قسم کو توڑ دے، اس کا کفارہ ادا کر دے اور وہ کام کرے جو زیادہ بہتر اور مفید ہو۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: من حلف علی یمین فرأی غیرها خیرًا منہا فلیأتِ الذی هو خیر ولیکفر عن یمینہ (احکام القرآن جصاص)

یعنی اگر کوئی شخص کوئی کام کرنے کی قسم اٹھالے پھر اس سے کوئی بہتر کام معلوم ہو تو وہ بہتر کام کرے اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کر دے۔

ﷺ۴۲ فضل سے مراد بزرگی ہے اور السعۃ سے مراد دولتمندی اور کشادہ دستی ہے۔ اس میں تو کوئی شبہ نہیں کہ یہ آیت حضرت صدیق ؓ کے حق میں نازل ہوئی۔ رب العالمین ابوبکر صدیق ؓ کو ان معزز القاب سے سرفراز فرما رہے ہیں۔ جس کو اللہ تعالیٰ ان الفاظ سے یاد فرمائے اور جس کے اخلاقِ عالیہ کی بلندی کا یہ عالم ہو تو ایسی ہستی کے خلاف ہرزہ سرائی کرنا نامعقولیت کی انتہا ہے۔ بعض لوگوں نے اولوا الفضل کا معنی دولتمند اور مالدار کیا ہے یہ درست نہیں ورنہ کلامِ الٰہی میں تکرار آئے گا۔ السعۃ سے مراد یقیناً دولتمندی اور فراخ دستی ہے اور الفضل کا معنی بھی اگر یہی لیا جائے تو یہ قرآن کی فصاحت کے خلاف ہوگا۔ اس لیے فضل کا معنی اخلاقی اور روحانی بزرگی اور برتری ہے۔ اور السعۃ کا معنی دولت کی فراوانی ہے۔ اور حضرت صدیق ؓ ان دونوں نعمتوں سے سرفراز تھے۔

رَّحِيْمٌ ﴿٢٠﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا

رحیم ہے۔ جو لوگ تہمت لگاتے ہیں پاکدامن عورتوں پر جو انجان ہیں ، ایمان والیاں ہیں ۳۳ ان پر

فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۪ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٣﴾ يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ

پھٹکار ہے دنیا اور آخرت میں اور ان کے لیے عذاب عظیم ہے ۔ وہ یاد کریں اس دن کو جب گواہی دیگی ان کے

۳۳ پہلے تو حضرت صدیقہ کی ذات گرامی پر الزام لگانے والوں کی کمینگی اور سفلگی کا ذکر ہوا اور وہ سزا بیان کی گئی جو ایسے نابکاروں کو دی جانی چاہیے ۔ اب حضرت صدیقہ کی قیامت تک آنے والی خادماؤں اور کنیزوں کی آبرو پر حملہ کرنے والوں کے متعلق اپنی ناراضگی کا اظہار فرمایا جا رہا ہے ۔ غافلات سے مراد وہ پاک طینت خواتین ہیں جو طبعاً اتنی نیک ہوتی ہیں کہ ان کے دلوں میں ان فضول حرکتوں کا کبھی خیال تک بھی نہیں آتا ۔ وہ اپنی فطری عفت کے باعث کمینہ خصلت لوگوں کے طور اطوار سے بالکل ناواقف اور انجان ہوا کرتی ہیں ۔ نیز انھیں بھولے سے بھی کبھی یہ خیال نہیں آتا کہ ان پر بھی کوئی انگشت نمائی کر سکتا ہے ۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جو شخص ایسی نیک فطرت ، عفت شعار مسلمان عورتوں پر اس قسم کا گھناؤنا الزام لگاتا ہے دنیا اور آخرت میں اس پر خدا کی لعنت ہوگی اور انھیں دردناک عذاب میں مبتلا کر دیا جائے گا ۔ بعض حضرات نے اس آیت کو امہات المومنین کے لیے مخصوص کیا ہے لیکن جمہور علماء کے نزدیک پہلا قول ہی راجح ہے ۔ اور امہات المومنین بطریقہ اولیٰ اس میں داخل ہیں ۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ۔ اجتنبوا السبع الموبقات ۔ سات ہلاک کر دینے والی چیزوں سے بچو ۔ قیل ماھن یا رسول اللہ ۔ عرض کی گئی وہ کونسی چیزیں ہیں حضور نے فرمایا الشرك بالله والسحر وقتل النفس التی حرم الله الا بالحق واکل الربوٰ واکل مال الیتیم والتولی یوم الزحف وقذف المحصنات الغافلات المومنات (صحیحین)

حضور نے فرمایا ، وہ سات چیزیں یہ ہیں :-

۱ ۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو شریک کرنا ،

۲ ۔ جادو کرنا ،

۳ ۔ کسی بے گناہ کو قتل کرنا ،

۴ ۔ سود کھانا ،

۵ ۔ یتیم کا مال کھانا ،

۶ ۔ میدان جنگ سے بھاگ آنا ،

۷ ۔ پاک دامن ، انجان ایماندار خواتین پر جھوٹی تہمت لگانا ۔

اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۴﴾ يَوْمَئِذٍ

خلاف ان کی زبانیں اور ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں ان اعمال پر جو وہ کیا کرتے تھے ۲۹؎ اس روز ۳۰؎ پورا

يُوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ﴿۲۵﴾

پورا دے گا انھیں اللہ تعالیٰ ان کا بدلہ جس کے وہ حقدار ہیں اور وہ جان لیں گے کہ اللہ تعالیٰ ہی ٹھیک ٹھیک فیصلہ کرنے والا ہے ظاہر

اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ

کرنے والا ہے ناپاک عورتیں ناپاک مردوں کے لیے اور ناپاک مرد ۳۱؎ ناپاک عورتوں کے لیے ہیں۔ اور پاک دامن عورتیں پاک

وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ ۚ اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ ۖ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ

دامن مردوں کے لیے اور پاک دامن مرد پاک دامن عورتوں کے لیے ہیں۔ یہ مبرا ہیں ان تہمتوں سے جو وہ ناپاک لگاتے ہیں۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا قذف المحصنة یهدم عمل مائة سنة (طبرانی) کسی پاک دامن عورت پر بہتان لگانا سو سال کی نیکیوں کو برباد کر دیتا ہے۔

۲۹؎ یہ لوگ آج تو اپنی چرب زبانی سے اپنی غلط باتوں کی تاویلیں کر لیتے ہیں اور سادہ لوح انسانوں کو بہکانے کے لیے دلائل کے انبار لگا دیتے ہیں۔ ذرا وہ اس دن کو بھی یاد کریں جب ان کی زبانیں ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں ان کے خلاف گواہی دیں گے اور وہ انکار کرنے کی جرأت نہیں کر سکیں گے۔

۳۰؎ دین سے مراد وہ بدلہ اور جزا ہے جو ان کے کرتوتوں کے باعث ان پر لازم ہو چکی ہے اور اس کا معنی حساب بھی کیا گیا ہے۔ ای جزاءھم الواجب وقیل حسابهم العدل۔

۳۱؎ دوستی اور سنگت ہر شخص سے نہیں ہو جایا کرتی بلکہ طبعی مناسبت کو اس میں بڑا دخل ہے۔ بُرے لوگ اپنے ہم جنسوں کے پاس بیٹھ کر ہی راحت محسوس کرتے ہیں۔ اگر انھیں مختصر مدت کے لیے بھی نیک لوگوں کی محفل میں بیٹھنا پڑے تو وہ اکتا جاتے ہیں اور وہاں سے بھاگ نکلنے کی تدبیریں کرنے لگتے ہیں۔ اسی طرح اگر نیک فطرت لوگ اپنے ہم مذاق لوگوں کے پاس بیٹھیں گے تو انھیں کوئی اکتاہٹ محسوس نہیں ہو گی بلکہ وہ بڑی فرحت اور انبساط محسوس کریں گے اور اگر انھیں بد اطوار لوگوں کے پاس لمحہ بھر کے لیے بیٹھنا پڑے تو وہ اداس ہو جائیں گے۔ اسی قاعدہ کے مطابق اکثر اور اغلب ایسا ہوتا ہے کہ خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لیے اور خبیث مرد خبیث عورتوں کے لیے، پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کے لیے اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں کے لیے ہوتے ہیں۔ جب قدرت کا عام اصول یہ ہے تو خود غور کرو جو الطیب الاطیبین ہے

وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۲۶﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ

ان کے لیے ہی (اللہ کی) بخشش ہے اور عزت والی روزی ہے۔ اے ایمان والو! نہ داخل ہوا کرو ایسے گھروں میں جو تمہارے گھر نہیں

جو خیر الاولین والآخرین ہے تو اس کی اہلیہ محترمہ بھی اَلطَّیِّبُ الطَّیِّبَات ہوگی۔ ان نابکاروں کا جھوٹ اسی ایک بات سے عیاں ہو جاتا ہے۔ مزید دلائل کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں:۔

قال بعض اهل التحقيق ان يوسف عليه السلام لما رمى بالفاحشة برءه الله على لسان صبي في المهد وان مريم لما رميت بالفاحشة برءها الله على لسان ابنها عيسى صلوٰة الله عليه وان عائشة لما رميت بالفاحشة برءها الله بالقرآن۔ (قرطبی)

یعنی اہل تحقیق فرماتے ہیں کہ جب یوسف علیہ السلام پر تہمت لگائی گئی تو اللہ تعالیٰ نے ایک شیر خوار بچے کی زبان سے آپ کی براءت کی۔ جب حضرت مریم پر الزام لگایا گیا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو ابھی چند دنوں کے بچے تھے انہوں نے براءت کی لیکن جب حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ یہی واقعہ پیش آیا تو خود زبانِ قدرت نے قرآن مجید میں آپ کی پاک دامنی کی شہادت دی۔ ع

ببیں تفاوتِ راہ از کجاست تا بکجا

۳۳ یہاں سے اسلامی طرزِ معاشرت کے چند اہم قاعدے سکھائے جا رہے ہیں۔ انصار کی ایک خاتون بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئی۔ عرض کی، یا رسول اللہ! بسا اوقات میں گھر میں ایسی حالت میں ہوتی ہوں کہ میں نہیں چاہتی کہ کوئی مجھے اس حالت میں دیکھے۔ کبھی میرے والد آجاتے ہیں اور کبھی اہل خانہ سے کوئی اور مرد آجاتا ہے۔ مجھے کیا ارشاد ہے و کیف اصنع اور میں کیا کروں؟ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔

آپ خود غور فرمائیے کہ انسان کا گھر اس کا خلوت خانہ ہے جہاں وہ بے تکلفی سے وقت بسر کر سکتا ہے۔ اگر یہاں بھی ہر شخص کو بلا اجازت، بے دھڑک آگھسنے کی آزادی ہو تو انسان گھر میں وہ راحت و آرام نہیں پاسکے گا جس کی تلاش میں وہ باہر سے تھکا ماندہ آتا ہے۔ نیز گھر کی مستورات ہر وقت اپنے کپڑوں کو سنبھال کر نہیں رکھ سکتیں۔ کبھی اوڑھنی سر سے اتر جاتی ہے کبھی کوئی کام کرنے کے لیے آستینیں چڑھانی پڑتی ہیں۔ نہانا دھونا بھی ہوتا ہے۔ ان حالات میں اگر آنے والے پر کوئی پابندی نہ ہو تو عورتیں یا تو ہر وقت سر پر چادر ڈالے رہیں اور ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھی رہیں یا نامحرم کے سامنے بے حجاب ہونے کا اندیشہ ہوگا۔ نیز یہ ویسے بھی بڑی سخت زیادتی ہے کہ کسی کے گھر میں بلا اجازت گھس آئے۔ اس طرح گوناگوں خرابیوں کا دروازہ کھل جائے گا۔ نظر بازی، کسی کی رازکی باتوں کو سننا وغیرہ قباحتیں رونما ہو جائیں گی۔ گھر کا امن سکون برباد ہونے کے ساتھ ساتھ عصمت و آبرو بھی محفوظ نہیں رہے گی۔ اسلام سے پہلے عرب کے لوگ اس قسم کے آداب کے عادی نہ تھے۔ حییتم صباحًا (صبح بخیر) یا حییتم مساءً (شب بخیر) کہا اور جواب کا انتظار کیے بغیر گھر میں

آ گھسے۔ اسلام نے اس طریق کار کو سختی سے روک دیا اور حکم دیا کہ اگر کسی کے ہاں جانا پڑے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ باہر کھڑے ہو کر اذن طلب کرو اور اگر اذن مل جائے تو اہلِ خانہ کو سلام کہتے ہوئے اندر جاؤ۔ فرمایا ذالکم خیر لکم یہی طریقہ تمہارے لیے عمدہ اور پسندیدہ ہے۔

اذن کس طرح لینا چاہیے، کہاں کھڑے ہو کر لینا چاہیے، کتنی بار لینا چاہیے۔ اس کی تفصیل احادیثِ نبوی میں مذکور ہے جو درج ذیل ہے تاکہ اسلامی تمدن کا یہ قاعدہ اور اس پر عمل کرنے کا طریقہ خوب ذہن نشین ہو جائے۔

اذن لینے کا طریقہ یہ ہے کہ سلام بھی کہے، داخل ہونے کی اجازت بھی طلب کرے اور اپنا نام بھی بتائے حضرت فاروق اعظمؓ جب شرفِ باریابی حاصل کرنا چاہتے تو یوں عرض کرتے:

السلام علیك یا رسول الله أیدخل عمر؟ یا رسول اللہ آپ پر سلام ہو کیا عمرؓ حاضر ہو سکتا ہے؟

ایک شخص دروازہ پر آیا اور کہا أ أدخل، کیا میں گھس آؤں؟ حضورؐ کی روضہ نامی باندی حاضر تھی۔ حضورؐ نے فرمایا اسے روضہ جا اور اسے اذن مانگنے کا طریقہ سکھا کہ اسے یوں کہنا چاہیے تھا السلام علیکم أ أدخل۔

اگر صاحبِ خانہ اذن طلب کرنے والے سے پوچھے کہ تم کون ہو تو اسے اپنا نام بتانا چاہیے۔ صرف یہ کہنا کہ "میں ہوں" درست نہیں۔ حضورؐ نے اس کو ناپسند فرمایا ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ معمول تھا کہ جب اذن طلب فرماتے تو دروازہ کے سامنے کھڑے نہ ہوتے بلکہ دائیں یا بائیں کھڑے ہوتے کیونکہ اس وقت دروازوں پر پردے لٹکانے کا رواج نہ تھا۔ و ذالك ان الدور لم یکن علیها یومئذ ستور۔ (قرطبی)

نیز دروازے کو کھٹکھٹانا بھی اذن طلب کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ آجکل کئی گھروں میں گھنٹی لگی ہوتی ہے اسے بجا کر بھی اذن طلب کیا جا سکتا ہے۔

زیادہ سے زیادہ تین بار اذن طلب کرنا چاہیے۔ اگر تیسری بار جواب نہ آئے تو واپس چلا آئے کیونکہ اس سے زیادہ اذن طلب کرنا صاحبِ خانہ کو اذیت دینا اور پریشان کرنا ہے۔ ہو سکتا ہے وہ اس وقت ایسے کام میں مشغول ہو جسے وہ منقطع نہ کر سکتا ہو۔ لان الزیادۃ علی ذالك قد تقلق رب المنزل و ربما یضرہ الالحاح (قرطبی)

جس گھر میں ماں یا بہن رہائش پذیر ہو وہاں جاتے ہوئے بھی اذن طلب کرنا چاہیے۔ احتیاط کا تقاضا تو یہ ہے کہ اپنے گھر جہاں اس کی اہلیہ ہو اطلاع دیئے بغیر داخل نہ ہو، بلکہ پاؤں کی آہٹ کرنے سے یا کھنگارنے سے اپنی آمد کی اطلاع دے دے۔ ہو سکتا ہے کوئی اجنبیہ عورت گھر میں اس کی بیوی سے ملنے آئی ہوئی ہو۔

اسلام نے صرف بلا اجازت داخل ہونے پر ہی پابندی نہیں لگائی بلکہ بلا اجازت کسی کے گھر میں جھانکنا بھی ممنوع قرار دیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے "من اطلع فی بیت قوم من غیر اذنهم حل لهم ان یفقئوا عینه" ترجمہ: جو دوسروں کے گھر میں ان کی اجازت کے بغیر جھانکے اُن کے لیے جائز ہے کہ وہ اس کی آنکھ

حَتّٰی تَسْتَاْنِسُوْا وَ تُسَلِّمُوْا عَلٰۤی اَهْلِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ

سوا جب تک تم اجازت نہ لے لو اور سلام نہ کر لو ان گھروں میں بسنے والوں پر۔ یہی بہتر ہے تمھارے لیے شاید تم (اس کی حکمتوں

تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِیْهَاۤ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰی یُؤْذَنَ

میں) غور و فکر کرو۔ پھر اگر نہ پاؤ ان گھروں میں کسی کو (جو تمھیں اجازت دے) تو نہ داخل ہو ان میں ۳۳؎ یہاں تک کہ اجازت دی

لَكُمْ ۚ وَ اِنْ قِیْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰی لَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا

جائے تمھیں۔ اور اگر کہا جائے تمھیں ۳۴؎ کہ واپس چلے جاؤ تو واپس چلے جاؤ۔ یہ (طرز معاشرت) بہت پاکیزہ ہے تمھارے لیے اور اللہ تعالیٰ

نکال دی۔ (صحیح مسلم)۔ اس طرح شریعت نے گھر کو انسان کے لیے ایسا محکم حصار بنا دیا ہے جس میں اس کی اجازت کے بغیر نہ کوئی جھانک سکتا ہے نہ قدم رکھ سکتا ہے۔ تاکہ صاحب خانہ وہاں بے تکلفی اور آرام و راحت سے اپنا وقت بسر کر سکے۔

۳۳؎ اگر تم آ کر اذن طلب کرو اور اندر سے کوئی جواب نہ ملے تو واپس چلے جاؤ کیونکہ تمھارے اذن کے جواب پر خاموشی کی وجہ یا تو یہ ہو سکتی ہے کہ گھر میں کوئی شخص موجود ہی نہیں۔ اس صورت میں تمھیں یہ حق نہیں پہنچتا کہ اہل خانہ کی عدم موجودگی میں تم ان کے گھر میں داخل ہو جاؤ۔ یا عدم جواب عدم اذن کی دلیل ہے۔ اس صورت میں بھی تمھیں اندر جانے پر اصرار نہ کرنا چاہیے۔ ایک روز حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حضرت سعدؓ بن عبادہ کے گھر تشریف لے گئے اور طلب اذن کے لیے فرمایا السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ سعدؓ نے سن لیا اور آہستہ سے وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ عرض کیا۔ حضورؐ نے دوسری بار سلام فرمایا۔ سعدؓ نے پھر بھی چپکے سے جواب دیا۔ تیسری بار بھی حضورؐ کے سلام کے جواب میں سعدؓ نے آہستہ سے وعلیکم السلام کہہ دیا۔ حضورؐ واپس تشریف لے جانے لگے تو سعدؓ دوڑتے ہوئے آئے اور عرض کی میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں حضورؐ نے جتنی بار سلام فرمایا میں نے سنا اور جواب دیا۔ میری خاموشی کا مقصد یہ تھا کہ حضورؐ مجھے بار بار سلام فرمائیں اور مجھے اس کی برکت حاصل ہو۔

۳۴؎ اگر تم نے اذن طلب کیا اور مالک مکان نے اجازت نہ دی تو کبیدہ خاطر اور پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ تکدر اور ناراضگی محسوس کیے بغیر واپس چلے جاؤ۔ ہو سکتا ہے کہ اہل خانہ کسی ایسے کام میں مشغول ہوں کہ اسے ترک کرنا ان کے لیے تکلیف دہ ہو۔

جو لوگ کوئی تحقیقی کام کرنے میں مشغول ہوتے ہیں انھیں اپنے احباب کا شکوہ کرتے ہوئے اکثر سنا گیا ہے۔ وہ بیچارے اپنا کام چھوڑ کر اکثر دوستوں کی خاطر مدارات میں مشغول ہوتے ہیں تو پہروں کی جگر کاوی اور جانکاہی خاک میں مل جاتی ہے اگر اپنے کام میں لگے رہتے ہیں تو ان کے احباب اور کرم فرما بگڑ جاتے ہیں اور ان پر طعن و تشنیع کے تیروں کی بوچھاڑ کر دیتے ہیں۔ اسلام نے کیا عمدہ آداب سکھائے ہیں کہ اگر کسی وقت تمھیں ملاقات کی اجازت نہیں ملی تو خوشی خوشی واپس چلے جاؤ

تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿٢٨﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ

جو کچھ تم کرتے ہو خوب جاننے والا ہے۔ کوئی حرج نہیں تم پر اگر تم داخل ہو ایسے گھروں میں جن میں کوئی

مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿٢٩﴾

آباد نہیں۔ جن میں تمہارا سامان رکھا ہے ۴۵؎ اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ۭ ذٰلِكَ

آپ حکم دیجئے مومنوں کو کہ وہ نیچے رکھیں اپنی نگاہیں ۴۶؎ اور حفاظت کریں اپنی شرمگاہوں کی ۴۷؎ یہ طریقہ

اس کو اپنے کام میں منہمک رہنے دو۔ تمہارے لیے یہی کام بہتر ہے۔ یہاں گھر کی تقدیس کے ساتھ ساتھ وقت کی قدر و منزلت کا سبق دیا جارہا ہے یعنی مومن کی زندگی اتنی بےکار اور بےمصرف تو نہیں ہوتی کہ جس وقت کوئی چاہے اس کے اوقات میں دخیل ہو جائے نہ اس کے پاس اتنا فالتو وقت ہوتا ہے کہ ہر وقت آپ کے لیے گوش بر آواز رہے۔ جو وقت اس نے مطالعہ یا کسی مخصوص کام کے لیے مقرر کر رکھا ہے اس میں اس کو کام کرنے دو۔ اس کی مصروفیتوں کا احترام کرو۔ اگر اس نے اپنی کسی مجبوری کے باعث معذرت کی ہے تو خندہ پیشانی سے اس کی معذرت خواہی کو قبول کرلو۔

اگر کوئی اجازت طلب کرے اور اس وقت اسے اجازت نہ ملے تو اسے یہ اختیار ہے کہ دروازہ سے ہٹ کر بیٹھ جائے اور اس شخص کا انتظار کرے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کوئی حدیث سننے کے لیے کسی انصاری کے ہاں تشریف لے جاتے اور وہ آرام کر رہے ہوتے تو آپ اس کے انتظار میں باہر ٹھہر جاتے۔ وہ جب اپنے معمول کے مطابق باہر آتے اور حضرت ابن عباس کو منتظر پاتے تو کہتے اے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے چچا کے صاحبزادے! آپ نے اپنی آمد سے ہمیں مطلع کیوں نہ کیا، تاکہ ہم اسی وقت حاضر ہو جاتے۔ تو آپ فرماتے ھٰکذا اُمرنا ان نطلب العلم (مظہری) ہمیں علم حاصل کرنے کا یہی طریقہ سکھایا گیا ہے۔

۴۵؎ اس سے مراد سرائے، مہمان خانہ اور ہوٹل وغیرہ ہیں، جہاں ہر وقت آنے جانے کی عام اجازت ہوتی ہے۔

۴۶؎ شریعت اسلامیہ فقط گناہوں سے نہیں روکتی اور ان کے ارتکاب پر سزا نہیں دیتی، بلکہ ان تمام وسائل اور ذرائع پر پابندی عائد کرتی ہے اور انہیں ممنوع قرار دیتی ہے جو انسان کو گناہوں کی طرف لے جاتے ہیں، تاکہ جب گناہ کی طرف لے جانے والا راستہ ہی بند ہوگا تو گناہوں کا ارتکاب آسان نہیں ہوگا۔ طبیعت میں ہیجان پیدا کرنے والے اور جذبات شہوت کو مشتعل کرنے والے اسباب سے نہ روکنا اور ان کو کھلی چھٹی دے دینا، اور پھر یہ توقع رکھنا کہ ہم اپنے قانون کی قوت سے لوگوں کو برائی سے بچالیں گے، بڑی نادانی اور ابلہی ہے۔ اگر کوئی نظام ان عوامل اور محرکات کا قلع قمع

نہیں کرتا جو انسان کو بدکاری کی طرف دھکیل کر لے جاتے ہیں۔ تو اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ وہ اس برائی کو برائی نہیں سمجھتا اور نہ اس سے لوگوں کو بچانے کی مخلصانہ کوشش کرتا ہے۔ اس کی زبان پر جو کچھ ہے وہ اس کے دل کی صدا نہیں، بلکہ محض ریاکاری اور ملمع سازی ہے۔

؎ درمیان قعر دریا تختہ بندم کردہٴ     باز می گوئی کہ دامن تر مکن ہشیار باش

کسی کو بیٹھے ہوئے دریا میں دھکا دے کر گرا دینا اور پھر اس کو یہ کہنا کہ خبردار! اپنے دامن کو پانی کی موجوں سے گیلا نہ ہونے دینا بہت بڑی زیادتی ہے۔

اس سورت کا آغاز زنا کاروں کی سزا کے ذکر سے ہوا۔ یہاں ان راستوں کو ہی بند کیا جا رہا ہے جو انسان کو اس جرم شنیع کی طرف لے جاتے ہیں۔ بدکاری کا سب سے خطرناک راستہ نظربازی ہے اس لیے سب سے پہلے اس کو بند کیا جا رہا ہے۔ مردوں کو حکم دیا جا رہا ہے کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھو اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو۔ جب نگاہ کسی نامحرم کی طرف نہیں اٹھے گی تو دل میں اس کی طرف کشش پیدا نہ ہوگی جب کشش ہی نہ پیدا ہوگی تو بدفعلی کا ارتکاب ہی بعید از قیاس ہو گا۔ آیت میں آنکھوں کو مطلقاً بند رکھنے کا حکم نہیں دیا جا رہا، بلکہ اس کی طرف آنکھ بھر کر دیکھنے سے روکا جا رہا ہے جس کی طرف دیکھنا حرام ہے۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے بڑی سختی سے نامحرم کی طرف دیکھنے سے منع فرمایا ہے۔ چند ارشادات نبوی ملاحظہ فرمایئے:۔

عن ابی امامة یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اکفلوا لی بست اکفل لکم بالجنة اذا حدث احدکم فلا یکذب واذا اؤتمن فلا یخن واذا وعد فلا یخلف وغضوا ابصارکم وکفوا ایدیکم واحفظوا فروجکم۔ (ابن کثیر)

ترجمہ: اگر تم میرے ساتھ ان چھ باتوں کا وعدہ کرو تو میں تمہارے لیے جنت کا ضامن ہوں:

۱۔ جب تم میں سے کوئی بات کرے تو جھوٹ نہ بولے۔

۲۔ جب اسے امین بنایا جائے تو خیانت نہ کرے۔

۳۔ جب وعدہ کرے تو وعدہ خلافی نہ کرے۔

۴۔ اپنی نگاہوں کو نیچے رکھو۔

۵۔ اپنے ہاتھوں کو روکے رکھو۔

۶۔ اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو۔

امام بخاریؒ نے اپنی صحیح میں حضورؐ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے:

"من یکفل لی ما بین لحییه وبین رجلیه اکفل له الجنة" "جو شخص مجھے دو باتوں کی ضمانت دے کہ جو اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان یعنی زبان اور جو اس کے دونوں ٹانگوں کے درمیان ہے تو میں اسے جنت کی

أَزْكَىٰ لَهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا يَصْنَعُونَ ۝ وَقُل لِّلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ

بہت پاکیزہ ہے اُن کیلئے بیشک اللہ تعالیٰ خوب آگاہ ہے ان کاموں پر جو وہ کیا کرتے ہیں ۳۳ اور آپ حکم دیجیے ایماندار عورتوں کو کہ

ضمانت دیتا ہوں۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ان النظر سھم من سہام ابلیس مسموم من ترکہ مخافتی ابدلتہ ایمانا یجد حلاوتھا فی قلبہ۔ نظر شیطان کے تیروں میں سے ایک زہریلا تیر ہے جو اس کو میرے خوف سے ترک کرتا ہے میں اُسے ایمان کی نعمت بخشوں گا جس کی مٹھاس وہ اپنے دل میں پائے گا۔ حضرت جریر بن عبداللہ البجلی فرماتے ہیں کہ میں نے حضور کریم سے دریافت کیا کہ اگر اچانک کسی اجنبیہ پر نظر پڑ جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟ فامرنی ان اصرف بصری۔ حضور نے مجھے حکم فرمایا کہ میں اپنی نظر کو پھیر لوں۔ اچانک کسی نامحرم پر اگر نظر پڑ جائے تو وہ معاف ہے لیکن اگر دوبارہ دانستہ اس کی طرف دیکھے گا تو گنہگار ہوگا۔ فان لک الاولیٰ ولیس لک الاخرۃ۔ یہ احادیث طیبہ تفسیر ابن کثیر سے منقول ہیں۔

۳۳ یعنی اپنی ستر کی جگہوں کو ڈھانپے رکھیں اور انھیں برہنہ نہ ہونے دیں۔

ابو العالیہ کہتے ہیں کہ قرآن کریم میں جہاں بھی حفظ فروج کا حکم دیا گیا ہے اس سے مراد زنا سے بچنا ہے لیکن یہاں اس سے مراد ستر پوشی ہے تاکہ ان پر نظر نہ پڑے۔ مرد کا ستر ناف سے گھٹنوں تک ہے۔ اتنی جگہ کو اسے ننگا نہ ہونے دینا چاہیے۔ اور اگر کوئی برہنہ ہو تو اس کی طرف دیکھنا نہ چاہیے۔ تنہائی میں بھی بے پردہ ہونے کی اجازت نہیں۔ حضور نے اپنے ایک صحابی کو فرمایا احفظ عورتک الا من زوجتک او ما ملکت یمینک۔ اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ افرأیت اذا کان الرجل خالیاً۔ اگر انسان تنہا ہو تو پھر اس کے متعلق کیا حکم ہے؟ فرمایا فاللہ احق ان یستحیٰ منہ۔ حضور نے فرمایا اس وقت بھی ستر نہ کھولے۔ اللہ تعالیٰ اس بات کا زیادہ حقدار ہے کہ اس سے شرم کی جائے۔

۳۴ نگاہیں نیچی رکھنے کی حکمت بیان فرمائی جارہی ہے کہ اس طرح ہی تمہارا دامن عفت پاک رہ سکتا ہے اگر نگاہیں ہوسناک ہوں، مرد و زن کا آزادانہ اختلاط ہو، خلوت میں نامحرموں کے ساتھ سلسلۂ گفتگو بھی جاری رہے، اور پھر انسان یہ خیال کرے کہ وہ اپنے دامن کو داغدار نہیں ہونے دے گا تو یہ اس کی حماقت کی انتہا ہے۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے بچے اور بچیاں عفیف اور عصمت شعار رہیں تو ہمارا فرض ہے کہ ہم انھیں قرآن کریم کی ان آیات کی تعلیم دیں۔ حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے یہ حکیمانہ ارشادات ازبر کرائیں تاکہ وہ ہلاکت کے اس گرداب کے نزدیک ہی نہ آنے پائیں۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں: البصر ھو الباب الاکبر الی القلب ... ویحسب ذالک کثر السقوط من جھتہ ووجب التحذیر منہ وغضہ واجب من جمیع المحرمات وکل ما یخشی الفتنۃ من اجلہ۔ نظر دل کی طرف کھلنے والا سب سے بڑا دروازہ ہے۔ نگاہ کی بے راہ روی کے باعث ہی اکثر لغزشیں ہوتی ہیں، اس لیے اس سے بچنا چاہیے اور تمام محرکات سے انھیں روکنا چاہیے۔

# مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا

وہ نیچی رکھا کریں اپنی نگاہیں ۹۵؎ اور حفاظت کیا کریں اپنی عصمتوں کی ۹۶؎ اور نہ ظاہر کیا کریں اپنی آرائش کو مگر جتنا

۹۵؎ پہلے مردوں کو نگاہیں نیچی رکھنے اور شرمگاہوں کی حفاظت کرنے کا حکم دیا گیا۔ اب مومن عورتوں کو ان آداب و احکام کی پابندی کا حکم فرمایا جا رہا ہے جن سے وہ اپنی ناموس اور آبرو کو محفوظ رکھ سکتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو فرما رہے ہیں کہ آپ مومن عورتوں کو حکم دیجیے کہ:

۱۔ وہ اپنی نگاہوں کو نیچا رکھا کریں۔
۲۔ اپنے ستر کی جگہوں کی حفاظت کیا کریں۔
۳۔ اپنی زینت کو ظاہر نہ ہونے دیا کریں بجز اس کے جس کے ظاہر کیے بغیر چارہ نہیں۔
۴۔ اپنی اوڑھنیوں سے اپنے سینوں کو ڈھانپ لیا کریں۔
۵۔ زمین پر پاؤں اس طرح نہ ماریں جس سے ان کی مخفی زینت و آرائش ظاہر ہو۔
۶۔ درمیان میں ان لوگوں کا ذکر کر دیا گیا جن کے سامنے زینت کا اظہار ممنوع نہیں۔

یہ چھ ارشادات ربانی ہیں جو اس ایک آیت میں ذکر کیے گئے ہیں۔ اب ذرا ان کا تفصیلی تذکرہ سماعت فرمائیے تاکہ وہ قواعد و ضوابط آپ کے سامنے واضح ہو جائیں جن پر کاربند ہونا اسلامی معاشرہ کو پاکیزہ رکھنے کے لیے ہر مرد اور عورت پر لازمی ہے۔ عورتوں کو بھی نگاہیں نیچی رکھنے کا حکم دیا جا رہا ہے کہ وہ ان چیزوں کی طرف نظر اٹھا کر نہ دیکھیں جن کی طرف دیکھنا ممنوع ہے۔

اس مسئلہ کو امام فخر الدین رازی نے خاص ترتیب سے لکھا ہے جس سے مسئلہ کے سارے گوشے واضح ہو جاتے ہیں۔ اس لیے میں انہیں کا اتباع کرتے ہوئے اس مسئلہ کو پیش خدمت کرتا ہوں:۔

"آپ فرماتے ہیں جسم کا وہ حصہ جس کو ظاہر کرنا یا جس کو دیکھنا ممنوع ہے چار طرح سے ہے۔
۱۔ مرد کے جسم کا وہ حصہ جو دوسرے مرد کو دیکھنا ممنوع ہے۔
۲۔ عورت کے جسم کا وہ حصہ جو دوسری عورت کو دیکھنا ممنوع ہے۔
۳۔ عورت کے جسم کا وہ حصہ جو مرد کو دیکھنا ممنوع ہے۔
۴۔ مرد کے جسم کا وہ حصہ جس کی طرف عورت کو دیکھنا جائز نہیں"۔

مرد کے جسم کا وہ حصہ جس کی طرف دوسرا مرد نہیں دیکھ سکتا، ناف سے لے کر گھٹنوں تک ہے۔ امام صاحب کے نزدیک گھٹنوں کو دیکھنا جائز نہیں اور ران کو دیکھنا بطریقِ اولیٰ ممنوع ہو گا۔

حضرت حذیفہؓ ایک دن مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ران سے کپڑا سرک گیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا غط فخذک

فانها من العورة" اپنی ران کو ڈھانپ لو کیونکہ یہ بھی ستر ہے۔ حضرت سیدنا علیؓ کو بھی ارشاد فرمایا۔ "لا تبرز فخذک ولا تنظر الی فخذ حی ولا میت"۔ اپنی رانوں کو ظاہر نہ کرو اور کسی مردہ یا زندہ کی ران کی طرف مت دیکھو۔

۲۔ عورت کے جسم کا وہ حصہ جو کسی عورت کو دیکھنا بھی جائز نہیں وہ بھی یہی ہے یعنی ناف سے لے کر گھٹنوں تک نہیں دیکھ سکتی۔ باقی جسم کا دیکھنا جائز ہے لیکن اگر فتنہ کا اندیشہ ہو تو یہ بھی ممنوع ہے۔ غیر مسلم عورت مسلمان عورت کے صرف اُن حصوں کو دیکھ سکتی ہے جو مرد دیکھ سکتے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے حضرت ابو عبیدہؓ سالارِ لشکر کی طرف لکھا۔ "انه بلغنی ان نساء اهل الذمة يدخلن الحمامات مع نساء المسلمين فامنع من ذالك وحل دونه فانه لا يجوز ان ترى الذمية عرية المسلمة۔"

یعنی مجھے یہ اطلاع ملی ہے کہ ذمی عورتیں مسلمان عورتوں کے ساتھ حمام میں جاتی ہیں اس سے روک دو کیونکہ کسی ذمیہ عورت کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ مومن عورت کے ستر کو دیکھے۔

۳۔ عورت کے بدن کا وہ حصہ جو مرد کو دیکھنا ممنوع ہے اس کی وضاحت کرتے ہوئے امام موصوف لکھتے ہیں: وہ عورت اجنبی ہوگی، محرم ہوگی یا بیوی ہوگی۔ اگر وہ آزاد نامحرم عورت ہے تو اس کا سارا بدن ہاتھ اور چہرہ کے سوا ستر ہے۔ کیونکہ وہ بیع شراء اور لین دین کے وقت چہرہ اور ہاتھوں کو کھولنے پر مجبور ہوتی ہے۔ امام رازیؒ فرماتے ہیں چہرہ اور ہاتھوں کی طرف دیکھنے کی تین صورتیں ہیں:

(ا) چہرہ دیکھنے کی کوئی غرض نہ ہو، فتنہ کا اندیشہ بھی نہ ہو۔

(ب) دوسری صورت یہ ہے، دیکھنے کی غرض کوئی نہیں لیکن فتنہ کا اندیشہ ہے۔

(ج) تیسری صورت یہ ہے کہ غرض بھی ہے اور فتنہ کا اندیشہ بھی ہے۔

پہلی صورت میں اجنبیہ کی طرف بلا مقصد قصد و ارادہ سے دیکھنا جائز نہیں۔ اگر ایک دفعہ نگاہ پڑ جائے تو دوسری مرتبہ آنکھیں پھیر لے نگاہیں نیچی کرلے۔ حضرت امام صاحبؒ کی رائے یہ ہے کہ اگر فتنہ کا اندیشہ نہ ہو تو ایک مرتبہ جائز ہے اور بار بار دیکھنا منع ہے۔ وقيل يجوز مرة واحدة اذا لم يكن محل فتنة وبه قال ابو حنيفة رحمه الله ولا يجوز ان يكرر النظر اليها۔ اس کی تفصیل ان احادیث میں گزر چکی ہے جو پہلی آیت کے ضمن میں درج کی گئی ہیں۔ دوسری صورت جبکہ اجنبیہ کے دیکھنے کا مقصد ہو مثلاً اگر کوئی شخص کسی عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہے تو اس کے لیے اس عورت کے چہرہ اور ہتھیلیوں کو دیکھنا جائز ہے۔ ارشاد نبوی ہے "اذا خطب احدكم المراة فلا جناح عليه ان ينظر اليها" یعنی اگر کوئی شخص کسی عورت سے منگنی کرنا چاہے تو اسے دیکھنے میں کوئی حرج نہیں۔ مغیرہؓ بن شعبہ نے ایک عورت سے منگنی کی۔ حضورؐ نے پوچھا کیا تو نے اسے دیکھا ہے انہوں نے عرض کی نہیں۔ "قال فانظر فانه احرى ان يدوم بينكما" فرمایا پہلے دیکھ لو اس طرح تمہارے رشتہ کی بقا کا زیادہ امکان ہے۔ تیسری صورت میں جبکہ اجنبیہ کی طرف محض شہوت کے خیال سے دیکھے تو اس وقت اس کے کسی حصہ جسم کو دیکھنا بھی ممنوع ہے البتہ ڈاکٹر اور طبیب مریضہ کے جسم کے کسی حصہ کو بھی

ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰی جُيُوبِهِنَّ وَلَا يُبْدِينَ

خود بخود نمایاں ہو اس سے ۵۵ اور ڈالے رہیں اپنی اوڑھنیاں اپنے گریبانوں پر ۵۶ اور نہ ظاہر ہونے دیں

دیکھ سکتا ہے جبکہ اس کا دیکھنا علاج کے لیے ضروری ہو لیکن مستورات کے علاج کے لیے ایسا طبیب اور ڈاکٹر کے پاس جانا چاہیے جو امین ہو۔ اسی لیے امام رازی فرماتے ہیں۔ یجوز للطبیب الامین ان ینظر الیھا للمعالجۃ۔ اگر عورت ڈوب رہی ہو یا اسے آگ لگ گئی ہو تو اسے بچانے کے لیے اس کے جسم کے کسی حصہ کو ہاتھ لگانا یا اس کی طرف دیکھنا ممنوع نہیں کیونکہ اس وقت اس کی جان بچانا فرض ہے۔ یہ احکام اس عورت کے تھے جو اجنبیہ اور نامحرم ہو۔

محرم عورت کے متعلق امام ابوحنیفہ کا ارشاد یہ ہے کہ جسم کے وہ حصے جو کام کاج کرتے وقت عام طور پر کھل جاتے ہیں فقط ان کی طرف دیکھنا جائز ہے وعورتھا مایبدو عند المھنۃ وھو قول ابی حنیفۃ رحمۃ اللّٰہ علیہ اور اپنی بیوی کے جسم کا کوئی حصہ ایسا نہیں جس کی طرف دیکھنا خاوند کے لیے ممنوع ہو۔

۴۔ عورت نامحرم مرد کے ناف اور گھٹنوں کے درمیان نہیں دیکھ سکتی۔ بعض نے یہ کہا ہے کہ عورت مرد کا صرف چہرہ اور ہاتھ دیکھ سکتی ہے۔ اس کے جسم کے باقی حصوں کی طرف نہیں دیکھ سکتی لیکن الاول اصح پہلا قول صحیح ہے۔ یہ اس وقت کا حکم ہے جب فتنہ کا اندیشہ نہ ہو اور اگر فتنہ کا اندیشہ ہو تو مرد کے کسی حصہ کی طرف نہ دیکھے حتیٰ کہ مرد کے چہرہ کی طرف بار بار دیکھنا بھی جائز نہیں۔ ولا یجوز لھا قصد النظر عند خوف الفتنۃ ولا تکریر النظر الی وجھہ (تفسیر کبیر)

۵۵ ابوالعالیہ کا قول پہلے گزر چکا ہے کہ یہاں ان الفاظ سے ستر کی جگہ کو ڈھانپنا ہے لیکن امام رازیؒ اور دیگر علماء فرماتے ہیں کہ یہ تخصیص ضعیف ہے لانہ تخصیص من غیر دلالۃ۔ ظاہر آیت کا مقتضا یہ ہے کہ ہر اس چیز سے حفاظت کی جائے جو اللہ تعالیٰ نے حرام کی ہے اس میں بدکاری، مس کرنا اور دیکھنا سب داخل ہیں۔

۵۶ وہ زینت جو ظاہر ہے جس کے اظہار کی ممانعت نہیں۔ اس کے متعلق حضرات ابن عباس، مجاہد، عطاء، ابن عمرؓ اور انس رضی اللہ عنہم کا قول ہے ماکان فی الوجہ والکف الخضاب والکحل یعنی وہ زینت جو چہرہ اور ہتھیلیوں میں ہوتی ہے جیسے خضاب اور سرمہ۔

حسن البصری کہتے ہیں وجھھا وما ظھر من ثیابھا چہرہ اور وہ کپڑے جو ظاہر ہوں۔ سعید بن المسیب نے فرمایا وجھھا مما ظھر۔ چہرے کا وہ حصہ جو ظاہر ہو۔ قال ابراھیم الزینۃ الظاھرۃ الثیاب اس سے مراد لباس ہے۔ یہ مختلف اقوال لکھنے کے بعد امام ابوبکر الجصاص لکھتے ہیں: قال اصحابنا المراد الوجہ والکفان لان الکحل زینۃ الوجہ والخضاب والخاتم زینۃ الکف یعنی علماء احناف کا قول یہ ہے کہ اس سے مراد چہرہ اور ہتھیلیاں ہیں کیونکہ سرمہ چہرے کی اور خضاب اور انگوٹھی ہتھیلیوں کی زینت ہیں۔ (احکام القرآن)

لیکن خیال رہے کہ یہ اباحت اس وقت ہے جبکہ فتنہ کا اندیشہ نہ ہو ورنہ چہرہ اور ہتھیلی کو دیکھنا بھی حرام ہے۔

علامہ ابن حیان الاندلسی لکھتے ہیں قال ابن خویز منداد اذا کانت جمیلة وخیف من وجهها وکفیها الفتنة فعلیها ستر ذالك اور اگر عورت خوبرو ہو، اور اس کے چہرے اور ہاتھوں کی طرف دیکھنا فتنے کا باعث ہو تو اس پر لازم ہے کہ وہ اپنے چہرے اور ہاتھوں کو ظاہر نہ کرے (بحر محیط)

آج جبکہ لوگوں کی آنکھوں میں حیا نہیں رہی ہر طرف آوارگی اور بیہودگی کا دور دورہ ہے ہر اس شخص پر جس کی نگاہوں میں عفت و عصمت کی کوئی قدر و قیمت ہے اسے چاہیے کہ وہ اپنی جوان بہو بیٹیوں کو بے پردہ باہر نکلنے سے روکے اور انہیں نامحرموں کے سامنے بے تکلفی سے آنے کی اجازت نہ دے۔

۴۲؎ پہلے عورتیں سر پر جو کپڑا اوڑھتی تھیں ان کے پلو اپنی پشت پر لٹکا دیا کرتی تھیں۔ اس طرح ان کی گردن، کان، سینہ وغیرہ ظاہر رہتے تھے۔ اس آیت نے یہ حکم دیا کہ سر پر جو اوڑھو اس کے پلوں کو پشت پر پیچھے نہ پھینک دو بلکہ انہیں اپنے گریبانوں پر ڈال دو تاکہ تمہارے سینے، گردن وغیرہ لوگوں کی نظروں سے چھپ جائیں۔ جب یہ آیت نازل ہوئی اور مردوں نے جاکر اپنی بیویوں، بیٹیوں اور بہنوں کو سنائی تو اسی وقت انہوں نے اس کی تعمیل کی اور اپنی ایک پرانی عادت کو چشم زدن میں چھوڑ کر اطاعت و انقیاد کی ایک نادر مثال پیش کی حضرت عائشہ صدیقہ کے پاس آپ کی بھتیجی حضرت حفصہ بنت عبد الرحمٰن آئیں۔ انہوں نے اس وقت ایک باریک اوڑھنی سر پر ڈالی ہوئی تھی۔ آپ کو یہ چیز سخت ناگوار گزری اور فرمایا انما یضرب بالکثیف الذی یستر۔ آیت میں ایسی اوڑھنی اوڑھنے کا حکم ہے جو موٹی ہو اور جس سے پردہ کا مقصد پورا ہو۔

دخترانِ اسلام ذرا خود ہی انصاف کریں کہ جو باریک دوپٹے وہ اوڑھتی ہیں اور جس طرح انہیں سر کے بجائے اپنے کندھوں پر ڈال لیتی ہیں اور سینہ تان کر سربازار چلتی ہیں ان کا یہ طریقہ کار اسلام کی تعلیمات کے کتنا منافی ہے۔ علامہ اقبالؒ نے کتنے درد بھرے انداز میں دخترانِ ملت کو عریانی اور بے پردگی سے باز آنے کی تلقین کی ہے ؎

بہل اے دخترک ایں دلبری ہا   مسلماں را نہ زیبد کافری ہا
منہ دل بر جمالِ غازہ پرورد   بیاموز از نگاہ غارتگری ہا

پھر فرماتے ہیں :-

اگر پندے ز درویشے پذیری   ہزار اُمت بمیرد تو نہ میری
بتولے باش و پنہاں شو ازیں عصر   کہ در آغوش شبیرے بگیری

یعنی اگر تو ایک درویش کی نصیحت کو قبول کرے تو ہزاروں اُمتیں فنا ہو سکتی ہیں لیکن تو ہمیشہ زندہ رہے گی۔ حضرت فاطمہ زہرا بتولِ جنت کا شیوہ اختیار کر اور زمانہ کی نگاہوں سے چھپ جا تاکہ تیری آغوش میں شبیر جیسا فرزند پرورش پا سکے۔

اس آیت سے یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ سر، گردن اور سینہ کا چھپانا فرض ہے۔

زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ

اپنی آرائش کو ۴۳؎ مگر اپنے شوہروں کے لیے یا اپنے باپوں کے لیے یا اپنے شوہروں کے باپوں کے لیے یا اپنے بیٹوں کے لیے

اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْۤ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْۤ اَخَوٰتِهِنَّ

یا اپنے خاوندوں کے بیٹوں کے لیے یا اپنے بھائیوں کے لیے یا اپنے بھتیجوں کے لیے اور اپنے بھانجوں کے لیے

اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ

یا اپنی ہم مذہب عورتوں پر ۴۴؎ یا اپنی باندیوں پر ۴۵؎ یا اپنے ایسے نوکروں پر جو (عورت) کے خواہشمند نہ ہوں ۴۶؎

۴۳؎ پہلے مومن عورتوں کو زینت کی نمائش سے منع فرمایا۔ اب ان لوگوں کی فہرست بیان کردی جن کے ساتھ نہایت قریبی تعلق ہوتا ہے اور جن کے ہاں آمدورفت عام ہوتی ہے۔ اگر ایسے قریبی رشتہ داروں پر بھی اس قسم کی پابندی لگادی جاتی تو لوگ طرح طرح کی الجھنوں میں مبتلا ہوجاتے اور زندگی کی بہت سی سہولتوں سے محروم ہوجاتے۔ اس لیے بتادیا کہ مسلم خواتین کو عام مردوں سے اپنی آرائش چھپانی چاہیے لیکن ان رشتہ داروں سے جن کا ذکر اس آیت میں کیا گیا ہے اپنی آرائش کو چھپانے کی ضرورت نہیں۔ اس فہرست میں جن اقربا کا ذکر ہے (خاوند کے سوا) وہ محرم ابدی ہونے میں سب یکساں ہیں، لیکن قرابت میں واضح فرق ہے اس لیے علماء اسلام نے انھیں تین درجوں میں تقسیم کیا ہے۔ سب سے پہلا درجہ خاوند کا ہے گھر میں جو اس کا مقام ہے وہ کسی کا نہیں۔ "له حرمة ليست لغيره يحل له كل شيء منها" یعنی اس سے کسی قسم کا پردہ اور حجاب نہیں۔ اس کے بعد باپ، بیٹا اور بھائی ہیں۔ اس کے بعد خاوند کا بیٹا ہے۔ جو چیز اول الذکر کے سامنے ظاہر کی جاسکتی ہے وہ آخر الذکر افراد کے سامنے ظاہر کرنے کی اجازت نہیں۔ وبدأ تعالى بالازواج لان اطلاعهم يقع على اعظم من الزينة ثم ثنى بالمحارم وسوى بينهم في ابداء الزينة ولكن تختلف مراتبهم في الحرمة بحسب ما في النفوس البشر فالاب والاخ ليس كابن الزوج قد يبدي للاب ما لا يبدي لابن الزوج (بحر)

یعنی جن لوگوں کے سامنے اظہار زینت ممنوع نہیں ان میں سرفہرست خاوند ہے کیونکہ اس سے کسی طرح کا بھی حجاب نہیں۔ اس کے بعد محرم لوگ ہیں لیکن ان کے مراتب مختلف ہیں۔ جو مرتبہ باپ اور بھائی کا ہے وہ خاوند کے بیٹے کا نہیں اس لیے اظہار زینت میں بھی فرق ہوگا۔

۴۴؎ جس طرح پہلے عرض کیا جاچکا ہے کہ عورتوں سے مراد مسلمان عورتیں ہیں غیر مسلم عورتوں کے سامنے اپنی پوشیدہ زینت کی جگہوں کو کھولنا ممنوع ہے۔

۴۵؎ اس سے مراد کنیزیں ہیں اگرچہ وہ مسلمان نہ ہوں تب بھی ان کے سامنے اظہار زینت کی اجازت ہے

مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ

یا اُن بچوں پر جو (ابھی تک) آگاہ نہیں عورتوں کی شرم والی چیزوں پر ۵۰

وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ؕ وَتُوْبُوْٓا

اور نہ زور سے ماریں اپنے پاؤں ۵۱ زمین پر تاکہ معلوم ہوجائے وہ بناؤ سنگار جو وہ چھپائے ہوتے ہیں اور رجوع

حضرت سعید بن المسیب نے فرمایا لا تغرنکم ھٰذہ الآیات او ما ملکت ایمانھن انما عنی بھا الاماء کہ تمہیں یہ آیت دھوکہ نہ دے یہاں ما ملکت سے مراد لونڈیاں ہیں۔

۴۹ ان سے مراد وہ لوگ ہیں جن میں عورتوں کی خواہش نہیں ہوتی جیسے عنین نامرد خصی وغیرہ۔ لا حاجۃ لہ فی النسآء (جصاص) ویجتمع فیمن لا فھم لہ ولا ھمۃ ینتبہ بھا الی امر النسآء۔

۵۰ وہ بچے جو عورتوں کے خفیہ معاملات سے بے خبر ہوں۔ جب کوئی لڑکا اگرچہ وہ نابالغ بھی ہو ان معاملات سے آگاہ ہوجائے تو ان سے اجنبیوں والا سلوک کیا جائے گا۔

۵۱ کئی عورتیں پازیب وغیرہ پہن کر نکلتیں اور مردوں کے مجمع سے جب ان کا گزر ہوتا تو وہ دانستہ اپنے پاؤں زمین پر مارتیں تاکہ مرد پازیب کی جھنکار سن کر ان کی طرف متوجہ ہوں۔ اس آیت میں اس حرکت سے باز آنے کا حکم صادر فرمادیا۔ ان تمام احکام کا مقصد تو یہ ہے کہ ایسے تمام اشتعال انگیز اطوار اور عوامل پر قدغن لگادی جائے جن کی وجہ سے اسلامی معاشرہ میں بدکاری اور بے حیائی کی راہیں کھل سکتی ہیں اور جن کی موجودگی میں وعظ و نصیحت بلکہ قانون کی شدت بھی گناہوں کا انسداد کرنے سے قاصر رہتی ہے۔ اس آیت میں صرف پاؤں مار کر مردوں کی مجلس سے گزرنا ممنوع قرار نہیں دیا جارہا بلکہ ہر ایسی چیز جو ان کو نامحرموں کی توجہ کا مرکز بنادے اس سے بھی منع کیا گیا ہے۔ بھڑکیلے لباس پہن کر، یا تیز خوشبو لگا کر مجمع عام میں جانا بھی عورت کے لیے جائز نہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ایک عورت کو آتے ہوئے دیکھا اس سے خوشبو کی لپٹیں اُٹھ رہی تھیں۔ آپ نے اُسے فرمایا یا امۃ الجبار اے خداوند جبار کی بندی کیا تو مسجد سے آرہی ہے؟ اس نے کہا جی ہاں آپ نے پوچھا کیا تو نے خوشبو لگا رکھی ہے۔ اس نے کہا جی ہاں۔ آپ نے فرمایا "سمعت حبی ابا القاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یقول لا یقبل اللہ صلوٰۃ امرأۃ طیبت لھذا المسجد حتی ترجع فتغتسل غسلھا من الجنابۃ۔ میں نے اپنے محبوب ابوالقاسم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ اللہ تعالیٰ اس عورت کی نماز قبول نہیں فرماتا جو مسجد میں تیز خوشبو لگا کر جائے جب تک کہ وہ گھر لوٹ کر غسل جنابت نہ کرے۔

وہ عورتیں جو زرق برق بھڑکیلے لباس پہن کر خراماں خراماں ٹہلتی ہوئی اجنبی مردوں کے پاس آتی جاتی ہیں۔ دختران اسلام

اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۳۱ وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى

کرو اللہ تعالیٰ کی طرف سبھی سب اے ایمان والو! تاکہ تم (دونوں جہانوں میں) بامراد ہو جاؤ ف۵۶ اور نکاح کر دیا کرو جو

مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ۭ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ

بے نکاح ہیں تم میں سے ف۵۷ اور جو نیک ہیں ف۵۸ تمہارے غلاموں اور کنیزوں میں سے اگر وہ تنگ دست ہوں (تو فکر نہ کرو)

ان کے متعلق اپنے پیارے رسول کریم کا یہ ارشاد گرامی بھی سن لیں۔ میمونہ بنت سعد کہتی ہیں کہ رسول اللہ نے فرمایا الرافلة فی الزینة فی غیر اھلھا کمثل ظلمة یوم القیامة لا نور لھا۔ وہ عورت جو آراستہ پیراستہ ہو کر نامحرموں میں اترا اترا کر چلتی ہے قیامت کے دن وہ مجسم تاریکی ہوگی جہاں نور کی کرن تک نہ ہو (ترمذی)۔

ف۵۶ یعنی بلاچون وچرا احکام الٰہی اور ارشاداتِ نبوی کی تعمیل کے لیے جھک جاؤ۔ اسی میں تمہارے دونوں جہان کی کامیابی ہے۔ آفتاب اسلام کے طلوع ہونے کے بعد اب اہل جاہلیت کے رسم و رواج کو اور اخلاق و عادات کو نہ چھوڑنا بڑی بے انصافی ہے۔ فان الفلاح کل الفلاح فی فعل ما امر اللہ بہ ورسولہ وترک ما نھیا عنہ واللہ تعالیٰ ھو المستعان (ابن کثیر)

ف۵۷ ایامی جمع ہے۔ اس کا واحد اَیِّمٌ ہے۔ اہل لغت کا اس پر اتفاق ہے کہ اصل میں اس کا اطلاق اس عورت پر ہوتا ہے جس کا خاوند نہ ہو خواہ وہ کنواری ہو یا بیوہ یا مطلقہ بطور استعارہ اب اس کا اطلاق ایسے مرد پر ہونے لگا ہے جس کی بیوی نہ ہو۔ قال ابو عبیدۃ رجل اَیِّمٌ وامراۃ ایم وھو کالمستعار فی الرجال (قرطبی)۔

اسلام جو دینِ فطرت ہے وہ معاشرہ کو پاکیزہ رکھنے اور بے حیائی سے بچانے کے متعلق صرف وعظ ہی نہیں کرتا بلکہ وہ عملی تجاویز اور مشکلات کا صحیح حل بھی پیش کرتا ہے۔ آپ ذرا غور فرمائیں جس معاشرہ میں بن بیاہی عورتیں بکثرت ہوں گی وہاں جذبات کو کب تک قابو میں رکھا جا سکتا ہے۔ بڑے تحفظ اور احتیاط کے باوجود شدتِ جذبات سے مجبور ہو کر وہ غلط قدم اٹھا سکتی ہیں شیطان بڑی آسانی سے انہیں ورغلا کر گمراہ کر سکتا ہے۔ بدکاری کا یہ بھی ایک دروازہ تھا جس کی طرف سے اسلام اگر اغماض کرتا تو اسے حقیقت پسندی نہ سمجھا جاتا چنانچہ اس آیت میں حکم دیا جا رہا ہے کہ مسلمان ایسے مردوں اور ایسی عورتوں کی طرف سے غفلت اور بے پرواہی نہ کریں بلکہ ان کا نکاح کر کے ان کو گھروں میں بسانا اپنا اخلاقی فرض سمجھیں۔ اس طرح ایک تو ان کی حالتِ زار بدل جائے گی اور ان کی حرماں نصیبیاں ختم ہو جائیں گی۔ وہ مایوسی کے گوشہ سے نکل کر عملی دنیا میں اپنی خداداد صلاحیتوں کا نفع بخش مظاہرہ کر سکیں گی۔ دوسرا معاشرہ ان کی لغزش کے نتائج سے محفوظ ہو جائے گا۔ اس حقیقت کو حضور نبی اکرم نے اس طرح واضح فرمایا ہے "یا معشر الشباب من استطاع منکم الباءۃ فلیتزوج فانہ اغض للبصر و احصن للفرج ومن لم یستطع فعلیہ بالصوم فانہ لہ وجاء (بخاری)" اے جوانوں کے گروہ جو تم میں سے طاقت رکھتا ہو

يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝۳۲ وَلْيَسْتَعْفِفِ

غنی کردیگا انھیں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ۵۲ اور اللہ تعالیٰ وسعت والا ہمہ دان ہے۔ اور چاہیے کہ پاکدامن بنے رہیں

الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِيْنَ

وہ لوگ جو نہیں پاتے شادی کرنے کی قدرت ۵۳ یہاں تک کہ غنی کردے انھیں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے۔ اور جو

وہ ضرور شادی کرے کیونکہ شادی کرنا اس کی نظر کو پاک کردے گا اور اس کو گناہ سے بچائے گا اور جو شادی کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو اسے چاہیے کہ وہ روزہ رکھے۔

۵۱ یہ حکم صرف آزاد مردوں اور عورتوں کے لیے نہیں بلکہ غلام مرد اور کنیزیں بھی اس میں شامل ہیں۔ آخر وہ بھی انسان ہیں۔ ان کے بھی فطری جذبات ہیں۔ اگر تم ان کی اس معاملہ میں اعانت نہیں کروگے تو اور کون کرے گا لیکن غلام اور کنیز کے ساتھ صالح کی قید لگا دی مطلب یہ ہے کہ ایسا غلام اور ایسی لونڈی جن میں خانہ داری کا بوجھ اٹھانے اور ذمہ داریاں نبھانے کی صلاحیت ہو۔ اگر کسی نااہل غلام کے ساتھ کسی کنیز کو تم جکڑ دوگے تو وہ ساری عمر تمہیں کوستی رہے گی۔ اسی طرح کسی غلام کو کسی ایسی لونڈی کے ساتھ باندھ دیا گیا تو وہ اپنی قسمت کو روتا رہے گا۔ اس لیے ان کا نکاح کرنے سے پہلے تسلی کرلو کہ یہ زندگی کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہوسکتے ہیں۔ انکحوا امر کا صیغہ ہے جس سے وجوب ثابت ہوتا ہے بعض علماء کا یہ خیال ہے کہ یہ وجوب شرعی اور قانونی ہے لیکن اکثر علماء کی رائے میں یہ اخلاقی وجوب ہے یعنی اخلاقی طور پر تمہارا اس طرح کرنا لازمی ہے۔

۵۲ اکثر لوگ افلاس اور غربت کو شادی نہ کرنے کا سبب بنائے رہتے ہیں۔ لڑکی والے چاہتے ہیں کہ لڑکا بڑا متمول ہو۔ لڑکے والوں کی خواہش ہوتی ہے کہ لڑکی کے والدین بڑے امیر ہوں تاکہ خوب جہیز ملے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ فقر و تونگری عارضی چیزیں ہیں۔ اگر شریف قابل اور نیک رشتہ مل رہا ہے تو قبول کرلو۔ باقی رہا افلاس تو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرو وہ اس افلاس کو چاہے تو آن واحد میں دور بھی کرسکتا ہے۔ حضرت صدیق کا ارشاد ہے اطیعوا اللہ فیما امرکم به من النکاح ینجز لکم ما وعدکم من الغنا۔ اللہ تعالیٰ نے نکاح کرنے کا جو حکم دیا ہے تم اس کی اطاعت کرو۔ اس نے تمہیں غنی کرنے کا جو وعدہ فرمایا ہے وہ اسے پورا کرے گا۔ حدیث پاک میں ہے کہ تین آدمی ایسے ہیں جن کی مدد اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ کرم پر لے لی ہے۔

۱۔ وہ نکاح کرنے والا جس کی غرض پاکدامن ہونا ہو۔

۲۔ وہ مکاتب جو زرِ مکاتبت ادا کرنے کا ارادہ رکھتا ہو۔

۳۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والا۔ (ابن کثیر)

۵۳ ضروری نہیں کہ ہر شخص کو اس کی پسند کا رشتہ مل جائے یا وہ اتنا خوشحال ہو کہ شادی کے اخراجات برداشت

يَبْتَغُونَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ

مکاتب بننا چاہیں تمھارے غلاموں سے تو مکاتب بنا لو انھیں اگر تم جانو ان میں

خَيْرًا ۖ وَّ اٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ۭ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ

کوئی بھلائی ۷۳ اور (زرِ مکاتبت ادا کرنے میں) مدد کرو ان کی اللہ تعالیٰ کے مال سے جو اس نے تمھیں عطا کیا ہے اور نہ مجبور کرو اپنی

عَلَى الْبِغَاۗءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَ

لونڈیوں کو بدکاری پر ۷۴ اگر وہ پاکدامن رہنا چاہیں ۷۵ تاکہ تم حاصل کرو (اس بدکاری سے) دنیوی زندگی کا کچھ

کر سکے۔ اس کے بارے میں فرمایا جا رہا ہے کہ اس کی یہ معذوری اسے اس کی اجازت نہیں دیتی کہ وہ شادی نہ کر سکنے کے باعث بدکاری کرتا رہے بلکہ ان پر لازم ہے کہ سختی سے عفت کا دامن پکڑے رہیں اور انتظار کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس مشکل کو آسان کر دے۔

۷۳ شریعت میں غلاموں کو آزاد کرنے کا ایک یہ طریقہ بھی ہے کہ غلام اپنے مالک سے کہے کہ میں اتنی مدت میں اتنی رقم تمھیں ادا کر دوں گا تم مجھے آزاد کر دو۔ یا میں فلاں خدمت انجام دے دوں گا اس کے بدلے تم مجھے آزاد کر دو۔ اس معاہدہ کو شریعت میں مکاتبت کہتے ہیں اور معاہدہ کرنے والا غلام مکاتب کہلاتا ہے۔ جب وہ اپنی مقررہ رقم ادا کر دے تو وہ آزاد ہو جائے گا۔ یہاں مسلمانوں کو ہدایت کی جا رہی ہے کہ اگر تمھارا غلام مکاتبت کے لیے تمھارے پاس آئے اور تم یہ سمجھتے ہو کہ وہ اس معاہدہ کو پورا کر سکتا ہے یا آزاد ہونے کے بعد وہ دوسروں کے لیے تکلیف کا باعث نہ ہو گا تو تم اس کے ساتھ مکاتبت کا معاہدہ کر لو۔

۷۴ کفر اپنے ساتھ صرف عقیدہ کی گمراہی نہیں لاتا بلکہ اخلاقی انحطاط اور مروت کا فقدان بھی اپنے جلو میں لاتا ہے۔ معمولی عقل و فہم کا انسان جس کام کو کرتے جھجکتا ہے جہاں کفر کی تاریکی چھا جاتی ہے وہاں بڑے بڑے حیاسوز کام کھلے بندوں کیے جاتے ہیں۔ بڑے بڑے رئیس کرتے ہیں اور ذرا نہیں شرماتے۔ عرب کے قبائل اپنی نخوت اور تکبر کی وجہ سے مشہور ہیں لیکن کفر کی گمراہی ان کے رگ و پے میں سما گئی تھی۔ اس لیے ایسی گستاخی حرکتیں (ان کے اجالے میں ان کی آنکھوں کے سامنے ہوتیں بلکہ وہ خود ان کا ارتکاب کیا کرتے اور قطعاً نہ شرماتے۔ زمانہ جاہلیت میں لونڈیاں قحبہ گری کا پیشہ عام طور پر اختیار کرتی تھیں۔ بڑے بڑے رئیس خاندان اپنی جوان اور خوبصورت لونڈیوں کو اس مقصد کے لیے استعمال کرتے تھے۔ انھیں الگ مکان مہیا کیے جاتے جنھیں "مواخیر" کہا جاتا تھا۔ ہر ایک پر جھنڈا لگا رہا ہوتا اور اس لونڈی کا قحبہ خانہ اس کے مالک قبیلہ کے نام سے مشہور ہوتا۔ امام ابن جریر عطا سے نقل کرتے ہیں کہ زمانہ جاہلیت میں ہر قبیلہ اور خاندان کی لونڈیاں

ہوا کرتی تھیں جو ان کی طرف منسوب ہوتیں کہا جاتا بغی اھل فلان وبغی اھل فلان۔ یہ فلاں قبیلہ کی رنڈی ہے یہ فلاں قبیلہ کی رنڈی ہے۔ ان کے دروازوں پر جھنڈے گڑے ہوتے۔ امام ابن جریر نے ان متعدد جھنڈے والیوں میں سے نو کے نام تک لکھے ہیں اور ان کے قبیلہ کا ذکر بھی کیا ہے نہ یہ بات معیوب تھی، نہ ان کے پاس کسی کا آنا جانا باعث عار و بدنامی تھا۔

ان کے علاوہ متعدد دوسری عورتیں بھی تھیں جو یہ پیشہ کھلے بندوں کیا کرتیں۔ کئی لوگ ان کے ساتھ شادی کر لیتے تاکہ ان کی حرام کمائی سے عیش کریں۔ عن سعید بن جبیر ان نساءً فی الجاھلیۃ کن یواجرن انفسھن وکان الرجل انما ینکح احدٰھن یرید ان یصیب منھا عرضًا (ابن جریر)

یثرب کے حالات بھی مکہ سے کچھ مختلف نہ تھے وہاں اس کا سب سے بڑا کاروبار کرنے والا خود عبد اللہ بن اُبَی تھا جسے اوس و خزرج کے قبیلے اپنا بادشاہ مقرر کرنے والے تھے۔ اور جب حضورؐ مدینہ طیبہ میں تشریف فرما ہوئے اس کے لیے سونے کا تاج سنار کے پاس تیار ہو رہا تھا اس حیثیت کا انسان وہاں سب سے بڑا حرام کار تھا۔ اس نے اپنے چکلہ میں چھ نوجوان اور خوبصورت لونڈیاں رکھی ہوئی تھیں اور ان میں سے ہر ایک کے لیے ایک مقررہ رقم کا کمانا ہر روز ضروری تھا۔ اگر کوئی لونڈی مقررہ رقم پیش نہ کرتی تو اسے زدوکوب کی جاتی اور مقررہ رقم پوری کرنے پر مجبور کیا جاتا۔ یہ صاحب ان لونڈیوں سے صرف دولت ہی نہ کمایا کرتے بلکہ سیاسی فائدے بھی حاصل کرتے۔ عرب قبائل کا کوئی رئیس اگر یثرب آتا تو یہ اپنی ایک لونڈی معاذہ کو شب باشی کے لیے اس کے پاس بھیج دیتا تاکہ وہ ابن ابی کے احسان کو ہمیشہ یاد رکھے اور ضرورت کے وقت وہ اسے اپنے سیاسی عزائم کی تکمیل کیلئے استعمال کر سکے۔ علامہ ابن کثیر، علامہ آلوسی اور دیگر مفسرین نے تصریح کی ہے کانت لہ جاریۃ تدعی معاذۃ وکان اذا نزل بہ ضیف ارسلھا الیہ لیواقعھا ارادۃ الثواب منہ والکرامۃ لہ۔ چنانچہ یہی لونڈی معاذہ ایک روز تنگ آ کر حضرت ابوبکر صدیقؓ کے پاس آئی اور اپنی داستانِ غم بیان کی۔ آپ نے بارگاہِ رسالتؐ میں اس کی گزارش پیش کر دی۔ حضورؐ نے فرمایا اسے اپنے قبضہ میں لے لو۔ فامرہ بقبضھا۔ عبد اللہ بن ابی نابکار کو پتہ چلا تو اس نے بڑا شور و شغب مچایا کہ دیکھو اب (صلی اللہ علیہ وسلم فداہ ابی وامی) ہماری لونڈیوں کو بھی اپنے قبضہ میں لے رہے ہیں اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔ اس طرح قانونی طور پر قحبہ گری کی قباحت اسلامی معاشرہ سے ختم کر دی گئی جسے یورپ میں آج بھی قانون کی پشت پناہی حاصل ہے۔

۵۶ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اگر وہ پاکدامن ہونے کا ارادہ نہ کریں تو پھر ان سے یہ پیشہ کرانے میں کوئی مضائقہ نہیں بلکہ مقصد یہ ہے کہ مالک کی طرف سے اکراہ کی یہی صورت ہے کہ لونڈی کی مرضی نہ ہو وہ اس سے دُور بھاگے لیکن بے غیرت مالک اسے پیشہ کرنے پر مجبور کرے اس صورت میں ساری ذمہ داری اور سارا گناہ اس مالک پر ہوگا لیکن اگر وہ اپنی مرضی سے اس فعل قبیح کا ارتکاب کرے تو اب جرم اس کا ہوگا اور اس کا گناہ اور اس کی سزا بھی اسے ہی ملے گی یا اس آیت سے ان مالکوں کو غیرت دلانا مقصود ہے کہ تم سے بڑھ کر بھی کوئی دیّوث ہوگا کہ تمہاری لونڈی تو عفت شعار رہنا چاہتی ہے اور تم اسے غلاظت کے اس گڑھے میں پھینکنے پر مُصر ہو۔ خود ہی فیصلہ کرو کیا یہ بات تمہیں زیب دیتی ہے؟

مَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۳۳ وَلَقَدْ

سامان ۵۷۔ اور جو کمینہ خصلت انھیں مجبور کرتا ہے انھیں عصمت فروشی پر ۵۸ تو بیشک اللہ تعالیٰ ان کے مجبور کیے جانے کے بعد (ان کنیزوں کو) بخشنے

اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ

والا اور اُن پر رحم فرمانے والا ہے اور ہم نے اتاری ہیں تمہاری طرف روشن آیتیں ۵۹ نیز ہم نے بتا دیے ہیں بعض حالات اُن لوگوں کے جو گزر چکے ہیں تم

وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝۳۴ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ مَثَلُ نُوْرِهٖ ع ۸ ۱۰

سے پہلے نیز (اتاری ہے) نصیحت پرہیزگاروں کیلئے۔ اللہ نور ہے آسمانوں اور زمین کا ۶۰ اس کے نور کی مثال ایسی ہے

۵۷ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ ایک تو وہ زنا کی اُجرت وصول کرتے تھے، دوسرے اگر اس لونڈی سے اولاد ہوتی تو اس کو اپنا غلام بنا لیتے اور اسے فروخت کر کے قیمت وصول کرتے۔ اور اگر زانی قبیلہ کا کوئی رئیس ہوتا اور اس کے عمل سے کوئی بچہ پیدا ہوتا تو وہ اس لونڈی کو ایک سو اُونٹ بطور فدیہ ادا کر کے اپنا بچہ لے جاتا اور لونڈی وہ سو اُونٹ اپنے مالک کو دے دیتی۔ اس طرح انتہائی بے غیرتی سے وہ دولت کمانے میں لگے رہتے۔ اس آیت میں بھی ایسی کمائی کو حرام قرار دیا گیا۔ حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بھی صاف الفاظ میں فرما دیا "مهر البغی خبيث" کہ زانیہ کی کمائی ناپاک ہے۔

۵۸ اگر کوئی شخص اپنی لونڈی کو یہ پیشہ اختیار کرنے پر مجبور کرتا ہے تو وہ مالک گنہگار ہوگا۔ وہ لونڈی معذور تصور کی جائے گی۔ نہ اس کے نامۂ عمل میں یہ گناہ لکھا جائے گا اور نہ اسے اس کی سزا ملے گی۔

۵۹ اب تک مختلف اور متعدد احکامات بڑی وضاحت سے بیان کر دیئے گئے جن کا مقصد معاشرہ کو ہر قسم کی بے حیائیوں، بدکاریوں سے پاک کرنا اور پاک رکھنا ہے۔ یہ احکامات اتنے واضح ہیں کہ ان کے متعلق پیچ نکالنے کی جسارت کوئی بھی نہیں کر سکتا کہ وہ انھیں سمجھ نہیں سکا۔ اس کے علاوہ قرآن کریم میں ان قوموں کے حالات بھی پوری تفصیل سے متعدد بار بیان کیے گئے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ کے احکام سنائے گئے، سمجھائے گئے لیکن وہ باز نہ آئے حتیٰ کہ وہ غضبِ الٰہی کا شکار ہو گئے اور ان کا نام و نشان تک مٹا دیا گیا۔

اے فرزندانِ اسلام! اگر اب بھی تم نے اصلاحِ احوال کی کوشش نہ کی اور قدیم و جدید جاہلیتوں کے بحر میں غلطاں رہ کر اپنا ستیاناس کر ڈالا اور دوسری بے حیا قوموں کی تقلید میں اپنی شرم و حیا کی چادر کو تار تار کر کے پھینک دیا تو پھر تم سے بڑا زیاں کار اور کون ہو سکتا ہے پھر مکافاتِ عمل کے قانون کے مطابق اگر تم پر غضبِ الٰہی کی بجلیاں گریں تو تمہارا اپنا قصور ہوگا تمہارے کریم پروردگار نے تو تمہیں بُرے کاموں سے بڑی وضاحت سے آگاہ کر دیا اور ان پر مترتب ہونے والے نتائج کو کھول کر بیان کر دیا۔

۶۰ علامہ ابو الفضل جمال الدین ابن منظور اپنی شہرہ آفاق کتاب لسان العرب میں النور کی وضاحت کرتے

كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ۭ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ۭ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا

جیسے ایک طاق ہو اس میں چراغ ہو<sup></sup>

جیسے ایک طاق ہو اس میں چراغ ہو ۱۱۷ وہ چراغ شیشہ کے ایک فانوس میں ہو۔ وہ فانوس گویا ایک

ہوئے لکھتے ہیں کہ النُّور اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حُسنیٰ سے ہے۔ کیونکہ اندھا اللہ تعالیٰ کے نور سے ہی روشنی پاتا ہے اور گمراہ اسی کی ہدایت سے راہِ راست پر گامزن ہوتا ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کو نور کہا جاتا ہے۔ نور کا لفظی معنی بیان کرتے ہوئے علامہ موصوف لکھتے ہیں: الظاھر فی نفسہ المظھر لغیرہ یسمی نوراً (لسان العرب)۔ جو خود ظاہر ہو اور اپنی روشنی سے دوسروں کو آشکارا کر دے اُسے نور کہا جاتا ہے (حجۃ الاسلام) امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ اسماءِ حُسنیٰ کی تشریح کرتے ہوئے النُّور کے ضمن میں لکھتے ہیں کہ نور اس کو کہتے ہیں جو خود ظاہر ہو اور دوسروں کو ظاہر کرنے والا ہو۔ کسی چیز کے ظاہر ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ موجود ہو۔ جو چیز موجود نہیں ہوگی اس کا ظاہر ہونا ممکن نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات واجب الوجود ہے۔ وہ ازل سے موجود ہے اور ابد تک موجود رہے گی۔ نیز وہ اپنے موجود ہونے میں کسی سبب، کسی علت اور کسی فاعل کا محتاج بھی نہیں۔ اس لیے وہی ہے جو صفت نور و ظہور سے متصف ہونے کا مستحق ہے۔ وہ خود بھی موجود ہے اور اس کے امرِ کُن سے ہر چیز کو خلعتِ وجود ارزانی ہوتی ہے اس لیے وہ ہر چیز کے لیے نور ہے یعنی مظہر ہے اس لیے اکثر علماء تفسیر نے اس آیت میں نور کا معنی مُوجِد اور مبدع کیا ہے یعنی عدم سے وجود میں لانے والا۔ اس کے علاوہ آیت میں نور سے مراد مدبر بھی لیا گیا ہے۔ کیونکہ قوم کا وہ رئیس جو ان کے تمام کاموں کے متعلق صحیح سوچ بچار کرتا ہے اور انہیں صحیح راستہ پر چلاتا ہے اسے نور القوم کہا جاتا ہے یعنی سب اسی کی راستے کی روشنی میں اپنے جملہ اُمور طے کرتے ہیں حضرت ابن عباس اور حضرت انس سے نور کا معنی ہادی بھی منقول ہے۔ آیت کا مطلب ہوگا ھادی اھل السمٰوات والارض فھم بنورہ یعنی بھدایتہ الی الحق یھتدون وبھداہ من حیرۃ الضلالۃ ینجون یعنی آسمان اور زمین والوں کا وہی ہادی ہے پس وہ اسی کے نورِ ہدایت سے حق کی طرف ہدایت پاتے ہیں اور گمراہی کی حیرانی سے نجات پاتے ہیں۔ قیل فی تفسیر ھادی اھل السمٰوات والارض (لسان العرب)

یہ تمام تفسیریں اجلّہ علماء سے منقول ہیں۔ ان میں سے ہر ایک درست ہے اور ہر ایک کی اپنی شان ہے۔ امام ابن جریر نے ابن عباس کے قول کو زیادہ پسند فرمایا ہے اور حجۃ الاسلام کے نزدیک پہلی توجیہ زیادہ پسندیدہ ہے۔

۱۱۷ بہتر یہ ہے کہ پہلے اس آیت کے مشکل الفاظ کی تشریح کر دی جائے جب ان کا مفہوم ذہن نشین ہو جائے گا تو پھر علماءِ کرام کے متعدد اقوال کی روشنی میں اس کا مصداق متعین کرنا آسان ہوگا۔ مَثَل کا معنی ہے صفت والمراد بالمثل الصفۃ العجیبۃ ای صفۃ نورہ العجیبۃ (روح البیان) یعنی اس کے نور کی عجیب و غریب صفت یوں بیان کی جاتی ہے۔ مشکوٰۃ اس مخصوص جگہ کو کہتے ہیں جو دیوار میں چراغ رکھنے کے لیے بنائی جاتی ہے جو صرف ایک طرف سے کھلی اور باقی اطراف سے بند ہوتی ہے۔ کوّۃ غیر نافذۃ فی الجدار: چراغ دان۔ مصباح: بڑے چراغ کو کہتے ہیں جو

كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا

ستارہ ہے جو موتی کی طرح چمک رہا ہے جو روشن کیا گیا ہے برکت والے زیتون کے درخت سے ۶۴ جو نہ شرقی ہے نہ

خوب روشنی دے۔ سراج صفحہ زجاجۃ: شیشے سے بنا ہوا فانوس جس میں چراغ رکھا جاتا ہے۔ شفاف شیشے سے بنے ہوئے فانوس میں اگر بڑا چراغ رکھا ہوا ہو اور اس چراغ کو مشکوٰۃ (چراغ دان) میں رکھ دیا جائے جس کی روشنی ہر سمت سے بند ہو کر ایک ہی سمت میں پھیل رہی ہو تو آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ روشنی کتنی تیز ہو گی۔ اگر چراغ روشن کر دیا جائے اور اسے فانوس میں نہ رکھا جائے، ایک تو ہر وقت ہوا کے کسی جھونکے سے اس کے بجھ جانے کا خطرہ ہوتا ہے نیز اس کی لو بھی مدھم ہوتی ہے۔ اور اگر اس چراغ کو شیشے کے فانوس میں رکھ دیا جائے تو بجھنے کا خطرہ بھی نہ رہے گا اور جب نور کے شفاف فانوس سے اس کی روشنی چھن چھن کر آئے گی تو اس میں کئی گنا اضافہ ہو جائے گا اور اگر وہ فانوس کھلے میدان میں رکھا ہوا ہو اور اس کی روشنی چاروں طرف پھیل رہی ہو تو بھی اس کی چمک ہر طرف پھیل جانے کی وجہ سے کم ہو جائے گی۔ اور اگر اس فانوس کو اٹھا کر کسی ایسے چراغ دان میں رکھ دیا جائے جو صرف ایک طرف کھلتا ہو تو ساری روشنی ایک سمت میں پھیلنے کی وجہ سے کئی گنا تیز ہو جائے گی۔ وہ چراغ بالکل اس طرح دکھائی دے گا جیسے تاریک رات میں آسمان پر کوئی دمکتا ہوا ستارہ ہو جو روشن بھی ہو اور حسین بھی۔

۶۴ اس زمانہ میں چراغ جلانے کے لیے مختلف قسم کے تیل استعمال کیے جاتے تھے۔ ان تیلوں میں سے زیتون کے تیل کی روشنی بڑی تیز، صاف اور دھوئیں سے پاک ہوتی۔ جس چراغ میں زیتون کا تیل ڈالا جاتا اس کی چمک دمک کا مقابلہ کوئی اور چراغ نہ کر سکتا۔ پھر زیتون کے درخت اور ان سے نکلا ہوا تیل ایک قسم کا نہیں ہوتا۔ بعض زیتون کے درخت اپنے علاقہ اور آب و ہوا کی وجہ سے دوسرے زیتون کے درختوں سے زیادہ عمدہ ہوتے ہیں اور ان سے نکلا ہوا تیل کہیں صاف اور روشن ہوتا ہے۔ خصوصاً زیتون کا وہ درخت جو کسی پہاڑ کی چوٹی یا کھلے میدان میں اگا ہوا ہو، طلوع آفتاب کے وقت بھی اس کی شعاعیں اسے زندگی بخش اثرات سے سرشار کر دیں اور جب سورج غروب ہو رہا ہو تب بھی۔ ہوا ہر طرف سے اسے لگتی ہو۔ اس قسم کا درخت اپنے قد و قامت میں بھی نمایاں ہوتا ہے اور اس کا تیل بھی بڑا نفیس ہوتا ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ اگر اسے آگ نہ بھی لگائی جائے تو از خود روشنی کے شعلے بھڑک اٹھیں گے۔ آیت کے پہلے حصہ میں چراغ کا ذکر ہوا۔ پھر بلوری فانوس کا اور اس جگہ کا جہاں اسے رکھا جاتا ہے۔ اب بتایا جا رہا ہے کہ جو تیل اس میں جل رہا ہے وہ سرسوں یا تارا میرا کا معمولی تیل نہیں بلکہ زیتون کے ایک خاص درخت کا ہے۔ اب اس مثال کی عظمت کا اندازہ لگائیے کہ ایسے چراغ کی روشنی کی کیا کیفیت ہو گی۔ اس کی چمک دمک دوسرے چراغوں کو مات کر رہی ہو گی اور اپنی صفائی اور لطافت کے باعث دل و نگاہ کو مسحور کر رہی ہو گی۔ ان امور کو ذہن نشین کرنے کے بعد اب علمائے کرام نے اس تمثیل کے جو مختلف مطالب بیان فرمائے ہیں انھیں ملاحظہ فرمائیے:۔

۱۔ حضرت ابن عباس نے کعب احبار سے کہا اخبرنی عن قوله تعالیٰ مثل نوره کمشکوٰۃ ... الآیۃ مجھے اس آیت کا مطلب بتاؤ قال کعب هذا مثل ضربه الله لنبیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فالمشکوٰۃ صدره و الزجاجة قلبه و المصباح فیها النبوة یکاد نور محمد صلی الله تعالیٰ علیه و آله وسلم و امره یتبین للناس ولو لم یتکلم انه نبی کما کان یکاد ذٰلك الزیت یضیئ ولو لم تمسسه نار نور علی نور (مظہری)

ترجمہ: حضرت کعب نے کہا یہ مثال ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم کے متعلق بیان کی ہے۔ مشکوٰۃ سے مراد سینہ مبارک ہے۔ زجاجہ سے مراد قلب انور ہے۔ مصباح سے مراد نبوت ہے۔ یعنی حضور کا نور اور حضور کی شان لوگوں کے سامنے خود بخود عیاں ہو رہی ہے اگرچہ حضور اپنی نبوت کا اعلان نہ بھی کرتے۔ عارف باللہ علامہ ثناء اللہ پانی پتی یہ لکھنے کے بعد فرماتے ہیں۔ ولنعم ما قال کعب ها انا اذکر فصلا فی ظهور امر نبوته قبل ان یبعث وقبل ان یتکلم انه نبی یعنی کعب نے بہت عمدہ بات کہی ہے اور میں یہاں ایک فصل تحریر کرتا ہوں جس سے پتہ چل جائے کہ حضور کی نبوت اور رفعت شان اعلان نبوت سے پہلے ہی ظاہر و باہر تھی۔ اس کے بعد علامہ موصوف نے ایک طویل فصل لکھی ہے جس میں حضور نبی کریم فخر آدم و بنی آدم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ان معجزات کا ذکر کیا جو اعلان نبوت سے قبل ظہور پذیر ہوتے۔ دل تو چاہتا ہے کہ اہل محبت کی تسکین خاطر کے لیے اس کا ترجمہ پیش کروں لیکن یہاں اس کی گنجائش نہیں اور بالکل محروم رہنا بھی گوارا نہیں۔ صرف ایک واقعہ ذکر کرنے کی اجازت چاہتا ہوں۔ حضور ابھی کمسن ہی تھے کہ تمام علاقہ میں سخت قحط پڑ گیا۔ حضرت ابو طالب بارش کی دعا کرنے کے لیے حرم میں آئے اور حضور اقدس کو بھی ہمراہ لائے۔ حضور کی طرف انگلی سے اشارہ کیا اور دعا مانگی اس وقت آسمان پر بادل کا نام و نشان تک نہ تھا۔ دعا مانگنے کی دیر تھی فاقبل السحاب من ههنا و ههنا و اغدق و اغدق و انفجر له الوادی وفی ذالك قال ابو طالب ؎

وابیض یستسقی الغمام بوجهه ثمال الیتامیٰ عصمة للارامل

یعنی اسی وقت بادل ادھر ادھر سے ہجوم کر آئے۔ خوب موسلا دھار بارش برسی۔ یہاں تک کہ وادیاں بہنے لگیں اور اس وقت ابو طالب نے یہ شعر کہا کہ وہ سفید من موہنی رنگت والا جس کے روئے تاباں کے صدقے بادل کی التجا کی جاتی ہے وہ یتیموں کا آسرا اور بیوہ عورتوں کی ناموس کا محافظ ہے لا شرقیه ولا غربیه فرما کر یہ بتا دیا کہ نبوت مصطفوی کا فیض عام ہے جس طرح زمانہ کی پابندی نہیں اسی طرح مکان کی قید بھی نہیں۔ اہل شرق و مغرب سب کے لیے در رحمت کھلا ہے اور دامن لطف و کرم کشادہ ہے۔

۲۔ ابو العالیہ نے ابی بن کعب سے نقل کیا ہے کہ یہ مومن کی مثال ہے مشکوٰۃ اس کا نفس ہے زجاجہ اس کا سینہ مصباح نور ایمان اور نور قرآن ہے جو اللہ تعالیٰ مومن کے دل میں پیدا فرماتا ہے اور شجرہ مبارکہ سے مراد اخلاص ہے۔

۳۔ حسن بصری اور ابن زید کہتے ہیں کہ یہ قرآن کی مثال ہے۔ مصباح سے مراد قرآن کریم ہے جس طرح چراغ سے روشنی حاصل کی جاتی ہے۔ اسی طرح قرآن سے ہدایت حاصل کی جاتی ہے۔ زجاجہ سے مراد قلب مومن ہے۔ مشکوٰۃ سے

غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ۭ نُوْرٌ عَلٰي نُوْرٍ ۭ

غربی ہے۔ قریب ہے اس کا تیل روشن ہو جائے اگرچہ اسے آگ نہ چھوئے۔ (یہ) نور ہی نور ہے۔

يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ۭ

پہنچا دیتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے نور کی طرف جس کو چاہتا ہے ؀ اور بیان فرماتا ہے اللہ تعالیٰ طرح طرح کی مثالیں لوگوں (کی ہدایت)

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۙ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ

کے لیے ؀ اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ان گھروں میں (جنکے متعلق) حکم دیا ہے اللہ نے کہ بلند کیے جائیں ؀ اور لیا جائے

مراد اس کا سینہ اور اس کی زبان ہے۔ شجرہ مبارکہ سے مراد اس کی وحی ہے۔ علامہ ابی حیان اندلسی نے اپنی تفسیر البحر المحیط میں یہ تین قول درج کرنے کے بعد لکھا ہے کہ ان صورتوں میں مثل نورہ کی ضمیر کا مرجع ایسی چیزیں ہونگی جو پہلے مذکور نہیں ہیں۔ اسی لیے مکی نے اللہ نور السموات والارض پر وقف کیا ہے۔ اور آیت کے پچھلے حصہ کو کلام مستانف قرار دیا ہے ھذہ الاقوال الثلاثۃ عاد فیہا ضمیر علی غیر مذکور ..... ولذالک قال مکی یوقف علی الارض فی تلک الاقوال الثلاثۃ (بحر محیط)۔

۴۔ یا نورہ کی ضمیر کا مرجع اللہ ہوگا اس صورت میں مصباح سے مراد ذات خداوندی ہوگی، مشکوٰۃ سے مراد ساری کائنات ہوگی اور فانوس (زجاجہ) اس کا وہ نوری پردہ ہوگا جس کے باعث وہ عیاں اور آشکارا ہونے کے باوجود اپنی مخلوقات کی نگاہوں سے مخفی اور پنہاں ہے۔ یہ خفا اس لیے نہیں کہ اس کے ظہور میں کچھ کمی ہے بلکہ تجلیات کی فراوانی اور انوار کی کثرت اس بات سے مانع ہے کہ کوئی آنکھ کھول کر دیکھنے کی جرأت کرسکے۔ اللہ تعالیٰ ورسولہ المکرم اعلم باسرار الکتاب ورموزہ۔

؀ انسان محض اپنی کوشش اور علم و فضل سے اس نورِ محض تک رسائی حاصل نہیں کرسکتا بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کا انعام ہے جس پر چاہتا ہے جتنا چاہتا ہے فرما دیتا ہے۔

؀ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی بندہ پروری ہے کہ وہ ان حقائق و معارف کو محسوس مثالوں کے ذریعہ ہمیں سمجھا دیتا ہے ورنہ ان کو سمجھنا کسی انسان کے بس کا روگ نہ تھا۔

؀ جن خوش نصیبوں کو اللہ تعالیٰ اپنے نورِ ہدایت و معرفت سے مالا مال فرما دیتا ہے۔ ان کے چند ظاہری اور باطنی احوال بیان کیے جا رہے ہیں۔ فی بیوت کا متعلق یسبح ہے یعنی یہ لوگ ان گھروں میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتے ہیں جن کے بلند کرنے کا اس نے حکم فرمایا ہے۔ فیہا کا مرجع بیوت ہے اور اسے جملہ کے آخر میں اس لیے ذکر کیا

گیا ہے تاکہ تکرار اور تذکیر کا فائدہ دے جس طرح ففی رحمۃ اللہ ھم فیہا خالدون میں فیہا مذکور ہے ترفع سے مراد مساجد کا بلند کرنا ہے یعنی ان کی عمارت بھی شاندار ہو اور وہ نہایت پاک اور ستھری بھی ہوں۔ کوڑے کرکٹ کا نام نشان تک نہ ہو۔ دیواروں اور فرش پر بدنما دھبے اور داغ طبع سلیم پر گراں نہ گزر رہے ہوں۔ چھتوں پر مکڑی نے جالے نہ تن دیئے ہوں۔ ترفع معناہ تبنیٰ وتعلی (قرطبی)۔

حدیث پاک میں ہے من بنیٰ للہ مسجدًا بنی اللہ لہ بیتًا فی الجنۃ۔ جو شخص رضاء الٰہی کے لیے مسجد بناتا ہے اللہ تعالیٰ جنت میں اس کے لیے گھر تعمیر فرماتا ہے۔ حضرت حسن بصریؒ نے تُرفع کا معنی کیا ہے تعظم و ترفع شانہا وتطہر من الانجاس والاقذار یعنی مسجدوں کی تعظیم وتکریم کی جائے انھیں ہر قسم کی غلاظت اور آلودگی سے پاک رکھا جائے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے عہدِ خلافت میں مسجدِ نبوی کو ساگوان کی لکڑی سے مزین کیا اور اُسے خوبصورت بنایا۔ حضرت امام صاحبؒ فرماتے ہیں۔ لا بأس بنقش المساجد بماء الذھب یعنی اگر مسجدوں میں سونے کے پانی کے ساتھ نقش ونگار بنائے جائیں تو کوئی حرج نہیں۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے اپنے زمانہ میں مسجدِ نبوی کی تعمیر پر زرِ کثیر صرف کیا۔ اسے نقش ونگار سے مزین وآراستہ کیا اور کسی نے آپ پر اعتراض نہیں کیا ولم ینکر علیہ احد ذالک جس طرح مسجد کو محسوس نجاستوں اور آلودگیوں سے پاک رکھنے کا حکم ہے اسی طرح ان اعمال سیئہ کا ارتکاب بھی مسجد میں ممنوع قرار دیا گیا ہے کیونکہ ان کی بدبو اور سڑاند سے فرشتوں کو اذیت ہوتی ہے۔ ان رجل لیکذب الکذبۃ فیتباعد عنہ الملک من نتن ریحہ یعنی انسان جھوٹ بولتا ہے اور اس کی بدبو سے فرشتہ بھاگ جاتا ہے۔ اسی لیے ایسے آدمی کا مسجد سے نکال دینا ضروری ہے جو مسجد میں جھوٹی باتیں کہے فعلی ھذا یخرج من عرف منہ الکذب والتقول بالباطل فان ذالک یؤذی۔ صحابۂ کرام مسجدِ نبوی کو صاف ستھرا رکھنے۔ اس کو منور کرنے کا خاص اہتمام فرمایا کرتے ایک دفعہ حضرت تمیم الداری شام سے مدینہ طیبہ آئے تو قندیلیں، زیتون کا تیل اور عمدہ بٹی ہوئی رسیاں لے آئے۔ اتفاق سے جس روز وہ پہنچے وہ خمیس کا دن تھا۔ آنے والی رات جمعہ کی تھی عصر کے بعد انھوں نے اپنے غلام ابوالبزاد کو حکم دیا کہ ان رسیوں سے قندیلوں کو باندھ کر لٹکائے۔ قندیلوں میں زیتون کا تیل ڈالے اور بتیاں درست کردے اس نے حکم کی تعمیل کی جب سورج غروب ہوا انھیں جلا دیا۔ مسجد بقعۂ نور بن گئی۔ حضورؐ تشریف لائے۔ پوچھا کس نے کیا ہے۔ عرض کی گئی تمیم الداری نے حضورؐ نے خوش ہو کر دعا دی۔ فرمایا نورت الاسلام نور اللہ علیک فی الدنیا والآخرۃ۔ تو نے آج اسلام کو روشن کیا، اللہ تعالیٰ تمھاری آخرت اور دنیا کو منور فرمائے۔ اسی لیے علماء نے اس بات کو مستحب جانا ہے کہ وہ مکان جس میں قرآن کریم کی تلاوت کی جائے، اس میں قندیلیں آویزاں کی جائیں۔ شمعیں رکھی جائیں اور ماہ رمضان میں مساجد کی رونق میں اضافہ کیا جائے۔

ان ینور البیت الذی یُقرأ فیہ القرآن بتعلیق القنادیل ونصب الشموع فیہ ویزاد فی شھر رمضان فی انوار المساجد۔ (قرطبی)

فِيهَا اسْمُهُ يُسَبِّحُ لَهُ فِيهَا بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ ۝ رِجَالٌ لَا تُلْهِيهِمْ

ان میں اللہ تعالیٰ کا نام۔ اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں ان گھروں میں صبح اور شام۔ وہ (جواں) مرد جنہیں غافل نہیں

تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ

کرتی تجارت اور نہ خرید و فروخت یادِ الٰہی سے اور نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے سے۔

يَخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ ۝ لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ

وہ ڈرتے رہتے ہیں اس دن سے۔ گھبرا جائیں گے جس میں دل۔ اور آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی تاکہ جزا دے انہیں

أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَيَزِيدَهُمْ مِنْ فَضْلِهِ ۗ وَاللَّهُ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ

اللہ تعالیٰ ان کے بہترین اعمال کی اور اس سے بھی زیادہ عطا فرمائے انہیں اپنے فضل سے اور اللہ تعالیٰ رزق دیتا ہے جس کو

یہاں مسجد میں داخل ہونے کے آداب کا ذکر کر دینا موزوں معلوم ہوتا ہے حضرت سیدہ زہرا خاتونِ جنت علیٰ ابیہا و علیہا افضل الصلوات والتسلیمات سے ابن ماجہ نے یہ حدیث نقل کی ہے۔ آپ نے فرمایا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب مسجد میں داخل ہوتے تو فرماتے بسم اللہ والسلام علیٰ رسول اللہ اللھم اغفرلی ذنوبی وافتح لی ابواب رحمتک اور جب حضور مسجد سے باہر تشریف لاتے تو فرماتے بسم اللہ والصلوٰۃ علیٰ رسول اللہ اللھم اغفرلی ذنوبی وافتح لی ابواب رحمتک وفضلک۔

اور جب مسجد میں داخل ہو تو یونہی بیٹھ نہ جائے مستحب یہ ہے کہ اگر نفل پڑھنے کا وقت ہو تو دو رکعت نفل پڑھے۔ اذا دخل احدکم المسجد فلیرکع رکعتین قبل ان یجلس (قرطبی)

یعنی یہ وہ لوگ ہیں کہ دنیا کے مشاغل کی کثرت کے باوجود نہ ذکرِ الٰہی سے غافل ہوتے ہیں نہ نماز و زکوٰۃ کی ادائیگی میں سستی کرتے ہیں۔ ہر وقت قیامت کے خوف سے لرزہ براندام رہتے ہیں۔

روزِ حشر کی ہولناکی اور دہشت کا بیان ہے یعنی اس میں دل شدتِ خوف سے گھبرا جائیں گے۔ آنکھیں منظر کی ہولناکی کو دیکھ کر پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی ای تتقلب القلوب من الخوف فترجع الی الحنجرۃ فلا تنزل ولا تخرج وتتقلب الابصار ای تشخص من ھول الامر وشدتہ یعنی دل ڈر کے مارے گلے میں اٹک جائیں گے اور آنکھیں تارے لگ جائیں گی۔

اس کا متعلق یسبح، لا تلھیھم، یخافون سارے ہو سکتے ہیں لیکن علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ بہتر یہ ہے

بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۭ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ

چاہتا ہے بے حساب ۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا ۹۹؎ ان کے اعمال ایسے ہیں جیسے چمکتی ہوئی ریت ہو کسی چٹیل میدان میں

الظَّمْاٰنُ مَآءً ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـًٔـا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ

خیال کرتا ہے اسے پیاسا کہ وہ پانی ہے حتیٰ کہ جب (پینے کے لیے) اس کے قریب آتا ہے تو اسے کچھ نہیں پاتا اور پاتا ہے اللہ تعالیٰ کو

فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ۭ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿٣٩﴾ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ

اپنے قریب تو پورا چکا دیا اس نے اس کا حساب اور اللہ تعالیٰ بہت جلد حساب لینے والا ہے ۔ یا ۱۰۰؎ (اعمال کفار) ایسے اندھیروں کی طرح ہیں جو

لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ۭ ظُلُمٰتٌۢ

گہرے سمندر میں ہیں جسے چھا رہی ہوتی ہے اس پر موج اس کے اوپر اک اور موج (اور) اس کے اوپر بادل ہیں (تہ در تہ) اندھیرے

کہ اس کا متعلق محذوف مانا جائے جو ان تمام معانی کو شامل ہو۔ مثلاً یفعلون ما یفعلون لیجزیھم یعنی وہ جو کچھ کرتے ہیں اس لیے کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ انھیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ انھیں ان کے اعمال کی جزا بھی دے گا۔ صرف جزا ہی نہیں بلکہ اپنے فضل و کرم کے غیر متناہی خزانوں سے انھیں وہ نعمتیں دے گا جن کا یہ ابھی تصور بھی نہیں کر سکتے۔ ارشاد الٰہی ہے اعددت لعبادی الصالحین ما لا عین رأت ولا اذن سمعت ولا خطر علی قلب بشر یعنی میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے ایسی نعمتیں تیار کر رکھی ہیں جنھیں کسی آنکھ نے دیکھا تک نہیں جن کے بارے میں کسی کان کو خبر نہیں اور نہ کسی انسان کے دل میں ان کا خیال آیا ہے۔ آیت کے آخر میں واللہ یرزق من یشاء بغیر حساب فرما کر اپنی بندہ نوازی کی حد کر دی۔

۹۹؎ اب کفار کے اعمال کا ذکر فرمایا جا رہا ہے کہ وہ اعمال جنھیں وہ اچھا سمجھ کر کرتے ہیں اور اجر عظیم کی امید رکھتے ہیں ان کی مثال سراب کی سی ہے جو دور سے نظر آتا ہے۔ اور پیاسا دوڑ کر اس کی طرف لپکتا ہے تاکہ پانی پی کر اپنی پیاس بجھائے۔ وہاں پہنچ کر اسے پتہ چلتا ہے کہ پانی کا دکھنا تو محض نگاہ کا فریب ہے۔ یہاں تو خدا کا قہر اور غضب ہے جس میں اسے مبتلا کر دیا گیا ہے۔ سراب وہ چمکتی ہوئی ریت جو دور سے پانی نظر آتی ہے۔ قیعۃ اس کی جمع قیعان ہے۔ کشادہ اور ہموار زمین کو کہتے ہیں۔ ھی الارض المنبسطۃ المستویۃ۔

۱۰۰؎ کفار کے اعمال کی ایک دوسری مثال بیان کی جا رہی ہے۔ حضرت صدر الافاضل مولانا محمد نعیم الدین صاحب مراد آبادی تحریر فرماتے ہیں:۔

بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ

ہیں ایک دوسرے کے اُوپر۔ جب وہ نکالتا ہے اپنا ہاتھ تو نہیں دیکھ پاتا اسے اور سچ تو یہ ہے کہ جس کے لیے

اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِى

اللہ تعالیٰ نور نہ بنائے سلہ تو اس کے لیے کہیں نور نہیں۔ کیا تم غور نہیں کرتے کہ بلاشبہ اللہ ہی ہے سلہ جس کی تسبیح بیان کرتے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَ

ہیں سارے آسمانوں والے اور زمین والے اور پرندے پر پھیلائے ہوئے۔ ہر ایک جانتا ہے اپنی (مخصوص) دُعا اور اپنی

«ایک اندھیرا دریا کی گہرائی کا، اس پر ایک اور اندھیرا موجوں کے تراکم کا، اس پر اور اندھیرا بادلوں کی گھری ہوئی گھٹا کا۔ ان اندھیروں کی شدت کا یہ عالم کہ جو اس میں ہو وہ باوجودیکہ اپنا ہاتھ نہایت ہی قریب اور اپنے جسم کا جزو ہے جب وہ بھی نظر نہ آئے تو اور دوسری چیز کیا نظر آئے گی۔ ایسا ہی حال کافر کا ہے کہ وہ اعتقادِ باطل اور قولِ ناحق اور عملِ قبیح کی تاریکیوں میں گرفتار ہے۔ بعض مفسرین نے فرمایا کہ دریا کے گہرے اور اس کی گہرائی سے کافر کے دل کو اور موجوں سے جہل و شک و حیرت کو جو کافر کے دل پر چھائے ہوئے ہیں اور بادلوں سے مُہر کو جو ان کے دلوں پر ہے تشبیہ دی گئی (خزائن العرفان) بحرٍ لُجِّيٍّ۔ لُجِّيٍّ لجۃ کی طرف منسوب ہے۔ گہرا سمندر جس کی تہ معلوم نہ ہو سکے۔ منسوب الی اللجۃ والذی لا یدرك قعرہٗ۔

سلہ ہدایت یافتہ وہی ہو سکتا ہے جس کی دستگیری توفیقِ الٰہی کرے۔ عقل، علم، کوشش اس کی توفیق کے بغیر سب بے سُود اور بے حاصل ہیں۔

سلہ جب اللہ تعالیٰ کا نور تحت و فوق، پستی و بلندی ہر جگہ ضو فشانی کر رہا ہے تو کسی کو یہ حق نہیں کہ وہ اس کا انکار کرے اور اس کی بارگاہِ صمدیت کے علاوہ کسی اور جگہ جبینِ عبادت جھکائے اور جو لوگ اس نور کی تجلیوں سے روشنی حاصل نہیں کرتے ان کی مثال ایسی ہے جس کا ذکر اوپر گزرا۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ اپنے محبوبِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو خطاب فرماتے ہیں کہ تمہیں تو اللہ تعالیٰ کے نور کے جلوے ہر جگہ نظر آ رہے ہیں۔ کائناتِ ارضی و سماوی میں کونسی ایسی چیز ہے جو اس کے دربار میں قالاً یا حالاً، طوعاً یا کرہاً سرِ نیاز نہ جھکا رہی ہو یا اس کی تسبیح و تہلیل میں زمزمہ سنج نہ ہو۔ فضائے بسیط میں محوِ پرواز پرندوں کی طرف دیکھو، وہ کس کی عظمت کا اعتراف کر رہے ہیں۔ صافات ای باسطات اجنحتہم فی الھواء۔ ہوا میں پروں کو پھیلائے ہوئے۔

تَسْبِيْحَهٗ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

تسبیح کو ؎۳۳ اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے رہتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے لیے بادشاہی ہے سارے آسمانوں کی او

وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۴۲﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ

ساری زمین کی اور اللہ تعالیٰ کی طرف ہی (سب نے) لوٹنا ہے۔ کیا تم نے غور نہیں کیا کہ اللہ تعالیٰ آہستہ آہستہ لے جاتا ہے بادل کو پھر جوڑ

ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ

دیتا ہے اس کے (بکھرے ہوئے ٹکڑوں) کو پھر اسے تہ بتہ کر دیتا ہے پھر تو دیکھتا ہے بارش کو کہ نکلتی ہے ؎۳۴ اس کے درمیان سے اور اتارتا

السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ

ہے اللہ تعالیٰ آسمان سے برف جو پہاڑوں کی طرح ہوتی ہے ؎۳۵ پس نقصان پہنچاتا ہے اس سے جسے چاہتا ہے اور پھیر دیتا ہے اس کو

عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ۭ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ﴿۴۳﴾ يُقَلِّبُ اللّٰهُ

جس سے چاہتا ہے ؎۳۶ قریب ہے کہ اس کی بجلی کی چمک لے جائے آنکھوں کی بینائی کو۔ بدلی کرتا رہتا ہے اللہ تعالیٰ

؎۳۳ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو اس کی مخصوص عبادت اور تسبیح کا طریقہ سکھا دیا ہے اور ہر ایک اپنے مخصوص انداز میں اپنی بندگی کا اظہار کر رہا ہے۔

؎۳۴ اپنی قدرت کاملہ کا ایک اور ثبوت پیش فرما رہے ہیں۔ مشکل الفاظ کی تشریح: یُزْجِی: یدفع۔ دھکیلنا۔ ردی چیزوں کو بضاعة مزجاة کہا جاتا ہے جو یزجی سے ماخوذ ہے۔ ان کا گاہک انہیں ناپسند کر کے دھکیل دیتا ہے۔ رکاما: الرکم جمع الشیء یقال منه رکم الشیء یرکمه رکما اذا جمعه والقی بعضه علی بعض۔ الرکمة الطین المجموع والرکام الرمل المتراکم وکذالک السحاب یعنی رکم کا معنی کسی چیز کو اکٹھا کرنا جب کسی چیز کو اکٹھا کیا جائے اور اسے اوپر نیچے رکھ دیا جائے تو عرب کہتے ہیں رکم الشیء یرکمه۔ کیچڑ کے ڈھیر کو الرکمة کہتے ہیں اور ریت کے ڈھیر کو رکام کہتے ہیں۔ اسی طرح بادل جب گھر کر آجائے اور وہ گہرا ہو تو اسے رکام کہا جاتا ہے۔ الودق المطر: بارش۔

؎۳۵ اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ مِنَ الْجِبَالِ اور مِنْ بَرَدٍ دونوں جگہ مِنْ زائد ہے تقریر کلام یوں ہے ای ینزل من السماء بردا یکون کالجبال یعنی آسمان سے برف اتارتا ہے جو پہاڑوں کی طرح ہوتی ہے علامہ پانی پتی نے یہ ترجمہ بھی لکھا ہے ینزل من السماء بعض جبال من برد یعنی آسمان سے جب برف برستی ہے تو اتنی

الَّیۡلَ وَ النَّہَارَ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَعِبۡرَۃً لِّاُولِی الۡاَبۡصَارِ ﴿۴۴﴾ وَ اللّٰہُ خَلَقَ

رات اور دن کی ۶۸ بیشک اس میں عبرت ہے آنکھوں والوں کے لیے ۔ اور اللہ تعالیٰ نے پیدا

کُلَّ دَآبَّۃٍ مِّنۡ مَّآءٍ ۚ فَمِنۡہُمۡ مَّنۡ یَّمۡشِیۡ عَلٰی بَطۡنِہٖ ۚ وَ مِنۡہُمۡ مَّنۡ

فرمایا ہے ہر جانور کو پانی سے ۶۹ تو ان میں کچھ تو رینگتے ہیں پیٹ کے بل ۔ اور ان میں سے بعض

یَّمۡشِیۡ عَلٰی رِجۡلَیۡنِ ۚ وَ مِنۡہُمۡ مَّنۡ یَّمۡشِیۡ عَلٰۤی اَرۡبَعٍ ؕ یَخۡلُقُ اللّٰہُ

چلتے ہیں دو ٹانگوں پر ۔ اور ان میں سے بعض چلتے ہیں چار ٹانگوں پر ۔ پیدا فرماتا ہے اللہ تعالیٰ

مَا یَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۴۵﴾ لَقَدۡ اَنۡزَلۡنَاۤ اٰیٰتٍ مُّبَیِّنٰتٍ ؕ

جو چاہتا ہے ۔ بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے ۔ ہم نے اتاری ہیں ایسی آیتیں جو (حق کو) صاف صاف

وَ اللّٰہُ یَہۡدِیۡ مَنۡ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ﴿۴۶﴾ وَ یَقُوۡلُوۡنَ اٰمَنَّا

بیان کرتی ہیں ۔ اور اللہ تعالیٰ پہنچاتا ہے جسے چاہتا ہے سیدھی راہ تک ۔ اور وہ کہتے ہیں ہم ایمان لائے ہیں

کثرت سے کہ معلوم ہوتا ہے برف کے پہاڑ ہیں جو آسمان سے اتر رہے ہیں ۔

۶۶ بادلوں کے مختلف ٹکڑے جو آسمان پر ادھر ادھر بکھرے ہوئے نظر آتے ہیں ۔ ان کو ہوائیں دھکیل کر یکجا کر دیتی ہیں ۔ یہاں تک کہ گہری گھٹائیں گھر کر آجاتی ہیں ۔ ان سے بارش بھی برستی ہے اور برف باری بھی ہوتی ہے ۔ ضروری نہیں کہ جو بادل آئے وہ برسے اور جہاں آئے وہاں برسے بلکہ یہ سب ہمارے حکم کے منتظر ہیں جب اور جہاں ہمارا حکم ہوتا ہے تو برستے ہیں ورنہ لوگوں کی نگاہوں کو ترساتے ہوئے ناپید ہو جاتے ہیں ۔ سنا ، ضیا ، روشنی ۔ جب بجلی چمکتی ہے تو فضا اتنی تیز روشنی ہوتی ہے کہ محسوس ہونے لگتا ہے کہ وہ آنکھوں کی بینائی کو سلب کر لے گی ۔

۶۷ گردش لیل و نہار بھی اسی کے حکم سے رونما ہوتی ہیں ۔

۶۸ یہ گوناگوں مخلوق جو تمہیں دکھائی دے رہی ہے یہ سب ایک قطرۂ آب سے پیدا کی گئی ہے ان میں سے کچھ ایسے ہیں جو پیٹ کے بل زمین پر رینگتے ہیں ۔ بعض دو ٹانگوں (انسان اور پرندے) اور بعض چار ٹانگوں پر چلتے ہیں ۔ ہر ایک اپنی ہیئت اور خصوصیات سے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کی پاکی کی گواہی دے رہا ہے ۔

بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

اللہ تعالیٰ پر اور اس کے رسول پر اور ہم فرمانبردار ہیں پھر منہ پھیر لیتا ہے ایک فریق ان سے (ایمان و اطاعت کے اس دعویٰ

وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ

کے بعد اور یہ لوگ ایماندار نہیں ہیں ۵۹؎ اور جب وہ بلائے جاتے ہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف تاکہ

بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا

فیصلہ کرے ان کے درمیان تو اس وقت ایک جماعت ان میں سے روگردانی کرنے لگتی ہے اور اگر فیصلہ انکے حق میں ہونا ہو تو دوڑے چلے آتے

۵۹؎ یہ آیات ایک منافق کے بارے میں نازل ہوئیں۔ ایک منافق جس کا نام بشر تھا اس کا ایک یہودی سے تنازعہ ہو گیا اس یہودی نے بشر کو کہا کہ چلو رسول اللہ کے پاس جو آپ فیصلہ فرما دیں اس پر عمل کریں۔ بشر کے دل میں چور تھا وہ یہودی سے ناحق الجھ رہا تھا اسے معلوم تھا کہ بارگاہ رسالت میں گئے تو وہاں کوئی سفارش نہیں چلے گی اور نہ ہی طرفداری کی امید کی جا سکتی تھی اس لیے اس نے کہا ان محمداً (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) یحیف علینا۔ آپ تو ہم پر ظلم کرتے ہیں۔ چلو کعب بن اشرف کے پاس چلیں۔ اس وقت یہ آیات نازل ہوئیں۔ صرف بشر کو ہی نہیں بلکہ اس قماش کے جتنے لوگ ہیں اس کے ہم عصر یا اس کے بعد آنے والے سب کو بتا دیا کہ جب کسی کو خدا اور رسول کے فیصلہ کی طرف بلایا جائے اور وہ نہ آئے تو وہ سمجھ لے کہ اس کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔ ایمان کا دعویٰ کرنے کے باوجود خدا اور رسول کے حکم سے سرتابی ناممکن ہے۔ اپنے آپ کو مومن کہلانا اور پھر بارگاہ رسالت میں فیصلہ کے لیے حاضر نہ ہونا۔ اس کی یہی وجہ ہو سکتی ہے کہ اس کے دل میں ابھی کفر و الحاد کی بیماری ہے محض دکھلاوے کے لیے اس نے اسلام کا جامہ پہن رکھا ہے یا ابھی تک اس کے ذہن سے شک دور نہیں ہوا۔ وہ خیال کرتا ہے کہ اسلام کے احکام پر کاربند ہونے سے شاید اس کو نقصان پہنچے گا یا وہ یہ سمجھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا رسول کسی وجہ سے اس کے ساتھ بے انصافی کرے گا۔ ان چیزوں میں سے کوئی چیز بھی اگر کسی کے دل میں ہو تو وہ اپنے آپ کو مسلمان کہلانے کا حقدار نہیں۔

ان آیات سے فقہاء اسلام نے چند مسائل اخذ کیے ہیں وہ بھی ملاحظہ فرمائیں۔ اگر دونوں فریق مسلمان ہوں یا ایک فریق مسلمان ہو تو ان کا فیصلہ مسلمان قاضی کرے گا۔ اور اگر دونوں ذمی کافر ہیں تو ان کا فیصلہ ان کا ہم مذہب قاضی کرے گا اگر وہ دونوں کسی مسلمان قاضی کے پاس تصفیہ کے لیے جائیں تو قاضی کو اختیار ہے چاہے تو فیصلہ کرے اور چاہے تو انہیں ان کے ہم مذہب قاضی کی طرف بھیج دے نیز اگر کوئی شخص کسی کو باہمی تنازعہ کے تصفیہ کے لیے کسی عادل قاضی کے پاس جانے کے لیے کہے تو اس پر لازم ہے کہ وہ ضرور اس کے ساتھ قاضی کے پاس جائے۔ قال ابن خویز منداد واجب علی کل من دعی الی مجلس الحاکم ان یجیب۔ (قرطبی)

اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ۝۴۹ اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ

ہیں اس کی طرف تسلیم کرتے ہوئے۔ کیا ان کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے یا وہ (اسلام کے متعلق) شک میں مبتلا ہیں یا انہیں

اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ؕ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۵۰ اِنَّمَا ع ۶ ۱۲

یہ اندیشہ ہے کہ ظلم کرے گا اللہ تعالیٰ ان پر اور اس کا رسول۔ بلکہ (درحقیقت) وہ خود ظالم ہیں۔ ایمانداروں

كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ

کی بات تو صرف اتنی ہے ۷۳ کہ جب انہیں بلایا جاتا ہے اللہ اور اس کے رسول کی طرف تاکہ وہ فیصلہ فرمائے

اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۵۱ وَمَنْ يُّطِعِ

درمیان۔ تو وہ کہتے ہیں ہم نے (فیصلہ) سن لیا اور ہم نے اطاعت کی اور یہی لوگ دونوں جہانوں میں بامراد ہیں۔ اور جو شخص اطاعت کرتا ہے

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝۵۲

اللہ کی اور اس کے رسول کی اور ڈرتا رہتا ہے اللہ سے اور بچتا رہتا ہے اس کی نافرمانی سے تو یہی لوگ کامیاب ہیں ۷۴

۷۳ مومن کا تو یہ شیوہ ہونا چاہیے کہ جب اسے خدا و رسول کی طرف فیصلہ کے لیے بلایا جائے تو بلا چون و چرا حاضر ہو جائے۔

۷۴ فوز و کامرانی سے وہی مشرف ہوگا جس کا طریقہ کار وہ ہوگا جو اس آیت میں بیان کیا جا رہا ہے۔ ایک روز حضرت فاروق اعظم مسجد نبوی میں کھڑے تھے تو روم کے دہقانوں میں سے ایک دہقان حاضر ہوا اور آکر پڑھا اشہد ان لا الٰہ الا اللہ واشہد ان محمدا رسول اللہ۔ حضرت عمر نے پوچھا کیا بات ہے اس نے عرض کی میں مشرف باسلام ہو گیا ہوں۔ آپ نے کہا تم نے اپنا آبائی مذہب چھوڑ کر دین اسلام کو کیوں قبول کیا ہے اس نے کہا میں نے تورات، انجیل، زبور اور دیگر کتب انبیاء کا مطالعہ کیا۔ میں نے ایک مسلمان قیدی کو ایک ایسی آیت پڑھتے ہوئے سنا جس میں وہ تمام چیزیں جمع کر دی گئی ہیں جو سابقہ آسمانی کتابوں میں موجود ہیں۔ مجھے یقین ہو گیا کہ یہ کتاب منزل من اللہ ہے۔ اس لیے میں مسلمان ہو گیا ہوں۔ آپ نے دریافت فرمایا وہ کون سی آیت ہے اس نے یہی آیت بھی پڑھی اور ساتھ ساتھ اس کا مطلب بھی بیان کرتا گیا۔ قال قولہ تعالیٰ (ومن یطع اللہ) فی الفرائض (ورسولہ) فی السنن (ویخش اللہ) فیما مضیٰ من عمرہ (ویتقہ) فیما بقی من عمرہ (فاولئک ھم الفائزون) الفائز من نجا من النار و دخل الجنۃ۔ یہ سن کر حضرت عمر نے فرمایا قال النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اوتیت جوامع الکلم۔ یعنی جو شخص فرائض میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتا ہے

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ

اور قسمیں اٹھاتے ہیں اللہ تعالیٰ کی بڑے زور شور سے ۸۳ کہ اگر آپ انھیں حکم دیں تو وہ (گھروں سے بھی) نکل

لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۵۳ قُلْ

جائیں گے۔ فرمائیے قسمیں نہ کھاؤ تمھاری فرمانبرداری خوب معلوم ہے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ خوب واقف ہے جو کچھ تم کرتے رہتے ہو آپ فرمائیے

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ

اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو رسول (مکرم) کی۔ پھر اگر تم نے روگردانی کی تو جان لو رسول کے ذمہ اتنا ہے جو

وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا

ان پر لازم کیا گیا اور تمھارے ذمہ ہے جو تم پر لازم کیا گیا۔ اور اگر تم اطاعت کرو گے اس کی تو ہدایت پا جاؤ گے اور نہیں ہے رسول

الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝۵۴ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

کے ذمہ بجز اس کے کہ وہ صاف صاف پیغام پہنچا دے ۸۴۔ وعدہ فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں سے جو ایمان لائے تم میں سے اور نیک عمل کیے ۸۵

اور سنتوں میں اس کے رسول کی پیروی کرتا ہے اور گزری ہوئی زندگی میں جو غلطیاں اس سے ہوئیں ان کی وجہ سے اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اور آنے والی زندگی میں تقویٰ اختیار کرتا ہے۔ یہی لوگ کامیاب ہیں اور کامیاب وہ شخص ہے جسے آتش جہنم سے نجات مل گئی اور جنت میں داخل کر دیا گیا۔

۸۳ منافقوں کے طریقہ کار کو پھر بیان کیا جا رہا ہے کہ یہ لوگ زبانی دعوے کرنے میں بڑے تیز طرار ہیں۔ قسمیں اٹھا اٹھا کہتے ہیں کہ حضور آپ ہمیں حکم دیں تو ہم اپنا گھر بار، بال بچے، مال و متاع چھوڑنے کے لیے بھی تیار ہیں۔ جہاد پر جانے کا اشارہ پاتے ہی سر بکف کفن بدوش میدان جہاد کی طرف چل پڑیں گے۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کو ارشاد فرماتا ہے کہ انھیں کہو زیادہ قسمیں اٹھانے کی ضرورت نہیں، تمھاری اطاعت کا حال خوب معلوم ہے جب قربانی دینے کا وقت آئے گا تو تم اپنے گھروں میں چھپ کر بیٹھ رہو گے۔

طاعۃ معروفۃ کا یہ مطلب بھی بیان کیا گیا ہے کہ زیادہ مبالغہ آمیزی کی ضرورت نہیں۔ عام معمول کے مطابق حکم الٰہی بجا لاتے رہو تمھارے لیے اتنا ہی کافی ہے لیکن پہلا مفہوم مرتبع سے زیادہ مناسبت رکھتا ہے۔

۸۵ حضور رحمت عالمیان صلی اللہ علیہ وسلم کے غلاموں کو کفار و مشرکین کے ظلم و ستم سہتے عرصہ دراز گزر چکا تھا۔

انہوں نے اپنے وطن مکہ کو چھوڑ کر اڑھائی تین سو میل دُور مدینہ طیبہ میں آکر پناہ لی تھی۔ مکہ کو الوداع کہتے وقت وہ دولتِ ایمان تو ساتھ لاتے تھے لیکن اپنی منقولہ اور غیر منقولہ جائدادیں اور عمر بھر کا اندوختہ وہیں چھوڑ کر چلے آتے تھے۔ کفار کی آتشِ غضب اب بھی بھڑک رہی تھی۔ میدانِ بدر میں رسوا کن شکست کے بعد اُن کا جذبۂ انتقام تیز تر ہو گیا تھا۔ صحابۂ کرام ہر وقت مسلح رہتے۔ رات دن دشمن کی یلغار کا کھٹکا لگا ہوا تھا۔ ایک روز ایک صحابی نے اپنے آقا کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی یا رسول اللہ اما یاتی علینا یوم نامن فیہ و نضع السلاح یا رسول اللہ کیا ایسا دن نہیں آئے گا جب ہمیں امن نصیب ہوگا اور ہتھیار رکھ دینے کی نوبت آئے گی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔ لا تلبثون الا یسیرا حتی یجلس الرجل منکم فی الملأ العظیم محتبیا لیس علیہ حدیدۃ۔ (بحر محیط)

بہت جلد وہ وقت آنے والا ہے جب تم آرام سے بے خوف ہو کر مجمع عام میں بیٹھو گے اور تمہارے جسم پر کوئی ہتھیار نہیں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کے اس ارشاد کی تائید فرماتے ہوئے یہ آیت نازل فرمائی۔

تاریخ کی ناقابلِ تردید شہادت اس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جو وعدہ فرمایا تھا وہ پورا ہوا۔ عہدِ رسالت میں ہی مکہ مکرمہ، حجاز، خیبر، بحرین، یمن اور جزیرۂ عرب کے سارے علاقے اسلامی قلمرو میں شامل ہو گئے۔ قیصرِ روم، مقوقس مصر اور کئی دیگر بادشاہوں نے بارگاہِ رسالت میں تحائف اور ہدایا نے ارسال کیے۔ حضورِ کریم کی رحلت کے بعد عہدِ صدیقی میں فتنۂ ارتداد اور دیگر جھوٹے نبیوں کی لگائی ہوئی آگ بجھی اور ہر طرف امن و امان ہو گیا۔ اسی عہدِ ہمایوں میں اسلام کی عالمی فتوحات کا آغاز ہوا۔ مشرق میں حضرت خالدؓ اور مغرب میں حضرت ابو عبیدہؓ کی قیادت میں افواجِ اسلامیہ نے فتح و نصرت کے علم گاڑنے شروع کر دیئے۔ حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے بابرکت و با یمن زمانۂ خلافت میں تو فتوحات کی انتہا ہو گئی۔ قیصر اپنی ایشیائی مملکت سے دست بردار ہو کر قسطنطنیہ میں جا کر مقیم ہوا۔ اور رومی مملکت کے ایشیائی حصہ پر اسلام کا پرچم لہرانے لگا۔ مصر بھی فتح ہوا۔ کسریٰ کی چار ہزار سالہ شان و شوکت خاک میں مل گئی۔ جہاں ملک کے گوشہ گوشہ میں آتش کدے روشن تھے اور آگ کی پوجا ہو رہی تھی وہاں اشھد ان لا الٰہ الا اللہ اور اشھد ان محمدا رسول اللہ کی دلنواز صدائیں بلند ہونے لگیں۔ حضرت عثمانؓ کے زمانہ میں شمالی افریقہ کے ممالک فتح ہوئے۔ بحرِ روم میں جزیرہ قبرص فتح ہوا۔ مشرق میں اسلامی فتوحات کا سلسلہ چین کی سرحدوں تک پھیل گیا۔ سندھ کے ریگزاروں میں بھی نورِ اسلام سے اُجالا ہونے لگا۔ ہر علاقہ میں امن و سکون قائم ہوا۔ ہر جگہ اسلام کا ڈنکا بجنے لگا۔ وہ مسلمان جو ہر وقت کفار کی یلغار سے سہمے سہمے رہتے تھے اور انھیں دن رات یہی کھٹکا لگا رہتا تھا کہ کفر کا سیلاب اُمڈے گا اور انھیں بہا کر لے جائے گا۔ ان کو اللہ تعالیٰ نے وہ ہیبت اور سطوت بخشی کہ جس راستہ سے گزر جاتے بڑے بڑے سرفرازوں کی گردنیں جھک جاتیں۔ کوئی منصف اور حق پسند انسان تاریخ کے یہ ان مٹ حقائق دیکھنے کے بعد یہ نہیں کہہ سکتا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جو وعدہ کیا تھا وہ پورا نہیں ہوا۔

حضرت عدی بن حاتمؓ سے مروی ہے کہ میں بارگاہِ رسالت میں حاضر تھا کہ ایک صحابی حاضر ہوا اور اُس نے فقر و فاقہ

کی شکایت کی۔ دوسرا آیا اس نے راہزنوں کی دست درازیوں کا شکوہ کیا حضورؐ نے فرمایا اے عدی کیا تو نے حیرہ کا شہر دیکھا ہے؟ میں نے عرض کیا مجھے دیکھنے کا موقع نہیں ملا لیکن میں نے لوگوں سے اس کے بارے میں سُنا ہے۔ حضورؐ نے فرمایا اگر تیری زندگی دراز ہوئی تو تُو دیکھے گا ایک عورت اونٹنی پر سوار ہو کر حیرہ سے روانہ ہوگی اور آکر کعبہ کا طواف کرے گی اور خدا کے بغیر اسے کسی کا ڈر نہیں ہوگا میں دل میں خیال کرنے لگا کہ بنی طے قبیلے کے قزاق اور راہزن کہاں چلے جائیں گے۔ پھر حضورؐ نے فرمایا اے عدی تم کسریٰ کے خزانوں کو فتح کرو گے میں نے عرض کی کیا کسریٰ بن ہرمز یعنی شہنشاہ ایران حضورؐ نے فرمایا ہاں کسریٰ بن ہرمز۔ پھر حضورؐ نے فرمایا تم دیکھو گے لوگ ہاتھوں میں سونا اور چاندی لیے ہوئے کسی غریب کی تلاش میں پھر رہے ہوں گے لیکن مملکتِ اسلامیہ میں انھیں کوئی غریب نہیں ملے گا۔ عدی کہتے ہیں میں نے حیرہ سے اونٹنی پر سوار ہو کر آنے والی عورت کو بھی کعبہ کا طواف کرتے دیکھا اور میں خود ان لوگوں میں سے تھا جنھوں نے کسریٰ کے خزانے فتح کیے تھے بعض لوگ جو صحابۂ کرام کی عظمتِ شان کا انکار کرنا ہی اپنے ایمان کا کمال سمجھتے ہیں وہ اگر اپنی کتابوں کا مطالعہ کرنے کی زحمت ہی گوارا کرتے تو اس غلط فہمی میں مبتلا نہ ہوتے۔ انھیں یقین ہو جاتا کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں جو وعدہ فرمایا ہے اور حضور کریمؐ نے جو وعدے فرمائے ہیں جن کا ذکر خود ان لوگوں کی کتابوں میں موجود ہے وہ وعدے خلفاءِ راشدینؓ کے عہدِ سعادت آثار میں پورے ہوئے ہیں۔ ان کے امام کلینی جن کی کتاب کافی ان کے ہاں حدیث کی معتبر ترین کتاب ہے ان کی روایت ملاحظہ فرمائیے۔

عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال لما حضر رسول اللہ الخندق مروا بکدیۃ فتناول رسول اللہ المعول من ید امیر المؤمنین او من ید سلمان فضرب بھا ضربۃ فتفرقت بثلاث فرق وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لقد فُتحت علی فی ضربتی ھذہ کنوز کسریٰ وقیصر (فروع کافی کتاب الروضہ ص۲۱۶)

ترجمہ: حضرت امام جعفر علیہ السلام نے فرمایا کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خندق کھودنے کا حکم دیا تو راستہ میں ایک چٹان حائل ہوگئی۔ حضورؐ نے گینتی حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے دستِ مبارک سے یا حضرت سلمان فارسی سے لی اور اس چٹان پر ایک ضرب لگائی اور اس کے تین ٹکڑے ہوگئے۔ حضورؐ نے فرمایا لقد فُتحت علیّ فی ضربتی ھذہ کنوز کسریٰ وقیصر۔ میری اس ضرب سے میرے لیے کسریٰ اور قیصر کے خزانے فتح کر دیئے گئے ہیں۔ اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ یہ خزانے حضرت فاروق اعظمؓ کے زمانہ میں فتح ہوئے۔ روایت میں فُتحت علیّ کے الفاظ ایک حق بین کے لیے روشنی کا وہ مینار ہیں جس سے شک وشبہ کا ادنیٰ احتمال بھی باقی نہیں رہ سکتا۔ اسی واقعہ کو صاحبِ حملۂ حیدری نے ان اشعار میں ذکر کیا ہے، یہ بھی ملاحظہ فرمائیے:۔

بیاسخ چنیں گفت خیر البشر | کہ چوں جست برق نخست از حجر
نمودند ایوان کسریٰ بمن | دوم قصرِ روم، سوم از یمن
سبب را چنیں گفت روح الامین | کہ بعد از من اعوان وانصار این

بریں مملکت ہا مسلط شوند — بآئین من اہل آں بگروند
بدیں مژدہ وشکر ولطفِ خدا — بسہ بار تکبیر کردم ادا
شنیدند آں مژدہ چوں مومناں — کشیدند تکبیر شادی کناں

**ترجمہ:۔**

۱۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جواب ارشاد فرمایا کہ جب اس چٹان کو ضرب لگانے سے پہلی مرتبہ آگ کا شعلہ نکلا۔

۲۔ تو مجھے کسریٰ کا محل دکھایا گیا۔ دوسری مرتبہ قیصر روم کا محل اور تیسری مرتبہ یمن۔
۳۔ اس کی وجہ جبریل امین نے یوں بیان کی کہ میرے بعد دین کے مددگار اور انصار
۴۔ ان ملکوں پر قابض ہوں گے اور وہاں کے باشندوں کو میری شریعت کا پابند کریں گے۔
۵۔ اس خوشخبری کو سن کر اور اس کا شکریہ ادا کرنے کے لیے میں نے تین بار اللہ اکبر کا نعرہ لگایا۔
۶۔ جب اہلِ ایمان نے حضورؐ کی زبان پاک سے یہ خوشخبری سنی تو سب نے نعرہ تکبیر بلند کیا۔

یہ چیز غور طلب ہے کہ حضورؐ نے ان ملکوں کی فتوحات کو اپنی فتوحات قرار دیا ہے اور اسے اللہ تعالیٰ کا لطف اور احسان فرمایا ہے اور اظہارِ شکر کے لیے حضورؐ نے اور حضورؐ کے غلاموں نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کیے۔ اگر خدانخواستہ حضرت صدیق و فاروق خلیفہ برحق نہ ہوتے بلکہ (نعوذ باللہ) جابر اور غاصب ہوتے تو کیا ان کے زمانۂ خلافت میں جو فتوحات ہوئیں انھیں حضورؐ کی فتوحات کہنا درست ہوتا؟ اور ایسی فتوحات پر حضورؐ فرحت و شادمانی کا اظہار فرماتے؟ کوئی ادنیٰ عقل و فہم رکھنے والا انسان بھی ان واقعات کی روشنی میں شیخین کی خلافت پر اعتراض کرنے کی جرأت نہیں کر سکتا۔

مزید تسکینِ خاطر کے لیے خود حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہٗ کا وہ ارشادِ گرامی پیش کرتا ہوں جو آپ نے حضرت فاروقِ اعظمؓ کے متعلق فرمایا۔ مسلمانوں کی فوجیں ایران میں کسریٰ کی افواج سے برسرِپیکار تھیں۔ محاذِ جنگ سے اطلاع آئی کہ کسریٰ خود ایک لشکرِ عظیم لے کر مسلمانوں کے مقابلہ کے لیے آرہا ہے۔ حضرت فاروقِ اعظمؓ نے ارادہ کیا کہ کسریٰ کے مقابلہ میں وہ لشکرِ اسلام کی قیادت خود فرمائیں۔ مجلسِ شوریٰ طلب کی گئی اور اس موضوع کے متعلق گفتگو شروع ہوئی۔ حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہٗ نے اس بات کی تائید نہ کی کہ حضرت عمرؓ خود جنگ میں شرکت کریں اور اپنی رائے کا اظہار ان الفاظ میں کیا، آپ خود انھیں پڑھیں۔ اگر حق کی طلب صادق آپ کے دل میں ہوگی تو یقیناً آپ پر حق واضح ہو جائے گا۔

آپ نے فرمایا: ان ھذا الامر لم یکن نصرہٗ ولا خذلانہ بکثرۃ ولا قلۃ وھو دین اللہ الذی اظہرہ وجندہٗ الذی اعدّہ وامدّہ حتی بلغ وطلع حیث ما طلع ونحن علی موعود من اللہ واللہ منجز وعدہٗ وناصر جندہ ومکان القیّم بالامر مکان النظام من الخرز یجمعہ ویضمہ فاذا انقطع النظام تفرق الخرز و ذھب ثم لم یجتمع بحذافیرہ ابدًا والعرب الیوم وان کانوا قلیلًا فھم کثیرون بالاسلام عزیزون

لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ص

کہ وہ ضرور خلیفہ بنائے گا انھیں زمین میں جس طرح اس نے خلیفہ بنایا ان کو جو ان سے پہلے تھے اور مستحکم

وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن

کر دے گا ان کے لیے ان کے دین کو جسے اس نے پسند فرمایا ہے ان کے لیے اور وہ ضرور بدل دیگا انھیں ان

بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ

کی حالت خوف کو امن سے ۔ وہ میری عبادت کرتے ہیں، کسی کو میرا شریک نہیں بناتے اور جس نے ناشکری کی

بالاجتماع الخ (نہج البلاغہ جلد ا صفحہ ۲۰۳ مطبوعہ مصر)

ترجمہ: اس کام کی فتح کثرت تعداد کی وجہ سے اور اس کی ناکامی تعداد کی قلت کی وجہ سے نہیں یہ اللہ تعالیٰ کا دین ہے جس کو اس نے غلبہ عطا فرمایا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا لشکر ہے جس کو اس نے خود تیار کیا ہے اور جس کی مدد اس نے خود فرمائی ہے یہاں تک کہ وہ ترقی و کامیابی کی اس منزل تک پہنچا۔ ہمارے ساتھ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے (یہاں آپ نے اس آیت کی طرف اشارہ فرمایا وعد اللہ الذین امنوا) اور اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ کو ضرور پورا فرمائے گا اور اپنے لشکر کی مدد فرمائے گا خلیفہ اسلام کی حیثیت اس دھاگے کی ہے جس میں دانے پروئے ہوتے ہیں اگر دھاگا ٹوٹ جائے تو دانے بکھر جاتے ہیں اور پھر ان سب کو جمع کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ عرب اگرچہ تعداد میں آج کم ہیں لیکن اسلام کی برکت سے وہ کثیر ہیں اور باہمی اتفاق و اتحاد کی وجہ سے وہ ہر میدان میں غالب ہیں۔

آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ باب مدینۃ العلم نے حضرت عمرؓ کے لشکر کو اللہ تعالیٰ کا لشکر کہا اور وضاحت سے بیان فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جو وعدہ اس آیت میں مسلمانوں سے کیا ہے وہ آپ کے زمانہ میں پورا ہو گا۔ اب بھی اگر کوئی شخص خلفاء راشدین کی خلافت کو برحق نہیں سمجھتا اور ان کے متعلق کسی قسم کی بدزبانی کرتا ہے تو وہ بیک وقت اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی کریم اور امیر المومنین اسد اللہ الغالب کے ارشادات پر ایمان نہ رکھنے کا مجرم کر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ہر قسم کے فتنوں سے بچائے اور اسلام کے جاں نثار سپاہیوں کی عزت و تکریم کرنے اور ان کے نقش قدم پر چل کر دین کو سربلند کرنے کی توفیق رحمت فرمائے۔

بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ ابھی پورا نہیں ہوا جب امام مہدی علیہ السلام ظاہر ہوں گے تو اس وقت یہ وعدہ پورا ہو گا۔ ضد اور تعصب کا کوئی علاج نہیں لیکن حق کی جستجو کرنے والے کے لیے آیت میں منکم کا ایک لفظ ہی کافی ہے یعنی صحابہ کرام جو اس آیت کے مخاطب تھے وہی منکم کا مرجع ہیں اور ان ہی سے وعدہ ان سے ہے۔ نیز اگر ان کی اس بات کو صحیح مان لیا جائے تو ثابت ہو گا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے عہد خلافت میں بھی یہ وعدہ ایفا نہ ہوا۔ کم از کم ہم ایسا کہنے کی جرأت نہیں کر سکتے۔

بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝۵۵ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

اس کے بعد تو وہی لوگ نافرمان ہیں ۔ اور صحیح صحیح ادا کیا کرو نماز اور دیا کرو زکوٰۃ

وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝۵۶ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اور اطاعت کرو رسول (پاک) کی تاکہ تم پر رحم کیا جائے ۔ یہ خیال ہرگز نہ کیجیے کہ کفار عاجز

مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۵۷ ع ۷

کرنے والے ہیں (ہمیں) زمین میں اور ان کا ٹھکانا آتش (جہنم) ہے اور یہ بہت برا ٹھکانا ہے ۔ اے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ

ایمان والو! اذن طلب کیا کریں تم سے (گھروں میں داخل ہوتے وقت) تمہارے غلام اور وہ (لڑکے)

لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ۭ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ

جو ابھی جوانی کو نہیں پہنچے ۔ تم میں سے تین مرتبہ ، نمازِ فجر سے پہلے ،

وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ

اور جب تم اپنے کپڑے اتارتے ہو دوپہر کو اور نمازِ عشاء کے

الْعِشَاۗءِ ۣ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ۭ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ

بعد ۔ یہ تین پردے کے وقت ہیں تمہارے لیے ۔ نہ تم پر اور نہ اُن پر عــه کوئی حرج ہے

عــه اسلامی طرزِ معاشرت کا ایک اور اصول بیان کیا جا رہا ہے۔ پہلے حکم دیا گیا تھا کہ جب تم کسی کے گھر داخل ہونے لگو تو اجازت طلب کرو لیکن اگر اپنے بچوں کو اور گھر کے خدام کو جن کا ہر وقت گھر میں آنا جانا ہوتا ہے ان پر بھی یہ لازم کر دیا جاتا کہ وہ اذن کے بغیر داخل نہیں ہو سکتے تو بڑے تکلف اور تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا اس لیے ان کے متعلق اس آیت میں وضاحت فرما دی کہ بچے اور خدام اگر ان تین اوقات میں گھر میں داخل ہوں جن کا ذکر آیت میں کیا گیا ہے تو وہ بھی اجازت لے کر داخل ہوں کیونکہ ان اوقات میں انسان سترِ عورت میں سستی کرتا ہے جو سکتا ہے

بَعْدَهُنَّ ۭ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰي بَعْضٍ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ

ان اوقات کے علاوہ۔ کثرت سے آنا جانا رہتا ہے تمہارا ایک دوسرے کے پاس ۵۹ یونہی صاف صاف بیان فرماتا

اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ

ہے اللہ تعالیٰ تمہارے لیے (اپنے) احکام۔ اور اللہ تعالیٰ علیم حکیم ہے۔ اور جب پہنچ جائیں تمہارے بچے

الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَذٰلِكَ

حد بلوغ کو ۶۰ تو وہ بھی اذن طلب کیا کریں جس طرح اذن طلب کیا کرتے ہیں وہ لوگ جن کا ذکر پہلے ہوا یونہی

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَاۗءِ

صاف صاف بیان فرماتا ہے اللہ تعالیٰ تمہارے لیے اپنے احکام کو اور اللہ تعالیٰ علیم ہے حکیم ہے۔ اور بوڑھی خانہ نشین عورتیں ۶۱

الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ

جنہیں آرزو نہ ہو نکاح کی تو ان پر کوئی گناہ نہیں اگر وہ رکھ دیں اپنے بالائی کپڑے

اس کے جسم کا کوئی حصہ ننگا ہو یا وہ ایسی حالت میں ہو جبکہ بلا اجازت اپنے بچوں اور خدام کا گھر میں آدھمکنا بھی اسے پسند نہ ہو لیکن ان اوقات کے علاوہ بغیر اجازت گھر میں داخل ہو سکتے ہیں۔

۵۹ آیت کے اس جملہ کا ترجمہ علامہ ابن حیان نے اس طرح کیا ہے ھم طوافون علیکم ویطوف بعضکم علی بعض یعنی وہ کثرت سے آتے جاتے ہیں تمہارے ہاں۔ تم بھی ایک دوسرے کے پاس کثرت سے آتے جاتے ہو۔

۶۰ پہلی آیت میں نابالغ بچوں کی گھر میں آمد و رفت کے قواعد بتائے۔ اس آیت میں جب وہ بچے بالغ ہو جائیں تو ان کے گھر میں آنے جانے کا طریقہ ذکر فرمایا جا رہا ہے۔

۶۱ قواعد جمع ہے۔ اس کا واحد قاعد ہے قاعدۃ نہیں۔ تاء تانیث کی اس لیے حذف کی گئی تاکہ پتہ چلے کہ یہ بیٹھنا بڑھاپے کی وجہ سے ہے جس طرح امراۃ حامل کہتے ہیں حاملۃ نہیں کہتے۔ تاکہ معلوم ہو کہ یہ عورت اپنے شکم میں بچے کو اٹھائے ہوئے ہے۔ قواعد سے مراد وہ عورتیں ہیں جو بچہ جننے سے عاجز ہو جائیں اور جنہیں حیض آنا بند ہو جائے۔ ربیعہ کہتے ہیں ھی التی اذا رأیتھا تستقذرھا من کبرھا یعنی وہ عورت کہ جب تو اسے دیکھے تو اس کی پیرانہ سالی کی وجہ سے اس سے نفرت کرنے لگے۔ ایسی عورت کو اجازت دی جا رہی ہے کہ وہ اوپر اوڑھنے والی

غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ۭ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ

بشرطیکہ وہ نہ ظاہر کرنے والی ہوں (اپنی) آرائش۔ اور ان کا اس سے بھی اجتناب کرنا ان کے لیے بہت بہتر ہے اور اللہ سب

عَلِيْمٌ ﴿۶۰﴾ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا

کچھ سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے۔ نہ اندھے پر کوئی حرج ہے اور نہ لنگڑے پر کوئی حرج ہے ۸۸ اور نہ

عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ

بیمار پر کوئی حرج ہے اور نہ تم پر اس بات میں کہ تم کھاؤ اپنے گھروں سے یا اپنے باپ

اٰبَاۗىِٕكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ

دادا کے گھروں سے، یا اپنی ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے

اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا

چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا ان

چادر اگر استعمال نہ کرے تو کوئی حرج نہیں۔ لیکن یہ اجازت اس وقت ہے جبکہ اس چادر کو استعمال نہ کرنے سے اس کے پیش نظر اپنی آرائش اور زینت کی نمود نہ ہو۔

۸۸ اس آیت کی تفسیر میں متعدد اقوال ہیں لیکن سب سے پسندیدہ وہ قول ہے جسے علامہ قرطبی نے ترجیح دی ہے۔ آپ فرماتے ہیں اس آیت کا ایک حصہ ولا علی المریض حرج پر ختم ہوتا ہے یعنی اگر کوئی شخص نابینا، لنگڑا اور بیمار ہو تو اس پر ایسے افعال کا ادا کرنا ضروری نہیں جس سے اسے تکلیف ہوتی ہو۔ اسی لیے جمعہ، جہاد وغیرہ سے یہ لوگ مستثنیٰ قرار دیے گئے ہیں۔ آیت کا دوسرا حصہ ولا علی انفسکم سے شروع ہوتا ہے جس میں یہ بتایا جا رہا ہے کہ وہ رشتہ دار یا احباب جن سے بے تکلفی ہو اور اگر ان کے ہاں سے کھایا جائے تو ان کے لیے فرحت اور عزت کا موجب ہو تو ایسے قریبی رشتہ داروں اور بے تکلف دوستوں کے ہاں سے کوئی چیز کھا لینا مباح ہے لیکن اگر وہ رشتہ دار یا دوست اس چیز کو ناپسند کریں تو پھر بلا اجازت ان کے ہاں سے کچھ کھانا درست نہیں جیسے متعدد احادیث سے واضح ہے۔ یہ لکھنے کے بعد علامہ قرطبی فرماتے ہیں فھذا معنی صحیح وتفسیر بین مفید یعضدہ الشرع والعقل (القرطبی) یعنی آیت کا یہی معنی صحیح ہے اور آیت کی یہ تفسیر واضح اور مفید ہے۔ شریعت اور عقل دونوں اس کی تائید کرتے ہیں۔

مَلَكْتُم مَّفَاتِحَهُ أَوْ صَدِيقِكُمْ ۚ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَأْكُلُوا جَمِيعًا

گھروں کی کنجیوں کے تم مالک ہو یا اپنے دوست کے گھر سے۔ نہیں ہے تم پر کوئی حرج اگر تم کھاؤ سب مل کر

أَوْ أَشْتَاتًا ۚ فَإِذَا دَخَلْتُم بُيُوتًا فَسَلِّمُوا عَلَىٰ أَنفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِندِ

یا الگ الگ۔ پھر جب تم داخل ہو گھروں میں تو سلامتی کی دعا دو اپنوں کو، وہ دعا جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے

ع ۸ / ۱۴ اللَّهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً ۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿٦١﴾

مقرر ہے جو بڑی بابرکت (اور) پاکیزہ ہے ۸۹ یونہی کھول کر بیان کرتا ہے اللہ تعالیٰ تمہارے لیے (اپنے) احکام تاکہ تم سمجھ لو

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَإِذَا كَانُوا مَعَهُ عَلَىٰ

بس سچے مومن تو وہ ہیں جو ایمان لاتے ہیں اللہ تعالیٰ پر اور اس کے رسول پر اور جب ہوتے ہیں آپ کے ساتھ کسی

أَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوا حَتَّىٰ يَسْتَأْذِنُوهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ

اجتماعی کام کے لیے تو وہاں سے چلے نہیں جاتے جب تک کہ آپ سے اجازت نہ لے لیں ۹۰ بلاشبہ وہ لوگ جو اجازت طلب کرتے

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ فَإِذَا اسْتَأْذَنُوكَ لِبَعْضِ

ہیں آپ سے یہی وہ لوگ ہیں جو ایمان لاتے ہیں اللہ کے ساتھ اور اس کے رسول کے ساتھ پس جب وہ اجازت مانگیں آپ سے اپنے کسی

۸۹ جب انسان کسی گھر میں داخل ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ اگر وہاں پہلے سے کوئی مسلمان موجود ہے تو کہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، اور اگر وہاں کوئی شخص موجود نہ ہو تو کہے السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین۔ اور اگر کوئی غیر مسلم وہاں رہائش پذیر ہو تو کہے السلام علی من اتبع الھدیٰ۔

۹۰ اس آیت کا شان نزول یہ ہے کہ جب ابوسفیان قریش مکہ اور دیگر قبائل عرب کو لے کر مدینہ طیبہ پر حملہ آور ہوا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ طیبہ کے ارد گرد خندق کھودنے کا حکم دیا۔ بلا کی سردی تھی مسلمانوں کے پاس خوراک کے ذخیرے بھی نہ ہونے کے برابر تھے۔ پیٹ بھر کر کھانا بھی نصیب نہیں ہوتا تھا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے غلام تو تعمیل ارشاد میں ہمہ تن مصروف تھے لیکن منافق چپکے چپکے کھسکنے لگے یا جھوٹے عذر پیش کر کے گھر جانے کی اجازت طلب کرنے لگے تو یہ آیت نازل ہوئی یعنی اہل ایمان کا یہ شیوہ نہیں کہ وہ ایسے نازک موقع پر بغیر اجازت حاصل کیے ہوئے کھسکنے

شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

کام کے لیے تو اجازت دیجیے ان میں سے جسے آپ چاہیں اور مغفرت طلب کیجیے ان کے لیے اللہ تعالیٰ سے بیشک اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۶۲﴾ لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَیْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ

تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ نہ بنالو رسول کے پکارنے کو آپس میں جیسے تم پکارتے ہو ایک دوسرے کو ۹۱

قَدْ یَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِیْنَ یَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْیَحْذَرِ الَّذِیْنَ یُخَالِفُوْنَ

اللہ تعالیٰ اچھی طرح جانتا ہے انھیں جو کھسک جاتے ہیں تم میں سے ایک دوسرے کی آڑ لے کر پس ڈرنا چاہیے انھیں جو

عَنْ اَمْرِهٖۤ اَنْ تُصِیْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ یُصِیْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۶۳﴾ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ

خلاف ورزی کرتے ہیں رسول کریم کے فرمان کی کہ انھیں کوئی مصیبت نہ پہنچے یا انھیں دردناک عذاب نہ آلے ۹۲ سن لو! بلاشبہ

مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قَدْ یَعْلَمُ مَاۤ اَنْتُمْ عَلَیْهِ ؕ وَیَوْمَ یُرْجَعُوْنَ

اللہ تعالیٰ کا ہی ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے۔ وہ خوب جانتا ہے جس حالت پر تم ہو اور اس دن جب وہ لوٹائے

اِلَیْهِ فَیُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۶۴﴾ ع ۹ ۱۵

جائیں گے اس کی بارگاہ کی طرف تو وہ انھیں آگاہ کرے گا جو انھوں نے کیا تھا۔ اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے

گئیں یا جھوٹے بہانے بنا کر واپس لوٹنے کی اجازت حاصل کریں۔

۹۱ بارگاہِ رسالت کا ادب و احترام ملحوظ رکھنے کا حکم دیا جا رہا ہے اور اس طرح خطاب کرنے سے منع کیا جا رہا ہے۔ جس طرح عام لوگ آپس میں ایک دوسرے کو خطاب کرتے ہیں۔ بارگاہِ رسالت میں شور مچانے، بلند آواز اور رُوکھے پھیکے انداز سے ندا کرنے کی ممانعت ہے۔ المعنی قولوا یا رسول اللہ فی رفق ولین ولا تقولوا یا محمد بتجھم۔ یعنی نرمی اور ملاطفت کے ساتھ یا رسول اللہ کہو اور گستاخانہ انداز سے یا محمد مت کہو۔ وقال قتادۃ: امرھم ان یشرفوہ ویفخموہ۔

۹۲ حضور کی نافرمانی پر مرتب ہونے والے عذاب سے ڈرایا جا رہا ہے۔

# تعارف سُورۃ الفُرقان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام : اس کا نام سُورۃ الفُرقان ہے جو پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔
نزول : یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس میں چھ رکوع ستتر آیتیں اور آٹھ سو بانوے کلمات تین ہزار سات سو تین حروف ہیں۔
مضامین : ابتدائی آیتوں میں اس سُورۃ کا ماحصل بڑی جامعیت سے بیان فرما دیا۔ قرآن، رسالت اور توحید اس کے بعد ان میں سے ہر ایک موضوع پر مشرکین کے جو اعتراضات و شبہات تھے ان کو ذکر کیا اور اپنے مؤثر انداز بیان اور مخصوص طرز خطاب سے ان کے جوابات دیئے اور ان کے شکوک کا ازالہ کیا۔ ساری سُورۃ میں اگر آپ غور فرمائیں گے تو دیگر ضمنی مسائل کے علاوہ یہی تین بنیادی چیزیں آپ کو نظر آئیں گی۔

سُورَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سَبْعٌ وَسَبْعُونَ اٰيَةً وَسِتُّ رُكُوعَاتٍ

سورۃ الفرقان مکی ہے اور اس کی ۷۷ آیتیں اور ۶ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا ۙ﴿۱﴾

بڑی (خیر و) برکت والا ہے لے وہ جس نے اتارا ہے الفرقان اپنے (محبوب) بندہ پر تاکہ وہ بن جائے سارے جہان والوں کو (غضب الٰہی سے)

الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ

ڈرانے والا۔ وہ جس کے لیے حکومت ہے آسمانوں اور زمین کی سے اور نہیں بنایا ہے اس نے کسی کو بیٹا اور نہیں اس کا

لے کیونکہ اس سورۃ میں معاندین سے خطاب ہو رہا ہے اور انہی کی اصلاح کی کوشش کی جا رہی ہے اس لیے اس سورۃ کا آغاز بڑے پُرجلال انداز میں فرمایا گیا۔

"تبارک" ایسا فعل ہے جو اللہ تعالیٰ کی ذات پاک کے لیے مخصوص ہے نیز فعل ہونے کے باوجود اس سے دیگر مشتقات مضارع، اسم فاعل وغیرہ نہیں بنتے۔ یہ برکۃ سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے خیر و نفع رسانی میں زیادتی۔ اس لیے تبارک کا معنی ہوگا زاد خیرہ و عطاءہ وکثر (بحر) اس کی خیر اور اس کی جود و عطا بہت زیادہ ہے۔ عقل سلیم کو اس روشن حقیقت کے تسلیم کرنے میں کیا تامل ہو سکتا ہے۔ اگر اس کی خیر اور نفع رسانی بے اندازہ نہ ہوتی، اگر اس کے جود و سخا کا دسترخوان ہر وقت بچھا ہوا نہ ہوتا تو نہ یہ عالم رنگ و بو ہوتا اور نہ اس کی یہ رونقیں اور رنگینیاں ہوتیں۔ اس کے فیوض سرمدی اور برکات لامتناہی کا سرچشمہ یہ صحیفہ ہدایت ہے جس کی حیات آفریں موجیں جہاں سے گزرتی ہیں وہاں خیر و صلاح کے چمن لہلہانے لگتے ہیں۔ اس آفتاب کی روشنی سے عرصۂ حیات کے سارے گوشے جگمگا رہے ہیں۔ اس کے نزول سے حق و باطل میں اختلاط و التباس کا دور ختم ہو گیا۔ اس لیے یہاں قرآن کی یہی صفت کہ یہ الفرقان ہے بیان کی گئی۔ اس کا نزول اس عبد کامل پر ہوا جہاں عبودیت کی انتہا ہو جاتی ہے۔ عبودیت کے اس اعلیٰ و ارفع مقام پر صرف اُسی محبوب کی رسائی ہے۔ اور اس کے نزول کا مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا یہ محبوب ترین اور اکمل ترین بندہ سارے جہانوں کو اللہ تعالیٰ کی حکم عدولی کے خوفناک انجام سے بروقت متنبہ فرما دے۔ کیونکہ یہاں روئے سخن سرکشوں اور معاندین کی طرف ہے اس لیے یہاں حضور کی صفت نذیری کا بیان ہی مناسب تھا۔ للعالمین کے لفظ سے واضح ہو گیا کہ حضور کی نبوت و رسالت، مکان و زمان کی حدود سے آشنا نہیں۔ اللہ تعالیٰ کے سوا

لَهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهُ تَقْدِيرًا ۝

کوئی شریک سلطنت میں اور اس نے پیدا فرمایا ہے ہر چیز کو پس اس نے مقرر کیا ہے ہر چیز کا ایک اندازہ ۳

وَاتَّخَذُوا مِنْ دُونِهِ آلِهَةً لَا يَخْلُقُونَ شَيْئًا وَهُمْ يُخْلَقُونَ وَ

اور بنا رکھے ہیں انھوں نے خدائے برحق کو چھوڑ کر ایسے خدا جو پیدا نہیں کر سکتے کسی چیز کو ۴ اور وہ خود پیدا کیے گئے ہیں

کائنات کی پستیوں اور بلندیوں میں جو کچھ ہے سب کے لیے آپ رسول ہیں اور جب تک یہ عالم برقرار رہے گا حضور کی رسالت کا پرچم لہراتا رہے گا۔

۲ اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ کی صفات کمال کو بیان فرمایا جا رہا ہے، بتایا کہ قرآن نازل کرنے والا وہ پروردگار ہے جس کی حکومت و بادشاہی کا ڈنکا آسمانوں اور زمینوں میں ہر جگہ بج رہا ہے۔ اس نے کسی کو اپنا فرزند نہیں بنایا نہ اسے اس کی کوئی ضرورت ہے کوئی شخص اس کی حکومت و سلطانی میں حصہ دار نہیں ہے کہ کچھ اس کا ہو اور کچھ اس کے شریک کا' ہر چھوٹی بڑی چیز کا وہی خالق ہے اور وہی مالک ہے۔

۳ اس کی حکمت و علم کا یہ عالم ہے کہ اس جہان میں ان گنت قسموں کی بے شمار چیزیں ہیں لیکن کیا مجال کہ کوئی چیز اپنے اندازے سے کم یا زیادہ ہو چیونٹی سے لے کر ہاتھی تک، ریت کے ذرّوں سے لے کر پہاڑوں تک ہر چیز اس حقیقت کی شہادت دے رہی ہے کہ بنانے والے نے ہر چیز کو پورے اندازے سے بنایا ہے۔ انسان اپنے آپ میں ہی غور کرے۔ اگر آنکھیں آگے کے بجائے سر کے پیچھے ہوتیں، آنکھوں پر پپوٹوں کا غلاف نہ ہوتا یا اس پر پلکیں نہ ہوتیں تو کیا اس نازک ترین چیز کی حفاظت ممکن تھی! اگر دل جہاں ہے وہاں سے ایک انچ اوپر نیچے ہوتا یا بائیں طرف کی بجائے دائیں طرف ہوتا تو یہ آناؤ دھڑکنی کا دم بھرنے والا انسان لمحہ بھر بھی زندہ رہ سکتا! غرضیکہ سارا نظام عالم اس دانائی اور کمال مہارت سے ترتیب دیا گیا ہے، ہر چیز کی وضع و قطع اور محل و مکان ایسی عمدگی سے مقرر کیا گیا ہے کہ اگر اس میں بال برابر بھی ردوبدل کیا جائے تو ہر چیز پاش پاش ہو جائے۔ خود سوچو جس کی سلطانی کا یہ عالم ہے کہ ساری بلندیاں اور پستیاں اس کے سامنے سر جھکائے ہوئے ہیں، جو ہر چیز کا خالق ہے، جس کے علم و حکمت کی گواہی ہر چیز دے رہی ہے۔ سوچو اور انصاف کرو کہ ایسے خداوند عالم و عالیان کو بیٹے کی کوئی ضرورت ہے اور اس کا کوئی شریک ہو سکتا ہے۔ اے غافلو! تم کس چکر میں پھنسے ہوئے ہو تم کیوں اس روشن حقیقت کو نہیں سمجھتے۔

۴ مقام حیرت ہے کہ ان مشرکین نے جنھیں اپنی دانشمندی پر بڑا ناز ہے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اپنے لیے ایسے معبود بنا رکھے ہیں جو ہر قسم کے عیوب و نقائص کا مجموعہ اور تمام خوبیوں سے یکسر معرا ہیں۔

لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً

اور نہیں قدرت رکھتے اپنے آپ کو نقصان (سے بچانے) کی اور نہ نفع پہنچانے کی اور نہیں طاقت رکھتے کسی کو مارنے کی اور نہ زندہ کرنے

وَّلَا نُشُوْرًا ﴿۳﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ ِۨافْتَرٰىهُ

کی اور نہ مرنے کے بعد جلانے کی۔ اور کہنے لگے کفار کہ نہیں یہ (قرآن) مگر محض بہتان جو گھڑ لیا ہے اس نے

وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۚۛ فَقَدْ جَاۗءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا ﴿۴﴾ وَ

اور مدد کی ہے اس کی اس معاملہ میں ایک دوسری قوم نے ۵ سو یہ (کہہ کر) انھوں نے بڑا ظلم کیا ہے اور سفید جھوٹ بولا ہے۔ اور

۵ کفار مکہ انکار توحید کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا بھی بڑے شدومد سے انکار کیا کرتے۔ انھوں نے یہاں تک بہتان تراشی کی کہ یہ کتاب اللہ تعالیٰ کی نہیں ہے بلکہ انھوں نے خود اسے تصنیف کیا ہے۔ یہ بات جوش غضب میں زبان سے تو نکل گئی لیکن خود ہی خیال آیا کہ وہ شخص جو امی ہے جس نے کسی انسان کے سامنے زانوئے تلمذ تہ نہیں کیا، جو آج تک کسی ادیب اور فلسفی کی صحبت میں نہیں بیٹھا وہ ایسی عظیم کتاب کا مصنف کیسے ہو سکتا ہے جس کی ہر سطر سے اسرار و معارف کے دریا بہ رہے ہیں چنانچہ وہ کہنے لگے کہ وہ تنہا اس کتاب کے مصنف نہیں ہیں بلکہ چند اور لوگ بھی اس کی تصنیف میں شریک ہیں جب ان سے پوچھا گیا کہ بتاؤ وہ نابغہ روزگار لوگ کون ہیں جن کی زبان سے علم و حکمت کے ایسے پھول جھڑ رہے ہیں جن کی نکہت سے چشم دل تازہ اور جن کی مہک سے مشام روح معطر ہو رہا ہے تو غلط گو لوگوں کی طرح کبھی کسی کا نام لیتے ہیں اور کبھی کسی کا کہیں قدم نہیں جمتے۔ کبھی عبید بن الخضر حبشی کاہن کا نام لیتے ہیں اور کبھی ابو فکیہہ، یسار، عداس اور جبر کا نام لیتے ہیں جو اہل مشرکین معاندین کے آزاد کردہ غلام تھے۔ آخر ایسے لوگ جن کی مادری زبان عربی نہیں، جن کی ساری زندگی اپنے بے مہر آقاؤں کی خدمت میں بسر ہوتی، جن کے احوال و اطوار یا گفتگو سے کبھی غیر معمولی قابلیت اور ذہانت کی بو کسی کو نہیں آئی وہ اس کتاب کے مصنف کیسے بن گئے جس کی فصاحت و بلاغت، جس کے حسن بیان اور زور استدلال نے عرب بھر کے ادیبوں اور دانشوروں کے چھکے چھڑا دیئے اور بار بار چیلنج دینے کے باوجود انھیں یہ جرأت نہ ہوئی کہ سارے عرب کے تمام فصحاء و بلغاء اپنی ساری قوتوں کو بروئے کار لا کر اس جیسی ایک کتاب یا کم از کم ایک چھوٹی سی سورت ہی پیش کر سکتے۔

اس لیے اللہ تعالیٰ نے ان کے شور و شر کے جواب میں اتنا کہہ کر ہی بات ختم کر دی کہ وہ ظالم ہیں اور سفید جھوٹ بول رہے ہیں۔ گویا ان کا یہ اعتراض اس قابل ہی نہیں کہ اس کا جواب دیا جائے یا اس کی طرف توجہ کی جائے۔

وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّ

کفار نے کہا یہ تو افسانے ہیں پہلے لوگوں کے ۴ جو اس شخص نے لکھوا لیے ہیں اور انھیں پھر یہ پڑھ کر سنائے جاتے ہیں اسے صبح

اَصِيْلًا ۝٥ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط

وشام (تاکہ ازبر ہو جائیں) آپ فرمائیے اُتارا ہے اس کو اس (خدا) نے جو جانتا ہے آسمانوں اور زمین کے سارے رازوں کو

اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝٦ وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ

واقعی وہ بہت بخشنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے ۵ اور کفار نے کہا کیا ہوا ہے اس رسول کو ۶ کہ کھانا کھاتا ہے

الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ط لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ

اور چلتا پھرتا ہے بازاروں میں۔ ایسا کیوں نہ ہوا کہ اُتارا جاتا اس کی طرف کوئی فرشتہ اور وہ اس کے

۴ پھر کہتے اس میں رکھا ہی کیا ہے یہی چند من گھڑت قصے اور پُرانے لوگوں کی داستانیں قصہ گویوں سے صبح وشام سُنیں، انھیں نمک مرچ لگایا اور ہمیں آکر سُنا دیا۔ کیا ایسی کتاب بھی اس قابل ہے کہ اسے اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کیا جائے۔ اکتتبہا: استکتبہا: کسی سے لکھوانا تملی: تقرء۔

۵ اس کے جواب میں اللہ نے اپنے رسول کو حکم دیا کہ تم فرماؤ کہ یہ سُنے سنائے قصے نہیں ہیں بلکہ اس علیم و خبیر کا کلام ہے جو زمین و آسمان کے ہر راز سے باخبر ہے۔ اگر تم اب بھی اپنی ہٹ دھرمی چھوڑ دو اور حق کو قبول کر لو تو وہ اپنی مغفرت کی چادر سے تم کو ڈھانپ دے گا اور اپنی رحمت کا دروازہ تمھارے لیے کھول دے گا۔ تمھاری سابقہ خطائیں سب معاف کر دی جائیں گی یہاں غفوراً رحیماً کا ذکر کتنا دلکش اور معنی خیز ہے۔

۶ اپنی باتوں کی بے سروپائی اُن پر بھی عیاں تھی وہ اپنے دل کی گہرائیوں میں خوب جانتے تھے کہ ان کی یہ بہتان تراشیاں کسی خردمند کو متاثر نہیں کر سکیں گی اور ان کی اس غوغا آرائی سے لوگ اس دینِ حق سے متنفر نہیں ہوں گے اس لیے انھوں نے پینترا بدلا اور کہنے لگے یہ عجیب رسول ہے۔ ہماری طرح کھاتا پیتا ہے، بازاروں میں چلتا پھرتا ہے۔ نہ اس کے ساتھ کوئی فرشتہ ہوتا ہے جو لوگوں کو بتائے کہ یہ خدا کا رسول ہے اور اگر تم نے اس کی پیروی نہ کی تو ہلاک کر دیئے جاؤ گے۔ آنکھیں بند کر کے ہم ایسے شخص کو کیسے رسول تسلیم کریں۔

مَعَهٗ نَذِيْرًا ۝۷ اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ۭ وَ

ساتھ مل کر وہ لوگوں کو ڈراتا یا (اگر ایسا نہیں تو) اتار دیا جاتا اس کی طرف خزانہ ف یا (کم از کم) اس کا ایک باغ ہی ہوتا کھایا کرتا

قَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝۸ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا

اس (کی آمدنی) سے اور (ان) ظالموں نے (یہاں تک) کہہ دیا کہ تم پیروی نہیں کر رہے ہو مگر ایک ایسے شخص کی جس پر جادو کیا گیا ہے۔ ملاحظہ تو کیجیے نلہ

ف اور کچھ نہیں تو کم از کم اتنا تو ہوتا کہ اس کے پاس زر و جواہرات کا خزانہ ہوتا خود بھی آرام و راحت سے زندگی بسر کرتا اور اپنے ماننے والوں کو بھی فکر روزگار سے آزاد کر دیتا یا اس کا ایک باغ ہی ہوتا جس کی آمدنی سے یہ اپنا وقت عزت و آرام سے گزارتا اور عسرت و تنگدستی سے پریشان نہ ہونا پڑتا۔ آخر میں کہتے کہ اس پر کسی نے جادو کر دیا ہے۔ اس لیے تو یہ (معاذ اللہ) ایسی بہکی بہکی باتیں کر رہا ہے۔ کفار مسلمانوں کو طعنے دیتے کہ یہ ہے تمہارا رسول جس کے پاس پھوٹی کوڑی بھی نہیں۔ تم ایسے آدمی کی پیروی کر رہے ہو جس پر جادو کر دیا گیا ہے اور اس کی عقل کا توازن برقرار نہیں رہا۔

نلہ ان کور باطنوں کے پاس وہ آنکھ کہاں جو نورِ محمدی کو دیکھ سکے۔ ان کے بشری حواس بھی کفر و شرک کے تعفن کے باعث ایسے ماؤف ہو چکے ہیں کہ بشریت کاملہ کے اس مرقعۂ زیبا اور پیکرِ حسن و جمال کی رعنائیوں کو بھی دیکھنے سے یکسر قاصر ہیں۔ ان کی کوتاہ بینی صرف بازاروں میں اس کا چلنا دیکھ سکی لیکن عرش کی بلندیوں پر اس کا محوِ خرام ناز ہونا انھیں دکھائی نہ دے سکا۔ یہ کہتے ہیں کہ ان کے ساتھ کوئی فرشتہ نہیں ہوتا۔ فرشتوں کے سردار تو اس کی رکاب تھامنے اور باگ پکڑنے کو اپنے لیے باعثِ عز و افتخار سمجھتے ہیں۔ اسے تو ہر وقت میری معیت حاصل ہے جو فرشتوں کا خالق و مالک ہوں "فانك باعيننا" (تو ہماری قدرت کی نگاہوں میں بس رہا ہے) کی شان سے وہ بے خبر ہیں۔ وہ یہی دیکھتے رہے کہ یہ پھٹے پرانے کپڑے زیب تن فرماتا ہے۔ اس کے ہاں اکثر جو کی روٹی پکتی ہے۔ بلکہ کئی کئی ماہ تک اس کے ہاں چولہا بھی گرم نہیں ہوتا۔ اس سے انھوں نے یہ اندازہ لگایا کہ یہ مفلس ہے، نادار ہے۔ لیکن انھوں نے انا اعطينك الكوثر پر غور کرنے کی زحمت گوارا نہ کی۔ انھوں نے میرے محبوب کی یہ بات سننے سے کان بند کر لیے أعطيتُ مفاتيحَ خزائنِ الارض (بخاری)۔ مجھے ساری زمین کے سارے خزانوں کی کنجیاں دے دی گئی ہیں۔ دنیا اور دنیا کی متاع فانی کو اس نے اپنے دامنِ استغنا سے گرد کی طرح جھاڑ دیا ہے۔ اس کی نگاہ مازاغ کو تو حوروں کا حسن جنت کی بہاریں، عرش و کرسی کی عظمتیں اپنی طرف متعطف نہ کر سکیں۔ وہ تو میرے حسنِ حقیقی کے مشاہدہ میں لعمتِ استغراق سے سرشار ہے اور کفار اپنی نادانی اور کم ظرفی کے باعث یہ سمجھنے لگے ہیں کہ مفلس ہے نادار ہے۔ انھیں کیا معلوم، ؏

دو جہاں کی نعمتیں ہیں اس کے خالی ہاتھ میں

وہ کہتے ہیں کہ اس کے پاس کوئی باغ نہیں کتنے کور دل ہیں یہ کہنے والے! یہ سارا گلشنِ عالم اُس کا ہے فردوس بریں کے

لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۝ تَبٰرَكَ الَّذِيْٓ اِنْ ع ١٦

کیسے بیان کرتے ہیں آپکے متعلق طرح طرح کی مثالیں سو وہ (اس بےادبی کے باعث) گمراہ ہوگئے پس وہ نہیں پا سکتے کوئی راستہ ۔ بڑی خیر و برکت والا

شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

ہے اللہ تعالیٰ جو اگر چاہے تو بنا دے آپ کے لیے بہتر اس سے سلہ (یعنی ایسے) باغات رواں ہوں جن کے نیچے نہریں۔

در و دیوار، قصور و اشجار پر اسی کا نام نقش ہے۔ اے محبوب تیرے مقام کو نہ پہچان کر تیری عظمت سے بےخبر رہ کر تیری شان کا انکار کر کے وہ خود بھی گمراہ ہوئے اور لوگوں کو بھی گمراہ کیا۔ کاش انھیں صدیق کی آنکھ اور بلال کا دل نصیب ہوتا تو انھیں تیرے حسن سرمدی اور تیری محبوبیت کا پتہ چلتا۔ بارگاہِ رسالت کا شاعر مسجد نبوی میں منبر پر کھڑا ہوا کچھ کہہ رہا ہے، ذرا اسے سنو تو ؎

وَاَجْمَلُ مِنْكَ لَمْ تَرَ قَطُّ عَيْنِيْ ۔۔۔ وَاَحْسَنُ مِنْكَ لَمْ تَلِدِ النِّسَآءُ

خُلِقْتَ مُبَرَّاً مِّنْ كُلِّ عَيْبٍ ۔۔۔ كَاَنَّكَ قَدْ خُلِقْتَ كَمَا تَشَآءُ

چشم فلک نے اے محبوب کہیں بھی اور کبھی بھی تجھ سے زیادہ خوبصورت کوئی نہیں دیکھا اور کسی عورت نے کسی زمانہ میں آپ سے زیادہ حسین و جمیل بچہ نہیں جنا۔ پیدا کرنے والے نے تجھے ہر عیب سے پاک پیدا کیا ہے یوں معلوم ہوتا ہے کہ تیری تخلیق اس طرح کی گئی ہے جیسے تیری مرضی تھی۔ اور یہی حسان ایک دوسرے موقع پر یوں حقیقت کی ترجمانی کرتے ہیں ؎

لَهٗ هِمَمٌ لَا مُنْتَهٰى لِكِبَارِهَا ۔۔۔ وَهِمَّتُهُ الصُّغْرٰى اَجَلُّ مِنَ الدَّهْرِ

اس کے بڑے بڑے حوصلوں اور ہمتوں کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔ اس کا سب سے چھوٹا حوصلہ زمانے سے بھی بزرگ تر ہے۔ لیکن نہ وہ عشق و محبت کی راہ پر چلے اور نہ انھیں تیری معرفت نصیب ہوئی وہ بدنصیب اعتراضات اور الزامات کے خارزاروں میں ہی سر پٹخ کر رہ گئے۔ اسی لیے تو کبھی کہتے ہیں کہ جادوگر ہے۔ کبھی کہتے ہیں کہ نہیں اس پر کسی نے جادو کر دیا ہے کبھی کہتے ہیں خود کلام گھڑتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر دیتا ہے۔ کبھی کہتے ہیں بہت سے لوگ اس کی امداد کرتے ہیں۔ کبھی کہتے ہیں شاعر ہے۔ غرضیکہ کوئی بات بن نہیں آتی کہیں قدم نہیں جمتے۔ یوں ہی واہی تباہی بک رہے ہیں۔ حقیقت کا راستہ گم کر بیٹھے ہیں اور ظن و تخمین کے ریگزاروں میں بھٹکتے پھرتے ہیں۔

سلہ اللہ تعالیٰ کی جود و عطا سے کیا بعید ہے کہ وہ آپ کو یہ ظاہری باغ بھی دے دیتا۔ اس میں نہریں رواں ہوتیں اور آپ کی رہائش کے لیے بڑے بڑے خوبصورت اور شاندار محل ہوتے۔ لیکن جس دین حق کی تبلیغ کی عزت آپ کو بخشی گئی ہے اس کے سامنے یہ ساری نعمتیں ہیچ ہیں۔ حدیث پاک میں ہے کہ اس آیت کو لے کر (خازن جنت) بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے۔ رضوان نے بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر سلام عرض کیا۔ پھر کہا یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم رب العزت آپ کو

وَيَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ﴿١٠﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ

اور بنادے آپ کے لیے بڑے بڑے محلات - بلکہ یہ تو جھٹلاتے ہیں قیامت کو ؂۱ اور ہم نے تیار کر رکھی ہے ان کے

بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ﴿١١﴾ اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا

لیے جو جھٹلاتے ہیں قیامت کو بھڑکتی ہوئی آگ جب یہ آگ دیکھے گی انھیں دُور سے ؂۱ تو وہ سنیں گے اس کا جوش مارنا

وَّزَفِيْرًا ﴿١٢﴾ وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ﴿١٣﴾

اور چنگھاڑنا - اور جب انھیں پھینکا جائیگا اس آگ میں کسی تنگ جگہ سے زنجیروں میں جکڑ کر تو پکاریں گے وہاں موت کو

سلام فرماتے ہیں اور یہ ایک صندوقچی ہے - اس صندوقچی میں سے نُور چمک رہا تھا - اور اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ھذہ مفاتیح خزائن الدنیا - اس میں دُنیا کے سارے خزانوں کی کنجیاں ہیں آپ یہ لے لیں ، اس کی وجہ سے آپ کے آخرت کے اجر میں مچھر کے پر کے برابر بھی کمی نہیں ہوگی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبرئیلؑ کی طرف دیکھا - گویا آپ اس کی رائے پوچھ رہے ہیں جبرئیلؑ نے اپنا ہاتھ زمین پر مارا یہ اشارہ کرنے کے لیے کہ آپ تواضع اختیار کریں حضورؐ نے فرمایا" یا رضوان لاحاجة لی فیہا الفقر احب الیّ وان اکون عبدا صابرا شکورا " اے رضوان مجھے ان کی ضرورت نہیں - مجھے فقر زیادہ پسند ہے اور مجھے یہ چیز زیادہ مرغوب ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کا صابر اور شکر گزار بندہ بنوں - وقال رضوان اصبت اللہ لك (قرطبی) آپ کا یہ فیصلہ درست ہے اللہ آپ کا ہے اللہ لک میں جو لطف ہے اس سے اہل ذوق ہی لطف اندوز ہو سکتے ہیں - اعلیٰ حضرت نے کیا خوب کہا ہے ؎

میں تو مالک ہی کہونگا کہ ہو مالک کے حبیب
اور محبوب و محب میں نہیں میرا تیرا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "عرض علی ربی ان یجعل لی بطحاء مکة ذھبا وقلت لا یا رب ولکن اشبع یوما واجوع یوما " (مظہری) میرے رب نے میرے سامنے یہ چیز پیش کی کہ میرے لیے مکہ کے پہاڑوں کو سونا بنا دے - میں نے عرض کی لا یا رب نہیں میرے مولا ، بلکہ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ ایک دن سیر ہو کر کھاؤں (اور تیرا شکر ادا کروں) اور ایک دن بھوکا رہوں (اور صبر کروں) ؎

گزید فقر کہ فرماں روائے ملک ابد
بہشت خاک ندارد ہوائے سلطانی

؂۱ ان کی یہ تنگ بندیاں اور بہتان تراشیاں اسی لیے تو ہیں کہ انھیں قیامت پر یقین نہیں اگر انھیں یہ علم ہو جاتا کہ کل روز محشر ان ہرزہ سرائیوں کے بارے میں ان سے باز پرس ہوگی تو ایسی بے ادبیاں نہ کرتے -

؂۱ اُس روز کفار و مشرکین پر جو گزرے گی اس کا حال بیان فرمایا تاکہ وہ اب بھی غوایت و ضلالت سے باز آجائیں

لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ﴿۱۴﴾ قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ

(کہا جائیگا بدبختو!) نہ مانگو آج ایک موت ۱۳ بلکہ مانگو بہت سی موتیں۔ ان سے پوچھیے (ذرا بتاؤ) یہ بھڑکتی ہوئی آگ

اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّمَصِيْرًا ﴿۱۵﴾

بہتر ہے یا دائمی جنت ۱۴ جس کا وعدہ پرہیزگاروں سے کیا گیا ہے۔ ہوگی یہ جنت ان کے اعمال کا صلہ اور (ان کی) زندگی کا انجام

لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ؕ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْئُوْلًا ﴿۱۶﴾

ان کے لیے اس میں ہر وہ نعمت ہوگی جس کی وہ خواہش کریں گے ۱۵ وہاں ہمیشہ رہیں گے آپ کے رب کے ذمہ یہ وعدہ ہے جس کا ایفا لازم ہے

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ

اور جس روز (محشر میں) اللہ انھیں اکٹھا کرے گا اور ان (باطل خداؤں) کو جنھیں یہ پوجتے ہیں اللہ کے سوا۔ تو اللہ پوچھے گا (ان

اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰۤؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۱۷﴾ؕ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ

معبودوں سے) کیا تم نے گمراہ کیا میرے ان بندوں کو یا وہ خود ہی سیدھی راہ سے بھٹک گئے تھے ۱۶ وہ کہیں گے تو پاک ہے

اور دوزخ کی ان تکلیفوں سے اپنے آپ کو بچائیں جن کے ذکر سے ہی کلیجہ منہ کو آجاتا ہے۔ تغیظ: صوت تغیظ ھی صوت غلیانھا شبیھا بصوت المتغیض۔ شعلوں کے بھڑکنے سے ایسی آواز پیدا ہوگی جیسے کوئی غیظ وغضب سے بڑبڑا رہا ہو۔ زفیر: تردّد النفس حتی تنتفخ الضلوع منه (مفردات) یعنی سانس کے پھولنے کی آواز جس سے پسلیاں پھول جائیں۔ گدھا جب ہینگتا ہے تو اس کی آواز کے پہلے حصہ کو زفیر اور آخری کو شہیق کہتے ہیں۔ مقرنین: زنجیر وسلاسل میں جکڑے ہوئے۔

۱۳ انھیں جب زنجیر وسلاسل میں جکڑ کر بھڑکتے ہوئے اور غضب سے چیختے چنگھاڑتے ہوئے دوزخ میں پھینکا جائے گا تو ہر ایک کہے گا ہائے میں تباہ وبرباد ہوگیا، ہلاک ہوگیا۔ سب سے پہلے شیطان واثبوراہ کہہ کر چلائے گا اور اس کے بعد اس کے چیلے۔

۱۴ دوزخ اور اس کی کربناکیوں کا ایسا موثر منظر پیش کیا گویا وہ اب ہی اسے آنکھوں سے دیکھنے لگے ہیں اور ان سے یہ پوچھنے کا حکم دیا جا رہا ہے۔

۱۵ اہل جنت کی عزت افزائیوں کا ذکر فرمایا کہ اس دنیا میں انھوں نے ایسی زندگی گزاری جیسے ہم نے انھیں حکم دیا تھا اس کے احکام سے سرمو سرتابی نہ کی اور جنت میں ہم ان کی ایسی دلداری کریں گے کہ جو وہ چاہیں گے وہ مہیا کر دیا جائیگا یہ اللہ کا پختہ وعدہ ہے جس کی خلاف ورزی نہیں ہو سکتی

۱۶ تمام مشرکین کو بتایا جا رہا ہے کہ جن کو تم نے اپنا معبود بنا رکھا ہے اور ہر وقت ان کی پوجا پاٹ میں لگے رہتے ہو،

مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ

(ہر عیب سے) ہمیں یہ بات زیبا نہ تھی کہ ہم بناتے تیرے سوا کسی غیر کو دوست لیکن تو نے

مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۸﴾ فَقَدْ

آرام و آسائش عطا کی انھیں اور ان کے آباء کو یہاں تک کہ انھوں نے بھلا دیا تیری یاد کو اور دلیل) وہ لوگ تباہ و برباد ہونے والے تھے

كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ

تمہارے معبودوں نے تمھیں جھٹلا دیا جو تم کہتے ہو پس اب نہ تم اپنے سے عذاب کو پھیر سکتے ہو اور نہ تمھاری مدد کی جائیگی اور جس نے

يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿۱۹﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ

ظلم کیا تم میں سے تو ہم چکھائیں گے اُسے عذاب بڑا۔ اور نہیں بھیجے ہم نے آپ سے پہلے

قیامت کے دن اللہ تعالیٰ انھیں اپنی بارگاہ میں طلب کریگا اور تم بھی اُن کے ساتھ ہوگے۔ اس وقت ان معبودوں سے پوچھا جائیگا کہ کیا تم نے انھیں کہا تھا کہ ہمیں خدا بناؤ اور ہماری عبادت کرو۔ اے مشرکین اُس لو اس وقت تمہارے سارے معبود دیوی دیوتا سب کہیں گے اے خداوند عالم تو ہر قسم کے شرک سے پاک اور منزہ ہے۔ ہم یہ جرأت کیونکر کر سکتے تھے کہ لوگوں کو اپنی عبادت کا حکم دیں۔ ان لوگوں کی گمراہی کی وجہ یہ نہیں کہ ہم نے انھیں ایسا کہا تھا بلکہ دولت و عزت کی فراوانی اور مہلت کی طوالت نے انھیں بدمست بنا دیا اور وہ تیری یاد سے غافل ہوگئے۔

وہ کون معبود ہیں جن کو قیامت کے روز طلب کیا جائے گا۔ ضحاک اور عکرمہ نے کہا ہے کہ وہ بُت ہیں جن کی یہ عبادت کیا کرتے تھے۔ اس روز ان کو قوت گویائی بخشی جائے گی اور وہ جواب دیں گے۔ لیکن مجاہد اور ابن جریر نے کہا ہے کہ تمام معبودوں کو بلایا جائے گا۔ فرشتے، جن، انسان، مسیح، عزیر وغیرہم۔ وہ سب اپنی براءت کریں گے کہ ہم نے کسی کو اپنی پوجا کرنے کی تلقین نہیں کی۔ اور یہی قول زیادہ صحیح ہے تاکہ ساری مشرک قوموں کے معبودوں کا ذکر آجائے۔ ان میں سے جنھوں نے خدائی کا دعویٰ نہیں کیا ہوگا بلکہ لوگوں نے ناحق انھیں معبود خدا بنا لیا ہوگا۔ ان کا تو یہ جواب صداقت پر مبنی ہوگا لیکن فرعون و نمرود وغیرہما جنھوں نے اپنی اُلوہیت کا دعویٰ کیا اور لوگوں کو مجبور کیا کہ وہ انھیں خدا مانیں، وہ بھی اُس روز مُکر جائیں گے۔

بُور۔ هلكیٰ۔ ہلاک و برباد۔ یہ اسم مصدر ہے۔ واحد جمع، تذکیر تانیث سب حالتوں میں استعمال ہوتا ہے اور بعض کی رائے ہے کہ یہ بائر کی جمع ہے جس طرح عائذ کی عوذ اور ھائد کی ھود۔ (قرطبی)

الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ ؕ وَ

رسول ۱۸ مگر وہ سب کھانا کھایا کرتے اور چلا پھرا کرتے بازاروں میں اور

جَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ؕ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ۲۰

ہم نے بنادیا تمھیں ایک دوسرے کے لیے آزمائش ۱۹ کیا تم اس آزمائش میں صبر کروگے؟ اور آپکا رب سب کچھ دیکھ رہا ہے ۲۰

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ

اور کہا ان لوگوں نے جو امید نہیں رکھتے تھے ہم سے ملنے کی کہ کیوں نہ اتارے گئے ہم پر فرشتے ۔ ۲۱

۱۸ یعنی کفار کا آپ پر اعتراض کرنا کہ آپ کھانا تناول فرماتے ہیں اور بازاروں میں جاتے ہیں بالکل لغو ہے۔ آپ سے پہلے بھی جتنے رسول ہم نے بھیجے وہ سب کھانا کھایا کرتے اور کام کاج کے لیے بازاروں میں تشریف لے جاتے۔ کھانا کھانا اور بازاروں میں جانا مقامِ رسالت اور شانِ نبوت کے منافی نہیں۔ جیسے ان لوگوں نے سمجھ رکھا ہے۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ کفار کے اس اعتراض سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم رنجیدہ خاطر ہوئے۔ فوراً جبرئیل آپہنچے۔ وقال السلام علیك یا رسول اللہ اللہ ربك یقرءك السلام ویقول لك وما ارسلنا قبلك الآیہ۔ یعنی جبرئیل نے آکر عرض کیا السلام علیک یارسول اللہﷺ اللہ تعالیٰ جو آپ کا رب ہے وہ سلام فرماتا ہے اور اس کا یہ ارشاد ہے وما ارسلنا الآیۃ (قرطبی) یہ آیت پڑھ کر سنائی۔ خاطر حبیب کی اتنی گرانی بھی گوارا نہ ہوئی۔

۱۹ یعنی ہر شخص اپنے مقابل سے آزمایا جاتا ہے۔ علامہ قرطبیؒ نے بڑی جامع اور مختصر بات لکھی ہے فالفتنۃ ان یحسد المبتلا المعافی ویحقر المعافی المبتلاء۔ کسی مصیبت (مرض، فقر) میں مبتلا ہونے والے کا خیر و عافیت سے زندگی بسر کرنے والے پر حسد کرنا اس کے لیے فتنہ ہے اور خیر و عافیت سے زندگی بسر کرنے والے کا کسی گرفتارِ بلا کو حقیر سمجھنا اس کے لیے فتنہ ہے۔ اس عمومی آزمائش میں کامیاب ہونے کا طریقہ بتادیا اتصبرون یعنی صبر کا دامن اپنے ہاتھ میں مضبوطی سے پکڑے رہو۔ یہ جملہ استفہامیہ اصبروا امر کے معنی میں ہے یعنی صبر کرو جیسے فھل انتم منتھون کا معنی انتھوا ہے۔ اس فتنہ سے بچنے کے لیے رحمتِ عالم کا یہ ارشادِ گرامی بھی ڈھال کا کام دیتا ہے ارشاد ہے اِذَا نَظَرَ اَحَدُكُمْ اِلٰى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِي الْمَالِ وَالْجِسْمِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلَ مِنْهُ (بخاری، مسلم) جو شخص کسی ایسے آدمی کو دیکھے جو مال اور حسن و صحت میں اس سے افضل ہے تو اسے چاہیے کہ فوراً نگاہ ان کی طرف پھیرے جو اس سے بھی زیادہ نادار ہیں یا جسمانی لحاظ سے کمزور ہیں۔

۲۰ اللہ تعالیٰ سب کو دیکھ رہا ہے اور ہر شخص کا طریقۂ کار اس پر عیاں ہے۔

۲۱ کفار ایمان لانے کے لیے عجیب عجیب شرطیں عائد کرتے ہیں۔ کبھی کہتے کہ فرشتے اتر کر ہمارے پاس آئیں،

أَوْ نَرٰى رَبَّنَا ۭ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِىْٓ اَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ﴿۲۱﴾

یا ہم دیکھ لیتے اپنے رب کو وہ اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھنے لگے تھے اپنے دلوں میں اور انھوں نے حد سے بڑھ کر سرکشی کی

يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰۗىِٕكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَىِٕذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَيَقُوْلُوْنَ

جس روز وہ دیکھیں گے فرشتوں کو تو کوئی خوشی کی بات نہ ہوگی اس روز مجرموں کے لیے ۲۲؎ اور فرشتے کہیں گے تمہارے

حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿۲۲﴾ وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ

لیے جنت کا داخلہ قطعاً حرام ہے۔ اور ہم متوجہ ہونگے ان کے کاموں کی طرف ۲۳؎ اور انھیں گرد و غبار

کبھی کہتے اللہ تعالیٰ بے حجاب ہو کر ہمارے سامنے آتے تاکہ ہم اپنی آنکھوں سے اسے دیکھ کر تسلی کریں۔ ارشاد ہوتا ہے ان مغروروں نے اپنے آپ کو سمجھ کیا رکھا ہے۔ کیا وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ خدا اور رسول کو ان کے ایمان لانے کی بڑی ضرورت ہے اس لیے وہ جو مطالبہ کریں گے خواہ کتنا نامعقول ہی ہو اسے ضرور پورا کیا جائے گا۔ وہ اس غلط فہمی کو اپنے دل سے نکال دیں۔

۲۲؎ اگر ان کی خواہش کے مطابق فرشتے ان کے پاس اتر کر آئیں بھی تو وہ دن ان کے لیے فرحت و مسرت کا دن نہیں ہوگا۔ فرشتے ان کے لیے کوئی خوشخبری لے کر نہیں آئیں گے بلکہ انھیں یہ بتانے آئیں گے کہ توبہ کی مہلت ختم ہو گئی اور تمہارے لیے بہشت کا دروازہ بند کر دیا گیا اور اس میں تمہارا داخلہ ممنوع قرار دے دیا گیا ہے۔ تقول الملائكة حراما محرما ان يدخل الجنة الا من قال لا اله الا الله واقام شرائعها ومحجورا صفة تؤكد معنى حجرا كما قالوا موت مائت وذيل ذائل۔ یعنی فرشتے کہیں گے کہ جنہوں نے کلمہ شہادت نہیں پڑھا اور شریعت کے احکام کی پابندی نہیں کی ان کا جنت میں داخلہ قطعاً حرام اور ممنوع ہے۔ اس صورت میں حجرا موصوف محجورا صفت برائے تاکید ہوگی جیسے کہتے ہیں موت مائت وغیرہ۔ یہ توجیہ کی جائے تو یقولون کا فاعل ملائکہ ہوں گے لیکن بعض علماء کے نزدیک اس کا فاعل کفار ہیں۔ ابن جریج کہتے ہیں عرب جب کسی مصیبت میں گھر جاتے ہیں تو کہتے ہیں حجرا محجورا معناه عوذا معوذا۔ ہائے بچاؤ، ہائے بچاؤ (مظہری)۔ علامہ آلوسی اس کی مزید وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں وهي كلمة تقول العرب عند لقاء عدو موتور وهجوم نازلة هائلة يدعونها موضع الاستعاذة حيث يطلبون من الله تعالى ان يمنع المكروه فلا يلحقهم وكان المعنى نسأل الله تعالى ان يمنع ذلك منعا ويحجره حجرا (روح المعاني)

۲۳؎ ان کے وہ اعمال جن پر ان کو بڑا بھروسا تھا وہ سب خاک کے ذروں کی طرح منتشر کر کے اڑا دیئے جائیں گے کیونکہ عامل میں ایمان اور عمل میں اخلاص مفقود تھا۔ روشندان سے جب دھوپ اندر آ رہی ہو اس میں جو باریک ذرّے نظر آتے ہیں ان کو ھباء کہا جاتا ہے۔ آیت میں قدمنا بمعنی قصدنا مستعمل ہے۔ یقال قدم فلان الی

هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿۲۳﴾ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّ اَحْسَنُ

بنا کر اڑا دیں گے۔ اہل جنت کا اس دن بہت اچھا ٹھکانا ہوگا اور دوپہر گزارنے کی جگہ بڑی

مَقِيْلًا ﴿۲۴﴾ وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا ﴿۲۵﴾

آرام دہ ہوگی ۲۴؎ اور یاد کرو جس روز پھٹ جائیگا آسمان اور بادل نمودار ہوگا ۲۵؎ اور اتارے جائینگے فرشتے گروہ در گروہ۔

اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ ۨالْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ؕ وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ﴿۲۶﴾

اس دن سچی بادشاہی (خداوند) رحمن کی ہوگی ۲۶؎ اور وہ دن کافروں کے لیے بڑا مشکل ہوگا ۲۷؎

وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِى اتَّخَذْتُ مَعَ

اور اس روز ظالم (فرط ندامت سے) کاٹے گا اپنے ہاتھوں کو (اور) کہے گا کاش! میں نے اختیار کیا ہوتا رسول

امر کذا ای قصدہ وقال مجاہد قدمنا ای عمدنا (قرطبی)

۲۴؎ اب جنتیوں کے ساتھ جو سلوک ہوگا وہ سنیے اور کوشش کیجیے اس عمر ناپائیدار کو یوں خرچ کرنے کی کہ اللہ تعالیٰ راضی ہو جائے اور اس کا محبوب خوش ہو جائے تاکہ جنت کی نعمتوں کے علاوہ نعمتِ دیدار سے بھی لطف اندوز ہونے کا موقع ملے۔ مقیل: قیلولہ کرنے کی جگہ۔

۲۵؎ وقوعِ قیامت کا ہولناک منظر بتایا جا رہا ہے۔ مفسرین کرام نے اس آیت کا یہی مفہوم بیان فرمایا ہے کہ آسمان پھٹ جائے گا اور اس کی جگہ سفید رنگ کا پتلا سا بادل لے لیگا جو کہر کی مانند ہوگا۔ روی ان السمآء تنشقق عن سحاب ابیض رقیق مثل الضبابۃ (قرطبی)۔

۲۶؎ فانی بادشاہیاں اور جھوٹی حکومتیں اور ان کے دعویدار سب ناپید ہو جائیں گے اور حقیقی شہنشاہی اور سلطانی کے تخت پر اللہ تعالیٰ نزول اجلال فرمائے گا علامہ ابن کثیر اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں:

حدیث صحیح میں ہے کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں کو لپیٹ کر اپنے دائیں ہاتھ میں لے لے گا اور دوسرے ہاتھ میں زمینوں کو لے لیگا، پھر فرمائے گا: انا الملک انا الدیان این ملوک الارض این الجبارون این المتکبرون؟ میں بادشاہ ہوں۔ کہاں ہیں زمین کے بادشاہ، کہاں ہیں وہ سرکش اور متکبر؟ ہر طرف سناٹا چھا جائے گا کوئی دم نہ مار سکے گا۔

۲۷؎ وہ دن کفار کے لیے تو انتہائی ندامت اور مصیبت کا دن ہوگا۔ لیکن اہل ایمان اس روز خرم و شاداں ہوں گے۔ لایحزنھم الفزع الاکبر۔ انھیں وہ دل ہلا دینے والی گھبراہٹ غمناک نہ کرے گی۔ حضرت ابو سعید خدری

# الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿۲۷﴾ يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿۲۸﴾

(کرم) کی معیت میں (نجات کا) راستہ ﴿۲۷﴾ ہائے افسوس! کاش نہ بنایا ہوتا میں نے فلاں کو اپنا دوست۔

فرماتے ہیں کہ بارگاہِ رسالت میں عرض کی گئی کہ یارسول اللہ! قیامت کا دن تو پچاس ہزار سال کے برابر ہوگا۔ اتنی طویل مدت کیسے کٹے گی حضورؐ نے فرمایا والذی نفسی بیدہ انہ لیخفف علی المومنین حتی یکون اخف علیہ من صلاۃ مکتوبۃ یصلیھا فی الدنیا (مسند امام احمد: ابن کثیر)

مجھے اُس کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے، یہ طویل مدت مومن کے لیے اتنی ہوگی جتنی فرض نماز جسے وہ دُنیا میں ادا کرتا ہے۔

۲۸ے مفسرین کرام لکھتے ہیں کہ عقبہ بن ابی مُعیط جب کبھی سفر سے واپس آتا تو دعوتِ عام کرتا جس میں اہلِ مکہ شریک ہوتے۔ یہ اکثر حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوتا، حضورؐ کی باتیں سُنتا اور انھیں پسند کرتا۔ ایک دفعہ وہ سفر سے واپس آیا تو اُس نے حسبِ دستور دعوتِ عام کا اہتمام کیا اور حضورؐ کو بھی دعوت دی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک تو شرف باسلام نہ ہو، میں تیری دعوت قبول نہیں کروں گا۔ چنانچہ اُس نے کلمہ شہادت پڑھا اور اپنے اسلام کا اعلان کر دیا۔ ابی بن خلف سے عقبہ کا بڑا یارانہ تھا، اُس نے سُنا تو آکر کہا کہ اے عقبہ سُنا ہے تم مرتد ہو گئے ہو۔ اُس نے کہا ہرگز نہیں، میں نے محض ایک غرض کے لیے اسلام کا اظہار کیا ہے۔ اُبی کہنے لگا میں تم سے اس وقت تک راضی نہیں ہوں گا، جب تک تو اس کے پاس جا کر ایسی ایسی گستاخیاں نہ کرے۔ عقبہ اپنے یار کو خوش کرنے کے لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس گیا اور وہ ساری گستاخیاں کیں جن کی فرمائش اس کے یار نے کی تھی۔ یہاں تک کہ اُس نے رُخِ انور پر تھوکنے کی جسارت بھی کی لیکن اللہ تعالیٰ نے اسی تھوک کو آگ کا انگارا بنا کر لوٹایا اور اس کے منہ پر دے مارا جس سے اُس کا منہ جل گیا اور مرتے دم تک گالوں پر داغ رہا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا جب سرزمینِ مکہ سے باہر تیری ملاقات ہوگی تو علوت رأسك بالسیف "تیرا سر تلوار سے اُڑا دوں گا"۔ یہ بات اس کے دل میں تیر کی طرح پیوست ہو گئی۔ کئی سال بعد جب اہلِ مکہ بدر کی طرف جانے لگے تو اس نے پہلوتہی کرنا چاہی اور کہا تمھیں معلوم ہے اس شخص نے مجھے جو دھمکی دی تھی اور جو بات اس کے مُنہ سے نکلتی ہے پوری ہو کر رہتی ہے۔ مجھے یہیں رہنے دو۔ انہوں نے کہا تم بھی عجیب آدمی ہو پہلے تو اس کے غالب آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اور اگر بفرضِ محال کوئی ایسی صورت پیش آ بھی گئی تو تمھارے پاس تیز رفتار سُرخ اُونٹ ہے اس پر سوار ہو کر بھاگ جانا۔ چنانچہ اسے اپنی بدبختی لے گئی کفر کو شکست ہوئی، یہ اپنے اُونٹ کو لے کر بھاگا۔ لیکن وادیوں کے پیچ وخم میں اُلجھ کر رہ گیا اور اسے گرفتار کر لیا گیا۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے حکم سے سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ نے اس کا سر قلم کر دیا۔ قیامت کے روز جب یہ قبر سے اُٹھے گا تو اس کی حسرت وندامت کی یہ حالت ہوگی جو ان آیات میں مذکور ہے۔

حقیقت تو یہ ہے کہ ہر اس بدبخت اور بدنصیب کا یہی حال ہوگا جو اس قسم کی روش اختیار کرے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

لَقَدْ اَضَلَّنِیْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِیْ ؕ وَ كَانَ الشَّیْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ

واقعی اس نے بہکا دیا مجھے اس قرآن سے اس کے میرے پاس آجانے کے بعد۔ اور شیطان تو ہمیشہ سے انسان کو (مشکل کے وقت)

خَذُوْلًا ۝ وَ قَالَ الرَّسُوْلُ یٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِی اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ

بے یار و مددگار چھوڑنے والا ہے ۲۹؎ اور رسول عرض کریگا میرے رب! بلاشبہ میری قوم نے اس قرآن کو بالکل نظر انداز کر دیا

مَهْجُوْرًا ۝ وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِیٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِیْنَ ؕ وَ

تھا ۳۰؎ اور (اے حبیب!) اسی طرح ہم نے بنا دیتے ہر نبی کے لیے دشمن جرائم پیشہ لوگوں سے ۳۱؎ اور کافی ہے ۳۲؎ آپ کا

کی سنگت کو چھوڑ کر غیروں کی دوستی کا دم بھرے گا۔ بارگاہ رسالت میں گستاخی کر کے اپنے شیطانوں کو راضی کرنا چاہے گا۔ یہ سب ندامت سے ہونٹ چبائیں گے اور ہاتھ کاٹیں گے اور اپنی نالائقی اور کج فہمی پر پھٹکار بھیجیں گے۔ الذکر سے مراد قرآن حکیم بھی ہے اور حضورؐ کی ذات والاصفات بھی۔ عن القرآن والایمان بہ وقیل عن الذکر ای عن الرسول۔ انسان کو دوست بناتے وقت دیکھنا چاہیے کہ کسی ایسے شخص کو دوست نہ بنائے جو اسے ابدی ہلاکت کے گڑھے میں پھینک دے۔ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نیک اور صالح دوست منتخب کرنے کی اور بدکار لوگوں کی دوستی سے بچنے کی سخت تاکید فرمائی ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المرء علی دین خلیلہ فلینظر من یخالل۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انسان اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے پس ہر شخص کو چاہیے کہ وہ خوب غور کرے کہ وہ کسے دوست بنا رہا ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ سے مروی ہے کہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا المرء مع من احب کہ انسان کا حشر اس کے ساتھ ہوگا جس کے ساتھ اس کی محبت ہوگی۔ اس لیے ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں سے دوستی اور محبت کا رشتہ استوار کرے۔ فساق و فجار اور بدعقیدہ لوگوں کی صحبت سے دور بھاگے۔ مبادا ان کے برے اعمال اور گمراہ کن عقائد اسے بھی لے ڈوبیں۔

۲۹؎ ہر شیطان خواہ وہ انسان ہو یا جن اس کا یہ شیوہ ہے کہ پہلے طرح طرح کے ہتھکنڈے کرنا فرمانی پر اکساتا ہے بڑے سبز باغ دکھاتا ہے اور بخطۂ لمحہ انسان کو اپنے رب سے دور کرتا چلا جاتا ہے۔ اور ساتھ ہی قسمیں اٹھا اٹھا کر اپنی دوستی اور وفاداری کا یقین دلاتا ہے کہ آپ بے خوف و خطر یہ کام کرتے جائیں اور کسی قسم کا فکر و اندیشہ نہ کریں پہلے تو یہ راہ ہی ہر خطرے سے بالکل محفوظ ہے اور اگر بفرض محال کوئی خطرہ پیش آ بھی گیا یا کسی مصیبت نے راستہ روک بھی لیا تو میں جان کی بازی لگا دوں گا اور تمہارا بال بھی بیکا نہیں ہونے دوں گا لیکن جب ان بدکرداریوں کا انجام کسی لاعلاج بیماری، کسی تباہ کن معاشی بدحالی یا کسی ناقابل برداشت مصیبت میں رونما ہوتا ہے تو شیطان بالکل آنکھیں پھیر کر الگ ہو جاتا ہے۔

۳۰؎ قوم کے اس معاندانہ رویے سے غمزدہ ہو کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا میری قوم نے بجائے اس

كَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ﴿۳۱﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ

رب آپکے لیے منزلِ مقصود تک پہنچانیوالا اور مدد فرمانیوالا۔ اور کہنے لگے کفار (از راہِ اعتراض) کیوں نہیں اتارا گیا

عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚ كَذٰلِكَ ۚ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَ ع

ان پر قرآن یکبارگی ۳۳ اس طرح اس لیے کیا کہ ہم مضبوط کریں اس کے ساتھ آپکے دل کو

رَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ﴿۳۲﴾ وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ

۳۴ اور اسی لیے ہم نے ٹھیر ٹھیر کر اسے پڑھا ہے۔ اور نہیں پیش کرینگے آپ پر کوئی اعتراض مگر ہم لائیں گے آپکے پاس اس کا صحیح جواب

رشد کے اس صحیفہ کو بالکل نظر انداز کر دیا اور اس کی طرف التفات ہی نہیں کرتے شب بھر رستم و اسفندیار کے قصے سنتے سناتے رہتے ہیں۔ اپنے شعراء کے فحش قصیدے مزے لے لے کر پڑھتے ہیں۔ لیکن اس کتابِ مقدس کی طرف قطعاً توجہ نہیں دیتے۔

۳۱ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑے پیارے انداز میں تسلی دیتے ہیں کہ اے میرے رسول! ہمیشہ سے چلا آتا ہے کہ مجرم لوگ انبیاء کرام کی دشمنی اور عداوت میں لگے رہتے ہیں۔ اس لیے آپ مت گھبرایئے۔

۳۲ خود سوچیے كَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا میں جس پیارے انداز سے تسلی دی جارہی ہے اور جس طرح دلجوئی کی جارہی ہے اس کے بعد کونسی مصیبت ہے جو پریشان کر سکے کونسا دشمن ہے جو ہراساں کر سکے جو وعدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہی سب سے بڑا سہارا ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلاموں کے ساتھ بھی یہ عنایت و بندہ پروری فرماتا رہتا ہے الحمد للہ والصلوٰۃ والسلام علی رسول اللہ۔

۳۳ قرآن مجید کے کلام الٰہی ہونے پر انہیں یہ اعتراض بھی تھا کہ قرآن بیک وقت ایک مرتب اور مدون کتاب کی صورت میں کیوں نہیں آتا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ صاحب اسے خود تصنیف کرتے ہیں یا ان کے معاون لوگ ان کو سکھاتے ہیں۔ جتنا قدر یہ خود بناتے ہیں یا ان سے سیکھتے ہیں اتنا قدر آ کر سنا دیتے ہیں۔

۳۴ اس ایک جملہ میں قرآن کریم کو تدریجاً نازل کرنے کی کئی حکمتیں بیان فرما دیں:۔

۱۔ اس طرح لوحِ قلب پر یہ اچھی طرح نقش ہو جاتا ہے۔

۲۔ ہر آیت کا مفہوم خوب ذہن نشین ہو جاتا ہے۔

۳۔ ضرورت کے موقع پر آیات کا نزول ہوگا تو دلالاتِ لفظیہ کے ساتھ جب قرائنِ حالیہ بھی مل جائیں گے تو آیات کا مفہوم اور مصداق زیادہ واضح ہو جائے گا۔

۴۔ ہر موقعہ پر جب وحی الٰہی اترے گی تو دل کو اطمینان رہے گا کہ جس خالق نے مجھے اس کارِ عظیم کو سرانجام دینے کے

تَفْسِيرًا ۝ الَّذِينَ يُحْشَرُونَ عَلَىٰ وُجُوهِهِمْ إِلَىٰ جَهَنَّمَ أُولَٰئِكَ ۳ ع ۴ ۱

اور عمدہ تفسیر ۵۵ (جو اعتراض کو رد کر دے گی) جو لوگ ہانکے جائیں گے اوندھے منہ جہنم کی طرف ۵۶ ان کا

شَرٌّ مَكَانًا وَأَضَلُّ سَبِيلًا ۝ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَ

بہت برا ٹھکانا ہوگا اور وہ سب سے زیادہ گم کردہ راہ ہونگے۔ اور بیشک ہم نے عطا فرمائی موسیٰ کو کتاب اور مقرر کیا اُن کے

جَعَلْنَا مَعَهُ أَخَاهُ هَارُونَ وَزِيرًا ۝ فَقُلْنَا اذْهَبَا إِلَى الْقَوْمِ الَّذِينَ

ساتھ اُن کے بھائی ہارون کو (اُن کا) وزیر۔ پھر ہم نے حکم دیا دونوں جاؤ اس قوم کی طرف جنھوں نے جھٹلایا ہے ہماری

كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا فَدَمَّرْنَاهُمْ تَدْمِيرًا ۝ وَقَوْمَ نُوحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا

آیتوں کو۔ (وہ گئے۔ قوم نے ان کو ٹھکرا دیا) تو ہم نے ان کو بالکل برباد کر دیا ۵۷ اور قوم نوح کو یاد کرو جب انھوں نے جھٹلایا

لیے مقرر فرمایا ہے اس کی نظر عنایت ہر وقت میرے شامل حال ہے۔

۵ کیونکہ یہ ایک دستور حیات ہے اس کو تدریجاً نافذ کرنا ہی مناسب ہے تاکہ اس کو اپنانے میں آسانی ہو اگر کسی قوم کو اپنے تمام اطوار و رسوم کو یکبارگی ترک کر کے بالکل جدید دستور حیات اپنانے کا حکم دیا جائے تو اس کے لیے بڑا مشکل ہو جاتا ہے لیکن اگر آہستہ آہستہ احکام نازل ہوں تو اس طرح ان پر عمل کرنے میں بڑی آسانی ہوتی ہے۔

۵۵ مثل کا معنی ہے ایسی بات جس میں تعجب اور ندرت پائی جائے۔ یہاں اس سے مراد ان کے اوٹ پٹانگ عجیب و غریب اعتراضات ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ جب بھی وہ آپ پر کوئی اعتراض کریں گے تو ہم آپ کو اس کا صحیح اور مدلل جواب سکھا دیں گے اور اس کی ایسی وضاحت فرما دیں گے کہ پھر انھیں مجال شک نہ رہے گی۔

۵۶ حدیث شریف میں ہے کہ حضور نبی کریم نے ارشاد فرمایا قیامت کے دن بعض لوگ سوار ہوں گے بعض پیدل چل رہے ہونگے اور بعض کو منہ کے بل گھسیٹا جائے گا۔ عن معاوية حيدة قال سمعت رسول الله يقول انكم تحشرون رجالا و ركبانا و تجرون على وجوهكم (رواه الترمذی)

۵۷ حضرت نوح علیہ السلام کی رسالت کا انکار گویا تمام رسولوں کا انکار ہے اس لیے یہاں الرسل جمع استعمال ہوا ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ ہندوستان کے برہمنوں کی طرح وہ نفس نبوت و رسالت کے ہی منکر ہوں۔ كذبوا نوحا وما قبله او جعل تكذيبهم لنوح تكذيبهم للجميع او لم يروا بعثة الرسل كالبراهمة (بحر)

الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ

رسولوں کو تو ہم نے انھیں غرق کر دیا اور بنا دیا انھیں دوسرے لوگوں کے لیے عبرت۔ اور تیار کر رکھا ہے ہم نے ظالموں کے لیے

عَذَابًا اَلِيْمًا ۝٣٧ وَّعَادًا وَّثَمُوْدَاۡ وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًا بَيْنَ

دردناک عذاب ۔ اور یاد کرو قوم عاد و ثمود اور اصحاب الرس کو ٣٨ اور ان کثیر التعداد قوموں کو جو ان کے

ذٰلِكَ كَثِيْرًا ۝٣٨ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ۫ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ۝٣٩ وَ

درمیان گزریں۔ حق سمجھانے کے لیے ہم نے بیان کیں ہر ایک کے لیے مثالیں اور ہم نے سب کو نیست و نابود کر دیا۔ اور

لَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْۤ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ؕ اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا

کئی بار گزرے ہیں ٣٩ یہ مشرک اس قصبہ کے پاس سے جس پر پتھراؤ کیا گیا تھا بری طرح۔ کیا وہاں سے گزرتے ہوئے

يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ۝٤٠ وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ

وہ اسے نہیں دیکھا کرتے ٤٠ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ انھیں دوبارہ جینے کی امید ہی نہیں ہے۔ اور جب وہ آپ کو دیکھتے ہیں تو آپ کا

٣٨ یہ کون لوگ تھے اس کے متعلق مفسرین نے متعدد اقوال لکھے ہیں لیکن جزم و یقین کے ساتھ کچھ نہیں کہا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ ان کے نزدیک بھی اس سوال کا کوئی یقینی جواب نہیں۔ البتہ "الرس" کے لفظ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایسے لوگ تھے جنھوں نے اپنے نبی کو پرانے کنوئیں میں پھینک دیا اور ان پر عذاب نازل ہوا۔ الرس۔ البئر المطوية بالحجارة (قاموس)

وملخص هذه الاقوال انهم قوم اهلكهم الله بتكذيب من أرسل اليهم (بحر)

٣٩ اہل مکہ کو متنبہ کیا جا رہا ہے کہ جب تمہارے تجارتی کارواں شام کی طرف جاتے ہیں تو تمہارا گزر سدوم اور اس کی نواحی اجڑی ہوئی بستیوں پر ہوتا ہے جہاں کبھی لوط کی قوم آباد تھی۔ اور جب انھوں نے اپنے رسول کی دعوت کو جھٹلایا اور اپنی بدکاریوں سے باز نہ آئے تو ان پر پتھر برسائے گئے اور ان کے آباد اور بارونق شہروں کو برباد کر کے رکھ دیا گیا۔

مطر السوء: الحجارة التي امطرت عليهم من السماء (بحر)

٤٠ ان اجڑے ہوئے شہروں کو دیکھ کر ان کے دل خوف سے کیوں نہیں کانپ جاتے۔ یہ کیوں ان سے عبرت حاصل نہیں کرتے۔ اس کی وجہ بیان فرما دی کہ قیامت پر کیونکہ انھیں یقین نہیں اس لیے اصلاح احوال کی انھیں فکر ہی نہیں۔ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ لوگ بھی یہاں اپنی زندگی بسر کر کے چلے گئے اور انھیں بھی ایک روز چلا جانا ہے۔ اس زندگی کے بعد کوئی اور

إِلَّا هُزُوًا ۖ أَهَٰذَا الَّذِي بَعَثَ اللَّهُ رَسُولًا ﴿٤١﴾ إِن كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ

مذاق اڑانا شروع کر دیتے ہیں (کہتے ہیں) کیا یہ وہ صاحب ہیں جن کو خدا نے رسول بنا کر بھیجا ہے۔ قریب تھا کہ یہ شخص ہمیں بہکا

آلِهَتِنَا لَوْلَا أَن صَبَرْنَا عَلَيْهَا ۚ وَسَوْفَ يَعْلَمُونَ حِينَ يَرَوْنَ

دیتا اپنے خداؤں سے اگر ہم ثابت نہ رہتے ان کی پوجا پر ۴۴ اور اے حبیب! یہ جان لیں گے جب دیکھیں گے عذاب

الْعَذَابَ مَنْ أَضَلُّ سَبِيلًا ﴿٤٢﴾ أَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ ۚ

کو دیکھیں گے کہ کون بھٹکا ہوا ہے راہ راست سے۔ کیا آپ نے ملاحظہ فرمایا اس (احمق) کو جس نے بنا لیا اپنا خدا

أَفَأَنتَ تَكُونُ عَلَيْهِ وَكِيلًا ﴿٤٣﴾ أَمْ تَحْسَبُ أَنَّ أَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُونَ

اپنی خواہش کو۔ کیا آپ اس کے ذمہ دار ہیں؟ ۴۵ کیا آپ خیال کرتے ہیں کہ ان میں سے اکثر لوگ سنتے ہیں یا (سمجھتے

زندگی تو ہے نہیں اس لیے اس چند روزہ زندگی میں زیادہ سے زیادہ جتنا لطف اٹھا سکتے ہو اٹھا لو۔ ماہرین آثار قدیمہ نے آج تو اپنی کاوشوں سے ہزارہا سال سے مدفون بستیوں کو کھود کر نکال لیا ہے۔ وہ ان اسباب کا تجزیہ کرنے میں بھی بڑی مہارت کا ثبوت دے رہے ہیں کہ کونسی افتاد اس بستی پر پڑی جس کی وجہ سے یہ برباد ہو گئی۔ ان تمام علمی کمالات کے باوجود انہیں اپنے عقائد و اطوار کی اصلاح کا کبھی خیال تک نہیں آیا۔ اس کی بھی یہی وجہ ہے جو اس آیت میں بیان کر دی گئی۔ گویا اصلاح احوال کے لیے آخرت پر ایمان بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ اس کے بغیر اصلاح کی کوئی کوشش کامیاب اور دیرپا نہیں ہو سکتی۔

۴۴ یعنی اگر ہم تعصب اور ہٹ دھرمی سے کام نہ لیتے تو اس شخص کا زور بیان اور طرز استدلال ہمیں بہا کر اپنے ساتھ لے گیا ہوتا ہم اپنے بتوں سے دور ہو چکے ہوتے لیکن ہم اپنی ہٹ پر ڈٹے رہے اور اس کی زد سے محفوظ رہے وہ گویا اپنے سے کم درجہ کے لوگوں کو تلقین کر رہے ہیں کہ اس شخص کی باتیں بڑی موثر ہیں۔ دل میں گھر کر لیتی ہیں اور دماغ میں جم جاتی ہیں تم نہ دل کی بات مانو اور نہ اپنی عقل کا فیصلہ تسلیم کرو ورنہ تم اپنے قدیم آبائی مذہب سے ہاتھ دھو بیٹھو گے۔ اس سے بچنے کی ایک ہی صورت ہے کہ آنکھیں بند رکھو، کانوں میں انگلیاں ٹھونس لو اور نہ مانوں نہ مانوں کا سبق ہمیشہ ورد زبان رکھو۔

۴۵ جن لوگوں نے عقل کا چراغ بجھا دیا ہے جو کسی قوی سے قوی دلیل کو ماننے کے لیے بھی تیار نہیں، جو حق کے نور کو دیکھ کر آنکھیں بند کر لیتے ہیں، جو محض اپنی خواہش نفس کے عبادت گزار ہیں ان کا نفس ہی ان کا خدا ہے۔ جدھر وہ چاہتا ہے ادھر انہیں ہانک کر لے جاتا ہے۔ وہ اسی کی پوجا کرنے میں مگن ہیں۔ اے حبیب مکرم! کیا ایسے لوگوں کی ہدایت کے لیے آپ فکر مند ہیں۔ یہ تو ڈنگروں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی گئے گزرے ہیں کیونکہ وہ اپنے مالک کو پہچانتے ہیں اور اس کا حکم بجا لاتے ہیں

أَوْ يَعْقِلُونَ ۚ إِنْ هُمْ إِلَّا كَالْأَنْعَامِ ۖ بَلْ هُمْ أَضَلُّ سَبِيلًا ﴿٤٤﴾ أَلَمْ

سمجھتے ہیں۔ نہیں ہیں یہ مگر ڈنگروں کی مانند، بلکہ یہ تو ان سے بھی زیادہ گمراہ ہیں۔ کیا آپ نے

تَرَ إِلَىٰ رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهُ سَاكِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا

نہیں دیکھا اپنے رب کی طرف، کیسے پھیلا دیتا ہے سایہ کو ٦٨ اور اگر چاہتا تو بنا دیتا اسے ٹھیرا ہوا۔ پھر ہم نے بنا دیا

الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيلًا ﴿٤٥﴾ ثُمَّ قَبَضْنَاهُ إِلَيْنَا قَبْضًا يَسِيرًا ﴿٤٦﴾ وَهُوَ

آفتاب کو اس پر دلیل ٦٩ پھر ہم سمیٹے جاتے ہیں سایہ کو اپنی طرف آہستہ آہستہ ٧٠ اور وہی ہے

اور جو خدمت ان کی شایاں ہے اس کے ادا کرنے میں سستی نہیں کرتے۔ اور یہ نہ اپنے خالق کو پہچانتے ہیں نہ اس کے احسانات کا شکریہ ادا کرتے ہیں نہ اس کا حکم بجا لاتے ہیں۔ اس لیے ایسے لوگوں کی اصلاح کی توقع نہیں ہو سکتی۔ اگر یہ باطل پر جمے ہیں اور حق کو قبول نہ کریں تو آپ رنجیدہ خاطر نہ ہوا کریں۔

٦٨ ان آیات میں قدرت کاملہ کے ان کرشموں کو بیان فرمایا جا رہا ہے جو انسان کے لیے سراپا لطف و رحمت ہیں۔ اگر قدرت فیاضی اور دریا دلی سے ان کو آشکارا نہ کرتی تو انسان کی آفاقی فتوحات کا تو ذکر ہی کیا، اس کا وجود تک بھی فنا ہو جاتا۔ اگر آفتاب کے طلوع و غروب کا موجودہ نظام نہ ہوتا بلکہ ہمیشہ رات ہی رہتی تو انسانی زندگی تو کجا حیوانی اور نباتاتی زندگی کے امکانات بھی ختم ہو جاتے۔ اگر سورج کبھی غروب ہی نہ ہوتا تو اس کی کرنوں کی تمازت قوت روئیدگی کو جلا کر رکھ دیتی۔ بعض علماء نے کہا ہے کہ جو سایہ صبح کے وقت ہوتا ہے اسے ظل کہتے ہیں اور دوپہر کے بعد جو سایہ ہوتا ہے اسے فئ۔ سورج کے طلوع ہونے سے پہلے ہر چیز سائے میں لپٹی ہوتی ہے۔ جب سورج طلوع ہوتا ہے تو ہر چیز کا سایہ پھیلا ہوا ہوتا ہے۔ سورج جیسے جیسے بلند ہوتا جاتا ہے وہ سایہ بھی گھٹنے لگتا ہے۔ خوب غور کرو جس طرح یہ سایہ فانی ہے اسی طرح تمہاری زندگی اور اس کا یہ جاہ و جلال بھی فانی ہے۔ نیز یہ بھی ارشاد فرمایا کہ مانا کفر و شرک کا سایہ بہت پھیلا ہوا ہے اور باطل کی تاریکیوں نے ہر جگہ اپنے جھنڈے گاڑ دیئے ہیں لیکن اب آفتاب ہدایت طلوع ہو چکا۔ تھوڑی دیر انتظار کرو، پھر دیکھو گے کہ نور ہدایت کیسے پھیلتا ہے۔

٦٩ اہل معرفت نے آیت کا یہ مفہوم بیان کیا ہے کہ سائے سے مراد فترۃ کا زمانہ ہے۔ (حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضور کی بعثت کا درمیانی زمانہ) ـــــ ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا ہو چکا تھا، یہاں تک کہ آفتاب محمدی ابھرا اور ظلمکدہ عالم کو بقعۂ نور بنا دیا۔ اور اگر یہ سورج طلوع نہ ہوتا تو ساری مخلوق غفلت کی تاریکی میں عمریں گزار دیتی اور نور حق کی کوئی تجلی انہیں فیضیاب نہ کرتی۔ یہ آفتاب محمدی کی فیاضیاں ہیں جن کے باعث دل کی آنکھوں کو نور توحید دیکھنا نصیب ہوا ہے

الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِبَاسًا وَّ النَّوْمَ سُبَاتًا وَّ جَعَلَ النَّهَارَ

جس نے بنایا ہے تمھارے لیے رات کو لباس (ڈھکنے) اور نیند کو باعث راحت اور بنایا ہے دن کو (طلب معاش کے

نُشُوْرًا ﴿۴۷﴾ وَ هُوَ الَّذِیْۤ اَرْسَلَ الرِّیٰحَ بُشْرًۢا بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ ۚ

لیے) دوڑ دھوپ کا وقت اور وہ وہی ہے جو بھیجتا ہے ہواؤں کو خوشخبری دینے کے لیے اپنی رحمت (بارش) سے پہلے

وَ اَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ﴿۴۸﴾ لِّنُحْیِۦَ بِهٖ بَلْدَةً مَّیْتًا وَّ نُسْقِیَهٗ

اور ہم اتارتے ہیں آسمان سے پاکیزہ پانی تاکہ ہم زندہ کریں اس پانی سے کسی غیر آباد شہر کو اور ہم پلائیں یہ پانی

مِمَّا خَلَقْنَاۤ اَنْعَامًا وَّ اَنَاسِیَّ كَثِیْرًا ﴿۴۹﴾ وَ لَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَیْنَهُمْ

اپنی مخلوق سے کثیر التعداد مویشیوں اور انسانوں کو۔ اور ہم بانٹتے رہتے ہیں بارش کو لوگوں کے درمیان

لِیَذَّكَّرُوْا ۖ فَاَبٰۤى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۵۰﴾ وَ لَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِیْ

تاکہ وہ غور و فکر کریں پس انکار کر دیا اکثر لوگوں نے مگر یہ کہ وہ ناشکر گزار رہیں گے۔ اور اگر ہم چاہتے تو بھیجتے ہر گاؤں میں

گر نہ خورشید جمال یار گشتے راہنموں
از شب تاریک غفلت کس نہ بردے راہ بروں

یہاں اس امر کی طرف توجہ دلائی جا رہی ہے کہ حکمت الٰہی کا تقاضا یہ ہے کہ ساری تبدیلیاں تدریجی طور پر وقوع پذیر ہوں ورنہ سارا انتظام درہم برہم ہو جائے گا کبھی آپ نے موسموں کے تغیر پر غور کیا کس طرح آہستہ آہستہ سردیاں گرمیوں میں اور گرمیاں سردیوں میں تبدیل ہوتی ہیں۔ اگر سخت گرمی کے فوراً بعد سخت سردی شروع ہو جائے تو اس کے اثرات کی تباہ کاریوں کا اندازہ لگانا مشکل نہیں۔ قدرت ہر کام میں تدریج کو پسند کرتی ہے اور اسی میں اس کی حکمت کے سینکڑوں جلوے نظر آتے ہیں۔ یونہی کفر کی ظلمت دھیرے دھیرے چھٹے گی اور ہدایت کی روشنی آہستہ آہستہ پھیلے گی۔

آٹھ پہروں کو رات دن میں تقسیم کرنے کے جو فوائد ہیں ان کا ذکر کر کے لوگوں کو اس احسان عظیم پر شکر بجا لانے کی تلقین فرمائی۔

اپنے ایک اور احسان عظیم کا ذکر فرمایا اور اس امر کی طرف بھی اشارہ کیا کہ جس طرح ظاہری قحط سالی کو ہم رحمت کا مینہ برسا کر دور کرتے ہیں اور جہاں خاک اڑ رہی ہوتی ہے وہاں چند دنوں کے بعد شاداب کھیت لہلہاتے ہوئے نظر آنے لگتے ہیں۔ اسی طرح ہم روحانی خشک سالی کے بعد رسالت کا ابر رحمت بھیجتے ہیں جو برستا ہے تو گلشن انسانیت میں بہار آ جاتی ہے۔

كُلِّ قَرْيَةٍ نَّذِيرًا ﴿٥١﴾ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ﴿٥٢﴾

ایک ڈرانے والا ۷۱ پس کافروں کی پیروی نہ کرو اور خوب ڈٹ کر مقابلہ کرو ان کا قرآن (کی دلیلوں) سے ۷۲

وَهُوَ الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ

اور اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے ملا دیا ہے دو دریاؤں کو یہ (ایک) بہت شیریں ہے اور یہ دوسرا سخت کھاری ۷۳

کئی پیاسی روحیں اس سے سیراب ہوتی ہیں کتنے آلودہ دامن اس کے چھینٹوں سے دُھل کر پاک صاف ہو جاتے ہیں مطلع حیات پر قرآن حامل قرآن کی صورت میں پھر یہی ابر رحمت گھر کر آیا ہے۔ اس کی گھنگھور گھٹائیں اب برسا چاہتی ہیں۔ اے تشنہ لبو! ہوشیار۔ اے آلودہ تنو! خبردار، یہ سعید لمحے غفلت میں برباد نہ ہو جائیں یہ لیلۃ القدر سوتے میں ہی نہ بیت جائے۔

۷۱ اگر ہم چاہتے تو ہر ایک بستی میں علیحدہ علیحدہ نبی بھیج دیتے۔ لیکن حکمت کا اب یہ تقاضا نہیں۔ انسانیت کے بکھرے ہوئے شیرازہ کو یکجا کرنے کا موزوں وقت اب آپہنچا ہے۔ بہت سی اُمتوں کی نہیں اب ایک اُمت کی ضرورت ہے جو حق کی امین بنائی جائے اور اس کی یہی صورت ہے کہ ساری اقوام عالم کا ایک ہی ہادی ہو۔ اب رات گزر گئی جبکہ ہر گھر میں الگ الگ چراغ جلائے جاتے تھے۔ اب دن طلوع ہو گیا ہے۔ اب آفتاب محمدی شرق و غرب، نشیب و فراز، دور و نزدیک سب کو منور کرے گا۔

۷۲ جہاد کی وضاحت سورۂ حج کی آخری آیت کے ضمن میں ہو چکی ہے ملاحظہ فرمائیں۔ علامہ پانی پتی لکھتے ہیں جهادا کبیرا ای شدیدا بالقلب واللسان والسیف والسنان یعنی سخت جہاد کرو، دل سے، زبان سے، تلوار اور نیزہ سے (مظہری)

۷۳ قدرت خداوندی کے ایک اور حیران کن کرشمے کی طرف متوجہ کیا جا رہا ہے کہ پانی دو قسم کے ہیں میٹھے، خوش ذائقہ اور تلخ و نمکین، لیکن ہر پانی اپنی اپنی جگہ پر قائم ہے۔ ان کو الگ الگ رکھنے کے لیے قدرت نے رکاوٹیں قائم کر دی ہیں تاکہ یہ باہم مل نہ سکیں۔ یہ رکاوٹیں کبھی تو اتنی لطیف اور غیر محسوس ہوتی ہیں کہ انسان دیکھ کر حیران ہو جاتا ہے۔ بسا اوقات دیکھا گیا ہے کہ ایک جگہ نلکا لگایا تو پانی میٹھا نکلا پھر چند فٹ کے فاصلہ پر دوسرا نلکا لگایا گیا تو پانی کھارا نکلا بلکہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ دیوار کے اندر والا پانی میٹھا اور باہر والا کھاری۔ اس سے بھی زیادہ حیران کن یہ بات ہے کہ سمندر میں جب مد ہوتا ہے تو سمندر کا آب شور دور تک خشکی کے دریاؤں ندی نالوں میں داخل ہو جاتا ہے لیکن بایں ہمہ وہ ان کے میٹھے پانی کے ساتھ مختلط نہیں ہوتا اور جزر کے وقت وہی آب شور واپس ہو جاتا ہے اور ان دریاؤں کا میٹھا پانی حسب سابق رواں رہتا ہے اور اس کے ذائقہ میں بھی کوئی فرق نہیں پڑتا۔ دریائے نیل جب بحر روم میں جا کر گرتا ہے تو کئی میلوں تک اس کا پانی سمندر میں جوں کا توں چلا جاتا ہے نہ اس کی رنگت بدلتی ہے اور نہ اس کا ذائقہ تبدیل ہوتا ہے اور اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز یہ امر ہے کہ کھارے کڑوے سمندر کے وسط میں پانی کے ایسے ذخیرے دریافت ہوئے ہیں جن کا پانی بالکل میٹھا ہوتا ہے۔ چنانچہ علامہ ابی الحیان اندلسی لکھتے ہیں وتری المیاه قطعا فی وسط البحر المالح فیقولون هذا ماء ثلج فیسقون منه من وسط البحر (بحر محیط)

وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿٥٣﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ

اور بنا دی ہے اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ان کے درمیان آڑ اور مضبوط رکاوٹ۔ اور وہ وہی ہے جس نے پیدا فرمایا انسان کو (ایک قطرہ)

الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ؕ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا ﴿٥٤﴾ وَيَعْبُدُوْنَ

پانی (کی بوند) سے اور بنا دیا اسے خاندان والا اور سسرال والا۔ اور آپ کا رب بڑی قدرت والا ہے۔ اور وہ پوجتے ہیں

اس کی تصدیق تفہیم القرآن کے مندرجہ ذیل اقتباس سے بھی ہوتی ہے۔

"ترکی امیر البحر سیدی علی رئیس (کاتب رومی) اپنی کتاب مرآۃ الممالک میں جو سولہویں صدی عیسوی کی تصنیف ہے خلیج فارس کے اندر ایسے ہی ایک مقام کی نشاندہی کرتا ہے۔ اس نے لکھا ہے کہ وہاں آب شور کے نیچے آب شیریں کے چشمے ہیں جن سے میں خود اپنے بیڑے کے لیے پانی پینے کا حاصل کرتا رہا ہوں"۔

موجودہ زمانے میں جب امریکن کمپنی نے سعودی عرب میں تیل نکالنے کا کام شروع کیا تو ابتداءً وہ بھی خلیج فارس کے انہی چشموں سے پانی حاصل کرتی تھی۔ بعد میں ظہران کے پاس کنوئیں کھود لیے گئے اور ان سے پانی لیا گیا"۔

(تفہیم القرآن، جلد ۳، صفحہ ۴۵۸)

اب غور فرمائیے وہ کس کی طاقت ہے جو زیر زمین میٹھے پانی کے ذخیروں کو کڑوے پانی سے الگ رکھتی ہے۔ جو حالت مد میں سمندر کے کڑوے پانی کی موجوں کو میٹھے پانی پر چڑھ آنے کے باوجود ملنے نہیں دیتی۔ وہ کس کی صنعت ہے جس نے سمندروں میں میٹھے پانی کے چشمے جاری کر دیئے۔ یہ اللہ کی ذات ہے جس کی حکمت کے کرشمے آپ کو جگہ جگہ اس کی عظمت و کبریائی کی شہادت دیتے ہوئے نظر آئیں گے۔

اس آیت کا یہ مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے کہ میٹھے پانی سے مراد حق ہے اور کڑوے کھاری پانی سے مراد باطل ہے۔ باطل اپنی ساری کثرت اور شوکت کے باوجود حق کو مٹا نہیں سکتا۔ گمراہی کے گھٹاٹوپ اندھیروں میں بھی ہدایت کے چراغ ضرور فروزاں رہیں گے اور ان گھنگھور اندھیروں کے باوجود حق کا علم لہراتا ہی رہے گا۔

۵۴؎ اب تک توحید کے آفاقی دلائل و بینات کا ذکر ہوتا رہا جو ایک طرف اگر اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ پر دلالت کرتے ہیں تو دوسری طرف انسان کے لیے اس کی رحمت عامہ کے ناقابل انکار شواہد ہیں۔ اب انفسی دلائل کی طرف توجہ دلائی جا رہی ہے جو انسان کی اپنی ذات میں موجود ہیں۔ پہلے بتایا کہ اے اپنی طلعت زیبا پر نازاں اور قامت بلند پر اترانے والے! ذرا دیکھ ہم نے تجھے پانی کی ایک بوند سے پیدا کیا ہے۔ کہاں وہ قطرۂ آب اور کہاں یہ تیرا حسین و جمیل سراپا۔ یہ تبدیلی اور یہ تدریجی ارتقا کس کی حکمتِ کاملہ کی شہادت دے رہا ہے۔ ذرا مزید غور کرو۔ اللہ تعالیٰ نے صرف ایک صنف ہی (مرد یا عورت) پیدا نہیں کی، بلکہ دونوں کو پیدا فرمایا۔ دونوں کے ظاہری اعضاء میں واضح اختلاف ہے، ان کے ذہنی رجحانات اور قلبی احساسات و جذبات

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ۭ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلٰى رَبِّهٖ

اللہ تعالیٰ کے سوا ان بتوں کو ۵۲؎ جو نہ فائدہ پہنچا سکتے ہیں انہیں اور نہ نقصان۔ اور کافر اپنے رب کے مقابلے میں (ہمیشہ)

ظَهِيْرًا ۝۵۵ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝۵۶ قُلْ مَآ اَسْـَٔــلُكُمْ عَلَيْهِ

شیطان کا مددگار ہوتا ہے۔ اور ہم نے نہیں بھیجا آپ کو مگر بشارت دینے والا اور ڈرانے والا۔ فرمائیے کہ میں نہیں مانگتا تم سے اس

مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَاۗءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝۵۷ وَتَوَكَّلْ عَلَي

(خیر خواہی) پر کچھ اجرت مگر میری اجرت یہ ہے کہ جس کا جی چاہے وہ اپنے رب کا راستہ اختیار کرے ۵۳؎ اور (اے مصطفےٰ!)

میں بھی زمین و آسمان کا فرق ہے لیکن اس بیّن تفاوت کے باوجود دونوں ایک دوسرے کے لیے جزو لاینفک ہیں۔ مرد اپنی ساری قوتوں کے باوجود نامکمل ہے عورت اپنی تمام لطافتوں کے باوجود ادھوری ہے دونوں مل کر ایک مکمل وحدت بنتے ہیں۔ یہ وحدت بانجھ نہیں بلکہ کثیر التعداد وحدتوں کا سرچشمہ ہے۔ ان کے ہاں بچیاں بھی ہوں گی اور بچے بھی کسی کے یہ سسرال بنیں گے اور کوئی ان کے بچوں کے سسرال بنیں گے باہمی رشتے ہوں گے۔ قرابتیں بڑھیں گی اس طرح ایک انسانی معاشرہ معرض وجود میں آئے گا جس کا ہر فرد دوسرے افراد سے محبت و پیار، شفقت و احترام کے رشتوں سے بندھا ہوا ہوگا وکان ربک قدیرا فرما کر اپنے قادر مطلق ہونے کی تصدیق فرما دی۔

۵۲؎ ان آفاقی و انفسی آیات بینات کے بیان کرنے کے بعد اب ان لوگوں کی حماقت کی طرف اشارہ کیا جارہا ہے جو اسے چھوڑ کر کسی دوسرے کو اپنا معبود بناتے ہیں۔ ظہیرا کا معنی معین اور مددگار بھی لیا گیا ہے ای معینا للشیطان (مظہری)۔ اس کا دوسرا معنی ذلیل بھی کیا گیا ہے یعنی وہ چیز جسے پس پشت پھینک دیا جائے۔ ای ذلیلا من ظهرت الشیء اذا جعلته خلف ظهرك ولم تلتفت اليه (مظہری)۔

۵۳؎ اجر مستثنیٰ منہ ہے، مَن شاء مستثنیٰ ہے یعنی میں اشاعت دین میں جو شب و روز مصروف ہوں، تمہارے طعنے سن کر خاموش ہو جاتا ہوں، تمہاری اذیت رسانیوں پر صبر کرتا ہوں، تمہاری گالیاں سن کر دعائیں دیتا ہوں۔ یہ سب کچھ جو میں کر رہا ہوں اس کے بدلے میں میں تم سے کوئی معاوضہ کوئی اجر طلب نہیں کروں گا۔ میرا اجر یہی ہے کہ تم میں سے جو لوگ حق قبول کرنے کی استعداد رکھتے ہیں وہ حق قبول کریں۔ حریص علیکم بالمؤمنین رؤف رحیم کی کیا پیاری دلنواز تفسیر اس آیت نے فرما دی یعنی تمہارا حق قبول کر لینا تمہارا راہ ہدایت پر گامزن ہو جانا، ہر طرف سے منہ موڑ کر تمہارا طالب مولیٰ بن جانا ہی میری ان ساری جانکاہیوں، جانفشانیوں، دل گدازیوں اور شفقتوں کا بہترین صلہ ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ الرؤف الرحیم وسلم

الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهِ ۚ وَكَفَىٰ بِهِ بِذُنُوبِ عِبَادِهِ

آپ بھروسہ کیجیے ہمیشہ زندہ رہنے والے پر جسے کبھی موت نہیں آئے گی ۸۴ اور (اس کی) حمد کے ساتھ پاکی بیان کیجیے اور اس کا اپنے بندوں کے

خَبِيرًا ﴿٥٨﴾ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ مع

گناہوں سے باخبر ہونا کافی ہے۔ جس نے پیدا فرمایا آسمانوں اور زمین کو ۸۵ اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دنوں میں ۔

ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ ۚ الرَّحْمَٰنُ فَاسْأَلْ بِهِ خَبِيرًا ﴿٥٩﴾ وَإِذَا قِيلَ

پھر وہ متمکن ہوا عرش پر (جیسے اس کی شان ہے) وہ رحمٰن ہے، سو پوچھ اس کے بارے میں کسی واقف حال سے ۸۶ اور جب کہا

لَهُمُ اسْجُدُوا لِلرَّحْمَٰنِ قَالُوا وَمَا الرَّحْمَٰنُ أَنَسْجُدُ لِمَا تَأْمُرُنَا وَ

جاتا ہے انہیں کہ رحمٰن (کے حضور) سجدہ کرو۔ وہ پوچھتے ہیں رحمٰن کون ہے ۸۷ کیا ہم سجدہ کریں اس کو جس کے متعلق تم ہمیں حکم

زَادَهُمْ نُفُورًا ۩ ﴿٦٠﴾ تَبَارَكَ الَّذِي جَعَلَ فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا وَجَعَلَ ع ۵

دیتے ہو اور وہ زیادہ نفرت کرنے لگتے ہیں۔ بڑی (خیر و) برکت والا ہے جس نے بنائے ہیں آسمان میں برج ، اور بنایا ہے اس

۸۴ اگر ان کافروں کو اپنی تعداد کی کثرت، اپنے وسائل کی بہتات اور اپنے دوستوں کی امداد پر بھروسہ ہے تو کیا ہوا یہ سب فانی ہیں۔ ان میں کسی چیز کو بقا نہیں۔ اے حبیب آپ اپنے رب کریم پر بھروسہ کریں جو ہمیشہ سے زندہ ہے اور ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے جس کا معین و مددگار وہ ہوتا ہے فتح و نصرت اسی کے قدم چومتی ہے۔

۸۵ اللہ تعالیٰ کی عظمت شان بیان کی جارہی ہے تاکہ جو اس پر توکل کرے اسے مخالف کی قوت و سطوت ہراساں نہ کرسکے۔ اس آیت کی توضیح پہلے کئی بار گزر چکی ہے۔

۸۶ علامہ عثمانی اس آیت کی توضیح کرتے ہوئے لکھتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کی شانوں اور رحمتوں کو کسی جاننے والے سے پوچھو، یہ جاہل مشرک اسے کیا جانیں۔ وما قدروا اللہ حق قدرہ۔ اپنی شئون و کمالات کا پوری طرح جاننے والا تو خدا ہی ہے۔ انت کما اثنیت علی نفسک لیکن مخلوق میں سب سے بڑے جاننے والے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جن کی ذات گرامی میں حق تعالیٰ نے اولین و آخرین کے تمام علوم جمع کردیئے۔ خدا تعالیٰ کی شانوں کو کوئی ان سے پوچھے (حاشیہ عثمانی)

۸۷ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے الرحمٰن کا اسم مبارک اہل عرب میں معروف نہ تھا۔ اس لیے جب انہیں رحمٰن کو سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا تو وہ بدکے اور ان کا جذبۂ منافرت اور بڑھ گیا۔ ہوسکتا ہے کہ انھوں نے اپنی کافرانہ سرکشی کے باعث کیا ہو۔

فيها سراجا وقمرا منيرا ﴿٦١﴾ وهو الذي جعل الليل والنهار خلفة

میں چراغ (آفتاب) اور چاند چمکتا ہوا ۵۸ اور وہ وہی ہے جس نے بنایا ہے رات اور دن کو ایک دوسرے کے

لمن اراد ان يذكر او اراد شكورا ﴿٦٢﴾ وعباد الرحمن الذين

پیچھے آنے والا اس کے لیے جو یہ چاہتا ہے کہ وہ نصیحت قبول کرے ۵۹ یا چاہتا ہے کہ شکر گزار بنے۔ اور رحمٰن کے بندے ۶۰

يمشون على الارض هونا واذا خاطبهم الجهلون قالوا

وہ ہیں جو چلتے ہیں زمین پر آہستہ آہستہ ۶۱ اور جب گفتگو کرتے ہیں ان سے جاہل تو وہ صرف یہ کہتے

سلما ﴿٦٣﴾ والذين يبيتون لربهم سجدا وقياما ﴿٦٤﴾ والذين

ہیں کہ تم سلامت رہو ۶۲ اور جو رات بسر کرتے ہیں اپنے رب کے حضور سجدہ کرتے ہوئے اور کھڑے ہوئے ۶۳ اور جو

۵۸ سورۃ الحجر میں اس کی وضاحت گزر چکی ہے۔ ملاحظہ ہو الحجر آیت ۱۶ ضیاء القرآن دوم۔

۵۹ قدرت کا یہ شاہکار فقط ان لوگوں کے لیے ہی مفید ہے جو حق کو قبول کرنا چاہتے ہوں اور اس کی طلب کا جذبہ رکھتے ہوں اور اللہ تعالیٰ کی بخشی ہوئی نعمتوں پر شکریہ ادا کرنے کے خواہشمند ہوں۔

۶۰ جب انھوں نے الرحمٰن سے اپنی لاعلمی اور بے تعلقی کا اظہار کیا تو اب انھیں گویا یہ بتایا جا رہا ہے کہ رحمٰن کی معرفت تو تمھیں کہاں حاصل ہو سکتی ہے اس کے بندوں کی روشن سیرت اور دلکش زندگی کو دیکھو پھر اپنے آلودہ دامن اور بے نور چہروں پر نظر ڈالو، خود ہی یہ حقیقت تم پر منکشف ہو جائے گی کہ تم کتنے سود فراموش اور زیاں کار تھے جس رحمٰن کے در اقدس پر جبیں سائی کرنے سے چہروں پر یوں نور برسنے لگتا ہے، جس کے حکم کے آگے سر تسلیم خم کر لینے سے کردار و اخلاق کو یہ پاکیزگی نصیب ہونے لگتی ہے۔ جس رحمٰن کے بھیجے ہوئے رسول کے اسوۂ حسنہ کو اپنا لینے سے نفس امارہ نفس مطمئنہ بن جاتا ہے اس رحمٰن سے تم دور کیوں بھاگ رہے ہو۔

۶۱ یہاں سے اللہ تعالیٰ کے بندوں کی صفات حمیدہ کا تفصیلی تذکرہ شروع ہوتا ہے یعنی ان کی چال ہی نرالی ہے، ان کی رفتار دیکھ کر ہی اندازہ ہو جاتا ہے کہ وقار و متانت کا ایک پیکر چلا آ رہا ہے جس میں نہ مغرور لوگوں کی رعونت کا کوئی نشان ہے اور نہ بے فکرے، سفلی مزاجوں کا چھچھوراپن ہے۔

۶۲ ان کے اخلاق عالیہ کی دوسری خصوصیت یہ بیان کی کہ جب کوئی شخص ان سے جاہلوں جیسی گفتگو کرتا ہے اور معقولیت کی روش ترک کر دیتا ہے تو یہ اس کی سطح پر اتر کر اس سے ہم کلام نہیں ہوتے اور جوابی کارروائی کے جوش میں آکر

يَقُولُونَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ

(بارگاہ الٰہی میں) عرض کرتے رہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! دور فرما دے ہم سے عذاب جہنم ۶۴ بیشک اس کا عذاب

غَرَامًا ﴿٦٥﴾ إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا ﴿٦٦﴾ وَالَّذِينَ إِذَا أَنْفَقُوا

بڑا مہلک ہے۔ بیشک وہ بہت بُرا ٹھکانا اور بہت بُری جگہ ہے۔ اور وہ لوگ جب خرچ کرتے ہیں تو نہ

لَمْ يُسْرِفُوا وَلَمْ يَقْتُرُوا وَكَانَ بَيْنَ ذَٰلِكَ قَوَامًا ﴿٦٧﴾ وَالَّذِينَ

فضول خرچی کرتے ہیں اور نہ کنجوسی ۶۵ (بلکہ) ان کا خرچ کرنا اسراف اور بخل کے بین بین اعتدال سے ہوتا ہے اور جو

اس سے الجھ نہیں پڑتے بلکہ سلام کہہ کر الگ ہو جاتے ہیں۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جاہلوں کے ساتھ الجھنا اور ان کی ہر بات کا ترکی بہ ترکی جواب دینا قطعاً ضروری نہیں بلکہ اپنا قیمتی وقت ضائع کرنا ہے۔ اگر تم دیکھو کہ کوئی شخص بدزبانی پر اتر آیا ہے تو تم بدزبانی کرنے کے بجائے اس سے کنارہ کش ہو جاؤ۔

۶۳ سابقہ آیت میں ان کے دنوں کی مصروفیتوں کا ذکر ہوا۔ اس آیت میں بتایا جا رہا ہے کہ ان کی راتیں کیسے بسر ہوتی ہیں۔ جب دنیا خواب راحت کے مزے لوٹ رہی ہوتی ہے تو وہ جاگ کر اپنے پروردگار کو یاد کر رہے ہوتے ہیں۔ اپنے خالق کی ناراضگی کے خوف سے ان کی آنکھیں نمناک ہوتی ہیں کبھی سجدہ ریز ہو کر اس کی پاکی اور کبریائی بیان کر رہے ہوتے ہیں اور کبھی ادب و تواضع کی تصویر بن کر دست بستہ اس کے حضور میں کھڑے ہوتے ہیں اور ان کی راتیں اسی حالت میں گزر جاتی ہیں۔ کسی کافر نے صحابہ کرام کے لشکر میں چند راتیں اور چند دن بسر کیے اور جا کر اپنے بادشاہ کو بتایا ھم فرسان بالنہار ورھبان باللیل۔ کہ وہ سارا دن برق رفتار گھوڑوں کی پیٹھ پر بیٹھ کر داد شجاعت دیتے ہیں اور رات کے وقت راہبوں کی طرح ذکر الٰہی میں مشغول رہتے ہیں۔

۶۴ شب و روز احکام الٰہی کے بجا لانے اور یاد خداوندی میں بسر کرنے کے باوجود کبھی اپنی ریاضت و طاعت پر دل میں گھمنڈ پیدا نہیں ہوا۔ انھیں اپنے قصوروں اور کوتاہیوں کا شدید احساس ہر وقت بے چین رکھتا ہے۔ بڑی عاجزی سے اپنی مغفرت اور بخشش کے لیے رو رو کر دعائیں مانگتے ہیں۔ غراماً ای لازماً دائماً غیر مفارق۔ ہمیشہ رہنے والا جو کبھی جُدا نہ ہو۔ قرض خواہ کو غریم اس لیے کہتے ہیں کہ وہ قرضہ لیے بغیر جان نہیں چھوڑتا۔ ابو عبیدہ نے اس کا معنی ہلاکت کیا ہے (قرطبی)۔ میں نے اس کا ترجمہ اسی کے قول کے مطابق کیا ہے۔

۶۵ ان کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ وہ نہ فضول خرچ ہیں نہ بخیل بلکہ درمیانہ روی اور اعتدال کی راہ پر ہمیشہ گامزن رہتے ہیں۔ اسراف کسے کہتے ہیں اور اقتار (بخل) کیا ہوتا ہے اس کی تشریح کرتے ہوئے علماء نے متعدد اقوال لکھے ہیں لیکن نحاس کا

لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ

نہیں پوجتے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور خدا کو ٦٦؎ اور نہیں قتل کرتے اس نفس کو جس کو قتل کرنا اللہ تعالیٰ نے حرام

اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿٦٨﴾ يُّضٰعَفْ

کر دیا ہے مگر حق کے ساتھ۔ اور نہ بدکاری کرتے ہیں۔ اور جو یہ کام کرے گا تو وہ پائے گا (اس کی) سزا۔ دوگنا کر دیا جائیگا

لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿٦٩﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ

اس کے لیے عذاب روزِ قیامت اور ہمیشہ رہے گا اس میں ذلیل و خوار ہو کر۔ مگر وہ جس نے توبہ کی

وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ؕ

اور ایمان لے آیا اور نیک عمل کیے ٦٧؎ تو یہ وہ لوگ ہیں بدل دے گا اللہ تعالیٰ ان کی برائیوں کو نیکیوں سے

پسندیدہ قول یہ ہے کہ جو روپیہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے بغیر خرچ کیا جائے وہ اسراف ہے۔ اور دولت کو اس کی اطاعت میں خرچ کرنے سے رک جانا بخل ہے۔ اور جس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں خرچ کیا وہی میانہ رو اور اعتدال پسند ہے۔ قال النحاس ومن احسن ما قیل فی معناه ان من انفق فی غیر طاعۃ اللہ فھو الاسراف ومن امسک عن طاعۃ اللہ عزوجل فھو الاقتار ومن انفق فی طاعۃ فھو القوام (قرطبی)

٦٦؎ پہلے وہ صفات حمیدہ بیان کی گئیں جن سے اللہ تعالیٰ کے بندے متصف ہوا کرتے ہیں۔ اب ان صفات ذمیمہ کا ذکر ہو رہا ہے جن کی آلائش سے خدائے رحمٰن کے بندوں کا دامن پاک ہوتا ہے۔ ان میں سرفہرست شرک ہے۔ قتل ناحق کا دوسرا درجہ ہے اور اس کے بعد زنا ہے۔ دور جاہلیت میں یہی چیزیں عزّ و افتخار کا سبب سمجھی جاتی تھیں وہ اپنی فلاح و نجات شرک میں سمجھتے تھے۔ قتل و غارت کو شجاعت اور بہادری کی علامت سمجھا جاتا تھا اور زنا کا رواج اس قدر عام تھا کہ پیشہ ور عورتیں اپنے اپنے کوٹھوں پر جھنڈے لہرا لہرا کر دعوت عام دیا کرتی تھیں اور بے حسی کا یہ عالم تھا کہ اس کھلی بے حیائی پر بھی کسی کی جبین غیرت پر پسینہ نہیں آتا تھا اور کسی کی رگ حمیت نہیں پھڑکتی تھی۔ اس ماحول میں ان رذائل سے محفوظ رہنا کوئی معمولی بات نہیں تھی بلکہ بہت بڑا مجاہدہ تھا۔ اسی لیے ان قبائح سے تخلّی کو مقام مدح میں ذکر کیا گیا۔

٦٧؎ ساری عمر کفر و شرک اور فسق و فجور میں ضائع کرنے کے بعد اگر وہ سچے دل سے توبہ کرنا چاہے گا تو اللہ کی رحمت کے دروازے کو وہ بند نہیں پائے گا۔ اگر اس نے کفر و شرک سے توبہ کی اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کو تسلیم کیا اور عمل صالح سے اس نے اپنی توبہ کی تصدیق اور اپنے ایمان کی توثیق کر دی تو رحمت الٰہی کا مینہ برسے گا اور اس کی سیرت کے تمام بدنما داغوں کو

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوۡرًا رَّحِيۡمًا ۝۷۰ وَمَنۡ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوۡبُ

اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے ۔ اور جس نے توبہ کی اور نیک کام کیے تو اس نے رجوع کیا اللہ تعالیٰ

دھو کر بالکل صاف کر دے گا۔

۶۲ بعض علماء نے اس کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ توبہ کی وجہ سے ان کے سابقہ گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اور اس کے بعد جو نیک عمل وہ کریں گے انھیں ان کے نامۂ اعمال میں لکھ دیا جائے گا۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ نافرمانی اور سرکشی کی قوت کو اطاعت و انقیاد کی قوت سے بدل دیا جائے گا پہلے وہ ارتکابِ گناہ پر اپنے آپ کو مجبور پاتا تھا اب اطاعت الٰہی کے بغیر اسے چین نصیب نہیں ہوگا لیکن اس آیت کا صحیح مفہوم اس حدیث پاک سے سمجھ میں آتا ہے جو حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے۔ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

یُؤتی بالرجل یوم القیامۃ فیقال اعرضوا صغار ذنوبہ فتعرض علیہ صغائرھا وتخبأ کبائرھا فیقال أعملت کذا وکذا وھو یقر ولیس ینکر وھو مشفق من الکبائر فیقال اعطوہ مکان کل سیئۃ حسنۃ فیقول ان لی ذنوبا لا اراھا ھھنا ولقد رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضحک حتی بدت نواجذہ (رواہ مسلم)۔

حضورؐ نے فرمایا کہ قیامت کے دن ایک آدمی کو لایا جائے گا اور کہا جائے گا کہ اس کے چھوٹے گناہ پیش کرو۔ اس کے سامنے اس کے صغیرہ گناہ پیش کیے جائیں گے اور کبیرہ گناہوں کو مخفی رکھا جائے گا پھر اس سے پوچھا جائے گا کیا تو نے فلاں فلاں گناہ کیا وہ اقرار کرے گا اور بڑے گناہوں سے خوفزدہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ اسے ہر گناہ کے بدلے ایک نیکی دے دو۔ جب وہ رحمتِ الٰہی کا یہ نرالا انداز دیکھے گا تو کہے گا میں نے تو اور بہت سے گناہ کیے تھے وہ مجھے آج دکھائی نہیں دے رہے (مجھے ان کے بدلے میں بھی نیکیاں ملتیں) میں نے رسول اکرمؐ کو دیکھا کہ حضور ہنس پڑے یہاں تک کہ دندانِ مبارک ظاہر ہو گئے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے کرم سے یہ بعید نہیں کہ جب اس کا بندہ صحیح توبہ کرے تو اس کے ہر گناہ کے بدلے نیکی عطا فرمائے۔ علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے خوب لکھا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کے بندوں سے کوئی غلطی سرزد ہو جاتی ہے تو ندامت اور شرم کے باعث وہ پانی پانی ہو جاتے ہیں اور اپنے آپ کو از حد حقیر سمجھنے لگتے ہیں اور بڑی عاجزی سے التجائیں کرتے ہیں۔ خوفِ عذاب سے کانپنے لگتے ہیں۔ اس کے باوجود مغفرت کے امیدوار بھی ہوتے ہیں۔ فاستغفروہ حتی صاروا مھبطاً لکمال الرحمۃ بحیث لو لم یذنبوا لم یصیروا بھذہ المثابۃ فلعل ھذا اصابہ عصیانھم الذی کان سبباً للعقاب سبباً للثواب۔ یعنی پھر وہ مغفرت طلب کرتے ہیں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کا مہبط بن جاتے ہیں۔ اگر انھوں نے یہ گناہ نہ کیا ہوتا تو دل میں نہ سوز و گداز پیدا ہوتا نہ احساسِ ندامت بے چین کرتا اور نہ وہ اس مرتبہ پر فائز ہوتے۔ اس طرح ان کی وہ غلطیاں جو عذاب کا سبب تھیں ان کے لیے باعثِ ثواب ہو گئیں۔ آخر میں کان اللہ غفوراً رحیماً فرما کر ہر شک و شبہ کا ازالہ کر دیا۔

إِلَى اللَّهِ مَتَابًا ﴿٧١﴾ وَالَّذِينَ لَا يَشْهَدُونَ الزُّورَ ۙ وَإِذَا مَرُّوا بِاللَّغْوِ

کی طرف جیسے رجوع کا حق ہے۔ اور جو جھوٹی گواہی نہیں دیتے ۶۹ اور جب گزرتے ہیں کسی لغو چیز کے پاس

مَرُّوا كِرَامًا ﴿٧٢﴾ وَالَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوا عَلَيْهَا

سے تو بڑے باوقار ہو کر گزر جاتے ہیں ۷۰ اور وہ جب انہیں نصیحت کی جاتی ہے ان کے رب کی آیات سے تو نہیں گر پڑتے ۷۱

کہ اس بات پر اظہار حیرت کرنے والو! میری شان غفران کی طرف دیکھو میری صفت رحمت پر نگاہ ڈالو میں غفور بھی ہوں اور رحیم بھی۔ مجھ جیسے رُوسیاہوں کے لیے اپنی تمام رُوسیاہیوں اور اپنی تمام غفلتوں کے باوجود اپنے مولائے قدوس کی یہی صفات کریمانہ وجہ صبر و قرار ہیں۔ میرے کریم! اپنے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل اپنے اس گنہگار، رُوسیاہ اور زیاں کار بندے پر اپنی مغفرت کا دامن پھیلا دے اور اپنی رحمت سے نواز دے آمین یا رب العٰلمین۔ رب ارحمہما کما ربیانی صغیرا۔ رب اغفرلی ولوالدی وللمؤمنین یوم یقوم الحساب۔

۶۹ یشھدون کے دو معنی ہیں، حاضر ہونا اور گواہی دینا۔ پہلا معنی لیا جائے تو آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ کسی باطل سرگرمی میں شریک نہیں ہوتے۔ ایسی محفلیں جو لہو و لعب کے لیے منعقد ہوں، ایسے اجتماعات جہاں غلط نظریات کا پرچار کیا جاتا ہو ان میں شامل نہیں ہوتے۔ اور اگر دوسرا معنی لیا جائے تو آیت کا مفہوم یہ ہوگا کہ وہ جھوٹی گواہی نہیں دیتے۔ بےشک آیت کے دونوں مفہوم ہو سکتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کے بندوں کا یہ شیوہ ہے کہ نہ وہ پہلے باطل و نفاق کی ہنگامہ آرائیوں کی رونق دوبالا کرتے ہیں اور نہ جھوٹی گواہی دیتے ہیں۔ صحیح بخاری میں ہے کہ ایک دن نبی کریم نے فرمایا کیا میں تمہیں خبردار نہ کروں کہ سب سے بڑے گناہ کون کون سے ہیں صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ ضرور خبردار فرمایئے۔ حضورؐ نے فرمایا الشرك بالله وعقوق الوالدين كان متكئا فجلس فقال الا وقول الزور فما زال يكررها حتى قلنا ليته سكت یعنی اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا، ماں باپ کی نافرمانی کرنا۔ پہلے حضورؐ ٹیک لگائے تھے پھر بیٹھ گئے اور فرمایا خبردار! جھوٹی گواہی اور ان آخری الفاظ کو حضورؐ بار بار دہراتے رہے۔ جھوٹی گواہی سے جو مفاسد مرتب ہوتے ہیں وہ کسی سے مخفی نہیں۔ اسی لیے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ جھوٹے گواہ کو چالیس کوڑے لگاتے۔ اس کا منہ کالا کرتے۔ اس کا سر منڈا دیتے اور اسے بازار میں پھراتے تاکہ اس کی خوب تشہیر ہو۔

۷۰ وہ ارادۃً تو ایسی بیہودہ مجلسوں میں شریک نہیں ہوتے لیکن اگر اتفاقاً ان کا گزر اُدھر سے ہو جاتا ہے تو وہاں بیٹھ کر لطف اندوز نہیں ہوتے بلکہ بڑی سنجیدگی کے ساتھ وہاں سے گزر جاتے ہیں اور اس طرف ذرا توجہ نہیں کرتے۔

۷۱ اس آیت میں لم یخروا کا لفظ غور طلب ہے۔ خر، خرورا کا معنی گرنا ہے لیکن یہاں یہ لفظ اس معنی میں مستعمل نہیں بلکہ اعراض اور بے رُخی کا مفہوم ادا کرنے کے لیے لایا گیا ہے۔ جس طرح اہل عرب کہتے ہیں قعد فلان یشتمنی

صُمًّا وَّعُمْيَانًا ﴿۷۳﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا

ان پر بہرے اور اندھے ہو کر۔ اور وہ جو عرض کرتے رہتے ہیں ۷۵ کہ اے ہمارے رب! مرحمت فرما ہمیں ہماری بیویوں

وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾ اُولٰٓئِكَ

اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور بنا ہمیں پرہیزگاروں کے لیے پیشوا۔ یہی وہ خوش نصیب ہیں

وقام فلان یبکی۔ فلاں آدمی مجھے گالی دیتا رہا اور فلاں آدمی روتا رہا۔ یہاں قعد (بیٹھا)، قام (کھڑا ہوا) کا لغوی معنی مقصود نہیں بلکہ محض کلام کا آغاز کرنے کے لیے ذکر کیا گیا ہے۔ اسی طرح یہاں لم یخروا گر پڑنے کے مفہوم پر دلالت نہیں کرتا۔ بلکہ ان کی رُوگردانی اور سرتابی کا مفہوم ادا کرتا ہے۔ ھی صفۃ الکفار وھی عبارۃ عن اعراضھم وقرن ذالک بقولک قعد فلان یشتمنی وقام فلان یبکی وانت لاتقصد الاخبار بقعود ولا قیام انما ھی توطئات فی الکلام (قرطبی بحر محیط)

یہ سمجھ لینے کے بعد اب آیت کا مفہوم واضح ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں کو جب آیاتِ قرآنی پڑھ کر نصیحت کی جاتی ہے تو وہ بہروں اور اندھوں کا طرزِ عمل اختیار نہیں کرتے بلکہ ان آیات کو گوشِ ہوش سے سنتے ہیں۔ ان میں جھلکتے ہوئے انوار کو دیدۂ دل سے دیکھتے ہیں۔ غور و فکر کی خداداد قوتوں کو کام میں لا کر آیات کے اسرار و معارف تک آگاہی حاصل کرتے ہیں۔

۷۵ خداوند رحمٰن کے بندوں کی صفاتِ حمیدہ آپ نے پڑھ لیں، اب ان کی وہ دعا سنیے جو وہ اپنے مولائے کریم سے مانگا کرتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ دعا انسانی سیرت کے مخفی گوشوں کو بے نقاب کرتی ہے۔ اس کے ارادے، اس کی بلند نظری اور عالی ظرفی اس کے مطلوب کے آئینہ میں بخوبی دیکھی جا سکتی ہے۔ عرض کرتے ہیں اے ہمارے رب! ہمیں ایسی بیویاں اور ایسی اولاد عطا فرما جنہیں دیکھ کر ہماری آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور دل مسرور ہوں۔ قُرَّۃ کا لفظ یا قُرّ بمعنی ٹھنڈک سے یا قرار بمعنی سکون سے ماخوذ ہے۔ عرب چونکہ خنکی اور ٹھنڈک کو زیادہ پسند کرتے ہیں اور گرمی کا تصور بھی ان کے لیے اذیت ناک ہے اس لیے یہاں یہ دعا مانگی کہ ہمیں ایسی بیویاں اور بچے عطا فرما جن کے اخلاق و اطوار اتنے پسندیدہ ہوں کہ انہیں دیکھ کر ہماری آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں۔ نیز اگر کسی کی رفیقۂ حیات شکل و صورت میں بھی اچھی ہو عفت و پاکدامنی کے جوہر سے بھی آراستہ ہو، فرماں بردار اور خدمت گزار بھی ہو تو اس کی ان خوبیوں کے باعث نگاہ اسی پر جم کر رہ جاتی ہے۔ اور اِدھر اُدھر دیکھنا اسے گوارا ہی نہیں ہوتا۔ نیز اولاد اگر صحت مند، ذہین و فطین، پاک سیرت اور نیک بخت ہو گی تو بھی والدین کی آنکھوں کو ایسا قرار نصیب ہو گا کہ وہ دوسروں کی طرف حسرت آمیز نگاہوں سے دیکھنے کی کوشش ہی نہیں کریں گے اس لیے قُرَّۃ کے دونوں ماخذ معنی کے لحاظ سے درست ہیں۔

ان کی اس دعا سے یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ لوگ زندگی کے جھمیلوں سے دُور بھاگنے والے نہیں۔ ان کے دامن کی

يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَ يُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّ سَلٰمًا ۷۵

جن کو بدلہ میں ملے گا (جنت کا) بالاخانہ ان کے صبر کرنے کے باعث ۷۳ اور ان کا استقبال کیا جائیگا وہاں دعا اور سلام

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا ۷۶ قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ

سے۔ وہ ہمیشہ رہیں گے اس میں۔ بہت عمدہ ٹھکانا اور قیامگاہ ہے۔ آپ فرمائیے کیا پروا ہے تمہاری

رَبِّيْ لَوْ لَا دُعَاۗؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ۷۷

میرے رب کو اگر تم اس کی عبادت نہ کرو اور تم نے (تو اس) جھٹلانا شروع کر دیا۔ تو یہ جھٹلانا تمہارے گلے کا ہار بنا رہے گا۔

پاکی اور اخلاق کی بلندی کی یہ وجہ نہیں کہ وہ تارک الدنیا کی طرح راہبانہ زندگی بسر کر رہے ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے بندے شادی بھی کرتے ہیں، ان کی اولاد بھی ہوتی ہے، گھریلو زندگی کی ذمہ داریوں کا بوجھ بھی انھوں نے اٹھایا ہوا ہوتا ہے۔ زندگی کی شورشوں میں سے گزرنے کے باوجود ان کی سیرت آئینہ کی طرح چمک رہی ہوتی ہے۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ اسلام نے تقویٰ و پارسائی کا جو بلند معیار مقرر کیا ہے وہاں تک پہنچنے کے لیے گھریلو مسرتوں سے دست بردار ہونا ضروری نہیں بلکہ وہ گھر جس میں سلیقہ شعار بیوی اپنی صوری اور معنوی خوبیوں کا نور بکھیر رہی ہو جہاں خوبصورت اور نیک سیرت بچے پھولوں کی طرح دل لبھا رہے ہوں۔ اسی گھر کی فضا اس قابل ہے کہ وہاں کے بسنے والے تقویٰ کی رفعتوں تک پہنچنے کے لیے کمر ہمت باندھیں۔

دعا کا آخری حصہ یہ ہے واجعلنا للمتقین اماما۔ اے اللہ ہمیں متقی اور پرہیزگار لوگوں کا امام اور رہنما بنا یعنی تقویٰ میں ہمیں وہ مقام عطا فرما کہ لوگ ہماری پیروی کر کے نجات حاصل کریں۔ ایسا نہ ہو کہ ہم اپنی خانگی زندگی کی لذتوں میں ایسے کھو کر رہ جائیں کہ تیری یاد کی بھی ہمیں فرصت نہ ملے یا دولت کی طلب میں ہم ایسے حواس باختہ ہو جائیں کہ حلال و حرام میں تمیز بھی نہ کر سکیں۔ ہو سب کچھ لیکن دل تیری یاد سے سرشار ہو۔ زبان تیری حمد و ثنا کے گیت گا رہی ہو۔ پیشانی پر تیری بندگی کا نشان چمک رہا ہو۔ ہمیں دیکھ کر لوگوں کو تیری یاد آجائے۔ ہماری باتیں سن کر ان کے دل درد محبت سے آشنا ہو جائیں۔ ہمارے پاس بیٹھ کر ان کی بے چین روحوں کو قرار آجائے۔ ہمیں ان پاک بندوں کا سراپا عطا فرما جن کے متعلق تیرے حبیب نے فرمایا ھم قوم لا یشقی جلیسھم یعنی اولیاء اللہ وہ ازلی سعادت مند ہیں کہ جو بدبخت ایک لمحہ ان کے پاس بیٹھ جاتے وہ بھی بدبخت نہیں رہتا۔ اس دعا سے معلوم ہوا کہ معرفت الٰہی کے بلند ترین مقام پر پہنچنے کی آرزو کرنا اور اس کے لیے دامن طلب پھیلانا عباد الرحمٰن کا شیوہ ہے۔

۷۳ جن کے اخلاق اتنے پاکیزہ اور جن کی امنگیں اتنی حسین ہیں، جب وہ جنت میں داخل ہوں گے تو ان کی پذیرائی

اس طرح ہوگی جیسے آیت میں مذکور ہے۔ بما صبروا کا جملہ بڑا غور طلب ہے۔ انسانی زندگی کے حسن میں یہ نکھار، کردار میں یہ پختگی طبیعت میں یہ لطافت اور دعاؤں میں یہ علو ہمت خود بخود پیدا نہیں ہو جاتا بلکہ اس کے لیے ہمیں طویل جدوجہد کی ضرورت ہوگی بیرونی رکاوٹوں سے بھی نبرد آزما ہونا ہوگا، اور ذاتی جذبات اور احساسات کا مقابلہ بھی کرنا پڑے گا اس کشمکش اور جدوجہد میں ہم صبرو استقامت کا جتنا مظاہرہ کریں گے اسی نسبت سے جنت میں ہمارے درجات بلند ہونگے اسی کے مطابق ہمارے استقبال میں نوری فرشتے گرمجوشی کا اظہار کریں گے۔

---

# تعارف سُورۃ الشّعراء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

نام: اِس سُورۃ کا نام الشعراء ہے۔ کیونکہ اس کی آیت ۲۲۴ میں یہ لفظ مذکور ہے اس لیے اسی لفظ کو اس سُورۃ کا عنوان مقرر فرمایا۔ اس سُورت میں گیارہ رکوع اور ۲۲۷ آیتیں ہیں یہ ۱۲۷۹ کلمات اور پانچ ہزار پانچ سو چالیس حروف پر مشتمل ہے۔

نُزول: یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ حضرت ابن عباس کے ایک قول سے پتہ چلتا ہے کہ سورۃ طٰہٰ کے بعد سورۃ الواقعہ نازل ہوئی۔ اور اس کے بعد الشّعراء کا نزول ہوا۔ اور بعض علماء کا خیال ہے کہ اس سُورۃ کی چار آخری آیتیں جو والشعراء یتبعھم سے شروع ہوتی ہیں وہ مدینہ طیبہ میں نازل ہوئیں۔ (خزائن العرفان)

مضامین: نبی رؤف رحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شب و روز تبلیغ اسلام میں مصروف ہیں۔ دن بھر اپنی قوم کو سمجھاتے ہیں۔ ان کے شکوک کا ازالہ اور ان کے اعتراضات کا جواب دیتے ہیں۔ قرآن کریم کی آیات پڑھ پڑھ کر انھیں سناتے ہیں۔ اور جب رات کی تاریکی پھیل جاتی ہے اور ہر طرف سناٹا چھا جاتا ہے تو یہ رسُول مکرم بارگاہِ الٰہی میں حاضر ہوتے ہیں کبھی دست بستہ کھڑے ہو کر اور کبھی سر بسجود ہو کر بڑے سوز و گداز سے اپنی قوم کی ہدایت کے لیے التجائیں کرتے ہیں جب زبان مصروفِ دُعا ہوتی ہے تو آنکھوں سے آنسو ٹپ ٹپ گرنے لگتے ہیں۔ یُوں معلوم ہوتا ہے کہ آمین آمین کہہ رہے ہیں۔

یُوں دن بسر ہو رہے ہیں، یُوں راتیں گزر رہی ہیں۔ لیکن کفار کی ہٹ دھرمی اور بہتان تراشی میں اضافہ ہی ہوتا چلا جا رہا ہے، جس سے طبیعت اُداس رہتی ہے اور خاطرِ عاطر پر غم کے بادل چھائے رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ تسلی دیتے ہوئے فرماتے ہیں: "اے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم! تم یُوں رنجیدہ خاطر اور ملول کیوں رہتے ہو۔ آپ نے اپنا فرض ادا کر دیا یہ ان کی عقل کا قصور ہے کہ وہ حق کو قبول نہیں کر رہی۔ تمھارا شفیق دل تو یہی چاہتا ہے کہ ان میں سے کوئی بھی گمراہ نہ رہے سب ہدایت یافتہ ہو جائیں۔ اور ایسا کرنا ہمارے لیے کوئی مشکل نہیں۔ ہم انھیں ایسی نشانی دکھانے پر قادر ہیں۔ جس کو دیکھ کر ان کی گردنیں جھک جائیں۔ اور اسلام قبول کرنے کے سوا ان کے لیے کوئی چارۂ کار نہ رہے۔ لیکن جبر و اکراہ سے انھیں راہِ حق پر گامزن کرنا ہماری حکمت کے بھی خلاف ہے اور شرفِ انسانی بھی اس کا تقاضا نہیں کرتا۔

اس کے بعد سات جلیل القدر انبیاء اور ان کی قوموں کے حالات کو بڑی شرح و بسط سے بیان فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی ہو اور کفار و مشرکین ان نافرمان قوموں کے دردناک انجام سے باخبر ہو کر اپنی بروقت اصلاح کریں۔

آخری رکوع میں بتا دیا کہ جس قرآن کو یہ کلام الٰہی ماننے سے انکار کر رہے ہیں یہ وہ کلام ہے جسے رب العٰلمین نے نازل کیا ہے۔ اسے لے کر آنے والا روح الامین ہے۔ اور جس کے قلب پاک پر یہ نازل ہوا وہ نذیر للعالمین ہے۔ اس کے ذکر خیر سے پہلے انبیاء کرام کی کتابیں بھری پڑی ہیں اس کے متعلق یہ کہنا کہ یہ کسی شیطان کا کلام ہے یا کسی شاعر کا طبع زاد ہے انتہائی حماقت اور نادانی ہے۔ کہاں شیاطین کی لایعنی باتیں اور کہاں اس کتاب مقدس کا اعجاز بیان اور حسن و جمال، کچھ سوچو۔ ان میں کوئی ادنیٰ سی مناسبت بھی ہے۔

---

# سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ مِائَتَانِ وَسَبْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰیَۃً وَّاِحْدٰی عَشَرَۃَ رُکُوْعًا

سورۃ شعراء مکی ہے اور اس کی ۲۲۷ آیتیں اور ۱۱ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

طٰسٓمّٓ ① تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ ② لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا

طا۔سین۔میم [1] یہ آیتیں ہیں [2] روشن کتاب کی۔ (اے جانِ عالم!) شاید آپ ہلاک کر دیں گے اپنے آپ کو اس

یَكُوْنُوْا مُؤْمِنِیْنَ ③ اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَیْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰیَةً فَظَلَّتْ

غم میں کہ وہ ایمان نہیں لا رہے [3]۔ اگر ہم چاہیں تو اتاریں ان پر [4] آسمان سے کوئی نشانی پس ہو جائیں

[1] بعض نے اسے اسماءِ الٰہی میں شمار کیا ہے۔ بعض کی رائے میں یہ سورۃ کا نام ہے اور بعض علماء کے نزدیک مختلف الفاظ پر دلالت کرنے کے لیے یہ حروف بطور رمز ذکر کیے گئے ہیں۔ لیکن حق یہ ہے کہ اللہ اور رسول کے درمیان یہ ایک راز ہے۔ والحق انہ رمز بین اللہ ورسولہ۔ (مظہری)

[2] مُبین کا معنی ہے خود روشن یا دوسری چیزوں کو روشن کرنے والی یعنی ہر طرف اجالا کرنے والی۔ کونسی ایسی گرہ ہے جسے اس کتاب نے نہیں کھولا۔ کون سا ایسا عقدہ ہے جس کا حل قرآن نے پیش نہیں کیا۔ حقیقت پر جتنے پردے پڑے ہوئے تھے سب کو اس نے تار تار کر کے حقیقت کو آشکارا کیا۔ اگر ایسی کتاب، کتابِ مبین نہیں تو پھر کون سی کتاب ہے جو اس لقب سے نوازے جانے کے قابل ہو۔

[3] جو رگ ریڑھ کی ہڈی میں سے گزرتی ہوئی گردن میں پہنچتی ہے اسے بِخاع کہتے ہیں جب ذبح کرتے وقت چھری یہاں تک پہنچ جائے تو ذبح مکمل ہو جاتی ہے۔ اسی سے باخِعٌ ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے ایسا ذبح کرنے والا جس نے چھری بخاع تک پہنچا دی ہو۔ غم و اندوہ سے جب کوئی اپنی جان گنوا دے تو کہتے ہیں بخع نفسہ ای قتلہا غمًا۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شبانہ روز کوششوں کے باوجود کفار کی ضد بڑھتی ہی چلی جاتی ہے۔ کفر پر وہ اور پکے ہوتے جاتے ہیں۔ اسلام سے ان کی نفرت میں آئے دن اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ اس المناک صورتِ حال کو دیکھ کر اس قلبِ شفیق پر جو گزرتی ہو گی اس کا اندازہ خداوند تعالیٰ کے سوا اور کون لگا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ تسلی دیتے ہوئے فرماتے ہیں: اے محبوب تو ان لوگوں کے غم میں کیوں گھلا جا رہا ہے۔ اتنا دلگیر اور غمزدہ ہونے کی ضرورت نہیں۔ تو نے اپنا

أَعْنَاقُهُمْ لَهَا خَاضِعِينَ ﴿٤﴾ وَمَا يَأْتِيهِم مِّن ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ

ان کی گردنیں اس کے آگے جھکی ہوتی ﴿۴﴾ اور نہیں آیا کرتی ان کے پاس کوئی تازہ نصیحت الرحمن کی جانب سے

مُحْدَثٍ إِلَّا كَانُوا عَنْهُ مُعْرِضِينَ ﴿٥﴾ فَقَدْ كَذَّبُوا فَسَيَأْتِيهِمْ أَنبَاءُ

مگر یہ گروہ اُس سے منہ پھیر لیتے ہیں۔ تو بیشک انہوں نے تکذیب کی سو جلد آئے گی انہیں اطلاع اس (چیز) کی

فرض بڑی خوش اسلوبی سے ادا کر دیا۔ ایمان لانا یا نہ لانا ان کا اپنا کام ہے۔ ایمان نہیں لائیں گے تو خود اس کی سزا بھگتیں گے۔

ؔ اگر ہماری مرضی ہوتی کہ یہ سب کے سب مشرف باسلام ہو جائیں تو ہم انہیں کوئی ایسی نشانی دکھاتے جس کے بعد انہیں انکار کی گنجائش ہی باقی نہ رہتی۔ ہماری مشیت یہ ہے کہ انسان کو عقل و فہم کی قوتوں کو بروئے کار لانے کی جزوی آزادی دی جائے۔ حق و باطل اس کے سامنے واضح کر دیا جائے پھر اس کو اختیار دیا جائے کہ اپنی مرضی سے ان دو راہوں میں سے کوئی راہ اختیار کر لے تاکہ اگر کوئی نیکی کا راستہ اختیار کرے تو وہ اجر کا مستحق قرار پائے اور اگر کوئی بدی کی راہ پر چلے تو سزا کا مستوجب ہو۔ جبر و تشدد سے کسی انسان کو راہِ حق پر چلانا نہ اس کی شان کے شایاں ہے اور نہ یہ بات ہمیں پسند ہے۔

ؔ اعناقھم ظلت کا اسم ہے۔ خاضعین خبر ہے۔ نحوی قاعدے کے مطابق خاضعة ہونا چاہیے تھا لیکن بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ اسم اگر مرکب اضافی ہو تو اس کی خبر یا اس کے فعل میں مضاف سے مطابقت کا خیال رکھنے کے بجائے مضاف الیہ کی مطابقت کا خیال رکھا جاتا ہے۔ راجز کا شعر ہے ؎

طول اللیالی اسرعت فی نقضی طوین طولی وطوین عرضی

یہاں اسرعت اور طوین کا فاعل طول اللیالی ہے اور طول کیونکہ مذکر ہے اس لیے اسرع اور طوی ہونا چاہیے تھا لیکن یہاں طول مضاف کو نظر انداز کر کے اللیالی کا لحاظ رکھا گیا اور فعل مؤنث لایا گیا۔ جریر کا شعر ؎

اری مر السنین اخذن منی کما اخذ السرار من الھلال

یہاں بھی سنین کی وجہ سے اخذن ذکر کیا گیا۔ اگر مر السنین کا لحاظ ہوتا تو اخذ کہا جاتا لیکن ایسا کرنا فقط اس مقام پر درست ہو گا جہاں اگر مضاف کو گرا دیا جائے تو معنی میں فساد نمودار نہ ہو۔ فراء اور ابو عبیدہ نے اس توجیہ کو پسند کیا ہے۔

وعلی ھذا اعتمد الفراء وابو عبیدہ۔ (قرطبی)

لیکن اعناق رؤساء کے معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے پھر اس تاویل کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ قال مجاھد اعناقھم کبراءھم۔ اور نحاس نے اس کی تائید کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ معنی لغت میں معروف ہے۔

وقال النحاس ومعروف فی اللغة۔

ؔ ان کفار کا یہ پرانا شیوہ ہے کہ جب بھی کوئی نبی اللہ تعالیٰ کا پیغام لے کر ان کے پاس آیا تو انہوں نے اس کو

مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٦﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا

امر کی جس کے ساتھ وہ استہزاء کیا کرتے تھے - کیا انھوں نے نہیں دیکھا زمین کی طرف کہ کتنی کثرت سے ہم نے اگائے

فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ﴿٧﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

ہیں اس میں ہر طرح کے مفید پودے ۷ بیشک اس میں (انکے لیے قدرت الٰہی کی) نشانی ہے۔ اور ان سے اکثر لوگ

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٨﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿٩﴾ وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ

ایمان نہیں لائیں گے۔ اور بیشک آپ کا رب ہی سب پر غالب (اور) ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اور یاد کرو جب ندا دی آپکے

مُوْسٰٓى اَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠﴾ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۭ اَلَا يَتَّقُوْنَ ﴿١١﴾

رب نے موسیٰ کو ۸ (اور فرمایا) کہ جاؤ ظالم لوگوں کے پاس ۹ یعنی قوم فرعون کے پاس۔ کیا وہ (قہر الٰہی) سے نہیں ڈرتے

ع ۵

جھٹلایا اور اس کی بات سننے سے انکار کر دیا لیکن انھیں عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ عناد و تعصب کا جو راستہ انھوں نے اختیار کر رکھا تھا وہ غلط تھا۔ صحیح اور سچی بات وہی تھی جو اللہ تعالیٰ کے نبی نے انہیں بتائی تھی۔

۷ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں کوئی نشانی دکھاؤ جس سے ہمیں آپ کی دعوت کی صداقت کا یقین ہو جائے۔ جواب میں فرمایا کہ اپنے اردگرد پھیلے ہوئے سرسبز مرغزاروں، لہلہاتے ہوئے کھیتوں اور شاداب باغوں کو دیکھو کیا ان کے پتے پتے پر قدرت کی ایسی روشن نشانیاں موجود نہیں۔ اگر تم ہدایت پذیری کے لیے کسی نشانی کا مطالبہ کر رہے ہو پھر تو تمھیں یہی نشانیاں حقیقت کی طرف رہنمائی کر دیں گی۔ لیکن اگر تمھاری مطلوبہ نشانی سے مراد وہ عذاب ہے جو منکرین پر نازل ہوتا ہے تو ان کو تہس نہس کر کے رکھ دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر بھی قادر ہے۔ لیکن اس سے تمھیں کیا فائدہ پہنچے گا۔ وہ دن تو تمھاری تباہی و بربادی کا دن ہوگا۔ نادان نہ بنو۔ اپنے منہ سے اپنی تباہی کا مطالبہ نہ کرو بلکہ اللہ تعالیٰ کی ان روشن نشانیوں کو غور سے دیکھو جو تمھارے اردگرد بڑے قرینے سے سجا دی گئی ہیں اور ایمان لا کر اپنی ابدی فلاح کا اہتمام کر لو۔ کریم کا معنی ہے کثیر المنفعة۔ آیت میں کَمْ کثرت اور کُلّ احاطہ کثرت پر دلالت کر رہا ہے۔ (مظہری)

۸ مزید اطمینان دلانے کے لیے سابقہ انبیاء کے واقعات بیان فرما کر بتایا جا رہا ہے کہ جس طرح انھیں قوی اور جابر دشمنوں سے واسطہ پڑا اور ہماری تائید و نصرت سے وہ اپنی بے سروسامانی کے باوجود کامیاب و کامران ہوئے اور ان کے اعداء اور بدخواہ تباہ و ویران ہوئے۔ اسی طرح نصرت خداوندی آپ کی پشت پناہی کر رہی ہے۔ دنیا کی کوئی طاغوتی طاقت آپ کو گزند نہیں پہنچا سکے گی۔ ان کی کوئی کوشش اسلام کے سیل رواں کو روک نہیں سکے گی

قَالَ رَبِّ اِنِّیْۤ اَخَافُ اَنْ یُّكَذِّبُوْنِؕ ﴿۱۲﴾ وَ یَضِیْقُ صَدْرِیْ وَ لَا

آپ نے عرض کی میرے رب! میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے اور گھٹتا ہے میرا سینہ اور روانی سے

یَنْطَلِقُ لِسَانِیْ فَاَرْسِلْ اِلٰى هٰرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَ لَهُمْ عَلَیَّ ذَنْۢبٌ فَاَخَافُ

نہیں چلتی میری زبان۔ سو (ازراہ کرم) وحی بھیج ہارون کی طرف۔ اور (تو جانتا ہے کہ) ان کا میرے ذمہ ایک جرم بھی ہے

اَنْ یَّقْتُلُوْنِۚ ﴿۱۴﴾ قَالَ كَلَّا ۚ فَاذْهَبَا بِاٰیٰتِنَاۤ اِنَّا مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ﴿۱۵﴾

اس لیے میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے قتل کردیں گے اللہ نے فرمایا ہرگز ایسا نہیں ہوسکتا پس تم دونوں ہماری نشانیاں لیکر جاؤ ہم تمہارے

فَاْتِیَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَاۤ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَۙ ﴿۱۶﴾ اَنْ اَرْسِلْ

ساتھ ہیں (اور ہر بات) سننے والے ہیں۔ سو دونوں جاؤ فرعون کے پاس اور اسے کہو ہم فرستادے ہیں رب العٰلمین کے (ہم تمہیں کہتے ہیں) کہ

شکوک وشبہات کا غبار چھٹ جائے گا اور نورِ توحید سے دشت وجبل کوہ ودمن جگمگانے لگیں گے۔ سب سے پہلے موسٰی علیہ السلام کا ذکر فرمایا۔

۹؎ فرعون اور اس کی قوم کو ظالم کہنے کی کئی وجوہ ہیں۔ وہ اس لیے بھی ظالم تھے کہ خداوند کریم کو چھوڑ کر انھوں نے فرعون اور کواکب کو اپنا معبود بنا رکھا تھا۔ بنی اسرائیل کو انھوں نے غلامی کی زنجیروں میں جکڑ رکھا تھا۔ بڑی بے رحمی سے ان سے جسمانی مشقت کا کام کراتے اور مناسب اُجرت کبھی نہ دیتے۔ پھر یہ کہ ان کے معصوم بچوں کے قتل عام کا قانون نافذ کرکے انھوں نے ظلم کی انتہا کردی تھی۔ اگر یہ قوم ظالم نہیں کہلائے گی تو پھر ظالم کہلانے کا کون مستحق ہوگا۔ نبوت ورسالت کی نازک ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے انھوں نے بارگاہ الٰہی میں التجا کی کہ میں بسا اوقات دل میں تنگی محسوس کرتا ہوں۔ میری زبان میں لکنت بھی ہے۔ میرے ذمے ان کا ایک قتل بھی ہے۔ ایسا نہ ہو کہ میں تبلیغ کا حق ادا کرنے سے قاصر رہوں۔ میرا بھائی ہارون مجھ سے زیادہ فصیح وبلیغ ہے۔ اگر اسے میرا معاون بنا دیا جائے تو ہم دونوں مل کر بہتر طریقہ سے اپنا فرض ادا کرسکیں گے۔

۱۰؎ موسٰی تمہاری درخواست منظور ہے۔ حضرت ہارون کو تمہارا شریک کار بنا دیا گیا ہے۔ بے فکر رہو فرعون تمہارا بال بھی بیکا نہیں کرسکے گا۔ جاؤ میں تم سب کی باتوں کو سنوں گا اور تمہاری حفاظت کروں گا۔

۱۱؎ اپنی معیت اور نصرت کا یقین دلا کر انھیں نازک ترین مہم پر روانہ کیا جارہا ہے۔ موسٰی وہارون علیہما السلام فرعون کے دربار میں پہنچے اور اسے کہا کہ ہمیں رب العالمین نے بھیجا ہے اور ہم اس لیے آئے ہیں کہ تو بنی اسرائیل کو

مَعَنَا بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ ﴿١٧﴾ قَالَ أَلَمْ نُرَبِّكَ فِينَا وَلِيدًا وَّلَبِثْتَ

بھیج دے ہمارے ساتھ (ہماری قوم) بنی اسرائیل کو۔ فرعون نے (یہ سنکر) کہا موسیٰ! کیا ہم نے تجھے پالا نہیں تھا اپنے یہاں جبکہ تو بچہ تھا

فِينَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِينَ ﴿١٨﴾ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِي فَعَلْتَ وَ

اور بسر کیے تو نے ہمارے پاس اپنی عمر کے کئی سال ١٢ اور تو نے ارتکاب کیا اس فعل کا جس کا تو نے ارتکاب کیا اور تو

أَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِينَ ﴿١٩﴾ قَالَ فَعَلْتُهَآ إِذًا وَّأَنَا مِنَ الضَّآلِّينَ ﴿٢٠﴾

بڑا احسان فراموش ہے۔ آپ نے جواب دیا میں نے ارتکاب کیا تھا اس کا اس وقت جبکہ میں ناواقف تھا ١٣

فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِي رَبِّي حُكْمًا وَّجَعَلَنِي

تو میں بھاگ گیا تھا تمہارے ہاں سے۔ جبکہ میں تم سے ڈرا پس بخش دیا مجھے میرے رب نے حکم، اور بنا دیا مجھے

اپنی غلامی سے آزاد کر دے تاکہ ہم انھیں لے کر اپنے آبائی وطن شام کی طرف ہجرت کر جائیں۔

١٢ موسیٰ علیہ السلام کی یہ دونوں باتیں اس کے لیے ناقابل برداشت تھیں پہلی بات سے براہ راست اس کی خدائی پر زد پڑتی تھی۔ اس نے تو یہ دعویٰ کر رکھا تھا کہ انا ربکم الاعلیٰ۔ اور انھیں یقین دلاتا تھا کہ ما علمت لکم من الٰہ غیری میں اپنے سوا تمہارے لیے کسی خدا کو نہیں جانتا۔ اب وہ کیسے گوارا کرتا کہ اس کے پرستاروں کے مجمع میں رب العالمین کا کوئی ذکر کرے۔ رہا بنی اسرائیل کی آزادی کا مسئلہ تو اس پر بھی وہ غور کرنے کے لیے تیار نہ تھا۔ وہ بنی اسرائیل کو ہجرت کی اجازت دے کر اپنی قوم کو ایسے جفاکش مزدوروں کی خدمات سے محروم کر دینا نہیں چاہتا تھا۔ جو اپنے قبطی آقاؤں کی زمین میں کھیتی باڑی کرتے، جو ان کے لیے شاندار محلات تعمیر کرتے، اور ان کو راحت و آرام پہنچانے کے لیے آٹھوں پہر بے زبان چوپائیوں کی طرح کام میں جُتے رہتے تھے۔ اس طرح تو ملک کے سارے معاشی نظام کے تلپٹ ہو جانے کا خطرہ تھا چنانچہ آپ کی دونوں باتیں سن کر وہ بپھرا اور کہنے لگا کہ تمہاری یہ جرأت کہ مجھ سے دُو بدُو باتیں کرو۔ تم وہی نہیں جسے ماں نے ایک تابوت میں رکھ کر دریا میں پھینک دیا تھا اور ہم نے تجھے تابوت سے نکالا اور بڑے ناز و نعم سے تمہیں پالا۔ عرصہ دراز تک تم ہمارے پاس رہے اور ہم تمہاری ہر طرح کی نازبرداریاں کرتے رہے۔ تم آج ہمیں آنکھیں دکھانے اور اپنے مطالبات منوانے آئے ہو۔ تمہیں یاد ہونا چاہیے کہ تم ہمارے قاتل بھی ہو۔ اس سے پہلے تو تم نے کبھی ہماری خدائی پر اعتراض نہ کیا اور نہ کبھی بنی اسرائیل کی لیڈری کا دعویٰ کیا۔

١٣ آپ نے پہلے اس کی دوسری بات کا جواب دیا کہ ٹھیک ہے ایک قبطی میرے ہاتھ سے مارا گیا تھا میرا

مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢١﴾ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْٓ

رسولوں سے ١٤؎ اور یہ نعمت ہے جس کا تو مجھ پر احسان جتلاتا ہے۔ حالانکہ تو نے غلام بنا رکھا ہے

اِسْرَآءِيْلَ ﴿٢٢﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٣﴾ قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ

بنی اسرائیل کو ١٥؎ فرعون نے پوچھا کیا حقیقت ہے رب العلمین کی؟ ١٦؎ آپ نے فرمایا (رب العلمین) وہ

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿٢٤﴾ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗٓ

ہے جو مالک ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اگر ہو تم یقین کرنے والے ١٧؎ فرعون نے اپنے اردگرد بیٹھنے والوں سے

اُسے قتل کرنے کا ہرگز ارادہ نہ تھا۔ وہ میرے قومی بھائی سے ہاتھا پائی کر رہا تھا۔ میں نے اسے ایک گھونسا رسید کیا اور وہ مر گیا۔ یہاں ضالین ناواقف کے معنی میں مستعمل ہے۔

١٤؎ اب میرے رب نے مجھ پر کرم کیا مجھے حکمت اور رسالت سے نوازا اور اسی نے یہ پیغام پہنچانے کے لیے تیرے پاس بھیجا۔

١٥؎ دوسرے الزام کا جواب دے کر اب اس کی پہلی بات کا رد فرمایا کہ تو مجھ پر احسان جتلاتا ہے کہ تو نے مجھے پالا ہے۔ یہ احسان جتلاتے ہوئے تجھے شرم نہ آئی۔ تو نے میری ساری قوم کو غلامی کی بیڑیاں پہنا رکھی ہیں۔ تیری قوم ان سے جسمانی مشقت کے ایسے کام لیتی ہے جن کے تصور سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اے مجھ پر احسان جتلانے والے کیا تو وہی نہیں جس نے بنی اسرائیل کے معصوم بچوں کو قتل کرنے کا سفاکانہ قانون نافذ کیا تھا۔ تیرے اس ظلم سے بچانے کے لیے مجھے میری ماں نے اپنے کلیجہ پر ہاتھ رکھ کر نیل کی لہروں کے سپرد کر دیا تھا تو تو مجھے قتل کرنے کے درپے تھا۔ دلوں کے مالک نے تیرا دل پھیر دیا اور تو قتل کرنے کے بجائے مجھ سے پیار کرنے لگا۔ مجھے تیرے محل میں لا کر تیری گود میں پلوانے میں میرے رب کی یہ حکمت تھی کہ وہ تجھے بتانا چاہتا تھا کہ جس بچے سے بچنے کے لیے تو معصوموں کا خون بہا رہا ہے۔ دیکھ یہ وہ بچہ ہے جس کو ہم تیرے محل میں لے آئے ہیں اور تجھے اس کی خدمت پر مامور کر دیا ہے۔ اے خدائی کے جھوٹے دعویدار تو اگر خدا ہوتا تو کیا اپنے منصوبہ کو عملی جامہ پہنانے میں ناکام ہو جاتا اور جس بچے کی ولادت سے تجھے تیرے نجومیوں اور پنڈتوں نے ڈرایا تھا۔ وہ تیری گود میں پلا تو اسے پہچان نہ سکا۔ کیا ایسے بے بس اور بے خبر انسان کو یہ بات زیب دیتی ہے کہ وہ خدائی کا دعویٰ کرے۔

١٦؎ موسیٰ علیہ السلام کے دندان شکن جواب نے اس کو اپنے کلام کا رُخ بدلنے پر مجبور کر دیا کہنے لگا جس رب العلمین کے تم فرستادہ ہو ذرا اس کی حقیقت تو بیان کرو۔

اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ﴿٢٥﴾ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآىِٕكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٦﴾ قَالَ

کہا کیا تم سن نہیں رہے ١٨ آپ نے فرمایا وہ جو تمھارا بھی مالک ہے اور تمھارے پہلے باپ دادا کا بھی ١٩ فرعون بولا

اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِيْٓ اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ ﴿٢٧﴾ قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ

بلاشبہ تمھارا یہ رسول جو بھیجا گیا ہے تمھاری طرف یہ تو دیوانہ ہے ٢٠ آپ نے (پھر) فرمایا جو مشرق و

وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٢٨﴾ قَالَ لَىِٕنِ اتَّخَذْتَ

مغرب کا رب ہے اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، اگر تم کچھ عقل رکھتے ہو ٢١ اس نے (رعب جماتے ہوئے) کہا

اِلٰهًا غَيْرِيْ لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ﴿٢٩﴾ قَالَ اَوَلَوْ جِئْتُكَ

(یاد رکھو!) اگر تم نے میرے سوا کسی کو خدا بنایا تو میں تمھیں ضرور قیدیوں میں داخل کر دوں گا ٢٢ فرمایا اگرچہ میں لے آؤں تیرے پاس

١٧ کسی چیز کی حقیقت اور ماہیت دریافت کرنا ہو تو ما سے سوال کیا جاتا ہے۔ جیسے فرعون نے کہا ما رب العلمین؟ لیکن اللہ تعالیٰ کی حقیقت پر آگاہ ہونا انسان کے لیے ناممکن ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے اس مسئلہ میں الجھنے کے بجائے ان دلائل و شواہد کی طرف اس کی توجہ مبذول کی جن پر اگر غور و فکر کیا جائے تو انسان رب العلمین کو پہچان سکتا ہے۔

١٨ جواب کو سوال کے مطابق نہ پا کر اس نے اپنے ارد گرد بیٹھنے والوں پر فاتحانہ نگاہ ڈالتے ہوئے پوچھا سن رہے ہو، یہ صاحب میرے سوال کا جو جواب دے رہے ہیں۔ میں نے رب العلمین کی حقیقت پوچھی ہے اور یہ کہہ رہے ہیں کہ وہ زمین و آسمان کا خالق ہے۔ حالانکہ علماءِ فلسفہ اس بات پر متفق ہیں کہ آسمان قدیم ہے وہ کسی خالق کا محتاج نہیں یہ جواب سوال سے ہم آہنگ نہ ہونے کے ساتھ ساتھ علم و فلسفہ کے بھی صراحۃً خلاف ہے۔

١٩ آپ نے فرمایا رب العلمین وہ ہے جس نے تمھیں اور تمھارے باپ دادا کو پیدا کیا اور اپنے آباؤ اجداد کو وہ بھی قدیم تسلیم نہیں کرتے تھے۔

٢٠ ازراہِ استخفاف کہنے لگا تمھارا یہ رسول دیوانہ ہے۔ عقل و فہم سے اسے دور کا بھی واسطہ نہیں۔ میں پوچھتا کچھ ہوں جواب کچھ دیتا ہے۔

٢١ آپ نے پھر وار کیا اور فرمایا اے مصر کی محدود مملکت پر اترا کر الوہیت کا دعویٰ کرنے والے! میرا بھیجنے والا وہ ہے جس کی ربوبیت اور سلطانی کا نقارہ مشرق و مغرب میں بج رہا ہے۔ حدودِ مصر کے باہر تو تیرا حکم پرکاہ کی قیمت بھی نہیں رکھتا لیکن میرے پروردگار کا حکم پورب پچھم ہر جگہ نافذ ہے۔

بِشَيْءٍ مُّبِينٍ ﴿٣٠﴾ قَالَ فَأْتِ بِهِ إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿٣١﴾

ایک روشن چیز ۲۳؎ اس نے کہا پھر پیش کرو اسے اگر تم سچے ہو۔

فَأَلْقَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِينٌ ﴿٣٢﴾ وَنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا

پس آپ نے ڈالا اپنا عصا تو اسی وقت وہ صاف اژدھا بن گیا۔ اور آپ نے باہر نکالا اپنا ہاتھ تو

هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِينَ ﴿٣٣﴾ قَالَ لِلْمَلَإِ حَوْلَهُ إِنَّ هَٰذَا لَسَاحِرٌ ع ٢

یکایک وہ سفید ہو گیا دیکھنے والوں کے لیے۔ (یہ دیکھ کر) فرعون نے اپنے آس پاس بیٹھنے والے درباریوں سے کہا واقعی یہ

عَلِيمٌ ﴿٣٤﴾ يُرِيدُ أَن يُخْرِجَكُم مِّنْ أَرْضِكُم بِسِحْرِهِ فَمَاذَا

ماہر جادوگر ہے۔ یہ چاہتا ہے کہ نکال دے تمھیں اپنے ملک سے اپنے جادو (کے زور) سے ۲۴؎ اب بتاؤ تمھاری

تَأْمُرُونَ ﴿٣٥﴾ قَالُوا أَرْجِهْ وَأَخَاهُ وَابْعَثْ فِي الْمَدَائِنِ حَاشِرِينَ ﴿٣٦﴾

کیا رائے ہے؟ بولے مہلت دو اسے اور اس کے بھائی کو اور بھیجو شہروں میں ہرکارے ۲۵؎ تاکہ وہ

يَأْتُوكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيمٍ ﴿٣٧﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ ﴿٣٨﴾

لے آئیں تیرے پاس ہر کرشمہ گر، تمام ماہر جادوگر۔ الغرض جمع کر لیے گئے سارے جادوگر مقررہ وقت پر ایک خاص دن۔

۲۲؎ بحث ومناظرہ کے میدان میں لاجواب ہو کر فرعون دھمکی دینے پر اتر آتا ہے۔

۲۳؎ آپ اپنے معجزات دکھا کر اپنے دعویٰ نبوت کی صداقت ثابت کرتے ہیں۔

۲۴؎ وہ آپ پر ماہر جادوگر ہونے کا الزام لگاتا ہے اور اپنے درباریوں کو بھڑکانے کے لیے کہتا ہے کہ نبوت کا ڈھونگ رچا کر یہ اپنا تسلط جمانا چاہتا ہے۔ یہ اقتدار کا بھوکا ہے۔ اپنے جادو کے زور سے ہمارا تخت و تاج چھیننا چاہتا ہے۔ اب بتاؤ تمھاری کیا رائے ہے۔ کیا چپکے سے عنانِ حکومت ان کے حوالے کر دی جائے اور کل تک ان کا آقا رہنے کے بعد انھیں اپنا حاکم تسلیم کر لیا جائے۔

۲۵؎ انھوں نے مشورہ دیا کہ ملک بھر کے ماہر جادوگروں کو بلا کر اسے عبرت ناک شکست دی جائے۔

وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿٣٩﴾ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ

اور کہہ دیا گیا لوگوں سے کیا تم (مقابلہ دیکھنے کے لیے) اکٹھے ہو گئے ؟ شاید ہم پیروی کرتے رہیں جادوگروں کی

اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿٤٠﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ

اگر وہ (مقابلہ میں) غالب آ جائیں۔ جب حاضر ہوئے جادوگر ۳۶ تو انھوں نے فرعون سے پوچھا

اَئِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿٤١﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ

کیا ہمیں کوئی انعام بھی ملے گا اگر ہم (موسیٰ پر) غالب آ جائیں ؟ اس نے کہا ہاں ضرور ملے گا اور تم اس وقت

اِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٤٢﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰۤى اَلْقُوْا مَاۤ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿٤٣﴾

میرے مقربوں میں شامل کر لیے جاؤ گے۔ موسیٰ نے انھیں فرمایا پھینکو جو تم پھینکنے والے ہو۔ تو

فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ

انھوں نے پھینک دیں اپنی رسیاں اور اپنی لاٹھیاں (میدان میں) اور بڑے وثوق سے کہا قسم ہے فرعون کی عزت کی ہم ہی

الْغٰلِبُوْنَ ﴿٤٤﴾ فَاَلْقٰى مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿٤٥﴾

یقیناً غالب آئیں گے۔ پھر پھینکا موسیٰ نے اپنا سونٹا تو وہ یکایک نگلنے لگ گیا جو فریب انھوں نے بنا رکھا تھا ۳۷

فَاُلْقِىَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿٤٦﴾ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٧﴾ رَبِّ

پس (یہ معجزہ دیکھ کر) گر پڑے جادوگر سجدہ کرتے ہوئے ۳۸ انھوں نے (برملا) کہہ دیا ہم ایمان لائے رب العٰلمین پر جو رب ہے

۳۶ ساحرانِ مصر کو اپنے فن پر بڑا ناز تھا۔ انھیں یقین تھا کہ وہ جیت جائیں گے، اس لیے پہلے ہی فرعون سے انعامات کا وعدہ لے رہے ہیں۔ فرعون انھیں انعامات سے مالا مال کر دینے کے وعدہ کے ساتھ ساتھ انھیں یہ بتا رہا ہے کہ میں تمھیں اپنے مقربین کی صف میں شامل کر لوں گا اور شاہی دربار میں وزراء مملکت کے پہلو بہ پہلو تمھارے لیے سنہری کرسیاں بچھائی جایا کریں گی۔

۳۷ مقابلہ شروع ہوا۔ عصاءِ موسیٰ بپھرے ہوئے اژدہا کی طرح منہ کھولے ہوئے ان کی رسیوں اور سونٹیوں

مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ

موسیٰ اور ہارون کا۔ فرعون نے (خفت مٹانے کے لیے) کہا تم تو ایمان لا چکے تھے اس پر اس سے پہلے کہ میں تمہیں

لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ؕ لَاُقَطِّعَنَّ

مقابلہ کی اجازت دیتا۔ یہ تو تمہارا بڑا گرو ہے ۲۹؎ جس نے تمہیں سحر کا فن سکھایا ہے ابھی (اس سازش کا انجام) تمہیں معلوم ہو جائیگا

اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۹﴾ ۚ

میں ضرور کاٹ دوں گا تمہارے ہاتھ اور تمہارے پاؤں مخالف طرفوں سے اور میں تم سب کو سولی چڑھا دوں گا۔ انہوں

قَالُوْا لَا ضَيْرَ ۫ اِنَّاۤ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۵۰﴾ ۚ اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا

نے جواب دیا ۳۰؎ ہمیں اس کی ذرا پروا نہیں۔ ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ ہمیں یہ امید ہے کہ بخش دیگا

رَبُّنَا خَطٰيٰنَاۤ اَنْ كُنَّاۤ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۱﴾ ؑ وَاَوْحَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسٰۤى ع ۳ ۷

ہمارے لیے ہمارا رب ہماری خطائیں۔ کیونکہ ہم (تیری قوم میں سے) پہلے ایمان لانے والے ہیں۔ اور ہم نے وحی کی موسیٰ کی طرف

اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْۤ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۵۲﴾ فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَآئِنِ

کہ راتوں رات (یہاں سے) میرے بندوں کو لے جاؤ ۳۱؎ یقیناً تمہارا تعاقب کیا جائیگا۔ پس بھیجے فرعون نے سارے شہروں میں

کی طرف پھینکا جو دیکھنے والوں کو سانپوں کی طرح لہراتی اور بل کھاتی ہوئی دکھائی دے رہی تھیں اور ان کو ہڑپ کرنا شروع کر دیا۔

۲۸؎ ساحرانِ مصر پر آپ کی صداقت روزِ روشن کی طرح واضح ہوگئی اور وہ اپنے ایمان لانے کا برملا اعتراف کرکے اللہ تعالیٰ کے حضور میں سجدے میں گر پڑے۔

۲۹؎ فرعون نے جھٹ ان پر یہ الزام لگا دیا کہ یہ تمہارا بڑا گرو ہے اور تم اس کے چیلے ہو تم سب نے مل کر حکومت کا تختہ اُلٹنے کی سازش کی ہے۔ میں تمہیں وہ سزا دوں گا کہ تمہیں چھٹی کا دودھ یاد آجائے گا۔

۳۰؎ ایمان کی شمع روشن ہوئی تو خوف و ہراس کے سارے اندھیرے رفوچکر ہو گئے۔ جرأت و شجاعت کے خفتہ جذبات جوان ہو گئے۔ تمام خطرات سے بے نیاز ہو کر انھوں نے اعلان کر دیا لا ضیر انا الی ربنا منقلبون۔ ان تمام امور کی تفصیل سورۃ الاعراف میں گزر چکی ہے۔ ملاحظہ فرما لیجئے۔

# حٰشِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَاِنَّهُمْ لَنَا

ہرکارے ۳۲ (تاکہ لوگوں کو بتائیں) یہ لوگ ایک چھوٹی سی جماعت ہیں ۳۳ اور یقیناً انھوں نے ہمیں سخت

۳۱۔ مصر کے گوشہ گوشہ سے سمٹ کر آنے والے ہزاروں لوگوں نے یہ سارا منظر اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ ملک کے مایۂ ناز ساحروں کا ایک جم غفیر غلام قوم کے دو آدمیوں کا مقابلہ کرنے کے لیے اکٹھا ہوا۔ اپنے آبائی دین کو بچانے کے لیے فرعون کے لرزتے ہوئے تخت کو سہارا دینے کے لیے، اپنی قومی حکومت کو نئے ابھرتے ہوئے خطرے سے محفوظ رکھنے کے لیے کون سا جتن ہوگا جو انھوں نے نہ کیا ہوگا۔ لیکن موسیٰ علیہ السلام کے ایک ڈنڈے نے اژدھا بن کران کے سارے تشے برن کر دیئے۔ اس شکست فاش سے لازمی طور پر سامعین کے ذہن متاثر ہوئے ہوں گے اور جادوگروں کے برملا ایمان لانے سے ناظرین کے قلوب میں جو ہلچل پیدا ہوئی اس کا اندازہ لگانا بھی زیادہ مشکل نہیں۔ لیکن فرعون کی چال بھی کامیاب رہی۔ اس نے ساحروں پر سازش کا الزام لگا کر اپنا بھرم رکھ لیا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شخصی استبداد نے مصریوں سے غور و فکر کی ساری صلاحیتیں چھین لی تھیں۔ وہ فرعون کے الزام کو صحیح ماننے لگے تھے۔ انھوں نے اپنی آنکھوں سے جادوگروں کی ایمانی شجاعت کا مشاہدہ کیا۔ اس بے پایاں مسرت کو بھی دیکھا جس کا اظہار انھوں نے شہادت کا جام نوش کرتے ہوئے کیا۔ لیکن انھیں کچھ عبرت حاصل نہ ہوئی۔ جس طرح پہلے آنکھیں بند کر کے وہ فرعون کی بندگی کرتے آرہے تھے اسی طرح آنکھیں موند کر اس کی بندگی کرنے لگ گئے۔ تاریخ ہمیں کوئی ایسی شہادت مہیا نہیں کرتی جس سے اندازہ کیا جاسکے کہ انھوں نے فرعون کی اس شکست فاش سے کوئی اثر قبول کیا ہو۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں فما اٰمن لموسٰی الا ذریۃ من قومہ علی خوف من فرعون وملاٰھم ان یفتنھم (یونس)۔ چنانچہ اسی حالت میں کئی سال گزر گئے۔ بنی اسرائیل پر ان کی سختی میں مزید اضافہ ہوتا گیا۔ ان کے خلاف ان کا رویہ دن بدن شدت اختیار کرتا گیا۔ بنی اسرائیل نے از راہ شکایت حضرت کلیم سے کہا بھی قالوا اوذینا من قبل ان تاتینا ومن بعد ما جئتنا۔ حضرت موسیٰ نے فرعون اور اس کی قوم کو راہ ہدایت پر لانے کے لیے بڑی کوششیں کیں۔ کئی معجزات دکھائے جن کا ذکر الاعراف میں تفصیلاً گزر چکا ہے لیکن وہ اپنی ضد پر اڑے رہے۔ جب پانی سر سے گزر گیا اور ظلم و ستم کی انتہا ہو گئی تو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کو راتوں رات ہجرت کرنے کا حکم دیا۔

۳۲۔ جب فرعون کو پتہ چلا کہ بنی اسرائیل رات کی تاریکی میں یہاں سے کوچ کر گئے ہیں تو اس نے ان کا تعاقب کرنے کا فیصلہ کیا۔ لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا سے وہ دل ہی دل میں بڑا خائف تھا۔ اس لیے تعاقب کرنے سے پہلے پوری تیاری کرنا ضروری سمجھا۔ ملک کے گوشہ گوشہ میں قاصد بھیج دیئے گئے کہ فرعونی فوج کے دستے جہاں جہاں ہوں جلد از جلد پایۂ تخت میں پہنچیں۔

۳۳۔ ملک بھر میں اس افراتفری اور عام لام بندی سے خوف و ہراس کا پھیلنا ایک قدرتی امر تھا۔ اس کا ازالہ کرنے کے لیے فرعون نے یہ بات بنائی کہ ہمیں اسرائیلیوں سے کسی شدید مقابلہ کی ہرگز توقع نہیں۔ وہ مٹھی بھر آدمی ہیں

لَغَآئِظُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَاِنَّا لَجَمِیْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ

برافروختہ کر دیا ہے۔ تاہم فکر نہ کرو، ہم سب (ان کے متعلق) بہت محتاط ہیں۔ سو ہم نے نکالا انھیں ۳۳۴ (سرسبز) باغوں

وَّعُیُوْنٍ ﴿۵۷﴾ وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِیْمٍ ﴿۵۸﴾ كَذٰلِكَ ؕ وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِیْۤ

اور بہتے ہوئے چشموں اور (بھرپور) خزانوں اور شاندار محلات سے۔ ہم نے ایسا ہی کیا۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو ان تمام چیزوں

اِسْرَآءِیْلَ ﴿۵۹﴾ فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِیْنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ

کا وارث بنا دیا پس وہ ان کے تعاقب میں نکلے ۳۳۵ اشراق کے وقت پس جب ایک دوسرے کو دیکھ لیا دونوں گروہوں نے

لڑنے کی جرأت ہی کب کر سکتے ہیں لیکن ہم ان کو اس فرار کی پوری پوری سزا دینا چاہتے ہیں۔ اگرچہ فوج کا ایک مختصر دستہ بھی ان سے نمٹ سکتا ہے لیکن دانشمندی کا تقاضا یہ ہے کہ احتیاطی تدابیر اختیار کرنے میں تساہل نہ برتا جائے تم بےفکر رہو، ہم نے ساری تدبیریں اور انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ بظاہر تو وہ بڑی بہادری کا مظاہرہ کر رہا تھا لیکن دل سینہ میں دھڑک رہا تھا اور بعض مفسرین کے قول کے مطابق ڈر کے مارے اس کا پیشاب بھی نکل جاتا تھا۔

الشرذمة الجمع القليل المختصر مختصر اور حقیر گروہ کو شرذمہ کہتے ہیں۔ اس کی جمع الشراذم ہے۔

قال الجوهري الشرذمة الطائفة من الناس۔ حاذرون اخذنا حذرنا و اسلحتنا۔ ہم نے پوری احتیاط کر لی ہے اور اسلحہ بھی فراہم کر لیا ہے۔

۳۳۴ ہو سکتا تھا کہ بنی اسرائیل کی اس ہجرت کو وہ زیادہ اہمیت نہ دیتے اور خاموش ہو جاتے، یا فوج کے کسی افسر کو ان کا تعاقب کرنے کے لیے بھیج دیتے، لیکن قدرت نے ان کے دل میں ایسی بات ڈال دی کہ خود فرعون اپنے وزراء و امراء کو ہمراہ لے کر اپنی ساری فوجوں کے ساتھ نکل کھڑا ہوا۔ اس میں حکمت یہ تھی کہ جب عذاب الٰہی آئے تو سب نابکار ایک جگہ اکٹھے ہوں اور ایک ضرب سے ہی ان کا کام تمام کر دیا جائے، اور ان ظالموں کی بربادی پر ماتم کرنے کے لیے بھی کوئی پیچھے نہ رہے۔ اس اہتمام کے ساتھ فرعون اور اس کے امراء کا بنی اسرائیل کے تعاقب میں نکلنا چونکہ قدرت کے خاص انتظام اور خفیہ تدبیر کے ماتحت ہو رہا تھا اس لیے فاخرجناھم کے الفاظ سے ان کے خروج کا ذکر فرمایا یعنی ہم نے ان کو اس طرح نکلنے پر اکسایا۔

۳۳۵ جب سورج طلوع ہو تو عرب کہتے ہیں شرقت الشمس اور جب اس کی روشنی پھیل جائے تو کہتے ہیں اشرقت الشمس۔ اس لیے مُشرقین کا معنی ہوگا کہ جب سورج چڑھ آیا اور اس کی روشنی ہر طرف پھیل گئی تو فرعون بنی اسرائیل کے تعاقب میں نکلا۔

اَصْحٰبُ مُوْسٰۤی اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ

تو موسیٰ کے ساتھی کہنے لگے (دہائی ہے) ۳۶ ہم تو یقیناً پکڑ لیے گئے آپ نے فرمایا ہرگز نہیں۔ بلاشبہ میرے ساتھ میرا

سَیَهْدِیْنِ ﴿۶۲﴾ فَاَوْحَیْنَاۤ اِلٰی مُوْسٰۤی اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ؕ

رب ہے وہ ضرور میری رہنمائی فرمائے گا ۳۷ تو ہم نے وحی بھیجی موسیٰ کی طرف کہ ضرب لگاؤ اپنے عصا سے سمندر کو ۳۸

فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِیْمِ ﴿۶۳﴾ وَ اَزْلَفْنَا ثَمَّ

تو سمندر پھٹ گیا اور ہو گیا پانی کا ہر حصہ بڑے پہاڑ کی مانند ۳۹ اور ہم نے قریب کر دیا وہاں

۳۶ فرعون جب اتنا قریب پہنچ گیا کہ دونوں فریقوں نے ایک دوسرے کو دیکھ لیا تو بنی اسرائیل کے حواس باختہ ہو گئے۔ سامنے سمندر ٹھاٹھیں مار رہا ہے اور پیچھے سے فرعون کے لشکر جرار نے گھیرا تنگ کر دیا ہے۔ گھبرا کر کہنے لگے ہم تو پکڑے گئے۔ اب کیا ہو گا۔ تو او، ایک دوسرے کو دیکھنا۔

۳۷ موسیٰ علیہ السلام کے توکل علی اللہ کی شان ملاحظہ ہو انہیں بھی نظر آ رہا ہے کہ سامنے بحر بیکراں ہے جس کی تند و تیز موجیں ساحل سے آ آ کر ٹکرا رہی ہیں اور ادھر فرعون ہے جو غیظ و غضب سے دیوانہ ہو رہا ہے لیکن کیا مجال کہ ان بظاہر حوصلہ شکن حالات میں بھی کلیمؑ کی پیشانی پر شکن تک پڑا ہو یا دل میں گھبراہٹ کا گزر تک ہوا ہو۔ گھبراتے ہوئے ساتھیوں کو تسلی دیتے ہوئے فرماتے ہیں "کلا" نہیں وہ ہرگز نہیں پکڑ سکتا۔ میرے ساتھ میرا رب ہے۔ میں اس کے حکم سے تمہیں لے کے نکلا ہوں وہ ضرور ہماری رہنمائی فرمائے گا۔ کتنا پختہ ہے آپ کا یقین، کتنا پختہ ہے آپ کا توکل اور کیا جلال ہے آپ کے اس جملے میں۔ نبوت کی عظمت ایسے ہی نازک حالات میں پوری آب و تاب سے جلوہ نما ہوتی ہے۔

۳۸ فوراً ارشاد ہوا۔ اپنے عصا کی ایک ضرب لگاؤ اس سمندر کو، پھر دیکھو یہ راستہ دیتا ہے یا نہیں۔

۳۹ آپ نے ایسا ہی کیا۔ سمندر کی اچھلتی اور شور مچاتی ہوئی موجوں پر سکتہ طاری ہو گیا، جیسے کسی نے سرکش گھوڑے کے منہ میں لگام دے دی ہو۔ سمندر میں شگاف پیدا ہو گیا اور پانی کی لہریں اونچے اونچے پہاڑوں کی طرح جامد و ساکت ہو کر کھڑی ہو گئیں اور آپ اپنی قوم سمیت اس راستہ پر چل پڑے۔ حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ رسول کریمؐ نے فرمایا کیا میں تمہیں وہ کلمات نہ سکھا دوں جو موسیٰ نے اس وقت کہے تھے جب آپ نے سمندر کو پھاڑا تھا۔ میں نے عرض کی میرے آقا ضرور کرم فرمائیے حضورؐ نے فرمایا اللّٰھم لك الحمد و الیك المشتكی و بك المستغاث انت المستعان ولا حول ولا قوۃ الا باللہ۔ حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ جب سے میں نے حضورؐ سے ان کلمات کو سنا میں ہمیشہ ان کا ورد کیا کرتا ہوں (روح البیان)۔

الْاٰخَرِیْنَ ﴿۶۶﴾ وَ اَنْجَیْنَا مُوْسٰی وَ مَنْ مَّعَهٗۤ اَجْمَعِیْنَ ﴿۶۵﴾ ثُمَّ

دوسرے فریق کو نزدیک اور ہم نے بچالیا (ان تند موجوں سے) موسیٰ اور ان کے سب ہمراہیوں کو۔ پھر ہم نے

اس قسم کا ایک واقعہ محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی پیش آیا تھا۔ ہجرت کی رات جب حضور غار ثور میں اپنے رفیق صدیق کے ساتھ تشریف فرما تھے تو کفار مکہ تلاش کرتے ہوئے اس غار کے دہانہ تک آپہنچے حضرت صدیق کو تشویش ہوئی کہ مبادا وہ جھانک کر دیکھیں اور ہمیں پالیں۔ ان کے اطمینان کے لیے زبان مصطفیٰ سے نکلا تھا: لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا اے صدیق میرے لیے فکرمند نہ ہو، بیشک اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے۔ ان الفاظ میں اور حضرت کلیم کے الفاظ میں اتنا ہی تفاوت ہے جتنا مقام حبیب اور مقام کلیم میں ہے۔ کلیم نے پہلے اپنا ذکر کیا بعد میں ربی کہا حبیب نے پہلے "اِنَّ اللّٰهَ" فرمایا، بعد میں معنا فرمایا۔ پھر انھوں نے "رب" جو اسم صفاتی ہے اس کو ذکر کیا اور حضور نے اللہ جو اسم ذات ہے۔ انھوں نے معیت ربانی کو اپنی ذات کے ساتھ مخصوص کرتے ہوئے "معی" میرے ساتھ فرمایا اور حبیب نے "مَعَنَا" فرما کر اپنے صدیق کو بھی معیت الٰہی کے شرف سے مشرف فرمایا۔ صلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ وکلیمہ وسائر انبیائہ وبارک وسلم۔

نزدیک فرعون سمجھا کہ یہ راستہ یوں ہی بنا رہے گا۔ لہریں اسی طرح کھڑی رہیں گی چنانچہ وہ بھی اپنے لاؤ لشکر سمیت سمندر میں اتر گیا جب وہ اچھی طرح سمندر میں داخل ہو گیا تو وہ پانی کے پہاڑ جو ایک لمحہ پہلے چپ چاپ کھڑے تھے متحرک ہو گئے اور خاموش موجیں گرجتی ہوئی ان کی طرف لپکیں اور چشم زدن میں ان سب کو خس وخاشاک کی طرح بہا کر لے گئیں۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ الخ موسیٰ علیہ السلام کے لیے سمندر نے راستہ کیوں چھوڑ دیا اور اس کی موجیں کیوں رک گئیں، اور جب فرعون آیا تو ان میں یکایک روانی کیسے پیدا ہو گئی، اس کے لیے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن جلد اول سورہ بقرہ آیت ۵۰ اور دیگر مقامات۔ مختصر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہر چیز پر غالب ہے۔ ندی کا پانی ہو یا سمندر کا۔ موسلا دھار بارشیں ہوں یا طغیانیاں ہر چیز اپنے خالق کے اشارہ کی تعمیل کرتی ہے۔ بعض لوگ جو معجزات کو تسلیم کرنے سے بدکتے ہیں وہ اس واقعہ کی یہ توجیہ کرتے ہیں کہ مدوجزر کی حالت میں یہ واقعہ رونما ہوا۔ جب موسیٰ علیہ السلام گزرے تو جزر کی وجہ سے سمندر کا پانی ہٹ گیا تھا اور جب فرعون گزرنے لگا تو مد کی حالت نمودار ہو گئی اور وہ ڈوب گیا۔ اور بعض نے یہ تاویل بھی کی ہے کہ اتنے زور کا جھکڑ چلا کہ سمندر میں شگاف پیدا ہو گیا۔ یہ دونوں باتیں انتہائی طور پر مضحکہ خیز ہیں۔ کیونکہ موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ بنی اسرائیل کے ہزارہا افراد تھے، انھیں سمندر کو عبور کرتے ہوئے کافی وقت لگا ہو گا۔ پھر فرعون کا لشکر جو ہزارہا گھڑسوار اور پیادہ فوجی دستوں پر مشتمل تھا اسے بھی سمندر میں اچھی طرح داخل ہونے کے لیے کافی وقت درکار تھا۔ کیا جزر اتنا طویل ہوتا ہے یا جھکڑ کی وجہ سے اتنے عرصہ دراز تک سمندر میں شگاف باقی رہ سکتا ہے؟ ہرگز نہیں نیز سورۃ طٰہٰ میں صراحۃً مذکور ہے فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِیْقًا فِی الْبَحْرِ یَبَسًا کہ عصا مار کر سمندر میں ان کے لیے ایسا راستہ بنا دو جو خشک ہو تو اس طرح کا خشک راستہ بنانا نہ جھکڑوں کا کام ہے اور نہ مدوجزر سے کبھی ایسا واقعہ وقوع پذیر ہوا ہے اس لیے

أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ ﴿٦٦﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم

غرق کردیا دوسرے فریق کو۔ اس واقعہ میں (بڑی واضح) نشانی ہے۔ اور ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے

مُّؤْمِنِينَ ﴿٦٧﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿٦٨﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ

والے نہیں۔ اور بیشک (اے حبیب!) آپ کا رب ہی سب پر غالب ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اور آپ بیان فرمایئے

إِبْرَاهِيمَ ﴿٦٩﴾ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ مَا تَعْبُدُونَ ﴿٧٠﴾ قَالُوا نَعْبُدُ

انکے سامنے ابراہیم کا قصہ [٤١] جب آپ نے اپنے باپ [٤٢] اور اپنی قوم سے کہا کہ تم کس کی پرستش کرتے ہو انہوں نے کہا ہم تو پوجتے

أَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عَاكِفِينَ ﴿٧١﴾ قَالَ هَلْ يَسْمَعُونَكُمْ إِذْ

ہیں بتوں کو اور ہم انہی کی پوجا میں ہر وقت منہمک [٤٣] رہتے ہیں۔ آپ نے پوچھا بھلا یہ بتاؤ کیا وہ سنتے ہیں تمہاری آواز جب

تَدْعُونَ ﴿٧٢﴾ أَوْ يَنفَعُونَكُمْ أَوْ يَضُرُّونَ ﴿٧٣﴾ قَالُوا بَلْ وَجَدْنَا آبَاءَنَا

تم انہیں پکارتے ہو۔ یا وہ تمہیں (کچھ) نفع پہنچا سکتے ہیں یا ضرر پہنچا سکتے ہیں [٤٤] انہوں نے (لاجواب ہو کر) کہا بلکہ ہم نے تو پایا

وقف لازم

قرآن کریم کی ایسی تاویلیں کرنا جن کا معقولیت سے دور کا واسطہ بھی نہ ہو اسلام کی کوئی خدمت نہیں۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی قدرت کی ایک نشانی فرمایا ہے۔

٤١ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تذکرہ کے بعد حضرت خلیل علیہ السلام کا ذکر خیر فرمایا جا رہا ہے کیونکہ آپ قبائل قریش کے جدِ اعلیٰ اور کعبہ کے بانی تھے۔ قریش کو ان کی نسل سے ہونے پر بڑا ناز تھا۔ اسی وجہ سے وہ کعبہ کے متولی تھے۔ اور ملک بھر میں بڑی عزت و احترام سے دیکھے جاتے تھے اس لیے ان کے سامنے آپ کے عقائد بیان فرمائے جا رہے ہیں تاکہ حضرت ابراہیم کو اپنا جدِ اعلیٰ کہنے والے اور اس نسبت پر فخر کرنے والے حضرت ابراہیم کے رب اکبر پر بھی ایمان لائیں۔ جس طرح آپ کا دامن کفر و شرک کی آلائشوں سے بالکل پاک تھا اسی طرح یہ بھی اپنے داغوں کو دور کر کے توحید خالص اختیار کریں۔

٤٢ اس سے مراد آزر ہے جو آپ کا چچا تھا، کیونکہ اسی نے آپ کی پرورش کی تھی اس لیے باپ کہا گیا۔
ای آزر سماہ اللہ ابا لکونہ عما و مربیا لہ (مظہری)

٤٣ یہاں اس کا معنی ہے ندوم اور عکوف کہتے ہیں الاقامة علی الشئ کسی چیز پر مستحکم رہنا گویا وہ آپ کو

كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۷۵﴾ اَنْتُمْ وَ

اپنے باپوں کو کہ وہ یونہی کیا کرتے تھے۔ آپ نے فرمایا کیا تم نے دیکھ لیا ان (کی بےبسی) کو جن کی تم پرستش کیا کرتے ہو ۵۳؎ تم اور

اٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ﴿۷۶﴾ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۷﴾

تمہارے گزشتہ آباؤ اجداد ۔ پس وہ سب میرے دشمن ہیں سوائے رب العلمین کے ۵۵؎

چڑانے کے لیے کہہ رہے ہیں کہ ہم تو ہمیشہ ہمیشہ انہی کی بندگی کیا کریں گے۔ جوہری عکف کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: عکف ای اقبل علیہ مواظبًا (صحاح)

۵۳؎ کیا پیارا اسلوب ہے افہام و تفہیم کا۔ انہی سے ان کے معبودوں کی بےبسی کا اعتراف کرایا جا رہا ہے۔ جب وہ ان باتوں کا انکار نہ کر سکے تو یہ کہہ کر اپنا دفاع کرنے لگے کہ ہمارے باپ دادا ایسا ہی کیا کرتے تھے۔ اس لیے ہم ان کی تقلید سے دست کش ہونے کے لیے کسی قیمت پر تیار نہیں۔

۵۴؎ آپ محبت بھرے اسلوب سے انھیں سمجھاتے ہیں کہ نادان نہ ہو، بےجا ضد اچھی نہیں۔ اندھی تقلید کے نتائج بڑے خطرناک ہوتے ہیں۔ تم دنیاوی معاملات میں جب عقل و فہم کو استعمال کرتے رہتے ہو تو زندگی کے اس بنیادی مسئلہ پر پہنچنے کا وقت آتے تو تم اپنی سوچ کا چراغ گل کر دو، یہ تو اچھی بات نہیں۔

۵۵؎ ان اندھے بہرے بتوں کے متعلق تم جو چاہو کہتے رہو میں تو انھیں اپنا دشمن اور بدخواہ سمجھ رہا ہوں۔ میری بندگی کا تعلق صرف اس معبودِ برحق کے ساتھ ہے جو کائنات کی ہر چیز کو پیدا بھی کرتا ہے، پھر عنایاتِ پیہم سے ہر چیز کو اس کے مرتبۂ کمال تک بھی پہنچاتا ہے۔ اس کی ساری ضروریات مہیا کرتا ہے۔ ان کی نشوونما کے لیے جو وسائل ضروری ہوتے ہیں ان کو بہم پہنچاتا ہے۔ ان اندھے بہرے معبودوں کے مقابلہ میں رب العلمین (ہر چیز کو مرتبۂ کمال تک پہنچانے والا) کی صفت سے اللہ تعالیٰ کا تعارف کتنا معنی خیز ہے۔ آیت میں مکرر غور فرمائیے۔ آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ یہ بت تمہارے دشمن ہیں بلکہ فرمایا یہ میرے دشمن ہیں۔ ناصح کریم کا اندازِ نصیحت ایسا ہی ہوتا ہے۔ وہ براہِ راست دوسروں پر حملہ نہیں کرتا بلکہ اپنی ذات سے آغاز کرتا ہے اور یہ تعریض تصریح سے بدرجہا زیادہ مؤثر ہوا کرتی ہے۔ فانھم کی خبر اعداء (جمع) ہونی چاہیے تھی عدو (واحد) کیوں لائی گئی۔ اس کا بہترین جواب یہ ہے کہ جو صفت فعول یا فعیل کے وزن پر ہو اس کا استعمال واحد جمع دونوں کے لیے ہوتا ہے کیونکہ عدو اصل میں عدوو فعول کے وزن پر ہے اس لیے یہاں اس کا استعمال درست ہے۔ اس لیے یہ انھم کی خبر واقع ہو سکتا ہے۔ یجوز اطلاق العدو والصدیق علی الواحد والجمع لان کل صفۃ علی وزن فعول وفعیل یستعمل کذالک یقال رجل عدو وقوم عدو۔ (مظہری)

الَّذِي خَلَقَنِي فَهُوَ يَهْدِينِ ﴿٧٨﴾ وَالَّذِي هُوَ يُطْعِمُنِي وَيَسْقِينِ ﴿٧٩﴾

جس نے مجھے پیدا فرمایا پھر (ہر قدم پر) وہ میری رہنمائی کرتا ہے ۷۷؎ اور وہ جو مجھے کھلاتا بھی ہے اور مجھے پلاتا بھی ہے۔

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ ﴿٨٠﴾ وَالَّذِي يُمِيتُنِي ثُمَّ يُحْيِينِ ﴿٨١﴾

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھے صحت بخشتا ہے ۷۸؎ اور وہ جو مجھے مارے گا، پھر مجھے زندہ کرے گا۔

وَالَّذِي أَطْمَعُ أَنْ يَغْفِرَ لِي خَطِيئَتِي يَوْمَ الدِّينِ ﴿٨٢﴾ رَبِّ هَبْ لِي

اور جس سے میں اُمید رکھتا ہوں ۷۹؎ کہ وہ بخش دیگا میرے لیے میری خطا کو روزِ جزا کو۔ اے میرے رب! عطا فرما

حُكْمًا وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ ﴿٨٣﴾ وَاجْعَلْ لِي لِسَانَ صِدْقٍ فِي

مجھے علم و عمل ۸۰؎ (میں کمال) اور ملا دے مجھے نیک بندوں کے ساتھ ۸۰؎ اور بنا دے میرے لیے سچی ناموری ۸۱؎

الْآخِرِينَ ﴿٨٤﴾ وَاجْعَلْنِي مِنْ وَرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيمِ ﴿٨٥﴾ وَاغْفِرْ لِأَبِي

آئندہ آنے والوں میں۔ اور بنا دے مجھے ان لوگوں سے جو نعمت والی جنت کے وارث ہیں۔ اور بخش دے میرے باپ کو

۷۷؎ رب العالمین کی شانِ ربوبیت کے مختلف مظاہر کی طرف جن میں سے کسی ایک پر بھی ان کے بُت قادر نہیں ہیں حضرت خلیل علیہ السلام ان کی توجہ مبذول کرا رہے ہیں جس کی وضاحت والذی اعطی کل شیء خلقہ ثم ھدیٰ میں گزر چکی ہے (طٰہٰ)۔

۷۸؎ حضرت خلیل کا بارگاہِ الٰہی میں حُسنِ ادب ملاحظہ ہو بیماری کی نسبت اپنی طرف کی اور شفا کی اللہ تعالیٰ کی طرف حالانکہ بیماری اور صحت دونوں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہیں۔

۷۹؎ یہاں بھی حُسنِ ادب ہے۔ اللہ کا خلیل ہونے کے باوجود ساری عمر اس کی عبادت و اطاعت میں گزارنے کے باوجود اور ہر آزمائش میں کامیاب ہونے کے باوجود اللہ تعالیٰ کی بے نیازیوں سے دل سہما ہوا ہے کہتے ہیں مجھے اُمید ہے کہ وہ کریم مجھ پر کرم فرمائے گا اور میری خطاؤں کو بخش دیگا بندے کیلئے مناسب یہی ہے کہ اس کی نظر اپنی نیکیوں پر نہ ہو بلکہ اپنی لغزشوں پر ہو۔

۸۰؎ اپنے خالق کی حمد و ثنا کرنے کے بعد اب دُعا کے لیے ہاتھ اُٹھتے ہیں اور طلب کا دامن پھیلتا ہے۔ حُکماً سے مُراد علم و عمل کا کمال ہے تاکہ خلافتِ الٰہیہ کا منصبِ جلیل سنبھالنے کی مکمل استعداد اور اس کی مخلوق کی سیاست کا صحیح ملکہ پیدا ہو جائے۔ ای کمالاً فی العلم والعمل بحیث یستعد لخلافۃ الحق و ریاسۃ الخلق۔ (مظہری)

۸۱؎ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے نیک اور صالح بندوں کی رفاقت وہ نعمتِ عظمیٰ ہے جس کی تمنا حضرت خلیل جیسی جلیل القدر

اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّیْنَ ﴿۸۶﴾ وَ لَا تُخْزِنِیْ یَوْمَ یُبْعَثُوْنَ ﴿۸۷﴾ یَوْمَ لَا

وہ گمراہ لوگوں میں سے ہے۔ اور نہ شرمسار کرنا مجھے جس روز لوگ قبروں سے اٹھائے جائیں گے ف۸۳ جس دن نہ

یَنْفَعُ مَالٌ وَّ لَا بَنُوْنَ ﴿۸۸﴾ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ ﴿۸۹﴾ وَ اُزْلِفَتِ

مال کام آئے گا اور نہ بیٹے۔ مگر وہ شخص جو لے آیا اللہ تعالیٰ کے حضور قلب سلیم ف۸۴ اور قریب کر دی

بستیاں بھی کیا کرتی ہیں۔

ف۸۲ لسان صدق سے مراد ہے الثناء الحسن، بہترین تعریف۔ یعنی تیرے نیک بندوں کی زبانیں میری ستائش کرتی رہیں۔ اظہار بندگی میں جن توفیقات مخصوصہ اور کمالات عظیمہ سے تو نے مجھے سرفراز فرمایا ہے رہتی دنیا تک ان کا ذکر ہوتا ہی رہے۔ قشیری نے لسان صدق کا معنیٰ الدعا الحسن یعنی نیک دعا کیا ہے۔ یعنی لوگ اپنی نیک دعاؤں میں مجھے ہمیشہ یاد رکھیں۔ اگرچہ لسان کا معنی زبان ہے لیکن اس کا اطلاق اس بات پر بھی ہوتا ہے جو زبان سے نکلتی ہے جیسے لغات کو بولی کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی یہ دعا قبول فرمائی۔ آپ کے بعد جتنے نبی آتے سب آپ کی عظمت و رفعت شان کا اعتراف کرتے رہے۔ آج بھی سلسلۂ نبوت و رسالت پر ایمان رکھنے والی قومیں بلا استثنا آپ کی تعریف اور توصیف میں رطب اللسان ہیں۔ حضور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے آپ کی اس دعا کو چار چاند لگ گئے۔ آپ کے دینِ حنیف کا احیاء ہوا۔ آپ کے عقائدِ حقہ کی اشاعت ہوئی اور ہر مسلمان جب بھی نماز میں اپنے ہادیٔ کامل پر درود عرض کرتا ہے تو وہ ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر بھی درود بھیجتا ہے۔

ف۸۳ الٰہی اگر تیری یاد میں مجھ سے کوئی کوتاہی ہوگئی ہے تو اس کی وجہ سے مجھے روزِ محشر شرمندہ نہ کرنا۔ اللہ تعالیٰ کی اپنے بندے پر کمال عنایت ہوگی۔ اگر وہ اس روز اس کی آبرو رکھ لے اور اہل ایمان کے ساتھ مولائے کریم کا سلوک کچھ اسی طرح کا ہوگا۔ صحیحین میں ہے کسی شخص نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے کان میں چپکے سے کیا بات فرمائی تھی۔ انھوں نے جواب دیا کہ حضور نے ارشاد فرمایا تھا یدنو احدکم من ربہ حتی یضع کنفہ علیہ فیقول عملت کذا وکذا فیقول نعم ثم یقول انی سترتھا علیک فی الدنیا وانا اغفرلک الیوم ثم یعطی کتاب حسناتہ بیمینہ یعنی تم میں سے کوئی آدمی اپنے رب کے بالکل نزدیک ہو جائے گا تو اللہ تعالیٰ اسے فرمائیں گے تو نے فلاں فلاں کام کیا تھا؟ وہ عرض کرے گا ہاں میں نے کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ دنیا میں میں نے اس کو ظاہر نہ ہونے دیا اور آج میں ان خطاؤں کو تیرے لیے بخش رہا ہوں۔ پھر اس کی نیکیوں کی کتاب اس کے دائیں ہاتھ میں پکڑا دی جائے گی۔ کفار اور منافقین کو بر سرِ عام رسوا کیا جائے گا۔ (مظہری)

ف۸۴ قلب سلیم سے مراد مومن کا دل ہے کیونکہ وہ کفر و نفاق کی بیماریوں سے محفوظ ہوتا ہے اور کافر کا دل مریض

الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۹۰﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا

جائے گی جنت پرہیزگاروں کے لیے۔ اور ظاہر کر دی جائے گی دوزخ بھٹکنے والوں کے لیے ۵۵ اور کہا جائے گا انہیں کہ کہاں

كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۹۲﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۹۳﴾

ہیں وہ جن کی تم پوجا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر۔ کیا وہ تمہاری (کچھ) مدد کر سکتے ہیں یا انتقام لے سکتے ہیں۔

فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ﴿۹۴﴾ وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ﴿۹۵﴾ قَالُوْا

پس اوندھے منہ پھینک دیئے جائیں گے اس میں وہ اور دوسرے گمراہ اور ابلیس کی ساری فوجیں ۵۶ وہ کہیں گے

ہوتا ہے جیسے ارشاد ہے " فی قلوبھم مرض " آیت کا مطلب یہ ہے کہ کافر نے نیک کاموں میں جتنا روپیہ بھی خرچ کیا ہوا ہے اس سے کوئی فائدہ نہ پہنچے گا۔ اسی طرح اگر کسی کافر کی اولاد مومن اور صالح بھی ہو تو بھی اس کی شفاعت اس کافر کے حق میں مقبول نہیں ہوگی۔ لیکن جس شخص کا دل کفر و نفاق کی بیماری سے محفوظ ہے اس نے راہ حق میں جو مال خرچ کیا ہوگا اس کا کئی گنا اجر روز قیامت اُسے دیا جائے گا نیز اس کی نیک اور صالح اولاد کی دعائیں، اسکے گناہوں کی بخشش اور اس کے درجات کی بلندی کا باعث ہوں گی اور قیامت کے دن ان کی شفاعت اپنے والدین کے حق میں مقبول ہوگی اور انہیں نفع پہنچائے گی۔ واما المؤمن فينفعه ماله الذى انفقه فى الطاعة وولده بالشفاعة والاستغفار (مظہری)

علامہ ابوحیان زمخشری کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں ولاضرورة تدعو الى حذف لما ذكر اذ قد يفاد لكن من اتى الله بقلب سليم ينفعه ذالك۔

جسے سانپ نے ڈس لیا ہو اسے بھی سلیم کہتے ہیں۔ حضرت جنیدؒ نے فرمایا یہاں سلیم لدیغ کے معنی میں مستعمل ہوا ہے یعنی وہ شخص جس کا دل سانپ کے ڈسے ہوئے کی طرح ہر وقت اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کے خوف سے پھڑکتا اور تڑپتا رہتا ہو وہی روز حشر کامیاب ہوگا۔

وقال الجنيد: السليم فى اللغة اللديغ فمعناه انه قلب كاللديغ من خوف الله (قرطبی)

۵۵ متقی لوگوں اور سرکشوں کے ساتھ جو سلوک کیا جائے گا ان آیات میں اس کا ذکر ہے۔

۵۶ صاحب قاموس لکھتے ہیں: کب، اکب، وکبکب سب کا ایک معنی ہے یعنی سر کے بل اوندھا کر کے نیچے پھینک دینا۔ علامہ بیضاوی لکھتے ہیں کہ کب کو مکرر کر کے کبکب بنایا گیا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب انہیں دوزخ میں پھینکا جائیگا تو لڑھکنیاں کھاتے ہوئے نیچے جا گریں گے۔ ھُمْ کی ضمیر کا مرجع جھوٹے معبود ہیں یعنی جھوٹے معبودان کے پرستار، ابلیس اور

وَهُمْ فِيهَا يَخْتَصِمُونَ ﴿٩٦﴾ تَاللَّهِ إِن كُنَّا لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٩٧﴾ إِذْ

اس حال میں کہ وہ دوزخ میں باہم جھگڑ رہے ہوں گے ۹۶ ۔ خدا کی قسم! ہم کھلی گمراہی میں گرفتار تھے ۹۷ جب ہم

نُسَوِّيكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٩٨﴾ وَمَا أَضَلَّنَا إِلَّا الْمُجْرِمُونَ ﴿٩٩﴾ فَمَا لَنَا

تمہیں رب العٰلمین کے برابر بناتے ہوتے تھے ۔ اور نہیں گمراہ کیا ہمیں مگر ان نامی مجرموں نے ۔ تو آج نہیں ہے

مِن شَافِعِينَ ﴿١٠٠﴾ وَلَا صَدِيقٍ حَمِيمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُونَ

ہمارا کوئی سفارشی ۹۸ اور نہ کوئی غم خوار دوست ۔ پس اگر ہمارے اختیار میں ہوتا (دنیا میں) واپس جانا تو

مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٠٢﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم

ہم اہل ایمان سے ہوتے ۔ بیشک اس واقعہ میں (عبرت کی) نشانی ہے اور نہیں تھے ان میں سے اکثر لوگ ایمان

مُّؤْمِنِينَ ﴿١٠٣﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٠٤﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحٍ ع ۵

لانے والے ۔ اور (اے حبیب!) بیشک آپ کا رب ہی سب پر غالب ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے ۹۹ ۔ جھٹلایا قوم نوح نے (اللہ کے)

اس کے معاون و مددگار سب کو دوزخ میں اُلٹا کر کے پھینک دیا جائے گا۔

۹۶ وہاں بُت اور اُن کے پجاری، ابلیس اور اس کے پیروکاروں میں نوک جھونک شروع ہو جائے گی۔

۹۷ پجاری کہیں گے ہم نے تمہیں پروردگارِ عالم کا ہم پلہ اور برابر یقین کر کے اپنے اوپر ظلم عظیم کیا تھا۔ اذ نسویکم فی العبادة (قرطبی)، فی استحقاق العبادة (مظہری) یعنی ہم تمہیں اللہ تعالیٰ کی طرح عبادت کا مستحق سمجھتے تھے۔

۹۸ وہ بصد حسرت کہیں گے جس طرح اہل ایمان کی شفاعت ان کے نبی، فرشتے اور نیک مسلمان کر رہے ہیں، کاش ہمارا بھی کوئی ایسا شفیع ہوتا۔ کاش ہمارا بھی کوئی ایسا قریبی دوست ہوتا۔ حضرت حسن بصریؒ کا ارشاد ہے استکثروا من الاصدقاء المؤمنین فان لهم شفاعة یوم القیامة (مظہری)

یعنی اہل ایمان کو کثرت سے دوست بنایا کرو کیونکہ قیامت کے دن انہیں شفاعت کرنے کا اذن دیا جائے گا۔

۹۹ اے محبوب آپ کا پروردگار عزیز ہے۔ وہ چاہے تو دم بھر میں ان کی ساری مخلوق کو پامال کر کے رکھ دے۔ لیکن وہ عزیز ہونے کے ساتھ رحیم بھی ہے۔ اسی لیے انہیں مہلت پر مہلت دی جا رہی ہے۔ شاید ان میں سے کوئی کسی وقت دین حق کو قبول کر لے یا ان کی اولاد میں سے کوئی مسلمان ہو جائے۔ العزیز القادر علی الانتقام۔ الرحیم بامہال الکفار لکی یؤمنوا به

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ نُوْحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ اِنِّیْ لَكُمْ

رسولوں کو ؎ جب کہا انھیں ان کے بھائی نوح نے کیا تم ڈرتے نہیں ہو ؎ بیشک میں تمھارے لیے

رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿۱۰۷﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ وَ مَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ مِنْ

رسول امین ہوں ؎ پس اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری کرو۔ اور میں نہیں طلب کرتا تم سے اس (تبلیغ)

اَجْرٍ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوْنِ ﴿۱۱۰﴾

پر کوئی اُجرت۔ میرا اجر تو رب العالمین کے ذمّہ ہے۔ پس تم ڈرو اللہ سے اور میری پیروی کرو۔

قَالُوْۤا اَنُؤْمِنُ لَكَ وَ اتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ قَالَ وَ مَا عِلْمِیْ بِمَا

انھوں نے کہا کیا ہم (قوم کے رئیس) ؎ ایمان لائیں تجھ پر حالانکہ تمھاری پیروی صرف گھٹیا لوگ کر رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا مجھے کیا خبر کہ وہ کس

او واحد من ذریتھم (مظہری)۔

؎ اب نوح علیہ السلام اور ان کی قوم کے حالات پر روشنی ڈالی جارہی ہے۔

؎ یہ اخوت اور بھائی چارہ نسبی ہے، دینی نہیں۔ نیز آپ کو ان کا بھائی کہہ کر اس جذبہ اخلاص و خیر خواہی کی طرف بھی اشارہ کر دیا جو ایک بھائی کے دل میں اپنے بھائیوں کے متعلق فطری طور پر پایا جاتا ہے۔ بتا دیا کہ یہ کوئی اجنبی نہیں جسے تمہاری خوشی اور غم سے کوئی واسطہ نہ ہو بلکہ یہ تمہارا بھائی بند ہے۔ تمہاری فلاح اور کامیابی اس کے لیے فرحت و انبساط کا باعث ہے اور تمہاری گمراہی سے اس کے دل میں درد و غم کی لہریں اٹھنے لگتی ہیں۔

؎ میری صداقت اور امانت کے تم خود گواہ ہو اب میری بات ماننے میں کیوں پس و پیش کر رہے ہو۔ میں تو تمہیں اپنے مالکِ حقیقی کی ناراضگی سے ڈرنے کی تلقین کرتا ہوں میرے پیشِ نظر کوئی ذاتی اور مادی منفعت نہیں۔ میں تم سے کسی اجر و معاوضہ کا مطالبہ نہیں کروں گا۔ میری ان دلسوزیوں پر میرا خدا ہی مجھے اجر دیگا۔

؎ وہ کہنے لگے آپ پر ایمان لانے والے سب کے سب ایسے لوگ ہیں جو خاندانی لحاظ سے بڑے گھٹیا ہیں۔ مالی لحاظ سے بڑے مفلس اور کنگال ہیں۔ معاشرہ میں انھیں کوئی عزت کی نگاہ سے نہیں دیکھتا۔ ایسے کمین اور پسماندہ لوگوں کے پیشوا پر ایمان لا کر ہم اپنی سبکی نہیں کر سکتے۔ ارذلون: ارذل کی جمع ہے اس کی جمع تکسیر اراذل ہے۔ مونث رُذلیٰ اور جمع رُذَل (قرطبی)۔ اس کا معنی صاحب قاموس نے الدون الخسیس کیا ہے۔ قال البیضاوی الاقل جاھًا و مالاً یعنی جاہ و مال میں سب سے کمتر کو ارذل کہتے ہیں۔

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١١٢﴾ اِنْ حِسَابُهُمْ اِلَّا عَلٰى رَبِّيْ لَوْ تَشْعُرُوْنَ ﴿١١٣﴾ وَ

نیت سے ایمان لاتے ہیں ۱۱۳ ان کا حساب تو میرے رب کے ذمہ ہے۔ اگر تمہیں (حقیقت کا) شعور ہے۔ اور

مَآ اَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١٤﴾ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿١١٥﴾ قَالُوْا لَئِنْ

نہیں ہوں میں دور بھگانے والا (غریب و مسکین) مومنوں کو ۱۱۴ نہیں ہوں میں مگر (عذاب سے) صاف صاف ڈرانے والا ۱۱۵ ان (مغروروں) نے

لَّمْ تَنْتَهِ يٰنُوْحُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ ﴿١١٦﴾ قَالَ رَبِّ اِنَّ قَوْمِيْ

نے کہا اے نوح! اگر تم باز نہ آئے (تو یاد رکھو) تمہیں ضرور سنگسار کر دیا جائے گا ۱۱۶ آپ نے عرض کی میرے مالک!

كَذَّبُوْنِ ﴿١١٧﴾ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ

میری قوم نے تو مجھے جھٹلا دیا ہے۔ بس تو فیصلہ فرما دے میرے اور ان کے درمیان جو قطعی ہو ۱۱۷ اور (اپنے عذاب سے) نجات دے مجھے

۱۱۳ اس جملہ کی متعدد تشریحیں کی گئی ہیں (۱) ان کے پیشے اور حرفت گھٹیا ہی لیکن مجھے ان سے کیا سروکار۔ میں تو اتنا جانتا ہوں کہ انہوں نے میری دعوت قبول کر لی ہے اور دین اسلام میں داخل ہو گئے ہیں (۲) کفار ان ایمان لانے والوں پر یہ اعتراض کیا کرتے کہ ان لوگوں نے اس دین کو اس لیے قبول نہیں کیا کہ یہ دین حق ہے بلکہ وہ اس طرح اپنی تشہیر اور چرچا چاہتے ہیں، تاکہ جس محفل میں یہ دین موضوع بحث بنے ان کا ذکر بھی کیا جائے۔ ان کا نام بھی لیا جائے کہ فلاں فلاں شخص نے یہ دین قبول کر لیا ہے۔ اس جملہ سے ان کے اس اعتراض کا رد ہے کہ تم ان کی نیت پر شبہ کرتے ہو تو کرو مجھے تو اس سے بحث نہیں۔ دلوں اور نیتوں کو اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہے۔ میں تو اتنا جانتا ہوں کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی توحید کو مانا، اس کے دین کو قبول کیا۔

۱۱۴ انہوں نے مطالبہ کیا ہو گا کہ ان ناداروں کو اپنے پاس سے اٹھا دو تب ہم آپ کے پاس آ سکتے ہیں۔ ان کے پہلو بہ پہلو بیٹھنا ہمارے لیے ننگ و عار کا موجب ہے۔ آپ نے انہیں جواب دیا کہ میں ان لوگوں کو جو دولت ایمان سے مالا مال ہیں، اپنی محفل سے نہیں نکال سکتا۔ تمہارے نزدیک عزت و شرف کا معیار دولت کی کثرت ہے تو ہوا کرے، میرے نزدیک ایمان سے گراں بہا اور عزیز تر متاع کوئی نہیں۔ کفار مکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی اسی قسم کا مطالبہ کیا کرتے تھے۔

۱۱۵ میرا کام ہر ایک کو خدا کی نافرمانی کے انجام سے ڈرانا ہے کوئی امیر ہو یا غریب، معزز و محترم ہو یا حقیر و بے نوا میری دعوت سب کے لیے عام ہے جس کا جی چاہے قبول کرے اور جس کا جی چاہے رد کر دے لیکن میں کوئی نامعقول شرط قبول کرنے کے لیے تیار نہیں۔

۱۱۶ کفر اور باطل کی یہی دیرینہ عادت ہے جب وہ دلائل کے میدان میں حق کو نیچا نہیں دکھا سکتا تو وہ طاقت کے

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١٨﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿١١٩﴾ ثُمَّ

اور جو میرے ساتھ ہیں اہل ایمان سے۔ پس ہم نے نجات دی انہیں اور جو آپ کے ہمراہ اس کشتی میں تھے جو کھچا کھچ بھری ہوئی تھی۹۹

اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِيْنَ ﴿١٢٠﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۗ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

پھر ہم نے غرق کر دیا اسکے بعد پیچھے رہ جانے والوں کو۔ یقیناً اس واقعہ میں بھی (عبرت کی) نشانی ہے۔ اور نہیں تھے ان میں سے اکثر

ع ۸ ۱۰ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٢١﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٢٢﴾ كَذَّبَتْ عَادُ

لوگ ایمان لانے والے۔ اور بیشک آپ کا رب ہی سب پر غالب ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ جھٹلایا عاد نے (اپنے)

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٢٣﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٢٤﴾ اِنِّيْ لَكُمْ

رسولوں کو ۱۰۰ جب فرمایا انہیں ان کے بھائی ہود نے کیا تم (خدا سے) نہیں ڈرتے ۱۰۱ بیشک میں تمہارے لیے

رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٢٥﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٢٦﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ

رسول امین ہوں ۱۰۲ پس اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور میں نہیں طلب کرتا تم سے اس (خدمت)

بل بوتے پر اسے دبانا چاہتا ہے چنانچہ اب وہ آپ کو دھمکیاں دینے پر اتر آئے ہیں۔

۹۹ جب آپ ان کے ایمان لانے سے بالکل مایوس ہوگئے تو آپ نے یہ دعا کی یہاں فتح کا معنی قطعی فیصلہ ہے۔
مشحون: مملو۔ بھری ہوئی۔ کشتی میں جو چیز لادی جائے۔ انسان، حیوان یا دیگر سامان اسے شحنۃ الفلک کہتے ہیں۔
تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن، جلد دوم، سورۃ الاعراف، آیات ۵۹ تا ۶۴۔

۱۰۰ قوم عاد کا ذکر قرآن کریم میں متعدد مقامات پر آیا ہے جن کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ نوح علیہ السلام کی قوم کی غرقابی کے بعد انہیں عروج حاصل ہوا جسمانی ڈیل ڈول اور قوت و صحت میں یہ بے نظیر تھے۔ فن تعمیر میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ مزید تفصیل کے لیے ضیاء القرآن، جلد دوم، الاعراف کی آیات ۶۵ تا ۷۲ ملاحظہ ہوں۔

۱۰۱ آپ کی اخوت کا ذکر اس لیے کیا گیا تاکہ ان پر آپ کا اخلاص اور خیر اندیشی واضح ہو جائے۔

۱۰۲ آپ نے بھی اپنی صداقت کے لیے اپنی گزشتہ زندگی کو بطور گواہ پیش کیا جب کل تک میرا دامن ہر قسم کی آلائشوں سے پاک رہا۔ تم خود میری اخلاقی برتری اور دیانت کو تسلیم کرتے رہے ہو۔ میں ایک رات میں بدل تو نہیں گیا حسب سابق آج بھی تم سے سچی بات کہہ رہا ہوں اور تمہاری بھلائی ہی میرے پیش نظر ہے۔ یہ وعظ و نصیحت میں نے

اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۲۷﴾ؕ اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِیْعٍ

کا کوئی صلہ۔ میرا اجر تو اس پر ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔ کیا تم تعمیر کرتے ہو ہر اونچے مقام پر ایک

اٰیَةً تَعْبَثُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ۙ وَ تَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ۚ وَ اِذَا

یادگار بے فائدہ ۳۴ اور اپنی رہائش کے لیے بناتے ہو مضبوط محلات اس امید پر کہ تم ہمیشہ رہو گے۔ اور جب تم کسی

بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ ﴿۱۳۰﴾ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوْنِ ﴿۱۳۱﴾ۚ وَ اتَّقُوا

پر گرفت کرتے ہو تو بڑے ظالم و بیدرد بن کر ۳۵ گرفت کرتے ہو پس (اب تو) اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ۳۶ اور

پیشے کے طور پر اختیار نہیں کیا کہ تم سے اُجرت اور فیسیں لیا کروں میری اس محنت اور اخلاص کی قدر فرمانے والا ربّ العلمین ہے۔

۳۴ رِیع اونچی جگہ کو بھی کہتے ہیں اور وہ راستہ جو دو پہاڑیوں کے درمیان سے گزر رہا ہو اس کو بھی ریع کہا جاتا ہے

الریع ما ارتفع من الارض وقال مجاهد هو الفج بین الجبلین (قرطبی)

ان کا یہ دستور تھا جہاں کہیں اونچا ٹیلہ نظر آیا وہاں بطور یادگار کوئی عمارت تعمیر کر دی تاکہ ان کا نام زندہ رہے نیز وہ اپنی رہائش کے لیے بڑی بڑی کشادہ حویلیاں اور شاندار محلات تعمیر کرتے اور ان کی مضبوطی اور زیب و زینت پر پانی کی طرح روپیہ بہاتے۔ حضرت ہود علیہ السلام ان دونوں باتوں پر انہیں سرزنش کر رہے ہیں یعنی ایسی یادگاریں بنانا اور ان پر زر کثیر صرف کرنا جن کا کوئی فائدہ نہ ہو قطعاً قرین دانشمندی نہیں۔ اور اسی طرح ایک دوسرے سے بازی لے جانے کے شوق میں اونچے اونچے محل تعمیر کرنا اور اپنی امارت کی نمائش کے لیے ان پر دولت صرف کرنا بڑی نامعقول حرکت ہے اگر تمہارے پاس دولت کی فراوانی ہے تو اس سے اپنے نادار اور غریب پڑوسیوں اور ہم وطنوں کی خدمت کرو ان کے لیے آسائش کے سامان فراہم کرو۔ اسی میں تمہاری فلاح دارین ہے۔ تم ان مکانوں میں ہمیشہ نہیں رہو گے بلکہ تمہیں ایک نہ ایک دن یقیناً یہاں سے کوچ کرنا ہے۔ جب موت کی اٹل گھڑی آپہنچے گی تو ان مکانوں کو چھوڑتے ہوئے تمہیں بڑا دکھ ہوگا۔ ان شاندار اور فلک بوس محلات کو دیکھ کر تمہارا دل ٹکڑے ٹکڑے ہونے لگے گا۔ مصانع ای منازل، رہائش کے مکانات وقیل حصونًا مشیدة یعنی مضبوط قلعے۔ وقیل قصورًا مشیدة، پختہ محلات۔ حضور نبی کریم ﷺ نے رہائشی مکانات پر تکلف بنانے کو ناپسند فرمایا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں۔ اخذ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ببعض جسدی فقال کن فی الدنیا کانك غریب او عابر سبیل وعد نفسك من اصحاب القبور۔ (رواہ البخاری)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے پکڑا اور ارشاد فرمایا کہ دنیا میں اس طرح زندگی بسر کر گویا تو غریب الوطن ہے یا راہ رو مسافر، اور اپنے آپ کو اصحاب قبور سے شمار کر۔

الَّذِیْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ ﴿١٣٢﴾ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِیْنَ ﴿١٣٣﴾ وَجَنّٰتٍ

ڈرو اس ذات سے جس نے مدد کی ہے تمھاری ان چیزوں سے جن کو تم جانتے ہو (یعنی) اس نے مدد فرمائی ہے تمھاری مویشیوں اور فرزندوں سے

وَّعُیُوْنٍ ﴿١٣٤﴾ اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿١٣٥﴾ قَالُوْا سَوَآءٌ

اور باغات اور چشموں سے۔ میں ڈرتا ہوں کہ تم پر بڑے دن کا عذاب نہ آ جائے۔ انہوں نے کہا یکساں ہے ہمارے

عَلَیْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِیْنَ ﴿١٣٦﴾ اِنْ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ

لیے خواہ آپ نصیحت کریں یا نہ ہوں آپ نصیحت کرنے والوں سے۔ نہیں ہے یہ (محلات کا شوق)

ایک طرف تو ان کی دنیا دلی کا یہ حال کہ بے مصرف یادگاریں، وسیع حویلیاں اور شاندار مکانات تعمیر کرنے میں بے دریغ روپیہ صرف کرتے اور دوسری طرف ان کی سنگدلی کا یہ عالم کہ آن کی زد سے نہ اپنے محفوظ تھے نہ بیگانے۔ جو قابو میں آگیا تیغ جفا نے اس کا کام تمام کر دیا۔ کسی سے کوئی ناپسندیدہ حرکت سرزد ہو گئی تو وہ خونخوار بھیڑیے کی طرح اس پر ٹوٹ پڑے۔ اتنے آتشیں مزاج تھے اور طبیعتوں میں انتقام کا جذبہ اتنا شدید تھا کہ گویا رحم و کرم، عفو و درگزر کا انھوں نے کبھی نام بھی نہیں سنا۔ البطش: الاخذ بالعنف بڑی بے رحمی سے گرفت کرنا۔ جبار اس متکبر کو کہتے ہیں جس کے دل میں کسی کے لیے رحم کا جذبہ نہ پایا جائے۔ الجبار المتکبر و قلب لا ید خله رحمة۔ قرآن کریم نے جو اطوار بیان کیے ہیں ان کے آئینے میں آپ ان کے کردار اور معاشرہ کے خدوخال کو بخوبی دیکھ سکتے ہیں۔ اپنی نمود و نمائش پر جب خرچ کرنے کا موقع آتا ہے تو خزانوں کے منہ کھول دیتے ہیں لیکن کسی دردمند کو دیکھ کر کسی آشفتہ حال کو دیکھ کر ان کے دل میں ہمدردی کا جذبہ پیدا ہونا ناممکن ہے۔ جاہ پسند دنیا پرست قوموں میں یہی قدر مشترک ہے۔

ان کی خرابیوں کا ذکر فرمانے کے بعد حضرت ہود انھیں خدا کا خوف دلاتے ہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ اس کا غضب جوش میں آئے اور تمھاری اینٹ سے اینٹ بجا دے اور اپنی اطاعت و پیروی کا حکم دیتے ہیں۔ کیونکہ ان کی نجات کا راز اسی میں مضمر ہے کہ وہ اپنے نبی کا دامن پکڑ لیں اور اس کے نقش قدم کو اپنا خضر راہ بنائیں۔

دوبارہ تاکید فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے باز آؤ جس نے تمھیں طرح طرح کی عنایات اور احسانات سے سرفراز فرمایا ہے جنھیں تم خوب جانتے ہو۔ ایسے منعم اور محسن کی حکم عدولی تمھیں زیب نہیں دیتی۔

ان انعامات کا اب تفصیلی ذکر فرما دیا۔ سورۃ الاعراف کے حواشی میں بتایا گیا ہے کہ یہ قوم احقاف کے علاقہ میں آباد تھی۔ ان کا پایۂ تخت حضر موت تھا۔ یہ علاقہ اس وقت بڑا زرخیز اور شاداب تھا اور بعد میں جب ان کی پیہم سرکشیوں کے باعث ان پر عذاب الٰہی آیا تو یہ علاقہ بنجر بن کے رہ گیا۔ جہاں کبھی آباد شہر، بارونق بستیاں اور پھلدار درختوں کے باغات تھے

اِنْ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ ۱۳۷ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۱۳۸ فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ۭ اِنَّ فِيْ

مگر ہمارے اسلاف کا دستور شکہ اور آپ فکر نہ کریں ہمیں عذاب نہیں دیا جائیگا پس انھوں نے آپ کو جھٹلایا اس لیے ہم نے انھیں ہلاک کر

ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۱۳۹ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ

دیا شہ بیشک اس میں بھی (عبرت کی) نشانی ہے۔ اور نہیں تھے ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے۔ اور بیشک آپ کا رب ہی سب پر غالب

اب وہاں خاک اڑ رہی ہے۔ ہر طرف ریگستان ہی ریگستان نظر آتے ہیں۔ وکانت منازل عاد ما بین عمان الی حضرموت امرع البلاد فجعلها الله مفاوز ورمالا (بحر)۔ قوم عاد عمان اور حضرموت کے درمیانی علاقہ میں آباد تھی جو بڑا سرسبز وشاداب تھا پھر اسے اللہ تعالیٰ نے جنگل اور صحرا بنا دیا۔

شہ انھوں نے حضرت ہود کی دعوت کو ٹھکرا دیا اور صاف صاف کہہ دیا کہ آپ خواہ مخواہ سر کھپا رہے ہیں ہم آپ کی کوئی بات ماننے کے لیے تیار نہیں۔

لکہ یہاں خلق میں دو قراءتیں ہیں خَلْقُ اور خُلُقُ۔ پہلی صورت میں اس کا معنیٰ اختلاق یعنی جھوٹی گھڑی ہوئی بات اور دوسری صورت میں اطوار وعادات۔ آیت کا مفہوم یہ ہوگا کہ تم جو دھمکیاں ہمیں دے رہے ہو کہ اگر ہم نے تمہاری دعوت قبول نہ کی تو ہم پر آسمان ٹوٹ پڑے گا اور ہم تباہ وبرباد ہو جائیں گے۔ یہ محض کذب وافترا اور من گھڑت افسانے ہیں تمہاری قماش کے لوگ پہلے بھی ہمارے آباؤ اجداد کو ایسے جھوٹ گھڑ گھڑ کر ڈرایا کرتے تھے۔ تم نے بھی وہی روش اختیار کر رکھی ہے۔ خود تو اپنی خشک مزاجی کے باعث زندگی کی ان لذتوں سے محروم ہو۔ اب یہ چاہتے ہو کہ ہم بھی تمہاری طرح سوکھے ٹکڑے کھائیں اور پھٹے پرانے کپڑے پہنیں اور دنیا کی ان نعمتوں سے لطف اندوز نہ ہوں۔ دوسری صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ اس طرح یادگاریں بنانا اور شاندار مکانات تعمیر کرنا اور عیش ونشاط کی محفلوں میں داد عیش دینا ہمارے اسلاف کا وطیرہ رہا ہے ہم تو انہی کی پیروی کر رہے ہیں۔ اگر یہ کام اتنے ہی قابل گرفت اور برے ہیں تو ان پر عذاب آیا ہوتا۔ آج تک تو وہ عذاب آیا نہیں، تم یقین رکھو کہ ہم پر بھی نہیں آئے گا۔ خلق الاولین ای اختلاقهم وکذبهم والعرب تقول حدثنا فلان باحادیث الخلق ای بالخرافات وخلق الاولین معناه عادتهم۔

شہ آخر ان کی تباہی کا وقت آگیا۔ افق پر ایک کالی گھٹا نمودار ہوئی۔ اسے دیکھ کر ان کے دل باغ باغ ہو گئے۔ سمجھے کہ موسلا دھار مینہ برسے گا اور خوشحالی کا دور دورہ ہوگا۔ لیکن وہ گھٹا تو قہر الٰہی بن کر آئی تھی۔ آٹھ دن اور سات راتیں گرم لو کا جھکڑ چلتا رہا۔ وہ اتنا شدید و تیز تھا کہ ان کی مضبوط عمارتیں بنیادوں سے اکھڑ گئیں اور اس میں اتنی بلا کی تپش تھی کہ سرسبز کھیت خاکستر بن گئے۔ باغات اور تناور درخت یوں بوسیدہ ہو گئے معلوم ہوتا تھا کہ صدیوں پرانے ہیں۔ قرآن کریم میں سورۃ الحاقہ میں اس عذاب کا ذکر اس طرح فرمایا۔ واما عاد فاهلكوا بريح صرصر عاتية سخرها عليهم سبع ليال وثمانية ايام حسوما فترى القوم فيها صرعى كانهم اعجاز نخل خاوية (ملاحظہ ہو ضیاء القرآن، جلد پنجم، الحاقہ آیت ۶ تا ۸)۔

الرَّحِيمُ ﴿١٤٠﴾ كَذَّبَتْ ثَمُودُ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٤١﴾ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ صَٰلِحٌ ع ١٨ / ٧ / ١١

ہمیشہ رحم فرمانیوالا ہے جھٹلایا قوم ثمود نے رسولوں کو ؀ جب کہا انھیں ان کے بھائی صالح نے

أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٤٢﴾ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٤٣﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٤٤﴾ وَ

کیا تم (قہرالٰہی سے) نہیں ڈرتے۔ میں تمھارے لیے رسول امین ہوں۔ سو ڈرو اللہ تعالیٰ سے اور میری پیروی کرو۔ اور

مَآ أَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَٰلَمِينَ ﴿١٤٥﴾

میں نہیں طلب کرتا تم سے اس پر کوئی معاوضہ۔ میرا معاوضہ تو رب العالمین کے ذمہ ہے۔

أَتُتْرَكُونَ فِي مَا هَٰهُنَآ ءَامِنِينَ ﴿١٤٦﴾ فِي جَنَّٰتٍ وَعُيُونٍ ﴿١٤٧﴾ وَزُرُوعٍ

کیا تمھیں رہنے دیا جائیگا اس (عیش و طرب) میں جس میں تم یہاں ہو امن سے۔ ان باغات میں اور چشموں میں اور (شاداب)

وَنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيمٌ ﴿١٤٨﴾ وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فَٰرِهِينَ ﴿١٤٩﴾

کھیتوں میں اور کھجور کے درختوں میں جنکے شگوفے بڑے نرم و نازک ہیں ؀ اور تراشتے رہو گے پہاڑوں میں گھر ماہرو سنگتراش بنتے ہوئے

؀ اب قوم ثمود کا ذکر ہو رہا ہے جس نے اپنے مخلص نبی کی مخلصانہ دعوت کو اسی رعونت سے ٹھکرا دیا جس طرح پہلی قوموں نے اپنے انبیاء کی دعوتوں کو ٹھکرا دیا تھا۔ حضرت صالح علیہ السلام بھی پہلے اپنی قوم کو اپنی دیانت، پاکبازی اور خیر اندیشی کا یقین دلاتے ہیں اور انھیں بتاتے ہیں کہ میں تم سے کسی مادی منفعت کا خواستگار نہیں میرے پیش نظر محض تمھاری خیر خواہی ہے میری یہ دلی آرزو ہے کہ تم رشد و ہدایت کی راہ پر چلو تمھارا دل نور ایمان سے منور ہو تمھارا تمدن فسق و فجور، ظلم و طغیان اور بے جا نمود کے امراض سے پاک ہو۔ تم نیکی اور تقویٰ کی زندگی بسر کرو تمھاری توانائیں تمہارے مادی وسائل اور فنی مہارت اس طرح استعمال ہو جس سے خستہ حالوں اور آشفتہ دلوں کو سکون نصیب ہو۔ قوم کے کمزور افراد کو سہارا ملے لیکن جو قوم عرصہ دراز سے بے راہ روی کی خوگر ہو چکی تھی اسے ایسے مواعظ سے کیا دلچسپی ہو سکتی تھی چنانچہ انھوں نے آپ پر طرح طرح کے الزامات لگاتے تکلیفیں پہنچائیں اور اللہ تعالیٰ کی نشانیوں کا مذاق اڑایا اور ان کی تحقیر کی۔ آخر کار ان سرکشیوں کا وہی نتیجہ نکلا جو ایسے افعال کا نکلا کرتا ہے۔

؀ ان باغات بہتے ہوئے چشموں، کھیتوں اور پھل سے لدے ہوئے نخلستانوں کو دیکھ کر تم پھولے نہیں سماتے کیا تم یہ سمجھ بیٹھے ہو کہ تم ہمیشہ اسی طرح ان سے لطف اندوز ہوتے رہو گے اور تمھیں موت کا ذائقہ نہیں چکھنا پڑے گا یہ سراسر تمھاری نادانی ہے۔ هضيم. يتحشم في الفم، جو مٹھاس سے اتنی نرم اور گداز ہو کہ منہ میں ڈالتے ہی گھل جائے۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٥٠﴾ وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿١٥١﴾ الَّذِيْنَ

پس ڈرو اللہ تعالیٰ سے اور میرا اتباع کرو۔ اور نہ پیروی کرو حد سے بڑھنے والوں کے حکم کی ۴۸ جو فساد

يُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿١٥٢﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ

برپا کرتے رہتے ہیں زمین میں اور اصلاح (کی کوشش) نہیں کرتے۔ جواب ملا (اے صالح!) تم تو ان لوگوں میں سے ہو جن

الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿١٥٣﴾ مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۚ فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ

پر جادو کر دیا گیا ہے ۴۹ نہیں ہو تم مگر ایک انسان ہماری مانند ۵۰ ورنہ لاؤ کوئی معجزہ اگر تم راست بازوں میں سے

الصّٰدِقِيْنَ ﴿١٥٤﴾ قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿١٥٥﴾

ہو۔ فرمایا یہ ایک اونٹنی ہے۔ ایک دن اس کے پانی پینے کی باری ہے اور ایک مقرر دن تمہاری باری ہے ۵۱

۴۷ سنگ تراشی کے فن میں انہیں بڑی مہارت حاصل تھی اس پر انہیں بڑا ناز بھی تھا اور اسی وجہ سے گردونواح میں دُور دُور تک ان کی شہرت تھی۔ فارهين: حاذقين بنحتها یعنی چٹانیں تراش کر مکان بنانے میں تم بڑے ماہر اور حاذق ہو۔ اس میں دوسری قرأت فرهين بھی آئی ہے۔ اس کا معنی ہے اشرين بطرين: مغرور اور سرکش۔

۴۸ آپ نے ان کے سیاسی لیڈروں پر تنقید کرتے ہوئے فرمایا یہ تو مفسد لوگ ہیں۔ ان سے بھلائی کی کوئی توقع نہیں کی جاسکتی۔ ایک قبیلہ کو دوسرے قبیلہ سے لڑا کر تماشا دیکھتے ہیں۔ غریبوں اور کمزوروں پر ظلم ڈھاتے ہیں۔ ایسے بگڑے ہوئے لوگ اس قابل نہیں کہ قوم کی قیادت کی باگ ڈور ان کے ہاتھوں میں رہنے دی جائے ورنہ وہ تمہارا بیڑہ غرق کر دیں گے۔ اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میری پیروی کرو میں تمہیں ہدایت اور راستی کی راہ پر چلاؤں گا۔

۴۹ وہ کہنے لگے صالح تم عجیب آدمی ہو۔ ہماری ہر بات میں تمہیں کیڑے نظر آنے لگے ہیں۔ ہمیں اپنے بتوں کی پوجا سے منع کرتے ہو۔ ہمیں اپنے لیڈروں سے برگشتہ کرتے ہو۔ ہمارے آداب معاشرت تمہیں پسند نہیں اور ہمارے فن سنگ تراشی پر بھی تمہیں اعتراض ہے جس کی وجہ سے ہماری شہرت دُور دُور تک پھیل چکی ہے یقیناً تمہیں کسی نے کچھ کر دیا ہے ورنہ تمہارے جیسا زیرک اور دانشمند آدمی جس سے ہم نے بڑی بڑی توقعات وابستہ کر رکھی تھیں اس سے ایسے خیالات کا اظہار ممکن نہیں

۵۰ آپ ہماری طرح بشر ہی تو ہیں۔ ہم آپ کو رسول کیسے مان لیں۔ کوئی معجزہ دکھاؤ جس سے تمہاری صداقت کا ہمیں یقین آجائے۔

۵۱ حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ ثمودیوں نے آپ سے یہ مطالبہ کیا کہ اس چٹان سے سُرخ رنگ کی اونٹنی نکلے

وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵۶﴾ فَعَقَرُوْهَا

اور نہ پہنچانا اسے کوئی اذیت ورنہ آلے گا تمھیں بڑے دن کا عذاب ۔ ان بدبختوں نے اس کی کونچیں کاٹ

فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ﴿۱۵۷﴾ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَ

ڈالیں پھر ہو گئے ندامت زدہ افسوس کرنے والے پس آ لیا انھیں عذاب نے وہ بے شک اس واقعہ میں بھی (عبرت کی) نشانی ہے اور

۸ ع ۹ ۱۲ مَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۵۹﴾ كَذَّبَتْ

نہیں تھے ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے ۔ اور بے شک آپ کا رب ہی عزیز رحیم ہے ۔ جھٹلایا

قَوْمُ لُوْطِ ۨالْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۱﴾

قوم لوط نے اپنے رسولوں کو ۔ جب کہا ان سے ان کے بھائی لوط نے ، کیا تم (قہرالٰہی سے) نہیں ڈرتے ؟

اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۶۲﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ

بے شک میں تمھارے لیے رسول امین ہوں ۔ پس ڈرو اللہ تعالیٰ سے اور میری اطاعت کرو ۔ اور میں نہیں مانگتا تم سے

عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۴﴾ اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ

اس (تبلیغ) پر کوئی معاوضہ ۔ میرا معاوضہ تو اس کے ذمہ ہے جو رب العٰلمین ہے ۔ کیا تم بدفعلی کے لیے جاتے ہو مردوں کے پاس

جو دس ماہ کی حاملہ ہو اور ہماری آنکھوں کے سامنے بچہ جنے تو ہم تمھیں رسول مان لیں گے۔ آپ نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی۔ وہاں کیا مشکل تھا اور ان کا مطالبہ پورا کر دیا گیا۔ اور اس چٹان سے ان کی مطلوبہ اونٹنی نکل آئی۔ آپ نے فرمایا یہ اونٹنی اللہ تعالیٰ کی نشانی ہے۔ اب یوں ہوگا کہ ایک دن تنہا یہ پانی پیے گی اور دوسرے دن تمام انسان اور تمھارے مویشی پانی پئیں گے۔ یاد رکھنا اس اونٹنی کو کوئی اذیت نہ پہنچانا ورنہ تمہاری خیر نہیں۔

ف۲ لیکن وہ باز آنے والے کب تھے۔ انھوں نے اس اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں پھر بھونچال آیا جس نے ان کو تہ و بالا کر کے رکھ دیا۔ فاخذتہم الرجفۃ فاصبحوا فی دارہم جٰثمین (الاعراف)۔ ملاحظہ ہو ضیاء القرآن، جلد دوم، آیات ۷۳ تا ۷۹۔

ف۳ سورۃ الاعراف اور سورۃ ہود میں ان کا مفصل تذکرہ گزر چکا ہے۔ ضیاء القرآن، جلد دوم متعلقہ آیات

آپ کا انداز تبلیغ بعینہٖ وہی ہے جو پہلے انبیاء کا تھا۔ من القالین ای المبغضین والقلا البغض۔

مِنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۵﴾ وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ

ساری مخلوق سے ۔ اور چھوڑ دیتے ہو جو پیدا کی ہیں تمہارے لیے تمہارے رب نے تمہاری بیویاں ۔ بلکہ تم حد سے

قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿۱۶۶﴾ قَالُوْا لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ ﴿۱۶۷﴾

بڑھنے والے لوگ ہو ۔ وہ (غصہ سے) بکنے لگے (خاموش!) اے لوط! اگر تم اس سے باز نہ آئے تو تمہیں ضرور ملک بدر کر دیا جائے گا

قَالَ اِنِّىْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ رَبِّ نَجِّنِىْ وَاَهْلِىْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾

آپ نے فرمایا (سن لو!) میں تمہارے اس (گندے) فعل سے بیزار ہوں ۔ میرے مالک! نجات دے مجھے اور میرے اہل و عیال کو اس کی شامت

فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۷۰﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِى الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا

سے جو وہ کرتے ہیں ۔ سو ہم نے نجات دے دی لوط اور اس کے سب اہل کو ۔ سوائے ایک بڑھیا کے جو پیچھے رہنے والوں میں تھی ۔ پھر ہم نے نام و نشان مٹا

الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۳﴾

دیا دوسروں کا ۔ اور ہم نے برسائی ان پر (پتھروں کی) بارش پس بڑی تباہ کن تھی وہ بارش جو برسی ان پر جنہیں ڈرایا گیا اور وہ باز

اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۴﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ

نہ آئے ۔ بیشک اس میں بھی (عبرت کی) نشانی ہے ۔ اور نہیں تھے ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے ۔ اور بلاشبہ اے محبوب! آپ کا

پتھر برسا کر ان کو تباہ و برباد کر دیا گیا ۔ بائیبل میں اس عذاب کو ان الفاظ میں بیان کیا گیا: "تب خداوند نے اپنی طرف سے سدوم اور عمورا پر گندھک اور آگ برسائی ۔ اور اس نے ان شہروں کے سب رہنے والوں کو اور سب کچھ جو زمین سے اگا تھا غارت کیا"۔

"مگر اس کی بیوی نے اس کے پیچھے مڑ کر دیکھا اور وہ نمک کا ستون بن گئی"۔

"اور ابراہیم صبح سویرے اٹھ کر اس جگہ گیا جہاں وہ خداوند کے حضور کھڑا ہوا تھا ۔

اور اس نے سدوم اور عمورا اور ترائی کی ساری زمین کی طرف نظر کی اور کیا دیکھتا ہے کہ زمین پر سے دھواں ایسا اٹھ رہا ہے جیسے بھٹی کا دھواں"۔

(پیدائش، باب ۱۹ ۔ آیت ۲۴ تا ۲۸)

لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٧٥﴾ كَذَّبَ أَصْحَابُ لْئَيْكَةِ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٧٦﴾ إِذْ قَالَ

پروردگار ہی عزیز رحیم ہے۔ جھٹلایا اہل ایکہ نے بھی (اپنے) رسولوں کو ١٩ جب فرمایا

لَهُمْ شُعَيْبٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٧٧﴾ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٧٨﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ

انہیں شعیب (علیہ السلام) نے کیا تم (قہرالٰہی سے) نہیں ڈرتے بیشک میں تمہارے لیے رسول امین ہوں پس ڈرو اللہ تعالیٰ

وَأَطِيعُونِ ﴿١٧٩﴾ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ

سے اور میری پیروی کرو۔ اور میں نہیں طلب کرتا تم سے اس پر کوئی اجر۔ میرا اجر تو اس کے ذمہ ہے جو سارے

رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٨٠﴾ أَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُخْسِرِينَ ﴿١٨١﴾ وَزِنُوا

جہانوں کو پالنے والا ہے۔ پورا کیا کرو ناپ اور نہ ہو جاؤ کم ناپنے والوں سے۔ اور وزن کیا کرو

بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ﴿١٨٢﴾ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا

صحیح ترازو سے۔ اور نہ کم دیا کرو لوگوں کو ان کی چیزیں، اور نہ پھرا کرو

١٩۔ سورۂ اعراف اور سورۂ ہود میں حضرت شعیبؑ آپ کے مواعظ، آپ کی قوم میں جڑ پکڑنے والے باطل عقائد اور اخلاقی خرابیوں کا تذکرہ گزر چکا ہے۔ یہاں بھی آپ کے مواعظ کا وہی انداز ہے اور اپنے مخاطبین کو انہی خرابیوں سے باز آنے کی پرزور اور مخلصانہ تلقین فرما رہے ہیں جن کا بیان پہلے ہو چکا ہے۔ اس لیے بعض حضرات نے یہ خیال فرمایا کہ اہل مدین اور اصحاب الایکہ ایک ہی قوم کے دو نام ہیں۔ لیکن صحیح یہ ہے کہ یہ دونوں علیحدہ علیحدہ قومیں تھیں جو الگ الگ علاقوں میں آباد تھیں۔ لیکن چونکہ ان کے علاقے بالکل نزدیک نزدیک تھے اور دونوں قومیں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نسل سے تھیں اس لیے دونوں کی ہدایت کے لیے ایک نبی حضرت شعیبؑ کو مقرر فرمایا گیا۔ نیز یہ دونوں قومیں دو بین الاقوامی تجارتی شاہراہوں کے قرب وجوار میں آباد تھیں اور تجارت پیشہ تھیں۔ تاجروں میں جو اخلاقی خرابیاں عام طور پر پائی جاتی ہیں وہ ان میں بطور قدر مشترک موجود تھیں۔ توحید کے عقیدہ سے دونوں برگشتہ ہو چکی تھیں اور شرک کی لعنت میں گرفتار تھیں۔ اس لیے حضرت شعیب علیہ السلام کے مواعظ ایک ہی طرح کے تھے۔ الایکۃ الشجر الکثیر الملتف الواحدۃ ایکۃ فہی الغیضۃ۔ وہ جگہ جہاں گھنے اور گنجان درختوں کا ذخیرہ ہو اسے عربی میں ایکہ کہتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ قوم جس علاقہ میں آباد تھی وہاں درختوں کے گھنے اور گنجان جھنڈ پائے جاتے تھے اس لیے انہیں اصحاب الایکہ کہا گیا اور یہ کسی خاص بستی

فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ﴿۱۸۳﴾ وَاتَّقُوا الَّذِیْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۸۴﴾

زمین میں فساد برپا کرتے ہوئے۔ اور ڈرو اس سے جس نے پیدا فرمایا تمھیں اور (تم سے) پہلی مخلوق کو۔ انھوں

قَالُوْۤا اِنَّمَاۤ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِیْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَمَاۤ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَاِنْ

نے (جھلا کر) کہا تم تو ان لوگوں میں سے ہو جن پر جادو کر دیا گیا ہے ۹۲ اور نہیں ہو تم مگر ایک بشر ہماری مانند ۹۳ اور ہم تو تمھارے

نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِیْنَ ﴿۱۸۶﴾ فَاَسْقِطْ عَلَیْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ اِنْ

متعلق یہ خیال کر رہے ہیں کہ تم جھوٹوں میں سے ہو۔ (ہم تمھاری بات نہیں مانتے) تو اب گرا دو ہم پر آسمان کا کوئی ٹکڑا ۹۴ اگر

كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۱۸۷﴾ قَالَ رَبِّیْۤ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ فَكَذَّبُوْهُ

تم راست بازوں میں سے ہو۔ آپ نے فرمایا میرا رب خوب جانتا ہے جو تم کر رہے ہو۔ سو انھوں نے جھٹلایا

کا نام نہ تھا لیکن جنھوں نے لیکہ پڑھا ہے ان کا خیال ہے کہ لیکہ ایک بستی کا نام تھا۔ جوہری کی یہ رائے ہے کہ ایکہ اور لیکہ دونوں ایک ہی بستی کے نام تھے جس طرح مکہ اور بکہ۔ (قرطبی)

جبلة قال مجاهد هی الخلیقة یعنی اس رب سے ڈرو جس نے تمھیں بھی پیدا کیا اور تم سے پہلے جو مخلوق گزر چکی ہے اس کا بھی وہی خالق ہے۔

۹۲ ان کی ساری معاشی خوشحالی کا انحصار ان بے ایمانیوں اور دھوکہ بازیوں پر تھا۔ وہ اتنے بھلے مانس کب تھے کہ حضرت شعیبؑ کی نصیحت سن کر ان سے باز آجاتے۔ انہوں نے اپنی غلطی کو غلطی ماننے سے ہی انکار کر دیا اور اس کی اصلاح کی طرف توجہ کرنا ہی مناسب نہ سمجھا۔ اُلٹا حضرت شعیبؑ پر الزام لگا دیا کہ تم پر کسی نے جادو کر دیا ہے جبھی تو تم ہمیں ایسے مشورے دے رہے ہو جن پر ہم اگر عمل کریں تو یہ تجارت کی گہما گہمی یا دولت و ثروت کی فراوانی سب کی سب یکدم ختم ہو جائے کوئی ذی شعور آدمی اپنی قوم کو ایسا مشورہ نہیں دے سکتا۔ جو اس کی اقتصادی تباہی کا سبب بنے۔ اے شعیبؑ یقیناً تمھارا دماغ کام نہیں کر رہا پہلے اپنا علاج کراؤ پھر آکر ہمیں نصیحت کرنا۔

۹۳ وہی پرانا اعتراض۔

۹۴ جب آپ نے زیادہ اصرار کیا ہو گا کہ ان دھوکا بازیوں سے باز آجاؤ تو انھوں نے سیخ پا ہو کر اور شرم و حیا کی چادر اتار کر کہہ دیا کہ ہم تمھاری بات نہیں مانتے۔ اب جو آسمان تم ہم پر گرانا چاہتے ہو گرا دو۔

فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۸۹﴾

شعیب کو تو پکڑ لیا انھیں چھتری والے دن کے عذاب نے ۹۵؎ بے شک یہ بڑے دن کا عذاب تھا۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۰﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ

بیشک اس میں بھی (عبرت کی) نشانی ہے اور نہیں تھے ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے۔ اور یقیناً آپ کا رب

ع ۱۰ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۹۱﴾ وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۹۲﴾ نَزَلَ بِهِ

۱۴ ہی سب پر غالب ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اور بلاشبہ یہ کتاب رب العٰلمین کی اتاری ہوئی ہے ۹۶؎ اترا ہے اسے

الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿۱۹۳﴾ عَلٰي قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ بِلِسَانٍ

لے کر روح الامین (یعنی جبرئیل) ۹۷؎ آپ کے قلب (منیر) پر ۹۸؎ تاکہ ہو جائیں آپ (لوگوں کو) ڈرانے والوں سے یہ ایسی عربی

۹۵؎ ان پر جو عذاب اترا اس کی صحیح کیفیت کیا تھی اس کا ذکر نہیں فرمایا گیا اس لیے اس کے بارے میں یقین کے ساتھ کچھ کہنا مشکل ہے۔ البتہ ظلہ کا لفظ بتا رہا ہے کہ ان پر کوئی ایسا عذاب نازل کیا گیا جس نے چھتری یا سائبان کی طرح ان پر سایہ کر لیا اور پھر وہ ہمیشہ کے لیے تباہ و برباد کر دیے گئے۔

۹۶؎ سورۃ کا آغاز اس بات سے ہوا تھا کہ کفار قرآن کریم کو اللہ تعالیٰ کا کلام ماننے کے لیے تیار نہیں تھے جس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سخت دکھ پہنچتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو مطمئن فرمانے کے لیے متعدد انبیاء اور ان کی قوموں کے حالات بیان فرمائے۔ اب پھر سلسلۂ کلام کفار کے انہی اعتراضات کی طرف لوٹتا ہے کہ یہ کلام کسی انسان کا وضع کردہ نہیں بلکہ اسے اس خدا نے اتارا ہے جو رب العالمین ہے اور اس کی ربوبیت جس نے انسان کی جسمانی ضروریات کو بہم پہنچایا، اس کی شان سے یہ بعید تھا کہ وہ اس کی روحانی ترقی کے لیے کوئی انتظام نہ فرماتا۔ چنانچہ انسان کے اسی روحانی پہلو کو معراج کمال تک پہنچانے کے لیے یہ کتاب مقدس نازل فرمائی۔

۹۷؎ اور جس فرشتہ کے ذریعے یہ کتاب نازل ہوئی وہ روح الامین ہے یعنی وہ سراپا روحانیت بھی ہے اور امین بھی ہے۔ نہ اس سے یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ اس نے اپنی طرف سے کوئی ملاوٹ کر دی ہو اور نہ کسی کے لیے یہ ممکن ہے کہ جو چیز اس کی امانت و حفاظت میں دی گئی ہے کوئی اس میں ادنیٰ سا رد و بدل بھی کر سکے۔ مقام کی نزاکت کے پیش نظر یہاں جبرئیل (یعنی علم) کی جگہ اس کی دو عظیم صفتیں بیان کی گئیں۔

۹۸؎ یعنی اس کا نزول حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب منور پر ہوا اور جو چیز دل میں اترتی ہے اس میں نہ کسی کمی بیشی کا

عَرَبِيٍّ مُّبِينٍ ﴿١٩٥﴾ وَإِنَّهُ لَفِي زُبُرِ الْأَوَّلِينَ ﴿١٩٦﴾ أَوَلَمْ يَكُن لَّهُمْ آيَةً

زبان میں ہے جو بالکل واضح ہے۔ اور اس کا ذکر تحریر پہلے لوگوں کی کتابوں میں بھی ہے ١٠٠ کیا انہیں تسلی ان (مشرکین مکہ) کے لیے

احتمال ہوتا ہے اور نہ یہ امکان ہوتا ہے کہ اس کو صحیح طور پر سمجھا نہ گیا ہو۔ ان آیات کا خلاصہ یہ ہوا کہ اس کتاب کو انسان کی جسمانی اور ظاہری ضروریات کو بہم پہنچانے والے پروردگار نے اس کی روحانی اور باطنی قوتوں کو مرتبۂ کمال تک پہنچانے کے لیے اتارا اور اسے لانے والا وہ فرشتہ ہے جو روح الامین کی صفت سے موصوف ہے اور اس کے نزول کی جگہ اللہ تعالیٰ کے محبوب کا قلب مبارک ہے۔ اے کفار! جب حقیقت یہ ہے تو تمہارا اس کتاب مقدس کے متعلق بے تکی باتیں کرنا معقولیت کے سراسر خلاف ہے۔

یہاں یہ بتانا بھی فائدہ سے خالی نہ ہوگا کہ قلب اقدس پر نزول قرآن کی کیا کیفیت ہوا کرتی تھی۔ علامہ سید محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ صحیح قول یہ ہے کہ جس طرح معانی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوا کرتے تھے اسی طرح الفاظ بھی اسی کی طرف سے ہوا کرتے تھے۔ ایسا نہیں تھا کہ صرف معانی کا القا کر دیا گیا ہو۔ اور جبرئیل نے اپنے الفاظ میں انھیں آکر پیش کیا ہو۔ جب جبرئیل ان الفاظ و معانی کو لے کر بارگاہ رسالت میں حاضر ہوتے تو حضور قوائے الٰہیہ قدسیہ کے ساتھ انہیں سنتے اور محفوظ رکھتے۔ اس کا سماع بشری حواس سے نہیں ہوا کرتا تھا۔ اسی وجہ سے نزول وحی کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم اطہر پر اغماء کی سی کیفیت طاری ہو جاتی تھی والقول الراجح ان الالفاظ منه عزّ وجلّ كالمعانى لا مدخل لجبريل عليه السلام فيها اصلًا وكان النبى يسمعها ويعيها بقوى الهية قدسية لا بسماع البشر ايا ها منه عليه الصلوٰة والسلام وتشغل عند ذالك قواه البشرية ولهٰذا يظهر على جسده الشريف صلى الله عليه وسلم ما يظهر (روح المعانی)۔ اس کی وضاحت کرتے علامہ موصوف لکھتے ہیں کہ حضور کی دو جہتیں تھیں۔ ایک جہت ملکی جس سے حضور فیضان حاصل کرتے اور ایک جہت بشری جس سے حضور لوگوں کو فیض پہنچایا کرتے۔ اسی لیے یہاں نزول کو قلب منور یعنی روح سرور عالم سے متعلق کیا ہے کیونکہ وہی صفات ملکی سے متصف ہے۔ لما كان له صلى الله عليه وسلم جهتان جهة ملكية يستفيض بها من الروح الامين۔ آگے چل کر علامہ موصوف امام اصفہانی کی تفسیر کا حوالہ دیتے ہوئے یہ بیان کرتے ہیں کہ جبرئیل امین سے وحی قبول کرنے کے دو طریقے تھے۔ ایک یہ کہ حضور جامۂ بشری کو اتار کر صورت ملکی کی طرف عروج فرماتے اور جبرئیل سے وحی سنتے۔ دوسرا یہ کہ فرشتہ مقام ملکی سے مقام بشریت کی طرف نزول کرتا اور حضور کو وہ وحی پہنچاتا۔ وفى ذالك طريقتان احدهما ان النبى انخلع من الصورة البشرية الى الصورة الملكية واخذه من جبرئيل عليه السلام وثانيتهما ان الملك انخلع الى البشرية حتى ياخذ النبى منه والاولى اصعب الحالين عندها (روح المعانی)۔ علمائے کرام نے تصریح کی ہے کہ بیشتر قرآن کریم کا نزول پہلے طریقے کے مطابق ہوا کرتا تھا۔

١٠٠ زُبُر: زبور کی جمع ہے جس کا معنی کتاب ہے۔ اولین سے مراد سابقہ انبیاء و رسل ہیں یعنی اس کتاب مقدس کا تذکرہ پہلی کتابوں میں مذکور ہے۔ انّه کا مرجع حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارک بھی ہو سکتی ہے۔ اس صورت میں آیت کا

أَنْ يَعْلَمَهُ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۹۷﴾ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ

آپ کی سچائی کی یہ دلیل کافی نہیں کہ جانتے ہیں آپ کو بنی اسرائیل کے علماء تلہ اور اگر ہم اتارتے قرآن کو کسی غیر عربی

الْاَعْجَمِيْنَ ﴿۱۹۸﴾ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۹﴾ كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ

پر سلہ پھر وہ ان کو پڑھ کر سناتا تب بھی وہ ایمان لانے والے نہیں تھے یونہی ہم نے داخل کردی

فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۰۰﴾ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۲۰۱﴾

ہے انکار کی عادت مجرموں کے دلوں میں ملہ وہ ایمان نہیں لائیں گے اس پر جب تک دیکھ نہ لیں دردناک عذاب کو۔

معنی ہوگا کہ جس رسول کے قلب منور پر یہ کتاب نازل کی گئی اس کے محامد و اوصاف سے سابقہ آسمانی کتابیں بھری ہوئی ہیں۔ سب انبیاء نے اپنی امتوں کو حضور کی آمد کی اطلاع دی اور حضور پر ایمان لانے کی تاکید فرمائی۔

تلہ اہل مکہ یہود کو صاحب کتاب اور اہل علم خیال کیا کرتے تھے۔ انھوں نے ایک وفد یثرب کے علماء یہود کی طرف روانہ کیا تاکہ وہ نبی کریم کے متعلق ان سے کچھ دریافت کریں۔ علماء یہود نے بتایا ان ھذا لزمانہ وانا لنجد فی التوراۃ نعتہ وصفتہ۔ کہ ان کے ظہور کا وقت آگیا ہے اور ان کی نعت اور صفات تورات میں موجود ہیں لیکن اہل مکہ پھر بھی ایمان نہ لائے۔ آیت میں اسی طرف اشارہ ہے۔

سلہ کفار کا انکار کسی معقول دلیل پر مبنی نہیں تھا۔ ایک ضد تھی جسے وہ نباہ رہے تھے اور اپنے سراسر غلط موقف کو صحیح ثابت کرنے کے لیے کوئی نہ کوئی اعتراض جڑ دیا کرتے تھے۔ جن میں سے بیشتر کا ذکر گزر چکا ہے۔ ان کا ایک یہ بھی اعتراض تھا کہ حضور خود عربی ہیں اور فصیح و بلیغ بھی ہیں۔ ان کے لیے ایسا کلام بنانا کیا مشکل ہے۔ ان کے رد کے لیے فرمایا جارہا ہے اگر ہم کسی عربی کو چھوڑ کر کسی عجمی پر بھی یہ کتاب نازل کر دیتے تب بھی تم اس پر ایمان لانے کے لیے تیار نہ ہوتے۔ یہ محض تمہارے بہانے ہیں ورنہ حقیقت یہ ہے کہ تم دل سے اس کلام کی عظمت کو تسلیم کرتے ہو لیکن زبان سے اقرار کرنے میں اپنی توہین محسوس کر رہے ہو۔

ملہ یعنی اس کلام پاک کی صداقت تمہارے رگ و پے میں سرایت کر گئی ہے تمہارے دل مان چکے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے لیکن کفر اور گمراہی میں تم یہاں تک دور نکل گئے ہو کہ سورج نصف النہار پر چمک رہا ہے اور تمہیں یہ کہتے ہوئے ذرا شرم محسوس نہیں ہوتی کہ ابھی کالی رات ہے۔ وہ دیکھو ستارے ٹمٹما رہے ہیں۔ سلک کہتے ہیں داخل کرنے کو، اور مجرمین کا لفظ فرما کر قرآن کی دل میں گھر کرنے والی تاثیر کی طرف اشارہ کر دیا۔ بعض علماء نے اس آیت کا معنی یہ کیا ہے کہ سلکنا التکذیب فی قلوبھم کہ قرآن کریم کے جھٹلانے کو ہم نے ان کے دلوں میں داخل کر دیا ہے۔

فَيَأْتِيَهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿۲۰۲﴾ فَيَقُولُوا هَلْ نَحْنُ مُنظَرُونَ ﴿۲۰۳﴾

سو وہ آ جائے گا ان پر اچانک اور انھیں اس کی آمد کا احساس ہی نہ ہوگا تب (بصد حسرت) کہیں گے کیا ہمیں مزید مہلت ملے گی؟ ۶۳

أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ ﴿۲۰۴﴾ أَفَرَءَيْتَ إِن مَّتَّعْنَاهُمْ سِنِينَ ﴿۲۰۵﴾ ثُمَّ جَاءَهُم

کیا وہ اب ہمارے عذاب کے لیے جلدی مچا رہے ہیں۔ کیا آپ نے کچھ غور کیا اگر ہم لطف اندوز ہونے دیں انھیں چند سال ۶۴ پھر دیر وعدہ کیے

مَّا كَانُوا يُوعَدُونَ ﴿۲۰۶﴾ مَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا يُمَتَّعُونَ ﴿۲۰۷﴾ وَمَا أَهْلَكْنَا

کے بعد آ جائے ان پر وہ عذاب جس سے انھیں ڈرایا جاتا تھا۔ تو کیا نفع دیں گے انھیں اس وقت، وہ ساز و سامان جن سے وہ لطف اندوز ہوتے

مِن قَرْيَةٍ إِلَّا لَهَا مُنذِرُونَ ﴿۲۰۸﴾ ذِكْرَىٰ وَمَا كُنَّا ظَالِمِينَ ﴿۲۰۹﴾ وَمَا

رہتے تھے۔ اور نہیں ہلاک کیا ہم نے کسی بستی کو مگر اس کے لیے ڈرانے والے بھیجے گئے تھے یاد دہانی کے لیے۔ اور ہم ظالم نہیں تھے۔ اور نہیں اترے

تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيَاطِينُ ﴿۲۱۰﴾ وَمَا يَنبَغِي لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيعُونَ ﴿۲۱۱﴾ إِنَّهُمْ

اس قرآن کو لے کر شیاطین ۶۵ اور نہ یہ ان کے لیے مناسب ہے اور نہ ہی وہ اس کی طاقت رکھتے ہیں ۶۶ انھیں

۶۳ اب تو شور مچاتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو ہم پر عذاب کیوں نہیں اترتا لیکن جب عذاب انھیں آ گھیرے گا اس وقت وہ ندامت وحسرت سے گڑگڑائیں گے اور کہیں گے کہ ہمیں تھوڑی سی مہلت اور دے دو ہم اپنی تمام سابقہ غلطیوں کی تلافی کریں گے لیکن اس وقت کوئی بات نہ سنی جائے گی۔

۶۴ یعنی عرصہ دراز تک اگر وہ ہر طرح کے آرام و آسائش اور ناز و نعم سے زندگی بسر کرتے رہیں۔ پھر جب ان پر عذاب الٰہی نازل ہوگا تو پہلی ساری عیش و عشرت فراموش ہو جائے گی۔ وہ دولت و ثروت، وہ ساز و سامان، وہ جاہ و حشمت ان کے کسی کام نہیں آئے گی۔ انھیں کوئی نفع نہیں پہنچائے گی۔ ماأغنی عنك هذا ما ينفعك (الصحاح)

۶۵ کفار یہ بھی کہا کرتے کہ یہ کلام ان پر جن و شیاطین کی طرف سے القا کیا جاتا ہے اس کا پُرزور رد فرمایا۔

۶۶ شیطان کا کام گمراہ کرنا اور کفر و شرک کی ترغیب دینا ہے اور قرآن کریم صراط مستقیم پر چلنے کی دعوت دیتا ہے اخلاق فاضلہ کو اپنانے کی تلقین کرتا ہے۔ اس کی ہر آیت کفر و شرک کے عقیدہ کو جڑوں سے اکھیڑ کر پھینک رہی ہے۔ اس کا مقصد ہی یہ ہے کہ نور توحید سے سارا عالم جگمگا اٹھے۔ خود فیصلہ کرو کیا شیطان توحید قبول کرنے اور کفر و شرک سے تائب ہونے اور خصال حمیدہ کو اپنانے کی ترغیب دے سکتا ہے۔ کوئی بات تو سوچ کر بھی کیا کرو۔ نیز اس میں غیب کی خبریں ہیں اور بیچارے شیطان کی کیا مجال کہ پردۂ غیب

عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ﴿۲۱۲﴾ فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ

(شیطانوں کو) تو اس کے سننے سے بھی محروم کر دیا گیا ہے ۱۱۰؎ پس نہ پکارا کرو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور خدا کو ۱۱۱؎ ورنہ تم ہو جاؤ گے

مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ﴿۲۱۳﴾ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ﴿۲۱۴﴾ وَاخْفِضْ

ان لوگوں میں سے جنھیں عذاب دیا گیا ہے۔ اور آپ ڈرایا کریں اپنے قریبی رشتہ داروں کو ۱۱۲؎ اور آپ نیچے کیا کیجیے اپنے پروں کو

جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۱۵﴾ فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ

ان لوگوں کے لیے جو آپ کی پیروی کرتے ہیں اہل ایمان سے ۱۱۳؎ پھر اگر وہ آپ کی نافرمانی کریں تو آپ فرما دیں

میں جھانک کر بھی دیکھ سکے۔

۱۱۰؎ نیز انھیں فرشتوں کا کلام اور ان کی گفتگو سننے سے بھی روک دیا گیا ہے۔ اگر وہ اس قسم کی جرأت کرتے ہیں تو شہاب ثاقب سے ان کی تواضع کی جاتی ہے اور انھیں بھگا دیا جاتا ہے۔

۱۱۱؎ اللہ تعالیٰ جو وحدہٗ لاشریک ہے اس کے ساتھ کسی غیر کو خدا سمجھ کر مت پکارو۔ اگر تم نے ایسا کیا تو تم عذاب میں مبتلا کر دیے جاؤ گے۔ علامہ عثمانی لکھتے ہیں: "یہ فرمایا رسول کو اور سنایا اوروں کو"

۱۱۲؎ صحیحین میں ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم صفا کی پہاڑی پر کھڑے ہو گئے اور بلند آواز سے پکارا یا بنی فہر یا بنی عدی (جتنے قریش کے قبائل تھے ان کا نام لے لے کر بلایا) یہاں تک کہ سب جمع ہو گئے۔ اور جو خود نہ آسکا اس نے کوئی آدمی بھیج دیا تا کہ بات سن کر اسے بتائے۔ جب سب اکٹھے ہو گئے تو حضورؐ نے فرمایا کہ اگر میں تمھیں یہ بتاؤں کہ اس وادی میں سواروں کا دستہ ہے جو تم پر شبخون مارنا چاہتا ہے تو کیا تم میری بات مان لو گے۔ سب نے جواب دیا ضرور مانیں گے کیونکہ آج تک ہم نے آپ کو غلط بیانی کرتے ہوئے نہیں سنا۔ حضورؐ نے فرمایا فَاِنِّیْ نَذِیْرٌ لَّکُمْ بَیْنَ یَدَیْ عَذَابٍ شَدِیْدٍ دیکھو میں تمھیں عذاب شدید کے آنے سے پہلے متنبہ کر رہا ہوں کہ کفر و شرک سے باز آجاؤ۔ اللہ تعالیٰ کو وحدہٗ لاشریک مان لو ورنہ تمھیں برباد کر دیا جائے گا۔ گستاخ ابولہب انگلی سے اشارہ کر کے کہنے لگا۔ تبًّا لک سائر الیوم الھٰذا جمعتنا یعنی تمھیں سارا دن خرابی ہو کیا تو نے اس لیے ہمیں جمع کیا۔ حضورؐ خاموش رہے لیکن اس کا جواب اللہ تعالیٰ نے دیتے ہوئے پوری سورت نازل فرمائی جس کی پہلی آیت ہے تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ وَّتَبَّ یعنی ٹوٹ جائیں ابولہب کے دونوں ہاتھ جن کی ایک انگلی سے اس نے میرے محبوب کی طرف گستاخانہ اشارہ کیا ہے اور وہ خود بھی تباہ و برباد ہو جائے۔

۱۱۳؎ اہل ایمان کے ساتھ کریمانہ اور مشفقانہ سلوک کرنے کا حکم دیا جا رہا ہے کہ ان کے ساتھ تواضع سے پیش آئیے اور نرمی کا برتاؤ کیجیے۔ سچ تو یہ ہے کہ اگر حضورؐ مقام محبوبیت کی رفعتوں میں ہی محو پرواز رہتے تو خاک نشین اس دامن رحمت کا سہارا کیسے

اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ وَ تَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ ﴿۲۱۷﴾ الَّذِیْ

میں بری الذمہ ہوں ان کاموں سے جو تم کیا کرتے ہو ۲۱۱ اور بھروسہ کیجیے سب پر غالب ہمیشہ رحم کرنے والے پر ۲۱۲ جو آپ کو

یَرٰىكَ حِیْنَ تَقُوْمُ ﴿۲۱۸﴾ وَ تَقَلُّبَكَ فِی السّٰجِدِیْنَ ﴿۲۱۹﴾ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۲۲۰﴾

دیکھتا رہتا ہے جب آپ کھڑے ہوتے ہیں ۲۱۳ اور دیکھتا رہتا ہے جب آپ چکر لگاتے ہیں سجدہ گزاروں کے گروہ میں ۲۱۴ بیشک وہی سب کچھ سننے

رہ سکتے وہ اس چشمۂ فیض سے اپنی تشنہ لبی کا درماں کیونکر کر سکتے۔ فرمایا اپنے پروں کو نیچے کرو تاکہ تیری ردائے رحمۃ للعالمینی کا سایہ ان کے سروں پر بھی پڑے۔ راعی اپنے ریوڑ کی کمزور اور لاغر بکریوں کو پیچھے چھوڑ کر چلا نہیں جاتا تیز رفتار قائد کو اپنے ضعیف اور شکستہ رو ساتھیوں کا لحاظ رکھنا ہی پڑتا ہے۔

۲۱۱ اگر وہ آپ کی نافرمانی کریں تو کہہ دیجیے کہ میں تمہارے ان اعمال سے بیزار ہوں اور انہیں پسندیدگی کی نظر سے نہیں دیکھتا۔ علامہ آلوسی نے یہاں خوب لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ کہنے کا حکم دیا کہ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ کہ میں تمہارے اعمال سے بری الذمہ ہوں۔ یہ حکم نہیں دیا فَقُلْ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّنْكُمْ کہ میں تم سے بری الذمہ ہوں۔ کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو روز محشر گناہ گاروں کی شفاعت کون کرتا۔ انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لو امر بالبراءۃ منہم ما بقی شفیعا للعصاۃ یوم القیامۃ۔ (روح المعانی)

۲۱۲ فرمایا اپنے اس رب پر توکل اور کامل بھروسہ کرو جو عزیز ہے یعنی ہر طاقتور پر غالب ہے اور جو رحیم ہے جس کا در رحمت ہر ایک کے لیے کشادہ ہے۔ اس سے حضور کو مزید تسلی دی جا رہی ہے لان العزۃ کالعلۃ المصححۃ للتوکل والرحمۃ کالعلۃ الداعیۃ الیہ۔ (روح المعانی)

۲۱۳ اے محبوب تو اپنے اس مولا کریم پر توکل کر جو عزیز بھی ہے اور رحیم بھی۔ اور اس کے علاوہ اس کی چشم عنایت و رحمت ہر وقت تجھے دیکھ رہی ہے تیری زندگی کا کوئی لمحہ بھی ایسا نہیں جو اس خصوصی توجہ سے سرفراز نہ ہو۔ یہاں تک کہ جب تو اٹھتا ہے تو اس وقت بھی وہ تجھے دیکھ رہا ہوتا ہے۔

۲۱۴ اس آیت کے متعدد مفہوم بیان کیے گئے ہیں (۱) یعنی جب آپ نماز ادا کرتے ہیں اور قیام سے رکوع کی طرف رکوع سے سجدہ کی طرف پھر سجدہ سے قیام کی طرف جو تقلبات آپ کے سرزد ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ ان تمام کو دیکھ رہا ہوتا ہے (۲) حضور نے جماعت کرائی بعض صحابہ رکوع و سجود میں حضور سے پہلے چلے گئے نماز سے فراغت کے بعد حضور نے انہیں ایسا کرنے سے منع فرمایا اور انہیں بتایا کہ تم یہ نہ سمجھو جب میں قبلہ رو کھڑا ہوں تو میں تمہاری حرکات و سکنات سے بےخبر ہوتا ہوں۔ فواللہ ما یخفی علیّ خشوعکم ولا رکوعکم انی لاراکم من وراء ظہری (بخاری شریف) یعنی مجھ پر تمہارا قلبی خضوع و خشوع مخفی ہوتا ہے اور نہ تمہارا رکوع میں تمہیں اپنی پشت کے پیچھے بھی دیکھ رہا ہوتا ہوں۔ اس آیت میں اسی امر کی طرف اشارہ فرمایا کہ جب آپ اپنے صحابہ کی ظاہری و باطنی کیفیات ملاحظہ کر رہے ہوتے ہیں تو اللہ تعالیٰ آپ کے اس عمل کو بھی دیکھ رہا ہوتا ہے (۳) بعض مفسرین نے اس آیت کا یہ مفہوم بیان کیا ہے کہ جب نماز تہجد کی فرضیت ختم ہو گئی تو حضور سحری کے وقت اٹھ کے

هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّیٰطِیْنُ ﴿۲۲۱﴾ تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ

والا جانے والا ہے۔ کیا میں بتاؤں تمہیں کہ شیاطین کس پر اترتے ہیں ۱۱۵ وہ اترتے ہیں ہر جھوٹ گھڑنے والے

اَثِیْمٍ ﴿۲۲۲﴾ یُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَ اَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ﴿۲۲۳﴾ وَ الشُّعَرَآءُ یَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿۲۲۴﴾

بدکار پر۔ یہ اپنے کان (شیطانوں کی طرف) لگائے رکھتے ہیں اور ان میں اکثر جھوٹے ہیں ۱۱۶ اور جو شعراء ہیں تو ان کی پیروی حق سے بہکے

اور صحابہ کرام کے گھروں کا چکر لگایا یہ دیکھنے کے لیے کہ فرضیت کے ختم ہونے کے بعد کیا وہ آج آرام سے سو رہے ہیں یا اپنے معبود حقیقی کی عبادت میں مصروف ہیں حضور جس صحابی کے گھر کے پاس سے گزرے تلاوت قرآن اور ذکر الٰہی کی آوازیں اس طرح آرہی تھیں جیسے شہد کے چھتے میں شہد کی مکھیاں بھنبھنا رہی ہوں فوجدہا کبیوت النحل لما سمع لھا من دندنتھم بذکر اللہ تعالیٰ والتلاوۃ۔

(۲) ابونعیم نے حضرت ابن عباس سے اس کا یہ مفہوم بھی نقل کیا ہے کہ تقلب سے مراد تنقل فی الاصلاب ہے یعنی جب آپ کا نور یکے بعد دیگرے آپ کے اجداد کی پشتوں سے منتقل ہوتے چلا آرہا تھا تو اس وقت بھی آپ کا رب دیکھ رہا تھا۔ کیونکہ آپ کے آباؤ اجداد کو قرآن کریم نے الساجدین (سجدہ کرنے والے) کہا ہے۔ اس لیے اکثر علماء نے اس آیت سے حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے والدین کریمین کے مومن ہونے پر استدلال کیا ہے اور اہل سنت والجماعت کے کثیر التعداد جلیل القدر علماء کا یہی مسلک ہے چنانچہ علامہ آلوسی لکھتے ہیں وجوز حمل التقلب علی التنقل فی الاصلاب ان یراد بالساجدین المومنین واستدل بالآیۃ علی ایمان ابویہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کما ذھب الیہ کثیر من اجلۃ اھل السنۃ۔ اس کے بعد لکھتے ہیں کہ جو شخص حضور کے والدین کریمین کے حق میں بے ادبی کے کلمات کہتا ہے تو مجھے اس کے کفر کا اندیشہ ہے وانا اخشی الکفر علی من یقول فیھما رضی اللہ عنھما علی رغم انف علی القاری واضرابہ (روح المعانی)۔

اس قول کی تائید میں علامہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے متعدد احادیث صحیحہ نقل کی ہیں جن میں سے ایک حدیث ملاحظہ فرمائیے۔

عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما افترق الناس فرقتین الا جعلنی اللہ من خیرھما فاخرجت من بین ابوی ولم یصبنی شیء من عھد الجاھلیۃ خرجت من نکاح لم اخرج من سفاح من لدن آدم حتی انتھیت الی ابی وامی فانا خیرکم نفسا وخیرکم ابا (مظہری)

یعنی حضور نے فرمایا کہ جب بھی نسل انسانی دو حصوں میں بٹی تو مجھے اللہ تعالیٰ نے اس میں کیا جو ان دونوں سے بہتر تھا۔ اپنے والدین کے ہاں میری ولادت ہوئی اس حال میں کہ مجھے زمانۂ جاہلیت کی کسی چیز نے ملوث نہیں کیا۔ آدم سے لے کر اپنے والدین تک میرے اجداد و امہات میں کوئی بھی بدکاری سے پیدا نہیں ہوا۔ میں تم سب سے نفس کے لحاظ سے بھی بہتر ہوں اور باپ کے لحاظ سے بھی۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضور کے آباء و امہات تک کوئی مشرک یا فاسق نہیں ہوا کیونکہ مشرک کے بارے میں ارشاد ہے انما المشرکون نجس اور حضور کے آباء نجس نہیں ہو سکتے

۱۱۵ پہلے بتایا کہ شیطان کی مجال نہیں کہ وہ میرے محبوب کے قریب بھی آسکے۔ اب بتایا جا رہا ہے کہ شیطان کا آنا جانا

أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ فِي كُلِّ وَادٍ يَهِيمُونَ ﴿۲۲۵﴾ وَأَنَّهُمْ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ ﴿۲۲۶﴾

کیا تم نہیں دیکھتے کہ شعراء ہر وادی میں سرگرداں پھرتے رہتے ہیں۔ اور وہ کہا کرتے ہیں ایسی باتیں جن پر خود عمل نہیں کرتے۔

کس کے پاس ہوتا ہے، فرمایا ہر جھوٹے اور بدکار کے پاس شیطانوں کی آمد و رفت ہوتی ہے۔ افاک کثیر الافک بہت جھوٹ بولنے والا۔ اثیم کثیر الاثم۔ بڑا بدکار، نابکار۔

۲۲۲ یہ کذاب اور نابکار لوگ بڑے غور سے شیطان کی بات کی طرف کان لگاتے ہیں۔ پھر اس میں سو گنا اپنی طرف سے اضافہ کر کے بات کا بتنگڑ بناتے ہیں اور لوگوں کی جیبوں پر ڈاکے ڈالتے ہیں۔

۲۲۳ کفار کا ایک الزام یہ بھی تھا کہ آپ شاعر ہیں اس لیے ان کو نبی ماننا کسی طرح روا نہیں۔ ان آیات میں اس الزام کا ابطال کیا جا رہا ہے۔ فرمایا کہ شاعروں کے پیروکار تو گمراہ اور عیاش قسم کے لوگ ہوتے ہیں نیز شاعر اپنی فصاحت و بلاغت کو کسی ایک مقصد کے حصول کے لیے وقف نہیں کیا کرتے بلکہ ہر گلی کوچہ میں جوتیاں چٹخاتے پھرتے ہیں جہاں سے انعام کی توقع ہوتی اس کی مدح میں زمین و آسمان کے قلابے ملا دیے جس سے برہم ہوئے اس کی مذمت کر ڈالی کبھی شراب کے گن گا رہے ہوتے ہیں اور کبھی قمار بازی کی ستائش ہو رہی ہوتی ہے کبھی حسن کی عشوہ گریوں اور عشق کی بدمستیوں کی منظر کشی کر رہے ہوتے ہیں۔ پھر ان شعراء کی ایک اور خصوصیت بھی ہے کہ ان کے قول و فعل میں کھلا تضاد پایا جاتا ہے۔ کہتے کچھ ہیں کرتے کچھ ہیں۔ اے میرے محبوب پر شاعر ہونے کا بہتان لگانے والو! ذرا آنکھیں کھول کر دیکھو کہ اس کے دامن کرم کو تھامنے والے کس قماش کے لوگ ہیں، اسلام لانے سے پہلے ان کی کیا حالت تھی اور اب ان کا کیا حال ہے۔ کیا اس قسم کے فرشتہ سیرت اور سراپا خیر و تقویٰ لوگ کسی شاعر کے پیروکار ہو سکتے ہیں؟ پھر اس کلام پاک کی یک رنگی اور مقصدیت پر نظر ڈالو۔ اللہ کی توحید، اخلاق حسنہ کی ترغیب اور اعمال قبیحہ سے دور رہنے کی تلقین کے بغیر اس میں کسی اور چیز کی تم نشان دہی کر سکتے ہو؟ پھر یہ بتاؤ کہ کیا اس رسول مکرم کے قول و فعل میں تمہیں کوئی تفاوت نظر آتا ہے؟ بلکہ یہ جو فرماتا ہے پہلے خود کر کے دکھاتا ہے پھر دوسروں کو اس پر عمل کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ کیا یہ صفات کسی شاعر میں پائی جاتی ہیں؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو تم انصاف سے کہو کہ تمہارا یہ الزام کیا سراسر لغو اور بیہودہ نہیں۔

یہاں ایک چیز غور طلب ہے کہ شعر کی تعریف تو یہ کی جاتی ہے الکلام المنظوم المقفی یعنی منظوم اور مقفّیٰ کلام کو شعر کہا جاتا ہے۔ ایک بے علم بھی یہ کہہ سکتا ہے کہ قرآن پر یہ تعریف صادق نہیں آتی تو اہل عرب کے متعلق ہم یہ کیسے باور کر سکتے ہیں کہ وہ قرآن کریم کو اس وجہ سے شعر اور حضور کو شاعر کہا کرتے تھے۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں والظاهر انهم انما قصدوا رميه صلى الله عليه وسلم بانه وحاشاه ثم حاشاه ياتي بكلام مخيل لا حقيقة له یعنی حضور پر یہ الزام لگانے میں ان کا مقصد یہ ہوا کرتا تھا کہ نعوذ باللہ ثم نعوذ باللہ کہ آپ ایسا کلام سناتے ہیں جس میں محض خیال آرائی ہوا کرتی ہے اور جس کا حقیقت کے ساتھ کوئی علاقہ نہیں ہوتا۔ علامہ راغب اصفہانی اس اعتراض کا جواب دیتے ہیں کہ شعر کو وہ جھوٹ کے معنی میں استعمال کرتے تھے

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ

بجز ان شعراء کے جو ایمان لے آئے اور انھوں نے نیک عمل کیے ۱۳۱ اور کثرت سے اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں اور انتقام لیتے ہیں

ع ۱۱ / ۱۵ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ۭ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿۲۲۷﴾

اس کے بعد کہ ان پر ظلم کیا گیا۔ اور عنقریب جان لیں گے جنھوں نے ظلم و ستم کیے کہ وہ کس (بھیانک) جگہ لوٹ کر آ رہے ہیں ۱۳۲

اور شاعر سے مراد ان کے نزدیک کاذب تھا۔ اسی لیے اہل عرب جھوٹی دلیلوں کو اَدِلّۂ شعریہ کہتے ہیں۔ انسار ہو یا بالکذب فان الشعر يعبر به عن الكذب والشاعر الكاذب حتى سمى قوم الادلة الكاذبة الشعرية ولكون الشعر مقر الكذب قيل احسن الشعر اكذبه (مفردات) یعنی جھوٹ کو شعر اور جھوٹے کو شاعر کہا جاتا ہے اسی لیے جھوٹی دلیلوں کو ادلۂ شعریہ کہتے ہیں نیز وہ شعر جس میں جھوٹ کی حد تک مبالغہ ہو بہترین شعر شمار ہوتا ہے۔

۱۳۱ جب پہلی آیتیں نازل ہوئیں تو حضرات حسان، عبد اللہ بن رواحہ، کعب بن مالک اور کعب بن زہیر رضی اللہ عنہم روتے ہوئے حاضر ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ شاعروں کے حق میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیتیں نازل کی ہیں ہم تو شاعر ہیں ہم ہلاک ہو گئے ہماری نجات کی کوئی صورت نہیں۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اس سے واضح ہو گیا کہ جن شعراء کی مذمت کی گئی ہے وہ وہ شاعر ہیں جو کفر و شرک کی ترویج کے لیے اور فسق و فجور کی اشاعت کے لیے اپنے ملکۂ شعر گوئی کو استعمال کرتے ہیں اور اپنی شعلہ نوائی سے کام لیتے ہوئے لوگوں کے جذبات کو اسلام کے خلاف بھڑکاتے ہیں اور بارگاہ رسالت میں ہجو کر کے اہل ایمان کی دل آزاری کرتے ہیں۔ لیکن وہ شعراء جن کی ساری قوتیں اسلام کی خدمت میں، عقائد حقہ کی تبلیغ میں صرف ہو رہی ہیں وہ اس زمرہ میں داخل نہیں۔ چنانچہ صحابہ کرام میں بڑے بڑے جلیل المرتبت شعراء موجود تھے۔ حضرت حسان کے لیے مسجد نبوی میں منبر رکھا جاتا اور وہ کافر شعراء کا جواب دیتے۔ چنانچہ ایک دن ابو سفیان کی ہرزہ سرائی کے جواب میں حضرت حسان نے فرمایا ؎

هَجَوْتَ مُحَمَّدًا فَاَجَبْتُ عَنْهُ ... وَعِنْدَ اللّٰهِ فِيْ ذَاكَ الْجَزَاءُ

فَاِنَّ اَبِيْ وَوَالِدَهٗ وَعِرْضِيْ ... لِعِرْضِ مُحَمَّدٍ مِنْكُمْ وِقَاءُ

اَتَشْتِمُهٗ وَلَسْتَ لَهٗ بِكُفْءٍ ... فَشَرُّكُمَا لِخَيْرِكُمَا الْفِدَاءُ

لِسَانِيْ صَارِمٌ لَا عَيْبَ فِيْهِ ... وَبَحْرِيْ لَا تُكَدِّرُهُ الدِّلَاءُ

"اے ابو سفیان تو نے میرے محبوب کی جناب میں نازیبا باتیں کیں اور میں اس ہجو کا تمھیں جواب دے رہا ہوں مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں مجھے اس کی جزاء خیر ملے گی۔

سنو! تمھاری بدزبانی سے حضور کی عزت کو بچانے کے لیے میرا باپ، میری ماں اور میری بیوی بطور سپر کام دیں گے یعنی میں اپنے باپ، اپنی ماں اور اپنی بیوی تک کو حضور کی عزت پر قربان کر دوں گا۔

تو اُس کی جناب میں نازیبا بات کہتا ہے جس کا تو سمجھ یا یہ نہیں ہے۔ تم دونوں میں سے جو بُرا ہے وہ اس پر فدا ہو جو تم میں سے اچھا ہے۔

میری زبان تیز تلوار ہے اس میں کوئی نقص نہیں ہے اور میرا بحرِ فصاحت اتنا گہرا ہے کہ ڈول نکالنے سے وہ مکدّر نہیں ہوتا۔

—— حدیث پاک میں ہے کہ حضورؐ نے فرمایا حسن الشعر کحسن الکلام قبیحہ کقبیح الکلام کہ اچھا شعر اچھے کلام کی طرح ہے اور بُرا شعر بُرے کلام کی طرح ہے۔ دوسری حدیث میں ہے ان من الشعر لحکمة بعض شعروں میں بڑی دانائی کی باتیں ہوتی ہیں۔

۲۲۷ آخر میں کفار کو تہدید فرمادی کہ آج تم طرح طرح کی ہرزہ سرائیاں کرتے ہو۔ عنقریب تمہیں اپنا انجام معلوم ہو جائے گا اور تمہیں پتہ چل جائے گا کہ تم کتنے غلط کار تھے۔ اللہ تعالیٰ کے کلام کی تکذیب کر کے اور اس کے محبوب مکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر جھوٹے الزامات لگا کر تم نے اپنے اوپر کتنا ظلمِ عظیم کیا تھا۔ منقلب: مرجع ومصیر۔ لوٹ کر آنے کی جگہ۔

اللہ تعالیٰ دعوتِ حق کو قبول کرنے، نورِ حق کو دیکھنے اور پہچاننے کی بروقت توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

---

# تعارف سورۃ النمل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## نام:

اس سورت پاک کا نام النمل ہے جو آیت ۱۸ میں مذکور ہے اس کی آیات کی تعداد ترانوے ہے۔ یہ ایک ہزار تین سو سترہ کلموں اور چار ہزار سات سو ننانوے حروف پر مشتمل ہے۔

## زمانہ نزول:

اس سورت کا تعلق بھی مکی زندگی کے درمیانی عہد سے ہے۔ جب کفار کی عداوت اپنے عروج پر تھی۔ غلط الزامات طعن و تشنیع، بہتان طرازی کے طوفان برپا کرنے کے ساتھ ساتھ وہ اہل اسلام پر ظلم و ستم کی انتہا کر رہے تھے۔

## مضامین:

۱۔ آغاز میں قرآن کریم کا تعارف کرایا گیا ہے کہ یہ اہل ایمان کے لیے مژدۂ رحمت ہے۔ نیز یہ کسی انسان کی تصنیف نہیں جس میں قدم قدم پر زمانی اور مکانی حد بندیاں یا ماحول کے تقاضے اس کی ابدیت اور اس کی عالمگیر حیثیت کو مشکوک بنا رہے ہوں بلکہ یہ خداوند کائنات کا کلام ہے جو حکیم بھی ہے اور علیم بھی۔ جس کی حکمت اور علم ہر نقص اور خامی سے بالاتر ہیں۔

۲۔ یہاں اس حقیقت کو بھی واضح کیا گیا ہے کہ اسلام نے روز قیامت پر ایمان لانے کو کیوں ضروری قرار دیا۔ یہ عقیدہ انسانی زندگی کو سنوارنے میں ایک فیصلہ کن حیثیت رکھتا ہے۔ متعدد مثالیں دے کر اس حقیقت کو واضح کر دیا۔ پہلے فرعون (منکر قیامت) کا ذکر کیا گیا ہے کہ جب اسے ملک مصر کی محدود سلطنت ملی تو اس نے اپنے خالق کا ہی انکار کر دیا اور اپنی رعایا پر ظلم و ستم کی انتہا کر دی اپنے اقتدار کو برقرار رکھنا ہی اس کی زندگی کا مقصد وحید بن گیا اور اس مقصد کے حصول کے لیے وہ ہر بہیمانہ اور وحشیانہ حرکت کرنے پر آمادہ ہو گیا جب اس کے اپنے مقرر کیے ہوئے معیار کے مطابق حق واضح ہو گیا پھر بھی اس نے حق کو تسلیم کرنا اپنے لیے وجہ عار سمجھا۔ اہل حق کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ کر تختۂ دار پر لٹکا دیا۔ اس کی ذات حجاب اکبر بن کر اس کی بصیرت کے سامنے حائل ہو گئی۔ یہاں تک کہ وہ اپنے گناہوں کے بوجھ کے نیچے پس گیا۔ اور اپنے مظالم کے طوفان میں تنکوں کی طرح بہہ کر فنا ہو گیا۔

اس کے بعد سیدنا سلیمانؑ کی سیرت بیان کی گئی۔ آپ کی سلطنت کی حدیں فرعونی مملکت سے کہیں وسیع ہیں۔ ان کے حکم کے آگے جن وانس سرافگندہ ہیں۔ پرندے قطار اندر قطار اشارے کے منتظر ہیں ہوا کا وسیع کرہ بھی زیر نگیں کر دیا گیا ہے۔ ان کے درباریوں میں ایسے ایسے باکمال لوگ بھی ہیں جو ملک سبا سے ملکۂ سبا کا تخت چشم زدن میں اٹھا کر قدموں میں لا کر رکھ دیتے ہیں۔ بایں ہمہ کمال وجلال کیا مجال کہ دماغ میں غرور ونخوت پیدا ہو۔

آپ غور فرمایئے تاج وتخت، جاہ وجلال، زروجواہر کے بھرے خزانے، حکمرانی کے وسیع اختیارات حضرت سلیمانؑ کو کیوں خدا فراموش نہ بنا سکے۔ ان کا دامن ظلم وتعدی کے ہر داغ سے کیوں پاک اور صاف دکھائی دے رہا ہے۔ یہ ہی تو ہے کہ ملکۂ سبا کے نادر اور انمول تحائف کو قبول کرنے سے صاف انکار کر دیا، اس کے زرنگار تخت کو اپنے سامنے دیکھ سراپا تشکر و امتنان بن گئے، اسے اپنی کسی خوبی سے منسوب نہیں کیا بلکہ برملا کہہ دیا ھٰذا من فضل ربی۔ یہ محض میرے رب کا فضل ہے۔ مزید برآں احساس ذمہ داری کا اظہار ان الفاظ سے کیا لیبلونی ءَاشکر ام اکفر۔ کہ میرا رب ان احسانات سے مجھے آزمانا چاہتا ہے کہ کیا میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری۔ ان ساری خوبیوں کا سرچشمہ یوم قیامت پر پختہ یقین ہے۔

وہ پستی اور یہ بلندی جس عقیدہ کا نتیجہ ہو کیا انسان کی فلاح وکامرانی کے لیے اس کی اہمیت کا انکار کیا جا سکتا ہے؟

قوم ثمود اور قوم لوط کے حالات بیان کر کے اس حقیقت کو بھی واضح کر دیا کہ جس سوسائٹی میں آخرت پر ایمان نہیں ہوگا وہاں انفرادی اور اجتماعی کردار ان غلاظتوں سے آلودہ ہو جاتا ہے جن کے تصور سے ہی انسان کا دم گھٹنے لگتا ہے۔ حق پذیری کی صلاحیت اس حد تک مفلوج ہو جاتی ہے کہ اگر کوئی خیر اندیش محض ان کی خیر خواہی کے لیے انھیں ان رذالتوں سے باز آنے کی تلقین کرتا ہے تو وہ آپے سے باہر ہو جاتے ہیں۔ کبھی وہ انھیں شہر بدر کرنے کی دھمکی دیتے ہیں۔ اخرجوا آل لوط من قریتکم انھم اناس یتطھرون (آیت ۵۶)۔ اور کبھی شبخون مار کر اس کو اور اس کے اہل وعیال کو تہ تیغ کرنے کی سازش کرتے ہیں۔ انھیں اپنے معاشرہ پر پورا بھروسا ہوتا ہے کہ جب وہ صرف زبانی اپنی صفائی پیش کریں گے تو سب مطمئن ہو جائیں گے اور ان سے باز پرس کی زحمت تک گوارا نہیں کی جائے گی۔ تقاسموا باللہ لنبیتنّہٗ واھلہٗ ثمّ لنقولنّ لولیّہٖ ما شھدنا مھلک اھلہٖ وانا لصٰدقون (آیت ۴۹)

قرآن کریم کو یہ گوارا نہیں ہے کہ اس کے دامن عاطفت میں پروان چڑھنے والی امت کا دامن ایسے بدنما داغوں سے آلودہ ہو۔

۳۔ مکہ کے باشندے تجارت پیشہ تھے ان کا ذہن کاروباری قسم کا تھا جو سود وزیاں کی گتھیاں ہی سلجھاتا رہتا۔ دنیاوی لحاظ سے زیرک ودانا ہونے کے باوجود وہ پتھر اور مٹی کے گھڑے ہوئے مجسموں کو خدا یقین کرتے۔ پانچویں رکوع میں شرک کے بطلان پر ایسے مسکت اور دندان شکن دلائل پیش کیے گئے جن کا ان کے پاس کوئی جواب نہ تھا۔ اور شرک میں مبتلا ہونے والی کسی قوم کے پاس آج بھی ان کا جواب نہیں۔

۴ - آخر میں اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم کو یہ فرما کر تسلی دے رہا ہے کہ ان کفار و مشرکین میں حق پذیری کی استعداد ہی نہیں۔ اگر اندھا سورج کی روشنی کو نہیں دیکھ سکتا تو یہ اس کی بدنصیبی ہے۔ نہ سورج کی روشنی کا قصور ہے اور نہ اس کی تابانی میں کوئی کمی ہے۔

۵ سرداران مکہ کی اس غلط فہمی کا بھی ازالہ کر دیا جس غلط فہمی میں آج بھی کئی روساء اور نامور لوگ مبتلا ہیں۔ وہ یہ سمجھتے تھے کہ اگر ہم نے اسلام قبول کر لیا تو یہ ہمارا خدا و رسول پر بڑا احسان ہوگا۔ اور اگر ہم نے اسلام کی دعوت کو رد کر دیا تو اس سے خدائی میں کوئی کمی آجائے گی یا آفتاب نبوت کی ضیا پاشیاں مدھم پڑ جائیں گی۔ سب کو فرما دیا فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ (آیت ۹۲) یعنی یہ تمہاری خوش نصیبی ہے۔ اگر تم اس دعوت کو قبول کر لو تو تمہارے دونوں جہاں سنور جائیں گے اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو یہ تمہاری اپنی بدنصیبی ہوگی۔

---

# سُوْرَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً وَّسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ

سُورۃ النمل مکی ہے اور اس کی ۹۳ آیتیں اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۙ ① هُدًى وَّبُشْرٰى

طاسین [1] یہ آیتیں ہیں قرآن (حکیم) اور روشن کتاب کی [2] (یہ) سراپا ہدایت اور خوشخبری ہے

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ ② الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ

اہل ایمان کے لیے [3] جو ٹھیک ٹھیک صحیح ادا کرتے ہیں نماز، اور دیا کرتے ہیں زکوۃ [4] اور وہ

[1] حروف مقطعات سے ہیں۔

[2] یہاں قرآن کو معرفہ اور کتاب کو نکرہ لایا گیا ہے لیکن سُورۃ الحجر میں قرآن کو نکرہ اور کتاب کو معرفہ ذکر کیا گیا ارشاد ہے: تلك آیات الکتٰب وقرآن مّبین۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ اس کا جواب دیا گیا ہے کہ قرآن اور کتاب کی دو حیثیتیں ہیں ایک یہ کہ دونوں اس کلام الٰہی کے علم (نام) ہیں جو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا۔ دوسری یہ کہ یہ اس کلام کی صفتیں ہیں یعنی قرآن سے مُراد مقروء (پڑھا جانے والا) اور کتاب سے مکتوب جو لکھا جاتا ہے جہاں انھیں معرفہ ذکر کیا جائے گا وہاں بحیثیت علم (نام) مذکور ہیں اور جہاں نکرہ وہاں بحیثیت صفت (مظہری) بعض نے کتاب مُبین سے لوح محفوظ مُراد لی ہے اور اس کی تنکیر عظمت شان کے لیے ہے۔

[3] اگر للمؤمنین کا تعلق دونوں سے ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ اہل ایمان ہی اس کتاب مُبین سے فیضیاب ہوتے ہیں اس کی تعلیمات پر عمل کرکے فلاح دارین کی سعادت حاصل کرتے ہیں اس لیے یہ انہی کے لیے باعث ہدایت ہے اور یہی اس بات کے مستحق ہیں کہ دنیا و آخرت کی کامیابی کی انھیں بشارت دی جائے۔ منکرین نے جب اس نُورِ درخشاں کو دیکھنے سے آنکھیں بند کرلیں اور اس چشمۂ شیریں سے اپنے خشک ہونٹوں کو تر ہی نہیں کیا تو اس کی درخشانیاں اور اس کی سیرابیاں کب ان کے لیے نہیں تھیں اور نہ وہ اس قابل ہیں کہ انھیں یہ کتاب کوئی خوش خبری دے۔

ایک توجیہ یہ بھی کی گئی ہے کہ للمؤمنین کا تعلق صرف بُشریٰ سے ہے یعنی اس کتاب میں ہدایت کا پیغام کافر و مومن سب کے لیے یکساں ہے لیکن بشارت کی مستحق فقط وہ جماعت ہوگی جس نے اسے قبول کیا اور اس کے سانچے میں اپنی زندگی کو ڈھالا

بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ

جو آخرت پر یقین رکھتے ہیں ثہ بے شک وہ لوگ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہم نے خوبصورت بنا دیئے ان کی

اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَهُمْ

نظروں میں انکے اعمال ۵ پس وہ سرگرداں پھرتے ہیں شہ یہ وہی لوگ ہیں جن کے لیے بدترین عذاب ہے اور یہی آخرت

لیکن جو بدنصیب عمر بھر اعتراضات وشبہات ہی کرتے رہے وہ اس بات کے اہل نہیں کہ انھیں یہ کتاب کوئی دل خوش کن خبر سنائے۔

ٹہ بتا دیا کہ مومن وہ نہیں ہوتا جو صرف زبان سے ایمان لانے کا دعویٰ کرے بلکہ ایمان لانے کے بعد احکام الٰہی کی بجاآوری کے لیے کمرِ ہمت باندھنا بھی ضروری ہے۔ ان احکام میں سے سب سے اہم نماز کو شرائط وآداب کی پابندی سے ہمیشہ ادا کرنا اور اپنے مال سے زکوٰۃ نکالنا ہے۔

ثہ اسلام کے تمام عقائد میں اس کی اہمیت کا احساس دلانے کے لیے اسے علیحدہ ذکر کیا گیا۔ اور سچ تو یہ ہے کہ اسلام پر کاربند ہونا بچوں کا کھیل نہیں ہے۔ اپنے ارادوں، اپنی خواہشات، اپنے آرام اور اپنے اوقات، اپنی دولت اور بسا اوقات اپنی جانِ عزیز تک کا نذرانہ بھی بارگاہِ الٰہی میں پیش کرنا پڑتا ہے اور ان مرحلوں سے فقط وہی کامیابی کے ساتھ گزر سکتا ہے جس کا اخروی زندگی پر یقین ہو۔ جہاں یہ اعتقاد ناپید ہوگا اور جس کے نزدیک زندگی اسی حیاتِ مستعار کا نام ہو تو اسے کیا پڑی ہے کہ خواہ مخواہ اپنے عیش وطرب کو بے مزہ اور تلخ بناتا رہے۔

ثہ اہل ایمان کے ذکر کے بعد منکرین کے متعلق بتایا کہ وہ اپنے گناہوں اور بدکاریوں میں ایسے محو ہیں کہ ایک لحظہ کے لیے بھی ان سے دست کش ہونے کے لیے تیار نہیں۔ جہاں نیکی کے پھول کھلتے ہیں اور جدھر سے اعمالِ حسنہ کی مہک آتی ہے ادھر قدم اٹھاتے ہوئے ان کا دل گھبراتا ہے گندگی کے کیڑے کی طرح ان کی ساری خوشیاں اور لذتیں غلاظت کے اس ڈھیر میں مرکوز ہو کر رہ گئی ہیں جس کی سڑاند سے ایک سلیم الطبع انسان کا دم نکلنے لگتا ہے۔ یہاں فرمایا ہم نے ان کے لیے ان کے بُرے اعمال کو مزین کر دیا ہے لیکن دوسری جگہ ہے زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ شیطان نے ان کے بُرے عملوں کو ان کی نگاہوں میں خوبصورت بنا دیا ہے اس کی کیا وجہ ہے؟ اس کا مختصر جواب یہ ہے کہ فعل کی نسبت کبھی سبب کی طرف کی جاتی ہے اور کبھی مسبّب کی طرف اور دونوں درست ہیں۔ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ میں تزئین کی نسبت سبب کی طرف کی گئی ہے اور اس آیت میں مسبّب کی طرف۔

شہ یعنی ان کے دل کی آنکھ اندھی ہے۔ وہ بدکاریوں کے انجام کو نہیں دیکھ سکتی۔ ای لا یدرکون عواقب امرھا۔ علامہ جوہری لکھتے ہیں العمہ: التحیر والتردد (الصحاح) حیرت اور تردد لیکن علامہ اصفہانی کی تشریح بڑی واضح ہے

فِي الْآخِرَةِ هُمُ الْأَخْسَرُونَ ۝٥ وَإِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْآنَ مِنْ لَدُنْ

میں سب سے زیادہ گھاٹے میں ہوں گے۔ اور بیشک آپ کو سکھایا جاتا ہے قرآن حکیم بڑے دانا سب

حَكِيمٍ عَلِيمٍ ۝٦ إِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِأَهْلِهِ إِنِّي آنَسْتُ نَارًا سَآتِيكُمْ

کچھ جاننے والے کی جانب سے ؏ یاد فرماؤ جب کہا موسیٰ نے اپنی زوجہ سے کہ میں نے دیکھی ہے آگ، ابھی لے آتا ہوں تمہارے

مِنْهَا بِخَبَرٍ أَوْ آتِيكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُونَ ۝٧

پاس وہاں سے کوئی خبر یا لے آؤں گا تمہارے پاس اس آگ سے کوئی شعلہ سلگا کر ؏ تاکہ تم اسے تاپو۔ پھر جب

فَلَمَّا جَاءَهَا نُودِيَ أَنْ بُورِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحَانَ

اس کے پاس پہنچے تو ندا آئی ؏ کہ بابرکت ہو جو اس آگ میں ہے اور جو اس کے آس پاس ہے۔ اور ہر عیب

العتمة: التردد فی الامر الحیر (مفردات) یعنی کسی کام میں تحیر کے باعث متردد ہونا۔

؏ یعنی آپ کو یہ قرآن کوئی انسان یا جن آکر سکھا نہیں جاتا بلکہ وہ خداوند کریم تمہیں قرآن سکھاتا ہے جو حکمت و علم کی صفات جلیلہ عظیمہ سے متصف ہے۔

؏ حضرت شعیب علیہ السلام کی دس سال تک بکریاں چرانے کے بعد آپ اپنی اہلیہ کے ساتھ مصر واپس جا رہے ہیں۔ جاڑوں کا موسم ہے، رات کا وقت ہے، ہر طرف تاریکی چھائی ہوئی ہے، سخت ٹھنڈک محسوس کر رہے ہیں۔ اپنی منزل کا راستہ بھی معلوم نہیں۔ اسی کشمکش میں دور سے آگ چمکتی ہوئی نظر آئی۔ اپنی اہلیہ سے فرمایا تم یہاں ٹھہرو میں وہاں جاتا ہوں، آگ جل رہی ہے ضرور کوئی آبادی ہوگی۔ کسی سے مصر کا صحیح راستہ بھی دریافت کروں گا ورنہ آگ کا شعلہ لے آؤں گا۔ الاؤ جلائیں گے اور آگ تاپیں گے۔

اصطلی: آگ سینکنا۔ شہاب: شعلة نار ساطعة۔ آگ کا چمکتا ہوا شعلہ (صحاح)

والقبس اسم لما یقتبس من جمر وما شبهه (قرطبی) یعنی وہ آگ جو کسی انگارہ وغیرہ سے سلگائی جائے آپ کا مقصد یہ ہے کہ وہاں جو آگ جل رہی ہے اس سے کوئی لکڑی وغیرہ سلگا کر لے آؤں گا اور یہاں اس سے الاؤ جلائیں گے۔

؏ جب وہاں پہنچے تو وہاں عجیب ہی منظر دیکھا۔ آگ ہے، بڑی روشن آگ لیکن نہ دھواں ہے اور نہ تپش۔ اس کے بیچ ایک سرسبز درخت کھڑا ہے اسے جلانا تو کجا۔ وہ اس کی رنگت کو اور نکھار رہی ہے۔ اچانک آواز آئی بڑی بابرکت ہے وہ ذات جو اس آتش نما نور میں ہے اور اس کا سارا ماحول مبارک ہے۔

اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۸ يٰمُوْسٰۤى اِنَّهٗۤ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۹

(تمثیل سے) پاک ہے اللہ جو رب العلمین ہے [1] اے موسیٰ! وہ میں اللہ ہی ہوں [2] عزت والا دانا [3]

وَاَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ؕ

اور ذرا زمین پر ڈال دو اپنے سونٹے کو [4] اب جو اسے دیکھا تو وہ (اس طرح) لہرا رہا تھا جیسے سانپ ہو آپ پیٹھ پھیر کر

يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ ۫ اِنِّىْ لَا يَخَافُ لَدَىَّ الْمُرْسَلُوْنَ ۝۱۰ ۖ اِلَّا مَنْ ظَلَمَ

وہاں سے چل دیئے اور پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھا (فرمایا) اے موسیٰ! ڈرو نہیں میرے حضور ڈرا نہیں کرتے جنھیں رسول بنایا جاتا ہے مگر وہ شخص

[1] آگ کا ایک جگہ پایا جانا اس سے اناللہ کی آواز کا سنائی دینا اس سے یہ غلط فہمی پیدا ہو سکتی تھی کہ اللہ تعالیٰ کسی محدود مکان میں سمایا ہوا ہے اور انسانوں کی طرح مخصوص زبان سے گفتگو فرماتا ہے کیونکہ اس تجلی اور ظہور کی کیفیت کے ادراک سے ہمارے حواس قاصر ہیں اس لیے اس شبہ کے ازالے کا یہی بہترین طریقہ تھا جو اختیار کیا گیا۔ فرمایا سبحان اللہ رب العلمین یعنی اللہ تعالیٰ پاک اور منزہ ہے جہت و مکان سے اور ان تمام عیوب سے جو حدوث کو مستلزم ہیں۔

[2] انہ کی ضمیر شان بھی ہو سکتی ہے اور یہ بھی درست ہے کہ اس کا مرجع ندا کرنے والا (یعنی اللہ تعالیٰ) ہو۔ میں نے ترجمہ اسی کے مطابق کیا ہے۔

[3] یہ آگ نما جو چیز تمہیں نظر آرہی ہے یہ میں خدا ہوں جو عزیز و حکیم ہے۔

[4] موسیٰ علیہ السلام کو پہلی بار یہ تجربہ ہوا تھا۔ ان کے دل میں یہ یقین راسخ کرنے کے لیے کہ یہ آواز خدائی آواز ہے کسی جن یا شیطان کی آواز نہیں اور جو کچھ وہ دیکھ رہے ہیں یہ حسن ازل کی جلوہ نمائی ہے۔ تخیل کی فسوں کاری نہیں۔ آپ کو چند معجزے بھی عطا فرما دیئے۔

قرآن کریم میں عصا کے سانپ بننے کو مختلف الفاظ سے بیان کیا گیا ہے کبھی اسے حیۃ کہا گیا اور کبھی ثعبان اور کبھی جآن۔ حیۃ مطلق سانپ کو کہتے ہیں چھوٹا ہو یا بڑا۔ ثعبان اژدہا کو کہا جاتا ہے اور جآن اس سانپ کو کہتے ہیں جو چھوٹا اور پتلا ہو تعبیر میں اس اختلاف کی وجہ کیا ہے؟ بعض علماء نے تو یہ جواب دیا کہ عصا جب سانپ بنتا تو ایک ہی شکل اختیار نہ کرتا جب عام سانپ کی شکل اختیار کرتا تو اسے حیۃ کہا گیا جب باریک سانپ بنا تو اسے جان کہا اور فرعون کے دربار میں ساحران مصر کے سانپوں پر جب جھپٹا تو اس وقت اژدہا کی صورت میں نمودار ہوا۔ اور بعض علماء کا یہ خیال ہے کہ تھا وہ اژدہا لیکن اس میں پھرتی اور تیزی اس بلا کی تھی جیسے "جآن" میں ہوتی ہے۔ اس کی جسامت اور حجم کا لحاظ کیا تو اسے ثعبان کہہ دیا اور اس کی پھرتی اور تیزی کا خیال کیا تو اسے "جآن" کہا۔ المعنی انقلبت ثعبانا تھتز کانھا

ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًۢا بَعْدَ سُوْٓءٍ فَاِنِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۱﴾ وَ اَدْخِلْ یَدَكَ

جو زیادتی کرے ۱۵؎ (وہ ڈرے) پھر (وہ ظالم بھی) اگر نیکی کرے گے برائی کرنے کے بعد تو میں بیشک غفور رحیم ہوں ۱۷؎ اور ڈال لو

فِیْ جَیْبِكَ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ فِیْ تِسْعِ اٰیٰتٍ اِلٰی فِرْعَوْنَ

اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ۱۸؎ وہ نکلے گا سفید چمکتا ہوا بغیر کسی تکلیف کے (یہ دو معجزے) ان نو معجزات سے ہیں جن کے

وَ قَوْمِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِیْنَ ﴿۱۲﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰیٰتُنَا مُبْصِرَةً

ساتھ آپ کو فرعون اور اس کی قوم کی طرف بھیجا گیا بیشک وہ بڑے سرکش لوگ ہیں پس جب آئیں انکے پاس ہماری نشانیاں

قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۳﴾ وَ جَحَدُوْا بِهَا وَ اسْتَیْقَنَتْهَاۤ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا

بصیرت افروز تو انھوں نے کہا یہ تو جادو ہے کھلا ہوا اور انھوں نے انکار کر دیا ان کا حالانکہ یقین کر لیا تھا ان کی صداقت کا ان کے

ع ۱ / ۱۷ وَّ عُلُوًّا ؕ فَانْظُرْ كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۱۴﴾ وَ لَقَدْ اٰتَیْنَا

دلوں نے، (ان کا انکار) محض ظلم اور تکبر کے باعث تھا پس آپ ملاحظہ فرمایئے کیا ہولناک انجام ہوا فساد برپا کرنے والوں کا اور یقیناً ہم نے

جانّ لها عظم الثعبان وخفة الجانّ واهتزازه وهي حية تسعیٰ (قرطبی)

۱۵؎ یہ عصا تو عرصہ سے ان کے پاس تھا جب آپ نے اسے اچانک خوفناک سانپ بنتے دیکھا تو ڈر گئے اور وہاں سے بھاگے، ندا آئی موسیٰ! انھیں منصب رسالت پر فائز کیا گیا ہے اور رسول جب ہمارے دربار میں حاضر ہوں تو وہ ڈرا نہیں کرتے

۱۶؎ ڈرتا وہ ہے جو ظالم ہو اور تم تو ہمارے رسول ہو۔

۱۷؎ اگر ظلم کرنے کے بعد بھی کوئی سچے دل سے تائب ہو جائے تو میں اس کے گناہ بخش دیتا ہوں اور خوف و حزن سے نجات دے دیتا ہوں۔ ترغیب و ترہیب کا کیا عمدہ امتزاج ہے۔ نافرمان کو نافرمانی کے انجام سے ڈرایا بھی گیا اور پھر بھی اس کو اپنی رحمت واسعہ سے مایوس ہونے کا موقعہ نہیں دیا۔

۱۸؎ دوسرا معجزہ ید بیضا کا عطا ہوا اس کے علاوہ سات اور معجزوں سے مؤید فرما کر فرعون کی طرف روانہ کیا تاکہ وہ راہ راست اختیار کرے۔

۱۹؎ موسیٰ علیہ السلام نے اسے راہ راست پر چلنے کی دعوت دی۔ اسے بتایا کہ میں خدا کا رسول ہوں اور اس نے مجھے تیری طرف بھیجا ہے اسے اور اس کی قوم کو اپنی صداقت کے روشن معجزات بھی دکھائے۔ ان کے دلوں میں یقین

دَاوٗدَ وَسُلَیْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ فَضَّلَنَا عَلٰی

عطا فرمایا داؤد اور سلیمانؑ کو علم ٢٠ اور انھوں نے کہا سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے برگزیدہ کیا

كَثِیْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿١٥﴾ وَوَرِثَ سُلَیْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ

ہمیں اپنے بہت سے مومن بندوں پر ٢١ اور جانشین بنے سلیمان داؤد کے ٢٢ اور فرمایا؛

پیدا ہو گیا کہ موسیٰ غلط نہیں کہہ رہا واقعی وہ اللہ تعالیٰ کا رسول ہے لیکن اپنا تخت و تاج بچانے کے لیے اور دیگر ذاتی مفادات کے پیش نظر وہ یہی کہتے رہے کہ یہ جادوگر ہے۔ اس انکار اور تعصب کا نتیجہ یہ نکلا کہ انھیں سمندر کی موجیں خس و خاشاک کی طرح بہا لے گئیں اور کوئی ایسی آنکھ بھی نہ رہی جو ان کی بربادی پر دو آنسو ہی بہاتی۔

٢٠ فرعون کو مصر کی حکمرانی ملی تو اس نے خدائی کا دعویٰ کر دیا اور غریب رعایا پر ظلم و ستم کی انتہا کر دی شاہی خزانے کو اپنی ذاتی ملکیت سمجھ لیا۔ اس کے مقابلے میں اب ایک ایسی ہستی کا ذکر ہو رہا ہے جو سلطنت کی وسعت، دولت کی کثرت کے اعتبار سے کئی گنا زیادہ ہے جس کے جاہ و جلال کا یہ عالم ہے کہ شیاطین جن و انس اس کے سامنے سر جھکائے کھڑے رہتے ہیں۔ ہوا کا کرہ اس کے زیر فرمان ہے۔ اس کے باوجود نہ وہ خدا فراموش ہے نہ وہ ظالم و جابر ہے نہ عیاش و بدکار اس کا ہر لمحہ اپنے رب کی یاد میں بسر ہوتا ہے اور اپنے منعم حقیقی کا ہر وقت شکر ادا کرتا رہتا ہے۔ ان دو فرمانرواؤں کے اس طرز عمل میں اس تین تفاوت کی وجہ کیا ہے؟ اس کی وجہ وہ علم ہے جو اللہ تعالیٰ نے داؤد و سلیمان علیہما السلام کو دیا اور جس سے فرعون محروم تھا اس علم سے مراد ذاتِ خداوندی اور صفاتِ الٰہی کی معرفت، دنیا کی ناپائداری کا یقین، روزِ قیامت پر پختہ ایمان ای علماً بذات الله تعالیٰ سبحانہ علی حسب الطاقة البشرية وبصفاته وباحكامه وباحوال المبدأ والمعاد الخ (مظہری)۔ جہاں بھی یہ علم پایا جاتا ہے انسان عزت و عظمت کے بلند ترین مقامات پر فائز ہونے کے باوجود بھی بدمست نہیں ہوتا۔ ناشکری اور نافرمانی کی روش کبھی اختیار نہیں کرتا۔ یہ حقیقت ایک لمحہ کے لیے بھی اس کی آنکھوں سے اوجھل نہیں ہوتی کہ اسے ایک روز اپنے مالک حقیقی کے دربار میں اپنے اعمال کی جواب دہی کے لیے حاضر ہونا ہے۔ قرآن کریم اپنے ماننے والوں کے دل و دماغ کو اسی علم کی روشنی سے منور کرنا چاہتا ہے جسے یہ علم حاصل ہو گیا وہ اٹھارہ لاکھ مربع میل کا فاتح ہونے کے باوجود پیوند لگا ہوا کرتا پہنتا ہے۔ سوکھی روٹی کھاتا ہے اور اپنے دُرّے کا تکیہ بنا کر فرشِ زمین پر سو جاتا ہے۔ اس کے عدل و انصاف سے گلشنِ ہستی میں پھر بہار آ جاتی ہے۔

٢١ اس نعمت عظمیٰ پر جس انداز میں وہ اپنے منعم حقیقی کی حمد و ثنا کر رہے ہیں وہ بتا رہا ہے کہ انہیں اس نعمت کی قدر و قیمت کا پورا پورا احساس ہے۔

٢٢ حضرت داؤد علیہ السلام کے متعدد حرم تھے اور ہر ایک میں سے ان کی کثیر اولاد تھی حضرت سلیمان علیہ السلام

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَ اُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ؕ اِنَّ

اے لوگو! ۲۳ ہمیں سکھائی گئی ہے پرندوں کی بولی اور ہمیں عطا کی گئی ہیں ہر قسم کی چیزیں ۲۴ بے شک

هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۶﴾ وَ حُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ

یہی ۲۵ وہ نمایاں بزرگی ہے (جو ہمیں مرحمت ہوئی) اور فراہم کیے گئے سلیمان کے لیے لشکر ۲۶ جنوں،

آپ کے سب سے چھوٹے فرزند تھے۔ جس میراث کا یہاں ذکر ہو رہا ہے اگر اسے مال و جائداد کی میراث سمجھا جائے اور کہا جائے کہ آپ کے سارے مال و جائداد کے وارث صرف حضرت سلیمان بنے اور باقی تمام بیٹے اور بیٹیاں محروم کر دی جائیں تو اس سے بڑا ظلم اور کیا ہو سکتا ہے۔ اس لیے یہ ماننا پڑے گا کہ حضرت سلیمان کو جو وراثت ملی وہ ملک اور نبوت کی وراثت تھی اور احادیث صحیحہ بھی اسی کی تائید کرتی ہیں کہ نبی مال و جائداد کی میراث نہیں چھوڑتا بلکہ علم و حکمت کی دولت چھوڑتا ہے۔ اس کی مزید وضاحت سورۃ مریم کی آیت ۶ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

دوسرے تاریخی حوالوں کے علاوہ بائیبل کی تصریحات سے بھی پتہ چلتا ہے کہ آپ کے کثیر التعداد فرزند تھے۔ چنانچہ سلاطین باب اوّل میں ہے۔

"جب حضرت داؤد بیمار ہوئے تو ان کے ایک بیٹے ادونیاہ نے سر اٹھایا اور کہنے لگا میں بادشاہ ہوں گا اس نے ایک بڑی دعوت کا اہتمام کیا اور اپنے سب بھائیوں یعنی بادشاہ کے بیٹوں اور سب یہوداہ کے لوگوں کی جو بادشاہ کے ملازم تھے پر . . . . اپنے بھائی سلیمان کو نہ بلایا۔" آیت نمبر ۵-۹-۱۰

۲۳ اللہ تعالیٰ نے جن خصوصی انعامات سے آپ کو سرفراز فرمایا تھا ان میں سے ایک یہ انعام بھی تھا کہ آپ پرندوں کی بولیاں سمجھ لیتے تھے۔ ہمارا یہ روزمرہ کا مشاہدہ ہے کہ مختلف پرندے مختلف اوقات اور حالات میں مختلف قسم کی آوازیں نکالتے ہیں۔ آپس میں جب محبت کر رہے ہوتے ہیں تو ان کی آواز اور ہوتی ہے جب ایک دوسرے سے لڑتے ہیں تو اور۔ جب کوئی شکاری پرندہ ان پر جھپٹتا ہے تو اور۔ غرضیکہ مختلف حالات میں ان کی صوتی کیفیتیں بدلتی رہتی ہیں جنہیں دوسرے پرندے اچھی طرح سمجھتے ہیں جس سے پتہ چلتا ہے کہ انہیں اظہار خیال کے لیے بھی اللہ تعالیٰ نے قوت نطق ارزانی فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ اگر اپنے ایک پیغمبر کو ان کے کلام کے مفہوم پر مطلع کر دے تو کیا بعید ہے۔

۲۴ اس کا مفہوم حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے یوں منقول ہے ما یحتہ علیہ السلام من امر الدنیا والاخرۃ یعنی جن چیزوں کی انہیں دنیا و آخرت میں ضرورت تھی وہ بکثرت آپ کو عطا کی گئیں۔

۲۵ ان سب نعمتوں کے ذکر کے بعد یہ تصریح کر دی کہ ان میں سے کوئی چیز میری ذاتی نہیں ہے بلکہ میرے رب نے مجھے یہ بخشی ہیں اور یہ بخشش و عطا محض اس کا فضل و کرم ہے

وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ ۙ

انسانوں اور پرندوں سے پس وہ نظم وضبط کے پابند ہیں ۲۷ یہاں تک کہ جب وہ گزرے چیونٹیوں کی وادی

قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ

سے ۲۸ تو ایک چیونٹی کہنے لگی اے چیونٹیو! گھس جاؤ اپنی بلوں میں کہیں کچل کر نہ رکھ دیں تمھیں سلیمان اور

۲۶ حضرت سلیمان علیہ السلام کے لشکر کا ذکر ہو رہا ہے کہ وہ تین حصوں پر مشتمل تھا جن، انسان اور پرندے۔ بعض لوگ جو قرآن کریم کو اپنے خیالات اور مزعومات کا لباس پہنانا ہی قرآن دانی کا کمال سمجھتے ہیں۔ انھوں نے اس آیت کی تشریح اس طرح کی ہے کہ جن سے مراد جنات نہیں بلکہ وہ پہاڑی قبائل ہیں جو بدنی لحاظ سے بڑے طاقتور تھے اور جن کو حضرت سلیمان نے اپنا باجگزار بنا لیا تھا اور طیور سے مراد پرندے نہیں بلکہ تیز رفتار گھوڑوں پر سوار فوجی دستے مراد ہیں کاش وہ "انس" کا بھی کوئی ایسا معنی گھڑ لیتے جس سے یہاں اس کا استعمال درست ہو جاتا جب جن سے مراد جنگلی قبائل ہیں جو انسان ہیں اور طیور سے مراد گھوڑ سوار ہیں اور وہ بھی انسان ہیں تو ان دونوں لفظوں کے درمیان "الانس" یعنی انسان بیان کرنے کا کیا مقصد ہو سکتا ہے عطف تغایر پر دلالت کرتا ہے اور آیت سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ جن اور طیور، انس کی طرح دو الگ الگ نوع ہیں۔

کوئی لفظ اگر بطور مجاز کسی دوسرے معنی میں مستعمل ہو تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہوتا کہ اب جہاں یہ لفظ مستعمل ہو گا وہاں اس کا مجازی معنی ہی مراد ہو گا بلکہ مجازی معنی لینے کے لیے شرط اول یہ ہے کہ وہاں اس کا حقیقی معنی نہ لیا جا سکتا ہو۔ نیز کوئی ایسا قرینہ بھی موجود ہو جو اس مجازی معنی کا تعین کرے جب یہاں یہ دونوں شرطیں مفقود ہیں تو ان الفاظ کے حقیقی معنوں کو نظر انداز کر کے دور از کار تاویلات کرنا یقیناً جاہلانہ جسارت ہے۔

۲۷ وزع کہتے ہیں روکنے اور منع کرنے کو۔ اصل الوزع الکف والمنع (روح المعانی)

اس سے مدعا یہ ہے کہ افواج کی کثرت کے باوجود وہاں بدنظمی اور انتشار کا نام و نشان تک نہ تھا۔ فوج کا ہر حصہ لشکر کا ہر دستہ سفر و حضر میں فوجی نظم و ضبط کی سختی سے پابندی کیا کرتا۔ یہاں ایک امر کی طرف قارئین کی توجہ مبذول کرانا ضروری سمجھتا ہوں کہ اس موقعہ پر بعض مفسرین نے حضرت سلیمان کے لشکر، آپ کے تخت اور مملکت کے متعلق بڑی مبالغہ آمیز اور عجیب و غریب باتیں لکھی ہیں۔ ان کو نقل کرنے کے بعد علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ ان میں اکثر روایات پایۂ اعتبار سے ساقط ہیں ہمیں صرف انہی باتوں پر یقین کرنا چاہیے جو قرآن کریم اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہیں۔ اگر آپ ان مبالغہ آمیز باتوں کو صحیح ثابت کرنے کے لیے کوشش کرتے ہیں تو آپ گویا بے دین لوگوں کے لیے دین کا مذاق اڑانے کا دروازہ اپنے ہاتھوں سے کھول رہے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ یہ مبالغہ آمیز قصے لوگوں کو اسلام سے متنفر کرنے کے لیے زندیقوں نے وضع کیے ہوں۔ وایاک من الاقتصار لما لا صحة له .... من مبالغات شنیعة .... فتفتح بذالك باب السخرية بالدين العياذ بالله و

لا یبعد ان یکون اکثر ما تضمّن مثل ذٰلک من وضع الزنادقة یریدون به التنفیر من دین الاسلام (روح المعانی)

شلہ ایک دفعہ آپ اپنے لشکر جرار کے ہمراہ کہیں تشریف لے جا رہے تھے جہاں سے آپ نے گزرنا تھا وہاں چیونٹیوں کی ایک آبادی تھی اس کے سردار نے جب دیکھا کہ حضرت سلیمان اپنے لشکر کے ساتھ ادھر سے گزرنے والے ہیں تو اس نے تمام چیونٹیوں کو اپنی اپنی بلوں میں گھس جانے کا حکم دیا ایسا نہ ہو کہ آپ کا لشکر گزرے اور وہ بے خبری میں ان کو روندتا چلا جائے اور یہ سب کی سب پس کر رہ جائیں۔ حضرت سلیمانؑ ابھی اس وادی سے تین میل کے فاصلہ پر تھے جبکہ آپ نے اس چیونٹی کی آواز کو سُنا۔ آپ سُن کر ہنس دیئے اور پھر اللہ تعالیٰ سے اس کی جلیل القدر نعمتوں پر شکر کی توفیق مانگنے لگے جس نے آپ کو دیگر انعامات کے ساتھ اتنی قوتِ سمع عطا فرمائی کہ اتنی دُور سے آپ ننھی سی چیونٹی کی آواز سُن سکتے ہیں۔

آیت میں آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ وہ چیونٹی جب انھیں ہدایت دے رہی ہے تو جمع مذکر کے صیغے اور ضمائر استعمال کر رہی ہے۔ حالانکہ قاعدہ کے مطابق جمع غیر ذوی العقول کے لیے واحد مؤنث کا صیغہ اور ضمیر استعمال ہونی چاہیے۔ اس کی وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ ہماری نسبت سے بیشک وہ غیر ذوی العقول ہیں لیکن وہ ایک دوسرے کی بات سمجھتی ہیں اور اس کے مطابق عمل کرتی ہیں اس لیے وہ اپنی نسبت سے ذوی العقول ہیں۔ اگر ان چیونٹیوں کے افعال و کردار کا بنظرِ غائر مطالعہ کیا جائے تو ماننا پڑتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انھیں بھی انسان کی طرح ایسی عقل دی ہے جو کلیات کا ادراک کر سکتی ہے۔ وہ انسانوں کی طرح مختلف قبائل اور خاندانوں میں بٹی ہوتی ہیں۔ ہر کام کے لیے الگ الگ چیونٹیاں متعین ہوتی ہیں۔ مثلاً خوراک کی بہم رسانی کے لیے الگ اور اپنی بستی کی نگہبانی اور دفاع کے لیے الگ اور دشمن کا مقابلہ کرنے کے لیے ان کا علیحدہ لشکر ہوتا ہے جو مختلف حصوں میں بٹا ہوتا ہے اور اس کی نگرانی کے لیے علیحدہ علیحدہ جرنیل متعین ہوتے ہیں۔ نیز جب وہ گندم وغیرہ کے دانے اپنے گوداموں میں ذخیرہ کرتی ہیں تو ان کو کاٹ کر دو ٹکڑے کر دیتی ہیں تاکہ اگر انھیں نمی پہنچے تو وہ اُگ نہ پڑیں لیکن جب وہ مسور اور دھنیا کا ذخیرہ کرتی ہیں تو ان کے چار چار ٹکڑے کرتی ہیں۔ کیونکہ ان کا نصف حصہ بھی اُگ جاتا ہے۔ اُن حالات کے پیشِ نظر علامہ آلوسی لکھتے ہیں ھٰذا و امثالہ یحتاج الی علم کلی استدلالی وھو یحتاج الی نفس ناطقة و قد برھن شیخ الاشراق وتعلہ شیخ الاشراق علی ثبوت النفس الناطقة لجمیع الحیوان (روح المعانی)۔ یہاں بھی اسلام کے نئے کرم فرما تاویل کرنے پر مجبور ہو گئے اور کہہ دیا کہ وادی نمل اس وادی کا نام ہے جہاں ایک بنی نمل نامی قبیلہ آباد تھا اور نملہ سے مراد ان کا ایک فرد ہے جس نے حضرت سلیمانؑ کے لشکر کو دیکھ کر اپنی قوم کو بروقت متنبہ کیا۔

لیکن ان کی پہلی تاویلات کی طرح نصوصِ قرآنیہ اس تاویل کو بھی رد کر رہی ہیں۔ کیونکہ یہ کیسے ممکن ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام جیسے نبی اور عادل فرمانروا کا لشکر اتنا ظالم ہو کہ وہ ایک انسانی بستی کو روندتا ہوا گزر جائے اور اس کو تاخت و تاراج کر دے نیز اگر اس قبیلے کے سردار کو یہ خدشہ پیدا ہوا تو اسے چاہیے تھا کہ وہ اپنے قبیلہ کو یہ مشورہ دیتا کہ یہاں سے بھاگ جاؤ اور پہاڑوں میں جا کر پناہ لو تاکہ لشکرِ سلیمانی کی تاخت و تاراج سے تم محفوظ رہو۔ سب سے بڑی بات جو ان کی تاویل کو مضحکہ خیز بناتی ہے وہ یہ ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کا اس کی بات پر تعجب کرنا، پھر مسکراتے ہوئے ہنس دینا اور پھر اس کو اللہ

وَجُنُودُهٗ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿۱۸﴾ فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ

ان کے لشکر اور انھیں معلوم ہی نہ ہو (کہ تم پر کیا گزر گئی) تو سلیمان ہنستے ہوئے مسکرا دیئے اس کی اس بات سے اور عرض

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ

کرنے لگے میرے مالک! مجھے توفیق دے تاکہ میں شکر ادا کروں تیری نعمت (عظمیٰ) کا جو تو نے مجھ کو بخشی اور میرے والدین پر

وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ

نیز مجھے توفیق دے کہ میں وہ نیک کام کروں جسے تو پسند فرمائے اور شامل کرلے مجھے اپنی رحمت کے باعث اپنے نیک بندوں

الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۹﴾ وَتَفَقَّدَ الطَّیْرَ فَقَالَ مَا لِیَ لَآ اَرَى الْهُدْهُدَ ۖ اَمْ كَانَ

میں۔ اور آپ نے (ایک روز) پرندوں کا جائزہ لیا ۲۰؎ تو فرمانے لگے کیا وجہ ہے کہ مجھے (آج) ہُدہُد نظر نہیں آرہا یا وہ

تعالیٰ کی ایک نعمتِ عظمیٰ قرار دے کر شکر کی توفیق مانگنا بالکل بے محل ہوگا۔

۲۰؎ حضرت سلیمان کے لشکر میں پرندوں کا بھی ایک دستہ ہوا کرتا تھا۔ ایک بیدار مغز اور مدبر فرمانروا ہونے کی وجہ سے آپ اپنے لشکر کی کڑی نگرانی کیا کرتے تھے تاکہ کوئی اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر نہ ہو اور فوجی نظم و ضبط میں کسی طرح کی گڑبڑ پیدا نہ ہو۔ چنانچہ آپ نے جب پرندوں کے دستہ کا جائزہ لیا تو ہُدہُد کو غیر حاضر پایا۔ آپ جیسا منتظم اور مدبر بادشاہ یہ کب گوارا کرسکتا تھا کہ آپ کی اجازت کے بغیر آپ کا کوئی لشکری جدھر چاہے چلا جائے آپ نے ازراہِ حیرت فرمایا کہ آج ہُدہُد دکھائی نہیں دے رہا وہ کہاں لاپتہ ہوگیا اگر اس نے اپنی غیر حاضری کی کوئی معقول وجہ بیان نہ کی تو اسے فوجی ڈسپلن کی خلاف ورزی کرنے کے سنگین جرم کے باعث عبرتناک سزا دی جائے گی۔ تفقد: تطلب ما غاب عن شیئ۔ کسی گمشدہ چیز کو تلاش کرنا۔ طیر: اسم جمع ہے۔ اس کا واحد طائر ہے۔ علامہ قرطبیؒ لکھتے ہیں کہ اس آیت سے معلوم ہوا کہ حاکم کا فرض ہے کہ وہ اپنی رعایا کے حالات کا جائزہ لیتا رہے۔ ایسا نہ ہو کہ اس کی بے خبری کی وجہ سے طاقتور کمزوروں پر ظلم ڈھاتے رہیں۔ ان کے حقوق کو پامال کرتے رہیں۔ حضرت فاروقِ اعظم پر اللہ تعالیٰ رحم فرمائے۔ وہ ہمیشہ اپنی رعایا کے احوال سے باخبر رہا کرتے۔ آپ نے ایک دفعہ فرمایا لو ان سخلۃ علی شاطئ الفرات اخذھا الذئب لیسأل عنھا عمر۔ یعنی اگر یہاں سے دور دراز علاقہ میں دریائے فرات کے کنارے پر کسی بھیڑ کے بچے کو کوئی بھیڑیا پکڑ لے تو اس کے لیے بھی عمر کو جوابدہ ہونا پڑے گا۔ اس کے بعد علامہ موصوف حسرت و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اپنے زمانہ کے حکام کی بے خبری اور فرض ناشناسی پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہیں۔

مِنَ الْغَآئِبِیْنَ ﴿۲۰﴾ لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِیْدًا اَوْ لَاَاذْبَحَنَّهٗۤ اَوْ لَیَاْتِیَنِّیْ

ہے ہی غیر حاضر۔ واگر وہ غیر حاضر ہے) اگر میں ضرور اسے سخت سزا دوں گا یا اسے ذبح ہی کر ڈالوں گا یا اسے لانا پڑے گی

بِسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ﴿۲۱﴾ فَمَكَثَ غَیْرَ بَعِیْدٍ فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ

میرے پاس کوئی روشن سند۔ پس کچھ زیادہ دیر نہ گزری ۳۸ (کہ وہ آگیا) اور کہنے لگا میں ایک ایسی اطلاع لے کر آیا ہوں

بِهٖ وَ جِئْتُكَ مِنْ سَبَاٍۭ بِنَبَاٍ یَّقِیْنٍ ﴿۲۲﴾ اِنِّیْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ

جس کی آپ کو خبر نہ تھی اور وہ یہ کہ میں لے آیا ہوں آپکے پاس ملک سبا سے ایک یقینی خبر پیش ۳۹ پایا ایک عورت کو ۴۰ جو ان کی حکمران ہے

۳۸ تھوڑی دیر ہی گزری تھی کہ ہُدہُد حاضر ہو گیا اور اپنی غیر حاضری کی وجہ بیان کرتے ہوئے عرض کی کہ میں ایک ایسی خبر لایا ہوں جس کا پہلے آپ کو علم نہیں۔ میں سبا کے ملک میں گیا تھا وہاں کے حالات کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کیا ہے اور وہی چشم دید یقینی حالات عرض خدمت کرتا ہوں۔ سَبَأ اسم مدینة تعرف بمأرب بالیمن بینها و بین صنعاء مسیرة ثلٰثة ایام (قرطبی) یاقوت حموی معجم البلدان میں سبا کے متعلق لکھتے ہیں۔ ارض بالیمن مدینتها مارب بینها و بین صنعاء مسیرة ثلٰثة ایام: سبا یمن کے ایک علاقہ کا نام ہے جس کا مرکزی شہر مآرب ہے جو صنعاء (یمن کا موجودہ دارالحکومت) سے تین دن کی مسافت پر ہے۔ یشجب بن یعرب بن قحطان کے بیٹے سبا نامی کی اولاد وہاں آباد ہوئی اس لیے یہ علاقہ سبا کہلایا۔ (معجم البلدان جلد ۳ صفحہ ۱۸۱ طبع بیروت)۔

علامہ قزوینیؒ نے آثار البلاد میں اس کے متعلق تفصیلاً لکھا ہے جس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔ سبا ایک شہر کا نام ہے جسے سبا بن یشجب بن یعرب بن قحطان نے آباد کیا تھا۔ یہ شہر دفاعی لحاظ سے بہت مستحکم اور گنجان آباد تھا۔ اس کی ہوا بڑی پاکیزہ اور پانی بہت میٹھا تھا۔ باغات کی کثرت تھی جن کے پھل بڑے لذیذ تھے طرح طرح کے حیوانات بکثرت پائے جاتے تھے صفائی کا یہ حال تھا کہ مکھی مچھر کا نام و نشان تک نہ تھا۔ اردگرد پہاڑوں کا سلسلہ تھا۔ بارش ہوتی پانی بہ کر ریگستانوں میں ضائع ہو جاتا۔ ملکہ بلقیس کے عہد حکومت میں دو پہاڑوں کے درمیان ایک زبردست بند (DAM) تعمیر کیا گیا جس سے بارش کا پانی جمع ہو جاتا۔ اس بند میں پانی کے اخراج کے اوپر نیچے کئی سوراخ تھے جب ضرورت انھیں کھول کر پانی لے لیا جاتا جو مختلف نہروں کے ذریعہ تمام علاقہ کو سیراب کرتا۔ لوگ بہت خوشحال ہو گئے۔ خوشحالی اپنے ہمراہ عیش و عشرت اور فسق و فجور لے آئی۔ جب ان کی نافرمانیاں حد سے تجاوز کر گئیں تو قہر الٰہی سیلاب کی صورت میں ظاہر ہوا۔ بند ٹوٹ گیا، سارا علاقہ برباد ہو گیا۔ اس کا ذکر قرآن میں کئی مواقع پر آیا ہے۔ وہاں مزید وضاحت کی جائے گی۔

۳۹ ہُدہُد وہاں کے حالات بتا رہا ہے۔ ملکۂ سبا کے تخت کے متعلق علامہ قرطبیؒ نے حضرت ابن عباس کا یہ قول نقل کیا ہے

وَ اُوْتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّ لَهَا عَرْشٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۳﴾ وَجَدْتُّهَا وَ قَوْمَهَا

اور اسے دی گئی ہے ہر قسم کی چیز سے اور اس کا ایک عظیم الشان تخت ہے۔ میں نے پایا ہے اسے اور اس کی قوم کو کہ وہ

يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ

سب سجدہ کرتے ہیں سورج کو سوائے اللہ تعالیٰ کے ۳۲ اور آراستہ کر دیئے ہیں ان کے لیے شیطان نے ان کے (یہ

فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۲۴﴾ اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ

مشرکانہ) اعمال ۳۳ پس اس نے روک دیا ہے انہیں (سیدھے) راستہ سے پس وہ ہدایت قبول نہیں کرتے۔ وہ کیوں سجدہ

الَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ يَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَ

کریں ۳۴ اللہ تعالیٰ کو جو نکالتا ہے پوشیدہ چیزوں کو آسمانوں اور زمین سے اور وہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو

مَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۲۵﴾ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۶﴾ السجدة قَالَ سَنَنْظُرُ

تم ظاہر کرتے ہو۔ اللہ تعالیٰ نہیں ہے کوئی معبود بجز اس کے وہ مالک ہے عرش عظیم کا۔ آپ نے فرمایا ہم پوری تحقیق کریں گے

السجدة

قال ابن عباس کان طول عرشها ثمانین ذراعا و عرضه اربعین ذراعا و ارتفاعه فی السماء ثلاثین ذراعا یعنی اس کا طول اسی ہاتھ، عرض چالیس ہاتھ، اونچائی تیس ہاتھ۔

۳۲ اس کے مذہب کے متعلق بتایا کہ وہ اور اس کی قوم سورج کی پوجا کیا کرتی ہے۔

۳۳ یعنی شیطان نے اس کھلی گمراہی کو ان کے سامنے مزین کر کے پیش کیا ہے اور وہ اس پر اس طرح فریفتہ ہو گئے ہیں کہ عقل کے سارے تقاضوں کو پس پشت ڈال دیا ہے۔

۳۴ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ آیت اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الخ ہدہد کا کلام نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اور اس میں امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات کو خطاب کیا جا رہا ہے۔

۳۵ حضرت سلیمان علیہ السلام نے کہا کہ ہم تیری اس بات کی پوری تحقیق کریں گے۔ اس سے معلوم ہوا کہ حاکم کے سامنے اگر کوئی ملزم عذر پیش کرے تو وہ اس کو ٹھکرا نہ دے بلکہ اسے قبول کرے اور اس کی چھان بین کرے اور تحقیق کرنے کے بعد اس کے متعلق فیصلہ کرے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد گرامی ہے لیس احد احب الیه العذر من الله من اجل ذالك انزل الکتاب وارسل الرسل۔ یعنی اللہ تعالیٰ سے زیادہ عذر کو پسند کرنے والا کوئی نہیں۔ اسی لیے اس نے

أَصَدَقْتَ أَمْ كُنْتَ مِنَ الْكَٰذِبِينَ ﴿۲۷﴾ اِذْهَبْ بِّكِتَٰبِى هَٰذَا فَأَلْقِهْ إِلَيْهِمْ

اس بات کی کہ تو نے سچ کہا ہے یا تو بھی غلط بیانی کرنے والوں سے ہے۔ لے جا میرا یہ مکتوب ۳۶ اور پہنچا دے ان کی

ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَٱنظُرْ مَاذَا يَرْجِعُونَ ﴿۲۸﴾ قَالَتْ يَٰٓأَيُّهَا ٱلْمَلَؤُا۟ إِنِّىٓ أُلْقِىَ

طرف، پھر ہٹ کر کھڑا ہو جا ان سے اور دیکھ ۳۷ وہ آپس میں ایک دوسرے سے کیا گفتگو کرتے ہیں۔ (خط پڑھ کر) ملکہ نے

إِلَىَّ كِتَٰبٌ كَرِيمٌ ﴿۲۹﴾ إِنَّهُۥ مِن سُلَيْمَٰنَ وَإِنَّهُۥ بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ ﴿۳۰﴾

کہا اے سردارانِ قوم! پہنچایا گیا ہے میری طرف ایک عزت والا خط ۳۸ یہ سلیمان کی طرف سے ہے اور وہ یہ ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں

أَلَّا تَعْلُوا۟ عَلَىَّ وَأْتُونِى مُسْلِمِينَ ﴿۳۱﴾ قَالَتْ يَٰٓأَيُّهَا ٱلْمَلَؤُا۟ أَفْتُونِى فِىٓ ع ۲ ۱۷ ۱۷

جو رحمٰن اور رحیم ہے کہ تم لوگ غرور و تکبر نہ کرو میرے مقابلہ میں اور چلے آؤ میرے پاس فرمانبردار بن کر۔ ملکہ نے کہا اے سردارانِ قوم! مجھے مشورہ دو میرے

قرآن نازل کیا اور رسول مبعوث فرمائے۔

۳۶ چنانچہ آپ نے بلقیس کی طرف ایک خط لکھا جس کا مضمون اگلی آیت میں مذکور ہے اور ہُدہُد کو حکم دیا کہ اسے لے جا کر بلقیس کو پہنچا دے اور پھر اس کے ردِ عمل سے مطلع کرے۔ القی کا معنی کسی چیز کو اس طرح پھینکنا کہ وہ تجھے دکھائی دیتی ہے۔

الالقاء طرح الشیء حیث تلقاہ ای تراہ (مفردات)

لیکن جب ترکیب کلام یوں ہو جیسے اس آیت میں ہے تو پھر اس کا معنی پہنچا دینا ہے۔ صاحب منجد اس کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں القی الشیء الی الارض طرحہ الیہ والقی الیہ القول وبالقول: ابلغہ ایاہ۔

۳۷ خط پہنچا کر بھاگ نہ آنا، الگ کھڑے ہو کر دیکھنا کہ اس کے بارے میں باہم کیا بات چیت کرتے ہیں۔ ای ماذا

یرجع بعضھم الی بعض من القول (مظہری)

۳۸ کہتے ہیں کہ جب ملکہ سبا اپنے درباریوں کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی تو ہُدہُد نے وہاں ان کے سروں پر پہنچ کر پھڑ پھڑانا شروع کیا۔ جب بلقیس نے نگاہیں اوپر اٹھائیں تو اس نے وہ خط اس کی گود میں پھینک دیا اور بعض نے لکھا ہے کہ وہ سو رہی تھی اور ہدہد روزن سے داخل ہوا اور چپکے سے وہ خط اس کے سینے پر رکھ دیا بہر حال اس نے خط پڑھا تو اس کے ایجاز اور اس کے پُر جلال اسلوب کو دیکھ کر لرز گئی۔ فوراً شاہی مشیروں کی مجلس مشاورت منعقد کی اور اس میں اس نے وہ خط پڑھ کر سنایا اور ان سے رائے دریافت کی اور انھیں کہا کہ میں ہر معاملہ میں تم سے مشورہ کرنے کے بعد کوئی فیصلہ کیا کرتی ہوں۔ اب بتاؤ اس خط کے متعلق تمہاری کیا رائے ہے۔ حتی تشھدون ای حتی تحضرونی وتشیرونی او تشھدوا علی کونہ صوابا۔

أَمْرِيْ ۚ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً أَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ﴿٣٢﴾ قَالُوْا نَحْنُ أُولُوْا قُوَّةٍ وَّ

اس معاملہ میں۔ میں کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا کرتی جب تک تم موجود نہ ہو۔ وہ کہنے لگے ہم بڑے طاقت ور اور

أُولُوْا بَأْسٍ شَدِيْدٍ ۙ وَّالْأَمْرُ إِلَيْكِ فَانْظُرِيْ مَاذَا تَأْمُرِيْنَ ﴿٣٣﴾ قَالَتْ إِنَّ

سخت جنگجو ہیں ف۳۹ اور فیصلہ کرنا آپ کے اختیار میں ہے آپ غور کر لیں کہ آپ کیا حکم دینا چاہتی ہیں۔ ملکہ نے

الْمُلُوْكَ إِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً أَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْا أَعِزَّةَ أَهْلِهَا أَذِلَّةً ۚ وَكَذٰلِكَ

کہا ف۴۰ اس میں شک نہیں کہ بادشاہ جب داخل ہوتے ہیں کسی بستی میں تو اسے برباد کر دیتے ہیں اور بنا دیتے ہیں وہاں کے معزز

يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٤﴾ وَإِنِّيْ مُرْسِلَةٌ إِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنٰظِرَةٌ ۢ بِمَ يَرْجِعُ

شہریوں کو ذلیل۔ اور یہی ان کا دستور ہے اس لیے جنگ کرنا قرین دانشمندی نہیں اور میں بھیجتی ہوں ان کی طرف ایک تحفہ پھر دیکھتی ہوں کہ کیا

ف۳۹ جو اہل الرائے وہاں جمع ہوتے انہوں نے کہا کہ جہاں تک فوجوں کی تعداد و سامان جنگ کی فراہمی اور شجاعت و مردانگی کا تعلق ہے وہ تو آپ سے پوشیدہ نہیں۔ آپ خود جانتی ہیں کہ وقت آنے پر ہم اپنی بہادری اور جوانمردی کے جوہر دکھائیں گے۔ بہرحال جنگ کی ذمہ داری لینے کے لیے ہم تیار نہیں۔ اس کے متعلق قطعی فیصلہ وہ ہوگا جو آپ کریں گی۔ ہم آپکے ہر حکم کو ماننے کے لیے بسر و چشم تیار ہیں۔

ف۴۰ یقیناً وہ حضرت سلیمانؑ کی قوت و طاقت اور ان کے عظیم لشکر سے باخبر ہوگی اس لیے وہ انہیں تیار ہی ہے کہ اتنے بڑے بادشاہ کا مقابلہ کر کے ہم خود اپنی ہلاکت و بربادی کو دعوت دینے کی حماقت نہیں کر سکتے۔ کوئی اور تدبیر ہی کرنا ہوگی۔

اس آیت میں ملوکیت کے مزاج سے کیسا پردہ اٹھایا گیا ہے کہ بادشاہوں کے بد قدم جہاں پہنچتے ہیں اور جس ملک کو وہ فتح کرتے ہیں اس کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیتے ہیں۔ اس کے معاشی وسائل پر اپنی اجارہ داری قائم کر لیتے ہیں اور وہاں کے اصلی باشندوں کو افلاس و غربت کی سختیاں سہنے کے لیے چھوڑ دیتے ہیں اور جو شخص غلامی کی ذلت کو گوارا نہیں کرتا اور ان کے اس مالی استحصال اور سیاسی استبداد پر صدائے احتجاج بلند کرتا ہے۔ اس کو اتنا ذلیل و رسوا کرتے ہیں کہ اس کا نام لینے والا بھی کوئی نہیں رہتا۔ وکذالك يفعلون فرما کر اس حقیقت کی صداقت پر مہر تصدیق ثبت کر دی آپ خود دیکھ سکتے ہیں کہ ان استعماری قوتوں کے قدم جہاں پہنچتے ہیں وہاں کے رہنے والوں پر قیامت ٹوٹ پڑتی ہے۔ وہ فقر و فاقہ کے شکنجہ میں کس دیے جاتے ہیں۔ فرانس، آزادی اور انسانی اقدار کا سب سے بڑا علمبردار ہونے کا مدعی ہے۔

الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَلَمَّا جَآءَ سُلَيْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ فَمَاۤ اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ

کیا جواب لیکر لوٹتے ہیں۔ سو جب قاصد آپکے پاس (ہدیہ لے کر) آیا تو آپ نے فرمایا ۴۲؎ کیا تم لوگ مال سے میری مدد کرنا

خَيْرٌ مِّمَّاۤ اٰتٰىكُمْ بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ﴿۳۶﴾ اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ

چاہتے ہو (سنو) جو عطا فرمایا ہے مجھے اللہ تعالیٰ نے وہ بہتر ہے اس سے جو تمہیں دیا ہے بلکہ تم اپنے ہدیہ پر پھولے نہیں سماتے گویا کوئی

فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَاۤ اَذِلَّةً وَّهُمْ

بڑی نادر چیزیں لائے ہیں تو واپس چلا جا انکے پاس اور ہم آ رہے ہیں انکی طرف ایسے لشکر لیکر جن کے مقابلہ کی ان میں تاب نہیں اور ہم یقیناً نکال دینگے

صٰغِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ قَالَ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ

انہیں اس شہر سے ذلیل کر کے اور وہ خوار اور رسوا ہو چکے ہونگے۔ آپ نے فرمایا اے درباریو! ۴۳؎ کون تم سے لے آئیگا میرے پاس

لیکن جہاں اس نے اپنے استعمار کے خونی پنجے گاڑے۔ وہاں کے لوگوں کی خونچکاں داستان الجزائر وغیرہ نوآبادیات کے رہنے والوں سے پوچھیے۔

۴۱؎ ایسے عظیم بادشاہ کے ساتھ جنگ کرنا قرین دانشمندی نہیں لیکن یوں ہی اس کے دین کو قبول کر لینا بھی معقولیت سے بعید ہے۔ میں یہ ہدیہ دے کر قاصد اس کی طرف بھیجتی ہوں اس کے رویہ سے پتہ چل جائے گا کہ وہ بادشاہ ہے یا نبی اگر بادشاہ ہوا تو اس کے ساتھ ایسا معاملہ کریں گے جو بادشاہوں کے ساتھ کیا جاتا ہے اور اگر نبی ہوا تو پھر بھی معلوم ہو جائے گا۔ وہ ہدیہ جو بلقیس نے آپ کی طرف بھیجا تھا وہ کیا تھا۔ امام رازی فرماتے ہیں فالناس اکثروا فی صفة الهدية لكن لا ذكر لها في الكتاب یعنی اگرچہ لوگوں نے اس ہدیہ کے بارے میں بڑی مبالغہ آرائیوں سے کام لیا ہے لیکن قرآن کریم میں اس کا ذکر نہیں ہے۔ بہر حال وہ کوئی معمولی چیز نہیں ہوگی بلکہ بڑی قیمتی اور نادر اشیاء ہونگی۔

۴۲؎ قاصد جب ہدیہ لے کر پہنچے تو آپ نے اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا اور فرمایا کہ تمہیں اپنی دولت و ثروت پر بڑا گھمنڈ ہے اور اپنے جواہرات سے بھرے ہوئے خزانوں پر بڑے اتراتے ہو اور میری طرف یہ تحفہ بھیج کر تم خوشی سے پھولے نہیں سماتے۔ سمجھتے ہو کہ تم نے بڑی ہی قیمتی اور نادر چیزیں میری طرف بھیجی ہیں لیکن کان کھول کر سن لو میری نظر میں تمہارے ان تحائف اور نوادرات کی پرکاہ کے برابر بھی وقعت نہیں جو خزانے اور جو نعمتیں اللہ تعالیٰ نے مجھے بخشی ہیں ان کے سامنے یہ ہیچ ہیں۔ انھیں اپنی ملکہ کے پاس لے جاؤ اور جا کر اسے میری طرف سے یہ بات صاف صاف سنا دو کہ اگر تم نے سورج کی پرستش سے توبہ کر کے میرے لائے ہوئے دین کو قبول نہ کیا تو میں ایسا لشکر جرار لے کر تم پر چڑھائی کروں گا کہ تم اس کا مقابلہ نہیں کر سکو گے۔

مُسْلِمِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ

اس کے تخت کو اس سے پہلے کہ وہ آجائیں میری خدمت میں فرمانبردار بن کر عرض کی ایک عفریت نے جنات میں سے (حکم ہو تو)

مَّقَامِكَ ۚ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ ﴿۳۹﴾ قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ

میں لے آتا ہوں آپکے پاس پیش ازیں کہ آپ کھڑے ہوں اپنی جگہ سے ۔ اور بیشک میں اس کو اٹھا لانے کی طاقت بھی رکھتا ہوں اور امین

اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ

بھی ہوں ۳۳ عرض کی اس نے جس کے پاس کتاب کا علم تھا ۳۴ (اجازت ہو تو) میں لے آتا ہوں اسے آپکے پاس اس سے پہلے کہ آپکی آنکھ جھپکے پھر جب

لاقبل لہم بہا: ای لاطاقۃ لہم (الصحاح) قبل کا معنی طاقت ہے۔

۳۳ حضرت سلیمان علیہ السلام نے بلقیس کے تحائف قبول کرنے سے انکار کر دیا تو اس کے قاصد انہیں واپس لے گئے اور سارا ماجرا اپنی ملکہ سے جا کر کہا وہ سمجھ گئی کہ آپ بادشاہ نہیں ہیں اور ان کا مقابلہ کرنے کی اس میں ہمت نہیں لیکن ایمان لانے سے پہلے وہ آپ کو اور آپ کے احوال کا خود مشاہدہ کرنا چاہتی تھی۔ چنانچہ شاہی تزک و احتشام کے ساتھ وہ آپ کی طرف روانہ ہوئی جب وہ قریب پہنچ گئی تو آپ نے چاہا کہ اپنے رب قدوس کی قدرت کاملہ کا ایک اور یقینی ثبوت دکھائیں نیز اس پر یہ امر بھی واضح کر دیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو کتنی عزت اور کمال عطا فرمایا ہے کہ آپ کے غلاموں میں بھی ایسے باکمال لوگ موجود ہیں جو ایسے کرشمے دکھا سکتے ہیں چنانچہ آپ نے اپنے درباریوں سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ تم میں سے کون بلقیس کے شاہی تخت کو اس کے یہاں پہنچنے سے پہلے لا سکتا ہے۔ جنوں میں سے ایک طاقتور جن اٹھا اور دست بستہ عرض کرنے لگا کہ اگر اس خادم کو حکم ہو تو اس مجلس کے برخاست ہونے سے پہلے اسے یہاں پہنچا دوں۔ اگرچہ وہ بڑا بھاری بھر کم ہے اور مسافت بھی ڈیڑھ ہزار میل سے زیادہ ہے لیکن میں قوی ہوں، ایسا کر سکتا ہوں اور میں امین بھی ہوں جو قیمتی جواہرات اس میں جڑے ہوئے ہیں ان میں ہرگز خیانت نہیں کروں گا آپ نے اس کی پیش کش کو قبول نہ فرمایا۔ گویا آپ کو یہ گوارا نہ ہوا کہ آپ کا کوئی درباری اس معمولی کام کے لیے اتنی لمبی مہلت مانگے

۳۴ چنانچہ ایک اور آدمی کھڑا ہوا۔ اس نے مؤدبانہ التماس کیا کہ اگر مجھے ارشاد ہو تو آنکھ جھپکنے سے پہلے تخت کو وہاں سے اٹھا کر آپ کے قدموں میں لا کر رکھ دوں۔ آپ نے اجازت مرحمت فرمائی۔ اور جب آپ نے آنکھ کھولی تو تخت وہاں موجود تھا۔ آپ نے اپنے ایک خادم کی اس قدرت کا مشاہدہ کیا تو دل میں غرور و نخوت کے جذبات پیدا نہیں ہوئے بلکہ فوراً سراپا نیاز بن کر اپنے مولیٰ کریم کا شکر ادا کرنے لگے۔ عرض کیا یہ میرے رب کا فضل و کرم ہے جس نے مجھے اتنی عزت اور سرفرازی بخشی ہے کہ میرے خدام ایسا کام کر سکتے ہیں۔ اس کے بعد فرمایا یہ فضل بہت بڑی آزمائش ہے۔ اللہ تعالیٰ مجھے آزمانا چاہتا ہے کہ میں اس کی عنایات جلیلہ پر اس کا شکر ادا کرتا ہوں یا ناشکری کا اظہار کرتا ہوں۔

قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ۭ وَمَنْ شَكَرَ

آپ نے اسے پڑا ہوا دیکھا تو فرمانے لگے یہ میرے رب کا فضل (و کرم) ہے تاکہ وہ آزمائے مجھے کہ آیا میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری

فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ ۝۴۰ قَالَ نَكِّرُوْا

اور جس نے شکر کیا تو وہ شکر کرتا ہے اپنے بھلے کے لیے ۴۵ اور جو ناشکری کرتا ہے تو وہ اپنا نقصان کرتا ہے بلاشبہ میرا رب غنی بھی ہے اور کریم بھی

مصیبت اور تکلیف کو تو ہم سب امتحان اور آزمائش تصور کرتے ہیں لیکن جب فرحت و سرور کا دور آتا ہے جب اس کے انعامات کی بے حساب بارش ہونے لگتی ہے تو ہم اس بات کو بھول جاتے ہیں کہ یہ بھی امتحان ہے اور پہلے قسم کے امتحان سے بڑا سخت امتحان ہے اس میں کامیاب ہونا بڑے دل گردے کا کام ہے۔ تکالیف و مصائب کے امتحان میں کامیاب وہ ہوتا ہے جو صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑ لے اور آرام و آسائش کی آزمائش میں کامیابی کا سہرا اس کے سر باندھا جاتا ہے جو شکر گزار ہو اور شکر کا صرف یہ مطلب نہیں کہ آپ صرف زبان سے ہی شکریہ ادا کرتے رہیں بلکہ حقیقی شکر یہ ہے کہ اس نعمت کو اس طرح استعمال کیا جائے جس میں اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی ہو۔

۴۵ یہ کہہ کر بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر کر کے تم اس پر کوئی احسان نہیں کر رہے بلکہ اپنے لیے مزید نعمتوں کا دروازہ کھول رہے ہو اور اگر تم نے ناشکری کی تو مزید عنایات کا سلسلہ منقطع ہو جائے گا بلکہ پہلے انعامات سے بھی ہاتھ دھونا پڑے گا اللہ تعالیٰ غنی اور کریم ہے اگر کوئی اس کا شکر گزار بندہ بنا رہے تو وہ اسے اور زیادہ دیتا جائے گا کیونکہ وہ غنی ہے اس کے خزانے بھرے پڑے ہیں اور وہ کریم ہے اس کا دستِ جود و عطا سخاوت کرتا ہی رہتا ہے۔

ایک چیز ابھی تحقیق طلب ہے کہ وہ کون شخص تھا جس نے دم بھر میں بلقیس کا شاہی تخت پندرہ سو میل کی مسافت سے سبا سے بیت المقدس پہنچا دیا نیز وہ تخت کہیں صحن میں تو پڑا نہیں ہوگا بلکہ قصر شاہی کی کسی محفوظ ترین جگہ میں رکھا ہوگا اور اس کی نگہبانی کے لیے خصوصی پہرے داروں کا انتظام بھی ہوگا۔ اس کے متعلق کسی نے حضرت خضر کا نام لیا ہے اور کسی نے جبرئیل کا اور کسی نے آصف بن برخیا کا۔ اور یہ آخری قول زیادہ مشہور ہے۔ لیکن قرآن نے اس کا نام نہیں لیا بلکہ اس کی صفت سے اس کا تعارف کرا دیا یعنی اس شخص نے یہ بات کہی جس کے پاس کتاب کا علم تھا جس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ اس کی یہ صفت ایسی تھی جس کا اس محیر العقول کارنامے کی انجام دہی کے ساتھ خصوصی تعلق تھا۔ امام رازی لکھتے ہیں وان لھذا الوصف تاثیرا فی نقل ذالک العرش (کبیر) امام عبدالقاہر جرجانی نے اسرار البلاغۃ میں تصریح کی ہے کہ جب کسی فاعل کی توصیف صلہ سے کی جائے تو اس فعل کے صدور میں اس صلہ کو خصوصی دخل ہوتا ہے۔ اس تحقیق سے معلوم ہوا کہ اس شخص میں یہ قوت اور طاقت پیدا ہونے کی وجہ یہ تھی کہ اس کے پاس عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ (کتاب کا علم) تھا۔ اس آیت سے کراماتِ اولیاء کا ثبوت بھی ہو گیا اور یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ اگر حضرت سلیمان علیہ السلام کا ایک امتی۔ الکتاب کے علم

لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ أَتَهْتَدِيْ أَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿٤١﴾

اپنے علم یا شکل بدل ڈالو اس کے لیے اس کے تخت کی ٦٢ ہم دیکھتے ہیں کہ وہ حقیقت پر آگاہ ہوتی ہے یا ہو جاتی ہے ان لوگوں سے جو حقیقت کو نہیں

فَلَمَّا جَآءَتْ قِيْلَ أَهٰكَذَا عَرْشُكِ ۖ قَالَتْ كَأَنَّهُ هُوَ ۚ وَأُوْتِيْنَا الْعِلْمَ

پہچانتے۔ سو جب وہ آئی تو اس سے پوچھا گیا کیا تیرا تخت ایسا ہی ہے ٦٣ کہنے لگی یہ تو گویا وہی ہے۔ اور ہمیں اطلاع مل گئی تھی اس

مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِيْنَ ﴿٤٢﴾ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۖ

واقعہ کی اس سے پہلے اور ہم تو فرمانبردار بن کر حاضر ہوئے ہیں۔ اور روک رکھا تھا اسے (ایمان لانے سے) ان بتوں نے ٦٤ جن کی وہ عبادت

کی برکت سے ایسا کام کر سکتا ہے تو سید الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کا ولی جو الکتاب کا نہیں بلکہ الکتب المبین کا عالم اور اس کے اسرار و معارف پر آگاہ ہے اس سے ایسے امور کا سرزد ہونا کیا مشکل ہے۔ وہ لوگ جو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے اولیاء کاملین کی کرامات کا انکار کرتے ہیں انھیں قرآن کریم کی اس آیت میں مکرر غور کرنا چاہیے۔

ہمارے تجدد پسند مفسرین لکھتے ہیں کہ آپ نے جب بلقیس کی آمد کی خبر سنی تو اپنے درباریوں سے کہا تم میں سے کوئی ایسا ہے جو بلقیس کے بیٹھنے کے لیے کوئی تخت بنا دے تاکہ جب وہ یہاں آئے تو اسے اس پر بٹھایا جائے ان کی اس تاویل کو دیکھ کر یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ یا تو وہ عربی لغت کے مبادیات سے بھی ناواقف ہیں ورنہ وہ "أَيُّكُمْ يَأْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا" کا (تم میں سے کون میرے پاس اس کا تخت لا سکتا ہے) کا یہ ترجمہ ہرگز نہ کرتے۔ اور اگر انھیں اتنا علم ہے تو یہ باور کرنے میں کوئی شبہ نہیں رہتا کہ قرآن کی تصریحات پر ان کا دل نہیں جمتا کھلے بندوں اس کا انکار کرنے کی بھی جرأت نہیں کر سکتے اور بزدلی کے باعث اپنی قلبی منافقت کو تحریف کے پردوں میں چھپانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

٦٢ آپ نے حکم دیا کہ اس تخت کی شکل و صورت میں کچھ رد و بدل کر دو۔ ہم دیکھیں گے کہ وہ اپنے تخت کو پہچان سکتی ہے یا نہیں۔

٦٣ جب بلقیس آئی تو اس سے پوچھا گیا کیا تیرا شاہی تخت بھی اسی قسم کا ہے جیسے یہ ہے۔ وہ فوراً بھانپ گئی اور کہنے لگی یہ تو بعینہٖ وہی معلوم ہوتا ہے اور ہمیں اس بات کی اطلاع پہلے ہی مل چکی ہے کہ تخت آپ کے پاس پہنچ گیا ہے۔ اس کا یہ مطلب بھی بیان کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اپنی شان و عظمت دکھانے کے لیے آپ نے یہ معجزہ دکھایا ہے ہم تو اسے ہی جان چکے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے اور اس نے آپ کو بڑی نعمتوں سے سرفراز فرمایا ہے اور ہم تو مسلمان ہو کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں۔

٦٤ ایسی سلیم الطبع خاتون جس نے حق کو دیکھ کر فوراً پہچان لیا اور بلا تامل اسے قبول کر لیا۔ اب تک سورج کی پوجا

إِنَّهَا كَانَتْ مِن قَوْمٍ كَٰفِرِينَ ﴿٤٣﴾ قِيلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۖ فَلَمَّا رَأَتْهُ حَسِبَتْهُ

کیا کرتی تھی اللہ تعالیٰ کے سوا بیشک وہ قوم کفار سے تھی۔ اسے کہا گیا ۵۹ کہ اس محل میں داخل ہو جاؤ پس جب اس نے دیکھا اس

لُجَّةً وَكَشَفَتْ عَن سَاقَيْهَا ۚ قَالَ إِنَّهُ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّن قَوَارِيرَ ۗ قَالَتْ

(کے بلوریں فرش) کو تو اس نے خیال کیا کہ یہ گہرا پانی ہے اور اس نے کپڑا اٹھا لیا اپنی دونوں پنڈلیوں سے۔ آپ نے فرمایا یہ پانی نہیں ۶۰ یہ

رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي وَأَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمَٰنَ لِلَّهِ رَبِّ الْعَٰلَمِينَ ﴿٤٤﴾ ع ۳ ۱۳ ۱۸

چمکدار محل ہے بلور کا بنا ہوا (اس کی آنکھیں کھل گئیں) کہنے لگی اے میرے رب! میں (آج تک) ظلم ڈھاتی رہی اپنی جان پر اور (اب) ایمان لائی ہوں

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَٰلِحًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ فَإِذَا هُمْ

سلیمان کے ساتھ اللہ پر جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے ۶۱ اور بیشک ہم نے رسول بنا کر بھیجا ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو ۶۲ کہ عبادت کرو اللہ تعالیٰ

کیسے کرتی رہی اس کی وجہ بیان فرما دی کہ وہ پیدا ہی ایسے ماحول میں ہوئی تھی جہاں سورج کی پرستش کی جاتی تھی۔ اسے آج تک کسی نے یہ بتایا ہی نہیں تھا کہ سورج عبادت کے لائق نہیں، بلکہ عبادت کے لائق تو وہ ہستی ہے جس نے سورج کو پیدا کیا۔ اس کو نور و حرارت کا سرچشمہ بنایا۔ اور اسے اپنے قانون کا پابند بنا کر انسان کی خدمت پر مامور کر دیا۔

۵۹ آپ کا ایک عظیم الشان محل تھا جس کا فرش بلور کا بنا ہوا تھا۔ اس کے نیچے پانی رواں رہتا تھا آپ نے اپنا تخت اس محل کے وسیع صحن میں بچھایا اور اسے شرف باریابی حاصل کرنے کی اجازت دی۔ وہ جب اندر داخل ہونے لگی تو اسے یوں محسوس ہوا کہ وہاں پانی کی لہریں موجزن ہیں۔ اس نے اپنے پائنچے چڑھائے تاکہ پانی میں بھیگ نہ جائیں۔ اسے یہ اندازہ نہ ہو سکا کہ پانی صحن میں نہیں بلکہ صحن بلور کا بنا ہوا ہے اور پانی اس کے نیچے بہ رہا ہے۔

۶۰ آپ نے اس کی غلطی پر اسے متنبہ فرمایا۔ قواریر: شیشہ، بلور۔ ممرّد: مصفّی، صاف شفاف، چمکدار۔ (امرد: اس نوجوان کو کہتے ہیں جس کے رخساروں پر ابھی بال نہ اگے ہوں۔

۶۱ دل تو پہلے ہی نور ایمان سے روشن ہو گیا تھا۔ اب جب اسے اپنی غلطی کا احساس ہوا تو بے اختیار ہو کر اپنی سابقہ گمراہی پر ندامت کا اظہار کیا اور اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کر دیا۔

مورخین نے لکھا ہے کہ آپ نے بلقیس کو اپنا حرم بننے کی عزت بخشی اور اس سے آپ کی اولاد بھی ہوئی۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۶۲ اب پھر حضرت صالح علیہ السلام اور ان کی قوم ثمود کا حال بیان ہو رہا ہے۔ حضرت صالح نے اپنی قوم کو اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان لانے کی دعوت دی تو چند سعید روحوں نے آپ کی دعوت کو قبول کر لیا۔ لیکن اس کی بھاری اکثریت اپنے

فَرِيقَانِ يَخْتَصِمُونَ ﴿٤٥﴾ قَالَ يَٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُونَ بِٱلسَّيِّئَةِ قَبْلَ

کہ وہ دو گروہ بن گئے (اور آپس میں) جھگڑنے لگے۔ صالح نے فرمایا اے میری قوم! کیوں تیزی کرتے ہو برائی کرنے میں نیک

ٱلْحَسَنَةِ ۖ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُونَ ٱللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿٤٦﴾ قَالُوا ٱطَّيَّرْنَا بِكَ وَ

کام کرنے سے پہلے ۵۳ تم کیوں نہیں بخشش طلب کرتے اللہ تعالیٰ سے ۵۴ شاید تم پر رحم کر دیا جائے کہنے لگے ہم تو برا شگون سمجھتے ہیں

بِمَن مَّعَكَ ۚ قَالَ طَٰٓئِرُكُمْ عِندَ ٱللَّهِ ۖ بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُونَ ﴿٤٧﴾ وَ

تمہیں اور تمہارے ساتھیوں کو ۵۵ آپ نے فرمایا تمہارا بُرا شگون تو اللہ تعالیٰ کے ہاں ہے بلکہ تم ایسی قوم ہو جو فتنہ میں مبتلا کردی گئی ہے ۵۶

کفر پر ہی رہی۔ جس طرح سورۃ اعراف میں گزر چکا ہے۔

۵۳ انھوں نے سرکشی کی انتہا کر دی اور اپنے نبی کو چیلنج دے دیا کہ آپ جو عذاب ہم پر اتارنا چاہتے ہیں بے شک اتار دیں ہم آپ پر ایمان لانے کے لیے ہرگز تیار نہیں۔ آپ نے انھیں سمجھایا کہ تم کتنے نادان ہو گناہوں سے توبہ تو کرتے نہیں ہو اور عذاب کے لیے جلدی مچا رہے ہو۔ اگر عذاب آگیا تو کہاں سر چھپاؤ گے السیئۃ سے مُراد عذاب ہے۔ یطلبہ ائتنا بما تعدنا ان کنت من المرسلین۔

۵۴ اگرچہ تم نے کفر و شرک میں عمریں برباد کر دی ہیں اور میری دعوت کو بھی عرصہ دراز سے ٹھکرا رہے ہو لیکن آج بھی اگر تم سچے دل سے توبہ کرو تو میرا کریم و رحیم خدا تمہاری توبہ کو قبول فرمالے گا اور تمہارے گناہوں کو بخش دے گا۔

۵۵ انھوں نے جواب دیا تم نے ہماری قوم میں انتشار پیدا کر دیا اور فتنہ و فساد کی آگ بھڑکا دی۔ ہم بڑی محبت اور پیار سے وقت گزار رہے تھے تم نے آکر ہمیں ایک دوسرے کا دشمن بنا دیا۔ ہم تیرے جیسے فتنہ پرداز پر ایمان لانے کے لیے ہرگز تیار نہیں۔ نیز جب سے تم یہاں آئے ہو ہر قسم کی مصیبتوں نے ہمیں گھیر لیا ہے کبھی وقت پر بارش نہیں ہوتی۔ بوند بوند پانی کے لیے ترستے رہتے ہیں۔ ہمارے کھیتوں میں خاک اُڑنے لگی ہے طرح طرح کی وبائیں ہمارے لیے بربادی کا پیغام لے کر آتی رہتی ہیں۔ آپ اور آپ کے یہ ساتھی ہمارے لیے تو وبالِ جان ثابت ہوئے ہیں اور تمہاری نحوست سے ہمارا سارا علاقہ ویران ہوتا جا رہا ہے۔ اگر کسی کام کو جا رہے ہوں اور راستہ میں تم سے یا تمہارے کسی مرید سے مڈبھیڑ ہو جائے تو پھر خائب و خاسر واپس لوٹنا پڑتا ہے۔ ہم آپ کی برکتوں کا اندازہ کر چکے ہیں۔ ہم سے یہ امید نہ رکھو کہ ہم کبھی تم پر ایمان لائیں گے کیونکہ عرب عام طور پر مختلف پرندوں اور ان کی آوازوں سے شگون لیا کرتے تھے اس لیے مطلق شگون کو بھی طائر کہہ دیا جاتا ہے۔

۵۶ آپ نے فرمایا یہ مصائب اور تکالیف جنھیں تم میری طرف منسوب کر رہے ہو حقیقت میں یہ تمہاری اپنی بدکاریوں کا نتیجہ ہیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ نازل ہو رہی ہیں۔ تم حقیقت کو تو سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے اور خواہ مخواہ مجھ پر الزام لگاتے چلے جاتے ہو

كَانَ فِي الْمَدِينَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ ۝٤٨

اور اس شہر میں نو شخص تھے ف۵۷ جو فتنہ و فساد برپا کیا کرتے تھے اس علاقہ میں اور اصلاح کی کوئی کوشش نہ کرتے۔

قَالُوا تَقَاسَمُوا بِاللَّهِ لَنُبَيِّتَنَّهُ وَأَهْلَهُ ثُمَّ لَنَقُولَنَّ لِوَلِيِّهِ مَا شَهِدْنَا

انھوں نے کہا آؤ اللہ کی قسم کھا کر یہ عہد کر لیں ف۵۸ کہ شب خون مار کر صالح اور اس کے اہل خانہ کو ہلاک کر دیں گے پھر کہہ دیں گے اس کے وارث

مَهْلِكَ أَهْلِهِ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ۝٤٩ وَمَكَرُوا مَكْرًا وَمَكَرْنَا مَكْرًا وَهُمْ

سے کہ ہم تو دور رہے اور موجود ہی نہ تھے جب انھیں ہلاک کیا گیا اور (یقین کرو) ہم بالکل سچ کہہ رہے ہیں۔ اور انھوں نے بھی خفیہ سازش کی اور ف۵۹ ہم نے بھی خفیہ

ف۵۷ تین سے لے کر دس تک یا سات سے لے کر دس تک کے گروہ کو رھط کہتے ہیں۔ اس قبیلہ کے نو سردار تھے ان کے لڑکے حضرت صالح علیہ السلام کی مخالفت میں ہمیشہ سرگرم رہا کرتے۔ ہر رئیس زادہ کے ساتھ اس کے حواریوں کی ایک ٹولی بھی ہوا کرتی اس لیے انھیں تسعۃ رھط کے لفظ سے تعبیر کیا گیا۔ تسعۃ رھط سے بعض حضرات نے نو شخص بھی مراد لیے ہیں اور ان کے نام بھی گنوائے ہیں لیکن ایک تو ان ناموں میں اختلاف ہے دوسرا ان کے نام جاننے سے فہم قرآن میں کوئی مدد نہیں ملتی اس لیے ان کا یہاں ذکر بے سود ہے۔

ف۵۸ جب انھوں نے دیکھا کہ ہماری ایذا رسانیوں کے باوجود حضرت صالح اور ان کے ساتھی باز نہیں آتے تو انھوں نے ایک جگہ بیٹھ کر یہ سازش کی کہ رات کو بے خبری میں صالح اور اس کے ساتھیوں پر حملہ کر کے انھیں تہ تیغ کر دو۔ اگر ان کے کسی وارث نے ہم سے دریافت کیا تو ہم انھیں یقین دلا دیں گے کہ ہمیں قطعاً کوئی علم نہیں کہ انھیں کس نے قتل کیا اور نہ ہم وہاں موجود تھے جب ہم انھیں یقین دلا دیں گے کہ ہمارا ان کے قتل کے ساتھ دور کا واسطہ بھی نہیں تو وہ خاموش ہو جائیں گے۔ ہو سکتا ہے کہ حضرت صالح کے وارث کمزور اور بے نوا قسم کے لوگ ہوں اور ان کے متعلق انھیں یہ خیال ہو کہ جب ہم نو سا قوم ایک بار یہ کہہ دیں گے کہ ہم نے انھیں قتل نہیں کیا تو ان کی یہ مجال کہاں کہ وہ ہم سے مزید تکرار کریں اور اس شہر بھر میں کون ایسا ہے جو ہمارے خلاف گواہی دینے کی جرأت کرے۔ تھوڑا سا ہنگامہ برپا ہوگا اور رو دھو کر چپ ہو جائیں گے۔ اس طرح یہ باغی عنصر جو سر اٹھا رہا ہے اس کی بروقت سرکوبی ہو جائے گی۔ تقاسموا ای تحالفوا لنبیتنہ البیات مباغتۃ العدو ومفاجاتہ بالایقاع بہ لیلاً وھو غافل دشمن پر بے خبری میں شب خون مارنے کو بیات کہتے ہیں۔

ف۵۹ علامہ قرطبیؒ لکھتے ہیں کہ انھوں نے یہ سازش اونٹنی کی کونچیں کاٹنے کے بعد کی تھی۔ جب حضرت صالح نے انھیں بتایا کہ تمھیں تین دن کی مہلت ہے اس کے بعد تم پر عذاب آئے گا جو تمھیں نیست و نابود کر کے رکھ دے گا۔ بجائے اس کے کہ وہ اس آخری سرزنش سے چوکنے ہوتے۔ اور اپنے گناہوں پر نادم ہو کر گڑگڑا کر معافی مانگتے۔ انھوں نے الٹا حضرت صالح کو

لَا يَشْعُرُونَ ﴿٥٠﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ أَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ

تدبیر کی اور وہ سمجھ ہی نہ سکے (ہماری تدبیر کو) تم (خود ہی) دیکھ لو کیا (ہولناک) انجام ہوا ان کے مکر کا۔ ہم نے برباد کر کے رکھ دیا انھیں

أَجْمَعِينَ ﴿٥١﴾ فَتِلْكَ بُيُوتُهُمْ خَاوِيَةً بِمَا ظَلَمُوا إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ

ان کی ساری قوم کو۔ پس یہ ان کے گھر ہیں جو اجڑے پڑے ہیں ان کے ظلم کے باعث۔ بیشک اس میں عبرت ہے اس قوم کے لیے

يَّعْلَمُونَ ﴿٥٢﴾ وَأَنْجَيْنَا الَّذِينَ اٰمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ﴿٥٣﴾ وَلُوطًا إِذْ قَالَ

جو کچھ جانتی ہے۔ اور ہم نے بچا لیا انھیں جو ایمان لائے تھے اور (اپنے رب سے) ڈرتے رہتے تھے۔ اور یاد کرو لوط کو جب آپ نے اپنی

لِقَوْمِهٖٓ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ وَأَنْتُمْ تُبْصِرُونَ ﴿٥٤﴾ أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ

قوم کو فرمایا کیا تم ارتکاب کرتے ہو بے حیائی کا حالانکہ تم دیکھ رہے ہوتے ہو۔ کیا تم جاتے ہو مردوں کے پاس شہوت رانی

شَهْوَةً مِّنْ دُونِ النِّسَآءِ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ ﴿٥٥﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ

کے لیے (اپنی) بیویوں کو چھوڑ کر ــه بلکہ تم تو بڑے نادان لوگ ہو۔ پس نہیں تھا آپ کی قوم کا جواب

قتل کرنے کی سازش شروع کر دی۔ انھوں نے کہا ہم پر عذاب آئے گا تو دیکھا جائے گا۔ اس کے آنے سے پہلے ہم صالح اور اس کے مریدوں کا تو خاتمہ کر دیں۔ جس رات انھوں نے حضرت صالح کے مکان پر شب خون مارنے کا پروگرام بنایا تھا اس رات اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو اپنے رسول کی حفاظت کے لیے بھیج دیا۔ جب یہ اپنی بے نیام تلواریں لہراتے ہوئے آپ پر حملہ کرنے کے لیے لپکے تو فرشتوں نے ان پر پتھراؤ شروع کر دیا۔ انھیں پتھر تو نظر آتے تھے لیکن مارنے والے دکھائی نہیں دیتے تھے۔ چنانچہ ان سب کو اس طرح ہلاک کر دیا گیا اور یہ مہلت کی آخری رات تھی چنانچہ قوم کے باقی افراد بھی تباہ و برباد کر دیئے گئے۔ ان ھؤلاء التسعة لما كان في صدر الثلاثة الايام بعد عقر الناقة وقد اخبرهم صالح بمجيء العذاب اتفقوا وتحالفوا على ان يأتوا دار صالح ليلا ويقتلوه واهله (قرطبی) اسی رات عذاب الٰہی آیا جس نے ساری قوم کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیا۔

ــه جس طرح پہلے عرض کیا جا چکا ہے ان کی بستیاں وادی القریٰ میں تھیں جو مدینہ طیبہ اور شام کے درمیانی علاقہ میں تھا جب حضور غزوہ تبوک کے لیے تشریف لے گئے تو اسی علاقہ سے گزر ہوا حضور نے صحابہ کو فرمایا لا تدخلوا على هؤلاء المعذبين الا ان تكونوا باكين (روح المعانی) یعنی اس عذاب شدہ قوم کے علاقہ میں داخل ہو تو روتے ہوئے داخل ہو۔

ــه اگرچہ اس کا ذکر اتاتون الفاحشة آیت سابقہ میں آگیا تھا لیکن اس کی قباحت و شناعت کو ظاہر کرنے کے لیے

قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ

بجز اس کے کہ انھوں نے کہا نکال دو آلِ لُوط کو اپنی بستی سے ، یہ لوگ تو بڑے پاکباز

يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۡ قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾

بنے پھرتے ہیں ۶۱ سو ہم نے بچا لیا لُوط کو اور ان کے اہلِ خانہ کو سوائے ان کی بیوی کے ہم نے فیصلہ کر دیا اسکے متعلق کہ وہ پیچھے

ع ۴ ۱۴ ۱۹ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۵۸﴾ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

رہنے والوں میں ہوگی۔ اور ہم نے اُن پر خوب پتھر برسائے پس تباہ کُن تھی پتھروں کی بارش (جو) ڈرائے جانے والوں پر (برسی)۔ فرمایئے سب تعریفیں اللہ

وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ۭ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾

تعالیٰ کے لیے ہیں ۶۲ اور سلام ہو اس کے اُن بندوں پر جنھیں اس نے چن لیا (بتاؤ) کیا اللہ بہتر ہے یا جنھیں وہ شریک بناتے ہیں ۶۳

اسے دوبارہ مزید صراحت کے ساتھ بیان کیا۔

۶۱ ازراہِ مذاق و تمسخر وہ یہ کہا کرتے تھے۔

۶۲ انبیاء علیہم السلام اور ان کی قوموں کے حالات بیان کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ اپنے حبیبِ مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حکم دیتا ہے کہ آپ اپنی زبانِ پاک سے اپنے خداوندِ کریم کی حمد و ثنا کریں جس نے ہمیشہ حق کا بول بالا کیا اور اہلِ حق کو اپنی تائید و نصرت سے سرفراز فرمایا اور جس کی یہ شان ہے وہی اس قابل ہے کہ انسان ہمیشہ ہمیشہ اس کی حمد کے ترانے گاتا رہے اور اس کی عظمت و کبریائی کا اعتراف کرتا رہے۔ اس کی حمد کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ان نفوسِ قدسیہ کو فراموش نہ کیا جائے جو اپنے مولا کریم کا نام بلند کرنے کے لیے مصائب و آلام کے ہر پہاڑ سے ٹکرا گئے۔ دنیا بھر کی مخالفتوں کے باوجود ان کے عزم میں کبھی لچک پیدا نہ ہوئی۔ جور و ستم کی ترکش کے ہر تیر کو اپنے سینے پر لیا اور پھر بھی مسکراتے رہے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت کا تقاضا یہ ہے کہ جب اس کی حمد کی جائے تو ان پاک ہستیوں پر بھی درود و سلام کے گلہائے رنگین نچھاور کیے جائیں نیز اس آیت کے بعد کیونکہ توحید کا مبارک بیان شروع ہونے والا ہے اس لیے اس بیان کی اہمیت کے پیشِ نظر اس کا آغاز اللہ تعالیٰ کی حمد اور اس کے پاک بندوں پر صلوٰۃ و سلام سے ہو رہا ہے۔ اسی لیے علماءِ اسلام جب بھی تقریر کے لیے کھڑے ہوتے ہیں یا کوئی خطبہ دیتے ہیں یا کوئی کتاب تالیف کرتے ہیں تو اس کا آغاز اللہ تعالیٰ کی حمد سے اور اس کے نبی کریم پر درود و سلام سے کرتے ہیں۔ ولقد توارث العلماء والخطباء والوعاظ كابرا عن كابر هذا الادب فحمدوا الله وصلوا على رسول الله صلى الله عليه وسلم امام كل علم مفاد وقبل كل عظة وخطبة (قرطبی)۔

بعض علماء نے الذین اصطفیٰ سے صحابہ کرام مراد لیے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی رفاقت کے لیے منتخب فرمایا۔

۶۳ خَیْرٌ اسم تفضیل کا صیغہ ہے اور اسم تفضیل سے یہ بتانا مقصود ہوتا ہے کہ یہ صفت دونوں میں پائی جاتی ہے

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ

بھلا وہ کون ہے جس نے بنایا آسمانوں کو اور زمین کو ۸۵ اور جس نے اتارا تمہارے لیے آسمان سے پانی ۔

فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ

پھر ہم نے اگائے اس پانی سے خوش منظر باغات ۔ تمہاری طاقت نہ تھی کہ تم اگا سکتے ان کے درخت ۔

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ۶۰ؕ اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ

کیا کوئی دوسرا خدا ہے اللہ کے ساتھ؟ ۸۶ بلکہ وہ ایسے لوگ ہیں جو راہ راست سے پرے ہٹ رہے ہیں ۸۷ بھلا کس نے بنایا ہے زمین کو ۸۸

لیکن ایک میں زیادہ دوسرے میں کم جیسے زید اعلم من عمرو کا معنی ہے کہ زید عمرو سے زیادہ عالم ہے ۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ عمرو بالکل جاہل ہے لیکن یہاں تو بتوں میں خیر کا واہمہ تک بھی نہیں ۔ اس لیے علماء نے تصریح کی ہے کہ یہ یہاں اسم تفضیل کے معنی میں استعمال نہیں بلکہ محض خیر و خوبی کے اظہار کے لیے ہے یا اس لیے کہ کفار اپنے زعم باطل میں کچھ نہ کچھ خیر و بھلائی تو اپنے بتوں میں یقین کرتے تھے ۔ اسی لیے تو ان کی پوجا کرتے تھے ۔

۸۵ یہاں سے بت پرستوں اور مشرکوں سے پوچھا جا رہا ہے کہ جن خداؤں کی تم پرستش کرتے ہو ۔ آخر اس کی وجہ کیا ہے؟ کائنات کی ہر چھوٹی بڑی چیز کا خالق اللہ ہے ۔ ہر قسم کے انعامات و احسانات کا سرچشمہ فقط اسی کی ذات والا صفات ہے تو پھر کسی اور کو خدا کیوں بنایا جائے ۔ چنانچہ کائنات کی مختلف چیزوں کو مشرکین کے سامنے یکے بعد دیگرے پیش کیا جا رہا ہے اور ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ کیا ان کی تخلیق ، ان کی تحسین و تزئین اور ان کی نشو و نما میں کسی اور کا بھی کوئی حصہ ہے تاکہ اسے خدا بنایا جائے اور اسے پوجا جائے ۔ پہلا سوال ان سے یہ کیا گیا کہ یہ آسمان اور زمین کس نے پیدا فرمائے ۔ پھر یہ بتاؤ آسمان سے پانی کون برساتا ہے ۔ تمہارے دائیں بائیں یہ خوش منظر باغات جو لہلہا رہے ہیں کس نے اگائے ہیں ۔ تم میں تو اتنی طاقت بھی نہیں کہ تم از خود ایک پودا بھی اگا سکو ۔

۸۶ اے بتوں کو پوجنے والو! بتاؤ کیا آسمان ، زمین کی تخلیق یا ان باغات کی آفرینش میں کوئی اور خدا بھی شریک ہے؟ اگر تم بھی مانتے ہو کہ ان سب کا خالق اللہ تعالیٰ ہے تو پھر تم اپنے طرز عمل پر نظر ثانی کیوں نہیں کرتے ۔

۸۷ یہ کافر بھی عجیب و غریب مخلوق ہیں ۔ اتنے واضح دلائل کے باوجود اللہ تعالیٰ سے روگرداں ہیں یا ان بتوں کو اس کا ہمسر سمجھتے ہیں ۔ یعدلون من العدول بمعنی الانحراف وقیل من العدل بمعنی المساوات ای یساوون بہ غیرہ تعالیٰ من الھتھم (روح المعانی)

۸۸ قرار کا معنی ہے مستقر یعنی ٹھہرنے کی جگہ جہاں تم آباد ہو اور اپنی زندگی خوشی اور آرام سے بسر کر رہے ہو ۔ قرار کے

# قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ

ٹھہرنے کی جگہ اور جاری کر دیں اس کے درمیان نہریں اور بنا دیے زمین کے لیے پہاڑوں کے لنگر اور بنا دی دو سمندروں

ایک لفظ میں آپ جتنا غور کریں گے اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اس کی شانِ ربوبیت کے ان گنت کرشمے آپ کو یہاں سمٹے ہوئے نظر آئیں گے۔ انسانی زندگی کی بقا اور نشوونما کے لیے زمین میں کن خصوصیات کا پایا جانا ضروری ہے، کون کون سی ایسی چیزیں ہیں جو اگر موجود نہ ہوں تو انسانی زندگی ان رعنائیوں اور مسرتوں سے یکسر خالی ہو جس سے اب اس کا دامن معمور ہے، کون کون سی ایسی چیزیں ہیں کہ اگر ان کا سراغ نہ لگایا جا سکے تو ایجاد و اختراع کی بے پناہ قوتیں جو اس کی فطرت میں مضمر ہیں وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بے کار پڑی رہیں۔ ان تمام وسائل اور اسباب کی بہم رسائی کے بعد ہی انسانی زندگی کو بقا اور نشوونما نصیب ہو سکتی ہے۔ غرضیکہ قرار کے لفظ میں آپ جتنا غور کرتے چلے جائیں گے معارف و معانی کا ایک لامتناہی سلسلہ آپ کے سامنے بے نقاب ہوتا چلا جائے گا۔ یہاں میں نیویارک سائنس اکیڈیمی کے پریذیڈنٹ اے۔ سی موریسن کے مضمون کا ایک مختصر اقتباس پیش کرتا ہوں جس سے آپ کو امّن جعل الارض قرارا کا مفہوم مزید واضح ہو جائے گا۔

”زمین اپنے محور پر ایک ہزار میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چکر کاٹ رہی ہے۔ اگر اس کی رفتار ایک ہزار میل کی بجائے ایک سو میل ہوتی تو دن اتنے لمبے ہوتے کہ سورج کی تپش تمام کھیتوں کو بھون کر رکھ دیتی اور راتیں اتنی لمبی اور سرد ہوتیں کہ زندگی کی اگر کچھ رمق سورج کی تپش سے بچ جاتی تو رات کی سردی اسے منجمد کر کے رکھ دیتی۔ سورج کا درجہ حرارت بارہ ہزار ڈگری فارن ہیٹ ہے لیکن زمین کو اس سے اتنی مناسب دوری پر رکھ دیا گیا ہے کہ وہاں سورج کی حرارت اتنا قدر ہی پہنچتی ہے جو حیات بخش ہے اور اگر سورج کا درجہ حرارت بارہ ہزار ڈگری کی بجائے چھ ہزار ڈگری ہوتا تو کرۂ زمین برف کے نیچے دب جاتا اور اگر اٹھارہ ہزار ڈگری ہوتا تو ساری زمین اس کی تمازت سے جل کر راکھ ہو جاتی۔ زمین کا جھکاؤ تئیس درجے کا زاویہ بناتا ہے۔ اور اسی جھکاؤ سے ہمارے موجودہ موسم مناسب وقفوں کے بعد باری باری آتے ہیں۔ اگر اس میں یہ جھکاؤ نہ ہوتا تو سمندر سے اٹھنے والے بخارات جنوب اور شمال میں حرکت کرتے اور اتنی زور سے برف باری ہوتی کہ ساری زمین ڈھک جاتی۔ اگر چاند کی دوری زمین سے اتنی نہ ہوتی جتنی اب ہے بلکہ صرف پچاس ہزار میل ہوتی تو سمندروں میں مدوجزر اس شدت سے آتا کہ پہاڑوں تک کو بھی بہا کر لے جاتا اگر زمین کی سطح موجودہ سطح سے صرف دس فٹ زیادہ موٹی ہوتی تو یہاں آکسیجن ہی نہ ہوتی اور کوئی جانور زندہ نہ رہتا اور اگر سمندر چند فٹ اور گہرے ہوتے تو ساری کاربن ڈائی آکسائڈ اور آکسیجن صرف ہو جاتی اور روئے زمین پر کوئی سبز پتہ نظر نہ آتا۔ اس حکیمانہ نظام پر غور کرنے سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ کارخانۂ ہستی اتفاقاً معرضِ وجود میں نہیں آگیا بلکہ ایک حکیم و دانا خالق نے اس کی تخلیق فرمائی ورنہ زندگی کا کوئی امکان نہ تھا“ (ضیاء القرآن، جلد اول، الانعام: ۷۳ کا حاشیہ)

الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ ﴿۶۱﴾

کے درمیان آڑ ۱۰۰ کیا کوئی اور خدا ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ؟ بلکہ ان میں سے اکثر لوگ بے علم ہیں ۱۰۱

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ

بھلا کون قبول کرتا ہے ایک بیقرار کی فریاد جب وہ اسے پکارتا ہے اور دور کون فرماتا ہے تکلیف ۱۰۲ کو اور کس نے

اب آپ نے غور فرمایا کہ اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا کا کیا مفہوم ہے۔

۹۸ اس کو تمہاری قرارگاہ بنانے کے لیے اللہ تعالیٰ نے ہر طرف پانی کی بہم رسانی کے لیے ندیاں رواں کر دی ہیں۔ کچھ ظاہری سطح پر دریاؤں، چشموں کی شکل میں تمہیں نظر آتی ہیں اور کچھ زیر زمین ہیں جن سے تم کوئیں کھود کر ٹیوب ویل لگا کر اور دوسرے مختلف طریقوں سے پانی نکالتے ہو۔ ہموار میدان ہوں یا اونچے پہاڑ ہر جگہ ہم نے تمہارے لیے پانی کا ذخیرہ فراہم کر دیا ہے ذرا غور کرو جہاں پانی نایاب ہے یا اس کی سطح کو ہم نے اتنا گہرا کر دیا ہے جہاں تک اس مشینی دور میں بھی تمہاری رسائی نہیں ہوتی وہاں تم کوئی بستی آباد کر کے کوئی باغ لگا کر یا کوئی فصل کاشت کر کے دکھاؤ تو کوئی بات بھی ہو۔

۹۹ کرہ زمین محیط ہوا میں معلق ہے۔ اگر ہم اس کو پہاڑوں کے لنگروں سے ایک حالت پر قرار نہ بخشتے تو یہاں آبادی کا امکان تک نہ ہوتا۔ ہر وقت اسی قسم کے خوفناک جھٹکے آتے رہتے۔ جن کا مشاہدہ تم گاہے گاہے زلزلہ کی صورت میں کرتے ہو جن کی وجہ سے آن واحد میں تمہاری فلک بوس عمارتیں اور گنجان آبادیاں پیوند خاک ہو جاتی ہیں۔ دریاؤں کے رخ بدل جاتے ہیں۔ زمین کے شکم سے آگ کے شعلے نکلنے لگتے ہیں۔ ہم نے اپنی قدرت و حکمت سے پہاڑوں کے کیل گاڑ کر اس کا توازن ایسا برقرار رکھا ہے کہ وہ اپنی طبعی حرکت سے متحرک ہونے کے باوجود تمہارے لیے کسی اضطراب کا باعث نہیں بنتی۔

۱۰۰ پھر میٹھے اور کھاری پانی کو باہم ملنے سے ہم نے روکا ہوا ہے اور بسا اوقات یہ رکاوٹیں آتنی لطیف اور غیر محسوس ہوتی ہیں کہ تم ان کا انکشاف بھی نہیں کر سکتے لیکن اتنی لطافت کے باوجود وہ اتنی پختہ اور مضبوط ہوتی ہیں کہ کیا مجال کہ دونوں پانی آپس میں خلط ملط ہو سکیں۔

۱۰۱ اب بتاؤ یہ سب کچھ کس کی قدرت، حکمت اور علم کی جلوہ نمائی ہے۔ کیا کوئی اور خدا ہے جس کو تم شریک کار بتا سکو جب نہیں اور یقیناً نہیں تو پھر تم کسی کو الٰہ اور معبود کیوں بناتے ہو کیا اس سے بڑی حماقت کوئی اور بھی ہو سکتی ہے۔

۱۰۲ مُضطر اس مصیبت زدہ کو کہتے ہیں جسے مصائب اور شدائد نے اتنا گھبرا دیا ہو کہ وہ ہر طرف سے منہ موڑ کر صرف اللہ کی پناہ لینے پر مجبور ہو جائے۔ قال ذوالنون: هو الذى قطع العلائق عما دون الله (قرطبی)

سہل بن عبداللہ سے اس کا ایک یہ مفہوم بھی مذکور ہے کہ وہ گنہگار جس کی ساری عمر گناہوں میں گزری۔ اس کا نامۂ اعمال نیکیوں اور طاعتوں سے یکسر خالی ہو۔ اور جب وہ دعا کے لیے بارگاہ الٰہی میں ہاتھ اٹھائے تو اسے کوئی نیکی نظر نہ آئے جس کے

خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٦٢﴾

بنایا ہے تمھیں زمین میں (اگلوں کا) خلیفہ۔ کیا کوئی اور خدا ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ؟ تم بہت کم غور و فکر کرتے ہو۔

اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ

بھلا کون راہ دکھاتا ہے تمھیں [٦٣] بر و بحر کے اندھیروں میں اور کون بھیجتا ہے ہواؤں کو خوشخبری دینے کے لیے

وسیلہ سے وہ دعا کرے۔ اس کا بھروسہ محض اللہ تعالیٰ کی شانِ رحمت پر ہو۔ قال سهل بن عبد الله: المضطر هو الذي اذا رفع يديه الى الله داعيا لم يكن له وسيلة من طاعة قدمها (قرطبی)

کفار سے اب ایک اور بات پوچھی جا رہی ہے جس کا تعلق کسی بیرونی چیز کے ساتھ نہیں جس کو وہ ٹھیک طور پر سمجھ نہ سکتے ہوں بلکہ اس کا تعلق ان کی اپنی ذات سے ہے اور جس کو وہ خوب سمجھتے ہیں۔ اور وہ یہ کہ ہر شخص خواہ وہ کتنا ہی ذی جاہ، ذی مال ہو اس پر زندگی میں کوئی نہ کوئی افتاد ایسی پڑتی ہے جب اس کی ذاتی قابلیتیں، ذاتی وسائل، اس کے دوست احباب سب بے بس ہو کر رہ جاتے ہیں۔ اس کا وہ خود اعتراف بھی کرتا ہے کہ اس گردابِ ہلاکت سے اسے اس کی کوئی تدبیر کوئی حیلہ بچا نہیں سکتا۔ اس وقت اس کی نگاہ اللہ تعالیٰ کی طرف اٹھتی ہے اور وہ یقین کرتا ہے کہ اب اس کی چارہ سازی کے بغیر نجات ناممکن ہے۔ کیونکہ اس قسم کے حالات سے ہر شاہ و گدا، ہر امیر و فقیر، ہر عالم و جاہل کو واسطہ پڑتا ہے۔ اس لیے ان سے سوال کیا جا رہا ہے کہ اس وقت تو تم بھی اعتراف کرتے ہو کہ تمھارے بت، یہ معبودانِ باطل تمھاری کوئی مدد نہیں کر سکتے۔ اللہ تعالیٰ ہے جو طوفانوں میں گھری ہوئی تمھاری کشتی کو سلامتی سے کنارے لگا دے تو پھر تم کیوں نصیحت قبول نہیں کرتے اور کیوں اس کی توحید پر پختہ ایمان نہیں لاتے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے غلاموں کو حالتِ اضطرار میں جس طرح اپنے مولا کریم کے سامنے دعا کرنے کا سبق دیا ہے وہ تحریر ہے تاکہ سب غلامانِ مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء اس سے استفادہ کر سکیں۔ عن ابی بکرة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فی دعاء المضطر:

اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَاَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ۔ (قرطبی عن ابی داؤد الطیالسی)

"اے اللہ! میں صرف تیری رحمت کا امیدوار ہوں۔ مجھے آنکھ جھپکنے کی دیر بھی میرے نفس کے حوالہ نہ کر۔ میرے کام درست فرما دے۔ تیرے بغیر کوئی معبود نہیں۔"

[٦٣] پھر ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ جب رات کی تاریکیوں میں تم سفر کر رہے ہوتے ہو۔ اس وقت منزلِ مقصود کا پتہ تمھیں کون دیتا ہے۔ اسی کے روشن کیے ہوئے ستاروں کو دیکھ کر تم اپنا راستہ دریافت کرتے ہو۔ اگر دن کے وقت جبکہ سورج کی روشنی ہر سو پھیلی ہوئی ہوتی ہے یا رات کے وقت جب ستارے چمک رہے ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ تمھیں بھٹکا دے تو

بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۭ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۭ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا

(اپنی رباران) رحمت سے پہلے ف کیا کوئی اور خدا ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ۔ برتر ہے اللہ تعالیٰ ان سے جنھیں

يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۳﴾ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ

وہ شریک بناتے ہیں بھلا کون ہے جو آغاز کرتا ہے آفرینش کا پھر دوبارہ پیدا کرے گا اسے اور کون ہے جو رزق دیتا ہے

مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۭ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۭ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ

تمھیں آسمان سے اور زمین سے ف کیا کوئی اور خدا ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ، فرمائیے (اے مشرکو!) پیش کرو

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۶۴﴾ قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اپنی کوئی دلیل اگر تم سچے ہو ف آپ فرمائیے (خود بخود) نہیں جان سکتے جو آسمانوں اور زمین میں ہیں غیب کو

الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۭ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ ادّٰرَكَ

سوائے اللہ تعالیٰ کے ف اور وہ (یہ بھی) نہیں سمجھتے کہ انھیں کب اٹھایا جائے گا ف بلکہ گم ہو گیا ہے ان کا

کوئی اور خدا ہے جو اس وقت تمھاری دستگیری کے لیے آگے بڑھے اور تمھیں تمھاری منزل پر پہنچا دے۔ ہرگز نہیں۔

ف اس کی ایک اور مہربانی پر غور کرو جب مینہ برستا ہے تو اچانک ہی برسنا شروع نہیں ہو جاتا بلکہ اس سے پہلے ٹھنڈی ہوا کے جھونکے آنے شروع ہوتے ہیں جس سے نہ صرف تمھاری بجھی ہوئی طبیعت اور افسردہ مزاج شگفتہ ہو جاتا ہے بلکہ بارش سے پہلے جو احتیاطی تدابیر تم اختیار کرنا چاہتے ہو اس کے لیے تمھیں کافی موقع مل جاتا ہے۔ تو تم ایسے رحیم اور کریم خدا کو چھوڑ کر کیوں دوسری چیزوں کو اپنا خدا بناتے ہو۔ کچھ تو سوچو عقل سے کچھ تو کام لو۔

ف اللہ تعالیٰ کو وہ خالق تو مانتے تھے لیکن اعادۂ حیات اور وقوعِ قیامت کے وہ قائل نہ تھے۔ انھیں سمجھایا جا رہا ہے کہ جب وہ پیدا کر سکتا ہے جو بہت پیچیدہ اور مشکل کام ہے تو وہ اعادہ کیوں نہیں کر سکتا جو پہلے کام سے بدرجہا آسان ہے۔

ف اپنے تمام افعال اور صفاتِ کمال میں وہ یکتا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں تو پھر کسی کو اس کا شریک ٹھہرانا کتنی بڑی حماقت ہے۔ آخر میں فرمایا کہ یہ روشن حقیقتیں جو تمھارے سامنے پیش کی گئی ہیں اگر تمھارے پاس ان کے خلاف یا ان میں سے کسی ایک کے خلاف بھی کوئی دلیل ہو تو پیش کرو۔ تمھیں اذنِ عام ہے۔

ف اللہ تعالیٰ کی توحید پر دلائل واضحہ اور براہین ساطعہ ذکر کرنے کے بعد اب اللہ تعالیٰ کے علم محیط کا بیان ہو رہا ہے۔

اور بتایا جا رہا ہے کہ تخلیق کائنات، تدبیر شئون عالم، خستہ دلوں اور آشفتہ حالوں کی فریاد رسی، رزق رسانی وغیرہا صفات میں جس طرح اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی طرح اس کی صفت علم میں بھی اس کا کوئی شریک نہیں۔ غیب کسے کہتے ہیں۔ اس کا مفہوم کیا ہے۔ اس کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں: (مالا یقع تحت الحواس ولا تقتضیہ بداھۃ العقل والمفردات) یعنی وہ علم جو حواس کی رسائی سے بالاتر ہو اور جو قوت عقل سے بھی حاصل نہ کیا جاسکے اسے غیب کہتے ہیں۔ آیت کریمہ کا مفہوم یہ ہوگا کہ زمین و آسمان میں جو بھی موجود ہیں، فرشتے، جنات، انسان جن میں علماء، اولیاء، انبیاء اور اولوالعزم رسل بھی داخل ہیں اور دیگر لوگ کوئی بھی الغیب کو نہیں جان سکتے۔ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی یہ شان ہے کہ وہ عالم الغیب ہے۔ جس طرح اس کی ذات میں اور اس کی دیگر صفات میں کوئی ہمسری کا دم نہیں مار سکتا۔ اسی طرح اس کی صفت علم میں بھی اس کا کوئی شریک نہیں ہو سکتا۔ اگر کوئی شخص اس کی صفت علم میں کسی کو شریک بنائے گا تو وہ بھی اسی طرح مشرک ہوگا اور دائرہ اسلام سے خارج ہوگا جس طرح اس کی دوسری صفات میں کسی کو شریک بنانے والا یا اس کی ذات کی طرح کسی کو واجب الوجود ماننے والا مشرک ہے اور دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔

قرآن کریم کی آیات کا مفہوم بیان کرتے ہوئے ضروری ہے کہ انسان اس بات کا خیال رکھے کہ آیات کا ایسا مفہوم اور تشریح نہ بیان کی جائے جو قرآن کی دوسری آیات کے سراسر خلاف ہو۔ ورنہ وہ قرآن حکیم کی حقانیت ثابت کرنے کے بجائے اپنے سامعین کے دل میں یہ غلط فہمی پیدا کرنے کا سبب بن جائے گا کہ قرآن کی بعض آیتیں دوسری آیتوں سے ٹکراتی ہیں اور تکذیب کرتی ہیں (العیاذ باللہ) اور وہ کتاب جس کا ایک حصہ دوسرے حصہ کا ابطال کر رہا ہو اسے کسی عقلمند انسان کا کلام بھی نہیں کہا جاسکتا چہ جائیکہ اسے خداوند علیم و حکیم کا کلام مانا جائے جو ہمہ بین بھی ہے اور ہمہ دان بھی۔

قرآن کریم نے اپنے کلام الٰہی ہونے پر دیگر دلائل کے علاوہ ایک یہ دلیل بھی پیش کی ہے کہ اس میں اختلاف نہیں پایا جاتا۔ ارشاد ہے لوکان من عند غیر اللہ لوجدوا فیہ اختلافا کثیرا (۴: ۸۲)

یعنی یہ اگر اللہ تعالیٰ کا کلام نہ ہوتا تو تم اس میں جگہ جگہ پر اختلاف اور تضاد پاتے۔ گویا قرآن میں اختلاف کا نہ پایا جانا اس بات کی محکم دلیل ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔

اگر غور و فکر کا دامن ہاتھ سے چھوڑ کر اس آیت کا ترجمہ کیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ زمین و آسمان میں جو مخلوق بھی ہے وہ غیب کو نہیں جانتی۔ حالانکہ قرآن کی بے شمار آیتوں سے ہمیں فرشتوں کا، نزول وحی کا، قیامت، جنت و دوزخ کا علم ہے اور ان پر ہمارا ایمان ہے۔ حالانکہ یہ تمام عالم غیب کی چیزیں ہیں نیز کثیر آیات اور ہزاروں صحیح احادیث سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا امور غیبیہ پر مطلع ہونا ثابت ہے اس لیے ہمیں اس آیت میں غور کرنا چاہیے کہ اس کا مطلب کیا ہے۔ علماء کرام نے تصریح کی ہے کہ اس آیت سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بتائے اور بتلائے بغیر کوئی بھی غیب پر آگاہ نہیں ہو سکتا۔ خود قرآن حکیم نے بھی اس قول کی تصدیق فرما دی۔ عالم الغیب فلا یظھر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول (۷۲: ۲۶، ۲۷)۔ اللہ تعالیٰ غیب کا جاننے والا ہے اور وہ اپنے غیب پر کسی کو آگاہ نہیں کرتا سوائے

اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔

اس آیت نے بتادیا کہ اللہ تعالیٰ کی دوسری تمام صفات کی طرح اس کی یہ صفت بھی قدیم ہے۔ ذاتی ہے اور غیر متناہی ہے یعنی ایسا نہیں کہ وہ پہلے کسی چیز کو نہیں جانتا تھا اور اب جاننے لگا ہے بلکہ وہ ہمیشہ ہمیشہ سے ہر چیز کو اس کے پیدا ہونے سے پہلے بھی، اس کی عین حیات میں بھی اور اس کے مرنے کے بعد بھی اپنے علم تفصیلی سے جانتا ہے۔ نیز اس کا یہ علم اس کا اپنا ہے کسی نے اس کو سکھایا نہیں ہے۔ نیز اس کے علم کی نہ کوئی حد ہے نہ نہایت۔ اگر کوئی شخص کما یا کیفاً یعنی مقدار اور کیفیت کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کی کسی صفت کا کسی کے لیے اثبات کرے تو وہ ہمارے نزدیک شرک کا مرتکب ہوگا۔

اس لیے حضور پُر نور امام الاولین والآخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم کا علم مبارک خداوند کریم کے علم کی طرح قدیم نہیں بلکہ حادث ہے یعنی پہلے نہیں تھا بعد میں اللہ تعالیٰ کے تعلیم کرنے سے حاصل ہوا۔ خداوند کریم کے علم کی طرح ذاتی نہیں بلکہ عطائی ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے سکھانے سے حاصل ہوا۔ نیز حضور سرور عالم کا علم خداوند کریم کے علم کی طرح غیر متناہی اور غیر محدود نہیں بلکہ متناہی اور محدود ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے علم محیط کے ساتھ حضور فخر موجودات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے علم کی نسبت اتنی بھی نہیں جتنی پانی کے ایک قطرہ کو دنیا بھر کے سمندروں سے ہے۔

ہاں اتنا فرق ضرور ہے کہ حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا یہ حادث، عطائی اور محدود علم اتنا محدود نہیں جتنا بعض حضرات نے سمجھ رکھا ہے۔ اس کی وسعتوں کو یا دینے والا جانتا ہے یا لینے والا۔ یا سکھانے والے کو پتہ ہے یا سیکھنے والے کو۔ ہم تم تو کس گنتی میں ہیں۔ جبریل امین بھی وہاں دم مارنے کی مجال نہیں رکھتا۔ فاوحی الی عبدہ ما اوحی۔ اس نے وحی فرمائی اپنے بندے کی طرف جو وحی فرمائی۔ علم و معرفت کی وہ وسعتیں اور بے کرانیاں جن پر بیان کا ہر جامہ تنگ ہے۔ ان کی حد بندی ہم کرنے لگیں گے تو ٹھوکریں نہیں کھائیں گے تو اور کیا ہوگا۔

اس کلید رحمن نے اپنی زبان حق ترجمان سے ہمیں خود جو کچھ بتایا ہے ہم اس کو حق تسلیم کرتے ہیں اور اسی پر ہمارا ایمان ہے۔ اسی کی زبان پاک سے نکلا ہوا یہ قول طیب ہم نے سنا ہے:۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رأیت ربی عزوجل فی احسن صورۃ قال فیم یختصم الملأ الاعلی قلت انت اعلم قال فوضع کفہ بین کتفی فوجدت بردھا بین ثدیی فعلمت ما فی السمٰوٰت والارض۔

ترجمہ:۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا آج میں نے اپنے بزرگ و برتر پروردگار کی زیارت کی ہے بڑی حسین اور پیاری صورت میں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کی ہتھیلی میرے دونوں کندھوں کے درمیان رکھی۔ جس کی ٹھنڈک میں نے سینے میں محسوس کی۔ پھر میں نے جان لیا جو کچھ آسمانوں میں تھا اور زمین میں تھا:

اس حدیث پاک کی شرح کرتے ہوئے حضرت شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مشکوٰۃ کی شرح اشعۃ اللمعات میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"پس دانستم ہر چہ در آسمانہا و ہر چہ در زمینہا بود۔ عبارت است از حصول تمامہ علوم جزوی و کلی و احاطہ آں"

ترجمہ: پس جو چیز آسمانوں میں تھی اُسے بھی میں نے جان لیا اور جو چیز زمینوں میں تھی اسے بھی میں نے جان لیا۔ (پھر فرماتے ہیں کہ) اس ارشاد نبوی کا مقصد یہ ہے کہ تمام علوم جزوی اور کلی مجھے حاصل ہو گئے اور ان کا میں نے احاطہ کر لیا۔"

علامہ علی القاری علیہ الرحمۃ اپنی کتاب المرقاۃ شرح المشکوۃ میں پہلے اس حدیث کا مفہوم بیان کرتے ہیں۔ اس کے بعد شارح بخاری علامہ ابن حجر کا قول نقل کرتے ہیں۔ میں بیان اختصار کو ملحوظ رکھتے ہوئے فقط علامہ ابن حجرؒ کے قول پر اکتفا کرتا ہوں۔

قال ابن حجر ای جمیع الکائنات التی فی السمٰوت بل وما فوقها ...... والارض هی بمعنی الجنس ای وجمیع ما فی الارضین السبع وما تحتها ...... یعنی ان الله تعالیٰ اری ابراهیم علیه الصلوٰة والسلام ملکوت السمٰوت والارض وکشف له ذالك وفتح علیّ ابواب الغیوب ۔ (المرقات شرح مشکوٰة ، جلد ا صفحہ ۴۶۳)

ترجمہ: علامہ ابن حجرؒ نے فرمایا کہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ تمام کائنات جو آسمانوں میں تھی بلکہ ان کے اوپر بھی جو کچھ تھا اور جو کائنات سات زمینوں میں تھی بلکہ ان کے نیچے بھی جو کچھ تھا وہ میں نے جان لیا۔ اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تو آسمانوں اور زمین کی بادشاہی دکھائی تھی اور اسے آپ پر منکشف کیا تھا اور مجھ پر اللہ تعالیٰ نے غیب کے دروازے کھول دیئے ہیں۔"

ممکن ہے اس حدیث کی سند کے بارے میں کسی کو شک ہو اس لیے اس کے متعلق مشکوٰۃ کے مصنف کی رائے غور سے سن لیجیے جو انہوں نے یہ حدیث متعدد طرق سے نقل کرنے کے بعد تحریر کی ہے۔ اگر دل میں حق پذیری کا جذبہ موجود ہے تو بفضلہ تعالیٰ یقیناً تسلی ہو جائے گی۔

رواه احمد والترمذی وقال حسن صحیح وسألت محمد بن اسمٰعیل البخاری من هٰذا الحدیث فقال هٰذا حدیث صحیح ۔ (مشکوٰۃ شریف ۔ کتاب الصلوٰۃ)

اس حدیث کو امام احمدؒ اور امام ترمذیؒ نے روایت کیا ہے۔ اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں کہ میں نے اس حدیث کے متعلق امام بخاریؒ سے دریافت کیا۔ انھوں نے فرمایا هٰذا حدیث صحیح۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

امام مسلم اپنی صحیح میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

قام فینا رسول الله صلی الله علیه وسلم مقاما ما ترك شیئاً یکون فی مقامه ذلك الی قیام الساعة الا حدث به حفظه من حفظه ونسیه من نسیه قد علمه اصحابی هٰؤلاء وانه لیکون منه الشیٔ قد نسیته فاریٰ فاذکره کما یذکر الرجل وجه الرجل اذا غاب عنه ثم اذا راٰه ۔

ترجمہ: ایک روز حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک جگہ تشریف فرما ہوئے اور قیامت تک ہونے والی کوئی چیز ایسی نہ تھی جس کا ذکر حضور نے نہ فرمایا ہو۔ یاد رکھا اس کو جس نے یاد رکھا۔ بھلا دیا اسے

جس نے بھلا دیا میرے یہ سارے صحابہ اس کو جانتے ہیں۔ اور ایسا ہوتا ہے کہ کوئی ایسی شے وقوع پذیر ہوتی ہے جسے میں بھول چکا ہوتا ہوں تو اسے دیکھتے ہی مجھے یاد آجاتا ہے (کہ حضور نے یونہی فرمایا تھا) بالکل اس طرح جیسے تیرا کوئی واقف آدمی کافی عرصہ تجھ سے غائب رہا ہو۔ اور جب تو اسے دیکھے تو تو اسے پہچان لیتا ہے۔"

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث روایت کی ہے وہ بھی ملاحظہ فرمایئے:۔

عن عمرؓ قال قام فینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقاما فاخبرنا عن بدء الخلق حتی دخل اھل الجنۃ منازلھم و اھل النار منازلھم حفظ ذالک من حفظہ ونسیہ من نسیہ (رواہ البخاری)

ترجمہ: "حضرت عمرؓ سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیام فرما ہوئے اور تخلیق کائنات کی ابتداء سے لے کر اہل جنت کے اپنی منازل میں اور اہل دوزخ کے اپنے ٹھکانوں میں داخل ہونے تک کے تمام حالات سے ہمیں خبر دی۔ یاد رکھا اس کو جس نے یاد رکھا بھلا دیا اسے جس نے بھلا دیا۔"

علامہ علی القاری مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں اس حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ طیبی کا یہ قول نقل کرتے ہیں:۔

قال الطیبی حتی غایۃ اخبرنا ای اخبرنا مبتدأ من بدء الخلق حتی انتھی الی دخول اھل الجنۃ الجنۃ ووضع الماضی موضع المضارع مبالغۃ للتحقیق المستفادۃ من قول الصادق الامین صلی اللہ علیہ وسلم۔

ترجمہ: "علامہ طیبی فرماتے ہیں کہ حدیث شریف میں حتی کا لفظ بیان غایت کے لیے ہے۔ یعنی حضور نے اپنے اس جامع خطبہ میں کائنات کی آفرینش سے لے کر اس وقت تک کے تمام حالات بیان فرمائے جبکہ جنتی اپنے اپنے محلات میں قیام پذیر ہو جائیں گے۔ پھر فرماتے ہیں کہ جنتیوں کا جنت میں دخول تو زمانہ مستقبل میں ہوگا اس لیے حتی یدخل یعنی مضارع کا صیغہ استعمال ہونا چاہیے تھا۔ حدیث میں ماضی کا صیغہ (حتی دخل) کیوں استعمال ہوا ہے۔ اس کا جواب دیتے ہیں کہ کیونکہ یہ خبر دینے والا صادق (سچا) اور امین (دیانتدار) رسول ہے۔ اس نے آئندہ کے متعلق جو فرما دیا کہ ایسا ہوگا اس کا ہونا بھی اتنا ہی یقینی ہے جتنا اس بات کا جو پہلے واقع ہو چکی ہو۔"

اللہ تعالیٰ اسلاف کرام کا نور ایمان عطا فرمائے تب ہی کتاب و سنت کے آئینہ میں حق کا رخ زیبا نظر آتا ہے۔ ورنہ ساری عمر شک و شبہ کی جھاڑیوں میں دامن الجھا رہتا ہے۔ اور قیل و قال سے ہی فرصت نہیں ملتی۔

قرآن کریم کی آیات طیبات اور ان احادیث صحیحہ کے بعد ہم کسی سے اپنے مومن ہونے کا سرٹیفکیٹ لینے کے لیے یہ ماننے، یا زبان پر لانے یا اس کا تصور کرنے کے لیے بھی تیار نہیں کہ شیطان کا علم فخر عالم کے علم سے زیادہ ہے یا ایسا علم تو گاؤ خر اور سر سفیہ کو بھی حاصل ہے۔ العیاذ باللہ ثم العیاذ باللہ۔

اس آیت کا جو مفہوم میں نے بیان کیا علماء کرام کی تصریحات بھی اسی کی تائید کرتی ہیں۔ چنانچہ علامہ سید محمود آلوسی بغدادی

اس پر سیر حاصل بحث کرنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں:۔

ولعل الحق ان یقال ان العلم الغیب المنفی عن غیرہ جل وعلا ھو ما کان للشخص لذاتہ ای بلا واسطۃ فی ثبوتہ لہ . . . . وما وقع للخواص لیس من ھذا العلم المنفی فی شیئ ضرورۃ انہ من الواجب عزّ وجل افاضہ علیہم بوجہ من وجوہ الافاضۃ ۔ (روح المعانی جلد ۲۰ صفحہ ۱۱)

ترجمہ: یعنی حق بات یہ ہے کہ جس علم غیب کی نفی کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اسے کوئی نہیں جانتا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ کوئی شخص اسے خود بخود نہیں جان سکتا۔ اور خاص بندوں کو جو علم حاصل ہے وہ یہ علم نہیں جس کی آیت میں نفی کی گئی ہے بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کی فیض رسانی سے انہیں حاصل ہوا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنی فیض رسانی کے متعدد وجوہ میں سے کسی ایک وجہ سے انہیں مرحمت فرمایا ہے۔

علامہ موصوف اس سے آگے چل کر لکھتے ہیں:

وبالجملۃ علم الغیب بلا واسطۃ کلًا اوبعضًا مخصوص باللہ جل وعلا لا یعلمہ احد من الخلق اصلًا

ترجمہ: یعنی ساری بحث کا حاصل یہ ہے کہ علم الغیب بلا واسطہ کلًا اور بعضًا اللہ تعالیٰ کی ذات کے ساتھ خاص ہے یعنی نہ سارا علم غیب بغیر اس کے بتائے کوئی جان سکتا ہے اور نہ بعض کوئی جان سکتا ہے۔

حضرت علامہ ثناء اللہ پانی پتی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"وغیرہ تعالیٰ لا یعلم الا باعلامہ یعنی اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی غیب نہیں جان سکتا مگر اس کے بتانے اور سکھانے سے"۔

آخر میں اپنی رائے ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

قلت ویمکن ان یکون التقدیر لا یعلم من فی السموات والارض الغیب بشیئ الا باللہ ای بتعلیمہ (مظہری)

"یعنی میں کہتا ہوں کہ تقدیر عبارت یوں ہے کہ زمین و آسمان کی کوئی چیز اللہ تعالیٰ کی تعلیم اور سکھانے کے بغیر غیب کو نہیں جان سکتی"۔

اس تحقیق کے بعد بھی اگر کوئی صاحب ہم اہل السنت پر شرک کا الزام لگائے تو اس کی مرضی۔ اس آزادی کے دور میں ہم اس کے لیے دعائے ہدایت کے بغیر کیا کہہ سکتے ہیں۔ البتہ اسے یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اس بہتان کے متعلق اس سے باز پرس ہوگی۔ اور اس پر آشوب دور میں اُمت مصطفویہ علیٰ نبیہا افضل الصلوات والتسلیمات میں فتنہ و فساد کا دروازہ کھولنے پر اسے روزِ حشر جوابدہ ہونا ہوگا۔ الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ حبیبہ وعلیٰ آلہ وصحبہ اجمعین۔

۹۵ کفارِ مکہ نے حضور سے پوچھا کہ جس قیامت سے آپ صبح و شام ہمیں ڈراتے رہتے ہیں، ذرا یہ تو بتائیے وہ

عِلۡمُهُمۡ فِى الۡاٰخِرَةِ‌ قف بَلۡ هُمۡ فِىۡ شَكٍّ مِّنۡهَا‌ قف بَلۡ هُمۡ

علم آخرت کے متعلق ٥٣ بلکہ وہ تو اس کے بارے میں شک میں ہیں۔ بلکہ وہ اس سے

مِّنۡهَا عَمُوۡنَ ﴿٦٦﴾ وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّ اٰبَآؤُنَاۤ اَٮِٕنَّا ع ٥

اندھے ہیں۔ اور کفار کہنے لگے ٥٤ کیا جب ہم مٹی ہو جائیں گے اور ہمارے باپ دادا

لَمُخۡرَجُوۡنَ ﴿٦٧﴾ لَقَدۡ وُعِدۡنَا هٰذَا نَحۡنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنۡ قَبۡلُ ۙ اِنۡ

بھی تو کیا ہمیں دوبارہ نکالا جائیگا۔ بیشک قیامت کے آنے کا وعدہ ہم سے بھی کیا گیا اور ہمارے باپ دادا سے بھی اس سے پہلے نہیں

کس سن میں کس تاریخ کو آئے گی۔ ان کے جواب میں فرمایا کہ ان کو اس کا شعور نہیں کہ وہ کب آئے گی۔

٥٣ ادّٰرك اصل میں تدارک ہے۔ تا کو دال میں ادغام کیا اور ہمزہ بڑھا دیا کہ ابتدا ساکن سے نہ ہو۔ امام فخر الدین رازیؒ لفظ ادّٰرك کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس کا معنی انتہا کو پہنچنا، فنا ہو جانا ہے۔ جب پھل پک جاتا ہے اور توڑ لینے کے قابل ہو جاتا ہے تو عرب کہتے ہیں ادرکت الثمرۃ۔ پھل نے اپنی پختگی کی نہایت کو پالیا ہے۔ اس کے بعد اسے توڑ لیا جاتا ہے اور پھر وہ اپنی شاخ پر لٹکتا ہوا نظر نہیں آتا نیز جب کوئی قوم یکے بعد دیگرے لقمۂ اجل بن جاتے، برباد ہو جاتے تو کہا جاتا ہے تدارک بنو فلان اذا تتابعوا فی الھلاک۔ حضرت حسنؓ سے اس لفظ کا یہ مفہوم منقول ہے۔ اضمحل علمھم یعنی قیامت کے متعلق ان کا علم مضمحل ہو گیا۔ وقوعِ قیامت پر انہیں یقین ہی نہ رہا۔ اور یہ آیت سابقہ آیت کے آخری حصہ وما یشعرون کی تفسیر ہے۔ (کبیر)

علامہ قرطبیؒ نے بڑی سادگی اور عمدگی سے اس کی تشریح ان الفاظ سے کی ہے۔ بل ضل وغاب علمہم فی الآخرۃ فلیس لھم فیھا علم (قرطبی)۔ یعنی قیامت پر انہیں پختہ یقین ہے۔ دل ہی دل میں اس کے وقوع کو مانتے ہیں۔ لیکن ہٹ دھرمی اور تعصب کے باعث اقرار کی جرأت نہیں کر سکتے۔

٥٤ قیامت کے متعلق وہ ہمیشہ ایک ہی رٹ لگاتے رہتے تھے کہ آج ہمیں بھی بار بار قیامت کے آنے کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔ ہم سے پہلے ہمارے آبا و اجداد کو بھی اسی قسم کی دھمکیاں دی جاتی تھیں۔ صدیاں بیت گئی ہیں ابھی تک تو قیامت کے آنے کے آثار ہی نظر نہیں آتے۔ یہ ایک انہونی سی بات ہے۔ خواہ مخواہ ان پارساؤں نے ہمارا ناک میں دم کر رکھا ہے۔ خود تو تھے ہی خشک مزاج ہماری محفلِ عیش و طرب کو بھی اس کی رونقوں اور خوشیوں سے محروم کرنا چاہتے ہیں۔

هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا

یہ وعدہ مگر پہلے لوگوں کے من گھڑت افسانے۔ آپ فرمائیے سیر و سیاحت کرو۶۶؎ زمین میں پھر اپنی آنکھوں سے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۶۹﴾ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ

دیکھو کہ کیسا عبرتناک انجام ہوا مجرموں کا۔ (اے محبوب!) آپ غمزدہ نہ ہوں ان (کے رویہ) پر اور دل تنگ

فِىْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

نہ ہوا کریں ان کے مکر و فریب سے ۶۷؎ اور وہ پوچھتے ہیں کب (پورا ہوگا) یہ وعدہ (بتاؤ) اگر تم سچے

صٰدِقِيْنَ ﴿۷۱﴾ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِىْ

ہو۔ آپ فرمائیے قریب ہے کہ تمہارے پیچھے آلگا ہو اس عذاب کا کچھ حصہ جس کے لیے

تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

تم جلدی مچا رہے ہو۶۸؎ اور بے شک آپ کا رب بہت فضل و کرم فرمانے والا ہے لوگوں پر، لیکن

۶۶؎ ان کے اس اعتراض کا جواب اس آیت میں دے دیا گیا کہ تم انہی لوگوں کی پیروی کر رہے ہو جنہوں نے تم سے پہلے اپنے رسولوں کو جھٹلایا۔ ان کی دعوت کو قبول نہ کیا۔ قیامت کا انکار کرتے رہے۔ تم زمین میں سیر و سیاحت کرو اور اپنی آنکھوں سے ان قوموں کا عبرتناک انجام دیکھو۔ اگر تم یہ نہیں چاہتے کہ تم بھی اس قسم کے انجام سے دوچار ہو تو ان کے انکار و عناد کی روش ترک کر دو اور اطاعت و انقیاد کا راستہ اختیار کرو۔

۶۷؎ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو تسلی دے رہے ہیں۔

۶۸؎ یکون اور ردف دونوں فعل ہیں۔ اور ان کا فاعل بعض ہے۔ تنازع فعلین کی وجہ سے ایک کا فاعل اسم ظاہر ہوگا اور دوسرے کا اسم ضمیر جس کا مرجع وہ اسم ظاہر ہوگا

علامہ بیضاوی لکھتے ہیں کہ عسی، لعل اور سوف کے الفاظ سے جب بادشاہ دھمکی دے تو وہ جزم اور یقین کا فائدہ دیتے ہیں۔ بادشاہ رمز و کنایہ سے ہی اپنے ارادہ کا اظہار کرتے ہیں۔ تصریح کی انہیں چنداں ضرورت نہیں ہوتی۔ اسی لیے جب اللہ اپنے وعدہ اور وعید میں یہ الفاظ فرماتے تو ان سے مراد یقین و جزم ہی ہوتا ہے۔ وعليه جرى وعد الله ووعيده (بیضاوی)

اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ

اکثر لوگ ناشکری کرتے ہیں اور یقیناً آپ کا رب خوب جانتا ہے جو کچھ چھپا رکھا ہے

صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِى السَّمَآءِ

ان کے سینوں نے اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ اور نہیں کوئی پوشیدہ چیز آسمان اور زمین

وَالْاَرْضِ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۵﴾ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى

میں مگر اس کا بیان کتاب مبین میں موجود ہے بلاشبہ یہ قرآن بیان کرتا ہے

بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِىْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۷۶﴾ وَاِنَّهٗ

بنی اسرائیل کے سامنے اکثر ان امور (کی حقیقت) کو جن میں وہ جھگڑتے رہتے ہیں۔ اور بلاشبہ یہ

ورنہ ادھر وہ گناہ کا ارتکاب کرتے، اُدھر ان پر عذاب نازل کر دیا جاتا۔ اس کی اتنی واضح رحمتوں کے باوجود بھی لوگ شکر نہیں کرتے۔

ہر مخفی سے مخفی چیز کتاب مُبین میں لکھ دی گئی ہے۔ کتاب مُبین سے مُراد لوح محفوظ ہے۔ اور مُبین کی صفت اس لیے ذکر کی گئی ہے کہ جن ملائکہ کو لوح محفوظ دیکھنے کی اجازت ہے وہ جب اسے دیکھتے ہیں تو یہ مخفی امور ان پر واضح ہو جاتے ہیں۔

ما من شیء شدید الغیبوبة والخفاء... الا اثبته الله فی اللوح المحفوظ والمبین الظاہر لمن ینظر فیه من الملٰئکة (رازی)۔ الظاہر لمن ینظر فیه من الملٰئکة (بحر)

علامہ آلوسی نے ایک قول یہ بھی نقل کیا ہے کہ کتاب مُبین سے مُراد قرآن حکیم ہے پھر لکھتے ہیں کہ بیان کیا جاتا ہے کہ بعض عارفوں نے سلاطین عثمانی کے نام ہر ایک کی مدت حکومت، یہاں تک کہ سب سے آخری سلطان ان میں سے کون ہو گا۔ یہ سب چیزیں سُورۃ فاتحہ سے استخراج کی ہیں۔ (روح المعانی)

یہود و نصاریٰ کا باہمی اختلاف تو اظہر من الشمس ہے۔ لیکن ہر قوم آپس میں بھی سینکڑوں فرقوں میں بٹی ہوئی ہے جو ایک دوسرے کی تکفیر کیا کرتے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق نصاریٰ کے باہمی اختلاف کو دیکھ کر دماغ چکرا جاتا ہے۔ کوئی آپ کو خدا، کوئی خدا کا بیٹا، کوئی تین اقانیم سے ایک اقنوم اور کوئی آپ کو اللہ کا بندہ اور رسُول کہتا ہے۔ اسی طرح بےشمار مسائل میں ان کی آپس میں ٹھنی ہوئی ہے۔ قرآن کریم نے آکر انھیں حقیقت سے آگاہ کر دیا ہے۔ اگر وہ اس کی دعوت

لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٧﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ

قرآن سراپا ہدایت اور مجسم رحمت ہے مومنین کے لیے ۸۸ یقیناً آپ کا رب فیصلہ فرمائے گا ۸۹ ان کے

بِحُكْمِهٖ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿٧٨﴾ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّكَ عَلَى

درمیان اپنے علم سے۔ اور وہی ہے زبردست سب کچھ جاننے والا سو آپ بھروسہ کریں اللہ تعالیٰ پر، بیشک آپ

الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ﴿٧٩﴾ اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ

روشن حق پر ہیں ۹۰ بیشک آپ نہیں سنا سکتے مردوں کو ۹۱ اور نہ آپ سنا سکتے ہیں بہروں کو

اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿٨٠﴾ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِي الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ

اپنی پکار جب وہ بھاگے جا رہے ہوں پیٹھ پھیرے ہوئے۔ اور نہیں آپ ہدایت دینے والے (دل کے) اندھوں کو ان کی

قبول کریں تو ان کا یہ باہمی عناد ختم ہو جائے۔

۸۸ اگرچہ یہ کتاب سارے جہان کے لیے ہدایت و رحمت ہے لیکن اس سے فائدہ اٹھانے والے صرف اہل ایمان ہیں اس لیے گویا یہ انہی کے لیے ہدایت و رحمت ہے فانهم هم المنتفعون به دون الكفار من اهل الكتاب وغيرهم (مظہری)

۸۹ ایک دن وہ آنے والا ہے جب خود مولا کریم ان کے درمیان فیصلہ فرمائے گا۔

۹۰ سارا باطل اگرچہ اسلام کو مٹانے کے لیے ایک دوسرے سے مکمل تعاون کر رہا ہے لیکن آپ خوفزدہ نہ ہوں۔ اپنے رب پر کامل بھروسہ کریں۔ وہ عزیز و حکیم ضرور آپ کی مدد فرمائے گا۔ کیونکہ حق و صداقت کا جھنڈا آپ کے ہاتھ میں ہے۔ سچائی کا نور پھیلانے کے لیے آپ شب و روز کوشاں ہیں۔ تو یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ آپ کی امداد نہ فرمائی جائے انك على الحق المبين کہہ کر حضور کو اطمینان دلا دیا کہ واقعی آپ صراط مستقیم پر ثابت قدمی سے چلے جا رہے ہیں۔ اور جب کسی رہرو کو یقین ہو جاتا ہے کہ وہ سیدھا منزل محبوب کی طرف گامزن ہے۔ کہیں ادھر ادھر کسی پگڈنڈی پر مارا مارا نہیں پھر رہا تو پھر جس طرح اس کی ہمت جواں ہوتی ہے اور اس کا حوصلہ بلند ہوتا ہے، اس کا اندازہ بس وہی لوگ کر سکتے ہیں جن کی جانکاہیوں کو محبوب حقیقی کی طرف سے اس قسم کی داد ملی ہو۔ جن کی جانفشانیوں پر کبھی تحسین و آفرین کے گلہائے رنگین نچھاور کیے گئے ہوں۔

۹۱ اے نبی مکرم! جن لوگوں نے کفر و شرک کی سم قاتل سے اپنے قلب و روح کو مردہ بنا دیا ہے انہیں یہ پند و موعظت

إِنْ تُسْمِعُ إِلَّا مَنْ يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿٨١﴾ وَإِذَا وَقَعَ

گمراہی سے نہیں سناتے آپ بجز اُن کے جو ایمان لاتے ہیں ہماری آیتوں پر پھر وہ فرمانبردار بن جاتے ہیں ۹۳ اور جب ہماری بات

یہ تبلیغ ونصیحت اور یہ آیاتِ قرآنی کا پڑھ پڑھ کر سُنانا قطعاً فائدہ مند نہیں۔ انھوں نے خود اپنے ہاتھوں اپنی عقل وفہم کا گلا گھونٹ دیا ہے۔ انھوں نے خود پھونکیں مار مار کر غور وفکر کا چراغ بجھا دیا ہے۔ انھیں یہ روشن سے روشن معجزات بھی حق قبول کرنے پر آمادہ نہیں کر سکتے۔ اس لیے ان کے ہدایت پذیر ہونے کے لیے مزید کوششیں کرنا یا ان کے کفر پر جمے رہنے سے آزردہ خاطر ہونا مناسب نہیں۔ آپ نے اپنا فرض باحسن وجوہ ادا کر دیا۔ یہ ان کی اپنی بدبختی ہے کہ وہ اس سے فائدہ نہ اٹھا سکے۔

۹۳ آپ تو صرف ان لوگوں کو حق کی آواز سنا سکتے ہیں۔ آپ کی تبلیغ ان کے لیے ہی کارگر ہو سکتی ہے۔ یہ آیاتِ بیّنات فقط ان کو راہ ہدایت پر لا سکتی ہیں جن میں دعوتِ حق قبول کرنے کی استعداد ہو اور جن کا مشرف باسلام ہونا ہم نے مقدر کر دیا ہو۔

کئی ایسے بیباک بھی ہیں جو ان آیات کو لوگوں کے سامنے پڑھتے ہیں اور مقصد حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی تنقیص ہوتا ہے۔ گلا پھاڑ پھاڑ کر کہتے ہیں کہ دیکھو وہ کچھ نہیں کر سکتے۔ کسی کو راہ ہدایت پر نہیں لا سکتے۔ بالکل کوئی اختیار نہیں رکھتے وغیرہ وغیرہ۔ کاش! وہ آیت کے اس حصہ کو بھی قابلِ غور تصور کرتے۔ اِن تُسمِعُ اِلّا مَن یُّؤمِنُ الآیۃ۔ اگر زیادہ غور وفکر کی فرصت نہیں ملتی تو اتنی بدیہی بات کو ہی سمجھنے کی کوشش کرتے کہ اگر اندھے کے لیے سورج کی روشنی سودمند نہیں تو کیا یہ کہنا درست ہے کہ سورج روشن ہی نہیں یا اس کی روشنی سے کسی کو فائدہ ہی نہیں۔ اگر چند اندھے دن کے اجالے میں ٹھوکریں کھاتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کی ان گنت مخلوق تو آفتاب کی تابانیوں سے مستفید ہو رہی ہے یہ الگ بات ہے کہ ان لوگوں نے کسی غلط فہمی کے باعث اپنے آپ کو مُردہ، اپنی آنکھوں کو اندھا اور اپنے کانوں کو بہرا فرض کر لیا ہو۔ اور اس لیے شور مچا رہے ہوں کہ دیکھو ہمیں تو کچھ نظر نہیں آ رہا ہے۔ ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا پھیلا ہوا ہے کہاں ہے وہ تمہارا سورج جس کے متعلق تم کہتے ہو کہ وہ طلوع ہو گیا ہے اور اس کی کرنوں نے شرق وغرب کو منور کر دیا ہے۔ کیا اہلِ قبور سُنتے ہیں یا نہیں۔ اس پر مفصل بحث سورہ الروم میں آئے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔ یہاں آپ اتنا ہی یاد رکھیں کہ آیت میں اسماع (سُنانے) کی نفی ہے۔ سمع (سُننے) کی نفی نہیں۔ اور حضور نبی کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب جنت البقیع میں آرام فرمانے والے اپنے غلاموں کے پاس تشریف لے جاتے یا شہداء اُحد کے مزارات پر قدم رنجہ فرماتے تو ان الفاظ سے اہلِ قبور کو سلام فرمایا کرتے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الْقُبُوْرِ۔

اُے قبروں میں رہنے والو! تم پر سلام ہو۔

الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ أَخْرَجْنَا لَهُمْ دَابَّةً مِّنَ الْأَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ أَنَّ

کہ ان پر پورا ہونے کا وقت آجائیگا تو ہم نکالیں گے ان کے لیے ایک چوپایہ زمین سے ۹۳ جو ان سے گفتگو کریگا، کیونکہ

النَّاسَ كَانُوا بِآيَاتِنَا لَا يُوقِنُونَ ﴿٨٢﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِن كُلِّ أُمَّةٍ ع ۲ ۱۶

لوگ ہماری آیتوں پر ایمان نہیں لاتے تھے ۔ اور جس روز ہم اکٹھا کریں گے ہر اُمّت سے ایک

فَوْجًا مِّمَّن يُكَذِّبُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ يُوزَعُونَ ﴿٨٣﴾ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُو

گروہ ۹۴ جو جھٹلایا کرتا تھا ہماری آیتوں کو تو ان کو (اپنی اپنی جگہ پر) روک لیا جائیگا حتّی کہ جب وہ آجائیں گے اللہ

اور قبور کی زیارت کے جو آداب حضور نے اپنی اُمّت کو تعلیم فرمائے ان میں بھی اسی طرح انھیں سلام کہنے کی تلقین کی گئی ہے ۔ اور ایک بچہ بھی یہ سمجھ سکتا ہے کہ اس قسم کا کلام انہی سے کیا جاتا ہے جو سُن رہے ہوں ۔ اگر اہلِ قبور سُنا نہ کرتے تو سلام فرمانے کا یہ انداز نہ ہوتا ۔ آمنا باللہ وما جاء بہ رسولہ الکریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحبہ وبارک وسلّم ۔

۹۳ قیامت کے وقوع پذیر ہونے سے پہلے جو چیزیں بطور علامت ظاہر ہوں گی ان میں سے ایک خروج دابّہ ہے جس کا ذکر اس آیت میں ہو رہا ہے ۔ امام مسلم نے اپنی صحیح میں یہ حدیث ذکر کی ہے آپ بھی ملاحظہ فرمایئے ۔

عن عبد اللہ بن عمرو قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم یقول ان اوّل الآیات خروجًا طلوع الشمس من مغربہا وخروج الدابّۃ علی النّاس ضحی وایتہما کانت قبل صاحبتہا فالاخریٰ علی اثرہا قریبًا (رواہ مسلم)

حضرت عبد اللہ بن عمرو فرماتے ہیں کہ میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سُنا کہ قیامت کی اوّلین علامتوں سے سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور چاشت کے وقت دابّۃ الارض کا نکلنا ہے ۔ ان دو میں سے جو بھی پہلے واقع ہُوا دوسرا اس کے فوراً بعد ہو گا ۔

اس کے علاوہ اس کے قد و قامت، مقامِ خروج وغیرہ کے متعلق بڑی تفصیلات روایات میں مذکور ہیں لیکن امام رازی فرماتے ہیں :

واعلم انہ لا دلالۃ فی الکتاب علی شیء من ھذہ الامور فان صح الخبر فیہ عن الرسول صلی اللہ علیہ وسلّم قبل والا لم یلتفت الیہ (کبیر)

" خوب جان لو کہ کتاب اللہ میں ان اُمور پر کوئی دلالت نہیں ۔ جو چیز صحیح احادیث سے ثابت

قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا كُنْتُمْ

فرمائیگا کیا تم نے جھٹلایا میری آیتوں کو حالانکہ تم نے اچھی طرح انھیں جانا بھی نہ تھا ٩٥ یا اس کے علاوہ اور کیا تھا جو

تَعْمَلُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿٨٥﴾

تم کیا کرتے تھے ٩٦ اور پوری ہو گئی (اللہ کی) بات ان پر بوجہ ان کے ظلم کے ٩٧ تو وہ (اس وقت) بول نہ سکیں گے

اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ

کیا انھوں نے غور نہ کیا کہ ہم نے بنایا ہے رات کو اس لیے تاکہ وہ اس میں آرام کریں اور بنایا ہے دن کو مینا ٩٨

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٨٦﴾ وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي

بیشک اس میں (ہماری قدرت کی) نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں۔ اور جس دن پھونکا جائے گا ٩٩

الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ

صور تو گھبرا جائے گا ہر کوئی جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے۔ مگر جنھیں

ہوگی وہ مان لی جائے گی ورنہ اس کی طرف التفات نہیں کیا جائے گا۔

٩٤ قیامت کے روز تمام قوموں کے منکروں کو ایک جگہ اکٹھا کیا جائے گا۔ ہر ایک اپنی اپنی جگہ پر کھڑا کر دیا جائیگا۔ کسی میں جرأت نہیں ہوگی کہ اپنی جگہ سے اِدھر اُدھر سرک سکے۔

٩٥ یعنی تم اتنے مغرور تھے کہ تم نے ہماری آیتوں میں تدبر کرنا ہی کسر شان سمجھا۔ اور غور و فکر کے بغیر ہی ان کو جھٹلا دیا۔

٩٦ یعنی اگر تم نے میری آیتوں کی تکذیب نہیں کی تو بتاؤ تم نے کیا کیا۔ اس الزام کو غلط ثابت کرنے کے لیے کوئی دلیل پیش کرو۔

٩٧ یعنی جس ظلم و عدوان کا ارتکاب وہ عمر بھر کرتے رہے اور بار بار سمجھانے کے باوجود بھی وہ اس سے باز نہ آئے اس کی وجہ سے ہی انھیں عذاب میں مبتلا کر دیا جائے گا اس وقت وہ اپنی صفائی پیش کرنے سے قاصر ہوں گے۔ کوئی عذر بھی پیش نہ کر سکیں گے چپ کھڑے رہیں گے گویا ان کے لبوں کو کسی نے سی دیا ہے۔ یا ان کی قوت گویائی سلب کر لی گئی ہے۔

٩٨ اپنی رحمت بے پایاں اور حکمت بالغہ کی نشانیوں کی طرف ایک بار پھر ان کی توجہ مبذول کرا دی۔

٩٩ جب حضرت اسرافیل علیہ السلام کو حکم ملے گا کہ اب صور پھونکو تاکہ قیامت قائم ہو تو جب وہ خدائی بگل بجے گا

شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً

خدا نے چاہا اور وہ نہیں گھبرائیں گے اور سب حاضر ہوں گے اس کی بارگاہ میں عاجزی کرتے ہوئے ۱۰۱ اور تو جب (اس روز) پہاڑوں کو دیکھے گا تو گمان کرے گا کہ یہ

وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْۤ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ؕ

ٹھہرے ہوئے ہیں حالانکہ وہ چل رہے ہوں گے بادل کی سی چال ۱۰۲ یہ کاریگری ہے اللہ کی جس نے (اپنی حکمت سے) مضبوط بنایا ہر چیز کو

اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۸۸﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ

۱۰۳ بیشک وہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ جو شخص نیک عمل لے کر آئے گا تو اسے کہیں بہتر اجر ملے گا اس نیک عمل سے

تو آسمان وزمین کی ہر چیز گھبرا جائے گی۔ ہر سمت خوف اور وحشت طاری ہو جائے گی۔ البتہ بعض ہستیاں ایسی بھی ہوں گی جو اس دن بھی مطمئن ہوں گی گویا کچھ تشویش ناک بات ہوئی ہی نہیں۔ وہ لوگ کون ہوں گے؟ علامہ پانی پتی نے متعدد احادیث لکھنے کے بعد تحریر فرمایا ہے کہ انبیاء، ملائکہ اور شہداء کو کوئی گھبراہٹ نہ ہوگی۔ لایفزعون البتۃ واللّٰه اعلم (مظہری)

۱۰۱ داخرین کا معنی عاجز و درماندہ۔

۱۰۲ قیامت کے ہولناک مناظر میں سے ایک اور دل کو لرزا دینے والا منظر بیان کیا جا رہا ہے کہ اس روز پہاڑ اپنے حجم اور جسامت کے باعث دیکھنے والوں کو تو حسب سابق کھڑے ہوئے نظر آئیں گے لیکن حقیقت میں وہ بادل کی طرح تیزی سے حرکت کر رہے ہوں گے۔ اس کے بعد اچانک ایسا جھٹکا ہوگا کہ پاش پاش ہو جائیں گے۔ ایک بم پھٹنے سے کیا آفت ٹوٹ پڑتی ہے اور جب پہاڑ جنبش میں آجائیں گے اور پھر یک دم انہیں بھک سے اڑا دیا جائے گا۔ اس وقت کی ہولناکیوں کا کیونکر اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

۱۰۳ کسی چیز کو حکمت و مہارت سے مضبوط بنانے کو عربی میں اَتْقَنَ کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جو چیز بنائی اسے ایسا مضبوط اور مستحکم بنایا کہ وقت سے پہلے بوسیدگی یا ٹوٹ پھوٹ کے کوئی آثار نظر نہیں آتے۔ آسمان ہزاروں صدیوں سے یونہی تنا ہوا ہے۔ اس کا کوئی گوشہ ڈھیلا نہیں ہوا۔ کوئی جگہ مرمت طلب نہیں۔ اس کی بنائی ہوئی کسی چیز کو دیکھو۔ پانی کی مقدار جو اس نے پہلے دن پیدا فرمائی ہے ساری دنیا اسے استعمال کر رہی ہے لیکن اس کی مقدار میں کمی نہیں ہوئی اور نہ ہی مزید پانی بنانے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے اور نہ ہوگی۔ ہوا کا جو ذخیرہ روزِ اول سے فراہم کیا گیا۔ ساری چیزیں اس میں سانس لے رہی ہیں لیکن اس میں کمی نہیں ہوئی اور نہ ہوگی۔ ہر چیز تمہیں بتا رہی ہے کہ وہ صنع اللّٰه الذی اتقن کل شیء کی قدرت کا شاہکار ہے۔ حضور کریم کا ایک ارشاد گرامی بھی سماعت فرمائیے تاکہ آپ کو معلوم ہو کہ آپ کا نبی مکرم اس بات کو کتنا پسند کرتا ہے کہ حضور کا امتی جو کام کرے اس میں اپنی فنی پختگی اور صنعتی مہارت کا ناقابل تردید

وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿٨٩﴾ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ

اور یہ نیک بندے اس دن کی گھبراہٹ سے محفوظ ہونگے ١٠٣ اور جو برائی لے کر آئے گا تو ان کو منہ کے بل اوندھا

وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ؕ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٠﴾

پھینک دیا جائے گا آگ میں (اے بدکارو!) کیا تمھیں بدلہ ملے گا بجز اس کے جو تم عمل کیا کرتے تھے۔ ١٠٤

اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِيْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ

مجھے تو صرف یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں عبادت کروں اس (مقدس) شہر کے رب کی جس نے عزت و حرمت والا

ثبوت بہم پہنچائے۔ کسی کام کو نیم دلی اور بے توجہی سے کرنا یا اس میں کوئی خامی اور نقص باقی رہنے دینا ہمارے آقا کو ہرگز پسند نہیں۔ ارشاد گرامی ہے:۔

رَحِمَ اللّٰهُ مَنْ عَمِلَ عَمَلًا فَاَتْقَنَهٗ۔ خداوند عالم اس پر رحم کرے جو جس کام کو کرے بڑی عمدگی سے کرے۔

پختگی، پائیداری اور نفاست کونسی چیز ہے جس کا ذکر اس مختصر سے جملہ میں نہ آ گیا ہو۔ حضور اپنے غلاموں سے اسی چیز کی توقع رکھتے ہیں اور اسی کی تلقین فرماتے ہیں۔ فنی، صنعتی اور دیگر میدانوں میں کام کرنے والوں کو چاہیے کہ اس حدیث کو لکھ کر اپنے سامنے آویزاں کریں۔ علامہ اقبال نے بھی کیا خوب فرمایا ہے۔

ع نقش ہیں سب ناتمام خونِ جگر کے بغیر

١٠٣ قیامت کے ہولناک مناظر اور روح فرسا واقعات کا ذکر کر کے فرمایا کہ اس روز میرے وہ بندے جو میری رضا کے حصول کے لیے اپنی زندگیاں قربان کر کے حاضر ہونگے وہ پریشاں اور سراسیماں نہیں ہونگے۔ بلکہ آج کا دن تو ان کے لیے بڑی مسرتوں اور شادمانیوں کا دن ہوگا اس دن تو انھیں نیک اعمال کا اجر ملے گا۔ اور اجر دینے والا خود رب العٰلمین ہوگا۔ جو بڑا غنی اور بڑا کریم ہے جب دیتا ہے تو بے حساب دیتا ہے۔

١٠٤ نافرمانوں کا جو حال ہوگا اس کو بھی بیان کر دیا تاکہ جو اپنے لیے اس مآل کو پسند نہیں کرتے وہ بروقت اپنی اصلاح کریں۔

١٠٥ خانہ کعبہ کی وجہ سے مکہ مکرمہ کو جو عزت و شرف ارزانی ہوا ہے اس کی طرف توجہ دلانے کے لیے رب کی اضافت اس شہر کی طرف فرما دی۔ ربّ هٰذه البلدة یعنی میں کسی لات وہبل کا پرستار نہیں۔ کسی جھوٹے خدا کا عبادت گزار نہیں۔ میری عبادتیں، میری نیازمندیاں اور عاجزیاں تو فقط اس ذات یکتا و بے ہمتا کے لیے مخصوص ہیں جو اس بلدہ مبارکہ کا، اس شہر مقدس کا رب ہے۔ اور جس نے اس شہر کو لازوال سعادتوں کا سرچشمہ بنا دیا ہے۔

كُلُّ شَيْءٍ وَّ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَ اَنْ اَتْلُوَا

بنایا ہے اس کو اور اسی کی ہے ہر شے ۱۳۹ اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں شامل ہو جاؤں فرمانبرداروں کے زمرہ میں۔ نیز یہ بھی کہ میں

الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَ مَنْ ضَلَّ

تلاوت کیا کروں قرآن کی ۱۴۰ پس جو ہدایت قبول کرتا ہے وہ اپنے ہی فائدہ کے لیے ہدایت قبول کرتا ہے۔ اور جو

فَقُلْ اِنَّمَاۤ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ وَ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ

گمراہ ہوتا ہے (تو اس کی قسمت) فرماؤ میں تو صرف ڈرانے والوں سے ہوں۔ اور آپ کہیے سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے

فَتَعْرِفُوْنَهَا ؕ وَ مَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ ع

ہیں ۱۴۱ وہ ابھی دکھائیگا تمھیں اپنی نشانیاں۔ تو تم انھیں پہچان لوگے اور نہیں ہے آپ کا رب بےخبر ان کاموں سے جو (اے لوگو) تم کیا کرتے ہو

ع ۷ ۲

۱۳۹ میرا رب فقط اسی شہر کا رب نہیں بلکہ کائنات کی ہر چیز کا وہ مالک ہے۔ عرش اسی کا ہے فرش بھی اسی کا۔ ہم بھی اسی کے تم بھی اسی کے۔ مجھے تو اس نے یہی حکم دیا ہے کہ اسی کی عبادت کروں اور اسی کی جناب میں اپنا سرِ نیاز جھکاؤں۔

۱۴۰ آخر میں پھر ان کی اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیا کہ آپ خود یہ کتاب تصنیف کرتے ہیں یا کسی سے سیکھ کر آتے ہیں اور پھر لوگوں کو سناتے ہیں تاکہ لوگ انھیں اپنا پیشوا مان لیں اور ہر طرف ان کی عزت و تکریم ہونے لگے۔ فرما دیا نادانو! ایسا نہیں ہے جیسا تم سمجھ رہے ہو۔ مجھے تو اپنے مالک و خالق نے یہ حکم دیا ہے کہ اس کا کلام پڑھ کر تمھیں سناؤں تاکہ تم لوگ گمراہی سے بچ جاؤ۔ تاکہ تمھیں اللہ کی معرفت کا سیدھا اور صحیح راستہ معلوم ہو جائے اور جب قیامت کے روز بارگاہِ الٰہی میں تم حاضر ہو تو تمھیں اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کی رفاقت نصیب ہو اور جنت کی ابدی نعمتوں سے تمھیں سرفراز کر دیا جائے۔ غور سے سنو! یہ نبوت میرا کاروبار نہیں کہ میں تم سے کوئی دولت بٹورنا چاہتا ہوں، نہ میں سیاسی لیڈر ہوں کہ اپنی ایک جماعت بنا کر مسندِ اقتدار پر قابض ہونا چاہتا ہوں۔ میں تو تمھارا سچا خیر خواہ ہوں۔ تمھیں بروقت فسق و فجور اور گمراہی کے انجامِ بد سے خبردار کر رہا ہوں۔ اگر تم نے میری بات مان لی تو اس کا فائدہ تمھیں ہی ہوگا۔ اور اگر انکار ہی کرتے رہے تو اس کا وبال بھی تمھیں ہی اٹھانا ہوگا۔

۱۴۱ اے محبوب! ہم نے آپ پر جو فضل و کرم فرمایا ہے، جو عزت و شان بخشی ہے، رحمۃ للعالمینی کی جو خلعتِ فاخرہ آپ کو ارزانی فرمائی ہے، اور تیرے سرِ نیاز پر محبوبیت کا جو درخشاں تاج رکھا ہے ختمِ رسالت کے جس عظیم و

ارجمند منصب پر تجھے فائز کیا ہے اور اس کے علاوہ جو بے اندازعنایات فرمائی ہیں ان پر ہماری حمد و ثنا کرتے رہو ان منکروں پر ایک روز حقیقت خود بخود منکشف ہو جائے گی۔

# تعارفِ سُورۃ القصص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**نام:** اس سورۃ مبارکہ کا نام القصص ہے۔ اس کی آیات کی تعداد اٹھاسی ہے رکوع ۹ کلمات چار سو اکتالیس اور حروف پانچ ہزار آٹھ سو ہیں۔

**زمانۂ نزول:** یہ بھی مکی زندگی کے درمیانی عہد میں نازل ہونے والی سورتوں میں سے ایک سورۃ ہے۔

**مضامین:** ویسے تو قرآن کریم کی تمام آیات کی طرح اس سورت کی ہر آیت بھی روشنی کا مینار ہے جس سے عرصۂ حیات جگمگا رہا ہے۔ لیکن یہاں تین اُمور کی طرف میں ضیاء القرآن کے قاری کی توجہ خصوصیت سے مبذول کرانا چاہتا ہوں۔

۱۔ استعماری طاقتوں، نورِ ایمان سے محروم جابر حکمرانوں کا ہمیشہ سے یہ دستور رہا ہے کہ وہ اپنے اقتدار کو برقرار رکھنے کے لیے اپنی رعایا کے مختلف طبقات میں منافرت پیدا کرتے رہتے ہیں ان کی ساری ڈپلومیسی باہمی عداوت کی آگ بھڑکانے میں وقف ہو جاتی ہے۔ انھیں اس سے کوئی غرض نہیں ہوتی کہ منافرت وعداوت کی جو آگ وہ اپنی رعایا میں بھڑکا رہے ہیں کتنی جوانیاں اس میں بھسم ہو جائیں گی۔ کتنی سہاگ لٹ جائیں گے، کتنی ہنستی مسکراتی بستیاں اُجڑ جائیں گی۔ ملک کی ترقی رُک جائے گی۔ ان کے سامنے فقط اپنے ایوانِ اقتدار کو مستحکم بنانا ہوتا ہے۔ اگر ان کی رعایا میں اتحاد و اتفاق پیدا ہو جائے تو وہ ایک دن کے لیے بھی ان کی اس ظالمانہ حکومت کو برداشت نہ کریں یہ لوگ اس خطرہ سے بخوبی آگاہ ہیں۔ قرآن کریم نے اس سورت میں فرعونی سیاست کے خدوخال کو اچھی طرح بے نقاب کر دیا ہے تاکہ کوئی شخص ان کے بلند بانگ دعووں سے دھوکا نہ کھائے اور رُخِ بچو ماہ تاباں دل ہم چو سنگِ خارا قسم کے حکمرانوں سے ہوشیار رہیں۔

۲۔ دوسری چیز جو اس سورت میں تفصیل سے بیان کی گئی ہے وہ ایک سرمایہ دار کے ذہن کا تجزیہ ہے۔ قارون کے پاس دولت کی افراط ہے۔ اس کے خزینوں اور دفینوں میں سمٹی ہوئی دولت کا شمار آسان نہیں صرف اس سے اندازہ لگایئے کہ اس کے تالوں کی چابیوں کا گچھا اتنا وزنی ہے کہ اسے ایک تنومند جماعت بھی آسانی سے نہیں اٹھا سکتی۔ دولت کی اس ریل پیل کے باوجود دل اتنا سخت اور سینہ اتنا تنگ ہے کہ اگر اس کو کلیم اللہ جیسا رسُول نصیحت کرتا ہے کہ احسن کما احسن اللہ الیک تو وہ اسے خاطر میں لانے کے لیے تیار نہیں بلکہ بڑی بے حیائی سے اپنے کریم رازق کی

کرم گستری کا انکار کر دیتا ہے اور برملا کہتا ہے کہ مجھے سیم و زر کے یہ انبار خدا نے نہیں دیئے بلکہ یہ میری ذہانت، معاملہ فہمی اور کاروباری مہارت کا ثمر ہے۔ جب ذہن میں یہ چیز سما جائے تو اُسے کیا پڑی ہے کہ وہ اپنی دولت کو خلق خدا کی امداد کے لیے صرف کرے۔ ایسے ہی اہل ثروت کے شبستانوں کے سایوں میں انسانیت سسکتی رہتی ہے۔ ایسے ہی دولت مند شرف انسانی کی قبا کو تار تار کرتے ہیں۔ انہی کے عشرت کدوں میں گناہ اور رذالتوں کا تھوک بیوپار ہوتا ہے۔ یہیں غربت و افلاس کے پنجوں میں پھنسے ہوئے انسانوں کو ٹھوکریں ماری جاتی ہیں اور آخر کار یہی ٹھوکریں ان راکھ کے ڈھیروں میں انتقام کی چنگاری کو سلگاتی ہیں جو دہک دہک کر جہنم زار بن جاتی ہیں۔ جب ضبط و تحمل کے بند ٹوٹ جاتے ہیں تو سرخ سیلاب بن کر ہر چیز کو زیر و زبر کر دیتے ہیں۔ اہل ثروت کی سنگدلی، کنجوسی اور سرد مہری سے جو بربادیاں جنم لیتی ہیں، قارون کے رویے پر ملامت کرتے ہوئے حضرت کلیم نے ان کی طرف واضح اشارہ فرمایا لا تبغ الفساد فی الارض، یعنی اپنے اس طریقۂ کار سے تو ملک میں فساد برپا نہ کر۔ یہ الفاظ اہل ذکر کے لیے اپنے دامن میں پند و موعظت کی ایک دنیا سمیٹے ہوئے ہیں۔

۴۔ آخر میں میں آپ کی توجہ آیت ۸۵ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔

اسلام کے نظام معاشیات، اسلام کے نظام قانون، اسلام کے نظام اخلاق کو اپنے ملک میں رائج کرنے سے ہمارے کوتاہ نظر اعیان حکومت کو جو خدشے اور خطرے دکھائی دیتے ہیں ان کا ازالہ فرما دیا۔ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر بیسویں صدی میں ہم نے چودہ سو سال پرانا نظام جاری کر دیا تو دُنیا کی ترقی یافتہ قومیں ہم سے آنکھیں پھیر لیں گی اور ہم تنہا رہ جائیں گے۔ اس آیت میں غور کرنے سے یہ تمام غلط فہمیاں کافور ہو جائیں گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ القصص مکی ہے اور اس کی ٨٨ آیتیں اور ٩ رکوعات ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

طٰسٓمٓ ① تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ② نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ

طا سین ۔میم [1] یہ آیتیں ہیں روشن کتاب کی [2] ہم پڑھ کر سناتے ہیں آپ کو موسیٰ

نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ③ اِنَّ

اور فرعون کا کچھ واقعہ ٹھیک ٹھیک ان لوگوں (کے فائدہ) کے لیے جو ایمان لاتے ہیں [3] بیشک

فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ

فرعون متکبر (و سرکش) بن گیا سرزمین (مصر) میں اور اس نے بنا دیا وہاں کے باشندوں کو [4] گروہ گروہ ۔وہ

[1] یہ حروف مقطعات ہیں۔

[2] یعنی خود بھی روشن ہے۔ اور وہ احکام اور قصص وغیرہ جو اس میں مذکور ہیں ان کو بھی بڑی وضاحت سے بیان کرتی ہے۔

[3] موسیٰ علیہ السلام کا قصہ متعدد مقامات پر بیان ہوا ہے لیکن یہاں اس قصہ کی چند ایسی کڑیاں ذکر کی جا رہی ہیں جو کسی اور جگہ مذکور نہیں۔ اور اس کا مقصد داستان سرائی نہیں بلکہ ان اہل ایمان کے دلوں کو تازہ اور شگفتہ کرنا ہے جو صبح سے مشرکین کے مظالم کا ہدف بنے ہوئے تھے تاکہ انہیں یقین ہو جائے کہ جس خداوند کریم نے فرعون جیسے متشدد اور متعصب مطلق العنان بادشاہ اور اس کی کثیر التعداد اور تنگ دل قبطی قوم کو غرق کر دیا تھا اور بنی اسرائیل جیسی کمزور قوم کو کامیاب کیا تھا وہی خدا ان کی مدد فرما رہا ہے۔ آخر کار کامیابی کا سہرا ان ہی کے سر باندھا جائے گا۔

[4] یہاں فرعونی سیاست کے سارے خدوخال کو مختصر الفاظ میں جس عمدگی سے بیان کر دیا گیا ہے یہ اس امر کی واضح دلیل ہے کہ قرآن حکیم خداوند علیم و خبیر کا کلام ہے جس سے کسی جابر بادشاہ کے اسرار سربستہ بھی مخفی نہیں۔ پہلے یہ بتایا کہ فرعون مصر کا حکمران تھا لیکن اس کے دل میں اپنی رعایا کیلئے ہمدردی شفقت اور خیر خواہی کا قطعاً کوئی جذبہ نہ تھا۔ وہ

طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۭ اِنَّهٗ

کمزور کرنا چاہتا تھا ایک گروہ کو ان میں سے ۂ ذبح کیا کرتا ان کے بیٹوں کو اور زندہ چھوڑ دیتا ان کی عورتوں کو۔ بیشک

كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝۴ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا

وہ فساد برپا کرنے والوں سے تھا ۔ اور ہم نے چاہا کہ احسان کریں ان لوگوں پر جنہیں کمزور بنا دیا گیا تھا

ایک مغرور اور متکبر بادشاہ تھا جس کے پیش نظر فقط اپنا ذاتی مفاد اپنی حکومت کا استحکام اور اپنی شوکت وصولت کا بقا تھا۔ اس مقصد کے حصول کے لیے وہ ہر غیر قانونی بلکہ ہر غیر انسانی تجویز پر عمل کرنے سے گریز نہ کرتا تھا۔ خود سوچیے جس بادشاہ کی روش ایسی ظالمانہ اور سنگدلانہ ہو کیا اس کی رعایا اس سے محبت کرے گی۔ کیا اس کے لیے خیر سگالی کا کوئی جذبہ ان کے سینوں میں موجود ہو گا؟ اگر ان میں فکر وعمل کی وحدت پیدا ہو جائے تو وہ ایسے بے رحم حاکم کی حکومت کا تختہ الٹنے میں ذرا تامل نہیں کرے گی۔ ایسے بادشاہوں کی کامیابی کا راز فقط اسی میں مضمر ہوتا ہے کہ ان کی رعایا میں پھوٹ پڑی رہے وہ ایک دوسرے سے دست و گریباں رہیں اور انہیں ایک لمحہ بھی ایسا میسر نہ ہو جس میں وہ ایسے ظالم بادشاہ سے رہائی حاصل کرنے کے متعلق غور وفکر کر سکیں۔ جس بادشاہ کی یہ سیاسی پالیسی کامیاب رہے گی وہ ہر قسم کے خطرات سے محفوظ رہے گا چنانچہ فرعون نے یہی طریقہ اختیار کیا اور اپنی رعایا میں طرح طرح کے فتنے کھڑے کر دیئے جس نے ان کے اتفاق کا دامن تار تار کر کے رکھ دیا۔ ممکن ہے کہ فرعون ہی اس موثر طریقہ کار کا موجد ہو جس کو اس کے پیروکار آج تک بڑی احتیاط سے اپنی سیاسی پٹاری میں رکھے ہوتے ہیں۔ اور جب بھی ضرورت پڑتی ہے تو اسی تیر بہدف نسخہ کو استعمال کرتے ہیں۔ علامہ پانی پتی وجعل اهلها شيعا کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں او اغرى بينهم العداوة كيلا يتفقوا عليه (مظہری) یعنی اس نے ان کو مختلف گروہوں میں بانٹ دیا تھا اور ان کے درمیان عداوت کی آگ بھڑکا دی تھی تاکہ وہ متحد ہو کر اس کے خلاف علم بغاوت نہ بلند کر سکیں۔

علامہ جوہری علا کا معنی کرتے ہیں علا فی الارض ای تکبر۔ (الصحاح) یعنی اس نے تکبر کیا۔

ۂ اپنی قوم کے ساتھ تو اس کا یہ رویہ تھا لیکن بنی اسرائیل کے ساتھ اس کی زیادتیاں ناقابل بیان ہیں۔ کیونکہ بنی اسرائیل سے اسے بغاوت کا خطرہ کہیں زیادہ تھا۔ یہ خاندان یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں آبائی وطن سے ہجرت کر کے مصر میں اقامت پذیر ہوا تھا۔ تھوڑے سے عرصہ میں ان کی تعداد میں ہوشربا اضافہ ہوا تھا۔ وہ اپنی ذہنی تربیت اور عددی کثرت کے باعث فرعون کے لیے ہر وقت پریشانی کا باعث بنے رہتے تھے۔ اس نے ان کی طاقت کو توڑنے کے لیے متعدد منصوبے بنائے تھے۔ سب سے پہلے اس نے اپنی قوم کے دلوں میں قوم پرستی کا تعصب پیدا کیا انہیں ان کو بھڑکایا کہ یہ اجنبی ہماری زمینوں کے مالک بنے بیٹھے ہیں۔ تجارت میں یہ دخیل ہیں۔ سیاست کے پھڈے میں ٹانگ اڑانے سے یہ باز

فِی الْاَرْضِ وَ نَجْعَلَهُمْ اَىِٕمَّةً وَّ نَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِیْنَ ۝۵ وَ

ملک (مصر) میں اور بنادیں انھیں پیشوا [۳] اور بنادیں انھیں (فرعون کے تاج وتخت کا) وارث۔ اور تسلط

نُمَكِّنَ لَهُمْ فِی الْاَرْضِ وَ نُرِیَ فِرْعَوْنَ وَ هَامٰنَ وَ جُنُوْدَهُمَا

بخشیں انھیں سرزمین (مصر) میں اور ہم دکھائیں فرعون اور ہامان اور ان کی فوجوں کو ان کی

مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَحْذَرُوْنَ ۝۶ وَ اَوْحَیْنَاۤ اِلٰۤى اُمِّ مُوْسٰۤى اَنْ

جانب سے (وہی خطرہ) جس کا وہ اندیشہ کیا کرتے تھے۔ اور ہم نے الہام کیا موسیٰ کی والدہ کی طرف کہ اسے

نہیں آتے۔ اگر تم نے ان کو یونہی بے لگام چھوڑے رکھا اور ان کے خلاف اپنا قومی محاذ استوار نہ کیا تو یہ کسی وقت بھی انقلاب برپا کر سکتے ہیں۔ صدیوں سے پہلو بہ پہلو شیر وشکر ہو کر رہنے والی دو قوموں قبطی اور اسرائیلی میں نفرت وحقارت کی خلیج وسیع کر دی اور قبطیوں کے دل میں اپنے ہمسایہ اسرائیلیوں کے لیے ہمدردی کے جتنے جذبات تھے ان کا قلع قمع کر دیا۔ ان کی بڑھتی ہوئی تعداد کو ختم کرنے کے لیے اس نے یہ سنگدلانہ تجویز سوچی کہ اسرائیل کے ہاں اگر کوئی لڑکا پیدا ہو تو گلا گھونٹ کر اسی وقت اس کو مار ڈالا جائے۔ چنانچہ بائیبل میں ہے۔

"تب مصر کے بادشاہ نے عبرانی دائیوں سے کہا کہ جب عبرانی عورتوں کے تم بچہ جناؤ اور ان کو پتھر کی پیڑھیوں پر بیٹھی دیکھو تو اگر بیٹا ہو تو اسے مار ڈالنا اور اگر بیٹی ہو تو وہ جیتی رہے۔" (خروج ۱: ۱۵، ۱۶، ۱۷)

۳ فرعون کے ظالمانہ عزائم تو یہ تھے کہ بنی اسرائیل کو مختلف طریقوں سے بے بس اور کمزور کر دیا جائے تاکہ وہ اپنی قومی انفرادیت کو برقرار نہ رکھ سکیں اور آہستہ آہستہ قبطی قوم میں گھل مل جائیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی یہ مرضی نہ تھی۔ وہ یعقوب کے گھرانے کو برقرار رکھنا چاہتا تھا چنانچہ فرمایا کہ ہم نے چاہا کہ جس قوم کو عرصے سے ظلم وستم کی چکی میں پیسا جا رہا ہے ان پر ہم اپنا فضل وکرم فرمائیں اور ان سرکشوں اور ظالموں کا تخت وتاج ان سے چھین کر بنی اسرائیل کو بخش دیں تاکہ فرعون اور اس کے بدنفس مشیر ہامان اور اس کے لشکریوں کو پتہ چل جائے کہ حقیقی بادشاہ ہم ہیں جس کو چاہتے ہیں تخت سلطانی پر بٹھا دیتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں خاک مذلت پر لوٹنے کے لیے چھوڑ دیتے ہیں۔ تمھاری ساری احتیاطی تدبیریں، سیاسی حیلے اور منصوبے دھرے کے دھرے رہ جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا یہ ارادہ عملی صورت میں کس طرح رونما ہوا، اب اس کا تذکرہ ہو رہا ہے۔ بھارت کی برہمنی حکومت آج وہاں کی مسلم اقلیت سے بعینہ وہی سلوک کر رہی ہے جو فرعون نے کیا تھا۔ ہمیں یقین ہے قدرت خداوندی اس ستم زدہ اقلیت کی دستگیری کے لیے وہی ارادہ فرما رہی ہوگی۔

أَرْضِعِيهِ ۖ فَإِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَأَلْقِيهِ فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِي

(بے خطر) دودھ پلاتی رہ پھر جب اس کے متعلق تمہیں اندیشہ لاحق ہو تو ڈال دینا اسے دریا میں اور نہ ہراساں ہونا

وَلَا تَحْزَنِي ۖ إِنَّا رَادُّوهُ إِلَيْكِ وَجَاعِلُوهُ مِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿٧﴾

اور نہ غمگین ہونا۔ یقیناً ہم لوٹا دیں گے اسے تیری طرف اور ہم بنانے والے ہیں اسے رسولوں میں سے ؎

فَالْتَقَطَهُ آلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُونَ لَهُمْ عَدُوًّا وَحَزَنًا ۗ إِنَّ

پس دریا سے نکال لیا اسے فرعون کے گھر والوں نے تاکہ ؎ (انجام کار) وہ ان کا دشمن اور باعث رنج والم بنے بیشک

فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَجُنُودَهُمَا كَانُوا خَاطِئِينَ ﴿٨﴾ وَقَالَتِ امْرَأَتُ

فرعون، ہامان اور ان کے لشکری خطا کار تھے ؎ اور کہا فرعون کی بیوی

فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِي وَلَكَ ۖ لَا تَقْتُلُوهُ عَسَىٰ أَنْ يَنْفَعَنَا

نے (اے میرے سرتاج) یہ بچہ تو میری اور تیری آنکھوں کے لیے ٹھنڈک ہے، اسے قتل نہ کرنا۔ شاید یہ ہمیں نفع دے۔

؎ موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا اپنے لخت جگر کو حکم الٰہی کے مطابق ایک صندوق میں رکھ کر دریا میں ڈال دینا پھر اس صندوق کا بہتے بہتے فرعون کے محل کے نزدیک سے گزرنا اور فرعون کی اہلیہ کا اسے اٹھانا، پھر قصر شاہی میں اس کی تربیت کا انتظام فرما دینا وغیرہ وغیرہ۔ ان تمام واقعات کی تفصیل سورہ طٰہٰ کے حواشی میں ملاحظہ فرمائی جائے۔

؎ اگرچہ انھوں نے اس تابوت کو دریا سے اس لیے نہیں نکالا تھا کہ اس میں جو معصوم بچہ ہے وہ ان کی تباہی و بربادی کا باعث بنے۔ لیکن جب ان کے اس فعل کا انجام یہ ظاہر ہوا تو اس لیے لِیَکُوْنَ کا لفظ استعمال کیا۔ اس لام کو اہل لغت لام عاقبت کہتے ہیں۔

؎ بتایا جا رہا ہے کہ فرعون تو خدائی کا دعویدار تھا لیکن وہ یہ بھی نہ جان سکا کہ یہ بچہ انجام کار اس کی ہلاکت کا باعث بنے گا تو یہ عجیب خدا ہے جس کی بے علمی اور جہالت کا یہ عالم ہے کہ اپنے دشمن کو بھی نہیں پہچان سکتا۔ ہامان کو بھی اپنی فراست اور سمجھ بوجھ پر بڑا ناز تھا، وہ بھی اس چیز کو نہ سمجھ سکا۔ یقیناً ایسا جاہل خدا بننے کے قابل نہیں اور ہامان جیسے بدھو وزیر کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ فرعون کی خدائی کا پرچار کرتا رہے۔

أَوْ نَتَّخِذَهُۥ وَلَدًا وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٩﴾ وَأَصْبَحَ فُؤَادُ أُمِّ

یا ہم اُسے اپنا فرزند بنالیں اور وہ اس تجویز کے انجام کو نہ سمجھ سکے ۱۰ اور موسیٰ کی ماں کا دل بے قرار

مُوسَىٰ فَٰرِغًا ۖ إِن كَادَتْ لَتُبْدِى بِهِۦ لَوْلَآ أَن رَّبَطْنَا عَلَىٰ

ہو گیا ۱۱ قریب تھا کہ وہ ظاہر کر دے اس راز کو اگر ہم نے مضبوط نہ کر دیا ہوتا اس

قَلْبِهَا لِتَكُونَ مِنَ ٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿١٠﴾ وَقَالَتْ لِأُخْتِهِۦ قُصِّيهِ ۖ

کے دل کو تاکہ وہ بنی رہے اللہ کے وعدہ پر یقین کرنے والی۔ اور اس نے کہا موسیٰ کی بہن سے کہ اس کے پیچھے پیچھے ہو لے

فَبَصُرَتْ بِهِۦ عَن جُنُبٍ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿١١﴾ وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ

پس وہ اُسے دیکھتی رہی دُور سے۔ اور وہ اس (حقیقت کو) نہ سمجھتے تھے۔ اور ہم نے حرام کر دیں اس پر ۱۲

ٱلْمَرَاضِعَ مِن قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰٓ أَهْلِ بَيْتٍ

ساری دُودھ پلانے والیاں اس سے پہلے تو موسیٰ کی بہن نے کہا کیا میں پتہ دُوں تمہیں ایسے گھر والوں کا جو اس کی

يَكْفُلُونَهُۥ لَكُمْ وَهُمْ لَهُۥ نَٰصِحُونَ ﴿١٢﴾ فَرَدَدْنَٰهُ إِلَىٰٓ أُمِّهِۦ كَىْ

پرورش کریں تمہاری خاطر اور وہ اس بچہ کے خیر خواہ بھی ہوں گے۔ تو (اس طرح) ہم نے لوٹا دیا اس کو اس کی ماں کی طرف

۱۰ فرعون اور اس کے تمام حواری اس بات کو نہ سمجھ سکے کہ اس بچے کی وجہ سے سمندر کی موجیں انھیں خس و خاشاک کی طرح بہا کر لے جائیں گی۔

۱۱ موسیٰ علیہ السلام کی والدہ اپنے نورِ نظر کی جدائی سے بے چین ہو گئیں۔ ان کا دل اپنے بچے کی یاد اور خیال کے سوا ہر چیز سے خالی ہو گیا۔ اور بعض نے لکھا ہے کہ انھیں وہ وعدہ بھی یاد نہ رہا جو اللہ تعالیٰ نے ان سے کیا تھا کہتے ہیں کہ شیطان نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو جا کر کہا کہ تو نے بچے کو اس لیے دریا کی موجوں کی نذر کیا کہ فرعون اسے قتل نہ کر دے لیکن تیرے بچے کو تو فرعون نے ہی اٹھایا ہے وہ اسے کب زندہ رہنے دے گا۔ اس نے جب یہ بات سنی تو گھبراہٹ کی وجہ سے انھیں وہ بات بھول گئی — ان کادت، ان اصل میں انّ اور اس کا اسم ضمیر شان ہے۔ ای انھا کادت۔

۱۲ مراضع یا تو مُرضعۃ کی جمع ہے یعنی ہم نے تمام دُودھ پلانے والیوں کو آپ پر حرام کر دیا یا مَرضع کی جمع ہے۔

تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ أَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ

تاکہ اسے دیکھ کر اس کی آنکھ ٹھنڈی ہو اور (اس کے فراق میں) غمزدہ نہ ہو اور وہ یہ بھی جان لے کہ بلاشبہ اللہ کا وعدہ سچا ہوتا ہے

أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿۱۳﴾ وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰى اٰتَيْنٰهُ

لیکن اکثر (اس حقیقت کو) نہیں جانتے۔ اور جب پہنچ گئے موسیٰ اپنے شباب کو اور ان کی نشوونما مکمل ہو گئی تو ہم نے انہیں

حُكْمًا وَّعِلْمًا ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿۱۴﴾ وَدَخَلَ

حکم اور علم عطا فرمایا۔ اور ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں نیکوکاروں کو۔ اور وہ شہر میں داخل

الْمَدِينَةَ عَلٰى حِينِ غَفْلَةٍ مِّنْ أَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيهَا

ہو گئے ۳۱؎ اس وقت جب بے خبر سو رہے تھے اس کے باشندے۔ پس آپ نے پایا وہاں

اسی صورت میں یا تو مصدر میمی ہوگا تو اس کا معنی ہے دودھ پلانا، یا ظرف ہوگا یعنی دودھ پینے کی جگہ۔

۳۱؎ جس طرح ہم دیکھ رہے ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام فرعون کے شاہی محل میں پروان چڑھ رہے ہیں جو نوجوان فرعون کا نورِ نظر بنا ہوا ہو وہ تو جب کسی شہر میں داخل ہوتا ہوگا بڑے تزک و احتشام سے داخل ہوتا ہوگا اور حکومت کے ملازمین اس کے استقبال کے لیے موجود ہوتے ہوں گے۔ اس کے متعلق یہ کہنا کہ وہ شہر میں اس وقت داخل ہوا جب لوگ آرام کر رہے ہوں اور لوگوں کو آپ کی آمد کا پتہ نہ چلے۔ یہ صورتِ حال آپ کی شاہزادگی کے دور سے کوئی مناسبت نہیں رکھتی اس لیے مجھے تو اس کی یہی توجیہ زیادہ صحیح معلوم ہوتی ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کو روزِ اول سے ہی اپنی والدہ کے پاس رہنے اور ان کی باتیں سننے کا موقع مل گیا تھا۔ ساری صورتِ حال سے آپ اچھی طرح آگاہ ہو گئے تھے۔ نیز آپ کو اپنے جلیل القدر آباؤ اجداد کے منصبِ نبوت پر بھی آگاہی ہو چکی تھی۔ آپ نے جب دیکھا کہ فرعون خود خدا بنا بیٹھا ہے اور لوگوں سے اپنی پرستش کراتا ہے تو آپ کا موحد ذہن اس شرکِ صریح کو زیادہ عرصہ گوارا نہ کر سکا اور آپ کے پُرجلال مزاج نے فرعون کو اس ناشائستہ حرکت پر ٹوکا یہاں تک کہ قطع تعلق تک نوبت پہنچی اور آپ کو مجرم اور باغی سمجھا جانے لگا۔ چنانچہ اس کے شر سے اپنے آپ کو محفوظ کرنے کے لیے روپوش ہو گئے اور اگر کسی ضروری کام کے لیے آپ کو شہر میں آنا پڑتا تو آپ ایسے وقت میں آتے کہ کانوں کان کسی کو خبر نہ ہو۔ یہ واقعہ بھی اس وقت پیش آیا جب آپ ایسے وقت شہر میں آئے جبکہ لوگ آرام کر رہے تھے۔ چنانچہ علامہ قرطبی اور دیگر محققین نے اس قول کو ترجیح دی ہے۔ قال ابن اسحٰق وکان فی ھذا الوقت قد اظھر خلاف فرعون وعاب علیھم عبادۃ فرعون والاصنام فدخل مدینۃ فرعون یوماً علی حین غفلۃ من اھلھا۔ اور اس سے

رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ ۫ هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ فَاسْتَغَاثَهُ

دو آدمیوں کو آپس میں لڑتے ہوئے ۱۴ یہ ایک ان کی جماعت سے تھا اور یہ دوسرا ان کے دشمنوں سے پس مدد کے

الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِيْ مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى

لیے پکارا آپ کو اس نے جو آپ کی جماعت سے تھا اس کے مقابلہ میں جو آپ کے دشمن گروہ سے تھا۔ تو سینہ میں گھونسا مارا

فَقَضٰى عَلَيْهِ ۫ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ

موسیٰ نے اس کو اور اس کا کام تمام کر دیا۔ آپ نے فرمایا یہ کام شیطان کی انگیخت سے ہوا ہے بیشک وہ کھلا دشمن ہے بہکانے

مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ لَهٗ ؕ

والا۔ آپ نے عرض کی میرے پروردگار! میں نے ظلم کیا اپنے آپ پر ۱۵ پس بخش دے مجھے، تو اللہ تعالیٰ نے بخش دیا اسے

اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶﴾ قَالَ رَبِّ بِمَاۤ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ

بیشک وہی غفور رحیم ہے۔ عرض کرنے لگے میرے رب! مجھے ان انعامات کی قسم جو تو نے مجھ پر

پہلے علامہ قرطبی لکھتے ہیں فکان لا یدخل مدینۃ فرعون الا خائفا مستخفیا (قرطبی)

۱۴ جب آپ شہر میں داخل ہوئے تو آپ نے دیکھا کہ دو آدمی آپس میں دست و گریباں ہیں۔ ایک اسرائیلی ہے اور دوسرا قبطی۔ اسرائیلی نے آپ کو دیکھ کر مدد کے لیے پکارا۔ آپ آگے بڑھے کہ قبطی کو دست درازی سے منع کریں۔ جب اس نے بات نہ مانی تو آپ نے اسے ایک مکا رسید کیا۔ اسے قتل کرنے کا آپ کا کوئی ارادہ نہ تھا لیکن وہ مکا جان لیوا ثابت ہوا اور اس کا قصہ تمام ہو گیا۔ اچانک جب یہ حادثہ رونما ہوا تو یقیناً آپ کو روحانی اذیت بھی ہوتی ہو گی کہ ناحق ایک جان تلف ہو گئی اور پھر یہ خدشہ بھی پیدا ہو گیا ہو گا کہ فرعون پہلے ہی درپئے آزار ہے جب اس کو اس واقعہ کا علم ہو گا تو وہ مجھے جیتا نہ چھوڑے گا۔ چنانچہ جذبات و افکار کی اس کشمکش میں آپ کی زبان سے یہ جملہ نکلا ہو گا هٰذا من عمل الشیطان۔

۱۵ اس قتل میں اگرچہ آپ کے ارادہ اور قصد کو قطعاً کوئی دخل نہ تھا بہر حال ایک جان تو تلف ہو گئی تھی اس لیے بارگاہ الٰہی میں بخشش و مغفرت کی التجا کرنے لگے۔ مغفرت کا معنی ڈھانپنا ہے۔ ممکن ہے یہ بھی پیش نظر ہو کہ الٰہی پردہ پوشی فرما دے اور میرے دشمنوں کو اس فعل کی اطلاع نہ ملے۔ چنانچہ اس غفور رحیم نے اپنے بندے کی اس التجا کو قبول فرمایا اور کسی کو کانوں کان خبر نہ ہوئی۔

أَكُونَ ظَهِيرًا لِّلْمُجْرِمِينَ ﴿١٧﴾ فَأَصْبَحَ فِي الْمَدِينَةِ خَائِفًا

فرمانے لگے[۱۶] اب میں ہرگز مجرموں کا مددگار نہیں ہوں گا۔ پھر آپ نے صبح کی اس شہر میں ڈرتے ہوئے ۔۔۔ اس

يَتَرَقَّبُ فَإِذَا الَّذِي اسْتَنْصَرَهُ بِالْأَمْسِ يَسْتَصْرِخُهُ ۚ قَالَ

انتظار میں کہ کیا ہوتا ہے تو اچانک وہی شخص جس نے کل ان سے مدد طلب کی تھی آج پھر انھیں مدد کے لیے پکارتا ہے

قرآن کریم نے اس واقعہ کو جس طرح بیان کیا ہے اس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ یہ قتل آپ سے بلا ارادہ سرزد ہوا لیکن آپ کے اقیلوں نے جس طرح بائیبل میں اس واقعہ کو بیان کیا ہے وہ بھی سن لیجیے:

"اتنے میں موسیٰ جب بڑا ہوا تو باہر اپنے بھائیوں کے پاس گیا اور ان کی مشقتوں پر اس کی نظر پڑی، اور اس نے دیکھا کہ ایک مصری اس کے عبرانی بھائی کو مار رہا ہے پھر اس نے ادھر ادھر نگاہ کی اور جب دیکھا کہ وہاں کوئی دوسرا آدمی نہیں ہے تو اس مصری کو جان سے مار کر اسے ریت میں چھپا دیا۔"

(خروج ۲: ۱۱، ۱۲)

قرآن کریم کا یہ کتنا احسان ہے کہ اس نے انبیاء کرام کے من پر لگے ہوئے سارے داغوں کو دھو کر صاف کر دیا، خواہ وہ داغ ان کے دشمنوں نے دانستہ لگائے تھے خواہ ان کے نادان دوستوں نے کرم فرمائی کی تھی۔

قتادہ نے ان دونوں کی لڑائی کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ وہ قبطی اسرائیلی کو لکڑیوں کا ایک بھاری گٹھا اٹھانے کا حکم دے رہا تھا۔ اس نے اٹھانے سے انکار کر دیا چنانچہ اس قبطی نے حاکم قوم کا فرد ہوتے ہوئے اسے زدوکوب شروع کی اتنے میں آپ تشریف لائے اور اسرائیلی نے آپ سے فریاد کی اور حضرت موسیٰ اس کی فریاد رسی کے لیے محض اس لیے نہیں گئے کہ فریاد کنندہ اسرائیلی تھا بلکہ اس کی وجہ یہ تھی کہ ہر مظلوم کی مدد کرنا ہر دین میں فرض ہے۔ وانما اغاثه لان نصر المظلوم دين في الملل كلها على الامم وفرض في جميع الشرائع (قرطبی)

لفظ وکز کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: الوكز واللكز واللهز واللهد بمعنى واحد وهو ضرب بجمع الكف یعنی یہ چاروں لفظ ہم معنی ہیں ان کا معنی مکا مارنا ہے (قرطبی)

[۱۶] آپ نے مژدۂ مغفرت سنا تو عرض کی مجھے تیری عنایات کی قسم جو تو نے مجھ پر فرمائی ہیں آئندہ مجرموں کا معاون نہیں ہوں گا۔ اس آیت سے علماء اسلام نے یہ استدلال کیا ہے کہ ظالموں کی امداد اور ان کی خدمت ممنوع ہے۔ واحتج اهل العلم بهذه الاٰية على المنع من معونة الظلمة وخدمتهم (روح المعانی)۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی بھی سماعت فرمائیے من مشى مع مظلوم ليعينه على مظلمته ثبت الله قدميه على الصراط يوم القيمة يوم تزل فيه الاقدام ومن مشى مع ظالم ليعينه على ظلمه ازل الله قدميه

لَهٗ مُوْسٰۤى اِنَّكَ لَغَوِیٌّ مُّبِیْنٌ ﴿۱۸﴾ فَلَمَّاۤ اَنْ اَرَادَ اَنْ یَّبْطِشَ

موسیٰ نے اُسے فرمایا بیشک تو کھلا ہوا گمراہ ہے ۳۵ پس جب آپ نے ارادہ کیا کہ جھپٹ پڑیں اس پر

بِالَّذِیْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا قَالَ یٰمُوْسٰۤى اَتُرِیْدُ اَنْ تَقْتُلَنِیْ

جو ان دونوں کا دشمن تھا وہ کہنے لگا اے موسیٰ! کیا تو چاہتا ہے کہ مجھے بھی قتل کر ڈالے

كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًۢا بِالْاَمْسِ ۖۗ اِنْ تُرِیْدُ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا

جیسے کل تو نے ایک شخص کو قتل کیا تھا۔ تو نہیں چاہتا بجز اس کے کہ تو ملک میں بڑا جابر بن جائے

فِی الْاَرْضِ وَ مَا تُرِیْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِیْنَ ﴿۱۹﴾ وَ

اور تو نہیں چاہتا کہ اصلاح کرنے والوں میں سے ہو۔ اور

جَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِیْنَةِ یَسْعٰى ٘ قَالَ یٰمُوْسٰۤى اِنَّ

آیا ایک آدمی شہر کے آخری گوشہ سے دوڑتا ہوا۔ اس نے (آکر) بتایا اے موسیٰ!

علی الصراط یوم تدحض فیہ الاقدام (قرطبی)

یعنی جو شخص کسی مظلوم کی مدد کے لیے اس کے ساتھ چلے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن جو قدموں کے پھسلنے کا دن ہے اس کے قدموں کو پل صراط پر ثابت قدم رکھے گا اور جو شخص ظالم کے ساتھ اس کے ظلم پر اس کی مدد کرنے کے لیے جاتا ہے تو اس دن اس کے قدم پل صراط سے پھسل جائیں گے۔

۳۵ موسیٰ علیہ السلام کو راز کے افشا ہونے اور اپنے گرفتار ہونے کا اندیشہ تھا۔ رات اسی طرح گزر گئی۔ دوسرے دن پھر آپ کیا دیکھتے ہیں کہ وہی اسرائیلی ایک دوسرے شخص سے گتھم گتھا ہو رہا ہے۔ اس نے آپ کو دیکھا تو پھر مدد کے لیے پکارا۔ آپ سمجھ گئے کہ یہ شخص لڑاکا ہے۔ ہر روز کسی نہ کسی کے ساتھ الجھ رہا ہوتا ہے۔ چنانچہ آپ نے غصہ سے اسے ڈانٹ پلاتے ہوئے کہا۔ انک لغوی مبین۔ آپ آگے بڑھے تاکہ انھیں چھڑا دیں۔ وہ سمجھا کہ جس طرح آپ نے مجھے غوی مبین کہہ کر ڈانٹا ہے، شاید مجھے ہی مارنے کے لیے آگے بڑھ رہے ہیں۔ اس نے یاموسیٰ اتریدُ کہہ کر سارا راز فاش کر دیا۔ علماء نے لکھا ہے کہ دوسرے روز لڑنے والے بھی ایک قبطی اور ایک اسرائیلی تھے۔ لیکن بائیبل میں لکھا ہے کہ وہ دونوں اسرائیلی تھے۔ قرآن اس کی تردید نہیں کرتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ

سردار لوگ سازش کر رہے ہیں آپ کے بارے میں کہ آپ کو قتل کر ڈالیں۔ اس لیے نکل جائیے (یہاں سے) یقیناً

النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۰﴾ فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ

میں آپکا خیر خواہ ہوں ۳۸۔ پس آپ نکلے وہاں سے ڈرتے ہوئے (اپنی گرفتاری کا) انتظار کرتے ہوئے ۳۹ عرض کی میرے

الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى ع ۵

رب! بچا لے مجھے ظلم و ستم کرنے والوں سے۔ اور جب آپ روانہ ہوئے مدین کی جانب (تو دل میں) کہنے لگے امید ہے ۴۰ میرا

رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۲۲﴾ وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ

رب میری رہنمائی فرمائے گا سیدھے راستہ کی طرف۔ اور جب آپ مدین کے پانی پر پہنچے تو دیکھا کہ

وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۥ وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ

وہاں پر لوگوں کا ایک انبوہ ہے جو (اپنے مویشیوں کو) پانی پلا رہا ہے ۴۱ اور دیکھیں اس انبوہ سے الگ تھلگ

۳۸ اس اسرائیلی کی بات سے راز فاش ہو گیا۔ فرعون اور اس کے اعیان حکومت کو بھی اطلاع مل گئی کہ کل کے مقتول قبطی کا قاتل موسیٰ ہے۔ انھوں نے آپ کو گرفتار کرنے کا منصوبہ بنانا شروع کیا۔ حضرت موسیٰ کے ایک مخلص کو پتہ چلا تو وہ دوڑا دوڑا آیا اور حکومت کے ارادہ سے آپ کو مطلع کر کے کہا کہ آپ یہاں سے جلد نکلنے کی کوشش کیجیے۔ آپ کو گرفتار کرنے کی سازش کی جا رہی ہے۔

۳۹ چنانچہ آپ وہاں سے روانہ ہوئے۔ دل میں ہر وقت یہ کھٹکا لگا ہوا تھا کہ پیچھے سے آکر کوئی پکڑ نہ لے اس لیے بارگاہ ایزدی میں پھر ہاتھ اٹھائے۔ یترقب: ینتظر طلبه۔

۴۰ جب مصر میں ٹھہرنا ناممکن ہو گیا تو آپ نے مدین کا رخ کیا کیونکہ یہی ایک ایسا علاقہ تھا جو فرعون کی مملکت سے باہر تھا اور اس کے علاوہ آباد بھی تھا اور قریب بھی تھا نیز آپ کو یہ بھی خبر ہوگی کہ وہاں کے باشندے بھی حضرت ابراہیم کے فرزند مدین کی اولاد ہیں اور ان سے خونی قرابت بھی ہے اس لیے آپ مدین کی طرف روانہ ہوئے لیکن پاس نہ سواری ہے نہ زاد راہ، راستہ بھی معلوم نہیں لیکن دل میں یقین ہے کہ میرا پروردگار ضرور میری راہنمائی فرمائے گا۔

۴۱ آپ چلتے چلتے مدین کے باہر جو کنواں تھا وہاں پہنچے تو دیکھا لوگوں کا ایک جمگھٹ ہے اور ہر ایک اپنے

امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ؕ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ حَتّٰى

دو عورتیں کہ اپنے ریوڑ کو روکے ہوئے ہیں۔ آپ نے پوچھا تم کیوں اس حال میں کھڑی ہو؟ ان دونوں نے کہا ہم نہیں پلا سکتیں

يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ٚ وَ اَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿۲۳﴾ فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰۤى اِلَى

جبتک ۳۳ چرواہے اپنے مویشیوں کو لیکر واپس نہ چلے جائیں اور ہمارے والد بہت بوڑھے ہیں ۳۴ تو آپ نے پانی پلا دیا ان کے

الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ اِنِّيْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾

ریوڑ کو ۳۵ پھر لوٹ کر سایہ کی طرف آگئے اور عرض کرنے لگے میرے مالک! واقعی میں اس خیر و برکت کا جو تو نے میری طرف

فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَآءٍ ۫ قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ

اتاری ہے محتاج ہوں۔ کچھ دیر بعد آئی آپ کے پاس ان دونوں میں سے ایک خاتون شرم و حیا سے چلتی ہوئی (اور آکر) کہا میرے

اپنے جانوروں کو پانی پلانے میں مصروف ہے لیکن وہ ایک گوشہ میں دو عورتیں الگ تھلگ کھڑی ہیں اور اپنے ریوڑ کو روکے ہوئے ہیں تاکہ بھیڑ بکریاں ادھر ادھر منتشر نہ ہو جائیں۔ آپ نے ان کو یوں چپ چاپ کھڑے ہوئے دیکھا تو پوچھا تم اس طرح کیوں کھڑی ہو، تمہارا کیا مقصد ہے۔ خطبکما: مطلوبکما۔

۳۳ انھوں نے کہا کہ ہم بھی اپنے ریوڑ کو پانی پلانے کے لیے لائی ہیں لیکن جب تک یہ چرواہے اپنے اپنے جانوروں کو پانی پلا کر چلے نہیں جاتے۔ ہمارے لیے اس بھیڑ میں گھس کر پانی پلانا ممکن نہیں جب یہ چلے جائیں گے تو پھر ہم آگے بڑھ کر انھیں پانی پلائیں گی۔

۳۴ انھوں نے خود آکر ریوڑ کو پانی پلانے کی وجہ بیان کر دی۔

۳۵ آپ اٹھے، ڈول لیا اور پانی نکال کر ان کے ریوڑ کو سیراب کر دیا۔ آپ کی طبعی شرافت اس کو گوارا نہ کر سکی کہ عورتیں یونہی کھڑی رہیں اور دوسرے لوگ اپنے جانوروں کو پانی پلاتے رہیں۔ وہ اپنے ریوڑ کو ہانک کر چل دیں۔ حضرت موسیٰ کی یہاں کسی سے جان نہ پہچان۔ پاس ہی ایک سایہ دار درخت تھا۔ ایک غریب الدیار آدمی کی طرح اس کے نیچے ستانے کے لیے بیٹھ گئے۔ اس کس مپرسی کے عالم میں اپنی غریب الوطنی کا شکوہ کرتے ہوئے رحم کی التجا کی۔ اس فقرے کے دو مطلب بیان کیے گئے ہیں۔ ۱۔ انزلت ماضی کا صیغہ ہے لیکن مستقبل کے معنی میں مستعمل ہوا ہے کہ جو مہربانی تو مجھ پر فرمانے والا ہے مجھے اب اس کی اشد ضرورت ہے۔ ۲۔ انزلت بمعنی قدرت انزالہ یعنی جو مہربانی فرمانے کا تو نے فیصلہ فرمایا ہے اس کی طرف میں سخت محتاج ہوں۔

لِيَجْزِيَكَ أَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ۚ فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ عَلَيْهِ

والد تمھیں بلاتے ہیں تاکہ تم نے ہماری بکریوں کو جو پانی پلایا ہے اس کا تمھیں معاوضہ دیں ۲۵ پس جب آپ انکے پاس آئے اور بتایا قصہ

الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ۫ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۵﴾

ان کے سامنے بیان کیا تو انھوں نے (تسلی دیتے ہوئے) کہا ڈرو نہیں تم بچ کر نکل آئے ہو ظالموں (کے پنجہ) سے ۲۶

قَالَتْ إِحْدٰىهُمَا يٰٓأَبَتِ اسْتَأْجِرْهُ ۖ إِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِيُّ

ان دو میں سے ایک خاتون نے کہا میرے (محترم) باپ اسے نوکر رکھ لیجیے۔ بیشک بہتر آدمی جس کو آپ نوکر رکھیں وہ ہے

الْأَمِيْنُ ﴿۲۶﴾ قَالَ إِنِّيْٓ أُرِيْدُ أَنْ أُنْكِحَكَ إِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ

جو طاقتور بھی ہو دیانتدار بھی ہو ۲۷ آپ نے کہا میں چاہتا ہوں کہ میں بیاہ دوں تمھیں ایک ان اپنی دو بچیوں سے

۲۵ تھوڑی دیر گزری ہوگی کہ ان دو عورتوں میں سے ایک آئی۔ اس نے حضرت موسیٰ کو اپنے والد کے خیال سے آگاہ کیا کہ وہ آپ کو پانی پلانے کا معاوضہ دینا چاہتے ہیں اور ساتھ چلنے کی دعوت دی۔ جب وہ خاتون آئی تو کس طرح آئی، اس کو خصوصی طور پر بیان کیا تاکہ اُمّتِ مسلمہ کی بچیاں اس سے سبق سیکھیں۔ فرمایا شرم و حیا کی چادر اوڑھے شرماتی لجاتی ہوئی آئی۔ عمر بن میمون کہتے ہیں ولم تکن سلفعا من النساء خراجة ولاجة (قرطبی)

یعنی وہ ان عورتوں کی طرح نہ تھی جو مردوں کے پاس بڑی بے باکی سے آتی جاتی ہیں اور انھیں کوئی جھجک محسوس نہیں ہوتی۔ اگرچہ علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ ان لڑکیوں کے والد کا نام کیا تھا لیکن اکثر مفسرین کی یہی رائے ہے کہ یہ حضرت شعیب علیہ السلام کی صاحبزادیاں تھیں۔ بائیبل میں بھی یہ واقعہ تقریباً اسی طرح مذکور ہے۔

۲۶ موسیٰ علیہ السلام تشریف لائے۔ اور اپنا سارا ماجرا کہہ سنایا۔ انھوں نے تسلی دیتے ہوئے کہا اب فکر و اندیشہ دل سے نکال دو۔ تم ظالموں کی گرفت سے نکل آئے ہو۔ یہاں اب تمھیں کسی قسم کا خطرہ نہیں۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ حضرت موسیٰ اُجرت لینے کے لیے نہیں آئے تھے بلکہ آپ کے پیش نظر ایک بزرگ کی زیارت کرنا تھی۔ چنانچہ ابن عساکر لکھتے ہیں کہ حضرت شعیب نے کھانا پیش کیا تو آپ نے کھانے سے انکار کر دیا۔ وجہ پوچھی تو بتایا کہ میں اس خاندان سے تعلق رکھتا ہوں جو اپنے نیک عمل کو کسی قیمت پر بیچنے کے لیے تیار نہیں ہوتے۔ آپ نے فرمایا ہم بھی مہمان کی تواضع کرنا اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ اسے اُجرت خیال نہ کرو بلکہ یہ ضیافت ہے جو ہمارے آبائے کرام کی سنّت ہے۔

۲۷ ان بچیوں کو ریوڑ چرانے۔ اس کی حفاظت کرنے اور پھر ان کو اس بھیڑ میں پانی پلاتے وقت بڑی دقتوں کا سامنا کرنا

عَلٰۤى اَنْ تَاْجُرَنِىْ ثَمٰنِىَ حِجَجٍ ۚ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ

بشرطیکہ تو میری خدمت کرے آٹھ سال تک ۵۳ پھر اگر تم پورے کرو دس سال تو یہ تمہاری اپنی مرضی۔

وَمَاۤ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ؕ سَتَجِدُنِىْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ

اور میں نہیں چاہتا کہ تم پر سختی کروں۔ تو پائے گا مجھے اگر اللہ نے چاہا نیک لوگوں سے (جو وعدہ

الصّٰلِحِيْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِىْ وَبَيْنَكَ ؕ اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ

ایفا کرتے ہیں) موسیٰ نے کہا یہ بات میرے اور آپ کے درمیان طے پا گئی ۵۴ ان دو میعادوں سے جو میعاد میں گزار دوں

فَلَا عُدْوَانَ عَلَىَّ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿۲۸﴾ فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى

تو مجھ پر کوئی زیادتی نہ ہوگی۔ اور اللہ تعالیٰ جو قول و قرار ہم نے کیا ہے اس پر نگہبان ہے پھر جب موسیٰ علیہ السلام

پڑتا تھا۔ انہوں نے آپ کی جسمانی قوتوں کا اندازہ لگایا تھا کہ کس طرح بھیڑ کو چیرتے ہوئے انہوں نے تھوڑے سے وقت میں ان کے سارے ریوڑ کو سیراب کر دیا۔ پھر ان کے شرم و حیا کو دیکھا کہ وہ کسی اجنبی عورت کی طرف نظر اٹھا کر دیکھنا بھی گوارا نہیں کرتے تو اپنے والد بزرگوار سے یہ عرض کی۔

۵۳ حضرت شعیب کو بھی ان دشواریوں کا احساس تھا جن کا ذکر ان کی صاحبزادی نے کیا۔ اولاد نرینہ نہ ہونے کی وجہ سے جوان بچیوں کو مال مویشی کی حفاظت گھر بار کا انتظام اور دیگر ذمہ داریاں انجام دینا پڑتی تھیں اس سے آپ کو یقیناً بڑی کوفت ہوتی ہوگی۔ حضرت موسیٰ کی داستان سن کر ان کے حسب نسب سے آپ آگاہ ہو گئے تھے۔ چنانچہ آپ نے موسیٰ سے کسی مناسب وقت پر اس امر کا اظہار کیا کہ اگر تم یہاں آٹھ دس سال ٹھہرو اور میرا دست بازو بننا منظور کرو تو میں تم کو اپنی ایک بچی کا نکاح کر کے دے دونگا۔ یوں تمہارا میرے گھر میں ٹھہرنا آسان ہو جائے گا۔ موسیٰ نے اپنی رضامندی کا اظہار کیا۔ چنانچہ آپ نے اپنی ایک بچی کا نکاح ان کے ساتھ کر دیا۔ آیت کے الفاظ صاف بتا رہے ہیں کہ یہ گفتگو محض بطور مشورہ ہوئی۔ اس گفتگو سے نکاح منعقد نہیں ہوا۔ تاکہ وہ مباحث یہاں چھیڑے جائیں جو عموماً اس آیت میں بیان کیے جاتے ہیں۔

۵۴ موسیٰ علیہ السلام نے ان کی یہ شرط منظور کر لی لیکن کہا کہ ان دونوں میعادوں میں سے جو میعاد میں اپنی مرضی سے پوری کروں آپ کو اعتراض نہ ہوگا۔ اس وعدہ کو پختہ کرنے کے لیے آپ نے واللہ علی ما نقول وکیل کے الفاظ فرما دیئے۔

الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَهْلِهٖۤ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۚ قَالَ

نے مقررہ مدت پوری کر دی ۳۸؎ اور وہاں سے، چلے اپنی اہلیہ کو ساتھ لے کر تو آپ نے دیکھی طور کے ایک طرف آگ ۳۹؎

لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا اِنِّیْۤ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْۤ اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ

آپ نے اپنے اہل خانہ سے کہا تم ذرا ٹھیرو میں نے آگ دیکھی ہے میں وہاں جاتا ہوں، شاید میں لے آؤں تمہارے پاس وہاں سے

جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوْدِیَ مِنْ

کوئی خبر یا آگ کی کوئی چنگاری تاکہ تم اسے تاپ سکو۔ پس جب آپ وہاں گئے تو ندا آئی وادی کے دائیں

شَاطِئِ الْوَادِ الْاَیْمَنِ فِی الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ

کنارہ سے ۴۰؎ اس بابرکت مقام میں ایک درخت سے کہ اے

یّٰمُوْسٰۤی اِنِّیْۤ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۰﴾ وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا

موسیٰ! بلاشبہ میں ہی ہوں اللہ جو رب العالمین ہے۔ اور (ذرا) ڈال دو (زمین پر) اپنے عصا کو

رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰی مُدْبِرًا وَّلَمْ یُعَقِّبْ ؕ یٰمُوْسٰۤی اَقْبِلْ

اب جو اسے دیکھا تو وہ اس طرح لہرا رہا تھا جیسے وہ سانپ ہو آپ پیٹھ پھیر کر چل دیئے اور پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھا (آواز آئی)

۳۸؎ حضرت عباسؓ سے مروی ہے کہ آپ نے دس سال پورے کیے۔ قال قضی اکملهما و اوفاهما (قرطبی)۔

۳۹؎ موسیٰ علیہ السلام اپنی اہلیہ کو لے کر مصر روانہ ہوئے۔ راہ میں وہی دور سے آگ دیکھنے کا واقعہ پیش آیا جس کا ذکر سورۂ النمل اور دوسری سورتوں میں گزر چکا ہے۔ جذوة: قطعة من النار یعنی چنگاری۔

۴۰؎ جب آپ آگ لے آنے کے ارادہ سے اس جگہ پہنچے تو اس بابرکت علاقہ میں وادیٔ طور کی دائیں جانب ایک درخت نظر آیا جس میں سے یہ صوت سرمدی سامع نواز ہو رہی تھی۔ اس آواز کی کیفیت کیا تھی۔ کیا وہ الفاظ حروف اور اصوات سے عبارت تھی اور کیا اس کا سماع ان ظاہری کانوں سے ہوا، اس کے متعلق علامہ قرطبی کی یہ عبارت بڑی بصیرت افروز ہے:

قال ابو المعالی: و اهل المعانی و اهل الحق یقولون من كلمه الله تعالی خصه بالرتبة العلیا و الغایة القصوی

وَلَا تَخَفْ ۖ إِنَّكَ مِنَ الْآمِنِينَ ﴿۳۱﴾ اُسْلُكْ يَدَكَ فِي جَيْبِكَ

اے موسیٰ! سامنے آؤ اور ڈرو نہیں یقیناً تم (ہر خطرہ سے) محفوظ ہو ۳۳ ڈالو اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں

تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ وَاضْمُمْ إِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ

وہ نکلے گا سفید (چمکتا ہوا) بغیر کسی تکلیف کے ۳۴ اور رکھ لے اپنے سینہ پر اپنا ہاتھ خوف

الرَّهْبِ فَذَانِكَ بُرْهَانَانِ مِنْ رَبِّكَ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ ۚ

دُور کرنے کے لیے ۳۵ تو یہ دو دلیلیں ہیں تمہارے رب کی طرف سے فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف

إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا فَاسِقِينَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّي قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا

لے جانے کے لیے بیشک وہ نافرمان لوگ ہیں ۳۶ آپ نے عرض کی میرے رب! میں نے تو قتل کیا تھا ان سے ایک شخص

فَأَخَافُ أَنْ يَقْتُلُونِ ﴿۳۳﴾ وَأَخِي هَارُونُ هُوَ أَفْصَحُ مِنِّي لِسَانًا

کو پس میں ڈرتا ہوں کہیں وہ مجھے قتل نہ کر ڈالیں۔ اور میرا بھائی ہارون وہ زیادہ فصیح ہے مجھ سے گفتگو کرنے میں تو اسے

فَأَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْءًا يُصَدِّقُنِي ۖ إِنِّي أَخَافُ أَنْ يُكَذِّبُونِ ﴿۳۴﴾

بھیج میرے ساتھ میرا مددگار بنا کر تاکہ وہ میری تصدیق کرے۔ میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے۔ ۳۷

فیدرک کلامه القدیم المقدس من مشابهة الحروف والاصوات والعبارات والنغمات وضروب اللغات" یعنی اہل حق کہتے ہیں کہ جس کو اللہ تعالیٰ اپنی ہم کلامی کا شرف بخشتا ہے تو اسے ایسے بلند رتبہ پر فائز کر دیتا ہے کہ وہ کلام الٰہی کو حرف وصوت ونغمہ وغیرہ کی قیود کے بغیر ادراک کر لیتا ہے۔"

۳۳ عصا کے سانپ بننے والا معجزہ عطا ہوا جس کی تفصیل سورۃ نمل میں گزر چکی ہے۔

۳۴ اس کے بعد ید بیضا کا اعجاز مرحمت ہوا۔

۳۵ اس کا مفہوم یہ ہے کہ اپنے ہاتھ کو اپنے سینے کے ساتھ ملاؤ تاکہ اللہ تعالیٰ اس خوف کو دُور کر دے جو آپ اپنے دل میں محسوس کر رہے ہیں۔ المعنی اضمم یدک الی صدرک لیذهب الله ما فی صدرک من الخوف (قرطبی)

۳۶ فرمایا تمہارے رب نے تمہیں یہ دو معجزے عطا فرمائے ہیں۔ اب فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس

قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہم مضبوط کر دیں گے تیرے بازو کو تیرے بھائی سے اور ہم عطا کریں گے تمھیں ایسا غلبہ (اور شوکت)

يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ۚ بِاٰيٰتِنَآ ۚ اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿٣٥﴾

کہ وہ تمھیں (اذیت) نہیں پہنچا سکیں گے۔ ہماری نشانیوں کے باعث تم دونوں اور تمھارے پیروکار ہی غالب آئیں گے ۳۵

ع

فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ

پھر جب آئے فرعونیوں کے پاس موسیٰ (علیہ السلام) ہماری روشن نشانیاں لے کر، انھوں نے کہا نہیں ہے یہ مگر جادو

مُّفْتَرًى وَّمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٦﴾ وَقَالَ

گھڑا ہوا ۳۶ اور ہم نے نہیں سنیں اس قسم کی باتیں اپنے پہلے آباؤ اجداد کے زمانہ میں۔ اور موسیٰ (علیہ السلام)

مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ

نے فرمایا میرا رب خوب جانتا ہے اسے جو اس کی بارگاہ سے (ذریعہ) ہدایت لے کر آیا ہے اور وہی جانتا ہے کہ اس کا انجام

جاؤ اور انہیں سمجھاؤ انھوں نے بڑا اودھم مچا رکھا ہے۔

۳۴ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی الٰہی مجھ سے ایک قبطی قتل ہو گیا تھا۔ میں اگر فرعون کے پاس گیا تو مجھے گرفتار کر لیں گے اور ان سے کوئی بعید نہیں کہ وہ مجھے قتل کر ڈالیں۔ اس کے علاوہ میری زبان میں وہ روانی نہیں جو ایک مبلغ میں ہونی چاہیے۔ اس لیے میرے بھائی ہارون کو میرا وزیر اور میرا معاون بنا دیجیے تاکہ وہ میری دل جمعی کا باعث ہو اور ہم دونوں اچھی طرح تیرے حکم کی تعمیل کر سکیں۔ ردءا : معینا مشتق من اردأته ای اعنته والردء العون۔ یہ واقعہ بھی تفصیلاً بیان ہو چکا ہے۔

۳۵ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تمھاری دعا منظور ہوئی۔ ہم تیرے بھائی ہارون سے تیرے بازو کو تقویت دیں گے فکر مت کرو جب میں تمھارا معاون ہوں تو بیچارے فرعون کی کیا مجال کہ تمھیں کوئی گزند پہنچا سکے۔ تم بے دھڑک جاؤ اسے میرا پیغام پہنچاؤ۔ اور یقین رکھو کہ تم اور تمھارے پیروکار ہی غالب ہوں گے۔

۳۶ حضرت موسیٰ علیہ السلام حکم الٰہی کے مطابق فرعون کے پاس گئے۔ اسے دعوت دی۔ اپنے معجزات دکھائے۔ انھوں نے ایمان لانے کے بجائے آپ کو جادوگر، آپ کے معجزوں کو جادو کا کرشمہ کہہ دیا۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا بے راہروی اور ظلم و تعدی سے باز آجاؤ ورنہ برباد کر دیے جاؤ گے۔

تَكُونُ لَهُ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۭ اِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَقَالَ

اچھا ہو گا۔ بے شک بامراد نہیں ہوتے ظلم و ستم کرنے والے۔ یہ سُن کر فرعون نے کہا

فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ

اے اہل دربار! ؎ میں تو نہیں جانتا کہ تمہارے لیے میرے سوا کوئی اور خدا ہے۔ پس آگ جلا میرے لیے

؎ موسیٰ علیہ السلام نے جب اس کے بھرے دربار میں رب العالمین کا ذکر کیا تو اسے سخت ناگوار گزرا۔ اس نے اپنے وزراء اور رؤساء مملکت کی طرف دیکھا۔ پھر بڑے غرور سے کہا کہ موسیٰ کی بات کی طرف التفات نہ کرنا۔ میں نے خوب تحقیق کر لی ہے میرے سوا تمہارا اور کوئی خدا نہیں۔ میں ہی تمہارا الٰہ ہوں۔

اس کے بعد اس نے اپنے مشیرِ خصوصی ہامان کو حکم دیا کہ موسیٰ جس خدا کا ذکر کر رہا ہے وہ زمین پر تو کہیں کسی کو نظر نہیں آیا۔ ہو سکتا ہے آسمان پر ہو۔ اس لیے ہامان تم ایک نہایت بلند محل یا مینار تعمیر کرو تاکہ ہم اس پر چڑھیں اور آسمان میں بھی جھانک کر اچھی طرح تسلی کر لیں۔ اگر موسیٰ کا خدا وہاں ہوا تو ہمیں نظر آجائے گا۔ اور اگر وہاں بھی نظر نہ آیا تو پھر تم سب کو اطمینان ہو جائے گا کہ میرے سوا کوئی اور الٰہ نہیں ہے اور جہاں تک میرا خیال ہے میں تو موسیٰ کو جھوٹا سمجھتا ہوں۔

آیت کا مفہوم سمجھ لینے کے بعد یہاں دو چیزیں غور طلب ہیں:

(۱) فرعون اپنے آپ کو الٰہ کہتا تھا اس سے اس کا مقصد کیا تھا؟

(۲) اس نے ہامان کو بلند مینار بنانے کا حکم کیوں دیا اور کیا وہ بنایا بھی گیا یا نہیں؟

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کا اپنے آپ کو الٰہ کہنے کا مقصد ہرگز یہ نہ تھا کہ وہ زمین و آسمان کا خالق ہے۔ کیونکہ اس کے اس دعویٰ کو تو کوئی احمق ترین آدمی بھی ماننے کے لیے تیار نہ تھا۔ اس دنیا میں آئے ہوئے اسے چند سال ہی گزرے تھے۔ ایسے لوگ بھی بکثرت موجود ہوں گے جن کے سامنے اس کی پیدائش ہوئی۔ وہ بڑا ہوا اور بادشاہ بنا۔ اور یہ زمین و آسمان اور دیگر مظاہر فطرت تو اس سے لاکھوں سال پہلے کے ہیں اور وہ اتنا نادان ہرگز نہ تھا کہ ایسی بات کا دعویٰ کرتا جو بدیہی البطلان ہو۔ الٰہ کے دعویٰ سے اس کا مقصد یہ تھا کہ وہ اپنے آپ کو ساری رعایا کا معبود بنا دے۔ وہ یہ چاہتا تھا کہ لوگ اس کے ہر حکم کی تعمیل کریں۔ کسی کو دم مارنے کی اور اعتراض کرنے کی جرأت نہ ہو۔ وہ کہتا میرے ملک میں میرا ہی حکم چلے گا۔ موسیٰ یا ہارون کو کوئی حق نہیں پہنچتا کہ وہ میرے کسی طرزِ عمل پر یہ کہہ کر اعتراض کریں کہ میرا یہ کام رب العالمین کی مرضی کے خلاف ہے یا میرا حکم اس کے حکم کے خلاف ہے اور میں اس کی حکم عدولی کا ارتکاب کر رہا ہوں۔ بل الاله هو المعبود فالرجل ما كان ينفي الصانع ويقول لا تكليف على الناس الا ان يطيعوا ملكهم وينقادوا لامره فهذا هو المراد من ادعائه الالهية (کبیر) علامہ آلوسی کے قول سے بھی امام کے قول کی تائید ہوتی ہے۔ فرماتے ہیں: ان اللعين كان

يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْۤ اَطَّلِعُ اِلٰۤى

اے ہامان! اور اس پر اینٹیں پکوا میرے لیے ایک اونچا محل تعمیر کر۔ شاید اس پر چڑھ کر میں سراغ لگا

شئیا یعتقدان من ملك قطر أكان الٰهه ومعبود اهله (روح المعانی) یعنی اس کا یہ عقیدہ تھا کہ ہر بادشاہ اپنے علاقہ اور سلطنت کا خدا اور معبود ہوتا ہے۔

رہی دوسری بات کہ اس نے ہامان کو یہ حکم کیوں دیا تھا اور کیا یہ مینار تعمیر ہوا بھی تھا یا نہیں تو اس کے بارے میں امام رازی لکھتے ہیں کہ اس کا مقصد قطعاً یہ نہ تھا اور نہ اس کا یہ خیال تھا کہ ایک ایسا اونچا مینار بنایا جا سکتا ہے جس پر چڑھ کر انسان آسمان میں جھانک سکے۔ اس نے یا تو یہ بات ازراہ مذاق کہی تھی یا اپنی رعایا کو دھوکہ دینے کے لیے ایسا کہا تھا تاکہ لوگوں کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرائی جائے کہ بادشاہ سلامت موسیٰ کے دعویٰ کی تحقیق کر رہے ہیں جب تک اس تحقیق کے نتائج سامنے نہ آجائیں ایک نووارد کی بات سن کر اپنے قدیم عقائد کو ترک کر دینا بڑی جلد بازی ہے اور پھر فرعون جیسے جابر بادشاہ کی دشمنی مول لینا بھی کوئی عقلمندی نہیں۔ ابھی کچھ دیر صبر کرو اور دیکھو اس تحقیق کا نتیجہ کیا نکلتا ہے۔ فرعون اچھی طرح سمجھتا تھا کہ جب ایک مرتبہ موسیٰ کی طرف سے لوگوں کی توجہ ہٹ گئی تو پھر کون اتنی زحمت اٹھائے گا کہ یہ پوچھنے آئے گا کہ جہاں پناہ! آپ نے جس تحقیق کا وعدہ کیا تھا اس کا کیا نتیجہ نکلا جس بلند مینار کو تعمیر کرنے کا حکم آپ نے ہامان کو دیا تھا وہ کہاں بنایا گیا۔

وانما قال ذٰلك على سبيل التهكم فلا قرب انه كان اوهم البناء ولم يبن (كبير)

یعنی اس نے لوگوں کو اس وہم میں ڈالا تھا کہ وہ ایسا مینار بنائے گا، اس کے لیے تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ ماہر کاریگر اور مسالہ فراہم ہو رہا ہے۔ فکر نہ کرو جلدی کام شروع ہو جائے گا۔ ایسی باتیں کر کے اس نے حضرت موسیٰ کی دعوت سے لوگوں کی توجہ ہٹا دی اور یہی اس کا مقصد تھا۔

باقی رہا وہ قول جو کئی کتابوں میں نقل ہوتا چلا آیا ہے کہ اس نے ایک اونچا مینار تعمیر کیا پھر وہ اس کے اوپر چڑھا اور ایک تیر انداز کو آسمان کی طرف تیر چلانے کا حکم دیا۔ جب تیر لوٹا تو وہ خون سے آلودہ تھا اور اس نے لوگوں کے سامنے اعلان کر دیا کہ دیکھو میں نے موسیٰ کے خدا کا (نعوذ باللہ) کام تمام کر دیا ہے۔ اس قول کے متعلق امام موصوف بڑے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ اس بات کو تو پاگل اور مجنون بھی تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں۔ قرآن کریم کے قصوں کی ایسی تشریح کرنا جو بدیہ البطلان ہو اس کی اجازت نہ عقل دیتی ہے اور نہ دین اسے برداشت کرتا ہے۔ اس طرح تو ہم ان لوگوں کے لیے راہ ہموار کر دیں گے جو قرآن پر اعتراض کرنے کے لیے ایسے زریں موقعوں کی تلاش میں رہتے ہیں۔

فلا يليق بالعقل والدين حمل القصة التي حكاه الله تعالٰى في القرآن على محمل يعرف فساده بضرورة العقل فيصير ذٰلك شرعًا قويًّا لمن احب الطعن في القرآن۔ (كبير)

إِلٰهِ مُوسٰى وَإِنِّي لَأَظُنُّهُ مِنَ الْكٰذِبِينَ ﴿٣٨﴾ وَاسْتَكْبَرَ هُوَ

سکوں موسیٰ کے خدا کا۔ اور میں تو اس کے بارے میں یہ خیال کرتا ہوں کہ یہ جھوٹا ہے۔ اور تکبر کیا اس نے اور اس کی

وَجُنُودُهُ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ إِلَيْنَا

فوجوں نے زمین میں ناحق ٤١ اور وہ یہ گمان کرتے رہے کہ انھیں ہماری طرف

لَا يُرْجَعُونَ ﴿٣٩﴾ فَأَخَذْنٰهُ وَجُنُودَهُ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ فَانْظُرْ

نہیں لوٹایا جائے گا۔ پس ہم نے پکڑ لیا اسے اور اس کے لشکریوں کو اور پھینک دیا انھیں سمندر میں۔ دیکھو کیسا

كَيْفَ كَانَ عٰقِبَةُ الظّٰلِمِينَ ﴿٤٠﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ أَئِمَّةً يَدْعُونَ إِلَى

(ہولناک) انجام ہوا ظلم و ستم کرنے والوں کا۔ اور ہم نے بنایا تھا انھیں ایسے پیشوا جو بلا رہے تھے (اپنی رعایا

النَّارِ ۖ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُونَ ﴿٤١﴾ وَأَتْبَعْنٰهُمْ فِي هٰذِهِ

کو) آگ کی طرف۔ اور روز حشر ان کی مدد نہیں کی جائے گی ٤٢ اور ہم نے ان کے پیچھے اس دنیا میں بھی

الدُّنْيَا لَعْنَةً ۖ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِنَ الْمَقْبُوحِينَ ﴿٤٢﴾

لعنت لگا دی۔ اور قیامت کے دن بھی ان کا شمار معتوبوں میں ہو گا۔ ٤٣

٤١ اس نے غرور و سرکشی کی راہ اختیار کی اور اس کا انجام وہ ہوا جو ان آیات میں مذکور ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جل مجدہ کے بغیر جو بھی تکبر کرتا ہے وہ ناحق کرتا ہے۔ حدیث قدسی میں ہے "الکبریاء ردائی و العظمة ازاری فمن نازعنی فی واحد منهما قذفته فی النار۔ رواه احمد" ورواہ الحاکم بسند صحیح عن ابی ھریرۃ بلفظ الکبریاء ردائی فمن نازعنی فی ردائی قصمته۔ "یعنی تکبر میری صفت خصوصی ہے جو اس میں شریک ہونا چاہے گا اس کی میں کمر توڑ دوں گا اور اسے دوزخ میں پھینک دوں گا۔

٤٢ فرعون اور اس کے وزراء و رؤساء کے متعلق فرمایا کہ وہ ایسے منحوس لیڈر اور پیشوا تھے جو خود بھی تباہ و برباد ہوئے اور اپنے ماننے والوں کو بھی جہنم رسید کر کے دم لیا۔

٤٣ اس کا معنی مطرودین کیا گیا ہے۔ حضرت ابن عباس نے اس کا معنی فرمایا ہے جن کے چہرے بگڑ گئے ہوں رنگ

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ

اور ہم نے دی موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب ؎ اس کے بعد کہ ہم نے ہلاک کر دیا تھا پہلی نافرمان قوموں

الْاُوْلٰى بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۳﴾

کو۔ (یہ کتاب) لوگوں کے لیے بصیرت افروز اور سراپا ہدایت و رحمت تھی تاکہ وہ نصیحت قبول کریں۔

وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ

اور آپ نہیں تھے (طور) کی مغربی سمت میں ؎ جب ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کی طرف رسالت کا حکم

وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ

بھیجا اور نہ آپ گواہوں میں شامل تھے ؎ لیکن ہم نے پیدا فرمائیں کئی قومیں (ایک کے بعد دیگرے) اور گزر

سیاہ ہو اور آنکھیں نیلی اور جس کو ہر بھلائی سے دور ہانک دیا گیا ہو اسے بھی مقبوح کہتے ہیں۔ یقال قبحه قبوحا اذا ابعده من كل خير (مظہری)

؎ آپ کو جو کتاب (تورات) عطا فرمائی گئی اس کی خصوصیات بیان کی جا رہی ہیں۔ کتاب ذوالحال اور بصائر وغیرہ حال ہیں۔ بصائر، بصیرۃ کی جمع ہے جس کا معنی ہے ھی نور فی القلب يبصر به قلوبهم حقائق الاشياء بقدر الطاقة البشرية یعنی دل کی وہ روشنی جس سے انسانی طاقت کے مطابق حقیقتِ اشیاء پر آگاہی ہوتی ہے۔

؎ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ جس صحت اور وضاحت سے آپ نے بیان کیا ہے اس کی یہ وجہ نہیں کہ آپ اس وقت موجود تھے اور تمام حالات کا مشاہدہ کر رہے تھے بلکہ اس کا علم آپ کو وحی کے ذریعہ بخشا گیا ہے۔ آپ کی صداقت کی اس سے بڑھ کر اور کیا دلیل ہو سکتی ہے کہ سینکڑوں سال پہلے کا واقعہ بلا کم و کاست بیان کر دیا جائے اور تمام غلطیوں کا ازالہ کر دیا جائے جس میں وہ لوگ مبتلا تھے۔

؎ یعنی جب ہم نے آپ کو نبوت بخشی یا جس وقت ہم نے آپ کو تورات دی۔ اس کا ایک مفہوم یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اے محبوب! ہم نے خلوت کی ان گھڑیوں میں تیری بعثت اور تشریف آوری کا ذکر موسیٰ علیہ السلام سے کیا تھا "اى اذ قضينا الى موسى امرك وذكرناك بخير ذكر" (قرطبی)

؎ لیکن موسیٰ علیہ السلام کی رحلت کے بعد کئی نسلیں گزر گئیں بعد میں لوگوں نے ان باتوں کو فراموش کر دیا۔ تورات میں تحریف کر دی اور دین موسوی کو بگاڑ کر رکھ دیا۔ موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِي أَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوا

کافی لمبا عرصہ گزر گیا ان پر اور انھوں نے عہد خداوندی بھلا دیا اور آپ اہل مدین میں مقیم نہ تھے ف۵۶ تاکہ آپ

عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا ۙ وَلَٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ ﴿٤٥﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ

پڑھ کر سناتے ہوں انھیں ہماری آیتیں لیکن ہم ہی رسول بنا کر بھیجنے والے تھے۔ اور آپ (اس وقت) طور کے کنارے پر بھی

الطُّورِ إِذْ نَادَيْنَا وَلَٰكِنْ رَحْمَةً مِنْ رَبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا

نہ تھے ف۵۷ جب ہم نے (موسیٰ کو) ندا فرمائی لیکن یہ آپ کے رب کی محض رحمت ہے کہ اس نے آپ کو ان حالات پر آگاہ کر دیا تاکہ

مَا أَتَاهُمْ مِنْ نَذِيرٍ مِنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿٤٦﴾

(قہر الٰہی سے) ڈرائیں اس قوم کو جن کے پاس نہیں آیا کوئی ڈرانے والا آپ سے پہلے شاید وہ نصیحت قبول کریں ف۵۸ اور اس کی وجہ یہ ہے

کی آمد کی جو اطلاع دی تھی اور ایمان لانے کی تاکید کی تھی اس کو بھی فراموش کر دیا اور ان کے دل سخت ہو گئے اور انھوں نے اپنے نبی کی مخالفت شروع کر دی۔

ف۵۶ ثاوی: مقیم یعنی آپ اہل مدین میں بھی اقامت فرما نہ تھے بلکہ ہم نے آپ کو مکہ میں مبعوث فرمایا۔

ف۵۷ علامہ قرطبی نے اس آیت کی توضیح کرتے ہوئے حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت ابن عباسؓ سے یہ روایت نقل کی ہے کہ وہاں اللہ تعالیٰ نے امت محمدیہ کو ندا کرتے ہوئے فرمایا: یا امۃ محمد قد اجبتکم قبل ان تدعونی واعطیتکم قبل ان تسألونی وغفرت لکم قبل ان تستغفرونی ورحمتکم قبل ان تسترحمونی۔

ترجمہ: اے امت مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمہارے دعا کرنے سے پہلے میں نے تمہاری دعا کو قبول کیا تمہارے مانگنے سے پہلے میں نے تمہیں دے دیا۔ تمہاری استغفار سے پہلے میں نے تمہیں بخش دیا اور رحم فرمایا۔ حضرت وہب بن منبہ کہتے ہیں جب اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے حضورؐ کی فضیلت اور حضورؐ کی امت کی شان بیان فرمائی تو آپ نے خواہش ظاہر کی کہ مجھے دیدار کرایا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تم دیکھ نہیں سکتے۔ اگر تو چاہے تو میں ان کو بلاتا ہوں اور ان کی آواز تمہیں سناتا ہوں۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی بلیٰ یا رب۔ ہاں مجھے آواز ہی سنوا دے۔ فقال اللہ تعالیٰ یا امۃ محمد۔ اللہ تعالیٰ نے ندا دی۔ اے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت تو اپنے باپوں کی پشتوں سے امت محمدیہ نے جواب دیا تو آیت کا معنی یہ ہوگا کہ آپ اس وقت طور کے پاس نہیں تھے جب ہم نے موسیٰ علیہ السلام سے کلام کیا اور آپ کی امت کو آواز دی اور موسیٰ علیہ السلام کو بتایا کہ ہم نے تجھے اور تیری امت کو اتنی بڑی شان دی ہے۔ و معنی

وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا

کہیں ایسا نہ ہو کہ جب پہنچے انھیں کوئی مصیبت ان اعمال کے باعث جو انھوں نے کیے ہیں تو وہ یہ نہ کہنے لگیں کہ اے

رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ

ہمارے رب! کیوں نہ بھیجا تو نے ہماری طرف کوئی رسول تاکہ ہم پیروی کرتے تیری آیات کی اور ہم ہو جاتے ایمان

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ

لانے والوں سے ۶۱ پھر جب آگیا ان کے پاس حق ہماری جناب سے تو وہ کہنے لگے کیوں نہ دیئے گئے انھیں

اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى

اس قسم کے معجزے جو موسیٰ کو دیئے گئے تھے ۶۲ ان نابکاروں سے پوچھو کیا انھوں نے انکار نہیں کیا تھا ان معجزات کا جو موسیٰ

مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۫ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ

کو دیئے گئے تھے ۶۳ انہی نے کہا (موسیٰ و ہارون) دو جادوگر ہیں جو ایک دوسرے کی مدد کر رہے ہیں ۶۴ نیز انھوں نے کہا تھا

الآية الى هذا: ماكنت بجانب الطور اذ كلمنا موسى وناديناه امتك واخبرناه بما كتبناه لك ولامتك من الرحمة الى آخر الدنيا (قرطبی)

۶۰ یعنی ہم نے آپ کو اس قوم میں مبعوث فرمایا جس میں عرصہ دراز سے کوئی نبی نہیں آیا تھا۔ ہدایت کی روشنی مدت سے ناپید تھی ہر طرف جہالت اور کفر کی تاریکی پھیلی ہوئی تھی تاکہ آپ انھیں عذاب الٰہی سے بروقت ڈرائیں شاید وہ اس پیغام حق کو سن کر راہ ہدایت پر گامزن ہو جائیں۔

۶۱ حضور کی بعثت کی حکمت بیان کی جا رہی ہے۔

۶۲ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب میرا رسول ان میں تشریف لے آیا اور انھیں توحید کی دعوت دی تو کہنے لگے یہ نبی کیسے ہو سکتا ہے نبی تو تھے موسیٰ جن کو طرح طرح کے عظیم معجزے دیئے گئے تھے اور لکھی لکھائی کتاب عنایت کی گئی تھی ان کے ہاتھ میں نہ عصا ہے اور نہ ید بیضا اور نہ ایسی مرتب اور مدون کتاب بھلا ایسے شخص کو آنکھیں بند کیے ہوئے ہم کیسے ہی کیسے نبی مان لیں۔

۶۳ کتنا دندان شکن جواب ہے۔ جن معجزات موسوی کا ذکر تم کر رہے ہو کیا انھیں دیکھ کر تمھارے آباؤ اجداد

كُفِرُوْنَ ﴿٤٨﴾ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ

ہم ان تمام کا انکار کرتے ہیں ۵۳ آپ فرمائیے تم لے آؤ کوئی کتاب اللہ کے پاس ۵۴ سے جو زیادہ ہدایت بخش ہو ان دونوں (قرآن

اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٩﴾ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ

تورات) سے تو میں اس کی پیروی کرونگا اگر تم سچے ہو ۵۵ پس اگر وہ قبول نہ کریں ۵۶ آپ کے اس ارشاد کو تو جان لو

اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ

کہ وہ صرف اپنی نفسانی خواہشوں کی پیروی کر رہے ہیں۔ اور کون زیادہ گمراہ ہے اس سے جو پیروی کرتا ہے اپنی خواہش کی اللہ

نے موسیٰ کو نبی مان لیا تھا۔ جب تمہارے پیشرو ایمان نہیں لاتے تھے۔ اگر وہی معجزات تمہیں بھی دکھا دیئے جائیں تو تم بھی ایمان نہیں لاؤ گے بلکہ اپنی ضد پر اڑے رہو گے اور جادوگر ہونے کا الزام لگا دو گے۔ ہدایت کے نور سے وہی آنکھ روشن ہو سکتی ہے جس پر تعصب کی پٹی بندھی ہوئی نہ ہو۔

۵۳ اس کا ایک مفہوم یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اہل مکہ نے تحقیق حال کے لیے ایک وفد یثرب بھیجا۔ علماء یہود نے انھیں بتایا کہ تورات میں ایک نبی کی آمد کی بشارت موجود ہے اس کی ایسی ایسی نشانیاں ہیں اور ان کے ظہور کا یہی زمانہ ہے تو کفارِ مکہ نے حضورؐ کے ساتھ موسیٰ کا بھی انکار کر دیا اور کہا دونوں جادوگر تھے۔ ایک دوسرے کی اعانت کرتے رہے۔ لیکن صحیح یہ ہے کہ ساحران سے مراد موسیٰ اور ہارون ہیں۔

۵۴ انھوں نے بھی ماننے سے انکار کر دیا تھا، تم بھی ایسا ہی کرتے ہو۔

۵۵ جب ان کا انکار شدت اختیار کر گیا اور وہ کسی طرح ایمان لانے پر آمادہ نہ ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے حضورؐ کو حکم دیا کہ انھیں یہ کہیں کہ قرآن و تورات دونوں کا تم انکار کرتے ہو اب تم کوئی ایسی کتاب اللہ تعالیٰ کی طرف سے لے آؤ جو قرآن و تورات سے زیادہ ہدایت بخش ہو مجھے کوئی ضد نہیں۔ میں اس کی پیروی کرنے لگوں گا۔ میں تمہارے خلاف کوئی محاذ قائم کرنا نہیں چاہتا۔ میرا مقصدِ وحید تو صرف یہ ہے کہ ہدایت کا نور پھیلے اور جہالت کی ظلمت کافور ہو اور تم کوئی ایسی کتاب لا سکتے ہو تو لے آؤ میں بسر و چشم اس کو ماننے کے لیے اور اس کے احکام بجا لانے کے لیے تیار ہوں۔

۵۶ اے حبیب! اگر یہ لوگ آپ کی اس پیش کش کو بھی قبول نہ کریں تو پھر آپ کو یقین ہو جانا چاہیے کہ ان کا حق سے کوئی سروکار نہیں اور نہ ان کے دلوں میں حق کی طلب ہے۔ یہ محض اپنی خواہشاتِ نفسانی کے پیروکار ہیں۔ ان کے سامنے ہزاروں معجزے بھی پیش کیے جائیں تو یہ اسلام قبول نہیں کریں گے۔ اور بندگانِ نفس اگر آپ پر ایمان نہ لائیں تو آپ رنجیدہ خاطر بھی نہ ہوا کریں۔

هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۵۰ وَلَقَدْ ع ۵

تعالیٰ کی جانب سے کسی رہنمائی کے بغیر ۵۸ بیشک اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیتا ظالم لوگوں کو اور ہم مسلسل

وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ؕ ۵۱ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

بھیجتے رہے ان کی طرف اپنا کلام تاکہ وہ نصیحت قبول کریں ۵۹ جن کو ہم نے عطا فرمائی

اَلْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ۵۲ وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا النصف

کتاب (نزولِ) قرآن سے پہلے وہ اس پر ایمان لاتے ہیں ۶۰ اور جب یہ ان کے سامنے پڑھی جاتی ہے تو کہتے

اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ۵۳

ہیں ہم ایمان لے آئے اس کے ساتھ۔ بیشک یہ حق ہے ہمارے رب کی طرف سے ۶۱ ہم اس سے پہلے ہی سرِ تسلیم خم کر چکے تھے

۵۸ ان لوگوں سے بڑھ کر اور کون گمراہ ہو سکتا ہے جنہوں نے اپنی باگ ڈور اپنے نفس کے ہاتھ میں دے دی ہو حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ حضورؐ نے فرمایا لا یؤمن احدکم حتی یکون ھواہ تبعا لما جئت بہ۔ کہ تم میں سے کوئی کامل مومن نہیں ہو سکتا جب تک اس کی خواہش میرے حکم کی تابع نہ ہو جائے۔ (قرطبی)

۵۹ یعنی ان کے انکار کے باوجود بھی نزولِ قرآن کا سلسلہ جاری رہا حسبِ حال اور حسبِ ضرورت آیات اترتی رہیں شاید کسی وقت ان کا دل پسیج جائے۔ خوابِ غفلت سے ان کی آنکھیں کھل جائیں اور وہ ہدایت قبول کریں۔

۶۰ حضرت جعفرؓ نے جب نجاشی کے دربار میں اسلام کی حقانیت اور حضور سرورِ کونینؐ کی صداقت پر تقریر کی اور سورۂ مریم کی آیات پڑھ کر سنائیں تو نجاشی اور اس کے درباری اتنے متاثر ہوئے کہ ان کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے نجاشی نے تحقیقِ حال کے لیے بارہ آدمیوں کا ایک وفد مکہ مکرمہ روانہ کیا تاکہ رسولِ کریمؐ سے بالمشافہ گفتگو کر کے اسلام کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔ جب یہ وفد بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا ابوجہل اور اس کے حواری بھی تماشہ بین کی حیثیت سے جمع ہو گئے۔ ان لوگوں کی فطرتیں سلیم تھیں۔ دل کے آئینے صاف تھے۔ اسی مجلس میں مشرف باسلام ہو گئے جب وہ لوگ وہاں سے اٹھے تو ابوجہل اور اس کے ساتھی ان کے پیچھے ہو لیے۔ آوازے کسنے شروع کر دیئے۔ وہ دوسرے ملک کے باشندے تھے۔ ان کے پاس بطورِ مہمان آئے تھے۔ ابوجہل نے میزبانی کے جملہ آداب کو پسِ پشت ڈالتے ہوئے انھیں کہا خیبکم اللہ تعالیٰ من رکب و قبحکم من وفد لم تلبثوا ان صدقتموہ وما رأینا رکبا احمق منکم ولا اجہل۔

ترجمہ: خدا تمھارے وفد کو نامراد اور ذلیل کرے۔ تم نے آن واحد میں اس کی تصدیق بھی کر دی۔ ہم نے آج تک

أُولَٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ أَجْرَهُم مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوا وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ

یہ لوگ ہیں جنھیں دیا جائے گا ان کا اجر دو مرتبہ بوجہ ان کے صبر کے اور وہ دُور کرتے ہیں نیکی کے

السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنَٰهُمْ يُنفِقُونَ ﴿۵۴﴾ وَإِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ أَعْرَضُوا

ساتھ برائی کو ۶۳ نیز اس مال سے جو ہم نے ان کو دیا ہے خرچ کرتے رہتے ہیں۔ اور جب وہ سنتے ہیں کسی بیہودہ بات کو تو

عَنْهُ وَقَالُوا لَنَآ أَعْمَٰلُنَا وَلَكُمْ أَعْمَٰلُكُمْ سَلَٰمٌ عَلَيْكُمْ

منہ پھیر لیتے ہیں اس سے اور کہتے ہیں ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال ہیں تم سلامت رہو ہم

لَا نَبْتَغِى الْجَٰهِلِينَ ﴿۵۵﴾ إِنَّكَ لَا تَهْدِى مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَٰكِنَّ

جاہلوں سے الجھنے کے خواہاں نہیں ہیں ۶۴ بیشک آپ ہدایت نہیں دے سکتے جس کو آپ پسند کریں البتہ اللہ تعالیٰ

اللَّهَ يَهْدِى مَن يَشَآءُ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ﴿۵۶﴾ وَقَالُوٓا

ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے ۶۵ اور وہ خوب جانتا ہے ہدایت یافتہ لوگوں کو۔ اور انھوں نے کہا

ایسا احمق اور نادان وفد کبھی نہیں دیکھا۔

اتنے ناشائستہ الفاظ کے باوجود اس نیک فطرت جماعت نے تلخ کلامی نہیں کی۔ صرف اتنا کہا تم سلامت رہو۔ تمہارے اعمال تمہارے لیے اور ہمارے اعمال ہمارے لیے۔ ہمیں تم سے الجھنے کی ضرورت نہیں۔ قال عروۃ بن الزبیر (قرطبی)

ان کے متعلق یہ آیات نازل ہوئیں۔ اہلِ مکہ کو غیرت دلائی جارہی ہے کہ آفتابِ اسلام کی کرنیں حبشہ کے رہنے والوں کے دلوں کو روشن کر رہی ہیں اور تم یہاں رہتے ہوئے اس نعمت سے محروم ہو۔

۶۲ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہ لوگ تھے جو حضرت عیسیٰ کے لائے ہوئے دین پر قائم تھے اور انجیل میں حضور کی آمد کے بارے میں جو پیش گوئیاں موجود تھیں اور حضور پر ایمان لانے کی تاکید تھی اس لیے وہ پہلے ہی اس بشیرِ نبی کی رسالت کو تسلیم کر چکے تھے۔

۶۳ ان کے اخلاقِ عالیہ کا ذکر فرمایا کہ وہ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیتے بلکہ نیکی سے دیتے ہیں۔

۶۴ یعنی ہم اس بات کے خواہش مند نہیں کہ ان کے ساتھ مباحثہ کرتے رہیں۔ ترکی بہ ترکی جواب دیتے رہیں اور گالی گلوچ پر اتر آئیں۔ ای لا نطلب لهم الجدال والمراجعة والمشاتمة (قرطبی)

## اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَاؕ اَوَلَمْ نُمَكِّنْ

اگر ہم اتباع کریں ہدایت کا آپ کی معیت میں تو ہمیں اچک لیا جائے گا ہمارے ملک سے ۵۵ کیا ہم نے بسا نہیں دیا

۵۵ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم تو اس بات پر از حد حریص تھے کہ سب لوگ اسلام کے اس چشمۂ فیض سے سیراب ہوں اور اللہ تعالیٰ کے سارے بندے اس کی بارگاہ میں سرنیاز جھکائیں اور اپنے اہل شہر، اپنے قبیلے، اپنے رشتہ داروں کے متعلق حضور کریم کی انتہائی دلی آرزو ہوگی کہ ان میں سے کوئی بھی نعمتِ ایمان سے محروم نہ رہے اللہ تعالیٰ اپنے محبوبِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو تسلی دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔ اے حبیب! ہدایت بخشنا تیرا کام نہیں کہ جس کو تو چاہے ہماری مرضی نہ ہو تو بھی اس کو ہدایت دے دے کیونکہ ہم خوب جانتے ہیں کہ کون اس قابل ہے کہ اس کے دل میں ایمان کی شمع فروزاں کی جائے کس میں اس نعمتِ جلیلہ کو قبول کرنے کی استعداد ہے۔

اکثر مفسرین نے لکھا ہے کہ جب حضور کے چچا ابو طالب کا آخری وقت آپہنچا تو حضور نے جاکر کہا کہ چچا تم صرف اتنا کہہ دو کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ تاکہ میں اپنے رب سے تیری شفاعت کرسکوں لیکن انھوں نے ایسا کہنے سے انکار کر دیا تو اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے یہ بات بھی مروی ہے کہ آخری وقت میں حضرت ابو طالب کے ہونٹ ہل رہے تھے حضرت عباسؓ نے کان لگا کر سنا حضورؐ نے جب پوچھا کہ کیا کہہ رہے تھے تو آپ نے جواباً عرض کیا کہ وہی کہہ رہے تھے جس کا آپ نے ان سے مطالبہ فرمایا (سیرت ابن ہشام)۔

لیکن اگر کسی کے نزدیک دوسری روایتیں اس روایت سے زیادہ قابلِ اعتبار ہوں تب بھی اسے آپ کے حق میں کوئی ناشائستہ بات کہنے سے احتراز کرنا چاہیے۔ آپ کی بے نظیر خدمات کا یہ معاوضہ ہماری طرف سے نہیں دیا جانا چاہیے کہ ہم منبروں پر کھڑے ہو کر اپنا سارا زورِ بیان ان کو کافر ثابت کرنے اور ان کو کافر کہنے اور کہتے چلے جانے پر ہی صرف کرتے رہیں۔ اس سے بڑھ کر ناشکری اور احسان فراموشی کی کوئی مثال پیش نہیں کی جاسکتی۔ چنانچہ علامہ آلوسی لکھتے ہیں:

مسئلۃ اسلامہ خلافیۃ ..... ثم انہ علی القول بعدم اسلامہ لاینبغی سبّہ والتکلم فیہ بفضول الکلام فان ذٰلک مما یتأذی بہ العلویون بل لایبعد ان یکون مما یتأذی بہ النبی علیہ الصلٰوۃ والسلام الذی نطقت الاٰیۃ بناءً علی ھٰذہ الروایات بحبّہ ایاہ والاحتیاط لایخفی علی ذی فھم۔ ع

لاجل عین الف عین تکرم

ترجمہ: حضرت ابو طالب کے ایمان کا مسئلہ اختلافی مسئلہ ہے اور جو لوگ آپ کے ایمان کے قائل نہیں انھیں بھی یہ مناسب نہیں کہ اپنی زبان پر کوئی ناروا جملے لائیں کیونکہ اس سے حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد کو اذیت پہنچتی ہے اور کوئی بعید نہیں کہ حضور سرورِ عالم کا دلِ مبارک بھی رنجیدہ ہوتا ہو ہر عقلمند آدمی جانتا ہے

لَهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا

انھیں حرم میں جو امن والا ہے ۹۵ کھچے چلے آتے ہیں اس کی طرف ہر قسم کے پھل ۹۶ یہ رزق ہے ہماری طرف سے ۹۷

کہ ایسے نازک مقامات پر احتیاط سے کام لینا چاہیے۔

۹۴ کفار کا ایک اور عذرِ لنگ پیش کر کے اس کا رد کیا جا رہا ہے کہ جب ہر طرح سے لاجواب ہو جاتے تو کہتے آپ کی
باتیں سچی ہیں، آپ کا دین بھی برحق ہے اور یہ کتاب بھی اللہ تعالیٰ کا کلام ہے لیکن ذرا آپ یہ بھی سوچیں کہ ہمارے اردگرد
بسنے والے سارے قبیلے مشرک ہیں۔ اگر ہم آپ کا دین قبول کر لیں تو وہ اکٹھے ہو کر ہم پر دھاوا بول دیں گے اور ہمیں اس طرح
اس طرح اچک کر لے جائیں گے جس طرح باز چڑیا کو جھپٹ لیتا ہے۔ ہم اپنی بقا اور سلامتی کے لیے مجبور ہیں کہ اپنے پرانے
مذہب پر چلتے رہیں۔ بہر دست آپ کا دین قبول کرنا مصلحت کے خلاف ہے اس لیے آپ ہمیں زیادہ تنگ نہ کیا کریں۔

۹۵ اللہ تعالیٰ ان کے اس قول کی تردید فرماتے ہیں کہ یہ سارے خطرات فرضی ہیں۔ ہم نے تم کو اپنے حرم کی ہمسائیگی
اور پاسبانی کا شرف بخشا ہے۔ اس حرم کے احترام کی وجہ سے کوئی کسی پر ہاتھ نہیں اٹھا سکتا۔ لوگ اپنے باپ کے قاتل کو
بھی یہاں دیکھ کر اس سے آنکھ پھیر لیتے ہیں۔ کسی کی کیا مجال کہ تم اسلام قبول کرو تو لاؤ لشکر لے کر حملہ کر کے تمہاری تکا بوٹی کر دے بلکہ دوسرے
قبائل تو اس انتظار میں ہیں کہ تم پیغمبرِ اسلام کے ساتھ کیا سلوک کرتے ہو۔ اگر تم آج اسلام قبول کر لو تو سورج غروب ہونے سے
پہلے فوج در فوج لوگ اسلام کے حلقہ بگوش بن جائیں۔ تمہارا یہ کہنا محض بہانہ ہے جس کا حقیقت سے دور کا بھی واسطہ نہیں
الم نمکن ای الم نسکنهم ایاہ (غریب القرآن)۔

۹۶ اگر تمہیں یہ خدشہ ہے کہ اسلام لانے کی صورت میں مشرک قبائل تمہارا اقتصادی بائیکاٹ کر دیں گے تو یہ بھی
درست نہیں۔ ذرا غور تو کرو مکہ اور اس کا گرد و نواح ریگستان ہی ریگستان ہے۔ یہاں معمولی کھیتی باڑی بھی نہیں ہوتی لیکن
اس کے باوجود دنیا بھر کے پھلوں سے تمہارے بازار بھرے پڑے ہیں۔ اس حرم کے زیرِ سایہ جو امن و عافیت تمہیں حاصل
ہے اور جس کثرت سے پھل تمہاری طرف کھچے چلے آتے ہیں۔ اس کی مثال دنیا بھر میں نہیں ملتی تم خود سوچو اگر کفر کی حالت
میں تمہیں اپنی عنایات سے محروم نہیں کیا تو اگر تم اسلام لاؤ گے تو کیا اس کی رحمت یہ گوارا کرے گی کہ لوگ تم پر بلہ بول کر
تمہیں تباہ کر دیں یا رزق کے دروازے بند کر دیں۔ یجبی یجمع جمع کرنا۔ عرب کہتے ہیں جبی السابق الحوض ای جمعه
والجابیة الحوض العظیم۔ یعنی پانی حوض میں جمع ہو گیا۔ بڑے حوض کو اسی مناسبت سے جابیہ کہتے ہیں۔

۹۷ من لدنا فرما کر یہ بتا دیا کہ ہر چیز کی فراوانی میں تمہاری کسی تدبیر اور منصوبہ بندی کا کوئی دخل نہیں۔ اگر حضرت
ابراہیم کو یہاں کعبہ بنانے کا حکم ہی نہ دیا جاتا بلکہ کوئی اور جگہ منتخب کی جاتی یا اولادِ اسمٰعیل کو اس کی خدمت پر مقرر نہ کیا جاتا
بلکہ حضرت اسحاق یا کسی اور کو منتخب کیا جاتا تو پھر کیا یہ مرکزیت، یہ امن و عافیت، یہ معاشی خوشحالی جو آج تمہیں نصیب ہے
تمہیں میسر ہوتی ہرگز نہیں۔ یہ سب کچھ ہم نے تمہیں پہنچایا ہے اور تم پر لازم ہے کہ ہماری بات مانو اور اس دینِ رشد و ہدایت

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۢ بَطِرَتْ

لیکن ان کی اکثریت کچھ نہیں جانتی ٦٩ اور ہم نے کتنے شہر برباد کر دیئے جب وہ فخر کرنے

مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا

لگے اپنی خوش حالی پر۔ پس یہ ہیں ان کے گھر جن میں سکونت نہیں کی گئی ان کے بعد مگر بہت

قَلِيْلًا ۗ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿٥٨﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى

کم عرصہ۔ اور (آخرکار) ہم ہی ان کے وارث بنے ٧٠ اور نہیں ہے آپ کا رب ہلاک کرنے والا بستیوں

حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا

کو یہاں تک کہ بھیجے ان کے مرکزی شہر میں کوئی رسول جو پڑھ کر سنائے وہاں کے رہنے والوں کو ہماری آیتیں اور ہم نہیں ہیں

مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ

ہلاک کرنے والے بستیوں کو مگر یہ کہ ان کے بسنے والے ظالم ہیں ٧١ اور جو چیز دی گئی ہے تمہیں تو

کو کسی مزید تذبذب کے بغیر فوراً قبول کرلو ورنہ پچھتاؤ گے۔

٦٩ یعنی اکثر لوگ اپنے خود ساختہ اندیشوں میں گھلے جارہے ہیں اور یہ حقیقت ان کی آنکھوں سے مستور رہتی ہے کہ عزت وعافیت بخشنے والا پاکیزہ اور فراخ رزق عطا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے۔

اس میں مسلم حکومتوں اور مجالس قانون ساز کے ارکان کو ہدایت کی جارہی ہے کہ تم دین اسلام کے احکام وقوانین سے اس لیے گھبرا گئے ہو کہ لوگ تمہیں پسماندہ اور رجعت پسند کہیں گے۔ بڑی بڑی حکومتیں تمہاری اقتصادی اعانت سے دست کش ہو جائیں گی تو ان کو راضی کرنے کی سعی لاحاصل میں اپنے پروردگار کو ناراض نہ کرو۔ اس کو راضی رکھو۔ اس کے احکام بجالاؤ۔ وہ خود تمہاری پاسبانی کرے گا اور خود تمہاری معاشی خوشحالی کے سامان فراہم کرے گا۔

٧٠ خدا کی نافرمانی کے ہولناک انجام سے بچنے کے لیے انہیں گزشتہ قوموں کے کھنڈرات میں غور وفکر کرنے کی دعوت دی جارہی ہے۔ البطر: الطغیان بالنعمة (قرطبی)۔ ای عاشوا فی البطر واکلوا رزق اللہ وعصوہ وعبدوا الاصنام (مظہری)

٧١ یہ اجڑی ہوئی بستیاں جو تمہیں دکھائی دے رہی ہیں انہیں یونہی ویران نہیں کر دیا گیا تھا بلکہ آپ کے رب نے

شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ

یہ سامان ہے دنیوی زندگی کا اور اس کی زیب و زینت ہے اور جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ بہتر

وَّاَبْقٰى ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۶۰ اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ

اور دیرپا ہے۔ کیا تم اس حقیقت کو نہیں سمجھتے۔ (تم خود سوچو) آیا وہ (نیک بخت) جس کے ساتھ ہم نے وعدہ کیا ہے بہت اچھا

لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

وعدہ اور وہ اسے پانے والا بھی ہے اس (بدبخت) کی مانند ہو سکتا ہے جسے ہم نے دنیوی زندگی کا سامان دیا ہے پھر وہ (اس چند

مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ۶۱ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ

روزہ آسائش کے بعد) روز قیامت (مجرموں کے کٹہرے میں) پیش کیا جائیگا۔ اور اس دن اللہ انھیں آواز دیگا تو فرمائیگا کہاں

ع ۶ / ۹

اپنی سنت کے مطابق ان کے مرکزی شہروں میں اپنے رسول بھیجے لیکن جب وہاں کے باشندے انکار اور عناد پر اڑے رہے تو انھیں تباہ کر دیا گیا۔ اے اہل مکہ! تمہارے پاس بھی ہم نے رسولوں کا سردار بھیجا۔ ایسا نہ ہو کہ تم اپنے ان محدود اور فانی دنیاوی مفادات کو بچانے کے لیے میرے رسول کی دعوت کو ٹھکرا دو اور اسی انجام سے دوچار ہو جس سے تمہارے پیشرو ہو چکے ہیں۔

یہ جو کچھ تمہارے پاس ہے یہ صرف اس دنیا میں کام آئے گا پھر فنا ہو جائے گا لیکن اللہ نے اہل ایمان کے لیے جو نعمتیں تیار کر رکھی ہیں وہ لازوال اور ابدی ہیں۔ تم تو بڑے منجھے ہوئے کاروباری لوگ ہو۔ تم جواہرات دے کر کوڑیاں کیوں لے رہے ہو۔

بلال، عمار وغیرہ غریب مسلمانوں کو دیکھ کر کفار اپنی بہتری اور سلامتی اسی میں سمجھا کرتے کہ اسلام کو قبول نہ کیا جائے ورنہ وہ بھی ان لوگوں کی طرح افلاس کے شکنجہ میں کس دیئے جائیں گے۔ انھیں بتایا جا رہا ہے کہ یہ بھی فریب نفس ہے۔ کیا ہوا تم نے اگر چار روز عیش و طرب میں گزار لیے اور انھیں فاقوں پر فاقے جھیلنے پڑے لیکن ذرا یہ بھی تو خیال کرو کہ ہم نے ان پاک طینت لوگوں سے بندہ نوازی کے جو وعدے کیے ہوئے ہیں ان کے مقابلے میں تمہاری یہ ساری نعمتیں پر کاہ کی وقعت بھی نہیں رکھتیں۔

اے چار روزہ زندگی پر گھمنڈ کرنے والو! میرے رسول اکرم کی دعوت کو ٹھکرانے والو! اس دن کا بھی خیال کرو جب تمہیں کہا جائے گا کہ کہاں ہیں تمہارے وہ معبود جن کو تم ہمارا شریک ٹھیرایا کرتے تھے، اس وقت تم کف افسوس

الَّذِينَ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿٦٢﴾ قَالَ الَّذِينَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا

ہیں وہ شریک جنھیں تم (میرا شریک) گمان کیا کرتے تھے۔ کہیں گے وہ لوگ جن پر عذاب کا فرمان ثابت ہو چکا اے ہمارے رب!

هَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ أَغْوَيْنَا أَغْوَيْنَاهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۖ تَبَرَّأْنَا إِلَيْكَ ۖ

یہی ہیں وہ جنھیں ہم نے گمراہ کیا۔ ہم نے انھیں بھی گمراہ کیا جیسے ہم خود گمراہ ہوئے ہم (ان سے) بیزار ہو کر تیری

مَا كَانُوا إِيَّانَا يَعْبُدُونَ ﴿٦٣﴾ وَقِيلَ ادْعُوا شُرَكَاءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ

طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اور وہ ہماری پوجا نہیں کیا کرتے تھے۔ اور (انھیں) کہا جائیگا (اب) پکارو اپنے شریکوں کو ؎ تو وہ انھیں

فَلَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ وَرَأَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ أَنَّهُمْ كَانُوا يَهْتَدُونَ ﴿٦٤﴾

پکاریں گے لیکن وہ انھیں کوئی جواب نہیں دیں گے اور دیکھ لیں گے عذاب کو۔ کیا اچھا ہوتا اگر وہ ہدایت یافتہ ہوتے۔

وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ مَاذَا أَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِينَ ﴿٦٥﴾ فَعَمِيَتْ

اور اس دن اللہ تعالیٰ آواز دیگا انھیں پھر پوچھے گا تم نے کیا جواب دیا تھا (ہمارے) رسولوں کو ؎ تو اندھی ہو جائیں گی

عَلَيْهِمُ الْأَنبَاءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَاءَلُونَ ﴿٦٦﴾ فَأَمَّا مَن تَابَ

ان پر خبریں اس دن۔ پس وہ (مارے دہشت کے) ایک دوسرے سے کچھ پوچھ نہ سکیں گے ؎ تو وہ جس نے توبہ کی

روگے لیکن بے سود۔ اس لیے آج ہی اصلاح کر لو۔

؎ علامہ قرطبی نے اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے: ای استغیثوا بآلھتکم التی عبدتموھا فی الدنیا لتنصرکم وتدفع عنکم کہ جن خداؤں کی تم دنیا میں عبادت کرتے رہے تھے اب ان کے سامنے فریاد کرو تاکہ اب تمھاری مدد کریں اور خدا کے عذاب سے بچائیں۔

؎ پھر ان سے پوچھا جائے گا ہمارے رسول تمھارے پاس آتے تھے، تم نے ان کو کیا جواب دیا اس وقت ان پر سکتہ طاری ہو جائے گا اور کوئی بات نہ کر سکیں گے۔ ان کی اس حیرت زدگی اور لاجواب ہونے کی کیفیت کو قرآن نے فعمیت علیہم الانباء کے فقرہ سے تعبیر کیا ہے۔ اس کا لفظی معنی تو یہ ہے کہ فصارت الانباء علیہم کالعمیان یعنی ان کی دلیلیں اندھی ہو کر رہ جائیں گی اور جہاں وہ کھڑے ہوں گے وہاں تک نہ پہنچ سکیں گے مقصد یہ ہے کہ دلیلوں کے وہ پہاڑ جو آج

وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ۞ ٦٧

اور ایمان لایا اور نیک عمل کیے یقیناً وہ کامیاب و کامران لوگوں میں ہوگا ۔ اور

وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ

آپ کا رب پیدا فرماتا ہے جو چاہتا ہے اور پسند کرتا ہے (جسے چاہتا ہے) انہیں ہے انھیں کچھ اختیار ۶۹

اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۞ ٦٨ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ

اللہ تعالیٰ پاک ہے اور برتر ہے اس سے جو وہ شرک کرتے ہیں ۷۰ اور آپ کا رب خوب جانتا ہے جو چھپائے ہوئے ہیں انکے

وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۞ ٦٩ وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْحَمْدُ فِى الْاُوْلٰى

سینے ۷۱ اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ اور وہی اللہ ہے نہیں کوئی معبود بجز اس کے۔ اسی کو زیبا ہے ہر قسم کی تعریف دنیا میں اور

وَالْاٰخِرَةِ ؗ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۞ ٧٠ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ

آخرت میں ۷۲ اور اسی کا حکم ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ آپ فرمائیے بھلا بتاؤ تو سہی ۷۳ اگر

وہ جھگڑے کرتے ہیں قیامت کے دن انھیں نظر نہیں آئیں گے۔

۶۸ ڈر کے مارے کسی اور سے بھی پوچھنے کی جرأت نہ ہوگی۔

۶۹ کفار حضور کو طرح طرح کے مشورے دیتے۔ ان کی ساری نامعقول تجاویز کے ردّ میں ایک ہی سلطانی فیصلہ سنا دیا کہ اللہ تعالیٰ کو تمھارے مشوروں کی ضرورت نہیں۔ وہ علیم و خبیر اور حکیم و قدیر ہے جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے اور اس کی نگاہِ کرم جس کو منصبِ نبوت کے لیے چن لیتی ہے اُسے فائز کر دیا جاتا ہے۔ تم اس سے بہتر انتخاب نہیں کرسکتے۔

۷۰ جب وہ وحدہٗ لاشریک ہے تو اس کے کاموں میں کسی کو دخل دینے کا کیا حق ہے۔

۷۱ اے محبوب! انھیں بتادو کہ آج تم ہزاروں بہانے بنا سکتے ہو۔ اپنی نیتِ بد کو رنگین پردوں میں چھپا سکتے ہو لیکن اللہ تعالیٰ کے سامنے تمھارا کوئی راز مخفی نہیں۔ اس کے سامنے تمھاری فریب کاری اور چرب زبانی کسی کام نہیں آسکے گی۔

۷۲ اس ایک آیت میں اللہ تعالیٰ کی توحید ذاتی اور صفاتی کو بیان کرکے ان کے تمام شکوک اور اعتراضات کا جواب دے دیا۔

۷۳ انھیں تنبیہ کی جارہی ہے کہ غور کرو اور سوچو یہ گوناگوں نعمتیں جن سے تم بہرہ ور ہو رہے ہو تمھیں کس نے عطا

جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ

بنادے اللہ تعالیٰ تم پر رات ہمیشہ کے لیے قیامت کے دن تک تو کون خدا ہے

اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿۷۱﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ

اللہ تعالیٰ کے سوا جو لادے تمھیں روشنی کیا تم سن نہیں رہے ہو۔ فرمایئے بھلا آنا تو سوچو

اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ

اگر بنادے اللہ تعالیٰ تم پر دن ہمیشہ کے لیے روزِ قیامت تک تو کونسا خدا ہے

اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۷۲﴾

اللہ تعالیٰ کے سوا جو لادے تمھیں رات جس میں تم آرام کر سکو۔ کیا تمھیں (یہ بھی) نظر نہیں آتا؟

وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ

اور محض اپنی رحمت سے اس نے بنا دیا ہے تمھارے لیے رات اور دن کو تاکہ تم آرام کرو رات میں اور تلاش

وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ

کرو (دن میں) اس کے فضل (رزق) سے اور تاکہ تم شکر گزار رہو۔ اور جس دن اللہ تعالیٰ انھیں آواز دے کر

فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَنَزَعْنَا

فرمائے گا کہاں ہیں وہ جنہیں تم میرا شریک خیال کرتے تھے ۸۶ اور ہم نکالیں گے

کی ہیں۔ کیا کوئی اور خدا ہے جو ان نعمتوں کے بہم پہنچانے میں حصہ دار ہو۔ جب نہیں اور یقیناً نہیں تو پھر تم کیوں کسی کو اس کا شریک سمجھتے ہو۔ علامہ راغب اصفہانی اَرَاَيْتُمْ کا معنی لکھتے ہوئے کہتے ہیں فیہ معنی التنبیہ۔ اس میں تنبیہ اور سرزنش کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ رأی کا لفظ آنکھ سے دیکھنے اور عقل سے غور و فکر کرنے کے مفہوم میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ رأی: نظر بالعین او بالعقل (المنجد)

۸۶ قیامت کے دن کفار کی رسوائی اور بے بسی کا دوبارہ ذکر کر کے لوگوں کو غور و فکر کی دعوت دی جا رہی ہے۔

مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا اَنَّ الْحَقَّ

ہر اُمت سے گواہ پھر (ان اُمتوں کو) ہم کہیں گے لے آؤ اپنی دلیل تو وہ جان لیں گے کہ بیشک حق.

لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝۷۵ اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ

اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اور گم ہو جائیں گے اُن سے جو افترا وہ باندھا کرتے تھے۔ بیشک قارون موسیٰ (علیہ السلام) کی قوم

۷ ع ۱۵ ۱۰

قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۖ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ

میں سے تھا۔ پھر اس نے سرکشی کی ان پر اور ہم نے دے دیئے تھے اُسے اتنے خزانے کہ ان کی

ہر اُمت پر گواہی دینے کے لیے گواہ پیش کیا جائے گا جو ان کے اعمال پر گواہی دیگا۔ اس کے بعد انھیں انکار کی مجال نہیں رہے گی۔ سارے شکوک و شبہات دُور ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ کی توحید کا یقین بھی آجائے گا اور دُنیا میں وہ جس طرح باتوں کا بتنگڑ بنایا کرتے تھے اور بال کی کھال اُتارا کرتے تھے وہ سب چیزیں بھول جائیں گی۔

یہاں ایک ضمیر فروش اور قوم فروش انسان کا کردار اور اس کا انجام بیان کیا جا رہا ہے۔ قرآن کریم میں بتایا گیا ہے کہ قارون بنی اسرائیل کا فرد تھا۔ مفسرین کی رائے میں یہ موسیٰ علیہ السلام کا قریبی رشتہ دار تھا۔ بعض نے چچازاد اور بعض نے خالہ زاد بھائی لکھا ہے لیکن اسے اپنی قوم کی خستہ حالی اور ان کے مصائب و آلام سے کوئی سروکار نہ تھا۔ وہ فرعونی حکومت کا ایجنٹ تھا اور اس کا کام صرف یہ تھا کہ بنی اسرائیل کو اس غلامانہ زندگی پر مطمئن رکھے۔ اور انھیں یہ بات ذہن نشین کرادے کہ آزاد رہنے سے انھیں طرح طرح کے خطرات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اب وہ فرعون کے ظلِ سلطانی میں بے فکر زندگی بسر کر رہے ہیں۔ ان کے ہاتھوں میں غلامی کی بیڑیاں اور گلے میں غلامی کے طوق باعثِ ننگ و عار نہیں بلکہ ان کے لیے باعثِ صد عزت ہیں۔ اسی قوم فروشی کی وجہ سے فرعون نے اس پر اپنے خزانوں کے منہ کھول دیئے تھے اور اس کو اپنی سلطنت کا رُکن بنا لیا تھا۔ اسی لیے قرآن کریم نے یہ تصریح کی ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کو فرعون و ہامان کے علاوہ قارون کی طرف بھیجا گیا تھا۔ ولقد ارسلنا موسیٰ بایٰتنا وسلطٰن مبین الیٰ فرعون وھامان وقارون فقالوا ساحر کذّاب۔ (مومنون)

موسیٰ علیہ السلام پر ساحر اور کذّاب کا بہتان لگانے میں بنی اسرائیل کا یہ قوم فروش سیٹھ قارون بھی اپنے ولی نعمت فرعون کے ساتھ تھا۔ کیونکہ اُسے معلوم تھا کہ اس کی ساری دولت و ثروت اسی وقت تک ہے جب تک فرعون شہریارِ مصر ہے۔

یہ الفاظ صاف بتا رہے ہیں کہ قارون اپنی قوم کے مفاد کو فرعون کے مفاد پر قربان کر دیا کرتا تھا۔ اور بنی اسرائیل کے حقوق کو کچلنے اور ان کو ذلیل و رسوا کرنے میں یہ اہم کردار انجام دیا کرتا تھا۔

ایسے شخص کو فرعون یا اس کی حکومت سے کوئی دلی ہمدردی نہیں ہو سکتی تھی۔ اسے تو محض اپنا ذاتی وقار اور مالی

مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِی الْقُوَّةِ ۗ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ

چابیاں (اپنے بوجھ سے) جھکا دیتی تھیں ایک طاقتور جتھے (کی کمر) کو۔ جب کہا اسے اس کی قوم نے ۵۵ زیادہ

لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْفَرِحِیْنَ ﴿۷۶﴾ وَ ابْتَغِ فِیْمَاۤ اٰتٰىكَ

خوش نہ ہو بے شک اللہ تعالیٰ دوست نہیں رکھتا اترانے والوں کو۔ اور طلب کر اس (مال و زر) سے جو دیا ہے تجھے

اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَ لَا تَنْسَ نَصِیْبَكَ مِنَ الدُّنْیَا وَ اَحْسِنْ

اللہ تعالیٰ نے آخرت کا گھر ۵۶ اور نہ فراموش کر اپنے حصہ کو دنیا سے ۵۷ اور احسان کیا کر (غریبوں پر)

منفعت مطلوب تھی۔ استعماری طاقتوں کی طرح فرعون ایسے ضمیر فروش کے مزاج سے خوب واقف تھا اور اسے جی بھر کر ثروت دیتا تھا۔ اسے کاروباری مواقع اور سہولتیں میسر تھیں جس سے اس کا کاروبار خوب چمکا اور مصر کا رئیس اعظم بن گیا۔ اس کی دولت کا ذکر قرآن کریم نے جس انداز سے فرمایا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بے حد و حساب دولت کا مالک تھا۔ اس کے خزانوں کے قفلوں کی کنجیاں اتنی بھاری تھیں کہ ایک مضبوط اور طاقتور جتھہ جب اُن کو اٹھاتا تو اس کی کمر جھک جاتی۔ مفاتح، مفتح کی جمع ہے۔ اس کا معنی ہے کنجی اور اگر اسے مفتح کی جمع کہا جائے تو اس کا معنی خزانہ ہوگا۔

عصبہ دس تا پندرہ کی جماعت کو کہتے ہیں۔

تنوء ای تمیل بثقلھا بوجھ سے کمر کا جھک جانا۔

جب بنی اسرائیل مصر سے روانہ ہوئے تو اس نے بھی اپنے ساز و سامان سمیت حضرت موسیٰ کی معیت میں بحر احمر کو عبور کیا۔

۵۵ قوم سے مراد بنی اسرائیل ہیں بعض کی رائے میں خود موسیٰ علیہ السلام نے اسے یہ بات فرمائی کہ مال و دولت کی فراوانی سے تو ہر وقت اترا تا رہتا ہے، اور تیرے دل میں احساس برتری اس حد تک پیدا ہو گیا ہے کہ اپنی قوم کے احترام یا ان کے حقوق کی پاسبانی کا تجھے خیال تک کبھی نہیں آیا۔ اس روش سے باز آ جا کیونکہ ایسے لوگوں کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا۔

۵۶ آپ نے اسے فرمایا یہ دولت جو تجھے اللہ تعالیٰ نے دی ہے اس کو اس طرح خرچ کر کہ قیامت کے روز تیری نجات کی صورت پیدا ہو جائے۔ مومن کا دولت کے متعلق یہی نظریہ ہوتا ہے وہ اسے اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی اور اس کے دین کو سربلند کرنے کے لیے صرف کرتا ہے۔ وہ یہ جانتا ہے کہ دنیا اور اس کی ساری متاع چند روزہ ہے۔ اگر یہاں میں اپنے مال و زر کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کروں گا تو یہ چیزیں میری آنے والی زندگی میں میرے کام آئیں گی۔

كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِى الْاَرْضِ ؕ اِنَّ

جس طرح اللہ تعالیٰ نے تجھ پر احسان فرمایا ہے ٩١ اور نہ خواہش کر فتنہ و فساد کی ملک میں ۔ یقیناً اللہ تعالیٰ

اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝٧٧ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ

نہیں دوست رکھتا فساد برپا کرنے والوں کو ۔ وہ کہنے لگا مجھے دی گئی ہے یہ (دولت و ثروت) اس علم کی وجہ سے

عِنْدِىْ ؕ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ

جو میرے پاس ہے ٩٢ کیا اس (مغرور) کو اتنا علم بھی نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہلاک کر ڈالیں اس سے پہلے

٩٠ اس کی اس غلط فہمی کا ازالہ بھی کر دیا کہ مومن اس دنیا کی لذتوں سے بالکل دست کش رہتا ہے ۔ فرمایا اسراف سے بچتے ہوئے اچھا کھاؤ، اچھا پہنو، اپنے آرام و آسائش میں مناسب وسائل استعمال کرو، یہ قطعاً ممنوع نہیں ہیں۔

٩١ لیکن ان تمام حالات میں اس بات کو مت فراموش کرو کہ یہ سب اللہ کی عطا ہے اور اس کے اس انعام کا صحیح شکریہ یہ ہے کہ اس کی مخلوق کو آرام پہنچانے کے لیے اسے خرچ کیا جائے اور فتنہ و فساد برپا کرنے کے لیے استعمال نہ کیا جائے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فتنہ برپا کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

اگر آپ اس آیت میں غور و تامل فرمائیں گے تو مومن کی سیرت کے خدوخال آپ کو صاف نظر آئیں گے اور دنیا کے مال و متاع کو وہ جس نقطہ نظر سے دیکھتا ہے اس پر آپ کو آگاہی حاصل ہو جائیگی وہ یہ سمجھتا ہے کہ مال و دولت اس لیے نہیں کہ تم عیش و عشرت کرتے رہو اور تمہارے شبستانوں کے سایہ میں زندگی کاٹنے والے غریب لوگ زندگی کی بنیادی ضرورتوں سے بھی محروم ہوں ۔ مومن یہ سمجھتا ہے کہ جاہ و منزلت اس لیے نہیں کہ لوگوں پر ظلم کرتے رہو اور ان کے حقوق کو تلف کرتے رہو ۔ بلکہ اس لیے ہے کہ خود بھی جائز حد تک اس سے فائدہ اٹھاؤ اور اپنے ہمسایوں ، رشتہ داروں اور بنی نوع انسان کے لیے بھی تمہارا وجود ، تمہارا اثر و رسوخ اور تمہاری دولت فائدہ مند ثابت ہو۔

٩٢ یہاں سے ایک دنیا پرست انسان کی ذہنیت کو بے نقاب کیا جا رہا ہے کہ وہ یہ نہیں سمجھتا یہ چیزیں اور نعمتیں اس خالق و مالک نے اسے عطا فرمائی ہیں اس لیے اس پر اس کا شکر لازم ہے اور شکر کا صحیح مفہوم یہ ہے کہ اس کی مخلوق کو آرام پہنچایا جائے بلکہ وہ سرے سے اس بات کو تسلیم نہیں کرتا ۔ وہ بڑے فخر و غرور سے یہ کہتا ہے ۔ اوتیتہ علی علم عندی مجھے خدا نے نہیں دیا ، یہ سب میری قابلیت ، کاروباری مہارت اور مسلسل جد و جہد کا نتیجہ ہے ۔ جب ذہن میں یہ فتور سما جائے تو پھر اسے خرچ کرنے اور خرچ نہ کرنے کے معاملہ میں کچھ سمجھانا بے سود ہے ۔ وہ کوئی پابندی قبول کرنے کے لیے تیار نہیں ہوگا ۔ آپ اسے یہ نہیں سمجھا سکتے کہ اس میں تیرے پڑوسیوں ، غریب رشتہ داروں ، نادار یتیموں اور بے سہارا

الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّ اَكْثَرُ جَمْعًا ؕ وَلَا يُسْـَٔلُ

قومیں ۹۳ جو اس سے قوت میں کہیں سخت اور دولت جمع کرنے میں کہیں زیادہ تھیں۔ اور نہیں دریافت

عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۷۸ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِىْ زِيْنَتِهٖ ؕ

کیے جائیں گے مجرموں سے ان کے گناہ۔ الغرض (ایک دن) وہ نکلا اپنی قوم کے سامنے بڑی زیب و زینت ۹۴

قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَاۤ

کے ساتھ۔ کہنے لگے وہ لوگ جو آرزومند تھے دنیوی زندگی کے اے کاش! ہمیں بھی اسی قسم کا (جاہ و جلال)

اُوْتِىَ قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۷۹ وَقَالَ الَّذِيْنَ

نصیب ہوتا جیسے دیا گیا ہے قارون کو۔ واقعی وہ تو بڑا خوش نصیب ہے۔ اور کہا اُن لوگوں نے جنہیں

اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ

(دنیا کی بے ثباتی کا) علم دیا گیا تھا حیف تمہاری عقل پر۔ اللہ کا ثواب بہتر ہے اس کے لیے جو ایمان لے آیا اور نیک عمل کیے ۹۵

بیواؤں کا بھی کچھ حصہ ہے۔ اُلٹا وہ انہیں بے کار، نکمے، نالائق، مفت خور کے دل آزار لفظوں سے یاد کرتا ہے اور علی حیثیت پر انہیں ناقابلِ برداشت بوجھ تصور کرتا ہے۔ ان کے لیے رحم اور ہمدردی کے جذبات اس کے دل میں پیدا نہیں ہوتے بلکہ نفرت و حقارت سے وہ ان کی طرف دیکھتا ہے۔ یہ نظریہ صرف عہدِ موسوی کے قارون کا نہ تھا بلکہ تمام قارون صفت انسانوں میں یہ قدر مشترک ہے۔

۹۳ اس کی کم نگاہی اور غلط فہمی کو کتنے واضح الفاظ میں بیان کر دیا۔ اس قسم کے بے رحم سرمایہ داروں کی وجہ سے عالمِ انسانیت پر جو مصیبتیں آئیں اور ہلاکت و بربادی کے جو خونی انقلاب آئے وہ تاریخ کی ایک مسلمہ حقیقت ہے۔ کوئی مانے تو اس کی مرضی لیکن اس کی صداقت میں کسی کو کلام نہیں۔

۹۴ جب وہ اپنے امیرانہ ٹھاٹھ باٹھ سے نکلتا تو اسے دیکھ کر ظاہر بین لوگوں کے منہ میں پانی بھر آتا۔ وہ کہتے کتنا خوش نصیب ہے یہ قارون۔ کاش ہمیں بھی اس طرح کی نعمت سے کچھ حصہ ملتا۔

۹۵ لیکن جو دنیا کی اس ناپائداری کو جانتے ہیں اور اس کی حقیقت سے باخبر ہیں ان کے دلوں میں اس قسم کی کوئی خواہش پیدا نہیں ہوتی وہ دوسرے لوگوں کو بھی اس امر پر آگاہ کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی جناب عالی سے جو اجر مومن صالح کو

صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ

اور نہیں مرحمت کی جاتی یہ نعمت بجز صبر کرنے والوں کے ۸۰ پس ہم نے غرق کر دیا اسے بھی اور اُسکے

الْاَرْضَ ۣ فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۤ

گھر کو بھی زمین میں، تو نہ تھی اس کے حامیوں کی کوئی جماعت جو اس وقت اس کی مدد کرتی اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں۔

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ

اور وہ خود بھی اپنا انتقام نہ لے سکا ۸۱ اور صبح کی ان لوگوں نے جو کل تک اس کے مرتبہ کی

بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ

آرزو کر رہے تھے یہ کہتے ہوئے اوہو! (اب پتہ چلا) کہ اللہ تعالیٰ کشادہ کر دیتا ہے رزق کو ۸۲ جس کے لیے چاہتا ہے

ملنے والا ہے اس کے سامنے اس جاہ و حشمت کی کوئی قدر و قیمت نہیں تم قارون بننے کی التجائیں نہ کرو تم اللہ تعالیٰ کا بندہ بننے کی کوشش کرو جب انسان اس مقام کو پالیتا ہے تو اس کی ساری حسرتیں پوری ہو جاتی ہیں۔

۸۰ یہ بھی بتا دیا، یہ ابدی نعمت اور سرمدی دولت فقط باتیں بنانے، خالی دعوے کرنے اور ہوائی قلعے تعمیر کرنے سے حاصل نہیں ہوتی۔ اس کے لیے بڑے صبر کے ساتھ اخلاص و عمل کی راہ پر قدم بڑھاتے چلے جانا شرط اول ہے۔

۸۱ اس کے متعلق مفسرین کرام نے لکھا ہے کہ اس نے ایک فاحشہ عورت کے ساتھ سازش کی کہ جب موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کے سامنے وعظ کر رہے ہوں تو وہ مجمع عام میں آپ پر بدکاری کا الزام لگائے۔ اس طرح وہ موسیٰ کی عزت کو ختم کر کے دینی منصب بھی خود سنبھالنا چاہتا تھا۔ اس نے اس عورت کو کئی ہزار درہم بطور رشوت دیئے۔ ایک روز آپ وعظ فرما رہے تھے۔ آپ کے وعظ کا موضوع بھی یہی تھا کہ جو چور ہوگا اس کا ہاتھ کاٹا جائے گا۔ جو بدکاری کا ارتکاب کریگا اسے رجم کر دیا جائے گا۔ قارون نے اسے زریں موقع سمجھا اور اٹھ کر کہنے لگا یہ قانون سب کے لیے ہے یا بعض لوگ اس سے مستثنیٰ ہیں۔ آپ نے فرمایا سب کے لیے ہے۔ اس نے پوچھا کیا آپ پر بھی یہ لاگو ہوتا ہے۔ آپ نے فرمایا بیشک۔ اس نے کہا فلاں عورت آپکے متعلق ایسا ایسا کہتی ہے اور اسے حمل بھی قرار پا گیا ہے اس لیے اس قانون کے مطابق آپ کو بھی رجم کی سزا ملنی چاہیے۔ آپ نے فرمایا اس عورت کو مجمع عام میں پیش کرو جب وہ آئی تو حضرت نے کہا تجھے اس خدا کی قسم جس نے بنی اسرائیل کے لیے سمندر کو شق کیا جس نے مجھے تورات عطا فرمائی تو سچ سچ بتا دے۔ اللہ تعالیٰ نے اسے جھوٹ بولنے کی ہمت نہ دی اور ساری حقیقت بیان کر دی کہ مجھے قارون نے آپ پر الزام لگانے کے لیے رشوت دی ہے۔ آپ کو قارون کے اس

مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ؕ

اپنے بندوں سے اور تنگ کر دیتا ہے جس کے لیے چاہتا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے ہم پر احسان نہ کیا ہوتا تو ہمیں بھی زمین میں گاڑ دیتا۔

وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۟ۧ ۸۲ تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا ع ۸ / ۱۱

اوہو! (اب پتہ چلا) کہ کفار بامراد نہیں ہوتے۔ یہ آخرت کا گھر ہم مخصوص کر دیں گے اس (کی نعمتوں) کو

لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ؕ وَالْعَاقِبَةُ

اُن لوگوں کے لیے جو خواہش نہیں رکھتے زمین میں بڑا بننے کی ۹۹ اور نہ فساد برپا کرنے کی ۱۰۰ اور اچھا انجام

جرم شنیع پر سخت صدمہ بھی ہوا اور غصہ بھی آیا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اس کے حواریوں کے ساتھ زمین میں غرق کر دیا۔

۹۸ اب ان لوگوں کی آنکھیں کھلیں جو قارون کو حسرت بھری نظروں سے دیکھا کرتے تھے۔ اب انھیں یہ پتہ چلا کہ دولت کی قلت و کثرت، سعادت و شقاوت کا کوئی معیار نہیں۔ انسان جس حال میں ہو اگر اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم اس کے شامل ہو تو وہ کامیاب ہے ورنہ اس کا بھی وہی انجام ہوتا ہے جو قارون کا ہوا۔

۹۹ دنیا کے جاہ و جلال میں مست ہونے والوں کا ذکر کرنے کے بعد اب ارشاد فرمایا جا رہا ہے کہ آخرت کی سرخروئی اور سرفرازی ان کے حصہ میں آئے گی جو یہاں عُلُو کے خواہشمند نہیں۔ علو کا کیا معنی ہے، عطا کہتے ہیں لوگوں پر اپنا غلبہ اور تسلط جمانا اور ان کو حقیر و ذلیل سمجھنا۔ قال عطاء غلبة وقهرا على الناس وتعاونا بهم۔ مقصد یہ ہے کہ لوگوں کے حقوق کو پامال کر کے ان کے اموال کو غصب کر کے سردار بننا اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں۔ اس سے بظاہر شاید کوئی یہ سمجھے کہ کسی اچھے منصب پر فائز ہونا، زمام اقتدار سنبھالنا، معاشرہ میں کوئی معزز و محترم مقام حاصل کرنا بھی قرآن کریم کی نظر میں پسندیدہ نہیں اور آخرت کی کامیابی تب ہی حاصل ہو سکتی ہے جب کہ انسان دنیا بھر کی محرومیوں اور نامرادیوں کی گٹھڑی اپنے سر پر اٹھائے رکھے۔ اگر کوئی شخص ایسا سمجھتا ہے تو یہ اس کی اپنی کج نگاہی ہے۔ قرآن کریم تو آیا ہی اس لیے ہے کہ اپنے ماننے والوں کے سر پر انتم الاعلون کا زرنگار تاج رکھے۔ شاید اس غلط فہمی کو دور کرنے کے لیے سیدنا حضرت علیؓ نے اس آیت کا مفہوم ان الفاظ میں بیان فرمایا: "وعن علي كرم الله وجهه انها نزلت في اهل التواضع من الولاة واهل القدرة" یہ آیت ایسے حکمرانوں اور ذی استطاعت لوگوں کے حق میں نازل ہوئی جنہوں نے عمر بھر تواضع اور انکسار کو اپنا شعار بنائے رکھا۔

۱۰۰ فساد سے مراد عام فساد ہے۔ عقیدہ کا فساد ہو یا عمل کا۔ اگر کوئی کفر و شرک کی ترویج کریگا تو وہ بھی مفسد ہے اور اگر کوئی فسق و فجور کا ارتکاب کرے گا اور اس کا بازار گرم کرنے کے لیے کوشش کرے گا تو وہ بھی مفسد ہے۔

لِلْمُتَّقِيْنَ ۝۸۳ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ

پرہیزگاروں کے لیے ہے۔ جو کرتا ہے نیکی ۱۱۱ تو اس کے لیے بہتر صلہ ہے اس نیکی سے۔ اور جو ارتکاب کرتا

بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا

ہے بُرائی کا تو نہ بدلہ دیا جائے گا انھیں جنھوں نے بدکاریاں کیں مگر اتنا، جتنا انھوں نے

يَعْمَلُوْنَ ۝۸۴ اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى

کیا۔ (اے محبوب!) یقیناً وہ (قادرِ مطلق) جس نے آپ پر قرآن کی تبلیغ فرض کی ہے آپکو واپس لے جائے گا

مَعَادٍ ؕ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ فِيْ

جہاں آپ چاہتے ہیں ۱۱۲ آپ فرمائیے میرا رب خوب جانتا ہے اسے جو آیا ہدایت یافتہ ہوکر اور اسے بھی جو کھلی

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۸۵ وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ

گمراہی میں ہے۔ اور آپ کو تو یہ امید نہ تھی کہ نازل کی جائے گی آپ کی طرف کتاب ۱۱۳ مگر

۱۱۱ جو نیکی کرے گا اس کو اس کی نیکی کا اجر صد ہا گنا عطا فرمایا جائے گا۔ اور جو گناہ کا مرتکب ہوگا اس کو سزا ایک گناہ کی ہی ملے گی۔ اِدھر رحمت وکرم کی بیکرانیاں ہیں۔ اُدھر عدل وانصاف کے تقاضے۔

۱۱۲ معاد کا معنی ہے لوٹنے کی جگہ۔ اس سے مُراد مکہ شریف ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم سے وعدہ فرمایا کہ جس ذات پاک نے آپ پر قرآن نازل کیا اور اس کی تلاوت اور اشاعت کو آپ پر فرض کیا۔ وہ آپ کی پُشت پناہی فرما رہی ہے۔ ایک دفعہ آپ کو مکہ سے ہجرت کرنی پڑے گی لیکن پھر یہاں آپ کی واپسی اس شان وشوکت سے ہوگی کہ سارے دشمن سر جھکائے ہوئے آپ کے سامنے کھڑے ہوں گے اور ان کی قسمت کا فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہوگا چنانچہ فتح مکہ کے دن یہ وعدہ پُورا ہُوا اور صرف مکہ ہی اسلامی قلمرو میں داخل نہیں ہُوا بلکہ اس کے بعد قلیل عرصہ میں سارے جزیرہ عرب پر اسلام کا پرچم لہرانے لگا۔ معاد کا معنی جنّت بھی کیا گیا ہے۔

۱۱۳ یعنی جس نعمتِ نبوت سے آپ کو سرفراز فرمایا گیا ہے اس کے لیے نہ کبھی آپ نے دُعا کی نہ اس منصب کو حاصل کرنے کے لیے آپ نے کبھی کوئی جد وجہد کی اور نہ کبھی آپکے دل میں ہی یہ خواہش پیدا ہُوئی کہ آپ کو نبی بنا کر وحی سے مشرف کیا جائے۔

اِلَّا رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوۡنَنَّ ظَهِيۡرًا لِّلۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۸۶﴾

یہ محض رحمت ہے آپ کے رب کی (جو آپکو صاحب قرآن بنادیا) تو آپ ہرگز کافروں کے مددگار نہ بنیں ۔

وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنۡ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعۡدَ اِذۡ اُنۡزِلَتۡ اِلَيۡكَ وَادۡعُ

اور (خیال رہے) وہ ہرگز نہ روکیں آپ کو اللہ تعالیٰ کی آیات سے اس کے بعد کہ وہ اتاری گئیں آپ کی طرف اور بلایئے

اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوۡنَنَّ مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ﴿۸۷﴾ وَلَا تَدۡعُ مَعَ اللّٰهِ وقف لازم

(لوگوں کو) اپنے رب کی طرف اور ہرگز نہ ہو جانا شرک کرنے والوں سے ۔ اور نہ پکارو اللہ تعالیٰ کے ساتھ

اِلٰهًا اٰخَرَ‌ۘ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ‌ كُلُّ شَىۡءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجۡهَهٗ‌

کسی اور معبود کو ۔ نہیں ہے کوئی معبود بجز اس کے ۔ ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے [illegible] سوائے اس کی ذات کے

لَهُ الۡحُكۡمُ وَاِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۸۸﴾ ع ۹ ۱۲

اسی کی حکمرانی ہے ۔ اور اسی کی طرف تمھیں لوٹایا جائے گا [illegible]

[illegible] اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو خدا بنا کر مت پکارو ۔ اسی وحدہٗ لاشریک کی عبادت و یاد میں اپنی زندگی گزار دو ۔ یہ ساری دنیا اپنی جملہ نعمتوں، وسعتوں، اور کثرتوں کے باوجود فانی ہے ۔ عرش و فرش، مہر و ماہ سب فنا ہو جائیں گے ایک اللہ تعالیٰ کی ذات پاک باقی رہے گی ۔ الا وجهه کا یہ مطلب بھی بیان کیا گیا ہے کہ تمام اعمال ضائع ہو جائیں گے مگر وہ اعمال جو اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کے لیے کیے گئے ہیں انھیں ہی بقا و دوام حاصل ہوگا ۔

[illegible] اسی کا حکم ہے جو ہر جگہ نافذ ہے چھوٹی بڑی چیز اس کے فرمان کے سامنے سرافگندہ ہے کسی کی مجال نہیں کہ دم مار سکے اور تمھیں یہاں چند روزہ زندگی گزارنے کے بعد آخر کار اسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے ۔ اس لیے عقلمندی کا تقاضا یہ ہے کہ دنیا میں اس طرح وقت گزارو کہ قیامت کے دن جب تم بارگاہ رب العلمین میں حاضر ہو تو تمھاری جبین پر اس کی بندگی کا روشن نشان چمک رہا ہو تمھارا دل اس کی محبت کے بادۂ لالہ فام سے سرشار ہو ۔ تمھارا سینہ اس کے نور معرفت سے منور ہو ۔ اور جب تم قبروں سے نکلو تو رحمت کے فرشتے تمھارے استقبال کے لیے پرے باندھے کھڑے ہوں اور تمھیں مرحبا اور خوش آمدید کہہ رہے ہوں

وجهه : وجہ عربی میں چہرے کو کہتے ہیں لیکن بطور مجاز اس کا اطلاق ساری ذات پر ہوتا ہے ۔ اس لیے یہاں وجهه سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات ستودہ صفات ہے ۔ ای ذاته عز وجل (روح المعانی)

# تعارف سُورۃ العنکبُوت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**نام:** اس سورت کا نام العنکبوت ہے جس کا ذکر آیت ۴۱ میں آرہا ہے۔ آیات کی تعداد انہتر ہے۔ اس میں نو سو اسی کلمات اور چار ہزار ایک سو پینسٹھ حروف ہیں۔

**زمانہ نزول:** حسن، عکرمہ، عطاء اور جابر رحمہم اللہ کے نزدیک یہ ساری سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔

**مضامین:**

۱۔ حضور فخرِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت اور دعوتِ توحید سے سارا مکہ آتش زیر پا ہو گیا۔ انھوں نے اسلام کی شمع کو گل کرنے کا مصمم ارادہ کر لیا۔ وہ سلیم الطبع لوگ جو کفر و شرک کی عفونتوں سے دل برداشتہ ہو گئے تھے اور حق کے حسن سے مسحور ہو کر دامنِ حبیبِ کبریا علیہ التحیۃ والثناء میں پناہ لے لیتے ان پر ظلم و ستم کی انتہا کر دی جاتی۔ بعض لوگ اسلام کی صداقت کے تو معترف تھے لیکن ان مظالم کو برداشت کرنے کی ہمت ان میں نہ تھی اس لیے ان حالات میں اپنی قسمت کو اسلام کے ساتھ وابستہ کرنا قرینِ دانشمندی نہیں سمجھتے تھے۔ بعض اس قسم کے بھی لوگ تھے جنھوں نے اسلام کو قبول کیا لیکن مصائب و آلام کی آندھیوں میں وہ اپنی شمعِ ایمان روشن نہ رکھ سکے۔ ان سب لوگوں کو بتایا جا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں صرف وہی لوگ سرفراز ہوتے ہیں جو آزمائش کی کٹھن گھڑیوں میں ثابت قدم رہتے ہیں اور امتحان میں کامیاب ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ جو زبان سے اسلام کا دم بھرتے ہیں اور ایمان کا دعویٰ کرتے ہیں لیکن امتحان کے میدان میں صبر و استقامت کا مظاہرہ نہیں کر سکتے وہ قطعاً قابلِ التفات نہیں۔ اللہ تعالیٰ کی یہی سنت ہے۔ اور یہی کسوٹی ہے جس پر اس نے اہلِ ایمان کو پہلے بھی پرکھا اور قیامت تک پرکھے گا۔

۲۔ کفارِ مکہ کو اپنے بے شمار خداؤں پر بڑا گھمنڈ تھا۔ وہ سمجھتے تھے کہ جب اتنے خدا ہماری پشت پناہی کرنے کے لیے موجود ہیں تو ہمیں محمد (روحی فداہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ایک خدا سے ڈرنے کی کیا ضرورت ہے۔ اس کے علاوہ مادی وسائل کی بھی ان کے ہاں کمی نہ تھی۔ وہ کعبہ کے متولی اور خدمتگار تھے۔ سب قبائل ان کی دل سے عزت کرتے اور کسی ہنگامی موقع پر ان کے ادنیٰ اشارہ پر شمشیر بکف میدان میں آنے کے لیے تیار تھے۔ شجاعت و مردانگی اور جنگی مہارت میں بھی ان کا جواب نہ تھا۔ ان حالات کے پیشِ نظر انھیں اپنے مستقبل کے بارے میں کوئی تشویش نہ تھی۔ وہ یہ سمجھتے تھے

کہ ان کا قلعہ اتنا مستحکم اور محفوظ ہے کہ اس پر کوئی یلغار کارگر ثابت نہیں ہو سکتی۔

اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو فرماتے ہیں کہ اے حبیب! انکے یہ سارے آسرے! انکے یہ سارے سہارے مکڑی کے جالے کی مانند ہیں وان اوھن البیوت لبیت العنکبوت اور تمام گھروں سے کمزور ترین گھر مکڑی کا گھر ہی ہے جو ایسے کمزور اور بودے گھر میں بستا ہو اور پھر قہر خداوندی کی بجلیوں کو دعوت دے رہا ہو اس سے زیادہ احمق بھی کوئی اور ہو سکتا ہے۔

۳ - اس کے بعد دلائل توحید بیان کیے گئے جو آسان اور زود فہم ہونے کے ساتھ ساتھ اتنے مؤثر ہیں کہ خود بخود قلب و روح میں نقش ہوتے چلے جاتے ہیں لیکن ان سے فائدہ وہی شخص اٹھاتا ہے جس کے دل میں حق کی طلب ہو اور جس کی آنکھوں پہ تعصب کی پٹی بندھی ہوئی نہ ہو۔

۴ - آخر میں "وَالَّذِیْنَ جَاھَدُوْا فِیْنَا" فرما کر اس جانگسل اور کٹھن راہ کے مسافروں کی تسکین اور حوصلہ افزائی کی انتہا فرما دی واقعی اللہ تعالیٰ بڑا بندہ نواز اور ذرہ پرور ہے وہ اپنے چاہنے والوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑتا۔

سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر وللہ الحمد

## سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ تِسْعٌ وَسِتُّوْنَ اٰيَةً وَسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورہ العنکبوت مکی ہے اور اس کی ۶۹ آیتیں اور ۷ رکوعات ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

الٓمّٓ ① اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ

الف۔لام میم ۱؎ کیا لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ انھیں صرف اتنی بات پر چھوڑ دیا جائیگا کہ وہ کہیں ہم ایمان لے آئے اور انہیں

لَا يُفْتَنُوْنَ ② وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ

آزمایا نہیں جائے گا ۲؎ اور بیشک ہم نے آزمایا تھا ان لوگوں کو جو ان سے پہلے گزرے ۳؎ پس اللہ تعالیٰ ضرور

۱؎ حروف مقطعات ہیں۔

۲؎ سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانا اور حضور کے دامن سے وابستہ ہونا کفار مکہ کے لیے ایک چیلنج کی حیثیت رکھتا تھا۔ خون اور قرابت کے سارے رشتے، دوستی اور محبت کے سارے تعلقات ٹوٹ جاتے حتیٰ کہ مروت و احسان کے سارے احساسات بھی یک قلم ختم ہو جاتے ۔ حق قبول کرنے کے جرم میں ان پر ظلم و ستم کی انتہا کر دی جاتی۔ کئی کمزور طبع لوگ اسلام کی صداقت پر یقین رکھنے کے باوجود اسے قبول کرنے کی جرأت نہ کر سکتے۔ نشۂ توحید سے سرشار ہو کر ستم کی اذیتوں کو بخوشی برداشت کرنے والوں کو اللہ تسلی دے رہے ہیں کہ ہماری یہ سنت ہے کہ ہم ہر ایمان لانیوالے کو آزمائش کی کسوٹی پر پرکھتے ہیں۔ صرف کسی کا یہ کہہ دینا کہ میں مومن ہوں کافی نہیں۔ اس لیے امتحان کے ان مرحلوں کو ہمت، صبر اور عزم سے طے کرتے جاؤ۔ اس کا انجام بڑا دل خوش کن ہوگا۔

۳؎ پہلے جو ایمان لاتے ان کو بھی ہم نے اسی طرح آزمایا جس طرح تم آزمائے جا رہے ہو۔ حضرت خباب بن الارت رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کعبہ کے سایہ میں اپنی چادر سے تکیہ لگائے تشریف فرما تھے کہ ہم نے حاضر خدمت ہو کر عرض کی یا رسول اللہ! ہم پر مصائب کی حد ہو گئی۔ کیا حضور ہمارے لیے دعا نہیں فرماتے۔ حضور نے فرمایا یہ مصیبتیں صرف تم ہی برداشت نہیں کر رہے بلکہ تم سے پہلے کفار کا یہ طریقہ تھا کہ مومن کو پکڑتے اس کے لیے ایک گڑھا کھودتے پھر اس گڑھے میں اسے کمر تک گاڑ دیتے پھر آری لا کر اس کے سر پر چلائی جاتی اور کاٹ کر اس کے دو حصے کر دیئے جاتے بعض پر لوہے کی کنگھیاں چلائی جاتیں۔ ان کے گوشت اور ہڈیوں کو ادھیڑ کر رکھ دیا جاتا۔ اس کے باوجود وہ

اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ۝۳ اَمْ حَسِبَ

دیکھے گا کہ انھیں جو (دعوائے ایمان میں) سچے تھے اور ضرور دیکھے گا (ایمان کے) جھوٹے (دعویداروں) کو۔ کیا خیال کر رکھا ہے

الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝۴

انھوں نے جو کر رہے ہیں بُرے کرتوت کہ وہ ہم سے آگے نکل جائیں گے شہ بڑا غلط فیصلہ ہے جو وہ کر رہے ہیں۔

مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ

جو شخص امید رکھتا ہے اللہ تعالیٰ سے ملنے کی تو (وہ تسلی رکھے) کہ اللہ تعالیٰ کی ملاقات کا وقت ضرور آنے والا ہے

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۵ وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ

اور وہی ہر بات سننے والا، ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ اور جو شخص کوشش کرتا ہے (حق کو سربلند کرنے کی) تو وہ اپنے فائدہ کے لیے

---

مومن اپنے دین پر ثابت قدم رہتے۔ اے خباب! اللہ کی قسم یہ دین ہر سو پھیلے گا۔ اس کے ظلِ حمایت میں اتنا امن وامان ہوگا کہ صنعاء سے چل کر ایک شخص حضر موت تک سفر کرے گا اور اللہ تعالیٰ کے سوا اسے کسی کا خوف نہ ہوگا۔ آخر میں فرمایا ولکنکم تستعجلون۔ لیکن تم جلد بازی سے کام لیتے ہو۔

شہ علامہ قرطبی اس کا معنی بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں فلیعلمن اللہ الذین صدقوا ای فلیظہرن۔ یعنی اللہ تعالیٰ جن لوگوں کے صدق اور کذب کو اپنے علم ازلی قدیم سے جانتا ہے اس کو عالم واقع میں ظہور پذیر ہوتے دیکھ لے۔ علامہ پانی پتی اس کی تحقیق کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ لیتعلق علمہ حالیا یتمیز بہ الذین صدقوا فی الایمان من الذین کذبوا فیہ وینوط بہ ثوابھم وعقابھم (مظہری)۔ یعنی اللہ تعالیٰ اپنے علم ازلی سے ہر شخص کے جملہ احوال کو از اول تا آخر جانتا ہے۔ فلاں نیک کام کرے گا۔ فلاں بدکاریوں میں مشغول رہے گا۔ فلاں اس سن میں جہاد کرے گا۔ فلاں اس سال میں قتل کرے گا وغیرہ۔ لیکن اس علم قدیم پر جزاء و سزا مرتب نہیں ہوتی۔ مثلاً جس کا قاتل ہونا اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے اسے ارتکاب قتل سے پہلے سولی نہیں دے دیا جائے گا۔ اسی طرح مجاہد کو اس کا اجر میدان جہاد میں دادِ شجاعت دینے کے بعد ملے گا۔ اس لیے یہاں علم سے مراد وہ علم ہے جس کے بعد کوئی شخص اپنے نیک و بد اعمال کے لیے جزاء اور سزا کا حقدار ہوتا ہے۔ مزید تحقیق کے لیے ضیاء القرآن جلد اول سورۂ بقرہ کا حاشیہ ملاحظہ فرمائیے۔

شہ یعنی کیا بدکردار لوگ اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ جب ہم ان کو سزا دینے کا ارادہ کریں گے تو وہ کہیں بھاگ جائیں گے اور ہم انھیں پکڑ نہ سکیں گے۔ انھیں چاہیے کہ اس غلط فہمی کو اپنے دل سے نکال دیں۔ جب ہمارا عذاب انھیں گھیرے گا تو وہ

إِنَّ اللَّهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِينَ ۝٦ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا

ہی کو شاں ہے۶ بیشک اللہ تعالیٰ غنی ہے تمام کائنات سے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے

الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَحْسَنَ

تو ہم دُور کر دیں گے ان سے ان کی بُرائیوں (کی نحوست) کو اور ہم انھیں بہت عمدہ بدلہ دیں گے ان (اعمالِ حسنہ)

الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝٧ وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ

کا جو وہ کیا کرتے تھے۷ اور ہم نے حکم دیا انسان کو کہ وہ اپنے والدین کے ساتھ

حُسْنًا ۖ وَإِنْ جٰهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ

اچھا سلوک کرے۸ اور اگر وہ یہ کوشش کریں تیرے ساتھ کہ تو شریک بنائے کسی کو میرا جس کے متعلق تجھے کوئی علم نہیں

فَلَا تُطِعْهُمَا ۚ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝٨

تو (اس بات میں) ان کی اطاعت نہ کر۹ میری طرف ہی تمھیں لوٹنا ہے۔ پھر میں آگاہ کروں گا تمھیں ان اعمال سے جو تم کیا کرتے تھے

مارے دہشت کے اپنی جگہ سے ہل ہی نہ سکیں گے چہ جائیکہ وہ بھاگ کر ہم سے رُوپوش ہو جائیں۔

۶ جو شخص اسلام کی سربلندی کے لیے مصروفِ جہاد رہتا ہے وہ خداوندِ کریم پر احسان نہیں کر رہا بلکہ اس میں سراسر اس کا اپنا فائدہ ہے۔ کیونکہ اگر اس نے جہاد نہ کیا اور کافر غالب آگئے تو اس کی آزادی چھن جائے گی اسے غلامی کی زنجیروں میں جکڑ دیا جائے گا۔ اس کا گھر بار، مال و متاع تاخت و تاراج کر دیا جائے گا۔ اس کی آبرو خاک میں مل جائے گی اور یہ بھی ممکن ہے کہ سفاک اور خدا ناترس دشمن اس کو اسلام چھوڑنے پر مجبور کر دے۔ ان تمام حالات میں نقصان اسی کا ہوگا۔ جہاد کی اہمیت کی طرف کس عمدگی سے توجہ دلائی گئی ہے۔

۷ جو لوگ صدق دل سے ایمان لے آتے ہیں اور پھر اعمالِ صالحہ سے اسے آراستہ کرتے ہیں ہم ان کی غلطیوں اور گناہوں کو اپنے دامنِ رحمت سے ڈھانپ دیں گے کسی عیب چین کو پتہ ہی نہ لگ سکے گا کہ کبھی اس کی سیرت کا دامن آنادار اغدار تھا۔ ای لنغطینھا عنھم بالمغفرۃ لھم (قرطبی)۔ علامہ پانی پتی نے لکھا ہے نذھب سیاٰتھم عنا تھم ہم ان کی بُرائیوں کو نیکیوں سے مٹا دیں گے۔

۸ قرآنِ حکیم میں ماں باپ کے ساتھ حسنِ سلوک سے پیش آنے، ان کی خدمت و دلجوئی میں کوشاں رہنے کا بار بار

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ۹

اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک اعمال بھی کیے تو ہم ضرور شامل کریں گے انھیں نیکوں کے زمرہ میں ۱۰

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ

اور بعض لوگ ہیں جو کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے اللہ تعالیٰ پر۔ پھر جب ستایا جائے اسے راہ خدا میں تو بنا لیتا ہے لوگوں

فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ

کی آزمائش کو اللہ تعالیٰ کے عذاب کے برابر ۱۱ اور اگر آجائے نصرت آپکے رب کی طرف سے تو وہ کہنے

---

حکم دیا گیا ہے جس طرح متعدد مقامات پر اس کا تفصیلاً ذکر ہو چکا ہے۔ یہاں پھر اس ارشادِ گرامی کو دہرایا جا رہا ہے۔ وصّینا، امرنا یعنی ہم نے حکم دیا۔

۹ والدین کے ساتھ حسن سلوک کی تاکید کرنے کے بعد یہ امر بھی واضح کر دیا کہ اگر والدین بھی شرک کا حکم دیں تو یہ حکم ان کا بھی نہ مانا جائے۔ یہ درست ہے کہ ماں باپ کے بڑے حقوق ہیں لیکن اللہ کا حق دنیا بھر کے حقداروں کے حقوق سے اعلیٰ وارفع ہے۔ حضرت سعد بن ابی وقاص فرماتے ہیں کہ یہ آیت میرے حق میں نازل ہوئی۔ میں اپنی ماں کا بڑا فرمانبردار اور خدمت گزار تھا۔ جب میں مشرف باسلام ہوا تو میری ماں نے کہا یا تو تم اپنے نئے دین کو چھوڑ دو ورنہ میں کھانا پینا چھوڑ دوں گی اور اسی طرح بھوکی پیاسی مر جاؤں گی پھر لوگ تمہیں یہ کہہ کر عار دلائیں گے یا قاتل امہ۔ اے اپنی ماں کے قاتل۔ وہ دن تو میں نے انتظار کیا کہ جب اسے بھوک تنگ کرے گی خود بخود کھانا کھالے گی لیکن میں نے دیکھا کہ وہ اپنی ضد پر قائم ہے تو میں نے اس کو صاف الفاظ میں بتا دیا یا اماہ لو کانت لک مأۃ نفس فخرجت نفسا نفسا ما ترکت دینی۔ اے ماں اگر ایک کے بجائے تیری سو جانیں ہوں اور بھوک کی وجہ سے وہ ایک ایک کر کے بھی نکل جائیں تب بھی میں اپنا دین نہیں چھوڑوں گا۔ اس نے میرا یہ عزم مصمم دیکھا تو اس نے کھانا شروع کر دیا۔

۱۰ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کی سنگت اور ان کی معیت بہت بڑی نعمت ہے اور ایمان اور عمل صالح کی بہترین جزا ہے۔

۱۱ وہ لوگ جو اسلام کی پاکیزہ تعلیمات سے متاثر ہو کر اسلام قبول کر لیتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ یہ راستہ ہموار ہے۔ یہاں کوئی نشیب و فراز نہیں۔ کوئی زحمت گوارا کیے بغیر منزل مقصود تک پہنچ جائیں گے لیکن ان کی توقع کے خلاف جب مصائب و آلام کے کالے بادل گھر کر آجاتے ہیں تو اس وقت وہ اپنے بچاؤ کی خاطر اسلام سے اپنا رشتہ توڑ لیتے ہیں ان کے متعلق فرمایا جا رہا ہے کہ انھیں رحمت الٰہی سے محروم کر دیا جائے گا کیونکہ دشمنان اسلام کے ظلم و ستم سے تو وہ خائف ہو گئے لیکن اللہ تعالیٰ

لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ؕ اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ

کہتے ہیں ہم تو تمہارے ساتھ تھے ۱۲؎ کیا نہیں ہے اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہر اس چیز کو جو لوگوں کے سینوں میں

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰﴾ وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ﴿۱۱﴾

(نہاں) ہے اور ضرور دیکھ لے گا اللہ تعالیٰ انہیں جو ایمان لائے اور ضرور دیکھ لے گا منافقوں کو ۔ اور

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ

کہا کافروں نے ۱۳؎ ایمان والوں سے تم چلو ہماری راہ پر اور ہم اٹھا لیں گے

خَطٰيٰكُمْ ؕ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ اِنَّهُمْ

تمہارے گناہوں (کے بوجھ) کو۔ اور وہ نہیں اٹھا سکتے ان کے گناہوں سے کچھ بھی ۱۴؎ وہ بالکل جھوٹ

لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ز وَ

بول رہے ہیں۔ اور وہ ضرور اٹھائیں گے اپنے بوجھ ۱۵؎ اور دوسرے کئی بوجھ اپنے (گناہوں کے) بوجھوں کے

کے قہر و غضب سے انہیں ڈر نہ آیا۔ محض اپنی جان بچانے کے لیے یا دیگر مالی منفعتوں کی خاطر انہوں نے عہدِ وفا توڑ ڈالا۔ وہ اس قابل نہیں کہ انہیں بلالؓ و صہیبؓ، عمارؓ و یاسرؓ جیسے عاشقانِ باوفا کے زمرہ میں شامل کیا جائے۔ یہ عشق کی توہین ہے یہ حسنِ ازل کی ناقدری ہے اور خدائے غیور اس کو برداشت نہیں کرتا۔

۱۳؎ جو لوگ ہوا کا رخ دیکھ کر اپنے نظریات و عقائد میں رد و بدل کر لینے کے خوگر ہیں اگر وہ اسلام قبول کرنے کا اقرار بھی کر لیں جبکہ انہیں اپنی جان اور اپنے مال کا کوئی خطرہ نہ ہو تو ان کا اقرار قابلِ اعتماد نہیں۔ یہ کھوٹے سکے ہیں، اخلاص و وفا کے بازار میں چلنے کے قابل نہیں۔

۱۴؎ کفار مسلمانوں کو کہا کرتے کہ پہلے تو عقل اس کو تسلیم ہی نہیں کرتی کہ مرنے کے بعد ہمیں پھر زندہ کیا جائے گا اور ہمیں اپنے نیک اور برے عملوں کی کوئی جزا یا سزا ملے گی۔ بفرضِ محال اگر ایسا ہوا بھی تو ہم تم سے وعدہ کرتے ہیں کہ ہم تمہارے گناہوں کا بوجھ بھی خود اٹھا لیں گے۔ اس لیے تم بے فکر ہو جاؤ اور اس دین کو چھوڑ کر اپنے پرانے مذہب پر ہی کاربند رہو۔ دنیا تو ظاہر ہے کہ آرام اور ٹھاٹھ باٹھ سے گزارو گے باقی رہی قیامت تو اس کے لیے تمہیں فکرمند ہونے کی قطعاً ضرورت نہیں ہم خود نمٹ لیں گے۔

لَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا

ساتھ۔ اور ان سے باز پرس ہوگی قیامت کے دن ان (جھوٹوں) کے متعلق جو وہ گھڑا کرتے تھے۔ اور بیشک ہم نے بھیجا نوح

اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ؕ فَاَخَذَهُمُ

(علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف تو وہ ٹھیرے رہے ان میں پچاس کم ہزار سال (تا آنکہ) آ پکڑا انھیں

۱۳؎ کتنا سفید جھوٹ بول رہے ہیں۔ ان سے تو اپنا بوجھ بھی نہ اٹھایا جاسکے گا چہ جائیکہ وہ کسی دوسرے کا بوجھ اٹھانے کی طاقت رکھتے ہوں۔

۱۵؎ البتہ جن لوگوں کو انھوں نے گمراہ کیا، اپنے گناہوں کے بارگراں کے ساتھ ساتھ ان کی پشت پر ان گمراہ ہونے والوں کا بوجھ بھی لاد دیا جائے گا کیونکہ ان کے گمراہ ہونے میں ان گمراہ کرنے والوں کا بھی حصہ ہے۔ بلکہ ان کی گمراہی ان کی کوشش کا نتیجہ ہے۔ اس لیے گویا یہ بھی ان ہی کا عمل ہے اور وہ اس کی سزا کے بجا طور پر مستحق ہیں۔ چنانچہ حدیث شریف میں ہے قال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من دعا الی ھدی فاتبع علیہ وعمل بہ فلہ مثل اجور من اتبعہ ولا ینقص ذالک من اجورھم شیئًا وایما داع دعا الی ضلالۃ فاتبع علیہا وعمل بہا بعدہ فعلیہ مثل اوزار من عمل بہا من اتبعہ لا ینقص ذالک من اوزارھم شیئًا۔ (قرطبی)

ترجمہ: نبی کریم نے ارشاد فرمایا جس نے ہدایت کی طرف لوگوں کو دعوت دی اور لوگوں نے اس ہدایت کو قبول کیا اور اس پر عمل کیا تو سارے عمل کرنے والوں کا ثواب اس داعی کو ملے گا اور ان کے ثواب میں بھی کوئی کمی نہیں ہوگی اور جس نے گمراہی کی دعوت دی اور لوگوں نے اسے قبول کیا اور اس کے مطابق عمل کیا تو سب گمراہوں کی گمراہی کا بوجھ اس پر لادا جائے گا اور ان کے بوجھ میں بھی ذرا کمی نہیں ہوگی۔

۱۶؎ جب انسان کو کسی اچھے کام کے لیے شدائد و مصائب برداشت کرنے کی تلقین کی جارہی ہو اور پھر اس کے سامنے ایک ایسے شخص کی مثال بیان کردی جائے جس نے آزمائشوں اور تکلیفوں میں صبر واستقامت کا بہترین نمونہ پیش کیا ہو تو انسان بڑی تسکین محسوس کرنے لگتا ہے اور اس کی ہمت بلند ہوجاتی ہے۔ وہ یہ سمجھ لیتا ہے کہ مجھ سے پہلے بھی مردان خدا پر امتحان کی گھڑیاں آئیں اور انھوں نے اپنے ایمان ویقین کی پختگی کا یوں شاندار مظاہرہ کیا۔ اسی مقصد کے پیش نظر اس موقع پر حضرت نوح علیہ السلام کا ذکر فرمایا۔ کیونکہ جس اجڈ قوم سے آپ کو واسطہ پڑا تھا اور جتنا طویل عرصہ دس بیس یا سو دو سو سال نہیں پوری ساڑھے نو صدیاں ان کے ظلم وستم کو سہتے ہوئے گزاری تھیں لیکن اپنی روش اور عزیمت میں ذرا لچک نہ آنے دی۔ اس وقت کے حالات کے مطابق یہ بہترین مثال تھی بلکہ قیامت تک اہل حق کے لیے اس میں صبر وہمت اور ثابت قدمی کا ایک دل نشیں درس ہے۔ کہتے ہیں آپ نے اپنی رہائش کے لیے سرکنڈوں کا ایک مکان بنایا ہوا تھا

الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَنْجَیْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِیْنَةِ وَ

طوفان نے ۱۳ اس حال میں کہ وہ ظالم تھے۔ پس ہم نے نجات دے دی نوح کو اور کشتی والوں کو اور

جَعَلْنٰهَاۤ اٰیَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۵﴾ وَاِبْرٰهِیْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا

ہم نے بنا دیا اس کشتی کو ایک نشانی سارے جہان والوں کے لیے۔ اور ابراہیم کو یاد کرو جب آپ نے فرمایا اپنی قوم کو کہ عبادت کرو

اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ

اللہ تعالیٰ کی ۱۴ اور اس سے ڈرتے رہا کرو۔ یہی بہتر ہے تمہارے لیے اگر تم (حقیقت کو) جانتے ہو۔ تم تو پوجا کرتے ہو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّ تَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ تَعْبُدُوْنَ

اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر بتوں کی اور تم گھڑا کرتے ہو نرا جھوٹ۔ بیشک جن کو تم پوجتے ہو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا یَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ

اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر وہ مالک نہیں تمہارے رزق کے پس طلب کیا کرو اللہ تعالیٰ سے رزق کو ۱۵

کسی نے عرض کی حضرت! کوئی پختہ اور عمدہ مکان بنا لیجیے۔ فرمایا ھذا کثیر لمن یموت: جس نے موت کا پیالہ پینا ہے اسے اتنا ہی کافی ہے۔ عبد الوہاب نجار نے قصص الانبیاء میں آپ کا یہ نسب نامہ بیان کیا ہے: نوح بن لامك بن متوشلح بن ادریس وھو اخنوخ بن یارد بن مهلائیل بن قینان بن انوش بن شیث بن آدم علیہ السلام واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۳ جب سمجھاتے سمجھاتے ساڑھے نو سو سال کا طویل عرصہ گزر گیا لیکن انھوں نے ہدایت کو قبول نہ کیا تو انھیں اس مسلسل نافرمانی کی پاداش میں غرق کر دیا گیا اور نوح اور آپ کے غریب ساتھیوں کو بچا لیا گیا جنھیں دیکھ کر کفار حقارت سے آنکھیں پھیر لیا کرتے تھے اور انھیں خاطر میں ہی نہ لاتے تھے۔ نوح کا ذکر مفصل طور پر سورۃ اعراف، ہود، المومنون، الشعراء میں گزر چکا ہے۔ ملاحظہ فرمایا جائے۔

۱۴ اب ابو الانبیاء جد حبیب کبریا علیہم الصلوٰۃ والسلام کا ذکر فرمایا جا رہا ہے کہ انھوں نے اپنی بت پرست قوم کو اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان لانے کی یوں دعوت دی۔

۱۵ یہاں بت پرست قوموں کی ایک مخصوص ذہنیت کو واضح کیا جا رہا ہے کہ انھوں نے پتھر اور مختلف دھاتوں سے بنے ہوئے ان بتوں کو جو خدا بنا رکھا تھا تو اس کی وجہ یہ نہ تھی کہ یہ بت انھیں راہ ہدایت پر چلنے کی تلقین کرتے تھے۔

وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ

اور اس کی عبادت کیا کرو ۱۹ اور اس کا شکر ادا کیا کرو اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ۲۰ اور اگر تم جھٹلاتے ہو تو یہ کوئی

كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۸﴾

نئی بات نہیں) ۲۱ جھٹلایا (اپنے نبیوں کو) ان اُمتوں نے بھی جو تم سے پہلے تھیں۔ اور رسول پر فرض نہیں بجز اس کے کہ وہ (اللہ کا

انھیں برائیوں سے روکتے تھے یا ان کے معاشرہ کو فسق و فجور سے پاک کرنے کے اصول بتاتے تھے یا ان کی رُوحانی قوتیں ان کی توجہ سے نشوونما پاتی تھیں ان میں سے کوئی چیز بھی انھیں ان بتوں سے حاصل نہیں ہوتی تھی اور سچ تو یہ ہے کہ ان چیزوں کی ان کی نظروں میں کوئی اہمیت بھی نہ تھی اور نہ ان کی طلب کا ولولہ ان کے دلوں میں کبھی پیدا ہوا تھا۔ ان کے سامنے دولت کا حصول ہی مقصدِ حیات بن کر رہ گیا تھا۔ وہ بتوں کے سامنے اس لیے ماتھا ٹیکتے، ان کی پوجا کرتے، ان کے بھجن گاتے کہ ان کا کاروبار ترقی کرے۔ ان کی دولت میں اضافہ ہو۔ اس لیے ان کی ذہنی سطح کے مطابق انھیں سمجھایا جا رہا ہے کہ جس رزق کے لیے تم ان کے چرنوں میں اپنے سر جھکاتے ہو ان کے پاس تو اس کا ایک دانہ تک نہیں۔ یہ بیچارے اندھے، بہرے، بے جان مجسمے تمھیں کچھ بھی نہیں دے سکتے۔ اگر صرف دولت کی ہی طلب ہے تو خداوند ذوالجلال کی بارگاہِ عظمت میں حاضر ہو کر دامن پھیلاؤ جس کے پاس رزق کے خزانے بھرے پڑے ہیں اور جو بڑا سخی اور کریم ہے۔ جس کی شان کریمی یہ گوارا ہی نہیں کرتی کہ کوئی خالی ہاتھ اس کے سامنے اٹھائے اور وہ انھیں یونہی خالی واپس کر دے۔ جو کچھ تمھارے پاس فی الحال موجود ہے وہ بھی ربِّ کریم کی عطا ہے اور مزید کچھ لینا ہے تو اسی سے مانگو وہی دے گا۔

۱۹ رزق اور دولت کوئی ایسی چیز نہیں کہ انسان اسے پا کر اسی پر قانع ہو جائے بلکہ اس کی عبادت کرو اور مقامِ عبدیت کی رفعتوں تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کرو۔ اسی میں انسانی عظمت کا راز مضمر ہے۔ یہی کمالِ انسانیت ہے کہ انسان اپنی حقیقت کو سمجھ لے اور اللہ تعالیٰ کا عرفان اسے حاصل ہو جائے۔ اے خود فراموشو! کہاں مارے مارے پھر رہے ہو۔ اس نے بن مانگے جن گراں بہا نعمتوں، زندگی، صحت وغیرہ سے تمھیں سرفراز فرمایا ہے ان کا شکریہ ادا کرو۔ وہ ان نعمتوں سے بھی اعلیٰ نعمتوں کے خزانے تمھارے لیے کھول دیگا۔

۲۰ اگر عمر بھر اپنے معبودِ برحق سے منہ موڑے رہے اور دنیا کی فانی لذتوں کے حصول میں ہی مگن رہے تو یاد رکھو تمھیں ایک دن اس کے حضور میں پیش کیا جائے گا اس دن تمھیں معلوم ہو گا کہ اللہ تعالیٰ کے پیغمبر جو فرمایا کرتے تھے وہی سچ تھا۔

۲۱ حضرت ابراہیمؑ نے جب کفر پر ان کے اصرار اور حق سے ان کے عناد کو دیکھا تو فرمایا کہ میرے لیے تمھارا یہ رویہ قطعاً باعثِ حیرت نہیں۔ مجھ سے پہلے بھی اللہ تعالیٰ کے جو رسول آئے ان کی قوموں نے ان کے ساتھ یہی سلوک کیا جو تم کر رہے

أَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللَّهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى

کیا انھوں نے کبھی نہیں دیکھا کہ کس طرح آغاز فرماتا ہے اللہ تعالیٰ پیدا کرنے کا پھر وہ (کس طرح)

اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿١٩﴾ قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ بَدَأَ الْخَلْقَ

اس کا اعادہ کرتا ہے۔ بلاشبہ یہ بات اللہ تعالیٰ کے لیے بالکل آسان ہے۔ فرمائیے سیر و سیاحت کرو زمین میں ۲۳؎ اور غور سے دیکھو

ثُمَّ اللَّهُ يُنشِئُ النَّشْأَةَ الْآخِرَةَ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٠﴾

کس طرح اس نے خلق کی ابتدا فرمائی پھر اللہ تعالیٰ (اسی طرح) پیدا فرمائے گا دوسری بار بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے

يُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَيَرْحَمُ مَن يَشَاءُ ۖ وَإِلَيْهِ تُقْلَبُونَ ﴿٢١﴾

سزا دیتا ہے جسے چاہتا ہے اور رحم فرماتا ہے جس پر چاہتا ہے ۲۴؎ اور اسی کی طرف تم پھیرے جاؤ گے۔

ساتھ کر رہے ہو کہیں ایسا نہ ہو کہ جو عبرتناک انجام ان کا ہوا تمہیں بھی اس سے دوچار ہونا پڑے۔ رسول کا فرض تو یہ ہے کہ وہ بڑے اخلاص اور کمال دلسوزی سے حق کی دعوت دے۔ بہر حال وہ فرض میں نے پوری طرح ادا کر دیا ہے۔

۲۳؎ قُل میں خطاب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ہے یا سرور عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو۔ مقصد یہ ہے کہ اے منکرین قیامت! تم مختلف ممالک کی سیر کرو۔ وہاں تمہیں رنگا رنگ مخلوق نظر آئے گی۔ جو اپنی شکل و صورت، اپنی خصوصیات، اپنے اثرات وغیرہ سے ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہے۔ غور کرو جس قادر مطلق نے ان کو یہ خوبیاں اور مخصوص صلاحیتیں عطا فرما کے پیدا کیا ہے اس کے لیے کیا مشکل ہے کہ وہ پھر انھیں زندہ کر دے۔

۲۴؎ وہ جس کو چاہتا ہے عذاب میں مبتلا کر دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے اس کو اپنی رحمت بے پایاں سے خورسند کر دیتا ہے۔ عارف پانی پتی سمجھتے ہیں کہ عذاب الٰہی کی متعدد صورتیں ہیں۔ قیامت کے دن دوزخ میں پھینک دینا بھی عذاب ہے اور دنیا میں ذلیل و خوار کرنا، دل میں حرص و طمع پیدا کر دینا، بدخلق بنا دینا، اپنی یاد اور ذکر سے دل کو پھیر دینا، اتباع سنت کے بجائے بدعات کا شیدائی بنا دینا، یہ سب اس کے عذاب کی متنوع شکلیں ہیں۔ الٰہی! بجھے واسطہ ہے اپنے محبوب بندے محمد مصطفےٰ علیہ وعلیٰ آلہ اجمل التناء کا کہ اس رُوسیاہ اور خطا کار کو اپنے ہر قسم کے عذاب سے بچالے۔ میرے ماں باپ کو بھی اور میری ذریت کو بھی اور حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ساری اُمّت کو بھی اپنے ہر قسم کے عذاب سے محفوظ فرما۔ یا ارحم الراحمین! جس طرح اس کے عذاب کی کئی صورتیں ہیں اسی طرح اس کی رحمت کے بھی کئی انداز ہیں۔ آخرت میں جنت الفردوس میں داخل کرنا، اپنے دیدار کی نعمت بخشنا، اور دنیا میں اپنی مدد سے سرفراز رکھنا، قناعت و حسن خُلق کے زیور سے

وَمَآ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِيۡنَ فِى الۡاَرۡضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ‌ۖ وَمَا لَكُمۡ

اور نہیں ہو تم بے بس کرنے والے (اللہ تعالیٰ کو) زمین میں (بھاگ کر) اور نہ آسمان میں (پناہ لے کر) ۳۵ اور نہیں ہے تمھارا

مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مِنۡ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيۡرٍ ۲۲ وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِاٰيٰتِ ع ٢ ٩ ١٤

لیے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار۔ اور جن لوگوں نے انکار کیا اللہ تعالیٰ کی آیات کا

اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖۤ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوۡا مِنۡ رَّحۡمَتِىۡ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمۡ

اور اس کی ملاقات کا، وہ لوگ مایوس ہو گئے ہیں میری رحمت سے اور وہی لوگ ہیں جن کے لیے

عَذَابٌ اَلِيۡمٌ‏ ۲۳ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوۡمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنۡ قَالُوا اقۡتُلُوۡهُ

عذاب الیم ہے۔ آپ کی قوم سے کوئی جواب نہ بن آیا بجز اس کے کہ انھوں نے کہا کہ اسے قتل کر ڈالو

اَوۡ حَرِّقُوۡهُ فَاَنۡجٰهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ‌ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ

یا اسے جلا دو۔ سو بچا لیا اسے اللہ تعالیٰ نے آگ سے ۳۶ بیشک اس واقعہ میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے

آراستہ کرنا، اپنی محبت اور اپنی یاد کی طرف دل کو مائل کرنا اور اپنے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت پر عمل کرنے کی توفیق بخشنا۔ الٰہی! اپنے حبیب کریم علیہ وعلیٰ آلہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کے صدقے اس روسیاہ اور خطاکار کو اپنی ہر قسم کی رحمتوں سے بہرہ ور فرما، میرے ماں باپ کو بھی، میری ذریت کو بھی اور فخر عرب وعجم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ساری امت کو بھی۔ آمین یارب العالمین یا اکرم الاکرمین۔

۳۵ تم یہ چاہو کہ زمین و آسمان میں کوئی گوشہ تمھیں ایسا مل جائے جہاں تم اللہ تعالیٰ کی گرفت سے بچ جاؤ، ناممکن۔

۳۶ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب انھیں توحید کی دعوت دی اور ناقابل تردید دلائل سے ان کے بتوں کی بے بسی کو اظہر من الشمس کر دیا اور آخر وہ لاجواب ہو گئے تو انھوں نے ان سے نمٹنے کے لیے باہمی مشورہ کیا۔ کسی نے رائے دی اسے قتل کر دو۔ کسی نے کہا انھیں آگ میں ڈال دو۔ آخر کار فیصلہ یہی ہوا کہ ایک بڑا الاؤ جلا کر اس میں انھیں پھینک دیا جائے جل کر راکھ ہو جائے گا اور جان چھوٹ جائے گی۔ چنانچہ انھوں نے بڑے اہتمام اور مذہبی جوش و خروش سے ایندھن کے انبار لگا دیئے اور اسے آگ لگا دی۔ جب اس کے شعلے خوب بھڑک اٹھے اور انگارے خوب چٹخنے لگے تو آپ کو ایک منجنیق پر باندھ دیا۔ انھیں خیال تھا ابھی معافی مانگ لے گا۔ ابھی اپنے دین سے بیزاری کا اعلان کر دے گا۔ ان بیچاروں کو کیا خبر کہ جب ایمان

يُؤْمِنُونَ ﴿۲۴﴾ وَقَالَ إِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا مَّوَدَّةَ

جو ایمان لاتے ہیں۔ اور ابراہیم نے کہا کہ تم نے بنا لیا ہے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر بتوں کو باہمی محبت (و پیار) کا

بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ

ذریعہ اس دنیوی زندگی میں ؎ پھر قیامت کے دن تم انکار کرو گے ایک دوسرے کا۔

بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۫ وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا

اور پھٹکار بھیجو گے ایک دوسرے پر اور تمہارا ٹھکانا آتش (جہنم) ہوگا اور نہیں ہوگا

لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ اِنِّيْ مُهَاجِرٌ

تمہارا کوئی مددگار۔ تو ایمان لائے ان پر لوط ؎ اور ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا میں ہجرت

وقف لازم

کی شمع فروزاں ہو جاتی ہے۔ جب یقین کی قوت رگ و پے میں سما جاتی ہے تو انسان کیا سے کیا بن جاتا ہے۔ اس وقت وہ خطرات کی ہولناکیوں سے سراسیمہ نہیں ہوتا بلکہ وہ ان خطرات سے برسرپیکار ہونے میں بڑی لذت محسوس کرتا ہے۔ چنانچہ

بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق

اور جب عشق نے اپنی پختگی کا ثبوت مہیا کر دیا تو حسن ازل کی دلربائیوں کے بے نقاب ہونے کا وقت آ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے خلیل پر اس آگ کو گلزار بنا دیا۔ سورۃ الانبیاء اور دیگر مقامات پر یہ واقعہ تفصیلاً مذکور ہے۔

؎ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ آج تو تم ان بتوں کے پجاری ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے کے ساتھ بڑی محبت اور پیار کا مظاہرہ کر رہے ہو اور کفر و شرک کے پرچم تلے جمع ہو کر تم نے میرے خلاف ایک متحدہ محاذ قائم کر لیا ہے لیکن قیامت کے روز تمہیں اس محبت اور دوستی کا انجام معلوم ہوگا۔ اس وقت تمہاری حالت ایسی ہوگی کہ تم ایک دوسرے کو پہچانو گے بھی نہیں۔ ایک دوسرے پر پھٹکار بھیجو گے۔ ہر شخص دوسرے کو اس بدبختی اور عذاب الیم میں مبتلا کرنے کا ذمہ دار ٹھہرائے گا۔ اس دن تم اپنے آپ کو بری الذمہ ثابت کرنے کے لیے بڑا شور مچاؤ گے۔ لیکن تمہاری فریاد سنی نہیں جائے گی اور تم سب کو ایک ساتھ دھکا دے کر آتش جہنم میں پھینک دیا جائے گا اور تم میں سے کوئی بھی کسی کی اعانت نہیں کر سکے گا۔ مودۃ بینکم ای سبب مودۃ بینکم (مظہری)

؎ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام آتش نمرود سے صحیح سلامت نکل آئے تو آپ نے پھر تبلیغ کا کام شروع کر دیا اور ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان لانے کی دعوت دی۔ اتنا عظیم الشان معجزہ دیکھنے کے باوجود بھی، جیس حضرت ابراہیم پر

اِلٰی رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۶﴾ وَ وَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَ

کرنیوالا ہوں اپنے رب کی طرف ۵۸؎ بیشک وہی سب پر غالب بڑا دانا ہے۔ اور ہم نے عطا فرمایا آپ کو اسحٰق (جیسا فرزند) اور

یَعْقُوْبَ وَ جَعَلْنَا فِیْ ذُرِّیَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَ الْكِتٰبَ وَ اٰتَیْنٰهُ

یعقوب (جیسا پوتا) ۶۰؎ اور ہم نے رکھ دی ان کی اولاد میں نبوت اور کتاب۔ اور ہم نے دیا ان کو ان (کی نیکی) کا

ایمان لانے کی توفیق نہ ہوئی پہلے کی طرح اپنے کفر و شرک پر ڈٹے رہے۔ ساری قوم میں ایک لوطؑ ایسے شخص تھے جنھوں نے آپ کی صداقت کو تسلیم کیا اور آپ کی دعوت کو قبول کیا۔ اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ حضرت لوطؑ پہلے نعوذ باللہ اپنی قوم کی طرح شرک کے مرتکب رہے اور اب اس سے تائب ہو کر اللہ تعالیٰ کی توحید کے قائل ہوئے۔ کیونکہ آپ کو آگے چل کر شرف نبوت سے نوازا جانے والا تھا اور ہر نبی نبوت سے پہلے بھی کفر و شرک اور قبائح اور رذائل سے پاک ہوتا ہے۔ اس لیے علامہ آلوسی لکھتے ہیں اس آیت سے صرف یہ بتانا مقصود ہے کہ اس قوم سے صرف لوط علیہ السلام آپ پر ایمان لائے اور آپ کے سوا کسی دوسرے کو یہ سعادت نصیب نہ ہوئی۔

۵۹؎ جب آپ اپنی قوم سے مایوس ہو گئے اور ان کے ایمان لانے کی کوئی توقع نہ رہی تو آپنے اپنے وطن سے ہجرت کا عزم کر لیا کیونکہ وہ زمین اتنی سنگلاخ تھی کہ وہاں ایمان کا درخت بار آور نہیں ہو سکتا تھا اس لیے وہاں مزید وقت صرف کرنا مناسب نہ تھا۔ آپ اپنے شہر کوثا سے ہجرت کر کے پہلے حران آئے۔ وہاں سے چل کر شام میں اقامت اختیار کی۔ اس سفر میں آپ کی اہلیہ حضرت سارہ اور آپ کے بھتیجے حضرت لوطؑ ہمراہ تھے۔

۶۰؎ یہاں تک تو حضرت ابراہیمؑ کی شان بندگی کا بیان تھا کہ آپ نے اپنے رب کریم کے نام کو بلند کرنے کے لیے، اس کے پیغام کو عام کرنے کے لیے، کن کن مشکلات کا مسکراتے ہوئے مقابلہ کیا، ساری قوم کی دشمنی مول لی، حکومت کی نگاہوں میں معتوب بلکہ باغی قرار پائے، آگ میں پھینکے گئے اور آخر کار اپنے وطن کو بھی چھوڑ دیا۔ شان بندگی کے ذکر کے بعد اب ارحم الراحمین اپنی شان بندہ نوازی کا ذکر فرما رہے ہیں کہ جب ابراہیمؑ نے مجبور و ضعیف ہونے کے باوجود اپنی بندگی کا ایسا شاندار مظاہرہ کیا تو ہم جو قادر و توانا بھی ہیں اور غنی و کریم بھی ہم نے اس کے ساتھ کیا برتاؤ کیا۔ فرمایا ہم نے اسے اسحٰق جیسا فرزند اور یعقوب جیسا پوتا مرحمت فرمایا پھر ان کی اولاد میں نبوت کا سلسلہ جاری کیا بڑے بڑے نامی گرامی عظیم المرتبت رسول و نبی پیدا ہوئے یوسف، موسیٰ، داؤد، سلیمان علیہم السلام کی عظمت کا کسے علم نہیں۔ یہ سب ابراہیمی شجر کے تابندہ موتی ہیں۔ اور سب سے بڑا احسان اور انعام یہ بخشا کہ سید الاولین والآخرین خاتم الانبیاء والمرسلین محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو بھی ان کی ذریت طاہرہ سے پیدا کیا۔ اور ان تمام انبیاء کو ایسی کتابیں اور صحیفے عطا کیے جو رحمت و ہدایت کو اپنے اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہیں۔

أَجْرَهُ فِي الدُّنْيَا ۚ وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِينَ ﴿۲۷﴾

کا اجر اس دنیا میں ۱۵۵ اور بلاشبہ وہ آخرت میں صالحین (کے زمرہ) میں ہوں گے۔

وَلُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ إِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ ۫ مَا

اور ہم نے لوط کو رسول بنا کر بھیجا جب انھوں نے اپنی قوم سے کہا تم ایسی بے حیائی کا ارتکاب کرتے ہو کہ نہیں پہل کی

۱۵۵ سلسلۂ نبوت کو ماننے والی جتنی قومیں اس سطح زمین پر بستی ہیں خواہ آپس میں ان کے سنگین اختلافات ہوں لیکن وہ سب دل سے حضرت خلیل کا احترام کرتی ہیں۔ بلکہ اپنی اس نسبت پر فخر کرتی ہیں۔ پھر زمزم کو مین کی صدر نشینی کی عزت جب سے نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کرارزانی ہوئی ہے عظمت ابراہیمی کو چار چاند لگ گئے ہیں۔ ان کے اس دین کا احیاء ہوا جس کو آپ کے ماننے والوں اور آپ کے ہم قوموں نے فراموش بلکہ مسخ کر رکھ دیا تھا۔ آپ کا بنایا ہوا کعبہ پھر آباد ہوا حرم کی اداس فضا نغمہائے توحید سے پھر گونجنے لگی۔ جہاں بھی اسلام کا کوئی فرزند موجود ہے اس کی زبان خلیل اور آل خلیل پر درود و سلام کے تحائف بھیجتی ہی رہتی ہے۔ بلکہ نماز ختم کرنے سے پہلے ہر مسلمان اپنے نبی مکرم اور آپ کی آل محترم پر درود و سلام پڑھنے کے ساتھ ساتھ وہ حضرت ابراہیم اور آل ابراہیم پر درود و سلام پڑھتا ہے۔ دنیا کے کسی دولتمند کسی شہنشاہ اعظم، کسی فاتح عالم کو کیا عزت و احترام نصیب ہوا ہوگا جو بارگاہ رب العزت سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو عنایت ہوا۔ یہ انعام تو وہ ہے جو اس دنیا میں آپ کو مرحمت فرمایا گیا اور آخرت میں جو ملنے والا ہے اس کا تو تصور کرنا بھی ہمارے لیے ممکن نہیں۔

وہ تھی شان بندگی اور یہ ہے شان بندہ نوازی۔ دونوں کا حسن اور دونوں کا بانکپن اہل دل کے لیے حشر بپا کر رہا ہے۔ فقط یہاں ہی نہیں جہاں بھی بندے نے اپنی بندگی کا حق ادا کرنے کی کوشش کی اس کے معبود برحق نے اپنی شان بندہ نوازی کے پھول نچھاور کرنے میں پوری فیاضی دکھائی ؎

چوں تمام افتد سراپا ناز میگردد نیاز ۔۔۔ قیس را لیلیٰ ہمے نامند در صحرائے ما

ہمیں اپنے محبوب نے جس خدا کی وحدانیت کا طوق زیب گلو کرنے کی دعوت دی، جس کی کبریائی اور عظمت کے گیت گانے کا حکم دیا وہ تو یہ خدا ہے جس کی شان بندہ نوازی کا یہ عالم ہے جو تشنہ لب آیا سیراب کر دیا گیا۔ جو خالی دامن حاضر ہوا مالامال ہو کر لوٹا۔ اور جس نے اس کی محبت کا جام ہونٹوں سے لگایا اس کے لیے حریم ناز کے دروازے کھول دیئے گئے۔ اور اس کی چشم مشتاق اور دل بے تاب کو اس کی استعداد اور ہمت کے مطابق اپنے جلووں کا دیدار کرا دیا۔ ہم تو ایسے خدا کے بندے ہیں۔

سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ أَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٨﴾ أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُوْنَ

تم سے اس (بے حیائی) کی طرف کسی قوم نے دنیا بھر میں ۳۲ کیا تم بدفعلی کرتے ہو مردوں

الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ وَتَأْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ

کے ساتھ اور ڈاکے ڈالتے ہو عام راستوں پر۔ اور اپنی کھلی مجلسوں میں گناہ کرتے

الْمُنْكَرَ ۗ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ إِلَّآ أَنْ قَالُوا ائْتِنَا

ہو ۳۳ تو نہیں تھا کوئی جواب آپ کی قوم کے پاس بجز اس کے کہ انھوں نے کہا اے لوط! لے آؤ ہم پر

بِعَذَابِ اللّٰهِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٢٩﴾ قَالَ رَبِّ

اللہ کا عذاب ۳۴ اگر تم (اپنے دعویٰ میں) سچے ہو۔ آپ نے عرض کی میرے مالک!

۳۲ حضرت لوط علیہ السلام کو جس نابکار اور ذلیل قوم سے واسطہ پڑا وہ صرف بدکار اور فاسق و فاجر ہی نہ تھے بلکہ فسق و فجور کی گھناؤنی صورتوں کے موجد بھی تھے۔ گناہ کی جس پستی میں ان کے پیش رووں کو جھانکنے کی ہمت بھی نہ ہوئی تھی وہ ان پستیوں میں بھی گر چکے تھے۔ خلاف وضع فطرت کام کیا کرتے، وہ بھی پس پردہ اور چھپ کر نہیں بلکہ برسر مجلس، دن کی روشنی میں اور تمام حاضرین کی آنکھوں کے سامنے۔ اس کے علاوہ راہزنی اور قزاقی بھی ان کا پیشہ تھا۔ راستہ میں اگر کوئی مسافر مل گیا اسے لوٹ لیا، اس کے کپڑے تک بھی اتار لیے۔ اگر کوئی مہمان ان کے ہاں آکر ٹھیرتا تو صبح کو اس کا سامان گم ہو چکا ہوتا۔ مہمان کی جوتیاں تک چرانا بھی ان کے نزدیک معیوب نہ تھا۔

۳۳ نادی کا معنی ہے محفل مجلس یعنی جس چیز کا نام شرم و حیا ہے وہ عرصہ سے ان کے ہاں سے رخصت ہو چکی تھی۔ بلکہ انھوں نے خود اسے دھکے مار مار کر اپنے ہاں سے نکال دیا تھا۔ فحش گفتگو، قماربازی، راہگیروں سے ٹھٹھا مذاق، ان پر کنکریاں پھینکنا اور پھر ہنستے ہنستے لوٹ پوٹ ہو جانا غرضیکہ ہر گھٹیا سے گھٹیا اور کمینہ سے کمینہ فعل وہ اپنی بیٹھکوں اور عام محفلوں میں کرتے اور اس پر اتراتے اور فخر کرتے۔

۳۴ حضرت لوط علیہ السلام نے ان کو ان پستیوں سے نکالنے کے لیے بڑے جتن کیے۔ انھیں ہر طرح سمجھایا۔ انھیں انسانیت کا واسطہ دیا۔ آخر انھیں عذاب الٰہی سے ڈرایا لیکن سب بے سود کیونکہ انھیں یقین تھا کہ لوط خشک ملا ہے سب کچھ اپنی طرف سے کہہ رہا ہے۔ قیامت نہ اب تک آئی ہے اور نہ آئندہ آئے گی۔ اس لیے انھوں نے آپ کو چیلنج دے دیا کہ تم ہم پر یونہی رعب گانٹھ رہے ہو اگر تمھاری ان دھمکیوں میں کچھ سچائی ہے تو انتظار کیوں کر رہے ہو لے آؤ اس

۳ ع ۸ ۵

انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۳۰﴾ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ

مدد فرما میری ان فسادی لوگوں کے مقابلہ میں ۳۵؎ اور جب آئے ہمارے فرشتے

اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ۚ

ابراہیم کے پاس خوشخبری لے کر۔ انھوں نے بتایا کہ ہم ہلاک کرنے والے ہیں۔ اس گاؤں کے باشندوں کو

اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ ۚۖ قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ۭ قَالُوْا

بیشک یہاں کے رہنے والے بڑے ظالم تھے ۳۶؎ آپ نے کہا اس میں تو لوط بھی رہتا ہے۔ فرشتوں نے عرض

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا ۤ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۤ

کی ہم خوب جانتے ہیں جو وہاں رہتے ہیں۔ ہم ضرور بچالیں گے اسے اور اس کے گھر والوں کو سوائے اس کی عورت کے۔ وہ

كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَلَمَّآ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ

پیچھے رہ جانے والوں سے ہے۔ اور جب آئے ہمارے فرشتے لوط (علیہ السلام) کے پاس تو بڑے غمزدہ

بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ ۣ

ہوئے ان کی آمد سے اور دل تنگ ہوئے اور (انھیں پریشان دیکھ کر فرشتوں نے کہا نہ خوفزدہ ہو اور نہ رنجیدہ خاطر

عذاب کو جس کے بار بار کے ذکر سے تو نے ہمارا ناک میں دم کیا ہوا ہے۔

۳۵؎ آخر ان کے مظالم سے تنگ آکر اور ان کی اصلاح سے مایوس ہو کر آپ نے بارگاہِ الٰہی میں یہ دعا کی۔

۳۶؎ فرشتے جب بیٹے کی بشارت دینے کے لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئے تو انھوں نے قوم لوط کو برباد کرنے کے الٰہی فیصلے سے آپ کو آگاہ کیا۔ آپ نے فرمایا وہاں تو اللہ تعالیٰ کا نبی لوط بھی ہے۔ انھوں نے عرض کی ہمیں خوب معلوم ہے اس پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی۔ اس کو اور اس کے خاندان کو بچالیا جائے گا لیکن اس کی بیوی کو نہیں بچایا جائے گا۔ چنانچہ علاقہ سدوم پر پتھراؤ کیا گیا اور ان کی ساری بستیاں تہ و بالا کر دی گئیں۔ فرشتوں کی آمد پر حضرت لوط کی پریشانی کا مفصل ذکر سورۂ ہود اور الحجر میں گزر چکا ہے ملاحظہ فرمائیے۔

إِنَّا مُنَجُّوكَ وَأَهْلَكَ إِلَّا امْرَأَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِينَ ﴿٣٣﴾

ہم نجات دینے والے ہیں تجھے اور تیرے کنبہ کو سوائے تمہاری بیوی کے، وہ پیچھے رہ جانے والوں میں ہے۔

إِنَّا مُنْزِلُونَ عَلٰٓى أَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ

بیشک ہم اتارنے والے ہیں اس بستی کے باشندوں پر عذاب آسمان سے اس وجہ سے

بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ﴿٣٤﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ

کہ وہ نافرمانیاں کیا کرتے تھے۔ اور بے شک ہم نے باقی رہنے دیئے اس بستی کے کچھ واضح آثار ان لوگوں (کی

يَّعْقِلُونَ ﴿٣٥﴾ وَإِلٰى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۙ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا

عبرت) کے لیے جو عقلمند ہیں۔ اور (ہم نے بھیجا) مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو [٣٨] آپ نے کہا اے

اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٣٦﴾

میری قوم! عبادت کرو اللہ تعالیٰ کی اور امید رکھو پیچھے آنے والے دن کی اور ملک میں فتنہ و فساد برپا نہ کرو۔

فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِى دَارِهِمْ جٰثِمِينَ ﴿٣٧﴾

پھر انھوں نے آپ کو جھٹلایا تو آ لیا انھیں زلزلہ (کے جھٹکوں) نے پس صبح ہوئی تو وہ اپنے گھروں میں گھٹنوں کے بل گرے پڑے تھے

وَعَادًا وَّثَمُودَا۠ وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۣ وَزَيَّنَ لَهُمُ

اور (ہم نے برباد کیا) عاد اور ثمود کو۔ اور واضح ہیں تمہارے لیے ان کے مکانات۔ اور آراستہ کر دیا تھا ان کے لیے

الشَّيْطٰنُ أَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيلِ وَكَانُوا مُسْتَبْصِرِينَ ﴿٣٨﴾

شیطان نے ان کے (برے) عملوں کو اور روک لیا انھیں راہ (راست) سے حالانکہ وہ اچھے بھلے سمجھدار تھے [٣٩]

[٣٨] اہل مدین کی طرف حضرت شعیب کو مبعوث فرمایا گیا۔ آپ نے بھی اپنے پیغمبرانہ فرائض کو بڑی دلسوزی، اخلاص اور کوشش سے ادا کیا لیکن اہل مدین اپنی گمراہی پر اڑے رہے۔ انجام کار انھیں بھی اپنے کیے کی سزا مل گئی۔ سورۃ الاعراف

وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ ۟ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ

اور (ہم نے ہلاک کر دیا) قارون، فرعون اور ہامان کو۔ اور بلاشبہ تشریف لائے ان کے پاس موسیٰ روشن دلیلوں کے ساتھ

فَاسْتَكْبَرُوْا فِى الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ۝۳۹ فَكُلًّا اَخَذْنَا

پھر بھی وہ غرور و تکبر کرتے رہے زمین میں اور وہ (ہم سے) آگے بڑھ جانیوالے نہ تھے پس ہر (سرکش) کو ہم نے پکڑا

بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ

اس کے گناہ کے باعث۔ پس ان میں سے بعض پر ہم نے برسائے پتھر ۳۹ اور ان میں سے بعض کو آ لیا

اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ

شدید کڑک نے اور بعض کو ہم نے غرق کر دیا زمین میں۔ اور بعض کو ہم نے

مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

(دریا میں) ڈبو دیا۔ اور اللہ تعالیٰ کا یہ طریقہ نہیں کہ وہ ان پر ظلم کرے بلکہ وہ اپنی جانوں پر ظلم ڈھاتے

يَظْلِمُوْنَ ۝۴۰ مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ

رہے تھے۔ ان نادانوں کی مثال جنھوں نے بنا لیے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اور دوست، مکڑی کی سی ہے کہ

اور سورۃ ہود میں ان کا تذکرہ تفصیلاً بیان ہوا ہے۔ ملاحظہ فرمایا جائے۔

۳۸ شیطان نے ان کو بھی راہ راست پر نہ آنے دیا۔ وہ حق کو اچھی طرح پہچان لینے کے بعد بھی اس کو قبول کرنے پر آمادہ نہ ہوتے جیسا کہ مُسْتَبْصِرِيْنَ کے لفظ سے واضح ہے۔ مستبصرین: قد عرفوا الحق من الباطل بظهور البراهين (قرطبی) یعنی واضح اور روشن دلائل کی وجہ سے انھوں نے حق کو خوب پہچان لیا تھا۔

۳۹ حق سے دانستہ اعراض کرنے والی اور باطل پر جمے رہنے والی ہر قوم کو ہم نے تباہ و برباد کر دیا۔ حاصب اس تیز ہوا کو کہتے ہیں جو اپنے ساتھ پتھر، روڑے اور کنکریاں اڑا کر لے آتے۔ اب ہر قسم کے عذاب پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ حاصب: ریح یأتی بالحصباء وهی الحصى الصغار وتستعمل فی کل عذاب (قرطبی)۔

۴۰ پہلے مختلف اقوام کی اعتقادی اور عملی خرابیوں کا ذکر ہوا جس کے تجزیہ اور مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ انکی اخلاقی

الْعَنْكَبُوتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۖ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ

اس نے (جالے کا) گھر بنایا۔ اور (تم سب جانتے ہو) کہ تمام گھروں سے کمزور ترین مکڑی کا

الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ

گھر ہوا کرتا ہے۔ کاش! وہ بھی اس (حقیقت) کو جانتے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ جانتا ہے جس چیز کو وہ پوجتے ہیں

دُوْنِهٖ مِنْ شَیْءٍ ۖ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴۲﴾ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ

اس کو چھوڑ کر اور وہی سب پر غالب حکمت والا ہے۔ اور یہ مثالیں ہیں

نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَاۤ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ

ہم بیان کرتے ہیں انھیں لوگوں (کو سمجھانے) کے لیے اور نہیں سمجھتے انھیں مگر اہل علم۔ پیدا فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے آسمانوں

وقف لازم

بے راہروی اور دیگر بدکاریوں کا سبب ان کے عقیدہ کی خرابی تھی۔ نہ انھیں خداوند کریم کی توحید پر ایمان تھا اور نہ روز قیامت پر یقین تھا اس لیے وہ بڑے مزے سے حیوانی زندگی گزار رہے تھے۔ وہ بسا اوقات ان پستیوں میں گرنے میں بھی کوئی باک محسوس نہیں کرتے تھے جہاں قدم رکھتے ہوئے حیوانوں پر بھی کپکپی طاری ہو جاتی ہے۔ انھوں نے اپنے بتوں کو معبود بنا رکھا تھا جن کی طرف سے کوئی اخلاقی پابندی عائد نہیں کی جاتی تھی۔ کسی چیز کے کرنے اور کسی سے باز آنے کا کوئی حکم صادر نہیں ہوتا تھا۔ ان کے زعم باطل میں ان کے ان معبودوں کا یہ کام تھا کہ وہ انھیں مصیبتوں سے چھڑائیں اور ان کی دولت و عزت میں اضافہ کرتے چلے جائیں۔ لیکن جب بھی اللہ نے ان کی نافرمانیوں کے باعث ان پر عذاب نازل کیا تو یہ بت ان کے کسی کام نہ آسکے۔ اس حقیقت کو جو سابقہ آیات میں تفصیل سے بیان کی گئی ہے یہاں بڑے اختصار سے اور بڑے دل نشین انداز میں ذکر کیا جا رہا ہے۔ ارشاد فرمایا وہ بدبخت جو اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر دوسرے معبودوں کو اپنا سرپرست اور دوست سمجھتے ہیں اور ان سے یہ اُمیدیں وابستہ کیے بیٹھے ہیں کہ جب ان پر کوئی اُفتاد پڑے گی تو وہ آکر انھیں بچالیں گے۔ فرمایا ان کی یہ توقعات مکڑی کے جالے سے بھی زیادہ کمزور ہیں۔ مکڑی کا جالا تو ہوا کے ایک جھونکے کی تاب نہیں لاسکتا چہ جائیکہ عذاب الٰہی کے طوفانوں کے سامنے ٹھیر سکے۔ اللہ تعالیٰ سے تعلق توڑ کر غیروں کے ساتھ تعلق قائم کرنے والے اور ان پر بھروسہ کرنے والے ایسے ہی ہیں جیسے وہ نادان جو مکڑی کے جالے پر اپنی اُمیدوں کے محلات تعمیر کرنا چاہتے ہیں۔

حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کا یہ ارشاد بھی سن لیجئے "طھروا بیوتکم من نسج العنکبوت فان ترکہ فی البیت یورث الفقر (قرطبی)۔ گھروں کو مکڑی کے جالوں سے صاف رکھا کرو کیونکہ مکڑی کے جالوں کا گھر میں ہونا افلاس کا باعث ہے۔

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۴۴﴾ ع

اور زمین کو حق کے ساتھ ۔ بیشک اس میں (اس کی قدرت کی) نشانی ہے ایمان والوں کے لیے ۔ ۴۱

اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ

آپ تلاوت کیجیے اس کتاب کی جو وحی کی گئی ہے آپکی طرف ۴۲ اور نماز صحیح ادا کیجیے ۴۳ بے شک نماز

۴۱ ان معبودانِ باطل کی ناتوانی اور کمزوری سے اللہ تعالیٰ خوب آگاہ ہے لیکن اللہ تعالیٰ کی ذاتِ اقدس تو وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو ایسی حکمت سے پیدا فرمایا کہ اگر ان میں بال برابر رد و بدل کر دیا جائے تو سارا نظامِ عالم درہم برہم ہو جائے۔ اُس نے ان کو پیدا فرمانے کے بعد نظر انداز نہیں کر دیا بلکہ اپنی قدرت اور اپنے علم سے اس کی تدبیر بھی فرما رہا ہے اہل ایمان کے لیے اس میں اس کی قدرت و حکمت کی بڑی نشانیاں ہیں۔

مظاہرِ فطرت میں جو قوتیں پنہاں ہیں جو اثرات مخفی ہیں جس پیچیدہ اور نازک نظام کے ماتحت باقاعدگی سے اپنا طبعی فریضہ انجام دے رہے ہیں ان سے نقاب اٹھانا بندۂ مومن کا کام تھا اور ہر مناسب موقع پر قرآنِ کریم نے مومن کے اس فرض اولین کی طرف بڑے معنی خیز اشارے فرمائے ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ بندۂ مومن آج اپنے فرض سے یکسر غافل ہے۔ ان نوجوانانِ ملت کے دل میں کبھی بھولے سے بھی اس فرض کی اہمیت کا احساس پیدا نہیں ہوا۔ ان کے سامنے تحصیلِ علم کا مقصد اور سائنسی علم میں ڈگریوں کا حصول اس لیے نہیں کہ ان کے دل میں تحقیق کے ارمان مچل رہے ہیں اور وہ قرآن کریم کے ارشادات کے مطابق تسخیرِ کائنات کے میدان میں سب سے پہلے اپنی کامیابی اور اولوالعزمی کا پرچم لہرانا چاہتے ہیں بلکہ وہ ان ڈگریوں کے ذریعہ فقط اعلیٰ ملازمتوں کے خواہش مند ہیں جہاں تنخواہ بہت زیادہ ہو اور کام کچھ بھی نہ ہو جہاں آسائشیں تمام میسر ہوں لیکن عرق ریزی اور جانفشانی کا موقعہ شاذ و نادر ہی پیش آئے ؎

وائے ناکامی متاعِ کارواں جاتا رہا کارواں کے دل سے احساسِ زیاں جاتا رہا

الٰہی! وہ صبحِ سعید کب طلوع ہوگی جب بندۂ مومن کی بے خبری اور بے حسی کا طلسم ٹوٹے گا، وہ کب خود آشنا ہوگا۔ وہ کب تیری مخلوقات کے آئینوں میں تیرے حسن کے چمکتے ہوئے جلووں کی طرف لوگوں کی توجہ مبذول کرائے گا۔ ربِّ کریم امم پر کرم فرما اور ہمیں ؎

تڑپنے پھڑکنے کی توفیق دے دلِ مرتضیٰ سوزِ صدیق دے

۴۲ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اور حضور کے ذریعہ آپ کی ساری امت کو یہاں دو باتوں کا حکم دے رہا ہے۔ پہلا حکم ہے تلاوتِ قرآن اور دوسرا اقامتِ صلوٰۃ۔ تلاوتِ قرآن کے روحانی، اخلاقی، اصلاحی پھر لازمی اور متعدی اتنے فوائد و برکات ہیں جن کا حصر ممکن نہیں۔ جب انسان اللہ تعالیٰ کا کلام پڑھتا ہے تو اس پر انوار و

تجلیات کی بارش ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی خصوصی توجہ اس کی طرف مبذول ہوتی ہے۔ اس کے دل کا زنگار صاف ہوتا ہے، اس کی کسل مندی دُور ہوتی ہے۔ وہ ایک نئی تازگی اور شگفتگی محسوس کرنے لگتا ہے۔ یہ ایسی واضح کیفیت ہے جس سے قرآن کریم کا ہر پڑھنے والا اپنی صلاحیت اور اپنے ظرف کے مطابق سرشار ہوتا ہے۔

جب وہ قرآن کریم میں انبیاء کرام اور مومنین کاملین کی زندگیوں کا مطالعہ کرتا ہے، ان کی عالی ظرفی، بلند حوصلگی، بیگانوں کے لیے ان کے جذبۂ خیر خواہی کو دیکھتا ہے، مسرت و کامیابی کے لمحوں میں ان کا اندازِ تشکر اور ان کی بے مثال تواضع و انکساری، مصائب و شدائد کے ہجوم میں ان کا صبر اور صبر میں مسرت و لذت کے احساسات سے وہ آگاہ ہوتا ہے اور پھر ان کے مبارک انجام سے واقف ہوتا ہے تو اس کے دل میں بھی اس راہ پر چلنے کا شوق اور ولولہ پیدا ہوتا ہے جس راہ پر چلنے والوں کی آبلہ پائی کے طفیل انسانیت کا سرِ افتخار بلند ہے۔ جن کے زخموں سے اُبلتے ہوئے خونِ ناب نے اخلاقِ عالیہ اور اعمالِ صالحہ کے حسن کو دل فریبیاں اور رعنائیاں بخشی ہیں ان کے مقابلہ میں جب وہ سرکشوں اور منکروں کی گھناؤنی زندگی کا جائزہ لیتا ہے، پھر انھیں اپنے گناہوں کے سیلاب میں حقیر تنکوں کی طرح بہتا ہوا دیکھتا ہے تو اسے دُنیا کی بے ثباتی اور زندگی کے اس جاہ و جلال کا کھوکھلا پن صاف دکھائی دینے لگتا ہے اور وہ حتی المقدور کوشش کرتا ہے کہ ایسے لوگوں کی راہ اختیار نہ کرے جو خود بھی برباد ہوئے اور اپنی قوموں کا بیڑا بھی غرق کر دیا۔ اسی قرآن کے صفحات کا مطالعہ کرتے وقت قرآن کا پیش کردہ دستورِ حیات اس کے دامنِ دل کو اپنی طرف کھینچتا ہے اور اسے مجبور کرتا ہے کہ وہ اپنے اعمال و اطوار کو اس دستورِ حیات کے سانچے میں ڈھال لے۔ یُوں قرآن کے چشمہ سے جب وہ سیراب ہو کر اٹھتا ہے تو انسانِ کامل بن کر دنیا کے سامنے پیش ہوتا ہے اور اپنی خیرات و برکات سے اپنوں اور بیگانوں کو بلا استثناء مستفید کرتا ہے۔

لیکن ان برکات سے صرف وہی فیضیاب ہو سکتا ہے جو قرآن کو کلامِ الٰہی یقین کرتا ہے جو اس کو اس نیت سے پڑھتا ہے کہ وہ اس سے ہدایت کی روشنی حاصل کرے گا اور اس کے بتائے ہوئے راستے پر چلنے میں کسی تذبذب کا مظاہرہ نہیں کرے گا کیونکہ قرآن کی تلاوت ان فوائد کی حامل تھی اس لیے اسے پڑھنے اور بار بار پڑھنے کی طرف اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو متوجہ فرمایا۔

۳۶ دوسرا حکم ہے کہ نماز قائم کرو۔ پھر فرمایا نماز بے حیائی اور بُرے کاموں سے روکتی ہے۔ اس پر کئی صاحبان یہ اعتراض کرتے ہیں کہ ہم نے کئی نمازیوں کو دیکھا ہے کہ ساری عمر نماز پڑھتے پڑھتے گزر گئی لیکن وہ جھوٹ بولتے ہیں، چور بازاری سے وہ باز نہیں آتے۔ کم تولنے اور کم ماپنے سے انھیں احتراز نہیں تو ہم کیسے یہ تسلیم کریں کہ نماز کے متعلق قرآن کا یہ ارشاد مبنی برحقیقت ہے۔ ان کی خدمت میں بصد ادب یہی گزارش کی جائے گی کہ آپ نے یہ اعتراض کرنے میں بڑی جلد بازی سے کام لیا ہے اور قرآن کے کلمات میں غور کرنے کی زحمت گوارا نہیں کی۔ قرآن کریم نے نماز پڑھنے کا حکم نہیں دیا بلکہ نماز قائم کرنے کا حکم دیا ہے جس کا معنی ہے اقامة الشئ : توفية حقه (مفردات)

یعنی نماز کو اس کے تمام ظاہری اور باطنی حقوق کے ساتھ ادا کرو۔ نماز کے ظاہری حقوق تو یہ ہیں کہ سُنّتِ نبوی کے مطابق تمام ارکان بجا لائے جائیں اور باطنی حقوق یہ ہیں کہ تو سراپا عجز و نیاز بنا ہوا ہو۔ احسان کی کیفیت تجھ پر طاری ہو۔ یعنی

تو محسوس کر رہا ہو کہ کانک تراہ گویا تو اپنے رب کریم کو دیکھ رہا ہے ورنہ کم از کم اتنا تو ضرور ہو کہ فانہ یراک: تیرا رب کریم تجھے دیکھ رہا ہے۔ اس ذوق و شوق اور خضوع و خشوع سے ادا کی ہوئی نماز ہی وہ نماز ہے جو دین کا ستون اور مومن کی معراج ہے یہی وہ نماز ہے جو گناہوں کے قریب نہیں جانے دیتی اور بے حیائیوں اور بدکاریوں سے روکتی ہی نہیں بلکہ متنفر کر دیتی ہے۔ مومن کی ساری خوشیاں اور مسرتیں انھیں چند لمحوں میں سمٹ کر رہ جاتی ہیں جب وہ سراپا نیاز بن کر اللہ تعالیٰ کے حضور میں حاضر ہوتا ہے اور دل و زبان سے اس کی تعریف و ثنا کرتا ہے۔ وہ عذاب سے ڈر کر وہاں حاضری لگوانے کے لیے نہیں جاتا بلکہ اس کا قلب ناصبور اس کی روح بیتاب کشاں کشاں اسے کوئے محبوب کی طرف لے جاتی ہے۔

وہ نماز جس کا آغاز بھی غفلت سے ہو اور جس کی انتہا بھی غفلت سے ہو اور ان کے مابین بھی بے خبری کی حالت طاری رہی ہو اسے پتہ ہی نہ ہو کہ وہ کہاں ہے اور کس کے آگے کھڑا ہے تو اس نے نماز پڑھی سہی لیکن اس نے نماز قائم تو نہ کی جس کا اسے حکم دیا گیا تھا۔ لیکن اس کے باوجود یہ نماز پڑھنا بھی اسے کبھی نہ کبھی اس کیف و مستی سے سرشار کر دے گا جو نماز قائم کرنے والوں کے لیے مخصوص ہے۔ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک نوجوان انصاری کی شکایت کی گئی کہ وہ نماز بھی پڑھتا ہے لیکن کسی گناہ سے بھی باز نہیں آتا لا یدع شیئا من الفواحش والسرقۃ الا رکبہ۔ تو حضور نے ارشاد فرمایا ان الصلوٰۃ ستنھاہ۔ یہ نماز ایک نہ ایک دن اسے ان برائیوں سے روک دے گی۔ چنانچہ چند ہی روز گزرے کہ اس کی حالت یکسر بدل گئی۔ اس نے تمام گناہوں سے سچے دل سے توبہ کر لی۔ یہ سن کر حضور نے فرمایا الم اقل لکم، کیا میں نے تمھیں کہا نہ تھا۔

اس لیے وہ صاحبان جو چند نماز پڑھنے والوں کو (نماز قائم کرنے والوں کو نہیں) بعض گناہوں میں مبتلا دیکھ کر نماز سے بیزار اور اس کی برکات کا انکار کر دیتے ہیں وہ یہ سمجھ لیں کہ ان گنہگاروں کے اصلاح پا جانے کا تو امکان ہے کیونکہ جس راہ پر وہ چل رہے ہیں وہ ان لوگوں کی راہ ہے جو صالح اور پارسا تھے۔ ہو سکتا ہے کہ کسی وقت اللہ تعالیٰ ان سست نہاد رہروؤں پر نظر رحمت فرما دے اور انھیں اپنی بارگاہ میں حاضری کی لذت سے آشنا کر دے کیونکہ ؎

مے شود از جبر پیدا اختیار

لیکن آپ لوگ تو اس راستہ سے ہی دور بھاگ رہے ہیں آپ نے بھی کبھی اپنے انجام پر غور کیا۔

بہر حال حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان غافل نمازیوں کو خواب غفلت سے بیدار کرنے کے لیے خوب جھنجھوڑا ہے۔ ارشاد گرامی ہے۔ من لم تنھہ صلاتہ عن الفحشاء والمنکر لم تزدہ من اللہ الا بعدا ولم یزد ذنبہا من اللہ الا مقتا۔ جس آدمی کو اس کی نماز بے حیائی اور برے کاموں سے نہیں روکتی۔ وہ نماز اسے خدا سے دور کر دے گی اور اللہ تعالیٰ کی رضا کا نہیں بلکہ ناراضگی کا باعث ہوگی۔

نیز آیت میں تو یہ فرمایا گیا ہے کہ نماز فحشاء اور منکر سے روکتی ہے۔ اور اس میں کیا شک ہے۔ لیکن ان امور سے رکنا یا نہ رکنا ہمارا کام ہے۔ نماز تو ہمارے قلب و روح کی تربیت کا زریں موقع فراہم کرتی ہے۔ دنیا کے جھمیلوں سے نکال کر احکم الحاکمین کی بارگاہ میں لے جا کر کھڑا کر دیتی ہے۔ اب بھی اگر کوئی طبیعت متاثر نہیں ہوتی اور اسے یہ خیال نہیں آتا کہ ظہر

تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

منع کرتی ہے بے حیائی اور گناہ سے ۔ اور واقعی اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت بڑا ہے ؂ اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے

مَا تَصْنَعُوْنَ ۝٤٥ وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ

جو تم کرتے ہو ۔ اور (اے مسلمانو!) بحث مباحثہ نہ کیا کرو اہل کتاب سے مگر شائستہ طریقہ

اَحْسَنُ ۖ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ

سے ؂ مگر وہ جنہوں نے ظلم کیا ان سے اور تم کہو ہم ایمان لاتے ہیں اس پر جو اتارا گیا

کے وقت تو مجھے اپنے رب کے حضور میں جاکر کھڑا ہونا ہے اگر میں نے اپنا دامن اس کی نافرمانی سے داغدار کر لیا تو میں کس منہ سے اس کے حضور میں حاضر ہوں گا۔ اس طرح تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد دربار الٰہی میں حاضری سے دل میں اطاعت و انقیاد کا جذبہ یقیناً پیدا ہو جاتا ہے اور اس کو گناہوں سے نفرت سی ہو جاتی ہے۔

؂ یعنی اللہ تعالیٰ کے ذکر سے بڑھ کر اور کوئی چیز نہیں جس کو یہ سعادت حاصل ہو گئی جس کو یہ نعمت بخش دی گئی گویا اس نے سب کچھ پا لیا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ایک روز تشریف لائے تو اپنے صحابہ کو حلقہ بنائے ہوئے ملاحظہ فرمایا۔ پوچھا کیوں اس طرح بیٹھے ہو۔ عرض کیا جلسنا نذکر اللہ ونحمدہ علی ما ھدانا للاسلام ومن بہ علینا: یا رسول اللہ! ہم اس لیے بیٹھے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کریں اور جو اس نے اسلام کی دولت سے ہمیں مالامال فرمایا ہے اس کے اس احسان پر اس کا شکریہ ادا کریں۔ حضور نے ارشاد فرمایا ان اللہ عزوجل یباھی بکم الملائکۃ (مظہری) اے اللہ کے ذکر و شکر کیلئے بیٹھنے والو! اللہ تعالیٰ تم پر فرشتوں سے فخر کر رہا ہے۔ بخاری شریف کی حدیث میں ہے اگر کوئی شخص یاد الٰہی میں مصروف رہنے والوں کے پاس آکر بیٹھ جائے اگرچہ وہ کسی دوسرے مقصد کے لیے آیا ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بھی بخش دیتا ہے اور فرماتا ہے لہ غفرت ھم القوم لایشقی بھم جلیسھم۔ میں نے ان کی محفل میں بیٹھنے والے کو بھی معاف کر دیا۔ میری یاد کرنے والے ایسے لوگ ہیں کہ ان کے پاس بیٹھنے والا بھی بدبخت نہیں رہتا۔

اس آیت کا یہ معنی بھی بیان کیا گیا ہے کہ جب بندہ اپنے رب کا ذکر کرتا ہے تو رب کریم بھی اپنے اس بندے کو یاد فرماتا ہے اور رب کریم کا اپنے مسکین بندے کو یاد فرمانا سب سے بڑا ذکر ہے ۔ ذکر اللہ ایاکم افضل من ذکرکم ایاہ۔ حضرت ابن عمر نے حضور علیہ السلام سے یہی معنی مرفوعاً نقل کیا ہے فرماتے ہیں عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم والمعنی انکم لا تقصروا فی ذکر اللہ فان ذکرکم ایاہ وبعضی الی ذکرہ ایاکم ولذکرہ ایاکم افضل من ذکرکم ایاہ (مظہری) یعنی ذکر الٰہی میں کوتاہی نہ کرو تم اس کو یاد کرو گے وہ تمہیں یاد کرے گا۔ اس کا تمہیں یاد کرنا تمہارے ذکر سے افضل ہے۔

؂ اہل کتاب کو جب سمجھانے لگو تو تمہارا اسلوب تبلیغ بڑا شائستہ اور پسندیدہ ہونا چاہیے۔ دلیل کی قوت اور

إِلَيْنَا وَأُنْزِلَ إِلَيْكُمْ وَإِلَٰهُنَا وَإِلَٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ ﴿٤٦﴾

ہماری طرف اور اُتارا گیا تمہاری طرف اور ہمارا خدا اور تمہارا خدا ایک ہی ہے اور ہم اسی کے سامنے گردن جھکانے والے ہیں ۶۷

وَكَذَٰلِكَ أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ ۚ فَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ

اور (اے حبیب!) اسی طرح ہم نے نازل کی آپ کی طرف کتاب۔ پس وہ جنہیں ہم نے دی تھی کتاب (تورات) وہ ایمان لاتے

يُؤْمِنُونَ بِهِ ۖ وَمِنْ هَٰؤُلَاءِ مَنْ يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَمَا يَجْحَدُ

ہیں قرآن پر۔ اور ان اہل مکہ سے بھی کئی لوگ ایمان لا رہے ہیں قرآن پر ۶۸ اور نہیں انکار کرتے ہماری

بِآيَاتِنَا إِلَّا الْكَافِرُونَ ﴿٤٧﴾ وَمَا كُنْتَ تَتْلُو مِنْ قَبْلِهِ مِنْ

آیتوں کا مگر کفار ۶۹ اور نہ آپ پڑھ سکتے تھے اس سے پہلے کوئی

بُرہان کی پختگی تو ہو لیکن اس میں خشونت اور سخت کلامی کی بُو نہ پائی جائے۔ اپنے عقائد کی حقانیت اور اپنے دین کی صداقت کا روشن بیان تو ہو لیکن اس میں ذاتی حملہ کا اثر نہ ہو۔

۶۷ حسنِ مجادلہ کا طریقہ بتایا جا رہا ہے کہ تم انہیں پہلے ہی بیگانہ اور مدِ مقابل حریف بنا کر خطاب نہ کرو بلکہ انہیں یوں کہو کہ تمہارے انبیاء کرام توحید کا جو دین لے کر آتے تھے ہمارے نبی مکرم بھی وہی دین لے کر آئے ہیں۔ تمہارے انبیاء نے بھی اسی وحدہ لاشریک کی عبادت کا حکم دیا۔ ہمارے نبی مکرم بھی یہی حکم دیتے ہیں۔ ہم صرف قرآن کریم کو ہی کلام الٰہی نہیں مانتے بلکہ تورات و انجیل کے متعلق بھی ہمارا یہی ایمان ہے۔ ہدایت کی جو شمع تمہارے انبیاء نے روشن کی ہم بھی اسی کو روشن رکھنا چاہتے ہیں۔ اس لیے ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی ایسی بات نہیں جو وجہ اختلاف اور باعثِ افتراق ہو۔ مرورِ وقت سے جو عمل اور عقیدے کی خرابیاں تمہارے ہاں رائج ہو چکی ہیں ان کی اصلاح کر لو پھر ہم سب ایک ہی ملت مسلمہ کے فرد بن جائیں گے۔

۶۸ جس طرح ہم نے پہلے انبیاء پر آسمانی صحیفے نازل کیے اسی طرح ہم نے آپ پر بھی قرآن حکیم اتارا۔ ان اہل کتاب میں ایسے سلیم الطبع لوگ بھی ہیں جنہوں نے جب قرآن مجید میں وہ نورِ ہدایت درخشاں دیکھا تو بلا تامل اس پر بھی ایمان لے آئے اور اہل مکہ سے بھی کئی لوگ کفر و شرک سے بیزار ہو کر دینِ اسلام میں داخل ہو گئے۔

۶۹ جن کے دلوں پر کفر کی سیاہی جم چکی ہے وہی اس کتاب پر ایمان نہیں لائیں گے ورنہ کوئی سلیم الفطرت انسان انکار کی جرأت نہیں کر سکتا۔

كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ۝۴۸ بَلْ

کتاب اور نہ ہی اسے لکھ سکتے تھے اپنے دائیں ہاتھ سے ف۴۷ (اگر آپ پڑھ سکتے) تو ضرور شک کرتے اہل باطل۔ بلکہ

هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ وَمَا يَجْحَدُ

وہ روشن آیتیں ہیں جو ان کے سینوں میں محفوظ ہیں جنھیں علم دیا گیا۔ اور ظالموں کے بغیر

بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ۝۴۹ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ

ہماری آیتوں کا کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ اور انھوں نے کہا کیوں نہ اتاری گئیں ان پر نشانیاں ان کے رب کی

رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۵۰

طرف سے۔ آپ فرمایئے نشانیاں تو اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہیں۔ اور میں تو صرف صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔

اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ

کیا انھیں یہ کافی نہیں کہ ہم نے آپ پر اتاری ہے کتاب جو انھیں پڑھ کر سنائی جاتی ہے۔ بے شک

فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝۵۱ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ ع ۷

اس میں رحمت اور نصیحت ہے مومنوں کے لیے ف۴۸ آپ فرمایئے کافی ہے اللہ تعالیٰ

ف۴۷ قرآن کریم کے کلام الٰہی ہونے کی ایک اور روشن دلیل پیش کی جا رہی ہے کہ اعلان نبوت سے پہلے کا چالیس سالہ دور آپ نے ان لوگوں کے سامنے گزارا ہے۔ ان سب کو اچھی طرح معلوم ہے کہ اس اثنا میں نہ آپ نے کبھی کسی کتاب کا مطالعہ کیا اور نہ کبھی کچھ لکھا۔ اگر آپ پہلے کتابوں کے مطالعہ میں مستغرق رہا کرتے اور لکھنے کا شغف ہوتا تو کوئی یہ شبہ کرنے میں حق بجانب ہو سکتا تھا کہ سب کچھ انھیں کتابوں سے اخذ کیا گیا ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان شکوک و شبہات سے پاک رکھا۔ اب کوئی یہ اعتراض نہیں کر سکتا کہ یہ آپ کا اپنا کلام ہے بلکہ یقیناً یہ کلام الٰہی ہے جو اس نے آپ پر اتارا ہے۔ صرف ظالم لوگ ہی اس درخشاں حقیقت کا انکار کر سکتے ہیں۔

ف۴۸ کس نشانی اور معجزہ کا مطالبہ کر رہے ہو کیا قرآن حکیم سے بڑھ کر بھی کوئی اور نشانی اور کوئی دوسرا معجزہ تمھیں درکار ہے۔ اگر اس سے تم نصیحت قبول نہیں کرتے اگر تمھیں یہ راہ راست پر نہیں لے جا سکتا تو پھر کسی اور معجزہ سے تمھارے ہدایت پا جانے کی کیا توقع!

بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

میرے اور تمہارے درمیان گواہ۔ وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے ۵۱

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۵۲

اور وہ لوگ جو ایمان لاتے ہیں باطل پر اور انکار کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کا۔ وہی لوگ گھاٹے میں ہیں۔

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ وَلَوْلَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ

وہ آپ سے جلدی عذاب نازل ہونے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ اور اگر میعاد مقرر نہ ہوتی تو آجاتا ان پر

الْعَذَابُ ؕ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝۵۳ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ

عذاب ۵۲ اور (اپنے وقت پر) وہ ان پر اچانک آئیگا اور انھیں ہوش تک نہ ہوگا۔ وہ آپ سے جلدی عذاب

بِالْعَذَابِ ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ ۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝۵۴ يَوْمَ يَغْشٰىهُمُ

لانے کا مطالبہ کرتے ہیں (ذرا سی دیر ہے) جہنم یقیناً گھیرے گا ان کافروں کو۔ جس دن ڈھانپ لیگا انھیں

الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا

عذاب ان کے اوپر سے اور ان کے پاؤں کے نیچے سے اور اللہ تعالیٰ فرمائے گا اب چکھو

ہونے کی کوئی امید ہی نہیں۔

۵۱ اے حبیب! آپ ان منکرین کو فرما دیجئے کہ مجھے اپنی صداقت کے ثبوت کے لیے نہ کسی دلیل کی ضرورت ہے اور نہ کسی معجزہ کی۔ میرے لیے یہی کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ میری صداقت اور میری رسالت کی گواہی دے رہا ہے وہ خدا جو ہر چیز کو جانتا ہے جس سے کوئی چیز مخفی نہیں۔ جب وہ یہ گواہی دے رہا ہے کہ میں اس کا سچا رسول ہوں تو اب ساری دنیا میرا انکار کرتی رہے اور میری تکذیب کرتی رہے مجھے اس کی ذرا پروا نہیں۔

۵۲ پہلی گمراہ قومیں بھی جب دلائل کے میدان میں شکست کھا جاتیں تو اپنا دل بہلانے کے لیے اپنے نبی کو کہتیں کہ ہم تیرے دین کو قبول نہیں کرتے۔ اگر تم سچے ہو تو ہم پر عذاب نازل کر دو یہی وطیرہ اہل مکہ کا ہے۔ وہ بھی کسی قیمت پر ایمان لانے کے لیے تیار نہیں۔ بلکہ کہہ رہے ہیں کہ ہم جو سالہا سال سے تمہاری دعوت کو ٹھکرا رہے ہیں اور تمہیں طرح طرح کی

مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٥﴾ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ

اپنے کرتوتوں کا مزہ ۵۳ اے میرے بندو! جو ایمان لے آئے ہو میری زمین بڑی

وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ﴿٥٦﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۣ قف

کشادہ ہے سو میری ہی تم عبادت کیا کرو ۵۴ ہر ایک موت کا مزہ چکھنے والا ہے ۵۵

ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

پھر ہماری طرف ہی تم لوٹائے جاؤ گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے،

تکلیفیں پہنچا رہے ہیں اگر تم سچے ہو تو ہم پر جلدی عذاب اتارنے کا بندوبست کیوں نہیں کرتے۔ فرمایا تمہارے عذاب کے لیے قدرت نے ایک وقت مقرر کر رکھا ہے۔ جب وہ وقت آجائے گا تو تمھیں خود ہی عذاب کی چکی میں پیس دیا جائیگا تمھیں خبر ہی نہ ہوگی اور تمھیں چشم زدن میں نیست و نابود کر دیا جائے گا۔

۵۳ اے حبیب! انھیں فرمائیے دوزخ میں آگ تمہارے لیے بھڑکائی جا رہی ہے تمھیں اس میں پھینکا جائے گا۔ تمہارے اوپر بھی تہ در تہ آگ ہوگی اور تمہارے نیچے بھی اس وقت تمھیں اپنی سرکشی کا لطف آجائے گا۔

۵۴ بے بس مسلمانوں پر مکہ کے شداد و فرعون ظلم کے ایسے ہتھوڑے چلاتے کہ پہاڑوں کے دل بھی لرز جاتے۔ ان اذیتوں سے ڈر کر بعض لوگ اپنے ایمان کو ظاہر نہیں کیا کرتے تھے۔ انھیں بتایا جا رہا ہے کہ اگر کوئی سرزمین ایسی ہو جہاں مومن اپنی مومنانہ زندگی کے تقاضوں کو پورا کرنے سے عاجز ہو، وہ اپنے رب کی عبادت نہ کر سکتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اپنے وطن کو چھوڑ کر کسی ایسی جگہ چلا جائے جہاں وہ بے خوف و خطر اللہ تعالیٰ کی یاد اور اس کی عبادت میں مصروف رہ سکے۔ اس کا یہ عذر ہرگز قابل قبول نہ ہوگا کہ میں دل سے تو اسلام کو سچا دین تسلیم کرتا تھا لیکن میرے شہر یا علاقہ کے حالات اس قدر ناموافق تھے کہ اگر میں اپنے قلبی ایمان کا اظہار کرتا تو مجھے جان سے مار ڈالا جاتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میری زمین بڑی فراخ ہے۔ یہاں نہیں تو وہاں چلے جاؤ جہاں تمھیں میری یاد سے روکنے والا کوئی نہ ہو۔

۵۵ یہ زندگی فانی ہے۔ ہر شخص نے ایک نہ ایک دن موت کا پیالہ ہونٹوں سے لگانا ہے اس وقت گھر بار بھی چھوٹ جائے گا۔ فرزند و زن دوست احباب بھی پیچھے رہ جائیں گے بجائے اس کے کہ مرتے وقت حالتِ اضطرار میں تم ان چیزوں کو چھوڑو کیا بہتر نہیں کہ اپنی مرضی اور اختیار سے اپنے معبودِ برحق کو راضی کرنے کے لیے ان سب علائق کو قطع کر دو۔ اگر ضروری ہو تو خوشی خوشی اپنے ہاتھوں سے محبت کی ان زنجیروں کو کاٹ دو۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے ؎

جاں بجاناں دہ وگرنہ از تو بستاند اجل     فیصلہ برگشت آے دل ایں کُنی یا آں کُنی

لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

انھیں ہم ٹھہرائیں گے جنت کے بالاخانوں میں ۹۵ رواں ہوں گی جن کے نیچے نہریں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝۵۸ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى

وہ وہاں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ کتنا عمدہ صلہ ہے نیک کام کرنے والوں کا۔ وہ جنھوں نے (ہر حال میں) صبر کیا اور (صرف)

رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝۵۹ وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ

اپنے رب پر بھروسہ کیے ہوتے ہیں۔ اور کتنے ہی زمین پر چلنے والے ہیں ۹۶ جو اٹھاتے نہیں پھرتے اپنا رزق۔

اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ ۖ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۶۰ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ

اللہ تعالیٰ رزق دیتا ہے انھیں بھی اور تمھیں بھی اور وہ سب باتیں سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے۔ اور (اے حبیب!) اگر آپ

مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

پوچھیں ان (مشرکوں) سے کہ کس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو اور کس نے فرمانبردار بنا دیا ہے سورج اور چاند کو تو

۹۵ غرفا غُرفۃ کی جمع ہے اس کا معنی بالاخانہ ہے۔ حضرت سیدنا علیؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریمؐ نے فرمایا ان فی الجنۃ لغرفا یری ظھورھا من بطونھا وبطونھا من ظھورھا یعنی جنت میں ایسے بالاخانے ہیں کہ ان کی دیواریں اتنی شفاف ہوں گی کہ نگاہ کے سامنے حجاب نہیں ہوگی۔ باہر والے لوگ اندر والوں کو اور اندر والے لوگ باہر والوں کو دیکھ سکیں گے۔ ایک اعرابی نے جب حضورؐ کا یہ ارشاد سنا تو کھڑا ہو کر عرض کرنے لگا یا رسول اللہ یہ کس کو ملیں گے۔ قال ھی لمن اطاب الکلام واطعم الطعام وادام الصیام وصلی للہ باللیل والناس نیام (ترمذی) حضورؐ نے فرمایا یہ ان لوگوں کو ملیں گے جن کی گفتگو پاکیزہ ہوتی ہے جو لوگوں کو کھانا کھلایا کرتے ہیں جو ہمیشہ روزہ رکھا کرتے ہیں اور آدھی رات کو اٹھ کر جب لوگ سوئے ہوں تو وہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں حاضر ہو کر نماز پڑھتے ہیں۔

۹۶ جب کفار مکہ نے مسلمانوں پر عرصۂ حیات تنگ کر دیا۔ ایمان کے بچانے کے لیے اب اس کے بغیر کوئی چارہ نہ رہا کہ مکہ کو چھوڑ کر کسی اور جگہ کو اپنا مسکن بنایا جائے جہاں ایمان کے ضائع ہونے کا اندیشہ نہ ہو۔ چنانچہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ماننے والوں کو ہجرت کر کے مدینہ طیبہ جانے کا حکم دیا تو بعض صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ! نہ وہاں ہمارا کوئی گھر ہے نہ کوئی پڑوسی نہ کوئی رشتہ دار۔ ہم جب لٹے پٹے وہاں جائیں گے تو ہمارے کھانے پینے کا انتظام کون کرے گا۔

لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٦١﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ

وہ ضرور کہیں گے، اللہ تعالیٰ نے، پھر وہ کہاں توحید سے پھیرے جاتے ہیں ف۹۸ اللہ تعالیٰ کشادہ کرتا ہے رزق کو جس کے لیے

يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٦٢﴾

چاہتا ہے اپنے بندوں سے اور تنگ کرتا ہے جس کے لیے چاہتا ہے۔ بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے ف۹۹

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ

اور اگر آپ پوچھیں ان سے کہ کس نے اُتارا آسمان سے پانی، پھر زندہ کر دیا اس کے ساتھ

انھیں اطمینان دلانے کے لیے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی کہ ذرا دیکھو یہ ان گنت قسم کے بے شمار جانور جو تمھیں ہر جگہ دکھائی دے رہے ہیں کیا انھوں نے اپنی پشت پر اپنی خوراک کے ذخیرے لادے ہوتے ہیں۔ اگر انھیں اللہ تعالیٰ وقت پر خوراک مہیا فرما دیتا ہے تو فکر نہ کرو وہ تمھیں فراموش نہیں کرے گا بلکہ وہ تمھارے کھانے پینے، رہائش وغیرہ کے جملہ انتظامات اپنی حکمت سے اس طرح کرے گا کہ تم حیران ہو کر رہ جاؤ گے۔ اس لیے اس چیز کے فکر میں خواہ مخواہ اپنے آپ کو پریشان نہ کرو جس کی ضمانت اللہ تعالیٰ نے دے رکھی ہے اور جو حکم تمھیں تمھارا آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیتا ہے بلا تامل اسے قبول کرو۔

ف۹۸ کفار کی زبان سے اللہ تعالیٰ کی توحید کا اعتراف کرایا جا رہا ہے پھر ان کی روشِ عمل پر اظہارِ تعجب کیا جا رہا ہے۔ یعنی اگر ان سے پوچھا جاتا ہے کہ آسمانوں اور زمین کا خالق کون ہے۔ سورج اور چاند کس کے حکم کے مطابق اپنے طبعی فرائض انجام دے رہے ہیں۔ کس کی بندگی کا طوق ان کے گلے میں آویزاں ہے تو کہتے ہیں کہ زمین و آسمان کا خالق بھی صرف اللہ تعالیٰ ہے اور سورج اور چاند بھی اسی کے حکم سے بے چون و چرا مصروفِ خدمت ہیں۔ اور ساتھ ہی اپنے بتوں کو بھی خدا مانتے ہیں ان کی عبادت کرتے ہیں۔ عجیب ہیں یہ لوگ کہ ایسی چیزوں کو اُلوہیت اور خدائی میں اللہ تعالیٰ کا شریک بناتے ہیں جن کا آفرینشِ عالم یا تدبیرِ عالم میں قطعاً کوئی حصہ نہیں۔ کسی راستے سے پھر جانے، کسی نظریہ سے رُوگردانی کرنے کو عربی میں افک کہتے ہیں۔ افك عن رأيه: قلب رأيه۔

ف۹۹ کفار مسلمانوں کو عار دلایا کرتے کہ تم کہتے ہو کہ تم خدائے برحق کے پرستار ہو جو ہر چیز کا مالک ہے۔ اگر تمہاری اس بات میں ذرا بھی صداقت ہوتی تو تمھاری خستہ حالی کا یہ عالم ہوتا۔ پاؤں میں جوتا نہیں۔ بدن پر چیتھڑے ہیں کھانے کو باسی روٹی کبھی کبھار میسر ہوتی ہے۔ کیا خدا کے ماننے والے ایسے ہوا کرتے ہیں۔ اس کا رد فرما دیا کہ دولت کی کثرت و قلت حق و باطل کی شناخت کا کوئی معیار نہیں۔ وہ اپنے بندوں کے حالات کو خود بہتر جانتا ہے۔ دولت کی تقسیم اس کی حکمت کے مطابق کی جاتی ہے۔ اور اس حکمت کو تم نہیں جان سکتے۔ وہی خوب جانتا ہے۔

مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ

زمین کو اس کے بنجر بن جانے کے بعد تو ضرور کہیں گے اللہ تعالیٰ نے ۶۰ آپ فرمائیے الحمد للہ (حق واضح ہو گیا) ۶۱

لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّ لَعِبٌ ؕ وَ

بلکہ ان میں سے اکثر لوگ نادان ہیں۔ اور نہیں یہ دُنیوی زندگی مگر لہو و لعب ۶۲ اور

اِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِىَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۴﴾ فَاِذَا

دارِ آخرت کی زندگی ہی حقیقی زندگی ہے (جسے موت نہیں) کاش! وہ اس حقیقت کو جانتے۔ پھر جب

رَكِبُوْا فِى الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰهُمْ

سوار ہوتے ہیں کشتی میں تو دعا مانگتے ہیں اللہ تعالیٰ سے خالص کرتے ہوئے اس کے لیے اپنے دین کو ۶۳ پھر جب

۶۰ پھر ان سے توحید کا اقرار کرایا جا رہا ہے۔

۶۱ جس توحید کا وہ انکار کیا کرتے تھے اسی کا اقرار اپنی زبان سے کر رہے ہیں۔ اس لیے اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حمد و شکر بجا لانے کا حکم فرما رہے ہیں کہ آپ کی دعوت کی صداقت اتنی عیاں ہے کہ دشمن بھی اسے ماننے پر مجبور ہو گیا۔ علی تصدیقك واظهار حجتك (مظہری)

۶۲ کفار اس دنیوی زندگی کی لذتوں پر فریفتہ تھے۔ اور آخرت کا کبھی انہیں خیال تک بھی نہ آتا تھا۔ انہیں حقیقت حال سے آگاہ کیا جا رہا ہے کہ یہ دُنیا اور اس کی زیب و زینت تو ایک کھیل تماشا سے زیادہ وقعت نہیں رکھتی۔ لمحہ بھر کے لیے تو بڑی رونق ہوتی ہے۔ تماشا دیکھنے والوں کے ٹھٹ کے ٹھٹ جمع ہو جاتے ہیں۔ لیکن ادھر کھیل ختم ہوا ادھر ہر کوئی اپنے اپنے گھر کو سدھار گیا۔ وہی میدان جہاں تل دھرنے کو جگہ نہ تھی وہاں اب خاک اڑنے لگتی ہے۔ کتنا نادان ہے جو یہ خیال کرتا ہے کہ یہ محفل یونہی جمی رہے گی۔ یہ تماشا یونہی جاری رہے گا۔ یہ قہقہے اسی طرح بلند ہوتے رہیں گے۔ بس بعینہ یہی مثال اس بزم ہستی کی ہے۔ مانا آج ہر طرف بڑی چہل پہل ہے، پھول کھل رہے ہیں، کلیاں مسکرا رہی ہیں۔ ہری ہری شاخوں پر بیٹھے ہوئے طیور نغمہ سنجی کر رہے ہیں لیکن ہمیشہ ایسا نہیں ہوتا رہے گا۔ اس لیے نادان نہ بنو اپنی اس ابدی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے فرصت کے ان لمحوں کو غنیمت جانو۔ تمہیں تو اپنی دانشمندی اور زیرکی پر بڑا ناز ہے تم اتنا بھی نہیں سوچتے کہ ابدی اور دائمی زندگی کو نظر انداز کر کے اس ناپائدار زندگی کی عشرتوں میں محو رہنا بڑے گھاٹے کا سودا ہے۔

۶۳ کفار کی ایک دوسری حماقت بلکہ زیادتی اور بے انصافی کا بیان ہو رہا ہے کہ یہ بھی عجیب لوگ ہیں جب یہ

ربع ۲

وقف لازم

اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۵﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ وَ لِيَتَمَتَّعُوْا

سلامتی سے پہنچاتا ہے انھیں خشکی پر تو اس وقت وہ شرک کرنے لگتے ہیں۔ وہ ناشکری کریں جو نعمت ہم نے انھیں دی ہے ۶۴ اور لطف

فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ اَوَ لَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّ يُتَخَطَّفُ

اٹھالیں (اس سے) وہ عنقریب جان لیں گے (حقیقت کو) کیا انھوں نے (غور سے) نہیں دیکھا کہ ہم نے بنا دیا ہے حرم کو امن والا حالانکہ اچک لیا

النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَ بِنِعْمَةِ اللّٰهِ

جاتا ہے لوگوں کو ان کے آس پاس سے ۶۵ کیا وہ باطل پر ایمان لاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری کرتے ہیں

کشتیوں پر سوار ہو کر سمندری سفر پر روانہ ہوتے ہیں اور راستہ میں کوئی طوفان انھیں گھیر لیتا ہے۔ کشتی ہچکولے کھانے لگتی ہے۔ سمندر کی بپھری ہوئی موجیں کشتی سے آکر ٹکرانے لگتی ہیں اور نجات کی بظاہر کوئی صورت باقی نہیں رہتی تو اس وقت اپنے بتوں سے منہ پھیر لیتے ہیں اور صرف اللہ تعالیٰ کی جناب میں بڑے خلوص سے فریادیں کرتے ہیں اور جب اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے انھیں سلامتی کے ساتھ ساحل پر پہنچا دیتا ہے تو پھر خداوند کریم کو بھلا دیتے ہیں۔ فوراً شرک کرنا شروع کر دیتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ہمیں ہمارے فلاں معبود نے اس طوفان کی زد سے بچا لیا۔ حضرت عکرمہ فرماتے ہیں کہ اہل جاہلیت کا یہ دستور تھا کہ جب سمندری سفر پر جاتے تو اپنے ساتھ اپنے بتوں کو بھی لے جاتے اور ہوا تیز ہو جاتی اور آندھی آجاتی تو ان بتوں کو سمندر میں پھینک دیتے اور کہتے یارب یارب۔ اے ہمارے رب۔ اے ہمارے رب۔ (مظہری)

۶۴ یہ لام امر ہے۔ مقصد انھیں ڈرانا اور دھمکی دینا ہے کہ کرو کفر اور اٹھالو لطف اس فانی زندگی کی لذتوں سے ابھی تمہیں اس کا انجام معلوم ہو جائے گا۔ اعملوا ما شئتم انی بما تعملون بصیر۔ کرو جو تم چاہتے ہو میں تمہارے سارے کرتوتوں کو خوب دیکھ رہا ہوں۔ یہاں اعملوا امر ہے لیکن اس کا یہ مقصد نہیں کہ انھیں اجازت دی جا رہی ہے کہ جو تمہاری مرضی ہے کرتے رہو۔ بلکہ مقصد دھمکی دینا ہے۔ اور بعض علماء نے اسے "لام کی" کہا ہے یعنی ہم نے ان کو اس لیے نجات دی کہ وہ کفر کریں عیش و عشرت کریں۔

۶۵ اپنا ایک عظیم احسان مکہ والوں کو یاد دلایا جا رہا ہے کہ ملک بھر میں کہیں امن نہیں۔ ہر طرف لوٹ کھسوٹ کی گرم بازاری ہے۔ کسی کی جان، کسی کا مال محفوظ نہیں۔ ہم نے تم کو حرم شریف کا پڑوسی بنا کر ہر قسم کی دست درازیوں سے بچا لیا۔ بجائے اس کے کہ تم صرف مجھے جو تمہارا خالق بھی ہوں اور رازق بھی، اپنا الٰہ اور معبود بناتے الٹا تم نے میری عبودیت و بندگی کا رشتہ تو گلے سے اتار کر پھینک دیا۔ اور ۳۶۰ بتوں کو اپنا خدا، معبود اور حاجت روا سمجھ رہے ہو۔ آخر ناشکری اور احسان فراموشی کی بھی کوئی حد ہونی چاہیے۔

يَكْفُرُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ

اور کون زیادہ ظالم ہے اس شخص سے جس نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹا بہتان لگایا ۹۶ یا

كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى

حق کو جھٹلایا جب وہ اس کے پاس آیا ۹۷ کیا نہیں ہے جہنم میں ٹھکانا کفار

لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ

کے لیے - اور جو (بلند ہمت) مصروفِ جہاد رہتے ہیں ہمیں راضی کرنے کے لیے ہم ضرور دکھا

وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۶۹﴾

دیں گے انھیں اپنے راستے - اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ (ہر وقت) محسنین کے ساتھ ہے ۹۸

ع ۷ ۲

۹۶ اللہ تعالیٰ پر افترا باندھنے کا یہ مطلب ہے کہ کسی کو اس کا شریک ٹھیرایا جائے - یا کسی کو اس کا بیٹا یا بیٹی تسلیم کیا جائے حالانکہ وہ وحدہٗ لاشریک ہے - کائنات کی ہر چیز اس کی وحدانیت پر گواہی دے رہی ہے - وہ ہر قسم کی ضرورت اور احتیاج سے پاک ہے تاکہ اسے بیٹے اور بیٹی کی حاجت ہو - واقعی اس سے بڑا ظلم اور کیا ہو سکتا ہے کہ اس کا کسی کو شریک بنایا جائے یا اس کے لیے اولاد کی احتیاج ثابت کی جائے -

نیز کفار کو جب ان کی بدکرداریوں پر ٹوکا جاتا اور فسق و فجور سے منع کیا جاتا تو بجائے اس کے کہ وہ نادم ہو کر توبہ کرتے وہ غایت بے حیائی سے یہ کہا کرتے کہ یہ کام ہم حکم الٰہی کے مطابق کیا کرتے ہیں - اس نے ہمیں ایسا کرنے کا حکم دیا ہے وجدنا علیہ آباءنا واللہ امرنا بھا - یہ بھی ان کی افتراپردازیوں میں سے ایک سنگین قسم کی افتراپردازی تھی -

۹۷ حق سے مراد قرآن کریم بھی ہو سکتا ہے اور ذاتِ حبیبِ کبریا محمد مصطفیٰ بھی یعنی جب قرآن کریم ان کے سامنے پڑھا جاتا ہے وہ اس میں غور و فکر ضروری نہیں سمجھتے اور فوراً اس کا انکار کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں یہ خدا کا کلام نہیں بلکہ کسی انسان کا بنایا ہوا کلام ہے - یا اللہ تعالیٰ کا رسول جب انھیں اپنی رسالت پر ایمان لانے کی دعوت دیتا ہے تو اس کو بھی جھٹلا دیتے ہیں - خود غور کرو جو قوم اللہ تعالیٰ پر افترا باندھے اور قرآن کریم اور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو جھٹلانے میں شرم محسوس نہ کرے تو اس کا ٹھکانا جہنم کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے -

۹۸ اس آیت سے سورۂ عنکبوت کا اختتام ہو رہا ہے -

منزلِ محبت کی راہ بڑی طویل اور کٹھن ہے - قدم قدم پر کانٹے بکھرے پڑے ہیں - مشکلات کی چٹانیں سینہ تانے کھڑی ہیں

مہیب جنگلوں اور سنسان صحراؤں کا ختم نہ ہونے والا سلسلہ اس راہ پر قدم بڑھاتے چلے جانا بڑے دل گردے کا کام ہے لیکن اس آیت طیبہ میں سالکِ راہِ حقیقت کو جو نوید جانفزا سنائی جا رہی ہے اس کے بعد کانٹے پھولوں سے بھی پیارے لگنے لگتے ہیں۔ راستہ کی ویرانیاں، فردوس بداماں دکھائی دینے لگتی ہیں۔ ہر رکاوٹ، ہر مشکل راہوارِ شوق کے لیے مہمیز کا کام دینے لگتی ہے۔ آیئے! اس آیت طیبہ کا مفہوم سمجھنے کی کوشش کریں۔

لغتِ عرب میں جہاد کا یہ مفہوم بیان کیا گیا ہے: الجهاد والمجاهدة استفراغ الوسع فی مدافعة العدو. یعنی "دشمن سے بچاؤ کرنے کے لیے اپنی امکانی قوت وطاقت کو صرف کر دینا جہاد اور مجاہدہ کہلاتا ہے"۔

اس سے معلوم ہوا کہ ایسی کوشش جس میں بے دلی سے کام لیا گیا ہو اُسے جہاد نہیں کہیں گے۔ جن دشمنوں کے خلاف جہاد کرنے کی رغبت دلائی جا رہی ہے۔ ان سے مراد ظاہری اور باطنی دونوں دشمن ہیں۔ یعنی اسلام کے ظاہری دشمنوں کے خلاف میدانِ جنگ میں داد شجاعت دینا بھی جہاد ہے اور ہوائے نفس اور شیطان کے وسوسوں سے برسرِ پیکار رہنا بھی جہاد ہے۔ حدیث پاک میں ہے: جاهدوا اهواءكم كما تجاهدون اعداءكم. جس طرح تم اپنے ظاہری دشمنوں سے جہاد کرتے ہو، اسی طرح اپنی نفسانی خواہشات کے خلاف بھی جہاد کرو۔

"فینا" کا لفظ بڑا غور طلب ہے۔ اس سے یہ بتانا مقصود ہے کہ اس جہاد اور سر توڑ کوشش کے پیش نظر کوئی دنیوی مقصد نہ ہو۔ ساری دوڑ دھوپ اپنی ناموری اور حصولِ جاہ ومنصب کے لیے نہ ہو، بلکہ اس ساری جدوجہد کا مدعا اللہ تعالیٰ کی رضا ہو۔ اگر اس میں ذرا سا فتور بھی آگیا تو اسے بھی قرآن کی اصطلاح میں جہاد نہیں کہا جائے گا۔

ان الفاظ کا خلاصہ یہ ہوا کہ وہ لوگ جو ہماری رضا کے حصول کے لیے دین حق کی سر بلندی کے لیے ظاہری و باطنی دشمنوں سے برسرِ پیکار رہتے ہیں۔ تو ان پر یہ مہربانی کی جاتی ہے جس کا ذکر اگلے فقرے میں آ رہا ہے۔ یعنی لنهدينهم سبلنا الخ ہدایت کا معنی ہے الدلالة إلى ما يوصل إلى المطلوب ایسی چیز تک رسائی جو مطلوب تک پہنچا دے۔ نون تاکید ثقیلہ اور لام تاکید سے کلام میں جو زور پیدا ہو گیا ہے وہ اہل نظر سے مخفی نہیں۔ "سُبُل" جمع ہے سبیل کی۔ اس کی تشریح کرتے ہوئے امام راغب رقمطراز ہیں: السبيل: الطريق الذى فيه سهولة. یعنی وہ راستہ جو منزل تک بآسانی پہنچا دے۔ یہاں سُبُل جمع کا لفظ استعمال ہوا کیونکہ ہر بندہ کا اپنے مولا کریم سے راہِ نیاز اور رابطہ بندگی جدا جدا ہے۔

ہر گدا را بر درت نازِ دگر

مطلب یہ ہوا کہ جو اولو العزم، کلمہ حق بلند کرنے کے لیے خلوصِ نیت کے ساتھ سر دھڑ کی بازی لگا دیں گے ہم انہیں ان راستوں تک پہنچا دیں گے جن پر چل کر وہ بآسانی منزلِ مقصود تک پہنچ جائیں گے۔

وان الله لمع المحسنين الخ یہ ارشاد کتنا اطمینان خیز ہے۔ بتا دیا کہ راہِ محبت کے راہرو اپنے آپ کو تنہا خیال نہ کریں۔ ان کا کریم پروردگار ان کے ساتھ ہے۔ قدم قدم پر ان کی راہنمائی فرما رہا ہے۔ ہر مشکل مرحلہ پر ان کی دستگیری کر رہا ہے۔ جب بھی ان کے قدم پھسلنے لگتے ہیں اس کی توفیق آگے بڑھ کر ان کو سنبھال لیتی ہے اور گرنے نہیں دیتی۔ اور جس مسافر کو محبوب

حقیقی کی معیت نصیب ہو تو منزل کتنی بلند، دُور اور کٹھن کیوں نہ ہو، خود بخود ان کے قریب ہو جایا کرتی ہے، نیز اپنے بندوں کے بدخواہوں کو بھی خبردار کر دیا کہ وہ انہیں اکیلا اور بے یار و مددگار مت سمجھیں۔ میری نصرت، میری تائید ان کے شریکِ حال ہے۔ تمہارا کوئی مکر و فسوں، تمہارا کوئی حیلہ اور تدبیر انہیں گزند نہیں پہنچا سکتی۔

اِنَّ تاکید کے لیے ہے پھر مع پر لام تاکید ہے۔ نیز یہاں علم ذات مذکور ہے تاکہ کسی کو شک و شبہ کی گنجائش ہی باقی نہ رہے۔

بے شک جنہیں اللہ تعالیٰ کی معیت نصیب ہوتی ہے نہ انہیں نفس فریب دے سکتا ہے، نہ انہیں شیطان بہکا سکتا ہے اور نہ کوئی جابر دشمن ان کا بال بیکا کر سکتا ہے۔ خلوص نیت سے مصروف جہاد رہنا۔ اپنی توانائیوں اور وسائل کو آخری حد تک بروئے کار لانا ان کا کام ہے اور منزلِ مقصود تک پہنچانا ان کے رب کریم کی ذمہ داری ہے۔ و اِنَّ اللہ لا یخلف المیعاد۔

---

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# سُورۃ الرّوم

نام : اس سورت کا نام الروم ہے جو دوسری آیت "غُلبت الروم" سے ماخوذ ہے۔ یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس میں چھ رکوع۔ ساٹھ آیتیں، آٹھ سو انیس کلمات تین ہزار پانچ صد چونتیس حروف ہیں۔

شانِ نزول : اس سُورت کی پہلی پانچ آیتیں اس بات کی ناقابلِ تردید دلیل ہیں کہ قرآن کریم اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے جو علیم بھی ہے اور خبیر بھی۔ جس کے علم محیط کے سامنے ماضی اور مستقبل کا ہر واقعہ عیاں ہے اور حضور نبی رحمت محمد مصطفےٰ علیہ وعلی الہ افضل التحیۃ واجمل الثناء اسی ہمہ دان اور ہمہ بین رب العالمین کے سچے رسول ہیں لیکن یہ حجت قاطعہ اس وقت تک اپنی عظمت وجلالت کے ساتھ جلوہ نما نہیں ہوتی جب تک کہ روم وفارس کی باہمی طویل اور خونریز آویزش کا تذکرہ نہ کیا جائے۔ اس لیے طوالت سے دامن بچاتے ہوئے ان آیات کا تاریخی پس منظر قارئین کی خدمت میں پیش کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔

خسرو اوّل جو نوشیروان عادل کے نام سے معروف ہے کی وفات کے بعد اس کا چہیتا بیٹا ہُرمز تختِ ساسان کا وارث بنا۔ اپنے نامور باپ کی وسیع وعریض مملکت کے علاوہ اسے اپنے باپ کی شہرت، نیک نامی، عادلانہ اور دانشمندانہ آئینِ جہانبانی بھی ورثہ میں ملا۔ مزید براں اسے بزرجمہر جیسے نیک نفس اور پاک طینت اُستاد اور فلسفی کی سرپرستی بھی میسر آئی جو اپنی علمی قابلیت اور فلسفیانہ اندازِ فکر میں بے مثال تھا لیکن جب بزرجمہر پیرانہ سالی کے باعث اُمورِ سلطنت سے الگ ہو کر گوشہ نشین ہو گیا، تو اس کے نوجوان شاگرد ہرمز کے ارد گرد خوشامدی اور بد دیانت لوگوں کا جمگھٹا ہو گیا۔ اُنہوں نے چُن چُن کر نوشیروان کے مخلص اور زیرک مشیروں کو دربارِ شاہی سے نکال دیا اور آہستہ آہستہ ہُرمز کے دل کو عدل وانصاف، نیکی و رعایا پروری کے جذبات سے متنفر کر دیا۔ رفتہ رفتہ ملک کا نظم ونسق تباہ ہونے لگا جن لوگوں نے ازراہِ خیر خواہی بادشاہ کی توجہ کو بگڑتے ہوئے حالات کی طرف مبذول کرایا، انہیں قتل کر دیا گیا جہاں کہیں اس ظلم وستم کے خلاف فریاد اور احتجاج کی آواز بلند ہوئی اُسے عسکری قوت سے کچل دیا گیا۔ ہُرمز نے اعلان کر دیا کہ وہ صرف بادشاہ ہی نہیں قاضی القضاۃ بھی ہے اور اسی کا فیصلہ آخری فیصلہ ہے۔ شاہی محلات کے در و دیوار، شاہی دربار کا گوشہ گوشہ مملکت کے تمام شہر اور دیہات اور دجلہ کا پانی بے گناہوں کے خون سے رنگین نظر آنے لگا۔ اور اسی جبر وتشدد پر ہرمز اظہارِ فخر ومباہات کیا کرتا۔

آخر تنگ آکر ملک کے مختلف صُوبوں، بابل، سوسا اور کارمینیہ نے علمِ بغاوت بلند کر دیا۔ عرب وہند کے باجگزار سلاطین نے خراج ادا کرنے سے انکار کر دیا۔ ایران کے ملکی حالات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے رُومیوں نے بھی از سرِ نو اپنی ترک تازیں اور غارتگریں

کا سلسلہ شروع کر دیا۔

ترکستان کا خاقان تین چار لاکھ ترکوں کی جمعیت لے کر ایران کی مشرقی سرحد پر آپہنچا اور ظاہر یہ کیا کہ وہ رومیوں کے مقابلہ میں ہرمز کی امداد کرنے کے لیے یہ لشکر جرار لے کر آیا ہے۔ ناعاقبت اندیش ہرمز اس دام فریب میں پھنس گیا۔ اس نے اپنے شہروں کے دروازے ترکوں کے لیے کھول دیئے۔ جب وہ اپنے قدم جما چکے تو اسے اس وقت معلوم ہوا کہ وہ تو فقط مملکت ساسان کا چراغ ہمیشہ کے لیے گل کرنے کے لیے آئے تھے اور ترکوں نے رومیوں کے ساتھ ساز باز کرنے کے بعد ادھر کا رخ کیا تھا۔ اب ایران دو جابر اور طاقتور دشمنوں کے چنگل میں پھنس چکا تھا۔ سارے خوشامدی لرزہ براندام تھے ہرمز خود پریشان تھا۔ اس وقت بہرام آگے بڑھا اور دس بارہ ہزار بہادر سپاہیوں کو لے کر ترکوں کی ٹڈی دل افواج کو شکست فاش دی۔ ہرمز کے دل میں اس کے خلاف حسد کی آگ بھڑکنے لگی۔ اس کے حواریوں نے یہ چغلی کھائی کہ بہرام نے لوٹ کے مال سے قیمتی اشیاء اپنے لیے مختص کر لی ہیں۔ اس سے وہ اور بھڑکا۔ لیکن رومیوں کے اچانک حملے نے اسے انتقامی کارروائی سے روک دیا۔ بہرام کو بڑی پذیرائی بخشی گئی اور اسے رومیوں کے مقابلہ کے لیے مقرر کیا گیا۔ اس جنگ میں بہرام کا ایک جنگی منصوبہ بادشاہ کو پسند نہ آیا اور اس نے اسے بہانہ بنا کر اپنے ایک شاہی قاصد کے ذریعے اسے ایک تکلا اون کاتنے کی تکلی، چرخہ اور ایک زنانہ جوڑا بھیجا۔ اس نے بادشاہ کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے یہ زنانہ لباس پہنا اور اسی طرح اپنے لشکر کے سامنے آیا۔ اپنے بہادر جرنیل کی اس بے عزتی پر افواج کا پیمانہ صبر لبریز ہو گیا سب نے بغاوت کر دی اور بہرام کے ساتھ حلف وفاداری اٹھایا۔ دوسرا شاہی قاصد جو بیڑیاں لے کر آیا تھا تاکہ بہرام کو ان میں جکڑ کر حاضر دربار کرے۔ اسے لوگوں نے شدت غضب سے اپنے پاؤں کے نیچے روند ڈالا۔ قلیل عرصہ میں لوگ بہرام کے پرچم کے نیچے جمع ہو گئے۔ سارا ملک اور دار السلطنت مدائن بھی ہرمز کے خلاف اٹھ کھڑا ہوا۔ اس کا بڑا لڑکا خسرو دوم اس شور و شغب میں شہر سے نکلنے میں کامیاب ہو گیا۔ ایک ساسانی شہزادہ بندوز BINDOES کی ترغیب پر وہ واپس آیا اور تاج شاہی اس کے سر پر رکھ دیا گیا۔ ایک عام عدالت میں ہرمز کو بطور مجرم پیش کیا گیا۔ اس کا اترا ہوا چہرہ، خلعت شاہی کے بجائے اس کے بدن پر چیتھڑے، اس کی اشک بار آنکھیں، وہ زنجیریں جن میں اسے جکڑا گیا تھا، کوڑوں کے وہ نشان جو اس کے جسم پر جگہ جگہ نظر آ رہے تھے اس کے ظالمانہ، سفاکانہ اور وحشیانہ افعال کی شدت کو کم نہ کر سکے۔ اس نے مطالبہ کیا کہ خسرو کو معزول کر دیا جائے اور اس کے چھوٹے بیٹے کو تخت نشین کیا جائے۔ لیکن اس کی یہ خواہش ٹھکرا دی گئی۔ بلکہ اس کے سامنے اس کی ملکہ اور اس کے لڑکے کی لاش رکھ دی گئی۔ اس کی آنکھوں میں گرم سوئیاں چبھو دی گئیں۔ ہرمز کو یہ لرزہ خیز سزا دینے کے بعد اس کے بیٹے خسرو کی رسم تاجپوشی بڑی دھوم دھام سے منائی گئی۔ خسرو نے اپنے باپ کو زمین دوز قید خانہ سے نکالا اور اسے محل میں ٹھہرایا۔ اس کے آرام و آسائش کے سارے اسباب فراہم کیے اور بڑے صبر و تحمل سے اس کی گالی گلوچ کو برداشت کرتا رہا۔ لیکن بہرام نے خسرو کو بادشاہ تسلیم نہ کیا اور اس کے خلاف اعلان جنگ کر دیا۔ خسرو میں مقابلہ کی تاب نہ تھی۔ حالات بھی اس کے موافق نہ تھے۔ اسے اپنی جان کا بھی خطرہ تھا۔ چنانچہ اپنے دوستوں سے طویل مشورے کے بعد ترکوں کے ہاں پناہ لینے کے بجائے اس نے رومی حکومت میں پناہ لینے کا فیصلہ کیا۔ رومی سلطنت کی سرحد بھی قریب تھی اور راہ فرار بھی آسان تھی چنانچہ وہ اپنی داشتہ عورتوں کو لے کر صرف تیس پہرہ دار سپاہیوں کی معیت میں رومی مملکت میں پناہ گزین ہو گیا۔ سرحدی حکام نے اسے پناہ دی۔ بڑے احترام کے ساتھ اسے بیزنطینہ کے بادشاہ ماریس MAURICE کے پاس پہنچا دیا گیا۔ رومی بادشاہ نے اس کا شاہانہ استقبال کیا۔ سابقہ رنجشوں کو بھلا کر اس کی خاطر مدارت کی حد کر دی۔ جلاوطن شہزادہ کو اس نے قیمتی تاج پہنایا۔ گراں بہا لعل و جواہر اسے بطور تحفہ دیئے اور اپنے بہادر وفا شعار جرنیل نارسس (NARSES) کو ایک لشکر جرار دے کر حکم دیا کہ

وہ خسرو کا کھویا ہوا تخت اسے واپس دلائے۔ اس عرصہ میں لوگ بھی بہرام سے دل برداشتہ ہو چکے تھے اور اپنے کیے پر نادم تھے۔ جب خسرو رومی لشکر لے کر واپس آیا تو ایرانیوں نے اپنے معزول بادشاہ کا بڑے تپاک سے استقبال کیا اور اس کی فوج میں شامل ہو گئے۔ بہرام نے دو مقامات دریائے زورو کے کنارے اور میڈیا کی سرحد پر خسرو کا مقابلہ کیا لیکن شکست کھائی۔ وہاں سے بھاگ نکلا، راستہ میں کسی نے زہر دی اور یہ ہلاک ہو گیا۔ اس طرح خسرو نے رومی بادشاہ ماریس کی اعانت سے اپنا کھویا ہوا تخت واپس لیا۔

خسرو ماریس کی اس اعانت اور حمایت کے باعث اسے اپنا باپ کہا کرتا تھا۔ ابن خلدون نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ خسرو کی خواہش پر رومی بادشاہ نے اپنی بیٹی مریم کی اس سے شادی کر دی۔ ایک فائدہ اس کا یہ ہوا کہ ایران اور روم کے درمیان آئے روز جنگوں کا سلسلہ ختم ہو گیا اور دونوں حکومتوں میں صلح ہو گئی اور امن قائم ہو گیا۔ رومی مملکت اور اس کے بادشاہ کی دھاک بیٹھ گئی اور ایران میں اس کا اثر و نفوذ اس حد تک بڑھ گیا کہ خیال کیا جانے لگا کہ خسرو عیسائیت قبول کر لے گا لیکن ماگی ( MAGI ) کی شخصیت نے اس تصور کو ملیامیٹ کر دیا۔

مشرق میں ماریس کا طوطی بول رہا تھا لیکن یورپ میں حالات کا رخ اس کے خلاف تھا۔ ماریس سے چند ایسی غلطیاں ہوئیں جن کی تفصیل کا یہ مقام نہیں، کہ وہاں کے لوگ اس سے متنفر ہو گئے اور انہوں نے ایک معمولی فوجی فوکس ( PHOCAS ) کو اپنا سپہ سالار مقرر کر لیا اور قسطنطنیہ پر چڑھائی کر دی لیکن باغیوں کو اپنی اس جلد بازی پر ندامت ہونے لگی۔ اس کے باوجود وہ ماریس کو بادشاہ بنائے رکھنے پر رضامند نہ ہوئے البتہ اس کے بیٹے تھیوڈوسس ( THEODOSIUS ) اور اس کے خسر جرمانوس ( GERMANUS ) کے ساتھ دوستانہ خط و کتابت شروع کر دی۔ فوکس ایک بالکل غیر معروف آدمی تھا۔ شاہ روم اس کے نام تک سے واقف نہ تھا۔ جب اسے بتایا گیا کہ فوکس سازشی ہونے کے باوجود بزدل ہے تو اس کے منہ سے بے ساختہ نکلا، افسوس! اگر وہ بزدل ہے تو یقیناً ایک قاتل ثابت ہو گا۔

حالات تیزی سے بگڑتے گئے۔ آخر کار بدقسمت ماریس اپنی بیوی اور نو بچوں کو لے کر ایک چھوٹی سی کشتی میں ایشیائی ساحل کی طرف بھاگ نکلا مگر باد مخالف کی شدت نے اسے مجبور کر دیا کہ کالسیڈان کے قریب سینٹ آٹونس میں پناہ لے۔ یہاں سے اس نے اپنے لڑکے کو ایران بھیجا تاکہ خسرو شاہ ایران سے امداد طلب کرے لیکن خود اس نے بھاگنے سے انکار کر دیا۔ اسے طرح طرح کی جسمانی اذیتیں دی گئیں لیکن یہ صبر سے برداشت کرتا رہا۔ جب اسے شاہی تخت سے اتار دیا گیا تو اس کے جانشین کے بارے میں اختلاف پیدا ہو گیا۔ آخر کار نظر انتخاب فوکس پر پڑی اور اس کے سر پر بیزنطینی مملکت کا تاج رکھ دیا گیا۔ اس نے اپنے حامیوں پر انعام و اکرام کی بارش کر دی۔ ان کے لیے خزانوں کے منہ کھول دیئے۔ پادریوں نے بھی اس کی شاہی کا اعلان کر دیا چنانچہ یوحنا کے کلیسا میں لے جا کر اسے خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ تیسرے روز وہ ایک شاہی رتھ پر سوار ہو کر جسے چار سفید و براق گھوڑے کھینچ رہے تھے نکلا تو بے شعور عوام نے اس پر داد و تحسین کے پھول برسانے میں حد کر دی۔ اسے معلوم ہوا کہ ماریس ابھی زندہ ہے۔ اس نے جلادوں کو بھیجا کہ اسے پکڑ لائیں۔ چنانچہ ماریس اپنے پانچ بیٹوں کے ساتھ اس مقدس کلیسا سے پکڑ کر لایا گیا۔ اس کے سامنے اس کے پانچوں بیٹوں کو یکے بعد دیگرے قتل کر دیا گیا۔ جب بھی جلاد اس کے کسی بیٹے کا سر قلم کرنے کے لیے ضرب لگاتا تو وہ بڑی جرات سے کہتا: "اے خدا تو عادل ہے اور تیرے فیصلے درست ہیں۔" آخر اس کو بھی موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ ان کی لاشوں کو سمندر میں پھینک دیا گیا اور ان کے سروں کو سر بازار لٹکا دیا گیا۔ اس وقت اس کی عمر ۶۳ سال تھی اور اس کا دور حکومت بیس سال۔

کچھ عرصہ بعد ماریس کی بیوہ کانسٹنٹینا ( CONSTANTINIA ) کو اس کی تین معصوم بچیوں سمیت کالسیڈان کے اسی میدان میں ذبح کر

دیا گیا جہاں چند روز پہلے اس کے خاوند اور اس کے پانچ بچوں کو قتل کر دیا گیا تھا۔

جب ان خونی واقعات کا علم خسرو کو ہوا تو وہ آپے سے باہر ہو گیا اور اعلان کیا کہ وہ اپنے محسن اور باپ ماریس ۲۱ اس کی بیوہ، اس کے بچوں اور بچیوں کا انتقام فوکس سے ضرور لے گا چنانچہ خسرو نے فوکس کے خلاف اعلان جنگ کر دیا اور رومی مملکت پر چڑھائی کر دی۔ جلد ہی ماردین، دارا، امیڈا اور ایڈیسا کے قلعوں کا محاصرہ کیا اور انہیں خاک سیاہ بنا کر رکھ دیا۔ دریائے فرات کو عبور کر کے اس نے شام کے مشہور شہروں الیپو وغیرہ پر قبضہ کر لیا۔ ادھر رومی فوکس کے مظالم اور ایرانیوں کے مقابلہ میں اس کی شکست کے باعث اس سے دل برداشتہ ہو گئے۔ انہوں نے افریقہ کے گورنر ہرقل سے ساز باز شروع کی کہ وہ روم کا تخت سنبھالے اور رومی سلطنت کو تباہی اور بربادی سے بچائے۔ ہرقل بوڑھا ہو چکا تھا اس لیے اس نے اپنے جواں سال بیٹے ہرقل ثانی کو اس مہم کے لیے نامزد کیا۔ اس نے بڑی جرأت اور تیزی سے پیشقدمی کی اور فوکس کو اس کے حملہ کی اس وقت خبر ہوئی جب اس نے اپنے محل کی کھڑکیوں سے ہرقل کے جنگی بیڑے کے بادبان اور بلند پرچم لہراتے ہوئے دیکھے۔ معمولی جھڑپ کے بعد ہرقل فتح کے شادیانے بجاتا ہوا قسطنطنیہ میں داخل ہوا۔ فوکس کو پابجولاں حاضر کیا گیا۔ اس کا سر کاٹ کر پھینک دیا گیا۔ اس کی لاش کو نذر آتش کر دیا گیا اور ہرقل نے فوکس کے حامیوں پر وہی ظلم و ستم کیے جو انہوں نے زمام اقتدار سنبھالتے وقت اپنے دشمنوں پر کیے تھے۔ یہ واقعہ ۶۱۰ عیسوی کا ہے۔ یہ وہی سال ہے جب حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے نبوت کا اعلان فرمایا تھا ——— خسرو جو اپنے محسن کا انتقام لینے کے لیے بڑھا چلا آرہا تھا اس کو پتہ چل گیا کہ اس کے محسن کا قاتل فوکس کیفر کردار کو پہنچ چکا ہے۔ اگر اس کی چڑھائی کا مقصد صرف انتقام لینا تھا تو وہ پورا ہو چکا تھا اسے چاہیے تھا کہ وہ اب واپس لوٹ آتا، لیکن اس نے ایک زخمی آدمی کو ماریس کا بیٹا ظاہر کیا اور اپنا حملہ جاری رکھا۔ رومی مملکت کے جن علاقوں سے اس کا گزر ہوا انہیں تاخت و تاراج کر دیا جاتا۔ ظاہر یہ کرتا کہ میں ماریس کے اس بیٹے کو تخت نشین کرنا چاہتا ہوں۔ یہ محض بہانہ تھا حقیقت میں وہ رومی مملکت پر قبضہ کرنا چاہتا تھا۔ اس نے اپنی اس مہم کو زیادہ زوردار اور پرجوش بنانے کے لیے اسے مذہبی رنگ دے دیا اور اسے مجوسیت اور عیسائیت کے درمیان جنگ قرار دے دیا۔ دوسری مذہبی اقلیتیں جو رومیوں کے متعصب حاکموں اور تنگ دل پادریوں کے مظالم کا شکار بنتی چلی آئی تھیں انہوں نے ایرانیوں کا ساتھ دیا۔ چنانچہ چھبیس ہزار یہودی خسرو کی فوج میں بھرتی ہو گئے۔ صرف غیر عیسائی اقلیتیں ہی نہیں بلکہ وہ عیسائی فرقے جن کو کلیسا نے ملحد قرار دے دیا تھا نسطوری، یعقوبی وغیرہ وہ بھی خسرو کے ساتھ ہو گئے۔

ایرانی فوجوں نے انطاکیہ پر قبضہ کر لیا۔ ۶۱۳ عیسوی میں دمشق میں داخل ہوئیں۔ ۶۱۴ عیسوی میں بیت المقدس کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔ ہیلینا اور قسطنطین کے شاہی قصے مسمار کر دیئے گئے۔ کلیسوں کی ساری دولت لوٹ لی گئی۔ وہاں کا لاٹ پادری زکریا گرفتار کر لیا گیا۔ اصلی صلیب جس پر عیسائیوں کے خیال کے مطابق حضرت مسیح کو سولی دی گئی تھی پرشیا بھیجی گئی اور ۹۰ ہزار عیسائیوں کو بھیڑ بکریوں کی طرح ذبح کر دیا گیا۔

انہیں ایام میں مکہ میں توحید و شرک کی آویزش سنگین صورت اختیار کرتی جا رہی تھی۔ مکہ اور مضافات کے مشرکین اسلام کی اس شمع کو بجھانے کے درپے ہو گئے تھے۔ مسلمان اپنی قوتِ ایمانی کے بل بوتے پر ان کے پیہم مظالم کو برداشت کر رہے تھے اور وہ نور اسلام کو پھیلانے کے لیے ہر طرح سے کوشاں تھے۔ جب شام اور فلسطین میں ایرانی مجوسیوں کی کامیابی اور رومی عیسائیوں کی شکست کی خبریں پہنچیں تو کفار مکہ کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ اور کہنے لگے جس طرح ہمارے آتش پرست اور مشرک بھائی تمہارے ہم مسلک اہل کتاب کی مرمت کر رہے ہیں اور قدم قدم پر انہیں شکست دے رہے ہیں ہم تمہیں بھی اسی

طرح نیست و نابود کر کے رکھ دیں گے۔

حالات کفار مکہ کی تائید کر رہے تھے۔ رومیوں کی قوت دن بدن دم توڑ رہی تھی۔ ایرانی فوج اور ان کے شہنشاہ کی طاقت میں اضافہ ہو رہا تھا۔ رومی مملکت کے مفتوحہ صوبوں کے خزانے خسرو کسریٰ کے قدموں میں ڈھیر ہو رہے تھے۔ اس کی فوجیں جدھر کا رخ کرتیں فتح و کامیابی ان کے قدم چومتی۔ شام، فلسطین، اردن، لبنان پر خسرو کا پرچم لہرانے لگا۔ افریقہ میں مصر سے لیبیا تک کا علاقہ فتح کر لیا گیا۔ دوسرے محاذ پر ایرانی فوجیں خود قسطنطنیہ کے دروازے پر دستک دینے لگیں اور ۶۱۶ء میں شہر کے سامنے ایک بلند پہاڑی پر ایرانی فوجوں نے اپنا کیمپ قائم کر لیا۔ ان حیرت انگیز فتوحات کے علاوہ مشہور انگریز مؤرخ گبن (EDWARD GIBBON) خسرو کے جاہ و حشم کا یوں ذکر کرتا ہے:

"ایرانی شہنشاہ کی سطوت کے اظہار کے لیے ۹۶۰ ہاتھی ہر وقت تیار رہتے۔ بیس ہزار اونٹوں پر شاہی سامانِ سفر لادا ہوتا تھا۔ شاہی اصطبل میں چھ ہزار خچر اور اصیل گھوڑے موجود رہتے۔ جن میں سے شبدیز اور بریدا اپنے حسن اور خوبیوں کی وجہ سے لازوال شہرت حاصل کر چکے تھے۔ شاہی محل کے دروازوں کے سامنے چھ ہزار شہسوار پہرے دار مقرر تھے۔ محل کے اندر بارہ ہزار غلام مختلف خدمات سرانجام دینے کے لیے مامور تھے۔ تین ہزار کنواری دوشیزائیں ان کے علاوہ تھیں۔ دنیا نے حسن و جمال کی ملکہ شیریں کا نام کون نہیں جانتا۔ وہ خسرو کے محل کو چار چاند لگا رہی تھی، لیکن شیریں کے ساتھ شیریں کی سو عمری اور بے اتفاقی کی تلافی کے لیے ایشیا کی حسین و جمیل عورتیں موجود تھیں۔ قیمتی ہیرے، جواہرات، سونے چاندی کے زیورات کا شمار ہی نہ تھا۔"

گبن نے یہاں خوب لکھا ہے:

"جب خسرو اپنے عظمت و عروج کے نشہ میں مخمور تھا اسے دنیا بھر میں اپنا کوئی ہمسر نظر نہ آتا تھا۔ اس وقت اسے ایک مکتوب موصول ہوا۔ ایک ایسی ہستی کی طرف سے جو مکہ کا باشندہ ہے اور غیر معروف ہے۔ اس خط میں خسرو کو یہ دعوت دی گئی ہے کہ تم سلامتی چاہتے ہو تو اسلام کو قبول کرو۔ اللہ تعالیٰ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت پر ایمان لے آؤ۔ خسرو نے اس دعوت کو مسترد کر دیا اور اس نامہ کو پرزہ پرزہ کر دیا۔ اس کی اس نازیبا حرکت پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یوں ارشاد فرمایا کہ خسرو نے میرا مکتوب پھاڑا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی مملکت کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے پارہ پارہ کر دیا ہے۔" (رومن ایمپائر جلد ۴۔ ص ۵۱۴)

خسرو کی نخوت اور غرور کا اندازہ اس خط سے بھی لگایا جا سکتا ہے جو اس نے بیت المقدس سے ہرقل کو لکھا تھا۔ اس کی عبارت پڑھ کر انسان کانپ اٹھتا ہے۔ خسرو نے ہرقل کو لکھا:

"سب خداؤں کے بڑے خدا، تمام روئے زمین کے مالک خسرو کی طرف سے اس کے کمینے اور بے شعور بندے کے نام۔ تو کہتا ہے کہ تجھے اپنے رب پر بھروسہ ہے کیوں نہ تیرے رب نے یروشلم کو میرے ہاتھ سے بچا لیا۔"

ایک ایرانی جرنیل سین (SAIN) نے جب ہرقل کو مشورہ دیا کہ وہ صلح کے لیے اپنا سفیر خسرو کی خدمت میں بھیجے شاید جان بخشی کی صورت نکل آئے۔ اس رسوا کن تجویز کو ہرقل نے فوراً قبول کر لیا اور اپنا سفیر امن اور معذرت خواہی کے لیے خسرو کے دربار میں بھیجا۔ اس نے جب یہ درخواست پیش کی تو خسرو غصہ سے بے قابو ہو گیا اور گرج کر بولا:

"سفیر نہیں بلکہ خود ہرقل کو زنجیروں میں جکڑ کر میرے تخت کے سامنے لایا جائے اور میں شاہ روم کو کبھی امن نہیں دوں گا جب تک۔

اپنے مصلوب خدا کا انکار کر کے سورج دیوتا کی پوجا شروع نہ کر دے اور میرا مذہب نہ اختیار کرلے۔"

یہ حالات تھے جب قرآن کریم کی یہ آیات طیبات اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب بندے اور آخری رسول پر نازل فرمائیں جن میں یہ مژدہ سنایا گیا کہ چند سال میں رومی غالب آجائیں گے اور ایرانیوں کو شکست ہوگی۔ چنانچہ گبن لکھتا ہے:

"کہ جس وقت یہ پیشین گوئی کی گئی تھی۔ اس وقت اس کا پورا ہونا ناممکن تھا کیونکہ ہرقل کے عہد حکومت کے پہلے بارہ سالوں میں ہر وقت یہ خطرہ لاحق تھا کہ رومی مملکت کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں گے۔" تاریخ گبن جلد چار صفحہ ۷۴

AT THE TIME THIS PREDICTION IS SAID TO HAVE BEEN DELIVERED, NO PROPHECY COULD BE MORE DISTANT FROM ITS ACCOMPLISHMENT SINCE THE FIRST TWELVE YEARS OF HERACLIUS ANNOUNCED THE APPROACHING DISSOLUTION OF THE EMPIRE.

جب اس ظالم و سفاک کے پنجۂ استبداد سے نجات کی کوئی راہ نظر نہ آئی تو ہرقل نے اپنی عظیم مملکت کو بچانے کے لیے اپنی جان کی بازی لگا دینے کا عزم مصمم کر لیا۔ سب سے پہلے اسے جنگی تیاریوں کے لیے روپیہ کی ضرورت تھی۔ شاہی خزانہ پیہم جنگ و جدال اور فتنہ و فساد کی وجہ سے خالی ہو چکا تھا۔ چنانچہ اس نے کلیساؤں میں جمع شدہ دولت حاصل کرنے کی کوشش کی اور بڑی منت سماجت کے بعد پادری لوگ بھاری شرح سود پر قرضہ دینے پر رضامند ہوئے۔ انہوں نے قیصر سے پختہ وعدہ لیا کہ وہ یہ رقم مع سود واپس کر دے گا۔ مالی مشکلات پر قابو پانے کے بعد اس نے آزمودہ کار سپاہیوں کا ایک لشکر فراہم کیا اور ایسٹر کی عید کے دو روز بعد اس نے کوچ کا طبل بجا دیا۔ اس نے شاہی خلعت فاخرہ اتار دی اور سپاہیانہ سادہ لباس زیب تن کیا اور اس عظیم تاریخی مہم پر روانہ ہو گیا۔ اس نے بری راستہ کے بجائے بحری راستہ اختیار کیا اور بڑی سرعت کے ساتھ اپنے جنگی بیڑے کو شام کے ساحل پر لنگر انداز کر دیا۔ ایرانی فوجیں عرصہ سے قسطنطنیہ کے قریب خیمہ زن تھیں۔ ان کے نرغے سے قیصر کس طرح نکلا اس کی تفصیل علامہ ابن کثیر نے لکھی ہے جس کی یہاں گنجائش نہیں۔ قیصر اپنے جنگی بیڑے کے ساتھ شام کے ساحل پر لنگر انداز ہو گیا اور آرمینیا کے کوہستانی دشوار راستوں سے ہوتا ہوا ایران کے قلب پر حملہ آور ہوا۔ اور ابن کثیر کے قول کے مطابق وہ بڑھتا چلا گیا یہاں تک کہ ایران کے پایۂ تخت مدائن پر قبضہ کر لیا۔ وہاں بے شمار لوگوں کو تہ تیغ کیا اور خزانہ میں جو دولت تھی اسے لوٹ لیا۔ کسریٰ کی بیویوں اور اس کے اہل خانہ کو گرفتار کر لیا۔ اس کے لڑکے کا سر مونڈ دیا اور اسے گدھے پر سوار کر کے کسریٰ کی طرف بھیج دیا۔ کسریٰ جو اب تک قسطنطنیہ کا محاصرہ کیے ہوئے تھا چالیس ہزار کا لشکر لے کر واپس لوٹا۔ ہرقل کی پیش قدمی جاری رہی۔ اس نے ان کے سب سے بڑے مقدس آتشکدہ کو بجھا دیا۔ ان کی عبادت گاہوں کو تباہ و برباد کر دیا اور زرتشت کے مقام پیدائش آرمیا کو تباہ کر دیا۔ اس طرح اس نے اپنے مقامات مقدسہ کی بے حرمتی کا انتقام لیا۔

یہی وہ سال ہے جب کفر اور اسلام کی پہلی جنگ بدر کے میدان میں لڑی گئی جس میں کفار کو قوت و طاقت کے باوجود شکست فاش ہوئی اور ساری بے سرو سامانیوں کے باوجود مسلمان کامیاب و سرخرو ہوئے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں رومیوں کے غلبہ اور مسلمانوں کی فتحیابی اور فرحت و شادمانی کی جو خبر دی تھی وہ دس سال کے کم عرصہ میں پوری ہوئی اور وَعْدَ اللّٰهِ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ کی عملی تفسیر مہر نیمروز کی طرح طالب حق کی شاہراہ حیات کو منور کرنے لگی۔

الحمد للہ علی کبریائہ والصلوٰۃ والسلام علی سید انبیائہ والہ واصحابہم اجمعین۔

**نوٹ:** یہ معلومات مندرجہ ذیل کتب سے حاصل کی گئیں:

تاریخ زوال رومن ایمپائر۔ گبن۔ تاریخ ابن خلدون، تفسیر ابن کثیر، انسائیکلوپیڈیا بریٹانیکا ص ۵۹۸، جلد ۱۷

**مضامین سورۃ** اس تاریخی پس منظر کو سمجھ لینے کے بعد اب اس سورۃ کے مضامین اپنی بھرپور معنویت اور اثر انگیزی کے ساتھ عیاں ہوتے ہیں۔

ابتدائی آیات میں بتایا کہ انسان اپنی ظاہری جاہ وحشمت پر اتنا مغرور ہو جاتا ہے کہ وہ اپنے اعمال بد کے نتائج سے بھی بے فکر ہو جاتا ہے وہ یہی سمجھتا ہے کہ اس کا آفتاب اقبال سدا یونہی چمکتا رہے گا۔ اس کے حسن وشباب کی بہار کبھی خزاں آشنا نہیں ہوگی۔ وہ تخریبی عوامل بھی اس کی نگاہوں سے اوجھل رہتے ہیں جو عنقریب اس کی عیش ونشاط کی بساط کو اُلٹنے والے ہوتے ہیں۔

انسان کو خواب غفلت سے جگانے کے لیے اللہ تعالیٰ نے جو نظام حیات اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعے بھیجا اسے دین فطرت کہا گیا ہے جس سے یہ اشارہ کرنا مقصود ہے کہ یہ دین انسان کی فطری صلاحیتوں کو ختم نہیں کر دیتا، اس کی ترقی میں سنگ راہ ثابت نہیں ہوتا بلکہ ان کی اس طرح آبیاری کرتا ہے کہ وہ برگ وبار لا کر اس خاکدان ارضی کی زینت اور رونق میں اضافہ کرتی ہیں۔ اس لیے اس کی پابندی ہر سلیم الفطرت آدمی کے لیے ضروری ہے۔

سورۃ کے مختلف مقامات پر اللہ تعالیٰ کی قدرت اور حکمت کی روشن دلیلیں ذکر کر کے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ وہی خدا ہے جو ان صفات کمال سے متصف ہے اس کے علاوہ سب اس کے عاجز بندے ہیں۔ کسی کو یہ زیب نہیں دیتا کہ اس کی ہمسری کا خیال کرے کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ کسی کو اس کا شریک بنائے۔

دیگر مضامین اپنے اپنے مقام پر ملاحظہ فرمائیے اور حسب شوق قرآن کریم کے خیابان عرفان سے پھول چن چن کر زیب دستار بنائیے۔

---

# سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ الروم مکی ہے اس کی آیتیں ۶۰ اور رکوع ۶ ہیں

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

الٓمّٓ ۝١ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۝٢ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ

الف۔لام۔میم ؔ[1] ہرا دیے گئے رومی [2] پاس کی زمین میں اور وہ ہار جانے کے بعد

[1] الف میم۔ یہ حروف مقطعات ہیں۔ جن کے متعلق تفصیلی بحث اس سے پہلے متعدد مقامات پر گزر چکی ہے۔ یہاں علامہ اسمٰعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک تاویل پیش خدمت ہے۔ فرماتے ہیں عالم تین ہیں: عالم امر، عالم ارواح اور عالم ملک۔ عالم امر اس عالم کو کہتے ہیں، جہاں ہر چیز کو اس کا تعین اور تشخص دیا جاتا ہے۔ ھوالمبدأ یعنی ہر چیز کو اس کی موجودہ صورت اور خصوصیات مرحمت کی جاتی ہیں۔ ھوالمبدأ لجمیع التعینات۔ الف سے اسی کی طرف اشارہ ہے۔ عالم ارواح ایک درمیانی کڑی ہے۔ الذی ھوالوسط بین الوجودیات لام سے اس کی طرف اشارہ ہے اور عالم الملک تنزلات اور استرسالات کا آخری درجہ ہے۔ میم سے اسی کی طرف اشارہ ہے۔ پھر فرماتے ہیں ثم اسرار الحروف المقطعات والمتشابھات القرآنیہ مما ینکشف لاھل اللہ بعد الوصول الی غایۃ المراتب۔ یعنی جب بندگان خدا قرب و معرفت کی اعلیٰ ترین منزل پر فائز ہوتے ہیں تو حروف مقطعات اور متشابہات کے اسرار و معارف ان پر آشکارا ہو جاتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم وعطاؤہ اتم وھباتہٗ لا تعدُّ ولا تحصیٰ۔

[2] غلبت الروم: اَدْنیٰ: دُنُوٌّ سے ہے جس کا معنی ہے بہت قریب۔ الارض: ملک اور علاقہ۔ حجاز کے شرق میں ایرانیوں کی وسیع و عریض مملکت تھی جو مشرک اور آتش پرست تھے۔ مغرب میں رومی سلطنت تھی جو اہل کتاب اور حضرت مسیح کے پیروکار تھے۔ ان کا پرچم یورپ، افریقہ، ایشیا کے مغربی ممالک، شام، اردن، فلسطین کی فضاؤں میں لہرا رہا تھا۔ جب مکہ میں حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے توحید کی تبلیغ شروع کی تو مکہ کی آبادی دو حصوں میں بٹ گئی۔ ایک گروہ مشرکین کا تھا جو بت پرست تھے اور دوسرا گروہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے غلاموں کا تھا جو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کو دل و جان سے تسلیم کر چکے تھے اور ہر قسم کے شرک جلی اور خفی سے ان کا دل پاک ہو چکا تھا۔ کفر و اسلام کی یہ کشمکش دن بدن شدت اختیار کرتی جا رہی تھی۔ مکہ میں جب یہ اطلاع پہنچی کہ ایران اور روم باہم برسرپیکار ہیں، تو طبعی طور پر مشرکین مکہ کی دلچسپیاں ایران کے آتش پرست مشرکوں کے ساتھ تھیں اور فرزندان اسلام کی ہمدردیاں رومیوں کے ساتھ تھیں جو اہل کتاب تھے۔ انہی ایام میں خسرو کسریٰ ایران کی جنگ قیصر روم کی فوجوں کے ساتھ شام کے نواحی علاقہ میں ہوئی جس میں ایرانیوں کا پلہ بھاری رہا۔ اپنے ہم مشربوں کی کامیابی کی خبر سن کر مشرکین مکہ کی خوشی کی انتہا نہ رہی اور لگے ڈینگیں مارنے

غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُونَ ﴿٣﴾ فِي بِضْعِ سِنِينَ ۗ لِلَّهِ الْأَمْرُ مِن قَبْلُ

ضرور غالب آئیں گے ۳ چند برس کے اندر ۳ اللہ ہی کا حکم ہے پہلے بھی

وَمِن بَعْدُ ۚ وَيَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ ﴿٤﴾ بِنَصْرِ اللَّهِ ۚ يَنصُرُ

اور بعد بھی اور اس روز خوش ہوں گے اہلِ ایمان اللہ تعالیٰ کی مدد سے۔ وہ مدد

کہ جس طرح آگ کے پجاریوں نے شام کے علاقہ میں اہلِ کتاب کو شکست دی ہے اسی طرح یہاں بھی بہت جلد لات وہبل کے پرستار اللہ تعالیٰ کی توحید کے علمبرداروں کو نیست و نابود کر کے رکھ دیں گے مسلمانوں کے دل بھی رومیوں کی شکست سے بڑے رنجیدہ ہوئے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل کر کے ایرانیوں کی شکست فاش اور رومیوں کی فتح مبین کی پیشگوئی فرمائی۔ اور اپنے بندوں کو تسلی دی کہ کفر کی یہ کامیابی عارضی ہے۔ چند سالوں میں حالات کا رخ بدل جائے گا اور رومیوں کا بول بالا ہوگا چنانچہ ایسا ہی ہوا جس کا مفصل بیان اس سورۃ کے تعارف میں آپ پڑھ چکے ہیں۔

۳ یہاں سین تاکید کے لیے ہے یعنی رومی ضرور غالب ہوں گے مستقبل قریب کا معنی فی بضع سنین سے واضح ہے۔ ایک مفہوم ادا کرنے کے لیے دو لفظ شانِ فصاحت سے بعید ہیں۔ وفی ذلك تاكيد لما يفهم من السين اى سيغلبون فارس البتة۔ (روح المعانی)

۳ علامہ جوہری اپنی لغت کی مشہور کتاب الصحاح میں اس لفظ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں وبضع فی العدد بکسر الباء وبعض العرب يفتحها وهو ما بين الثلاث الى التسع (بضع تین سے نو تک کے اعداد پر بولا جاتا ہے) جب یہ آیات نازل ہوئیں تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کفار کے پاس گئے اور کہا کہ اپنے مشرک بھائیوں کے غلبہ پر زیادہ خوشیاں نہ مناؤ کیونکہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا ہے کہ عنقریب رومی ایرانیوں کو شکست دیں گے۔ یہ سن کر اُبی ابن خلف سے نہ رہا گیا اور کھڑا ہو کر کہنے لگا اے ابوبکر! تم جھوٹ بول رہے ہو۔ حضرت صدیق نے فرمایا۔ انت اكذب يا عدو الله اے اللہ کے دشمن تم جھوٹے ہو۔ میں اس پر شرط بدنے کے لیے تیار ہوں۔ اگر تین سال تک ایرانی غالب آگئے تو میں دس اونٹ دوں گا۔ اور اگر رومی فتح یاب ہوئے تو تمہیں دس اونٹ دینا ہوں گے۔ اُبی نے یہ شرط منظور کر لی حضرت صدیق وہاں سے بارگاہِ رسالت میں آئے اور سارا ماجرا عرض کیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا بضع سنین کا لفظ تین سے نو تک بولا جاتا ہے۔ آپ واپس جائیں اور اُبی ابن خلف سے مدت میں ترمیم اور شرط میں زیادتی کا مطالبہ کریں۔ چنانچہ مدت نو سال قرار پائی اور اونٹوں کی تعداد دس سے سو کر دی گئی۔ وقت گزرتا گیا جس دن اللہ تعالیٰ نے غلامانِ مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ والثناء کو میدانِ بدر میں فتح مبین سے شاد کام فرمایا اسی روز یہ خبر بھی پہنچی کہ رومیوں نے ایرانیوں کو شکست فاش دی ہے مسلمانوں کو ایک وقت میں دو خوشیاں نصیب ہوئیں۔ اُبی ابن خلف اس واقعہ سے پہلے ہلاک ہو چکا تھا چنانچہ حضرت صدیقؓ نے شرط کے سو اونٹ اس کے وارثوں سے وصول کیے اور انہیں لے کر حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ رسولِ مکرم نے فرمایا

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۙ﴿۵﴾ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ

فرماتا ہے جس کی چاہتا ہے اور وہی سب پر غالب ہے ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ یہ وعدہ اللہ نے کیا ہے ؎ اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ کی

وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶﴾ يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا

خلاف ورزی نہیں کرتا، لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت کو) نہیں جانتے ؎ وہ جانتے ہیں دنیوی زندگی کے

تَصَدَّقْ بِهٖ۔ اے ابوبکر! انہیں صدقہ کردو۔ اپنے آقا کا اشارہ پاتے ہی اس پیکرِ تسلیم و رضا نے سو کے سو اونٹ راہِ خدا میں صدقہ کر دیئے اور مدعیانِ محبت کے سامنے ارشادِ محبوب کی تعمیل کی ایک تابندہ مثال پیش کر دی۔

مسئلہ: شریعتِ اسلامی میں شرط بدنا حرام ہے۔ جس وقت حضرت صدیق نے یہ شرط لگائی تھی اس وقت تک اس کی حرمت کا حکم نازل نہیں ہوا تھا۔ بعد میں اسے حرام کر دیا گیا۔ اسی لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان اونٹوں کو صدقہ کرنے کا حکم فرمایا۔

؎ یہ مفعول مطلق ہے۔ اس کا عامل محذوف ہے۔ تقدیر کلام یوں ہے وَعَدَ اللّٰهُ وَعْدًا۔ اس کا مقصد کلام سابق کی تاکید بالائے تاکید ہے یعنی رُومی ضرور غالب آئیں گے اور مسلمانوں کو یقیناً اس روز خوشی ہوگی۔

؎ کیونکہ وعدہ خلافی عیب ہے اور جو شخص وعدہ خلافی کرتا ہے وہ اپنی بے بسی اور کمزوری کا اعتراف کرتا ہے کہ وہ اس وعدہ کو ایفا کرنا چاہتا تھا لیکن اپنی بے بسی کے باعث ایسا نہ کر سکا۔ یا وعدہ خلافی کرنے والے کے خبثِ باطن کی دلیل ہے کہ اس نے جو وعدہ کیا وہ اسے پورا کرنا نہیں چاہتا تھا۔ اس نے محض دوسرے آدمی کو دھوکہ اور فریب دینے کے لیے یہ وعدہ کر لیا تھا۔ یہ سب عیب ہیں اور اللہ تبارک و تعالیٰ تمام عیوب سے مبرّا اور منزّہ ہے۔

ان آیات کی ایک دوسری تفسیر علامہ کلینی نے اپنی مشہور کتاب الکافی میں حضرت امام باقر علیہ وعلیٰ آباءہ الکرام افضل الصلوٰۃ والسلام سے نقل کی ہے لیکن ہے اس کے مطالعہ سے کسی کے دل میں صحابہ کرام خصوصاً حضرت فاروقِ اعظم کے خلاف جو بغض و عناد ہے وہ دُور ہو جائے اس لیے اس روایت کا ترجمہ پیشِ خدمت ہے۔

ابو عبیدہ نے حضرت امام ابو جعفر باقر والد ماجد حضرت جعفر صادق سے ان آیات کا مطلب پوچھا حضرت نے ارشاد فرمایا ان آیات کی ایک ایسی تاویل ہے جسے صرف اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور آلِ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے جو لوگ راسخون فی العلم کی صفت سے متصف ہیں وہ جانتے ہیں۔ پھر فرمایا حضور جب ہجرت کر کے مدینہ طیبہ تشریف لائے تو حضور نے ایک گرامی نامہ قیصرِ روم کو لکھا اور اسے اسلام قبول کرنے کی دعوت دی۔ شاہِ روم کے پاس جب قاصد یہ نامہ مبارک لے کر پہنچا تو اس نے بڑی تعظیم کی اور قاصد سے بھی بڑی عزت و احترام سے پیش آیا۔ لیکن شاہِ ایران نے والا نامہ کی بے ادبی کی اور اسے پارہ پارہ کر دیا اور قاصد کی بھی توہین کی۔ ان دنوں میں شاہِ ایران اور شاہِ روم کی لڑائی شروع تھی۔ مسلمانوں کی آرزو تھی کہ شاہِ روم کامیاب ہوں۔ لیکن جنگ کا نتیجہ مسلمانوں کی خواہش کے برعکس نکلا۔ ایرانی کامیاب ہو گئے۔ رومیوں کو شکست ہوئی۔ مسلمانوں نے یہ خبر سنی تو انہیں بہت دکھ ہوا۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں۔ ان کا مطلب یہ ہے

# مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ⑦ اَوَلَمْ

ظاہری پہلو کو ۔ ش۔ اور وہ آخرت سے بالکل غافل ہیں۔ کیا انہوں نے

کہ رومی قریب کے علاقوں میں شام و اردن میں شکست کھا گئے۔ وھم یعنی وفارس من بعد غلبھم (الرم)، سیغلبون یعنی یغلبھم المسلمون فی بضع سنین للہ الامر من قبل ومن بعد ویومئذ یفرح المومنون بنصر اللہ عز وجل۔ ترجمہ: اور یہ فارسی رومیوں کو شکست دینے کے بعد خود مغلوب ہو جائیں گے یعنی مسلمان اُن پر غالب آجائیں گے۔ چند سالوں میں اللہ تعالیٰ کا ہی حکم ہے پہلے بھی اور پیچھے بھی۔ اس دن اہل ایمان خوش ہوں گے اللہ کی مدد سے۔ اللہ تعالیٰ مدد فرماتا ہے جس کی چاہتا ہے۔

جب مسلمانوں نے ایران پر حملہ کیا اور اسے فتح کر لیا تو مسلمان اللہ کی اعانت اور نصرت سے خوش ہوئے۔ ابوعبیدہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کی کہ اے امام عالی مقام قرآن نے تو بضع سنین (چند سال) کی مدت مقرر کی ہے اور مسلمانوں نے ان آیات کے نزول کے کافی سال بعد حضور کی معیت میں گزارے پھر حضرت ابوبکر کی خلافت کا زمانہ گزرا پھر یہ ملک حضرت عمر کی امارت میں فتح ہوا۔ تو آپ نے فرمایا اے ابوعبیدہ کیا میں نے تمہیں پہلے ہی نہیں کہہ دیا تھا کہ ان آیات کی ایسی تاویل اور تفسیر ہے جسے اللہ تعالیٰ اور ائمہ اہل بیت ہی جانتے ہیں۔ (کتاب الروضہ جلد دوم ص ۱۲۹، ۳۰۔ مطبوعہ مکتبۃ الاسلامیہ تہران ایران)

حضرت امام باقر کی اس تفسیر سے معلوم ہوا کہ ان آیات میں فتح ایران کی بشارت دی گئی ہے اور یہ فتح محض اللہ تعالیٰ کی تائید، نصرت اور اعانت سے حاصل ہوئی اور اس فتح سے اہل ایمان کو خوشی اور شادمانی نصیب ہوئی۔ اب آپ خود ہی اندازہ فرمائیں جس خلیفہ کی افواج کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی امداد ہو جس خلیفہ کی فتوحات کی خوشخبریاں اللہ تعالیٰ نے اپنی مقدس کتاب میں دی ہوں جس خلیفہ کی فتوحات سے اہل ایمان کے دلوں میں فرحت و شادمانی کی بہار آگئی ہو۔ اسلام کی عزت و اقبال کا آفتاب ضوفشاں ہوا ہو کیا اس خلیفہ کے برحق ہونے میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش ہے؟ جو لوگ اس عظیم المرتبت خلیفہ کے درخشاں کارناموں کے باوجود اس پر زبانِ طعن دراز کریں یا اس کے ایمان پر معترض ہوں ان کا انجام کیا ہوگا۔ آیاتِ ربانی کے اس شفاف آئینہ میں اور حضرت امام باقر کی اس تفسیر کی روشنی میں لوگ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت کا مطالعہ کیوں نہیں کرتے؟ اللہ تعالیٰ ہم سب کو راہ حق پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے اور تعصب اور ہٹ دھرمی سے رہائی بخشے! آمین بجاہ طٰہٰ و یٰس صلی اللہ علیہ وسلم۔

ش یعنی ظاہری حالات تو ایسے ہی تھے کہ رومیوں کی کامیابی کا قطعاً کوئی امکان ہی نہ تھا اور صرف ظاہری احوال و اطوار پر نظر رکھنے والے کبھی یہ باور نہیں کر سکتے تھے کہ تباہ حال رومی قہر و جبروت کے پیکر خسرو پرویز کو ناک چنے چبوا دیں گے۔ اور خسرو کے سر غرور کو اس کے اپنے بیٹے کی تلوار قلم کر کے رکھ دے گی۔ اس لیے وہ لوگ قرآن کریم کی اس پیش گوئی کو تسلیم کرنے کے لیے قطعاً تیار نہیں تھے لیکن اللہ تعالیٰ جس نے سبب اور مسبب علت اور معلول میں مستحکم رابطہ قائم کیا ہے وہ اس رابطہ کو بے اثر بھی بنا سکتا ہے اور اسباب و علل کی اثر انگیزی کو یک قلم موقوف بھی کر سکتا ہے اور انہیں بدل دینے کا بھی پورا اختیار رکھتا ہے اس لیے جس بات کو مکہ کے زیرک اور معاملہ فہم سرداران قریش نہ سمجھ سکے اسے صدیق کے نورِ فراست نے دیکھ بھی لیا اور اس کے دل نے اسے تسلیم بھی کر لیا۔

يَتَفَكَّرُوا فِي أَنفُسِهِم ۗ مَّا خَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ

کبھی غور نہیں کیا اپنے جی میں ۸ نہیں پیدا فرمایا اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو اور جو

وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَجَلٍ مُّسَمًّى ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ

کچھ ان کے درمیان ہے مگر حق کے ساتھ اور ایک مقررہ مدت تک کے لیے۔ اور بلاشبہ اکثر لوگ

النَّاسِ بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ لَكَافِرُونَ ﴿٨﴾ أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ

اپنے رب کی ملاقات کے سخت منکر ہیں۔ کیا انہوں نے سیر و سیاحت نہیں کی زمین میں،

فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَانُوا أَشَدَّ

تاکہ وہ دیکھتے کیا ہوا انجام ان لوگوں کا جو ان سے پہلے تھے ۹ وہ زیادہ تھے

اس آیت کا یہ مفہوم بھی بتایا گیا ہے کہ وہ لوگ جن کا آنے والی زندگی پر ایمان نہیں وہ اس دنیوی زندگی کو پُر لطف اور باوقار بنانے کے لیے ہر وقت مصروف رہتے ہیں اس معاملہ میں ان کی فہم و فراست کو دیکھ کر انسان عش عش کر اٹھتا ہے۔ تجارت، حرفت، صنعت، زراعت اور دیگر دنیاوی امور میں ان کی جدت طرازیاں اور ندرت آفرینیاں لوگوں کو حیران کر دیتی ہیں۔ لیکن یہی لوگ باوجود عقل و دانش اپنی عاقبت سنوارنے کی طرف متوجہ نہیں ہوتے اور ایسی نیکیاں کرنے کا شوق ان کے دلوں میں پیدا نہیں ہوتا جو آسان بھی ہیں اور ارزاں بھی۔ اس معاملہ میں ان کی کوتاہیوں پر جب نظر پڑتی ہے تو ان کی نادانی اور حماقت پر ہنسی آجاتی ہے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے ؎

ومن البلية ان ترى لك صاحبا — في صورة الرجل السميع البصر

فطن بكل مصيبة في ماله — واذا اُصيب بدينه لم يشعر (القرطبی)

یعنی یہ بڑی الم انگیز بات ہے کہ تیرا ایک دوست جو عقل و دانش میں لاجواب ہے اور اپنے مالی نقصان سے بچنے کے لیے بڑی عقلمندی کا ثبوت دیتا ہے لیکن اسکے دین پر قیامت ہی کیوں نہ ٹوٹ پڑے اور اس کے ایمان کا چراغ بجھ ہی کیوں نہ جائے اسے احساس تک نہیں ہوتا۔

۸ کفر و گمراہی کی اندھیری رات میں فکر و تدبر کا چراغ روشن کرنے کی ترغیب دی جارہی ہے۔ اپنے جسم کی ظاہری ساخت اسکے ظاہری اور باطنی قویٰ مختلف اعضاء اور انکے متعلقہ وظائف میں غور و فکر کرو۔ آسمان کی بلندی زمین کی پستی پر نگاہ عبرت ڈالو ہر چیز گواہی دے رہی ہے کہ ان کو پیدا کرنیوالا ان گوناگوں خوبیوں اور خصوصیتوں سے متصف کرنیوالا قادر بھی ہے اور حکیم و علیم بھی۔ اس غور و فکر سے کفر کے گھٹا ٹوپ اندھیرے کافور ہو جائینگے حق و صداقت کا اجالا ان کی زندگی کے سارے شعبوں کو منور کر دے گا۔ لیکن مصیبت تو یہ ہے کہ اکثر لوگ آیات الٰہی میں غور و تدبر کی زحمت گوارا نہیں کرتے اور ساری عمر بھٹکتے رہتے ہیں۔ ۹ غور و فکر کی صلاحیت ہر شخص میں یکساں نہیں ہوتی۔ اور جنہیں یہ صلاحیت بخش جاتی ہے ان میں سے

# مِنْهُمْ قُوَّةً وَّ اَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَا اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا

ان سے زور میں اور انہوں نے خوب ہل چلائے زمین میں ۱۱؎ اور انہوں نے اسے آباد کیا اس سے زیادہ جتنا انہوں نے اسے آباد کیا

بھی بہت کم اس سے استفادہ کی زحمت گوارا کرتے ہیں۔ لیکن گزری ہوئی قوموں کے اُجڑے ہوئے محلات اور قلعوں کے کھنڈرات ہر ملک میں بکثرت موجود ہیں اور ہر آنکھ ان کا مشاہدہ کرتی ہے۔ اس لیے اب دُنیا کی بے ثباتی اور بُرے کاموں کے ہولناک نتائج سے انہیں باخبر کرنے کے لیے سرکش اقوام کے اُجڑے ہوئے کھنڈروں اور برباد محلوں کو نگاہِ عبرت سے دیکھنے کی طرف انہیں راغب کیا جا رہا ہے۔ فرمایا کہ تمہارے تجارتی کارواں مشرق و مغرب کا سفر کرتے ہیں، راستے میں تم نے کئی اُجڑی ہوئی بستیاں، کئی ویران محلات، کئی شکستہ قلعے دیکھے ہوں گے۔ کسی دن ان کے پاس کھڑے ہو کر ان سے پوچھو کہ تمہارے بنانے والے اور تمہاری تزئین و آرائش پر پانی کی طرح روپیہ بہانے والے تمہیں یوں سونا چھوڑ کر کدھر چلے گئے ہیں؟ آج تمہارے شبستانوں میں چراغ کیوں نہیں جلتے، آج تمہارے گلستانوں میں پھول کیوں نہیں کھلتے جہاں زندگی اپنی ساری رعنائیوں کے ساتھ محوِ رقص رہا کرتی تھی وہاں آج خاک کیوں اُڑ رہی ہے؟ وہ تمہیں بتائیں گے کہ ہمارے بنانے والے اپنے رب کی یاد سے غافل ہو گئے تھے انہوں نے گناہ اور بدی کا راستہ اختیار کر لیا تھا، وہ غریبوں پر ظلم ڈھاتے، وہ حقداروں کا حق چھین کر اپنی عیش و نشاط کی بزمیں سجاتے، وہ اپنے خالق کے منکر ہو گئے تھے اور قیامت کے دن پر ان کا ایمان نہ رہا، مکافاتِ عمل کے اٹل قانون سے غافل ہو کر انہوں نے ظلم اور گناہ کی حد کر دی۔ انہیں کے گناہ، انہیں کے مظالم، انہیں کا فسق و فجور، انہیں کے کرتوت قہر و عذاب کی بجلی بن کر گرے اور انہیں اور ان کے سامانِ تعیش کو خاک سیاہ بنا کر رکھ دیا۔ ان کی جاہ و حشمت افسانہ بن کر رہ گئی، یہ شکستہ دیواریں اور اُجڑی ہوئی روشیں صرف ان کی تباہی و بربادی کی داستان سنانے کے لیے باقی رہ گئی ہیں اور اپنے پاس سے گزرنے والوں کو اپنی زبانِ حال سے یہ نصیحت کر رہی ہیں کہ اپنی قوت و طاقت پر، اپنی صحت و جوانی پر، اپنے وسائل کی کثرت اور ثروت کی فراوانی پر مغرور مت ہو۔ اپنے خالق کا انکار نہ کرو۔ اس کی مخلوق جو اسے بہت پیاری ہے اس پر جبر و تشدد نہ کرو ورنہ تمہارا حشر بھی وہی ہو گا جو تم سے پہلے سرکش لوگوں کا ہو چکا ہے۔

۱۱؎ عام طور پر اَثَارُوا الْاَرْضَ کا معنی زمین میں ہل چلانا کیا جاتا ہے لیکن علامہ ابن حیان نے اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھا ہے۔ قلبوا وجه الارض لاستنباط المياه واستخراج المعادن والقاء البذر فيها للزراعة : والاثارة تحريك الشيء حتى ترتفع ترابه (البحر) یعنی اثار کا لغوی معنی تو کسی چیز کو اس طرح متحرک کرنا اور اسے جنبش دینا ہے کہ اس سے گرد و غبار اُڑنے لگے لیکن اہل عرب اثاروا الارض کا یہ معنی مُراد لیتے ہیں کہ زمین کی سطح کو اس طرح اُلٹ پلٹ کرنا کہ اس سے پانی نکالا جا سکے، معدنیات نکالی جا سکیں اور کھیتی باڑی کے لیے اس زمین میں بیج ڈالا جا سکے۔ اس لفظی تشریح کے بعد اب آیت کا مفہوم سمجھیے یعنی وہ برباد شدہ قومیں جن کے کھنڈرات تمہیں درسِ عبرت دے رہے ہیں وہ قوت و طاقت میں، زرعی مہارت اور صنعتی قابلیت میں تم سے کہیں زیادہ تھیں۔ انہوں نے پہاڑوں کے جگر چیر کر معدنیات کے چھپے ہوئے خزانے نکالے، انہوں نے زمین کھود کر کنوئیں بنائے، نہریں نکالیں، بند باندھے اور بنجر زمینوں میں ہل چلا کر انہیں زراعت کے قابل بنا دیا۔ ان کی عقلمندی اور ہنرمندی کے باعث وہاں سرسبز کھیت لہلہانے لگے، جگہ جگہ شہر اور گاؤں آباد ہو گئے لیکن یہ ساری مہارتیں اور قابلیتیں انہیں ان کے جرائم کی پاداش سے نہ بچا سکیں۔ جب ان کی سرکشیاں حد سے بڑھ

وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ

اور آئے ان کے پاس ان کے رسول روشن نشانیاں لے کر۔ پس نہ تھی اللہ کی یہ شان کہ وہ ان پر ظلم کرتا، بلکہ وہ

كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۹ ؕ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوا

خود ہی اپنے آپ پر ظلم کرتے رہتے تھے۔ آخرکار ان کا انجام جنہوں نے برائی کی تھی، بہت برا

السُّوْۤاٰى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۱۰ ع اَللّٰهُ

ہوا [۱۱] کیونکہ انہوں نے جھٹلایا اللہ کی آیتوں کو اور وہ ان کے ساتھ مذاق کیا کرتے تھے اللہ تعالیٰ

يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۱۱ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ

ابتدا کرتا ہے تخلیق کی پھر (فنا کرنے کے بعد) دوبارہ پیدا کرے گا اسے پھر اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ اور جس روز

يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ۱۲ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَكَانُوْا

برپا ہوگی قیامت مجرموں کی آس ٹوٹ جائے گی [۱۲] اور نہیں ہوں گے ان کے لیے ان کے شریکوں میں سے شفاعت کرنیوالے [۱۳]

گئیں تو مکافاتِ عمل کا قانون سیلاب بن کر اُمڈا اور انہیں تنکوں کی طرح بہا کرلے گیا۔ اے کفارِ مکہ! اگر تم بھی اپنی اس روش سے باز نہ آئے تو تمہارا انجام بھی یہی ہوگا۔

[۱۱] حُسنیٰ کے وزن پر اَسْوَأ کی تانیث ہے۔ عاقبۃ کان کی خبر مقدم ہے اور السُّوْۤاٰى اس کا اسم ہے اور بعض نے عاقبۃ کو رفع پڑھا ہے اور اسے کان کا اسم بنایا ہے اور السُّوْۤاٰى کو خبر۔ عاقبۃ مؤنث غیر حقیقی ہے اس لیے کان کی تذکیر جائز ہے بعض علماء نے اَنْ كَذَّبُوا کے جملے کو کان کا اسم بنایا ہے۔ آیت کا مفہوم یہ ہے کہ ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کی تکذیب کی اور ان کا مذاق اڑایا ان کی ان بداعمالیوں کے باعث انہیں ہولناک انجام سے دوچار ہونا پڑا۔

[۱۲] جب انسان لاجواب ہوجائے۔ اس کے پاس اپنے دعویٰ کو ثابت کرنے کے لیے کوئی دلیل نہ رہے اور اس پر حیرت و یاس کی کیفیت طاری ہوجائے تو عرب کہتے ہیں۔ اَبْلَسَ الرجل اذا سکت و انقطعت حجتہ وقریب منہ تحیّر۔ قرطبی۔ مجرموں کی کیفیت کی کتنی مؤثر تصویر کشی ہے۔

[۱۳] یعنی دنیا میں جن بتوں کو انہوں نے معبود بنا رکھا تھا جن کو وہ خدائے واحد کا شریک ٹھہراتے تھے اور جن کی عبادت اور پوجا کیا کرتے تھے وہ اس روز ان کی کوئی سفارش نہیں کریں گے۔



منزل ۵

بِشُرَكَآئِهِمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿۱۴﴾

اور وہ اپنے شریکوں کے منکر ہو جائیں گے۔ ۱۲ اور جس روز برپا ہوگی قیامت اس دن وہ جدا جدا ہو جائیں گے ۱۳

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ﴿۱۵﴾

تو وہ جو ایمان لائے تھے اور نیک عمل کرتے رہے تھے وہ باغ (جنت) میں مسرور (اور محترم) ہوں گے ۱۴

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي

اور جنہوں نے کفر کیا تھا اور جھٹلایا تھا ہماری آیتوں کو اور آخرت کی ملاقات کو تو وہ عذاب میں حاضر

الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾

رکھے جائیں گے ۱۵ سو پاکی بیان کرو اللہ تعالیٰ کی جب تم شام کرو اور جب تم صبح کرو ۱۶

۱۲ جب ایسے لوگ روزِ حشر خلافِ توقع اپنی قبروں سے نکال کر کھڑے کر دیے جائیں گے اور جہنم کے غضبناک شعلے ان کو بھسم کرنے کے لیے لپک رہے ہوں گے اور ان کے یہ جھوٹے معبود ان کی سفارش کرنے اور ان کی دستگیری کرنے سے انکار کر دیں گے تو ان کے پجاری ان کا انکار کرنے لگیں گے اور وہ معبودانِ باطل سے اپنی قطع تعلق کا اظہار کرنے لگیں گے۔ شفاعت کے مقام پر انبیاء اور صلحاء فائز ہوں گے جھوٹے خداؤں کی کیا مجال کہ گستاخی کر سکیں نیز شفاعت اہلِ ایمان گنہگاروں کے لیے ہے، کفار و مشرکین کے لیے تو شفاعت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

۱۳ روزِ حشر اہلِ ایمان کو کفار کے زمرہ سے الگ کر دیا جائے گا۔ ۱۴ روضہ: جنت اور باغ۔ يُحْبَرُوْنَ: جن کو ایسی مسرت و فرحت کر کتے ہیں جس کے ساتھ عزت و اکرام بھی ہو۔ چنانچہ علامہ جوہری اس آیت کی لغوی تشریح کرتے ہوئے رقمطراز ہیں: ای ينعمون ويكرمون و يسرون۔ مسرت و فرحت بذاتِ خود بھی بڑی اعلیٰ چیز ہے لیکن ایسی مسرت جس کے ساتھ انعام و اکرام بھی ہو اس کا کیا کہنا۔ يُحْبَرُوْنَ کے اس مفہوم کو ذہن میں رکھتے ہوئے مومن کی شادمانی کا اندازہ لگائیں تو آیت کا صحیح مفہوم آپ کو سمجھ آئے گا۔

۱۵ اہلِ ایمان کی عزت افزائی کے ذکر کے بعد اب جو برتاؤ کفار کے ساتھ کیا جائے گا اس کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ "محضرون" کا لفظ قابلِ غور ہے۔ علامہ ابن منظور لسان العرب میں اس کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ الحاضر القوم النُّزُولُ على ماء يقيمون به ولا يرحلون عنه، یعنی وہ قوم جو کسی چشمہ پر اقامت گزیں ہو جائے اور وہاں سے کوچ کرنے کا کوئی ارادہ نہ رکھتی ہو اسے اہلِ عرب الحاضر کہتے ہیں آیت میں بھی المحضرون کا یہی معنی ہے کہ انہیں عذابِ جہنم میں مبتلا کر دیا جائے گا نہ اس کی میعاد ختم ہوگی نہ وہ کسی حیلہ سے وہاں سے راہِ فرار اختیار کرنے پر قادر ہوں گے یعنی ہمیشہ ہمیشہ اس میں مبتلا رہیں گے۔ اسی لیے علامہ قرطبی نے محضرون کی تفسیر مقیمون سے کی ہے۔ علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ مدخلون لا يغيبون عنه۔ اہلِ ایمان کے لیے يحبرون مضارع کا صیغہ استعمال ہوا ہے جو تجدد پر دلالت کرتا ہے یعنی ہر آن انہیں نئی لذت

وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ۝۱۸

اور اسی کے لیے ساری تعریفیں ہیں آسمانوں میں اور زمین میں نیز (پاکی بیان کرو) سہ پہر کو اور جب تم دوپہر کرتے ہو۔

يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ

نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے [note] اور نکالتا ہے مردہ کو زندہ سے اور زندہ کرتا ہے زمین کو اس کے مردہ

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝۱۹ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ

ہونے کے بعد اور یونہی (قبروں سے) تمہیں نکالا جائے گا اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں

خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ۝۲۰ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ

سے (ایک یہ) ہے کہ اس نے پیدا کیا تمہیں مٹی سے پھر تم اچانک بشر بن کر (زمین میں) پھیل رہے ہو [note] اور اس کی (قدرت کی)

اور سرور انہیں نت نئے اکرام سے نوازا جائے گا۔ اس کے برعکس کفار کے لیے محضرون اسم مفعول کا صیغہ ذکر کیا گیا ہے جو دوام اور ثبوت پر دلالت کرتا ہے۔

[note] سُبحان مصدر ہے۔ اس کا فعل محذوف ہے۔ اصل یوں ہے فسبحوا اللہ سُبحانہٗ یعنی اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرو۔ حضرت ابن عباس و دیگر مفسرین نے فرمایا ہے کہ یہاں تسبیح اور حمد سے مراد نماز ہے۔ اور ان دو آیتوں میں چار نمازوں کے اوقات بیان کیے گئے ہیں۔ مغرب، صبح، عصر اور ظہر۔ عشا کی نماز کا وقت ایک دوسری آیت میں مذکور ہے وزلفا من اللیل اور ابن عباس کی یہ تفسیر ہی زیادہ مناسب ہے کیونکہ محض تسبیح اور حمد کے لیے وقت کی پابندی ضروری نہیں وہ ہر آن اور ہر لحظہ کی جا سکتی ہے جس عبادت میں وقت کی پابندی شرط ہے وہ نماز ہے۔

[note] اللہ تعالیٰ کی اس عظیم قدرت کا مشاہدہ تم ہر روز کرتے رہتے ہو ایسی عظیم قدرت والے کے لیے یہ ذرا مشکل نہیں کہ وہ تمہیں مارنے کے بعد پھر زندہ کر دے۔ [note] یہاں سے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، کبریائی، اس کی قدرت اور حکمت کے دلائل کا سلسلہ شروع ہو رہا ہے۔ ان میں سے ہر دلیل اتنی مؤثر اور یقین افزا ہے کہ انسان جب اس پر غور کرتا ہے تو اس کا دل و دماغ بے ساختہ یہ شہادت دینے لگتا ہے کہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ۔

انسان کو مٹی سے بنایا۔ وہ مٹی محض بے جان ہے۔ دیکھنے سننے کی صلاحیت سے محروم، عقل و فہم سے یکسر عاری۔ ایسی مٹی سے انسان کو بنایا اور اسے احسن تقویم کے شرف سے نوازا۔ چاند کی چاندنی اس کے رُخِ جمال کے سامنے شرمندہ، سرو چمن اس کی قامت زیبا کے آگے دم بخود، صبح طرب خیز کا تبسم اس کی مسکراہٹ پر قربان، پھولوں کی تازگی اور لطافت اس کی رعنائی و دلربائی پر نثار، غرضیکہ حسن و جمال کے سارے مظاہر اس آئینہ انوار الٰہی کے سامنے سرافگندہ ہیں۔ اس کی عقل و فہم کی جولانیوں کے سامنے افلاک کی بلندیاں سرنگوں اور فضا کی وسعتیں سمٹ کر رہ گئی ہیں۔ تم ہی بتاؤ جس رب قدوس نے اس بے جان مٹی سے ایسا شاہکار تخلیق فرمایا اس کی عظمتوں کا کیا ٹھکانا۔

اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ

ایک نشانی یہ ہے کہ اس نے پیدا فرمائیں تمہارے لیے تمہاری جنس سے بیویاں تاکہ تم سکون حاصل کرو ان سے اور پیدا فرما دیے تمہارے

مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢١﴾ وَمِنْ

درمیان محبت اور رحمت (کے جذبات) ٢٣ بے شک اس میں بہت نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو غور و فکر کرتے ہیں ٢٤ اور اس کی

اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ۭ

نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی تخلیق ہے نیز تمہاری زبانوں اور رنگوں کا اختلاف۔

٢٣ زندگی کی شاہراہ بڑی ہی کٹھن ہے۔ قدم قدم پر رکاوٹیں ہیں۔ ہجوم مصائب ہے۔ غموں کے اندھیرے ہیں۔ ناکامیوں کے چرکے اور مایوسیوں کی وحشتیں ہیں۔ اس کے باوجود حکم یہ ہے کہ اپنے خالق کو پہچانو اور اس کی مخلوق پر بھی ابر رحمت بن کر برسو۔ قعر دریا میں تختہ بند بھی کر دیا گیا ہے اور دامن تر مکن ہوشیار باش کا فرمان واجب الاذعان بھی سنا دیا گیا ہے۔ ؎

یہ طول سفر یہ نشیب و فراز — مسافر کہاں تک سنبھلتا رہے

لیکن اس کریم نے انسان کے شکستہ حوصلوں کو بلند رکھنے کے لیے اس کے ڈگمگاتے قدموں کو ثبات بخشنے کے لیے آلام و مصائب کے بوجھ کو ہلکا کرنے کیلئے اسی کی جنس سے بیوی کی صورت میں اسے ایک رفیق سفر بھی عطا کر دیا۔ جنسی یگانگت کے علاوہ دونوں کے دلوں کو محبت اور رحمت کے پاکیزہ اور مضبوط تعلقات سے جوڑ دیا ہے۔ یہ یگانگت صرف ان دنوں تک محدود نہیں جب صحت و شباب کا آفتاب چمک رہا ہو، جب حالات سازگار ہوں اور محبت بیدار ہو بلکہ محبت و پیار اور شفقت و ہمدردی کا یہ رشتہ کسی صورت میں بھی نہیں ٹوٹتا۔ غموں کے اندھیرے جیسے جیسے گہرے ہوتے جاتے ہیں محبت کی یہ شمع زیادہ نور افشانی کرنے لگتی ہے۔ جب حالات ناسازگار ہوں اس کی رفاقت میں مزید پختگی آجاتی ہے۔ نیز ان کی تخلیق اس طرح کی گئی ہے کہ دونوں ایک دوسرے کے بغیر ادھورے ہیں۔ دونوں کی حسرتوں، آرزوؤں، امنگوں اور خوشیوں کی تکمیل کا راز ایک دوسرے سے وابستہ رہنے میں ہے۔

خود سوچیے اگر محبت کا چراغ زندگی کی اس کٹھن راہ کو روشن نہ کرتا اور رحمت کا جذبہ ایک دوسرے کی دستگیری نہ کرتا تو اس سفر حیات کا انجام کتنا حسرت ناک ہوتا۔ تو ہزار جان قربان ہو اس خالق کریم پر جس نے مرد کی جنس سے عورت کو پیدا کیا اور پھر انہیں محبت اور رحمت کے رشتوں میں یوں پرو دیا کہ علیحدگی کا تصور تک پریشان کر دیتا ہے۔

میاں بیوی کے تعلقات پر انسان جتنا غور کرے پھر آیت کے ان کلمات طیبات میں "جعل بینکم مودۃ و رحمۃ" جتنا تدبر کرے اللہ تعالیٰ کی رحمت، حکمت اور قدرت کے جلوے اتنے ہی نمایاں ہوتے چلے جاتے ہیں۔

٢٤ مرد اور عورت کی آفرینش اور ان میں محبت و رحمت کے یہ تعلقات اللہ تعالیٰ کی کبریائی کی صرف ایک دلیل نہیں بلکہ اس میں بے شمار دلیلیں سمو دی گئی ہیں۔ جتنا کوئی سوچے گا اتنی ہی اسے معرفت نصیب ہوتی جائے گی۔

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّلْعَالِمِينَ ﴿٢٢﴾ وَمِنْ آيَاتِهِ مَنَامُكُم بِاللَّيْلِ

بیشک اس میں بھی نشانیاں ہیں اہل علم کے لیے ۲۳ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے تمہارا سونا رات

وَالنَّهَارِ وَابْتِغَاؤُكُم مِّن فَضْلِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ

کے وقت اور دن کے وقت اور تمہارا تلاش کرنا اس کے فضل کو ۲۴ بلاشبہ اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں

يَسْمَعُونَ ﴿٢٣﴾ وَمِنْ آيَاتِهِ يُرِيكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَطَمَعًا وَيُنَزِّلُ

کے لیے جو (غور سے) سنتے ہیں اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ وہ دکھاتا ہے تمہیں بجلی ڈرانے اور امید

مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَيُحْيِي بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ

دلانے کے لیے ۲۵ اور اتارتا ہے آسمان سے پانی اور زندہ کرتا ہے اس سے زمین کو اس کی مرنے کے بعد یقیناً اس میں بہت سی

لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ﴿٢٤﴾ وَمِنْ آيَاتِهِ أَن تَقُومَ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ

نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو عقلمند ہیں اور اس کی قدرت کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ قائم ہے آسمان اور زمین

بِأَمْرِهِ ۚ ثُمَّ إِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً مِّنَ الْأَرْضِ إِذَا أَنتُمْ تَخْرُجُونَ ﴿٢٥﴾

اس کے حکم سے ۲۶ پھر جب بلائے گا تمہیں زمین سے تو تم فوراً باہر نکل آؤ گے۔ ۲۷

۲۳ ایک آدم کی اولاد اور اتنی کثیر زبانیں اور اتنے مختلف رنگ۔ پھر ہر زبان اپنی اپنی جگہ گنج علم و دانش اور مخزن ادب و فن! ہر رنگ پرکشش اور دل موہ لینے والا۔ اہل علم ان امور میں غور کریں اور پھر فرمائیں کہ جس خالق نے ایک آدم سے گوناگوں اولاد پیدا فرما دی اس کی حکمت و قدرت کا کون انکار کر سکتا ہے۔

۲۴ یہ بھی اس کی شان رحمت ہے کہ اس نے دن کام کے لیے اور رات آرام کے لیے مخصوص فرما دی تاکہ ہر صبح انسان تازہ دم ہو کر اٹھے اور نئے جوش و نشاط کے ساتھ نئے دن کا استقبال کرے۔ ۲۵ یہ بھی اس کی قدرت و رحمت کی نشانیاں ہیں۔

۲۶ آسمان کا سائبان طناب و چوب کا محتاج نہیں۔ کرۂ زمین کسی نے کندھوں پر اٹھا نہیں رکھا پھر ہر چیز کیوں کر اپنی اپنی جگہ قائم ہے اور ہزاروں لاکھوں برسوں سے قائم ہے۔ آج تک اس کی ایک چول بھی ڈھیلی نہیں ہوئی۔ آج تک کہیں اس میں شگاف پیدا نہیں ہوا۔ اس نظام بدیع کے مطابق عالم کی تخلیق اور پھر اس کی بقا اس کی وحدانیت اور کبریائی کی گواہ ہے۔ ۲۷ جب تم مر جاؤ گے اور زمین میں دفن کر دیے جاؤ گے اور تمہیں دفن ہوئے سیکڑوں

وَلَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَهُوَ الَّذِیْ

اور اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔ سب اسی کے تابع فرمان ہیں اور وہی ہے جو

یَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَیْهِ ؕ وَلَهُ الْمَثَلُ

تخلیق کی ابتدا کرتا ہے پھر (فنا کرنے کے بعد) اسے دوبارہ بنائے گا اور یہ آسان تر ہے اور اسی کے لیے برتر شان

الْاَعْلٰی فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۷﴾ ضَرَبَ

ہے آسمانوں اور زمین میں ۲۸ اور وہی سب پر غالب حکمت والا ہے اللہ تعالیٰ بیان کرتا ہے

لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ؕ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ

تمہارے لیے ایک مثال تمہارے ہی حالات میں سے ۲۹ (یہ بتاؤ) کیا تمہارے غلام تمہارے حصہ دار

صدیاں بیت جائیں گی اور اللہ تعالیٰ جب تمہیں زمین سے باہر نکل آنے کا حکم دے گا تو تم ایک آن دیر کیے بغیر دامن جھاڑتے ہوئے نکل آؤ گے۔

۲۸ طرح طرح کے دلائل و براہین ذکر کرنے کے بعد اس سلسلہ کا اختتام ان پر جلال اور دلنشین کلمات طیبات سے فرمایا: المثل الاعلیٰ، یعنی اعلیٰ و برتر شان۔ علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ ان الفاظ کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: المثل ای الوصف العجیب الشان کالقدرۃ العامۃ والحکمۃ التامۃ وسائر صفات الکمال الاعلیٰ الذی لیس لغیرہ ما یدانیہ فضلا عما یساویہ (یعنی مثل، عظیم الشان وصف کو کہتے ہیں جیسے قدرت عامہ، حکمت تامہ اور دیگر صفات کمال اور اعلیٰ و بلند تر جس کا کوئی ہم پلہ نہ ہو۔

۲۹ اس سے پہلے اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ اور وقوع قیامت پر گوناگوں دلائل پیش کیے گئے۔ اب شرک کا ابطال کر کے توحید کے عقیدہ کی صداقت اور حقانیت کو ثابت کیا جا رہا ہے۔ اس کے لیے ایک ایسی مثال پیش کی جا رہی ہے جو عام فہم بھی ہے اور دلنشین بھی۔ پوچھا جا رہا ہے کہ اے خداوند کریم کے ساتھ مختلف قسم کے شریک ٹھہرانے والو تم ہی یہ بتاؤ جو رزق ہم نے تم کو عطا کیا ہے کیا تمہارے زر خرید غلام اس میں اس طرح کے حصہ دار ہوتے ہیں کہ ملکیت کے جملہ حقوق ان میں تصرف کے جملہ اختیارات، انہیں حسب منشا استعمال کرنے کی مکمل آزادی میں تم اور وہ یکساں ہو۔ اور اگر تم اپنی مرضی سے ان کی اجازت کے بغیر خرچ کرنے لگو تو تمہیں ان کی طرف سے مزاحمت کرنے، اعتراض کرنے، بلکہ دنگا فساد کرنے کا اندیشہ ہو۔ اگر ایسا نہیں اور یقیناً ایسا نہیں تو تم خود ہی انصاف کرو کہ اگر تم اپنے غلاموں کی اس قسم کی شرکت گوارا نہیں کرتے تو تمہیں شرم نہیں آتی کہ اللہ تعالیٰ جو کائنات کی ہر چیز کا خالق بھی ہے اور مالک بھی تم اس کے ساتھ بے جان مورتیوں یا فنا ہو جانے والے انسانوں کو شریک بناتے ہو تم خود ہی سوچو یہ کتنی بے انصافی ہے بلکہ یہ ایسی حماقت ہے کہ اس سے بڑھ کر کوئی دوسری حماقت اور ابلہی نہیں۔ اور تم تو بڑے عقلمند اور زیرک ہو۔ تمہارا ذہن رسا ہر بات کی تہ تک پہنچ جاتا ہے۔ تمہاری ذہانت اور معاملہ فہمی کا غلغلہ تو دور و نزدیک تک ہے تمہیں ایسی بے انصافی، حماقت اور ابلہی قطعاً زیب نہیں دیتی۔

مِّنْ شُرَكَآءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ تَخَافُوْنَهُمْ

ہوتے ہیں اس مال میں جو ہم نے تم کو عطا فرمایا ہے یوں کہ تم (اور وہ) اس میں برابر کے حصہ دار بن جاؤ۔ حتی کہ تم ڈرنے لگو ان سے

كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۲۸

جیسے تم ڈرتے ہو آپس میں ایک دوسرے سے۔ یوں ہم کھول کر بیان کرتے ہیں (اپنی) نشانیاں اس قوم کے لیے جو عقلمند ہے۔

اب ذرا آیت کے الفاظ میں غور فرمائیے مِنْ اَنْفُسِكُمْ ای من احوال انفسکم یعنی یہ مثال تمہارے حالات سے ماخوذ ہے جس کا شب و روز تم اس کا تجربہ کرتے رہتے ہو۔ هَلْ لَّكُمْ: یہ استفہام انکاری ہے یعنی ایسا نہیں ہوتا۔ لکم خبر مقدم ہے اور مِنْ شُرَكَآءَ مبتدا موخر ہے یہاں مِنْ زائدہ ہے اور استفہام انکاری سے نفی کا جو مفہوم سمجھا جاتا ہے اس میں مزید تاکید پیدا کرنے کے لیے مستعمل ہوا ہے۔ اور مِنْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ حال ہے اور مِنْ شُرَكَآءَ ذوالحال کیونکہ ذوالحال نکرہ ہے اس لیے اس کا حال پہلے ذکر کیا جاسکتا ہے۔ فَاَنْتُمْ میں یا تو ھُمْ کا لفظ مقدر ہے یعنی تم اور وہ۔ یا اَنْتُمْ ہی بطور تغلیب مخاطبین اور ان کے غلاموں کو شامل ہے۔ سواء ای مستوون فیہ لا فرق بینکم و بینھم فی التصرف فیہ۔ یعنی تم اور تمہارے غلام اس مال کی ملکیت میں برابر کے شریک ہیں اور یکساں قسم کے تصرف کا اختیار رکھتے ہیں۔

علامہ قرطبی نے اس آیت کی شانِ نزول بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ کفارِ عرب جب حج کے لیے احرام باندھتے تھے تو ان الفاظ سے تلبیہ کرتے۔ لبیک لا شریک لک لبیک الا شریکا هو لک تملکه وما ملک۔ یعنی اے اللہ تعالیٰ ہم حاضر ہیں تیرا کوئی شریک نہیں سوائے اس کے جس کو تُو نے خود اپنا شریک بنایا ہے تو اس کا بھی مالک ہے اور اس چیز کا بھی تو مالک ہے جس کا وہ مالک ہے۔

غور فرمائیے کفار کس حماقت کا ارتکاب کر رہے ہیں جس کا ذکر اس آیت میں کیا گیا ہے کہ کفار ایک طرف تو اپنے معبودوں کو خدا کا مملوک قرار دے رہے ہیں اور پھر انہیں اللہ تعالیٰ کی خدائی میں اور تصرف میں اس کا ایسا شریک بنا رہے ہیں جو اس کا ہم پایہ ہو (فانتم فیہ سواء) اور مزید برآں یہ سفید جھوٹ اور صریح کذب بیانی کر رہے ہیں کہ خود اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنا شریک بنایا ہے اور انہیں مساوی حقوق ملکیت بخش دیئے ہیں۔ العیاذ باللہ لا حول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم الذی لا الہ الا ھو۔

بعض حضرات کفار کی اس تلبیہ کو اور اس آیت کو پڑھ کر ہم اہل سنت پر یہ الزام لگاتے ہیں کہ تمہارا بھی یہی عقیدہ ہے جو کفار کا اپنے بتوں کے بارے میں تھا۔ آیت کی اس سادہ توضیح کے بعد آپ خود فیصلہ فرمائیں کہ یہ لوگ یہ الزام لگانے میں کتنی زیادتی کرتے ہیں۔ کیا کوئی کلمہ گو کسی کو خواہ اس کا رتبہ کتنا بلند اور اس کی شان کتنی ارفع ہو کیا کسی چیز میں کسی پہلو سے کسی حیثیت سے اللہ تعالیٰ کا ہم پلہ خیال کرتا ہے۔ اور تو اور ہم تو اپنے آقا و مولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق بھی یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ حضور محبوب رب العالمین، رحمۃ للعالمین، شفیع المذنبین سید الاولین والآخرین، صاحب مقام محمود و حامل لواء الحمد ہونے کے باوجود اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں ——
اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَنْ يَّهْدِيْ

بلکہ پیروی کرتے رہے ظالم اپنی (نفسانی) خواہشات کی بغیر کسی دلیل کے۔ پس کون ہدایت دے

مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ

سکتا ہے جسے (پیہم نافرمانی کے باعث) اللہ تعالیٰ گمراہ کردے۔ اور ان لوگوں کا کوئی مددگار نہیں۔ پس آپ کرلیں اپنا رخ دین

حَنِيْفًا ؕ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ

(اسلام) کی طرف پوری یکسوئی سے (مضبوطی سے پکڑ لو) اللہ کے دین کو جس کے مطابق اس نے لوگوں کو پیدا فرمایا ہے کوئی ردو بدل

یہ لوگ نہ خود عقل سے کام لیتے ہیں نہ کسی خیر خواہ کی نصیحت قبول کرتے ہیں۔ جہالت و بے خبری کے گھپ اندھیروں میں اپنی نفسانی خواہشات کے پیچھے سرپٹ دوڑے چلے جارہے ہیں۔ ایسے ہٹ دھرم اور کودن لوگ قطعاً اس کے مستحق نہیں کہ ہدایت کے دروازے ان کے لیے کھول دیے جائیں۔ پیہم نافرمانی اور مسلسل سرکشی کے باعث انہوں نے ہدایت پذیری کی صلاحیت کو ختم کردیا ہے اور توفیق الٰہی سے وہ محروم کردیے گئے ہیں۔ اب انہیں راہ راست پر نہیں لایا جاسکتا۔

یہاں فاء تاکید کے لیے ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کی قدرت کاملہ دلائل و شواہد سے ثابت ہوگئی، قیام قیامت کے بارے میں جو شکوک و شبہات تھے ان کا ازالہ ہوچکا۔ اب ہر طرف سے رخ پھیر کر اور توجہ ہٹا کر اس دین حق پر مرکوز کردو۔ اَقِمْ اقام العود سے ماخوذ ہے۔ یعنی لکڑی کو ایسا درست اور سیدھا کر کہ اس میں کجی کا نام و نشان تک نہ رہے۔ مراد یہ ہے کہ دین اسلام پر پوری طرح کاربند ہوجاؤ اور ارشاد ربانی کی تعمیل میں استقامت اور ثابت قدمی کا مظاہرہ کرو۔

بعض فضلاء نے لکھا ہے کہ اِنَّ اقامة الوجه للشئ كناية من كمال الاهتمام به (روح المعانی) یعنی کسی چیز کی طرف ہمہ تن توجہ کو اس عبارت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ حنیفاً حال ہے اور اَقِمْ میں ضمیر فاعل انت ذوالحال ہے۔ اصل الحنف الميل من الضلال الى الاستقامة۔ گمراہی سے رخ پھیر کر ہدایت و راستی کی طرف متوجہ ہونے کو عربی میں حنف کہتے ہیں جس طرح ہدایت سے روگردانی کرکے کجی و گمراہی کی طرف مائل ہونے کو جنف کہتے ہیں۔

عرب جب کسی کام پر کسی کو برانگیختہ کرتے ہیں تو فعل کو حذف کردیتے ہیں اور اس کے مفعول کے ذکر پر اکتفا کرتے ہیں۔ کلام میں اس طرح جو زور پیدا ہوتا ہے وہ اظہار فعل سے کہیں زیادہ ہوتا ہے۔ یہاں بھی فطرت اللہ علیٰ سبیل الاغراء منصوب ہے۔ تقدیر کلام یوں ہے۔ الزموا فطرة الله تعالىٰ یعنی اللہ تعالیٰ کی فطرت کو مضبوطی سے پکڑ لو اور اس پر کاربند ہوجاؤ۔

فطرۃ کا وزن اور معنی خلقت ہے یعنی آفرینش، اختراع۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرور عالم و عالمیان علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فطرت اللہ کا معنی دین اسلام بیان فرمایا ہے۔ عَنْ انس رضی الله عنه قال قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه واله وسلم

اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙۗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۚۙ ﴿۳۰﴾

نہیں ہو سکتا اللہ کی تخلیق میں [۴۲] یہی سیدھا دین ہے [۴۳] لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت کو) نہیں جانتے۔

مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ ﴿۳۱﴾

(اے غلامان مصطفےٰ تم بھی اپنا رخ اسلام کی طرف کرلو) اللہ کی طرف رجوع کرتے ہوئے اور ڈرو اس سے اور قائم کرو نماز کو اور نہ ہو جاؤ ان مشرکوں

مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ

میں سے۔ جنہوں نے پارہ پارہ کر دیا اپنے دین کو اور خود گروہ گروہ ہو گئے ہر گروہ جو اس کے پاس ہے

فطرۃ اللہ التی فطر الناس علیہا دین اللہ تعالیٰ۔ علامہ آلوسی نے اس آیت کا معنی ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔ المراد بفطرھم علی دین الاسلام خلقھم قابلین لہ غیر نابین عنہ ولا منکرین لہ لکونہ مجاوبا للعقل مساوقا للنظر الصحیح (روح المعانی)

یعنی کیونکہ یہ دین عقل سلیم سے کلیۃً ہم آہنگ اور فہم صحیح کے عین مطابق ہے۔ اسی لیے فطری طور پر انسان نہ اس سے منہ موڑ سکتا ہے اور نہ اس کا انکار کر سکتا ہے۔

نیز انسانی فطرت کے جتنے تقاضے ہیں وہ جسمی ہوں، معاشی ہوں، اخلاقی ہوں، عقلی ہوں یا روحانی یہ دین ہر قسم کے تقاضوں کو صحت مند انداز میں پورا کرتا ہے جس کے باعث زندگی کا دامن سچی مسرت کے پھولوں سے بھر جاتا ہے اور ابدی سعادت کا تاج اس کے سر پر رکھ دیا جاتا ہے۔

نیز اللہ تعالیٰ کی زمین پر اس کی خلافت کے منصب جلیلہ کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لیے جو صلاحیتیں اور استعدادیں اس کو ودیعت کی گئی ہیں ان کی صحیح نشوونما کا اہتمام صرف یہی دین کرتا ہے۔ امام بخاری اور امام مسلم نے ایک حدیث نقل کی ہے جس سے اس مفہوم کی مزید وضاحت ہو جاتی ہے۔ قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم مامن مولود یولد الا علی الفطرۃ فابواہ یھودانہ او ینصرانہ او یمجسانہ کما تنتج البھیمۃ بھیمۃ جمعاء ھل تحسون فیہا من جدعاء یعنی حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہر بچہ دین فطرت پر پیدا ہوتا ہے پس اس کے والدین اسے یہودی بنا دیتے ہیں یا عیسائی بناتے ہیں یا مجوسی بنا دیتے ہیں۔ جس طرح جانور کا بچہ صحیح و سلامت پیدا ہوتا ہے بعد میں اس کے کان وغیرہ کاٹے جاتے ہیں۔

۴۲ تمہیں اس نے اپنا بندہ بنا کر پیدا فرمایا ہے تم لاکھ چاہو کہ اس کی بندگی سے نکل جاؤ ناممکن ہے۔ تم لاکھ چاہو کہ اس کے علاوہ کسی اور کو اپنا خدا بنا لو قطعاً محال ہے۔ اس آیت کا یہ مفہوم بھی بتایا گیا ہے کہ دین اسلام نے جو نظام حیات ہمیں دیا ہے وہ ہماری فطرت کے عین مطابق ہے اگر تم چاہو کہ اس نظام فطرت کو چھوڑ کر کوئی دوسرا نظام حیات تجویز کرو جو اسلام کی طرح تمہاری فطرت کے عین مطابق ہو تو ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔

۴۳ قیم مبالغہ کا صیغہ ہے۔ اس کا معنی ہے المستوی الذی لا عوج فیہ ولا انحراف عن الحق بوجہ من الوجوہ یعنی ایسا سیدھا جس میں ذرا کجی نہیں۔ ایسا صحیح جس میں غلطی کا ادنیٰ احتمال تک نہیں۔

فَرِحُوْنَ ۝٣٢ وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُّنِيْبِيْنَ

اسی پر خوش ہیں ۵۳ اور جب پہنچتی ہے لوگوں کو کوئی تکلیف تو پکارنے لگتے ہیں اپنے رب کو رجوع کرتے ہوئے

اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَآ اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ

اس کی طرف پھر جب (ان کی فریاد کو قبول فرما کر) چکھاتا ہے انہیں رحمت اپنی جناب سے تو یکایک ایک گروہ ان میں سے اپنے

يُشْرِكُوْنَ ۝٣٣ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۪ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝٣٤ اَمْ

رب کے ساتھ شرک کرنے لگتا ہے ۵۴ (اچھا!) ناشکری کرلیں اس نعمت کی جو ہم نے دی ہے انہیں پس (اے ناشکرو!) لطف اٹھا لو ۵۵

یہاں سے امت محمدیہ علی صاحبہا افضل الصلوٰۃ والسلام کو دین فطرت کی پیروی کی ترغیب دلائی جارہی ہے۔ منیبین الیہ ای راجعین الیہ بالتوبۃ والاخلاص (قرطبی)، فراء نے تقدیر کلام یوں ذکر کی ہے فاقم وجھک ومن معک منیبین یعنی آپ اور آپ کے ساتھی توبہ اور اخلاص سے دین فطرت کی طرف متوجہ ہوں۔

۵۳ امت میں اتحاد و اتفاق تب ہی برقرار رہ سکتا ہے جب سب صدق دل سے احکام اسلامیہ کی پیروی کر رہے ہوں اور اللہ تعالیٰ کے رسول کی اطاعت کا دامن مضبوطی سے پکڑے ہوئے ہوں اگر ہر شخص اپنی خواہشات کا پیروکار بن جائے اور اپنی رائے کو ہی واجب الاتباع خیال کرے تو پھر وہ وحدت برقرار نہیں رہ سکتی اور ایک امت مختلف فرقوں میں بٹتی چلی جاتی ہے جس سے اس کی ہوا اکھڑ جاتی ہے۔ پہلی امتوں میں بھی اس قسم کی تبدیلیاں پیدا ہو گئی تھیں۔ ان کے علماء اور ان کے امراء نے اپنے ذاتی وقار اور اپنے سیاسی اقتدار کو برقرار رکھنے کے لیے مذہب کو اپنی اغراض کے سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کی جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ایک امت بیسیوں فرقوں میں بٹ کر رہ گئی اور ہر فرقہ کے درمیان نفرت اور تعصب کی ایسی خلیج حائل ہو گئی کہ وہ آپس میں مل بیٹھنے کے قابل بھی نہ رہے۔ یہودی اور عیسائی ایسے گروہوں میں بٹ گئے تھے کہ ہر ایک گروہ اپنے سوا سب کو گمراہ کہتا اور سب کو قابل گردن زدنی خیال کرتا۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت کو اس قسم کی تفرقہ اندازی سے منع فرما رہا ہے۔ تأولہ ابوھریرۃ وعائشۃ وابوالعالیۃ انہ لاھل القبلۃ من اھل الاھواء والبدع (قرطبی)

۵۴ یعنی ان کفار و مشرکین کا یہ حال ہے کہ جب رنج و غم کے بادل گھر کر آجاتے ہیں۔ جب قحط سالی کا دور دورہ ہوتا ہے تو سارے معبودوں سے ان کی آس ٹوٹ جاتی ہے۔ اس وقت ہر طرف سے منہ موڑ کر بارگاہ رب العزت میں فریاد کرنے لگتے ہیں لیکن جب وہ کریم و رحیم پروردگار ان کی حالت زار پر نگاہ کرم فرماتا ہے اور ان کی مشکل آسان ہو جاتی ہے تو پھر اپنے باطل خداؤں کو خداوند کریم کا شریک بنانے لگتے ہیں اور ان کی پوجا پاٹ میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ ای یشرکون بہ فی العبادۃ

۵۵ یہاں لام امر کا ہے اور تہدید اور دھمکی کا معنی دیتا ہے کہ جتنی دیر وہ کفر کی روش اختیار کرلیں اور چند روزہ زندگی میں خوب لطف اندوز ہولیں عنقریب انہیں اپنا انجام معلوم ہو جائے گا۔ اس وقت وہ چیخیں گے چلائیں گے لیکن بے سود۔ ھی لام امر فیہ معنی التھدید (قرطبی وغیرہ) بعض

أَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوْا بِهٖ يُشْرِكُوْنَ ۝۳۵ وَاِذَآ

تمہیں (اس کا انجام) معلوم ہو جائے گا کیا ہم نے اتاری ہے ان پر کوئی دلیل۔ پس وہ گواہی دیتی ہے اس شرک کی سچائی کی جو وہ کرتے ہیں ۵۵ اور

اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوْا بِهَا ۭ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ

جب ہم چکھاتے ہیں لوگوں کو رحمت (کا مزہ) تو وہ اس پر پھولے نہیں سماتے اور اگر پہنچتی ہے انہیں کوئی تکلیف بوجہ ان کرتوتوں کے

اَيْدِيْهِمْ اِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ ۝۳۶ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ

جو آگے بھیجے ہیں ان کے ہاتھوں نے تو وہ مایوس ہو جاتے ہیں ۵۶ کیا انہوں نے (بارہا) مشاہدہ نہیں کیا کہ اللہ تعالیٰ کشادہ کر دیتا ہے رزق

علماء نے اس لام کو لام عاقبت قرار دیا ہے۔ اللام فیه للعاقبة قیل هی لام کی (قرطبی، مظہری)۔ فتمتعوا غائب کا صیغہ بھی بن سکتا ہے اور خطاب کا بھی۔ دوسری صورت میں اس میں غائب سے مخاطب کی طرف التفات ہوگا۔ فیه التفات من الغیبة الی الخطاب۔

۵۵ سابقہ آیت میں خطاب کا صیغہ تھا اب پھر غائب کی طرف التفات ہو رہا ہے۔ یہ اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ وہ اس قابل ہی نہیں کہ انہیں شرف تخاطب سے نوازا جائے۔ ای ایذانا بالاعراض عنهم۔ سلطان سے مراد اگر رسول یا فرشتہ ہو تو تکلم سے مراد کلام کرنا، گفتگو کرنا ہوگا۔ اگر سلطان سے مراد دلیل و حجت ہو تو پھر اس کا معنی دلالت کرنا ہوگا۔ نطقاً او دلالۃً۔ یعنی کفر و شرک پر ان کے اس طرح جمے رہنے سے یوں ظاہر ہوتا ہے کہ انہیں کسی فرشتہ یا کسی پیغمبر نے آکر کہا کہ کفر و شرک کی راہ ہی سیدھی راہ ہے اسے مت چھوڑیئے یا انہیں کوئی ایسی محکم دلیل مل گئی ہے کہ جس کے باعث اس باطل کی صداقت کا یقین ان کے دلوں میں پیدا ہو گیا ہے لیکن نہ کوئی نبی اور نہ کوئی فرشتہ ایسی بات کہہ سکتا ہے اور نہ سراسر اس باطل پر انہیں کوئی دلیل مل سکتی ہے۔ ان کا اس باطل سے چمٹا رہنا محض ان کی نادانی، اکھڑ پن اور ہٹ دھرمی کے باعث ہے۔

۵۶ مومن کو جب اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے نوازتا ہے تو وہ اپنے منعم حقیقی کی بارگاہ میں سجدۂ شکر ادا کرتا ہے اور جب اسے تکلیف یا رنج پہنچتی ہے تو صبر کرتا ہے اور یقین رکھتا ہے کہ اس کا مالک اور کارساز اس کی تکالیف کو دور کر دے گا۔ لیکن جن کے دلوں میں ایمان کی شمع روشن نہیں ہوتی، ان کا ردِ عمل دونوں صورتوں میں بالکل مختلف ہوتا ہے۔ خوشی کے لمحوں میں وہ پھولے نہیں سماتے۔ اپنی کامیابی کے نشہ سے وہ یوں بدمست ہو جاتے ہیں کہ ان میں نیک و بد کی تمیز بھی باقی نہیں رہتی اور اگر انہیں ان کی کارستانیوں کی پاداش میں رنج و الم میں مبتلا کر دیا جاتا ہے تو مایوس و ناامید ہو کر بیٹھ جاتے ہیں۔

ع کحمار السوء ان شبع — رمح الناس وان جاع نہق

یعنی بدخصلت گدھے کی طرح اگر گھاس سے اس کا شکم پر کر دے تو لوگوں کو دولتیاں مارنے لگتا ہے اور اگر بھوکا ہو تو ہینگنا شروع کر دیتا ہے۔ دل شکستگی اور افسردہ خاطری کے عام طور پر دو نتیجے نکلتے ہیں۔ یا تو کام کرنے کی صلاحیت اور حوصلہ دم توڑ دیتا ہے اور زندگی کی ہنگامہ خیزیوں سے الگ ہو کر گمنامی کے اندھیروں میں کھو جاتا ہے اور یا غلط کاریوں اور بدعاتیوں کو اپنا شعار بنا لیتا ہے اور یہ دونوں صورتیں اس کے لیے تباہ کن ہیں۔

لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ فَاٰتِ

کو جس کے لیے چاہتا ہے اور تنگ کر دیتا ہے (جس کے لیے چاہتا ہے) بلاشبہ اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کیلئے جو ایمان لاتے ہیں

ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ

پس دو رشتہ دار کو اس کا حق نیز مسکین اور مسافر کو یہ بہتر ہے ان لوگوں کے لیے جو

اس آیت کا آخری جملہ بڑا معنی خیز ہے کسی کے لیے رزق کا کشادہ ہونا اور کسی کے لیے اس کا تنگ ہو جانا۔ اس کا مشاہدہ ہم روز کرتے رہتے ہیں۔ ہر شخص پر بھی مختلف قسم کے حالات وارد ہوتے رہتے ہیں۔ کبھی روپے پیسے کی ریل پیل ہوتی ہے اور کبھی جیب میں دمڑی تک بھی نہیں ہوتی۔ اہل ایمان کو حالات کے اس ردوبدل میں حکمت الٰہی کے صدہا جلوے نظر آتے ہیں۔

یہاں خطاب حضور فخر عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہے اور حضور کی وساطت سے ساری امت کو یہ حکم دیا جا رہا ہے۔

سابقہ آیت میں بتایا گیا ہے کہ رزق کی تنگی اور فراخی اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اور وہ اپنی حکمت سے اس کی مناسب تقسیم فرماتا ہے۔ اس آیت میں ان لوگوں کو ھدایت کی جا رہی ہے جنہیں کشادہ رزق دیا گیا ہے کہ تم دولت کو جمع کرنے کے لالچ میں مبتلا نہ ہو جاؤ۔ سانپ بن کر اس پر بیٹھے نہ رہو۔ اس کو عیش و عشرت میں لٹانا شروع نہ کر دو بلکہ خدا کی دی ہوئی دولت کو اس کی رضا جوئی کے لیے خرچ کرو۔ اللہ تعالیٰ اس بات کو ہرگز پسند نہیں کرتا کہ تمہیں تو عیش و آرام کے سارے وسائل میسر ہوں اور تمہارے دوسرے بھائی زندگی کی بنیادی ضرورتوں سے بھی محروم ہوں۔ اللہ کریم نے جو رزق تمہیں عطا فرمایا ہے اس میں صرف تمہارا حق نہیں۔ بلکہ اس میں تمہارے نادار رشتہ داروں کا بھی حق ہے وہ مسافر جن کے پاس زادِ راہ نہیں اور وہ غریب و مفلس لوگ جو ضروریاتِ زندگی کے لیے ترس رہے ہیں ان کا بھی تمہارے مال میں حق ہے۔ اسلئے ان مستحقین کو خدا کے دیئے ہوئے رزق سے بڑی فراخدلی اور کشادہ روئی سے ان کا حق ادا کرو۔

آیت میں "حقہ" کا لفظ بڑا غور طلب ہے یعنی اپنے غریب رشتہ داروں اور مسافروں اور دوسرے محتاج انسانوں کو جو کچھ تم دیتے ہو یہ تمہارا کوئی انعام نہیں کہ تم ان پر احسان جتلاتے پھرو اور ان کو ہر محفل میں رسوا کرتے رہو۔ بلکہ یہ اُن کا حق ہے جو تمہارے ذمہ واجب الادا ہے اور جو تمہیں ضرور ادا کرنا چاہیے۔ وہ تم سے بھیک نہیں مانگ رہے بلکہ اپنا حق لے رہے ہیں۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ ہر غریب اور مفلس رشتہ دار کی ضروریات کی بہم رسانی اس کے متمول رشتہ دار پر فرض ہے۔

وحکی ان اباحنیفۃ استدل بالآیۃ علی وجوب النفقۃ لکل ذی رحم محرم ذکرا کان او انثی اذا کان فقیرا او عاجزا عن الکسب (روح المعانی)

نیز یہاں مال زکوٰۃ کی ادائیگی کا حکم نہیں دیا جا رہا ہے بلکہ ان لوگوں کا زکوٰۃ کے علاوہ بھی متمول لوگوں کے اموال میں حق ہے۔ علامہ قرطبی فرماتے ہیں

بل للقریب حق لازم فی البر علی کل حال وھو الصحیح قال مجاھد وقتادہ صلۃ الرحم فرض من اللہ تعالی حتی قال مجاھد لا تقبل الصدقۃ علی احد یعنی قریبی رشتہ دار سے ہر حالت میں بھلائی کرنا ایسا حق ہے جس کا ادا کرنا لازم ہے اور یہی قول صحیح ہے۔ مجاہد اور

يُرِيدُونَ وَجْهَ اللّٰهِ ۖ وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٣٨﴾ وَمَآ اٰتَيْتُمْ

رضائے الٰہی کے طلبگار ہیں اور وہی لوگ دونوں جہانوں میں کامیاب ہوں گے۔ ۴۲ اور جو روپیہ تم دیتے

مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ

بیاج پر تاکہ وہ بڑھتا رہے لوگوں کے مالوں میں (مل کر) اللہ کے نزدیک یہ نہیں بڑھتا ۴۳ اور جو

اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ﴿٣٩﴾

زکوٰۃ تم دیتے ہو رضائے الٰہی کے طلبگار بن کر پس یہی لوگ ہیں (جو اپنے مالوں کو) کئی گنا کر لیتے ہیں۔

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ۭ هَلْ

اللہ تعالیٰ ہی ہے جس نے تمہیں پیدا فرمایا پھر تمہیں رزق دیا پھر (مقررہ وقت پر) تمہیں مارے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا ۴۴ کیا

قتادہ فرماتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے صلہ رحمی کو فرض کیا ہے۔ مجاہد نے تریہاں تک فرمایا کہ اس آدمی کا صدقہ قبول نہیں ہوتا جس کا کوئی رشتہ دار محتاج ہو۔

۴۲ دوسری قوموں میں دولتمند لوگ بھی ہوتے ہیں اور وہ خرچ بھی کرتے ہیں مسلمان اغنیا کو جو چیز ان لوگوں سے ممتاز کرتی ہے وہ اس آیت میں مذکور ہے کہ ان کا خرچ کرنا فقط اللہ تعالیٰ کی رضا طلب کرنے کے لیے ہوتا ہے۔

۴۳ اس آیت کے دو مفہوم بیان کیے گئے ہیں ایک یہ کہ ربا سے مراد یہاں اس کا مشہور معنی سُود ہے اور حرمت سُود کا حکم جو بڑی وضاحت سے مدینہ طیبہ میں ہجرت کے بعد نازل ہوا۔ اس آیت میں اس حکم کی طرف پہلا قدم ہے۔ قرآن کریم کا یہ دستور ہے کہ وہ برائی جس کی جڑیں اس معاشرہ میں بڑی گہری چلی گئی ہوں۔ اس کی حُرمت کا یک لخت حکم نہیں دے دیا جاتا بلکہ تدریجی احکام سے پہلے ایسی فضا تیار کی جاتی ہے کہ لوگوں کی دلچسپی اس سے ختم ہو جائے اور اس سے نفرت کے جذبات پیدا ہو جائیں پھر اس کی حُرمت کا قطعی حکم صادر فرمایا جاتا ہے جس طرح شراب وغیرہ کے احکام میں آپ ملاحظہ فرما چکے ہیں۔ سُود عرب کے جاہلی معاشرہ میں مروج تھا اور لوگ اپنی نجی اور کاروباری ضروریات کے لیے سُود پر قرض مکہ کے سُود خوروں سے لیا کرتے تھے اس آیت میں سُود کے متعلق اس تصور کا بطلان کیا کہ اس سے مال بڑھتا ہے اور دولت میں زیادتی ہوتی ہے بتا دیا کہ سُود کا روبار سے مال و دولت میں اضافہ نہیں ہوتا اور نہ اللہ تعالیٰ اس میں برکت دیتا ہے بلکہ جو لوگ محض رضائے الٰہی کے لیے صدقہ خیرات کرتے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں ہی اپنی برکتوں سے مالا مال فرما دیتا ہے۔

اس آیت کا دوسرا مفہوم یہ بتایا گیا ہے کہ بعض لوگ تحفے اس لیے دیتے ہیں کہ تحفہ لینے والا اس سے کئی گنا زیادہ اس کے بدلے میں انہیں تحفہ دے۔ اگرچہ ایسا کرنا حرام نہیں لیکن معیوب ضرور ہے۔ فرما دیا کہ ایسے تحفے دینے سے مال میں برکت نہیں ہوتی۔

۴۴ اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اس کی عنایات بے پایاں کے ذکر سے شرک کا بطلان کیا جا رہا ہے۔

مِنْ شُرَكَآىِٕكُمْ مَّنْ يَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَیْءٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى

تمہارے (ٹھیرائے ہوئے) شریکوں میں بھی کوئی ہے جو کر سکتا ہو ان کاموں میں سے کوئی۔ پاک ہے اللہ تعالیٰ (ہر

عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۴۰ ع ظَهَرَ الْفَسَادُ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِی ع ۱۱ ۷

عیب سے) اور بلند ہے ان سے جنہیں یہ شریک ٹھیراتے ہیں۔ پھیل گیا ہے فساد بر اور بحر میں بوجہ ان کرتوتوں کے جو لوگوں ۴۵

۴۵ دنیا میں امن و سکون تو تب ہی برقرار رہ سکتا ہے کہ ہر شخص اپنا فرض پوری دیانتداری سے ادا کرے، ہر شخص کے حقوق محفوظ ہوں اور اُن سے بہرہ اندوز ہونے کی پوری آزادی ہو جب لوگ اپنے فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی اور بددیانتی سے کام لینے لگتے ہیں یا جب کسی کے حقوق غصب کر لیے جاتے ہیں تو پھر بحر و بر میں فتنہ و فساد کے شعلے بھڑکنے لگتے ہیں۔

ہر شخص کے فرائض کیا ہیں جو اسے ادا کرنا چاہئیں، ہر شخص کے حقوق کیا ہیں جو اسے ہر قیمت پر ملنے چاہئیں، ان کا تعین دینِ اسلام نے کیا ہے جو دینِ فطرت ہے اور جو اس خالق و مالک کا دین ہے جس نے کائنات کی ہر چیز کے فطری تقاضوں کو پورا کیا اور ان کی تسکین کے سامان بڑی فیاضی سے مہیا فرما دیئے۔ جہاں بھی کسی قوم نے اس نظامِ حیات کو اپنایا اسی قدر ان کی زندگیاں اور ان کا ماحول خوشی اور مسرت سے ہمکنار ہوا۔ اور جہاں بھی کسی قوم نے اس نظام سے روگردانی کی وہاں اسی انداز سے امن و سکون رخصت ہوا۔ بے چینی اور اضطراب کے اندھیرے پھیلنے لگے عقائد کی قوت مسلم ہے عملی زندگی میں ان پر مرتب ہونے والے نیک و بد اثرات کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ جب عقائد صحیح ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی صفاتِ عالیہ پر ایمان پختہ ہوتا ہے وہاں قلب و روح کی دنیا میں بہار آ ہی جاتی ہے۔ عملی دنیا میں بھی دیانتداری، اخلاص، حق گوئی، جرأت، بے نیازی اور استغناء کے پھول مہکنے لگتے ہیں اور جہاں بندے کا تعلق اپنے ربِ کریم سے ٹوٹ جاتا ہے، جہاں کفر و شرک کی عفونت پھیل جاتی ہے تو وہاں انسان کی عملی زندگی بھی بدکاریوں، بداعمالیوں کی آماجگاہ بن کر رہ جاتی ہے۔ اگر وہ طاقتور ہے تو شیرِ بے مہار بن کر لوگوں کے حقوق پامال کرنے لگتا ہے۔ اگر وہ کمزور ہے تو گرے ہوئے سوکھے پتے کی طرح ہچکولے کھاتا ہے، اسے کہیں قرار نہیں ملتا۔ وہ خسیس ترین حرکات کے ارتکاب سے بھی نہیں شرماتا۔

جس معاشرہ میں انسان کی جان، عزت و ناموس اور مال محفوظ نہ ہو کیا وہاں امن و سکون میسر آ سکتا ہے۔ آپ عہدِ جاہلیت کی تاریخ پر ایک سرسری نظر ڈالیں ہر ورق میں آپ کو اس آیت کی عملی تفسیر دکھائی دینے لگے گی۔ اور اگر آپ عصرِ حاضر کے حالات کا جائزہ لیں تو آپ کو پتہ چلے گا کہ انسان کو خدا فراموشی، نوامیسِ فطرت سے سرتابی اور اسلام کے پیش کیے ہوئے نظامِ حیات سے روگردانی کی سزا کس طرح مل رہی ہے۔ خشکی پر کہیں امن ہے نہ سمندر کی بیکراں وسعتوں میں کوئی گوشہ عافیت نظر آتا ہے۔ زمین پر جگہ جگہ میزائل کے اڈے قائم ہیں جہاں سے ایک براعظم سے دوسرے براعظم پر ایٹم بم برسا کر ہر چیز کو خاکِ سیاہ بنایا جا سکتا ہے۔ سمندر کی سطح بلکہ سمندروں کو جلتے ہوئے جہنم میں تبدیل کر سکتی ہے کرۂ ہوائی میں بڑی بلندیوں پر امریکہ کا ہوائی بیڑہ جو ہزاروں طیاروں پر مشتمل ہے ہر وقت مصروفِ پرواز رہتا ہے اس میں مہلک قسم کے ایٹم بم اور ہائیڈروجن بم فٹ کر دیئے گئے ہیں۔ ایک سگنل سے وہ کہرام برپا کر سکتے ہیں۔ بڑی قومیں مہلک سے مہلک اسلحہ بنانے کی دوڑ میں ایک دوسرے سے سبقت

النَّاسِ لِيُذِيقَهُم بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٤١﴾ قُلْ

نے کیے ہیں۔ تاکہ اللہ تعالیٰ چکھائے انہیں کچھ سزا ان کے (برے) اعمال کی شاید وہ باز آجائیں (اے حبیب!)

سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلُ ۚ

آپ (انہیں) فرمایئے سیر و سیاحت کرو زمین میں اور دیکھو کیسا انجام ہوا ان لوگوں کا جو ان سے پہلے گذرے

كَانَ أَكْثَرُهُم مُّشْرِكِينَ ﴿٤٢﴾ فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ الْقَيِّمِ مِن

ان میں سے اکثر مشرک تھے۔ پس کرو اپنا رُخ اس دین قیم کی طرف اس سے

قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّهِ ۖ يَوْمَئِذٍ يَصَّدَّعُونَ ﴿٤٣﴾

پہلے کہ آجائے وہ دن اللہ تعالیٰ کی طرف سے جسے ٹلنا نہیں اس روز یہ لوگ جدا جدا ہو جائیں گے

لے جانے کے لیے ملکی ثروت کو پانی کی طرح بہا رہی ہیں۔ خانگی زندگی بھی ہماری بد اعمالیوں سے جنم لینے والے فساد سے محفوظ نہیں میاں بیوی کے درمیان اعتماد جو خانگی زندگی کی مسرتوں کے لیے شرط اول ہے تیزی سے مفقود ہوتا چلا جا رہا ہے۔ ماں باپ اپنی عیش کوشی کے باعث اولاد کی صحیح تربیت سے قاصر ہیں بغیر تربیت یافتہ اولاد بڑی ہو کر اپنے والدین کا ادب ملحوظ نہیں رکھتی بلکہ انہیں ایک ناقابل برداشت بوجھ خیال کرتی ہے بڑوں کے دلوں میں چھوٹوں کے لیے رحم اور شفقت نہیں رہی۔ چھوٹوں کی آنکھیں شرم و حیا کے نور سے محروم ہو گئی ہیں اور اپنے سے بڑوں کی پگڑی اچھالنا فیشن بن گیا ہے جب ہمارے گردوپیش اس قسم کے حالات ہوں تو پھر اس آیت کا مفہوم سمجھنے میں کوئی دقت محسوس نہیں ہوتی۔

یعنی اپنے چمن حیات کو جن خار دار جھاڑیوں سے لوگوں نے بھر دیا ہے اس کے کانٹوں کی چبھن تو وہ بھی محسوس کریں۔ اپنے گناہوں اور بدکرداریوں کی سزا وہ بھی تو چکھیں۔ اور اس میں حکمت یہ ہے کہ شاید وہ لوگ اپنے اعمال بد کی تباہ کاریوں سے عبرت حاصل کریں اور موت سے قبل اپنی اصلاح کر لیں۔

مختلف ممالک کی سیر و سیاحت کے درمیان تم نے اُجڑے ہوئے امصار و دیار دیکھے ہوں گے جن کے ویران اور سنسان کھنڈرات یہ گواہی دے رہے ہیں کہ یہاں بسنے والوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کیا۔ فسق و فجور میں مبتلا رہے اور ظلم و ستم کی حد کر دی تو مکافات عمل کے بے لاگ قانون نے انہیں تہس نہس کر کے رکھ دیا جس طرح پہلے لوگ تمہارے لیے عبرت کا باعث بنے تم آئندہ آنے والی نسلوں کے لیے باعث عبرت ہو بلکہ دین قیم کو مضبوطی سے پکڑ لو اور اس دن سے پہلے پہلے اپنی اصلاح کر لو جسے کوئی ٹال نہیں سکتا۔ علامہ راغب اصفہانی نے الدین القیم کی یہ تشریح کی ہے۔ ای ثابتا مقوما لامور معاشهم ومعادهم یعنی وہ دین جو ان کی دنیوی معیشت کی ترقی اور اخروی فلاح کا ضامن ہے۔

اس دن کی ایک خصوصیت یہ ہو گی کہ اس روز اولاد آدم کی تقسیم عربی، عجمی، رومی، حبشی امیر و فقیر شاہ و گدا کی بنیادوں پر نہیں ہو گی،

مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ

جس نے کفر کیا تو اسی پر ہے اس کے کفر کا وبال ۵۵ اور جنہوں نے نیک عمل کیے تو وہ اپنے لیے ہی راہ ہموار

يَمْهَدُوْنَ ۝٤٤ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ

کر رہے ہیں تاکہ اللہ تعالیٰ بدلہ دے انہیں جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اپنے فضل وکرم سے ۵۶

اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ۝٤٥ وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ

بیشک وہ پسند نہیں کرتا کفار کو اور اس کی قدرت کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ وہ بھیجتا ہے ہواؤں کو

وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ

(بارش کا) مژدہ سناتے ہوئے۔ نیز تاکہ وہ تمہیں چکھائے اپنی رحمت سے اور تاکہ چلیں کشتیاں اس کے حکم سے اور تاکہ تم طلب کرو

بلکہ گروہ اسلام پر ہوگی۔ کفر کرنے والوں کو جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔

یصدعون کا مادہ الصدع ہے جس کا معنی پھاڑ دینا۔ الصدع الشق یقال صدعته فانصدع ھو ای انشق تصدع القوم ای تفرقوا (الصحاح) یعنی صدع کا معنی پھاڑ دینا ہے اور تصدع القوم کا معنی ہے قوم کا جدا جدا ہو جانا مختلف ٹولیوں میں بٹ جانا۔

۵۵ جو لوگ کفر کو اختیار کرتے ہیں وہ اللہ جل مجدہ کا کچھ بگاڑ نہیں سکتے بلکہ وہ اپنا ہی ستیاناس کرتے ہیں اور جو لوگ نیکی کو اپنا شعار بناتے ہیں وہ بھی اللہ تعالیٰ پر کوئی احسان نہیں کر رہے بلکہ اپنے دونوں جہاں سنوارتے ہیں۔ دنیا میں بھی ان کی راہ میں آنکھیں بچھائی جائیں گی اور حشر کے روز بھی اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمتوں کا ان پر نزول ہوگا۔

یَمْهَدُوْنَ کی تشریح کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں: منه مهد الصبي والمهاد: الفراش وقد مهدت الفراش مهدا بسطته ووطأته، یعنی بچے کے پنگھوڑے کو مهد اور بستر کو مہاد کہتے ہیں۔ بستر بچھانے اور اسے نرم وگداز کرنے کو مهدت الفراش سے تعبیر کرتے ہیں۔ اس آیت میں یمهدون کا معنی ہوگا کہ وہ اپنی ابدی آرام گاہ کو درست وہموار بنا رہے ہیں۔ ای یوطئون لانفسهم فی الآخرة فراشا ومسكنا وقرارا بالعمل الصالح (قرطبی)۔ علامہ جوہری نے بھی الصحاح میں اس لفظ کی یہی تشریح کی ہے۔

۵۶ اس آیت میں من فضله کا لفظ آپ کی خصوصی توجہ کا مستحق ہے۔ فرمایا جا رہا ہے کہ اگر وہ اہل ایمان کے ایمان اور صالحین کے اعمال صالحہ کو شرف پذیرائی بخشتا ہے اور اس پر انہیں اجر عطا فرماتا ہے تو یہ محض اس کا فضل وکرم ہے ورنہ ساری عمر بھی اگر کوئی شخص اس کی یاد اور ذکر میں بسر کر دے تو اس کی کسی ایک نعمت کا شکر بھی ادا نہیں ہو سکتا۔ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دفعہ اپنے صحابہ کو بڑی پیاری نصیحت فرمائی۔ فرمایا: سَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا وَاَبْشِرُوْا فَاِنَّهٗ لَا يُدْخِلُ الْجَنَّةَ اَحَدًا عَمَلُهٗ قَالُوْا وَلَا اَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَلَا اَنَا اِلَّا اَنْ يَّتَغَمَّدَنِيَ اللّٰهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّرَحْمَةٍ

فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا

اس کے فضل سے اور تاکہ تم شکر ادا کرو ۴۶ اور بیشک ہم نے بھیجے آپ سے پہلے پیغمبر

اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا

انکی قوموں کی طرف۔ پس وہ لے کر آئے ان کے پاس روشن دلیلیں۔ پس ہم نے بدلہ لیا ان سے جنہوں نے جرم کیے۔

وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ

اور ہمارے ذمہ کرم پر ہے اہلِ ایمان کی امداد فرمانا ۴۷ اللہ تعالیٰ ہی ہے جو بھیجتا ہے ہواؤں کو

فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِي السَّمَآءِ كَيْفَ يَشَآءُ وَيَجْعَلُهٗ كِسَفًا

پس وہ اٹھاتی ہیں بادل کو پس اللہ تعالیٰ اسے پھیلا دیتا ہے آسمان پر جس طرح چاہتا ہے اور کر دیتا ہے اسے

فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

ٹکڑے ٹکڑے پھر تو دیکھتا ہے بارش کو کہ نکلنے لگتی ہے اس میں سے پھر جب پہنچاتا ہے اسے جس کو چاہتا ہے

(رواہ الشیخان)

ترجمہ: راہ راست اختیار کرو۔ اللہ تعالیٰ کا قرب چاہو اور خوش رہو۔ کیونکہ کسی کو اس کا عمل جنت میں نہیں لے جائے گا۔ صحابہ کرام نے عرض کی یا رسول اللہ! آپ کا عمل بھی۔ فرمایا: ہاں میرا عمل بھی، مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنے دامن مغفرت و رحمت میں ڈھانپ لے۔

۴۶ اب پھر اپنی قدرت قاہرہ کے دلائل ساطعہ کا بیان ہو رہا ہے۔

۴۷ یہ فرما کر اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی عزت افزائی فرمائی ہے یعنی انہوں نے میری طاعت و بندگی کو اپنا شیوہ بنا لیا ہے تو میں نے بھی ان کی اعانت فرمانا اور ہر میدان میں ان کی فتح و اعانت کا وعدہ فرمایا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اپنا وعدہ ضرور پورا کرتا ہے۔

حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

قال سمعت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یقول ما من مسلم یذب عن عرض اخیہ الا کان حقا علی اللہ تعالیٰ ان یرد عنہ نار جہنم یوم القیامۃ ثم تلا وکان حقا علینا نصر المومنین۔

ترجمہ: یعنی میں نے حضور کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو مسلمان اپنے بھائی کی ناموس کو بچاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ پر اس کا حق ہو جاتا ہے کہ وہ اسے آتش جہنم سے بچائے۔ پھر حضور نے یہ آیت تلاوت کی۔

مِنْ عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ

اپنے بندوں سے اس وقت وہ خوشیاں منانے لگتے ہیں ۵۳ اگرچہ وہ بندے اس سے پہلے کہ ان

اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ﴿٤٩﴾ فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ

پر بارش ہوتی مایوس ہو چکے تھے۔ پس (اے چشم ہوش سے) دیکھو رحمت

اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ

الٰہی کی علامتوں کی طرف (تمہیں پتہ چلے گا) کہ وہ کیسے زندہ کرتا ہے زمین کو اسکے مردہ ہونے کے بعد، بیشک وہی خدا مُردوں کو زندہ

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٥٠﴾ وَلَىِٕنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا

کرنے والا ہے اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے۔ اور اگر ہم بھیج دیتے ایسی ہوا (جس کے اثر سے) وہ دیکھتے اپنے سرسبز

لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ﴿٥١﴾ فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ

کھیتوں کو کہ وہ زرد ہو گئے ہیں تو اسکے باوجود وہ کفر پر اڑے رہتے ۵۴ پس آپ مُردوں کو نہیں سنا سکتے ۵۵ اور نہ آپ بہروں کو

۵۳ ایسی ہوا بھیجتا ہے جو بادل کو اٹھا کر لاتی ہے اور سارا آسمان اس سے ڈھک جاتا ہے۔ تثیر سحابا تحرکہ وتنشرہ۔ کِسَفًا: یہ کسفۃ کی جمع ہے۔ اس کا معنی ٹکڑا ہے۔ الودق: بارش۔

۵۴ ایسی ہوائیں بھی ہیں کہ جب چلتی ہیں تو سرسبز وشاداب کھیت زرد ہو کر خشک ہونے لگتے ہیں۔

۵۵ اس آیت میں الموتیٰ سے مراد وہ لوگ ہیں جن کے دل مر چکے ہیں۔ کفر وشرک پر پیہم اصرار کے باعث ان کی عقل وفہم کے چراغ بجھ گئے ہیں۔ اور کسی بات میں سنجیدگی اور متانت سے غور وفکر کی صلاحیت دم توڑ چکی ہے۔ علامہ خازن الموتیٰ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: یعنی موتی القلوب وھم الکفار (خازن)۔ علامہ بغوی فرماتے ہیں یعنی الکفار (معالم التنزیل، خازن)۔ علامہ قرطبی نے فرمایا موتی القلوب (جنکے دل مُردہ ہیں)۔ اور الصم سے مراد وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کے کان بہرے ہو چکے ہیں جنہوں نے اپنے گوشِ ہوش میں تعصب کی انگلیاں ٹھونس دی ہیں تاکہ انہیں حق کی صدا سنائی نہ دے۔

آیت کا مقصد یہ ہے کہ توحید پر مسکت دلائل ان کے سامنے پیش کیے گئے۔ انہیں بار بار دلنشین انداز سے دعوتِ حق دی گئی۔ اس کے باوجود یہ کفر پر اڑے ہوئے ہیں ان کے اس طرزِ عمل سے اے محبوب! آپ رنجیدہ خاطر نہ ہوں۔ ان کے دل مر چکے ہیں۔ ان کے کانوں سے حق سننے کی طاقت سلب ہو گئی ہے۔ آپ نے اپنا فریضۂ تبلیغ ادا کرنے میں ذرا کوتاہی نہیں کی۔ اگر یہ کفر اور گمراہی کے اندھیروں سے باہر

نہیں نکلنا چاہتے قرآن کی قسمت۔

آج کل یہ بحث بڑے زوروں پر ہے کہ میت کوئی آواز سن سکتی ہے یا نہیں۔ سماعِ موتیٰ کے منکرین استدلال کے طور پر یہ آیت پیش کرتے ہیں اس لیے اللہ تعالیٰ سے توفیق طلب کرتے ہوئے بڑے اختصار کے ساتھ آیاتِ قرآنیہ، احادیثِ طیبہ اور علمائے ربانیین کے اقوال سے جو کچھ سمجھا ہوں وہ عرض کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل کجروی سے بچائے اور راست روی کی توفیق عطا فرمائے کیونکہ اس کی توفیق اور دستگیری کے بغیر علم، عقل اور سعی سب بے حاصل ہیں۔

یہ مسئلہ عہدِ قدیم سے متنازعہ فیہ ہے اس کے بارے میں علماء کے متعدد اقوال ہیں۔ بڑے سے بڑے فضلاء نے اس گتھی کو سلجھانے کی کوشش کی ہے لیکن جس شرح و بسط سے علامہ ابن قیم نے اس پر قلم اٹھایا ہے اور اس مسئلہ کے مختلف گوشوں کو واضح کرنے کی کوشش کی ہے بغیر مطالعہ کئے مدد تک یہ انہیں کا حصہ ہے۔

سب سے پہلے یہ سمجھنا چاہیے کہ موت کیا چیز ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟ علامہ مذکور لکھتے ہیں کہ موت عدمِ محض اور فنا مطلق کا نام نہیں کہ انسان مرے تو بالکل نیست و نابود ہو کر رہ جائے بلکہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہو جانے کو موت کہتے ہیں۔ ان الموت لیس بعدم محض وانما ھو انتقال من حالٍ الی حالٍ (کتاب الروح صہ ۴۳)

اللہ تعالیٰ نے شہداء کے متعلق فرمایا ہے کہ احیاء عند ربھم یرزقون ۔ فرحین مستبشرین یعنی وہ مجاہدین جو کفار قتل کر دیتے ہیں تو پھر بھی وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں انہیں رزق دیا جاتا ہے بڑے خوش اور مسرور رہتے ہیں جب ظاہری جسم پر موت طاری ہونے کے باوجود شہداء کا یہ حال ہے تو صدیقین اور انبیاء جن کا رتبہ شہداء سے بدرجہا اعلیٰ اور ارفع ہے، ان کی کیا کیفیت ہوگی علامہ ابن قیم نے یہاں حیاتِ انبیاء پر متعدد دلائل بیان کیے ہیں جن میں سے چند یہ ہیں:

۱۔ شبِ معراج بیت المقدس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ملاقات انبیاء کرام کے ساتھ ہوئی۔

۲۔ اسی سفرِ معراج میں مختلف آسمانوں پر مختلف انبیاء سے ملاقات ہوئی۔

۳۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تو بار بار ملاقات اور نمازوں کی تعداد پچاس سے گھٹا کر پانچ کروانے کا واقعہ ہر خاص و عام کے علم میں ہے۔

ان دلائل کے ذکر کرنے کے بعد ابن قیم لکھتے ہیں یحصل من جملته القطع بان موت الانبیاء انما ھو راجع الی ان غیبوا عنا بحیث لا ندرکھم وان کانوا موجودین احیاء (کتاب الروح صہ ۴۳) کہ مذکورہ دلائل سے اور ان کے علاوہ دوسرے دلائل سے جن سے یہ امر قطعی طور پر ثابت ہو جاتا ہے کہ انبیاء کرام کی موت کا فقط یہ مطلب ہے کہ وہ ہماری نگاہوں سے پوشیدہ ہو گئے ہیں ہم ان کو نہیں پا سکتے حالانکہ وہ زندہ موجود ہیں۔

موت کا مفہوم ذہن نشین کر لینے کے بعد اب آپ یہ سمجھنے کی کوشش فرمائیں کہ موت کے بعد روح اور جسم کا باہمی تعلق کیسے باقی رہتا ہے۔ اس کے بارے میں علامہ مذکور فرماتے ہیں کہ جسم کے ساتھ روح کے تعلق کی پانچ حالتیں ہیں۔ ہر حالت پر مختلف احکام مترتب ہوتے ہیں۔

(۱) شکمِ مادر میں جب جسم میں روح پھونکی جاتی ہے۔ (۲) جب انسان اس جہان میں قدم رکھتا ہے۔ (۳) حالتِ خواب میں۔ (۴) عالمِ برزخ میں اگرچہ روح جسم سے جدا ہو جاتی ہے لیکن یہ جدائی کلیتاً نہیں ہوتی بلکہ روح کا تعلق جسم کے ساتھ کسی نہ کسی طرح باقی رہتا ہے تعلقتھا

به فی البرزخ فانّها وان فارقته و تجرّدت عنه فانّها لم تفارقه فراقاً كليًا بحيث لا يبقى لها التفات اليه البتة اور اسی تعلق کی وجہ سے وہ اپنے زائر کے سلام کا جواب دیتا ہے اور اس کا اسے علم ہوتا ہے۔ (تفصیل بیان آگے آرہا ہے)

(۵) قبروں سے جی اٹھنے کے بعد رُوح کا تعلق جسم سے۔ اس تعلق کے متعلق علامہ لکھتے ہیں: فهو اكمل انواع التعلق اذ هو تعلق لا يقبل البدن معه موتاً ولا نوماً ولا فساداً (یعنی رُوح کا جسم کے ساتھ یہ تعلق تمام تعلقات سے اکمل ہے کیونکہ اس کے بعد جسم کو نہ موت آتی ہے نہ نیند آتی ہے اور نہ اس کے عناصر میں فساد رونما ہوتا ہے۔

موت کے بعد حشر تک روح کا مقر اور مقام کہاں ہے؟ اس کے متعلق علامہ نے تقریباً سولہ[۱۶] قول لکھے ہیں، جن میں سے ایک قول یہ ہے کہ موت کے بعد رُوح بھی عدم محض ہو جاتی ہے جسم کی دُوسری صفات علم، قوت وغیرہ کی طرح (حیاۃ) بھی اس کی ایک صفت ہے جسم کے فنا ہو جانے سے جس طرح دوسری صفات فنا ہو جاتی ہیں اسی طرح رُوح بھی فنا ہو جاتی ہے لیکن یہ قول سراسر باطل ہے۔ کتاب وسُنّت اور اجماع صحابہ کے علاوہ دلائل عقلیہ بھی اس کی تردید کرتے ہیں۔ يايتها النفس المطمئنة ارجعى الى ربك راضية مرضية فادخلى فى عبادى وادخلى جنّتى (ترجمہ: اے اطمینان والی جان! اپنے رب کی طرف واپس ہو یوں کہ تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی۔ پھر میرے خاص بندوں میں داخل ہو اور میری جنت میں آ) یہاں خطاب رُوح مطمئنہ کو ہو رہا ہے اور اس وقت ہو رہا ہے جب وہ جسم سے الگ ہوتی ہے اگر رُوح کا اپنا مستقل وجود نہ ہوتا تو پھر اس سے خطاب کیسے کیا جاتا۔ احادیث کثیرہ سے بھی یہ ثابت ہے کہ رُوح کا اپنا مستقل وجود ہے۔ وهو قول لم يقل به احد من سلف الامة ولا من الصحابة والتابعين ولا ائمة الاسلام (ابن قیم) یعنی یہ ایسا قول ہے جسے سلف صالحین میں سے کسی نے تسلیم کیا ہے نہ صحابہ، تابعین اور ائمہ اسلام کا یہ خیال ہے۔

۲۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اس بارے میں یہ قول ہے کہ مومنین کی ارواح برزخ میں ہیں اور جدھر چاہتی ہیں جاتی ہیں۔ انّ ارواح المؤمنين فى برزخ من الارض تذهب حيث شاءت فهذا مروى عن سلمان الفارسى، والبرزخ هو الحاجز بين الشيئين۔ وكان سلمان اراد بها فى ارض بين الدنيا والاخرة مرسلة هناك تذهب حيث شاءت۔

برزخ کے لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں اصله الحاجز بين الشيئين دو چیزوں کے درمیان جو چیز حائل ہو اس کو برزخ کہا جاتا ہے۔ یہاں برزخ سے مراد دُنیا اور آخرت کا درمیانی جہان ہے۔

۔ فالبرزخ ههنا ما بين الدنيا والآخرة۔

تیسرا قول: مومنین کی رُوحیں حضرت آدم علیہ السلام کے دائیں جانب ہیں اور کفار کی رُوحیں آپ کی بائیں جانب۔

چوتھا قول: ابو محمد بن ابی حزم کا قول یہ ہے کہ اجسام کے پیدا کرنے سے پہلے رُوح جہاں تھی۔ موت کے بعد لوٹ کر پھر وہاں ہی چلی جاتی ہے۔ انّ مستقرها حيث كانت قبل خلق اجسادها۔

پانچواں قول: بعض نے یہ کہا کہ مومنین کی رُوحیں اللہ تعالیٰ کے پاس ہوتی ہیں۔ اس سے زیادہ ان لوگوں نے مزید کہنے کی جرأت نہیں کی اور جتنا کچھ قرآن میں ہے ادب اور احترام کے تقاضے کے پیشِ نظر اتنا کہنے پر ہی توقف کرتے ہیں۔ ارواح المؤمنين عند الله ولم يزد على ذلك فانه تأدب مع لفظ القرآن حيث يقول الله عزّ وجلّ بل احياء عند ربهم يرزقون۔

**چھٹا قول:** بعض کی رائے یہ ہے کہ ارواح اپنی مزارات کے اُوپر ہوتی ہیں۔ الارواح علی افنیة قبورها۔

**ساتواں قول:** اہل ایمان کی رُوحیں اگر کوئی گناہ کبیرہ یا قرض رکاوٹ نہ بنے تو وہ جنت میں ہوتی ہیں لیکن اپنے جسد خاکی پر ان کی توجہ اس طرح ہوتی ہے کہ اگر کوئی شخص ان کے مزارات پر حاضر ہو تو وہ اسے دیکھتے ہیں اور اگر کوئی سلام کہے تو اس کا جواب دیتے ہیں۔ اس شبہ کا ازالہ کرنے کے لیے کہ رُوح اگر جنت میں یا اعلیٰ علیین میں ہو تو اپنی قبر پر آنے والے کو اتنی دُور سے کس طرح پہچانتی ہے اور کس طرح اس کا سلام سنتی ہے اور کیونکر اس کا جواب دیتی ہے۔ علامہ ابن قیم لکھتے ہیں۔ لا یضیق عن ـــــ کون الروح فی الملاء الاعلیٰ تسرح فی الجنة حیث شاءت وتسمع سلام المسلم علیها عند قبرها وتدنوا حتی ترد علیه السلام وللروح شأن آخر غیر شأن البدن (کتاب الروح ص۱۳۹)

یعنی تو اس چیز کو تسلیم کرنے سے تنگ دل نہ ہو کہ رُوح جب ملاءِ اعلیٰ میں ہے اور جنت میں سیر و سیاحت میں مصروف ہے تو وہ کس طرح اپنی قبر پر آنے والے کا سلام سنتی ہے پھر کس طرح نزدیک ہو کر اس سلام کرنے والے کو جواب دیتی ہے۔ کیونکہ رُوح کی شان اور ہے اور جسم کی شان اور۔ علامہ نے بڑی شرح و بسط سے اس چیز کو ثابت کیا ہے کہ رُوح کے لیے یہ بُعد مکانی اور یہ مسافت کی دُوریاں کوئی معنی نہیں رکھتیں۔ وہ ایک لمحہ میں ملاء اعلیٰ سے زمین پر اور زمین سے اعلیٰ علیین پر آجا سکتی ہے۔ وہ لوگ سخت دھوکہ میں ہیں جو رُوح کو جسم کی طرح ان مسافتوں کے طے کرنے سے قاصر سمجھتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کیا تم نہیں جانتے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب شب معراج موسیٰ علیہ السلام کے مزار کے پاس سے گزرے تو انہیں اپنی قبر میں کھڑے ہو کر نماز پڑھتے دیکھا اور جب حضور کا موکب ہمایوں افلاک کی بے پایاں رفعتوں کو سمند ہمت سے روندتا ہوا چھٹے آسمان تک پہنچا تو وہاں پھر موسیٰ علیہ السلام کو اپنا منتظر پایا۔ جبریل امین ایک لمحہ پہلے آسمان کی بلندیوں پر پرکشا نظر آتے تو دُوسرے لمحے بارگاہ رسالت میں دست بستہ بیٹھے ہوئے حاضر دکھائی دیتے لیکن ان امور کو ہر آدمی تسلیم نہیں کرتا۔ صرف انہیں سعید رُوحوں کو یہ استعداد بخشی جاتی ہے جو ان حقائق کو سمجھتے بھی ہیں۔ تسلیم بھی کرتے ہیں اور ان پر یقین بھی رکھتے ہیں۔

اس کے بعد علامہ نے ایک مستقل فصل تحریر کی ہے جس میں انہوں نے اس حقیقت سے پردہ اٹھایا ہے کہ ساری رُوحوں کی حالت یکساں نہیں ہوتی بلکہ قوت اور ضعف، کبر اور صغر کے اعتبار سے ہر ایک کا رُتبہ الگ الگ ہوتا ہے۔ عظیم اور کبیر رُوحوں کا مقام اتنا بلند ہوتا ہے جس کو ان سے کم درجہ والی رُوحیں نہیں پا سکتیں۔ رُوحوں کے درمیان یہ تفاوت ہم اس مادی جہان میں بھی مشاہدہ کرتے رہتے ہیں اور جب رُوح جسمانی علائق اور مادی پابندیوں سے رستگاری حاصل کر لیتی ہے تو اُسے تصرف، قوت، ہمت اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق میں جو مقام نصیب ہوتا ہے وہ ان رُوحوں کو نصیب نہیں ہوتا جو جسم کے اس قفس میں قید ہیں اور جنہیں مادی دُنیا کی زنجیروں نے جکڑ رکھا ہے۔ عظیم رُوحیں جب قفس عنصری کو توڑ کر آزاد ہوتی ہیں تو ان کی شان اور علو ہمتی کا اندازہ ہی نہیں لگایا جا سکتا۔ اور ان سے ایسے ایسے کارہائے نمایاں ظہور پذیر ہوتے ہیں جن کا تصور کرنا بھی ہمارے بس کی بات نہیں۔ پھر علامہ موصوف لکھتے ہیں کہ بارہا لوگوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خواب میں زیارت کی کہ حضور کے ساتھ ابوبکر صدیق اور فاروق اعظم بھی ہیں اور انہوں نے کفار و مشرکین کے جرار لشکروں کو شکست فاش دی اور ان کو مغلوب و مقہور کر دیا حالانکہ مسلمانوں کی فوج ہر لحاظ سے کمزور تھی۔ علامہ کی عبارت غور سے پڑھیے۔ آپ کا ایمان تازہ ہو جائے گا۔

وکم رُئی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وآلہ وسلم ومعه ابوبکر وعمر فی النوم قد هزمت ارواحهم عساکر الکفر والظلم فاذا بجیوشهم مغلوبة مکسورة مع کثرة عَدَدهم وعُدَدهم وضعف المسلمین وقلتهم (کتاب الروح ص۱۴۷)

ان کے علاوہ مصنف نے متعدد دُوسرے قول ذکر کیے ہیں جن میں سے بعض سراسر باطل ہیں اور بعض کی کچھ تاویل کی جاسکتی ہے۔ آخر میں علامہ نے لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص یہ سوال کرے کہ ان متعدد اقوال میں سے تمہارے نزدیک راجح قول کونسا ہے جس کے مطابق اعتقاد رکھا جائے تو جواب میں کہا جائے گا کہ ساری رُوحیں یکساں نہیں ان میں بڑا تفاوت ہے اور اسی تفاوت کی وجہ سے ان کی منزلیں جُدا جُدا ہیں اور مختلف احادیث میں روحوں کے مختلف ٹھکانوں کا جو ذکر ہے ان میں تضاد نہیں بلکہ مختلف ارواح کے مختلف مقامات ذکر کیے گئے ہیں۔ اس بحث کو سمیٹنے سے پہلے علامہ مذکور لکھتے ہیں کہ رُوح اور بدن کے احکام اور حالات مختلف ہیں۔ رُوح جنت میں ہونے کے باوجود اپنی قبر سے اور اس میں مدفون اپنے بدن سے اتصال رکھتی ہے اور اُوپر جانے اور نیچے اترنے میں، ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچنے میں اس کی سرعتِ رفتار کا اندازہ نہیں کیا جاسکتا اور اس کی چار قسمیں ہیں۔

(۱) آزاد رُوحیں (۲) مقید رُوحیں (۳) علوی روحیں (۴) سفلی رُوحیں۔

وانّ لها شاناً غیر شان البدن وانها مع کونها فی الجنة فهی فی السماء وتتصل بفناء القبر و بالبدن فیه وهی اسرع شئ حرکة وانتقالا وصعوداً وهبوطاً وانها تنقسم الی مرسلة ومحبوسة وعلویة وسفلیة (کتاب الروح ص۱۴۴)

احادیث صحیحہ کثیرہ سے یہ ثابت ہے کہ صاحبِ مزار اپنے زائر کو پہچانتا ہے اور اس کی آواز کو سنتا ہے۔ ان میں سے چند حدیثیں پیش کی جاتی ہیں :

(۱) اخرج الشیخان وغیرهما من طریق قتادة عن انس قال قال النبی صلی الله تعالٰی علیه وآله وسلم ان العبد اذا وضع فی قبره وتولی عنه اصحابه انه یسمع قرع نعالهم۔

ترجمہ: امام بخاری، امام مسلم اور دیگر محدثین نے حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے کہا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب بندے کو اس کی قبر میں رکھا جاتا ہے اور اس کے دوست دفن کرنے کے بعد واپس لوٹتے ہیں تو وہ انکے جوتوں کی آواز سنتا ہے۔

(۲) اخرج ابن ابی شیبة والطبرانی فی الاوسط وابن حبان فی صحیحه والحاکم والبیهقی فی حدیث ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم والذی نفسی بیده ان المیت اذا وضع فی قبره انه یسمع خفق نعالهم حین یولون عنه۔

ترجمہ: ابن ابی شیبہ، طبرانی، ابو حبان، حاکم اور بیہقی (جیسے جلیل القدر محدثین) نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت کی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ جب میت کو اس کی قبر میں رکھا جاتا ہے تو وہ اسے دفن کرکے واپس لوٹنے والوں کی جوتیوں کی آہٹ سُنتی ہے۔

(۳) اخرج ابن ابی دنیا فی کتاب القبور عن عائشة رضی الله عنها قالت قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما من رجل یزور قبر اخیه ویجلس عنده الا استأنس ورد علیه حتی یقوم۔

ترجمہ: حضرت اُم المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے مروی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جب کوئی شخص اپنے بھائی کی قبر کی زیارت کے لیے جاتا ہے اور اس کے پاس بیٹھتا ہے تو صاحبِ مزار کو اس سے بڑی راحت ہوتی ہے اور وہ اس کے سلام کا جواب دیتا ہے۔

(۴) عن ابی هریرة رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال اذا مر الرجل بقبر یعرفه فسلم علیه رد علیه السلام و عرفه و اذا مر بقبر لا یعرفه فسلم علیه و رد علیه السلام (البیہقی)

ترجمہ: حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا کہ جب کوئی شخص اپنے جاننے والے کی قبر پر آتا ہے اور اسے سلام کہتا ہے تو صاحب مزار اس کے سلام کا جواب بھی دیتا ہے اور اسے پہچانتا بھی ہے اور اگر کسی ایسے شخص کے مزار پر آتا ہے جس سے جان پہچان نہیں تھی اور اسے سلام کہتا ہے تو قبر والا اس کے سلام کا جواب دیتا ہے۔

(۵) بعینہٖ یہی الفاظ علامہ ابن عبدالبر نے بروایت ابن عباس حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے نقل کیے ہیں۔

یہ احادیث اور ان کے علاوہ متعدد کئی حدیثیں نقل کرنے کے بعد علامہ ابن قیم نے سماع موتی کے متعلق اپنی تحقیق کا خلاصہ ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔ لکھتے ہیں: والسلف مجمعون علی هذا وقد تواترت الآثار عنهم بان المیت یعرف زیارة الحی له ویستبشر۔ یعنی سلف صالحین کا سماع موتی پر اجماع اور اتفاق ہے۔ ان سے درجہ تواتر تک ایسی روایات مروی ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ میت کی زیارت کے لیے جب کوئی شخص آتا ہے تو میت کو اس کی آمد کا علم بھی ہوتا ہے اور اس سے اُسے بڑا سرور حاصل ہوتا ہے۔

علامہ عثمانی نے فتح الملہم شرح صحیح مسلم میں اس مسئلہ کی خوب تحقیق کی ہے۔ متعدد احادیث اور اقوال علماء تحریر کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

والذی یحصل لنا من مجموع النصوص واللّٰہ اعلم ان سماع الموتی ثابت فی الجملة بالاحادیث الکثیرة الصحیحة۔

یعنی ان متعدد روایات سے ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ صحیح اور کثیر التعداد احادیث سے سماع موتی کا مسئلہ ثابت ہے۔ واللہ اعلم

یہ ثابت کرنے کے بعد کہ میت سنتی ہے علامہ مذکور نے ان آیات کا مفہوم واضح کیا ہے جن سے بظاہر سماع موتی کی نفی سمجھی جاتی ہے۔ وہ مولانا محمد قاسم صاحب کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ افعال کی دو قسمیں ہیں (۱) افعال عادیہ یعنی جن کا وقوع عادت کے مطابق اسباب و علل کے پائے جانے سے ہوتا ہے۔ مثلاً کسی نے کسی پر بندوق سے فائر کیا اور وہ مرگیا ایسے افعال کی نسبت اس بندوق چلانے والے کی طرف کی جاتی ہے۔ (۲) افعال غیر عادیہ: جو ظاہری اسباب و علل کے پائے جانے کے بغیر وقوع پذیر ہوتے ہیں جیسے کسی نے کنکریوں کی مٹھی پھینکی اور ایک لشکر جرار کو شکست دے دی۔ ایسے افعال کی نسبت اس ظاہری فاعل کی طرف نہیں کی جاتی بلکہ براہ راست اللہ تعالیٰ کی طرف کی جاتی ہے جیسے ما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمیٰ۔

یہاں بھی میت زیر زمین دفن ہے۔ اس کے اوپر منوں مٹی کا انبار لگا ہے۔ نہ وہاں ہوا کا گذر ہے اور نہ روشنی کا۔ آواز کسی تک پہنچانے کے لیے ظاہری سبب ہوا ہے۔ جو یہاں قطعاً مفقود ہے اس لیے میت اگر سنتی ہے تو اس کو سنانے والا وہ نہیں کیونکہ ہوا کے فقدان کے باوجود آواز کو سنا دینا کسی انسان کے بس کا روگ نہیں۔ چنانچہ ان آیات میں اس بات کی نفی نہیں کی گئی کہ میت نہیں سنتی بلکہ اس کی نفی کی گئی ہے کہ تم نہیں سنا سکتے۔ فما انت بمسمع من فی القبور لیکن اس سے یہ تو ہرگز ثابت نہیں کہ جسے تم نہیں سنا سکتے اسے خداوند عالم بھی نہیں سنا سکتا۔ اس کی قدرت اسباب اور علل کی محتاج نہیں۔ وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

سید انور شاہ صاحب فیض الباری شرح بخاری میں رقمطراز ہیں:

وله جواب آخر وهو ان المنفی فی الآیة هو الاسماع دون السماع (فیض الباری جلد دوم ص ۴۷)

علامہ موصوف اسی کتاب کی اسی جلد کے صفحہ ۴۰۴ پر اپنا عقیدہ تحریر فرماتے ہیں :

اقول : والاحادیث فی سمع الاموات قد بلغت مبلغ التواتر وفی حدیث صححہ ابو عمر ان احدا اذا سلم علی المیت فانہ یرد علیہ ویعرفہ ان کان یعرفہ فی الدنیا۔

ترجمہ : میں (سید انور شاہ) کہتا ہوں کہ سماع موتی کے ثبوت کے لیے اتنی احادیث ہیں جو درجہ تواتر کو پہنچ چکی ہیں اور حدیث صحیح میں ہے کہ جب کوئی شخص میت کو سلام دیتا ہے تو وہ اس کا جواب دیتا ہے اور اگر صاحب مزار اس کو دنیا میں پہچانتا تھا تو اب بھی وہ اس کو پہچان لیتا ہے۔

اکابر علماء دیوبند کی تصریحات کا مطالعہ آپ نے فرمالیا معلوم نہیں اب ان کے شاگرد اور پیروکار اپنے ان بزرگوں کے عقیدہ کے برعکس سماع موتی کا انکار کیوں کرتے ہیں اور اولیائے کرام کی مزارات پر انوار پر حاضر ہونے والوں پر کفر و شرک کا فتویٰ کیوں لگاتے ہیں۔

بعض علماء کرام نے فرمایا ہے کہ آیات میں مطلق سماع کی نفی نہیں بلکہ ایسے سماع کی نفی ہے جو مفید اور نفع رساں ہو۔ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :

سماع موتی کلام الخلق قاطبۃ قد صح فیھا لنا الآثار بالکتب

وآیۃ النفی معناھا سماع ھدی لا یسمعون ولا یصغون للادب

ترجمہ : میت کا لوگوں کے کلام کو سننا صحیح دلائل سے ثابت ہے۔ اور جن آیات میں سنانے کی نفی کی گئی ہے اس سے مراد ایسا سنانا ہے جو ہدایت کا باعث ہو اور نفع رساں ہو۔

جنگ بدر میں جب بڑے بڑے مشرکین کہ ہلاک ہوئے تو ابوجہل، عتبہ وغیرہا مشرکین کی لاشیں ایک گڑھے میں پھینک دی گئیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام وہاں تشریف لائے اور ایک ایک کا نام لے کر فرمایا : یا فلاں بن فلاں، یا فلاں بن فلاں هل وجد تم ما وعد کم ربکم حقا فانی وجدت ما وعدنی ربی حقا ؟ اے فلاں فرزند فلاں، اے فلاں پسر فلاں ! ذلت اور عذاب کا جو وعدہ تمہارے رب نے تم سے کیا تھا کیا اس کو تم نے سچا پایا ؟ بیشک میرے رب نے نصرت و کامرانی کا جو وعدہ میرے ساتھ فرمایا تھا میں نے تو اسے سچا پایا۔

قال لہ عمر یارسول اللہ ! ما تخاطب من اقوام قد جیفوا۔

حضرت عمرؓ نے عرض کی یا رسول اللہ ! آپ ایسے لوگوں کو خطاب فرما رہے ہیں جو بے جان لاشے ہیں۔

فقال والذی بعثنی بالحق ما انتم باسمع لما اقول ولکنھم لا یستطیعون جوابا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے اس کی قسم جس نے مجھے حق کے ساتھ مبعوث فرمایا میری بات تم ان سے زیادہ نہیں سن رہے۔ لیکن وہ جواب دینے کی طاقت نہیں رکھتے۔

اس حدیث سے صراحۃً ثابت ہوتا ہے کہ مسلمان تو مسلمان کفار و مشرکین کے مردے بھی سنتے ہیں۔

سماع موتی کے منکرین نے اس حدیث کے جواب میں کہا ہے کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس حدیث کی تاویل کی ہے اس لیے یہ حدیث اس مسئلہ کی دلیل نہیں بن سکتی۔ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ جمہور محدثین نے حضرت صدیقہؓ کی اس تاویل کو قبول نہیں کیا بلکہ حضرت ابن عمرؓ کی روایت کو قبول کیا ہے کیونکہ اسے بہت سے صحابہ کی تائید حاصل ہے جو خود اس موقع پر بارگاہ رسالت میں حاضر تھے اور حضرت صدیقہؓ وہاں خود موجود نہ تھیں۔ نیز ام المؤمنین نے سماع موتی کی نفی پر اس آیت سے (انک لا تسمع الموتی) جو استدلال کیا ہے اس کا

جواب جمہور محدثین نے ان الفاظ دیا ہے:

واما استدلالها بقوله تعالٰی انك لا تسمع الموتى فقالوا معناها لا تسمعهم سماعا ينفعهم او لا تسمعهم الا ان يشاء الله۔ یعنی تم ان کو کوئی ایسی بات نہیں سنا سکتے جو انہیں نفع پہنچائے یا تم خود اللہ تعالیٰ کی مشیت کے بغیر انہیں کچھ نہیں سنا سکتے۔

کتب حدیث میں ایسی روایات بھی ملتی ہیں جن سے حضرت صدیقہؓ کا اس مسئلہ سے رجوع ثابت ہوتا ہے۔ ان میں سے ایک روایت وہ ہے جو ابن اسحٰق نے المغازی میں یونس بن بکیر سے بسند جید نقل کی ہے جس کے الفاظ بعینہٖ حدیث ابی طلحہ جیسے ہیں۔

ومن الغريب ان في المغازى لابن اسحق رواية يونس بن بكير باسناد جيد عن عائشة مثل حديث ابي طلحة وفيه ما انتم باسمع لما اقول منهم۔ یعنی جو میں کہہ رہا ہوں اسے تم ان سے زیادہ نہیں سن سکتے۔

اس کے علاوہ علامہ ابن عبدالبر نے حضرت صدیقہؓ سے یہ حدیث روایت کی ہے۔

قال يروى من حديث عائشة رضى الله تعالٰى عنها انها قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من رجل يزور قبر اخيه فيجلس عنده الا استأنس به حتى يقوم۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اپنے بھائی کی قبر کی زیارت کے لیے جاتا ہے اور اس کے پاس بیٹھتا ہے تو صاحب مزار کو اس سے بڑی تسکین اور راحت ہوتی ہے یہاں تک کہ وہ وہاں سے اٹھ جائے۔

اس روایت سے بھی حضرت صدیقہؓ کا رجوع ثابت ہوتا ہے۔

علامہ عثمانی نے سماع موتیٰ کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ محمود الالوسی صاحب روح المعانی کی یہ عبارت بھی نقل کی ہے۔

قال العلامة الالوسى البغدادى والحق ان الموتى يسمعون فى الجملة۔ حق یہ ہے کہ مردے یقیناً سنتے ہیں اور اس کی حقیقت کو اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔ فتح الملہم جلد دوم ص ۹-۴۰۸

علامہ ابن کثیر نے بھی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت کو صحیح فرمایا ہے کیونکہ اس کی تائید دیگر شواہد کثیرہ سے ہوتی ہے

والصحيح عند العلماء رواية عبد الله بن عمر لما لها من الشواهد على صحتها من وجوه كثيرة۔ تفسیر ابن کثیر ص ۴۳۸

حجرۂ مقدسہ میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دفن ہونے سے پہلے حضرت صدیقہؓ کا یہ معمول تھا کہ جب زیارت کے لیے حاضر ہوتیں، تو اوڑھنی کا زیادہ اہتمام نہ کرتیں۔ فرماتیں یہاں ایک میرے سرتاج ہیں اور دوسرے میرے والد محترم، مجھے پردہ کی ضرورت نہیں۔ لیکن حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے وہاں دفن ہونے کے بعد جب سلام عرض کرنے کے لیے حاضر ہوتیں تو بڑے اہتمام سے سر کو اچھی طرح ڈھانپ کر حاضر ہوتیں۔

علامہ ابن کثیر اپنی شہرۂ آفاق تفسیر میں اس آیت کی توضیح کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

والسلف مجمعون على هذا وقد تواترت الآثار عنهم بان الميت يعرف بزيارة الحى له ويستبشر۔

یعنی سلف صالحین کا اس بات پر اجماع ہے اور متواتر روایات سے یہ مسئلہ ثابت ہے کہ میت اپنے زیارت کرنے والے کو پہچانتی ہے اور اس سے خوش ہوتی ہے۔

الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ

سنا سکتے ہیں اپنی پکار (خصوصاً) جب وہ پیٹھ پھیر کر جا رہے ہوں۔ اور نہ آپ ہدایت دے سکتے ہیں اندھوں کو

ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۵۳﴾ ع ۱۴ ۸

ان کی گمراہی سے۔ آپ نہیں سناتے مگر انہیں جو ایمان لاتے ہماری آیتوں پر بس وہ گردن جھکانے ہوئے ہیں ۸۶

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ ضُعْفٍ

اللہ تعالیٰ ہی ہے جس نے تمہیں (ابتداء میں)، کمزور پیدا فرمایا ۸۷ پھر عطا کی (تمہیں)، کمزوری کے بعد

علامہ مذکور نے اس آیت کی تفسیر کے ضمن میں کئی دیگر مسائل بھی شرح و بسط سے بیان کیے ہیں۔ جن کا مطالعہ حق کی جستجو کرنے والوں کے لیے بہت مفید ہے۔

۸۶ آیت کریمہ کے اس جملہ نے یہ بات واضح کر دی کہ یہاں موتیٰ سے مراد وہ لوگ ہیں جن کے دل مر چکے ہیں اور الصمّ (بہرے) سے مراد وہ لوگ ہیں جن کے دل کے کان حق بات سننے سے بہرے ہو چکے ہیں اور العُمْيِ (اندھے) سے مراد وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کی آنکھیں نورِ حق دیکھنے سے اندھی ہو چکی ہیں۔ اور سماع سے مراد فقط سننا نہیں بلکہ وہ سننا ہے جو سود مند اور نفع بخش ہو۔ چنانچہ علامہ قرطبی اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

ای وضحت الحجج یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) لکنہم لالفہم تقلید الاسلاف فی الکفر ماتت عقولہم وعمیت بصائرہم فلا یتہیأ لک اسماعہم وھدایتہم وھذا رد علی القدریۃ (القرطبی)

یعنی اے حبیب! آپ نے حق کو دلائل کے ساتھ واضح کر دیا ہے لیکن وہ اپنے گمراہ اور مشرک آباء و اجداد کی اندھی تقلید میں اتنے مگن ہیں کہ ان کی عقلیں مر چکی ہیں۔ ان کی بصیرت اندھی ہو گئی ہے پس آپ نہ ان کو سنا سکتے ہیں اور نہ ہدایت دے سکتے ہیں۔ ان آیات سے قدریہ کی تردید ہوتی ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب فاطر السموٰت والارض انت ولی فی الدنیا والاٰخرۃ توفنی مسلماً والحقنی بالصالحین

۸۷ اللہ تعالیٰ کے علم اور قدرت کاملہ کی ایک اور دلیل پیش کی جا رہی ہے یعنی اگر تمہاری نگاہ کائنات کی دوسری اشیاء تک نہیں پہنچ سکتی اور اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کے دیگر دلائل و شواہد سے تم استفادہ کرنے سے قاصر ہو تو کم از کم اپنی ذات پر ہی نگاہ ڈالو جب تم پیدا ہوئے تمہاری ناتوانی اور بے بسی کی کیا کیفیت تھی، پھر رفتہ رفتہ تم جوان ہوئے، پھر تمہاری بدنی اور عقلی قوتوں پر شباب آگیا، لیکن اس کے بعد پھر تمہارے ظاہری اور باطنی قویٰ میں کمزوری اور بڑھاپے کے آثار ظاہر ہونے لگے یہاں تک کہ تم اپنا مقررہ وقت ختم کرنے کے بعد موت کی آغوش میں جا پہنچے۔ زندگی کے اس مختصر عرصہ میں جن گوناگوں حالات سے تمہیں دوچار ہونا پڑا۔ قدم قدم پر جو حیرت انگیز تبدیلیاں تمہارے اعضاء میں اور

قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفًا وَّشَيْبَةً ۗ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ

قوت ۔ پھر پھر قوت کے بعد کمزوری اور بڑھاپا دے دیا ۔ پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے

وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ﴿۵۴﴾ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ

اور وہی سب کچھ جاننے والا بڑی قدرت والا ہے ۔ اور جس روز قیامت قائم ہوگی قسمیں اٹھائیں گے مجرم ۸۰

مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ۭ كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ

کہ نہیں ٹھہرے وہ (دنیا میں) مگر ایک گھڑی ۔ یونہی وہ (پہلے بھی) غلط بیانی کیا کرتے تھے ۔ اور کہیں گے وہ لوگ

اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ۡ

جنہیں علم اور ایمان دیا گیا (انہیں) کہ تم ٹھہرے رہے ہو نوشتہ الٰہی کے مطابق روز حشر تک ۸۱

دہی قرآن میں تم نما ہوئیں ان کا اگر تم نے نظر غائر سے مطالعہ کیا ہوتا تو تم کبھی اپنے رب کی نافرمانی نہ کرتے بلکہ صدق دل سے اس کی عظمت اور کبریائی کے سامنے سرنیاز خم کردیتے اور شرح صدر سے پورے یقین کے ساتھ یہ اعلان کرتے کہ میرا پروردگار جس طرح چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے نہ اس کے علم سے کوئی چیز مخفی ہے اور نہ اس کی قدرت کے سامنے کوئی چیز ناممکن ہے۔

آیت میں مِنْ ضُعْفٍ کا یہ مفہوم بھی بتایا گیا ہے کہ انسان کی تخلیق کمزور مادے سے ہوئی ہے ای من نطفة ضعيفة اور یہ معنی بھی کیا گیا ہے کہ انسان کی پیدائش ایسی حالت میں ہوتی ہے جب کہ وہ بالکل بے بس اور ناتواں ہوتا ہے۔ ای ذی حال ضُعْف وهوما كانوا عليه فى الابتداء من الطفولة والصغر۔

۸۰ روز محشر جب مجرموں کو بارگاہ الٰہی میں جواب دہی کے لیے پیش کیا جائے گا تو وہ قسمیں اٹھا اٹھا کر کہیں گے کہ ہم تو دنیا میں پل بھر رہے ہیں۔ ہم سے اتنا سخت محاسبہ کیوں کیا جا رہا ہے۔ ان کی یہ صریح کذب بیانی قطعاً تعجب انگیز نہیں کیونکہ ان کا تو یہ پرانا دستور ہے کہ وہ جھوٹ بولتے ہیں اور واضح عقائد کا انکار کردیتے ہیں۔

"یؤفکون" کی تشریح کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں:

ای كانوا يكذبون فى الدنيا۔ یعنی دنیا میں بھی جھوٹ بولا کرتے تھے۔

پھر فرماتے ہیں کہ جب کوئی شخص سچائی اور بھلائی سے روگرداں ہوجائے تو اہل عرب کہتے ہیں۔ اُفِكَ الرَّجُلُ اور وہ زمین جہاں مینہ برسنا بند ہوجائے اس کو "اَرْضٌ مَأْفُوكَةٌ" کہا جاتا ہے۔

۸۱ اہل علم اور اہل ایمان ان کی اس کذب بیانی کی پرزور تردید کردیں گے۔

فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنْفَعُ

پس یہ (آگیا) ہے یوم حشر لیکن تم نہیں جانتے تھے۔ پس اس دن نہ نفع دے گی

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا

ظالموں کو ان کی معذرت خواہی اور نہ انہیں اجازت ہو گی کہ توبہ کر کے اللہ کو راضی کر لیں اور بے شک ہم نے بیان

لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ

فرمائی ہے لوگوں (کے بھلے) کے لیے اس قرآن میں ہر قسم کی مثال اور اگر آپ لے آئیں ان کے پاس کوئی

لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿۵۸﴾ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ

نشانی تو (جواباً) یہی کہیں گے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا نہیں ہو تم مگر باطل پرست ۵۸ یونہی مہر لگا دیتا ہے اللہ

عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۹﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّ

تعالیٰ ان لوگوں کے دلوں پر جو (حق کو) نہیں جانتے سو آپ صبر فرمائیں بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے ۵۹ اور

۵۸ یعنی قرآن کریم میں لوگوں کو گمراہی کی ظلمتوں سے نکالنے کے لیے ہر طرح کی مثالیں دی گئی ہیں اور طرح طرح کے دلنشین دلائل پیش کیے گئے ہیں جن سے عقیدہ توحید کی حقانیت اور رسولوں کی صداقت روز روشن کی طرح واضح ہو رہی ہے۔ اگر وہ ذرا بھی تدبر سے کام لیتے تو وہ یوں دشتِ ضلالت میں سرگرداں نہ پھرتے۔ لیکن ان عقل کے اندھوں کا تو ہمیشہ سے یہی وطیرہ رہا ہے کہ جب بھی آپ نے ان کے سامنے کوئی دلیل پیش کی یا اپنی صداقت کو ثابت کرنے کے لیے انہیں کوئی معجزہ دکھایا تو انہوں نے اسے ماننے بلکہ اس میں غور و فکر کرنے سے ہی انکار کر دیا۔ اور الٹا آپ پر اور آپ کے متبعین پر یہ الزام لگا دیا کہ تم باطل کے پیروکار ہو۔ تمہارا ہدایت سے کوئی واسطہ نہیں اور یہ عجیب و غریب امور جو تم ہمیں دکھاتے ہو یہ محض جادو کے کرشمے ہیں۔ مُبطلون ای تتبعون الباطل والسحر۔

۵۹ یہاں اگرچہ خطاب سرورِ کون و مکان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ہے لیکن اس سے مراد حضور کی اُمت ہے۔ والخطاب للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم والمراد امتہ۔ یعنی اے غلامانِ مصطفےٰ! فرض کا تقاضا یہ ہے کہ فتنوں کے طوفان آئیں سر پھوڑ پھوڑ کر واپس لوٹ جائیں اور تم چٹان کی طرح سینہ تانے کھڑے رہو۔ شکوک و شبہات کی آندھیاں چلیں لیکن تمہاری شمع ایمان کو بجھا نہ سکیں۔ ثابت قدمی اور استقلال ازل سے اہل حق کا شیوہ رہا ہے انہوں نے ظلم و جفا کے ہر تیر کو ہمیشہ صبر کی ڈھال پر روکا ہے۔ آج حق کے علمبردار تم ہو اس کی لاج تمہارے ہاتھوں میں ہے۔ ہاتھ کٹ جائیں، سر قلم ہو جائیں لیکن خبردار! دین محمدی کا پرچم سرنگوں نہ ہونے پائے۔

۶۰ ع

# لَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۶۰﴾

آپ کو بھسلا نہ دیں (راہ حق سے) وہ لوگ جو یقین نہیں رکھتے ۶۲

امتحان کے میدان میں، ابتلاء و آزمائش کے روح فرسا لمحوں میں تم صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رہو، اللہ تعالیٰ کی نصرت آئے گی اور یقیناً آئے گی جو طاغوتی قوتوں کے تمام منصوبوں کو خاک میں ملا دے گی اور تمہارے سر پر فتح و کامرانی کا تاج سجا دے گی۔

۶۲ کسی کو بہلا پھسلا کر گمراہ کر لینے کو اہل عرب استخف کے لفظ سے تعبیر کرتے ہیں۔ علامہ قرطبی یستخفن کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: استخف فلان فلانا ای استجهله حتی حمله علی اتباعه فی الغی۔ یعنی فلاں شخص نے فلاں کو بے وقوف بنا لیا اور اسے راہ حق سے ہٹا کر گمراہی کے راستے پر گامزن کر دیا جس پر وہ خود چل رہا تھا۔

اس آیت میں لا یُوقِنُون کا لفظ بڑا توجہ طلب ہے یعنی اہل ایمان کے یقین کو برباد کرنے والے وہ لوگ ہیں جو خود بے یقینی کی دلدل میں پھنسے ہوئے ہیں۔ وہ لوگ جو دولت ایمان سے مالا مال ہیں اور جن کے دلوں میں نور یقین اجالا کر رہا ہے، وہ اگر ایسے لوگوں کا اتباع شروع کر دیں جو اس نعمت سے بے بہرہ ہیں تو اس سے بڑا ظلم اور کیا ہو گا۔

آج جن حالات سے ہم دوچار ہیں ایسے سنگین حالات سے امت مصطفویہ علی صاحبہا الف الف صلوۃ وسلام کو شاید ہی کبھی واسطہ پڑا ہو۔ اسلام کے دشمنوں کے پاس مہلک ترین اسلحہ کی جتنی فراوانی آج ہے پہلے کبھی نہیں ہوئی ہو گی۔ ہر اسلامی ملک ان کے فتنوں کی آماجگاہ بنا ہوا ہے۔ ہر اسلامی حکومت ان کی سازشوں سے لرزہ براندام ہے لیکن ہمیں ان کے ایٹم بموں سے زیادہ خطرہ شکوک و شبہات کے ان نشتروں سے ہے جن سے وہ ہماری نظریاتی سرحدوں پر تابڑ توڑ حملے کر رہے ہیں اور ہمارے عقائد کے ہر مورچہ پر شب خون مار رہے ہیں۔ کاش ہمارے نوجوان اور ہمارے سیاسی اور فکری قائدین اس آیت کے مضمون پر سنجیدگی سے غور کریں اور شیاطین جن و انس میں سے جب بھی کوئی شیطان پھونک مار کر ان کے یقین کے چراغ کو گل کرنا چاہے تو بے ساختہ اس آیت طیبہ کا ورد کرنے لگیں۔ یہی سپر ہے جس پر آپ اپنے جان و ایمان کے ہر دشمن کا وار بڑے وثوق سے روک سکتے ہیں لیکن جرأت اور حوصلہ مندی شرط ہے۔ ایک مرتبہ پھر پڑھیے۔

"فاصبر ان وعد الله حق ولا يستخفنك الذين لا يوقنون۔"

یعنی ہر ہجوم بلا میں، ہر سیل حوادث میں، شکوک و شبہات کی ہر خونخوار موج کے سامنے ثابت قدم رہو۔ صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رہو۔ اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ تمہاری دستگیری اور نصرت کا جو وعدہ فرمایا ہے وہ سچا ہے۔ یقیناً اس کی مدد تمہاری پشت پناہی کرے گی۔ وہ بدنصیب جو وہم و گمان کے اندھیروں میں عرصہ دراز سے بھٹک رہے ہیں، وہ بدبخت جنہیں بے یقینی کے اژدہا ڈس رہے ہیں، خبردار ان کے بہکانے میں نہ آجانا، وہ ڈوب رہے ہیں وہ تمہیں بھی اپنے ساتھ ڈبونا چاہتے ہیں۔ دانشمند لوگ ایسی فحش غلطی کا ارتکاب نہیں کیا کرتے۔

کتنی روح پرور ہے یہ آیت، کتنا ایمان افروز ہے یہ پیغام، شاندار آغاز کی یہ کتنی دلفریب انتہا ہے۔ بیشک قرآن کریم اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔

ذالك الكتاب لا ريب فيه هدى للمتقين۔ بمنه تعالى ولطفه وكرمه فرغت من تسويد هذه السطور في صباح يوم الخميس ۱۰ ربيع الاول

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم۔ عبده الضعيف: محمد کرم شاہ

# تعارف

# سورۂ لقمان

اس سورت کا نام لقمان ہے۔ یہ نبوت کے مکی دور کے وسط میں نازل ہوئی۔ اس سورت میں چار رکوع، چونتیس آیتیں، پانچ صد اڑتالیس کلمے، دو ہزار ایک سو دس حروف ہیں۔

قرآن کریم کی پُر از حکمت تعلیمات انسانی زندگی کو جن بے پایاں برکتوں سے مالا مال کرتی ہیں اور اپنے ماننے والوں کے عقیدہ، عمل اور سیرت میں جو رُوح پرور انقلاب برپا کرتی ہیں ان کے ذکر جمیل سے اس سورت کا آغاز ہو رہا ہے۔ اس کے بعد بتایا کہ جو لوگ قرآن کی دعوت حق کو قبول نہیں کرتے ان کی زندگیاں ہر قسم کی معنویت اور مقصدیت سے محروم ہو جاتی ہیں۔ ان کے سامنے سفلی جذبات کی تسکین اور دولت سمیٹنے کے بغیر کوئی منزل ہی نہیں ہوتی۔ اس کے لیے وہ ہر قسم کی لغویات و خرافات کا بیوپار کرنے سے دریغ نہیں کرتے۔ انہیں اس بات کا ذرا احساس نہیں ہوتا کہ ان کے طریقۂ کار سے ان کی قوم اخلاقی لحاظ سے دیوالیہ ہو جائے گی اور رزمگاہ حیات میں بُری طرح پٹ جائے گی۔ ان بد بختوں کے دلوں میں قبول حق کی استعداد بھی دم توڑ چکی ہے۔ وہ اندھیروں کے خوگر ہیں، روشنی کی ایک کرن بھی ان کے لیے ناقابل برداشت ہے۔ جس سمت سے حق کی صدائے دلنواز آ رہی ہو، وہ ادھر پیٹھ پھیر دیتے ہیں اور دم دبا کر بھاگ نکلتے ہیں تاکہ وہ اتنی دُور چلے جائیں کہ حق کی آواز انہیں سنائی نہ دے۔

اس سورۂ پاک کی خصوصیت یہ ہے کہ تعلیمات اسلامی کا اعلان ایک مرد دانا لقمان سے کرایا جا رہا ہے جو عرب کے گمنام اور پسماندہ علاقہ کا باشندہ ہے اور جس کی رنگت حبشیوں کی طرح سیاہ ہے اور اسی کے نام سے سورۃ کو معنون فرمایا۔ لقمان بڑے پیارے انداز سے اپنے لخت جگر کو نصیحت کرتے ہوئے سنائی دیتے ہیں۔ اس میں حکمت اس حقیقت کو آشکارا کرنا ہے کہ ان محاسن سے جو بھی اپنے آپ کو آراستہ کرے وہ ساری انسانیت کی نگاہوں میں محترم ہو جاتا ہے۔ ساری قومیں اس کا ذکر بڑی عزت سے کرتی ہیں اور اس کی حکمت آموز باتوں کو اپنے دلوں میں جگہ دیتی ہیں۔ عقائد صحیحہ کا نور، اعمال صالحہ کا حسن اور سیرت کی دلکشی کالے حبشی کو بھی سب کا محبوب بنا دیتی ہے۔ جسمانی حسن سے سیرت کا جمال کہیں دلکش ہے۔ اس کی برکت سے بھدے نقوش اور کالی رنگت پر بھی ایک ایسا روپ آجاتا ہے کہ بڑے بڑے حسینانِ عالم مبہوت ہو کر رہ جاتے ہیں۔ انسان کو انسان کامل بنانے کے لیے جن تعلیمات کی ضرورت تھی وہ دلنشین اسلوب میں حضرت لقمان کی زبان سے کہلوا دی گئیں اور انہیں "من عزم الامور" فرما کر ان کی اہمیت کا اظہار کر دیا گیا۔

علاوہ ازیں ان ظاہری و باطنی انعامات کا ذکر فرمایا جو بڑی فیاضی سے انسان کو بخشے گئے، لیکن اس کے باوجود بعض لوگ جدل و مکابرہ اور ناشکری کی روش سے باز نہیں آتے بلکہ جہالت اور بے جا ضد سے اہل حق سے جھگڑتے رہتے ہیں۔ گویا وہ ادھار کھائے بیٹھے ہیں کہ وہ شیطان کا دامن کسی قیمت پر نہ چھوڑیں گے خواہ وہ انہیں جہنم کے بھڑکتے ہوئے شعلوں میں ہی کیوں نہ پھینک دے۔ لیکن سب انسان یکساں نہیں۔ ان میں ایسے سلیم الطبع افراد بھی ہیں جنہوں نے صدق دل سے اللہ تعالیٰ کے رسول کی دعوت کو قبول کر لیا ہے۔ اپنے آپ کو اپنے تمام معاملات

کر کلیۃً اپنے پروردگار کے سپرد کر دیا ہے۔ بتا دیا کہ یہی لوگ ہیں جنہوں نے ایک ایسے حلقے کو پکڑ لیا ہے جو ٹوٹنے والا نہیں۔

متعدد تکوینی دلائل ذکر کر کے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، قُدرتِ کاملہ، حکمتِ بالغہ اور علمِ محیط کو ثابت کیا گیا ہے۔ آخر میں بتا دیا کہ ظاہری علوم تو بجائے خود اس کی ہمہ دانی کا تو یہ حال ہے کہ پوشیدہ سے پوشیدہ چیز بھی اس سے مخفی نہیں۔ وہ امور جن کو جاننے سے انسان کی ظاہری و باطنی قوتیں اور اس کے سائنسی آلات سراسر عاجز ہیں جن اسرار پر آگاہی حاصل کرنا انسان کے حیطۂ امکان سے بھی خارج ہے۔ وہ واقعات جو ابھی وقوع پذیر ہی نہیں ہوئے بلکہ پردۂ غیب میں مستور ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جانتا ہے۔ اس کا علم اتنا کامل اور محیط ہے کہ ہر چیز ہمہ وقت اس پر منکشف ہے۔

# سُوْرَةُ لُقْمٰنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

سورہ لقمان مکی ہے اس کی آیتیں ۳۴ اور رکوع ۴ ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

الٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳﴾

الف۔ لام۔ میم ۱ یہ آیتیں ہیں کتاب حکیم کی ۲ سراپا ہدایت اور رحمت ہے ۳ نیکوکاروں کے لیے ۴

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ

وہ جو صحیح صحیح ادا کرتے ہیں نماز کو اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور یہی لوگ ہیں جو آخرت پر پختہ

۱ یہ حروف مقطعات ہیں ان کی تفصیل متعدد مقامات پر پہلے گزر چکی ہے۔

۲ اس آیت میں حکیم کا لفظ غور طلب ہے۔ یہ لفظ یہاں کتاب کی صفت واقع ہوا ہے۔ علامہ ابن منظور نے اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا کہ جب یہ لفظ قرآن کریم کی صفت ہو تو اس کا معنی اَلْحَاكِمُ لَكُمْ وَعَلَيْكُمْ ہوتا ہے (لسان العرب) یعنی قرآن کریم ایک قوتِ حاکمہ ہے جس کا فیصلہ دو ٹوک اور بے لاگ ہوتا ہے اگر تم راستی اور سچائی پر ہو تو اس کا فیصلہ تمہارے حق میں ہوگا اور اگر تم راہِ حق سے روگردانی کرنے لگے تو وہ تمہیں تمہاری غلطی پر آگاہ کرے گا اور اس کے نتائج بد سے تمہیں بروقت متنبہ کرے گا۔

قرآن کریم کو حکیم کہنے کی ایک وجہ یہ بھی بیان کی گئی ہے کہ یہ کتاب حکمت و دانش کا خزینہ ہے۔ لِتَضَمُّنِهِ بِالْحِكْمَةِ۔ اس کا ایک معنی محکم بھی کیا گیا ہے۔ یعنی اس میں کسی قسم کا خلل اور تناقض نہیں۔ اى لاخلل فيه ولا تناقض۔

۳ فرمایا یہ کتاب سراپا ہدایت اور سراپا رحمت ہے۔ یہاں ہدایت اور رحمت کا امتزاج بڑا خوبصورت ہے یعنی شریعت اسلامیہ اس کے اوامر و نواہی، اس کا مالی اور بدنی نظام عبادات، اسکے مقرر کیے ہوئے حقوق و فرائض سراپا رشد و ہدایت بھی ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ یہ رحمت خداوندی کا مظہر بھی ہیں۔ ایسا نظام جو ہدایت بھی ہو اور رحمت بھی، اس کے احکام کی بجاآوری سے تغافل قرینِ دانشمندی نہیں۔

۴ اگرچہ اس کا آفتاب ہدایت انسانی زندگی کے گوشہ گوشہ کو منور کر رہا ہے اور اس کا ابرِ رحمت ہر جگہ برس رہا ہے، لیکن اس سے استفادہ کرنے والے صرف محسنین ہیں۔

لانهم انتفعوا ونظروه بعين الحقيقه۔

(بحر محیط)

هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝۴ اُولٰٓىِٕكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ

یقین رکھتے ہیں۔ یہ لوگ ہدایت پر ہیں اپنے رب کی توفیق سے اور یہی لوگ دونوں جہانوں میں

الْمُفْلِحُوْنَ ۝۵ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ

کامران ہیں ۴ اور کئی ایسے لوگ بھی ہیں جو بیوپار کرتے ہیں (مقصد حیات سے) غافل کر دینے والی باتوں کا ۵

۴ وہ محسنین کون ہیں جن کے لیے قرآن کریم ہدایت اور رحمت ہے۔ اس کی وضاحت ان آیات میں کر دی۔ ان آیات کی تشریح سورہ بقرہ کے پہلے رکوع میں گزر چکی ہے۔ ملاحظہ ہو ضیاء القرآن جلد اوّل۔ البقرہ ۲،۳،۴،۵۔

۵ قرآن کریم نے انسانی زندگی کا جو تصور پیش کیا ہے اس سے واضح ہوتا ہے کہ زندگی بڑی قیمتی چیز ہے اس کا ایک ایک لمحہ گراں بہا ہے یہ ایسی مہلت ہے جو صرف ایک مرتبہ ہی ارزانی ہوتی ہے۔ انسان جب اپنا مقررہ وقت بسر کر چکتا ہے تو پھر دنیا بھر کے خزانے دے کر بھی اس میں ایک گھڑی کا اضافہ نہیں کیا جا سکتا۔ اچھے یا برے جو اعمال وہ کرتا ہے ان کے اچھے یا برے نتائج ضرور مرتب ہوتے ہیں اور وہ اپنے تمام اعمال و افعال کے لیے اپنے خالق و مالک کے ہاں جواب دہ ہے۔ اسی محدود اور مقررہ مدت میں اس نے اپنی عاقبت کو بھی سنوارنا ہے اپنی دنیوی زندگی کو بھی با مقصد، باوقار اور حتی الوسع آرام دہ بنانا ہے۔ مزید براں اپنی ذہنی، فکری اور روحانی صلاحیتوں کو نشو و نما دے کر گلشن ہستی کے حسن اور بہار میں بھی اضافہ کرنا ہے۔

جو دین زندگی کو اتنی اہمیت دیتا ہے اس سے یہ توقع عبث ہے کہ وہ اپنے ماننے والوں کو عیش و عشرت اور لہو و لعب کی کھلی چھٹی دے گا اور انہیں بے مقصد زندگی بسر کرنے کی اجازت دے گا۔ اسی لیے قرآن کریم اور احادیث نبویہ میں تمام ایسے کاموں سے اجتناب کی بار بار تاکید کی گئی ہے جو لغو اور لایعنی ہوں۔ اس آیت طیبہ میں بھی اسی قسم کا تاکیدی فرمان ہے۔ چنانچہ علامہ آلوسی نے حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے لہو الحدیث کی یہ تفسیر نقل کی ہے۔ عَنِ الْحَسَنِ کُلُّ مَا شَغَلَکَ عَنْ عِبَادَةِ اللّٰهِ وَ ذِکْرِهٖ مِنَ السَّمَرِ وَ الْاَضَاحِیْکِ وَ الْخُرَافَاتِ وَ الْغِنَاءِ وَ نَحْوِهَا (روح المعانی) یعنی ہر وہ بات لہو الحدیث ہے جو تجھے اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اس کے ذکر سے غافل کر دے۔ رات گئے تک قصہ کہانیاں، ہنسانے والے چٹکلے، ہر طرح کے خرافات، گانا بجانا وغیرہ اس میں شامل ہیں۔

بیشک ہر وہ چیز جو عبادت الٰہی اور ذکر خداوندی سے محرومی کا باعث ہو اسلام میں اس کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں۔

بعض جلیل القدر صحابہ اور تابعین مثلاً ابن مسعود، ابن عباس، حسن، عکرمہ، سعید بن جبیر رضی اللہ عنہم نے لہو الحدیث کی تشریح غنا اور گانے بجانے سے کی ہے کیونکہ یاد الٰہی سے غافل کرنے کا یہ ایک قوی سبب ہے اس لیے اس کی اہمیت کے پیش نظر اس کو خصوصیت سے ذکر کیا۔ لیکن آیت کا لفظ خاص نہیں عام ہے اس لیے لہو الحدیث کے مفہوم کا غنا میں منحصر کرنا درست نہیں۔ لٰکِنَّ اللَّفْظَ عَامٌّ وَ الْعِبْرَةُ لِعُمُوْمِ اللَّفْظِ لَا لِخُصُوْصِ السَّبَبِ (مظہری)

علامہ آلوسی نے اسباب النزول واحدی کے حوالہ سے اور دیگر مفسرین نے اس آیت کی شان نزول بیان کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے

کفارِ مکہ کی شدید مخالفت کے باوجود جب دینِ اسلام روز بروز پھیلتا چلا گیا اور قرآن کا حسنِ اعجاز لوگوں کے دلوں کو موہنے لگا، تو اسلام کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کو ختم کرنے کے لیے نضر بن حارث نے ایک چال چلی۔ یہ تجارت پیشہ آدمی تھا۔ اپنے کاروبار کے سلسلہ میں مختلف ممالک ایران، عراق، شام وغیرہ میں اس کی بکثرت آمد و رفت تھی۔ وہاں سے وہ رستم و اسفندیار کے قصے، بادشاہوں کی جنگوں کی کہانیاں اور افسانے خرید کرلے آیا اور جب حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم لوگوں کو کلامِ الٰہی پڑھ کر سنانے لگتے تو یہ بلعون اپنی مجلس جماتا اور لوگوں کو دلچسپ افسانے اور بے سروپا کہانیاں سناتا جو کم فہم لوگوں کی تفریحِ طبع کا باعث ہوتیں، چنانچہ کئی لوگ قرآن کریم سننے کے بجائے اس کی مجلس میں شرکت کو ترجیح دیتے۔ اس ظالم نے فقط اسی پر اکتفا نہ کیا بلکہ اس نے کئی پری چہرہ لونڈیاں بھی خرید رکھی تھیں، جو رقص و سرود کے فن میں بھی ماہر تھیں۔ جب اسے پتہ چلتا کہ فلاں شخص اسلام کی طرف مائل ہو رہا ہے، تو وہ ان مہ وشوں کو اس کے اوپر مسلط کر دیتا جو گاتیں، ناچتیں اور ہر ذلیل حرکت سے اس کے دل کو لبھاتیں حتی کہ وہ حق کے حسن و دلکش سے بے خبر ہو جاتا۔ چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی اور فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ فرما کر ایسے لوگوں کے انجام بد سے پردہ اٹھا دیا۔

علماءِ کرام کے ایک طبقہ نے غنا کے مطلقاً حرام ہونے کا فتویٰ دیا ہے اور اس میں انہوں نے موقع، محل، سننے والے اور سنانے والے میں کوئی تفریق نہیں کی بلکہ ہر غنا کو حرام قرار دیا ہے۔ خواہ وہ کیسی بھی ہو۔ خوشی کی کسی مخصوص تقریب کے موقع پر ہو خواہ اس سماع سے محبتِ الٰہی کے جذبہ کو تقویت حاصل ہوتی ہو۔ چنانچہ اسی ضمن میں انہوں نے صوفیائے کرام کے سماع کو بھی ہدفِ تنقید بنایا ہے اور ان پر خوب برسے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے۔ انما الاعمال بالنیات کیونکہ اعمال کا دارومدار نیت پر ہے اور ان اکابر فضلاء کے حسنِ نیت کے متعلق کسی کو بھی شک و شبہ کی مجال نہیں۔

لیکن علماءِ محققین نے ان کے اس فتویٰ کی تائید نہیں کی بلکہ بڑی وضاحت سے اس حقیقت کو بیان کیا ہے کہ ہر غنا حرام نہیں، بلکہ بعض ایسے مقامات بھی ہیں جہاں اس کی اباحت ہر شک و شبہ سے بالاتر ہے چنانچہ علامہ قرطبی لکھتے ہیں: وَهُوَ الْغِنَاءُ الْمُعْتَادُ عِنْدَ الْمُشْتَهِرِيْنَ بِهِ الَّذِيْ يُحَرِّكُ النُّفُوْسَ وَيَبْعَثُهَا عَلَى الْهَوٰى وَالْغَزَلِ وَالْمُجُوْنِ الَّذِيْ يُحَرِّكُ السَّاكِنَ وَيَبْعَثُ الْكَامِنَ وَهٰذَا النَّوْعُ اِنْ كَانَ فِيْ شِعْرٍ يُشَبَّبُ فِيْهِ بِذِكْرِ النِّسَاءِ وَوَصْفِ مَحَاسِنِهِنَّ وَذِكْرِ الْخُمُوْرِ الْمُحَرَّمَاتِ لَا يُخْتَلَفُ فِيْ تَحْرِيْمِهٖ لِاَنَّهُ اللَّهْوُ وَالْغِنَاءُ الْمَذْمُوْمُ بِالْاِتِّفَاقِ وَاَمَّا مَا سَلِمَ مِنْ ذٰلِكَ فَيَجُوْزُ الْقَلِيْلُ مِنْهُ فِيْ اَوْقَاتِ الْفَرَحِ كَالْعُرْسِ وَالْعِيْدِ وَعِنْدَ التَّنْشِيْطِ عَلَى الْاَعْمَالِ الشَّاقَّةِ۔

(الجامع لاحکام القرآن للقرطبی)

ترجمہ: اس غنا سے مراد وہ غنا ہے جو نفس کو حرکت دیتا ہے اور اسے ہوا و ہوس اور فسق و فجور پر برانگیختہ کرتا ہے۔ اس قسم کا غنا جس میں عورتوں کے حسن و جمال کا بیان ہو جس میں شراب اور دیگر محرمات کی تعریف ہو، اس کے حرام ہونے میں کوئی اختلاف نہیں۔ بالاتفاق یہ لہو مذموم ہے۔ لیکن وہ غنا جو اس قسم کی قباحتوں سے پاک ہو، اس کا قلیل وقت کے لیے خوشی کے مواقع پر سننا جائز ہے مثلاً شادی اور عید وغیرہ یا مشقت طلب کاموں پر جوش دلانے کے لیے (قرطبی) اس کے بعد علامہ موصوف نے صوفیا کے سماع پر اپنی مخصوص رائے ظاہر کی ہے۔

علامہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ فقہائے کرام نے فرمایا ہے کہ غنا حرام ہے اور یہ آیت اس کی حرمت کی دلیل ہے کیونکہ غنا لہو الحدیث ہے اور لہو الحدیث حرام ہے۔ اس کی حرمت اس آیت اور متعدد احادیث سے ثابت ہے اس لیے غنا حرام ہے۔ اس کے بعد آپ لکھتے ہیں کہ صوفیاء کرام نے اپنے سماع کے جواز کے لیے چند شرطیں مقرر کی ہیں۔ (۱) سننے والے کا دل ذکرِ الٰہی سے مطمئن ہو۔ اسی کی یاد میں مستغرق ہو کسی غیر کی طرف التفات نہ ہو (۲) گانے والا امرد ،ہو یعنی عورت یا نوخیز لڑکا نہ ہو۔ (۳) محفلِ سماع اغیار سے خالی ہو (۴) نماز اور دیگر عبادات کی ادائیگی کا وقت بھی نہ ہو۔ جب یہ شرائط پائی جائیں تو سماع جائز ہے بلکہ مستحب ہے۔ کیونکہ سماع کی یہ تاثیر ہے کہ دل میں محبت کا جو جذبہ خفتہ اور پنہاں ہوتا ہے سماع اس محبت کی آگ کو بھڑکا دیتا ہے۔ جن لوگوں کے دلوں میں عورتوں کا عشق سمایا ہوتا ہے ان کے لیے سماع حرام ہے کیونکہ وہ نفس کو برائی پر بھڑکاتا ہے لیکن جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ کی محبت خیمہ زن ہوتی ہے۔ سماع ان کے ذوق و شوق میں اضافہ کا موجب ہوتا ہے ان کے لیے سماع مستحب ہے۔

وہ نصوص جن سے غناء کی حرمت ثابت ہوتی ہے ان کا جواب دیتے ہوئے علامہ موصوف فرماتے ہیں کہ اس آیت میں لہو الحدیث کو حرام کیا گیا ہے اور صوفیاء کا سماع لہو الحدیث کے زمرہ میں نہیں۔ وہ احادیث جن سے غنا کی حرمت ثابت ہوتی ہے وہ بھی مخصوص بالبعض ہیں کیونکہ ایسی احادیث بھی ہیں جن سے اس کا مباح اور جائز ہونا ثابت ہوتا ہے۔ دونوں قسم کی احادیث میں ہم تطبیق اس طرح کریں گے کہ جو غنا فسق و فجور کا محرک ہو وہ حرام ہے اور جو یادِ الٰہی کی آگ کو بھڑکا دے، وہ جائز ہے۔ آپ نے متعدد ایسی احادیث لکھی ہیں جن سے غناء کا مباح ہونا ثابت ہوتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ایک خادمہ تھیں اس کا نکاح انہوں نے انصار کے قبیلہ میں کر دیا۔ حضور گھر تشریف لائے تو دریافت فرمایا کہ اس بچی کو تم نے کچھ تحائف دیے ہیں۔ عرض کی گئی ہاں یا رسول اللہ! پھر پوچھا: ارسلت معھا من تغنی کیا اس کے ساتھ تم نے کوئی گانے والیاں بھی بھیجی ہیں۔ حضرت صدیقہؓ نے عرض کیا نہیں۔ فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم انّ الانصار قومٌ فیہ غزلٌ فلو بعثتم معھا من یقول۔ اَتَیْنَاکُمْ اَتَیْنَاکُمْ ــــ فَحَیَّانَا وَحَیَّاکُمْ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انصار گیتوں کو پسند کرتے ہیں، اچھا ہوتا اگر دلہن کے ساتھ تم بھیجتے جو یہ گیت گاتے اتیناکم الخ ہم آئی ہیں تمہارے پاس، ہم آئی ہیں تمہارے پاس۔ سلام ہو ہم پر، سلام ہو تم پر۔

عید کا دن تھا۔ حضور رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حضرت صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں کپڑا اوڑھے آرام فرما رہے تھے دو بچیاں دف بجا بجا کر گا رہی تھیں۔ اچانک صدیق اکبر تشریف لائے اور انہیں ڈانٹنا شروع کیا۔ حضور نے رُخِ انور سے پردہ اٹھایا اور فرمایا دَعْھُمَا یا ابابکر فانھا ایام عید۔ رواہ البخاری۔ وعند ابن ماجہ۔ انّ لکل قوم عیدٌ وھذا عیدنا۔ اے ابوبکر انہیں کچھ نہ کہو کیونکہ یہ عید کے دن ہیں۔

حضرت صدیقہ فرماتی ہیں کہ جس روز حضور نبی کریم رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لائے۔ جعل النساء والولدہ والصبیان یقلن،

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَیْنَا مِنْ ثَنِیَّاتِ الْوَدَاعِ     وَجَبَ الشُّکْرُ عَلَیْنَا مَا دَعَا لِلّٰهِ دَاعٍ

اَیُّھَا الْمَبْعُوْثُ فِیْنَا جِئْتَ بِالْاَمْرِ الْمُطَاعِ

یعنی عورتیں، بچیاں اور بچے یہ گا رہے تھے طلع البدر الخ وداع کی چوٹی سے چودھویں کے چاند نے ہم پر طلوع کیا ہے جب تک کوئی

اللہ تعالیٰ کی یاد کرنے والا باقی رہا اس وقت تک اس نعمت کا شکر ہم پر واجب ہے۔ ایها المبعوث الخ اے ہم میں نبی بن کر تشریف لانے والے آپ ایسا حکم لے کر آئے ہیں جس کی تعمیل کی جائے گی۔

یہ احادیث اور متعدد دوسری احادیث ذکر کرنے کے بعد علامہ ثناء اللہ پانی پتی لکھتے ہیں۔ فَظَهَرَ اَنَّ الْمُحَرَّمَ مِنَ الْغِنَاءِ مَا يَدْعُوْ اِلَى الْفِسْقِ وَيَشْغَلُ عَنْ ذِكْرِ اللهِ وَمَا لَيْسَ كَذٰلِكَ فَلَيْسَ بحرام غير انه لم يثبت عن النبي صلى الله عليه و اله وسلم ولا من الصحابة رضى الله عنهم استماع الغنا تقربا الى الله ولاجل ذلك ما اختار الكرام من النقشبنديه وغيرهم ارتكابه وان لم ينكروا الانكار عليه والله اعلم۔

یعنی ان احادیث سے یہ بات واضح ہو گئی کہ صرف وہ غنا حرام ہے جو فسق و فجور کا باعث بنے اور اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل کرے اور جو غنا ایسا نہیں وہ حرام نہیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ رضی اللہ عنہم سے یہ امر ثابت نہیں کہ انہوں نے غنا کو تقرب الی اللہ تعالیٰ کا ذریعہ سمجھ کر سنا ہو۔ اس لیے خاندان نقشبندیہ کے صوفیا سماع نہیں سنتے اگرچہ انہوں نے سماع کے قائلین پر بھی اعتراض نہیں کیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

اس مقام پر علامہ موصوف نے حاشیہ لکھا ہے جس میں امام غزالی علیہ الرحمۃ کی یہ عبارت درج کی ہے: في الاحياء السماع في اوقات السرور تاكيداً للسرور تهيجاً له مباح ان كان ذلك السرور مباح كالغنا في ايام العيد وفي العرس وفي وقت قدوم الغائب وفي الوليمة والعقيقة وعند ولادة الولد وختانه وعند حفظ القرآن۔ قلت وكذا عند تفويض الولد المسترق لاجل التعليم۔ یعنی احیاء العلوم میں ہے کہ اگر سرور مباح قسم کا ہو تو اس پر اظہار مسرت کے لیے سماع جائز ہے۔ جیسے عید شادی کے ایام کسی غائب کے سفر سے واپس آنے کے وقت، ولیمہ، عقیقہ، لڑکے کی پیدائش، اس کا ختنہ اور حفظ قرآن کے وقت اسی طرح لڑکے کو جب پڑھنے کے لیے اُستاد کی خدمت میں حاضر کیا جائے۔

علامہ پانی پتی نے فقہ کی چند جلیل الرتبت کتابوں کے حوالے بھی حاشیہ میں نقل کیے ہیں۔ چند ایک آپ بھی ملاحظہ فرمائیں۔

في شرح الكافي وَاعْلَمْ اَنَّ الْمَكْرُوْهَ مِنَ السِّمَاعِ عِنْدَ علمائنا مَا يَكُوْنُ عَلٰى سَبِيْلِ اللَّهْوِ وَاِرَادَةِ النِّسْيَانِ۔ بان يجتمع الفُسَّاق على ذلك ويتركون الصلوة وقراءة القرآن واَمَّا مَا كَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّلٰوةِ وَاَهْلِ الْقُرْآنِ من جملة الصالحين۔ فَسَمَاعُ هٰؤُلَاءِ حَلَالٌ بلا خلاف بين علمائنا اذ لا يريدون بذلك الا وجه الله وحضورهم ويَذْكرون الله في حَزَنِ الآخِرَةِ وَكُلُّ ذلك محمودٌ غير مَذْمُوم والتواجد والرقص ايضا غير مذموم بهذا المعنى۔ یعنی شرح کافی میں ہے کہ اچھی طرح جان لو کہ ہمارے علماء کرام کے نزدیک وہ سماع مکروہ ہے جو لہو اور گناہ کا باعث ہو۔ فاسقوں کا مجمع ہو جو تارک صلوٰۃ ہوں اور قرآن کریم کی تلاوت سے غافل ہوں لیکن جس سماع سے اللہ تعالیٰ کی رضا مطلوب ہو وہ محمود ہے مذموم نہیں۔ وجد وغیرہ کا بھی یہی حکم ہے۔

علامہ ابو القاسم بن محمد بن عبد اللہ الدمشقی نے شرح البزدوی میں اس مسئلہ کے متعلق اپنی یہی رائے ظاہر کی ہے۔

حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ العوارف میں لکھتے ہیں السماع يستجلب الرحمة من الله الكريم۔

عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِغَیْرِ عِلْمٍ ۖۗ وَّ یَتَّخِذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓىِٕكَ لَهُمْ

تاکہ بھٹکاتے رہیں راہِ خدا سے ۷ (اس کے نتائج بد سے) بےخبر ہو کر ۸ اور اسکا مذاق اڑاتے رہیں ۹ یہ لوگ ہیں جن کے

عَذَابٌ مُّهِیْنٌ ۝۶ وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَیْهِ اٰیٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ

لیے رسواکن عذاب ہے ۱۰ اور جب پڑھ کر سنائی جاتی ہیں اسے ہماری آیتیں تو منہ پھیر لیتا ہے تکبر کرتے ہوئے گویا

کرسامع اللہ تعالیٰ کی رحمت کا جاذب ہے۔ لیکن یہ سب اسی وقت جائز ہے جب ان شرائط کا سختی سے التزام کیا جائے جنکا ذکر پہلے ہو چکا۔

۷ نضر بن حارث اور اس کی قماش کے لوگ کم فہم عوام کے سفلی جذبات کو مشتعل کرنے اور ان کی نفسانی شہوات میں آگ لگانے کا جو بیوپار کر رہے ہیں، اس کا مقصد یہ ہے کہ وہ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی راہ سے بھٹکا دیں جس پر چل کر وہ اپنی منزلِ حیات کو پا سکتے ہیں جس پر چل کر انہیں عرفانِ ذات اور معرفتِ خداوندی کی نعمت مل سکتی ہے۔

۸ یعنی انہیں خبر ہی نہیں کہ جو کاروبار انہوں نے شروع کر رکھا ہے اس کے نتائج کتنے ہولناک ہیں، وہ لمحہ بھر کی عیش و نشاط کے لیے اپنی دولت، صحت اور نیک نامی کو برباد کر رہے ہیں اور اپنے ربِّ کریم کی آتشِ غضب کو بھڑکا کر اپنی عاقبت بھی تباہ کر رہے ہیں۔

۹ "ھا" کی ضمیر کا مرجع سبیل ہے، یہ مذکر اور مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے مطلب یہ ہے کہ وہ تقویٰ اور پارسائی کی راہ پر چلنے والوں پر طرح طرح کے آوازے کستے ہیں، ان کا مذاق اڑاتے ہیں۔ بیوقوف خود ہیں، دن کے اجالے میں راہِ راست کو چھوڑ کر خارزاروں میں الجھتے پھر رہے ہیں، اگر بیوقوفی، کور ذوقی اور نادانی کی تہمت ان حقیقت شناسوں پر لگا رہے ہیں جنہوں نے سچے دل سے حق کو قبول کیا ہے اور ہر قیمت پر اس کا ساتھ دینے کا عزم صمیم کر لیا ہے۔

۱۰ جو لوگ اپنی قوم کو راہِ حق سے بھٹکاتے ہیں، اپنے نوجوانوں کے شہوانی جذبات کو مشتعل کرنے کے اسباب فراہم کر کے اپنی تجوریاں بھرتے ہیں، زندگی کی تلخ حقیقتوں اور سنگین ذمہ داریوں سے غافل کر کے انہیں عیش و نشاط کا خوگر بناتے ہیں، ان کی حیا و عفت کی چادر کو لطف اٹھانے کے لیے تار تار کرتے ہیں اور انہیں فسق و فجور کے بازار میں لا کر ننگا کھڑا کر دیتے ہیں، وہ خوب جان لیں اور کان کھول کر سن لیں کہ یہ سودا انہیں مہنگا پڑے گا۔ انہیں یہاں بھی اور وہاں بھی رسواکن حالات سے دوچار کر دیا جائے گا۔

آج ہم اپنے معاشرہ میں عریانی اور بے حیائی کا امڈ کر آتا ہوا سیلاب دیکھ رہے ہیں جس کی تیز و تند چنگھاڑتی موجوں کی ہیبت سے دین اور اخلاقِ حسنہ کے مضبوط قلعے تھرا رہے ہیں۔ ہماری مخصوص اخلاقی، عمرانی عزیز قدریں ایک ایک کر کے تلف کی جا رہی ہیں۔ ہماری زندگی لہو و لعب بنتی جا رہی ہے۔ سنجیدگی اور متانت کا عنصر تیزی سے ناپید ہو رہا ہے۔ جاہ طلبی، لذت کوشی اور زر و سیم کی ہوس کی قربان گاہ پر ملی اور قومی مفادات کو بھینٹ چڑھا دینا ہمارے لیے کوئی مشکل نہیں۔ ہمارے اہلِ قلم کی عظیم اکثریت، ہماری فلم انڈسٹری، شبینہ مجلسیں، ثقافتی تقریبیں اور حیا باختہ قیامت برپا کر رہے ہیں۔ یہ سب کچھ کھلے بندوں بے روک ٹوک ہماری اسلامی مملکت کے مسلمان حکام کی آنکھوں کے سامنے ہو رہا ہے اور کوئی باز پرس نہیں کرتا بلکہ ان تباہ کن عوامل کو حکومت کی سرپرستی اور حکام کی حمایت حاصل ہے۔ یہ سوچ کر دل کانپ

لَمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۷

اس نے انہیں سنا ہی نہیں لا گویا اس کے دونوں کان بہرے ہیں سو آپ اسے دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیں ۱۲

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ۝۸ خٰلِدِيْنَ

بیشک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے نعمتوں والے باغات ہیں ۱۳ وہ ان میں ہمیشہ

فِيْهَا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۹ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

رہیں گے۔ اللہ کا یہ سچا وعدہ ہے۔ اور وہی سب پر غالب، بڑا دانا ہے۔ اس نے پیدا فرمایا آسمانوں کو ۱۴

بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى فِى الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ

ایسے ستونوں کے بغیر جنہیں تم دیکھ سکو ۱۵ اور گاڑ دیئے ہیں زمین میں اونچے اونچے پہاڑ تاکہ زمین ڈولتی نہ رہے ساتھ تمہارے

جاتا ہے کہ کہیں ہم اپنے آپ کو عذاب مہین کے لیے تو تیار نہیں کر رہے۔ العیاذ باللہ۔

۱۱ ان لوگوں کے ضمیر مردہ ہو چکے ہیں۔ شرافت اور نیکی کا جذبہ دم توڑ چکا ہے۔ اگر انہیں اللہ تعالیٰ کی آیات سنا کر نصیحت کی جاتی ہے کہ خدارا اپنی نوخیز نسل پر رحم کرو، اپنی قوم پر ترس کھاؤ، معاشرہ کے امن وسکون کو غارت نہ کرو، دولت کی محبت میں اتنے دیوانے نہ بن جاؤ کہ تمہیں اپنے انجام کا بھی ہوش نہ رہے تو ان پر کوئی اثر نہیں ہوتا الٹا غصہ اور غرور سے منہ پھیر لیتے ہیں اور اکڑ کر گزر جاتے ہیں۔ یوں معلوم ہوتا ہے گویا انہوں نے کوئی بات سنی ہی نہیں۔ کیا ان کے کان بہرے ہیں انہیں کچھ سنائی دیتا ہی نہیں۔ "وقر" کانوں کی گرانی جیسے باعث بات سنائی نہ دے۔

۱۲ اے محبوب! ایسے ناہنجار لوگوں کو دردناک عذاب کا مژدہ سنا دو۔

۱۳ اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف ان لوگوں کو شرف پذیرائی بخشا جائے گا جن کے دلوں میں ایمان کی شمع روشن ہے۔ اور اس کی پاکیزہ کرنیں اس کے عمل کی دنیا کو بھی بقعۂ نور بنا رہی ہیں۔ ان کا ہر عمل شائستگی اور متانت کا آئینہ دار ہوتا ہے ان کا ہر کام تعمیری ہوتا ہے۔ وہ بگاڑتے نہیں سنوارتے ہیں۔ ان کے ہنر، فن، علم اور دولت سے عروس گیتی کی زلفیں سنورتی ہیں۔ انسانیت کے حسن وجمال پر بہار آتی ہے۔ یہی لوگ ہیں جن کے لیے جنت کی بہاریں چشم براہ ہیں اور فردوس کی حوریں ٹکٹکی باندھے رنگین پھولوں کے ہار پرو رہی ہیں۔

۱۴ اللہ تعالیٰ کے عزیز اور حکیم ہونے کی دلیل پیش کی جا رہی ہے۔

۱۵ ترونھا کی ضمیر کے دو مرجع بیان کیے گئے ہیں (۱) آسمان (۲) عمد و ستون۔ پہلی صورت میں معنی یہ ہوگا کہ اس نے آسمانوں کو ستونوں کے بغیر پیدا فرمایا ہے اور تم مشاہدہ کر رہے ہو کہ آسمان ستونوں کے بغیر قائم ہیں۔ دوسری صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ آسمان کے لیے ایسے ستون نہیں بنائے جو تمہیں نظر آئیں۔ ہو سکتا ہے کہ وہاں ستون ہوں لیکن غیر مرئی ہوں جنہیں تم آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتے۔ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ

وَبَثَّ فِيهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَنْۢبَتْنَا

اور پھیلا دیے ہیں اس میں ہر قسم کے جانور اور اتارا ہم نے آسمان سے پانی پس اگائے ہم نے

فِيهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ ﴿۱۰﴾ هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِىْ مَاذَا خَلَقَ

زمین میں ہر نوع کے نفیس جوڑے یہ تو ہے اللہ کی تخلیق ۱۹ (اے مشرکو!) اب ذرا دکھاؤ مجھ کو کیا بنایا

الَّذِينَ مِنْ دُوْنِهٖ ۚ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۱﴾ وَلَقَدْ ع ۱

ہے اوروں نے اس کے سوا؟ (کچھ بھی نہیں) مگر یہ ظالم کھلی گمراہی میں ہیں اور ہم نے

اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ

عنایت فرمائی لقمان کو حکمت ۲۰ (ودانائی) ۲۱ اور فرمایا اللہ کا شکر ادا کرو ۲۲ اور جو شکر ادا کرتا ہے تو وہ شکر ادا کرتا ہے

یہ دونوں قول لکھنے کے بعد فرماتے ہیں فیھما قُدْرَۃُ اللّٰہِ وَاِرَادَتُہٗ یعنی وہ اللہ تعالیٰ کی قدرت اور ارادہ ہے جن کے سہارے یہ عالم افلاک اپنے ان گنت روشن ستاروں، بیکراں وسعتوں اور بلندیوں کے ساتھ قائم و دائم ہے۔ سائنس کی جدید اصطلاح میں آپ اسے جذب وکشش کا قانون کہہ لیں یا کوئی اس کی کوئی اور توجیہ پیش کریں بہرحال یہ نظام شمسی اپنی عظمت اور ہیبت سمیت اللہ تعالیٰ کی قدرت کا مظہر اور اس کے ارادے کا شاہکار ہے۔

۱۹ آسمان کا یہ رفیع اور وسیع گنبد جسے تھامنے کے لیے کوئی ستون اور سہارے نظر نہیں آتے، یہ کشادہ زمین اور اس میں گڑے ہوئے فلک بوس پہاڑ، یہ رنگا رنگ جانور، مناسب اوقات پر بارش کا برسنا، رنگا رنگ فصلوں، سبزیوں، درختوں کا اُگنا، اچھلنا، پھولنا اور ان کے علاوہ جو کچھ تمہیں نظر آ رہا ہے اسے تو اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ سے تخلیق فرمایا ہے۔ اور تم بھی اس کے انکار کی جرأت نہیں کر سکتے۔ اب یہ بتاؤ جن جھوٹے خداؤں کی پوجا پاٹ میں تم روز و شب مشغول رہتے ہو اور انہیں اپنا خدا یقین کرتے ہو۔ انہوں نے آخر اپنی قدرت اور حکمت کا کونسا کمال دکھایا ہے کہ تم ان کو بھی خدا ماننے لگے ہو؟ شرک کے بطلان کی یہ کتنی زبردست اور عام فہم دلیل ہے۔

۲۰ یہ لقمان کون تھے۔ مؤرخین اور مفسرین نے ان کے بارے میں مختلف اقوال نقل کیے ہیں۔ کسی نے انہیں "نوبہ" کا باشندہ قرار دیا ہے اور کسی نے انہیں عاد کے خاندان سے منسوب کیا ہے۔ کسی نے انہیں آزاد کردہ غلام کہا ہے اور کسی کے نزدیک یہ حضرت ایوب علیہ السلام کے بھانجے یا خالہ کے لڑکے ہیں۔ بعض نے ان کی نبوت کا قول کیا ہے لیکن جمہور علماء نے انہیں فقط مرد دانا اور حکیم تسلیم کیا ہے۔ قرآن کریم نے ان تفصیلات کو غیر ضروری سمجھ کر نظر انداز کر دیا ہے۔ فقط ان کے حکیمانہ پند و موعظت کے ذکر پر اکتفا کیا ہے۔ ہمیں بھی اس لاحاصل بحث و تمحیص میں وقت ضائع نہیں کرنا چاہیے۔ علامہ ابی حیان الاندلسی لکھتے ہیں: وَهٰذَا الْاِضْطِرَابُ فِىْ كَوْنِهٖ حُرًّا اَوْ عَبْدًا وَفِىْ جِنْسِهٖ وَفِيمَا كَانَ يُعَانِيهِ يُوجِبُ

لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌ ﴿۱۲﴾ وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ

اپنے بھلے کے لیے ہے ۱۱ اور جو کفران نعمت کرتا ہے تو بیشک اللہ تعالیٰ غنی ہے حمید ہے۔ اور یاد کرو جب لقمان نے اپنے بیٹے

اَن لایکتب شئی من ذلك ولا ینکر لکن المفسرون مُولعون بنقل المضطربات حشواً وتقصیراً والصواب ترکه۔ (بحر محیط)

علامہ قرطبی نے حضرت ابن عمر سے ایک روایت نقل کی ہے۔ اس سلسلہ میں اسی کا ذکر کر دینا کافی ہے۔ عن ابن عمرؓ قال سمعت رسُوْلَ اللّٰه صلی اللّٰه تعالٰی علیه واٰله وسلّم یَقُوْلُ لَمْ یَکن لُقْمَانُ نَبِیًّا وَلٰکِنْ کَانَ عَبْدًا کَثِیْرَ التَّفَکُّرِ حَسَنَ الْیَقِیْنِ اَحبَّ اللّٰهَ تعالٰی وَاَحَبَّهٗ وَمَنَّ علیه بالحکمة وخَیَّرَهٗ فی اَنْ یجعله خلیفة یَحْکُمُ بالحق وقال ربّ ان خَیَّرْتَنی قبلتُ العافیه وترکتُ البلاءَ وان عزمت علیّ فَسَمْعًا وطاعة فانك سَتَعْصِمُنی۔ (ذکرہ ابن عطیہ)

ترجمہ: حضرت ابن عمر سے مروی ہے کہ انہوں نے حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ لقمان نبی نہیں تھے، بلکہ وہ غور وفکر کے خوگر اور دولت یقین سے مالا مال بندے تھے۔ انہیں اللہ تعالیٰ سے محبت تھی۔ اللہ تعالیٰ بھی ان سے محبت کرتے اور انہیں حکمت کی نعمت عطا فرمائی اور فرمایا اگر تم پسند کرو تو تمہیں خلیفہ بنا دیا جائے تاکہ تم عدل وانصاف کو قائم کرو۔ انہوں نے عرض کی میرے پروردگار! اگر تو آپ مجھے اختیار دیتے ہیں تو میں عافیت کو قبول کروں گا اور اس آزمائش سے بچوں گا اور اگر منصب خلافت سنبھالنے کے متعلق قطعی حکم ہے تو میں دل وجان سے حاضر ہوں کیونکہ مجھے تیرے کرم پر یہ بھروسہ ہے کہ تو مجھے غلطی سے بچائے گا۔

۱۰ حضرت ابن عباس نے حکمت کی تشریح عقل، فہم اور فراست سے کی ہے۔ عَنْ ابن عباس العقل والفَهْمُ والفِطْنَةُ۔ علامہ راغب کہتے ہیں کہ حکمت سے مراد موجودات کا صحیح علم اور اچھے کام کرنا۔ امام رازی فرماتے ہیں علم کے مطابق عمل کرنے کی توفیق حکمت ہے۔ قَالَ الْاِمَامُ هِیَ عِبَارَةٌ عَنْ تَوْفِیْقِ الْعَمَلِ بِالْعِلْمِ۔ (روح المعانی)

۱۱ یہاں یا تو "قُلْنَا" محذوف ہے یا "اَنْ" یہاں مقدر ہے۔ آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ ہم نے اسے دانائی عطا فرمائی یعنی اسے شکر کی توفیق بخشی۔ اس صورت میں حکمت سے مراد شکر ہوگا۔ وهٰذا ایذانٌ علی اَنَّ الْحِکْمَةَ هُوَ الشُّکْرُ۔

شکر اظہار نعمت کو کہتے ہیں اس کے مقابلہ میں کفران ہے یعنی نعمت کا چھپانا اور اس کا اعتراف نہ کرنا۔ وفی القاموس الشُّکْرُ عِرْفَانُ الْاِحْسَانِ۔ نعمت کے اظہار اور اعتراف کی تین صورتیں ہیں (۱) دل میں یہ تصور کرنا کہ میرے اللہ نے مجھ پر یہ نوازش فرمائی ہے۔ (۲) زبان سے اس کی بندہ پروری کی تعریف کرنا۔ (۳) اعضاء سے کہ جب اللہ تعالیٰ انعام واکرام فرمائے تو اس کی عبادت واطاعت میں انسان زیادہ سے زیادہ مصروف ہو جائے اور ان نعمتوں کو اللہ تعالیٰ کے احکام کی بجا آوری اور اس کی رضا کے حصول میں خرچ کرے۔

۱۲ ادائے شکر کا حکم دینے کے بعد اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیا کہ اس کے شکر کرنے سے اللہ تعالیٰ کی شان کبریائی میں اضافہ نہیں ہوتا اور کسی کی ناشکری سے اس کی شان عظمت میں کمی نہیں آتی اگر کوئی شکر کرے گا تو اس کا اپنا بھلا ہوگا۔ ناشکری کرے گا تو خود ہی نقصان اٹھائے گا۔ اللہ تعالیٰ غنی ہے۔ سارا جہان اس کا محتاج ہے وہ کسی کا محتاج نہیں۔ وہ حمید ہے۔ اگر کسی کی زبان قال اس کی حمد وثنا سے گنگ ہے تو کائنات کا ذرہ ذرہ زبان حال سے اس کی حمد کے قصیدے گا رہا ہے۔

وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۳﴾

کہ کہا اسے نصیحت کرتے ہوئے اے میرے پیارے فرزند! کسی کو اللہ کا شریک نہ بنانا۔ یقیناً شرک ظلم عظیم ہے ۲۱

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّ

اور ہم نے تاکیدی حکم دیا انسان کو ۲۲ کہ اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک کرے شکم میں اٹھائے رکھا ہے ۲۳ اسے اس کی ماں نے کمزوری پر کمزوری کے باوجود

آیت میں "اللہ" کا لفظ مقدر ہے۔ تقدیر کلام یوں ہے مَنْ شَكَرَ اللّٰهَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ اللّٰهَ لِنَفْسِهٖ۔ یعنی جو اللہ تعالیٰ کا شکر کرتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کا شکر اپنے فائدہ کے لیے کرتا ہے اس میں سراسر اسی کا بھلا ہے۔ کسی عارف نے کیا خوب فرمایا ہے: اَلشُّكْرُ قَيْدٌ لِلْمَوْجُوْدِ وَصَيْدٌ لِلْمَفْقُوْدِ وَمُوْجِبُ تَقَرُّبٍ اِلَى الْمَعْبُوْدِ وَثَوَابٌ فِيْ دَارِ الْخُلُوْدِ۔ یعنی شکر کرنے سے جن لطف و احسان سے اسے نوازا گیا انہیں بقا و دوام نصیب ہوتا ہے، جن انعامات سے تاحال وہ بہرہ ور نہیں شکر ان کو شکار کرتا ہے، شکر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تقرب کا باعث ہے اور اس کا ثواب دار الخلد میں ملے گا۔

۲۱ حضرت لقمان کے بحر حکمت کے چند سچے موتی قرآن کریم کے قارئین کی خدمت میں پیش کیے جا رہے ہیں۔
آپ نے اپنے فرزند دلبند کو سب سے پہلے جو نصیحت کی وہ یہ ہے کہ شرک سے بڑا اور کوئی ظلم نہیں اسے چاہیے کہ ہر حالت میں اپنے دامن کو شرک کی آلودگی سے پاک رکھے۔ لقمان حکیم ہیں انہوں نے اپنے حکیمانہ کلام سے صرف اپنے بیٹے کو ہی نوازا نہیں ہوگا بلکہ عام لوگوں کو بھی اپنی دلنواز پند و نصائح سے سرفراز کیا ہوگا، لیکن قرآن کریم میں ان کے صرف وہ حکیمانہ اقوال ذکر کیے گئے ہیں جو انہوں نے اپنے بیٹے کو فرمائے۔ مقصد یہ بھی ہے کہ دوسروں کے ساتھ تو معاملہ کی بنیاد ریاکاری، تصنع اور فریب دہی ہو سکتی ہے، لیکن ایک باپ جب اپنے بیٹے کو نصیحت کرتا ہے اس میں سراسر سچائی اور اخلاص ہی ہوتا ہے۔ وہاں غلط بیانی اور عیاری کا امکان تک نہیں ہوتا۔ اہل عرب جو بری طرح شرک میں مبتلا تھے انہیں بتایا جا رہا ہے کہ لقمان کو تم بھی حکیم اور مرد دانا تسلیم کرتے ہو، ان کے اقوال کو اپنے اشعار میں اور اپنے خطبوں میں فخریہ نقل کرتے ہو ذرا اس کی تعلیم پر غور کرو۔ اس کی ان نصیحتوں کو گوش ہوش سے سنو جو اس نے اپنے لخت جگر کو کیں۔ کیا اس کے بعد بھی تمہیں شرک کی قباحت میں شک باقی رہے گا۔ اب تو تم اس قسم کی خرافات سے باز آ جاؤ۔
پہلی آیت میں شرک کے بطلان پر عقلی دلیل پیش کی۔ اس آیت میں نقلی دلیل پیش کی جا رہی ہے۔ گویا عقل اور نقل دونوں شرک کے بطلان پر متفق ہیں۔ اب تو اس غلط عقیدے کو چھوڑ دو اور اللہ وحدہٗ لاشریک پر ایمان لے آؤ۔

۲۲ یہ دونوں آیتیں حضرت لقمان کے وعظ کے درمیان بطور جملہ معترضہ ذکر کی گئی ہیں۔ ان سے ایک مقصد تو یہ ہے کہ آپ کے کلام کی تصدیق ہو جائے۔ دوسرا مقصد یہ بھی ہے کہ حضرت لقمان نے از راہ اخلاص و محبت اپنے بیٹے کو شرک سے باز رہنے کی تلقین کی اور اسے ظلم عظیم کہہ کر نفرت دلائی۔ اللہ تعالیٰ نے اس پدری خلوص و شفقت کے صلے کے طور پر اولاد کو اپنے ماں باپ کی فرمانبرداری اور خدمت گزاری کا حکم دیا اور وہ حدود بھی متعین کر دیں جہاں تک ماں باپ کے ارشاد کو تسلیم کیا جا سکتا ہے۔ ۲۳ بے شک ماں باپ دونوں کا اپنی اولاد پر بڑا حق ہے لیکن دونوں میں سے

فِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ؕ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۱۴﴾ وَ

اور اس کا دودھ چھوٹنے میں دو سال لگے (اس لیے ہم نے حکم دیا) کہ شکر ادا کرو میرا اور اپنے ماں باپ کا ۲۴ (آخر کار) میری طرف ہی (تمہیں) لوٹنا ہے

اِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰٓى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا

اور اگر وہ دباؤ ڈالیں تم پر کہ تو میرا شریک ٹھہرائے اسے کہ جس کا تجھے علم تک نہیں، تو ان کا یہ کہنا نہ مان ۲۵

ماں کا حق بہت زیادہ ہے۔ نو ماہ تک وہ بچے کو شکم میں اٹھائے پھرتی ہے۔ مرد سے پہلے ہی وہ نسبتاً کمزور ہوا کرتی ہے اور اس پر حمل کی گرانی اس کو مزید کمزور اور ناتواں بنا دیتی ہے۔ اس طویل عرصہ میں آئے دن اسے طرح طرح کی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ پھر پیدائش کا مرحلہ بڑا جانگسل اور صبر آزما ہوتا ہے۔ اگر ماں ان جانگسل مرحلوں سے بچ نکلے تو پھر عرصہ تک وہ اسے اپنا خونِ جگر پلاتی ہے۔ اس کے علاوہ دن رات ماں اپنے اس نورِ نظر کی خدمت میں گزارتی ہے۔ یہ ساری جانکاہیاں اور خدمات کسی لالچ کی وجہ سے نہیں، کسی احسان جتلانے کے خیال سے نہیں بلکہ محض محبت اور پیار کے جذبہ سے سرشار ہو کر انجام دی جاتی ہیں۔ اسی لیے حضور رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بار بار ماں کی نگہداشت کی تلقین فرمائی ہے جن کا تفصیل بیان مناسب مقامات پر گزر چکا ہے۔ یہاں فقط ایک ارشادِ نبوی پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

کسی شخص نے خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر دریافت کیا، یا رسول اللہ! مَنْ اَبَرُّ؟ میں کس کے ساتھ احسان کروں۔

فرمایا: اُمَّكَ۔ اپنی ماں کے ساتھ۔ اس نے دوبارہ عرض کیا: ثُمَّ مَنْ۔ اس کے بعد کس کے ساتھ۔

فرمایا: اُمَّكَ۔ اپنی ماں کے ساتھ۔ سہ بارہ گزارش کی: ثُمَّ مَنْ۔ اس کے بعد کس کے ساتھ۔ فرمایا: اُمَّكَ۔ اپنی ماں کے ساتھ۔ چوتھی بار جب اس نے پوچھا: ثُمَّ مَنْ۔

فرمایا: اَبَاكَ۔ اپنے باپ کے ساتھ۔

۲۴ یہاں اپنا شکر کرنے کے ساتھ والدین کا شکر ادا کرنے کا حکم بھی ملا دیا۔ اس طرح بندہ نوازی کی حد کر دی اور اسلامی معاشرہ میں والدین کا جو اعلیٰ اور ارفع مقام ہے اس کی وضاحت فرما دی۔ اس کے بعد بھی اگر مسلمان بچے اپنے والدین کی خدمت میں کوتاہی کریں اور ان کے ساتھ حسنِ سلوک کر کے ان کی دعائیں نہ لیں تو بڑی بدقسمتی ہے۔

۲۵ والدین کی اطاعت کا بار بار تاکیدی حکم قرآن کریم میں دیا گیا۔ اس سے یہ غلط فہمی پیدا ہو سکتی تھی کہ والدین کا ہر حکم ماننا اور ان کی ہر خواہش کو پورا کرنا ضروری ہے۔ اگرچہ وہ شرک کرنے اور نافرمانی کرنے کا بھی حکم دیں۔ اس آیت میں اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیا اور بتا دیا کہ بیشک والدین کا بڑا حق ہے اور ان کی خوشنودی حاصل کرنا بہت بڑی سعادت ہے لیکن بہرحال ان کا حق اللہ تعالیٰ کے حق سے کم ہے۔ اگر وہ اس کے ساتھ شرک کرنے پر اصرار کریں گے یا کسی ارشادِ الٰہی سے سرتابی پر مجبور کریں گے تو اس وقت ان کے حکم کو مسترد کر دینا ضروری ہوگا۔ کیونکہ اب وہ اپنی حد سے تجاوز کر رہے ہیں۔ حدیثِ پاک میں ہے: لا طاعة للمخلوق في معصية الخالق کہ کسی مخلوق کی ایسی اطاعت نہ کرو جس سے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہوتی ہو۔

# وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوفًا ۖ وَاتَّبِعْ سَبِيلَ مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ ۚ

البتہ گزران کرو ان کے ساتھ دُنیا میں خوش اسلوبی سے ۲۸ اور پیروی کرو اس کے راستے کی جو میری طرف مائل ہوا ۲۹

۲۸ چاہیے تو یہ تھا کہ جب والدین اپنے خالق اور مالک کے سرکش ہوں اور شرک کے مرتکب ہوں، تو ان سے قطع تعلق کر لیا جائے اور کسی قسم کی شفقت اور محبت کا مظاہرہ ان سے نہ کیا جائے لیکن انسان قربان جائے اس دین فطرت کی پاکیزہ تعلیمات پر۔ فرمایا ان کی یہ بات نہ مانو اس کے علاوہ ان کے ساتھ حسنِ سلوک کے سارے تقاضے پورے کرو۔ وہ بیمار ہوں تو ان کی تیمارداری کرو۔ وہ مفلس ہوں تو ان کے اخراجات کا بوجھ تم اٹھاؤ۔ ان کا ادب اور احترام ہر حالت میں ملحوظ رکھو۔ ان کی زیادتیوں کے باوجود تمہاری طرف سے تلخ کلامی اور بے مہری کی نوبت نہ آنے پائے۔ بیشک قرآن خداوند عالم کا کلام ہے۔ بیشک اسلامی شریعت پر عمل پیرا ہو کر ہم دونوں جہانوں کی سعادتوں سے بہرہ اندوز ہو سکتے ہیں۔

حضرت سعد بن ابی وقاص فرماتے ہیں کہ یہ آیت میرے حق میں نازل ہوئی۔ میں اپنی والدہ کا بڑا فرمانبردار اور اطاعت گزار تھا۔ اس کی خدمت اور دل جوئی میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے جب مجھے نعمتِ ایمان سے مشرف کیا تو میری ماں سخت برافروختہ ہوئی۔ مجھے کہنے لگی اے سعد! تم نے یہ کیا حرکت کی ہے۔ اگر تُو نے اس نئے دین کو نہ چھوڑا تو میں کھانا پینا بند کر دوں گی یہاں تک کہ مر جاؤں گی اور لوگ تجھے اپنی ماں کا قاتل کہہ کر عار دلائیں گے اور تو عمر بھر میں رسوا ہو گا۔ میں نے کہا اماں! ایسا نہ کرو۔ میں کسی قیمت پر بھی اپنا دین نہیں چھوڑوں گا لیکن وہ بضد رہی۔ دن بھر نہ کچھ کھایا اور نہ پیا۔ رات بھی یوں ہی گزار دی۔ جس کے باعث وہ بہت کمزور ہو گئی۔ دُوسرا دن اور رات اس نے فاقہ سے گزار دیا۔ اب تو اس کی کمزوری حد کو پہنچ گئی۔ جب میں نے اس کی یہ ضد دیکھی تو میں نے کہا:

يَا أُمَّهْ تَعْلَمِيْنَ وَاللّٰهِ لَوْ كَانَتْ لَكِ مِائَةُ نَفْسٍ فَخَرَجَتْ نَفْسًا نَفْسًا مَا تَرَكْتُ دِيْنِيْ هٰذَا لِشَيْءٍ فَإِنْ شِئْتِ فَكُلِيْ وَإِنْ شِئْتِ لَا تَأْكُلِيْ۔ اے ماں! تُو خوب جان لے اگر تیری سو جانیں ہوں اور سب ایک ایک کر کے نکل جائیں تو خدا کی قسم میں اپنے دین کو پھر بھی نہیں چھوڑوں گا۔ اب تیری مرضی ہے تو کھا اور نہیں ہے تو بے شک نہ کھا۔ میں اپنا دین چھوڑنے کے لیے کسی قیمت پر تیار نہیں۔ میرا عزم مستحکم دیکھ کر میری ماں نے بھوک ہڑتال ختم کر دی۔

اللہ تعالیٰ دینِ حق پر ہمیں بھی اسی قسم کی استقامت عطا فرمائے۔ آمین۔

۲۹ کسی کے ساتھ حسنِ خلق کا مظاہرہ کرنا، خندہ پیشانی سے پیش آنا، مروّت و احسان کرنا اور بات ہے لیکن کسی کی اطاعت و اتباع کا معاملہ بالکل دُوسرا ہے۔ اتباع فقط اسی کی کرنی چاہیے جو ہر طرف سے رُخ پھیر کر اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو۔ محبت و مودّت کے سلسلے رشتے توڑ کر ایک اللہ کی محبت اپنے دل میں بسائے اور جس کسی کے ساتھ وہ محبت کرے فقط اسی لیے کرے کہ یہ اس کے محبوب کا محبوب اور پیارا ہے۔

علمائے تفسیر نے فرمایا ہے کہ 'مَنْ اَنَابَ' سے یہاں مُراد حضرت ابوبکر صدیق ہیں (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)، آپ کی انابت الی اللہ کی شان دیکھنی ہو تو آپ کی کتابِ زندگی کا مطالعہ کیجئے۔ آپ کو پتہ چلے گا کہ اللہ کے بندے کیسے ہوتے ہیں اور مصطفےٰ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مریدانِ باصفا کا کیا مقام ہے۔ آپ جب مشرف باسلام ہوئے تو حضرات سعد ابن ابی وقاص، عبدالرحمن ابن عوف، عثمان، طلحہ، زبیر اور سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہم جو فہم و فراست دنیاوی وجاہت کاروباری مہارت میں مکہ کے سرکردہ لوگوں میں سے تھے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے

ثُمَّ اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾ یٰبُنَیَّ اِنَّهَاۤ

پھر میری طرف ہی تمہیں لوٹنا ہے۔ پس میں آگاہ کروں گا تمہیں ان کاموں سے جو تم کیا کرتے تھے۔ (لقمان نے کہا) پیارے فرزند! ۃ

اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی

اگر کوئی چیز رائی کے دانہ کے برابر وزنی ہو یا پھر وہ کسی چٹان میں یا

السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ﴿۱۶﴾

آسمانوں یا زمین میں (چھپی) ہو تو لے آئے گا اسے اللہ تعالیٰ۔ بیشک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین ہر چیز سے باخبر ہے

یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ

میرے پیارے بچے! نماز صحیح صحیح ادا کیا کرو ۲۹ نیکی کا حکم دیا کرو۔ اور برائی سے روکتے رہو اور صبر کیا کرو

پاس آئے اور آکر دریافت کیا:

"اے ابوبکر! کیا تم نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصدیق کر دی ہے اور ان پر ایمان لے آئے ہو؟" آپ نے کہا: "ہاں میں تو ایمان لے آیا ہوں اور صدقِ دل سے ان کی رسالت کو تسلیم کر لیا ہے۔" اتنا جواب سنتے ہی یہ حضرات بارگاہِ مصطفوی میں حاضر ہوئے۔ کلمۂ شہادت پڑھا اور مشرف بہ اسلام ہو گئے۔ کیونکہ ان زیرک اور معاملہ فہم لوگوں کے نزدیک اسلام کی صداقت کی سب سے بڑی دلیل یہی تھی کہ ابوبکر جیسا دانا اور ہوشمند شخص اس کو قبول کر چکا ہے۔

الٰہی! ہمیں بھی ان لوگوں کی پیروی نصیب کر جو تیری یاد، تیرے ذکر اور تیری محبت میں سرشار رہتے ہیں۔ آمین

۲۸ اب پھر حضرت لقمان کی موعظت کا سلسلہ شروع ہوتا ہے۔ سب سے پہلے آپ نے اپنے بچے کو شرک سے باز رہنے کا حکم دیا۔ اب وہ اسے اللہ تعالیٰ کے علم محیط اور قدرت کاملہ کا درس دے رہے ہیں۔ رائی کے دانے کی کیا حقیقت ہے۔ سامنے رکھا ہو، دن کی روشنی ہو، پھر بھی وہ قریب سے ہی نظر آتا ہے لیکن اتنی باریک چیز اگر پتھر کی کسی چٹان میں مستور ہو یا کوئی ذرہ زمین کی وسعتوں اور آسمان کی پہنائیوں میں گم ہو جائے تو کون انسان ایسا ہے یا کونسا آلہ ہے جس کی مدد سے اس ذرہ کا سراغ لگایا جا سکے۔ ہمارے لیے بیشک یہ ازحد مشکل کام ہے مگر اتنی چھوٹی چیز کہیں بھی ہو اللہ تعالیٰ سے مخفی نہیں۔

۲۹ مومن کی دو ذمہ داریاں ہیں۔ اپنی ذات کی تکمیل اور دوسروں کی صلاحیتوں کی حتی الوسع نشوونما۔ اپنی ذات کی تکمیل کے لیے نماز کا حکم دیا۔ دوسروں کی تربیت اور تکمیل کے لیے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا حکم دیا۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں: اَقِمِ الصَّلٰوةَ تَكْمِيْلًا لِنَفْسِكَ وَ اْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ تَكْمِيْلًا لِغَيْرِكَ۔ (روح المعانی)

عَلٰی مَاۤ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝۱۷ وَ لَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ

ہر مصیبت پر جو تمہیں پہنچے ۔ بیشک یہ بڑی ہمت کے کام ہیں ۴۱ اور (تکبر کرتے ہوئے) نہ پھیرے اپنے رخسار کو

لِلنَّاسِ وَ لَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ كُلَّ

لوگوں کی طرف سے اور نہ چلا کر زمین میں اتراتے ہوئے ۔ بیشک اللہ تعالیٰ نہیں پسند کرتا کسی

مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ۝۱۸ وَ اقْصِدْ فِیْ مَشْیِكَ وَ اغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ

گھمنڈ کرنیوالے فخر کرنیوالے کو ۴۲ اور درمیانہ روی اختیار کر اپنی رفتار میں اور دھیمی کر اپنی آواز ۴۳

۴۰ اپنے نفس کی اصلاح بھی کوئی آسان کام نہیں۔ صبح شام اپنی خواہشات سے برسر پیکار رہنا، نفس کی سرکشی اور غفلت پر اسے ہر وقت جھڑکتے رہنا بڑے دل گردے کا کام ہے۔ اس کے لیے بڑے صبر اور حوصلہ کی ضرورت ہے۔ اسی طرح ان لوگوں کو نیکی سے کوسوں دور ہیں، تقویٰ اور پارسائی کی راہ سے عمر بھر گریزاں رہے ہیں ان کے دلوں میں نیکی کی الفت پیدا کرنا انہیں طغیان و عصیاں کی زندگی سے باز رہنے کا حکم دینا ہر کس و ناکس کے بس کا روگ نہیں۔ طعن و تشنیع کے تیروں سے گھائل ہونا پڑتا ہے۔ مالی خساروں اور جسمانی اذیتوں کو برداشت کرنا پڑتا ہے کبھی کبھی جان کی بازی لگانی پڑتی ہے۔ یہ مرحلہ بھی صبر اور استقامت کے بغیر طے نہیں ہو سکتا۔ اس لیے حضرت لقمان اپنے فرزند دلبند کو تکمیل ذات اور اصلاح معاشرہ کی ذمہ داری قبول کرنے کے بعد صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑنے کی تلقین فرما رہے ہیں۔ یہ راہ بڑی جانگداز اور کٹھن ہے، مردانِ پاکباز ہی اس پر گامزن ہو سکتے ہیں۔

۴۱ علامہ راغب اصفہانی نے عزم کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے۔ اَلْعَزْمُ وَ الْعَزِيْمَةُ عَقْدُ الْقَلْبِ عَلٰى اِمْضَاءِ الْاَمْرِ (المفردات) یعنی کسی کام کو کرنے کا پختہ ارادہ کر لینا۔ یعنی مذکورہ احکام ان اہم امور سے ہیں جن کو انجام دینے کے لیے انسان کو ہمت اور مردانگی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ اَوْ اَلْمَعْنٰى مِنَ الْاُمُوْرِ الَّتِيْ يَعْزِمُ عَلَيْهَا يَجِدُّ لِوُجُوْبِهَا (مظہری) یا یہ وہ احکام ہیں جن کو بجا لانے کا اللہ تعالیٰ نے قطعی حکم دیا ہے۔ ای مما عزمه الله تعالیٰ وقطعه قطع ایجاب (روح المعانی)

۴۲ اس آیت کا مطلب بیان کرنے سے پہلے اس کے چند کلمات کی تشریح ضروری ہے۔ تُصَعِّرْ: علامہ ابن منظور لکھتے ہیں کہ صعر اونٹوں کی ایک بیماری کا نام ہے جب یہ لگتی ہے تو اونٹ کی گردن ٹیڑھی ہو جاتی ہے۔ اَلصَّعَرُ دَاءٌ يَاْخُذُ الْبَعِيْرَ فَيَلْوِيْ مِنْهُ عُنُقَهٗ وَ يُمِيْلُهٗ۔ اسی مناسبت سے جب کوئی شخص ازراہِ غرور و نخوت اپنا منہ لوگوں کی طرف سے موڑ لیتا ہے تو عرب کہتے ہیں قَدْ صَعَّرَ خَدَّهٗ وَ صَاعَرَهٗ: اَمَالَهٗ مِنَ الْكِبْرِ۔ اس مفہوم کی تائید کے لیے انہوں نے جریر کا یہ شعر نقل کیا ہے:

وَكُنَّا اِذَا الْجَبَّارُ صَعَّرَ خَدَّهٗ اَقَمْنَالَهٗ مِنْ مَيْلِهٖ فَتَقَوَّمَا (لسان العرب)

یعنی جب کوئی جابر شخص ازراہِ تکبر اپنے رخسار پھیر لیتا ہے تو ہم بزورِ شمشیر اس کی کجی کو دور کر دیتے ہیں اور وہ درست ہو جاتا ہے۔

"مَرَحًا": فی المفردات المرح شدة الفرح والتوسع فیه ومرح مرحا اذا اختف قاله ابن الاثیر۔ (تاج العروس)۔ شدت فرح وسرور کو مرح کہتے ہیں۔ علامہ ابن منظور نے اس کی مزید وضاحت کی ہے۔ لکھتے ہیں: المرح شدة الفرح والنشاط حتی یجاوز قدرہ۔ وفی حدیث علی کرم الله وجهه زعم ابن النابغة انی تلعابة تمراحة قال ابن الاثیر هو من المرح وهو النشاط والخفة۔ وقد قیل فی مرحت العین انها بمعنی اسبلت الدمع وکذلك السحاب اذا اسبل المطر (لسان العرب) یعنی مرح اس شدت فرح ونشاط کو کہتے ہیں جو حد سے بڑھی ہوئی ہو۔ علامہ ابن اثیر کا حوالہ دیتے ہیں کہ ان کے نزدیک مرح اس نشاط کو کہتے ہیں جس میں خفت یعنی ہلکا پن اور سبکی پائی جائے۔ جس طرح کم ظرف لوگ خوشی اور مسرت کے وقت ادب واخلاق کے تقاضوں کو بھی پس پشت ڈال دیتے ہیں۔ حیا اور مروت کی چادر بھی اتار کر پرے پھینک دیتے ہیں۔ اور ایسی ناشائستہ حرکتیں کرتے ہیں جنہیں دیکھ کر شرم کی آنکھ نمناک ہو جاتی ہے۔

مختال: اس متکبر کو کہتے ہیں جس میں تکبر کے علاوہ خود پسندی کا عیب بھی پایا جاتا ہو۔ المختال متکبر ذو خیلاء معجب بنفسه (تاج) علامہ ابن منظور نے اس لفظ کی تشریح کے ضمن میں ابو اسحٰق کا یہ قول بھی نقل کیا ہے۔ قال ابو اسحٰق المختال الصلف التیاه الجهول الذی یانف من ذوی قرابته اذا کانوا فقراء ومن جیرانه اذا کانوا کذلك ولا یحسن عشرتهم (لسان العرب) یعنی مختال اس لاف زنی کرنے والے نادان کو کہتے ہیں جو اپنے غریب رشتہ داروں سے نفرت کرتا ہے اور مفلس پڑوسیوں کو حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے اور ان کے ساتھ حسن سلوک نہیں کرتا۔ فخور: مبالغہ کا صیغہ ہے بہت اترانے والا۔ فخر کرنے والا خصوصاً وہ شخص جو ایسی چیزوں پر فخر کرے جو اس کے ذاتی کمالات سے نہیں بلکہ خارجی امور کی بنا پر اترائے مثلاً مال و دولت، جاہ و منصب وغیرہ۔ ان کلمات کی لغوی تحقیق کے بعد اب اس آیت کو پڑھیے اور اس کے مفہوم کو سمجھنے کی کوشش کیجئے آپ کو مزہ آجائے گا اور قرآن کے حسن اعجاز پر آپ سو جان سے قربان ہونے لگیں گے۔ آیت کا مدعا تو تکبر و غرور سے اجتناب کرنے کی تاکید کرنا ہے۔ لیکن غرور کی کوئی ایک شکل تو نہیں۔ اس کے متعدد مظاہر اور روپ ہیں۔ کئی جلی اور کئی خفی۔ ایک جملہ میں سبھی کی نشاندہی بھی کر دی اور ان سے دور رہنے کا حکم بھی دے دیا۔ اس جامعیت اور اعجاز نے فصحائے عرب کو جو لغت کی لطافتوں کو جانتے تھے دنگ کر دیا تھا۔ اسی کلام معجز نظام کو سن کر بڑے بڑے شعراء نے شعر گوئی ترک کر دی تھی۔ اسلام کے دشمن قرآن کی اس رعنائی کے باعث شمع اسلام کے پروانے بن گئے تھے۔

سُبْحَانَ مَنْ اَنْزَلَهٗ وَسَلَامٌ عَلٰی مَنْ اُنْزِلَ عَلَیْهِ وَاَرْسَلَهٗ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا۔

علامہ آلوسی نے لَا تُصَعِّرْ کا ایک معنی ابن خویز منداد سے نقل کیا ہے۔ وہ بھی خوب ہے۔ کہ اپنے نفس کو کسی کے سامنے بلاوجہ ذلیل نہ کرے اور احساس کمتری سے کسی کے سامنے ہر وقت گردن نہ جھکائے رکھے۔ وقال ابن خویز منداد ونهی انه یذل نفسه من غیر حاجة فیلوی عنقه (روح المعانی) بیشک فخر و غرور بھی بری چیز ہے لیکن بے جا تواضع، ذلت نفس اور اپنے آپ کو ہر وقت حقیر بنائے رکھنا اس سے بھی بری بات ہے۔ قرآن نے ان دونوں چیزوں سے اپنے ماننے والوں کو باز رہنے کا حکم دیا ہے۔

۳۲ رفتار اور گفتار کے آداب سکھائے کہ چلو تو وقار و متانت کے ساتھ۔ بات کرو تو بلا ضرورت آواز کو بلند نہ کرو کہ طبع سلیم پر گراں گزرے اور سننے والا وحشت محسوس کرنے لگے۔ جس طرح گدھا زور سے چیختا ہے اور سارا ماحول ناگوار شور سے بھر جاتا ہے۔

إِنَّ أَنكَرَ الْأَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيرِ ﴿١٩﴾ أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُم

بیشک سب سے وحشت انگیز آواز گدھے کی آواز ہے ۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمانبردار بنا

مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَ

دیا ہے تمہارے لیے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے ۳۲ اور تمام کردی ہیں اس نے تم پر ہر قسم کی نعمتیں

بَاطِنَةً ۗ وَمِنَ النَّاسِ مَن يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى

ظاہری بھی اور باطنی بھی ۳۳ اور بعض ایسے نادان لوگ بھی ہیں جو جھگڑتے ہیں (رسول کریم سے) اللہ تعالیٰ کے بارے میں نہ انکے پاس علم

وَلَا كِتَابٍ مُّنِيرٍ ﴿٢٠﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ

ہے نہ ہدایت اور نہ کوئی روشن کتاب ۳۴ اور جب انہیں کہا جاتا ہے کہ پیروی کرو جو اللہ تعالیٰ نے اتارا ہے ۳۵ کہتے ہیں (نہیں) بلکہ ہم تو پیروی

۳۲ حضرت لقمان کا بیان ختم ہوا۔ اب پھر منکرین توحید کے سامنے توحید کے تکوینی دلائل پیش کیے جا رہے ہیں اور ان میں غور و فکر کی پُرخلوص دعوت دی جا رہی ہے۔

کسی چیز کو جبراً و قہراً کسی خاص مقصد کے لیے مصروفِ کار کر دینے کو تسخیر کہتے ہیں۔

التسخیر سیاقة الی الغرض المختص قہراً (المفردات) ارشاد ہے ذرا بلندیوں اور پستیوں پر نظرِ عبرت ڈالو، آسمان، ستارے، مہر و ماہ، زمین، پانی، کھلے میدان، ان میں لہلہاتے ہوئے کھیت، اونچے اونچے پہاڑ، سرسبز وادیاں، طیور و وحوش ہر چیز تمہاری مختلف قسم کی خدمات انجام دے رہی ہے بعض سے تم خود کام لیتے ہو اور بعض تمہاری دسترس سے باہر ہیں لیکن خالق کریم نے اپنے امرِ تکوینی سے انہیں تمہاری خدمت پر کمربستہ کر دیا ہے۔

۳۳ اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے اپنی ظاہری اور باطنی نعمتوں کی تم پر انتہا کر دی ہے۔ اگر انہیں گننا چاہو تو گن نہ سکو، ساری عمر سجدۂ شکر ادا کرتے رہو تو شکر کا حق ادا نہ ہو سکے گا۔ اتنی نوازشات اور عنایات کے باوجود اگر تم اپنے رب کو نہ پہچانو تو ظلم کی انتہا ہے۔

ظاہری نعمتوں سے مراد حسنِ صورت، اعضاء کا صحیح و کامل ہونا، رزق، عافیت اور دوسری دنیاوی نعمتیں، ان کے علاوہ ایمان، قرآن، محبوب رب العلمین کی غلامی کا شرف، اطاعتِ نبوی کی توفیق، اسلام کی فتح، کفر کی شکست بھی اللہ تعالیٰ کی ظاہری جلیل القدر نعمتیں ہیں اور باطنی نعمتوں کی تفسیر کرتے ہوئے علامہ پانی پتی لکھتے ہیں: "دل، عقل، حواس باطنہ، حسن اخلاق، الہام سے رہنمائی، گناہوں کا ڈھانپنا اور جلدی مؤاخذہ نہ کرنا۔" آخر میں فرماتے ہیں: وَفَوْزُ مَعْرِفَةِ اللهِ وَنَارُ عِشْقِهٖ وَ رَسُوْلِهٖ وَشَفَاعَةُ رَسُوْلِهٖ (مظہری) اور باطنی نعمتوں میں سے سب سے بڑی اللہ کی معرفت کا نور، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے عشق کی آتشِ سوزاں اور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت۔

مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ

کریں گے اس کی جس پر پایا ہم نے اپنے باپ دادا کو۔ کیا وہ (انہیں کا اتباع کریں گے) خواہ شیطان انہیں (اس طرح) دعوت دے

السَّعِيْرِ ﴿۲۱﴾ وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗۤ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ

رہا ہو بھڑکتے ہوئے عذاب کی ۲۸ اور جو شخص اپنے آپ کو اللہ کے سپرد کر دیتا ہے درآں حال کہ وہ محسن ہو تو بیشک

بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ؕ وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۲۲﴾ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ

اس نے مضبوطی سے پکڑ لیا مضبوط حلقہ کو ۲۹ اور اللہ کی طرف ہی ہے تمام کاموں کا انجام ۳۰ اور جس نے کفر کیا تو نہ غمزدہ کرے

۲۶ جو شخص علم سے بے بہرہ ہو، نورِ ہدایت سے محروم ہو، اس کے پاس کوئی ایسی کتاب بھی نہ ہو جو اپنی روشنی سے جہالت کی تاریکیاں کو منور کر رہی ہو۔ اس شخص کو قطعاً یہ بات زیب نہیں دیتی کہ وہ اس ہستی سے اُلجھے جس کے سینے میں علم لدنی کے سمندر موجزن ہیں جس کی ذات اقدس رشد و ہدایت کا منبع ہے اور جو قرآن کریم جیسی تابندہ اور درخشندہ کتاب کی امین ہے۔ مگر یہ مشرک بھی کیا کندۂ ناتراش ہیں جو میرے مصطفےٰ سے اُلجھ رہے ہیں۔

۲۷ جب انہیں قرآن کریم کی پیروی کی دعوت دی جاتی ہے تو عقل کے دشمن اسے ٹھکرا دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم اسی ڈگر پر عقل و دانش کا منہ چڑاتے ہوئے آنکھیں بند کیے چلے جائیں گے جس پر ہمارے باپ دادا چلتے رہے تھے۔

۲۸ ان کی یہ بہکی بہکی باتیں شیطان کی وسوسہ اندازی کا نتیجہ ہیں۔ اس لعین کی تو یہ کوشش ہے کہ وہ انہیں جہنم کے دہکتے ہوئے شعلوں میں دھکیل دے۔ یہ تو ان کا کام تھا کہ اپنی اس بے جا ضد کے انجام سے بچتے وقت گزرنے سے پہلے اپنی اصلاح کر لیتے لیکن یہ تو ادھار کھائے بیٹھے ہیں کہ ہر حال میں وہ شیطان کی پیروی کریں گے خواہ ان کی یہ احمقانہ حرکت انہیں جہنم رسید کر دے۔

۲۹ علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ تسلیم کی طرح یہاں اسلام کا معنی بھی تفویض ہے یعنی اپنے تمام امور کو اللہ تعالےٰ کے حوالے کر دینا۔ اپنے جسم اور روح کو، اپنے قالب اور قلب کو اس کے احکام کے سامنے سرافگندہ کر دینا۔ لیکن اس کیلئے صرف زبان سے کہہ دینا کافی نہیں ورنہ سچے اور جھوٹے کی پہچان کیسے ہوگی۔ اس لیے ساتھ ہی وَهُوَ مُحْسِنٌ فرمایا کہ زبان سے بھی یہ کہے کہ میرے سارے کام اللہ کے سپرد ہیں اور حسنِ عمل سے اپنے اس قول کی صداقت بھی ثابت کر دے۔ اگر اس نے یہ دونوں کام کر لیے تو اس نے ایک ایسی مضبوط رسی کو پکڑ لیا جو کبھی نہ ٹوٹے گی اور اسے مضبوطی سے پکڑ لینے کے بعد اسے گرنے کا اندیشہ نہیں رہے گا۔

مُحْسِنٌ۔ احسان سے ہے۔ احسان کی تشریح حدیث جبریل میں مذکور ہے۔ حضرت جبریل بارگاہِ رسالت میں زانو شکستہ باادب بیٹھے ہیں اور سوال پوچھ رہے ہیں۔ ان میں ایک سوال یہ تھا۔ مَا الْاِحْسَانُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔ اے اللہ کے رسول! احسان کا کیا مطلب ہے۔ اَلْاِحْسَانُ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ۔ یعنی احسان اس کیفیت کو کہتے ہیں کہ تم اللہ تعالیٰ کی اس طرح

كُفْرُهٗ ۭ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ

آپ کو اس کا کفر ہماری طرف ہی انہیں لوٹنا ہے پس ہم آگاہ کریں گے انہیں جو انہوں نے کیا تھا۔ بیشک اللہ تعالیٰ جاننے والا ہے جو

الصُّدُوْرِ ۝۲۳ نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۝۲۴

کچھ سینوں میں (چھپا) ہے ہم لطف اندوز ہونے دیں گے انہیں تھوڑی دیر پھر ہم انہیں ہانک کر لے جائیں گے سخت عذاب کی طرف

وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۭ قُلِ

اور اگر دریافت کریں ان سے کہ کس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو تو ضرور کہیں گے کہ اللہ نے۔ فرمائیے

الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۲۵ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

الحمد للہ (حق واضح ہو گیا) بلکہ ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے اللہ تعالیٰ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝۲۶ وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ

یقیناً اللہ ہی بے نیاز ہے (اور) ہر تعریف کے لائق اور اگر زمین میں جتنے درخت ہیں قلمیں بن جائیں اور

عبادت کرو گویا تم اس کے نور جمال کا مشاہدہ کر رہے ہو اور اگر تمہاری اس منزل پر رسائی نہیں تو کم از کم یہ تصور تو پختہ ہو کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

سب کاموں کا انجام پانا اسی کے دست قدرت میں ہے۔ اس سے روگردانی کر کے غیروں کو اس کا شریک بنانا کہاں کی دانشمندی ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تسلی دے رہے ہیں۔

اہل حق باطل پرستوں کی شان و شوکت اور کر و فر سے مرعوب نہ ہوں یہ تو محض چار دن کی چاندنی ہے اور پھر اندھیری رات۔

کفر و شرک میں گم یہ لوگ خرمستیاں کر رہے ہیں۔ ان خود فراموشوں سے پوچھو کہ آسمانوں کا خالق کون ہے؟ زمین کو کس نے پیدا کیا؟ کیا تمہارے ان خداؤں نے؟ جنہیں تم نے کل اپنے ہاتھوں سے گھڑا اور انہیں اپنا معبود بنالیا۔ کیا ارض و سماء کے خالق یہ ہیں؟ انہیں ناچار یہ کہنا پڑے گا کہ ارض و سماء کا پیدا کرنے والا اللہ ہے۔ اے مسلمانو! اللہ کا شکر ادا کرو کہ حقیقت واضح ہو گئی۔ سچ ظاہر ہو گیا اور منکرین توحید کو بھی توحید کا اقرار کرنا پڑا۔

آسمانوں اور زمین کا خالق بھی وہی ہے اور ان میں جو کچھ ہے اس کا مالک بھی وہی ہے۔ زبان قال سے نہ سہی ہر چیز زبان حال

وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِؕ اِنَّ

سمندر سیاہی بن جائے اور اس کے علاوہ سات سمندر اسے (مزید) سیاہی مہیا کریں تو پھر بھی ختم نہیں ہوں گی اللہ کی باتیں بیشک

اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۷﴾ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍؕ اِنَّ

اللہ سب پر غالب بڑا دانا ہے ۵۶ نہیں ہے تم سب کو پیدا کرنا اور مارنے کے بعد پھر زندہ کرنا (اللہ کے نزدیک) مگر ایک نفس کی مانند

اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۲۸﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ

بیشک اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا دیکھنے والا ہے ۵۷ کیا تم نے ملاحظہ نہیں کیا کہ اللہ تعالیٰ داخل کرتا ہے رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے دن

فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَؗ كُلٌّ يَّجْرِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّ

کو رات میں اور اس نے کام میں لگا دیا ہے سورج اور چاند کو، ہر ایک چل رہا ہے (اپنے مدار میں) وقت مقرر تک اور

سے تو اس کی ثناگستری میں زمزمہ سنج ہے۔ وہ غنی ہے اسے کسی کی ضرورت نہیں سب کو اسی کی ضرورت ہے۔

۵۶ روئے زمین پر جتنے درخت ہیں ان کی قلمیں بنالی جائیں اور سمندر روشنائی بن جائے اور جب ایک سمندر کا پانی ختم ہونے لگے تو یکے بعد دیگرے سات سمندروں کے پانی روشنائی بنتے چلے جائیں قلمیں گھس کر رہ جائیں گی۔ سات سمندروں کا پانی ختم ہو جائے گا لیکن علم الٰہی کا ایک قلیل حصہ بھی رقم نہیں ہو سکا ہوگا۔ دانائے شیراز نے بھی اپنی حد تک خوب کہا ہے۔ ؎

دفتر تمام گشت و بپایاں رسید عمر ما ہمچناں در اول وصف تو ماندہ ایم

کاغذ ختم ہو گیا عمر انتہا کو پہنچ گئی۔ ہم ساری زندگی سمندر علم ودوڑاتے رہے لیکن تیری صفات کا احاطہ تو کجا ابھی تو تیری پہلی وصف کا بیان بھی مکمل نہیں ہوا۔
اب ذرا آیت کے کلمات میں غور کیجیے وَالْبَحْرُ کے بعد لفظ مِدَاد مقدر ہے۔ کیونکہ یَمُدُّهٗ کا لفظ اس کے معنی پر دلالت کر رہا ہے اس لیے اس کا عدم ذکر باعث خلل نہیں۔
وَالْبَحْرُ مبتدا ہے یَمُدُّهٗ اس کا حال بھی بن سکتا ہے اور خبر بھی۔ پھر یہ جملہ حال واقع ہوگا۔ کَلِمٰتُ اللّٰهِ سے مراد اللہ تعالیٰ کے علوم ہیں کیونکہ وہ غیر متناہی ہیں۔ اس لیے ان کی گنتی اور شمار محال ہے۔ والمراد بکلماته تعالٰی کلمات علمه سبحانه وحکمته جلّ ثناؤه (روح المعانی)

۵۷ کفار وقوع قیامت کے قائل نہ تھے۔ انہیں یہ بات سمجھ نہ آتی تھی کہ صدہا بلکہ ہزارہا ہزار سال گزرنے کے بعد مُردوں کو کس طرح زندہ کیا جائے گا۔ ان کی اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیا کہ ایسا کرنے والا ما وشما قسم کا انسان نہیں جس کا علم بھی ناقص ہو اور قدرت بھی ناتمام بلکہ مُردوں کو دوبارہ زندگی بخشنے والا اللہ تعالیٰ ہے جس کا علم ہر چھوٹی بڑی چیز کو محیط ہے اور جس کی قدرت کے سامنے

اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا

یقیناً اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کرتے ہو خوب جاننے والا ہے ۴۵ یہ ہیں اس کی قدرت کے کرشمے تاکہ وہ جان لیں کہ اللہ ہی حق ہے

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۳۰﴾ اَلَمْ تَرَ ۳ ع ۱۱ ۱۲

اور بلاشبہ جنہیں وہ پکارتے ہیں اسکے سوا وہ سب باطل ہیں اور بلاشبہ اللہ ہی بڑی شان والا بزرگ ہے ۴۶ کیا تم ملاحظہ

اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ

نہیں کرتے کہ کشتی چلتی ہے سمندر میں محض اس کی مہربانی سے تاکہ وہ دکھائے تمہیں اپنی (قدرت کی) نشانیاں۔ بیشک

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا

اس میں بہت سی نشانیاں ہیں ہر صبر کرنے والے شکر گزار کے لیے ۴۷ اور جب ڈھانپ لیتی ہیں انہیں پہاڑوں جیسی موجیں

کوئی چیز محال نہیں۔ اس کے لیے ایک آدمی کو پیدا کرنا اور اس کو مار کر دوبارہ زندہ کرنا جس طرح آسان ہے اسی طرح سب کو پیدا کرنا اور انہیں مار کر دوبارہ زندہ کرنا بھی اس کے لیے ذرا مشکل نہیں۔

۴۵ پہلی آیت میں بتایا کہ ایک فرد کو پیدا کرنا، مارنا اور مار کر جلانا اور کروڑوں کھربوں انسانوں کو پیدا کرنا اور مارنا، مار کر جلانا اللہ تعالیٰ کے لیے یکساں ہے۔ اس آیت میں قدرت خداوندی کے چند عظیم الشان کارناموں کی طرف انسان کی توجہ مبذول کرائی اور ان کی غلط فہمی کا ازالہ کر دیا۔

۴۶ اللہ تعالیٰ کا علم محیط، قدرت کاملہ آفرینش عالم میں اس کی حکمت بالغہ کی جلوہ طرازیاں اس بات کی تصدیق کر رہی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا وجود حق ہے۔ اس کی قدرت حق ہے۔ اس کی کبریائی اور عظمت حق ہے۔ وہی اور صرف وہی معبود برحق ہے۔ اس کے علاوہ وہ جسے خدا سمجھ کر پکارتے ہیں یا جس کی عبادت کرتے ہیں، وہ باطل ہے۔ باطل کا مفہوم علامہ آلوسی یوں تحریر فرماتے ہیں: اَلْمَعْدُوْمُ فِيْ حَدِّ ذَاتِهٖ وَهُوَ الْمُمْكِنُ الَّذِيْ لَا يُوْجَدُ اِلَّا بِغَيْرِهٖ۔ جو چیز اپنی ذات کے اعتبار سے معدوم ہو اور خالق کے ارادہ کے بغیر وہ نیست سے ہست نہ ہو سکتی ہو۔ وَاِنَّمَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ (اِلٰهًا) اَلْبَاطِلُ (روح المعانی) یعنی جنہیں وہ خدا سمجھ کر پکارتے ہیں وہ سب باطل ہیں۔ علامہ پانی پتی نے بھی یہی لکھا ہے۔ وَاِنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ (مِنَ الْاٰلِهَةِ) اَلْبَاطِلُ (مظہری)، علامہ قرطبی نے مِنْ دُوْنِهٖ کی تفسیر شیطان سے کی ہے۔ ایک قول یہ بھی لکھا ہے: مَا اَشْرَكُوْا بِهِ اللّٰهَ تَعَالٰى مِنَ الْاَصْنَامِ وَالْاَوْثَانِ یعنی وہ بت جنہیں وہ اللہ تعالیٰ کا شریک ٹھہرایا کرتے تھے وہ باطل ہیں۔ مولانا تھانوی نے اس جملہ کا یوں ترجمہ کیا ہے: "اور جن چیزوں کی یہ اللہ کے سوا عبادت کر رہے ہیں بالکل لچر ہیں"۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ ملاحظہ ہو "آنچہ مے پرستند بجز وے بے اصل است"۔ ۴۷ قدرت خداوندی کے مزید دلائل بیان

اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۭ وَمَا

اس وقت پکارتے ہیں اللہ تعالیٰ کو خالص کرتے ہوئے اس کے لیے اپنے عقیدہ کو پھر جب بچا لاتا ہے انھیں ساحل تک تو ان میں سے

يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۲﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا

(چند ہی) حق پر رہتے ہیں اور نہیں انکار کرتا ہماری آیتوں کا مگر ہر وہ شخص جو غدار (اور) ناشکرا ہے۔ اے لوگو! ڈرتے رہا کرو اپنے رب سے اور ڈرو

کیے جا رہے ہیں۔ سمندر کی وسعتیں، اس کی گہرائیاں، اس میں پہاڑوں کی طرح اٹھنے والی موجیں، قدم قدم پر حلقہ ہائے گرداب، اور ان میں ایک کشتی اپنی پشت پر سینکڑوں ہزاروں انسانوں کو بٹھائے، اپنے دامن میں لاکھوں ٹن سامان لیے بپھری ہوئی لہروں سے آنکھ مچولی کرتی، گرد باد سے دامن بچاتی اپنی منزل کی طرف چلی جا رہی ہے۔ کیا یہ قدرتِ خداوندی کا اعجاز نہیں؟ سمندر میں بھی آیاتِ ربانی کا مینا بازار سجا ہوا ہے اور اس کے ایک ایک قطرے میں کئی جہاں آباد ہیں۔ کئی خزانے چھپے ہیں، کئی قوتیں خوابیدہ ہیں لیکن قدرت کے یہ جلوے صرف ان باہمت لوگوں کے لیے اپنے رخ سے نقاب اٹھاتے ہیں جو صبر کی صفت سے متصف ہیں۔ غور و تدبر کے خوگر ہیں۔ پیہم ناکامیوں سے شکستہ خاطر نہیں ہوتے بلکہ ہمت سے آگے ہی بڑھنے کی دھن ان کو بیقرار رکھتی ہے انہی باہمت لوگوں پر انعام واکرام کی بارش ہوتی ہے۔ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ کے کلمات کیا ہمارے نوجوانوں کو خوابِ غفلت سے بیدار کرنے کے لیے، تن آسانی اور آرام طلبی کے گوشوں سے باہر نکال دینے کے لیے ان کے منجمد جذبات میں آتشِ شوق لگانے کے لیے کافی نہیں؟ کاش! ہم اس کتابِ حکیم کی طرف ایسی توجہ کرتے جس کی وہ مستحق ہے تو آج ہم اپنی پستی پر سرد آہیں نہ بھرتے اور اغیار کی سرعتِ رفتار پر تصویرِ حیرت بنے کھڑے نہ ہوتے۔ ؎

اے تماشا گاہِ عالم روئے تو      تو کجا بہر تماشا می روی

ہمارے اسلاف جنہوں نے قرآن کریم کو پڑھا جس طرح اس کو پڑھنے کا حق تھا، جنہوں نے اس میں غور و تدبر کیا جس طرح اس میں غور و تدبر کرنے کا حکم دیا گیا تھا اور جنہوں نے اس پر عمل کرنا باعثِ سعادت جانا۔ ان کے کارواں جن صحراؤں سے گزرے وہاں علم و حکمت کے گلشن آباد ہو گئے۔ جن ویرانوں سے گزرے وہاں شہر بسا دیئے جس سنگِ خارا کو چھوا اسے حسن و جمال کا مظہر بنا دیا۔ انہوں نے مردہ علوم کو حیات نو بخشی اور نئے علوم کی تخم ریزی کی۔ جب اپنے اسلاف کے علمی، تحقیقی اور تخلیقی کارناموں سے فائدہ اٹھانے کا وقت آیا تو ہم غفلت کی چادر تان کر سو گئے۔ شاعرِ مشرق نے یہ منظر دیکھا تو فرمایا:

دانۂ آں صحرا نشیناں کاشتند      حاصلش افرنگیاں برداشتند

یعنی علم و حکمت کا بیج تو ان بے سروسامان صحرا نوردوں نے بویا تھا، لیکن جب فصل پک گئی تو ان کی آنے والی نسلیں سو گئیں اور افرنگی اس فصل کو کاٹ کر لے گئے۔ صَبَّارٌ اور شَكُوْرٌ دونوں مبالغے کے صیغے ہیں یعنی بہت صبر کرنے والے، طویل عرصہ تک انتھک کوشش کرنے والے۔ بہت شکر کرنے والے، اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کو اس کی مخلوق کی بہبود اور فلاح میں خرچ کر کے حق شکر ادا کرنے والے۔ معلوم ہوا کہ یہاں تھوڑے سے صبر سے کام نہیں چلے گا اور زبانی اظہارِ تشکر کافی نہیں ہو گا بلکہ اس کے لیے صَبَّارٍ شَكُوْرٍ کے معیار پر پورا اترنا پڑے گا۔ ۝ کفار و مشرکین کی احسان

يَوْمًا لَّا يَجْزِىْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۡ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ

اس دن سے کہ نہ بدلہ دے سکے گا کوئی باپ اپنے بیٹے کی طرف سے اور نہ ہی بیٹا بدلہ دے سکے گا اپنے باپ کی جانب

شَيْـًٔا ۭ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۪ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ

سے کچھ بھی بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور نہ دھوکہ دے تمہیں دنیوی زندگی ۸۲ اور نہ فریب میں

فراموشی کا ذکر کیا جارہا ہے۔ ظلل کا واحد ظلہ ہے جو چیز سایہ کرے۔ پہاڑ۔ بادل وغیرہ اسے ظلہ کہتے ہیں۔ مُقْتَصِدٌ۔ میانہ رو۔ خَتَّار ختر سے ہے اس کا معنی سخت قسم کا دھوکہ اور غداری ہے۔

۸۲ دلائل توحید کے اثر انگیز بیان کے بعد سب لوگوں کو اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کا حکم دیا جارہا ہے۔ اور روزِ محشر کی رسوائی سے بچنے کی ہدایت کی جارہی ہے۔ اسلام نے اصلاحِ نفس کے لیے تعزیرات اور سزاؤں پر اتنا اعتماد نہیں کیا جتنا انسان کے دل کی دنیا بدلنے اور اس کے نظریات میں انقلاب برپا کرنے پر زور دیا ہے۔ انسان بعض غلط فہمیوں میں مبتلا ہو کر گناہ کا ارتکاب کرتا رہتا ہے اس لیے سورت کے اختتام سے پہلے ان غلط فہمیوں کا ازالہ بھی کر دیا۔ کبھی یہ غلط فہمی انسان کو گناہ پر برانگیختہ کرتی ہے کہ اس کا بوجھ کوئی اور اٹھائے گا۔ اس کا بارِ گناہ کسی دوسرے کی گردن پر لاد دیا جائے گا اور وہ بچ جائے گا۔ بتا دیا کہ دنیا میں باپ اور بیٹے کا تعلق محتاجِ بیان نہیں۔ والدین اپنی اولاد کے آرام کی خاطر بڑی سے بڑی قربانی دینے سے گریز نہیں کرتے۔ اولاد بھی والدین کی پریشانی اور تکلیف کسی قیمت پر برداشت نہیں کرتی۔ لیکن قیامت کے روز نہ کوئی باپ اپنے بیٹے کو عذابِ الٰہی میں مبتلا دیکھ کر یہ کہے گا مجھ سے اپنے بیٹے کی چیخ و پکار سنی نہیں جا سکتی اُسے بخش دو اور اس کی جگہ مجھے دوزخ میں ڈال دو۔ اسی طرح کوئی بیٹا بھی اپنے باپ کے بارِ گناہ کو اٹھانے کے لیے تیار نہ ہوگا۔ ہر ایک کو اپنا بوجھ خود اٹھانا ہوگا۔ ہر ایک کو اپنے کیے کی سزا خود بھگتنی ہوگی۔ دوسری غلط فہمی جس کا ازالہ یہاں مقصود ہے یہ ہے کہ دنیا کی زیب و زینت دل موہ لیتی ہے۔ نشاط و سرور کے جو جام اس میخانہ میں پلائے جاتے ہیں ان کا نشہ بھی ہوشربا ہوتا ہے بڑے بڑے زیرک متاعِ دین و ہوش کو اس کے قدموں پر نثار کر دیتے ہیں۔ خبردار! اس عروسِ ہزار داماد کے فریب میں نہ آنا اس نے آج تک کسی کے ساتھ وفا نہیں کی تم اس سے وفا کی توقع کیونکر رکھتے ہو۔ ہوش کرو اس طرح چشمِ مخمور کے لیے اپنے ربِ کریم سے تعلق منقطع نہ کرو ورنہ پچھتاؤ گے۔ ہونٹ کاٹو گے لیکن بے سود۔ تیسری غلط فہمی جس کا یہاں ازالہ مقصود ہے وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حلم پر مغرور نہ ہو جاؤ۔ اگر تمہاری پے در پے سرکشیوں کے باوجود اس نے تمہیں عذاب کے شکنجہ میں نہیں کسا تو یہ نہ سمجھو کہ ہمیشہ ایسا ہی ہوتا رہے گا۔ یہ محض نفس کا فریب اور شیطان کا دھوکہ ہے۔ اس کریم نے مہلت کی جو گھڑیاں تمہیں عطا فرمائی ہیں انہیں غنیمت جانو اور توبہ کر لو ایسا نہ ہو کہ کسی ایسے عذاب میں مبتلا کر دیئے جاؤ کہ نجات کی ساری راہیں مسدود ہو جائیں۔ حضرت سعید ابن جبیر رضی اللہ عنہ غرور کا مفہوم بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: کہ انسان گناہ کرتا رہے اور مغفرت کی تمنا بھی ہو۔ هُوَ اَنْ يَّعْمَلَ بِالْمَعْصِيَةِ وَيَتَمَنَّى الْمَغْفِرَةَ۔

علامہ زبیدی لفظ غرور کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: وَالْغُرُوْرُ اَيْضًا مَا غَرَّكَ مِنْ اِنْسَانٍ وَشَيْطَانٍ وَغَيْرِهِمَا قَالَه

بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝۳۳ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَیُنَزِّلُ الْغَیْثَ ۚ وَ

جتلا کرے تمہیں اللہ سے وہ بڑا مکار دھوکہ باز۔ بیشک اللہ کے پاس ہی ہے قیامت کا علم اور وہی اتارتا ہے مینہ اور

یَعْلَمُ مَا فِی الْاَرْحَامِ ؕ وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ؕ وَمَا تَدْرِیْ

جانتا ہے جو کچھ (ماؤں کے) رحموں میں ہے اور کوئی نہیں جانتا کہ کل وہ کیا کمائے گا۔ اور کوئی نہیں جانتا

ع ۴ ۱۲ نَفْسٌۢ بِاَیِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ ۝۳۴

کہ کس سرزمین میں مرے گا ۵۲ بیشک اللہ تعالیٰ علیم (اور) خبیر ہے۔

الاصمعی وقال المصنف فی البصائر من مال وجاہ وشہوۃ وشیطان او یختص بالشیطان لانہ یغرّ الناس بالوعد الکاذب والتمنیۃ وبہ فسر قولہ تعالٰی ولا یغرنکم باللہ الغرور (تاج العروس) ترجمہ: جو چیز تجھے دھوکہ دے اسے غرور کہتے ہیں، چاہے انسان ہو یا شیطان یا کوئی اور یہ اصمعی کا قول ہے۔ مصنف نے بصائر میں لکھا ہے مال، جاہ، شہرت اور شیطان سب کو غرور کہا جاتا ہے۔ یا اس لفظ سے مراد صرف شیطان ہے کیونکہ وہ جھوٹے وعدوں اور سنہری تمناؤں سے انسان کو دھوکہ دیتا ہے۔ اس آیت میں الغرور کی تفسیر شیطان سے ہی کی گئی ہے۔

علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ ہو سکتا ہے کسی کے دل میں اس آیت سے یہ شبہ پیدا ہو کہ حدیث شریف میں تو مذکور ہے کہ جس آدمی کے تین کمسن بچے فوت ہو جائیں تو اسے دوزخ کی آگ نہیں جلائے گی۔ اِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ مگر صرف قسم پوری کرنے کے لیے۔ دوسری حدیث شریف میں ہے: مَنِ ابْتُلِیَ بِشَیْءٍ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ فَاَحْسَنَ اِلَیْهِنَّ كُنَّ لَهٗ حِجَابًا مِنَ النَّارِ۔ جس کو بچیوں کا باپ بننے کے امتحان میں مبتلا کیا گیا اور اس نے ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا تو وہ بچیاں اس کے لیے دوزخ سے حجاب بن جائیں گی۔

احادیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کمسن بچے اور بچیاں والدین کی نجات کا باعث بنیں گی، لیکن آیت سے اس کے برعکس۔ علامہ فرماتے ہیں کہ آیت کا مطلب یہ ہے کہ ایسا نہیں ہو گا کہ گناہ تو کیا ہو بیٹے نے اور دھر لیا جائے اس کے باپ کو یا نافرمانی تو کرے باپ اور اس کی جگہ پکڑ لیا جائے اس کے بیٹے کو۔ بلکہ ہر ایک اپنے اپنے اعمال کے لیے جوابدہ ہو گا۔ البتہ شفاعت کا دروازہ کھلا ہو گا اور جس کو اذنِ شفاعت ملے گا وہ شفاعت کرے گا اور ان لوگوں میں نابالغ بچے بھی ہیں اور بچیاں بھی۔ علامہ پانی پتی نے اس آیت کی یہ تفسیر بیان کی ہے۔ اے لایجزی فیہ والد مُؤْمِنٌ عَنْ وَلَدِهِ الْكَافِرِ وَلَا مَوْلُوْدٌ مُؤْمِنٌ عَنْ وَالِدِهِ الْكَافِرِ (مظہری)۔ یعنی مومن والد کافر بیٹے کے کام نہیں آئے گا اور نہ مومن بیٹا کافر والد کی بخشش کا ذریعہ بنے گا۔ اس تفسیر کے بعد کوئی شبہ پیدا ہی نہیں ہوتا کیونکہ شفاعت گنہگار اہلِ ایمان کیلئے ہے کافر کے لیے نہیں۔

۵۲ علامہ قرطبی اس آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: قال ابن عباس هذه الخمسة لا یعلمها الا الله ولا یعلمها مَلَكٌ مُقَرَّبٌ وَلَا نَبِیٌّ مُرْسَلٌ فَمَنِ ادَّعٰی اَنَّهٗ یَعْلَمُ شَیْئًا مِنْ هٰذِهٖ فَقَدْ كَفَرَ بِالْقُرْاٰنِ لِاَنَّهٗ خَالَفَهٗ ثُمَّ اِنَّ الْاَنْبِیَاءَ یَعْلَمُوْنَ كَثِیْرًا مِنَ الْغَیْبِ بِتَعْرِیْفِ اللّٰهِ تَعَالٰی اِیَّاهُمْ وَالْمُرَادُ اِبْطَالُ كَوْنِ الْكَهَنَةِ وَالْمُنَجِّمِیْنَ وَمَنْ یَسْتَسْقِیْ بِالْاَنْوَاءِ۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ یہ پانچ چیزیں وہ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ کے بغیر کوئی نہیں جانتا حتیٰ کہ کوئی مقرب فرشتہ اور کوئی نبی مرسل بھی انہیں خود بخود نہیں جان سکتا۔ جو شخص یہ دعویٰ کرتا ہے کہ وہ ان چیزوں میں سے کوئی چیز خود بخود جانتا ہے اس نے قرآن کریم کا انکار کیا کیونکہ اس نے قرآن کریم کی مخالفت کی۔ انبیاء ان امور غیبیہ میں سے بہت کچھ جانتے ہیں۔ ان کا یہ جاننا اللہ تعالیٰ کی تعلیم اور سکھانے سے ہے۔ اس آیت سے مراد (انبیاء کے علوم کی نفی نہیں بلکہ) کاہنوں، نجومیوں اور جو لوگ بارش کے نزول کو مخصوص ستاروں کے طلوع غروب سے وابستہ سمجھتے ہیں ان کی تردید ہے۔

علامہ موصوف اس کے بعد لکھتے ہیں کہ کبھی کبھی طویل تجربہ کے باعث حمل کے لڑکا یا لڑکی ہونے کا علم ہو جاتا ہے لیکن اسے یقینی علم نہیں کہا جا سکتا۔ بڑے بڑے تجربہ کاروں کے تخمینے غلط ثابت ہوتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کی بات کی تصدیق ہوتی ہے۔

علامہ ثناء اللہ پانی پتی رقمطراز ہیں:

إنما جعل العلم لله والدراية للعبد لان فيها معنى الحيلة فيُشعِرُ بالفرق بين العلمين. في القاموس دريتهٗ علمته او بضرب من حيلة ففيه اشارة" الى انّ العبد إن عمل حيلة وبذل فيها وُسعه لم يعرف ما هو لاحقٌ به من كسبه وعاقبته فكيف بغيره مالم يَحصُل له علمٌ بتعليم من الله تعالى بتوسط الرسل أو بنصب دليل عليه

ترجمہ: آیت میں اللہ تعالیٰ کی طرف علم کی نسبت کی گئی ہے اور بندے کے لیے درایت کا لفظ استعمال کیا گیا ہے کیونکہ درایت اس جاننے کو کہتے ہیں جس میں ذاتی حیلہ اور غور و فکر کا دخل ہو اس سے دونوں علموں (علم اور درایت) کا فرق معلوم ہوتا ہے قاموس میں ہے دَرَيْتُهٗ عَلِمْتُهٗ او بضرب من حيلة کہ درایت کا معنی جاننا یا حیلہ اور فکر و نظر سے کسی چیز کو سمجھنا۔ آیت میں اس چیز کی طرف اشارہ ہے کہ بندہ خواہ کتنا ہی حیلہ کرے اور اپنی ساری ظاہری اور باطنی قوتوں کو صرف کر دے وہ ان چیزوں کو بھی نہیں جانتا جن کا تعلق اس کے ذاتی کسب اور انجام سے ہے تو وہ دوسری چیزوں کو کیسے جان سکتا ہے۔ ان امور کے جاننے کی ایک ہی صورت ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کا علم سکھا دے خواہ رسولوں کے ذریعے سے یا اس پر دلائل قائم کر کے۔

علامہ ابن کثیر نے ایک فقرے میں ہی ساری الجھنوں کا خاتمہ کر دیا لکھتے ہیں: هٰذِهٖ مَفَاتِيحُ الْغَيْبِ الَّتِي اِسْتَأْثَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِعِلْمِهَا وَلَا يَعْلَمُهَا اَحَدٌ اِلَّا بَعْدَ اِعْلَامِهٖ تَعَالٰى بِهَا۔ یعنی یہ امور خمسہ مفاتیح الغیب (غیب کی کنجیاں) ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے علم کے ساتھ مختص کر لیا ہے پس انہیں کوئی نہیں جان سکتا سوائے اس بات کے کہ اللہ تعالیٰ اس کا علم سکھا دے۔

علامہ آلوسی روح المعانی میں لکھتے ہیں کہ حافظ ابن حجر عسقلانی نے فتح الباری شرح بخاری میں علامہ قرطبی کا یہ قول نقل کیا ہے: مَنِ ادَّعٰى عِلْمَ شَيْءٍ مِنَ الْخَمْسِ غَيْرَ مُسْنِدِهٖ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صلى الله تعالى عليه وآله وسلم كَانَ كَاذِبًا فِي دَعْوَاهُ۔ یعنی اگر کوئی شخص ان پانچ امور میں سے کسی کے جاننے کا دعویٰ کرے اور یہ نہ کہے کہ مجھے یہ علم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے واسطے سے ملا ہے تو وہ اپنے دعویٰ میں جھوٹا ہوگا۔

ان تصریحات سے یہ حقیقت روز روشن کی طرح واضح ہو گئی کہ امور غیبیہ کے متعلق یہ خیال کہ کوئی خواہ وہ کتنا رفیع المرتبت ہو خود بخود انہیں جان لیتا ہے یہ کذب صریح اور افتراء محض ہے بلکہ قرآن کریم کی آیات کثیرہ کا انکار ہے۔ اسی طرح یہ گمان کرنا کہ ان امور کو اللہ تعالیٰ

کے بتانے سے بھی کوئی نہیں جانتا یا سرورِ کون ومکان فخرِ زمین وزمان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے خداداد علوم غیبیہ کثیرہ کا انکار بھی سراسر جہالت اور بدنصیبی ہے اور آیات کثیرہ اور احادیث عدیدہ کا انکار ہے۔

اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے صدرالافاضل حضرت مولانا محمد نعیم الدین مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں، خلاصہ یہ کہ علم غیب اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے اور انبیاء واولیاء کو غیب کا علم اللہ تعالیٰ کی تعلیم سے بطریقِ معجزہ وکرامت عطا ہوتا ہے۔ یہ اس اختصاص کے منافی نہیں اور کثیر آیتیں اور حدیثیں اس پر دلالت کرتی ہیں۔ بارش کا وقت، حمل میں کیا ہے اور کل کو کیا کرے گا اور کہاں مرے گا ان امور کی خبریں بکثرت اولیاء وانبیاء نے دی ہیں۔ اور قرآن وحدیث سے ثابت ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو فرشتوں نے حضرت اسحاق علیہ السلام کے پیدا ہونے کی اور حضرت زکریا علیہ السلام کو حضرت یحییٰ علیہ السلام کے پیدا ہونے کی اور حضرت مریم کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پیدا ہونے کی خبریں دیں۔ تو ان فرشتوں کو بھی پہلے سے معلوم تھا کہ ان حملوں میں کیا ہے اور ان حضرات کو بھی جنہیں فرشتوں نے اطلاعیں دی تھیں اور سب کا جاننا قرآن کریم سے ثابت ہے۔ تو آیت کے معنی قطعاً یہی ہیں کہ بغیر اللہ تعالیٰ کے بتائے کوئی نہیں جانتا۔ اس کے معنی یہ لینا کہ اللہ تعالیٰ کے بتانے سے بھی کوئی نہیں جانتا محض باطل اور آیات واحادیث کے خلاف ہے۔ (خزائن العرفان)

اُمید ہے کہ ان تفصیلات سے اہلِ سنت کے متعلق طرح طرح کی جو غلط فہمیاں پیدا کرنے کی مذموم کوشش کی جاتی ہے، بفضلہ تعالیٰ ان کا ازالہ ہو جائے گا۔ مزید وضاحت کے لیے سورہ الاعراف آیت ۱۸۸ ضیاء القرآن جلد دوم اور سورت النمل آیت ۶۵ ضیاء القرآن جلد ہذا کا مطالعہ بھی فرمایئے۔

اللّٰھم لک الحمد ولک الشکر بتوفیقک ایای فرغت من تسوید ھذہٖ السطور۔ ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم والصلوٰۃ والسلام علیٰ حبیبک ومحبوبک سید الانبیاء والمرسلین وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ اجمعین۔

فاطر السمٰوٰت والارض انت ولی فی الدنیا والآخرۃ توفنی مسلماً والحقنی بالصالحین۔

صباح یوم الثلاثاء ۴ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۱ھ

محمد کرم شاہ

# تعارف

# سُورۃ السجدۃ

**نام** : اس سورۂ مبارکہ کا نام السجدۃ ہے جو اس کی آیت ۱۵ کے مضمون سے ماخوذ ہے۔

**زمانۂ نزول** : یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ آیات کے اسلوب سے پتہ چلتا ہے کہ اس کا تعلق مکی زندگی کے درمیانی دور سے ہے جب کہ اسلام کے خلاف کفار نے طعن و تشنیع، استہزاء و تمسخر کی مہم زور شور سے شروع کر دی تھی لیکن ابھی عمومی ظلم و ستم اور جور و جفا کا آغاز نہیں ہوا تھا۔ اس سورت کی آیات کی تعداد تیس ہے۔ یہ تین صد اسی کلمات پر مشتمل ہے اور اس کے ایک ہزار پانچ سو اٹھارہ حروف ہیں۔

(خزائن العرفان)

**مضامین** : اس سورت کا مطالعہ کرنے سے یہ حقیقت آشکارا ہو جاتی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی قوم کو تین امور کے ماننے کی دعوت دی تھی اور وہ کسی قیمت پر انہیں ماننے کے لیے تیار نہیں تھے۔ (۱) اللہ تعالیٰ ہے اور وحدہٗ لاشریک ہے (۲) یہ کتاب جس کی آیتیں میں تمہیں پڑھ کر سناتا ہوں یہ اسی وحدہٗ لاشریک نے تمہاری ہدایت کے لیے مجھ پر نازل کی ہے۔ (۳) تمہیں مرنے کے بعد بھلا نہیں دیا جائے گا بلکہ قیامت کے روز تمہیں اپنی قبروں سے زندہ کر کے اٹھایا جائے گا اور تمہارے ایک ایک عمل کی تم سے باز پرس کی جائے گی۔ یہی تین باتیں تھیں جن کی حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم انہیں بار بار دعوت دیتے تھے اور یہی تین باتیں ایسی تھیں جن سے انہیں چڑ تھی وہ انہیں ماننے کے لیے قطعاً آمادہ نہ تھے۔ اس سورت میں ان امور کے متعلق ان کے شکوک و شبہات کا بڑے حقیقت پسندانہ اور دلنشیں اسلوب میں رد کیا گیا ہے۔ اگر انسان غور و فکر کی قوتوں سے محروم نہ کر دیا گیا ہو تو وہ ان پر ایمان لانے کے لیے مجبور ہو جاتا ہے۔

منکرین کا یہ عام دستور ہے کہ جب انہیں ان کی بدکرداریوں سے روکا جاتا ہے اور انہیں روزِ قیامت سے ڈرایا جاتا ہے تو وہ عبرت پذیری کے بجائے یہ سوال کرنے لگتے ہیں کہ قیامت کب آئے گی۔ حالانکہ ان کا فائدہ قیامت کا انتظار کرنے میں نہیں بلکہ اپنی اصلاحِ حال کرنے میں ہے۔ جب قیامت قائم ہو گی، توان کی کوئی آہ و فغاں سنی نہیں جائے گی۔

سورت کی آخری آیت میں اس بات کی طرف اشارہ کر دیا کہ اب انہیں ان کے حال پر چھوڑ دو۔ ان کی اصلاح کے لیے خواہ مخواہ اپنے آپ کو ہلکان نہ کرو، یہ اس قابل ہی نہیں ہیں کہ تمہاری دعوت کو سمجھ سکیں اور اسے قبول کر سکیں۔

سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورہ السجدہ مکی ہے۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اسکی آیتیں ۳۰ اور رکوع ۳ ہیں

الٓمّٓ ۝۱ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۲ اَمْ يَقُوْلُوْنَ

الف۔لام۔میم [۱] اس کتاب کا نزول [۲] اس میں ذرہ شک نہیں سب جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہے۔ کیا وہ کہتے ہیں

افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ

کہ اس شخص نے اسے خود گھڑ لیا ہے [۳] ہرگز نہیں بلکہ وہی حق ہے آپ کے رب کی طرف سے تاکہ آپ ڈرائیں اس قوم کو نہیں آیا جنکے پاس

[۱] یہ حروف مقطعات ہیں جن کی وضاحت متعدد مقامات پر گزر چکی ہے۔

[۲] بتایا جارہا ہے کہ یہ کتاب کسی دانشور، کسی فلسفی، کسی مورخ کی تصنیف نہیں ہے۔ فصاحت و بلاغت کے کسی امام کا شاہکار نہیں ہے کسی شاعر رنگین نوا کی طبع رسا کا کرشمہ نہیں ہے ورنہ یہ ناتمام اور ادھوری ہوتی۔ اس کی تعلیمات زندگی کے سارے شعبوں کو محیط نہ ہوتیں اس میں اپنے مصنف کا جزوی کمال بیشک پوری آب و تاب سے جلوہ گر ہوتا لیکن اس میں جامعیت مفقود ہوتی اور دنیائے انسانیت کو جس صحیفہ رشد و ہدایت کی شدید ضرورت تھی۔ وہ اس کتاب سے پوری نہ ہوتی بلکہ اس کو نازل فرمانے والا رب العالمین ہے یعنی وہ ذات جو کائنات کے ذرہ ذرہ کا خالق بھی ہے اور مالک بھی جس نے ہر چیز کو اس کی استعداد کے مطابق بے پناہ صلاحیتیں عطا فرمائی ہیں پھر ان کی نشو و نما کو انہیں مرتبہ کمال تک پہنچایا ہے۔ اس کتاب کا نازل کرنے والا اپنی قدرت میں ہمہ گیر، اپنی حکمت میں بے مثال، اپنی شان ربوبیت کے اظہار میں بڑا فیاض اور کریم ہے۔ اس لیے فقط یہی کتاب جامع اور مکمل بھی ہے اور گردش لیل و نہار کا ساتھ دینے کی اہلیت بھی رکھتی ہے اور ہر زمانہ کے بدلتے ہوئے تقاضوں کی تکمیل کر سکتی ہے۔ درمیان میں "لاریب فیہ" فرما کر یہ بتا دیا کہ اس کتاب کا منزل من اللہ ہونا اتنا روشن ہے جس میں شک و شبہ کی ذرا گنجائش نہیں۔

اس کی ترکیب میں علماء کے متعدد اقوال ہیں:

۱۔ تنزیل مصدر بمعنی منزل ہے اور یہ خبر ہے مبتدا محذوف کی۔ ای ھذا تنزیل الخ

۲۔ تنزیل مبتدا ہے اور اس کی خبر لاریب فیہ ہے اور من رب العالمین فیہ کی ضمیر کا حال ہے یا من رب العالمین خبر ہے اور لاریب فیہ جملہ معترضہ ہے۔ اور اس ترکیب کو علامہ قرطبی نے زیادہ پسند کیا ہے۔ لکھتے ہیں: قَالَ مَكِّيٌّ هُوَ اَحْسَنُهَا (قرطبی)

[۳] کفار کے دلوں میں اسلام اور پیغمبر اسلام سے شدید عداوت تھی اس نے انہیں غور و فکر کرنے سے محروم کر دیا تھا۔ اس اسلام دشمنی کے باعث وہ سورج سے زیادہ روشن اور واضح صداقتوں کا انکار کرنے میں کوئی جھجک محسوس نہ کرتے تھے۔ اگرچہ قرآن کریم کی فصاحت و بلاغت نے ان پر سکتہ طاری کر دیا تھا اس کی تعلیمات اور قوی اور دلنشین دلیلوں کے باعث وہ حیرت زدہ ہو کر رہ گئے تھے۔ لیکن پھر بھی وہ

مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝۳ اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ

کوئی ڈرانے والا آپ سے پہلے تاکہ وہ ہدایت پائیں۔ اللہ تعالیٰ ہی ہے جس نے پیدا فرمایا آسمانوں اور زمین کو

الْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِیْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ط

اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دنوں میں پھر متمکن ہوا تخت (سلطانی) پر۔ ؂

یہ رٹ لگائے رہتے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام نہیں ہے۔ انہوں نے خود اسے گھڑا اور خواہ مخواہ اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر دیا۔ ان کے اس اعتراض کی لغویت سب جہان پر اور خود ان پر بھی آشکارا تھی۔ اس لیے ان کے اس اعتراض کی تردید کے لیے صرف اتنا کہہ دینا ہی کافی تھا بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ۔ جس نظریہ کا بطلان اظہر من الشمس ہو اس کے ابطال کے لیے دلائل کے انبار لگانا وقت ضائع کرنا ہے۔

؂ یہاں قرآن کریم کے نازل کرنے کی غرض وغایت بیان کر دی کہ وہ لوگ جو عرصہ دراز سے دشتِ ضلالت میں بھٹک رہے تھے اپنے نفس کی رذیل خواہشات کی تکمیل کے بغیر ان کے سامنے زندگی کا کوئی مقصد نہیں تھا جو اپنے انجام سے بےخبر فسق وفجور کا ارتکاب کر رہے تھے جنہیں عرصہ دراز سے کسی نے آگاہ نہیں کیا تھا اے محبوب! ہم نے یہ کتاب منیر اس لیے نازل فرمائی ہے کہ آپ انہیں خواب غفلت سے بیدار کر دیں اور کفر وشرک کے بھیانک انجام سے بروقت متنبہ کر دیں تاکہ وہ راہِ ہدایت اختیار کر لیں۔ علامہ ابن منظور لسان العرب میں لکھتے ہیں اَلْاِنْذَارُ الْاِبْلَاغُ وَلَا يَكُوْنُ اِلَّا فِي التَّخْوِيْفِ۔ (لسان العرب) یعنی ایسی بات پہنچانا جس میں خوف دلانا مقصود ہو۔ علامہ زرکشی نے اپنی مشہور کتاب "البرہان فی علوم القرآن" میں لکھا ہے۔ حَكَى الْبَغَوِيُّ فِيْ تَفْسِيْرِهٖ عَنِ الْوَاقِدِيِّ اَنَّ جَمِيْعَ مَا فِي الْقُرْاٰنِ مِنْ لَعَلَّ فَاِنَّهَا لِلتَّعْلِيْلِ۔ کہ بغوی نے اپنی تفسیر میں واقدی سے نقل کیا ہے کہ قرآن کریم میں جہاں بھی لعل استعمال ہوا ہے اسکا مقصد علت بیان کرنا ہے یعنی آپ کے ڈرانے کا مقصد یہ ہے کہ وہ ہدایت پا جائیں اور جن لوگوں نے بعض مقامات پر لَعَلَّ کو ترجی یعنی آرزو اور امید کے معنی میں استعمال کیا ہے تو وہ آرزو متکلم یا مخاطب کی طرف سے ہوگی، اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہوگی کیونکہ یہ جہالت کو مستلزم ہے اور اللہ تعالیٰ اس عیب سے پاک ہے۔

؂ یہاں سے اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ کے متعدد شواہد ذکر کر کے اس کی وحدانیت پر استدلال کیا جا رہا ہے۔ اس آیت میں ارشاد فرمایا کہ آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے ان کا پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے اور اس نے اس سارے کارخانہ ہستی کو چھ دنوں میں پیدا فرمایا۔ پیدا فرمانے کے بعد وہ اس سے بےتعلق ہو کر کہیں گوشہ نشین نہیں ہو گیا بلکہ تختِ فرمانروائی پر وہ متمکن ہے اور کائنات کی ہر شے اس کے حکم کے مطابق طے پا رہی ہے۔

مَا لَكُمْ الخ فرما کر انہیں متنبہ کر دیا کہ اگر تم ایسے خالق اکبر سے اپنی عبودیت کا رشتہ منقطع کرو گے اور کسی دوسری چیز کے ساتھ اپنی بندگی کا رشتہ استوار کرو گے تو یاد رکھو اس وقت نہ تمہارا کوئی مددگار ہوگا اور نہ کسی میں یہ ہمت ہوگی کہ وہ تمہاری سفارش کر سکے۔ (چھ دنوں سے کیا مراد ہے؟ استوی علے العرش کا کیا مفہوم ہے۔ اس کی تفصیل بیان متعدد مقامات پر گزر چکا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے ضیاء القرآن جلد دوم سورہ یونس)

مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝۴ يُدَبِّرُ

نہیں تمہارے لیے اس کے بغیر کوئی مددگار اور نہ کوئی سفارشی کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے ؎ تدبیر فرماتا ہے

الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ

ہر چھوٹے بڑے، کام کی آسمان سے زمین تک ؎ پھر رجوع کرے گا ہر کام اس کی طرف اس روز جس کی

مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝۵ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

مقدار ہزار سال ہے اس اندازہ سے جس سے تم شمار کرتے ہو۔ وہی جاننے والا ہے ہر پوشیدہ اور ظاہر کا

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝۶ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ

سب پر غالب ہمیشہ رحم فرمانے والا ؎ وہ جس نے بہت خوب بنایا جس چیز کو بھی بنایا ؎ اور ابتدا فرمائی انسان کی

؎ تم اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر دوسروں کو اپنا حامی و ناصر خیال کرتے ہو۔ سمجھتے ہو کہ اگر خدا نے بفرض محال پکڑ بھی لیا تو یہ معبود اور دیوتا تمہیں چھڑالیں گے یا تمہاری سفارش کریں گے۔ اس خیال فاسد کو دل سے نکال دو کسی میں یہ جرأت نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی مرضی اور اجازت کے بغیر تمہیں بچالے۔ شفاعت کے متعلق کفار و مشرکین کا جو غلط تصور تھا اس کو رد کر دیا۔ اسلام نے جس شفاعت کو جائز قرار دیا ہے وہ شفاعت انبیاء و اولیاء، صلحاء، شہداء باذنِ الٰہی کریں گے اور معصوم بچے بھی اپنے ماں باپ کی بخشش کا باعث بنیں گے۔

؎ یہ بتانے کے بعد کہ ہر چیز کا خالق اللہ تعالیٰ ہے اور کائنات کے تختِ حکومت پر وہ متمکن ہے۔ اب اس آیت میں اس حقیقت کو بیان کیا جا رہا ہے کہ آسمان سے لے کر زمین تک ہر چھوٹی بڑی چیز کا وہ خود انتظام فرماتا ہے۔ ہر چیز اس کے لطف و کرم سے نشو و نما پا رہی ہے۔ کوئی کام اس کی مرضی کے خلاف انجام نہیں پا سکتا اور جب قیامت برپا ہو گی تو تمام امور اس کے حضور پیش ہوں گے اور وہ ان کے متعلق فیصلہ فرمائے گا۔ وہ دن کوئی چھوٹا سا دن نہیں ہو گا بلکہ انسانی اندازوں کے مطابق وہ ہزار سال کے برابر ہو گا۔

مفسرین کرام نے اگرچہ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ کی اور بھی تاویلیں کی ہیں، لیکن مجھے سب سے زیادہ یہی تفسیر پسند ہے اور ثُمَّ کا لفظ اس کی تائید کرتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم باسرار کتابہ۔

قیامت کے دن کا اندازہ ہزار سال بھی بتایا گیا ہے اور پچاس ہزار سال بھی (المعارج)، اور احادیث میں یہ بھی مذکور ہے کہ قیامت کا دن اتنا طویل ہو گا جتنے وقت میں چند رکعت نماز ادا کی جا سکتی ہے۔ اس کی توجیہ یہ بیان کی گئی ہے کہ کفار جس کرب و اضطراب میں مبتلا ہوں گے اس کی وجہ سے انہیں یہ دن پچاس ہزار سال لمبا معلوم ہو گا اور گنہگاروں کو ہزار سال کے برابر اور اہل ایمان کے لیے وہ دن خوشیوں اور مسرتوں سے لبریز ہو گا۔ اس لیے انہیں وہ بہت مختصر معلوم ہو گا۔ ؎ پہلی آیت میں اس کی قدرت کاملہ کا ذکر تھا۔ دوسری میں اس کی حکمتِ بالغہ کا اور

الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۝٧ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۝٨

تخلیق کی گارے سے ۔ پھر پیدا کیا اس کی نسل کو ایک جوہر سے یعنی حقیر پانی سے

اس آیت میں اس کے علم محیط کا بیان ہوا اور اَلْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ فرما کر سابقہ مضامین کی تصدیق فرما دی کیونکہ صرف وہی ہستی اتنی عظیم اور محیر العقول چیزوں کو پیدا کر سکتی ہے جو العزیز (سب پر غالب) ہو اور ہر چھوٹی بڑی چیز کی تربیت اور نشوونما کا وہی ہستی اہتمام کر سکتی ہے جو الرحیم ہو۔ اسی مناسبت سے ان دو صفات کا یہاں ذکر فرمایا گیا۔

اللہ تعالیٰ کی صفاتِ کمالیہ میں سے ایک اور صفت بیان کی جا رہی ہے۔

پہلے ارشاد فرمایا کہ اس نے ہر چیز کو پیدا کیا۔ اب بتایا جا رہا ہے کہ اس نے جس چیز کو پیدا کیا اس کے مقصدِ تخلیق کے نقطۂ نظر سے از حد حسین و جمیل اور کامل و مکمل پیدا کیا۔ پھول ہو یا خار، مچھر ہو یا شاہین، چیونٹی ہو یا ہاتھی۔ آپ ان میں لاکھ نظر دوڑائیں آپ اس میں ذرا ترمیم کی گنجائش نہیں نکال سکتے۔ ہر چیز اسی طرح ہے جس طرح ہونی چاہیے تھی۔ اگر آپ چیونٹی کی کمزور اور پتلی ٹانگوں کو بدلنا چاہیں یا ان کی تعداد میں کمی بیشی کرنا چاہیں، تو آپ ایسا نہیں کر سکیں گے۔ نباتات، حیوانات بلکہ جمادات تک جس چیز کو جس شکل و صورت، وضع قطع اور حجم میں پیدا فرمایا اس سے عمدہ شکل و صورت کا تصور تک نہیں کیا جا سکتا۔

حضرت ابن عباس نے اَحْسَنَ کا مفہوم بتایا ہے، اَتْقَنَهٗ و اَحْكَمَهٗ۔ قتادہ سے مروی ہے اَحْسَنَ خَلْقَ كُلِّ شَيْءٍ وَ مَا قَرَّ اَعْلَيْهِ مَا يَسْتَعِدُّهٗ وَيَلِيْقُ بِهٖ عَلٰى وَفْقِ الْحِكْمَةِ (مظہری) ہر چیز کی استعداد اور مقصدِ تخلیق کے مطابق اسے کامل بنایا۔

پہلے بتایا کہ اللہ تعالیٰ زمین و آسمان اور ان میں جو کچھ ہے سب کا خالق ہے۔ پھر جس حکمت اور رحمت سے وہ امورِ کائنات کی تدبیر فرما رہا ہے، اس کو بیان کیا۔ پھر یہ تصریح کی کہ ہر چیز کو اس طرح پیدا کیا کہ اس میں ردوبدل یا ترمیم کی گنجائش نہیں۔ اپنی کارکردگی اور تکمیلِ مقصد کے لیے اس میں کسی اصلاح یا تحسین کا امکان نہیں۔ ان تمام امور کا ذکر کرنے کے بعد حضرتِ انسان کی آفرینش کا حال بیان کیا جو اس کی شانِ تخلیق کا شاہکار ہے۔

انسان کی پیدائش کے متعلق دو نظریئے زیادہ مشہور ہیں۔ ایک وہ جس کا ذکر قرآن کریم نے کیا اور سابقہ آسمانی صحائف سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسانِ اول (آدم علیہ السلام) کو براہِ راست پیدا فرمایا اور اس کو ایسی نادر قوتوں کی جلوہ گاہ بنایا جس کی نظیر کہیں نہیں ملتی۔ اس کے سینے کو علوم و معارف سے منور کیا، اس کو نورِ نبوت عطا فرمایا اور اسے خلافتِ ارضی کے تخت پر متمکن کیا وہی اشرف المخلوقات ہے اور سارا نظامِ ہستی اس کی خدمت اور چاکری کے لیے سرگرمِ عمل ہے۔ دوسرا نظریہ ڈارون کا نظریۂ ارتقا ہے کہ زندگی رینگتی رینگتی ہزاروں صدیوں میں مختلف ارتقائی منازل طے کرتی ہوئی بندر اور بندر سے انسانی شکل میں نمودار ہوئی۔ ڈارون نے جب اپنے اس نظریہ کا اعلان کیا اس وقت یورپ مذہب دشمنی کی رو میں بہتا چلا جا رہا تھا۔ لوگ مسیحیت کی خلافِ عقل، ناقابلِ فہم تعلیمات سے اکتا گئے تھے۔ عقل و فہم کے صبر کی انتہا ہو گئی تھی، اب وہ بغاوت پر آمادہ تھے۔ مسیحیت کے علمبرداروں کی انسانیت سوز حرکات کے خلاف اس وقت ایک طوفان اٹھا ہوا تھا۔ ہر وہ بات جو مسیحی تعلیمات سے متصادم ہوتی لوگ اسے دیوانہ وار قبول کر لیتے۔

ہر قدیم نظریہ کو مسترد کر دینا فیشن بن گیا تھا۔ مذہب سے بیزاری کا جو عام رجحان پیدا ہو گیا تھا اس کے باعث ڈارون نے جب یہ نظریہ پیش کیا تو لوگوں نے آنکھیں بند کر کے اس کو خوش آمدید کہا۔ اس نظریہ کو معرضِ وجود میں آئے ہوئے تقریباً ڈیڑھ صدی کا طویل عرصہ گزر چکا ہے۔ اس کے پرستاروں نے عمریں صرف کر دیں کہ اس نظریہ کے لیے کوئی ٹھوس بنیاد فراہم کی جائے اور اسے ایسے دلائل مہیا کیے جائیں، جن کے باعث اس نظریہ کی صداقت ہر شک و شبہ سے بالاتر ہو جائے لیکن انہیں اس میں بُری طرح ناکامی ہوئی۔ روزِ اول کی طرح آج بھی ان کے پاس ظن و تخمین کے بغیر اور کوئی سہارا نہیں۔ کہتے ہیں فلاں غار سے ایک انسانی ڈھانچہ ملا ہے جو دس لاکھ سال پرانا ہے۔ اس کے سر کی ساخت فلاں قسم کے بندر کی ساخت سے کچھ کچھ مشابہت رکھتی ہے، اس لیے انسان بندر کی ترقی یافتہ صورت ہے۔ پھر فرماتے ہیں مختلف جانوروں میں نسل کشی کے ذریعے مختلف قسم کی تبدیلیاں بروئے کار لائی جا سکتی ہیں، اس لیے انسان میں اگر تبدیلی رونما ہو گئی ہو تو کیا بعید ہے۔ کبھی ارشاد ہوتا ہے تشریح الابدان کے ماہرین نے ثابت کیا ہے کہ انسانی جسم میں چند ایسے اعصاب ہیں جن کا اب کوئی مصرف نہیں۔ اس سے ثابت ہوا کہ پہلے یہ جن اعضا کو مصروفِ کار رکھتے تھے، وہ مختلف ارتقائی منازل میں ناپید ہو گئے اور یہ اعصاب باقی رہ گئے۔ معلوم ہوا کسی زمانہ میں انسان کی دُم بھی تھی جو آہستہ آہستہ گھستی چلی گئی اور یہ اعصاب باقی رہ گئے۔ کبھی فرماتے ہیں کہ ہم آج بھی جغرافیائی اثرات اور آب و ہوا کے اختلافات کے باعث ایک برِ اعظم کے انسان کو دوسرے برِ اعظم کے انسان سے کسی نہ کسی صورت میں مختلف دیکھتے ہیں۔ جب یہ اختلاف موجود ہے تو انسان میں تدریجی اختلاف کا پایا جانا بھی بعید از امکان نہیں۔ یہ اور اسی قسم کے دوسرے دلائل بلکہ قیاساتِ فاسدہ ہیں جن پر یہ نظریہ قائم ہے۔ آپ خود فیصلہ کیجیے کہ اس قسم کے تخمینوں اور اندازوں سے حتمی طور پر کوئی چیز ثابت ہو سکتی ہے۔ نظریۂ ارتقاء کے ثبوت کے لیے انہوں نے ڈیڑھ سو سال میں جتنے دلائل پیش کیے ہیں، وہ فکر و نظر کے کسی معیار پر پورے نہیں اُترتے۔ کیا ایسے نظریہ کو سائنٹیفک کہا جا سکتا ہے؟ جس کا اساس محض ظنون و تخمینات ہوں اور جس کی ہر دلیل سے عقل کو وحشت ہوتی ہو۔ ایک پیچیدگی کو دُور کرنے کے لیے انسان جو قدم اٹھائے وہ ہزاروں پیچیدگیوں سے دوچار کر دے۔

سیدھی سی بات ہے کہ ہر نوع کی تخلیق براہِ راست ہوئی اور اس کے بعد ہر نوع میں ایسی خصوصیات رکھ دی گئیں، اور ایسے خود کار انتظامات کر دیئے گئے کہ آگے اس نوع کی افزائشِ نسل خود بخود ہوتی جائے۔

اگر انسان مذہب دشمنی کی وبا میں اس طرح مبتلا نہ ہو کہ اس کی عقل و فکر کی قوتیں ہی اپاہج ہو چکی ہوں تو اسے ماننا پڑے گا کہ تخلیقِ انسان کے متعلق جو نظریہ قرآن کریم نے پیش کیا ہے وہ ہی برحق ہے۔

۱۱۔ انسان اوّل کو براہِ راست گارے سے پیدا کیا گیا۔ اس کے بعد اس کی افزائشِ نسل کا ایسا انتظام کر دیا گیا کہ طبعی عوامل کے باعث خود بخود اس میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ نئی نسل کی پیدائش، پرورش اور تربیت کے لیے جتنے رُوح فرسا خطرات اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اپنے عیش و آرام، اپنی صحت، دولت اور وقت کی جو گرانقدر قربانیاں دینی پڑتی ہیں، وہ کسی سے مخفی نہیں۔ لیکن اس نے اپنی حکمتِ کاملہ سے ان تمام چیزوں کو ایک ایسی زبردست لذت سے وابستہ کر دیا کہ انسان اس کے حصول کی خاطر یہ ساری قربانیاں خوشی سے دینے کے لیے تیار بلکہ بیقرار ہو جاتا ہے۔

# ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

پھر اس (کے قد و قامت) کو درست فرمایا ١٢ اور پھونک دی اس میں اپنی روح ١٣ اور بنا دیئے تمہارے لیے کان، آنکھیں

کسی چیز کے نچوڑ اور خلاصہ کو سُلٰلَة کہتے ہیں کیونکہ منی بھی سارے جسم کا نچوڑ اور خلاصہ ہوا کرتی ہے اس لیے اسے بھی سُلٰلَه کہا گیا ہے۔ مِنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ میں مِنْ بیانیہ ہے یعنی وہ خلاصہ جو حقیر پانی ہے اور اگر مِنْ تبعیضیہ ہو تو سُلٰلَة سے مراد وہ جرثومہ ہے جو استقرارِ حمل کا باعث بنتا ہے۔

١٢ رحم مادر میں اس بے وقعت پانی کا قطرہ یا اس قطرہ میں سے ان گنت جرثوموں میں سے ایک جرثومہ قرار پذیر ہوتا ہے تو اس میں طرح طرح کی عجیب و غریب تبدیلیاں وقوع پذیر ہونے لگتی ہیں۔ صرف خوردبین سے دکھائی دینے والا جرثومہ چند دنوں میں ایک لوتھڑے کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ وہ لوتھڑا کچھ دیر کے بعد گوشت بن جاتا ہے۔ اس گوشت میں قدرت کی ندرت آفرینیوں کے باعث طرح طرح کی ہڈیاں چھوٹی بڑی، سیدھی ٹیڑھی بننے لگتی ہیں پھر وہیں مختلف قسم کے بیرونی اعضاء ہاتھ، پاؤں، آنکھ، کان، ناک وغیرہ نمودار ہونے لگتے ہیں۔ اسی گوشت کے لوتھڑے میں سے ایک حصہ کو دل بنا دیا جاتا ہے۔ کوئی جگر اور معدہ بنتا ہے۔ پھر جسم کے ان مختلف حصوں کے درمیان رگوں اور شریانوں کا جال بچھ جاتا ہے۔ اعصاب کے ذریعے تمام اعضاء کے درمیان مواصلاتی نظام قائم ہو جاتا ہے۔ ایک دماغ کی ساخت پر ہی نظر ڈالیے یہ نازک مشینری چھوٹے چھوٹے کروڑوں خلیوں سے مرکب ہے۔ اس قطرۂ آب یا جرثومہ کو مختلف مدارج طے کر کے انسان کامل بننے میں صرف نو ماہ کا عرصہ لگتا ہے۔

نظریۂ ارتقاء کے حاملین کے نزدیک تو ایسی تبدیلیاں وقوع پذیر ہونے کے لیے اربوں سال چاہئیں تھے لیکن طب جدید علم تشریح الابدان، علم الجنین اور عام مشاہدہ اس حقیقت پر شاہد ہے کہ یہ سارے حیران کن تغیرات نو ماہ میں ہوئے۔ جب ہم ہر روز اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کا یوں مشاہدہ کرتے ہیں تو پھر انسان اول کے معرض وجود میں آنے کے لیے جو افسانوی طرز فکر ڈارون اور اس کے شاگردوں نے اختیار کر رکھا ہے کیونکر اسے قبول کیا جا سکتا ہے۔ سوّٰى کی تشریح کرتے ہوئے علامہ آلوسی لکھتے ہیں: عَدَّلَهٗ بِتَكْمِيْلِ اَعْضَآئِهٖ فِى الرَّحِمِ وَتَصْوِيْرِهَا عَلٰى مَا يَنْبَغِىْ۔ (روح المعانی) یعنی رحم میں اس کے تمام اعضاء کو مکمل اور درست کر دیا اور جس طرح اس کے مختلف اعضاء کی تصویر کشی کرنی چاہیے تھی اس طرح کر دی۔

١٣ جب انسانی ڈھانچہ شکم مادر میں تیار ہو جاتا ہے تو پھر اس میں ایک معزز و محترم روح پھونک دی جاتی ہے جو اسے زندگی سے روشناس کرا دیتی ہے۔ انسانی روح کی عظمت شان کو بیان کرنے کے لیے اس کی نسبت اپنی طرف فرما دی۔ مِنْ رُّوْحِهٖ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی روح کا کوئی حصہ اس سے جدا کر کے انسان میں پھونک دیا جاتا ہے۔ معاذ اللہ۔ یہ اضافت تشریفی ہے۔ اور لغت عرب میں اس کا استعمال عام ہے۔

اس آیت سے عیسائیوں کے اس عقیدہ کا بھی بطلان ہو گیا کہ حضرت مسیح اللہ تعالیٰ کے بیٹے ہیں کیونکہ ان میں روح خداوندی پھونکی گئی اور قرآن کریم نے انہیں رُوْحٌ مِّنْهُ فرمایا ہے۔ اگر عیسائیوں کا یہ استدلال ایک لحظہ کے لیے مان بھی لیا جائے

وَالْاَفْئِدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۹ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِی الْاَرْضِ

اور دل ؎۱۲ تم لوگ بہت کم شکر بجالاتے ہو۔ اور کہنے لگے کیا جب (مرنے کے بعد) ہم گم ہو جائینگے زمین میں

ءَاِنَّا لَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ ؕ بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝۱۰ قُلْ

تو کیا ہم از سر نو پیدا کیے جائیں گے ؎۱۳ درحقیقت یہ لوگ اپنے رب کی ملاقات سے انکار کر رہے ہیں ؎۱۴ فرمائیے

ع ۱ ۱۴ یَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِیْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝۱۱

جان قبض کرے گا تمہاری موت کا فرشتہ جو تم پر مقرر کر دیا گیا ہے ؎۱۵ پھر اپنے رب کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

تو پھر حضرت مسیح کی اس میں کون سی خصوصیت ہے۔ ہر انسان کو فرزند خدا ماننا پڑے گا۔ تعالی اللہ عن ذلك علوا كبيرا۔

؎۱۲ یہاں ان ظاہری اور باطنی قوتوں اور صلاحیتوں کا ذکر فرمادیا جن سے اس پیکر خاکی کو سرفراز کیا گیا۔

؎۱۳ قیامت کے متعلق وہ جس شبہ میں مبتلا تھے اس کا ذکر کیا جا رہا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ مرنے کے بعد جب ہم خاک میں مل جائیں گے اور ہوائیں ہماری خاک کے ذروں کو زمین کی وسعتوں میں منتشر کر دیں گی تو پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ ہزاروں سال سے ہمارے ان بکھرے ہوئے ذروں کو یکجا کر کے انہیں پھر زندہ کر دیا جائے۔ پہلے تو ان ذروں کا سراغ لگانا ہی محال ہے اور اگر کوئی سراغ لگا بھی لے تو انہیں یکجا کرنا اور پھر ان میں زندگی پیدا کرنا تو بالکل بعید از فہم ہے اس لیے جو دین ایسی باتوں کو تسلیم کرنے کی دعوت دیتا ہے جو بعید از امکان ہوں اس کو مان لینا اور اس پر ایمان لانا قطعاً قرین دانشمندی نہیں۔

؎۱۴ ان کی اس حجت بازی کا رد فرمادیا کہ تم اس قسم کی یاوہ گوئی کا سہارا کیوں لیتے ہو صاف صاف کہہ دو کہ تم اپنے رب کی ملاقات کے منکر ہو۔ تمہاری اس بات سے تو پتہ چلتا ہے کہ تمہارے نزدیک تمہارا رب بھی تمہارے منتشر ذروں کو یا تو جانتا نہیں کہ کہاں کہاں ہیں یا جانتا تو ہے لیکن ان کو یکجا کرنے سے عاجز ہے۔ اے حقیقت ناشناسو! کیا اللہ تعالیٰ کے علم میں بھی تمہیں کوئی شک ہے۔ کیا اس کی قدرت کے بارے میں بھی تم متردد ہو۔ جس کی قدرت وحکمت کی آیات بینات کا تذکرہ ابھی تم سن چکے ہو۔ کیا اس کے متعلق تمہارا یہ خیال ہے۔ کتنے نادان ہو تم۔ بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ کے بظاہر سادے سے جملہ میں ان کے جملہ اعتراضات کی تردید کر دی۔

آیت کی ابتدا میں ضَلَلْنَا کا لفظ مذکور ہے جو تحقیق طلب ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ جب کوئی تھوڑی سی چیز زیادہ مقدار والی چیز میں مل جائے یہاں تک کہ اس کا کوئی اثر یا نام ونشان بھی باقی نہ رہے تو عرب کہتے ہیں قَدْ ضَلَّ یعنی فلاں چیز فلاں چیز میں گم ہو گئی۔ جب بہت سے دودھ میں پانی کا ایک گلاس انڈیل دیا جائے تو عرب کہتے ہیں: ضَلَّ الْمَاءُ فِی اللَّبَنِ وَالْعَرَبُ تَقُوْلُ لِلشَّیْءِ غَلَبَ عَلَیْهِ غَیْرُهٗ حَتّٰی خَفِیَ فِیْهِ اَثَرُهٗ: قَدْ ضَلَّ اور جب میت کو زمین میں دفن کر دیا جائے تب بھی یہ لفظ استعمال ہوتا ہے

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا

اور کاش! تم دیکھو جب مجرم اپنے سر جھکائے ہوئے اپنے رب کے حضور پیش ہونگے (کہیں گے) اے ہمارے رب! ہم نے (اپنی

وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا

آنکھوں سے) دیکھ لیا اور (کانوں سے) سن لیا پس (ایکبار) ہمیں بھیج (دنیا میں) اب ہم نیک عمل کرینگے۔ ہمیں اب پورا یقین آگیا ہے ۱۲ (جواب ملیگا)

يُقَالُ اَضَلَّ الْمَيِّتَ اِذَا دُفِنَ (قرطبی)

۱۱ جس فرشتہ کو رُوح قبض کرنے کے لیے مقرر کیا گیا ہے اُس کا نام عزرائیل علیہ السلام ہے۔ عزرائیل کا معنی عبداللہ (اللہ کا بندہ) مومن و کافر ہر شخص کی رُوح وہ ہی قبض کرتے ہیں لیکن جب کافر کی رُوح قبض کی جاتی ہے تو اس وقت ان کی شکل بڑی خوفناک اور ڈراؤنی ہوتی ہے اور ان کا رویہ بڑا سخت ہوتا ہے اور جب کسی مومن کی جان نکالتے ہیں تو سراپا حسن و جمال بن کر تشریف لاتے ہیں اور بڑے محبت بھرے انداز سے مومن کی رُوح قبض کرتے ہیں۔ حضرت امام جعفر نے اپنے والد ماجد حضرت امام محمد باقر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ملک الموت کو ایک انصاری کے سرہانے دیکھا تو فرمایا: اِرْفَقْ بِصَاحِبِيْ فَاِنَّهٗ مُؤْمِنٌ۔ میرے صحابی کے ساتھ نرمی اور شفقت کے ساتھ پیش آنا کیونکہ وہ مومن ہے ملک الموت نے عرض کی: طِبْ نَفْسًا وَقَرَّ عَيْنًا فَاِنِّيْ بِكُلِّ مُؤْمِنٍ رَفِيْقٌ۔ "اے مصطفیٰ! آپ خوش ہوں، آپ کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں، میں آپ پر ایمان لانے والے ہر شخص کے ساتھ بڑی نرمی اور شفقت سے پیش آتا ہوں۔

۱۲ آج تو کفار و مشرکین فخر و غرور سے دندناتے پھرتے ہیں۔ حق سننے سے اور حق کو ماننے سے انکار کر رہے ہیں۔ ذرا اس وقت کا خیال کرو جب انہیں خداوند ذوالجلال کی بارگاہ میں لا کر کھڑا کر دیا جائے گا۔ اس وقت فرطِ ندامت سے ان کے سر جھکے ہوئے ہونگے شرم کے مارے آنکھیں نہ اٹھا سکیں گے، عرض کریں گے،

"اے ہمارے رب! تیرے رسول نے جن حقائق کے متعلق ہمیں خبردار کیا تھا اور دنیا میں جن کو تسلیم کرنے سے ہم انکار کرتے رہے تھے آج ہم نے ان حقائق کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا اور اپنے کانوں سے سن لیا۔ اب ہم غفلت کی نیند سے بیدار ہو گئے ہیں اور پکا وعدہ کرتے ہیں کہ تیری نافرمانی نہیں کریں گے تو بڑا کریم ہے۔ ایک مرتبہ ہمیں موقع دیا جائے تاکہ ہم اپنی بندگی کا اظہار کر سکیں اور تیری اطاعت و فرمانبرداری کرکے سابقہ نافرمانیوں کے داغ دُور کر سکیں۔"

لیکن ان کی عرضداشت ٹھکرا دی جائے گی۔

دانائے شیراز نے کیا خوب کہا ہے۔

سر از جیب غفلت بر آور کنوں ۔۔۔ کہ فردا نماند بخجلت نگوں

(اب غفلت کے گریبان سے سر کو اٹھاؤ تاکہ کل ندامت و خجالت کے باعث وہ جھک نہ جائے۔)

كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ

اور اگر ہم چاہتے تو ہم دے دیتے ہر نفس کو اس کی ہدایت وا لیکن یہ بات طے ہو چکی ہے میری طرف سے کہ میں ضرور بھر دوں گا

الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ

جہنم کو تمام (سرکش) جنوں اور (نافرمان) انسانوں سے وا۲ پس اب چکھو سزا اس جرم کی کہ تم نے بھلا دیا تھا اپنے اس روز کی

کنونت کہ چشمست اشکے ببار زبان در دہانست عذرے بیار

(اب جب کہ تیری آنکھیں سلامت ہیں اپنے گناہوں پر آنسو بہا اور آج جب کہ تیرے منہ میں زبان ہے عذر خواہی کرلے۔)

نہ پیوستہ باشد رواں در بدن نہ ہموارہ گردد زبان در دہن

(یاد رکھ جسم میں جان ہمیشہ نہیں رہے گی اور نہ منہ میں زبان ہمیشہ رہے گی)

وا اور انہیں بتایا جائے گا کہ اگر ہم چاہتے تو کوئی شخص گمراہ نہ ہوتا۔ ہر شخص کی جبلت اور فطرت میں ہدایت کا نور رکھ دیا جاتا۔ سرکشی اور گناہ کرنے کی کسی میں طاقت ہی نہ ہوتی۔ فرشتوں کی طرح سب انسان متقی اور پرہیزگار ہوتے، لیکن ہماری حکمت کا تقاضا نہیں۔ اس طرح نوعِ انسانی کی پیدائش کا مقصد فوت ہو جاتا اور انسان کو جس شرف و کرامت سے سرفراز کرنا مقصود تھا اس کے لیے کوئی وجہ جواز نہ رہتی۔

انسان کی تخلیق سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ اسے عقل اور فہم کا نور بخشا جائے۔ حق اور باطل کی راہوں کو اس کے سامنے واضح کیا جائے۔ انبیاء کرام آکر اسے راہِ حق پر چلنے کی دعوت دیں اور غلط روی سے بچنے کی تلقین کریں۔ اس کے بعد انسان کو ایک گونہ آزادی دی جائے کہ چاہے تو ایمان لائے اور چاہے تو کفر کرے۔ چاہے تو راہِ حق کو بطیبِ خاطر قبول کرے اور چاہے لذت کوشی کی طلب میں غلط راستے پر سرپٹ دوڑنا شروع کر دے۔ جب وہ اپنی مرضی سے ہماری رضا کی خاطر ساری رکاوٹوں کو روندتا ہوا مشکلات کا مقابلہ کرتا ہوا آئے گا تو ہم اپنے دستِ کرم سے اس کے سر پر اپنی رضا کا تاج رکھ دیں گے اور اگر اس نے عقل و فہم کے تقاضوں کو پسِ پشت ڈال دیا، انبیاء کی دعوت کو جان بوجھ کر ٹھکرا دیا، ہماری آیات سننے، سمجھنے اور ان پر عمل کرنے سے انکار کر دیا تو اسے واصلِ جہنم کر دیا جائیگا اور اسکا ذمہ دار وہ خود ہوگا۔

وا۲ لیکن میری بارگاہِ عالی سے یہ فیصلہ صادر ہو چکا ہے کہ جبر و اکراہ سے کام نہیں لیا جائے گا نہ کسی کو زبردستی راہِ حق پر چلنے کے لیے مجبور کیا جائے گا اور نہ کسی کو جبراً فسق و فجور میں مبتلا کیا جائے گا۔ مَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ۔ دعوتِ حق دے دی گئی ہے۔ حق و باطل میں امتیاز کر دیا گیا۔ اب جس کا جی چاہے وہ ایمان لائے اور جس کا جی چاہے کفر اختیار کرے۔

وا۳ اس کا مطلب یہ نہیں کہ تمام جنوں اور انسانوں سے دوزخ کو بھر دیا جائے گا۔ بلکہ الجنۃ اور الناس پر الف لام عہد خارجی ہے اور اس سے مراد سرکش جن اور نافرمان انسان مراد ہیں۔

هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٤﴾ اِنَّمَا

ملاقات کر۲۲ ہم نے تم کو نظر انداز کر دیا اور چکھو ابدی عذاب ان (کرتوتوں) کے عوض جو تم کیا کرتے تھے۔ صرف

يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ

وہی لوگ ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں جنہیں جب ہماری آیتوں سے نصیحت کی جاتی ہے تو گر پڑتے ہیں سجدہ کرتے ہوئے اور

رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۩ ﴿١٥﴾ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ السجدة

پاکی بیان کرتے ہیں اپنے رب کی حمد کرتے ہوئے اور وہ غرور تکبر نہیں کرتے ۲۳ دور رہتے ہیں ان کے پہلو (اپنے) بستروں سے ۲۴

يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۫ وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿١٦﴾ فَلَا تَعْلَمُ

پکارتے ہیں اپنے رب کو ڈرتے ہوئے اور امید رکھتے ہوئے اور ان نعمتوں سے جو ہم نے انہیں دی ہیں خرچ کرتے رہتے ہیں۔ پس نہیں جانتا

۲۲۔ نسیان کا معنی بھلا دینا اور فراموش کر دینا ہے لیکن کسی چیز کو ترک کرنے اور نظر انداز کر دینے کے معنی میں بھی یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے خصوصاً جب اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو کیونکہ وہاں بھولنا اور فراموش کرنا مراد نہیں ہو سکتا کیونکہ یہ عیب ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے وہاں فقط ترک کرنا، نظر انداز کرنا کے معنی میں یہ لفظ مستعمل ہوگا علامہ ابن منظور لکھتے ہیں: قولہ عزوجل۔ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ انما معناہ ترکوا اللّٰہ فترکھم (لسان العرب)

کفار کو کہا جا رہا ہے کہ تم نے روز قیامت کو آج تک بھلائے رکھا۔ اب اللہ تعالیٰ نے تمہیں نظر انداز کر دیا اور اپنی رحمت سے تمہیں محروم کر دیا۔ اب اس عذاب کا مزا چکھو جس سے بچنے کی تلقین تمہیں صدہا بار کی گئی لیکن تم نے پرواہ نہ کی۔ اب ہمیشہ کے لیے تمہیں جہنم میں رہنا ہوگا یہاں سے نکلنے کے لیے سارے راستے بند کر دیئے گئے ہیں۔

۲۳۔ حضور نبی کریم علیہ وعلی آلہ اطیب الصلوٰۃ وازکی التسلیم نے کفار کو سمجھانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ دلائل سے معجزات سے اپنی دلآویز باتوں سے اپنے دلکش عمل سے انہیں حق کی طرف بلایا لیکن ان کی ہٹ دھرمی میں سر مو فرق نہ آیا جس سے حضور کے قلب مبارک کو سخت اذیت پہنچی۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کو تسلی دیتے ہیں کہ آپ پریشان نہ ہوں۔ یہ اس لیے ایمان سے محروم نہیں ہیں کہ آپ کی تبلیغ میں کوئی کوتاہی کی ہے بلکہ قبول حق کی ان میں سرے سے اہلیت ہی نہیں۔ اگر سورج کی کرنوں سے پتھر روشن نہیں ہوتا تو یہ اس کی نااہلی ہے سورج کی کرنوں کی تابانی تو ہر شک و شبہ سے بالاتر ہے۔ ایمان کی دولت تو ان لوگوں کو عطا کی جاتی ہے جن میں یہ صفات موجود ہوں جن کا ذکر ان آیات میں ہے۔ ان بدبختوں میں تو ان صفات کا نشان تک نہیں، انہیں نعمت ایمان کیسے بخشی جا سکتی ہے۔

۲۴۔ اہل ایمان کی مذکورہ بالا صفات کے علاوہ ایک یہ صفت بھی ہے کہ جب دوسرے لوگ اپنے نرم و گداز بستروں پر محو استراحت

نَفۡسٌ مَّاۤ اُخۡفِیَ لَهُمۡ مِّنۡ قُرَّةِ اَعۡیُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۷﴾

کوئی شخص جو (نعمتیں) چھپا کر رکھی گئی ہیں ان کیلئے جن سے آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی ۲۵ یہ صلہ ہے ان (اعمالِ حسنہ) کا جو وہ کیا کرتے تھے

اَفَمَنۡ كَانَ مُؤۡمِنًا كَمَنۡ كَانَ فَاسِقًا ؕؔ لَا یَسۡتَوٗنَ ﴿۱۸﴾ اَمَّا الَّذِیۡنَ

توکیا جو شخص ایمان دار ہو وہ اس کی مانند ہو سکتا ہے جو فاسق ہو (نہیں)، یہ یکساں نہیں ۲۶ پس جو لوگ ایمان لائے

اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمۡ جَنّٰتُ الۡمَاۡوٰی ۫ نُزُلًۢا بِمَا كَانُوۡا

اور نیک عمل کرتے رہے ۲۷ تو ان کے لیے جنتیں ہیں ہمیشہ کا ٹھکانا ہیں بطور ضیافت ان (نیکیوں) کے عوض جو وہ

ہوتے ہیں، گرمی اور میٹھی نیند کے مزے لُوٹتے ہیں تو یہ درد محبت کے مارے اپنے پہلوؤں کو اپنے بستروں سے دُور رکھتے ہیں۔ اپنے رب کے حضور میں دست بستہ کھڑے ہو کر کبھی اس کی حمد و ثنا کرتے ہیں۔ کبھی اس کی بارگاہ اقدس میں جبینِ نیاز جھکاتے ہیں، کبھی دُعا کے لیے دامن پھیلا دیتے ہیں اور اپنے کریم و رحیم پروردگار سے اس کے فضل و کرم کی بھیک مانگتے ہیں۔ ان کے دُعا کرنے اور مانگنے کا انداز بھی نرالا ہے۔ ساری رات اس کے ذکر میں گزر گئی، لیکن پھر بھی اپنی کوتاہیوں کا احساس بے چین کر رہا ہے اور اس کی بے نیازی کا تصور کر کے دل کانپ رہا ہے لیکن اس کی بے نیازی اور اپنی کوتاہیوں کے شدید احساس کے باوجود مایوس نہیں ہیں بلکہ اس کے فضل و کرم پر تکیہ کیے ہوئے دامن پھیلا رہے ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ ان کا رب بڑا رحیم و کریم ہے۔ جو شخص اس کے حضور میں دستِ سوال پھیلاتا ہے اس کی شانِ کریمی اُسے خالی واپس نہیں کرتی۔ بیم و رجا کی اسی کشمکش میں وہ اپنے شب و روز گزارتے ہیں۔ اس آیت میں ان لوگوں کی طرف اشارہ ہے جو رات ڈھلنے کے بعد اپنے بستروں سے اُٹھتے ہیں اور نمازِ تہجد ادا کرتے ہیں بعض علماء نے اس سے اوّابین کے نفل بھی مراد لیے ہیں جو مغرب اور عشاء کی نماز کے درمیان پڑھے جاتے ہیں۔ "تجافی" کا معنی دُوری اور بُعد ہے۔ مضاجع مضجع کی جمع ہے اس کا معنی سونے کی جگہ ہے۔

۲۵ یعنی کوئی شخص ان انعامات اور نوازشات کا تصور بھی نہیں کر سکتا جو ہم نے اپنے بندوں کے لیے مخصوص کر رکھی ہیں۔ صحیح بخاری اور صحیح مسلم دونوں میں یہ حدیث موجود ہے۔ عن ابی هريرة عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم يقول الله تعالیٰ: اَعۡدَدۡتُ لِعِبَادِیَ الصَّالِحِیۡنَ مَا لَا عَیۡنٌ رَاَتۡ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتۡ وَلَا خَطَرَ عَلٰی قَلۡبِ بَشَرٍ۔ حضرت ابوہریرہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے ایسی نعمتیں تیار کر رکھی ہیں جن کو آج تک کسی آنکھ نے نہیں دیکھا، کسی کان نے نہیں سُنا اور نہ کوئی انسان اپنے دل میں ان کا تصور کر سکتا ہے۔ اس کے بعد حضور نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔

۲۶ ارشاد ہوتا ہے کہ مومن اور فاسق یکساں نہیں ہیں۔ فاسق سے مراد یہاں باغی ہے جو اللہ تعالیٰ کی اطاعت ترک کر کے خود مختاری کا دعویٰ کرتا ہے۔ یا غیر خدا کی اطاعت اختیار کرتا ہے۔

۲۷ مومن اور کافر کی زندگی، عمل اور انجام میں واضح تضاد ہے اس لیے وہ یکساں کیسے ہو سکتے ہیں۔ ان آیات میں اس تضاد کی وضاحت

وقف غفران

يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ

کیا کرتے تھے۔ اور جنہوں نے نافرمانی کی تو ان کا ابدی ٹھکانا آگ ہے۔ جتنی مرتبہ وہ ارادہ کریں گے کہ

يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ

(کسی طرح) یہاں سے نکل جائیں تو (ہر بار) انہیں لوٹا دیا جائے گا اس میں اور انہیں کہا جائے گا چکھو آگ کا عذاب جسے

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ

تم جھٹلایا کرتے تھے۔ اور ہم ضرور چکھاتے رہیں گے انہیں تھوڑا تھوڑا عذاب

الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ

بڑے عذاب سے پہلے ۲۸ تاکہ وہ (فسق و فجور سے) باز آجائیں۔ اور کون زیادہ ظالم ہے اس سے جسے نصیحت کی گئی

رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ۭ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ

اس کے رب کی آیتوں سے پھر اس نے روگردانی کی ان سے۔ بیشک ہم مجرموں سے ضرور بدلہ لیں گے اور بیشک ہم نے

اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَاۗىِٕهٖ وَجَعَلْنٰهُ

عطا فرمائی تھی موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب، تو آپ شک میں مبتلا نہ ہوں ایسی کتاب کے ملنے سے ۲۹ اور ہم نے بنایا تھا

فریادی۔ ۲۸ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ابدی عذاب میں گرفتار ہونے سے پہلے ان غافلوں اور سرکشوں کو ہم طرح طرح کی مصیبتوں اور رنج والم میں مبتلا کر دیتے ہیں تاکہ وہ خوابِ غفلت سے بیدار ہو کر اپنی اصلاح کریں اور عذابِ جہنم سے بچنے کی تدبیر سوچ لیں۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی خاص مہربانی ہے کہ وہ کسی تکلیف اور مصیبت کو انسان کی اصلاح کا ذریعہ بنا دیتا ہے۔ وہ نعمت و راحت جو انسان کو غافل اور سرکش بنا دے اس سے وہ مصیبت ہزار درجہ بہتر ہے جو انسان کو گناہوں سے باز رکھنے کا سبب بن جائے۔ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ میں اسی بات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

۲۹ اعلانِ نبوت سے پہلے حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے دل میں نہ نبی بننے کی کبھی خواہش پیدا ہوئی تھی اور نہ آپ کو یہ توقع تھی کہ آپ پر وحی خداوندی نازل ہو گی۔ توقع کے خلاف یکایک جبرئیل امین کا وحی لے کر آنا حیرت اور شک کا باعث بن سکتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کا ازالہ فرما دیا کہ جبرئیل کے آنے اور وحی کے اترنے سے آپ کو کسی شک میں مبتلا ہونے کی ضرورت نہیں۔ یہ کوئی عجیب

هُدًى لِّبَنِىٓ إِسْرَآءِيلَ ﴿٢٣﴾ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا

اسے ہدایت بنی اسرائیل کے لیے ۔ اور ہم نے بنایا ان میں سے بعض کو پیشوا، وہ رہبری کرتے رہے ہمارے حکم سے

لَمَّا صَبَرُوا ۖ وَكَانُوا بِـَٔايَٰتِنَا يُوقِنُونَ ﴿٢٤﴾ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ

جب تک وہ صابر رہے اور جب تک وہ ہماری آیتوں پر پختہ یقین رکھتے تھے ۳۲؎ بیشک آپ کا پروردگار وہی فیصلہ کرے گا

يَوْمَ الْقِيَٰمَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٢٥﴾ أَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ

ان کے درمیان قیامت کے دن، جن امور میں وہ باہمی، اختلاف کیا کرتے تھے۔ کیا یہ چیز ان کی ہدایت کا باعث نہ بنی ۳۳؎

أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْقُرُونِ يَمْشُونَ فِى مَسَٰكِنِهِمْ ۚ إِنَّ

کتنی قومیں تھیں جن کو ہم نے ان سے پہلے ہلاک کر دیا حالانکہ یہ چل پھر رہے ہیں ان کے مکانوں میں ۔ بیشک

نہیں ہے جو آج تک کبھی نہ ہوا ہو۔ آپ سے پہلے بھی انبیاء تشریف لائے۔ ان پر وحی نازل ہوئی۔ انہیں صحائف اور کتابوں سے مشرف کیا گیا۔ موسیٰ علیہ السلام کا نام کس نے نہیں سنا۔ وہ بھی منصب نبوت پر فائز کیے گئے اور انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے تورات جیسی کتاب مرحمت فرمائی گئی۔ اب قدرت کی نگاہ انتخاب نے سارے جہاں کی راہنمائی کے لیے اسے یتیم مکہ! آپ کو چن لیا اور قرآن حکیم جیسے صحیفہ رشد و ہدایت کے نزول کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ اس میں قطعاً نہ حیران ہونے کی بات ہے اور نہ شک و شبہ کی گنجائش ہے۔ آیت میں بظاہر اگرچہ خطاب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے ہے لیکن مراد وہ لوگ ہیں جو حضور کی نبوت میں اور قرآن کے منزل من اللہ ہونے میں شک اور تعجب کا اظہار کیا کرتے تھے۔

۳۲؎ موسیٰ علیہ السلام کی اُمت میں سے ہم نے بعض کو امام اور پیشوا بنا دیا تاکہ وہ ہمارے فرمان کے مطابق لوگوں کی راہنمائی کریں۔ امامت و پیشوائی کے اس اعلیٰ منصب کے لیے وہی لوگ چنے گئے جو صبر و استقامت سے عبادت و طاعت کی کٹھن اور دشوار راہ پر گامزن رہے۔ دینِ حق کی تبلیغ میں مخالفین کی طرف سے ان پر مصائب کے پہاڑ توڑے گئے مگر وہ گھبرائے نہیں بلکہ بڑی ثابت قدمی اور جوانمردی سے اپنا فرض ادا کرتے رہے۔ جو لوگ عبادت و طاعت سے اکتا جاتے ہیں اور مصائب و آلام کے مہیب بادلوں کو دیکھ کر گھبرا جاتے ہیں انہیں امامت کے عظیم منصب کے لیے منتخب نہیں کیا جاتا۔ ائمہ سے مراد یا بنی اسرائیل کے انبیاء تھے کہ وہ اپنے اپنے زمانہ میں دینِ موسوی کی دعوت دیتے رہے یا ان کے وہ علماء و فقہاء تھے جو نبی کے نائب کی حیثیت سے نبوت کے مشن کی تکمیل میں عمر بھر کوشاں رہے۔

۳۳؎ اہل مکہ کے تجارتی کاروان مشرق و مغرب کا سفر کرتے تھے۔ ان کے راستوں میں کئی اجڑی ہوئی بستیاں آتی تھیں کئی ویران

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ؕ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ۝۲۶ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى

ان میں (عبرت کی) کئی نشانیاں ہیں۔ کیا وہ (ان در و دیوار سے داستان عبرت) نہیں سن رہے؟ کیا انہوں نے ملاحظہ نہیں کیا کہ ہم بہا لے جاتے

الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ؕ

ہیں پانی بنجر زمین کی طرف ۴۲ پھر ہم نکالتے ہیں اس کے ذریعے سے کھیتی، کھاتے ہیں اس سے ان کے چوپائے اور وہ خود بھی

اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ۝۲۷ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۲۸

کیا وہ (یہ بھی) نہیں دیکھتے؟ اور (بار بار) پوچھتے ہیں یہ فیصلہ کب ہوگا؟ (بتاؤ) اگر تم سچے ہو ۴۳

قلعوں اور محلات کے پاس سے ان کا گزر ہوتا تھا جن کے کھنڈرات جن کے شکستہ در و دیوار پکار پکار کر اپنے مکینوں کی بداعمالیوں اور بربادیوں کی عبرت آموز داستانیں دہرا رہے ہوتے ہیں۔ ان سے پوچھا جا رہا ہے کیا تم نے ان عبرت بھری داستانوں کو سننے کی زحمت کبھی گوارا کی۔ اگر ان میں سننے کی صلاحیت ہوتی تو وہ ضرور اپنی ہٹ دھرمی سے باز آجاتے۔ کفر و شرک کو چھوڑ کر دعوت توحید کو بصد شوق قبول کر لیتے۔

۴۲ قدرت الٰہی کا ایک اور ثبوت پیش کیا جا رہا ہے "اَلْجُرُز" اس زمین کو کہتے ہیں جو ویسے تو زرخیز ہو لیکن پانی دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے بنجر ہو گئی ہو۔ گھاس اور چارہ جڑ سے اکھڑ کر رہ گیا ہو یا اونٹوں اور بکریوں نے اسے چر کر ختم کر دیا ہو اور اب وہاں سبز تنکا تک دکھائی نہ دیتا ہو۔ علامہ زمخشری لکھتے ہیں: اَلْجُرُزُ الْاَرْضُ الَّتِيْ جُرِزَ نَبَاتُهَا اَيْ قُطِعَ اِمَّا لِعَدَمِ الْمَاءِ وَ اِمَّا لِاَنَّهٗ رُعِيَ وَ اُزِيْلَ۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں: جو زمین شور اور تھور کی وجہ سے ناقابل کاشت ہو گئی ہو اسے جرز نہیں کہتے۔ بلکہ ایسی زمین جو ہو تو زرخیز لیکن پانی نہ ملنے کی وجہ سے بالکل سوکھ گئی ہو۔ لَا يُقَالُ لِلَّتِيْ لَا تُنْبِتُ كَالسِّبَاخِ جُرُزٌ۔

کیا یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا کرشمہ نہیں کہ جب خشک سالی کے باعث زرخیز زمینیں بنجر ہو جاتی ہیں اور ان میں کوئی چیز نہیں اگتی تو اللہ تعالیٰ باران رحمت نازل فرما کر انہیں از سر نو سرسبز و شاداب کر دیتا ہے۔ اگر وہ اسی ایک چیز میں غور کریں تو اللہ تعالیٰ کا انکار کرنے سے باز آجائیں۔

اس سے اس امر کی طرف بھی اشارہ ہو سکتا ہے کہ تم اسلام کی ظاہری کمزوری دیکھ کر اس کے مستقبل سے مایوس نہ ہو جاؤ۔ اگر بارش کے ایک چھینٹے سے چشم زدن میں بنجر زمین کی کیفیت بدلنے لگتی ہے اور وہاں چند روز کے بعد سرسبز کھیت لہلہانے لگتے ہیں تو اس سے کوئی بعید نہیں کہ وہ مسلمانوں کی حالت زار پر بھی اپنی نظر رحمت فرمائے اور چشم زدن میں ان کی پستی کو بلندی سے، ان کی پریشانی کو خوشحالی سے اور ان کی شکست کو فتح سے بدل دے۔

۴۳ "الفتح" سے مراد فیصلہ کا دن یعنی روز قیامت ہے۔ قال مجاهد يعني يوم القيامة۔

قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۲۹﴾

آپ فرمائیے فیصلہ کے دن نہ فائدہ پہنچائے گا کافروں کو ان کا ایمان لانا ۳۴ اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿۳۰﴾

۳ ع ۸/۱۲

پس (اے حبیب!) رُخِ (انور) پھیر لیجیے ان سے ۳۵ اور انتظار فرمائیے، وہ بھی منتظر ہیں ۳۶

اہل ایمان کفار کو کہا کرتے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ہمارے اور تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا۔ نیک لوگوں کو ان کے نیک اعمال کی جزا ملے گی اور بدکاروں کو آتش جہنم میں جھونک دیا جائے گا۔ کفار ازراہِ تمسخر پوچھتے کہ وہ فیصلہ کا دن جس کی آمد سے تم ہمیں ہر روز ڈرایا کرتے ہو ازراہِ کرم یہ تو بتا دو کہ وہ کب آئے گا۔

۳۴ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: اے محبوب! ان ستم کیشوں سے کہہ دو کہ فیصلہ کا دن آئے گا اور ضرور آئے گا، لیکن اگر تم نے ہولِ قیامت کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا اور اس کے بعد ایمان لانے پر آمادہ ہوئے تو اس کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ اس دن تمہاری ندامت اور خجالت تمہارے کسی کام نہیں آئے گی۔ عقلمندی کا تقاضا تو یہ ہے کہ اب آنکھیں کھولو اب ہوش میں آؤ اور دعوتِ محمدی علی صاحبہا افضل الصلوٰة واجمل السلام قبول کرو۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ تمہیں فلاحِ دارین کا مژدہ سنایا جائے گا اور روزِ محشر اللہ تعالیٰ تمہیں اپنے انعامات سے مالا مال فرمائے گا۔

۳۵ اے محبوب! آپ نے اپنا فرض ادا کر دیا۔ ان کو ہلاکت کے گڑھے میں گرنے سے بچانے کے لیے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی، لیکن یہ باز نہیں آتے۔ اب ان کی طرف سے رُخِ انور پھیر دیجیے۔ اب یہ نگاہِ التفات کے مستحق نہیں ہیں۔

۳۶ آپ اللہ تعالیٰ کی نصرت اور امداد کا انتظار فرمائیے اور انہیں اپنی بربادی اور تباہی کی گھڑی کا انتظار کرنے کے لیے چھوڑ دیجیے۔

اللّٰھم رب العباد و موفقھم بفضلک للرشاد صل وسلم علی حبیبک الاکرم ونبیک المعظم وعلی آلہ وصحبہ واتباعہ وتقبل منی بجاھہ انک انت السمیع العلیم ووفقنی لاتمامہ انک انت العزیز الرحیم۔

قد فرغت من تسوید ھذہ السطور فی ضحی یوم الثلاثا

۱۷ جماد الثانی ۱۳۹۵ھ وانا نزیل بمسجد ضاحیۃ من ضواحی قریۃ مگھال۔